خوابوں اور ان کی تعبیرات پر اردو زبان میں جامع ترین کتاب جسے ایک نامور معبّر نے تحریر کیا ہے
متفرق خواب، ان میں پیش آنے والی متفرق صورتیں اور ان کا ہماری جیتی جاگتی زندگی سے ربط و تعلق۔
ایک نادر و نایاب عربی کتاب کا پہلی بار مکمل اردو ترجمہ



## تعطیر الأنام فی تعبیر المنام

# خواب اور تعبیر

www.KitaboSunnat.com

تالیف
شیخ عبد الغنی ابن اسمٰعیل نابلسی رحمۃ اللہ

ادارۂ اسلامیات
لاہور — کراچی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب...عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ
©

# خواب اور تعبیر

(جدید ایڈیشن)

اشاعت اوّل: نومبر ۲۰۰۲ء رمضان المبارک ۱۴۲۳ء

باہتمام : اشرف برادران سلمہم الرحمٰن

قیمت:

ادارۂ اسلامیات

☆ دینا ناتھ مینشن، مال روڈ، لاہور۔

فون: ۷۳۲۴۴۱۲ فیکس: ۹۲-۴۲-۷۳۲۴۷۸۵

☆ ۱۹۰-انارکلی، لاہور۔

فون: ۷۲۴۳۹۹۱-۷۳۵۳۲۵۵

☆ موہن روڈ چوک اُردو بازار کراچی۔

فون: ۷۷۲۲۴۰۱

E-mail: idara@brain.net.pk
E-mail: islamiat@lcci.org.pk

## ملنے کے پتے

ادارہ المعارف، دارالعلوم، کراچی نمبر ۱۴
مکتبہ دارالعلوم، دارالعلوم، کراچی نمبر ۱۴
دارالاشاعت، اُردو بازار، کراچی نمبر ۱
بیت القرآن، اُردو بازار، کراچی نمبر ۱
بیت العلوم، نابھہ روڈ، انارکلی، لاہور۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# تقریظ

حضرت مولانا مشرف علی صاحب تھانوی دامت برکاتہم
شیخ الحدیث ومہتمم جامعہ دارالعلوم الاسلامیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

**نحمده و نصلی علی رسوله الکریم اما بعد**

برادر عزیز مولانا محمد انس صاحب چترالی سلمہ استاد جامعہ دارالعلوم الاسلامیہ کامران بلاک اقبال ٹاؤن لاہور نے ''تعطیر الانام فی تعبیر المنام'' کا اردو ترجمہ کیا ہے میں نے اس ترجمہ کو متعدد مقامات سے دیکھا خوشی بھی ہوئی اور رشک بھی آیا کیونکہ ایک طویل عرصہ سے میرے دل میں یہ خواہش تھی کہ اس کتاب کا ترجمہ کروں مگر اپنی نااہلی اور علمی بے بضاعتی کی وجہ سے اس تمنا کی تکمیل نہ کر سکا اس لئے اس کا ترجمہ دیکھ کر نہایت خوشی ہوئی' دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مولانا کی اس کاوش کو قبول فرمائیں اور اس ترجمہ کے افادہ کو عام و تام فرمائیں۔

والسلام

مشرف علی تھانوی

خادم جامعہ دارالعلوم الاسلامیہ لاہور

۲۳ جمادی الثانیہ ۱۴۲۳ھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



www.KitaboSunnat.com

# فہرست


| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| عرض مترجم | ۳۸ |
| عرض مؤلف | ۳۹ |
| مقدمہ | ۴۰ |
| وہ خواب جن کی تعبیر نہیں ہوتی اوران کی سات قسمیں | ۴۱ |
| اچھے خوابوں کی قسمیں | ۴۲ |
| کافر، بچے، حائضہ عورت اور جنبی کے خواب بھی صحیح ہوسکتے ہیں | ۴۳ |
| خوابوں پر مامور فرشتہ کے بارے میں تفصیلات | ۴۴ |
| خواب دکھانے کی حکمت | ۴۴ |
| کس وقت کے خواب زیادہ سچے ہوتے ہیں | ۴۴ |
| خواب کی حقیقت | ۴۴ |
| علاقے کی تبدیلی سے بھی تعبیر بدل جاتی ہے | ۴۵ |
| بعض دفعہ خواب کی تعبیر دوسروں کے لئے ہوتی ہے | ۴۵ |
| سچے خواب دیکھنے کا گر | ۴۵ |
| آداب تعبیر | ۴۶ |
| خواب کس کے سامنے بیان کیا جائے | ۴۶ |
| خواب سمجھے بغیر تعبیر دینے اور جھوٹے خواب پر وعید | ۴۷ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| تعبیر کا بہتر طریقہ | ۴۸ |
| تعبیر کے اہم اصول | ۴۸ |
| **(الف)** | |
| اللہ | ۴۹ |
| اعوذ باللہ پڑھنا | ۵۲ |
| آیات قرآنی | ۵۲ |
| انجیل | ۵۲ |
| اسرافیل | ۵۳ |
| آدم علیہ السلام | ۵۳ |
| ادریس علیہ السلام | ۵۴ |
| ابراہیم علیہ السلام | ۵۴ |
| اسحاق علیہ السلام | ۵۶ |
| اسماعیل علیہ السلام | ۵۶ |
| ایوب علیہ السلام | ۵۷ |
| ارمیا علیہ السلام | ۵۷ |
| ابوبکر صدیقؓ | ۵۸ |
| ازواج النبی ﷺ | ۶۸ |
| انسان | ۵۹ |
| انگلی | ۶۲ |
| امام | ۶۶ |
| اذان | ۶۷ |
| اقامت | ۶۹ |
| اعتکاف | ۶۹ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| احرام باندھنا | ۶۹ |
| اسلام | ۷۱ |
| اہرامِ مصر | ۸۲ |
| اینٹ (پختہ) | ۸۲ |
| آلو بخارا | ۸۳ |
| آلۂ پیمائشِ زمین | ۸۶ |
| اسہال | ۸۷ |
| اقرار کرنا | ۸۸ |
| اف کہنا | ۷۹ |
| اشنان | ۹۰ |
| اطلاع | ۹۰ |
| اولے | ۱۰۰ |
| انڈہ | ۱۰۱ |
| الو | ۱۲۲ |
| آزمائش | ۱۳۳ |
| انسان کا اِترانا | ۱۴۰ |
| انگڑائی لینا | ۱۴۳ |
| اہانت کرنا | ۱۴۶ |
| ازار بند | ۱۵۶ |
| انجیر | ۱۵۷ |
| اژدہا | ۱۶۹ |
| انقلاب لانا | ۱۷۵ |
| آنکھ کے پپوٹے | ۱۹۵ |
| انکار کرنا | ۱۹۹ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| اونٹ والا | ۲۱۰ | آسمان | ۴۵۱ | اجرام سماوی | ۶۸۸ |
| اونٹ | ۲۱۳ | اسلحہ | ۴۹۵ | ازار پہننا | ۷۱۱ |
| اخروٹ | ۲۱۷ | انگلیوں کو ایک دوسرے میں | ۵۴۱ | اطاعت کرنا | ۷۱۵ |
| اکڑوں بیٹھنا | ۲۲۹ | داخل کرنا | | ابن آدم | ۷۱۵ |
| ابھارنا | ۲۳۴ | ایلوا | ۵۶۴ | اکھاڑنے والا | ۷۳۸ |
| آنکھ کی ابرو | ۲۴۸ | آواز | ۵۷۰ | انڈے کا چھلکا | ۷۴۵ |
| اناردانہ | ۲۵۹ | آسمان کی طرف چڑھنا | ۵۷۲ | ارادہ کرنا | ۷۵۰ |
| ایلوا | ۲۵۹ | آمنے سامنے آنا | ۵۷ | اروی (ترکاری کی ایک قسم) | ۷۵۵ |
| اسپند (کالا دانہ) | ۲۶۰ | اون فروش | ۵۷۶ | الٹی کرنا | ۷۵۶ |
| آبی جانور | ۲۶۸ | اون | ۵۸۶ | اینٹ پکانے کی بھٹی | ۷۵۸ |
| الماری | ۲۸۰ | آگ میں پکانا | ۵۹۹ | آستین | ۷۵۷ |
| انگوٹھی | ۲۹۱ | اُڑنا | ۶۰۱ | اینٹ (خام) | ۷۹۷ |
| اعضاء کا سن ہونا | ۳۰۰ | آگ بجھانا | ۶۱۱ | اینٹ ساز | ۷۹۷ |
| ابابیل | ۳۰۴ | اندھیرا | ۶۱۸ | انگلی چاٹنا | ۸۰۷ |
| آٹا (گندم کا) | ۳۱۸ | انسانی آنکھ | ۶۳۱ | الفاظ کو بگاڑنا | ۸۰۸ |
| آنسو | ۳۳۰ | اندھاپن | ۶۳۴ | اغلام بازی کرنا | ۸۰۸ |
| آٹا فروش | ۳۳۷ | آٹا گوندھنے والا | ۶۴۶ | انگیٹھی | ۸۱۸ |
| انسان کا آلہ تناسل | ۳۳۹ | آٹا گوندھا ہوا | ۶۴۶ | اختساب کرنے والا | ۸۱۹ |
| اچھوں کی برائی کرنا | ۳۴۵ | انگور | ۶۴۹ | اسٹریچر | ۸۲۰ |
| آب پاشی کرنا | ۳۵۳ | ایڑی | ۶۵۸ | اچار | ۸۲۵ |
| آنکھ کا مریض | ۳۶۶ | اولاد انسانی | ۶۶۳ | آب پاشی | ۸۳ |
| انار | ۳۸۱ | اہل عرب | ۶۶۳ | استاد | ۸۴۸ |
| آرائش | ۳۹۹ | اون بیچنے والا | ۶۸۱ | اونٹوں کا باڑہ | ۸۵۹ |
| اسلحہ ساز | ۴۴۱ | آنکھ کا تنکا | ۶۸۵ | آری | ۸۶۳ |
| اوقات | ۴۵۱ | اچھا کام | ۶۸۶ | انجینئر | ۸۶۶ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ادب سکھانے والا | ۸۷۵ | بکری کے بچے کا معدہ | ۸۵ | بغض | ۱۳۲ |
| استرہ | ۸۷۵ | بکری کی سرین کا گوشت | ۸۵ | بغاوت کرنا | ۱۳۲ |
| آگ | ۸۸۱ | بھائی | ۸۹ | بے حیائی | ۱۳۲ |
| آواز دینا | ۸۸۵ | بسم اللہ پڑھنا | ۹۱ | بخل کرنا | ۱۳۳ |
| اترنا | ۸۸۸ | بیت المقدس | ۹۳ | باقلا (لوبیا فروش) | ۱۳۵ |
| اونگھ | ۸۹۲ | براق النبی ﷺ | ۹۳ | بگل بجانے والا | ۱۳۶ |
| آٹا چھاننے والا | ۹۰۲ | بجلی (آسمانی) | ۹۳ | بات چیت کرنا | ۱۴۷ |
| اونٹنی | ۹۰۷ | بلغم | ۹۹ | بدن کو تیل لگانا | ۱۴۹ |
| امانت رکھنا | ۹۱۷ | بدن انسانی | ۹۹ | بدہضمی | ۱۴۹ |
| اکیلا ہونا | ۹۱۸ | برف (ٹھنڈک) | ۱۰۰ | باندی خریدنا | ۱۵۰ |
| الوداع | ۹۳۲ | بھاپ | ۱۰۵ | بھس | ۱۵۴ |
| آگ جلانے والا | ۹۳۴ | بگل | ۱۱۳ | برف | ۱۶۲ |
| اترنا | ۹۳۸ | باجے | ۱۱۳ | برف فروش | ۱۶۳ |
| اوکھلی اور دستہ | ۹۴۱ | بستر، بچھونا | ۱۱۴ | بیل | ۱۶۵ |
| آواز دینے والا | ۹۴ | برادہ | ۱۱۵ | بھوک | ۱۹۸ |
| آسانی | ۹۵۱ | باجا کی موٹی تار | ۱۱۶ | بدکنا | ۲۰۱ |
| (ب) | | بری ہونا | ۱۱۶ | بزدلی | ۲۰۱ |
| باندی | ۵۹ | باغ | ۱۱۷ | بال (گھنگریالے) | ۲۰۱ |
| (بیوی کے پاس نہ جانے کے لئے قسم کھانا) | ۷۳ | بینگن | ۱۲۰ | بیماری (کوڑھ) | ۲۰۲ |
| بکرا (پہاڑی) | ۷۵ | بیج | ۱۲۱ | بہادری | ۲۰۴ |
| بطخ | ۷۶ | بلبل (پرندہ) | ۱۲۱ | بوری فروش | ۲۰۸ |
| بھٹی (شیشہ) وغیرہ | ۸۲ | باز | ۱۲۳ | بال کاٹنے والا | ۲۰۹ |
| بابونہ | ۸۴ | بیل، گائے | ۱۲۴ | بھینس | ۲۱۱ |
| | | برص (ایک بیماری) | ۱۳۰ | بکری کا بچہ | ۲۱۱ |
| | | بیماری (ذات الجنب) | ۱۳۱ | بدشکل آدمی | ۲۱۳ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| باندی | ۲۱۶ | بانسری بجانا | ۳۹۸ | بال سر کے | ۵۲۰ |
| بوجھ اٹھانا | ۲۲۲ | بوٹ (اونچی ایڑی کے) | ۳۹۹ | بڑھاپا | ۵۲۵ |
| برتن | ۲۲۸ | بیماری (دائمی) | ۴۰۳ | بوڑھا (نامعلوم) | ۵۲۶ |
| بردباری | ۲۳۲ | بادشاہ کا قبہ | ۴۰۳ | بخل | ۵۳۱ |
| بے وقوفی | ۲۳۲ | بھڑ | ۴۰۴ | بغض/کینہ | ۵۳ |
| بھینگی آنکھ | ۲۳ | بادشاہ | ۴۳۱ | بیماری (پتہ اچھلنے کی) | ۵۴۲ |
| بوجھ کم ہونا | ۲۳۵ | بادشاہ کا چلنا | ۴۴۰ | بالوں کا پراگندہ ہونا | ۵۴۲ |
| بال کٹوانا | ۲۳۶ | بیر بیچنے والا | ۴۴۳ | بالشت | ۵۴۳ |
| بے وضو ہونا | ۲۳۹ | بکری کی کھال اتارنے والا | ۴۴۵ | بڑا پیالہ | ۵۵۳ |
| بادشاہ کا محافظ | ۲۴۷ | بیع سلم کرنا | ۴۴۷ | بہرہ ہونا | ۵۶۹ |
| بادشاہ کا دربان | ۲۴۷ | بادل | ۴۵۶ | بدبو (بغل) | ۵۶۹ |
| بوجھ اٹھانے والا | ۲۵۱ | بکری کا بچہ | ۴۷۲ | بچہ | ۵۷۶ |
| بخار | ۲۵۶ | بلی | ۴۷۲ | بچی | ۵۷۷ |
| بوٹی | ۲۶۰ | بٹیر | ۴۷۴ | بکس | ۵۷۸ |
| بوجھ باندھنے والا | ۲۶۱ | بٹیرا | ۴۷۴ | بت | ۵۷۹ |
| بوٹی خاردار | ۲۸۵ | بے وقوفی | ۴۷۸ | بجلی (آسمانی) | ۵۸۳ |
| بے چینی | ۲۹۹ | بیگار لینا | ۴۷۸ | بالوں کا گندھا ہوا ہونا | ۵۹۱ |
| بکری کا بچہ | ۳۰۶ | برائی | ۴۷۹ | بھیڑ | ۵۹۵ |
| باجرہ | ۳۱۸ | بازو | ۴۸۷ | بیوٹی پارلر | ۶۰۵ |
| بازوبند | ۳۱۹ | بیماری (چہرہ اور سر پر زخم کی) | ۴۹۹ | باورچی (اہم کھانوں کا) | ۶۰۵ |
| بھیڑیا | ۳۴۶ | باغوں کی باڑ | ۵۵۰ | برتن ہاتھ دھونے والا | ۶۰۷ |
| باغیچہ | ۳۷۵ | بیری کا درخت | ۵۰۱ | بہرہ پن | ۶۱۲ |
| بھنگی | ۳۹۴ | بازار | ۵۰۶ | بچہ | ۶۱۲ |
| بانسری بجانے والا | ۳۹۵ | باڑ لگانا | ۵۰۹ | برتن | ۶۱۹ |
| بٹن (قمیص کے) | ۳۹۸ | بال فروش | ۵۲۰ | بڑھیا | ۶۲۷ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| بال (زیرِ ناف) | ۶۳۱ | بندر | ۷۴۰ | بغاوت | ۸۶۵ |
| بازو | ۶۳۶ | بلّا | ۷۴۲ | بدن سے کسی چیز کا نکلنا | ۸۸۸ |
| بادشاہ کے خدام | ۶۴۴ | بانس | ۷۴۳ | بڑھئی | ۸۹۸ |
| بٹن ٹانکنے والا | ۶۴۷ | بوسہ دینا | ۷۴۸ | باغبان | ۹۰۳ |
| بچھڑا | ۶۵۲ | برائی مٹانے کے لئے | ۷۴۹ | بن مانس | ۹۰۵ |
| بلبل | ۶۵ | کمربستہ ہونا | | بھیڑ | ۹۰۸ |
| بچھو | ۶۵ | بیٹھنا | ۷۵۰ | بیٹا | ۹۲۰ |
| بادل | ۶۶۷ | بے قرار ہونا | ۷۵۴ | بال (اونٹ وخرگوش وغیرہ کے) | ۹۲۴ |
| بے ہوشی | ۶۷۲ | برائیوں سے رکنا | ۷۶۱ | برتن (دودھ یا شہد کا) | ۴۲۵ |
| بالا خانہ | ۶۷۸ | بات کرنا | ۷۶۳ | بیماری | ۹۲۷ |
| بند کرنا | ۶۷۹ | برتن فروش | ۷۷۰ | بڑی عمارت | ۹۳۶ |
| بکری | ۶۸۲ | بٹوہ | ۷۷۲ | بلی | ۹۴۴ |
| بھوک | ۶۸۷ | بیت الخلا | ۷۸۷ | بیداری | ۹۵۱ |
| بتی | ۶۹۲ | برتن بڑا | ۷۹۳ | (پ) | |
| بدخلق | ۶۹۵ | بادام | ۷۹۴ | پائے | ۸۵ |
| بھاگنا | ۶۹۴ | بیعت کرنا | ۸۱۵ | پنیر | ۸۵ |
| بہت بٹنے والا | ۷۰۰ | بیلچہ | ۸۱۷ | پالان | ۸۶ |
| بستر بنانے والا | ۷۰۵ | بیت الخلاء | ۸۳۱ | پچکاری | ۸۷ |
| بستر | ۵۰۷ | بوٹی (مرزنگوش) | ۸۳۱ | پلٹنا | ۹۰ |
| بچھڑا | ۷۰۹ | بیماری | ۸۳۱ | پیٹ | ۹۵ |
| بیڑی | ۷۲۵ | بال جھڑنے کی بیماری | ۸۳۲ | پیشاب | ۹۶ |
| بالی | ۷۳۲ | بانسری | ۸۳۴ | پتھر (جس سے فرش بنایا جاتا ہے) | ۱۱۲ |
| بدلہ لینا | ۷۳۷ | برتن مرمت کرنے والا | ۸۴۰ | پیاز | ۱۱۹ |
| بان بیچنے والا | ۷۳۸ | بارش | ۸۴۵ | پسو | ۱۲۴ |
| بندروالا | ۷۴۰ | بازوبند | ۸۴۸ | پرندہ سبزی مائل | ۱۲۹ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| پھنسی | ۱۳۱ | پھندا | ۲۹۹ | پلیٹ | ۴۹۸ |
| پلنگ | ۱۵۳ | پھوڑا | ۳۲۶ | پلکیں | ۵۲۸ |
| پھل | ۱۶۳ | پیغام | ۳۵۱ | پینا | ۵۳۱ |
| پستان | ۱۶۹ | پہرہ دینا اللہ کے لئے | ۳۵۵ | پکانے والا | ۵۳۶ |
| پستان کا سر | ۱۷۱ | پھینکنا | ۳۵۵ | پہاڑی درہ | ۵۳۶ |
| پہاڑ | ۱۸۷ | پاؤں انسان کا | ۳۵۸ | پرندہ (چڑیا سے بڑا) | ۵۴۱ |
| پیالہ | ۱۹۲ | پھیپھڑا | ۳۶۰ | پرندہ (فاختہ سے بڑا) | ۵۴۱ |
| پیشانی | ۱۹۴ | پر | ۳۶۵ | پھندا | ۵۴۳ |
| پر | ۱۹۵ | پانی میں چھوٹی کنکریاں | ۳۷۶ | پتہ خوشبودار | ۵۴۷ |
| پادری | ۱۹۶ | پودہ خوشبودار | ۳۷۸ | پل صراط | ۵۵۵ |
| پورا کرنا | ۱۹۹ | پیٹھ کا درد | ۳۸۷ | پیٹھ | ۵۶۷ |
| پنیر | ۲۰۱ | پیش قدمی (میدان جنگ میں) | ۳۸۹ | پیتل | ۵۷۰ |
| پاگل ہونا | ۲۰۲ | پھول | ۳۹۰ | پیتل کے برتن بنانے والا | ۵۷۴ |
| پل | ۲۰۷ | پانی کی جھاگ | ۳۹۳ | پالش شدہ | ۵۷۶ |
| پیتل مانجھنے والا | ۲۰۹ | پودہ خاص قسم کا | ۳۹۳ | پیمانہ تولنے کا | ۵۷۸ |
| پنیر فروش | ۲۱۰ | پیالہ مٹی کا | ۳۹۴ | پرندہ (چڑیوں کو شکار کرنے والا) | ۵۸۵ |
| بڑا پیالہ | ۲۱۶ | پتھر (سبز گہرے رنگ کا) | ۳۹۶ | پرندہ چکاوک | ۵۸۵ |
| پتھر (تراشا ہوا) | ۲۲۵ | پتھر زمرد کے مشابہ | ۳۹۶ | پسلی | ۵۹۳ |
| پتھر منجنیق کا | ۲۲۵ | پارہ | ۳۹۶ | پرندہ | ۶۰۳ |
| پتھر | ۲۲۶ | پرندہ چڑیا سے بڑا | ۴۰۴ | پرندہ آبی | ۶۰۴ |
| پتھر (شیطان کو مارے جانے والے) | ۲۲۷ | پانی پلانے والا | ۴۴۲ | پرندہ فروش | ۶۰۵ |
| پچھنے لگانے والا | ۲۵۴ | پرانے کپڑوں کا تاجر | ۴۴۲ | پینے والا | ۶۰۶ |
| پچھنے لگوانا | ۲۵۵ | پھانکنا | ۴۷۹ | پلیٹ | ۶۰۹ |
| پتھر توڑنے والا | ۲۶۲ | پنڈلی | ۴۸۷ | پیٹھ | ۶۱۵ |
| پازیب | ۲۹۰ | پردہ | ۴۹۰ | پیاس | ۶۱۸ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| پٹھے | ٦٣٠ | پیالہ (دودھ دوہنے کا) | ٧٢٣ | پڑھانے والا | ٨٥٣ |
| پسینہ | ٦٣١ | پنجرہ | ٧٢٦ | پتھر پھینکنے کا آلہ | ٨٥٣ |
| پاؤں پھسلنا | ٦٣٧ | پیشاب کے قطرے | ٧٤٥ | پیمانہ | ٨٥٦ |
| پیاس | ٦٣٨ | پاؤں | ٧٥٢ | پکارنا | ٨٥٩ |
| پیش کرنا | ٦٤٤ | پیپ | ٧٥٧ | پکارنے والا | ٨٦٠ |
| پرندہ کوے کی مانند (عقعق) | ٦٥٤ | پیٹ کی آواز | ٧٥٧ | پٹی | ٨٦٣ |
| پھوپھی | ٦٦٢ | پنڈلی | ٧٦٠ | پھونکنی | ٨٦٤ |
| پگڑی | ٦٦٢ | پائے | ٧٦٣ | پرنالہ | ٨٧٧ |
| پردہ | ٦٦٩ | پلٹ کر حملہ کرنا | ٧٧٧ | پیغمبر | ٨٧٩ |
| پردہ | ٦٧٢ | پردہ باریک | ٧٨٠ | پیٹ میں گھاس اُگنا | ٨٨٨ |
| پاخانہ | ٦٧٤ | پیالہ (گلاس) | ٧٨١ | پھونکنا | ٨٩٠ |
| پانی میں غوطہ لگانا | ٦٧٧ | پوستین کا لباس | ٧٨٥ | پھونکنا لعاب کے ساتھ | ٨٩٠ |
| پھاڑنا کسی چیز کو | ٦٩١ | پودہ جس کی بیل کھیتی پر | ٧٩٤ | پرونا | ٨٩٠ |
| پہاڑ میں کشادہ راستہ | ٦٩٣ | چڑھتی ہے | | پٹرول | ٨٩٧ |
| پستہ | ٦٩٩ | پیوسی | ٧٩٧ | پرچہ بافی کا کام کرنے والا | ٩٠٠ |
| پھل | ٧٠٠ | پانی | ٨١٢ | پودینہ | ٩١٣ |
| پوستین فروش | ٧٠٢ | پتھر لگانے والا | ٨١٥ | پیدائش | ٩١٩ |
| پوستین | ٧٠٢ | پالکی | ٨٢٤ | پھولنا | ٩٢٧ |
| پیسہ | ٧٠٣ | پتا | ٨٢٨ | پانی میں گرنا | ٩٢٧ |
| پروانہ | ٧٠٦ | پاؤں سوجھے کی بیماری | ٨٣٢ | پہاڑی بکرا | ٩٣٢ |
| پڑھنے والا | ٧١٥ | پیوند لگانے والا | ٨٣٢ | پتے | ٩٣٣ |
| پل | ٧١٩ | پنکھا | ٨٣٤ | پیٹ پھولا ہوا شخص | ٩٤٢ |
| پانی پر پہنچنے کے لئے سفر | ٧٢١ | پیمائش کرنے والا | ٨٤٤ | پرندہ (خوش الحان) | ٩٤٣ |
| پیالہ | ٧٢١ | پولٹری فارم | ٨٤٧ | پلکیں | ٩٤٤ |
| پیالہ (لکڑی کا بڑا) | ٧٢ | پھاوڑا | ٨٤٩ | | |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| (ت) | | توتلا کر بولنا | ۱۴۹ | تلوار ساز | ۴۴۱ |
| تنگ دلی | ۷۸ | تفسیر وتشریح کرنا | ۱۴۹ | تیراکی | ۴۶۱ |
| تاجِ بادشاہ | ۸۶ | تلبیہ پڑھنا | ۱۵۰ | تلوار | ۴۹۳ |
| توجہ دوسری طرف کرنا | ۸۹ | تیمم | ۱۵۰ | تیر | ۴۹۶ |
| تہہ بند | ۸۹ | تندور | ۱۵۱ | تل | ۵۰۱ |
| تھوک | ۹۸ | تابوت | ۱۵۳ | تلوں کا تیل | ۵۵۲ |
| تلوار کی باڑ | ۱۱۵ | تودۂ خاک | ۱۵۳ | تندرستی | ۵۷۲ |
| تربوز | ۱۱۸ | تاج | ۱۵۵ | تنگ دست ہونا | ۵۷۳ |
| تنگی | ۱۳۳ | ترنجبین | ۱۵۹ | تھیلا | ۵۷۹ |
| تربوز فروش | ۱۳۴ | تاجر | ۱۶۰ | تنگ دلی | ۵۹۴ |
| تاجر | ۱۳۶ | تھوم | ۱۶۴ | تلاش کرنا | ۵۹۸ |
| تورات | ۱۳۷ | تلاش کرنا | ۱۹۹ | تلی | ۶۱۲ |
| توبہ | ۱۳۷ | ترکش | ۲۱۶ | تلوار کی باڑ | ۶۱۹ |
| تسبیح | ۱۳۸ | تالاب | ۲۴۰ | ترش روئی | ۶۳۷ |
| تہلیل | ۱۳۸ | تالو | ۲۴۸ | تیلی | ۶۴۵ |
| تکبیر | ۱۳۸ | تغیر | ۲۷۲ | تجربہ کار | ۶۶۹ |
| تحمید | ۱۳۸ | تیل | ۳۲۵ | تالاب | ۶۷۷ |
| توکل کرنا | ۱۳۹ | تریاق | ۳۲۶ | تنور | ۶۹۲ |
| تابعین رحمہم اللہ تعالیٰ | ۱۳۹ | تیتر | ۳۳ | توت کا درخت | ۶۹۹ |
| التحیات پڑھنا | ۱۳۹ | تیز چلنا | ۳۷ | تالا | ۷۲۴ |
| تواضع کرنا | ۱۴۰ | تعویذ گنڈا کرنے والا | ۳۸۶ | تارکول | ۷۳۱ |
| تکبر کرنا | ۱۴۰ | تیل | ۳۹۱ | تالا بنانے والا | ۷۳۷ |
| تسلی دینا | ۱۴۱ | تیلی | ۳۹۴ | تیتر | ۷۴۲ |
| تبدیلی | ۱۴۳ | تسبیح | ۴۳۱ | تنگ دل ہونا | ۷۵۰ |
| تدبیرِ معاملہ | ۱۴۷ | | | تیشہ | ۷۵۲ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| ترکاری (بدبودار قسم کی) | ۷۸۲ |
| تھپڑ مارنا | ۸۰۶ |
| ترکرنے کی جگہ | ۸۱۶ |
| تسبیح | ۸۳۵ |
| تصویر بنانے والا | ۸۴۴ |
| تالا | ۸۵۰ |
| تبادلہ کرنا | ۸۵۲ |
| تلی ہوئی چیز | ۸۵۴ |
| تھرمامیٹر | ۸۵۴ |
| تعلیم گاہ | ۸۵۵ |
| ترنجبین | ۸۵۹ |
| ترازو والا | ۸۶۶ |
| ترازو | ۸۷۷ |
| تیر (خاص قسم کا) | ۸۹۹ |
| تانبا | ۸۹۸ |
| تیر | ۸۹۹ |
| توڑنے والا | ۸۹۹ |
| تیر فروش | ۹۰۰ |
| تیر ساز | ۹۰۳ |
| تکیہ | ۹۲۴ |
| **( ٹ )** | |
| ٹھنڈک | ۱۰۰ |
| ٹٹو | ۱۲۷ |
| ٹھہرنا | ۱۴۷ |
| ٹیکس وصول کرنا | ۲۰۴ |
| ٹوہ لگانے والا | ۲۱۰ |
| ٹیکس، چونگی وصول کرنے والا | ۲۱۰ |
| ٹڈی | ۲۱۲ |
| ٹھوڑی | ۳۴۳ |
| ٹوکری (زنبیل) | ۳۹۷ |
| ٹوکریاں بنانے والا | ۴۴۴ |
| ٹوکری | ۴۹۷ |
| ٹوکری | ۴۹۹ |
| ٹوپی پر لٹکایا جانے والے مجموعہ | ۵۳۹ |
| ٹینکی | ۵۸۱ |
| ٹوپی نوکدار | ۶۱۰ |
| ٹوپی | ۷۳۵ |
| ٹوپی بنانے والا | ۷۳۵ |
| ٹوکری بیچنے والا | ۸۳۸ |
| ٹال مٹول کرنا | ۸۵۹ |
| ٹکر مارنا | ۸۶۱ |
| **( ث )** | |
| ثریا ستارہ | ۱۶۲ |
| ثرید | ۱۶۵ |
| ثابت رہنا | ۱۷۵ |
| **( ج )** | |
| جنگ سے مامون ہونا | ۷۲ |
| جلدی کرنا | ۷۸ |
| جھولا | ۸۷ |
| جمائی لینا | ۱۵۰ |
| جبریل علیہ السلام | ۱۷۶ |
| جنت | ۱۷۶ |
| جہنم | ۱۷۹ |
| جہاد | ۱۸۱ |
| جن | ۱۸۳ |
| جمعہ کی نماز | ۱۸۵ |
| جلّاد | ۱۹۷ |
| جاسوس | ۱۹۹ |
| جمع کرنا | ۲۰۰ |
| جرم کرنا | ۲۰۳ |
| جنابت | ۲۰۴ |
| جامع مسجد شہر کی | ۲۰۶ |
| جوہری | ۲۰۸ |
| جراح | ۲۱۰ |
| جبہ | ۲۱۸ |
| جراب | ۲۱۹ |
| جولاہا | ۲۵۸ |
| جوگی | ۲۶۲ |
| جواہر فروش | ۲۹۰ |
| جواہر | ۲۹۰ |
| جانور (چھوٹی دم والا) | ۳۰۴ |
| جاڑ پھونک | ۳۵۱ |
| جھنڈا (بڑا) | ۳۵۶ |
| جالوت کا سر | ۳۷۴ |
| جوڑنا | ۳۸۴ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| جانوروں کو سدھارنے والا | ۳۸۶ | جوں | ۷۴۱ | جوتا | ۹۰۳ |
| جلیبی | ۳۹۴ | جنگلی دانہ | ۷۴۴ | جانور سانپ مارڈالنے والا | ۹۰۵ |
| جلیبی بنانے والا | ۳۹۴ | جگر | ۷۶۲ | جماع کرنا | ۹۲۸ |
| جائے نماز | ۴۳۱ | جھوٹ | ۷۶۴ | جانور (زہریلا، گوہ) | ۹۳۲ |
| جیلر | ۴۴۰ | جھاڑو دینا | ۷۷۸ | جانور تکلیف دہ (ہامہ) | ۹۴۴ |
| جادوگر | ۴۴۴ | جھنڈا (چھوٹا) | ۷۹۲ | (چ) | |
| جنگ میں کافروں کو قید کرنا | ۴۵۰ | جمع کرنا | ۸۰۷ | چاول | ۸۴ |
| جانور آبی | ۴۷۰ | جماع کرنا | ۸۱۷ | چادر | ۱۰۱ |
| جانور نیولا جیسا | ۴۷۲ | جلد ساز | ۸۱۷ | چلغوزہ | ۱۱۸ |
| جاگنا | ۴۷۷ | جلد والی کتاب | ۸۱۸ | چت کبرا ہونا | ۱۳۰ |
| جادو | ۴۷۹ | جانور کا پنجہ | ۸۲۴ | چاپلوسی کرنا | ۱۴۱ |
| جال | ۵۴۰ | جھولہ | ۸۳۱ | چھپ جانا | ۱۴۲ |
| جو | ۵۴۶ | جوش دی ہوئی چیز | ۸۳۸ | چونا لگانا | ۱۴۵ |
| جن زدہ ہونا | ۵۶۶ | جوانی کے ایام کا ذکر کرنے والا | ۸۳۹ | چنگاری | ۲۰۰ |
| جیب کترا | ۶۰۵ | جنازگاہ | ۸۴۴ | چھلانگ لگانا | ۲۰۰ |
| جنگی جہاز | ۶۱۰ | جھگڑالو | ۸۴۹ | چیچک کی بیماری | ۲۰۲ |
| جھنڈا | ۶۲۹ | جدائی | ۸۵۱ | چوہے وغیرہ کا بل | ۲۰۷ |
| جنگلی پیاز | ۶۵۰ | جنگل | ۸۵۱ | چونے کا کام کرنے والا | ۲۰۸ |
| جلدی کرنا | ۶۵۲ | جھاڑو | ۸۵۵ | چوہا (بڑا) | ۲۱۱ |
| جونک | ۶۵۵ | جھگڑا کرنا | ۸۶۰ | چنا | ۲۵۹ |
| جنگ کے لئے چلنا | ۶۶۸ | جنگلی گائے | ۸۶۵ | چٹائی | ۲۶۱ |
| جو کی شراب | ۶۹۹ | جھولہ | ۸۶۶ | چٹائی بننے والا | ۲۶۳ |
| جو کی شراب بیچنے والا | ۷۰۱ | جماع کرنا | ۸۸۶ | چیل | ۲۶۷ |
| جان کا قبض ہونا | ۷۱۷ | جواہر اور قوت پھیلانا | ۸۹۰ | چکور | ۲۶۸ |
| [illegible] | ۷۳۱ | جان کنی کی حالت | ۸۹۳ | چمگادڑ | ۳۰۴ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| چھچھوندر | ۳۰۵ | چیخ مارنا | ۵۷۲ | چکور | ۷۴۳ |
| چوغا | ۳۳۵ | چٹکی بجانا | ۵۷۳ | چٹکی لینا | ۷۴۷ |
| چمڑا درست کرنے والا | ۳۳۶ | چمڑا فروش | ۵۷۴ | چھلکا (اخروٹ وغیرہ کا) | ۷۵۵ |
| چیونٹی | ۳۴۶ | چٹان | ۵۸۱ | چیڑ کا تیل | ۷۵۸ |
| چرواہا | ۳۵۴ | چھوٹی چھوٹی جوں | ۵۸۶ | چادر | ۷۷۳ |
| چکی | ۳۶۸ | چادر سبز | ۶۱۱ | چاند سورج گرہن | ۷۸۹ |
| چھڑکنے والا | ۳۸۵ | چکی | ۶۱۴ | چیچک کا ٹیکہ | ۷۹۴ |
| چاولوں کا سوداگر | ۳۸۵ | چوکھٹ | ۶۳۶ | چاٹنا | ۸۰۶ |
| چادر | ۳۸۶ | چوکھٹ کے بازو | ۶۳۶ | چاٹنا انگلیوں کو | ۸۰۷ |
| چقماق | ۳۹۷ | چھینک | ۶۳۸ | چور | ۸۰۹ |
| چھری ساز | ۴۴۱ | چارہ فروش | ۶۴۵ | چراگاہ | ۸۳۰ |
| چور | ۴۴۵ | چڑیا | ۶۵۵ | چراغ دان | ۸۳۷ |
| چھپکلی | ۴۷۱ | چھلنی (غربال) | ۶۶۹ | چلنا | ۸۴۱ |
| چوری کرنا | ۴۷۸ | چھپ جانا | ۶۷۲ | چوسنا | ۸۴۲ |
| چارپائی | ۴۸۹ | چھینا | ۶۷۲ | چھلنی | ۸۴۴ |
| چھرا | ۴۹۱ | چغلی کرنے والا | ۶۸۰ | چبانا | ۸۴۴ |
| چھری | ۴۹۲ | چمڑا فروش | ۶۸۲ | چارے کا سٹور | ۸۴۹ |
| چراغ | ۴۹۷ | چرخے کا ڈمرکا | ۶۸۹ | چرخے بنانے والا | ۸۴۹ |
| چابک | ۴۹۸ | چاندی | ۷۰۴ | چمچہ | ۸۴۹ |
| چقندر | ۵۰۱ | چوہا | ۷۰۹ | چرخہ (سوت کاتنے کا) | ۸۴۹ |
| چھت | ۵۰۴ | چیتا | ۷۰۹ | چابی | ۸۵۰ |
| چنگاریاں | ۵۳۲ | چاند | ۷۲۹ | چپو | ۸۵۳ |
| چراغدان | ۵۳۷ | چیچڑی | ۷۴۱ | چادر (اوڑھنے کی) | ۸۵۷ |
| چربی | ۵۳۷ | چوہا | ۷۴۱ | چھلنی | ۸۶۲ |
| چھری | ۵۳۹ | چنڈول | ۷۴۳ | چونچ | ۸۶۴ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| چارپائی (بیمار کو اٹھانے والی) | ۸۶۴ | حیا | ۲۳۵ | خشک ہونا | ۲۰۰ |
| چھری، تلوار کا دستہ | ۸۹۴ | حساب کرنا | ۲۳۵ | خارش زدہ ہونا | ۲۰۳ |
| چوپائے بیچنے والا | ۸۹۸ | حیران ہونا | ۲۳۶ | خوبصورتی | ۲۰۵ |
| چیتا | ۹۰۵ | حاکم | ۲۴۷ | خسرہ کی بیماری | ۲۵۶ |
| چیونٹی | ۹۰۶ | حلقوم | ۲۴۸ | خارش | ۲۵۷ |
| چھوارے کی گٹھلی | ۹۱۳ | حلق | ۲۴۹ | خراش لگنا | ۲۵۹ |
| چہرہ | ۹۲۱ | حمام والا | ۲۵۱ | خضر علیہ السلام | ۲۷۳ |
| چھلانگ لگانا | ۹۲۷ | حمام | ۲۵۱ | حضرت خدیجہؓ | ۲۷۳ |
| چمگادڑ | ۹۳۱ | حلقہ | ۳۹۹ | خانقاہ | ۲۷۳ |
| چھپکلی | ۹۳۱ | حق شفعہ | ۵۳۰ | خطیب | ۲۷۳ |
| چاند | ۹۳۵ | حوض | ۷۱۲ | خلیفہ | ۲۷۴ |
| چنبیلی | ۹۵۲ | حدیث نقل کرنے والا | ۷۳۷ | خادم | ۲۷۵ |
| (ح) | | حوض کوثر | ۷۵۹ | خندق | ۲۷۵ |
| | | حلق کا کوا | ۸۰۳ | خمس مال غنیمت | ۲۷۵ |
| حجر اسود کو ہاتھ لگانا | ۷۰ | حقیر ہونا | ۸۲۸ | خیمہ | ۲۷۹ |
| حواء علیہا السلام | ۲۲۰ | حج کا زمانہ | ۸۷۶ | خرجی | ۲۷۹ |
| حضرت حفصہؓ | ۲۲۱ | حاکم کی نیابت | ۸۹۱ | خلال | ۲۷۹ |
| حملِ عورت | ۲۲۱ | حلوہ گھی اور شکر سے بنا ہوا | ۹۴۲ | خلال فروش | ۲۸۱ |
| حج بیت اللہ | ۲۲۳ | (خ) | | خیمہ ساز | ۲۸۱ |
| حجر اسود | ۲۲۴ | | | | |
| حجر اسمعیلؑ | ۲۲۵ | خرگوش | ۷۵ | خشخاش | ۲۸۵ |
| حفاظت | ۲۳۰ | خوبانی زرد | ۱۱۸ | ختنہ کی جگہ | ۲۸۹ |
| حسد کرنا | ۲۳۱ | خچر | ۱۲۸ | ختنہ کرنے والا | ۲۸۹ |
| حلال کمائی | ۲۳۳ | خوش دلی (بشاشت) | ۱۳۳ | خنجر | ۲۹۵ |
| حد قائم کرنا | ۲۳۴ | خنثی بننا | ۱۴۶ | خصی | ۲۹۶ |
| حق بات | ۲۳۴ | خچر والا | ۱۳۶ | | |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| خنثیٰ مشکل | ۲۹۶ | خطاط | ۷۶۴ | دروازہ | ۱۰۹ |
| خضاب | ۲۹۷ | خزانہ | ۷۸۱ | درخت جسکی چھال جسم کی دوا ہے | ۱۱۹ |
| خراش | ۳۰۰ | خلاصہ | ۷۹۴ | دھنی ہوئی روئی | ۱۲۱ |
| خیانت | ۳۰۰ | خادمہ (کنگھی کرنے والی) | ۸۱۲ | دلیل | ۱۲۳ |
| خیمہ | ۳۰۲ | خاطر مدارت کرنا | ۸۲۵ | دوری | ۱۳۳ |
| خلع کرنا | ۳۰۳ | خط وکتابت کرنا | ۸۲۹ | درخت (خاردار) | ۱۳۵ |
| خلیج | ۳۰۳ | خریدار | ۸۳۹ | دربان | ۱۳۵ |
| خنفساء | ۳۰۴ | خوبانی | ۸۴۱ | دوری ایک دوسرے سے | ۱۴۷ |
| خزانہ (زمانہ جاہلیت کا مدفون) | ۳۲۲ | خوابوں کی تعبیر بیان کرنے والا | ۸۴۷ | دھونی دینا | ۱۴۸ |
| خون | ۳۲۹ | خود | ۸۵۰ | دندانے پڑنا ٹوٹ جانا | ۱۷۵ |
| خازن جنت | ۳۵۰ | خیر خواہی | ۸۸۵ | دریائے جیحون | ۱۹۲ |
| خوشبوفروش | ۳۸۵ | خرچ کرنا | ۸۸۶ | درخت چلغوزہ | ۲۱۸ |
| خوشی | ۴۷ | خشکی | ۹۵۲ | دروازے کا حلقہ | ۲۲۹ |
| خوشہ | ۵۰۰ | (د) | | دلہن کے کمرے کا پردہ | ۲۲۹ |
| خرید وفروخت | ۵۳۰ | دیمک | ۷۵ | دوھنا | ۲۳ |
| خواہش | ۵۳۲ | دل جمعی | ۷۸ | دوکان | ۲۴۴ |
| خبر دینے والا | ۶۰۷ | درخت مور (جسکے پتے زیادہ سبز وتازہ ہوتے ہیں) | ۸۴ | دیوار | ۲۴۵ |
| خوشی | ۶۱۱ | درخت بکائین | ۸۴ | دودھ دوہنے والا | ۲۶۱ |
| خوشبو | ۶۱۲ | درخت ابنوس | ۸۴ | داغ | ۲۶۱ |
| خود پسندی | ۶۳۸ | درخت گنجان | ۸۵ | دھاگہ | ۲۸۰ |
| خیانت کرنا | ۶۷۱ | درخت (پھولوں والا) | ۸۴ | درزی | ۲۸۰ |
| خیمہ (اون کا) | ۷۱۱ | دریا | ۱۰۲ | درخت (بید کی طرح) | ۲۸۵ |
| خوشی | ۶۹۵ | دن کی ابتداء | ۱۰۷ | دوپٹہ | ۲۹۴ |
| خربوزہ کی قسم | ۶۹۹ | | | دھنس جانا | ۳۰۱ |
| | | | | داؤد علیہ السلام | ۳۰۷ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| دانیال علیہ السلام | ۳۰۷ | درخت سرخ پھل والا | ۳۹۲ | دھتکارنا | ۵۹۸ |
| دعا | ۳۰۸ | دھوکہ دینے والا | ۳۹۵ | دیوار میں چراغ رکھنے | ۶۱۴ |
| دنیا | ۳۰۸ | دسترخوان | ۴۴۱ | کے لئے محراب | |
| دینار | ۳۰۹ | دلال | ۴۴۱ | داڑھی بچہ | ۶۳۶ |
| درھم | ۳۱۰ | دوا ناک کے ذریعے چڑھانا | ۴۸۰ | دشمنی | ۶۳۷ |
| دودھ | ۳۱۸ | دانتوں کا گرنا | ۴۸۱ | دشمن | ۶۳۷ |
| دف | ۳۱۹ | دانت | ۴۸۲ | دانتوں سے کاٹنا | ۶۶۱ |
| دجال | ۳۲۱ | درخت سندل | ۴۹۹ | دھونا | ۶۶۵ |
| دھواں | ۳۲۲ | درخت سرو | ۵۰۰ | درخت جھاؤ | ۶۶۹ |
| دریائے دجلہ | ۳۲۴ | درخت سمط | ۵۰۰ | دہشت زدہ ہونا | ۶۸۷ |
| دوات | ۳۲۴ | درخت بہی | ۵۰۲ | دریائے فرات | ۷۱۰ |
| دواء | ۳۲۵ | دہلیز | ۵۰۸ | دوپٹہ | ۷۳۲ |
| داءالثعلب (بال جھڑنے کا مرض) | ۳۲۶ | دروازہ (گھر یا مسجد کا) | ۵۰۸ | دیگ بنانے والا | ۷۳۶ |
| دفن کرنا | ۳۲۶ | دوشیزہ | ۵۲۷ | دھوبی | ۷۳۶ |
| دوال | ۳۲۷ | دیوار کا اونچا ہونا | ۵۳۹ | دِل کا سخت ہونا | ۷۵۰ |
| دروازہ (بڑا) | ۳۳۲ | درخت | ۵۴۷ | دِل | ۷۵۳ |
| دروازہ (لوہے کا کشادہ) | ۳۳۲ | درخت طرفاء | ۵۵۱ | درخت جسکا پھل انگور کی | ۷۵۵ |
| دکان | ۳۳۳ | دردِ سر | ۵۶۸ | طرح ہوتا ہے | |
| درخت چنار | ۳۳۳ | داڑھی کے رنگ کا بھورا ہونا | ۵۷۳ | داغنا (لوہے وغیرہ سے) | ۷۷۷ |
| دلال | ۳۳۶ | دروازہ بجنے کی آواز | ۵۷۳ | دھنیہ کا پودا | ۷۸۳ |
| دف فروش | ۳۳۸ | دانت ملے ہوئے ہونا | ۵۷۳ | درخت انگور | ۷۸۳ |
| دایہ | ۳۳۸ | دوا فروش | ۵۷۵ | دردجگر | ۷۸ |
| دم | ۳۴۹ | درخت صنوبر | ۵۸۲ | دودھ | ۷۹ |
| دکھلاوا | ۳۵۳ | دھند | ۵۸۷ | دودھ فروش | ۷۹ |
| دودھ پلانا | ۳۵۴ | دنبہ | ۵۹۵ | داڑھی | ۸۰ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| داروغہ جہنم | ۸۱۲ | ڈیوڑھی | ۳۱۱ | رونا | ۱۳۲ |
| دسترخوان | ۸۱۴ | ڈھول | ۳۱۹ | رخصت کرنا | ۱۴۱ |
| دشوار گزار راستہ | ۸۱۶ | ڈول | ۳۲۳ | رسی | ۲۲۲ |
| دباغت دینے کی جگہ | ۸۲۵ | ڈھال چمڑے کی | ۳۲۸ | روکنا | ۲۲۹ |
| دیہاتی | ۸۲۶ | ڈرافٹ چیک | ۵۱۰ | رنگ کا سرخ ہونا | ۲۳۶ |
| دیگچی | ۸۳۰ | ڈاڑھ | ۵۹۲ | ریشم | ۲۵۷ |
| دھات کی کان | ۸۵۷ | ڈھول بجانے والا | ۶۰۹ | ریشم فروش | ۲۵۸ |
| درانتی | ۸۶۲ | ڈھول (مطلق) | ۶۰۹ | روئی دھنے والا | ۲۶۲ |
| دِن | ۸۸۵ | ڈھول دورُخہ | ۶۰۹ | رائی | ۲۸۵ |
| دھنیہ | ۹۰۱ | ڈوبنا | ۶۷۶ | روٹی | ۲۸۶ |
| درخت کھجور | ۹۰۲ | ڈھونگا | ۷۷ | رخسار | ۲۹۷ |
| دھبہ | ۹۰۵ | ڈولی | ۹۴۱ | ریچھ کو ناچ سکھانے کا آلہ | ۳۲۰ |
| دریائے نیل | ۹۱۱ | (ذ) | | ریچھ | ۳۲۰ |
| درخت پھولدار بیدکا | ۹۱۲ | ذمہ دار | ۶۵ | رہٹ | ۳۲۴ |
| درخت بیر | ۹۱۳ | ذکر واذکار | ۲۷۱ | رجسٹر | ۳۲۴ |
| درد | ۹۲۶ | ذوالکفل علیہ السلام | ۳۳۹ | رکوع کرنا | ۳۵۰ |
| دشوار گزار زمین | ۹۳۲ | ذوالقرنین | ۳۳۹ | راحت | ۳۵۱ |
| (ڈ) | | ذکر اللہ | ۳۳۹ | رھن رکھنا | ۳۵۳ |
| ڈھیر لگادینا | ۱۲۱ | ذبح کرنا | ۳۴۴ | راکھ | ۳۶۵ |
| ڈاکیہ | ۱۳۵ | ذلیل ہونا | ۳۴۵ | رکاب | ۳۷۰ |
| ڈھال | ۱۵۵ | (ر) | | راھب | ۳۷۴ |
| ڈکار لینا | ۲۱۷ | راستے سے تکلیف دہ چیز کو ہٹانا | ۷۲ | ریت | ۳۷۵ |
| ڈرنا | ۲۳۵ | رونا | ۹۸ | روٹی پتلی | ۳۸۱ |
| ڈرنا | ۳۰۱ | رنگ کا سفید ہونا | ۱۰۲ | روم | ۳۸۲ |
| | | | | رقم شمار کرنے والا | ۳۸۴ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ریت فروش | ۳۸۵ | روئی | ۷۴۴ | زرہ بنانے والا | ۲۰۸ |
| راز | ۴۷۷ | روٹی کا ٹکیہ | ۷۵۶ | زرہ | ۳۲۸ |
| رسی (خاص قسم کی) | ۴۹۹ | روشن دان | ۷۷۳ | زمین پر آہستہ چلنا | ۳۱۹ |
| رنگ کا سیاہ ہونا | ۵۱۱ | راز کا چھپانا | ۷۷۷ | زمیندار | ۳۳۷ |
| رنگ کا گندمی ہونا | ۵۱۱ | رش | ۷۷۸ | زندگی کا آسودہ ہونا | ۳۵۲ |
| رنگ پیلا ہونا | ۵۶۹ | روئی | ۷۸۳ | زمین میں لگے ہوئے لوہے کا حلقہ | ۳۷۰ |
| روزہ | ۵۶۱ | رات | ۸۱۰ | زبور آسمانی کتاب | ۳۸۸ |
| رنگ کا زرد ہونا | ۵۶۹ | ریتی | ۸۱۵ | زکریا علیہ السلام | ۳۸۸ |
| رنگریز | ۵۷۴ | روئی دھنے کی مشین | ۸۲۰ | زکوۃ دینا | ۳۸۸ |
| رات کا حصہ | ۵۷۸ | روئی دھنے کی کمان | ۸۶۳ | زیارت حضور ﷺ | ۳۸۹ |
| روشنی | ۵۸۷ | رومال | ۸۶۳ | زمزم کا پانی | ۳۸۹ |
| راستے سے بھٹکنا | ۵۸۸ | ریت گھڑی | ۸۶۵ | زہد | ۳۸۹ |
| راستہ | ۶۱۳ | روشنی | ۸۸۱ | زنار نصاریٰ | ۳۸۹ |
| رگ | ۶۳۰ | روشنائی کالی | ۹۰۳ | زحل ستارہ | ۳۹۰ |
| رخسار | ۶۳۵ | راہٹ | ۹۱۲ | زیتون | ۳۹۱ |
| رات کا چوکیدار | ۶۴۴ | رخسار | ۹۲۲ | زعفران | ۳۹۳ |
| رسی | ۶۴۹ | رگِ گردن | ۹۲۲ | زرہ ساز | ۳۹۵ |
| رسی | ۶۶۱ | رگِ دل | ۹۲۲ | زادِ راہ | ۳۹۷ |
| رگ کھولنا | ۶۸۹ | (ز) | | زنا کرنا | ۳۹۹ |
| رسی بٹنا | ۶۹۱ | زمین | ۷۸ | زلزلہ | ۴۰۲ |
| ران | ۶۹۸ | زین فروش | ۱۳۶ | زبان کی لغزش | ۴۰۳ |
| روٹی پکانے والا | ۷۰۱ | زین کی دیچی | ۱۷۱ | زکام | ۴۰۳ |
| رسی (ہاتھ باندھنے کی) | ۷۲۴ | زخم | ۱۹۷ | زرافہ | ۴۰۴ |
| ریشم بیچنے والا | ۷۳۷ | زور سے بات کرنا | ۲۰۰ | زین ساز | ۴۴۱ |
| روئی بیچنے والا | ۷۳۷ | | | زمین میں سیر کرنے والا | ۴۴۵ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| زنجیر | ۴۴۵ |
| زادِراہ | ۴۷۵ |
| زہر | ۴۸۰ |
| زمین/جائیداد | ۵۹۲ |
| زین | ۴۹۴ |
| زنگ | ۵۸۶ |
| زیرِناف بال | ۶۳۱ |
| زادِسفر | ۶۳۹ |
| زردرنگ کا ہونا | ۶۵۰ |
| زخم | ۶۶۱ |
| زبان کا کند ہونا | ۷۷۷ |
| زنار کی طرح ایک دھاگہ | ۷۸۰ |
| زیرہ رومی | ۷۸۴ |
| زیرہ | ۷۸۴ |
| زبان | ۸۰۰ |
| زمین کی پھٹن | ۸۰۷ |
| زیرِزمین غلے کا گودام | ۸۴۶ |
| زمین سے نکالنا | ۸۸۵ |
| زمین نشیبی | ۹۳۱ |
| زمین کا لہلہانا | ۹۴۰ |
| **(س)** | |
| سوئی | ۷۷ |
| ستون | ۸۳ |
| سننا پوشیدہ طور پر | ۸۸ |
| ستاروں کا مجموعہ | ۹۴ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| سانڈ | ۱۰۵ |
| ساگ سبزی | ۱۲۰ |
| سبزی فروش | ۱۳۴ |
| سونا چاندی کا ڈھلہ | ۱۵۴ |
| سیب | ۱۵۶ |
| سانپ | ۱۶۰ |
| سخاوت | ۱۹۸ |
| سوراخ کرنے والا موتی جوہر | ۱۶۳ |
| سامان لے جانے والا (ایک جگہ سے دوسری جگہ) | ۲۰۹ |
| سرخاب | ۲۶۷ |
| سانپ بڑا | ۲۶۸ |
| سرائے | ۲۸۲ |
| سرکہ | ۲۸۵ |
| سور | ۳۰۵ |
| سیڑھی | ۳۱۴ |
| سونا | ۳۴۷ |
| سنار | ۳۴۸ |
| سوت کاتنا | ۳۴۸ |
| سواری | ۳۵۱ |
| سفر سے لوٹنا | ۳۵۲ |
| سنگسار کرنا | ۳۵۳ |
| ستاروں کو چرانا | ۳۵۴ |
| سر | ۳۶۱ |
| سیسہ | ۳۶۶ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| سیسہ (رصاص) | ۳۷۴ |
| سنگ مرمر | ۳۷۹ |
| سبزی ترش | ۳۸۱ |
| سری فروش | ۳۸۳ |
| سرسبز وشاداب | ۳۸۴ |
| سمندری جہاز کا کپتان | ۳۸۴ |
| سیاح | ۳۸۴ |
| سواری کرنا | ۳۸۵ |
| سواری بادشاہ کے اونٹ کا | ۳۸۵ |
| سیسہ گر | ۳۸۶ |
| سائبان | ۳۹۹ |
| سورتیں | ۴۰۵ |
| سورۃ فاتحہ | ۴۰۵ |
| سورۃ بقرہ | ۴۰۵ |
| سورۃ آل عمران | ۴۰۶ |
| سورۃ النساء | ۴۰۶ |
| سورۃ المائدہ | ۴۰۶ |
| سورۃ انعام | ۴۰۷ |
| سورۃ الاعراف | ۴۰۷ |
| سورۃ الانفال | ۴۰۷ |
| سورۃ توبہ | ۴۰۸ |
| سورۃ یونس | ۴۰۸ |
| سورۃ ھود | ۴۰۸ |
| سورۃ یوسف | ۴۰۸ |
| سورۃ رعد | ۴۰۹ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| سورۃ ابراہیم | ۴۰۹ | سورۃ الزخرف | ۴۱۵ | سورۃ الحاقہ | ۴۲۰ |
| سورۃ الکہف | ۴۰۹ | سورۃ الدخان | ۴۱۵ | سورۃ المعارج | ۴۲۰ |
| سورۃ مریم | ۴۱۰ | سورۃ الجاثیہ | ۴۱۵ | سورۃ نوح | ۴۲۱ |
| سورۃ طٰہٰ | ۴۱۰ | سورۃ الاحقاف | ۴۱۵ | سورۃ الجن | ۴۲۱ |
| سورۃ انبیاء | ۴۱۰ | سورۃ محمد | ۴۱۶ | سورۃ المزمّل | ۴۲۱ |
| سورۃ حج | ۴۱۰ | سورۃ الفتح | ۴۱۶ | سورۃ المدثر | ۴۲۱ |
| سورۃ مومنون | ۴۱۱ | سورۃ الحجرات | ۴۱۶ | سورۃ القیامہ | ۴۲۱ |
| سورۃ نور | ۴۱۱ | سورۃ قٓ | ۴۱۶ | سورۃ الانسان (الدھر) | ۴۲۲ |
| سورۃ فرقان | ۴۱۱ | سورۃ زاریات | ۴۱۶ | سورۃ المرسلات | ۴۲۲ |
| سورۃ شعراء | ۴۱۱ | سورۃ الطّور | ۴۱۷ | سورۃ النبا | ۴۲۲ |
| سورۃ نمل | ۴۱۲ | سورۃ النجم | ۴۱۷ | سورۃ النازعات | ۴۲۲ |
| سورۃ القصص | ۴۱۲ | سورۃ القمر | ۴۱۷ | سورۃ عبس | ۴۲۳ |
| سورۃ العنکبوت | ۴۱۲ | سورۃ الرحمٰن | ۴۱۷ | سورۃ التکویر | ۴۲۳ |
| سورۃ الروم | ۴۱۲ | سورۃ الواقعہ | ۴۱۷ | سورۃ الانفطار | ۴۲۳ |
| سورۃ لقمان | ۴۱۳ | سورۃ الحدید | ۴۱۸ | سورۃ المطففین | ۴۲۳ |
| سورۃ السجدہ | ۴۱۳ | سورۃ المجادلہ | ۴۱۸ | سورۃ انشقاق | ۴۲۳ |
| سورۃ الاحزاب | ۴۱۳ | سورۃ حشر | ۴۱۸ | سورۃ البروج | ۴۲۴ |
| سورۃ سبا | ۴۱۳ | سورۃ الممتحنہ | ۴۱۸ | سورۃ الطارق | ۴۲۴ |
| سورۃ یٰسین | ۴۱۳ | سورۃ الصّف | ۴۱۹ | سورۃ الاعلیٰ | ۴۲۴ |
| سورۃ الصفات | ۴۱۴ | سورۃ الجمعہ | ۴۱۹ | سورۃ الغاشیہ | ۴۲۴ |
| سورۃ صٓ | ۴۱۴ | سورۃ المنافقون | ۴۱۹ | سورۃ الفجر | ۴۲۴ |
| سورۃ الزمر | ۴۱۴ | سورۃ التغابن | ۴۱۹ | سورۃ البلد | ۴۲۵ |
| سورۃ غافر | ۴۱۴ | سورۃ الطلاق | ۴۱۹ | سورۃ الشمس | ۴۲۵ |
| سورۃ فصلت | ۴۱۴ | سورۃ التحریم | ۴۲۰ | سورۃ اللیل | ۴۲۵ |
| سورۃ الشوریٰ | ۴۱۵ | سورۃ الملک | ۴۲۰ | سورۃ الضحیٰ | ۴۲۵ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| سورۃ الانشراح | ۴۲۵ | سیڑھی | ۴۴۷ | سیپی | ۵۸۱ |
| سورۃ التین | ۴۲۶ | سجدہ تلاوت | ۴۴۹ | سیٹی بجانے والا | ۵۸۵ |
| سورۃ العلق | ۴۲۶ | سجدہ شکر | ۴۵۰ | ساتھ سونے والا | ۵۸۷ |
| سورۃ القدر | ۴۲۶ | سعی صفا ومروہ کے درمیان | ۴۵۰ | سکہ ڈالنے والا | ۵۹۰ |
| سورۃ البینہ | ۴۲۶ | سال | ۴۵۰ | سوکن | ۵۹۲ |
| سورۃ الزلزال | ۴۲۶ | سیلاب | ۴۶۶ | سرکشی | ۵۹۸ |
| سورۃ العادیات | ۴۲۷ | ستو | ۴۷۴ | سانچہ اینٹ کا | ۶۰۸ |
| سورۃ القارعہ | ۴۲۷ | سفر | ۴۷۵ | ستار | ۶۰۹ |
| سورۃ التکاثر | ۴۲۷ | سرگوشی کرنا | ۴۷۷ | سایہ | ۶۱۸ |
| سورۃ العصر | ۴۲۷ | سحری کھانا | ۴۷۹ | سیارہ | ۶۲۶ |
| سورۃ الہمزہ | ۴۲۷ | سیخ گوشت بننے کی | ۴۹۱ | سال | ۶۲۶ |
| سورۃ الفیل | ۴۲۸ | ساج درخت | ۵۰۰ | سارنگی | ۶۴۷ |
| سورۃ القریش | ۴۲۸ | سوسن | ۵۰۲ | ستون | ۶۵۶ |
| سورۃ الماعون | ۴۲۸ | سراب | ۵۰۹ | ستر | ۶۵۸ |
| سورۃ الکوثر | ۴۲۸ | سنا | ۵۱۰ | سرکشی | ۶۷۱ |
| سورۃ الکافرون | ۴۲۸ | سورج | ۵۱۲ | سونے والے کا خراٹے لینا | ۶۷۳ |
| سورۃ النصر | ۴۲۹ | سفارش | ۵۲۹ | سوجن کا ختم ہونا | ۶۸۹ |
| سورۃ تبت | ۴۲۹ | سونگھنا | ۵۳۱ | سبزی فروش | ۷۰۲ |
| سورۃ الاخلاص | ۴۲۹ | سقہ | ۵۳۹ | سایہ | ۷۱۱ |
| سورۃ الفلق | ۴۲۹ | سولی چڑھانا | ۵۶۶ | سماور | ۷۲۳ |
| سورۃ الناس | ۴۳۰ | سینہ | ۵۶۷ | سنگ | ۷۳۲ |
| سلیمان علیہ السلام | ۴۳۰ | سر کے بالوں کا گرجانا | ۵۶۸ | سقاوے کا منتظم | ۷۳۸ |
| سدرۃ المنتہی | ۴۳۱ | سیٹی بجانا | ۵۷۰ | سمندری جانور | ۷۴۳ |
| سانچے میں ڈالنے والا | ۴۴۳ | ستار | ۵۷۴ | سنگ بنیاد | ۷۵۸ |
| سلام کرنا | ۴۴۵ | سسر | ۵۷۸ | سرکہ بیچنے والا | ۷۶۸ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| سالن کے طور پر کھانے | ۷۶۸ | شیطان | ۷۶ | شکر | ۵۱۲ |
| کی چیز (کانج) | | شراب کا برتن | ۱۱۶ | شعر | ۵۲۰ |
| سرمہ فروش | ۷۶۸ | شکرا | ۱۲۴ | شاعر | ۵۲۰ |
| سرمہ | ۷۶۹ | شیشہ | ۱۳۰ | شراکت | ۵۳۱ |
| سوت یا دھاگے کا کٹا ہوا گولا | ۷۷۴ | شہتوت | ۱۵۷ | شک | ۵۳۱ |
| سانپ کی چھتری | ۷۸۳ | شوق دلانا | ۲۳۴ | شیطان | ۵۳۳ |
| سارس (آبی جانور) | ۷۸۵ | شوق وطن | ۲۳۵ | شاخ در شاخ ہونا | ۵۳۶ |
| ستارہ | ۷۸۷ | شاہی کلرک | ۲۴۷ | شہد (جو موم سے نچوڑا نہ گیا ہو) | ۵۳۷ |
| سارس | ۸۱۱ | شراب ساز، شراب فروش | ۲۸۲ | شربت بنانے والا | ۵۳۸ |
| سرہانہ | ۸۲۴ | شراب | ۲۸۳ | شطرنج | ۵۳۹ |
| سیاہی | ۸۲۵ | شفتالو | ۲۸۴ | شاہ شطرنج | ۵۴۰ |
| سونے کا ملمع کرنے والا | ۸۲۸ | شہد کا چھتہ | ۳۰۳ | شاہین | ۵۴۱ |
| سنگ مرمر لگانے والا | ۸۳۱ | شعر سے ایک بیت نقل کرنا | ۳۵۳ | شلوار | ۵۴۲ |
| سائیس | ۸۳۳ | شطرنج کی بساط | ۳۷۱ | شل ہونا | ۵۴۲ |
| سوئی بڑی | ۸۳۸ | شطرنج کا مہرہ | ۳۷۱ | شکم سیر ہونا | ۵۴۳ |
| سیارہ مشتری | ۸۳۹ | شیشہ ساز | ۳۹۵ | شبہ | ۵۴۳ |
| سرمہ دانی | ۸۵۵ | شیشہ | ۳۹۵ | شلجم | ۵۴۷ |
| ستاروں کی منزلیں | ۸۶۰ | شادی بیاہ | ۴۰۰ | شکاری | ۵۷۵ |
| ستارہ | ۸۸ | شکر فروش | ۴۴۴ | شکار | ۵۸۴ |
| سختی سے نجات پانا | ۸۹۰ | شکر | ۴۷۶ | شکرہ | ۵۸۵ |
| سکے گننے پرکھنے والا | ۸۹۹ | شلوار | ۴۸۸ | شتر مرغ (نر) | ۶۲۰ |
| سمت نماز | ۹۱۶ | شامیانے | ۴۹۱ | شادی | ۶۲۷ |
| (ش) | | شیث علیہ السلام | ۵۱۲ | شہد | ۶۴۸ |
| شیر | ۷۳ | شعیب علیہ السلام | ۵۱۲ | شانہ | ۶۵۸ |
| | | شہید | ۵۱۲ | شراب (چینا کی خاص قسم کی) | ۶۶۸ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| شعر | ۶۶۹ |
| شیر کا بیٹھنا | ۶۷۸ |
| شکاری کا جال | ۶۹۳ |
| شرم گاہ | ۶۹۶ |
| شراب جو کی | ۶۹۹ |
| شطرنج کا مہرہ | ۷۰۸ |
| شیشی بوتل | ۷۲۱ |
| شیشہ ساز | ۷۳۵ |
| شکار | ۷۵۰ |
| شکر | ۷۵۶ |
| شلغم | ۷۹۴ |
| شیرنی | ۸۱۱ |
| شہر | ۸۲۶ |
| شیشہ | ۸۲۹ |
| شعبدہ باز | ۸۴۰ |
| شہسواروں کا میدان | ۸۷۷ |
| شرم گاہ کی طرف دیکھنا | ۸۸۷ |
| شیرہ کھجور اور کشمش | ۸۹۷ |
| شہد کی مکھی پالنے والا | ۹۰۱ |
| شہد کی مکھی | ۹۰۱ |
| شتر مرغ | ۹۰۸ |
| شہ رگ | ۹۲۳ |
| شکست | ۹۴۰ |
| شیر | ۹۴۴ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| (ص) | |
| صحابہ کرامؓ | ۵۷ |
| صحف | ۵۵۳ |
| صحیفہ | ۵۵۳ |
| صالح علیہ السلام | ۵۵۴ |
| صلحاء | ۵۵۴ |
| صور | ۵۵۵ |
| صدقہ نفلی | ۵۶۳ |
| صبر کرنا | ۵۶۴ |
| صلح کرنا | ۵۶۴ |
| صابن ساز | ۵۷۵ |
| صراحی | ۵۷۹ |
| صلیب | ۵۸۰ |
| صابون | ۵۸۲ |
| صبح | ۵۸۳ |
| منی چینجر | ۷۰۳ |
| صُراحی (پیتل کی) | ۷۲۳ |
| (ض) | |
| ضائع کرنا | ۱۴۷ |
| ضمانت دینا | ۵۸۷ |
| ضائع ہونا | ۵۹۱ |
| ضامن بننا | ۷۷۸ |
| (ط) | |
| طوطا | ۱۲۲ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| طواف | ۵۹۷ |
| طلاق | ۵۹۷ |
| طبیب | ۶۰۵ |
| طشت بنانے والا | ۶۰۷ |
| طوق | ۶۱۰ |
| طرہ عمامہ | ۶۱۲ |
| طاعون کی بیماری | ۶۱۳ |
| طاقت | ۷۵۰ |
| (ظ) | |
| ظلم | ۱۹۹ |
| ظاہر ہونا | ۶۱۵ |
| ظہار کرنا | ۶۱۵ |
| ظلم | ۶۱۷ |
| (ع) | |
| عاریت پر دینا | ۷۳ |
| عمارت بنانا | ۱۰۷ |
| عمارت | ۱۳۴ |
| علم حاصل کرنا | ۱۴۲ |
| عورتوں کا مردوں کی مشابہت اختیار کرنا | ۱۴۶ |
| عظیم المرتبہ ہونا | ۲۰۴ |
| عزت کی مدافعت کرنا | ۳۴۵ |
| عاجزی کرنا | ۳۵۴ |
| عدد (جفت وطاق) | ۵۲۹ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| عطایا | ۵۷۳ | عدت | ۶۴۳ | غلام فروش | ۳۸۶ |
| عرش الٰہی | ۶۲۱ | عطار | ۶۴۵ | غلامی | ۳۸۶ |
| حضرت عزرائیل علیہ السلام | ۶۲۱ | عشر وصول کرنے والا | ۶۴۵ | غلطی | ۳۷۹ |
| حضرت عیسیٰ علیہ السلام | ۶۲۲ | عود | ۶۴۷ | غروب کے بعد کی سرخی | ۵۲۹ |
| حضرت عزیر علیہ السلام | ۶۲۴ | عنبر | ۶۴۷ | غرور وتکبر | ۵۳۲ |
| حضرت عمر بن خطابؓ | ۶۲۴ | عناب | ۶۵۰ | غلام | ۶۲۸ |
| حضرت عثمان بن عفانؓ | ۶۲۴ | عنقاء | ۶۵۲ | غلامی سے آزادی | ۶۲۸ |
| حضرت علیؓ | ۶۲۵ | عقاب | ۶۵۳ | غیر عرب | ۶۶۴ |
| حضرت عائشہؓ | ۶۲۶ | عشاء | ۶۵۷ | غبار | ۶۶۸ |
| عالم | ۶۲۶ | عورت | ۸۲۹ | غلاف | ۶۷۰ |
| علم | ۶۲۹ | عرقیات | ۸۳۵ | غصہ کرنا | ۶۷۰ |
| علوشان | ۶۲۹ | عمر رسیدہ | ۸۳۹ | غم | ۶۷۱ |
| عزت | ۶۲۹ | عیدگاہ | ۸۴۴ | غیرت کھانا | ۶۷۱ |
| عظیم ہونا | ۶۲۹ | عورت کی کلائی | ۸۴۸ | غیبت کرنا | ۶۷۲ |
| عتاب | ۶۳۶ | عیسائیوں کی عبادت کے | ۸۹۶ | غار | ۶۷۷ |
| عیب | ۶۳۸ | وقت کی گھنٹی (ناقوس) | | غلام | ۶۸۰ |
| عدل | ۶۳۹ | عیسائی | ۸۹۶ | غوطہ لگانے والا | ۶۸۱ |
| عطا کرنا | ۶۳۹ | عورتیں | ۹۱۳ | غنیمت | ۶۸۲ |
| عقیق | ۶۴۱ | عشق ومحبت کی وجہ سے | ۹۲۷ | غائب کا سفر سے آنا | ۷۵۲ |
| عقیقہ | ۶۴۱ | بے چین ہونا | | غصہ پینا | ۷۷۸ |
| عمرہ | ۶۴۱ | عیب چین | ۹۴۲ | غمگین ہونا | ۷۸۲ |
| عرفہ | ۶۴۱ | (غ) | | غار (کہف) | ۷۸۹ |
| عیدالاضحیٰ | ۶۴۲ | غلام کو مدبر بنانا | ۱۴۸ | غلہ صاف کرنے والا | ۸۴۹ |
| عاشورہ | ۶۴۲ | غم | ۱۷۵ | غلام کو مکاتب بنانا | ۸۵۴ |
| عاریت | ۶۴۲ | | | غلام آزاد کرنا | ۹۱۷ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| غم | ۹۴۰ |
| (ف) | |
| فروخت کرنا | ۱۳۱ |
| فوج | ۱۸۲ |
| فرشتہ (حاملین عرش) | ۲۲۰ |
| فرشتہ (کراما کاتبین) | ۲۲۰ |
| فریب کرنا | ۳۰۱ |
| فقراء وصالحین کی خدمت کرنا | ۳۰۳ |
| فلٹر (صاف کرنے کا آلہ) | ۳۷۱ |
| فصیل | ۵۰۴ |
| فوجی دستہ | ۵۳۴ |
| فرشتہ خوابوں پر مامور | ۵۵۴ |
| فاطمہ بنت رسول ﷺ | ۶۸۶ |
| فقیہ | ۶۸۶ |
| فتنہ | ۶۸۷ |
| فجر | ۶۸۸ |
| فن | ۶۸۹ |
| فرنگی | ۶۹۴ |
| فرعون | ۶۹۴ |
| فخر | ۶۹۵ |
| فراست | ۶۹۵ |
| فصاحت | ۶۹۵ |
| فالودہ | ۶۹۸ |
| فصد لگوانے والا | ۷۰۳ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| فیروزہ (پتھر) | ۷۰۵ |
| فاختہ | ۷۰۶ |
| فیصلہ کرنے والا | ۷۳۸ |
| فوج کا کمانڈر | ۷۴۰ |
| فاختہ | ۷۴۶ |
| فٹ بال | ۷۷۰ |
| فرشتوں سے ملاقات | ۸۵۶ |
| فرشتہ | ۸۵۷ |
| فرنیچر فروش | ۸۹۹ |
| فائدہ پہنچانے والا | ۹۰۱ |
| (ق) | |
| قربانی کرنا | ۷۰ |
| قید کرنا | ۷۲ |
| قبرستان | ۱۸۶ |
| قدرت رکھنا | ۲۰۰ |
| قصور | ۲۰۴ |
| قصاب | ۲۰۹ |
| قسم کھانا | ۳۳۱ |
| قلعہ (حصن) | ۳۴۶ |
| قلعہ (حصار) | ۳۴۷ |
| قرض | ۳۳۶ |
| قید خانہ | ۵۰۲ |
| قالین | ۶۱۰ |
| قلی | ۶۴۵ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| قرآن کریم | ۷۱۳ |
| قرآن پاک پڑھنا | ۷۱۴ |
| قیامت قائم ہونا | ۷۱۵ |
| قبر | ۷۱۷ |
| قوس قزح | ۷۲۸ |
| قباء (ایک قسم کا لباس) | ۷۳۳ |
| قمیص | ۷۳۳ |
| قصائی | ۷۳۶ |
| قولنج (بیماری) | ۷۴۵ |
| قطع تعلق کرنا | ۷۴۶ |
| قتل کرنا | ۷۴۶ |
| قسم کھا کر کسی چیز کو حاصل کرنا | ۷۴۷ |
| قرض | ۷۴۷ |
| قضا وقدر | ۷۴۹ |
| قرض ادا کرنا | ۷۴۹ |
| قفیز (ایک پیمانہ) | ۷۵۱ |
| قربانی کرنا | ۷۵۱ |
| قد انسان | ۷۵۳ |
| قلم | ۷۵۴ |
| قیراط | ۷۵۸ |
| قید کرنا | ۷۸۰ |
| قلعی کرنے والا | ۸۱۶ |
| قحط سالی | ۸۱۷ |
| قرآن کریم | ۸۴۳ |
| قرعہ اندازی کرنا | ۸۵۱ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| قبرستان | ۸۵۲ |
| قینچی | ۸۵۳ |
| قمری | ۹۳۱ |
| قسم کھانا | ۹۵۱ |
| **(ک)** | |
| کان | ۶۰ |
| کپورے | ۶۴ |
| کرایہ پر چیز لینا، دینا | ۷۳ |
| کھانا | ۸۵ |
| کنوارا پن | ۹۴ |
| کنواں | ۱۰۵ |
| کمرہ گھر کا | ۱۱۱ |
| کھر | ۱۱۵ |
| کمبل | ۱۱۶ |
| کھجور (تازی) | ۱۱۸ |
| کھجور (کچی) | ۱۱۸ |
| کھٹمل | ۱۲۴ |
| کپڑا فروش | ۱۳۴ |
| کپڑا اڑھنا | ۱۴۸ |
| کھجور | ۱۵۸ |
| کھجور فروش | ۱۶۱ |
| کپڑا | ۱۷۲ |
| کفار سے ٹیکس لینا | ۱۸۲ |
| کھال | ۱۹۳ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| کھینچنا | ۱۹۹ |
| کوشش کرنا | ۱۹۹ |
| کنپٹی کے بال اترنا | ۲۰۳ |
| کنواں بغیر منڈیر کے | ۲۰۵ |
| کھینچنے والا | ۲۰۹ |
| کنکری | ۲۲۷ |
| کھڑا ہونا ایک پیر پر | ۲۲۹ |
| کھودنا | ۲۳۰ |
| کیچڑ کا | ۲۴۰ |
| کھیتی | ۲۴۳ |
| کھیتی باڑی کرنے والا | ۲۴۳ |
| کھر | ۲۴۹ |
| کانٹے دار پودا | ۲۶۰ |
| کبڑا پن | ۲۵۷ |
| کھیتی کاٹنے والا | ۲۵۹ |
| کلونجی | ۲۶۰ |
| کڑوی گھاس | ۲۶۰ |
| کھیتی کاٹنے والے | ۲۶۱ |
| کبوتر | ۲۶۶ |
| کنواں صاف کرنے والا | ۲۸۱ |
| کھیرا | ۲۸۴ |
| کپڑا ریشمی | ۲۹۳ |
| کپڑوں کا پرانا ہونا | ۲۹۵ |
| کپڑوں کا سبز ہونا | ۲۹۶ |
| کھانے کی طرف بلانا | ۳۱۷ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| کوٹنا | ۳۲۰ |
| کیڑا | ۳۲۰ |
| کنکھجورا | ۳۲۱ |
| کیڑا (کان میں داخل ہونے والا) | ۳۲۱ |
| کنویں کو پاٹنا | ۳۲۷ |
| کپڑا ریشمی | ۳۳۵ |
| کپڑا فروش | ۳۳۶ |
| کلائی | ۳۴۳ |
| کیڑا (سرخ رنگ کا) | ۳۴۷ |
| کپکپاہٹ | ۳۶۷ |
| کشتی (چھوٹی) | ۳۷۰ |
| کجاوہ سواری کا | ۳۷۱ |
| کیڑے مکوڑے | ۳۷۱ |
| کھجور پختہ | ۳۸۰ |
| کھجور فروش | ۳۸۵ |
| کلی کرنا | ۳۹۰ |
| کشمش | ۳۹۴ |
| کھیتی | ۳۹۲ |
| کوڑا جھاڑن | ۳۹۶ |
| کوا (سرخ چونچ والا) | ۴۰۴ |
| کوشش کرنا | ۴۴۱ |
| کشتی | ۴۶۲ |
| کیکڑا | ۴۷۱ |
| کچھوا | ۴۷۱ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| کپڑا جو باورچی گلے میں ڈالتا ہے | ۴۷۵ | کاتنے والا | ۶۸۱ | کھجور کا خوشہ | ۷۵۵ |
| | | کورچڑھانے والا | ۶۸۲ | کپکپی | ۷۵۷ |
| کھال اتارنا | ۴۸۰ | کوّ (سیاہ سفید داغوں والا) | ۶۸۳ | کعبہ | ۷۵۹ |
| کھانسی | ۴۸۰ | کوا (پہاڑی) | ۶۸۵ | کندھا | ۷۶۱ |
| کنگن | ۵۰۵ | کھولنا | ۶۹۱ | کتاب | ۷۶۵ |
| کشتی بان | ۵۳۹ | کوئلہ | ۶۹۲ | کتب فروش | ۷۶۷ |
| کانٹا | ۵۴۷ | کوئلہ بیچنے والا | ۷۰۱ | کاغذ فروش | ۷۶۷ |
| کشتی لڑنا | ۵۶۵ | کام کرنے والا | ۷۰۱ | کوفی | ۷۶۷ |
| کنپٹی | ۵۶۸ | کمہار | ۷۰۳ | کاغذ وغیرہ جمع کرنے والا | ۷۶۸ |
| کان کا سوراخ | ۵۶۹ | کشتی ساز | ۷۰۳ | کیک بیچنے والا | ۷۶۸ |
| کمزوری | ۵۹۳ | کلہاڑی | ۷۱۰ | کتان فروش | ۷۶۷ |
| کھانا | ۶۰۰ | کانٹا (بھاری اشیاء تولنے کا) | ۷۲۴ | کتان | ۷۶۸ |
| کڑاہی | ۶۱۰ | کوہان (اونچا) | ۷۲۶ | کرسی | ۷۷۲ |
| کھجور کا خوشہ | ۶۱۳ | کمان | ۷۲۶ | کھجور (پکی) | ۷۷۴ |
| کامیاب ہونا | ۶۱۷ | کرتا | ۷۳۳ | کشت بان | ۷۷۴ |
| کھجور کے درخت پر پتے نکلنا | ۶۱۷ | کھڑاوں فروش | ۷۳۶ | کتا | ۷۷۴ |
| کھر | ۶۲۰ | کہانی سنانے والا | ۷۳۷ | کافر | ۷۷۵ |
| کنواری | ۶۲۷ | کمان بنانے والا | ۷۳۷ | کفر کرنا | ۷۷۵ |
| کھجور عجوہ | ۶۴۸ | کڑھائی بنانے والا | ۷۳۸ | کافور | ۷۷۵ |
| کھانا (آٹا اور گھی سے تیار شدہ) | ۶۴۸ | کدو | ۷۴۴ | کفارہ | ۷۷۸ |
| کھانا (انڈے اور گھی سے تیار شدہ) | ۶۴۸ | کیکڑا | ۷۴۴ | کوڑا کرکٹ | ۷۷۹ |
| کھیرا | ۶۵۰ | کانٹا | ۷۴۵ | کنیسہ | ۷۷۹ |
| کڑا | ۶۶۳ | کم ہونا | ۷۵۱ | کاہن | ۷۸۰ |
| کوا | ۶۶۹ | کودنا | ۷۵۱ | کفن | ۷۸۲ |
| کاتنا | ۶۷۹ | کاغذ | ۷۵۵ | کرم کلا | ۷۸۲ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| کھانا (دودھ آٹے کا خشک آمیزہ) | ۷۸۷ | کھجور کا شربت | ۸۶۵ | گیدڑ | ۷۵ |
| کھجور کے درخت کی چھال | ۷۹۳ | کھانا (مل کر) | ۸۶۶ | گھاس اشنان | ۹۰ |
| کھٹکنا | ۸۰۷ | کیلا | ۸۷۵ | گل بنفشہ | ۱۲۱ |
| کھیل | ۸۰۹ | کودنا ایک جگہ سے دوسری جگہ کی طرف | ۸۸۷ | گھاس (چٹانوں پر اگنے والی) | ۱۳۰ |
| کھیت | ۸۱۵ | کفن چوری کرنا | ۸۸۸ | گندہ دھن | ۱۳۰ |
| کریدنی | ۸۲۰ | کپڑا وغیرہ پہنا | ۸۹۱ | گائے والا | ۱۳۶ |
| کمرہ (چھوٹا) | ۸۲۴ | کپڑا بننے کی مشین | ۸۹۵ | گرنا (اوپر سے نیچے) | ۱۴۶ |
| کھانے پینے کی نالی | ۸۳۳ | کھانا شہد اور گھی سے بنا ہوا | ۸۹۵ | گھاس فروش | ۱۶۱ |
| کوڑ خانہ | ۸۳۳ | کھال فروش | ۸۹۵ | گروہ | ۱۸۵ |
| کھالوں والا | ۸۳۵ | کھیل (نرد) | ۸۹۵ | گھڑا مٹکا | ۱۹۲ |
| کدال | ۸۳۶ | کفن چور | ۹۰۰ | گھونگرو | ۱۹۶ |
| کپڑے کو تانا ڈالنے والا | ۸۳ | کھجوروں کے درخت والا | ۹۰۲ | گھر میں مدفون یا پوشیدہ چیزیں | ۲۰۸ |
| کنگھی | ۸۳۷ | کان پھیلانے والا | ۹۰۳ | گاجر | ۲۱۸ |
| کیل | ۸۳۸ | کوے کا بچہ | ۹۰۹ | گولر | ۲۱۸ |
| کھال اتارنے کی جگہ | ۸۳۸ | کپڑا پرنٹ شدہ | ۹۲۴ | گوند جو درخت کھجور سے نکلے | ۸۱۸ |
| کمر پر باندھنے والا کپڑا | ۸۴۰ | کیل | ۹۲۵ | گھنٹی | ۱۹۶ |
| کنگھی (المشط) | ۸۴۰ | کیچڑ (گندگی) | ۹۲۹ | گرم چیز | ۲۳۴ |
| کشتی لڑنا | ۸۴۲ | کاغذ ساز | ۹۳۳ | گرمی | ۲۳۴ |
| کشیدہ کاری کرنے والا | ۸۴۶ | کھانا ہضم کرنا | ۹۳۸ | گرہ کھولنا | ۲۳۵ |
| کھیرے اگنے کی جگہ | ۸۵۲ | کمزور ہونا | ۹۳۹ | گھاس | ۲۴۰ |
| کوڑا | ۸۵۳ | | | گیہوں | ۲۴۲ |
| کڑاہی | ۸۵۴ | (گ) | | گیہوں فروش | ۲۴۳ |
| کرایہ پر دینے والا | ۸۵۴ | گواہی دینا | ۷۲ | گورکن | ۲۵۰ |
| کشتی کا ملاح | ۸۵۶ | | | گھاس کاٹنے والا | ۲۶۱ |
| | | | | گدھا فروش | ۲۶۳ |
| | | | | گدھا | ۲۶۳ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| گرگٹ | ۲۶۸ | گھن | ۴۷۲ | گھڑی | ۶۴۶ |
| گرگٹ کے مشابہ جانور | ۲۶۸ | گھی | ۴۷۴ | گاڑی (سامان لادنے کی) | ۶۵۱ |
| گھوڑا | ۲۷۵ | گالی دینا | ۴۷۹ | گھونسلا | ۶۵۶ |
| گونگا ہونا | ۲۹۹ | گڑھا کھودنا (شکار کے لئے) | ۵۰۹ | گھاٹی (دشوار گزار) | ۶۵۷ |
| گمنام ہونا | ۳۰۳ | گواہی | ۵۳۰ | گردن | ۶۵۹ |
| گھر | ۳۱۲ | گواہِ عادل | ۵۳۰ | گناہ کی بخشش | ۶۶۵ |
| گرجا | ۳۱۴ | گوشت بھننے والا | ۵۳۴ | گیت | ۶۷۳ |
| گھر میں داخل ہونا | ۳۱۶ | گوشت بھونا | ۵۳۵ | گناہ کرنا | ۶۸۸ |
| گدگدی کرنا | ۳۱۹ | گوشت بننے کا تنور | ۵۳۶ | گھوڑا | ۷۰۸ |
| گز | ۳۴۳ | گالی دینا | ۵۴۱ | گردن کی ہڈی کا سر سے ملنا | ۷۱۲ |
| گیسو | ۳۴۸ | گرم قسم کا لباس | ۵۴۲ | گوبھی | ۷۴۴ |
| گناہ | ۳۴۸ | گھاس خاص قسم کی (مشیخ) | ۵۴۷ | گنجا ہونا | ۷۴۵ |
| گھروں کی حفاظت | ۳۵۵ | گدی پر تھپڑ مارنا | ۵۶۵ | گدی | ۷۵۲ |
| گھروں کے نشانات | ۳۵۵ | گیند | ۵۷۸ | گوشت کا ٹکڑا سوکھا اور بُنا ہوا | ۷۵۶ |
| گھٹنا | ۳۵۹ | گرجا یا راہب کی جھونپڑی | ۵۷۹ | گردہ | ۷۶۲ |
| گردن | ۳۶۰ | گوند | ۵۸۲ | گردے | ۷۶۴ |
| گھوڑے کی لید | ۳۶۵ | گردن پر مارنا | ۵۸۹ | گرنا منہ کے بل | ۷۷۸ |
| گھوڑی | ۳۷۳ | گٹھا خشک یا تر لکڑی کا | ۵۹۲ | گلاس | ۷۸۱ |
| گدھ | ۳۷۳ | گوز مارنا | ۵۹۴ | گندھک | ۷۸۴ |
| گرج | ۳۷۶ | گوہ | ۵۹۵ | گینڈا | ۷۸۴ |
| گلکاری | ۳۹۴ | گلیوں میں گشت کرنے والا | ۶۰۷ | گھوڑے کا کیت رنگ ہونا | ۷۸۴ |
| گوبر | ۳۹۶ | گارا بنانے والا | ۶۰۸ | گرہن | ۷۸۹ |
| گلی | ۳۹۸ | گمان کرنا | ۶۲۰ | گوشت فروش | ۷۹۸ |
| گھی فروش | ۴۴۳ | گرہ | ۶۴۰ | گوشت | ۷۹۸ |
| گھریلو ضروریات کی چھوٹی چیزیں بنانے والا | ۴۴۴ | گنتی | ۶۴۳ | گھونسا مارنا | ۸۰۶ |
| | | گھوڑا تیز رفتار | ۶۴۶ | گنجان ہونا | ۸۰۷ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| گناہ کے قریب ہونا | ۸۰۸ | لڑائی | ۲۳ | لاٹھی | ۶۵۱ |
| گوشت سے کھال اُتارنا | ۸۲۰ | لکڑی | ۲۴۱ | لنگڑاپن | ۶۶۱ |
| گلے کی ہار | ۸۲۵ | لوہا | ۲۴۹ | لالٹین | ۷۲۳ |
| گالی گلوچ | ۸۳۹ | لوہار | ۲۵۰ | لڑنا (باغیوں کے ساتھ) | ۷۴۷ |
| گناہ | ۸۴۶ | لکڑھارہ | ۲۶۰ | لکھنے والا | ۷۶۶ |
| گانے والا | ۸۵۰ | لاحول پڑھنا | ۲۷۱ | لوہار کی دھونکنی | ۷۷۰ |
| گِدھ | ۹۰۹ | لکڑی چھیل کر درست | ۲۸۱ | لوہے کی انگیٹھی | ۷۷۱ |
| گھاس (خوشبودار) | ۹۱۲ | کرنے والے | | لباس | ۷۷۳ |
| گلاب کا پھول | ۹۲۳ | لکڑی فروش | ۲۸۹ | لوبان | ۷۸۷ |
| گھونسلا | ۹۳۱ | لکڑی | ۲۸۹ | حضرت لوط علیہ السلام | ۷۹۰ |
| گھوڑی | ۹۴۲ | لباس (کسی بڑے آدمی | ۲۹۳ | لوح محفوظ | ۷۹۰ |
| گھر کا گر جانا | ۹۴۲ | کی طرف سے) | | لگام | ۷۹۲ |
| (ل) | | لڑنا جھگڑنا | ۳۰۰ | لحاف | ۷۹۳ |
| لوٹا | ۷۷ | لاٹھی | ۳۲۸ | لیموں | ۷۹۳ |
| لیموں کا درخت | ۸۳ | لحاف | ۳۳۵ | لینوفر (پھول ایک قسم کا) | ۷۹۵ |
| لیٹنا (چت) | ۸۸ | لات مارنا (سینہ پر) | ۳۵ | لِفافہ | ۸۰۶ |
| لرزہ طاری ہونا | ۹۰ | لگام | ۳۹۸ | لباس | ۸۰۵ |
| لوبیا | ۱۲۰ | لتاڑنا | ۴۰۳ | لعان | ۸۰۸ |
| لید | ۱۳۰ | لکڑی (ساگ کی) | ۴۹۹ | لقطہ (زمین سے اٹھائی ہوئی چیز) | ۸۰۸ |
| لٹکانا | ۱۴۰ | لکڑی شہد کے چھتے میں | ۵۵۲ | لقیط (زمین سے اٹھایا ہوا بچہ) | ۸۰۹ |
| لنگڑا کر چلنا | ۱۴۸ | ڈالنے والی | | لغوبات کرنا | ۸۰۹ |
| لمبا سانس لینا | ۱۴۹ | لائنیں | ۵۷۳ | لغت جاننے والا | ۸۰۹ |
| لومڑی | ۱۶۸ | لکڑ بگڑ | ۵۹۵ | لقوہ | ۸۱۱ |
| لیٹنا | ۲۰۵ | لمبا ہونا | ۵۹۹ | لالٹین جلانے والا | ۸۳۹ |
| لاعلمی | ۱۹۹ | لپیٹنا | ۶۱۱ | لاٹ پادری | ۸۴۶ |
| لیپائی کرنے والا | ۲۱۰ | لشکر | ۶۴۴ | لگام | ۸۵۴ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| لڑائی اور قتل | ۸۵۷ | مینڈھا | ۱۶۰ | میل کچیل | ۳۳۰ |
| لکڑی تراشنے والا | ۸۹۸ | مٹی اٹھانے والا | ۱۶۱ | مغز | ۳۳۰ |
| لکڑی کا برادہ | ۹۰۰ | مال و دولت | ۱۷۴ | مرد کی سرین | ۳۳۱ |
| لکھنے والا | ۹۰۳ | میت | ۱۸۵ | مرغا | ۳۳۳ |
| لکڑی جس پر گوشت رکھ کر کاٹا جائے | ۹۲۵ | مٹکا (تارکول لگا ہوا) | ۱۹۶ | مرغی | ۳۳۴ |
| | | محنت | ۲۰۰ | مالش کرنے والا | ۳۳۷ |
| لپکنا | ۹۳۸ | مزدوری مقرر کرنا | ۲۰۴ | مرغی فروش | ۳۳۷ |
| (م) | | محبت | ۲۳۲ | مرد | ۳۳۹ |
| مغفرت طلب کرنا | ۷۱ | ماہواری آنا | ۲۳۹ | مکھی | ۳۴۶ |
| موچی | ۷۸ | مردے کو خوشبو لگانا | ۲۴۳ | مہربانی کرنا | ۳۵۰ |
| محل | ۸۲ | مٹھائی فروش (حلوائی) | ۲۵۸ | مرتبہ ملنا | ۳۵۱ |
| مرض استسقاء | ۸۷ | مٹھائی | ۲۵۸ | مطلقہ عورت سے رجوع کرنا | ۳۵۲ |
| مہلت دینا | ۸۸ | مہندی | ۲۶۰ | مصیبت بڑی | ۳۵۲ |
| ماں | ۸۹ | میتھی | ۲۶۰ | مرد | ۳۵۷ |
| متوجہ ہونا | ۸۹ | مہندی والا | ۲۶۱ | مشکیزہ | ۳۷۰ |
| مٹی کا پرنالہ | ۱۱۵ | مچھلی | ۲۷۱ | مچان | ۳۷۱ |
| مینارہ | ۱۱۶ | مے خانہ | ۲۷۱ | موسم بہار | ۳۸۱ |
| مرغابی | ۱۲۲ | مٹکا | ۲۸۰ | موزہ | ۳۸۷ |
| مچھر | ۱۲۹ | منتظم معاملات | ۲۸۱ | مکھن | ۳۹۳ |
| معالج حیوانات | ۱۳۵ | محافظ | ۲۸۹ | مشکیزہ | ۳۹۷ |
| مالی | ۱۳۵ | موزہ | ۲۹۴ | مٹکا | ۳۹۸ |
| محبت | ۱۴۱ | مہر لگانا | ۳۰۲ | مویشیوں کا نگران | ۴۴۰ |
| ملنا | ۱۴۷ | موتی پرونا | ۳۰۳ | مچھلی فروش | ۴۴۲ |
| مفلس ہونا | ۱۴۸ | موتی | ۳۱۸ | مانگنے ولا | ۴۴۴ |
| مٹی | ۱۵۱ | مچھلی (بڑی) | ۳۲۱ | مسواک | ۴۴۸ |
| مگرمچھ | ۱۵۹ | مجلس کا صدر مقام | ۳۲۸ | مچھلی عام | ۴۶۷ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| موٹا ہونا | ۴۷۴ | مارنا | ۵۸۸ | مویشی ہنکانے والا | ۷۳۹ |
| مشروب (چاول اور شکر سے بنا ہوا) | ۴۷۵ | مارنا خوشبودار لکڑی سے | ۵۹۱ | مایوسی | ۷۵۰ |
| مدہوش ہونا | ۴۷۶ | مہمان | ۵۹۴ | میدان بے آب وگیاہ | ۷۵۱ |
| مانگنا | ۴۷۸ | میزبانی کرنا | ۵۹۵ | گوشت کا ٹکڑا | ۷۵۶ |
| مونچھیں | ۵۲۴ | مینڈک | ۵۹۶ | مال کثیر | ۷۵۷ |
| مشغولیت | ۵۳۱ | مور | ۶۰۴ | محنت کرنا | ۷۷۷ |
| مداری کا تماشا دیکھنا | ۵۳۱ | مٹی | ۶۰۸ | مینڈھا | ۷۸۵ |
| موم بتی | ۵۳۶ | معزول ہونا | ۶۳۹ | موتی | ۷۹۰ |
| مذاق | ۵۳۷ | معاملات کی دیکھ بال کرنے والا | ۶۴۴ | ملامت | ۸۰۷ |
| مشروب | ۵۳۸ | مزاج پرسی کرنے والا | ۶۴۷ | ملانا | ۸۰۷ |
| مچھلی پکڑنے کا کانٹا | ۵۴۱ | مسور کی دال | ۶۴۸ | مقابلہ کرنا | ۸۱۵ |
| محبوب کے ساتھ یکجا ہونا | ۵۴۳ | مکڑی | ۶۵۴ | متعہ کرنا | ۸۱۶ |
| محرم الحرام | ۵۴۴ | معانقہ کرنا | ۶۶۰ | مثقال | ۸۱۶ |
| ماہ صفر | ۵۴۴ | محبت | ۶۶۰ | مجلس | ۸۱۸ |
| ماہ ربیع الاول | ۵۴۵ | مہنگا | ۶۶۷ | مجوسی | ۸۱۸ |
| ماہ ربیع الآخر | ۵۴۵ | ملاوٹ | ۶۷۱ | محتسب | ۸۱۹ |
| ماہ جمادی الاولی | ۵۴۵ | مالداری | ۶۷۳ | محراب | ۸۲۰ |
| ماہ جمادی الآخر | ۵۴۵ | محتاجگی | ۶۸۶ | محلب ایک پودا | ۸۲۱ |
| ماہ شعبان | ۵۴۵ | معدوم ہونا | ۶۸۷ | محمد ﷺ | ۸۲۱ |
| ماہ رمضان | ۵۴۵ | مارڈالنا دھوکے سے | ۶۸۷ | مُد (ایک پیمانہ) | ۸۲۵ |
| مچھلی (سرخ رنگ کی) | ۵۵۲ | منہ | ۶۹۸ | مدرسہ | ۸۲۶ |
| مہر | ۵۶۴ | مولی | ۶۹۹ | مدینہ منورہ | ۸۲۸ |
| ملے ہوئے دانتوں والا ہونا | ۵۷۳ | مرچ | ۷۰۰ | مذی | ۸۲۸ |
| منی چینجر | ۵۷۴ | میوہ فروش | ۷۰۰ | مونگا | ۸۳۰ |
| ممولہ | ۵۸۵ | منی چینجر | ۷۰۳ | مریخ ستارہ | ۸۳۳ |
| ملانا | ۵۸۷ | مشکیزہ | ۷۲۰ | مزدلفہ | ۸۳۳ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| مقابلہ | ۸۳۴ | موسیٰ علیہ السلام | ۸۷۶ | ناچنے والا | ۳۸۳ |
| مسجد | ۸۳۵ | مچھردانی | ۸۹۶ | نیزہ | ۳۸۳ |
| مشک | ۸۳۷ | محبت | ۹۱۸ | نقشہ ساز | ۳۸۴ |
| مشعرحرام | ۸۴۰ | مُکا مارنا | ۹۱۹ | نماز میں سلام پھیرنا | ۴۴۶ |
| مصاحبت | ۸۴۲ | مال وزن کرنا | ۹۲۶ | نماز کا سجدہ | ۴۴۸ |
| مصافحہ کرنا | ۸۴۲ | میل کچیل | ۹۲۸ | نہر چھوٹی | ۴۵۹ |
| مصالحت کرنا | ۸۴۲ | مبارک باد دینا | ۹۳۹ | ناف | ۴۸۸ |
| مظلوم | ۸۴۶ | معاہدہ کرنا (دشمنوں کے ساتھ) | ۹۳۹ | نوجوان | ۵۲۷ |
| معانقہ کرنا | ۸۴۷ | (ن) | | نماز | ۵۵۵ |
| معدہ | ۸۴۸ | ناک | ۵۹ | نماز (سورج یا چاند گرہن کے وقت) | ۵۵۸ |
| معھد | ۸۴۹ | نیکی کا حکم کرنا، برائی سے روکنا | ۷۳ | | |
| مقام ابراہیم | ۸۵۱ | نام | ۸۷ | نقصان | ۵۹۲ |
| منہ کے بل گرنا | ۸۵۵ | نیند سے بیدار ہونا | ۸۸ | نیزہ بازی | ۵۹۷ |
| مکہ مکرمہ | ۸۵۵ | نالی | ۱۱۲ | نیزہ پیٹ تک پہنچنے والا | ۶۱۰ |
| مقام منیٰ | ۸۵۹ | نماز میں دوسری طرف التفات کرنا | ۱۳۹ | ناخن | ۶۱۶ |
| منیٰ | ۸۵۹ | نفس کا پاک کرنا | ۱۴۰ | ناقص عمل | ۶۳۷ |
| منارہ | ۸۶۰ | ننگا ہونا | ۱۴۳ | نکاح رجسٹرار | ۶۴۶ |
| ممبر | ۸۶۱ | نبات جس کا بیج کڑوا ہوتا ہے | ۱۵۶ | نظر جھکانا | ۶۶۵ |
| مرغوں کا لڑنا | ۸۶۱ | ناریل | ۲۱۷ | ناشتہ | ۶۷۴ |
| منجنیق | ۸۶۲ | نیکی | ۲۲۳ | نہلانے والا | ۶۸۱ |
| منظر | ۸۶۴ | ننگے پاؤں چلنا | ۲۵۷ | نوجوان | ۷۱۱ |
| مونڈھ | ۸۶۵ | نانبائی | ۲۸۸ | نہر | ۷۱۹ |
| موافق ہونا | ۸۶۶ | نقصان ہونا | ۳۰۱ | ناپنے والا | ۷۶۹ |
| موت | ۸۶۷ | نکسیر | ۳۶۵ | ناپنا | ۷۷۰ |
| موج | ۸۷۴ | نیزہ | ۳۷۲ | ناشپاتی | ۷۸۴ |
| مؤذن | ۸۷۵ | ناچنا | ۳۸۲ | نمدہ ساز | ۷۹۳ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| نقل اتارنے والا | ۸۱۹ |
| ناک کی ریزش | ۸۲۴ |
| نشان کنگھی نما | ۸۲۶ |
| نیزہ چھوٹا | ۸۳۳ |
| نشہ آور چیز | ۸۳۸ |
| نیک کام | ۸۴۸ |
| نرم برتاؤ کرنا | ۸۵۶ |
| نمک | ۸۵۶ |
| نمک فروش | ۸۵۷ |
| نثر | ۸۶۱ |
| نجومی | ۸۶۲ |
| حضرت نوح علیہ السلام | ۸۷۸ |
| نمناک | ۸۸۵ |
| نقب لگانا | ۸۸۹ |
| نقاب | ۸۸۹ |
| نگران | ۸۸۹ |
| نیند | ۸۹۱ |
| نحو | ۸۹۲ |
| نحوی | ۸۹۲ |
| نوحہ کرنے والا | ۸۹۳ |
| نوک | ۸۹۴ |
| نوروز (اہل فارس کا تہوار) | ۸۹۷ |
| نقش لگانے والا | ۸۹۹ |
| نہر | ۹۱۰ |
| نرگس | ۹۱۲ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| نارنگی | ۹۱۲ |
| نقصان | ۹۱۴ |
| ناپاکی | ۹۱۴ |
| ناامیدی | ۹۵۱ |
| (و) | |
| والد | ۸۹ |
| ویرانی | ۳۰۱ |
| واپسی | ۳۸۵ |
| وقت صبح | ۴۷۹ |
| ولیمہ | ۶۲۷ |
| والدین کی نافرمانی | ۶۴۰ |
| وعدہ | ۶۴۳ |
| وضوء | ۹۱۵ |
| وقوف عرفہ | ۹۱۶ |
| وقف کرنا | ۹۱۷ |
| وصیت کرنا | ۹۱۷ |
| وکالہ | ۹۱۸ |
| ولیمہ | ۹۱۸ |
| وعدہ کرنا | ۹۱۹ |
| وسق (ساٹھ صاع) | ۹۲۶ |
| وادی | ۹۳۰ |
| وحشی جانور | ۹۳۲ |
| واعظ | ۹۳۳ |
| وزیر | ۹۳۳ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| والی | ۹۳۳ |
| وکیل | ۹۳۴ |
| (ہ) | |
| ہرنی | ۱۱۵ |
| ہانڈی (پتھر کی) | ۱۱۶ |
| ہنسنا (بغیر آواز کے) | ۱۴۹ |
| ہیئر ڈریسر | ۲۵۴ |
| ہیرے، موتی تراشنے والا | ۲۶۲ |
| ہیلمٹ | ۲۷۸ |
| ہوٹل | ۲۸۲ |
| ہموار زمین | ۳۱۹ |
| ہالہ چاند، سورج کا | ۳۲۲ |
| ہوا (تیز) | ۳۶۷ |
| ہونٹ | ۵۲۸ |
| ہنسنا | ۵۹۱ |
| ہرنی | ۶۱۹ |
| ہڈی | ۶۳۰ |
| ہار | ۶۴۰ |
| ہرنی | ۶۵۲ |
| ہتھکڑی | ۶۷۰ |
| ہرن کا بچہ | ۶۸۰ |
| ہاتھی | ۷۰۷ |
| ہوا خارج کرنا بلا آواز | ۷۱۲ |
| ہانڈی | ۷۲۲ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com





| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ہار (قرط) | ۷۳۲ | ہریسہ بنانے والا | ۹۴۲ | صحیح خواب کے اوقات | ۹۵۵ |
| ہتھیلی | ۷۶۱ | ہدہد | ۹۴۳ | لوگوں کے احوال کے اختلاف سے تعبیر بھی مختلف ہوتی ہے | ۹۵۵ |
| ہسپتال | ۸۱۲ | ہاتھ | ۹۴۷ | | |
| ہڈیاں جوڑنے والا | ۸۱۷ | **(ی)** | | تعبیر سے بھی خواب کی حقیقت بدل جاتی ہے | ۹۵۵ |
| ہڈی کا گودا | ۸۲۴ | یہودیوں کی عبادت گاہ | ۱۱۳ | | |
| ہنسانے والا | ۸۴۴ | حضرت یعقوب علیہ السلام | ۹۴۵ | کن لوگوں کے خواب سچے ہو سکتے ہیں | ۹۵۵ |
| ہتھوڑا | ۸۴۶ | حضرت یوسف علیہ السلام | ۹۴۵ | | |
| ہاون دستہ | ۸۶۶ | حضرت یونس علیہ السلام | ۹۴۷ | آداب تعبیر | ۹۵۶ |
| حضرت ہود علیہ السلام | ۹۳۵ | حضرت یحییٰ علیہ السلام | ۹۴۷ | طبقات معبرین | ۹۵۷ |
| حضرت ہارون علیہ السلام | ۹۳۵ | یتیم ہونا | ۹۵۱ | تنبیہ | ۹۵۸ |
| ہابیل | ۹۳۵ | یاقوت | ۹۵۲ | | |
| ہوا | ۹۳۷ | یہودی | ۹۵۳ | | |
| ہوا میں اُڑتے ہوئے ذرّات | ۹۳۸ | یسرور (کیڑا جو درختوں کو لگتا ہے) | ۹۵۳ | | |
| ہبہ کرنا | ۹۳۹ | **خاتمہ** | ۹۵۴ | | |
| ہدیہ | ۹۳۹ | رؤیا صالحہ کی قسمیں | ۹۵۵ | | |
| ہشاش بشاش | ۹۴۰ | | | | |
| ہمیان (روپے رکھنے کی تھیلی) | ۹۴۱ | | | | |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# عرض مترجم

**الحمد للّٰہ و کفٰی والصلوٰۃ والسلام علی خاتم الانبیاء وعلی آلہ واصحابہ البررۃ الاتقیاء**

امابعد! فن تعبیر کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ بسا اوقات وحی الٰہی بھی انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام پر بذریعہ خواب نازل کی جاتی تھی اگر خوابوں کا حقیقت سے کچھ تعلق نہ ہوتا تو حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے بیٹے کی گردن پر چھری نہ چلادیتے۔اسی طرح حضرت یوسف علیہ السلام پر جب انعامات الٰہیہ کا تذکرہ قرآن کریم میں ہوتا ہے تو فن تعبیر الرؤیا کو بالخصوص ذکر کیا جاتا ہے۔خود نبی کریم ﷺ کے فرمان ذیشان ''خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے'' سے اس فن کی اہمیت اور اس کے مہتم بالشان ہونے کا بخوبی اندازہ کیا جاسکتا ہے۔جیسا کہ مقدمۃ الکتاب میں مفصلاً اور مدللاً مذکور ہے۔

اسی اہمیت کو پیش نظر رکھ کر علماء امت نے دیگر فنون کی طرح اس فن کی بھی حفاظت کی اور اس فن میں بھی بہت سی کتب تصنیف فرمائیں جن میں حضرت شیخ عبدالغنی بن اسماعیل نابلسیؒ کی مشہور زمانہ کتاب ''**تعطیر الانام فی تعبیر المنام**'' کسی تعارف کی محتاج نہیں۔احقر کی انتہائی خوش قسمتی ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے محض اپنے فضل وکرم سے احقر کو اس کے ترجمہ کی سعادت سے بہرہ مند کیا۔

احقر نے اس کتاب کا ترجمہ کرتے ہوئے اس بات کو خاص طور سے مدِنظر رکھا کہ ترجمہ سلیس اور بامحاورہ تو ہو لیکن مفہوم سے یک سرمو منحرف نہ ہو۔نیز علامہ نابلسیؒ ایک عنوان کے تحت بیسیوں خواب ذکر فرماتے ہیں جو بعض اوقات ۱۰۰ کے عدد سے بھی متجاوز ہوجاتے ہیں۔احقر نے قارئین کرام کی سہولت کی غرض سے ان پر نمبر لگادیئے ہیں تاکہ تعبیر دیکھتے ہوئے کسی قسم کے خلط کا احتمال بھی باقی نہ رہے۔

جیسا کہ قارئین کرام جانتے ہیں کہ عربی ایک وسیع زبان ہے جس میں مترادفات کی بھرمار ہے لیکن اردو میں بسا اوقات ان مترادفات کے لئے ایک ہی لفظ استعمال ہوتا ہے جیسے کہ اسد اور غضنفر دونوں کا ترجمہ شیر ہے اسی طرح علم، لواء دونوں کا ترجمہ جھنڈا ہے۔علامہ نابلسی نے ان جیسے الفاظ کو اپنی ترتیب کے مطابق الگ الگ ذکر فرمایا احقر کو بھی کتاب کی رعایت کے سبب انہیں الگ الگ تحریر کرنا پڑا لیکن قارئین کرام کی سہولت کے لئے احقر نے فہرست میں دونوں کو یکجا ذکر کردیا ہے تاکہ قارئین کو مختلف جگہ تلاش کی زحمت نہ ہو۔نیز احقر نے فہرست میں عنوانات کا اردو ترجمہ تحریر کیا ہے اور اپنی اس ترتیب میں اردو حروف تہجی کا اعتبار کیا ہے تاکہ کسی بھی خواب کی تعبیر باآسانی تلاش کی جاسکے۔اور یہ بھی ملحوظ رہے کہ ترجمہ اصل کتاب کا کیا گیا ہے نہ کہ معروف مصطفیٰ زریق صاحب کی تلخیص کا جو کہ لوگوں میں اصل کتاب کے طور پر متعارف ہے۔

احقر نے یہ تمام کام چونکہ ادارہ اشرف التحقیق والبحوث الاسلامیہ میں سرانجام دیا اس لئے احقر ارباب ادارہ کا تہ دل سے ممنون ہے کہ انہوں نے احقر کی جابجا رہنمائی فرمائی۔بالخصوص شیخ الحدیث حضرت مولانا مشرف علی تھانوی دامت برکاتہم جن کی سرپرستی احقر کے لئے مشعل راہ بنی رہی انہوں نے غایت شفقت فرماتے ہوئے نہ صرف یہ کہ مفید مشوروں سے نوازا بلکہ اس کتاب پر ایک تقریظ بھی تحریر فرمائی اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطاء فرمائے۔دیگر ان تمام حضرات کا بھی میں شکرگزار ہوں جنہوں نے اس سلسلہ میں میری کسی طرح بھی معاونت کی خصوصاً عزیزی القدر مولانا سید عبدالعظیم ترمذی مدظلہ کہ احقر نے جس کام پر انہیں مامور کیا انہوں نے انتہائی تندہی اور محنت سے اسے سرانجام دیا۔نیز میں برادر عزیز جناب سعود اشرف عثمانی صاحب کا بھی شکرگزار ہوں جن کی خصوصی دلچسپی اس کتاب کی اشاعت میں شامل حال رہی۔

آخر میں قارئین کرام سے یہی التماس ہے کہ دعاء فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اسے شرف قبولیت عطاء فرمائیں اور احقر کے والدین اساتذہ اور تمام تعاون کرنے والوں کے لئے ذخیرہ آخرت بنائیں۔**وصلی اللّٰہ تعالیٰ علی خیر خلقہ والہ واصحابہ اجمعین وعلی کل من تبعھم باحسان الی یوم الدین۔**

**محمد انس چترالی** معاون تحقیق ادارہ اشرف التحقیق والبحوث الاسلامیہ
و استاذ جامعہ دارالعلوم الاسلامیہ کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# عرض مؤلف

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جس نے نیند کو آرام کا ذریعہ بنایا اور انسان کو مختلف طبائع میں پیدا فرما کر اس کے لئے زمین کو بچھونا، رات کو پردہ اور دن کو معاش کا ذریعہ بنایا۔

اور درود کاملہ نازل ہو اس ذات پر جو خوشخبری سنانے والی اور روشن چراغ ہے، جس ذات کا پاک نام محمدؐ ہے جو زیورِ کرامت سے آراستہ اور تاجِ قبولیت سے پیراستہ ہیں۔ اور اللہ راضی ہو اس کے صحابہؓ سے جو اخیار امت ہیں اور تابعین سے۔

**امابعد۔**

عبد فقیر، عاجز، حقیر عبدالغنی ابن اسماعیل المعروف با بن نابلسی مذہباً حنفی، مشرباً قادری، طریقۃً نقشبندی (اللہ کی رہنمائی وتوفیق اس کے شامل حال ہو) عرض رساں ہے۔:

کہ خوابوں کی تعبیر کا علم علوم رفیعہ میں شمار ہوتا ہے، حتی کہ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام تشریعِ احکام میں اپنے خوابوں کو وحی شمار کرتے تھے۔ اب اگرچہ سلسلۂ نبوت یقیناً ختم ہو چکا ہے تاہم مبشرات، جو خوابوں کی صورت میں انسان دیکھتا ہے یا اس کے لئے دیکھے جاتے ہیں موجود ہیں جیسا کہ حضور ﷺ کے فرمودات میں اس کا تذکرہ موجود ہے۔ اس لئے اس فن میں ایک کتاب لکھنے کا ارادہ ہوا جو حروف تہجی کی ترتیب پر مرتب ہو تا کہ ہر ایک کے لئے اس سے استفادہ کرنا آسان ہو۔ اور اسی طرز کی ایک اور کتاب جو حضرت ابن غنامؒ کی لکھی ہوئی ہے نظر سے گزری ہے جو اس ترتیب میں مقدم شمار ہوتی ہے لیکن انتہائی مختصر ہونے کی وجہ سے اس فن کے تشنگان کی سیرابی کے لئے ناکافی تھی۔

میں نے اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرتے ہوئے اپنے ارادے کی تکمیل کے لیے کمر ہمت باندھ لی۔ وہی ذات احسان کرنے والی اور سخاوتِ کاملہ کا منبع ہے۔ اور اس کتاب کا نام "**تعطیر الانام فی تعبیر المنام**" رکھا۔ ہر نیک آدمی سے ایسی دعا کی التجا کرتے ہوئے جو قدم ڈگمگانے کے روز فائدہ دے۔

اور اسی طرح فنِ علم تعبیر الرؤیا کے مصنفین کی پیروی کرتے ہوئے میں نے بھی ایک مختصر مگر ایک جامع مقدمے سے اس کی ابتدا کی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# مقدمہ

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ﴿ لَهُمُ الْبُشْرىٰ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ فِي الْاٰخِرَةِ ﴾ ترجمہ:''دنیا اور آخرت میں ان کے لئے خوشخبری ہے''

بعض مفسرین نے کہا ہے کہ ﴿ لَهُمُ الْبُشْرىٰ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ﴾ میں بُشْریٰ فِي الدُّنْيَا سے وہ بشرات مراد ہیں جو دنیا میں انسان خوابوں کی صورت میں دیکھتا ہے یا اس کیلئے دیکھے جاتے ہیں اور فِي الْاٰخِرَةِ سے مراد قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کا دیدار ہے۔

اور حضور ﷺ نے فرمایا ہے ( مَنْ لَّمْ يُؤْمِنْ بِالرُّؤْيَا الصَّالِحَةِ لَمْ يُؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ) ترجمہ: کہ جس شخص کا رویائے صالحہ پر یقین نہیں تو اس کا اللہ تعالیٰ اور یوم آخرت پر بھی یقین نہیں ہے۔
حضرت عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں کہ: حضور ﷺ پر وحی کی ابتدا رویائے صالحہ سے ہوئی ہے' آپ کے خواب روز روشن کی طرح واضح اور صریح ہوا کرتے تھے۔ اور اسی طرح آپؐ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ آپؐ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ سے فرمایا ( یا ابا بکر رایت کانی انا وانت نرقی فی درجة فسبقتک بمر قاتین' فقال یا رسول اللہ یقبضک اللہ الی رحمته و اعیش بعدک سنتین و نصف )
( ترجمہ'' اے ابوبکر گویا میں نے تمہیں اور اپنے آپ کو ایک سیڑھی چڑھتے ہوئے دیکھا اور میں دو سیڑھیاں تم سے آگے نکل گیا'' تو حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا ''یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ آپکو اپنے جوار رحمت میں لے لیں گے اور میں آپ کے بعد ڈھائی سال تک زندہ رہوں گا''۔

اور یہ بھی روایت میں آتا ہے کہ آپؐ نے فرمایا کہ گویا کالی بکریاں میرے پیچھے آ رہی ہیں اور ان کے پیچھے سفید رنگ کی بکریاں ہیں تو حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا عرب آپکا تابع ہوگا اور عجم عرب کے تابع ہوگا۔

اور اسی طرح اللہ تعالیٰ نے حضرت یوسف علیہ السلام پر احسان جتلاتے ہوئے فرمایا ﴿ وَكَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ﴾ ترجمہ'' اور اسی طرح برگزیدہ کریگا تجھ کو تیرا رب اور سکھلائیگا تجھ کو ٹھکانے پر لگانا باتوں پر'' اسی طرح دوسری جگہ ارشاد فرمایا ہے ﴿ رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِيْ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ﴾ ''اے رب تو نے دی مجھ کو کچھ حکومت اور سکھایا مجھ کو کچھ پھیرانا باتوں کو'' دونوں جگہ تاویل الاحادیث سے مراد علم خواب ہی ہے۔ یہی وہ علم ہے جو ابتدائے عالم سے چلا آ رہا ہے اور حضرات انبیا کرام علیہم السلام اس علم پر عمل کرتے رہے ہیں اور ان کی نبوت کی وحی بذریعہ رویائے صالحہ ہوا کرتی تھی۔

آپ کی تشریف آوری سے پہلے علم تعبیر تمام علوم میں اشرف اور ارفع شمار ہوتا تھا۔ ان تمام دلائل کے باوجود ملحدین کی ایک جماعت نے یہ کہتے ہوئے رویا صالحہ کا انکار کیا ہے کہ خواب کا تعلق صرف طبائع انسانی کے غلبہ پر ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



چنانچہ اگر مزاج پر سوداء کا غلبہ ہو تو خواب میں قبور، خوفناک احوال واہوال دیکھے گا۔ اور اگر صفراء کا غلبہ ہو تو آگ، سفیدی، روشنی اور خون کا نظارہ کرے گا۔ اور اگر مزاج پر بلغم کا غلبہ ہو تو پانی انہار اور امواج کا مشاہدہ کرے گا، اگر نفس پر دم (خون) کا غلبہ ہو تو پینے والی چیزیں، ہوائیں، لہو ولعب کی اشیا ڈھول باجے وغیرہ نظر آئیں گے۔ اور ان کا کہنا ہے کہ بس یہی خواب ہے خواب کی اس کے علاوہ کوئی اور حقیقت نہیں حالانکہ ان سب کے علاوہ خواب کے اور بھی اسباب ہیں۔ بعض خواب شیطان کی تلبیس سے دیکھے جاتے ہیں اور بعض حدیثِ نفس کی وجہ سے نظر آتے ہیں ان سب کو آپس میں اختلاف کی وجہ سے اضغاثِ احلام کہتے ہیں۔ جو مشابہ ہیں اضغاثِ نبات کے، اضغاث نبات اس گٹھڑی کو کہتے ہیں جس میں زمین سے اٹھائی گئی چھوٹی و بڑی، سرخ، سفید، پیلی، خشک وتر مختلف قسم کی لکڑیاں موجود ہوتی ہیں اللہ تعالیٰ کے فرمان ﴿وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِهِ وَلَا تَحْنَثْ﴾ میں ضغثا سے یہی مراد ہے بعض علماء کا کہنا ہے کہ خواب کی تین قسمیں ہیں۔ پہلی قسم مبشرات ہے جو اللہ کی طرف سے دکھائے جاتے ہیں یہی وہ رویائے صالحہ ہیں جن کا تذکرہ حدیث پاک میں آیا ہے۔

دوسری قسم وہ ڈراؤنے خواب ہیں جو شیطان کے تصرف سے دیکھے جاتے ہیں۔ تیسری قسم وہ ہے جس میں انسان اپنے نفس سے ہمکلام ہوتا ہے، یعنی نفس انسان کی وجہ سے دیکھے جاتے ہیں۔

جہاں تک ان ڈراؤنے خوابوں کا تعلق ہے جو شیطان کی طرف منسوب ہیں ان کی کوئی تعبیر نہیں ہے اور نہ ہی ان کی کوئی حقیقت ہے چنانچہ حدیث شریف میں آتا ہے کہ ایک آدمی نے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ میں نے خواب میں دیکھا کہ گویا کہ میرا سر کٹ کر میرے آگے آگے جا رہا ہے اور میں اس کے پیچھے چل رہا ہوں تو نبی کریمؐ نے فرمایا (لاتحدث بتلاعب الشيطان بک في المنام) ترجمہ: ''ایسی بات کو بیان نہ کر جو شیطان تیرے ساتھ اٹھکھلیاں کرے نیند میں''۔

اور خواب کی وہ قسم جو نفس کی طرف منسوب ہے یہ ہے کہ مثلاً ایک آدمی کسی سے شدید محبت کرتا ہے یا کسی سے شدید خوف رکھتا ہے اور اسی کا خیال جمایا ہوا ہے تو خواب میں اسی شخص کو دیکھے گا، یا بھوک کی حالت میں سو گیا تو خواب میں اپنے آپ کو کچھ کھاتا ہوا دیکھے گا، یا پیٹ بھر کر کھایا ہو تو خواب میں اپنے آپ کو قے کرتا ہوا دیکھے گا۔ یا تیز دھوپ میں سو جائے تو خواب میں اپنے آپ کو آگ میں جلتا ہوا دیکھے گا، یا اس کے کسی عضو میں درد ہو تو خواب میں خود کو کسی عذاب میں مبتلا دیکھے گا۔

## وہ خواب جن کی تعبیر نہ ہو ان کی سات قسمیں ہیں

پہلی قسم: حدیث النفس، وھم، تمنی اور اضغاث۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دوسری قسم: احتلام ہے جس کی وجہ سے انسان پر غسل واجب ہو جاتا ہے۔
تیسری قسم: شیطان کی طرف سے دکھائے جانے والے ڈراؤنے خواب ہیں جو انسان کے لیے نقصان دہ نہیں ہوتے۔
چوتھی قسم: وہ ہے جو ساحر لوگ جنات اور انسانوں میں سے شیطان کی طرح تصرف کر کے دکھلاتے ہیں۔
پانچویں قسم: وہ جھوٹے خواب جو شیطانی تصرف سے ہوتے ہیں وہ رویا (خوابوں میں) میں شمار ہی نہیں کیے جاتے۔
چھٹی قسم: وہ خواب ہیں جو طبائع کے ایک دوسرے پر غلبہ کی صورت دیکھے جاتے ہیں۔
ساتویں قسم: بدنِ انسان میں درد کی صورت میں دیکھے جانے والے خواب ہیں۔

تمام خوابوں میں صحیح ترین خواب بشریٰ ہیں جو طبیعت میں سکون، لباس، پوشاک اور خوراک کے معیاری ہونے اور صحت مند ہونے کی صورت میں دیکھے جاتے ہیں یہ خواب اکثر سچے ہوتے ہیں اور اضغاث کم ہوتے ہیں۔

## اچھے خوابوں کی پانچ قسمیں ہیں

پہلی قسم وہ رؤیائے صادقہ ہیں جو روزِ روشن کی طرح واضح اور صریح ہوا کرتے ہیں۔ خوابوں کی یہ قسم جزءِ نبوت کہلاتی ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ﴿لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّؤْيَا بِالْحَقِّ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ﴾ ”اللہ نے سچ دکھلایا اپنے رسول کو خوابِ تحقیق کہ تم داخل ہو رہو گے مسجد حرام میں اگر اللہ نے چاہا آرام سے“

تفسیر: اس کی یہ ہے کہ جب حضور اقدس ؐ حدیبیہ تشریف لے جانے لگے تو آپ ؐ نے خواب دیکھا کہ آپ ﷺ اور آپ ؐ کے صحابہ امن کے ساتھ بلا خوف مکہ مکرمہ میں داخل ہو رہے ہیں اور بیت اللہ کا طواف کر رہے ہیں، اور قربانی کر رہے ہیں، بعض حلق اور بعض قصر کر رہے ہیں۔

اس خواب میں رسول اللہ ﷺ کو براہ راست بغیر اس فرشتہ کے جو خوابوں پر مامور ہیں بشارت دی گئی۔ یہ خواب اتنا واضح ہے کہ اس کی تعبیر و تفسیر کی چنداں ضرورت نہیں کیونکہ یہ خواب حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اس خواب کی طرح صریح ہے جسمیں آپ ؐ اپنے بیٹے کو ذبح کر رہے تھے، جسکا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے قرآن میں یوں بیان کیا ہے ﴿يٰبُنَيَّ اِنِّيْ اَرٰى فِي الْمَنَامِ اَنِّيْ اَذْبَحُكَ﴾ ”اے بیٹے میں دیکھتا ہوں خواب میں کہ تجھ کو ذبح کرتا ہوں بعض علماء نے کہا ہے ”طوبی لمن رئی الرویا الصریحة“ یعنی خوشخبری ہے ان لوگوں کے لئے جن کے خواب صریح ہوتے ہیں۔
خوشخبری کی وجہ یہ ہے کہ واضح خواب بلا واسطۂ ملائکہ مقررہ کے صرف اللہ کی طرف سے دکھائے جاتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



درمیان میں کسی فرشتہ وغیرہ کا واسطہ نہیں ہوتا۔

دوسری قسم: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: **خیر ما یری احد کم فی المنام ان یری ربّه او نبیّه اویری ابو یه مسلمین.** "تم میں سے ہر کسی کا وہ خواب سب سے بہتر ہے جو اپنے آپ کو یا اپنے نبیؐ کو دیکھے یا اپنے والدین کو حالت اسلام میں دیکھے"۔ حضرات صحابہؓ نے عرض کیا' کیا کوئی شخص اپنے رب کو دیکھ سکتا ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: (**السلطان' والسلطان هو الله تعالیٰ**)۔ ہاں بادشاہ اور بادشاہ کی تعبیر اللہ تعالیٰ ہے۔

تیسری قسم: رؤیائے صادقہ (سچے خوابوں) کی وہ ہے جو خوابوں پر مامور فرشتہ جس کا نام "صدیقون" اپنے اس علم کے ذریعے جو اللہ تعالیٰ نے لوح محفوظ کے نسخہ سے انہیں سکھایا ہے لوگوں کو دکھاتا ہے' اور اللہ تعالیٰ نے ان پر ہر چیز کی متعین صورت مثالیہ القاء کی ہے۔

چوتھی قسم: خواب از قبیل رموز (اشارات) ہیں' مثلاً ایک انسان خواب دیکھتا ہے کہ کوئی فرشتہ اس سے کہہ رہا ہے تمہاری بیوی تمہارے فلاں دوست کے ہاتھوں سے تمہیں زہر پلانا چاہتی ہے تو اس کی تعبیر یہ ہوگی کہ اس کا وہ دوست جس کے ہاتھوں اسے زہر پلا رہی تھی اس کی بیوی کے ساتھ زنا کرتا ہے۔ زہر کی تعبیر زنا سے اس لئے کی جاتی ہے کہ دونوں عمل پوشیدہ کئے جاتے ہیں۔

پانچویں قسم: خوابوں کی وہ ہے جو کسی شاہد کی وجہ سے درست و صحیح ہو سکتے ہیں اور جب شاہد اس پر غالب آجاتا ہے تو شر کو خیر اور خیر کو شر میں تبدیل کر دیتا ہے مثلاً کسی نے دیکھا گویا وہ مسجد میں ڈھول بجا رہا ہے۔ تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ منکرات اور فواحش سے تائب ہوگا اور اس کا تذکرہ پھیل جائے گا۔ دوسری مثال یہ ہے کہ کسی نے دیکھا کہ وہ حمام میں قرآن پڑھ رہا ہے یا وہاں ناچ رہا ہے تو تعبیر اس کی یہ ہے کہ وہ کوئی امرِ فاحش اور غلط کام کریگا اور اس میں مشہور ہوگا۔ اس لئے حمام پردہ کھل جانے کے مقامات میں سے ہے جہاں فرشتے داخل نہیں ہوتے اور مسجد ان مقامات میں سے ہے کہ جسمیں فرشتے داخل ہوتے ہیں۔

## کافر' بچے' حائضہ عورت اور جنبی کے خواب بھی صحیح ہو سکتے ہیں

اس لئے (یہ قرآن سے ثابت ہے) کہ کفار اور مجوس بھی سچے خواب دیکھتے ہیں۔ حالانکہ ان کے ہاں غسلِ جنابت وغیرہ کا تصور ہی نہیں ہے۔ کفار کے خواب سچے ہونے کی دلیل حضرت یوسفؑ کا وہ واقعہ ہے جس میں آپؑ نے عزیز مصر (جو کافر تھا) کے خواب کی تعبیر دی تھی کیونکہ وہ خواب سچا تھا۔ اسی طرح بچوں کے خواب بھی سچے ہو سکتے ہیں جیسا کہ یوسف علیہ السلام نے سات سال کی عمر میں خواب دیکھا تھا اور سچا ہوا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## خوابوں پر مامور فرشتے کے متعلق تفصیلات

حضرت دانیال علیہ السلام نے فرمایا اس فرشتے کا نام جو مامور رؤیا پر مقرر ہے ''صدیقون'' ہے۔ (اس کی قوت کا اندازہ اس سے لگا سکتے ہیں کہ) اس کے کانوں کے لو سے گردن تک سات سو سال کی مسافت ہے۔ وہی اشیاء کی صورت مثالیہ خیر ہو یا شر لوح محفوظ سے حاصل کر کے اللہ تعالیٰ کے نور کے ذریعے لوگوں کو دکھاتا ہے' اس سلسلے میں اس سے کوئی غلطی نہیں ہوتی اس فرشتے کی مثال سورج کی سی ہے کہ جب سورج کی روشنی کسی چیز پر پڑتی ہے تو انسان اس چیز کو دیکھ پاتا ہے' اس طرح یہ فرشتہ اللہ تعالیٰ کے نور کے ذریعے ہر چیز کی معرفت کراتا ہے' تمہاری رہنمائی کرتا ہے اور اس چیز کی تمہیں تعلیم دیتا ہے جو دنیا و آخرت میں خیر و شر کی صورت میں تمہیں پیش آنے والی ہے۔ اور اس چیز کی خوشخبری دیتا ہے جو پہلے کر چکے ہو یا آئندہ تم سے صادر ہونے والی ہے۔ اور تمہیں اس مصیبت سے ڈراتا اور تنبیہ کرتا ہے جس کے تم مرتکب ہو چکے ہو یا آئندہ ارتکاب کا ارادہ رکھتے ہو۔

## خواب دکھانے کی حکمت

خواب دکھانے کی حکمت یہ ہے کہ تعبیر کا ظہور اپنے وقت میں ہوگا لیکن اس کے متعلق پہلے ہی معلوم ہونے سے اگر ڈرانے والا خواب ہو تو کوئی غم نہ ہوگا اور اگر از قبیل مبشرات ہو تو بار بار خوشی ہوگی۔

## کس وقت کے خواب زیادہ سچے ہو سکتے ہیں

زیادہ تر رات کے آخری پہر میں دیکھے جانے والے خواب سچے ہوتے ہیں' اور دن میں دیکھے جانے والے خواب بھی سچے ہوتے ہیں۔ حضرت امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں (اصدقھا قیلولۃ) یعنی قیلولہ میں دیکھے جانے والے خواب زیادہ تر سچے ہوتے ہیں۔

## خواب کی حقیقت

بعض علماء تعبیر نے کہا ہے کہ انسان خوابوں کو روح کے ذریعے دیکھتا ہے اور عقل سے سمجھتا ہے۔ روح کا مستقر وسط قلب ہے اور قلب کا تعلق دماغ سے ہے' روح نفس کے ساتھ معلق ہے چنانچہ انسان جب سو جاتا ہے تو روح چراغ یا آفتاب کی طرح ممتد ہوتی ہے۔ اور اللہ کے نور اور ضیاء کی مدد سے فرشتے کی جانب سے دکھائے جانے والے خواب کو دیکھتی ہے اور واپس اپنے نفس کی طرف آنا ایسا ہے جیسا کہ سورج سے بادل چھٹ جائے اور بیداری کی صورت میں خواب میں دیکھا جانے والا واقعہ اسے یاد رہتا ہے۔

اور بعض کی رائے ہے کہ حسِ روحانی حسِ جسمانی کے مقابلے میں ارفع اور اشرف ہے اس لئے کہ حسِ روحانی سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



انسان آئندہ ہونے والی اشیاء کو دیکھتا ہے اور حس جسمانی سے جو سامنے موجود ہوں اسے دیکھتا ہے۔

## علاقے کی تبدیلی سے تعبیر بھی بدل جاتی ہے

ایک علاقے کی مٹی دوسری علاقے کی مٹی سے مختلف ہوتی ہے۔ ہوا' پانی اور مکان کے اختلاف سے بھی تعبیر بدل جاتی ہے۔ تمام معبرین علاقے اور طبائع کے مختلف ہونے کی صورت میں ایک ہی خواب کی تعبیر مختلف دیتے ہیں۔ مثلاً ایک آدمی کسی گرم علاقے میں برف' تیز ہوا یا سخت سردی دیکھتا ہے تو دلیل ہے گرانی اور قحط سالی کی۔ پھر اگر یہی شخص اسی خواب کو کسی ٹھنڈے علاقے میں دیکھے تو دلیل ہے خوشحالی اور وسعت مالی کی' اسی طرح خواب میں مٹی' کیچڑ وغیرہ دیکھنا اہل ہند کے لئے مال اور غیر اہل ھند کے لئے محنت و مصیبت کی دلیل ہے۔

اسی طرح خروجِ ریح کی تعبیر اہل ہند کے لئے سرور و خوشی اور ان کے غیر کے لئے کلام قبیح سے کی جاتی ہے۔

اسی طرح مچھلی دیکھنے کی تعبیر بعض علاقوں میں عفونت سے اور بعض علاقوں میں ایک سے چار تک نکاح کرنے سے کی جاتی ہے اور یہود کے لئے مصیبت سے معبر ہے۔

## بعض دفعہ خواب کی تعبیر دوسروں کے لئے ہوتی ہے

انسان بعض دفعہ دوسروں کے لئے بھی خواب دیکھتا ہے۔ مثلاً اپنے رشتہ داروں' اقارب' بھائی' والدہ' ہم شکل' ہم نام' ہم پیشہ' بیوی اور غلام وغیرہ کے لئے خواب دیکھتا ہے یعنی اس کی تعبیر دوسروں کے لئے دی جاتی ہے۔

جیسا کہ ابوجہل بن ہشام نے خواب دیکھا کہ گویا وہ اسلام میں داخل ہوا اور حضور ﷺ کے ہاتھ پر بیعت کی۔ تو یہ خواب اس کے بیٹے کے لئے تھا یعنی اس کا بیٹا بعد میں اس صفت سے متصف ہوا۔

اور اسی طرح امِ فضلؓ نے آپ ﷺ کی خدمت میں آ کر عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں نے ایک ڈراؤنا خواب دیکھا ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا ''خیرا رأیت'' ''خیر دیکھا''؟ تو ام فضل کہنے لگیں یا رسول اللہ میرے بدن کا کچھ حصہ جدا ہوا اور میں نے اس کو اپنی گود میں لے لیا۔ تو آپ ﷺ نے تبسم فرماتے ہوئے فرمایا' (**ستلد فاطمة غلاما وتأخذيه في حجرك**)

(ترجمہ۔ حضرت فاطمہ کے ہاں لڑکا ہوگا تم اس کو اپنی گود میں لوگی۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا ان کے چچازاد بھائی (علیؓ) سے فاطمہؓ کے ہاں حسنؓ پیدا ہوئے حضرت ام فضلؓ نے اس کو گود میں لیا)۔

## سچے خواب دیکھنے کا گر

جس کی یہ خواہش ہو کہ اس کے خواب سچے ہوں تو اس کو چاہیے کہ سچ بولنے کی عادت ڈالے ہمیشہ سچ بولے جھوٹ۔ غیبت اور چغلخوری سے اپنے آپ کو بچائے رکھے۔ لیکن اگر صاحب خواب خود تو جھوٹ بولتا ہے لیکن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دوسروں کے جھوٹ بولنے کو ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھتا ہے تو اس کے خواب بھی سچے ہو سکتے ہیں لیکن جو شخص خود جھوٹ بولنے کے ساتھ ساتھ دوسروں کے جھوٹ کو بھی ناپسند نہیں کرتا' تو اس کے خواب کبھی سچے نہیں ہو سکتے ہیں۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ باوضو سونے سے بھی خواب سچے ہوتے ہیں۔

اگر خواب دیکھنے والا پاکدامن وعفیف نہیں ہے تو ایسا شخص خواب تو دیکھے گا مگر یاد نہیں رکھ سکے گا۔ نیت کی کمزوری کثرتِ گناہ' غیبت اور چغلی کی وجہ سے خواب یاد نہیں رہتے۔

## آداب تعبیر

(۱) اگر معبرّ کے سامنے کوئی خواب سنائے تو اس کو یہ کہہ دے۔ اچھا خواب دیکھا ہے آپ خیر سے بہرہ مند ہوں گے اور شر سے بچ جائیں گے' الحمدللہ ہمارے لئے خیر ہوگا اور ہمارے دشمنوں کے لئے شر ہوگا اپنا خواب بیان کرو۔ (۲) خواب دیکھنے والے کے راز اور حقیر باتوں کو دوسروں کے سامنے بیان نہ کرے (۳) اس کی بات مکمل سنے۔ (۴) شریف اور خسیس کے درمیان تمیز کرے (۵) تعبیر بتانے میں جلد بازی سے کام نہ لے۔ جب تک خواب کو مکمل طور پر نہ سمجھے کہ خواب کس نوعیت کا ہے اور کس کے لئے ہے اس وقت تک تعبیر نہ بتائے (۶) معبر کا فن تعبیر الرویاء کا جاننے والا ہونا' ذہین وہوشیار' متقی' پرہیزگار اور خواہشِ نفسانی سے اپنے آپ کو بچانے والا ہونا۔ اور کتاب وسنت' لغت عرب اور امثال وغیرہ کا مکمل عالم ہونا ضروری ہے (۷) اوقات مکروہہ' طلوع آفتاب' زوال آفتاب اور غروب آفتاب کے وقت تعبیر نہ بتائے۔

(۸) اگر کوئی خواب سنانے والا جھوٹا ہو اور خواب عناد کی وجہ سے سنا رہا ہو تو اس کو بھی جواب دیئے بغیر نہ چھوڑے۔ اس لئے کہ اگر اس میں خیر ہوگی تو وہ معبر کی طرف لوٹا دی جائے گی اور اگر شر ہوگی تو اس کا وبال خواب سنانے والے کی گردن پر ہوگی' تو فائدہ معبر ہی کو ہوتا ہے جیسا کہ حضرت یوسف علیہ السلام سے قید خانے میں دو قیدیوں نے عناد کے طور پر خواب بیان کیے تھے۔ ایک نے خواب بیان کیا تھا کہ گویا میں انگور نچوڑ رہا ہوں دوسرے نے کہا تھا کہ گویا میں اپنے سر پر روٹیاں اٹھائے جا رہا ہوں اور پرندے اس سے کھا رہے ہیں تو حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا ﴿اَمَّا اَحَدُكُمَا فَيَسْقِىْ رَبَّهٗ خَمْرًا وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَيُصْلَبُ فَتَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ رَّاْسِهٖ قُضِىَ الْاَمْرُ الَّذِىْ فِيْهِ تَسْتَفْتِيٰنِ﴾ "ایک جو ہے تم دونوں میں شراب پلائے گا اپنے مالک کو اور دوسرا جو ہے سولی دیا جائیگا' پھر کھائیں گے جانور اس کے سر میں سے' فیصلہ ہوا وہ کام جس کی تحقیق تم چاہتے تھے (۹) اگر معبر اپنی دشمنی کی بنا پر خواب کی تعبیر غلط بتا دے تو اس کا وبال خود اسی پر ہوگا اگر اس میں خیر ہوئی تو وہ سائل کے لئے ہوگی۔

## خواب کس کے سامنے بیان کیا جائے

اپنا خواب کسی عالم یا کسی خیر خواہ آدمی کے سامنے بیان کرے کسی جاہل یا دشمن کو اپنا خواب نہ بتائے۔ خواب گویا پرندے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے پر کے ساتھ لگا ہوا۔ جب تک خواب کسی کو نہ بتایا جائے۔ اگر بیان کیا گیا' اور تعبیر سے اس کا تحقق ہو گیا تو گویا وہ واقع ہو گیا' کسی علاقے میں ماہر معبر کے ہوتے ہوئے کسی دوسرے معبر سے خواب بیان نہ کیا جائے جیسا کہ عزیز مصر نے اپنا خواب اپنے شہر کے معبرین سے بیان کیا تھا تو انہوں نے کہا کہ یہ اضغاث احلام ہے یعنی جھوٹے خواب' اس کی تعبیر نہیں ہے اور حضرت یوسف علیہ السلام سے خواب کی تعبیر پوچھی گئی تو انہوں نے اس کی تعبیر بتلائی' چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ اگر معبر پر تعبیر مشکل ہو جائے تو خواب معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ وہ صاحب خواب سے کہدے کہ وہ ہفتہ کی صبح باہر نکلے اور سب سے پہلے جس شخص سے ملاقات ہو اس کا نام دریافت کرے' اگر اس شخص کا نام انبیاء کرام علیہ السلام کے ناموں کی طرح اچھا نام ہے تو سمجھے کہ وہ خواب اچھا ہے ورنہ وہ اچھا نہیں۔

## خواب سمجھے بغیر تعبیر دینے اور جھوٹے خواب بیان کرنے پر وعید

معبر خواب سمجھے بغیر غلط تعبیر نہ بیان کرے حدیث میں اس پر وعید آئی ہے آپ ﷺ سے مروی ہے کہ: (من كذب في الرؤيا كلف يوم القيامة عقد شعيرتين ومن كذب على عينيه لا يجد راحة الجنة وان اعظم الفرية أن يفترى الرجل على عينيه يقول رأيت ولم ير شيئا) ''جو شخص جھوٹا خواب بیان کرے قیامت کے دن اس کو جَو کے دو دانوں کو گرہ لگانے پر مجبور کیا جائیگا' اور جو شخص اپنی آنکھوں کے بارے جھوٹ بولے تو جنت کی بو تک کو نہ پائے گا' سب سے بڑا بہتان جو انسان باندھتا ہے وہ اپنی آنکھوں پر باندھتا ہے کہ میں نے یہ خواب دیکھا ہے مگر دیکھا کچھ بھی نہیں''۔

بعض علماء تعبیر کا کہنا ہے من گھڑت خواب بیان کرنا دعوئ نبوت کے مترادف ہے اس لئے کہ خواب جزءِ نبوت میں سے ایک جزو ہے۔ اور جزو کا دعوی کرنے والا کل کا دعویدار شمار ہوگا۔

بعض علماء نے کہا ہے کہ پوچھے گئے خواب کی تعبیر صاحب رؤیا کے درجہ' مرتبہ' دین' علاقہ' زمانہ' اور سال کے موسموں کی رعایت کرتے ہوئے دینی چاہیے۔ اور خواب کی تعبیر ناموں کے اشتقاق اور الفاظ کے معانی کے اعتبار سے بھی دی جاتی ہے۔ اور خواب میں مردے کا کہا ہوا حق ہوتا ہے اس لئے کہ وہ دار الحق میں ہے۔ اسی طرح بہت چھوٹا بچہ خواب میں جو کلام کرے وہ بیداری میں ایسا ہی ہوگا۔ اسی طرح درندوں' پرندوں' اور چرندوں کے کلام کی تعبیر بھی وہی ہوگی جو وہ خواب میں کہے بیداری میں جھوٹ بولنے کے عادی لوگ مثلاً منجم اور کاہن وغیرہ اگر خواب میں بات کریں تو وہ جھوٹی ہوگی۔ اور جمادات وغیرہ کا کلام کرنا کوئی عجیب امر پیش آنے کی دلیل ہے اور کبھی خواب کی تعبیر ضرب المثل کے مطابق ہوتی ہے۔ مثلاً لفظ صائغ اس کی تعبیر جھوٹا آدمی ہے جھوٹ بولنے والے کے بارے میں ضرب المثل ہے فلان يصوغ الحديث یعنی فلان جھوٹ بولتا ہے۔ اسی طرح ہاتھ کا لمبا ہونا سخاوت سے معبر ہے اس لئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کہ سخی کے لئے عرب کہتے" ھو اطول یدا منک "ترجمہ: اس کا ہاتھ تم سے زیادہ لمبا ہے کبھی تعبیر بالضد بھی ہوتی ہے مثلا رونے کی تعبیر خوشی سے کرتے ہیں اور طاعون کی تعبیر جنگ سے اور جنگ کی تعبیر طاعون سے کرتے ہیں اسی طرح سیلاب کی تعبیر دشمن اور دشمن کی تعبیر سیلاب بتاتے ہیں۔

## تعبیر کا بہتر طریقہ

بہتر تعبیر وہ ہے جو قرآن یا حدیث کی مدد سے دی جائے مثلا کسی نے خود کو خواب مین سفینہ (کشتی) کے اندر دیکھا تو تعبیر قرآنی آیت کی مدد سے نجات سے دی جائے ﴿فانجیناہ و اصحاب السفینة﴾ ترجمہ: ہم نے نوح اور اہل کشتی کو نجات دی۔ اسی طرح کسی نے خود کو کنواں میں گرتا دیکھا تو یہ سازش کا شکار ہوگا۔ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے۔

## تعبیر کے اہم اصول

ہر چیز کی تعبیر اس کے جنس، نوع اور طبع کے مطابق ہوگی جنس، مثلاً درخت، درندہ، پرندہ یہ علیحدہ علیحدہ جنس ہے مگر ان سب کی تعبیر مرد ہے مگر جنس و نوع کے اختلاف سے اس آدمی کے صفات میں بھی اختلاف ہوگا مثلا کھجور کا درخت ہے اس کی تعبیر عربی مرد ہے اس لئے کھجور عرب کا درخت ہے اور پرندہ بھی مرد ہے اگر مور کے نوع سے ہو تو اس کی تعبیر عجمی مرد ہے، اور اگر شتر مرغ ہے تو اس کی تعبیر دیہاتی عربی شخص ہے۔ اور طبع یعنی جسمی ساخت کی نرمی سختی کے اعتبار سے تعبیر ہوگی۔ مثلاً اخروٹ کی تعبیر معاملہ میں خصومت و مناظرہ میں مشکلات پیش آنے سے دی جائے گی اور کھجور کی تعبیر زیادہ فائدہ بخش مرد ہے۔

اسی طرح مور کی تعبیر خوب صورت مالدار عجمی بادشاہ ہے اور کوّے کی تعبیر دھوکہ باز فاسق قسم کا آدمی ہے۔ خواب کی تعبیر سمجھنے کے اعتبار سے معبرین کے لئے بہت طریقے ہیں اس کی کوئی خاص تعداد مقرر نہیں بلکہ معبّر کی معرفت، مہارت، دیانت اور تعبیر کا دروازہ اس پر کھلنے سے زیادہ بھی ہو سکتے ہیں، اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں راہِ راست پر اس کو چلاتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب الالف

## اللہ

اللہ تعالیٰ وہ ذات پاک ہے جسکا کوئی مثل نہیں اور وہی ہر وقت دیکھنے اور سننے والا ہے۔
خواب میں اللہ کے دیدار کی مختلف تعبیریں انسان کے مختلف احوال کے اعتبار سے ہوسکتی ہیں۔
(۱) پس جو شخص اللہ تعالیٰ کا دیدار اس کے جاہ وجلال کے ساتھ بغیر کسی تشبیہ و تمثیل کے کرے تو یہ خیر کی دلیل ہے اور اس کے دین و آخرت کی سلامتی کی بشارت ہے۔ اگر دیدار الٰہی مذکورہ حالت کے خلاف کیا تو یہ اس کی خبس باطن پر دال ہے' خاص کر اس صورت میں کہ اللہ تعالیٰ اس سے کلام نہ کرے۔ (۲) اگر مریض حالتِ مرض میں دیکھے تو اس کا انتقال ہو جائیگا' اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام حق ہے اور موت بھی حق ہے۔ (۳) اور اگر راہ گم کردہ خواب میں اللہ کے دیدار سے مشرف ہو جائے تو راہ راست پائیگا اس لئے کہ اس نے حق کو دیکھا ہے۔ (۴) اور اگر مظلوم خواب میں دیکھے تو اپنے دشمنوں پر غلبہ حاصل کریگا۔ (۵) خواب میں کلام الٰہی بغیر تشبیہ کے سننا خواب دیکھنے والے کی گمراہی کی طرف مشیر ہے۔ (۶) اور بعض دفعہ اللہ تعالیٰ کا کلام سننا خوف سے امن اور اپنے مقصد کو پہنچنے پر دال ہے اور بسا اوقات اللہ تعالیٰ کو دیکھے بغیر پس پردہ کلام سننا رفع منزلت کی طرف مشیر ہوگا۔ بطور خاص اگر کلام وحی کی صورت میں ہو۔ اور بعض دفعہ یہی خواب' دیکھنے والے کے گمراہ اور بدعتی ہونے پر دال ہوگا۔ اور بعض دفعہ اسکی تعبیر اپنی حیثیت کے مطابق درجہ پانے سے کی جاتی ہے خصوصاً جب کہ خواب دیکھنے والے کے پاس اللہ کا پیغام رساں آجائے۔

کہا گیا ہے کہ اگر کوئی اللہ تعالیٰ کو ایسی حالت میں دیکھے کہ اس کی صفت اور تحدید بیان کی جاسکتی ہے' تو یہ شیطانی خواب شمار ہوگا' اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کو مخلوقات میں کسی بھی چیز سے تشبیہ نہیں دی جاسکتی۔

اگر کوئی شخص اللہ تعالیٰ کو کسی مکان میں ایسی صورت میں دیکھے کہ اس کی توصیف اور تعریف کی جاسکتی ہو تو دلیل ہے کہ دیکھنے والا ان لوگوں میں سے ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں اور اللہ کی طرف ایسی بات کو منسوب کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کی شایان شان نہیں۔ (۷) جس شخص نے اللہ تعالیٰ کو اپنے سے ہمکلام دیکھا اور اس میں اللہ تعالیٰ کی طرف دیکھنے کی طاقت بھی ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ رحمت کا معاملہ فرمائیں گے اور اپنی نعمت اس پر مکمل کریں گے۔ (۸) جس نے دیکھا کہ اللہ اس کی طرف نظر کر رہے ہیں تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی طرف نظرِ کرم فرمائیں گے۔ (۹) جس نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ کا اس پر نزول ہوا۔ اگر وہ وہاں نماز پڑھ رہا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ وہ رحمت خداوندی سے بہرہ ور ہوگا' اگر شہادت کا طالب ہے تو شہادت نصیب ہوگی۔ اور اپنے دنیاوی اور اخروی مقصد کو پائے گا۔ (۱۰) جس نے دیکھا گویا کہ اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ معانقہ کر رہا ہے یا اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کو یا اس کے کسی عضو کو بوسہ دے رہا تو دلیل کہ وہ اپنے مطلوبہ اجر کو پائے گا۔ (۱۱) اگر کسی نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے اسے متاع دنیا میں سے کچھ دیدیا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کو کوئی مصیبت یا بیماری لاحق ہو گی اور اس سے اس کا اجر و ثواب دو چند ہو گا اور شہرت ہو گی۔ (۱۲) اگر کسی نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ خواب میں اس سے مغفرت یا دخول جنت یا کسی اور چیز کا وعدہ کر رہے ہیں، تو دلیل ہے کہ وہ شخص ہمیشہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہیگا۔ اور اللہ کی طرف متوجہ رہے گا۔ (۱۳) اگر کسی نے خواب میں اللہ کو دیکھا مگر اس میں اللہ تعالیٰ کی طرف دیکھنے کی طاقت نہیں یا عرش یا اللہ کی کرسی کو اللہ کے بغیر دیکھ لے تو اس کی تعبیر ہے کہ وہ شخص نیک عمل کریگا۔ (۱۴) اگر کوئی خواب دیکھے گویا اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہے اور اس میں اللہ کی طرف دیکھنے کی قدرت بھی ہے یا اللہ تعالیٰ کو عرش یا کرسی کے ساتھ دیکھے تو دلیل ہے کہ اسے خیر حاصل ہو گی اور علم میں اضافہ ہو گا۔ (۱۵) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ اللہ تعالیٰ اس کو اپنی طرف بلا رہا ہے اور وہ دور بھاگ رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ خواب دیکھنے والا اگر عابد ہے تو عبادت واطاعت سے پھر جائے گا۔ اگر اس کا والد زندہ ہے تو وہ اس کا نافرمان ہو گا اور اگر خواب دیکھنے والا کسی کا غلام ہے تو وہ اپنے مالک سے بھاگ جائے گا۔ (۱۶) اگر کسی نے دیکھا گویا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے درمیان پردہ حائل ہے تو تعبیر یہ ہے کہ وہ گناہ کبیرہ میں مبتلا ہو گا اور گناہوں کا مرتکب ہو گا۔ (۱۷) اگر کسی نے خواب میں اللہ تعالیٰ کو ناراضگی اور غصہ کی حالت میں دیکھا یا اللہ تعالیٰ کے نور کو برداشت کرنے سے قاصر رہا یا خوف زدہ یا لرزہ براندام ہوا، یا اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں سے معافی، توبہ اور مغفرت کی درخواست کی تو یہ گناہوں کے ارتکاب، گناہ کبیرہ کے صدور اور بدعت واہوال کی دلیل ہے۔

(۱۸) اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اللہ اس سے کلام کر رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اللہ اس کو ڈرا رہے ہیں اور گناہوں سے اسے روک رہے ہیں۔ (۱۹) اگر کسی نے دیکھا کہ گویا اللہ اس کو حدیث بیان کر رہا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب تلاوت قرآن کثرت سے کریگا۔ (۲۰) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ اللہ تعالیٰ اس سے بات چیت کر رہے ہیں اور وہ اللہ کے کلام کو سمجھ رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ کوئی بادشاہ یا حاکم اس سے کلام کریگا۔ اور اگر اللہ کے کلام کو نہیں سمجھ رہا تو تعبیر اس کے مطابق ہو گی۔ (۲۱) اگر کسی نے خواب میں اللہ تعالیٰ کو اپنے سر پر دست مبارک رکھے دیکھا تو تعبیر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو اپنے مخصوص بندوں میں شامل کر کے اپنا مقرب بنائے گا، لیکن مصائب مرتے دم تک اس سے نہیں ہٹائے گا۔ (۲۲) اگر کسی نے اللہ تعالیٰ کو اپنے والد، بھائی، کسی رشتہ دار کی صورت میں اپنے ساتھ مہربانی کرتے ہوئے دیکھا تو تعبیر یہ ہے کہ اس کو کوئی ایسی مصیبت لاحق ہو گی جس پر اللہ تعالیٰ اس کے لئے اجر عظیم عطا کریگا۔ (۲۳) اگر خواب میں اللہ تعالیٰ کو کسی مقام یا کسی گھر میں ظہور فرماتا ہوا دیکھے یا کسی جگہ شہر یا مکان میں نازل ہوتا ہوا دیکھے تو تعبیر اس کی یہ ہے کہ وہ علاقے، مکان اور جگہیں عدل سے معمور ہوں گی، اللہ تعالیٰ کے حکم سے خوشحالی اور خیر و برکت کی بہتات ہو گی۔ (۲۴) اللہ تعالیٰ کا ناراضگی کی حالت میں ظہور ہونا اس علاقے کے لئے بربادی، اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اہلِ علاقہ کے لئے ہلاکت' مصائب و آلام و امراضِ مختلفہ میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔(۲۵) اگر کسی نے خواب میں اللہ تعالیٰ کو کسی غمزدہ' محبوس و مقید شخص کے پاس دیکھا تو یہ اس شخصِ مکروب ومحبوس کے لئے نجات کی علامت ہے۔(۲۶) اگر کسی نے اپنے آپ کو خواب میں اللہ تعالیٰ کو گالی دیتا ہوا دیکھا (نعوذ باللہ منہ) تو اس شخص کے ناشکرا ہونے اور اللہ تعالیٰ کی تقسیم سے ناراض ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۲۷) اگر کسی نے خواب دیکھا گویا وہ اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑا ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف دیکھ رہا ہے اور دیکھنے والا نیکوکار اور صالح ہے تو یہ خواب اس کے لئے رحمت کا باعث ہے اور اگر مذکورہ صفت سے متصف نہیں ہے تو اس کو ڈرنا چاہئیے اور اپنی حالت کو درست کرنا چاہیے۔(۲۸) اگر کسی نے اپنے آپ کو خواب میں اللہ تعالیٰ سے سرگوشی کرتے ہوئے دیکھا تو یہ اللہ کے ہاں اسکے مقرب ہونے کی دلیل ہے جیسا کہ خواب میں اللہ تعالیٰ کے سامنے سجدہ ریز ہونا مقربِ الٰہی ہونے کی علامت ہے۔(۲۹) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ گویا وہ اللہ تعالیٰ سے پس پردہ بات چیت کر رہا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کا دین اچھا ہوگا۔ اگر اس کے پاس کسی کی امانت ہے تو اس کو ادا کریگا اور اگر حکومت ہے تو وہ مضبوط ہو جائیگی' اور اگر بغیر حجاب کے اللہ سے بات کر رہا تو اس کے دین کے نقصان کی دلیل ہے اور اگر اللہ تعالیٰ خواب میں اسے کچھ پہنا دیں تو یہ زندگی بھر غم' بیماری و تکلیف پہنچنے کی دلیل ہے۔ مگر اس مصیبت و مرض کی وجہ سے اجرِ عظیم اسکو ملے گا۔(۳۰) اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ گویا اللہ تعالیٰ اس کو اس کے نام یا اور کسی نام کے ساتھ موسوم کر رہے ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اپنے معاملے میں کامیاب ہوگا اور دشمنوں پر غلبہ پائے گا۔

(۳۱) اگر کسی نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ اس سے ناراض ہیں تو یہ والدین کی ناراضگی کی علامت ہے اور یہ دیکھے گویا اس کے والدین اس سے ناراض ہیں تو یہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کی دلیل ہے۔(۳۲) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ اللہ تعالیٰ اس پر غضبناک ہیں تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ کسی اونچے مکان سے گرے گا۔(۳۳) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ کسی دیوار مکان یا پہاڑ سے گر گیا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس شخص سے ناراض ہے۔ (۳۴) اگر کسی جگہ صورت (مورت) دیکھے اور اس سے کہا جائے کہ یہ تمہارا معبود ہے اور وہ اس کو معبود سمجھ کر اس کی عبادت بھی کرے اور اس کے سامنے سجدہ ریز ہو تو یہ دلیل ہے کہ وہ کسی باطل کام میں منہمک ہے اور اپنی دانست میں اس کو حق سمجھ رہا ہے۔(۳۵) اگر کسی نے اللہ تعالیٰ کو کسی مقام میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھا تو یہ اس مقام یا جگہ کے لیے رحمت خداوندی کی آمد کی دلیل ہے۔(۳۶) اگر کسی نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ اس کی تقبیل فرما رہے ہیں اور خواب دیکھنے والا صاحب خیر اور صالح ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت' تلاوت کلام پاک یا تدریس قرآن کریم سے بہرہ مند ہوگا اگر خواب دیکھنے والا مذکورہ صفت سے عاری ہے تو یہ اس کے گمراہ اور بدعتی ہونے کی دلیل ہے۔(۳۷) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ اللہ تعالیٰ اس کو آواز دے رہے ہیں اور وہ اس کا جواب دے رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ یہ شخص

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



انشاءاللہ حج بیت اللہ سے سرفراز ہوگا۔(۳۸) کسی مکانِ مخصوص میں اللہ کا تجلی فرمانا اگر وہ مکان خراب ہو تو اس مکان کی آبادی کی دلیل ہے' اور اگر وہ پہلے سے آباد ہو تو اس کی خرابی کی دلیل ہے۔ اگر اس مکان کے مکین ظلم کرنے والے ہیں تو ان کے لیے سزا کی دلیل ہے اور اگر مظلوم ہیں تو ان کے ساتھ عدل وانصاف کی علامت ہے۔(۳۹) بسا اوقات کسی مکان مخصوص میں اللہ تعالیٰ کو تجلی فرماتے ہوئے دیکھنا کسی ملک عظیم میں ہونے کی علامت ہے یا پھر اس بات کی دلیل ہے کہ اس کا معاملہ کسی ظالم کے ہاتھ میں ہوگا یا اس مکان میں ایک ایسا عالم پیدا ہوگا جو دوسروں کو فائدہ پہنچائے گا یا اس میں حکیم حاذق پیدا ہوگا جو معالجے میں ماہر ہوگا۔(۴۰) خواب میں اللہ تعالیٰ سے ڈرنا اطمینان وسکون' غناء' و رزقِ واسع کی دلیل ہے۔(۴۱) اگر کوئی شخص خود کو خدا بنا دیکھے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ آدمی صراط مستقیم پر چلے گا۔(۴۲) اگر کسی نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ اس کو ڈانٹ رہے ہیں اور دھمکا رہے ہیں تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ شخص گناہ کا مرتکب ہوگا۔

## استعاذہ (اعوذ باللہ پڑھنا)

کوئی شخص خود کو خواب میں "اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ" کثرت سے پڑھتا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ علمِ نافع اور ہدایت کی دولت سے مالا مال ہوگا دشمن سے مامون اور مالی لحاظ سے مستحکم ہوگا' اگر مریض "اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ" کا ورد کرتا ہوا اپنے آپ کو دیکھے تو یہ مرض سے صحت یاب ہونے کی دلیل ہے بسا اوقات خواب میں اعوذ باللہ کے ورد کی تعبیر شریکِ کار کی خیانت سے مامون ہونے' نجاست سے پاکی اور کفر سے اسلام کی طرف آنے سے تعبیر کی جاتی ہے۔

## آیات القرآن

خواب میں مردے کو آیت رحمت پڑھتے ہوئے دیکھنا اس مردے پر رحمت کی دلیل ہے اور آیت عذاب پڑھتے ہوئے دیکھنا عذاب کی علامت ہے اور آیات انذار پڑھتے ہوئے دیکھنا خواب دیکھنے والے کو ناجائز کام سے ڈرانے کی دلیل ہے اور آیت تبشیر پڑھتے ہوئے دیکھنا اس کے لیے خوشخبری کی طرف اشارہ ہے خواب میں آیت عذاب پڑھتے ہوئے الفاظ عذاب کی ادائیگی کا دشوار ہونا خوشی ملنے کی دلیل ہے اور آیت عذاب پڑھتے ہوئے آیت رحمت تک پہنچ کر نہ پڑھ سکنا سابقہ مصیبت وبلا کے باقی رہنے کی دلیل ہے۔

## انجیل

(۱) اگر کوئی مسلمان خواب میں اپنے پاس انجیل دیکھے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ شخص عبادت کے لیے تنہائی اختیار کرے گا اور دنیا سے کنارہ کش ہوگا' سیاحت اور ریاضت پر' انقطاع وعزلت کو ترجیح دیگا۔(۲) صاحب خواب اگر بادشاہ ہے تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اپنے دشمنوں پر غالب آجائے گا۔ (۳) بسا اوقات خواب میں انجیل دیکھنے کی تعبیر جھوٹ' بہتان یا پاک دامن عورتوں پر تہمت لگانے سے کی جاتی ہے۔ (۴) اور بعض مرتبہ مخاصمت میں کامیابی سے کی جاتی ہے۔ (۵) اگر خواب دیکھنے والا کسی معاملے کا گواہ ہے تو جھوٹ بولے گا یا فضول بات کہے گا۔ (۶) اور اگر مریض ہو تو مرض سے صحت یاب ہو گا بعض مرتبہ خواب میں انجیل دیکھنے کی تعبیر علم الہندسہ سے یا علماء سے کی جاتی ہے بعض دفعہ خواب میں انجیل دیکھنے سے کتاب' مصورین' گانا بجانے والے عیاش لوگوں کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔

## اسرافیل علیہ السلام

(۱) اگر کوئی شخص خواب میں حضرت اسرافیل علیہ السلام کو صور پھونکتے ہوئے دیکھے اور یہ خیال کرے کہ اس کے علاوہ کسی نے نہیں سنا تو تعبیر ہے کہ وہ شخص مر جائے گا۔ (۲) اگر خواب دیکھنے والے کی دانست کے مطابق اس کے علاوہ دوسرے لوگوں نے بھی صور کی آواز سنی تو دلیل ہے کہ اس علاقے میں اموات کثرت سے ظاہر ہوں گی۔ بعض معبرین نے کہا ہے کہ ایسا خواب ظلم پھیلنے کے بعد عدل اور ظالموں کی ہلاکت پر دلالت کرتا ہے۔ خواب میں اسرافیل علیہ السلام کا دیدار مندرجہ ذیل چیزوں پر بھی دلالت کرتا ہے۔ فوج کو تیار کرنا' سفر کی تیاری کرنا' محنت و مشقت' جزع و فزع' اشیاء کے ضیاع (ادائیگی دیون) اعمال کا بدلہ' اسقاط حمل۔

حضرت اسرافیل علیہ السلام کو دیکھنا بے آباد گھر کی آبادی پر دلالت کرتا ہے۔ بعض علماءِ معبرین نے لکھا ہے نفخۂ اولیٰ وباء امراض پر اور نفخۂ ثانیہ کا دیکھنا زندگی اور رفع طاعون وغیرہ پر دلالت کرتا ہے۔

## آدم علیہ السلام

(۱) اگر کسی نے خواب میں حضرت آدم علیہ السلام کو دیکھا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ خواب دیکھنے والے سے کوئی گناہ سرزد ہوا ہے اس سے توبہ کرنی چاہیے۔ (۲) بعض مرتبہ خواب میں حضرت آدم علیہ السلام کو دیکھنا بادشاہت یا علم پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) خواب میں خود کو حضرت آدم علیہ السلام کو ذبح کرتے دیکھنا بادشاہ کے ساتھ غدر کرنے کی یا استاذ یا والدین کی نافرمانی کی دلیل ہے۔ (۴) اگر کسی نے آدم علیہ السلام کو خاص ہیئت میں دیکھا اور خواب دیکھنے والا صالح بھی ہے تو تعبیر یہ ہے کہ ولایت کی دولت سے سرفراز ہو گا۔ (۵) اگر کسی نے دیکھا کہ گویا وہ حضرت آدم علیہ السلام سے کلام کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ علم کے زیور سے آراستہ ہو گا۔ (۶) بعض علماء تعبیر نے کہا ہے بعض دفعہ آدم علیہ السلام کو دیکھنا کسی دشمن کے دامِ فریب میں آنے کے بعد پھر اس سے نجات پانے کی طرف مشیر ہے۔ (۷) اگر کسی نے خواب میں آدم علیہ السلام کو رنگ اور حالت کے متغیر ہونے کی صورت میں دیکھا تو دلیل ہے کہ خواب دیکھنے والا ایک مکان سے دوسرے مکان کی طرف منتقل ہو گا پھر اخیر میں پہلے والے مکان میں دوبارہ منتقل ہو گا۔ (۸) اگر کوئی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شخص خواب میں خود کو آدم علیہ السلام بنتا ہوا یا آدم علیہ السلام کی ساتھی بنتا ہوا یا آدم علیہ السلام کا صفت سے متصف ہوتا ہوا دیکھے تو اس کی تعبیر یوں ہے کہ صاحب خواب اگر خلافت کا اہل ہے تو خلافت پائے گا' اور اگر عالم ہے تو لوگ اس کے علم سے بھرپور فائدہ اٹھائیں گے' یا اس کو ایسا علم نصیب ہوگا جس کی لوگوں میں کوئی برابری نہیں کر سکے گا۔

(۹) بعض دفعہ خواب میں حضرت آدم علیہ السلام کا دیدار خوابوں کی تعبیر کرنے والے پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ دنیا میں سب سے پہلے خواب دیکھنے والے اور اس کی تعبیر کرنے والے حضرت آدم علیہ السلام ہی ہیں۔ (۱۰) بعض مرتبہ خواب میں دیدار آدمؑ حج اور احباب کے اجتماع کی دلیل ہے۔ (۱۱) بعض مرتبہ آدم علیہ السلام کو خواب میں دیکھنا کثرت نسل پر دلالت کریگا۔ (۱۲) بعض مرتبہ ان کو دیکھنے سے نسیان کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۱۳) بسا اوقات آدم کو دیکھنے کی تعبیر' حیلہ و مکر سے کی جاتی ہے یا دلی دشمن سے ایسے شخص کے ساتھ زندگی گذارنے سے جو معالج حیات' یا زہر ساز یا جنات و شیاطین کو حاضر کرنے اور ان کی زبان بولنے والا ہو۔

(۱۴) بسا اوقات آدم علیہ السلام کو خواب میں دیکھنا کھردرے لباس اور رونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۵) بعض وقت ان کو دیکھنا کھانے کے سبب تکلیف میں مبتلا ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۶) بعض مرتبہ اس کی تعبیر مطلق سفر سے اور کبھی اس جانب سفر سے جہاں حضرت آدم علیہ السلام کا نزول ہوا تھا کی جاتی ہے۔ (۱۷) اور بعض دفعہ دیدار آدم علیہ السلام کی تعبیر اولاد نرینہ کی کثرت سے کی جاتی ہے۔ (۱۸) اگر خواب دیکھنے والا مریض ہو تو آدمؑ کا دیدار اس مرض سے شفاء کی دلیل ہے اور بعض دفعہ خدام سے اور بعض مرتبہ بادشاہ کے مطیع ہونے سے بھی تعبیر کی جاتی ہے۔ (۱۹) اگر کسی نے خواب میں آدم علیہ السلام کو ناقص الحال دیکھا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ دیکھنے والے کے حال میں نقص پیدا ہوگا یا اس کی صنعت و پیشہ میں تبدیلی آئے گی اور اگر آدم علیہ السلام کو اچھی حالت میں دیکھے تو اس کی حالت بھی اچھی ہوگی۔

## ادریس علیہ السلام

(۱) حضرت ادریس علیہ السلام کو خواب میں دیکھنے والا التقوٰی کی وجہ سے معزز ہوگا۔ اس کے لئے خیر کا فیصلہ ہوگا عبادت میں مجاہدہ کرنے والا' صاحبِ بصیرت' بردبار عالم ہوگا۔ (۲) اگر کسی نے خواب میں خود کو ادریس علیہ السلام بنتا ہوا یا ان کی صفت سے متصف ہوتا ہوا دیکھا تو تعبیر ہے کہ اس کا علم بڑھے گا' اور اس کو اکابر سے تقرب حاصل ہوگا اور بلند مرتبہ پر فائز ہوگا۔ (۳) ادریس علیہ السلام کو ناقص حالت میں دیکھنا صاحب خواب کے نقص حال کی دلیل ہے۔

## ابراھیم علیہ السلام

(۱) خواب میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا دیدار خیر و برکت' عبادت و بزرگی' رزق ایثار' مقامات مقدسہ کی تعمیر کا اہتمام' اولاد صالح' امر بالمعروف نہی عن المنکر' علم' ہدایت' اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں رشتہ داروں اور اہل عیال کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



چھوڑنے پر دلالت کرتا ہے۔ اسی طرح ابراہیم علیہ السلام کو خواب میں دیکھنا والد شفیق ہونے پر دلالت کرتا ہے اس لئے وہ ابوالاسلام ہیں انہوں نے ہمیں مسلم کے نام سے موسوم کیا۔ (۲) بعض مرتبہ ابراہیم علیہ السلام کی رؤیت شدائد میں مبتلا ہونے کے بعد اس سے نجات ملنے پر دلالت کرتی ہے۔ (۳) بعض مرتبہ ابراہیم علیہ السلام کو دیکھنا رشتہ داروں کے درمیان اصلاح کا مشکل ہونا یا خیر کے توقع رکھنے والے کے لئے خیر کے مشکل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ اگر خواب دیکھنے والا نجوم کا علم رکھتا ہو یا تعبیر الرؤیا کا عالم ہو تو اس کی تعبیر اور پیشگوئی میں خلل و غلطی کا وقوع ہوگا۔ (۴) بعض مرتبہ ابراہیم علیہ السلام کی خواب میں رؤیت نیکی کی طرف رہنمائی، نیکی پر مداومت وحفاظت اور برادران بدخواہ سے دوری پر دلالت کرتی ہے۔ (۵) کسی وقت ابراہیم علیہ السلام کو اس حال میں دیکھنا کہ وہ خواب دیکھنے والے کو چھوڑ رہے ہیں تو یہ محبت الٰہی کی دلیل ہے۔ اگر کسی کے اعضاء میں سے کسی عضو میں تکلیف ہو اور وہ خواب میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اسے مس کرتے ہوئے دیکھے تو اس کی شفاء اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے عافیت کی دلیل ہے۔ (۶) اس طرح ابراہیم علیہ السلام کی رؤیت حج بیت اللہ نصیب ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۷) اگر کوئی عورت خواب میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دیکھے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کی اولاد کی وجہ سے اس کا شوہر اُسے تکلیف پہنچائے گا، یا اس کی بعض اولاد تکلیف میں مبتلا ہوگی اور پھر اسے نجات مل جائے گی۔ (۸) ابراہیم علیہ السلام کو دیکھنے کی تعبیر یہ ہے کہ صاحبِ خواب کے بیٹوں میں سے کوئی ایک اپنی بیوی کو طلاق دیگا۔

(۹) اگر کسی نے دیکھا کہ گویا وہ ابراہیم علیہ السلام بن گیا یا ان کا مصاحب ہوا تو دلیل ہے دشمنوں کی طرف سے تکلیف پہنچنے اور پھر دشمنوں کے مقابلے میں کامیاب ومنصور ہونے کی۔ (۱۰) کبھی کبھی ابراہیم علیہ السلام کے خواب میں دیدار کی تعبیر ولایت، امام عادل ہونے یا اس قسم کے لوگوں کی ہمنشینی سے کی جاتی ہے، اور بعض مرتبہ بڑوں کی طرف سے کوئی خوشخبری پہنچانے والے سے تعبیر کی جاتی ہے۔ (۱۱) کسی نے ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا تو تعبیر ہے کہ صاحب خواب اپنے دشمنوں کے مقابلے میں کامیاب ہوگا، کبھی اس کی دلالت امامت وحکومت پر فائز ہو کر عدل وانصاف کرنے پر ہوتی ہے یا پھر تعبیر یہ ہوتی ہے کہ اس صفت سے متصف شخص کا مصاحب ہوگا یا اس کو ناامیدی کے بعد رزق عطا کیا جائے گا۔ کبھی بڑوں کی طرف سے پیغام رساں آنے کی علامت سمجھی جاتی ہے۔ یا دلیل ہے کہ زوجہ مؤمنہ نصیب ہوگی اور حکومتِ وقت سے تکلیف پہنچے گی لیکن اس سے جلد نجات ملے گی۔ (۱۲) اگر کسی نے دیکھا کہ گویا ابراہیم علیہ السلام اس کو اپنی طرف بلا رہے ہیں اور وہ اس کا جواب تلبیہ کی صورت میں دے کر تیزی سے ان کی طرف جا رہا ہے تو تعبیر یہ ہے صاحب خواب کا مرتبہ بلند ہوگا۔ (۱۳) اگر کسی نے دیکھا کہ ابراہیم علیہ السلام اسے آواز دے رہے ہیں اور یہ اس کا جواب نہیں دے رہا۔ یا دیکھا کہ ابراہیم علیہ السلام اسے ڈانٹ رہے ہیں اور دھمکا رہے ہیں یا ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا کہ وہ ناراض ہیں تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ حج کی طاقت رکھتے ہوئے بھی حج نہیں کر سکے گا یا نماز چھوڑ دیگا، یا امام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کو برا بھلا کہے گا یا منافق ہو جائے گا۔ (۱۴) اگر کسی کافر نے ابراہیم علیہ السلام کی خواب میں زیارت کی تو یہ دلیل ہے اس کے مسلمان ہونے کی، اگر گناہ گار زیارت کرے تو گناہوں سے تائب ہوگا، اور تارک الصلوٰۃ کا زیارت کرنا محافظتِ صلوٰۃ کی دلیل ہے۔ (۱۵) اگر کسی کی صورت ابراہیم علیہ السلام کی صورت کی طرح ہوگئی یا ان کے لباس کو زیب تن کیا تو تعبیر یہ ہے کہ اس کو کسی مصیبت و بلا سے سابقہ پڑے گا۔ (۱۶) بعض دفعہ ابراہیم علیہ السلام کی رؤیت غم، وہم دور ہونے، خیر نصیب ہونے، وسعت دنیاوی اور ہدایت یافتہ ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۷) بعض علماء تعبیر نے کہا ہے کہ ابراہیم علیہ السلام کو دیکھنا (گناہ گار) والد کی نافرمانی کی علامت ہوتی ہے۔

## اسحٰق علیہ السلام

(۱) خواب میں اسحٰق علیہ السلام کی زیارت غم و تکلیف کی علامت ہے۔ لیکن اگر اس کا بیٹا ہے تو اس کو عاق کرنے پھر اس کے مطیع ہونے کی دلیل ہے۔ (۲) کبھی ان کا دیدار کرنا بشارت اور خوف سے مأمون ہونے کی دلیل ہوتی ہے۔ (۳) بعض علماء تعبیر نے کہا ہے کہ اسحٰق علیہ السلام کی رؤیت کی تعبیر رشتہ داروں کی طرف سے تکلیف پہنچنے اور پھر اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس تکلیف کے رفع ہونے سے کی جاتی ہے۔ (۴) اگر کسی نے حضرت اسحٰق علیہ السلام کی زیارت ان کے حسن جمال اور انتہائی اچھی حالت میں کی تو اس کی تعبیر یہ ہے، رزق، عزت و شرف و بشارت کی دولت سے مالا مال ہوگا، اور اس کی نسل سے بہت سے بادشاہ، رؤسا اور صالح لوگ پیدا ہوں گے، اور اگر ان کی زیارت اچھی حالت میں نہیں کی تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب کی بینائی ختم ہو جائیگی۔ (۵) کبھی ان کی رؤیت کی تعبیر غم سے خوشی کی طرف، تنگی سے وسعت کی طرف، معصیت سے طاعت کی طرف اور نافرمانی سے فرمانبرداری کی طرف رجوع سے کی جاتی ہے۔ (۶) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کی شکل وصورت حضرت اسحٰق علیہ السلام جیسی ہوگئی، یا ان کا لباس پہن لیا تو تعبیر یہ ہے کہ صاحبِ خواب موت کے دہانے میں پہنچ جائے گا۔ اور اس سے نجات ملے گی۔

## اسمٰعیل علیہ السلام

(۱) اگر کسی نے اسمٰعیل علیہ السلام کی خواب میں زیارت کی تو اسے فصاحت و ریاست نصیب ہوگی اور اللہ تعالیٰ کے لئے مسجد تعمیر کرنے کی توفیق نصیب ہوگی۔ (۲) کبھی ان کی زیارت صاحب خواب سے کئے گئے وعدے کے پورے ہونے کی علامت ہوتی ہے۔ (۳) بعض علماء تعبیر کی رائے ہے کہ اسمٰعیل علیہ السلام کی زیارت سیادت و سیاحت، تعمیر مسجد میں کسی کی طرف سے مدد کی دلیل ہے۔ (۴) بعض علماء کہتے ہیں کہ اسمٰعیل علیہ السلام کی رؤیت والد کی طرف سے غم پہنچنے اور پھر اس سے خلاصی کی علامت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ایوب علیہ السلام

(۱) ان کی رؤیت آزمائش مال، ازواج اور اولاد کا فقدان اور ان مصائب پر صبر کی علامت ہے کبھی ان کی رؤیت قسم کے سلسلے میں کسی عالم کی ضرورت کی دلیل ہے خواب میں ان کی زیارت کرنے والا اگر مریض ہو تو مرض سے شفا پائے گا کبھی ان کا دیدار اپنے مقصود کو پانے اور دعا قبول ہونے کی بشارت ہے۔ (۲) جس نے خواب میں ان کا لباس زیب تن کیا تو آزمائش تکالیف دوستوں سے جدائی اور کثرت مرض میں مبتلا ہو کر ان تمام تکالیف سے خلاصی ہوگی اور بڑوں کا منظور نظر ہوگا۔ (۳) عورت اگر خواب میں حضرت ایوب علیہ السلام کی بیوی کو دیکھے تو یہ اس کے مال کے سلب ہونے اور حالت کے ظاہر ہونے اور انجام کار درست ہونے کی دلیل ہے اور مریض اگر ان کی زیارت کرے تو اس کے مرنے اور عنداللہ مرحوم ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

## ارمیاء علیہ السلام

کسی علاقے میں ان کو دیکھنا اس علاقے میں آگ لگنے کی دلیل ہے۔

## صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین

(۱) ان کو اچھی حالت میں دیکھنا عقیدہ کے درست ہونے اور ان کے طریقوں پر چلنے پر دلالت کرتا ہے اور کبھی ان کی رؤیت فوج کے حرکت میں آنے اور فوجی دستہ روانہ کرنے پر دلالت کرتی ہے اور کبھی علم اور امر بالمعروف ونہی عن المنکر کے عام ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے کبھی صحابہؓ کو دیکھنا آپس میں الفت ومحبت، بھائی چارہ، ایک دوسرے کی مدد، دشمنی سے سلامتی، دل سے کھوٹ کے ختم ہونے پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ حضرات صحابہ کرامؓ ان ہی صفات سے متصف تھے اگر صاحب خواب فقیر ہو تو مالدار ہوگا اس لئے کہ حضرات صحابہؓ نے فتوحات اور غنائم حاصل کئے تھے اگر مالدار ہو تو آخرت کو دنیا پر ترجیح دے گا اور اپنی جان ومال کو اللہ کی رضامندی میں صرف کرے گا۔ (۲) خواب میں اگر کسی کی طرف حضرات صحابہؓ متوجہ ہوں تو مقامات مقدسہ کی زیارت کی دلیل ہے۔ (۳) اور صحابہؓ کا خواب میں کسی سے اعراض کرنا یا صاحب خواب کو گالی دینا مشاجرات صحابہؓ میں کلام کرنے اور ان کے ساتھ بغض رکھنے کی طرف اشارہ ہے۔

اور ان کی رؤیت توبہ کرنے اور برائی کے ختم ہونے اور غیر اللہ کو دل سے نکالنے کی بشارت ہے۔ اور ان کی رؤیت حضرات صحابہؓ کی صفات سے متصف اور ان کے طریقوں پر چلنے پر دلالت کرتی ہے۔ (۴) کسی خاص صحابی کو دیکھنا اس صحابیؓ کے زمانے میں جو فتنہ و آزمائش آئے تھے اس میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔ (۵) کسی نے خواب دیکھا کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گویا اس کا حشر حضرت صحابہؓ کے ساتھ ہوا تو دلیل ہے وہ دین میں استقامت کا طالب ہے کبھی کسی خاص صحابی کو دیکھنا ان کے نام کے اشتقاق کے اعتبار سے تعبیر ہوگی مثلاً سعد، سعید وغیرہ جن کا معنی نیک بختی ہے تو صاحب خواب بھی نیک ہوگا۔(۶) صحابہ کو زندہ دیکھنا دینی پختگی کی بشارت ہے اور دلیل ہے صاحب خواب عزت وشرف پائے گا اپنے معاملے پر مکمل حاوی ہوگا۔(۷) خود کو صحابہ میں سے کسی ایک کی طرح ہوتا دیکھنا آزمائش میں مبتلا ہونے کے بعد کامیاب ہونے کی دلیل ہے۔خواب میں بار بار صحابہ کی زیارت کرنا تنگی معیشت کی علامت ہے۔(۸) انصار صحابہؓ یا ان کی اولاد کو دیکھنا توبہ و مغفرت اور حضرات مہاجرین کو دیکھنا حسنِ یقین، یقین باللہ، دنیا کو چھوڑنے، قول وعمل میں سچائی اختیار کرنے کی دلیل ہے۔

## ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

ان کی رؤیت ولایت وخلافت ملنے، ہم عصروں سے آگے نکلنے اور بڑوں کے سامنے معزز ہونے کی دلیل ہے۔
اور کبھی ان کی رؤیت اللہ کے راستے میں مال خرچ کرنے، صداقت کی حفاظت کرنے کی علامت ہوتی ہے کبھی ان کی رؤیت غلام آزاد کرنے، سچ بولنے، درست رائے رکھنے اور خوابوں کی تعبیر کر سکنے پر دلالت کرتی ہے اور کبھی ان کو دیکھنا اولاد کی طرف سے تکلیف پہنچنے، خوف زدہ ہونے اور چھپ جانے، شدائد سے نجات پانے، مثلاً اللہ تعالیٰ کے راستے جہاد کرنے، حج کرنے اور علم کی دولت سے سرفراز ہونے پر دلالت کرتا ہے۔
جس نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کو دیکھا تو وہ لوگوں پر شفقت کرے گا جس نے دیکھا کہ گویا وہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے ساتھ بیٹھا ہے تو وہ حق کا تابع ہوگا اور سنت کے مطابق عمل کرے گا امت محمد ﷺ کا خیر خواہ ہوگا۔

## ازواج النبی صلی اللہ علیہ وسلم

(۱) ان کی رؤیت، خیر وبرکت اور اولاد پر دلالت کرتی ہے اور کبھی ان کی رؤیت تکلیف، ایک دوسرے سے اجنبیت، راز چھپانے کے سبب قسم کھانے، کسی پر تہمت لگانے کی علامت ہوتی ہے۔(۲) اگر کسی عورت نے خواب میں حضرت عائشہؓ کی زیارت کی تو وہ بڑوں کے سامنے بلند مرتبہ، اور اچھی شہرت پائے گی۔(۳) اگر حضرت حفصہؓ کو دیکھے تو مکر کا شکار ہوگی۔(۴) اگر حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کی زیارت کرے تو سعادت اور اولادِ صالحہ کی دولت سے مالا مال ہوگی۔ حضرت فاطمہؓ بنت رسول ﷺ کو دیکھنا ازواج، آباء اور امہات کو گم کرنے کی دلیل ہے۔
(۵) حضرات حسنینؓ کو دیکھنا فتنہ میں مبتلا ہونے، شہادت کی سعادت نصیب ہونے اور کثرت اولاد وازواج، اسفار، اجنبیت پر دلالت کرتا ہے۔کوئی غیر شادی شدہ شخص (مرد یا عورت) خواب میں امہات المؤمنین میں سے کسی کا دیدار کرے تو اس کی شادی ہوگی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## انسان

(۱) اگر خواب میں کسی انجان شخص کو دیکھے بیداری میں بھی اسی کو دیکھے گا۔ اور اسی طرح عمل کرے گا اگر اس کو خواب میں غلط کام کرتا دیکھے تو صاحب خواب بھی بیداری میں وہی عمل کرے گا جو وہ کر رہا ہے۔ (۲) کبھی کسی ایک انسان کو دیکھنا رزق اور عمر کے منتہی ہونے کی طرف اشارہ کر دیتا ہے۔ (۳) خوف زدہ شخص خواب میں دو انبانون کو یکجا دیکھے تو خوف سے مأمون ہوگا۔ (۴) تین اشخاص کو دیکھنا گناہوں سے بچنے کی بشارت ہے خواب میں کسی جان پہچان والے شخص کو دیکھنا بیداری میں اس سے یا اس کے شبیہ سے کچھ حاصل کرنے کی دلیل ہے۔ (۵) اگر اس سے کچھ حاصل کیا تو اس کے ساتھ محبت کرے گا اور اس کی امید اس سے پوری ہوگی۔ (۶) اگر اس سے قمیص لے لی تو ولایت نصیب ہوگی۔ اگر رسی لے لی تو یہ وعدہ کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۷) اگر اس سے مال لے لیا تو ان کے درمیان عداوت اور بغض ہوگا۔ (۸) معروف آدمی کی دلالت خود اس کی ذات یا اس کا ہمشکل یا اس کا شہر اور ان کے پیشے پر ہوتی ہے۔ (۹) خواب میں کسی مشہور و معروف آدمی کو دیکھا کہ وہ بلند مرتبہ پر فائز ہوا یا بلند مرتبہ سے نیچے گر گیا تو پہلی صورت میں نزول خیر اور دوسری صورت میں نزول شر کی علامت ہے۔

## امۃ (باندی)

(۱) باندی کی تعبیر' انسان کا خادم' گھر کا صحن یا روندے جانے والی چیزیں مثلاً چٹائی' جوتے وغیرہ ہیں اور کبھی اس کی دلالت مال اور منتظم پر ہوتی ہے اور کبھی اس کی دلالت عزت' دشمنوں کے مقابلے میں مدد پر ہوتی ہے بعض نے کہا اس کی دلالت سواری پر ہوتی ہے۔ (۲) اگر دیکھے کہ اس نے سفید رنگ کی باندی خریدی ہے تو دلیل ہے تجارت میں نفعِ کثیر پائے گا اور خیر سے بہرہ ور ہوگا اور چھوٹی باندی خریدنا حاجت کی تکمیل میں دشواری پیش آنے کی دلیل ہے اور کالی باندی خریدنا غم سے نجات کی دلیل ہے۔ (۳) خوبصورت باندی کو اپنی طرف آتے دیکھنا اچھی خبر آنے کی دلیل ہے اگر اس کا رزق بادشاہ کے تعلق کے ساتھ موقوف ہو تو وہ اس سے ملے گا اگر اس کا کوئی رشتہ دار غائب ہو تو وہ واپس آئے گا۔ (۴) اگر کسی بدصورت باندی کو اپنی طرف متوجہ دیکھے تو ناپسندیدہ امرا سے پیش آئیگا۔ (۵) خواب میں کسی باندی کو لوگوں کی طرف گھورنے اور ان کو برائی کی طرف دعوت دیتی ہوئی دیکھنا فتنہ پھیل جانے کی دلیل ہے۔

## انف (ناک)

(۱) ناک کا خوبصورت ہونا اور فرحت بخش بو سونگنا راحت کی علامت ہے اور کبھی ناک کی دلالت انسان کی زینت کے اسباب مثلاً مال' والد' اولاد' بھائی' شوہر یا شریک کار وغیرہ پر ہوتی ہے چنانچہ ناک کا خوصبورت ہونا مذکورہ افراد کے حسنِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حال پر دلالت کرتا ہے اس کا سیاہ ہونا یا بودھی ہونا ذلت اور مقہور ہونے کی دلیل ہے۔ (۲) اچھی خوشبو سونگنا بلندی مرتبہ اور خوش دلی کی علامت ہے۔ (۳) چہرہ یا بدن کے کسی دوسرے حصے میں بہت ساری ناک دیکھنا اتباع' اولاد اور تجدید راحت کی بشارت ہے۔ (۴) کسی نے خواب دیکھا گویا اس کی ناک لوہے یا سونے کی بن گئی تو پھر اس کے کسی جرم کی وجہ سے اس پر آفت نازل ہوگی اس لئے کہ مجرمین کی ناک کاٹی جاتی ہے اور اگر وہ توبہ کرتے ہیں تو ان کو لوہے یا سونے کی ناک لگا دی جاتی ہے۔ (۵) اگر تاجر اپنی ناک کو سونے یا چاندی کی دیکھے تو اس کی تجارت میں منافع کی کثرت ہوگی اور معرفت میں اضافہ ہوگا کبھی ناک کی دلالت کسی پیغام رساں کی زبانی خبر پہنچنے پر ہوتی ہے اور اس کی دلالت پوشیدہ خبر لانے والے جاسوس پر ہوتی ہے کبھی ان سے ریزش آنے کی وجہ سے اس کی دلالت ذکر یا فرج پر ہوتی ہے اور کبھی اس کی دلالت کسی شریر انسان کے دروازے پر ہوتی ہے اور کبھی اس کی دلالت ایسی دھونکنی پر ہوتی ہے جس کے ساتھ اس کا رزق متعلق ہو خواب میں اپنی دھونکنی کو خراب دیکھنا ناک پر آفت نازل ہونے کی علامت ہے اس طرح ناک میں کوئی حادثہ واقع ہونا پیشے کے منقطع ہونے کی دلیل ہے اس لئے کہ ناک سانس اندر آنے جانے میں معین ہے۔ (۶) اگر کوئی قاری' گانا گانے والا یا مؤذن خواب میں اپنی ناک کو معدوم یا سونگھنے سے بند دیکھے تو اپنی صنعت سے راحت کے متعذر ہونے کی علامت ہے اور کبھی اس کی تعبیر تنگ دلی کے مرض میں مبتلا ہونے سے کی جاتی ہے کبھی ناک اور کان کی تعبیر مٹی کے ٹیلے بھی ہوتے ہیں کبھی اس کی دلالت مریض کے مرض سے خلاصی پر ہوتی ہے اور کبھی ناک کی دلالت بے وقوفی' تکبر' بری شہرت پر ہوتی ہے۔ تکبر سے ناک چڑھانا یا ٹیڑھی کرنا بیداری میں اس کے احمق ہونے اور ذلیل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۷) خواب میں اپنی ناک میں کوڑی کی بیماری دیکھنا مرنے یا ایسی آفت نازل ہونے کی دلیل ہے جس میں شرمندگی ہو' حاملہ عورت کے لئے یہ خواب اس کے یا اس کے بچے کے مرنے کی علامت ہے۔ (۸) خواب میں ناک سے خون آکر کپڑوں میں لگ جانا مال حرام ملنے کی دلیل ہے اگر وہ خون گاڑھا ہو تو بچہ ملنے کی دلیل ہے۔ (۹) ناک میں سوراخ ہونا اس کے مرنے کی علامت ہے اپنے چہرے میں دو ناک دیکھنا دو بیٹے نصیب ہونے یا اس کی گواہی دو آدمیوں کی گواہی کے برابر ہونے یا بیوی کے ساتھ اختلاف ہونے کی علامت ہے۔ (۱۰) خواب میں ناک کا کٹ جانا مریض کے لئے موت اور تندرست کے لئے حالات کی تبدیلی اور مال کے ختم ہونے کی دلیل ہے اور کبھی اس کی دلالت رشتہ دار پر ہوتی ہے اور خوشبو سونگنا بچہ پیدا ہونے کی دلیل ہے منہ کے ذریعے اندر کچھ داخل ہونا غصہ پینے کی علامت ہے۔

## اذن (کان)

خواب میں کان' دیکھنے کی مندرجہ ذیل چیزوں سے تعبیر کی جا سکتی ہے اولاد' مال و منصب' علم' عقل و دین' حکومت' اہل و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عیال اور ایسی قوم جس سے عزت ملے۔ (۱) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا کان بڑا ہوا یا خوبصورت ہوا یا اس میں روشنی داخل کی گئی یا اس سے روشنی نکلی تو صاحب خواب کے ہدایت یافتہ اور اطاعت گزار ہونے اور اللہ تعالیٰ کے اوامر کو قبول کرنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۲) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا کان چھوٹا ہوا یا اس میں بدبو داخل ہو گئی یا اس سے بدبو نکلی تو یہ صاحب خواب کے گمراہ ہونے اور اس کے راہ حق سے ہٹ جانے کی اور اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کے مقام پر کھڑے ہونے کی دلیل ہے۔ (۳) خواب میں کان کا کٹ جانا یا اس کا گم ہو جانا فساد کی نشانی ہے۔ (۴) خواب میں زائد کان ہونے کی صورت میں کسی انسان کو کسی مقصد کیلئے اجازت دینے سے تعبیر کی جاتی ہے۔ اگر زائد کان خوبصورت ہے تو کام بھی خوبصورت ہوگا۔ (۵) خواب میں کانوں کی کثرت علمی فنون کی علامت ہے۔ یا اس بات کی دلیل ہے صاحب اذن کثیر ایک حالت میں نہیں رہے گا اور کبھی اسکی دلالت کان میں ڈالی جانے والی چیز پر بھی ہوتی ہے۔ (۶) اگر کسی نے دیکھا کہ گویا اس کا کان حیوانات میں سے کسی کے کان کی طرح ہو گیا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کا منصب زائل ہوگا' عزت میں کمی آئے گی یا دلیل ہے اس کا ذہن کمزور ہوگا۔ (۷) اگر کسی نے دیکھا کہ اپنی دو انگلیاں اپنے دونوں کانوں میں ڈال رہا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ اس کی موت گمراہی کی حالت میں واقع ہو جائے گی۔

(۸) اگر کوئی مبتدع اور گمراہ شخص خواب میں اپنے انگلیاں اپنی کانون میں ڈالتا ہوا دیکھے تو یہ اس شخص کی موت اور ترک بدعت وضلالت کی علامت ہے۔ بسا اوقات کان میں انگلیاں ڈالنے کی تعبیر صاحب خواب کے مؤذن ہونے سے بھی کی جاتی ہے۔ (۹) بادشاہ کے کان کی تعبیر اس کے جاسوسوں سے کی جاتی ہے۔ (۱۰) بعض دفعہ خواب میں کان دیکھنے کی تعبیر حفاظت کی اشیاء' بٹوہ' صندوق' خزانہ' وغیرہ سے کی جاتی ہے تو خواب میں کان میں کمی وزیادتی کی تعبیر مذکورہ اشیا میں کمی وزیادتی سے کی جاتی ہے۔

(۱۱) بعض معبرین کا کہنا ہے کہ کان کی تعبیر بیوی یا بیٹی یا کسی اور رشتہ دار سے کی جاتی ہے۔ لہٰذا اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے کان میں نقص ہوا تو بیوی یا بیٹی میں نقص ہوگا اگر دیکھا کہ اس کے کان میں زیادتی ہوئی تو یہ مذکورہ افراد میں زیادتی کی علامت ہے۔ (۱۲) خواب میں کانوں سے ٹھیک ٹھیک سننا اس کے علم وفہم' صحت' دیانت اور یقین کی علامت ہے۔ (۱۳) اگر کسی نے خواب میں اپنے آپ کو بہرا ہوتا ہوا دیکھا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب میں کوئی دینی فساد ہے یا ہوگا۔ (۱۴) خواب میں کان کا آدھا ہونا بیوی کے انتقال کی علامت ہے۔ (۱۵) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا کان کٹ چکا ہے لیکن لوگ نہیں سمجھ رہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ کوئی شخص اس کی بیوی یا بیٹی کے ساتھ دھوکہ کرے گا۔ اگر دیکھا کہ دونوں کان اپنی اصلی حالت میں آگئے تو دلیل ہے وہ توبہ کریگا اور اصلاح کی طرف رجوع کرے گا۔ (۱۶) اگر کسی نے دیکھا کہ اپنے کانوں کی میل کھا رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ لڑکیوں کے پاس آتا ہے۔

(۱۷) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا صرف ایک کان ہے تو اس کی تعبیر عنقریب مرنے سے کی جاتی ہے۔ (۱۸) اگر کوئی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شخص خواب میں اپنے کان میں انگوٹھی لٹکتی ہوئی دیکھے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب اپنی بیٹی کا نکاح کرائے گا اور اس کے بطن سے بچہ پیدا ہوگا۔ (۱۹) بعض معبرین نے کہا ہے کہ خواب میں کان دیکھنے کی تعبیر دین سے کی جاتی ہے۔ اگر کسی نے دیکھا کہ وہ اپنے کان میں کوئی چیز بھر رہا ہے تو یہ صاحب خواب کے کفر پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۰) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے بہت سے کان ہو گئے ہیں تو حق سے اعراض کریگا اور اس کو قبول نہیں کریگا۔ (۲۱) اگر کسی نے دیکھا اسکے بہت سے ایک جیسے خوبصورت کان ہو گئے ہیں تو یہ اچھی خبر آنے کی علامت ہے اور اگر وہ کان ہم شکل و صورت نہ ہوں تو یہ ناپسند خبر آنے کی دلیل سمجھی جاتی ہے۔ اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے دونوں کانوں میں دو آنکھیں بنی ہوئی ہیں تو تعبیر ہے کہ صاحب خواب نابینا ہوگا جن اشیاء کا مشاہدہ آنکھوں سے کرتا تھا ان کو کانوں سے سنے گا۔ (۲۳) اور بعض معبرین کی رائے یہ ہے کہ خواب میں کسی ایسے شخص نے جو دوسروں کو اپنا مطیع دیکھنا چاہتا ہو بہت سارے کان دیکھ لیے تو اس کے لئے بہتر ہے کہ بیوی، اولاد، غلام وغیرہ اس کے فرمان بردار ہونگے۔ مالدار آدمی کے لئے بہت سے ہم شکل خوبصورت کان دیکھنا اچھی خبر آنے کی دلیل ہے۔ اور کان بصورت تشاکل نہ ہوں تو ناگوار خبر آنے کی طرف مشیر ہے۔ یہی خواب مدعیٰ علیہ کے لئے اس کی خصومت اور غلام کے لئے اس کی غلامی برقرار رہنے کی دلیل ہے یہی انسان کے لئے دنیا کے کاموں میں اور آخرت کے اعتبار سے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے معاملے میں معین و مددگار ہے۔

## اصبع (انگلی)

خواب میں انگلی دیکھنے کی تعبیر مندرجہ ذیل چیزوں سے کی جا سکتی ہے اولاد، ازواج، آباء و امہات، مال، سواریاں، حکومت، صنعت۔ (۱) خواب میں انگلیوں کا خوبصورتی کے ساتھ زیادہ ہونا مندرجہ بالا اشیاء میں زیادہ ہونے اور نقص کے ساتھ دیکھنا ان اشیاء میں نقص کی علامت ہے۔ (۲) چنانچہ خواب میں انگلی کا کٹ جانا اور سوکھ جانا یا کام کرنے سے عاجز ہونا۔ والدین، اولاد وغیرہ کے منافع سے محروم ہونے اور مال کے ضائع ہونے، یا سواریوں کے مر جانے، اقتدار ختم ہونے اور کاروبار کے کمزور پڑنے کی علامت ہے۔ (۳) بسا اوقات انگلی دیکھنے کی تعبیر حکومتی کارندوں اور ان کی منفعت سے کی جاتی ہے۔ (۴) مریض کا خواب میں اپنی انگلیاں کاٹتے ہوئے دیکھنا اس کی موت کی علامت ہے۔ (۵) اگر کسی نے دیکھا کہ گویا اس کی انگلیاں کٹ گئیں یا ان پر کوئی آفت آ پڑی، تو یہ خواب فوج، اولاد، رشتہ دار اور معاش میں کمی کی علامت ہے۔ (۶) بعض مرتبہ انگلیوں کی تعبیر پانچ وقت کی نمازوں سے کی جاتی ہیں انگوٹھے کی تعبیر نماز فجر سے، شہادت کی انگلی کی نماز ظہر سے، درمیانی انگلی کی نماز عصر سے، اس کے ساتھ کی انگلی کی نماز مغرب سے اور سب سے چھوٹی انگشت کی نماز عشاء سے کی جاتی ہے۔ (۷) بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ درمیانی انگشت سے مراد صبح

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی نماز ہے اس لئے کہ صبح کی نماز کی طوالت مستحب ہے' اور اس کے ساتھ کی انگلی سے مراد ظہر کی نماز سب سے چھوٹی انگلی سے مراد عصر کی نماز ہے اس لئے کہ عصر دن کی آخری نماز ہے کیونکہ اسلامی دن مغرب سے شروع ہو کر مغرب تک رہتا ہے۔

اگر انگلیوں کی تعبیر نمازوں سے کی جائے تو ناخنوں کی تعبیر سنت ونوافل سے کی جائے گی' اور اگر انگلیوں کی تعبیر مال سے کی جائے تو ناخنوں کی تعبیر اس کی زکوۃ سے کی جائے گی۔ اسی طرح اگر انگلیوں کی تعبیر فوج اور اس کے مددگاروں سے کی گئی تو ناخنوں کی تعبیر اس کے اسلحے سے اور عدد سے ہوگی۔ (۸) انگلیوں کی عقود کی تعبیر عقود اموال کی علامت ہے۔

بسا اوقات انگلیاں ایام یا مہینے یا سالوں پر دلالت کرتی ہیں۔ اور بسا اوقات انگلیوں کی تعبیر بھتیجوں سے کی جاتی ہے اس لئے کہ بازو کی تعبیر بھائی ہے اور انگلیوں کی تعبیر ان کی اولاد ہے۔ اگر کسی نے دیکھا کہ کسی نے اس کی انگلیاں کاٹ ڈالیں تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ جس نے انگلیاں کاٹی ہیں وہ صاحب خواب کو مالی نقصان پہنچائے گا۔ خواب میں انگلیوں کی صلاح وفساد کی تعبیر فرض نمازوں کے صلاح وفساد سے کی جاتی ہے' یا بھتیجوں کے صلاح وفساد کی علامت ہے۔

(۹) انگلیوں کا طویل ہونا طمع کی علامت ہے۔ اگر کسی نے دیکھا کہ اس کی انگلیوں کے ساتھ ایک زائد انگلی لگ گئی تو اشارہ ہے مال ودولت' رشتہ داروں اور علم میں اضافے کی طرف۔ (۱۰) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کی ایک انگلی اپنی جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوئی تو یہ نماز کو اپنی جگہ سے مؤخر کرنے کی نشانی ہے۔ (۱۱) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے اپنی انگلیوں کو تشبیک (ایک دوسرے میں ملانا) دی تو یہ ایک وقت میں پانچوں نمازوں کو جمع کرنے کی طرف اشارہ شمار ہوگا۔ بسا اوقات تشبیکِ اصابع (انگلیوں کا ایک دوسرے کے ساتھ ملانا) رشتہ داروں کا صاحب خواب کے خلاف مشورے کی علامت ہے۔ (۱۳) بعض اہل تعبیر نے کہا ہے کہ بغیر عمل کے۔ تشبیک اصابع صاحب خواب کے رشتہ داروں کے اس کام سے نکلنے پر اتفاق کی علامت ہے جس کو صاحب خواب نے ان پر مسلط کیا ہے اور وہ اس سے ڈر رہے ہیں۔ اسی طرح بعض اہل تعبیر نے کہا ہے کہ دائیں ہاتھ کی انگلیاں پانچ نمازیں ہیں۔ لہٰذا خواب میں انگلیوں میں کمی ہونا نماز میں سستی کی علامت ہے اور انگلیوں کا طویل ہونا محافظتِ صلوۃ کی دلیل ہے' اور کسی انگلی کا گر جانا نماز کو ترک کرنے کی علامت ہے۔

(۱۴) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ کسی دوسرے انسان کے پورے اپنے دانتوں سے کاٹ رہا ہے تو یہ دلیل ہے اس انسان کے بے ادب ہونے اور صاحب خواب کے تادیب میں مبالغہ کرنے کی۔ (۱۵) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے انگوٹھے سے دودھ اور شہادت کی انگلی سے خون نکل رہا ہے اور وہ ان دونوں کو پی رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اپنی ساس یا سالی سے مباشرت کریگا۔ انگلیوں کو چٹخانہ رشتہ دار کی طرف سے بری خبر کے وقوع کی دلیل ہے۔ سربراہ مملکت کا اپنی انگلیوں میں زیادتی دیکھنا اس کے لالچ، ظلم اور قلت انصاف کی نشانی ہے۔ اور بائیں ہاتھ کی انگلیوں کی تعبیر بھانجوں اور بھتیجوں سے کی جاتی ہے۔ مردوں کی انگلیوں کا مہندی سے رنگا ہوا ہونا کثرت تسبیح کی دلیل ہے اور عورت کی انگلیوں کو مہندی لگانا شوہر کے احسان کی علامت ہے۔ (۱۶) اگر کوئی عورت دیکھے کہ وہ اپنی انگلیوں میں مہندی لگا رہی ہے اور وہ نہیں لگ رہی تو یہ دلیل ہے کہ اس کا شوہر اس سے محبت کا اظہار نہیں کرتا۔

## انثیان (کپورے)

خواب میں کپورے کی تعبیر مندرجہ ذیل اشیاء سے کی جاتی ہے۔ زوجین، دو بچے، دو صنعتیں، دو دربان، مال کی تھیلی، سامان کی گٹھڑی، سرپرست قریبی۔ (۱) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے خصیے کاٹ دیے گئے یا ان میں کوئی ناگوار چیز پائی گئی تو اس خواب کی تعبیر یہ ہے کہ دشمن کا اس پر بقدر تکلیف غلبہ ہوگا۔ (۲) بعض اہل تعبیر اس کی تعبیر یہ بتاتے ہیں کہ ان سے اناث کا انقطاع ہوگا ان کے ہاں مذکر اولاد ہی پیدا ہوگی۔ (۳) اور بعض نے یہ کہا کہ صاحب خواب کو مال بسبب دیت ملے گا۔ (۴) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے خصیے بڑے ہو گئے یا ان میں معمول سے زیادہ طاقت آ گئی تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کے دشمن اس تک نہ پہنچ سکیں گے اور کوئی گزند نہیں پہنچا سکیں گے۔ (۵) بعض نے اس کی تعبیر میں کہا ہے کہ صاحب خواب کے ہاں بیٹیاں زیادہ پیدا ہوں گی۔ (۶) اگر کسی نے دیکھا کہ گویا اس کے خصیے کسی دشمن کے ہاتھ میں آ گئے ہیں تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب پر بقدر قبضہ رسائی کریں گے۔ بعض دفعہ خصیتین کی تعبیر زنانہ رشتے داروں سے کی جاتی ہے مثلاً دو بہنیں، دو بیٹیاں، دو بیویاں، والدہ اور خالہ وغیرہ لہٰذا خواب میں خصیتین میں کچھ ہونا مذکورہ افراد میں سے کسی طبقہ میں کچھ ہونے کی دلیل ہے۔ (۷) اگر کسی کے خصیے کاٹ دیے گئے تو تعبیر یہ ہے کہ اگر خواب دیکھنے والے کے ہاں دو مریضہ ہوں تو ان کا انتقال ہوگا اور اگر دو بیویاں ہوں تو وہ مر جائیں گی یا اس سے جدا ہوں گی۔ (۸) بسا اوقات رؤیت خصیتین مال و دولت پر دلالت کرتی ہے۔ (۹) اگر کوئی شخص خواب میں اپنے آپ کو مقطوع الخصیتین پائے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب مال کی وجہ سے مطلوب ہوگا اس سے دو ہزار یا دو سو رقم لی جائے گی۔ اگر ایسا نہیں ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کی نسل منقطع ہو جائے گی اور رزق میں تنگی ہوگی اور اللہ تعالیٰ کی نعمت اس سے چھن جائے گی۔ (۱۰) اگر کسی نے دیکھا کہ گویا اس کا بایاں کپورہ نکال لیا گیا تو تعبیر یہ ہے کہ اس کا بچہ مر جائے گا اور کوئی بچہ پیدا نہیں ہوگا۔ اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے اپنا ایک خصیہ اپنی خوشی سے کسی کو ھبہ کیا اور وہ اس سے نکال لیا گیا تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں غلط طریقے سے بچہ ہوگا اور دوسرے کی طرف منسوب ہوگا۔ (۱۱) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے خصیے آنت اترنے کی وجہ سے پھولے ہیں تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ مال پائے گا اور اس کا دشمن اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کو دھمکائے گا۔ (۱۲) بعض دفعہ اس کی تعبیر کسی چیز کے چلے جانے سے بھی کی جاتی ہے۔ (۱۳) اور بعض وقت خصیہ کی دلالت حرکات، محنت کوشش پر ہوتی ہے۔ (۱۴) اور کبھی خصیہ بچھونے اور تکیے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۱۵) اگر کوئی شخص اپنے آپ کو معدوم الخصیہ پائے تو دلیل ہے کہ وہ نیر یا لومڑی کے مرض میں مبتلا ہوگا۔ بعض دفعہ اس خواب کی تعبیر بیوی کو طلاق دینے یا باندی کو فروخت کرنے یا اولاد کو گم کرنے یا خرجین سامان کی گٹھڑی اور بٹوہ وغیرہ کے کھو جانے اور مال کے معدوم ہو جانے سے بھی کی جاتی ہے اگر صاحبِ خواب وزّان ہے تو اس کا وزن کرنا معطل ہوگا۔ اگر یہی خواب شادی شدہ شخص دیکھ لے تو دلیل ہے کہ بیوی کے اولیاء کو یا اپنے اہل واقارب کو گم کردیگا یا اس کے مرتبہ میں کمی آئے گی۔

## امیر (ذمہ دار)

حکم کرنے والے اور دوسروں کی ضرورت پوری کرنے والے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱) خواب میں امیر دیکھنا بے زوجہ کا صاحبِ زوجہ ہونے کی طرف اشارہ ہے کیونکہ خاوند اپنے گھر میں امیر کی طرح ہوتا ہے۔ (۲) بسا اوقات امیر ہونا اپنے مقصد کا دوسروں کے ذریعے حاصل کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) اگر کوئی شخص خواب میں اپنے آپ کو امیر بنتا ہوا دیکھے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب کے مقید ہونے یا دھوکے میں آجانے سے کی جاتی ہے اس لیے کہ امیر روز قیامت اس حال میں حاضر ہوگا کہ اس کے ہاتھ گردن کے ساتھ باندھ دئے جائیں گے اس کو اس سے کوئی آزاد نہیں کرا سکے گا سوائے اس عدل کے جو اس نے قائم کیا ہو۔ (۴) اگر کسی نے دیکھا کہ بادشاہِ وقت نے اس کو کسی دور سرحدی علاقے کا ذمہ دار اور اپنا نائب گورنر مقرر کیا تو یہ عزت وشرف، شہرت اور بلند مرتبہ نصیب ہونے کی علامت ہے جو بادشاہ اور اس علاقہ کے بُعد کے بقدر ہوں گے۔ (۵) اگر حاکم اپنے کسی کارندے کو آتے ہوئے دیکھ لے تو یہ اس کی عزت وشرف کی علامت ہے۔ (۶) اسی طرح خواب میں حاکم کا اپنے امور مملکت میں تدبّر وغور کرنا عزت و شرف کی دلیل ہے۔ (۷) اگر کوئی حاکم اپنے جیسے حاکم کو دیکھے تو تعبیر یہ ہے اس کا لڑکا پیدا ہوگا۔ (۸) کسی امیر کا خواب میں اپنی بیوی کو طلاق دینا اس کی معزولی کی علامت ہے۔ (۹) خواب میں کسی امیر یا رئیس کے پاس کھانا لے جانا غم پہنچنے کے بعد خوشی کی دلیل ہے اور اس کو مال ایسی جگہ سے ملے گا جس کی امید نہ ہو۔ (۱۰) خواب میں امیر، بادشاہ یا گورنر کا اپنی ٹوپی اتارنا سلطنت کی کمزوری کی دلیل ہے۔ اور خواب میں ان ہی حضرات کا ٹوپی پہننا سیاسی اسباب کی وجہ سے حکومت کے قائم اور وسیع ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۱) اور افراد مذکورہ کا نیا جوتا پہننے کی تعبیر مشرکین اور اہل ذمہ سے مال حاصل کرنے سے کی جاتی ہے۔ (۱۲) کسی والی کا معزول ہونا ولایت کی علامت ہے۔ (۱۳) کسی غلام کا خواب میں امیر بن جانا اس کی آزادی کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## امام صلوٰۃ (لوگوں کی نمازوں کا ضامن ہے)

خواب میں امام کی رؤیت کی تعبیر مندرجہ ذیل اشیاء سے کی جاتی ہے۔ایک طرف کرنا' مرتبہ وریاست کا بلند ہونا' پیشوا ہونا' امر بالمعروف نہی عن المنکر کرنا' دربان' والد' والدہ' استاد وغیرہ۔

(۱) اگر کوئی شخص (امام) خواب میں اپنے آپ کو طہارت کاملہ کے ساتھ قبلہ رو ہو کر بغیر کمی وزیادتی کے جماعت کے ساتھ نماز پڑھاتے ہوئے دیکھے تو تعبیر یہ ہے کہ اگر وہ ولایت کا اہل ہے تو اس کو ولایت ملے گی۔اور اگر کسی ایسے کام کے حصول کی کوشش میں لگا ہوا ہے جس میں عام لوگوں کا فائدہ ہے تو اس میں کامیابی ہوگی۔یا تعبیر یہ ہے کہ اپنے آپ کو ضمان میں داخل کریگا۔یا کسی جماعت کی کفالت کریگا یا کسی ایسی قوم کا شریک ہوگا جو اس سے خیر کا توقع کرتی ہے۔ (۲) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ لوگوں کو غیر قبلے کی طرف نماز پڑھا رہا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ وہ لوگوں کے ساتھ دھوکا کریگا اور بدعت میں مبتلا ہوگا۔کبھی اس خواب کی تعبیر یوں کی جاسکتی ہے کہ صاحب خواب کسی ایسے امرِ ممنوع کا مرتکب ہوگا جسمیں دوسروں کو بھی شریک کریگا۔(۳) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھنے کا حکم دے رہا ہے اور لوگوں کو لے کر قبلہ رو ہو کر درست نماز پڑھا رہا ہے تو یہ علامت ہے کہ صاحب خواب والی بن جائیگا اور اس میں عدل سے کام لیگا۔یا اس کی یہ بھی تعبیر ہے کہ صاحب خواب امر بالمعروف نہی عن المنکر کے فریضے کو ادا کریگا۔(۴) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ انجان مقام میں انجان لوگوں کو نماز پڑھا رہا ہے' اور یہ نہیں سمجھ پا رہا کہ کیا پڑھ رہا ہے تو تعبیر ہے کہ صاحب خواب قریب المرگ ہے۔

(۵) اگر کسی نے کسی عورت کو مردوں کی امامت کراتے ہوئے دیکھے تو تعبیر یہ ہے کہ وہ عورت مرجائیگی۔اس لئے کہ عورت امامت کی اہل نہیں وہ تو صرف جنازے کی صورت میں امام سے آگے ہوسکتی ہے۔(۶) اسی طرح کی تعبیر اس عجمی شخص کے لئے کی جاتی ہے جو نماز پڑھانے کا اہل نہ ہو اور نماز پڑھاتے دیکھا جائے۔ (۷) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ کھڑے ہو کر نماز پڑھا رہا ہے اور مقتدی بیٹھ کر نماز پڑھ رہے ہیں تو تعبیر ہے کہ وہ مقتدیوں کے حقوق پورے کر رہا ہے اور مقتدی اس کے حقوق ادا نہیں کر رہے ہیں یا وہ شخص مریض اقوام کا سربراہ بنے گا۔(۸) اگر کوئی شخص دیکھے کہ وہ بیٹھ کر نماز پڑھا رہا ہے اور قوم میں کچھ لوگ بیٹھے ہیں اور کچھ کھڑے ہیں۔تو تعبیر یہ ہے کہ وہ اپنے فرضِ منصبی میں کمی نہیں کر رہا ہے۔(۹) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ ایسی قوم کی امامت کر رہا ہے جو کچھ بیٹھے اور کچھ کھڑے نماز پڑھ رہے ہیں تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب امیر اور غریب اقوام کا سربراہ بن جائے گا۔(۱۰) اگر کسی نے دیکھا کہ امام بیٹھ کر نماز پڑھا رہا ہے اور سارے مقتدی بھی بیٹھ کر پڑھ رہے ہیں تو اس کی تاویل یہ ہے کہ وہ غرق ہونگے' یا چوری' یا فقر و فاقہ میں مبتلا ہوں گے۔(۱۱) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ عورتوں کو نماز پڑھا رہا ہے۔تو دلیل ہے کہ وہ کمزور قوم کا والی بن جائے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گا۔ (۱۲) اگر دیکھا کہ وہ پہلو کے بل یا چت لیٹ کر سفید کپڑوں میں ملبوس ہو کر نماز پڑھ رہا ہے اور مقام نماز کو نہیں پہچان رہا ہے اور نماز میں نہ قرأت کر رہا ہے اور نہ تکبیر کہہ رہا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب مر جائے گا اور لوگ اس پر نماز جنازہ پڑھیں گے۔ (۱۳) اگر کسی علاقہ کے ذمہ دار (والی) نے خواب دیکھا گویا کہ وہ امامت کر رہا ہے تو یہ دلیل ہے اس کے معزول ہونے اور مالی نقصان کی۔ (۱۴) اگر کوئی شخص مردوں اور عورتوں کو نماز پڑھاتے ہوئے اپنے آپ کو خواب میں دیکھے تو اگر وہ قضا کا اہل ہے تو قاضی بنے گا اور اگر اس کا اہل نہیں ہے تو لوگوں کے درمیان صلح کرانے کے سلسلے میں واسطہ بنے گا۔ (۱۵) اگر کوئی شخص خواب میں اپنے آپ کو نماز پڑھاتے ہوئے دیکھے اور اپنی نماز مکمل کر لے تو یہ اس کی حکومت وولایت کی تکمیل کی علامت ہے۔ اگر اس کی نماز ٹوٹ گئی ہے تو یہ اس کی حکومت کے ٹوٹ جانے اور اسکے احکام کے نافذ العمل نہ ہونے کی علامت ہے۔ (۱۶) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ اکیلا نماز پڑھ رہا ہے اور قوم اکیلی نماز پڑھ رہی ہے تو یہ قوم کے فرقہ خارجیہ میں سے ہونے کی علامت ہے۔ (۱۷) خواب میں اپنے آپ کو نفل نماز پڑھتے ہوئے دیکھنے کی تعبیر یہ ہے وہ ایسے ضمان کے تحت آئے گا جو اس کے لئے نقصان دہ نہیں ہے۔ (۱۸) کسی نے خواب دیکھا کہ گویا قوم نے اسے اپنا امام بنایا تو تعبیر ہے کہ اس کو میراث ملے گی۔ (۱۹) کسی نے خواب میں اپنے آپ کو امامت کراتا ہوا اور صحیح طریقے سے قراءت نہ کر سکتا ہوا دیکھا تو تعبیر یہ ہے کہ وہ کسی سے ایسی چیز طلب کریگا جو حاصل نہیں کر پائے گا۔ (۲۰) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ چھت کے اوپر امامت کرا رہا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ وہ قوم میں اچھا شمار ہوگا، قرض دینے یا صدقہ وغیرہ دینے میں مشہور ہوگا۔

## اذان

اذان مندرجہ ذیل اشیاء پر دلالت کرتی ہے۔ اشعر حج میں حج کرنے، چغلی، اعلان انتقال، جنگ کی تیاری، سرقہ، بلند مرتبہ، سنی جانے والی بات، غیر شادی شدہ کے لئے شادی اور سچی خبریں وغیرہ۔

(۱) اگر کوئی شخص غیر قبلہ رو ہو کر یا غیر عربی زبان میں اذان دے تو تعبیر ہے کہ اس کو کوئی جھوٹ اور چغلی کی خبر دے گا۔ اور کبھی اس خواب کی تعبیر شہر میں بدعت اور خارجیوں کے پھیلنے سے بھی کی جائے گی۔ اذان خیر کی طرف لوگوں کو دعوت دینے والی ہے۔ اور کبھی اس کی تعبیر ایلچی اور دلال سے اور کبھی نکاح کرانے والے سے، اور کبھی بادشاہ کے نمائندہ سے کی جاتی ہے اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر محافظ سے یا فوجی اعلان سے کی جاتی ہے۔ (۲) اگر کوئی شخص اشہر حج میں اپنے آپ کو یا دوسرے کو کامل اذان دیتے ہوئے دیکھ لے یا سن لے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب کو حج نصیب ہوگا۔ (۳) خواب میں عورت کو جامع مسجد کی اذان گاہ میں اذان دینے کی حالت میں دیکھنا علاقے میں بدعت عظیمہ کے ظہور کی نشانی ہے۔ (۴) خواب میں بچوں کی اذان دینے کی تعبیر جہال یا خوارج کے قبضے میں زمام حکومت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جانے سے کی جاتی ہے خاص طور پر اگر بے وقت اذان ہو تو تعبیر بالکل یہی ہوگی۔ اگر ولایت کا اہل شخص مینارہ میں اپنے آپ کو اذان دیتے ہوئے دیکھے تو جہاں تک اس کی آواز پہنچ جائے گی وہاں تک اس کی ولایت ہوگی اگر ولایت کا اہل نہیں ہے تو یہ اس کے دشمنوں کی کثرت اور ان پر حکمرانی نصیب ہونے کی دلیل ہے اگر صاحب خواب تاجر ہو تو دلیل ہے کہ وہ خوب نفع کمائے گا۔

بعض دفعہ اذان دینے یا سننے کی تعبیر دعا' فرمانبرداری و اطاعت' نیک اعمال اور شیطان کے مکر سے نجات سے کی جاتی ہے۔ (۵) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ کفار کے علاقے میں کنویں کے اندر اذان دے رہا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ وہ لوگوں کو دین پر چلنے کی دعوت دیگا' یا دے رہا ہے' اور اگر یہی خواب مسلمانوں کے علاقے میں دیکھے تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب جاسوس یا بدعتی ہے اور لوگوں کو بدعت کی طرف بلا رہا ہے۔ (۶) دیندار آدمی کی اذان دینے کی تعبیر امر بالمعروف نہی عن المنکر سے کی جاتی ہے اور فاسق قسم کے آدمی کے لئے اس بات کی دلیل ہے کہ وہ مارا جائیگا۔ (۷) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ اذان دے رہا ہے اور کوئی اس کی اذان کا جواب نہیں دے رہا ہے تو یہ دلیل ہے کہ صاحب خواب اہل ظلم میں سے ہے۔ (۸) اگر کسی نے اپنے آپ کو اپنے پڑوسی کی چھت پر اذان دیتا ہوا دیکھا تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب اپنے پڑوسی کی بیوی سے خیانت کرے گا۔ (۹) اگر کوئی شخص اپنے آپ کو کعبہ کی چھت پر اذان دیتے ہوئے دیکھے تو اس کی تعبیر یہ ہے صاحب خواب مبتدع ہے یا صحابہ کو گالیاں دینے والا ہے۔ (۱۰) اگر کوئی شخص خواب میں اپنے آپ کو لیٹ کر اذان دیتے ہوئے دیکھ لے تو تعبیر یہ ہے کہ اس کی بیوی لوگوں کی غیبت کر رہی ہے اور اپنی زبان سے ان کو ایذا پہنچا رہی ہے اور یہی خواب اگر غیر شادی شدہ آدمی دیکھے تو اس کی شادی ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۱) اگر کوئی شخص خواب میں اپنے آپ کو بازار میں اذان دیتے ہوئے دیکھ لے تو یہ چوروں کے جاسوس ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۲) بادشاہ کے دروازے پر اذان دینا حق کی گواہی کی دلیل ہے۔ (۱۳) کبھی اذان شریک کار کی جدائی کی علامت ہوتی ہے۔ (۱۴) خراب و برباد مقام میں اذان دینا اس کی آبادی اور اس مقام پر لوگوں کی کثرت کی دلیل ہے۔ (۱۵) حمام میں اذان دینا بخار میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔ (۱۶) خواب میں اذان دینا یا بلند آواز سے ذکر اللہ کرنا اکابر کے ہاں مقرب ہونے کی دلیل ہے۔ آواز خوبصورت ہونے کی صورت میں یہ شرف خاص طور پر ہے۔ (۱۷) خواب میں اذان کے الفاظ بدلنے یا اذان یا ذکر اللہ میں غیر سنجیدہ حرکت کرنے یا اس حالت میں ستر کے کھل جانے کی تعبیر بڑھاپے کی وجہ سے عقل کے جاتے رہنے اور سخت تکلیف سے کی جاتی ہے۔ (۱۸) کسی نے خواب میں مجمع کے سامنے اذان دی تو دلیل ہے صاحب خواب ظالم لوگوں کو حق کی طرف بلائے گا یا بلا رہا ہے۔ (۱۹) کبھی اذان دینا تفقہ فی الدین پر دلالت کرتا ہے۔ اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر بادشاہ کی طرف سے کسی کام کی طرف بلانے سے کی جاتی ہے۔ (۲۰) اذان دیتے وقت تکبیر و تہلیل کو بھول جانا دشمنوں کی خوشی کی علامت ہے۔ (۲۱) کسی نے دیکھا کہ وہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آسمان میں اذان دے رہا ہے اور لوگ اس کی اذان کا جواب دے رہے ہیں تو دلیل ہے وہ لوگوں کو خیر کی طرف بلائے گا اور لوگ اس کی بات کو قبول کریں گے اور جواب دینے والوں کو حج نصیب ہوگا۔ (۲۲) اگر کسی نے ایک یا دو بار اذان دے کر اور اقامت کہہ کر کے فرض نماز ادا کی تو تعبیر یہ ہے کہ وہ حج یا عمرہ کی سعادت حاصل کرے گا۔ (۲۳) کسی نے دیکھا کہ وہ ریت کے ٹیلہ پر اذان دے رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو غیر عربی شخص سے ولایت ملے گی۔ اور اگر صاحب خواب ولایت کا اہل نہ ہو تو تجارت میں خوب نفع کمائے گا اور اس کو بڑے پیسے ملیں گے۔ (۲۴) اذان کے الفاظ میں کمی زیادتی لوگوں کے ساتھ بقدر اس کمی زیادتی کے ظلم کرنے کی علامت ہے۔ (۲۵) خواب میں دیوار پر کھڑا ہو کر اذان دینے والا شخص لوگوں کو صلح کی دعوت دیگا۔ (۲۶) گھر کی چھت پر اذان دینا گھر والوں میں سے کسی کے انتقال کی دلیل ہے۔ (۲۷) بچے کا اذان دینا اس کے والدین کا جھوٹ اور بہتان سے بری ہونے کی دلیل ہے۔ (۲۸) خواب میں مذاق کے طور پر اذان دینے کی تعبیر سلب عقل سے کی جاتی ہے۔ (۲۹) بازار میں آوازِ اذان سننا اہل بازار میں سے کسی کے مرنے کی دلیل ہے۔ (۳۰) گندے مقام میں اذان دینا صاحب خواب کے احمق ہونے کی دلیل ہے جو لوگوں کو صلح کی دعوت دے رہا ہے اور وہ اسے قبول نہیں کر رہے۔

## اقامت صلوٰۃ (نماز کی اقامت کہنا)

خواب میں اقامت ان اشیاء پر دلالت کرتی ہے' وعدہ وفا کرنا' اپنے مقصد کو حاصل کرنا مشکل حالات سے اچھی حالات کی طرف آنا' وغیرہ۔ (۱) کوئی شخص اپنے آپ کو دروازہ یا چارپائی پر اقامت کہتے ہوئے دیکھے تو یہ اس کے مرنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۲) کسی قیدی کا اقامت کہنا یا کھڑے ہو کر نماز پڑھتے ہوئے دیکھنا اس کی آزادی کی علامت ہے اور غیر قیدی کے لئے امور بیع کی بنا پر شہرت حاصل کرنے کی دلیل ہے۔ (۳) کسی نے دیکھا کہ گویا اس نے اذان دے کر اقامت کہی تو دلیل ہے کہ وہ بدعتوں کو مٹا کر سنتوں کو زندہ کریگا۔

## اعتکاف

خواب میں اعتکاف میں بیٹھنے کی تعبیر مقام اعتکاف کے مطابق ہوگی چنانچہ کلیسہ میں اعتکاف کرنا زانی عورت کی طرف میلان کی علامت ہے۔ اور مسجد میں اعتکاف خیر پر مداومت کی علامت ہے۔ یا علامت ہے نیک عورت کی طرف میلان کی۔ اور کسی مکان میں اعتکاف معیشت کو لازم پکڑنے کی دلیل ہے۔

## احرام باندھنا

(۱) حج یا عمرہ کے لیے احرام باندھنے کی تعبیر غیر شادی شدہ کے لئے شادی اور شادی شدہ کے لئے طلاق ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۲) مریض کے لئے موت اور کپڑوں سے ننگا ہونے سے کی جاتی ہے۔ اور اگر صاحب خواب اہل شر میں سے ہو تو وہ حرام کھانے میں منفرد ہوگا، خصوصاً غیر اشہر حج میں۔ (۳) خواب میں احرام باندھ کر جانور کا شکار کرنا مالی نقصان کی علامت ہے مگر بقدر شکار۔ (۴) خواب میں شتر مرغ شکار کرنا بیداری میں اونٹ تاوان دینے کی علامت ہے اور وحشی گدھا شکار کرنا گائے تاوان دینے کی دلیل ہے۔ (۴) اگر کوئی شخص خواب میں اپنے آپ کو اور بیوی کو احرام باندھتے ہوئے دیکھے تو یہ دلیل ہے کہ وہ اپنی بیوی کو طلاق دیگا اور وہ اس پر حرام ہو جائیگی۔

## استلام الحجر الاسود (حجر اسود کو ہاتھ لگانا)

(۱) خواب میں استلام حجر اسود کی تعبیر خلفاء و بادشاہوں کے ہاتھوں بیعتِ تابعداری یا کسی امام عالم کے ہاتھوں بیعتِ توبہ سے کی جاتی ہے۔ (۲) بعض مرتبہ استلام حجر اسود کی تعبیر تقبیل ولد یا تقبیل زوجہ یا تقبیل خلیل سے کی جاتی ہے۔ (۳) کبھی تقبیل حجرِ اسود ارباب مناصب کی خدمت اور طلبِ شہادت کی علامت ہے۔ (۴) حجر اسود کو ہاتھ سے چھونے کی تعبیر حجازی امام کی تابعداری کی نشانی ہے۔

## الاضحیۃ (قربانی)

(۱) خواب میں قربانی کرنا نذر مان کر اس کو پورا کرنے، مصائب سے خلاصی اور مرض سے نجات پر دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی رزق کی فراوانی اور جانوروں کی زیادتی پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی اس سے معبّر کے تعبیر دینے میں غلطی کر جانے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ (۲) خواب میں اونٹ کی قربانی کرنا اول وقت میں نماز جمعہ کے لئے جانے کی دلیل ہے۔ (۳) خواب میں گائے کی قربانی کرنے کی تعبیر اول وقت کے بعد جمعہ کی نماز کے لیے جانے سے کی جاتی ہے۔ (۴) اور اگر مینڈھا قربان کرتے ہوئے دیکھے تو یہ دلیل ہے کہ وہ شخص ساعت ثالثہ میں جمعہ کے لیے جائے گا۔ (۵) اسی طرح خواب میں مرغی قربان کرنا ساعت رابعہ میں اور انڈا صدقہ کرنا ساعت خامسہ میں جمعہ کے لیے مسجد جانے کی دلیل ہے۔ (۷) کبھی خواب میں قربانی کرنے کی تعبیر تقسیمِ مال کے لیے حکم صادر کرنے سے کی جاتی ہے۔ (۸) قربانی کرنا تمام شدائد سے نجات اور ظہورِ برکت کی بشارت ہے۔ (۹) اگر حاملہ عورت اپنے آپ کو قربانی کرتے ہوئے دیکھے تو اس کی تعبیر ولد صالح کی پیدائش سے کی جاتی ہے۔ (۱۰) اسی طرح اونٹ، گائے، مینڈھا وغیرہ قربانی کرنا غلام آزاد کرنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۱) خواب میں غلام کا اپنے آپ کو قربان کرنا اس کی آزادی کی دلیل ہے اور اگر صاحب خواب اسیر ہے تو قید سے نجات ہوگی اور اگر یہی خواب مدیون آدمی دیکھے تو اس کی دین سے خلاصی ہوگی اور فقیر دیکھے تو فقر ختم ہو جائے گا۔ اور خوف زدہ آدمی دیکھے تو پر امن ہوگا یا حج کی سعادت نصیب ہوگی۔ اور دشمن سے لڑنے والے دشمنوں پر غالب ہوں گے۔ اور غمزدہ کو غم سے نجات ملے گی۔ (۱۳) اگر کوئی شخص دیکھے کہ وہ قربانی کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گوشت تقسیم کر رہا ہے تو وہ غموں کے ہجوم سے نکلے گا اور اس کو عزت وشرف نصیب ہوگا۔(۱۴) اگر کوئی شخص اپنے آپ کو قربانی کا گوشت چوری کرتے ہوئے دیکھ لے تو تعبیر ہے کہ صاحب خواب اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھے گا۔(۱۵) بعض اہل تعبیر نے کہا ہے کہ خواب میں قربانی کرتے ہوئے دیکھنا صاحب خواب کی موت کی نشانی ہے اور بعض نے مرض سے صحت یاب ہونے کی علامت قرار دیا ہے۔

## استغفار (مغفرت طلب کرنا)

(۱) خواب میں استغفار وسعت رزق کی علامت ہے۔ حالت نماز کے بغیر استغفار کرنا عمر کی درازی کی طرف دلالت کرتا ہے بعض دفعہ استغفار کی تعبیر اللہ کی مدد اور مصائب سے چھٹکارہ سے کی جاتی ہے۔(۲) کوئی شخص خواب میں اپنے آپ کو استغفار کرتے ہوئے دیکھے تو تعبیر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ صاحب خواب کے گناہ بخش دیں گے اور اس کے رزق میں زیادتی ہوگی۔ اللہ تعالیٰ خواب دیکھنے والے کو مال' اولاد' خدام' باغات' انہار وغیرہ عطا فرمائیں گے۔(۳) استغفار سے رک جانا نفاق کی علامت ہے۔(۴) کسی عورت نے خواب دیکھا کہ گویا اس کو استغفار کرنے کو کہا جا رہا ہے تو دلیل ہے یہ عورت زنا میں مبتلا ہوگی۔(۵) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ نماز سے فراغت کے بعد قبلہ رو ہو کر استغفار کر رہا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ اس کی دعا قبول ہوگی اور غیر قبلہ رو ہو کر استغفار کرنا بعدِ گناہ توبہ کی دلیل ہے۔

## اسلام

اسلام کی تعبیر استقامت فی الدین سے کی جاتی ہے۔(۱) اگر مشرک اپنے آپ کو خواب میں مسلمان ہوتے ہوئے دیکھے اور قبلہ رو ہو کر نماز پڑھتا ہوا یا اللہ کا شکر ادا کرتا ہوا دیکھے تو یہ اس کے مسلمان ہونے اور ہدایت یافتہ ہونے کی دلیل ہے۔(۲) کوئی مسلمان خواب میں خود کو دوبارہ مسلمان ہوتے ہوئے دیکھے تو تعبیر ہے کہ تمام آفات سے محفوظ ہوگا۔(۳) اگر صاحب خواب کسی کافر ملک میں ہو اور خواب میں اپنے آپ کو دارالاسلام میں منتقل ہوتا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ عنقریب اس کا انتقال ہوگا۔(۴) اگر کوئی مشرک خود کو جنت میں دیکھے یا سونے کے کنگن پہنتا ہوا پائے یا دوسرا شخص اس کو اس حالت میں دیکھے تو یہ اس کے مسلمان ہونے کی علامت ہے۔(۵) کوئی مشرک خود کو مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہوتے ہوئے دیکھے تو یہ بھی اس کے اسلام لانے کی طرف اشارہ ہے۔ (۶) کسی کافر کا اپنے سینے کو کشادہ ہوتے ہوئے دیکھنا یا دریا کے اندر کشتی میں دیکھنا اس کے اسلام لانے کی دلیل ہے۔(۷) کسی مسلمان ملک میں رہنے والا کافر خواب میں خود کو کلمۂ شہادت پڑھتے ہوئے دیکھے تو یہ مصیبت سے نجات کی علامت ہے یا گمراہی کے بعد ہدایت کی نشانی ہے اگر با اختیار رہے۔ اور اگر محبوس ہے یا مجبور ہے تو مشکل میں پڑنے کی دلیل ہے۔(۸) اگر کوئی مرتد شخص خواب میں شہادتین کا اقرار کرے تو تعبیر ہے کہ یہ اپنے والدین کو چھوڑنے کے بعد دوبارہ ان کی طرف

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لوٹ جائے گا یا جس مکان سے نکلا ہے دوبارہ اس میں داخل ہوگا۔ (۹) اگر مسلمان شخص خواب میں کلمہ شہادت پڑھتے ہوئے خود کو دیکھے تو صحیح اور درست گواہی دینے کی علامت ہے یا صدق وصفا میں شہرت کی دلیل ہے۔

## الامان من الحرب (جنگ سے مامون رہنا)

خواب میں جنگ سے امن میں ہونا خوف سے مامون ہونے کی دلیل ہے اور بعض دفعہ یہی خواب گمراہی کے بعد ہدایت پانے پر دلالت کرتا ہے خاص طور پر اگر خوف زدہ آدمی خواب میں امن محسوس کرے تو ہدایت ہی مراد ہوتی ہے۔

## اسراء الانسان (قیدی کرنا)

(۱) خواب میں کسی کو قید کرنا خیر اور رزق کی دلیل ہے۔ (۲) کبھی قید کرنا پیشاب روکنے کی علامت ہوتا ہے۔ (۳) کبھی اس کی دلالت غیر پر رازوں کے ظہور پر ہوتی ہے اور کبھی گم کردہ شئی کے لئے اس سے خیر ملنے کی علامت ہے۔ (۴) خود کو قید ہوتے ہوئے دیکھنا کوئی خیر کی علامت نہیں ہے بلکہ مصیبت پہنچنے کی دلیل ہے۔

## اداء الشهادة (گواہی دینا)

خواب میں گواہی دینا مندرجہ ذیل امور پر دلالت کرتا ہے۔ ذمے سے عہدہ برآ ہونا' نذر مان کر پورا کرنا' کسی کا پیغام پہنچانا' قرض اتارنا۔

خواب میں گواہی کو چھپانا مندرجہ ذیل امور پر دلالت کرتا ہے۔ مقروض ہونا' امانت کے متعلق طمع کرنا' بغض وکینہ رکھنا گناہوں پر جری ہونا' بیمار ہونا۔

## اماطة الاذیٰ عن الطریق (راستے سے تکلیف دہ چیز کو دور کرنا)

خواب میں راستہ سے ضرر رساں چیزوں کو ہٹانا مندرجہ ذیل امور پر دلالت کرتا ہے۔ دینی غیرت' بیدار مغزی' ازواج' اولاد' درست کلام کرنا' کثرت صدقہ ونرم گفتاری کی وجہ سے گناہوں کا معاف ہونا' بلند منصب ملنا' امر بالمعروف نہی عن المنکر کرنا' امیر ہونا' امارت سے معزول ہونا اور راستہ سے تکلیف دہ چیز (بڑا پتھر' کانٹا وغیرہ) رکھنے کی تعبیر درج ذیل امور سے کی جاتی ہے' فحش گوئی' دوسروں کو زبان اور ہاتھ سے تکلیف پہنچانا' مسافروں کو لوٹنا' اگر یہی خواب کوئی حاکم دیکھے تو یہ ظلم کرنے' لوگوں سے ایسا کام لینے سے جس کی وہ طاقت نہ رکھ سکیں اور ایسے نائب مقرر کرنے سے جو لوگوں پر ظلم کرے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## الامر بالمعروف ونھی عن المنکر (نیکی کا حکم کرنا اور برائی سے منع کرنا)

(۱) خواب میں نیکی کا حکم کرنا (نماز، روزہ، ایمان وغیرہ کا حکم کرنا) ایمان باللہ اور حقوق اللہ کی حفاظت کی دلیل ہے۔ (۲) اگر ولایت کا اہل ہے تو وہ اسے نصیب ہوگی اور اگر صاحب الرائے ہو تو حَکَم بنایا جائے گا۔ (۳) اگر کوئی شخص خود کو شراب تلف کرتے ہوئے، یا باجا سارنگی یا جوا کے سامان یا اس قسم کے منکرات کو ختم کرتے ہوئے دیکھے تو یہ اس کے ایمان کی پختگی کی نشانی ہے۔ بسا اوقات صبر کی علامت بھی سمجھی جاتی ہے۔ (۴) خواب میں نیکی سے روکنا اور برائی کی ترغیب دینا منافقت کی دلیل ہے۔

## اجارہ (کرایہ پر چیز لینا دینا)

(۱) اپنی چیز کرائے پر دینے کی تعبیر امن سے کی جاتی ہے۔ (۲) کبھی اجارہ نکاح پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۳) خوابِ مستاجر کی تعبیر مکار آدمی سے کی جاتی ہے جو صاحبِ اجارہ اس کے خداع میں آگیا تو اس سے برأت ظاہر کرے گا اور ہلاکت میں ڈال کر چھوڑے گا۔

## اعارہ (عاریت پر دینا)

(۱) اپنی محبوب چیز کسی کو عاریت پر دینا یا کسی سے پسندیدہ شئی بطور عاریت لینا ایسی خیر کی علامت ہے جو زیادہ دیر برقرار نہ رہ سکے۔ (۲) اور غیر پسندیدہ شئی عاریت پر لینا یا دینا ایسی ناگواری کی دلیل ہے جو ہمیشہ نہیں رہے گی۔ اس لئے کہ عاریت کی چیز ہمیشہ کے لئے نہیں ہوتی ہے (۳) کسی سے سواری استعارہ پر لینے کی تعبیر یہ ہے کہ معیر مستعیر کا بوجھ برداشت کرے گا۔

## ایلاء (بیوی کے پاس نہ جانے کی قسم کھانا)

خواب میں بیوی کے ساتھ ایلاء کرنا غم، تکلیف اور اندوہ کی دلیل ہے۔

## الاسد (شیر)

(۱) خواب میں شیر دیکھنا ظالم، فحش گو اور غاصب بادشاہ کی علامت ہے۔ (۲) کبھی شیر کی رؤیت موت پر بھی دلالت کرتی ہے اس لئے کہ شیر ذی روح کو شکار کرتا ہے (اور موت بھی ذی روح کو شکار کرتی ہے)۔ (۳) خواب میں شیرنی کی رؤیت شریر بے راہ عورت کی دلیل ہے۔ (۴) کبھی خواب میں شیر دیکھنے کی تعبیر مندرجہ ذیل سے کی جاتی ہے۔ جہالت، کبر، خود پسندی، شیخی، ناز وغیرہ۔ (۵) کبھی رؤیتِ شیر کی تعبیر عدوِ مسلط سے بھی کی جاتی ہے۔ (۶) اگر کسی نے خواب میں شیر کو دیکھا اور شیر سے بھاگا لیکن شیر نے اس کو نہیں دیکھا تو تعبیر یہ ہے جس چیز کا خوف ہے اس سے نجات ملے گی اور حکمت پائے گا۔ (۷) اگر کوئی خواب میں شیر کو اپنے قریب ہو کر استقبال کرتے دیکھے تو تعبیر یہ ہے کہ اس کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بادشاہ کی طرف سے کوئی غم پہنچے گا اور پھر اسے نجات مل جائے گی۔ (۸) اگر کسی نے دیکھا کہ شیر نے اس کو پچھاڑ دیا تو یہ دائمی بخار کی دلیل ہے اس لئے کہ شیر ہمیشہ بخار کی حالت میں رہتا ہے۔ یا اس کی تعبیر قید خانہ سے کی جاتی ہے۔ (۹) شیر سے لڑنے کی تعبیر بھی بخار سے کی جاتی ہے۔ (۱۰) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے شیر کے گوشت یا ہڈی یا بال میں سے کچھ لے لیا تو یہ بادشاہ یا مسلط دشمن سے کچھ ملنے کی دلیل ہے۔ (۱۱) خواب میں درندے (شیر وغیرہ) پر ڈرتے ہوئے سوار ہونے کی تعبیر ایسی مصیبت سے کی جاتی ہے کہ جس سے آگے پیچھے ہونے کا امکان نہیں ہوتا۔ (۱۲) درندے پر بلا خوف سوار ہونا دشمن کو مغلوب کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۳) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ بلا خوف شیر کے ساتھ لیٹا ہوا ہے تو وہ مرض سے مامون ہوگا۔ (۱۴) اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ شیر کسی گھر میں داخل ہوا ہے اگر اس گھر میں کوئی مریض ہو تو وہ مرجائے گا' اور اگر مریض نہ ہو تو یہ بادشاہ کی طرف سے خوف آنے پر دلالت کرتا ہے۔

(۱۵) کسی کا خود کو شیر کو دیکھے بغیر اس سے ڈرنا دشمن سے مامون ہونے کی دلیل ہے۔

(۱۶) شیر کو اپنے پاس بغیر مخالفت کے دیکھنا بادشاہ کی طرف سے ایسا خون پہنچنے کی دلیل ہے جو اس کے لئے نقصان دہ نہیں ہوگا۔ (۱۷) کبھی شیر دیکھنا موت یا قربِ اجل کی دلیل ہوتا ہے۔ (۱۸) شیر کو اپنے گھر میں دیکھنا بادشاہ تک رسائی اور درازِ عمر کی دلیل ہے۔ (۱۹) اگر کسی نے دیکھا کہ شیر نے اس کے بدن سے کچھ کاٹا تو یہ دشمنِ مسلط کی طرف بقدر کاٹنے کے اس کو تکلیف پہنچنے کی نشانی ہے۔ (۲۰) خواب میں شیر سے مقابلہ کرنا دشمن سے مقابلہ کی علامت ہے۔

(۲۱) کسی نے خواب دیکھا کہ گویا اس نے شیرنی کے ساتھ نکاح اور جماع کیا ہے تو تعبیر ہے کہ اس کو شدائدِ کثیرہ سے نجات ملے گی' دشمن کے مقابلے میں کامیابی ہوگی' اور اس کا حکم بلند ہوگا' اور لوگوں میں اچھی شہرت کا حامل ہوگا۔ (۲۲) اگر کسی نے خواب میں شیر کا گوشت کھایا تو اس کو بادشاہ کی طرف سے مال ملے گا۔ یا اس کی تعبیر دشمن پر غلبہ سے کی جاتی ہے۔ (۲۳) کسی نے خواب دیکھا کہ گویا اس نے شیر کا سر کھایا تو اس کو عظیم قوت اور مالِ کثیر حاصل ہوگا۔ (۲۴) اعضاءِ شیر میں سے کچھ کھانا عدو مسلط سے کچھ ملنے کی دلیل ہے۔ (۲۵) کسی نے دیکھا کہ گویا اس نے شیر کی کھال یا بال میں سے کچھ حاصل کیا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کو دشمن کی طرف سے مال حاصل ہوگا۔ یا میراث کی صورت میں مال ملے گا۔ (۲۶) کبھی خواب میں شیر دیکھنے کی تعبیر دشمن سے محاربِ چیز' اور چور' جابر حکمران اور صاحب الشرط وغیرہ سے کی جاتی ہے۔ (۲۷) شیر کا کسی شہر میں داخل ہونا طاعون' مصیبت' ظالم بادشاہ یا دشمن کے داخل ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۲۸) شیر کو مسجد کے ممبر پر بیٹھا دیکھنے کی تعبیر ایسے ظالم بادشاہ سے کی جاتی ہے جس کی طرف سے لوگوں کو مصیبت وخوف ملے گا۔ (۲۹) شیر کے بچے کی تعبیر بچے سے کی جاتی ہے۔ (۳۰) کسی نے خواب میں شیر کو قتل کیا تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب تمام غموم وہموم سے نجات پائے گا۔ (۳۱) کوئی شخص خود کو شیر بنتے ہوئے دیکھ لے تو تعبیر یہ ہے کہ وہ شخص اپنے منصب کے بقدر ظالم ہوگا۔ (۳۲) بعض اہل تعبیر نے کہا کہ شیرنی کی تعبیر بادشاہ کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آدمی سے کی جاتی ہے۔

## الایل (پہاڑی بکرا)

(۱) خواب میں پہاڑی بکرا دیکھنا' تاج' عزت و وقار' ہیبت' اور دشمنوں کے ختم ہونے اور مقام سے گرنے کی دلیل ہے۔ (۲) کبھی اس کی تعبیر اس مسافر سے کی جاتی ہے جو بیابان' پہاڑ اور سرحدوں میں ہوتا ہے اور رزقِ حلال سے گذارہ کرتا ہے۔ (۳) کسی نے دیکھا گویا اس کا سر بکرے کے سر کی طرح ہوا تو یہ ولایت و ریاست ملنے کی نشانی ہے۔

## الارنب (خرگوش)

(۱) خواب میں خرگوش دیکھنے کی تعبیر عورت سے کی جاتی ہے۔ جس نے خواب میں خرگوش پکڑا تو یہ اس کی شادی کی دلیل ہے۔ (۲) خواب میں خرگوش ذبح کرنا بیوی کے باقی نہ رہنے کی دلیل ہے۔ (۳) بعض اہلِ تعبیر کی رائے یہ ہے کہ خرگوش بزدل مرد پر دلالت کرتا ہے۔ (۴) اور بعض کہتے ہیں کہ خرگوش کی تعبیر بری عورت ہے کہ خواب میں جیسا خرگوش دیکھے اس سے اس جیسی عورت مراد ہوگی۔ (۵) کسی نے دیکھا کہ خرگوش کا گوشت یا اس کی کھال میں سے کچھ لیا تو کسی عورت سے کچھ ملنے کی نشانی ہے۔ (۶) کسی نے دیکھا کہ گویا اس کو خرگوش مل گیا تو تعبیر یہ ہے کہ اس کو عورت مل جائے گی۔ (۷) کسی نے خرگوش کا بچہ حاصل کیا تو اس کو مصیبت' غم اور تکلیف پہنچے گی۔

## ابن اویٰ (گیدڑ)

(۱) اس کی دلالت ایسے شخص پر ہوتی ہے جو لوگوں کو ان کا حق دینے سے روکتا ہے۔ (۲) اور کبھی اس کی دلالت شر اور جھگڑے پر اصرار کرنے والے شخص پر ہوتی ہے۔ (۳) اور کبھی اس کی تعبیر لہولعب کے اجتماع پر اور کبھی الفت پر بھی ہوتی ہے۔

## ابن عرس (چھچھوندر)

اس کی دلالت بے رحم' سخت دل' ظالم اور کم عقل شخص پر ہوتی ہے۔ چنانچہ خواب میں اس کا گھر میں داخل ہونا کسی مکار شخص کے داخل ہونے کی علامت ہے اور یہ سرخ جانور ہے جو بلی سے چھوٹا ہوتا ہے اور گھر میں رہتا ہے اور چوہے کا دشمن ہے۔

## ارضہ (دیمک)

(۱) خواب میں دیمک دیکھنا علمی موشگافی اور طلبِ رزق حلال پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) اپنے تھیلے یا لاٹھی میں دیمک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دیکھنے کی تعبیر موت سے کی جاتی ہے۔

## ابلیس اللعین (شیطان)

(۱) خواب میں شیطان کو دیکھنا سہو ونسیان کی علامت ہے۔
حکایت: (۱) ایک شخص نے حضرت حسنؒ سے کہا اے ابوسعید ابلیس سوتا بھی ہے؟ تو حضرت حسنؒ ہنس کر فرمایا' اگر وہ سو جاتا تو ہمیں سکون نصیب ہو جاتا۔ (۲) خواب میں شیطان کی رؤیت مندرجہ ذیل امور پر دلالت کرتی ہے۔ بدظنی عالم' نماز چھوڑنا' جھوٹ' چوری' گناہ کا کام کرنا' درازی عمر' مکر' سازش کرنا' سحر' حسد' زوجین میں جدائی وغیرہ۔ (۳) کبھی رؤیتِ شیطان ارتداد پر دلالت کرتی ہے اس لئے کہ وہ بڑا عابد تھا لیکن اپنی نافرمانی کی وجہ سے مردود اور اللہ کی رحمت سے مبعود ہوا۔ (۴) اور کبھی اس کی تعبیر ایسے کافر بادشاہ سے بھی کی جاتی ہے جو دریا کے پاس رہتے ہوئے سوار اور پیدل فوج کی تیاری میں لگا ہوا ہو اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ﴿وَاَجۡلِبۡ عَلَيۡهِمۡ بِخَيۡلِكَ وَرَجِلِكَ﴾ ''اور حملہ کر ان پر اپنے گھوڑوں اور پیادوں کے ساتھ'' (۵) کسی نے دیکھا گویا وہ ابلیس ہوا تو اس کی تعبیر یہ ہے' کہ اس کی آنکھ کو کچھ ہوگا' یا اس کی تعبیر دین سے مرتد ہونے سے کی جائے گی' یا لمبی زندگی گزارنے' غمگین ہونے' اولاد اور مال کی صورت میں رزق ملنے اور اپنی سازش وخداع کے ذریعہ دشمنوں پر غلبہ سے تعبیر کی جائے گی۔ اور اگر صاحب خواب بادشاہت کی اہلیت رکھتا ہو تو بادشاہ بنے گا' اور امر بالمعروف ونہی عن المعروف کرتا رہے گا۔ (۶) کسی نے دیکھا کہ گویا کہ اس نے ابلیس کو قتل کیا۔ تو تعبیر یہ ہے کہ وہ کسی سازشی اور فراڈی قسم کے شخص کے ساتھ مکر کرے گا۔ اور اگر صاحب خواب عفیف اور نیک ہو تو تعبیر یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے احکام کی پیروی کرنے والا ہوگا۔

## اوز (بطخ)

(۱) خواب میں اس کی رؤیت صاحبِ مال وشہرت اور وجاہت والی عورت سے کی جاتی ہے۔ (۲) خواب میں ان کے مقامات سے ان کی آوازیں سننا چیخنے اور نوحہ کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) کسی نے دیکھا کہ گویا وہ بطخ چرا رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ رفعت والی قوم کا سربراہ بنے گا۔ اور اس قوم کی طرف سے اس کو مال ملے گا۔ اور بعض علماء تعبیر کا کہنا ہے کہ بطخ کی دلالت غمزدہ شخص اور بحر وبر پر بادشاہت کرنے پر ہوتی ہے۔

## بطخ کی دو قسمیں بری اور بلدی

اور بطخ بری کی دلالت سفر کرنے والے لوگوں پر ہوتی ہے مثلاً بحر وبر میں تجارت کرنے والے لوگ۔ اور بلدی کی دلالت مندرجہ ذیل پر ہوتی ہے۔ اہل' عموم' ازواج' املاً' باندیاں' غلام' دربان وغیرہ۔ اور کبھی اس کی دلالت خوبصورت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



موٹی عورت پر بھی ہوتی ہے۔ اور ان کی آوازوں کی دلالت غرق ہونے یا جل جانے یا مر جانے کے سبب سے غم واقع ہونے پر ہوتی ہے۔ اور بطخ کا انڈا ہاتھ میں لینا مال حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

## ابرۃ (سوئی)

(۱) خواب میں سوئی دیکھنا غیر شادی شدہ کے لئے شادی اور فقیر کے لئے سترِ حال کی دلالت کرتا ہے۔ (۲) خواب میں سوئی ملنا معاملے کی درستگی، امورِ پراگندہ کو یکجا کرنے اور مجتمع کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ کسی نے دیکھا کہ گویا وہ سوئی میں دھاگہ ڈال کر کچھ سی رہا ہے تو یہ اس کے امورِ متفرق کو مجتمع کرنے کی دلیل ہے۔ (۳) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ سوئی جس سے وہ سی رہا ہے ٹوٹ گئی یا دھاگہ نکل گیا یا چھن گئی تو یہ اس کی حالت کی پراگندگی اور اس کے کام کے بگڑنے کی دلیل ہے۔ (۴) خواب میں سوئی دیکھنے کی تعبیر عورت سے کی جاتی ہے کیونکہ سوئی میں دھاگہ ڈالا جاتا ہے۔ (۵) بڑے سوے کی تعبیر بھی سوئی کی تعبیر کی طرح ہے چنانچہ اگر کسی نے اپنے ہاتھ میں سوا دیکھا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کے ہاں بچی ہوگی اگر گھر میں کوئی حاملہ موجود ہو، ورنہ یہ سفر کی علامت ہے۔ (۶) سوئی کی تعبیر محبت کرنے والے مرد و عورت ہوتے ہیں۔ (۷) کسی نے دیکھا کہ وہ سوئی کھا رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اپنے راز کسی ایسے شخص کو بتائے گا جو اسے نقصان پہنچا سکتا ہے۔ (۸) کسی نے دیکھا کہ وہ کسی دوسرے انسان کے بدن میں سوئی چھور رہا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب قوی آدمی کو زبانی تکلیف پہنچائے گا۔ (۹) سوئی دیکھنے کی تعبیر صحیح کام کرنے کے اسباب سے کی جاتی ہے۔ (۱۰) اسی طرح دو تین یا چار سوئیوں کی تعبیر بھی یہی ہے چنانچہ دھاگوں والی سوئیاں معاملے کے مجتمع ہونے کی تصدیق قریب ہونے پر دلالت کرتیں ہیں۔ اور کم سوئیوں کی تعبیر جن سے کام لیا جاتا ہو اور ان سے سیا جاتا ہو زیادہ سے زیادہ بہتر ہے۔ (۱۱) خواب میں دوسروں کے کپڑوں کو سوئیوں سے سینا ان کے ساتھ خیر خواہی کرنے اور ان کے درمیان اصلاح کی کوشش کی دلیل ہے۔ اس لئے کہ ناصح کا اطلاق خیاط پر ہوتا ہے۔ (۱۲) خواب میں سوئی سے اپنا کپڑا سینا فقیر کے لئے مالداری کی دلیل ہے اور منتشر جماعت والوں کے لئے ان کی جماعت کے مجتمع ہونے اور فاسد الحال کے لیے حالت کی درستگی کی علامت ہے۔ (۱۳) خواب میں کپڑے درست رفو کرنا غیبت سے توبہ کرنے اور گناہوں سے استغفار کرنے کی علامت ہے اور غلط رفو کرنا غلط کام کر کے عذر کرنے اور اس کے بعد توبہ کرنے کی دلیل ہے۔

## ابریق (لوٹا)

(۱) گناہ گار شخص کا خواب میں ابریق دیکھنا گناہوں سے توبہ کی علامت ہے۔ (۲) حاملہ عورت کا ابریق دیکھنا بیٹے کی پیدائش کی دلیل ہے۔ (۳) اور لوٹا دیکھنے کی تعبیر اسرار پر نگاہ رکھنے والے بیٹے سے کی جاتی ہے۔ (۴) خواب میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بہت سے لوٹے جمع کرنا ایسے اعمال صالحہ کی دلیل ہے جو دخول جنت کے موجب ہوں۔(۵) ابریق کی تعبیر تلوار سے بھی کی جاتی ہے اس لیے کہ تلوار کے ناموں میں ابریق کا لفظ بھی ہے۔(۶) خواب میں اس کی قیمت کا زیادہ ہونا ان لوگوں کے رفع منزلت کی نشانی ہے جن پر یہ دلالت کرتی ہے۔(۷) ابریق کھیل کود ہنسنے اور قہقہے مارنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔اور اسی کے مشابہ گھر میں استعمال ہونے والے دوسرے برتنوں کی بھی یہی تعبیر ہے۔

## اسکاف (موچی)

موچی کی مختلف قسمیں ہیں:

(۱) عورتوں کے جوتے بنانے والا۔اس کو دیکھنا نکاح کرانے والے یا قصاص لینے والے کی علامت ہے۔ (۲) مردوں کے موزے بنانے والا' اس کی دلالت خدام اور کثرتِ اسفار پر ہوتی ہے۔(۴) انجان موچی کی رؤیت کی تعبیر منصف میراث تقسیم کرنے والے سے کی جاتی ہے۔ جوتا دیکھنے کی تعبیر عورتوں کی تزئین کے امور کی دلالت سے کی جاتی ہے۔اس لئے کہ جوتے کی تعبیر عورت سے کی جاتی ہے۔

## انشراح قلب (دل جمعی)

انشراح قلب عاصی کے لیے توبہ اور کافر کے لیے مسلمان ہونے پر دلالت کرتا ہے اور تنگ دست کے لیے وسعت رزق پر دلالت کرتا ہے۔

## انقباض قلب (تنگدلی)

(۱) رزق میں تنگی کی علامت ہے۔(۲) کبھی خواب میں دل کا منقبض ہونا' بیداری میں گناہوں کی وجہ سے دل کے مکدر ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

## اسراع (جلدی کرنا)

(۱) خواب میں کسی کام میں جلدی کرنا اس میں سستی اور آہستگی کی علامت ہے۔(۲) مریض کا خواب میں جلدی کرنا اس کے مرنے کی نشانی ہے۔(۳) خواب میں خیر کی طرف جلدی کرنا اعمال صالحہ کی طرف تیزی سے جانے کی دلیل ہے اور شر میں جلد بازی کرنا مرتد ہونے اور ایسا کام کرنے جس پر بعد میں ندامت ہو' کی طرف مشیر ہے۔

## ارض (زمین)

خواب میں زمین دیکھنے کی کئی تعبیریں اس کی اقسام کے اعتبار سے ہوسکتی ہیں۔(۱) خواب میں محشر کی زمین کی رؤیت' رازوں کی حفاظت' تنگدستی کے بعد چارادستی' خوف کے بعد امن اور وعدہ کر کے پورا کرنے کی دلیل ہے۔(۲) کبھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس کی رؤیت خوبصورت' کنواری اور عظیم بیوی یا قلیل مدت کیلئے منصب جلیل ملنے اور راہ راست اور تقویٰ پر زندگی گذارنے کی دلیل ہے۔(۳) گھر کی زمین مندرجہ ذیل امور پر دلالت کرتی ہے۔اس زمین کی درشگی' سرسبزی' اس کی فصلوں کی بڑھوتری۔اور اس کا فساد و خرابی ان اشیاء ذیل پر دلالت کرتی ہے۔گھر میں بچھائے جانے والی فرشی چیزیں مثلاً چٹائی' دری' قالین وغیرہ' گھر کے اصلاح کرنے اور صفائی پر مامور افراد یا اس گھر میں جمع ہونے والے رشتہ دار اقرباء۔(۴) خواب میں زرعی زمین دیکھنا مندرجہ ذیل اشیاء پر دلالت کرتا ہے' اس کی فصلیں اور اس کی سرسبزی' جدت' کاشتکاری' آلہ' کاشتکاری' گاھنا وغیرہ' لہذا زمین پر کچھ اُگنا' یا اس سے اچھی بو آنا اس میں پھول اُگنا' یا اس میں روشنی آنا' یا نرم ہونا یا سخت ہونا' یہ سب مذکورہ اشیاء کے اچھے یا خراب ہونے پر دلالت کرتے ہیں۔(۵) محلہ کی زمین دیکھنے کی تعبیر تجارت کے لئے سفر کرنے سے کی جاتی ہے۔اس زمین کے اوپر ارباب معائش یعنی کرائے کے لئے سواریاں چلانے والوں' تانگوں اور اونٹوں والوں کو دیکھنا یا زمین کی دشوار گزار گھاٹیوں کا زائل ہونا' پتھروں کا ختم ہونا اور اس کے راستوں کا واضح اور سیدھا ہونا۔اس پر سفر کرنے والے منافع کثیرہ' معاملے کے سہل ہونے' غموم کے دور ہونے اور منازل کے جلد طے ہونے کی دلیل ہے۔

(۶) انجان زمین کی رؤیت کی تعبیر مختلف حالات میں مندرجہ ذیل امور سے کی جاتی ہے۔والدہ' والد' زوجہ' زوج' شریکِ کار' وارث' سواریاں' باندی کا مالک' زمین پر بچھائے جانے والی اشیاء۔(۷) اسی طرح زمین دیکھنا زانیوں' فاسقوں اور لہو ولعب میں منہمک لوگوں پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۸) زمین چغلخور اور راز فاش کرنے والی عورت پر بھی دلالت کرتی ہے۔(۹) زمین دیکھنا جھگڑے' علم یا فصاحت وغیرہ کی بھی علامت ہے۔(۱۰) زمین دیکھنا دنیا پر اور آسمان کی رؤیت آخرت پر دلالت کرتی ہے۔(۱۱)۔کبھی خواب میں زمین اور آسمان کو دیکھنا ایسی دو سوکنوں کی علامت ہے جن کو اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی آپس میں متفق نہیں کر سکتا۔(۱۲) کبھی خواب میں زمین کو شق ہوتا ہوا دیکھنا منکرات و محرمات کے اظہار کی نشانی ہے اور کبھی شق الارض کی تعبیر زمین پر کاشت شدہ فصل کی بہتری اور برکت سے کی جاتی ہے۔(۱۳) کسی قیدی کا زمین کو طویل اور پھیلتی ہوئی دیکھنا قید سے خلاصی کی دلیل ہے۔(۱۴) زمین کو ممتد ہوتا ہوا دیکھنا کشائش رزق کی نشانی ہے۔(۱۵) چکنی زمین دیکھنا تنگ دست یا بانجھ عورت سے نکاح کرنے کی علامت ہے کیونکہ ایسی زمین نباتات سے خالی ہوتی ہے۔(۱۶) بعض دفعہ زمین کسی بادشاہ کے ماتحت ملک پر بھی دلالت کرتی ہے۔اور موت وحیات' رزق اور اچھے برے اعمال کرنے والے پر بھی دلالت کرتی ہے۔(۱۷) کوئی شخص خواب میں زمین کا مالک ہوا تو یہ غیر شادی شدہ کے لیے شادی اور اولاد کی دلیل ہے۔اور شادی شدہ کے لئے کسی کے ساتھ شرکت' یا کسی انسان کو اپنے مال اور راز کا امین بنانے یا کسی کے وارث بننے' یا گھر کرائے پر لینے' یا گھر خریدنے یا باندی' سواری' شراب وغیرہ خریدنے کی دلیل ہے۔مذکورہ تعبیریں ہر انسان کے اعتبار سے مختلف ہو سکتی ہیں۔(۱۸) اگر یہی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خواب کوئی مریض دیکھے تو یہ مرض سے صحت یاب ہو کر اسی زمین میں قیام کرنے اور رزق نصیب ہونے کی دلیل ہے۔(۱۹) کسی نے خواب دیکھا کہ زمین کشادہ ہونے کے ساتھ ساتھ خوش منظر بھی ہے تو تعبیر ہے کہ صاحب خواب کے اعمال اس زمین پر اچھے اور صالح ہیں اور اگر اس زمین پر مردار یا بوسیدہ ہڈیاں یا کسی قسم کی گندگی دیکھے تو یہ اس زمین پر برے عمل کرنے کی علامت ہے۔ (۲۰) خواب میں زمین کا کلام کرنا' یا زمین سے کوئی ایسی آواز سننا جو سمجھ میں نہ آ رہی ہو تو یہ مصیبت و شدائد' لڑائی جھگڑے اور بے پردگی کی علامت ہے۔(۲۱) خواب میں زمین پر زلزلے کی تعبیر کبھی نامکمل بچے کی پیدائش سے بھی کی جاتی ہے۔(۲۲) کسی نے دیکھا کہ زمین نے اپنے اوپر رہنے والوں کو دھنسا دیا تو اس کی گمراہی' خود پسندی اور اللہ تعالی کی اطاعت سے غفلت کی دلیل ہے۔(۲۳) کسی نے دیکھا کہ زمین اس کے نیچے سے سمٹ گئی تو یہ عمل سے فارغ ہونے یا بیوی کو طلاق دینے یا منصب کے ختم ہونے کی طرف اشارہ ہے۔

(۲۴) کھودنے کے لئے زمین کے مشکل ہونے کی تعبیر کبھی زوجہ کے حمل کے متعذر ہونے سے اور کبھی اپنے پیشے کو چھوڑ کر دوسرا پیشہ اختیار کرنے سے کی جاتی ہے اور کبھی اپنی کمائی سے رزق حاصل کرنے سے اور کبھی کوئی خزانہ دکان ملنے سے کی جاتی ہے۔(۲۵) کسی نے دیکھا کہ گویا وہ زمین کی طرح ہو گیا تو لوگوں میں بلند مرتبہ پائے گا یا ریاضت کے لیے گوشہ نشینی و خلوت گزینی اختیار کریگا اور خواہشات نفس کو توڑ ڈالے گا یا دلیل ہے کوئی دوسرا اس پر ظلم کریگا۔

(۲۶) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے زمین کو اُٹھایا ہوا ہے اور کوئی ثقل محسوس نہیں کر رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اسکی زمین پر کسی دوسرے نے ظلم کیا اور وہ زمین کو طوق بنا کر اس کے گلے میں ڈالے گا۔ یا کبھی اس کی دلالت شہری اور گفتگو کرنے والا ہونے پر ہوتی ہے صاحب خواب کے ظالم ہونے اور زمین کو اٹھانے اور جوتنے سے تعبیر بھی کی جاتی ہے۔

(۲۷) کسی کا خواب میں زمین سے کچھ کھایا ہوا دیکھنا اپنی محنت کا پھل کھانے اور فصل وغیرہ سے دوبارہ فائدہ ملنے کی دلیل ہے۔ یا اس خواب کی تعبیر اپنی محبوب چیز یا اپنی کسی سواری کو فروخت کر کے اس کی قیمت کھانے سے کی جاتی ہے۔

(۲۸) اگر کسی نے دیکھا کہ زمین پھٹ گئی اور اس کو نگل گئی تو یہ شرمندگی اور اسبابِ امور کے مشکل ہونے کی دلیل ہے اور کبھی اسی خواب کی تعبیر سفر کرنے سے اور قید ہونے اور کبھی ممنون ہونے سے کی جاتی ہے۔(۲۹) کسی نے دیکھا کہ گویا وہ کشادہ میدان میں ہے اور اس کو پہچان نہیں رہا ہے اور وہ زمین صحرا کی طرح لگ رہی تو یہ صاحب خواب کے عنقریب سفر کرنے کی دلیل ہے۔(۳۰) خود کو زمین پر بیٹھا ہوا دیکھنا اس میں برقرار رہنے کی دلیل ہے۔(۳۱) زمین پر ہاتھ مارنا یا زمین کو کسی چیز سے مارتا ہوا دیکھنا سفر بغرض تجارت کرنے پر دلالت کرتا ہے۔(۳۲) بنجر زمین سے سرسبز زمین کی طرف منتقل ہونے کی تعبیر بدعت سے سنت کی طرف آنے سے کی جاتی ہے' اور سرسبز سے خشک زمین کی طرف جانا سنت کی زندگی چھوڑ کر بدعت اختیار کرنے کی دلیل ہے۔(۳۳) سفر پر جانے والے کسی شخص نے خواب دیکھا کہ اس نے ایک زمین سے دوسری زمین کی طرف کوچ کیا تو اس کی تعبیر اس زمین کے اعتبار سے کی جائے گی جس کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



طرف خواب میں منتقل ہوا اس زمین کے تنگ ہونے یا وسیع ہونے یا سرسبز وشاداب ہونے اور خشک وبنجر ہونے کے اعتبار سے کی جاتی ہے۔یہی خواب اگر صاحب حکومت دیکھے تو اس کے معزول ہونے کی علامت ہے اور صاحب باندی کا دیکھنا باندی فروخت کرنے کی علامت ہے صاحب زوجہ کے لئے بیوی کو طلاق دینے یا دوسری شادی کی دلیل ہے۔(۳۴) کسی نے دیکھا کہ وہ اپنی زمین کو فروخت کر کے اس سے نکل کر دوسری جگہ منتقل ہوا یہ خواب اگر مریض دیکھے تو مر جائے گا' اگر صاحب خواب غنی ہو تو یہ خواب اس کے فقیر ہونے کی دلیل ہے۔(۳۵) کسی نے دیکھا کہ وہ زمین پر پھسل گیا اور اٹھ کر اپنے ہاتھ سے مٹی جھاڑ دی تو یہ اس کے محتاج ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۳۶) کسی نے دیکھا کہ وہ زمین کے اندر غائب ہو گیا اور گڑھا وغیرہ نہیں دیکھا' تو یہ بغرضِ دنیا سفر کرنے اور اس سفر میں مر جانے کی طرف اشارہ ہے۔(۳۷) خواب میں زمین کو اپنے لئے سمٹتی ہوئی دیکھنا جلدی مر جانے کی دلیل ہے۔(۳۸) زمین کا بھنور بننا طولِ حیات کی علامت ہے۔(۳۹) کسی نے خواب دیکھا کہ گویا وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ کی طرف بار بار آتا جاتا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ وہ اپنی بیوی یا باندی کے پاس بار بار جائے گا یا مسلسل سفر کرے گا۔(۴۰) کسی نے خواب میں دیکھا کہ زمین اس کو نگل گئی اور وہ اس میں دھنس گیا تو تعبیر یہ ہے کہ اگر صاحب خواب اہل شرک میں سے ہو تو یہ نزول عذاب کی دلیل یا سفر کی نشانی ہو گی۔اور بغیر دھنسائے نگلنے کی تعبیر بھی سفر سے کی جاتی ہے۔(۴۱) کسی نے دیکھا کہ زمین میں زلزلہ آیا اور لوگوں کو دھنسا دیا گیا تو یہ خواب بادشاہ کی طرف سے ہے یا گرمی وسردی کی وجہ سے یا قحط کی صورت میں یا خوف شدید کی بنا پر مصیبت آنے کی دلیل ہے۔(۴۲) کسی نے دیکھا کہ زمین شق ہوئی اور اس سے جانور نکلا اور لوگوں سے کلام کرنے لگا۔تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب ایسی چیز دیکھے گا کہ جس سے اس کو تعجب ہوگا۔کبھی اس خواب کی تعبیر قرب اجل سے بھی کی جاتی ہے۔کبھی یہ خواب کسی بڑی عبرت دلانے والی نشانی پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۴۳) اور ارض معروفہ کی تعبیر اس شہر سے کی جاتی ہے جس میں صاحب الرؤیا رہتا ہے یا اس شہر کے رہنے والے لوگ مراد ہوں گے۔(۴۴) کسی نے دیکھا کہ گویا زمین پھٹ گئی اور اس سے ایک جوان نکل آیا تو اس زمین میں رہنے والوں میں ظہور عداوت کی نشانی ہے اور شق شدہ زمین سے بوڑھا نکلنا ان کی محنت کے بارآور ہونے اور ان کی خوشحالی کی علامت ہے۔(۴۵) کسی نے دیکھا کہ زمین شق تو ہوئی لیکن اس سے کچھ نکلتا ہوا یا داخل ہوتا ہوا دکھائی نہیں دیا تو یہ زمین میں ظہور فساد کی دلیل ہے اور اس سے درندے کا نکلنا ظالم بادشاہ کے تسلط پر دلالت کرتا ہے اور شق شدہ زمین سے سانپ کا نکلنا اہل زمین کے لیے عذاب برقرار رہنے کی طرف اشارہ ہے۔(۴۶) کسی نے دیکھا کہ زمین شق ہو گئی اور اس سے سبزہ برآمد ہوا تو یہ بھی خوشحالی پر دلالت کرتا ہے۔(۴۷) کسی نے دیکھا کہ گویا وہ زمین کھود کر اس سے کھا رہا ہے تو یہ سازش سے مال حاصل کرنے کی دلیل ہے اس لئے گڑھا مکر کی نشانی ہے۔(۴۸) زمین طے کرنے پر قدرت ہونا ملک حاصل ہونے کی دلیل ہے۔(۴۹) بعض علماء تعبیر نے کہا ہے کہ زمین طے کرنا میراث

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ملنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۵۰) خواب میں زمین کا تنگ ہونا تنگیِ معیشت کی علامت ہے۔(۵۱) کسی نے دیکھا کہ زمین اس سے خیر کی باتیں کر رہی ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب دنیوی اور اخروی خیر سے بہرہ ور ہوگا اور اگر زمین توبیخی کلام کرے تو صاحب خواب کو چاہیے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرے اس لیے کہ یہ مال حرام کی علامت ہے۔ (۵۲) خواب میں کسی محلّہ یا زمین کو تنگ حالت میں دیکھنا اس میں زمین کے سمٹنے کے بقدر اموات وقتال ہوگا یا ان لوگوں کو تنگی ہوگی یا ان پر قحط سالی ہوگی یا اور کوئی مصیبت ہوگی۔

## اہرام مصر

(۱) خواب میں اہرام مصر دیکھنا سابقہ امتوں کے عجیب واقعات پر مطلع ہونے اور نصیحت وعبرت آموز باتوں پر مطلع ہونے کی دلیل ہے۔ (۲) خواب میں اہرام مصر کی رؤیت غیر شادی شدہ کے لیے اہل شرک سے نکاح یا ان کے ساتھ معاشرت یا اہل بدعت کا مسلک اختیار کرنے یا علوم وفنون حاصل کرنے کا اہتمام کرنے کی دلیل ہے۔(۳) کبھی اس کی رؤیت درازی عمر، لہولعب، ڈھول باجے، شراب وکباب اور رقص وسرور وغیرہ کے مقامات کی علامت ہے۔

## اتون الکاس (گلاس، پیالہ کی بھٹی)

(۱) خواب میں بھٹی کی تعبیر بادشاہ ہے جس کے پاس مال آتے ہوں اور وہ ان اموال کو امور مملکت میں استعمال کرتا ہو یا اس کے نائب سے کی جاتی ہے۔(۲) بھٹی کی تعبیر ہر حالت میں امر عظیم اور سرور ہے۔(۳) کوئی شخص خواب میں اپنے آپ کو بھٹی بناتے ہوئے دیکھے تو یہ بادشاہت ملنے کی علامت ہے اگر وہ اچھا نہ ہو تو لوگوں کو کسی امر عظیم میں مشغول کرنے کی دلیل ہے۔

## ایوان (محل)

(۱) خواب میں ایرانی طرز تعمیر کے محل دیکھنے کی تعبیر ظہور عدل اور تجدید مملکت سے کی جاتی ہے۔(۲) محل دیکھنے کی تعبیر کبھی اولاد، مال اور عزت وغیرہ سے بھی کی جاتی ہے۔ (۳) خواب میں کچی اینٹوں سے بنا ہوا محل دیکھنے کی تعبیر دیندار دیہاتی عورت سے اور چونے والے محل کی تعبیر محدود مقدار میں دنیا ملنے اور پکی اینٹوں سے بنے ہوئے محل کی تعبیر مال حرام یا امرأۃ منافقہ سے کی جاتی ہے۔

## آجر (پکی اینٹ)

(۱) پکی اینٹ کی تعبیر ایک بڑے منافق آدمی سے کی جاتی ہے اور کبھی اس کی تعبیر مجوسی النسل آدمی سے بھی کی جاتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## اسطوانہ (ستون)

(۱) ستون (لکڑی، مٹی یا چونے وغیرہ کا) کی دلالت گھر کے ذمہ دار افراد اور نگران پر ہوتی ہے یا اس کی تعبیر گھر والوں کے خدمت گزار سے یا ان کے بوجھ اٹھانے والے سے کی جاتی ہے۔

## اترج (لیموں کا درخت)

(۱) خواب میں لیموں کا درخت دیکھنا بابرکت اور معزز خاندان والی عورت پر دلالت کرتا ہے۔(۲) کبھی اس کی دلالت مردِ مومن یا قاریٔ قران پر بھی ہوتی ہے اور اسی طرح لیموں کا درخت دیکھنا علم وعمل اور اچھی تعریف پر اور کبھی الفت ومحبت پر دلالت کرتا ہے۔(۳) بعض نے کہا کہ ایک لیموں ولد پر اور کثیر اچھی چیزوں پر دلالت کرتے ہیں۔ (۴) بعض معبرین نے اس کی تعبیر معنی کے لحاظ سے کی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ لیموں نفاق پر دلالت کرتا ہے اس لیے اس کا باطن ظاہر کے خلاف ہوتا ہے۔(۵) خواب میں سبز رنگ کا لیموں چننا خوشحالی اور صاحب خواب کی صحت مندی کی دلیل ہے۔ اور پیلے رنگ کا لیمون صاحب خواب کے مرض پر دلالت کرتا ہے۔(۶) بعض علماءِ تعبیر کی رائے کے مطابق لیموں دیکھنا شریف اور مالدار عورت کی علامت ہے۔ کسی نے دیکھا کہ اس نے خواب میں لیموں کو دوحصوں میں تقسیم کیا تو اس کے ہاں بیٹی اور بیٹا ہوں گے جو اکثر بیمار رہیں گے۔(۷) کسی عورت نے دیکھا کہ اس نے اپنے سر پر لیموں کے درخت کی گٹھڑی اٹھائی ہوئی ہے تو یہ خواب دیندار شہرت یافتہ شوہر کی دلیل ہے۔(۸) عورت کا اپنی گود میں لیمون دیکھنا بابرکت بیٹے کی پیدائش کی دلیل ہے۔(۹) کسی نے دیکھا کہ کسی عورت نے اس کو لیموں دے دیا تو یہ بھی بیٹے کی علامت ہے۔(۱۰) کسی صاحب خواب کا کسی کی طرف لیموں پھینکنا اس سے رشتہ طلب کرنے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۱) بسا اوقات ایک لیموں کی تعبیر حکومت سے کرتے ہیں۔ اور صاحب خواب کا میٹھا لیموں کھانا مال مجموع کی علامت ہے اور کھٹا لیمون کھانا ہلکی سی بیماری کی دلیل ہے۔

## اجاص (آلو بخارا)

(۱) آلو بخارا اس کے موسم میں دیکھنا رزق کی یا گمشدہ چیز کی آمد کی علامت ہے۔ اور خواب میں بے موسم آلو بخارا دیکھنا بیماری یا غم کی دلیل ہے۔(۲) اگر کوئی مریض خواب میں خود کو آلو بخارا کھاتے ہوئے دیکھے تو یہ اس کی صحت کی دلیل ہے۔

## آس (درخت مورو جس کے پتے بہت زیادہ سبز وتازہ ہوتے ہیں)

(۱) مریض کا خواب میں درخت مورو دیکھنا اس کی صحت کی دلیل ہے اور کبھی درخت مورو دیکھنا قوم کی درستگی، چہرے کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بالوں سے چھپانے یا بدن کا کپڑوں سے ڈھانپنے پر دلالت کرتا ہے۔ بسا اوقات ناامیدی کے ختم ہونے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ (۲) بعض علماءِ تعبیر کا کہنا ہے درختِ مورو وعدہ پورا کرنے والے شخص پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۳) کسی مرد یا عورت کا خواب میں اپنے سر پر درختِ آس رکھا ہوا دیکھنا مرد کے لیے زوجہ باقیہ اور عورت کے لیے زوج کی علامت ہے۔ (۴) خواب میں اپنے گھر میں شجرِ آس دیکھنا باقی رہنے والی خیر کی علامت ہے۔ (۵) کوئی شخص درخت مورو زمین میں گاڑے ہوئے دیکھے تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب اپنے امور تدبیر سے انجام دیگا۔ (۶) درخت مورو دائم رہنے والی عمارت، اور کشادگی اور کبھی مال پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## اقحوان (بابونہ)

(۱) خواب میں بابونہ دیکھنا خوبصورت بیوی پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) کسی نے پہاڑ سے گلِ بابونہ چنا تو دلیل ہے کہ بادشاہ اس کو ایک جاریہ عطا کریگا۔ بعض علماء تعبیر نے گلِ بابونہ کی تعبیر صاحب خواب کی بیوی کے رشتہ داروں سے کی ہے۔

## ارجوان (ایک پھولدار درخت)

(۱) خواب میں ارجوان کا درخت دیکھنے کی تعبیر عفت ماٰب بیوی سے کی جاتی ہے۔ (۲) اگر کسی نے خواب میں ارجوان چنا تو اس کی تعبیر یہ ہے ایک خوبصورت اور کثیر الالقاب عورت قبول کریگا۔

## ازادرخت (درخت بکائن)

(۱) خواب میں بکائن دیکھنا اچھی شہرت اور اچھے اخلاق والے مرد پر دلالت کرتا ہے۔

## ارز (چاول)

خواب میں چاول دیکھنے کی تعبیر محنت ومشقت سے حاصل شدہ مال سے کی جاتی ہے اور پکا ہوا چاول دیکھنا منافع ملنے کی علامت ہے۔

## آبنوس (ایک قسم کا درخت جس کی لکڑی سخت وسیاہ ہوتی ہے)

(۱) خواب میں آبنوس کا درخت دیکھنا مال دار ہندوستانی عورت کی دلیل ہے۔

## آجام (گنجان درخت)

(۱) خواب میں گنجان درخت دیکھنے کی تعبیر ایسے افراد سے کی جاتی ہے جن کی صحبت سے دوسروں کو فائدہ نہ ہو اور ان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں دھوکہ دہی ہوؤاس لئے کہ گنجان درخت میں شکاری چھپ کر شکار پر حملہ کرتا ہے اور شکار اس سے بے خبر ہوتا ہے۔(۲) اگر گنجان درخت دوسروں کی ملکیت ہوتو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ ایسی قوم سے لڑے گا جو اس صفت سے متصف ہیں۔

## آکارع (پائے)

(۱) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ گویا وہ آکارع کھا رہا ہے یا اس کی ہڈی چوس رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ کسی یتیم کا مال کھائے گا۔(۲) بعض علماء کے قول کے مطابق اس کو کھانا شریف لوگوں کے مال کو ہڑپ کرنے کی علامت ہے۔

## انفحته (بکری کے بچہ کے معدہ کا پنیر)

(۱) خواب میں انفحته کی تعبیر عبادت اور پرہیز گاری کے ساتھ مال دولت حاصل کرنے سے کی جاتی ہے۔

## آقط (پنیر)

(۱) پنیر کی تعبیر بھی مال محبوب' لذیذ اور مختلف خواہشات ہے۔

## الیة الشاة (بکری کا پچھلا حصہ)

(۱) اس کی دلالت قسم کھانے اور تمنا کرنے پر ہوتی ہے۔(۲) کبھی اس کی دلالت وافر نعمت پر' کبھی علم نافع پر' کبھی علم اور اولاد کی دولت پر اور کبھی عورت کے مال پر ہوتی ہے۔

## الاکل (کھانا)

(۱) خواب میں برتن میں کھانا کھانا قناعت کی علامت ہے۔ اور اگر سونے چاندی کے برتن میں کھانا کھاتے ہوئے اپنے آپ کو دیکھے تو یہ مال حرام وافر مقدار میں ملنے کی دلیل ہے۔(۲) لوگوں کے درمیان بیٹھ کر کھانا کھانا مختلف خواہشات کی نشانی ہے۔(۳) نگلنے والی چیزوں کا چبانا کسب وعمل میں خفت کی علامت ہے اور چبانے والی چیزوں کا نگلنا دین اور اجل کے قریب ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۴) اچھی چیز کی موجودگی کی وجہ سے نہ کھا سکنا باطن کی درستگی کی علامت ہے اور کڑواہٹ یا ترشی کی وجہ سے نہ کھا سکنا اعمال وازواج کے متغیر ہونے کی دلیل ہے۔(۵) دائیں ہاتھ سے کھانا سنت پر گامزن ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۶) اور بائیں ہاتھ سے کھانا دوستوں سے دور ہو کر دشمنوں کی پیروی کرنے کی دلیل ہے۔(۷) خواب میں کسی دوسرے کے ہاتھ سے کھانا' رزق' توکل اور عفت کی علامت ہے۔ اور کبھی اس خواب کی تعبیر بیماری اور اپنے ہاتھ سے کھانے پر قادر نہ ہونے سے بھی کی جاتی ہے۔(۸) بدنما چیز کھانا صاحب خواب کی منزلت ومرتبہ کے گرنے کی نشانی ہے۔(۹) چھیچھڑہ کھانا مندرجہ ذیل پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دلالت کرتا ہے امر' عاجزی' عمر میں زیادتی' مرض سے صحت یابی' غیر شادی شدہ کے لئے شادی' علم و ہدایت اور رزق وغیرہ۔(۱۰) لوکی' کدو کھانا اتباع سنت' ہدایت اور زیرکی کی علامت ہے۔(۱۱) خواب میں کسی کا دوپہر کے کھانے کی طرف دعوت دینا دورسفر کی علامت ہے اور نصف النہار کے وقت بلانا تعب سے آرام ملنے کی دلیل ہے۔کوئی شخص صاحب خواب کو شام کے کھانے کی طرف بلائے تو یہ تعبیر ہے صاحب خواب کے ساتھ ایسا شخص غدر کریگا جس نے اس کے ساتھ اس سے قبل غدر کیا ہے۔(۱۲) خواب میں کسی نے کھانا کھا کر اس کو ہضم بھی کر لیا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب اپنی حرفت میں محنت کرنے میں لالچ کریگا۔(۱۳) کوئی شخص خواب میں اپنے نفس کا گوشت کھاتے ہوئے دیکھے تو یہ اپنے مال اور خزانے سے کھانے کی علامت ہے۔(۱۴) کسی دوسرے کا کچا گوشت کھانا اس کی یا اس کے کسی رشتے دار کی غیبت کرنے کی دلیل ہے۔اور پکا ہوا گوشت کھانا غیروں کے مال کھانے کی طرف مشیر ہے۔

## اکلیل الملک (تاج بادشاہ)

(۱) تاج دیکھنا یا پہننا مالِ زائد' علم اور اولاد کی علامت ہے۔(۲) عورت کا تاج دیکھنا عجمی مرد کی علامت ہے اور مردوں کا تاج پہنا اس چیز کے زوال کی علامت ہے جوان کی طرف منسوب ہے۔(۳) کسی تاجر نے اپنے سر پر تاج رکھا تو یہ خواب اس کے مال کے ختم ہونے کی طرف مشیر ہے۔(۴) کسی قوت والے کے سر پر تاج رکھنا اس کے دین میں کمی واقع ہونے کی نشانی ہے۔(۵) بادشاہ کے تاج کا سر سے گر جانا یا چھن جانا اس کی حکومت کے ختم ہونے کی علامت ہے۔

## آکاف (پالان)

(۱) خواب میں پالان دیکھنے کی تعبیر غیر شریف' کمینی عجمی عورت سے کی جاتی ہے جو شوہر کی خادمہ کی حیثیت سے رہے گی۔(۲) خواب میں پالان پر پاؤں رکھ کر سوار ہو جانا تنعم میں ظلم کے بعد توبہ کرنے کی دلیل ہے۔

## اصطرلاب (زمین پیمائش کرنے کا آلہ)

(۱) اس کی دلالت رئیسوں کے خادم پر اور بادشاہوں تک رسائی کرنے والے لوگوں پر ہوتی ہے۔(۲) خواب میں کسی کو اصطرلاب ملنا مذکورہ صفت کے انسان کے ساتھ ملاقات کرنے اور اس سے فائدہ حاصل کرنے کی دلیل ہے۔(۳) کبھی اس کی دلالت ایسے شخص پر بھی ہوتی ہے جو مختلف معاملہ والا ہو اور پختہ ارادہ نہ رکھتا ہو اور نہ ہی وفا و مروت کا مالک ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## اجوحہ (جھولا)

(۱) خواب میں جھولا جھولنا صاحب خواب کی بداعتقادی اور دینی کمزوری کی علامت ہے۔

## اسم (نام)

(۱) خواب میں نام کی تبدیلی کی تعبیر نام کے اعتبار سے ہوگی' مثلاً نام اگر سعید ہوا تو نیکی کی علامت ہے اور اگر سالم ہوا تو سلامتی کی دلیل ہے یعنی نام اچھا ہوا تو تعبیر بھی اچھی ہوگی ورنہ اس کے خلاف۔ (۲) نام اگر کسی عیب دار نام کے ساتھ تبدیل ہوا مثلاً اندھا یا لنگڑا وغیرہ تو دلیل ہے کہ اس میں مبتلا ہوگا۔ (۳) کسی نے خواب دیکھا کہ گویا وہ اپنے نام کے علاوہ دوسرے نام سے پکارا جا رہا ہے چنانچہ اگر وہ نام برا ہو تو اس میں عیب ظاہر ہونے یا کسی موذی مرض میں مبتلا ہونے کی علامت ہے اور نام اگر اچھا ہو تو نام کے معنی کے مطابق عزت و شرافت ملنے کی علامت ہے۔

## اسہال (دست آنا)

(۱) خواب میں دست آنا بے احتیاطی اور فضول خرچی کی علامت ہے۔ اور قبض ہونا بخل کی دلیل ہے۔

## استسقاء (ایک مرض جس میں مریض پانی کثرت سے پیتا ہے)

(۱) خواب میں استسقاء کی بیماری کا لگ جانا ذلت و خفت کی علامت ہے۔

## احتقان (پچکاری لگانا)

(۱) خواب میں پچکاری حسب عادت مناسب چیز سے کرنا دلالت کرتا ہے سٹور سے فضول مال کے چلے جانے اندر کی بیماری کے ختم ہونے یا بیت الخلاء کی صفائی جس سے استراحت حاصل ہو پر۔ (۲) اور غیر مناسب چیز سے پچکاری کرنا یا ایسے آدمی سے کرانا جو عام طور پر عمل نہیں کرتا دلیل ہے گھر کے چھن جانے' یا اس میں نقب پڑنے' یا میت کو قبر سے اٹھا کر کسی اور جگہ منتقل کرنے' یا زبردستی زکوٰۃ نکلوانے' یا رکھی ہوئی امانت اٹھوانے کی۔ (۳) خواب میں کسی درد کی وجہ سے یہ عمل کرنا ایسا کام کرنے کی طرف رجوع کرنے کی دلیل ہے جس میں اس کی دینی اصلاح ہو۔ اور بغیر درد کے پچکاری کرنا کسی سے وعدہ' یا اپنے اوپر مانی ہوئی نذر' یا نصیحت کی طرف جو اس کی طرف سے ہو' آنے کی دلیل ہے۔ (۴) اور کبھی کسی سخت غصے میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## استلقاء (چت لیٹنا)

خواب میں گدی کے بل سونا کام میں قوت کی علامت ہے۔(۱) کسی نے خواب میں اپنے آپ کو چت لیٹا ہوا دیکھا تو یہ صاحب خواب کے معاملے کی پختگی اور دنیا کے اس کی طرف متوجہ ہونے کی اور اس کے قبضے میں آنے کی علامت ہے۔(۲) کسی نے خواب دیکھا کہ گویا کہ وہ چت لیٹا ہوا ہے اور اس کا منہ کھلا ہوا ہے اور اس سے روٹیاں نکل رہی ہیں تو تعبیر یہ ہے کہ اس کی تدبیر کارآمد نہیں ہوگی اور اگر صاحب خواب حکومت میں ہے تو اس کو زوال ہوگا اور اس کا معاملہ دوسروں کے ہاتھ پر ہوگا۔

## انتباہ الانسان (نیند سے بیدار ہونا)

(۱) خواب میں نیند سے بیدار ہونا مندرجہ ذیل امور پر دلالت کرتا ہے توبہ کرنا' حصول منافع وفائدہ اور سفر سے آمد وغیرہ۔

## اقرار الانسان (اقرار کرنا)

(۱) خواب میں اپنے گناہوں کا اعتراف کرنا' حصولِ عزت وشرف اور توبہ کی دلیل ہے۔(۲) خواب میں کسی کے قتل کا اقرار کرنا حصول ولایت وریاست اور امن کی علامت ہے۔

## امہال الانسان (مہلت دینا)

(۱) کسی نے دیکھا کہ گویا وہ غصے میں کسی کو مہلت دیتا ہے تو صاحب خواب کے عذاب شدیدہ میں مبتلا ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

## استراق السمع (چپکے سے سننا)

(۱) کسی کی بات کو خفیہ طور سے سننا چغلخوری' اور جھوٹ پر دلالت کرتا ہے۔ بسا اوقات یہ خواب بادشاہ کی طرف سے مبغوض ہونے کی بھی دلیل ہے۔(۲) اگر تاجر خواب میں کسی کی بات کو سنے تو یہ اس کے بیع کے ختم ہونے کی علامت ہے۔ اگر خواب دیکھنے والا صاحب حکومت ہو تو معزول ہوگا۔(۳) کسی نے دیکھا کہ وہ کسی انسان کی بات کو غور سے سن رہا ہے تو تعبیر ہے کہ صاحب خواب اس شخص کی ہتک عزت کریگا۔ کسی نے دیکھا کہ وہ خواب میں قصے سن رہا ہے تو یہ خواب اس کے لیے خوشخبری سننے کی علامت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ام الانسان (ماں)

(۱) کسی نے دیکھا کہ اس کی والدہ نے اس کو جنا۔ اگر صاحب خواب مریض ہے تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے اس لئے کہ بچے کی طرح میت کو بھی کپڑے میں لپیٹا جاتا ہے۔ اور اگر خواب دیکھنے والا تندرست ہے مگر فقیر ہے تو یہ خواب اس کے مالی وسعت کی علامت ہے اگر مالدار ہے تو مالی تنگی کی طرف مشیر ہے۔

## اخ الانسان (بھائی)

(۱) خواب میں بھائی دادا' چچا' ماموں' اور ایسے رشتہ دار کو جو میراث میں حصہ رکھتا ہو دیکھنا مالی مشارکت اور مساعدت کی دلیل ہے۔

## التفات الانسان (دوسری طرف متوجہ ہونا)

(۱) خواب میں ادھر ادھر متوجہ ہونا حرص ولالچ کی علامت ہے اور نماز میں دوسری طرف کسی ڈراؤنی شئی کی خوف کی وجہ سے متوجہ ہونا مثلاً سانپ' شیر یا دوسرے ڈراؤنے جانور تو بیوی اور اولاد کی طرف سے خوف کی دلیل ہے اس لیے کہ یہ اس کے اعداء ہیں۔ (۲) اسی طرح نماز میں ادھر اُدھر متوجہ ہونا دنیا اور اس کی زینت سے باخبر ہونے اور آخرت سے اعراض کرنے اور خواہشات نفس کی طرف مائل ہونے کی علامت ہے۔

## ازار الانسان (تہبند)

(۱) تہبند کی تعبیر شریف بیوی ہے۔ کسی عورت نے دیکھا کہ اس نے سرخ تہبند باندھا ہوا ہے تو یہ اس پر تہمت لگنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۲) اور اگر خواب میں سرخ ازار باندھ کر گھر سے نکلے تو تعبیر یہ ہے کہ اس تہمت کی تشہیر ہوگی۔ (۳) اور اگر اسی قسم کے تہبند کے ساتھ پیروں میں جوتا پہنا ہوا دیکھے تو تعبیر یہ ہے وہ تہمت باقی رہے گی عورت کے لیے تہبند دیکھنے کی تعبیر شوہر ہے۔

## اف (اف کہنا)

(۱) خواب میں لفظ اف کہنا والدین کی نافرمانی کی دلیل ہے چنانچہ قرآن کریم میں اللہ تعالی کا فرمان ہے ﴿وَلَا تَقُلْ لَّهُمَا أُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا﴾

## اب الانسان (والد)

(۱) خواب میں والد کو دیکھنا مراد پانا ہے۔ انسان کا بہترین خواب والدین یا اجداد وجدات یا کسی رشتہ دار کو دیکھنا ہے۔ (۲) کسی نے خواب میں اپنے والد کو دیکھا اگر صاحب خواب محتاج ہو تو ایسی جگہ سے اس کو رزق ملے گا جہاں سے اس کو ملنے کا امکان تک نہ ہو۔ (۳) اگر صاحب خواب کا کوئی رشتہ دار غائب ہو تو اس کی آمد کی علامت ہے اور اس کو کسی قسم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی تکلیف ہو وہ صحیح ہوگی۔(۴) کسی نے دیکھا کہ گویا اس نے اپنے والد کو ایک مکان میں ٹھہرایا اور وہ مکان بلند ہوا تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب اپنے والد کے کاموں کو خواہ دینی ہو یا دنیوی پورا کریگا۔

## اشنان (گھاس خاص قسم کا جس کے پتے نہیں ہوتے)

(۱) کسی نے خواب میں اپنے ہاتھوں کو اشنان سے دھویا تو یہ اس کے مطلوب سے نا امیدی کی دلیل ہے لیکن بعض معبرین نے کہا کہ ایسی کوئی بات نہیں اس کی تعبیر اچھی ہے۔(۲) کسی نے اپنے ہاتھوں کو جو بدبودار ہوں اشنان سے دھویا تو یہ غم و تکلیف کے دور ہونے اور ضرورت کے پوری ہونے کی دلیل ہے۔(۳) بعض علماء تعبیر نے کہا ہے کہ خواب میں اشنان سے ہاتھ دھونا انقطاعِ صداقت اور انقطاعِ خصومت کی علامت ہے۔(۴) بعض علماء نے کہا ہے کہ یہی خواب خون سے نجات اور گناہوں سے توبہ کی دلیل ہے۔

## اطلاع (کسی خبر سے باخبر ہونا)

(۱) خواب میں کسی پوشیدہ خبر سے مطلع ہونا گہرے علم یا عظیم پیشہ کی علامت ہے بسا اوقات اسی خواب کی تعبیر اللہ تعالیٰ کے اسرار میں سے کسی کے سر پر مطلع ہونے کی طرف اشارہ ہے۔

## انقلاب الانسان علی وجہہ (انسان کا پلٹنا)

(۱) خواب میں منہ کے بل پلٹنا اللہ تعالیٰ سے شرک کرنے اور دنیا اور آخرت کی ناکامی پر دلالت کرتا ہے۔(۲) چہرے سے گدی کی طرف پلٹنا اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے اور لوگوں کی طرف متوجہ ہونے کی طرف دلیل ہے۔
(۳) چہرے کے بل اوندھا ہونا پیٹ کی بیماری کی علامت ہے۔(۴) اور اگر صاحب خواب عورت ہو تو اس کی تعبیر شوہر سے اعراض کرنے کی علامت ہوتی ہے۔

## ارعاد الانسان (لرزہ طاری ہونا)

(۱) خواب میں انسان کا لرزنا' بیماری' یا غم یا بڑھاپے کی وجہ سے کپکپی طاری ہونے کی دلیل ہے بعض دفعہ یہ خواب صحت یابی' حدت مزاج اور ظہور قوت پر دال ہوتا ہے۔ چنانچہ کوئی شخص اپنے کام میں محنت کرے تو کہا جاتا ہے ارعد فلان۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب الباء

## بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھنا

(۱) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو خواب میں خوبصورت لکھا دیکھنا اس کی برکت سے علم' ہدایت اور رزق کی دلیل ہے۔ (۲) بعض دفعہ بسم اللہ کی دلالت اولاد پر ہوتی ہے بعض بعض سے تعلق کی بنا پر۔ (۳) بعض دفعہ بسم اللہ گم شدہ چیز کے ملنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۴) بعض دفعہ خواب میں بسم اللہ پڑھنا گمراہی کے بعد ہدایت یافتہ ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۵) خواب میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اچھے رسم الخط میں لکھنا رزق ملنے اور صنعت وحرفت میں وافر حصہ ملنے یا علم ملنے پر دال ہے۔ (۶) خواب میں کسی میت کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھتے ہوئے دیکھ لے تو یہ اس میت پر اللہ کی رحمت میں ہونے کی علامت ہے۔ (۷) بعض مرتبہ بسم اللہ لکھنا زراعت میں منافع حاصل کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۸) کسی نے بسم اللہ کو لکھنے کے بعد مٹا یا یا کوئی پرندہ اس کو اس کے ہاتھ سے اچک لے گیا تو یہ اس کی عمر کے ختم ہونے اور رزق سے فارغ ہونے کی دلیل ہے۔ (۹) ہاتھ سے قران لکھنے کی بھی یہی تعبیر ہے' کبھی اس کی تعبیر بدنی مرض یا مرض کی زیادتی کی بھی علامت ہوتی ہے۔ جیسا کہ کہا گیا ہے کہ حضرت حسن بن علیؓ نے خواب میں اپنی پیشانی پر ﴿وَالضُّحٰی وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰی﴾ "لکھا دیکھا تعبیر کے لیے یہ خواب حضرت سعید بن مسیّبؒ کے سامنے بیان فرمایا تو سعید بن مسیّبؒ نے فرمایا" اے فرزند رسول وصیت کیجئے" اور استغفار کیجئے چنانچہ اس تعبیر کے ایک دن بعد دنیا سے کوچ کر گئے۔ (۱۰) ایسا شخص جو نماز میں بسم اللہ پڑھنے کا قائل نہیں وہ نماز میں خواب کے اندر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ لے تو تعبیر یہ ہے کہ وہ شخص بلا دلیل کسی دین کا ارتکاب کریگا بعض دفعہ یہی خواب والدین میں سے کسی ایک کو چھوڑ کر دوسرے کی طرف مائل ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے یا سنت کو فرض پر یا نفل کو سنت پر یا بدعت کو مستحب پر فضیلت دینے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۱) بعض دفعہ مکتوب بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی تعبیر اس کی روشنائی کے اعتبار سے کی جاتی ہے چنانچہ سونے کی روشنائی سے لکھا ہوا دیکھا رزق' عبادات وطاعات کے ذریعے سے اپنے آپ کو سنوارنے یا باطن کی اصلاح کرنے کی علامت ہے اور کبھی یہی خواب اچھی شہرت اور اچھے انجام پر دلالت کرتا ہے اور ایسی روشنائی سے بسم اللہ لکھا ہوا دیکھنا جس سے لکھنا جائز نہیں ہے تو مذکورہ بالا تعبیر کے برعکس تعبیر ہوگی۔ (۱۲) اسی طرح بسم اللہ کے رسم الخط کی تبدیلی سے بھی تعبیر بدل جاتی ہے۔

لہٰذا اگر بسم اللہ خطِ طومار میں مکتوب ہو تو تعبیر ہوائی رزق سے کی جاتی ہے اور خطِ ثلث میں بسم اللہ دیکھنے کی تعبیر اپنے حصے کے مال سے کی جاتی ہے اور خطِ محقق میں دیکھنا امید کے برآنے کی دلیل ہے۔ اور خطِ منسوب میں لکھنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور دیکھنا احوال کے مناسب ہونے کی علامت ہے اور خطِ نسخ میں بسم اللہ لکھا ہوا دیکھنا جدائی کی نشانی ہے۔

اور خطِ اشعار میں بسم اللہ دیکھنا غفلت اور سرگردانی پر دلالت کرتا ہے' اور رسمِ ریحانی میں رباء یا امید کردہ شئی کی قریب ہونے کی طرف اشارہ ہے اور رسمِ غبائی میں ہونا آنکھوں کی تکلیف کی علامت ہے۔

اور خطِ توقیع میں لکھنا عزّت' نصرت ہے اور خطِ اوراق میں لکھا دیکھنا' محاکمت کی علامت ہے۔

(۱۳) اگر بسم اللہ لکھی ہوئی دیکھے لیکن واضح نہ ہو تو یہ صاحب خواب کے رنگین مذہبی اور ضعفِ اعتقاد کی علامت ہے۔

(۱۴) کسی اجنبی خط' مثلاً عبرانی سریانی زبان میں بسم اللہ لکھا ہوا دیکھنا دنانیر' ازواج' خدمت گار عورتین' مرد یا مسافروں کے ساتھ الفت کی دلیل ہے۔ (۱۵) لوہے کے قلم سے بسم اللہ لکھنے کی تعبیر قوت' رزق اور معاملات میں پختگی کی دلیل ہے۔ (۱۶) سونے کے قلم سے لکھنا منصب عظیم اور علم وعمل کی دلیل ہے۔ (۱۷) کاغذ پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھنا نیک عمل کرنے یا کسی فرضِ منصبی کو پورا کرنے کی علامت ہے اور پتے پر بسم اللہ لکھنا طلبِ میراث میں کوشش کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۸) کسی سرخ' زرد یا سفید کپڑے میں بسم اللہ لکھی ہوئی دیکھنا شہادت کی دولت سے سرفراز ہونے کی طرف اشارہ ہے اور سبز کپڑے میں روشنی یا سونے سے لکھنا عظیم بشارت ملنے کی علامت ہے۔

حکایت: حضرت حسین بن علیؓ نے خواب دیکھا گویا اپنے دونوں آنکھوں کے درمیان سورہ اخلاص لکھ رہے ہیں۔ تو تعبیر کے لیے کسی کو سعید بن مسیبؒ کے پاس بھیج دیا جب اس شخص نے حضرت سعید کے پاس حضرت حسینؓ کا خواب بیان کیا تو ابن مسیبؒ نے فرمایا: ''اگر تم حضرت حسینؓ کا یہ خواب سچ سنا رہے ہو تو تعبیر یہ ہے کہ عنقریب ان کا انتقال ہوگا'' چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

(۱۹) اگر خواب میں بسم اللہ کے اعراب اور نقطے لگے ہوئے دیکھے اگر بسم اللہ کی تعبیر ازواج سے ہو تو ان نقطوں اور اعراب کی تعبیر اس کے مال واولاد سے اور اس کی عصمت سے کی جاتی ہے۔ اور اگر بسم اللہ سے مال مراد ہو تو نقطے اور اعراب اس کی زکوۃ کی علامت شمار ہونگے۔ اگر بسم اللہ کی دلالت نماز پر ہو تو یہ اعراب و نقطے کمی وزیادتی کے اعتبار سے اس کی سنتیں شمار ہونگی۔ اور اگر اس کی دلالت شہر پر ہو تو اس کی اعراب کی کمی زیادتی کی تعبیر اہل بلد اور شہر کے چیدہ چیدہ فضلاء بڑے بڑے پیشہ ور لوگوں سے کی جائے گی۔ اور اعراب میں بھی علامتِ نصب منصب پر اور علامتِ جر جدائی اور عزلت نشینی پر اور علامتِ رفع علو مرتبت یا موت یا فراغ عمل پر دلالت کرتی ہے۔ اور علامت وصل صلہ رحمی پر' علامت جزم معاملات میں ارادے کی پختگی پر اور علامت تشدید معاملات میں تنگی آنے پر دلالت کرتی ہے۔ بسم اللہ پر داخل ہونے والی چیزوں کی تعبیر صاحب خواب کے دین کے اعتبار سے کی جاتی ہے۔ (۲۰) اگر خواب میں بسم اللہ کی ترتیب بدلی ہوئی دیکھے مثلاً بسم کی جگہ رحیم یا لفظ اللہ شروع میں دیکھے تو یہ صاحب خواب کے مرتد ہونے یا آزاد عورتوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پر باندیوں کو ترجیح دینے یا نا اہل کو نیکی کی طرف ترغیب دینے کی دلیل ہے۔ (۲۱) کسی نے دیکھا کہ دوسرے کے لکھی ہوئی بسم اللہ کو وہ مٹا رہا ہے تو یہ بھی اس کے مرتد ہونے کی طرف اشارہ ہے یا علم و مال میں بخل کی علامت ہے۔ خواب میں اگر یہ عمل مریض کرے تو یہ اس کی صحت یابی کی دلیل ہے اور گناہ گار کرے تو یہ اس کی توبہ اور انابت الی اللہ کی طرف مشیر ہے۔ اور کبھی اسی خواب کی تعبیر شادی کرنے اور نیک اولاد پیدا ہونے سے بھی کی جاتی ہے۔ (۲۲) کسی نے دیکھا کہ گویا وہ خواب میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ رہا ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے مال و دولت میں برکت اور ترقی عطا فرمائیں گے۔

## بیت المقدس

(۱) کسی نے خود کو بیت المقدس میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھا تو کسی میراث کے وارث ہونے یا نیکی اختیار کرنے کی دلیل ہے۔ (۲) بیت المقدس میں غیر قبلہ رو ہو کر نماز پڑھنے کی تعبیر حج سے کی جاتی ہے۔ (۳) کسی نے خواب میں بیت المقدس کے اندر وضوء کرتے ہوئے خود کو دیکھا تو مال ملنے کی علامت ہے۔ (۴) خود کو بیت المقدس سے نکلتے ہوئے دیکھنا سفر کی اور اگر میراث ہاتھ میں ہو تو اس کے ہاتھ سے نکلنے کی دلیل ہے۔ (۵) کسی نے دیکھا کہ وہ بیت المقدس میں چراغ جلا رہا ہے تو یہ صاحب خواب کے بعض بچوں کو تکلیف پہنچنے کی دلیل ہے۔

## براق النبی ﷺ

اگر کسی نے خواب میں براق رسول ﷺ کو دیکھا تو وہ عالی مرتبہ پر پہنچ جائے گا' عزت کے ساتھ سفر کریگا اور باعزت سفر سے لوٹے گا یا اسے شہادت نصیب ہوگی۔

## برق (آسمانی بجلی)

(۱) صرف بجلی دیکھنا گمراہی کے بعد ہدایت پر دلالت کرتا ہے' اور کبھی یہی خواب نظر کے پتھرا جانے اور تھک جانے پر دلالت کرتا ہے۔ یہی خواب اگر مریض دیکھے تو یہ اس کے مرنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۲) کبھی خواب میں بجلی دیکھنا رازوں کے فاش ہونے کی علامت ہوتا ہے اور بعض دفعہ یہی خواب کسی گمشدہ کی آمد کی بشارت ہے یا تجدیدِ رزق اور کسی مجبور کی مدد کی علامت ہے۔ (۳) کبھی رؤیتِ برق احوال کی تبدیلی کی دلیل ہوتی ہے یعنی مصیبت سے چھٹکارے' اور چھٹکارے سے شدت کی طرف آنے کی علامت ہے۔ (۴) بسا اوقات رؤیت برق تلوار اور نیزوں کی چمک اور لڑائی کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ (۵) اکتوبر کے مہینے میں بجلی دیکھنے کی تعبیر من گھڑت باتوں اور فصلوں کے پکنے سے کی جاتی ہے۔ (۶) اور اگر یہی خواب نومبر کے مہینے میں دیکھا جائے تو یہ خوشحالی' بارانِ رحمت اور خیرِ کثیر پر دلالت کریگا۔ (۷) اگر دسمبر میں یہ خواب دیکھے تو غلہ میں کمی اور جنوری میں دیکھنا فصلوں کے پکنے کے وقت خراب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۸)فروری کے مہینے میں بجلی دیکھنے کی تعبیر فصلوں کی درستگی سے کی جاتی ہے۔(۹)مارچ میں اسی خواب کو دیکھنا غلّوں کی کثرت کی دلیل ہے'اوراپریل میں دیکھنا صاحب خواب کے نیک اور نیک بخت ہونے کی طرف اشارہ ہے اور اسی سال گندم کے کثیر ہونے کی علامت ہے۔اور جو کے قلیل ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۰)اور مئی کے مہینے میں خواب میں بجلی دیکھنا اس سال میووں میں کمی واقع ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۱۱)جون میں یہی خواب فائدہ مند بارش کی علامت ہے۔اور جولائی میں اس خواب کو دیکھنا نہ خیر ہے نہ شر۔اور اگست کے مہینے میں خواب میں بجلی دیکھنا خوشحالی اور خیر کی علامت ہے۔اور ستمبر میں دیکھنے کی بھی یہی تعبیر ہے۔(۱۲)کبھی خواب کے اندر بجلی دیکھنا بادشاہ کی طرف سے خوف کی علامت ہے۔کبھی یہی خواب بادشاہ کی طرف مواعظ حسنہ' ہنسنے' خوشی' کامیابی' رعایا کی طرف سے طمع وغیرہ پر دلالت کرتا ہے۔(۱۳)کسی نے خواب دیکھا کہ گویا وہ بجلی دیکھ رہا ہے اور اس کے علاوہ دوسرے لوگ نہیں دیکھ رہے ہیں اور بجلی کی روشنی نے اس کی آنکھوں کو خیرہ کیا ہوا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب اگر مسافر ہو تو بارش کی وجہ سے غلطت ہوگی اور اگر خواب دیکھنے والا کسان ہے اور اس کا کھیت کم آبی کی وجہ سے خشک ہے تو بارانِ رحمت کی آمد کی دلیل ہے اور اگر صاحب خواب کا والد یا حکمران اس پر مسلط ہے اور اس کی طرف توجہ نہیں کرتا ہے تو یہ حضرات ان کی طرف متوجہ ہوں گے اور خوشی سے ملاقات کریں گے ۔(۱۴)اگر خواب میں بجلی کے ساتھ بارش بھی دیکھ لے تو یہ کسی ناپسندیدہ چیز کے ظاہر ہونے کی علامت ہے۔(۱۵)کسی کو خواب میں بجلی سے کچھ ملے تو تعبیر یہ ہے کہ کوئی انسان نیک معاملے میں اس کی تابعداری کریگا۔(۱۶)کسی نے بارش کے بغیر بجلی دیکھی تو تعبیر یہ ہے کہ اس سے وعدہ شدہ معاملے میں وعدہ خلافی ہوگی ۔(۱۷)اگر خواب میں بجلی گر کر اس کے کپڑوں کو جلادے تو یہ اس کی زوجۂ مریضہ کے مرنے کی طرف اشارہ ہے۔

## بنات نعش (ستاروں کا مجموعہ جو قطب شمالی کے قریب ہے)

خواب میں ان کو دیکھنا ایک شریف عالم آدمی پر دلالت کرتا ہے۔(۱)کسی نے دیکھا کہ یہ سارے ستارے گر گئے تو یہ اس شہر کے تمام علماء کے انتقال کر جانے کی طرف اشارہ ہے۔(۲)اگر کوئی شخص خواب میں بنات نعش (ستاروں کے جھرمٹ) کو اپنے پاس دیکھ لے یا ان کا مالک بنے تو تعبیر یہ ہے کہ وہ کسی سے دوستی کریگا یا اس کو اولاد نصیب ہوگی یا کسی عورت سے نکاح کریگا۔

## بکر (کنواری)

(۱)کسی صاحب منصب کا خواب میں کنواری لڑکی دیکھنا اس کے لیے تنگی کی علامت ہے جیسا کہ تنگ دستوں کے لیے عورت دیکھنا کشادگی کی دلیل ہے۔(۲)کبھی کنواری کی دلالت کنواری اونٹنی پر ہوتی ہے۔(۳)اور کبھی خواب میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کنواری لڑکی دیکھنا زمین کی زرخیزی کی طرف مشیر ہے۔ اور یہی خواب نئے مکان کی تکمیل اور کبھی کپڑے ملنے کی علامت ہے۔ (۴) اور کبھی اس کی دلالت بالکل نئی کتاب پر اور کبھی ایسے پھولوں پر ہوتی ہے جو ابھی نہ چنے گئے ہوں۔ (۵) اور کبھی اس کا اطلاق سرکش گھوڑے پر ہوتا ہے۔ (۶) کبھی بکر کی دلالت الفاظ کے اشتراک کی بنا پر کرب اور مکان کے مشکل ہونے پر ہوتی ہے۔ (۷) اور بادشاہ کے لئے کنواری کی رؤیت حسن کی علامت ہے۔ (۸) خواب میں کنواری لڑکی ملنا جائیداد کا مالک بننے یا نفع بخش تجارت کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## بطن (پیٹ)

خواب میں پیٹ دیکھنا مندرجہ ذیل اشیاء پر دلالت کرتا ہے اہل وعیال' مال ومنال' پوشیدہ راز' قید خانہ' قبر' صحت' بیماری' امانت رکھنے والا اور دین وعبادت وغیرہ۔

(۱) کسی نے خواب میں اپنا پیٹ پھٹا ہوا دیکھا تو اگر صاحب خواب مُلک والا ہو تو تعبیر یہ ہے کہ اس کے ملک سے منفعت ختم ہو جائے گی اور صاحب ملک نہیں ہے تو اس کے اس مال پر آفت آئے گی جس سے اپنے اہل وعیال کی پردہ پوشی کرتا ہے۔ (۲) کبھی یہی خواب راز کے فاش ہونے یا زوجہ کے گم ہونے اور اگر حاملہ ہو تو سقوطِ حمل کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ (۳) کسی نے دیکھا کہ اس کے پیٹ پر کچھ ظاہر ہوا اور اس سے کوئی چیز خارج ہوئی تو تعبیر یہ ہے کہ اس کا اگر کوئی تعلق والا مقید ہے تو اس کو قید سے خلاصی ملے گی اور اگر کوئی قیدی نہیں ہے تو تعبیر یہ ہے کہ اس کے مردے ظاہر ہوں گے یا اپنے کنویں کا پانی نکالے گا۔ (۴) خواب میں اپنے پیٹ کو گم ہوتے ہوئے دیکھ لے تو یہ اس کے دوست کے یا حاکم یا اس کے سرپرست کے انتقال کی دلیل ہے اور کبھی یہی خواب صاحب خواب کے عبادت گذار اور زاہد بننے اور ترکِ طعام وشراب کی علامت ہے۔ (۵) کسی نے دیکھا گویا اس کے پیٹ سے آگ نکلی ہے تو یہ خواب مالِ یتیم کو حرام طریقے سے کھانے سے توبہ کرنے کی دلیل ہے۔ اگر صاحبِ خواب بیداری میں سونے کے برتن میں کھانا کھاتا ہو تو اس کو ترک کرنے کی طرف مشیر ہے۔ (۶) خواب میں پیٹ کے بل چلنا صاحب خواب کے محتاج' فاقہ مند ہونے اور پیٹ بھرنے کے لیے دوسروں کی خدمت کرنے کی علامت ہے۔

(۷) کبھی پیٹ کا اطلاق قوم کے مختلف بطون پر ہوتا ہے۔ (۸) خواب میں پیٹ کے اندر داخل ہونا' سفر یا قیدی ہونے یا جس جگہ سے نکلا ہے اسی کی طرف دوبارہ لوٹنے کی دلیل ہے۔ (۹) اپنے پیٹ میں پیپ یا پھوڑے کا زخم دیکھنا حرام مال کھانے یا حرام مال غلط طریقے سے لینے کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۰) خواب میں پیٹ کا خوبصورت ہونا یا بڑا ہونا جو عام حالات کے مطابق ہو علم اور ریاست پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۱) کبھی بطن کا اطلاق مباطنت فی الدین پر ہوتا ہے۔ (۱۲) کبھی بطن کی دلالت' حسد' نفاق پر اور کبھی مال' اور اولاد پر ہوتی ہے۔ (۱۳) کسی نے دیکھا کہ اس کا پیٹ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



چھوٹا ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے مال یا اولاد یا اس کے اہل بیت میں کمی ہو گی۔ (۱۴) کسی نے دیکھا کہ اس کے پیٹ میں ہڈی ہے یا پیٹ بڑھ گیا ہے تو تعبیر ہے کہ اس کے مال یا اولاد یا اہل وعیال میں سے ہونگے۔ (۱۵) کبھی پیٹ سے سفینہ مراد ہوتا ہے یعنی اس میں کمی زیادتی، خرابی و درستگی صاحب خواب کی کشتی میں کمی زیادتی وغیرہ کی علامت ہے۔ (۱۶) کسی نے خواب میں اپنے آپ کو اپنی ماں کے پیٹ میں دیکھا تو تعبیر یہ ہے کہ اگر صاحب خواب ملک سے باہر ہے تو وطن لوٹ آئے گا اور اگر بیمار ہے تو اپنی زمین میں دفن کیا جائے گا اور اگر تندرست ہے تو قید خانہ میں ڈالا جائے گا۔ (۱۷) خواب میں پیٹ دیکھنا مندرجہ ذیل اشیاء پر بھی دلالت کرتا ہے گھر، سواری، جگر، اولاد، ورثاء، خدام، بٹوہ، حلق، حیات، عصمت۔ (۱۸) خواب میں گھر منہدم ہوا اور صاحب خواب پیٹ کا مریض ہے تو تعبیر یہ ہے کہ اس کا انتقال ہو جائے گا۔ (۱۹) کوئی شخص خواب میں اپنے گھر کو درست کرنے یا بنانے لگا۔ تو تعبیر یہ ہے کہ اگر تعمیر مکمل ہے تو وہ اپنے پیٹ کی بیماری سے نجات پائے گا ورنہ جس قدر کمی باقی ہے تو صحت میں بھی تا حیات وہی کمی رہے گی۔ (۲۰) پیٹ کا بڑا ہونا سود خوری اور پیٹ کے بل چلنا مال پر اعتماد کی دلیل ہے۔ (۲۱) پیٹ کی تعبیر اگر کشتی ہو تو سر اس کا بیچ ہے اور گلا اس کا چلانے والا ہے اور پسلیاں اس کے آس پاس کی لکڑیاں ہیں۔

## بول (پیشاب)

(۱) خواب میں پیشاب کرنا مال خرچ کرنے کی علامت ہے، یا غیر مناسب چیز روندنے کی دلیل ہے۔ (۲) کثرت سے پیشاب آنا رزق میں کثرت کی دلیل ہے۔ (۳) پیشاب کا رک جانا یا مشکل کے ساتھ آنا کبھی صاحب خواب کے امور میں عجلت اور عدمِ استقامت کی دلیل ہے۔ وجہ اس کی یہ ہے کے پیشاب روکنے والے کو جب تک پیشاب سے فارغ نہ ہو کبھی قرار نہیں ہوتا ہے، اور اسی خواب کی تعبیر اسبابِ آب رسانی کی بندش بھی ہوتی ہے۔ (۴) کوئی شخص خواب میں کسی غیر معروف مقام میں پیشاب کرتا ہوا اپنے آپ کو دیکھے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب اس علاقے میں شادی کرے گا اور اس کے ہاں اور بچہ پیدا ہوگا، بعض علماء نے کہا ہے کہ یہ خواب ایسے خرچ کرنے پر دلالت کرتا ہے جو واپس آ جائے۔ (۵) خواب میں خود کو کنویں میں پیشاب کرتا ہوا دیکھنا مال خرچ کرنے کی دلیل ہے۔ (۶) خواب میں سامان تجارت پر پیشاب کرنا اس میں نقصان اٹھانے کی نشانی ہے۔ (۷) خواب میں محراب کے اندر پیشاب کرنا پیدائش ولد کی علامت ہے جو عالم فاضل ہوگا۔ (۸) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ قرآن پر پیشاب کر رہا ہے تو یہ بیٹے کے حافظ ہونے کی علامت ہے۔ (۹) کسی نے دیکھا کہ کچھ پیشاب کرنے کے بعد پیشاب روک لیا۔ تو تعبیر یہ ہے کہ اگر صاحب خواب مالدار ہے تو اس کا بعض مال ضائع ہو گا۔ اور اگر تنگ دست ہے یا مصیبت زدہ ہے تو اس سے کچھ مصیبت ختم ہو جائے گی۔ (۱۰) کسی نے دیکھا کہ اس کے ساتھ دوسرا بھی کوئی پیشاب کر رہا ہے اور دونوں کے پیشاب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آپس میں مختلط ہو گئے تو ان کے درمیان رشتہ داری اور مصاہرت قائم ہونے کی علامت ہے۔ (۱۱) کسی کا اپنے آپ کو پیشاب روکتے ہوئے دیکھنا اپنی بیوی پر غصہ کرنے کی علامت ہے اور اگر پیشاب آجائے اور پیشاب کی جگہ نہ ملے تو تعبیر یہ ہے کہ صاحبِ خواب اپنا مال دفن کرنا چاہتا ہے اور دفن کی جگہ نہیں مل رہی ہے۔ (۱۲) کسی نے دیکھا کہ مقام پیشاب میں بہت زیادہ پیشاب کیا اگر صاحب خواب فقیر ہے تو اسے کشادگی ملے گی اور اگر غنی ہے تو اس کو مالی نقصان ہوگا۔ (۱۳) کسی نے دیکھا کہ لوگ اس کے پیشاب کو اپنے ہاتھوں کے ساتھ مل رہے ہیں تو یہ دلیل ہے کہ اس کا لڑکا ہوگا اور لوگ اس کے تابعداری کریں گے۔ (۱۴) کوئی شخص ایک جان پہچان کے آدمی پر خود کو پیشاب کرتے دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ اپنا مال خرچ کر کے اس کو رسوا کریگا۔ (۱۵) کسی عورت کو کثرتِ بول کرتے دیکھنا دلیل ہے کہ وہ عورت مردوں کی خواہش رکھتی ہے۔ (۱۶) کوئی شخص اپنے پیشاب کے راستے سے دودھ نکلتا دیکھے تو یہ دلیل ہے کہ وہ فطرت کے خلاف عمل کر رہا۔ اگر اس کو کوئی معروف آدمی پی لے تو دلیل ہے کہ وہ شخص اس پر حلال مال خرچ کریگا۔ (۱۷) کسی نے دیکھا کہ اس کے پیشاب کے راستے سے خون نکلا ہے تو یہ دلیل ہے کہ وہ کسی مطلقہ یا ذی رحم محرم عورت سے نکاح کریگا جو اس کے علم میں نہ ہوگی۔ (۱۸) خواب میں پیشاب کی جگہ زعفران آنا مریض بیٹے کی دلیل ہے۔

(۱۹) کسی نے دیکھا کہ پیشاب کی جگہ شراب آئی تو دلیل ہے کہ اپنے مال میں اسراف کرے گا۔ (۲۰) کسی نے دیکھا کہ اس کے پیشاب کے راستے سے منی یا کیچڑ آیا تو دلیل ہے کہ وہ صحیح طریقے سے وضو نہیں کرتا اور نہ ہی اس کا اہتمام کرتا۔ (۲۱) خواب میں براستہ پیشاب آگ آنا قوت والے بیٹے کی علامت ہے۔ (۲۲) کسی کے پیشاب کے راستے سے پاخانہ آگیا تو نشانی ہے کہ وہ اپنے اہل کے ساتھ فحش حرکت کریگا۔ (۲۳) اگر کسی کو پیشاب کی بجائے قے آجائے تو یہ ولد حرام کی دلیل ہے۔ (۲۴) خواب میں پیشاب کے راستہ سے بلی نکلنا کسی ساحلی عورت کے بطن سے بیٹی پیدا ہونے کی دلیل ہے۔ (۲۵) اور پیشاب کے مقام سے پرندہ نکلنا بقدر صحتِ پرندہ' بیٹا پیدا ہونے کی علامت ہے۔ (۲۶) کھڑے ہو کر پیشاب کرنا مال مجہول خرچ کرنے کی دلیل ہے۔ (۲۷) کسی نے اپنی قمیص میں پیشاب کیا تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں بیٹا پیدا ہوگا۔ (۲۸) اگر صاحب خواب غیر شادی شدہ ہے تو یہ خواب اس کی شادی کی دلیل ہے۔ (۲۹) کسی نے دیکھا کہ وہ اپنی ناک میں پیشاب کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ حرام میں مبتلا ہوگا۔ (۳۰) کسی نے بازار کی کسی محفل میں پیشاب کیا تو دلیل ہے کہ صاحب خواب اس بازار کا محتسب حق ہوگا۔

حکایت: اردشیر بادشاہ کا والد ساسان ایک چرواہا تھا اس نے خواب دیکھا کہ گویا وہ پیشاب کر رہا ہے اور اس سے بخارات آسمان کی طرف بلند ہو رہے ہیں اور پورے آسمان میں پھیل رہے ہیں۔ اس نے بابک نامی ایک معروف معبر سے تعبیر پوچھی تو اس نے خواب بتانے کی یہ شرط لگائی کہ ساسان اپنے بیٹے کو اس کی طرف منسوب کریگا ساسان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے یہ شرط منظور کی تو بابک نے کہا کہ تیرے ہاں بیٹا ہوگا اور پوری دنیا کا بادشاہ بنے گا چنانچہ ایسا ہی ہوا اور اردشیر بن بابک کے نام سے معروف ہوئے حالانکہ اردشیر کے والد کا نام ساسان تھا۔ (۳۱) کسی نے دیکھا کہ اس نے کسی قوم کے گھر، محلے میں، مسجد یا گاؤں کے اندر پیشاب کیا، تو دلیل ہے کہ یہ اپنا نطفہ اس میں چھوڑے گا۔ یعنی اس قوم میں شادی کریگا۔ اسی طرح مسجد میں پیشاب کرنا ایک متقی فرمانبردار بیٹے کی علامت ہے۔

(۳۲) کسی نے دیکھا کہ گویا وہ کسی شیشے کے اندر یا کسی برتن میں یا کسی مشکیزے میں پیشاب کر رہا ہے، تو دلیل ہے کہ وہ کسی عورت کے ساتھ نکاح کریگا۔ (۳۳) کسی نے دیکھا گویا وہ دریا میں پیشاب کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مال عشر یا زکوۃ کی صورت میں بادشاہ کے ہاں جائے گا۔ (۳۴) کسی نے دیکھا کہ گویا اس نے پیشاب کیڑے کی صورت میں کیا تو دلیل ہے اس کی اولاد پھیلے گی۔ (۳۵) کسی نے دیکھا کہ اس کے پیشاب کے راستے سے قلم نکلا تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں بیٹا ہوگا جو تمام علوم کا حامل ہوگا، اس لئے کہ قلم تمام علوم کے حصول کا ذریعہ ہے۔ (۳۶) بعض علماء معبرین نے کہا کہ کسی کے پیشاب کی بجائے سانپ نکلا تو علامت ہے اس کے بیٹا ہوگا جو اس کا دشمن بنے گا۔

(۳۷) کسی نے دیکھا کہ گویا اس نے خلاف عادت بہت زیادہ پیشاب کیا یا پیشاب سے ملوث ہوا یا اس سے سخت بدبو آئی یا وہ پیشاب کر رہا ہے اور لوگ اس کی طرف دیکھ رہے ہیں تو تعبیر یہ ہے کہ وہ مشکل میں پڑ جائے گا یا اس کی شرارت ظاہر ہوگی جس سے اس کو شرمندگی ہوگی۔ (۳۸) خواب میں پیشاب پینا پیسے میں یا مال میں حرمت کے شبہ کی علامت ہے اور اسی طرح یہ خواب مصائب کی بھی نشانی ہے۔

## بُکاء (رونا)

(۱) خواب میں کسی کے تھپڑ مارنے یا جیب کٹنے کی وجہ سے رونا، بیداری میں بھی ایسا حادثہ پیش آنے کی دلیل ہے۔ اور خوف الٰہی کی وجہ سے یا سابقہ گناہ سے ندامت کی بنا پر رونا، خوشحالی یا شدید تکلیف کے ختم ہونے کی دلیل ہے۔

## بصاق (تھوک)

(۱) خواب میں تھوکنا قوت پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) کسی نے دیکھا کہ گویا اس کے منہ میں تھوک خشک ہوا تو دلیل ہے کہ اپنے ہم عصروں کی طرح کام کرنے کے ارادے کے باوجود ان سے عاجز ہوگا اور اس سلسلے میں وہ کلام بہت کم کر سکے گا۔ (۳) کسی نے دیکھا کہ اس کے منہ سے دودھ کا جھاگ مکھن نکلا تو دلیل ہے کہ وہ کلام باطل کہے گا یا جھوٹ میں مبتلا ہوگا۔ تھوک، مال اور قدرت پر دلالت کرتا ہے۔ (۴) کسی نے دیکھا کہ گویا اس نے کسی بھی دیوار پر تھوک دیا تو دلیل ہے کہ وہ جہاد میں مال خرچ کریگا۔ یا اپنے مال کو تجارت میں لگائے گا۔ (۵) زمین پر تھوکنے کی تعبیر جائداد خریدنے سے کی جاتی ہے۔ (۶) کبھی درخت پر تھوکنا، وعدہ خلافی، یا قسم ٹوٹنے کی دلیل ہے۔ (۷) کسی انسان پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تھوکنا اس پر تہمت لگانے پر دلالت کرتا ہے۔ (۸) تھوک کا گرم ہونا درازی عمر اور ٹھنڈا ہونا موت کی علامت ہے۔ (۹) منہ میں تھوک کے خشک ہونے کی تعبیر تنگ دستی سے بھی کی جاتی ہے۔ (۱۰) لعاب دھن کی تعبیر کلام کی فضیلت' یا علم اور کبھی مال و دولت سے کی جاتی ہے۔ (۱۱) بسا اوقات لعاب' نکاح کے ذریعے راحت حاصل کرنے پر دلالت کرتا ہے اور کبھی بیماری پر اور کبھی صحت پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۲) خواب میں لعاب کے رنگ کا بدل جانا صاحب خواب کے سوءِ مزاج کی طرف مشیر ہے۔ (۱۳) لعاب دہن کا بند ہونا راحت ولذت کے انقطاع اور فقدان اولاد کی علامت ہے اور اس کی کثرت غم واندوہ کی دلیل ہے۔ (۱۴) کسی نے باہر تھوک دیا تو یہ دلیل ہے کہ اس کے منہ سے کوئی غلط بات نکلے گی۔ (۱۵) اگر دیکھا کہ اس کے لعاب کے ساتھ خون یا گاڑھا بلغم آ رہا ہے' تو ناجائز کلام کرنے کی دلیل ہے' اس طرح کسی انسان کے چہرے پر تھوکنا بھی ناجائز کلام کی علامت ہے۔

## بلغم

(۱) خواب میں بلغم دیکھنا نہ بڑھنے والا مالِ مجموع پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) اگر دیکھا کہ اپنا بلغم پھینک دیا تو یہ مالی کشادگی کی علامت ہے اور مریض کے لئے شفاء کی دلیل ہے۔ (۳) خواب میں کھانسنا مشکل میں مال خرچ کی طرف اشارہ ہے اور صاحب علم کے لئے علم کے معاملے میں بخل کی نشانی ہے۔ (۴) خواب میں منہ سے بال یا دھاگہ یا کڑوا پانی وغیرہ کا نکلنا صاحب خواب کے خیانت پر برقرار رہنے کی علامت ہے۔ (۵) بعض علماءِ تعبیر نے کہا ہے کہ خواب میں کسی عالم کے منہ سے پانی نکلنے کی تعبیر اس کے ایسے وعظ سے کی جاتی ہے جس سے لوگوں کو فائدہ ہو۔ اگر یہی خواب کوئی تاجر دیکھے تو اس کے سچا ہونے کی علامت ہے۔

## بدن انسان (انسانی بدن)

(۱) خواب میں بدن کا موٹا اور قوی ہونا اس کے دین وایمان کی قوت کی نشانی ہے۔ (۲) کسی نے دیکھا کہ اس کا جسم سانپ کے جسم کی طرح بن گیا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ عداوت کو ظاہر کرے گا۔ (۳) کسی نے دیکھا کہ اس کی سرین بکرے کی سرین کی طرح بن گئی تو ولد مرزوق کی دلیل ہے کہ جو اس کی اچھی زندگی کا سبب بنے گا۔ (۴) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کا جسم لوہے کا ہوا' تو اس کے مرنے کی علامت ہے۔ (۵) خواب میں بدن کے اندر غیر معمولی زیادتی جو نقصان دہ نہ ہو کثرتِ نعمت کی نشانی ہے۔ (۶) کسی نے دیکھا کہ وہ خواب میں اپنا بدن کھجلا رہا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ وہ اپنے رشتہ داروں کے احوال کی نگہبانی کریگا اور اس میں اس کو تکلیف ہوگی۔ (۷) کسی نے دیکھا کہ وہ اپنا بدن کھجلا رہا ہے لیکن اس کو سکون نہیں مل رہا ہے تو دلیل ہے کہ رشتہ داروں کی طرف سے اس کو تکلیف پہنچے گی۔ اور اگر کھجلانے سے راحت وسکون محسوس کرے تو یہ خیر عظیم ملنے کی دلیل ہے۔ (۸) بدن کا بڑھنا اور موٹا ہونا مال وعزت کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



زیادتی کی علامت ہے اور بدن کا کم ہونا یا کمزور ہونا مالی اور علمی نقصان کی دلیل ہے اور کبھی اس کی دلالت ناپسندیدہ لوگوں کے ساتھ محبت کم ہونے پر ہوتی ہے۔ (۹) کبھی بدن کی دلالت ان چیزوں پر بھی ہوتی ہے جو انسان کو چھپاتے ہیں مثلاً لباس' زوجہ' مسکن' محبوب اولاد پوتے وغیرہ اسی طرح ان لوگوں پر بھی دلالت ہوتی ہے جن کی ایذاء سے خود کو بچانا چاہتا ہے مثلاً بادشاہ' سربراہ وغیرہ۔ (۱۰) بدن کی قوت اور اس کا حسن ان لوگوں کے حسن حال پر دلالت کرتی ہے جن پر بدن دلالت کرتا ہے اس میں کمزوری اور بدبوان کے سوء حال کی دلیل ہے جن پر بدن کا اطلاق ہوتا ہے۔ (۱۱) خواب میں جسم کا اچھی طرح مضبوط ہونا بلند قدری اور دشمنوں پر غلبہ کی علامت ہے۔

## برد (ٹھنڈک/ برف)

(۱) خواب میں ٹھنڈک محسوس کرنا فقر کی علامت ہے۔ کسی نے سایہ میں سردی محسوس کی دھوپ میں جا بیٹھا تو یہ فقر ختم ہونے کی علامت ہے۔ اس طرح دھوپ میں گرمی محسوس کر کے زیر سایہ آنے کی تعبیر غم سے نجات کی طرف مشیر ہے۔ (۲) گرمی کے موسم میں خواب میں سردی محسوس کرنا فوائدہ کثیر' اور رزق وافر اور عمدہ لباس کی علامت ہے۔ (۳) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ گویا اسے سردی لگ رہی اور ساتھ ساتھ ہوا بھی چل رہی ہے تو تعبیر ہے کہ اس کو محتاجی پر محتاجی لاحق ہوگی۔ (۴) اور خواب میں آگ یا چنگاری یا دھواں سینکنے کی تعبیر بادشاہ کے عمل میں کوشش کی وجہ سے محتاجی لاحق ہونے اور ہول کی علامت ہے۔ (۵) بھڑکتی ہوئی آگ سے گرمی حاصل کرنے کی تعبیر بادشاہ کے کام میں مصروف ہونے کی علامت ہے۔ اور چنگاری سے گرمی حاصل کرنا مالِ یتیم تلاش کرنے کی دلیل ہے اور دھواں میں گھر جانے کی تعبیر اپنے آپ کو ہولِ عظیم میں ڈالنے سے کی جاتی ہے۔ (۶) سرد موسم میں سردی محسوس کرنے کی کوئی خاص تعبیر نہیں البتہ گرم موسم میں سردی لگنے کی تعبیر ایسے سفر سے کی جاتی ہے جو مکمل نہ ہو۔ اور کبھی اشیاءِ مخفی کے ظہور سے بھی اس کی تعبیر کی جاتی ہے۔

## برد (اولے)

(۱) خواب میں اولے برسنے کی تعبیر بادشاہ کی طرف سے سزا اور عذاب' عام اموال کے چلے جانے اور ضرب شدید اور درد میں مبتلا ہونے کی نشانی ہے۔ (۲) کسی نے دیکھا کہ بے موسم آسمان سے اولے برس رہے ہیں یا برف باری ہو رہی ہے تو یہ صاحب خواب کے مرض میں مبتلا ہونے کے بعد صحت یاب ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۳) کسی نے دیکھا کہ اولے یا برف اس کے بدن پر گر رہے ہیں تو یہ اس کے بعض مال کے ضائع ہونے کی علامت ہے۔ (۴) برف باری کے موسم میں برف باری غم واندوہ کے ختم ہونے اور دشمنوں اور حاسدوں کے ذلیل ہونے کی دلیل ہے اس لئے کہ اس سے زمین کو ٹھنڈک حاصل ہوتی ہے جس سے سانپ اور بچھو وغیرہ ظاہر ہوتے ہیں۔ (۵) کسی نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دیکھا کہ اتنی زیادہ بارش ہوئی کہ جس کی وجہ سے مکانات اور راستے برباد ہوگئے اور چلنا مشکل ہوگیا تو یہ معاشی بحران کی طرف اشارہ اور اسفار کے معطل ہونے کی علامت ہے۔ (۶) خواب میں اولے دیکھنا ضرر کی علامت ہے اگر اس سے نقصان ہوا۔ اگر دیکھا کہ اولے برس رہے ہیں لیکن کسی کو کوئی نقصان نہیں ہو رہا ہے تو یہ خیر کی علامت ہے۔ اگر لوگ اس سے اپنے برتن بھر لیں یا اس سے کچھ کھائیں تو رزق ملنے کا اشارہ ہے۔ (۷) زمین پر اولے پڑنا نزول رحمت کی دلیل ہے۔ (۸) فصل اور نباتات پر بغیر نقصان کے اولے برسنا خیر اور خوشحالی کی طرف مشیر ہے کبھی یہی خواب فصلوں پر ٹڈیوں کی علامت ہے۔ (۹) اگر اولوں سے فصلوں کو یا مکانات کو نقصان ہوا تو یہ مالی نقصان اور تاوان یا پھوڑے پھنسی میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۰) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ اولوں کو چھلنی یا کپڑا یا کسی ایسی چیز کے اندر اٹھائے ہوئے ہے جسمیں عموماً پانی نہیں ڈالا جاتا تو تعبیر یہ ہے کہ اگر صاحب خواب مالدار و غنی ہے تو اس کو مالی نقصان ہوگا۔ یا اس کا کاروبار کم ہو جائیگا۔ اگر اس کا مال دریا میں ہے تو ضائع ہونے کا خطرہ ہے، اور اگر صاحب خواب فقیر ہے تو یہ اس کی محتاجی ختم ہونے کی علامت ہے۔

## برد (چادر)

(۱) خواب میں چادر دیکھنا دنیا و آخرت کی اچھائی کی علامت ہے (۲) نقش و نگار والی چادر دنیاوی خیر کی دلیل ہے۔ (۳) ریشمی چادر مالِ حرام کی علامت ہے۔ (۴) خواب میں روئی کی بنی ہوئی چادر دینی و دنیاوی خیر کی نشانی ہے۔

## بیض (انڈا)

(۱) خواب میں انڈوں کی جگہ یا انڈوں والے برتن دیکھنے کی تعبیر عورتوں سے کی جاتی ہے۔ (۲) کسی نے دیکھا کہ اس کی مرغی نے انڈا دیا تو تعبیر ہے کہ اس کے بچے ہوں گے۔ (۳) خواب میں کچا انڈا کچا کھانے کی تعبیر مال حرام سے کی جاتی ہے اور کبھی یہی خواب زنا کی علامت سمجھا جاتا ہے اور کبھی غم آنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۴) اگر خواب میں کسی کو انڈے کا چھلکا کھاتے ہوئے دیکھا تو تعبیر ہے کہ وہ شخص کفن چور ہے۔ (۵)۔ کسی نے خواب میں اپنے ہاتھ میں انڈا دیکھا تو تعبیر ہے کہ اس کی بیوی مردے کی طرح ہوگی۔ (۶)۔ کسی نے دیکھا کہ اس کی بیوی نے انڈا دیا تو تعبیر یہ کہ اس کی بیوی کافر بچہ جنے گی۔ (۷) کسی نے دیکھا کہ اس نے انڈا دینے والی مرغی کو اپنے بغل میں لے لیا اور اس نے چوزہ دیا تو تعبیر یہ ہے کہ کسی میت کے معاملے میں اس کو تکلیف دیں گے اور اس کے ہاں ایک مؤمن بچہ پیدا ہوگا۔ بلکہ ایک ایک چوزے کے بدلے ایک ایک بچہ پیدا ہوگا۔ (۸) اگر کسی نے مرغے کے نیچے انڈے یا چوزے رکھدیئے تو تعبیر یہ ہے کہ وہاں ایسا استاذ آئے گا جو بچوں کو نکالے گا۔ (۹) کسی کی بیوی حاملہ ہو اور وہ کسی انڈے کو مارے تو تعبیر ہے وہ کسی لڑکی کا کنوار پن ختم کرنا چاہتا ہے مگر ایسا کر نہیں سکتا۔ (۱۰) کسی نے انڈا توڑ کر اس کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دیدیا تو دلیل ہے اسکی بیٹی کا کوئی کنوار پن ختم کریگا۔(۱۱) اگر کسی نے انڈے کے چھلکوں کو روندا اور اس سے انڈا نکل آیا تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب اپنی باندی سے ہمبستر ہوگا اور اس سے بچی پیدا ہوگی۔(۱۲) کسی نے خواب میں دیکھا کہ اس کے پاس بہت سے انڈے ہیں تو یہ ایسے مال کثیر کی علامت ہے جو معرض خطر میں ہو۔
(۱۳) خواب میں طوطے کے انڈے کی رؤیت نیک باندی کی علامت ہے۔(۱۴) کسی نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں چھلا ہوا انڈا ہے تو یہ علامت ہے کہ اس کا کام درست ہوگا مگر کچھ مشکل پیش آئے گی اور اس سے مال حاصل کریگا۔
(۱۵) انڈے کو اندر سے باریک جھلی کے ساتھ کھانا کفن چوری کی علامت ہے۔(۱۶) خواب میں اگر کسی نے انڈا تھما دیا تو تعبیر ہے کہ اس کے ہاں شریف لڑکا پیدا ہوگا اور اگر انڈا ٹوٹ جائے تو یہ بچے کی موت کی علامت ہے۔
(۱۷) کسی نے دیکھا کہ وہ انڈوں کے چھلکے کھا رہا ہے تو یہ بھی صاحب خواب کے کفن چور ہونے کی نشانی ہے کہ یہ مردوں سے کفن چرائے گا۔(۱۸) کثیر انڈے غیر شادی شدہ کے لیے شادی اور شادی شدہ کے لیے اولاد کی نشانی ہے۔ (۱۹) چھوٹے چھوٹے انڈوں کی تعبیر بچیوں سے اور بڑے انڈوں کی تعبیر لڑکوں سے کی جاتی ہے۔(۲۰) کسی نے دیکھا کہ وہ پکا ہوا انڈا اچھیل رہا ہے تو یہ مال ملنے کی دلیل ہے۔(۲۱) بعض دفعہ انڈے سونے چاندی ملنے پر دلالت کرتے ہیں انڈے کی سفیدی چاندی پر اور سرخی سونے پر دال ہے۔(۲۲) انڈوں کی تعبیر بسا اوقات اولاد' ازواج' باندیوں' اور مال سے کی جاتی ہے اور کبھی قبور اور کبھی خود پر اور کبھی رشتہ دار کے جمع ہونے پر بھی دلالت کرتے ہیں اور انڈوں کی تعبیر دراہم و دینار جمع کرنے سے بھی کی جاتی ہے۔(۲۳) کسی مکان میں کوڑا کرکٹ کی طرح انڈے جلتے دیکھنا اس مکان کی عورتوں کے قیدی ہونے کا اشارہ ہے۔

## بیاض اللون (رنگ کا سفید ہونا)

(۱) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کا چہرہ عام حالت سے زیادہ سفید ہوا ہے تو یہ مرض کی علامت ہے۔(۲) کسی نے دیکھا کہ اس کے رخسار کا رنگ سفید ہوگیا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب عزت و شرف پائے گا۔

## بحر (دریا)

(۱) خواب میں دریا دیکھنا مضبوط اور عادل' وشفیق' بادشاہ کی علامت ہے جس سے لوگ اپنی ضروریات پوری کریں۔
(۲) خواب میں دریا دیکھنا تاجر کے لیے مال اور اجیر کے لیے استاد کی دلیل ہے۔(۳) خواب میں دریا دیکھنا شئی مطلوب کے حاصل ہونے کی دلیل ہے۔(۴) کسی نے دیکھا کہ وہ دریا میں غوطہ زن ہوا تو کسی دریا صفت بادشاہ کے پاس جانے کی دلیل ہے۔(۵) کسی نے دیکھا کہ دریا پر بغیر کسی چیز کے بیٹھا ہوا ہے یا کوئی بستر بچھا کر بیٹھا یا لیٹا ہوا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ وہ بادشاہ کے معاملات میں دخیل ہوگا مگر خطرے سے خالی نہ ہوگا اس لیے کہ پانی پر بیٹھا ہوا شخص غرق

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے مامون نہیں ہوتا اسی طرح صاحب خواب بھی بادشاہ کے غضب سے مامون نہیں ہوگا۔(۶) کسی نے دیکھا کہ وہ سمندر کا سارا پانی پی گیا اور بادشاہ کے علاوہ کسی نے نہیں دیکھا تو دلیل ہے اس بادشاہ کے برابر مالدار ہوگا۔ (۷) کسی نے دیکھا کہ اس نے دریا کا اتنا پانی پیا کہ سیراب ہوگیا تو تعبیر یہ ہے کہ بادشاہ سے مال ملے گا کہ وہ مالدار ہو جائے گا اور اس کی عمر طویل ہوگی اور اس کو قوت حاصل ہوگی۔(۸) اگر دیکھا کہ وہ دریا کے پانی سے سیراب ہوا تو تعبیر ہے کہ وہ بادشاہ سے کوئی کام چاہتا ہے اور وہ بقدر ضرورت سیرابی اس کو ملے گی۔(۹) کسی نے دیکھا کہ وہ دریا کے پانی سے اپنے برتن بھر رہا ہے تو یہ مالِ کثیر جمع کرنے کی نشانی ہے یا دلیل ہے اللہ تعالی اس کو ایسی دولت عطا فرمائیں گے جس سے بہت مال حاصل ہوگا۔(۱۰) بعض علماء تعبیر کا کہنا ہے کہ دریا کے پانی سے پینا حصول علم ادب بقدر شرب ہے۔
(۱۱) کسی نے دیکھا کہ اس نے دریا عبور کیا تو دلیل ہے کہ اس کو دشمنوں سے مال غنیمت ملیگا جیسا کہ بنی اسرائیل نے دریا عبور کیے تو فرعون کے مال کے مالک بن گئے۔(۱۲) اگر دیکھا کہ کسی مکان یا محلے میں دریا کا پانی داخل ہوا اور اس سے اہل محلّہ کو کوئی تکلیف نہیں ہوئی تو یہ تعبیر ہے کہ اس محلے میں بادشاہ کا ورود ہوگا اور اس سے اہل محلّہ کو بہت سا مال ملے گا جس سے ان کی معیشت مستحکم ہوگی۔(۱۳) کسی نے دیکھا کہ وہ دریا کے پانی سے نہا رہا ہے۔تو یہ گناہوں سے پاک ہونے اور بادشاہ کے ذریعے غم کے ختم ہونے کی علامت ہے۔(۱۴) کسی نے دیکھا کہ وہ دریا میں پیشاب کر رہا ہے تو تعبیر ہے کہ وہ گناہوں پر برقرار رہے گا۔(۱۵) کسی نے دور سے دریا کو دیکھا تو دلیل ہے کہ اس کو خوف 'فتنہ اور مصیبت لاحق ہوگی۔(۱۶) کسی نے دیکھا کہ دریا پر کھڑا ہے تو یہ خلاف توقع بادشاہ کی طرف سے تکلیف پہنچنے کی علامت ہے۔(۱۷) کسی نے دیکھا کہ دریا کا پانی کم ہوگیا یہاں تک درمیان میں خلیج پیدا ہوگئی تو تعبیر یہ ہے کہ اس علاقے سے بادشاہ چلا جائے گا اور لوگوں کو خیر نصیب ہوگی۔(۱۸) کسی نے دیکھا کہ وہ بادشاہ یا بادشاہ کے کسی نائب کے ہاں داخل ہوا ہے تو تعبیر ہے کہ اگر صاحب خواب مریض ہے تو اس کا مرض بڑھ جائیگا۔(۱۹) اگر خواب دیکھا کہ وہ دریا میں داخل ہونے کے بعد اس سے نکل گیا تو یہ بادشاہ کی طرف سے جزا ملنے اور غم کے ختم ہونے کی نشانی ہے۔
(۲۰) کسی نے دیکھا کہ خواب میں تیرنے کے بعد اس سے نکل گیا اگر مرض میں مبتلا ہے تو اس سے شفایاب ہوگا' اگر بادشاہ یا کسی اور کی طرف سے اس کو تکلیف پہنچ رہی ہے تو اس سے نجات ملے گی۔(۲۱) کسی نے دریا کا رخ دوسری طرف موڑ دیا تو دلیل ہے اس کا غم یا خوف ختم ہو جائے گا۔ (۲۲) اگر دریا نے اس کو گھیر لیا اور دریا کے تہ میں کیچڑ وغیرہ میں دھنس گیا تو غم واندوہ کی علامت ہے۔ (۲۳) خواب میں اپنے آپ کو دریا میں تیرتا دیکھنا مصیبت سے نکل جانے کی تدبیر کرنے کی دلیل ہے اور کام سے نکلنے کا مشکل ہونا تیرنے کے مشکل اور آسان ہونے کے اعتبار سے ہے۔
(۲۴) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ تیرتا ہوا دریا میں داخل ہوا اور لوگوں کی نظروں سے اوجل ہوگیا تو یہ اس کے ہلاک ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۲۵) اگر دیکھا کہ پانی نے اس کو گھیر لیا اور وہ اس میں غرق ہوگیا تو تعبیر ہے کہ صاحب خواب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شہادت کی موت مریگا۔اس لیے کہ دریا میں غرق ہو کر مرنے والا شہید ہے۔(۲۶) خواب دیکھا کہ وہ دریا میں غوطہ زن ہے اور پانی میں اوپر نیچے ہو رہا ہے اور مرا نہیں تو یہ دنیاوی امور میں منہمک ہونے اور مال ملنے کی نشانی ہے۔ (۲۷) کسی نے دیکھا کہ وہ پانی میں غوطہ لگا کر موتی حاصل کر رہا تو یہ ان موتیوں کے برابر مال ملنے کی نشانی ہے۔ (۲۸) خواب دیکھا کہ وہ دریا سے چلو بھر کر کشتی میں ڈال رہا ہے۔ یہاں تک کہ اس نے کشتی کو بھر دیا تو تعبیر ہے کہ اس کے ہاں ایک طویل العمر بیٹا پیدا ہوگا۔(۲۹) دیکھا کہ دریا سے پانی پی لیا تو یہ پیئے ہوئے پانی کے بقدر بادشاہ کی طرف سے مال ملنے' اور علم حاصل ہونے کی دلیل ہے اور اگر پانی گدلا ہو تو یہ غم لاحق ہونے کی علامت ہے۔(۳۰) کسی نے دیکھا کہ وہ دریا کے پانی سے نہا رہا ہے یا وضوء کر رہا ہے اگر صاحب خواب مریض ہے تو تعبیر یہ ہے کہ اس کو شفا نصیب ہوگی اگر مقروض ہے تو اللہ تعالی قرض سے اس کو نجات دیگا اگر غمزدہ ہے تو اللہ تعالی اس کے غم کو رفع فرمائیں گے اگر خوف زدہ ہے تو اس کو امن نصیب ہوگا۔(۳۱) کسی نے اپنے آپ کو دریا کے پانی پر چلتے ہوا دیکھا تو یہ اس کی حسنِ نیت اور قوتِ یقین کی علامت ہے۔

(۳۲) کبھی دریا دیکھنا پریشان کن فتنہ پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۳۳) کسی دوسرے کو دریا میں مردہ دیکھنا اس کے جہنمی ہونے کی طرف اشارہ ہے اگر وہ شخص مریض ہے تو یہ اس کی بیماری کی شدت کی علامت سمجھی جاتی ہے۔(۳۴) بعض علماء تعبیر کا کہنا ہے کہ دریا پر چلنا مخفی کام کے ظاہر ہونے کی دلیل ہے۔ (۳۵) کبھی خواب میں دریا دیکھنا صاحب خواب کے کثرتِ تحمل پر دلالت کرتا ہے۔(۳۶) خواب میں بحر محیط کو دیکھنا عمر کے مکمل ہونے اور عالمِ غیب میں پہنچنے کی علامت ہے۔(۳۷) کبھی دریا دیکھنا' سفر' لڑائی اور مال ملنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۳۸) شور دریا کافر پر اور میٹھا دریا مرد مومن پر دلالت کرتا ہے۔اسی طرح مندرجہ ذیل اشیاء پر بھی دال ہوتا ہے۔

بارانِ رحمت' تسبیح و تہلیل' خوف' جزع وفزع' مقاصد میں دیر ہونا' غم واندوہ کا ختم ہونا' مال و جان کا ختم ہونا' پاک ہونا' کافر کا مسلمان ہونا' گناہ گار کا توبہ کرنا' قسم کھانا۔اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے ﴿وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ﴾ ''قسم ہے ابلتے ہوئے دریا کی'' دریا کی قسم کھائی ہے۔(اور کبھی دریا کو دیکھنا والد' والدہ' قید خانہ' بے غیر شہر پناہ کے شہر پر' کبھی جماعت ترک کرنے اور عیدوں میں حاضری پر بھی دلالت کرتا)۔(۳۹) کبھی اس کی دلالت بداخلاق سازشی مرد وزن پر ہوتی ہے اور کبھی قید پر' غیر محدود صناعت پر اور کھانے سے روکنے والے مرض پر دلالت کرتا ہے۔(۴۰) خواب میں بارش کی ضرورت کے موقع پر دریا میں زیادتی بارانِ رحمت اور نفع کی بشارت ہے۔(۴۱) خواب میں دریا کو موجیں مارتے ہوئے دیکھنا سفر میں خوف واقع ہونے کی علامت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## بُحیرہ (سانڈ)

(۱) خواب میں سانڈ دیکھنا قاضیوں اور حکمرانوں پر دلالت کرتا ہے۔ مسافر کا خواب میں سانڈ دیکھنا سفر کے مشکل ہونے کی علامت ہے۔ (۲) چھوٹا سانڈ مالدار بیوی پر دلالت کرتا ہے۔ اور سانڈ دیکھنے کی تعبیر کبھی معاشرت پسند مالدار بیوی سے بھی کی جاتی ہے۔

## بخار (بھاپ)

خواب میں بھاپ دیکھنا بسا اوقات آنکھ کے دھندلا ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱) کسی نے موسم گرما میں خواب دیکھا کہ گویا اس کے منہ سے ایسے بخارات نکل رہے ہیں جیسے سردی کے موسم میں نکلتے ہیں تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب باطنی امراض میں مبتلا ہوگا۔ اور اس کے پوشیدہ راز فاش ہو جائیں گے۔ اگر صاحب خواب ہدایت پر ہے تو راستہ سے بھٹک جائے گا اور اگر عالم ہے تو بدعاتِ ظاہری کا مرتکب ہوگا۔ (۲) بسا اوقات ایسا خواب جھوٹ اور بے فائدہ کلام پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## بئیر (کنواں)

خواب میں پانی دیکھنے کی تعبیر ہنس مکھ اور خوش طبع بیوی ملنے سے کی جاتی ہے۔ اگر عورت خواب میں پانی دیکھے تو یہ اس کے لئے با اخلاق شوہر ملنے کی دلیل ہے' کنواں دیکھنا مال' علم یا شادی پر دلالت کرتا ہے اور کبھی اس سے مراد قیدی' قید خانہ اور سازش بھی ہوتی ہے۔ (۳) کسی نے خواب میں کنواں کھودا اور اس سے پانی نکل آیا تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب ایک مالدار عورت سے نکاح کریگا اور اس کے ساتھ مکر کرے گا اس لئے کہ اس نے گھڑا کھودا ہے۔ (۴) اگر کنواں کھودا مگر پانی نہیں نکلا' تو یہ غریب عورت سے نکاح کی دلیل ہے۔ (۵) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ کنویں سے پانی پیا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ اگر صاحبِ خواب اسے خود کھودا ہو تو وہ چال سے مال حاصل کریگا۔ (۶) اگر کسی دوسرے کے ذریعہ کھودوائے تو اس کے یا اس کے ہم نام کے ذریعے اس کو مال ملنے کی دلیل ہے۔ (۷) کسی نے خواب میں پرانا کنواں دیکھا کہ اس سے آنے جانے والے لوگ ڈول اور رسی کے ذریعے پانی لے رہے ہیں تو تعبیر یہ ہے کہ اس مقام پر کوئی عورت یا کسی عورت کا شوہر یا سرپرست ہوگا جس سے لوگ اپنی معیشت کے سلسلے میں فائدہ حاصل کریں گے۔ (۸) اگر دیکھا کہ کنواں کا پانی بھر گیا اور باہر بہہ گیا تو یہ اس علاقے میں غم وحزن اور رونے کی علامت ہیں۔ (۹) دیکھا کہ کنواں بھر گیا ہے لیکن باہر نہیں بہا ہے تو یہ خیر کی علامت ہے۔ (۱۰) کسی نے دیکھا کہ وہ اپنے باغ کو سیراب کرنے کے لئے کنواں کھود رہا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ وہ ایک دوا تیار کریگا' اس کو استعمال کر کے اپنی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بیوی کے ساتھ جماع کریگا۔(۱۱) کسی نے دیکھا کہ اس کا کنواں بھر گیا اور اس کا پانی باہر اتنا بہہ گیا کہ مکانات میں داخل ہوگیا۔تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب کو ایسا مال ملے گا جو اس کے لئے وبال کا سبب بنے گا۔(۱۲) اگر دیکھے کہ پانی گھر سے نکلا ہے تو یہ غم کے ختم ہونے اور بقدر خروج پانی' مال کم ہونے کی دلیل ہے۔(۱۳) کسی نے خواب میں دیکھا کہ وہ ایسے کنویں میں گر گیا جس کا پانی گدلا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب کسی جابر و ظالم سرکاری آدمی کے ساتھ تصرف کریگا۔اور اس کی سازش وظلم کی زد میں آئے گا اور اس کا معاملہ اس پر مشکل ہو جائیگا۔(۱۴) اگر دیکھا کہ کنویں میں گر گیا مگر اس کا پانی صاف وشفاف ہے تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب کسی صالح آدمی کے لئے کام کریگا اور وہ اس سے راضی ہوگا۔(۱۵) اگر دیکھا کہ وہ کنویں کے اوپر بیٹھا ہوا ہے تو یہ دلیل ہے کہ وہ ایک مکار آدمی کے ساتھ معاملہ کریگا۔اور اس کے قید سے بچ جائیگا۔

(۱۶) کنویں میں کچھ ڈول وغیرہ ڈالنا سفر کی علامت ہے۔(۱۷) نامعلوم جگہ میں میٹھے پانی والا کنواں دیکھنا حصولِ دنیا کی نشانی ہے اور بقدر پانی' رزق ملنے اور عمر کے دراز ہونے کی بھی علامت ہے۔(۱۸) خواب میں کنواں کا منہدم ہونا صاحب خواب کی بیوی کے مرنے کی دلیل ہے۔(۱۹) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کے دونوں پاؤں کنویں میں لٹکے ہوئے ہیں تو صاحب خواب مال کے معاملے میں سازش کا شکار ہوگا۔(۲۰) کسی نے خواب میں دیکھا کہ وہ کنویں میں اترا اور درمیان میں اذان دی تو یہ سفر کی دلیل ہے' اور اگر اس کے راستے میں پانی خشک ہوتا چلا گیا تو یہ سرداری' ولایت وحکمرانی ملنے یا تجارت میں نفع حاصل ہونے کی علامت ہے۔(۲۱) اگر درمیان میں کسی دوسرے کی اذان سنی تو تعبیر یہ ہے کہ اگر صاحب خواب حکمران ہے تو اپنے عہدے سے معزول کیا جائیگا۔(۲۲) کسی نے دیکھا کہ اس کے گھر میں یا زمین میں کنواں نکلا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کی معیشت میں استحکام ہوگا اور تنگی کے بعد خلاف توقع وسعت نصیب ہوگی۔(۲۳) کسی نے دیکھا کہ وہ کنویں میں گر گیا تو یہ اپنے رتبے سے اور عزت سے گرنے کی نشانی ہے۔(۲۴) کنواں مندرجہ ذیل اشیاء پر دلالت کرتا ہے۔والد'والدہ' قبر' سازش' گالم گلوچ' ضروریات کی تکمیل' سفر' مقاصد کا پورا ہونا' بخل وغیرہ یعنی مختلف حالات میں اس کی تعبیر مختلف اشیاء سے کی جاتی ہے۔مثلاً گھر کے کنویں کی دلالت صاحب خواب کی بیوی' خادم' اس کی دکان' اس کے مال اور اسکی موت وحیات وغیرہ سے ہوتی ہے۔اور غیر مستعمل کنواں انقطاع سفر کی علامت ہے اور راستوں میں مستعمل کنوؤں کی تعبیر مساجد وغیرہ سے کی جاتی ہے۔

(۲۵) اور کبھی کنوؤں کی تعبیر ایسی زانیہ عورت سے کی جاتی ہے کہ جس کے پاس ہر کوئی آتا ہو۔(۲۶) اگر کنویں سے مراد اس کے نگران یا پڑوسیوں کے امور کے نگران ہوں تو راستے کا کنواں تنگی کے بعد وسعت کی علامت سمجھا جائے گا۔

(۲۷) اور زمین سیراب کرنے والا کنواں دیکھنا دنیا ہے کہ جس سے بعض فائدہ حاصل کریں اور بعض اس کے محتاج ہوں۔(۲۸) کبھی کنواں مدارس ومکاتب پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۲۹) پانی سے خالی کنویں کی تعبیر دھوکہ اور خداع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے کی جاتی ہے۔(۳۰) کسی نے خواب دیکھا کہ کسی محلّہ یا شہر میں اب زم زم کا کنواں نکلا ہے تو تعبیر ہے کہ اس علاقے میں ایسے آدمی کا ورود ہوگا کہ لوگ اس کی نیکی یا دعا سے مستفید ہوں گے۔کبھی یہ خواب اس علاقے کے لوگوں کے لیے اپنے دشمنوں پر غلبہ اور برکت کی نشانی بھی سمجھا جاتا ہے کبھی بوقت ضرورت بارانِ رحمت کے نزول کی علامت بھی ہوتا ہے۔(۳۱) کنویں کے قریب کھڑا ہو کر اس کا صاف پانی پینا اہل علم کے لیے بقدر شربِ پانی علم اور فقیر کے لیے غنا اور غیر شادی شدہ کے لیے شادی اور حاملہ کے لیے بچہ کی پیدائش اور ضرورت مند کے لیے ضرورت پوری ہونے اور سفر کے خواہشمند کے لیے سفر اور اس سفر میں منفعت کے حصول اور کسی مقصد کے حصول کے طالب کے لیے کامیابی پر دلالت کرتا ہے۔(۳۲) کنویں کے پانی کا ختم ہونا اور نیچے چلا جانا کفر و شرک کی طرف اشارہ ہے۔
(۳۳) بسا اوقات کنواں دیکھنے کی تعبیر دینی امور میں شک و ریب سے کی جاتی ہے۔(۳۴) کسی نے خواب میں خود کو کنویں کی طرف دیکھتے ہوئے دیکھا تو تعبیر یہ ہے کہ وہ کسی عورت کے معاملے میں متفکر ہوگا۔(۳۵) کسی نے دیکھا کہ اس کا کنواں گھٹ گیا تو تعبیر یہ ہے کہ اس کی بیوی اگر مریضہ ہے تو وہ مرض سے صحت یاب ہو جائیگی۔
(۳۶) کنویں کی دلالت بسا اوقات لوگوں کو نفع پہنچانے' ان کے معاملات میں سعی کرنے اور دینی اور دنیاوی معاملات میں ان کی مدد کرنے والے پر بھی ہوتی ہے۔(۳۷) خواب دیکھا کہ کنویں سے وضوء کے لئے پانی نکال رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے دین پر عمل کرنے والے مومن مرد سے مدد طلب کریگا۔چنانچہ اگر وضوء مکمل ہو تو دین' علم اور مرض کے لئے شافی ہونے کی دلیل ہے۔(۳۸) اور کبھی اس کی دلالت بیوی اور کثیر الکلام لڑکے پر بھی ہوتی ہے۔

## بکرۃ النہار (دن کی ابتداء)

خواب میں بکرۃ النہار کی تعبیر بیٹوں کے رزق یا ان کے ازواج سے کی جاتی ہے۔کبھی اس کی تعبیر ذکر الٰہی اور کبھی تلاوت قرآن سے کی جاتی ہے۔

## بناء (عمارت)

(۱) نئی عمارت دیکھنا دنیاوی فائدہ ملنے کی نشانی ہے۔(۲) کبھی بناء کی تعبیر اپنی اہلیہ کے ساتھ شب باشی سے کی جاتی ہے کوئی بھی تعمیر عورتوں کے معاملے پر دلالت کرتی ہے۔(۳) کسی نے دیکھا کہ اس کے گھر یا اس کا کمرہ کی وسعت خوبصورت انداز سے ہوئی ہے تو یہ دنیاوی کشادگی اور خوشحالی کی علامت ہے۔(۴) تعمیر اپنی مقدار سے متجاوز ہوتے ہوئے دیکھنا لوگوں کی اجازت کے بغیر کسی غمی یا خوشی کے موقع میں داخل ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۵) کسی نے دیکھا کہ وہ مکان بنا رہا ہے۔تو تعبیر یہ ہے کہ وہ دوستوں کو یا رشتہ داروں یا اپنی فوج کو اکٹھا کر رہا ہے' اور صاحب خواب اگر بادشاہ ہے تو اس کی حکومت کی واپسی اور خوشی اور قوت اور معاملہ کی رفعت بقدر رفعت مکان و مضبوطی سے تعبیر کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جاسکتی ہے۔(۶) کسی نے خواب دیکھا کہ اپنے مکان کو اکھیڑ رہا ہے تو یہ اس کے دوستوں یا رشتہ داروں اور قوم میں تفریق کی اور حکومت کے زائل ہونے کی علامت ہے۔(۷) کسی نے دیکھا کہ وہ کسی عالم کے پرانے مکان کی تجدید کر رہا ہے تو اس عالم کی سیرت کی اصلاح کرنے کی طرف اشارہ ہے۔(۸) اگر کسی ظالم کے مکان کی تجدید کر رہا ہے تو اس کی سیرت کی اصلاح کی علامت ہے۔(۹) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے مکان بنانے کے لیے بنیادیں کھودیں اور اس کو بنایا اور مضبوط کیا تو اپنے مقصد میں کامیابی کی دلیل ہے' یعنی اگر طالب علم ہے تو وہ علم حاصل کرنے میں کامیاب ہوگا۔ یا حکومت کا طالب ہے تو اسے حکومت ملے گی' یا کوئی ہنر سیکھ رہا ہے تو اس میں کامیاب ہوگا۔ (۱۰) کسی نے کسی خاص علاقے میں خود کو مکان بناتے دیکھا تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب اس علاقے یا شہر میں شادی کریگا۔(۱۱) ٹھیکری سے مکان بنانا' تزئین و ریاء کی علامت ہے۔(۱۲) خواب میں کیچڑ سے مکان بنانا حلال روزی پر دلالت کرتا ہے اور نقش و نگار والا مکان علم اور ولایت اور خوشی ملنے کی علامت ہے۔(۱۳) کسی نے دیکھا کہ وہ پکی اینٹ سے اور چونے سے مکان بنا رہا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب باطل کام میں منہمک ہوگا اس لیے چونا اور اینٹ کی تعبیر باطل امور سے کی جاتی ہے۔(۱۴) خواب میں چونے اور اینٹ کا کاروبار حرام کام میں لگنے کی علامت ہے۔(۱۵) کسی نے خواب میں دیکھا گویا کہ وہ اجنبی جگہ میں مکان بنا رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ خواب دیکھنے والا ایسی عورت سے نکاح کریگا جس کا تذکرہ پہلے کبھی نہیں ہوا ہے۔ کبھی یہی خواب اجنبی جگہ میں قیام پذیر ہونے اور وہیں انتقال کر جانے پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۱۶) مٹی کا مکان دین ویقین کی علامت ہے اور خشک مٹی رسوائی والا مال ہے۔(۱۷) کسی نے دیکھا کہ وہ حضور اقدس ﷺ کے مزار مبارک کو مٹی لگا رہا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب اپنے مال سے حج کریگا۔(۱۸) اپنے مکان کو تر مٹی لگانا صالح ہونے کی علامت ہے۔(۱۹) مٹی کھانا کھائی ہوئی مٹی کے بقدر حصولِ مال کی علامت ہے۔ (۲۰) خوبصورت عمارت کی تعبیر الفت ومحبت' نسل' رزق' اچھے لباس' اور کنواری عورت اور اس کی اولاد سے کی جاتی ہے۔(۲۱) مضبوط مکان صاحب خواب کی قوت وشدت پر دلالت کرتا ہے اور کبھی ایک دوسرے کے ساتھ مساعدت و مدد کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔(۲۲) بسا اوقات عمارت دیکھنا درازی عمر کی علامت ہوتا ہے۔(۲۳) کبھی عمارت کی دلالت عمارت بنانے والے پر ہوتی ہے۔

(۲۴) کسی نے دیکھا کہ وہ اللہ کی رضا کے لیے مسجد بنا رہا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ اگر صاحب خواب بادشاہ ہے تو حق کو قائم کریگا۔ اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر کریگا اور اگر خواب دیکھنے والا عالم ہے تو ایسی کتاب تصنیف کریگا جس سے لوگوں کو بہت نفع ہوگا۔ اگر صاحب خواب مالدار ہے تو اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کریگا اور اگر غیر شادی شدہ ہے تو اس کو شادی نصیب ہو جائے گی اگر شادی شدہ ہے تو اولاد کی دولت سے سرفراز ہوگا۔ اور اس کا ذکر خیر دنیا میں پھیل جائے گا اور اگر یہی خواب فقیر ومحتاج آدمی دیکھے تو وہ غنی و مالدار ہوگا یا مسجد کی خدمت کریگا اور ذکر تلاوت اور اعمال صالح کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ذریعے مسجد کو آباد کریگا یا کسی گناہ کا مرتکب ہے تو اس سے توبہ کرے گا اور ہدایت یافتہ ہوگا اور اس خواب کی تعبیر شہادت کی موت سے بھی کی جاتی ہے اور کبھی یہ تعبیر مکان کے بنانے والے کے لیے چاہے خود صاحب خواب ہے یا کسی دوسرے کو بناتے دیکھتا ہے کسی اچھائی پر دلالت کرتی ہے مسجد بنانے کی مذکورہ تعبیرات اس وقت ہوں گی۔ جب صاحب خواب مسجد ایسی چیزوں سے بنائے جن سے عموماً مسجد نہیں بنائی جاتی یا بغیر محراب کے یا خلاف سمت قبلہ مسجد بنائی تو تعبیر خیر کے جگہ شر سے کی جائے گی۔ (۲۵) خواب میں قبہ دیکھنا یا بنانا رفعت شان یا بڑے لوگوں میں شامل ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۲۶) کسی نے دیکھا کہ وہ خواب میں حوض کے کنارے درست کر رہا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ وہ اپنے والد کا ادب و احترام کریگا۔ (۲۷) کسی نے بادل پر قبہ بنایا تو یہ قوت حاصل کرنے کا اشارہ ہے۔ (۲۸) خواب دیکھا کہ آسمان میں اور زمین میں اس کیلئے قبہ نما مکان بنایا گیا تو دلیل ہے کہ اس کے اعمال درست ہوں گے اور شہادت کی موت نصیب ہوگی۔ (۲۹) خواب میں حمام بنانا کسی عورت سے زفاف کی طرف اشارہ ہے۔ (۳۰) مریض آدمی کا خواب میں اپنے منہدم گھر جس کے انہدام کا وقت معلوم نہ ہو دیکھنا مستقل صحت یابی کی علامت ہے۔ (۳۱) کسی نے دیکھا کہ اس کے باپ نے مکان بنایا اور صاحب خواب نے اس کو بلند کیا تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب اپنے والد کے مشن (دنیاوی یا اخروی) کو پورا کریگا۔ اور اس کو مضبوط کرے گا۔ (۳۲) کسی نے خواب دیکھا کہ کام کرنے والے اس کے مکان کو بنا رہے ہیں۔ تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب کی اپنی بیوی سے لڑائی ہوگی یا اپنے کسی دوست سے جدائی ہوگی۔ یا اسی قسم کا اور کوئی واقعہ پیش ہوگا۔

## باب (دروازہ)

دروازے کی تعبیر گھر کے سربراہ سے کی جاتی ہے۔ (۱) کھلے دروازے کی تعبیر رزق ہے۔ گھر کا دروازہ دیکھنا شادی کی طرف اشارہ ہے (۲) نیا دروازہ کنواری پر اور تالوں سے خالی ہونا شادی شدہ ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۳) کسی نے دیکھا کہ اس نے اپنے گھر کے دروازہ کو لوہے سے بند کیا تو تعبیر یہ ہے کہ وہ کسی کنواری عورت سے نکاح کریگا۔ (۴) گھر کے دروازے کا متغیر ہونا مالکِ مکان کی حالت کی تبدیلی کی علامت ہے۔ (۵) کسی نے دیکھا کہ اس کے گھر کا دروازہ گر گیا یا باہر کی طرف اکھاڑ دیا گیا یا جل گیا یا ٹوٹ گیا تو یہ گھر کے سربراہ پر مصیبت آنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۶) خواب میں دروازے کو اکھڑنے کے بعد بند دیکھنا صاحب خواب کی بقا کی علامت ہے۔ (۷) اور دروازے کو بند دیکھنا مصیبتِ عظیم پر دلالت کرتا ہے۔ (۸) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے گھر کے دروازے میں ایک چھوٹا سا دروازہ نکلا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ اس کے گھر میں اس کی بیوی میں خیانت داخل ہوگی۔ (۹) گھر کے دروازے کا بڑا ہونا یا اچھے انداز میں وسیع ہونا سربراہِ مکان کی حالت کی بہتری کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۰) کسی نے دیکھا کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



درندے نے اس پر حملہ کیا تو تعبیر یہ ہے فاسق لوگ اس کی بیوی کے پیچھے پڑیں گے۔ (۱۱) خواب میں اپنے گھر کا دروازہ ڈھونڈنا اور دروازہ نہ ملنا دنیاوی امور میں متحرک ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۲) صاحب خصومت کا خواب میں دروازے سے گزر جانا اس کے لئے خصومت میں کامیابی کی علامت ہے۔ (۱۳) کسی مختلف مقامات پر کھلے دروازے دیکھے تو یہ اس کے لئے دنیا کے دروازے کھلنے کی طرف مشیر ہے۔ (۱۴) کسی نے دیکھا کہ اس کے گھر کے دروازے باہر کی طرف کھلے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کو دنیاوی فائدہ ہوگا جس سے دوسرے غرباء نفع حاصل کریں گے۔ (۱۵) اگر دیکھا کہ گھر کا دروازہ اندر کو کھلا ہے تو یہ صرف ان گھر والوں کو دنیاوی فائدہ پہنچنے کی علامت ہے۔ (۱۶) کسی نے دیکھا کہ وہ کسی شخص کے گھر کے کھلے دروازے کے اوپر سے اس میں داخل ہو رہا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ خواب دیکھنے والا صاحب خانہ کی حرمت میں دخل اندازی کریگا۔ (۱۷) گھر کے دروازے غیر معمولی وسیع و کشادہ ہونا غیر لوگوں کا بغیر اجازت اس میں داخل ہونے کی علامت ہے۔ (۱۸) گھر کے دروازے کا اپنی جگہ سے بدل جانا اہل خانہ کے کسی سابقہ حالت سے تبدیلی کی علامت ہے۔ (۱۹) تنگ دروازے سے کشادگی کی طرف نکلنا، تنگی سے خوشحال ہونے اور خوف و پریشانی سے مامون ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۲۰) کسی نے دیکھا کہ اس کے گھر کے دو دروازے ہوئے تو یہ بیوی کے فاسدہ ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۲۱) گھر کے دروازے کا پیچھے کی طرف کھلنا اس گھر کے بے آباد ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۲۲) کسی نے دیکھا کہ اس کے گھر کے دروازے کے دو حلقے ہوگئے تو یہ دو شخصوں کے مقروض ہونے کی علامت ہے۔ (۲۳) خواب میں اپنے گھر کے دروازے کا حلقہ توڑنا بدعتی ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۲۴) کسی کا اپنے گھر کے دروازے کو جلتا دیکھنا اس کی بیوی کی موت کی علامت ہے اور اس کی سوچ و تدبیر کے غلط ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۲۵) شہر کے دروازے کی تعبیر شہر کے ذمے دار سے کی جاتی ہے یعنی اس میں تغیر و تبدل اس کی حالت میں تغیر و تبدل کی دلیل ہے۔ (۲۶) اجنبی دروازوں سے داخل ہونا دشمنوں کے مقابلے میں کامیابی کی علامت ہے۔ (۲۷) بسا اوقات مجہول دروازوں سے داخل ہونا علم، رزق، پیشہ، سفر اور خیر و شر کے دروازوں کا دیکھنے والے کے اعتبار سے کھلنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۸) دروازے نکالنا گھر والوں سے دور ہونے کی علامت ہے اور دروازہ اگر خوبصورت ہے تو خیر سے مفارقت اور اگر تنگ ہے یا گرا ہوا ہے تو یہ شر سے نجات کے غرض سے نکلنے کی علامت ہے۔ (۲۹) کبھی دروازے سے نکلنے کی تعبیر موت سے بھی کی جاتی ہے۔

(۳۰) دروازے سے نکلنے کے بعد کشادگی دیکھنا یا سرسبزی میں جانا یا خوشبو سونگھنا آخرت کی اچھائی کی علامت ہے اور دروازے سے نکلنے کے بعد اندھیرا دیکھنا یا آگ دیکھنا آخرت میں عذاب میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔

(۳۱) خواب میں کسی دروازہ کا کھلنا امور میں آسانی اور بند ہونا زندگی کے تنگ ہونے اور معاش میں تنگی اور اسباب کے معطل ہونے کی علامت ہے، لیکن دونوں صورتوں میں انجام کار کے اچھے ہونے کی طرف اشارہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۳۲) آسمان میں دروازے کھلتے دیکھنا دعا کی قبولیت کی طرف اشارہ ہے اور بہت دروازوں کا کھلنا طول عذاب' شدائد اور باران کی بندش کے بعد بارش برسنے اور بنجر زمین کی آبادی کی طرف اشارہ ہے۔ (۳۳) پوشیدہ دروازہ خوبصورت ہونے کی صورت میں دیکھنا اپنا پوشیدہ مقصد میں کامیابی کی علامت ہے اور اگر اس دروازے سے گھر میں ظہور ہوسکتا ہو تو صاحب خواب کے راز اور اس کے احوال کے ظاہر ہونے کی طرف بھی اشارہ ہے۔ (۳۴) کبھی اس خواب کی تعبیر عزت و رفعت و خدام سے اور کبھی اللہ اور بندے کے درمیان حسن معاملہ سے کی جاتی ہے۔ (۳۵) کسی نے اپنے گھر کے دروازے کو نیا ہوتا ہوا دیکھا یا دیکھا کہ بڑھئی اس کو اٹھا رہا ہے یا اس پر چڑھا ہے تو یہ صحت و عافیت کی بشارت ہے۔ (۳۶) کسی نے دیکھا کہ وہ اپنے گھر کا دروازہ بند کرنا چاہ رہا ہے لیکن اس سے بند نہیں ہو رہا تو یہ اس کی بیوی کی طرف سے تکلیف پہنچنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۳۷) کسی نے دیکھا کہ وہ دروازے سے نکل کر بہت سے لوگوں کے پاس داخل ہوا یہ دلیل ہے کہ صاحب خواب اپنے دشمنوں پر غلبہ حاصل کریگا اور اپنے مقابل سے دلیل کے ذریعے غالب ہوگا۔ (۳۸) اپنے گھر کے دروازے کا اکھڑا ہوا اور کسی دوسرے کو اس پر چڑھا ہوا دیکھنا اس گھر کے فروخت ہونے کی علامت سمجھی جاتی ہے۔ (۳۹) کسی نے دیکھا کہ اس نے دروازہ سے داخل ہو کر پھر اس کو بند کیا تو یہ معصیت سے بچنے کی بشارت ہے۔

## بیت (کمرہ)

(۱) کمرے کی تعبیر بیوی ہے۔ کبھی خواب میں گھر دیکھنا خود صاحب رؤیت کے جسم پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۲) کسی نے دیکھا کہ وہ اپنے گھر کے اندر نیا کمرہ بنا رہا ہے اگر صاحب خواب بیمار ہے تو صحت یاب ہوگا اور اس کا جسم صحیح ہو جائیگا۔ اور اگر اس کے گھر میں کوئی مریض ہو اس کی صحت کی علامت ہے لیکن اگر عادت مردے کو گھر کے کمرے میں دفن کرنے کی ہو تو تعبیر یہ ہے کہ وہ ہی کمرہ اس کی قبر بنے گا خصوصا اس گھر کو مشکل مقام میں بنائے یا اس میں ڈھول باجے دیکھے' اور اگر اس گھر میں کوئی مریض نہ ہو اور کوئی غیر شادی شدہ فرد ہو تو اس کی شادی ہو جائے گی اور اس کمرے میں زفاف ہوگا۔ (۳) کسی نے دیکھا کہ وہ کسی مجہول گھر کی چھت پر چڑھ گیا ہے تو یہ بقدر کمرہ عورت کی دلیل ہے۔ (۴) کسی نے دوسرے کمروں سے علیحدہ کئے ہوئے چونا کئے ہوئے کسی کمرہ میں داخل ہوا اور جس میں باتیں بھی ہو رہی ہوں تو یہ اس کی قبر کی طرف اشارہ ہے۔ (۵) کسی نے دیکھا کہ اس کو گھر کے وسط کے کمرے میں بند کر کے دروازہ مقفل کیا گیا ہے تو خیر و عافیت ملنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۶) کسی نے خواب میں دیکھا کہ وہ کمرے کو اٹھا کر چلا جا رہا ہے' تو یہ دلیل ہے کہ خواب دیکھنے والا کسی عورت کے خرچے کی مونت برداشت کریگا۔ (۷) اور اگر کمرہ اس کو لیکر چل رہا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ وہ عورت اس کی مؤنت برداشت کریگی۔ (۸) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کا کمرہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سونے کا ہے تو یہ اشارہ ہے کہ اس کا گھر جل جائے گا۔(۹) خواب میں کسی چھوٹے کمرے سے نکلنا غم سے نکلنے کی طرف اشارہ ہے۔(۱۰) بغیر چھت کے کمرہ میں سورج یا چاند کا طلوع ہونا اس گھر کی عورت کے نکاح کی علامت ہے۔(۱۱) کسی نے دیکھا کہ اس کے گھر میں ایک پکی مٹی والے کمرے کا اضافہ ہوا جو پہلے اس گھر میں نہ تھا' تو دلیل ہے کہ اس گھر میں ایک نیک صالحہ عورت کا اضافہ ہوگا۔اور یہ کمرہ چونے اور اینٹ کا ہو تو اشارہ ہے کہ اس میں ایک مکار و منافق عورت کا اضافہ ہوگا۔(۱۲) خواب میں لوہے سے بنا ہوا کمرہ دیکھنا صاحب خواب اور اس کی بیوی کی درازیٔ عمر کی طرف اشارہ ہے اور چونے اور اینٹ کا کمرہ مکر و نفاق کی علامت ہے۔(۱۳) اندھیرا کمرہ دیکھنا بد خلق اور کمینی عورت کی طرف اشارہ ہے اور یہی خواب اگر عورت دیکھے تو بد خلق شوہر کی علامت ہے۔(۱۴) کسی نے دیکھا کہ کمرہ لوگوں کو لیکر چل رہا ہے تو یہ اس گھر میں رہنے والوں پر مصیبت کی دلیل ہے۔(۱۵) کسی نے دیکھا کہ اس کے کمرے کو پانی چھڑک دیا گیا ہے تو یہ بقدر چھڑکاؤ بیوی کی طرف سے غم پہنچنے اور پھر اس سے نجات کی علامت ہے۔(۱۶) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کسی شہر میں مکان بنا رہا ہے' اس میں کمرے ہیں اور قلعے ہیں تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب اس شہر میں نکاح کریگا اور اس کے بچے ہوں گے۔(۱۷) کسی نے دیکھا کہ اس کا کمرہ پہلے سے زیادہ کشادہ ہو گیا تو تعبیر یہ ہے کہ اس گھر میں خوشی و خوشحالی ہوگی اور عورت کی جانب سے دولت ملے گی۔(۱۸) کسی نے دیکھا کہ وہ نئے کمرے کی بنیاد ڈال رہا ہے' تو یہ بہت بڑے غم کی طرف اشارہ ہے۔(۱۹) نیا کمرہ دیکھنا دشمنوں کی موت کی بھی علامت ہے۔(۲۰) خواب میں گھر کو منقش کرتے ہوئے دیکھنا اس میں خصومت و جھگڑے کی طرف مشیر ہے۔(۲۱) کسی نے دیکھا کہ اس کے گھر میں اندھیرا چھایا ہوا ہے تو یہ بے فائدہ و بے سرور لمبے سفر کی طرف اشارہ ہے۔(۲۲) اپنے کمرے کو روشن دیکھنا سفر کرنے اور اس میں بھلائی نصیب ہونے کی علامت ہے۔(۲۳) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ اپنے کمرے کو منہدم کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ کوئی دوسرا اس کے مال کا وارث ہوگا۔

## بلاط (پتھر جس سے فرش بنایا جاتا ہے)

(۱) ایسا پتھر جس سے فرش بنایا جائے سنگ مرمر کی جگہ بچھا ہوا دیکھنا تبدیلیٔ احوال و تغیرِ مناصب اور ازواج' تبدیلی اماکن و مراکب و معیشت کی طرف اشارہ ہے۔(۲) اسی طرح پتھر کی جگہ سنگ مرمر نصب ہوتے ہوئے دیکھنا بجائے خیر کے شر کی علامت ہے۔(۳) مذکورہ پتھر کو کسی مناسب مقام پر بچھا ہوا دیکھنا الفت و محبت' اجتماع' خوشی' غم کی دوری' رزق اور جدید لباس کی دلیل ہے۔

## بالوعہ (نالی)

(۱) اس کی دلالت بے وقوف خادم پر ہوتی ہے۔(۲) بعض کی رائے کے مطابق کم عقل عورت کی علامت ہے۔(۳)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بالوعہ مجہولہ زانیہ عورت کی دلیل ہے۔(۴) اس کا بند ہونا راستوں کے بند ہونے اور پیشاب کے آمد میں مشکل ہونے کی علامت ہے۔

## بیعہ (یہودیوں کی عبادت گاہ)

(۱) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کے گھر میں بیعہ ہے یا اس کا گھر یہودیوں کا عبادت خانہ بن گیا ہے تو یہ اشارہ ہے کہ اس کے عقائد یہودیوں کے عقائد سے مشابہ ہوں گے۔(۲) خواب میں اپنے آپ کو یہودیوں کی عبادت گاہ میں دیکھنا مذہب یہود اختیار کرنے کی نشانی ہے۔(۳) بیعہ دیکھنا علم و حکمت' علوم منسوخہ اور اطباء پر دلالت کرتا ہے۔(۴) کسی نے دیکھا کہ گویا وہ بیعہ میں کسی کی فرمانبرداری کر رہا ہے یا اہل بیعہ کی طرح کوئی عمل کر رہا ہے تو یہ دلالت کرتا ہے کہ صاحب خواب یہودیوں کی طرح زندگی گزار رہا ہے یا یہودیوں کی طرح اخلاق رکھتا ہے یا ان کی مذہب کی طرف مائل ہو رہا ہے یا وہ وعدہ خلافی کرتا ہے جیسا کہ گرجا گھر میں یہ کام کرے وعدہ خلافی کرتے ہیں اور کبھی اس کی دلالت معاشرت نصاریٰ یا ان کے مذہب کی طرف میلان پر بھی ہوتی ہے۔(۵) مسجد اور بیعہ کو منہدم ہوتے ہوئے دیکھنا مسلمانوں پر دشمنوں کے غلبے اور ان کے عموم کی طرف اشارہ ہے۔(۶) کبھی بیعہ دیکھنا کسی کے ہاتھ پر تقویٰ اور طاعت پر بیعت کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## بوق (بگل)

(۱) خواب میں بگل دشمنوں کو ڈرانے کی طرف اشارہ ہے۔(۲) اس طرح آواز بگل کا سماع کسی مصیبت کی طرف بلانے پر دلالت کرتا ہے۔(۳) کسی نے دیکھا کہ وہ بگل بجا رہا ہے تو یہ مصیبت کی علامت ہے۔(۴) بگل اگر قرن کے ساتھ ہو تو ریاست و خادم کی علامت ہے۔(۵) کبھی بگل جھوٹی خبروں پر دلالت کرتا ہے۔(۶) بگل بجانے والے آدمی کی تعبیر ناز و نخرہ کرنے والے سے کی جاتی ہے یا بائع شراب سے کی جاتی ہے۔(۷) خواب میں بگل دیکھنا خیر ظاہر ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۸) اور بگل میں خرابی اخلاقی خرابی کی دلیل ہے۔

## بربط (باجہ)

(۱) خواب میں بربط بجانے والا اگر دیندار و پرہیز گار ہے تو یہ اس کی اچھی شہرت کی نشانی ہے اور اگر دینی لحاظ سے کمزور ہے یہ بری شہرت کی علامت ہے۔(۲) کبھی بربط بجانا بجانے والے کے دنیا میں انہماک کی وجہ سے غفلت اور جھوٹے کلام اور جھوٹ بولنے اور سننے پر دلالت کرتا ہے۔(۳) باجا بجنے کی آواز سننا بادشاہ کے لیے بادشاہت کے ختم ہونے اور شریف آدمی کے لیے عزت کے اس طرح نکلنے کا اشارہ ہے جس کا تذکرہ سن کر اس کا کلیجہ منہ کو آئے اور یہی خواب مستور آدمی کے لیے زجر و نصیحت ہے اور فاسق کے لیے اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ قوم میں ایسا فساد برپا کریگا جس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی وجہ سے قوم والوں کے کلیجہ پر برا اثر ہوگا اور اگر یہی خواب ظالم دیکھ لے تو یہ قوم پر ایسا ظلم کرنے کی طرف اشارہ ہے جس کی بنا پر ان کی انتڑیاں پھٹ پڑیں گی۔ (۴) کسی نے دیکھا کہ وہ اپنے گھر میں باجا بجا رہا ہے تو یہ مصیبت کی علامت ہے اور دلیل ہے بجانے والا شخص غلطی میں مبتلا قوم کا سردار ہے۔ (۵) بانسری کا رقص کے علاوہ دوسرے آلات لہو ولعب مثلاً سارنگی' طبلہ' جنگ (ایک قسم کا باجا) بادشاہ کے دروازے پر بجاتے خود اپنے کو دیکھنا ولایت کے اہل کے لئے ولایت کی علامت ہے۔ اگر اس کا اہل نہیں ہے تو قبیح کلام سننے کی دلیل ہے۔ (۶) کسی نے دیکھا کہ وہ باجہ یا وتر بجا رہا ہے تو یہ ایک قسم کے غم کی طرف اشارہ ہے۔ (۷) کبھی باجہ خواہش نفسانی اور اس کی لغویات پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۸) کسی نے دیکھا کہ باجہ کے ساتھ بانسری' طبلہ یا اور کوئی کھیل جو رقص کی طرح ہو کھیل رہا ہے تو یہ علامت ہے کہ اس کے مکان میں رہنے والوں پر مصیبت آئے گی اس لیے کہ مزامیر و باجہ مصیبت کی علامت ہیں۔

## بستر

خواب میں بستر کی تعبیر عزت و رفعت سے کی جاتی ہے خصوصاً اگر اس کا مالک بنا اور موسم سرما میں اس پر بیٹھ گیا۔ (۱) کسی نے دیکھا کہ وہ کسی بچھونے پر بیٹھا ہوا ہے تو یہ زمین خریدنے کی طرف اشارہ ہے اگر یہی خواب حالات جنگ میں دیکھے تو صحیح و سالم لوٹنے کی علامت ہے۔ (۲) کسی نے دیکھا کہ بچھے ہوئے بچھونے پر کسی جاننے والے شخص کی تصویر ہے اور بول رہی ہے تو یہ شخص کے کسی امر باطل میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔ اور اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ صاحب خواب اس شخص سے کوئی عجیب کام ہوتا دیکھے گا یا کوئی عجیب بات سنے گا۔ (۳) کبھی بچھونے کی تعبیر جس کے لیے بچھایا گیا ہے اس کی دنیا اور زمین پر حکومت چلنے سے کی جاتی ہے۔ (۴) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کا بستر تہہ کر دیا گیا تو یہ اس کی دنیا کے لپٹ جانے کی علامت ہے یا آئندہ دنیا وسیع ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۵) کسی نے دیکھا کہ اس کا بستر جدید' خوبصورت' کشادہ' مضبوط اور اچھی بناوٹ کے ساتھ بنایا گیا تو تعبیر ہے کہ صاحب خواب درازی عمر' وسیع دنیا اور ساری زندگی نئی نئی نعمتیں اور مضبوط حکم کی دولت سے مالا مال ہوگا۔ (۶) کسی نے دیکھا کہ اس کے لئے اجنبی جگہ میں غیر معروف لوگوں کے درمیان غیر معروف بستر بچھایا گیا ہے تو پہلے مسافرت میں پھر وطن میں دنیا ملنے کی طرف اشارہ ہے۔

(۷) کسی قوم یا گاؤں میں بستر بچھا دیکھنا ایسی نعمت ملنے کی طرف اشارہ ہے جو ان تمام قوموں یا گاؤں والوں میں مشترک ہو۔ (۸) نرم اور پرانا بستر قلیل عمر کے ساتھ دنیا ملنے کی علامت ہے۔ (۹) کسی نے خواب میں دیکھا گویا اس کا بستر اس کے کندھے پر ہے تو یہ ایک جگہ سے کسی مجہول جگہ کی طرف منتقل ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ اور اس کے اپنے ملک سے نکلنے اور اس کی دنیا کے لپٹ جانے اور اس کے پیروکاروں کے بڑھنے اور اس پر بوجھ ہونے کی طرف

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اشارہ ہے۔(۱۰) کسی نے ایسا لپٹا ہوا بستر دیکھا جو اس سے پہلے کبھی نہیں بچھایا گیا تو یہ اس کی دنیا کے سمٹ جانے اور قلیل مقدار میں ملنے اور معیشت میں تنگی ہونے کی دلیل ہے۔ اگر دیکھا کہ اس جیسا بستر اس کے لئے بچھایا گیا تو دنیاوی وسعت ملنے کی نشانی ہے۔(۱۱) کبھی بستر دیکھنا حکمرانوں کے ساتھ مجالست کی علامت ہے۔(۱۲) کسی کے بستر کا لپٹ جانا اس کے حکم میں تعطل ہونے یا سفر کے تنگ ہونے یا سینہ کے تنگ ہونے اور دنیا کے رک جانے کی نشانی ہے۔(۱۳) کسی نے دیکھا کہ اس کا بستر اس سے چھین لیا گیا یا جل گیا تو یہ صاحب خواب کے بستر پر مرنے کی علامت یا سفری تنگی کی دلیل ہے۔(۱۴) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا بستر نرم ہوا تو یہ اجل کے قریب ہونے کی علامت ہے اور جسمانی کمزوری کی نشانی ہے۔(۱۵) پھٹا پرانا بستر غم واندوہ کی علامت ہے۔(۱۶) کبھی بستر کی تعبیر ایسے آدمی سے کی جاتی ہے جو اپنے آپ کو پاک اور بڑا سمجھتا ہو اور جھوٹ بولتا ہو۔

## برنج (مٹی کا پرنالہ)

مٹی کے پرنالے کی تعبیر بادشاہ کے خازن سے کی جاتی ہے۔(۱) خواب میں پرنالہ سے پانی جاری ہوتے ہوئے دیکھنا حکمرانی کی علامت ہے اور بند ہوتے ہوئے دیکھنا معزولی پر دلیل ہے۔ اور صاحب رؤیا کے لئے اس معاملے کے مشکل ہونے اور بے فائدہ ہونے کی بھی دلیل ہے اور بعض دفعہ پانی جاری ہوتا ہوا دیکھنا کام میں آسانی ہونے کی بھی علامت ہوتی ہے۔

## برادہ (ریتی سے گرنے والے ریزے)

خواب میں برادہ دیکھنا' مالدار عورت کی علامت ہے جو کثیر خدمت گار رکھتی ہو۔ چنانچہ خواب میں اس کو دیکھنا اس عورت کی جانب سے مال ملنے کی علامت ہے۔

## بیدق (شکاری پرندہ)

خواب میں بیدق پرندہ دیکھنا احوال کی مکمل صالح تبدیلی پر دلالت کرتا ہے۔

## بشخانات

(۱) خواب میں اس کی رؤیت غیر شادی شدہ مرد کے لئے شادی اور عورت کے لئے معروف طریقے پر پردہ کرانے والے شوہر کی علامت ہوتی ہے۔(۲) اس میں داخل ہونا اعمال اور مکر وسازش اور نفاق کے ذریعے ستر اختیار کرنے کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## برزعۃ (پالان کے نیچے ڈالنے والا کمبل)

خواب میں اس کو دیکھنے کی تعبیر غم' تکلیف اور تھکاوٹ کے دور ہونے کی نشانی ہے اور امور سفر کی تیاری کی بھی علامت ہے۔

## بم (باجے کی موٹی تار)

خواب میں اس کو دیکھنا لڑائی وقتال کے لئے حرکت اور تیاری کی دلیل ہے۔

## براۃ (بری ہونا)

خواب میں برات ملنا خوف سے مامون ہونے کی علامت ہے۔

## باطیہ (شراب کا برتن)

(۱) خواب میں شراب کا برتن دیکھنا خوبصورت موٹی باندی کی نشانی ہے۔ (۲) اگر یہ برتن شیشے کا ہو تو یہ بیوی پر دال ہے اور اس کے ساتھی پر جس کے ذریعے خوبصورتی حاصل ہو اور کبھی اس کی دلالت ایسی بیوی یا شوہر پر ہوگی جو راز پوشیدہ نہ کر سکتے ہوں۔ اور کبھی کسی عورت زانیہ کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔

## برمۃ (ھانڈی پتھر کی)

(۱) اس کی تعبیر ایسا آدمی ہے جس کی نعمتوں سے اس کے پڑوسی اور دوسرے لوگ بہرمند ہوں۔ (۲) خواب میں پیتل کی ہانڈی کی تعبیر بیوی سے کی جاتی ہے اس کا ڈھکن اور حلقہ کی تعبیر بیوی کے مال سے کی جاتی ہے۔ (۳) اگر ٹھیکری کی ہانڈی دیکھے کبھی اس کی تعبیر زوجہ فقیرہ سے اور کتمان راز سے اور کبھی جلدی حاملہ ہونے والی اور اسقاط حمل کرنے والی بیوی سے کی جاتی ہے۔ (۴) اس کی دلالت خادمہ' سواری پر بھی ہوتی ہے۔ (۵) اس کا دیکھنا کبھی سفر پر بھی دلالت کرتا ہے اور اگر پتھر کی ہو تو سفید جاریہ کی علامت ہے۔

## برج (مینارہ یا ستون)

(۱) کسی نے خواب میں اپنے آپ کو کسی منارہ یا ستون پر کھڑا دیکھا تو یہ دلیل ہے کہ اپنے طالب سے مامون نہیں ہے۔ (۲) کسی نے دیکھا کہ وہ کسی ستون' یا دیوار یا مینارہ' پر چڑھا ہے تو یہ کسی بڑے آدمی کے ذریعے کامیابی حاصل کرنے کی علامت ہے۔ (۳) کسی نے اپنے آپ کو کسی ایسے مینارہ میں دیکھے جو اچھا نہیں ہے تو یہ اس کی قبر کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## بستان (باغ)

خواب میں باغ کی تعبیر استغفار سے اور استغفار کی باغ سے کی جاتی ہے۔(۱) کسی نے دیکھا کہ وہ اپنے باغ کو پانی دے رہا ہے تو تعبیر ہے کہ وہ اپنی بیوی کے پاس جائیگا۔(۲) کسی نے اپنا باغ سوکھا ہوا دیکھا تو یہ اپنی بیوی کے نکاح سے جدائی کی علامت ہے۔(۴) کسی ایسے غیر معروف باغ میں داخل ہونا جس کے پتے پھیل گئے ہوں غم پہنچنے کی علامت ہے، باغ کی تعبیر عورت سے کی جاتی ہے اس لیے کہ اس کو بھی پانی دیا جاتا ہے اور عورت کی قوم اس کے اہل و عیال اور اولاد ہے۔(۵) کبھی بستانِ مجہول کی تعبیر قران کریم سے بھی کی جاتی ہے اس لیے کہ قران کریم بھی ناظرین کی نظر میں باغ جمیل ہے جس سے حکمت کے پھل چنے جاتے ہیں یہ باغ اپنی جڑوں کے ساتھ باقی رہتا ہے جس میں مختلف لوگوں کا تذکرہ ہے جس میں لوگوں کے تذکرے موجود ہیں اور کبھی اس کی تعبیر نعمتوں سے بھی کی جاتی ہے۔ (۶) کبھی باغ کی تعبیر جنت سے بھی کی جاتی ہے اس لیے کہ اہل عرب باغ کو جنت کہتے ہیں ۔(۷) کبھی باغ کا اطلاق بازار پر اور کبھی شادی کے گھر پر ہوتا ہے کبھی اس کی تعبیر ایسے مکان وحیوانات سے کی جاتی ہے جن سے فائدہ حاصل کیا جاتا ہے جیسے شراب کی دکان عام دکان، حمامات، چکی، سواری کے جانور اور عام چوپائے وغیرہ۔(۸) کسی نے اپنے آپ کو کسی مجہول باغ میں پایا اور اس میں کسی نے اسکی حالت اور کثرت نوم کو غور سے دیکھا اور وہ صحیح مقام پر ہے تو یہ جنت نعیم کی بشارت ہے اور اگر صاحب خواب مریض ہے تو یہ اس کی موت کی طرف اشارہ ہے اگر مجاہد ہے تو یہ حصول شہادت کی علامت ہے خاص طور پر اگر اس باغ میں کوئی عورت اس کو اپنے طرف بلائے یا اس میں دودھ پیئے یا اس کی نہر سے شہد کھائے یا اس میں مختلف میوے پائے۔(۹) باغ معروف میں اپنے آپ کو دیکھنا غیر شادی شدہ کے لیے شادی اور رخصتی کی علامت ہے اور اگر شادی شدہ ہے تو اپنی بیوی کے پاس جانے اور اس سے اس چیز کے ملنے کی علامت ہے جس کا مشاہدہ باغ میں کیا تھا۔(۱۰) کسی نے اپنے ساتھ باغ میں ایسے لوگوں کی جماعت کو دیکھے جو اس کے ساتھ بازار اور پیشے میں شریک ہیں تو باغ کی تعبیر قوم کے بازار سے کی جائیگی ہے اور اس سے اس قوم کے نفاق اور ان کی بداخلاقی کی وجہ سے تمام موسموں میں کساد بازاری ہونے کی دلیل ہے۔

(۱۱) خواب میں باغ میں داخل ہو کر کسی مزدور یا غلام کو چھوٹی نہر میں پیشاب کرتے ہوئے دیکھنا یا دوسرے کی نہر یا کنویں سے باغ کو پانی دیتے دیکھنا اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ صاحب خواب کے ساتھ اس کی بیوی کے معاملے میں وہ شخص خیانت کر رہا ہے کبھی باغ کی تعبیر صاحب باغ یا اس کے ضامن اور حاکم وغیرہ سے بھی کی جاتی ہے کبھی باغ مندرجہ ذیل اشیاء پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۱۲) عام وخاص لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ، جہال، علماء، بخلاء، شرفاء، بازار، مدرسہ، خانقاہ، ہوسٹل، گھر۔(۱۳) باغ کے پھل دینے کے موسم میں اس میں داخل ہونے کی تعبیر رزق سے کی جاتی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے۔(۱۴) پھل ختم ہونے کے موسم میں خواب میں باغ میں داخل ہونا کشف حال اور دیون کی علامت ہے یا بیویوں کو طلاق دینے یا اولاد کے گم ہونے کی دلیل ہے۔(۱۵) خواب میں کسی مردے کو باغ میں داخل ہوتے ہوئے دیکھنا اس مردے کے جنتی ہونے کی علامت ہے اور صحیح آدمی کو دیکھنا دین کی کمزوری کی طرف اشارہ ہے۔(۱۶) خواب میں باغ کا مالک ہونا یا اس میں حکم چلانا عزت وشرف وحکومت ملنے کی طرف مشیر ہے۔(۱۷) کبھی باغ کی دلالت ویسے والے گھر جہاں رنگ برنگ قسم کے طعام ہوں پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۱۷) کبھی باغ کی تعبیر فوجی چھاؤنی بھی ہوتی ہے۔

## بُندق (چلغوزہ)

(۱) اس کی تعبیر لوگوں کے درمیان محبت کرانے والے تفصیل السروح سخی، غمی اجنبی مرد ہے۔(۲) بعض کے نزدیک محنت سے حاصل شدہ مال کی علامت ہے۔(۳) بعض کے نزدیک چلغوزہ یا خشک چھلکے والے میوے سختی اور غم کی علامت ہیں۔۴۔ کبھی اس کی دلالت شہر کی خبروں اور شہریوں کے اموال واولاد کے سلب ہونے، گھر کے ویران ہونے اور باکرہ کے بکر کے ختم ہونے پر بھی ہوتی ہے۔

## بلح (کھجور کچی)

(۱) خواب میں کچی کھجوریں دیکھنا حصول رزق کی نشانی ہے اور اچھی سے اچھی خبر لانے والے کی علامت ہے۔

(۲) کوئی شخص خود کو کچی کھجوریں کھاتے دیکھے تو یہ دلیل ہے کہ اس کو رزق حلال ملے گا۔

## بسر (کھجور تازہ)

پانی کے ضرورت مند کا خواب میں تازہ کھجوریں کھانا دستیاب آب کی علامت ہے اور کبھی سرخ کھجور کھانا صفراء پر دم کے غلبہ کی نشانی ہوتی ہے۔

## برقوق (خوبانی زرد)

(۱) خواب میں خوبانی اس کے موسم میں کھانا خیر وعافیت پر دلالت کرتا ہے۔(۲) بے موسم کھانا غم وتکلیف کی علامت ہے۔(۳) خوبانی کا درخت تمام لوگوں کو فائدہ پہنچانے والے شخص پر دلالت کرتا ہے۔

## بطیخ (تربوز)

بطیخ صاحب غم مریض اور کثیر التجسس شخص کی علامت ہے۔(۱) کسی نے خواب میں تربوز دیکھا تو یہ ایسے غم کی نشانی جس سے نکلنے کا کوئی راستہ نظر نہ آئے اور نہ ہی اس کے انجام کا علم ہو۔(۲) خواب میں تربوز کھانا تجسس سے نکلنے کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دلیل ہے اس لیے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿فَابْعَثُوْا اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَا اَزْكٰى طَعَامًا فَلْيَاْتِكُمْ بِرِزْقٍ مِّنْهُ﴾ الکہف ''اور بھیجو اپنے میں سے ایک یہ روپیہ دیکر اپنا اس شہر کے پھر دیکھیں کونسا کھانا ستھرا ہے'' یہاں رزق سے مراد تربوز ہے۔

حضرت ابن سیرینؒ فرماتے ہیں کہ خواب میں کوئی شخص آسمان کیطرف اپنے ہاتھ پھیلائے تربوز پکڑ لے تو یہ علامت ہے کہ وہ ملک حاصل کرنے کا طالب ہے اور عنقریب اسے حاصل کر لیگا۔(۳) پکا ہوا تربوز جسم کی صحت کی علامت ہے۔(۴) خواب میں کسی کو تربوز ہندی عطا کیا گیا تو یہ علامت ہے کہ صاحب خواب لوگوں کی نظروں میں بھاری ہوگا یا لوگوں سے کوئی ثقیل کلام کریگا۔(۵) تربوز رکھنے کی جگہ صاحب غم آدمی پر دال ہے۔(۶) تربوز کی تعبیر اس شخص کے لیے اچھی ہے جو کسی سے محبت کرتا ہے یا کسی سے رشتہ معرفت قائم کرنا چاہتا ہے۔اور دوسرے اعمال کرنے کے لیے اچھا نہیں ہے۔(۷) کسی نے خواب میں دیکھا کہ اس کے گھر میں تربوز پھینکا گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے اہل وعیال میں سے اتنے افراد مر جائیں گے جتنے تربوز پھینکے گئے۔(۸) بعض دفعہ خواب میں تربوز دیکھنا مرض کی علامت ہوتی ہے اور کچا تربوز صحتِ جسم پر دلالت کرتا ہے۔(۹) زرد رنگ کے تربوز کی تعبیر عورت یا قابلِ تعریف مرد سے کی جاتی ہے۔(۱۰) کبھی اس کی دلالت اس کے چھلکے کے نرم وسخت ہونے کے اعتبار سے خصالِ حمیدہ اور خصال رزیلہ والی عورت سے بھی کی جاتی ہے۔(۱۱) سرخ رنگ کے تربوز مختلف زیورات کی علامت۔

## بطم (درخت)

(۱) اس کی دلالت وحشت یا سفر پر ہوتی ہے۔(۲) خواب میں بطم کے درخت پر چڑھنا خیر پانے پر دلالت کرتا ہے یا خوش کن خبر سننے کی علامت ہے۔

## بلوط (درخت جس کی چھال کھال کی دوا ہے)

بلوط زیادہ مال جمع کرنے والے اور سخت مرد کی نشانی ہے۔(۱) بلوط کا درخت دیکھنا کسی رجل غنی پر دلالت کرتا ہے اس لیے کہ یہ درخت کثیر الغذاء ہے۔(۲) بلوط کی درخت کبھی شیخ کبیر پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۳) کبھی اس سے زمانِ دراز کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے اس لیے کہ یہ درخت سالہا سال باقی رہتا ہے۔(۴) کبھی بلوط کانٹوں کی بنا پر عبودیت پر بھی دلالت کرتا ہے۔۵۔ درخت بلوط کی تعبیر بسا اوقات وحشت اور سفر سے بھی کی جاتی ہے۔(۶) کبھی بلوط لواطت پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## بصل (پیاز)

پیاز شر کی دلیل ہے کھانے والوں کے لئے (۱) کوئی مریض خود کو پیاز کھاتا دیکھے تو یہ اس کی موت کی علامت ہے۔ (۲) سبز پیاز کھانا محنت کے ساتھ منافع کے حصول کی علامت ہے۔(۳) کثیر پیاز حزن وفراق کے ساتھ صحت جسم کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نشانی ہے۔(۴) کسی نے خواب میں خود کو بو والی سبزی کھاتے دیکھا تو یہ دلیل ہے کہ اس کی خفیہ بات ظاہر ہوگی اور اس کے بعض گھر والوں کی طرف اس کے ساتھ بغض لاحق ہوگا۔ اور اگر ایسے چھلکے والی سبزی جو اتار پھینک دیا جاتا ہے کھا لے تو نقصان پہنچنے کی نشانی ہے اس لیے اس سے زائد چیز کو پھینک دیا جاتا ہے۔(۵) کوئی مریض خواب میں تھوڑا پیاز کھائے تو علامت ہے کہ وہ مریگا اور اگر زیادہ کھائے تو علامت ہے کہ مرض سے صحت پائے گا۔(۶) اگر خواب میں پیاز دیکھے اور نہ کھائے تو یہ خیر کی علامت ہے اور اگر کھائے تو شر کی نشانی ہے۔(۷) اگر دیکھے کہ وہ پیاز کا چھلکا اتار رہا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ وہ کسی شخص سے تملق سے پیش آئے گا۔(۸) پیاز مال کی علامت ہے۔(۹) مسافر کے لیے صحت اور سفر سے صحیح سلامت واپسی کی علامت ہے۔

## بازنجان (بینگن)

(۱) خواب میں بینگن کے موسم میں بینگن دیکھنا تکلیف کے ساتھ رزق ملنے کی علامت ہے اور بے موسم دیکھنا ناپسندیدہ ہے۔(۲) اور بازنجان کھانا تملق و کینہ اور فراڈ کی علامت ہے اور شکاری کے لیے کامیابی کی دلیل ہے۔

## باقلاء (لوبیا)

(۱) خواب میں تر لوبیا دیکھنا غم اور خشک لوبیا دیکھنا سرور و خوشحالی کے ساتھ بڑھنے والے مال کی علامت ہے۔(۲) کسی نے دیکھا کہ اس کے بال لوبیا کی طرح ہو گئے ہیں تو یہ مال کی کمی کی طرف اشارہ ہے اس لیے اس میں قلت کا مادہ ہے۔(۳) سبز باقلاء رزق، لباس اور طہارت کی دلیل ہے۔

## بقل (سبزی وساگ)

سبزی، غم وحزن کی دلیل ہے۔(۱) کسی نے خواب میں اپنے آپ کو اپنے باغ سے سبزی کی گٹھڑی جمع کرتے ہوئے دیکھا تو دلیل ہے اس کو شر پہنچنے کا خطرہ ہے اس سے ڈرنا چاہیے اور سبزی کی جنسیت معلوم ہو تو طبیعت پر مؤثر ہونے کی دلیل ہے۔(۲) خشک سبزی ایسے مال کی دلیل ہے جو دوسرے کے مال کی اصلاح کا ذریعہ ہو۔(۳) اُگی ہوئی سبزی کی تعبیر مرد سے کی جاتی ہے اور اگر اس اگی ہوئی سبزی کی جگہ اچھی نہیں ہے تو تعبیر یہ ہے کہ کوئی مرد صاحب خواب کا ساتھ مصاہرت کا رشتہ قائم کریگا یا شرکت کا معاملہ کریگا۔ بعض علماء تعبیر کی رائے کے مطابق تمام سبزیوں کی تعبیر اچھی ہے لیکن بعض علماء تمام کو ناپسند سمجھتے ہیں۔(۴) بعض کی رائے یہ ہے کہ سبزیاں مندرجہ ذیل اشیاء پر دلالت کرتی ہیں تجارت''مرد''غم''اولاد''مال''ایسا غم جو جلد ختم ہونے والا ہو۔(۵) کسی نے خواب میں خود کو دیکھا کہ وہ من وسلوی کو سبزیوں سے تبدیل کر رہا ہے تو یہ صاحب خواب کو ذلت وفقر پہنچنے کی علامت ہے۔(۶) کسی نے سبزیوں کو روئیوں سے تبدیل کرتا ہوا خود کو دیکھ لے تو یہ ذلت وفقر سے نکلنے کی دلیل ہے۔(۷) کسی نے خواب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں خود کو پکی ہوئی سبزی کھاتے دیکھا تو یہ علامت ہے کہ صاحب خواب خیر اور ہر چیز سے منفعت کا حصول فرحت و سرور اور عزت کے ساتھ پائے گا۔

## بزر (بیج)

اور ہر وہ چیز جو زمین میں ڈالی جاتی ہے۔(۱) بیج کی تعبیر اولاد سے کی جاتی ہے جو بیج ادویہ میں سے ہیں ان کی تعبیر ان کتب مستنبطہ سے کی جاتی ہے جس میں زہد و ورع کا تذکرہ ہو۔(۲) کھیرے، کدو اور خربوزہ کے بیج غم واندوہ کے ختم ہونے اور بیماری سے نجات حاصل کرنے پر دال ہیں۔(۳) بینگن اور چقندر کا بیج رزق کی علامت ہے۔(۴) اور ریحان کا بیج مریض کے لیے مرض سے نجات کی علامت ہے۔ خواب میں ایسی چیز کا بیج ہی دیکھنا جس کا بیج نہیں ہوتا یا کسی نامناسب مقام پر بیج ڈالنا تو یہ صاحب خواب کے اسراف کرنے کی علامت ہے۔(۵) بسا اوقات بیج رزق میں وسعت اور علم وفنی مہارت کی علامت ہوتا ہے۔

## بیدار (ڈھیر لگانا)

کسی چیز کا ڈھیر شغلِ طویل کے بعد جمع شدہ مال پر دلالت کرتا ہے۔ بعض علماءِ تعبیر نے کہا ہے کہ ڈھیر کی تعبیر ایسے مال مجموع سے کی جاتی ہے جو دوسرے کی محنت سے حاصل ہو یا اس کی تعبیر علم سے کی جاتی ہے۔

## بہار (دھنی ہوئی روئی)

(۱) خواب میں دھنی ہوئی روئی دیکھنا بچپن میں بچے کو موت لاحق ہونے کی طرف اشارہ ہے یا جلد ختم ہونے والی خوشی کی یا جلد زائل ہونے والی تجارت کی علامت ہے۔(۲) یا داغ مفارقت دینے والی عورت کی نشانی ہے۔(۳) یا اس کی تعبیر اختیارات کی منتقلی ہے۔(۴) بعض علماء تعبیر کا کہنا ہے بہار کی تعبیر دراہم سے کی جاتی ہے۔

## بنفسج (گل بنفشہ)

اس کی تعبیر جاریہ بارعۃ سے کی جاتی ہے۔(۱) بعض علماء کا کہنا ہے کہ بنفشہ کی تعبیر خوبصورت عورت سے کی جاتی ہے اور بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ گل بنفشہ اور دوسرے پھولوں کی تعبیر غیر مستقل مزاج عورت یا قلیل العمر یا کثیر الامراض اولاد سے کی جاتی ہے۔(۲) خواب میں گل بنفشہ کچھ گلاب کے پھولوں کے ساتھ دیکھنا الفت ومحبت کی دلیل ہے۔

## بلبل (بلبل پرندہ)

(۱) بلبل علامت ہے مالدار مرد یا مالدار عورت کی۔(۲) بعض معبرین کا کہنا ہے کہ بلبل کی تعبیر قاری قرآن بیٹے سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی جاتی ہے۔(۳) بلبل دیکھنا دلیل ہے باندی کے بطن سے بچے کی پیدائش کی۔

## ببغاء (طوطا)

(۱) طوطا چوپایا فروش' ظالم اور جھوٹے شخص کی علامت ہے۔(۲) بعض نے کہا کہ طوطا کی تعبیر فلسفی آدمی سے اور اس کے چوزے کی تعبیر ولد فلسفی سے کی جاتی ہے۔(۳) کبھی طوطا کثیر الحرکت عورت پر دلالت کرتا ہے اور کبھی اس کا اطلاق ولد پر ہوتا ہے۔(۴) کبھی طوطا عجمی عورت پر دلالت کرتا ہے۔(۵) بسا اوقات اس کی دلالت شیخی مارنے والا متکبر اور بے برکت آدمی پر ہوتی ہے۔

## بط (مرغابی)

خواب میں بط دیکھنے کی تعبیر بیوی یا باندی سے کی جاتی ہے۔(۱) کسی نے خواب میں اپنے آپ کو مرغابی کا گوشت کھاتے دیکھا تو دلیل ہے کہ اس کو باندیوں سے مال ملیگا یا مالدار بیوی نصیب ہوگی اس لیے کہ مرغابی کا ٹھکانا پانی ہے۔(۲) بعض علماء معبرین کا کہنا ہے کہ مرغابی مرد صالح و پرہیزگار پر دلالت کرتی ہے۔(۳) کسی نے دیکھا کہ گویا مرغابی اس سے ہم کلام ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب عورت کی طرف سے عزت و شرف و بلند مرتبہ پائے گا۔ (۴) بسا اوقات مرغابی کی بادشاہ کے غلمان سے تعبیر کی جاتی ہے۔ کبھی مرغابی خوش عیشی پر دلالت کرتی ہے اور پانی میں زندگی گزارنے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے جیسا ملاح' پانی پلانے والے اور مچھلی کے شکاری وغیرہ۔(۵) کسی نے خواب میں مرغابی کی آواز کسی گھر محلہ یا شہر میں سنی تو یہ ان مقامات پر مصیبت یا ہلاکت کی خبر کا اشارہ ہے۔

## بط القرحة

بط القرحة دلالت کرتی ہے چغل خوری یا اقتباس علم یا کینہ وبغض پر اور مالی خیانت پر اور راز فاش کرنے پر اور زوجین کے درمیان تفرقہ ڈالنے والے پر۔

## بوم (الّو)

(۱) خواب میں الو دیکھنے کی تعبیر لوگوں کو خوف زدہ کرنے والے ظالم بادشاہ سے کی جاتی ہے۔ اور اس کی تعبیر چور اور ایسے مضبوط آدمی سے کی جاتی ہے جس کی کوئی معاون فوج وغیرہ نہ ہو کبھی الو دیکھنا بطالہ فی العمل اور ذہاب خوف و گھبراہٹ پر دلالت کرتا ہے۔(۳) کبھی الو ایسے خیانت کار آدمی پر دلالت کرتا ہے جس میں کوئی خیر نہ ہو۔(۲) کسی نے دیکھا کہ وہ الو کا علاج کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ کسی ایسے انسان کا علاج کرے گا جو دینی لحاظ سے پختہ نہ ہو۔ (۳) کسی نے دیکھا کہ اس کے گھر میں الو گر گیا ہے تو دلیل ہے کہ کسی انسان کے انتقال کی بنا پر صاحب خواب کو خبر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نصیب ہوگی۔(۴) کبھی الو کی دلالت چوروں اور کسب میں حرج ڈالنے والوں پر بھی ہوتی ہے۔کبھی اس کی دلالت فرقت وحشت' حکمرانوں کی خرابی اور کلام فاحش پر ہوتی ہے۔

## بازی (باز)

(۱) خواب میں باز دیکھنا اگر وہ فرمانبردار ہو بادشاہ کے مصاحب کی علامت ہے اس لیے کہ باز تمام پرندوں پر تسلط رکھتا ہے۔(۲) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ باز کو اپنے طرف بلا رہا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کو چیر پھاڑنے والی عربی فوج نصیب ہوگی۔(۳) کبھی باز کی تعبیر معزز آدمی سے کی جاتی ہے۔(۴) کسی نے خواب میں باز پکڑا دلیل ہے اس کو عظیم بیٹا نصیب ہوگا۔اگر صاحب خواب امارت کا اہل ہے تو اس کو حکومت ملنے کی دلیل ہے۔(۵) کسی نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ سے باز اڑ گیا صرف اس کی پنڈلی باقی رہی تو یہ علامت ہے کہ صاحب خواب کا ملک ختم ہوگا صرف اس کا تذکرہ باقی رہے گا۔(۶) اگر خواب دیکھا کہ اس کے ہاتھ سے باز اڑ گیا اور اس کے ہاتھ میں صرف پر رہ گئے تو دلیل ہے اس کے ملک کا کچھ حصہ اس کے ہاتھ میں باقی رہیگا۔(۷) خواب میں باز کو ذبح کرنا قتل الملوک کی نشانی ہے اور اس کا گوشت کھانا بادشاہ کی طرف سے مال ملنے کی علامت ہے۔(۸) بادشاہ کا بیٹا خواب میں اپنے ہاتھ میں باز دیکھے تو یہ بادشاہت ملنے کی طرف اشارہ ہے۔(۹) اگر عام آدمی یہ خواب دیکھے تو ریاست ملنے کی علامت ہے جس میں اس کی اچھی شہرت ہوگی۔

(۱۰) کسی نے دیکھا کہ اس نے اپنے گھر میں باز قتل کیا تو یہ ہوشیار چور کو قتل کرنے کی علامت ہے۔(۱۱) کسی نے دیکھا کہ کسی محلہ میں باز اتر گیا ہے تو یہ دلیل ہے کہ اس محلے میں ڈاکو چور داخل ہوگا۔(۱۲) کسی نے دیکھا کہ اس کی مقعد سے باز نکلا تو یہ اشارہ ہے کہ صاحب خواب کسی حرام خور آدمی کا مصاحب ہوگا یا اس کے گھر میں پناہ لیگا۔(۱۳) کبھی باز کی تعبیر ایسے چوروں سے کی جاتی ہے جو دن دہاڑے چوری کرتے ہیں۔(۱۴) باز مندرجہ ذیل اشیاء بھی دلالت کرتا ہے' عزت' بادشاہت' دشمنوں پر غلبہ' اولاد کی وجہ سے ازواج وممالیک' سوار' مقاصد کو پہنچنا قیمتی مال' آنکھوں کی صحت' کثرت اسفار' موت' قید ہونا' کھانے پینے میں تنگی۔(۱۵) کسی نے دیکھا کہ باز اس کے ہاتھ سے اڑ گیا لیکن اسکا دھاگہ اس کے ہاتھ میں آ گیا تو دلیل ہے کہ اس کی حکومت ختم ہوگی مگر کچھ مال بقدر دھاگہ اس کی ہاتھ میں باقی رہیگا۔

(۱۶) کسی نے دیکھا کہ اس نے شکار کے غرض سے باز خریدا ہے تو دلیل ہے کہ وہ کسی کام کے لیے ایسے کارندے بھیجے گا جو اس کے لیے مال کمائیں گے۔(۱۷) بعض علماء تعبیر کہتے ہیں کہ خواب میں باز کو مرتے ہوئے دیکھنا ظلمت کے ختم ہونے کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## باشق (شکرا)

(۱) خواب میں شکرا دیکھنے کی تعبیر ظالم بادشاہ سے کی جاتی ہے شکرا طاقت کے لحاظ سے باز سے کم تر ہے۔(۲) کسی نے خواب دیکھا کہ اپنے ہاتھ میں شکرا پکڑا ہوا ہے تو یہ علامت ہے کہ صاحب خواب چور ہے اور اپنے کردار کی پاداش میں قید خانہ جائے گا۔(۳) کسی نے دیکھا کہ اس کے پیشاب کی جگہ سے شکرا نکلا ہے تو دلیل ہے اس کے ہاں بہادر بیٹا پیدا ہوگا ۔(۴) کبھی اپنے ہاتھ میں شکرا دیکھنے کی تعبیر عاجز لوگوں کو اختیار کرنے سے کی جاتی ہے۔ (۵) کبھی خواب میں شکرے دیکھنا رجلِ فاسق دیکھنے کی علامت ہے۔ کسی نے شکرے کا چوزہ دیکھا تو یہ بچہ پیدا ہونے کی طرف اشارہ ہے۔

## برغوث (پسو)

پسو کمزور نحیف گالی بکنے والے آدمی پر دلالت کرتا ہے۔
(۱) کسی نے دیکھا کہ پسو اس کو ڈس رہے ہیں تو یہ اوباش ورذیل قسم کے لوگوں کی طرف سے غم وتکلیف پہنچنے کی طرف اشارہ ہے۔
بعض معبرین کا کہنا ہے کہ پسو کاٹنے کی تعبیر مال ملنے سے کی جاتی ہے یہی تعبیر خون نکلنے کی بھی ہے۔(۲) پسو کمزور دشمن پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۳) پسو کا خون دیکھنا اوباش لوگوں کی طرف سے مال ملنے پر دلالت کرتا ہے۔

## بق (کھٹمل)

کھٹمل کی دلالت کمزور دشمن پر اوراس کا اطلاق بے وفا فوج پر ہوتا ہے۔(۱) کھٹمل دیکھنے کی تعبیر غم وحزن ہے اور یہ کمزور مرد پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۲) کسی نے دیکھا کہ کھٹمل اس کے پاس آکر اس پر حاوی ہوگئے ہیں تو تعبیر ہے کہ شریر قوم سے اس کو غم واندوہ وشناعت پہنچے گی۔(۳) کسی نے خود کو دیکھا کہ کھٹملوں کے ساتھ مزاولت کرتا ہے تو یہ دلیل ہے کہ کمزور ضعیف انسان کے ساتھ معاشرت اختیار کریگا۔(۴) کسی نے خواب میں دیکھا کہ کھٹمل اس کے منہ میں داخل ہوکر اس کے پیٹ میں پہنچ گیا۔تو دلیل ہے کہ کوئی کمزور شخص اس کے پاس داخل ہوگا۔جس سے اس کو منفعت اور تھوڑی سی خوشی حاصل ہوگی۔

## بقر (بیل/گائے)

بیل کی تعبیر سالوں سے کی جاتی ہے چنانچہ(۱) کالے یا پیلے رنگ کا بیل دیکھنا ایسے سالوں پر دلالت کرتا ہے جس میں خوشی وخوشحالی ہو۔(۲) سفید پیشانی والا بیل دیکھنا سال کے شروع میں شدت پر دلالت کرتا ہے۔(۳) اور بیلوں کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سفید ہونا وسط سال میں شدت پر اور سرین کی طرف سفید ہونا آخر سال میں شدت واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے۔
(۴) موٹا بیل کے خوشحالی و سرسبز ہونے کی علامت ہے۔
(۵) کمزور لاغر بیل قحط سالی و خشک سالی کی علامت ہے۔(۶) بیل گائے کا گوشت کھانا اسی سال مال حاصل ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۷) بعض علماءِ تعبیر نے کہا ہے کہ گائے کا گوشت کھانا بقدر گوشت اور بقدر اکل مرتبہ پر دلالت کرتا ہے۔(۸) موٹی گائے متقی و پرہیزگار بیوی پر بھی دلالت کرتی ہے۔(۹) سینگوں والی گائے نافرمان بیوی کی علامت ہے۔(۱۰) دودھ والی گائے خیر و منفعت کی نشانی ہے۔(۱۱) اگر صاحب خواب نے اس کو دوہنا چاہا اور اس نے اپنے سینگوں کی مدد سے اس کو روکا تو یہ علامت ہے کہ اس کی بیوی اس کی نافرمانی کریگی۔(۱۲) اگر دیکھے کہ اس کی گائے کو اس کے علاوہ کوئی دوسرا آدمی دوہ رہا ہے اور گائے اس کو نہیں روک رہی ہے تو یہ علامت ہے کہ وہ دوہنے والا آدمی اس کی بیوی کے معاملے میں اس کے ساتھ خیانت کر رہا ہے۔(۱۳) اگر دیکھا کہ اس کی بیوی نے دودھ دوہنے کے بعد ضائع کر دیا تو یہ صاحب خواب کی بیوی کے فاسدہ ہونے کی علامت ہے۔
(۱۴) کسی نے دیکھا کہ گویا وہ خواب میں گائے کے ساتھ جماع کر رہا ہے تو یہ دلیل ہے کہ اس کو خوشحالی و خوش سالی نصیب ہوگی۔(۱۵) بیل کی انتڑیاں مال دولت اور خوشحالی کی نشانی ہیں۔(۱۶) خواب میں اپنی گائے کو حمل کی حالت میں دیکھنا بیوی کے حاملہ ہونے کی طرف مشیر ہے۔(۱۷) خواب میں اپنے آپ کو گائے خریدتا دیکھنا حصولِ ولایت کی دلیل ہے۔(۱۸) کسی نے دیکھا کہ غلام اپنے آقا کی گائے کو دوہ رہا ہے تو یہ علامت ہے کہ یہ غلام اپنے آقا کی بیوی سے نکاح کریگا اور دنیا اس کی طرف منسوب ہوگی۔(۱۹) خواب میں گائے ملنا غیر شادی شدہ کے لیے مبارک بیوی اور شادی شدہ کے لئے رفعت اور حصول صنعت کی علامت ہے۔(۲۰) کسی نے دیکھا کہ خواب میں اس کو گائے کا دودھ بطور ہدیہ دیا گیا تو یہ ایک شریف نیک سیرت بردبار بیوی ملنے کی دلیل ہے یا اس کی تعبیر حصولِ بادشاہت یا ولایت سے کی جاتی ہے۔(۲۱) اگر کوئی شخص ایک معروف گائے پر سوار ہے تو یہ غنا کی علامت ہے۔اور غم سے نجات پانے کی دلیل ہے۔(۲۲) کسی نے دیکھا کہ گائے نے اس کے گھر میں داخل ہو کر سینگوں سے اس کو مارا تو نقصان اٹھانے اور گھر والوں اور رشتہ داروں سے غیر مامون ہونے کی نشانی ہے۔(۲۳) گائے اور بیل کے سینگ دیکھنا حصول مالِ عظیم کی دلیل ہے اور ایسے امر پر فائز ہونے کی علامت ہے جس کی وجہ سے لوگوں میں اچھی شہرت ہو جائے۔
(۲۴) خواب میں لکڑی سے گائے یا بیل کو مارنا بڑے گناہ گار ہونے کی طرف اشارہ کرتا ہے۔(۲۵) کسی نے دیکھا کہ گائے بیل نے اس کو زخمی کیا تو یہ بقدر زخم بیماری میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔(۲۶) دیکھا کہ گائے یا بیل اس پر اُچھل کر حملہ کرتا ہے تو یہ سخت تکلیف پہنچنے اور خطرۂ قتل کی علامت ہے۔(۲۷) کسی نے دیکھا کہ اس پر بیل گر گیا تو یہ اسی سال اس کے مرنے کی طرف اشارہ ہے۔(۲۸) کسی نے دیکھا کہ وہ کالے رنگ کی گائے پر سوار ہے یا دیکھا کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس کے گھر میں کالے رنگ کی گائے داخل ہوئی اور اسے باندھ دیا تو سرور وخیر ونیکی کی علامت ہے اور زوال غم وحزن و وحشت کی دلیل ہے۔ (۲۹) خواب میں گائے دیکھنا سب کے لیے خیر کی علامت ہے۔ (۳۰) بہت گایوں کو ایک جگہ جمع دیکھنا اضطراب کی علامت ہے۔ کھال اتری ہوئی گائے دیکھنا رشتہ داروں میں مصیبت کی دلیل ہے۔ (۳۱) آدھی کھال اتری ہوئی گائے دیکھنا بیٹی یا بہن کے مصیبت زدہ ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۳۲) دیکھا کہ گائے شہر میں داخل ہو رہی ہیں اور ایک دوسرے کے پیچھے آرہی ہیں تو یہ آنے والے سالوں کی طرف اشارہ ہے اگر وہ گائیں موٹی ہیں تو آنے والے سالوں میں خوشی اور لاغر ہونے کی صورت میں قحط سالی کی علامت ہے اور اگر کچھ موٹی اور کچھ لاغر ہیں چند سال خوشی اور چند سال قحط سالی ہونے کی علامت ہے البتہ اگر لاغر پہلے آئی ہیں تو قحط سالی پہلے ہوگی۔ ورنہ خوشحالی مقدم ہوگی۔ اور اگر اکھٹی آئی ہیں یا متفرق طور پر اور شہر میں دریا موجود ہو تو اہل شہر کو سفر درپیش ہونے کی دلیل ہے اور دریا نہیں ہے تو یہ دخولِ فتنہ کی علامت ہے۔ اگر گایوں کا رنگ پیلا ہے تو آمد امراض پر دلالت ہے۔ (۳۳) اگر دیکھا کہ گائیں شہر میں داخل ہو رہی ہیں اور ان کے منہ سے ہوا اور ناک سے آگ نکل رہی ہے تو یہ دشمن کے نزول اور قابض ہونے کی علامت ہے۔ (۳۴) حاملہ گائے خوشحالی کی علامت ہے۔ (۳۵) کسی نے دیکھا کہ اس نے گائے کا دودھ نکال کر پی لیا اگر صاحب خواب فقیر ہے تو دولت پائے گا' امیر ہوگا اور عزت پائے گا اگر مالدار ہے تو اس کے مال میں مزید اضافہ ہوگا اور عزت وشرف سے مالا مال ہوگا۔ (۳۶) خواب میں بچھڑا ہدیہ میں ملنا پیدائشِ ولد کی علامت ہے۔ (۳۷) کسی نے گایوں کی ایک جماعت بغیر چرواہے یا مالک کے آتی ہوئی یا جاتی ہوئی یا کسی مقام میں داخل یا خارج ہوتی ہوئی دیکھی اور ان سب کے رنگ پیلے یا سرخ ہیں تو یہ اس جگہ میں مرض آجانے کی علامت ہے اور رنگت کے لحاظ سے مختلف ہیں تو بیماری سالوں کے اعتبار سے ہوگی۔ (۳۸) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ گائے پر سوار ہے تو یہ صاحب خواب کی بیوی کے مرنے اور اس کی میراث کے مالک ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۳۹) بعض نے کہا یہ خواب نکاح کرنے کی علامت ہے اور فقر سے غنا کی طرف بقدرِ صحتِ گائے منتقل ہونے کی علامت ہے۔ (۴۰) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ بادشاہ کو گائے ہدیہ کر رہا ہے تو یہ دلیل ہے کہ صاحب خواب لوگوں کو لیکر بادشاہ کے پاس جائے گا۔ اگر بادشاہ نے اس کا ہدیہ قبول کر لیا تو اس کی سفارش لوگوں کے متعلق قبول کریگا' اور اگر ہدیہ قبول نہیں کیا تو بادشاہ سے مامون ہونے کی علامت ہے۔

(۴۱) خواب میں مریض گائے کا گوشت کھائے یا اس کا دودھ پیئے تو یہ اللہ تعالیٰ کی طرف شفاء نصیب ہونے کی علامت ہے' اور غیر مریض کا یہ خواب دیکھنا مال و دولت وقوت اور دین ملنے کی دلیل ہے۔ (۴۲) دیکھا کہ وہ گائے کی چربی نوش کر رہا ہے تو تعبیر ہے کہ اس کو خیر ومنفعت خوشحالی نصیب ہوگی۔ (۴۳) خواب دیکھا کہ اس کو گائے کی کھالیں مل گئیں تو دلیل ہے کہ صاحب خواب بادشاہ یا اس کے کارندوں سے مال حاصل کریگا۔ (۴۴) اگر کسی نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دیکھا کہ گائے اس سے لی گئی۔ تو یہ علامت ہے کہ صاحب خواب بادشاہ کے مال کا نقصان کریگا اور زیر تاوان آئے گا۔ (۴۵) کبھی پیلے رنگ کی گائے دیکھنا میراث کی وجہ سے شر و تکلیف پہنچنے کی علامت ہے۔ (۴۶) کبھی گائے کا اطلاق زرخیز زمین پر بھی ہوتا ہے۔ (۴۷) بنی اسرائیل کی گائے کو دیکھنا قتل کی بنا پر فتنہ میں مبتلا ہونے کی علامت ہے اگر یہ خواب ماں کا نافرمان شخص دیکھ لے تو یہ ماں کی فرماں برداری اختیار کرنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۴۸) کسی نے دیکھا کہ گوشت کھانے کے لئے جنگلی گائے ذبح کی ہے تو یہ علامت ہے کہ کسی خوبصورت عورت کی طرف سے اس کو مال ملے گا۔

## برذون (ٹٹو)

(۱) خواب میں برذون دیکھنا انسان کی محنت وسعی کی علامت ہے اور بڑا برذون دنیاوی امور میں افضلیت کی دلیل ہے۔ (۲) بعض معبرین کی رائے یہ ہے کہ ٹٹو کی تعبیر عورت ہے۔ چنانچہ خواب میں کسی ٹٹو سے لڑتے دیکھنا صاحب خواب کے امساک پر عدم قدرت کی علامت ہے اور دلیل ہے کہ اس کی بیوی اس پر غالب ہے۔ (۳) اگر کسی نے دیکھا کہ ٹٹو اس سے ہم کلام ہے تو یہ علامت ہے کہ اس کو بیوی کی طرف سے مالِ عظیم ملے گا اور اس کا مرتبہ بلند ہوگا۔ (۴) کسی نے دیکھا کہ وہ برذون سے نکاح کر رہا ہے تو یہ اشارہ ہے کہ اس نے بیوی کو کوئی اچھی چیز دی ہے اور وہ اس کی تعریف نہیں کر رہی۔ (۵) بعض علماء معبرین کا کہنا ہے برذون کی تعبیر سفر بھی ہے۔ (۶) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ اپنے برذون کی پیٹھ پر سوار ہو کر چل رہا ہے تو اشارہ ہے کہ صاحب خواب طویل سفر کریگا اور اس کی بیوی کی طرف سے مالِ کثیر اس کو ملے گا۔ (۷) کسی نے دیکھا کہ اس کا برذون مٹی اور لید میں خود کو رگڑ رہا ہے اور اس سے لت پت ہو رہا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کی محنت بارآور ہوگی اور اس کا مال بڑھ جائے گا۔ (۹) کسی نے دیکھا کہ اس کا ٹٹو اس کو دانت سے کاٹ رہا ہے تو دلیل ہے اس کی بیوی اس کی امانت میں خیانت کر رہی ہے۔ (۱۰) برذون کا مرجانا بیوی کی موت کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۱) کسی کے ٹٹو کا دریا میں غرق ہونا اس کے مرجانے اور مصیبت میں مبتلا ہونے کی طرف مشیر ہے۔ (۱۲) کسی نے دیکھا کہ اس کا ٹٹو چوری ہوگیا۔ تو علامت ہے کہ صاحب خواب اپنی بیوی کو طلاق دے گا۔ (۱۳) کسی نے دیکھا کہ اس کا برذون ضائع ہوگیا' تو یہ دلیل ہے کہ وہ اپنی بیوی کے ساتھ غلط کام کریگا۔ (۱۴) کسی نے دیکھا کہ کتے نے اس کے برذون پر حملہ کیا تو یہ اشارہ ہے کہ اس کا مجوسی دشمن اس کی بیوی کے پیچھے پڑا ہوا ہے۔ (۱۵) اگر حملہ آور بندر ہے تو دلیل ہے کہ یہودی دشمن یہ عمل کر رہا ہے۔ (۱۶) سرخ ٹٹو غم وحزن کی علامت ہے۔ (۱۷) برذون کا مالک بننا کسی عورت کا مالک بننے کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۸) کبھی یہ خواب غلام کے مالک بننے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۱۹) کبھی اس کی تعبیر عجمی شخص کی مخاصمت سے بھی کی جاتی ہے۔ (۲۰) تیز بھاگنے والے ٹٹو پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سوار ہونے والا مال، دولت اور منزلت پائے گا۔ (۲۱) اگر کوئی گھڑ سوار آدمی خواب میں ٹٹو پر سواری کر رہا ہے تو یہ کہ اس کے مرتبہ کی کمی کی طرف اشارہ ہے اور بیوی کی جدائی اور باندی سے نکاح کی طرف اشارہ ہے۔ (۲۲) اگر گدھے پر سواری کا عادی شخص خواب میں برذون پر سواری کرے تو یہ اس کے علوم مرتبہ اور کثرت سے کسب اور بزرگی پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۳) کبھی یہی خواب باندی سے نکاح کے بعد آزاد عورت سے نکاح کرنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۲۴) برذون کی آواز بیوی کے فاجرہ ہونے کے طرف اشارہ ہے۔ (۲۵) مضبوط ٹٹو کی تعبیر طاقت سے اور کالے رنگ کے ٹٹو کی تعبیر مال دولت سے کی جاتی ہے۔ (۲۶) چت کبرا برذون بادشاہ کے کارندے کی علامت ہے۔

## بغل (خچر)

بغل دیکھنا سفر اور ولد زنا احمق آدمی پر دلالت کرتا ہے۔ اس لئے کہ اس کا باپ ماں کی غیر جنس سے ہوتا ہے۔

(۱) کسی نے دیکھا کہ وہ سفید پیشانی اور سفید پاؤں والا خچر پر سوار ہو کر قبلہ کی طرف چلا ہے تو یہ صاحب خواب کے حج کرنے کی طرف اشارہ ہے۔ اور اگر قبلہ کے علاوہ کسی دوسرے سمت کو چلا تو یہ شرف کے ساتھ سفر کرنے کی دلیل ہے۔

(۲) خچر پر سواری طولِ عمر اور بانجھ عورت سے نکاح کرنے کی بھی دلیل ہے۔ (۳) زین اور اس کے متعلقات سمیت خچر دیکھنا خوبصورت اور ادیبہ عورت کی علامت ہے اور اس کو مذکورہ اشیاء سے خالی دیکھنا فائدہ مند سفر کی دلیل ہے۔

(۴) خواب دیکھا گویا کسی دوسرے کے خچر پر سوار ہے تو اشارہ ہے کہ صاحبِ خواب مالکِ خچر کی بیوی سے غلط کاری کریگا۔ (۵) خچر پر الٹا بیٹھنا زنا کی علامت اور ایسا ہو کر سفر کر رہا ہے تو یہ قطع وہم کی دلیل ہے۔ (۶) کسی نے خچر دیکھا مگر اس پر سواری دشوار ہوئی تو اپنے سے کمتر کی طرف سے سازش میں مبتلا ہونے کی دلیل اور مرض میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔ (۷) کسی نے دیکھا کہ وہ بہت سے خچروں کا مالک بنا تو تعبیر ہے کہ وہ بہت سے غلاموں کا مالک بنے گا۔ (۸) کسی نے خواب میں خود کو خچر پر سوار ہوتے دیکھا، تو دلیل ہے کہ وہ اپنے شدید مخالف اور مکار دشمن پر کامیابی حاصل کریگا۔ (۹) یہی خواب عورت دیکھے تو یہ اس کی شادی کی دلیل ہے۔ (۱۰) کسی نے خواب میں بچہ جننے والی خچرنی کا مالک ہوا تو یہ مال کی زیادتی کی دلیل ہے۔ اگر بچہ جن لے تو مال کی زیادتی یقینی ہو جاتی ہے۔ (۱۱) خچر پر لدے ہوئے بوجھ کے اوپر بیٹھنا راکب کے لئے بہتری کی علامت ہے۔ (۱۲) نامعلوم و بے مالک خچر، کمینے 'خبیث' اور ذلیل مرد پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۳) کالے رنگ کے بغل پر سوار ہونا بانجھ مالدار عورت کی علامت ہے۔ (۱۴) اگر خواب میں خچر کو کسی انسان سے منازعت کرتے ہوئے دیکھے تو یہ نشانی ہے کہ صاحب منازعت ولد الزنا ہے۔ (۱۵) کسی نے دیکھا کہ وہ خچر بن گیا تو تعبیر یہ ہے کہ اس کی معیشت سفر پر چلے گی۔ (۱۶) خچر سے گرنا مرتبہ سے گرنے کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱۷) خواب میں خچرنی کا دودھ پینا بقدر شرب لبن غم واندوہ پہنچنے کی دلیل ہے۔ (۱۸) خچر کی تعبیر مندرجہ ذیل اشیاء سے بھی کی جاتی ہے۔ غلام انتہائی مختی مـنـتـفـع النسـل عزت وشرف قید وبند کثیر النفع اسفار۔ (۱۹) حضور ﷺ کی خچر کو دیکھنا صاحب امر کے عہد کی تجدید رزق میں برکت رفعت وعزت کے حصول لوگوں کے اس سے منتفع ہونے کے لئے قریب ہونے وغیرہ کی دلیل ہے۔

## بعوض (مچھر)

(۱) مچھر کی تعبیر خون بہانے والے دشمن سے کی جاتی ہے۔ (۲) کبھی اس کی دلالت عزت وحرمت پر بھی ہوتی ہے جب ارباب صدور پر داخل ہو اس لئے کہ اس کے ناموں میں ایک نام ناموس بھی ہے۔

## بغاث الطیر (سفید رنگ کا سبزی مائل پرندہ)

(۱) خواب میں بغاث دیکھنا بے فائدہ قوم پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) اگر کسی کے پاس بغاث پرندہ ہے تو اس کے لہو ولعب میں منہمک ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۳) خواب میں بغاث پرندہ کا مالک ہونا رفع ومنزلت خوشی اور دشمنوں پر غلبہ کی دلیل ہے۔ (۴) اصحاب حکومت کے لئے پرندہ دیکھنا شر تکلیف اور نقصان کی علامت ہے۔ (۵) مانوس ہونے والے پرندوں کو دیکھنا اولاد اور ازواج پر دلالت کرتا ہے۔ (۶) اور انسانوں سے مانوس ہونے والے پرندوں کی رؤیت مختلف الطبیعت لوگوں کے ساتھ زندگی گذارنے کی دلیل ہے۔ (۷) غیر شکاری پرندوں کو دیکھنا درندوں اور ہوا پر دلالت کرتا ہے اور تربیت یافتہ شکاری پرندوں کو دیکھنا عزت منفعت رزق پر دال ہے۔ (۸) ماکول اللحم پرندوں کو دیکھنا آسانی سے فوائد سے بہرہ مند ہونے کی علامت ہے۔ (۹) خواب میں اچھی آواز والے پرندوں کی آواز سننا نیک قوم کی طرف اشارہ ہے اور نر پرندہ دیکھنا اولاد نرینہ پر اور مادہ دیکھنا اولاد اناث پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۰) اور انجان پرندہ مسافر لوگوں کی علامت ہے۔ (۱۱) ایسا پرندہ دیکھنا جسمیں خیر وشر موجود ہو فراخی کے بعد تنگی یا تنگی کے بعد فراخی نصیب ہونے کی علامت ہے۔ (۱۲) ایسا پرندہ دیکھنا جو دن ورات دونوں میں ظاہر ہوتا ہے شدت طلب اور بہادری پر دلالت کرتا ہے اور صرف رات کو ظاہر ہونے والا اور دن کو پوشیدہ رہنے والا پرندہ دیکھنا پوشیدگی وحفاظت پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۳) ایسا پرندہ دیکھنا جسمیں شر ہی شر ہے خیر بالکل نہیں دشمن پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۴) ایسے پرندہ کی رؤیت جسمیں خیر ہو اور شر نہ ہو خوف سے امن رزق حلال لباس وغیرہ پر دلالت کرتی ہے۔ (۱۵) ایسے پرندے کی رؤیت جو دن کو ظاہر ہو کر رات کو آرام کرتا ہے مختلف اعمال سے معاش حاصل ہونے کی علامت ہے۔ (۱۶) بے قیمت پرندے کو خواب میں قیمت والا ہوتا ہوا دیکھنا ربا اور باطل طریقے سے مال کھانے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۷) غیر پرندہ کو خواب میں اڑتا ہوا دیکھنا عہد شکنی فجور اور اس کے عکس پر دلالت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرتا ہے۔(۱۸) کسی خاص موسم میں ظاہر ہونے والے پرندے کو بے موسم دیکھنا' اشیاء کو اپنے مقام پر نہ رکھنے' دشمنوں میں تغایر آنے اور لایعنی کاموں میں منہمک ہونے اور عجیب باتیں سننے کی طرف اشارہ ہے۔(۱۹) پانی میں رہنے والے پرندے دیکھنا دریا میں محنت کر کے کمانے والے لوگوں پر دلالت کرتا ہے' یا اس سے پرہیزگار اور متقی لوگ مراد ہوتے ہیں۔

## بلور (شیشہ)

خواب میں بلور دیکھنے کی تعبیر عورت سے کی جاتی ہے۔(۱) چنانچہ اگر کوئی شخص خواب میں بلور کے برتن کا مالک بنا تو یہ تعبیر ہے کہ کسی نفیسہ عورت سے نکاح کریگا۔

## بعر (لید)

(۱) خواب میں لید صاف کرنا یا اٹھانا یا اس کا مالک بننا مالدار بننے کی علامت ہے۔

## برص (ایک بیماری)

خواب میں کسی نے اپنے آپ کو برص میں مبتلا دیکھا تو یہ دلیل ہے کہ صاحب خواب کو کپڑا نصیب ہوگا۔ یا دلیل ہے اس کو میراث ملے گی اور برص کی تعبیر مال سے بھی کی جاتی ہے۔

## بلق (چت کبرا ہونا)

کسی نے خواب میں دیکھا کہ اس کا رنگ چت کبرا ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب برص کے مرض میں مبتلا ہوگا۔

## بھق (چٹانوں پر اگنے والی گاس)

خواب میں گاس ملنا غیر ضروری راز کی باتیں سننے کی دلیل ہے۔

## بخر (گندہ دہن)

(۱) کسی نے خواب میں دیکھا کہ اس کے منہ سے بدبو آنے لگی ہے' تو یہ علامت ہے کہ وہ ایسا کلام کریگا جسمیں اپنی تعریف کریگا اور تکبر میں مبتلا ہوگا' اور اس وجہ سے شدت وعذاب میں مبتلا ہوگا۔(۲) کسی نے خواب میں کسی دوسرے کے منہ سے بدبو سونگھ لی تو علامت ہے دوسرے سے کلام قبیح سنے گا۔(۳) کسی نے دیکھا کہ اس کا منہ گندہ ہوا یعنی مسلسل بدبودار رہا تو دلیل ہے صاحب خواب فحش گو ہے۔(۴) کبھی گندہ دہنی کی تعبیر سخت دلی اور ظلم سے بھی کی جاتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## برسام (ذات الجنب کی بیماری)

(۱) کسی نے دیکھا کہ وہ ذات الجنب کی بیماری میں مبتلا ہوا ہے تو دلیل ہے صاحب خواب گناہوں پر جری ہے، کبھی یہ خواب بادشاہ کی طرف سے عقوبت نصیب ہونے اور اس کو ڈرانے اور توبہ کرانے کی طرف بھی مشیر ہوتا ہے۔

## بثر (پھنسی)

(۱) کسی نے خواب دیکھا اس کے بدن میں پھنسی نکل کر پھٹ گئی اور اس سے پیپ یا گاڑھا خون نکلا تو یہ صاحب خواب کی کامیابی کی دلیل ہے۔ (۲) اسی طرح اگر صاحب خواب کے بدن پر کوئی ضرر رساں چیز (کیڑا مکوڑا) کاٹ لے اور صاحب خواب اس پر قابو پالے تو مال و دولت کی دلیل ہے۔ (۳) اسی طرح خواب میں بدن میں پھوڑا پھنسی نکلنا حصولِ مال بقدر طاقت و مدت پھوڑا ہے۔ (۴) خواب میں بدن کے اندر غیر مضر چیز کی زیادتی کثرتِ مال کی دلیل ہے۔

## بیع (فروخت کرنا)

(۱) کسی نے دیکھا کہ وہ خواب میں کوئی چیز فروخت کر رہا ہے۔ اور فروخت کرنے کی آواز لگا رہا ہے اگر اس چیز کی خریدار عورت ہے تو یہ عزت ملنے کی دلیل ہے اگر مرد خریدار ہے تو غم پہنچنے کی طرف اشارہ ہے اور قیمت زیادہ لگانا عزت کی علامت ہے۔ (۲) کوئی غلام یا فقیر یا قیدی اور ایسا شخص جو اپنی حالت کی تبدیلی چاہتا ہے خواب میں خود کو فروخت ہوتے ہوئے دیکھے تو یہ خیر کی دلیل ہے۔ (۳) اور اگر یہی خواب مالدار اصحابِ حکومت یا مریض وغیرہ دیکھے تو یہ خواب ان کے لیے شر کی دلیل ہے۔ (۴) مبیع کے مختلف ہونے کے اعتبار سے مبیع کی تعبیر بھی مختلف ہوتی ہے چنانچہ جو چیز بائع کے لیے اچھی نہیں ہے وہ مشتری کے لیے خیر کی علامت ہے اور جو بائع کے لیے بہتر ہے وہ مشتری کے لیے دلیل شر ہے۔ (۵) بعض علمائے تعبیر کا کہنا ہے کہ خواب میں بیع کرنا زوال ملک کی دلیل ہے تو بائع مشتری ہے اور مشتری کی تعبیر بائع ہے۔ (۶) کسی نے خواب میں ایسی چیز فروخت کی جو دنیا پر دلالت کرتی ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب دنیا پر آخرت کو ترجیح دیگا اور ایسی چیز بیع کرنا جو آخرت پر دلالت کرنے والی چیز ہے تو تعبیر ہے کہ دنیا کو آخرت پر ترجیح دیگا اور کبھی یہ خواب اس کی حالت کی تبدیلی کی علامت ہوتا ہے۔ (۷) آزاد آدمی کا فروخت ہونا حکومت اور حسن عاقبت کی نشانی ہے دلیل اس کی یوسف علیہ السلام کا واقعہ ہے اور کبھی یہی خواب دنیاوی کمزوری و ذلت انجام کی طرف مشیر ہوتا ہے۔

(۸) کسی شی کو فروخت کرنا اس سے فراغت اور اعراض کی علامت ہے اور کبھی اس کی رغبت کی دلیل ہے۔ (۹) کوئی مجاہد خواب میں خود کو حقیر چیز فروخت کرتے ہوئے اور شئی نفیس خریدتے ہوئے دیکھے تو یہ اس کی شہادت کی طرف

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اشارہ ہے۔(۱۰)اگر کسی نے دیکھا کہ قیمتی چیز فروخت کی اور حقیر چیز خرید لی تو یہ اس کی سوء خاتمہ کی دلیل ہے (العیاذ باللہ)۔(۱۱)کبھی یہی خواب آخرت پر دنیا کو ترجیح دینے کی بھی علامت ہے اور کبھی اس کی تعبیر آزاد عورت پر باندی کو اور نیکی پر معصیت کو ترجیح دینے سے کی جاتی ہے

## بغض

(۱)کسی نے خواب دیکھا کہ کوئی انسان اس کے ساتھ بغض کا معاملہ کر رہا ہے یا صاحب خواب کسی کے ساتھ بغض کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب تمام لوگوں کے ساتھ برائی کریگا اس لیے کہ بغض دشمنی کا سبب ہے اور دشمن کسی سے محبت یا تعاون نہیں کرتے۔(۲)خواب میں کسی محبّ یا محبوب سے بغض کرنا اشارہ ہے کہ اس کے لیے کینہ و بغض رکھتا ہے۔(۳)کبھی بغض کرنا حکم ماننے اور نافرمانی کرنے کو چھوڑ کر فرمانبرداری اختیار کرنے پر دلالت کرتا ہے۔(۴)اپنے مبغوض شخص کو خواب میں دیکھنا کسی ایسے شخص سے بغض کرنے کی طرف اشارہ ہے جس کی صحبت اختیار کرنا نہ چاہتا ہو۔

## بغی (بغاوت کرنا)

(۱)کسی نے دیکھا کہ کوئی شخص اس کے ساتھ بغاوت کا معاملہ کر رہا ہے تو یہ تعبیر باغی کے لیے اچھی نہیں اور جس کے ساتھ بغاوت ہو رہی ہے اس کی کامیابی کی طرف مشیر ہے۔(۲)کسی نے دیکھا کہ وہ کسی سے بغاوت کر رہا ہے اگر صاحب خواب بادشاہت کا اہل ہے تو بادشاہ بنے گا مگر اسکا انجام خراب ہوگا۔(۳)اگر دیکھا کہ اس کے ساتھ بغاوت کا معاملہ ہو رہا ہے تو یہ اس کی کامیابی کی علامت ہے۔

## بغاء (بے حیائی)

(۱)اسکی دلالت منہ کے امراض پر ہوتی ہے۔(۲)بعض عارفین کا کہنا ہے کہ عوام میں بگاڑ پیدا ہونے کی وجہ سے ظالم حکمران پیدا ہونگے اور خواص کے بگاڑ کی وجہ سے دین میں فتنہ ڈالنے والے دجال پیدا ہونگے۔(۳)کبھی اسکی دلالت دشمن اور جدائی پر بھی ہوتی ہے۔

## بکاء (رونا)

(۱)خواب میں رونا طولِ عمر کی طرف اشارہ ہے اور جس پر رویا جائے اس کے اپنی حالت پر باقی رہنے کی علامت ہے۔(۲)ذکر اللہ کے ساتھ رونا توحید پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۴)خواب میں دیکھا کہ اس کو تھپڑ لگایا گیا جس کے سبب یہ شدید رویا تو یہ تکلیف و غم پہنچنے کی طرف اشارہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## بلاء (آزمائش)

اس کی تعبیر تکلیف کے بعد خوشی وسرور نصیب ہونے کی علامت ہے۔

## بؤس (تنگی)

خواب میں کسی کو تنگی وسختی لاحق ہوگئی تو دلیل ہے کہ وہ محتاج ہوگا۔کبھی اس کی تعبیر آنے والی بیماری سے بھی ہوتی ہے۔

## برہان (دلیل)

(۱) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے کسی معاملے کے بارے میں دلیل دی تو یہ حجت پانے کی دلیل ہے۔(۲) خواب دیکھا کہ وہ کسی خصومت پر دلیل قائم کر رہا ہے تو یہ اس کے خلاف حجت قائم ہونے کی علامت ہے۔

## بُعد (دوری)

(۱) خواب میں دور ہونے کی تعبیر ظلم، بعدِ مسافت، بعد اشخاص، آپس کی لڑائی، سے کی جاتی ہے کبھی اس کی تعبیر موت سے بھی کی جاتی ہے۔ (۲) کبھی اس کی تعبیر عہدے سے معزولی سے کی جاتی ہے۔(۳) اس کی دلالت قرب پر بھی ہوتی ہے اس لیے بعد قرب کی ضد ہے۔

## بخل (بخل کرنا)

(۱) خواب میں بخل کی تعبیر لاعلاج مرض لاحق ہونے سے کی جاتی ہے۔(۲) کبھی اس کی تعبیر بخل کرنے، نفاق، اور جہنم کے قریب کرنے والے اعمال سے کی جاتی ہے۔(۳) کبھی خواب میں بخل کرنا محتاجی اور مالی تنگی کی دلیل ہے اور کبھی یہ دلالت کرتا ہے مال والے کی ہلاکت پر اور کبھی اس سے بے تدبیر وارث کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔(۴) خواب میں بخل کرنا برا ہے چنانچہ اگر خود کو بخل کرتے دیکھا تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب لوگوں کے سامنے مذموم ہوگا۔(۵) اسی طرح خواب دیکھا کہ اس کی برائی بیان کی جاتی ہے تو یہ دلیل ہے کہ وہ بخیل ہوگا۔(۶) خواب میں ناپسندیدگی کے ساتھ مال خرچ کرنا قربِ اجل کی دلیل ہے۔(۷) خوشی سے مال خرچ کرنا علامت ہے خیر ونعمت ملنے کی۔

## بشاشہ (خوشی)

(۱) کوئی عالم یا نیک آدمی خواب میں اپنے اندر بشاشت محسوس کرے تو اللہ ورسول ﷺ کی اطاعت کی دلیل ہے۔
(۲) اگر یہی خواب ہنسانے والے اور مذاق کرنے والے لوگ دیکھیں تو دلیل غفلت ہے اور حرام اور اہل حرام کی طرف مائل ہونے اور اہل بدعت کے ساتھ معاشرت قائم کرنے کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## بزاز (کپڑا فروش/کپڑے کا تاجر)

(۱) کسی نے دیکھا کہ وہ خواب میں کپڑا فروخت کر رہا ہے لیکن اس کی قیمت وصول نہیں کی تو دلیل ہے کہ وہ بڑا عظیم آدمی بنے گا لوگوں میں اس کی کارکردگی کی شہرت ہوگی اور لوگوں پر اس کا احسان ہوگا۔ لوگوں کو دینی و دنیاوی رہنمائی کرے گا۔ (۲) اگر دیکھے کہ وہ کپڑا بیچ رہا ہے اور اس کا ثمن دراہم کی صورت میں وصول کر رہا ہے تو اس کی تعبیر بھی وہی ہوگی جو اوپر بیان ہوئی ہے لیکن یہ سارے کام ریا کے لیے ہوں گے اور ایسا کام کریگا جس سے سارے اعمال کا اجر ختم ہوگا۔ (۳) اور اگر وہ ثمن دینار کی صورت میں وصول کرے تو تعبیر یہ ہے کہ وہ احسان کا معاملہ بھی کریگا اور ناپسندیدہ کام بھی انجام دیگا۔ (۴) بعض علماءِ تاویل کا کہنا ہے کہ خواب میں وزن کرنا رشوت اور تاوان کی نشانی ہے۔ (۵) خواب میں کپڑے کے تاجر سے ملاقات فقر کے بعد غنا اور رزق کی دلیل ہے اگر غیر شادی شدہ شخص کپڑا فروخت کرنے والے سے خواب میں ملاقات کرے تو تعبیر یہ ہے کہ وہ شادی کرے گا۔

## بناء (عمارت)

(۱) معمار کی تعبیر ایسا شخص ہے جو حلال کے ذریعے لوگوں کو جمع کرتا ہے۔ (۲) عمارت کی تعبیر مندرجہ ذیل چیزیں ہو سکتی ہیں (۱) شاعرہ (۲) عمر کا طویل ہونا (۳) دنیا کی طرف رغبت (۴) الفت و محبت (۵) ایک دوسرے کی مدد کرنا' (۳) خواب میں پکی اینٹ چونا اور ہر وہ چیز جس کے نیچے آگ جلائی جاتی ہے ان میں کوئی خیر و بھلائی کی علامت نہیں۔ (۴) ناقص عمارت عہد شکنی کی علامت ہے۔

## بطیخی (تربوز فروش)

(۱) خواب میں تربوز بیچنے والے کو دیکھنا مرض والے آدمی پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) تربوز فروش کی تعبیر کبھی ایلچی اور کبھی ایسے شخص سے کی جاتی ہے جس کے پاس شفا دینے والی دوائیں ہوں اور یہ وسیع رزق پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## بقلی (سبزی فروش)

(۱) سبزی فروش دیکھنا گھٹیا کلام کرنے اور غموم و ہموم والے شخص پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) کبھی خواب میں اس کی رؤیت قناعت صبر اور مالی کمی کی علامت ہوتی ہے۔ (۳) کبھی اس کو دیکھنا غم و حزن میں مبتلا ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## باقلانی (باقلا بیچنے والا)

باقلانی کی تعبیر ایسے شخص سے کی جاتی ہے جو لوگوں کو کلام سناتا ہے اور لوگ اس کا جواب برے انداز میں دیتے ہیں۔

## بیطار (معالج حیوانات)

خواب میں اس کو دیکھنے کی تعبیر ایسے شخص سے کی جاتی ہے جو اشراف الناس کی تزئین کرے اور ان کے معاملات میں ان کی مدد کرے۔ خواب میں اس کو دیکھنا مندرجہ ذیل اشیاء پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۱) نکاح کرانے والا' اسفار' بائع الادویہ' تجار' فوج کے مددگار۔ بعض اصحاب التاویل کا کہنا ہے کہ اس کی دلالت طبیب' مصلح' جابر شخص اور حجام وغیرہ پر بھی ہوتی ہے۔

## بستانی (مالی)

(۱) مالی کی تعبیر ایسا آدمی ہے جو لوگوں کو عورتوں اور انکی محبت کی طرف بلاتا ہے۔(۲) خواب میں مالی کو دیکھنا ایسے آدمی پر دلالت کرتا ہے جو مدارس رباطات 'مساجد اور کنائس وغیرہ کے امور کو سرانجام دیتا ہے۔(۳) اسی طرح اسکی رؤیت' ارزاق' سرور' فوائد کثیرہ پر بھی دلالت کرتی ہے۔

## بلان (ایک خاردار درخت)

اگر مریض خواب میں اسکو دیکھے تو یہ اسکے غاسل کی طرف اشارہ ہے۔ اسی طرح خواب میں اسکو دیکھنا غموم ہموم سے نجات' دین کی ادائیگی' گناہوں سے توبہ اور کافر کے لئے مسلمان ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

## بواب (دربان/ چوکیدار)

دربان کی تعبیر بڑا سرکاری افسر ہے۔(۱) کسی نے دیکھا کہ وہ دربان بنا اور باندی خریدی تو یہ تعبیر ہے کہ صاحب خواب عنقریب ولایت عظیمہ پر فائز ہوگا۔(۲) کسی نے خواب میں اپنے آپ کو بادشاہ کا دربان بنا ہوا دیکھا تو یہ دلیل ہے کہ صاحب خواب دیندار ہوگا اور دین اختیار کرے گا۔(۳) اگر دیکھے کہ کسی علاقے کے امیر کا دربان بنا تو یہ بھی حکومتی عہدہ ملنے کی نشانی ہے۔

## برید (ڈاکیہ)

(۱) خواب میں اسکو دیکھنا مختلف حرکات اور اسفار پر دلالت کرتا ہے کبھی اسکی رؤیت معاصی اور گناہوں کی حالت کی طرف منتقل ہونے اور اسباب موت اختیار کرنے پر دلالت کرتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## بوقی (بگل بجانے والا)

(۱) خواب میں اسکی آواز سننے کی تعبیر کسی واقعے کی طرف بلانے کی علامت ہے۔(۲) خواب میں بگل میں منہ ڈالکر بجانا حادثہ شدیدہ لاحق آنے کی علامت ہے۔(۳) خواب میں بگل میں مارنا خیر سننے کی طرف اشارہ ہے۔

## بقار (گائے والا)

(۱) خواب میں اس کی رؤیت زراعت اور پھلوں کی صورت میں رزق کی بارش ہونے پر دلالت کرتی ہے۔(۲) کبھی اس کی رؤیت کی تعبیر رقص اور چکر لگانے پر بھی دلالت کرتی ہے۔

## بغال (خچر والا)

خواب میں اسکی رویت منتظمِ امور اور ہر کام میں پیش پیش ہونے والے' حیوانات اور اموال کی تدبیر کے ذریعے لوگوں کے امور کو درست کرنے والے پولیس افسر پر بھی دلالت کرتی ہے۔

## برازعی (زین فروش)

(۱) خواب میں اس کو دیکھنا ایسے آدمی کی طرف مشیر ہے جو ہوشیار مدبر و منتظم اور صاحب امر ہو۔(۲) کبھی اس کی دلالت پٹی کرنے والا آدمی پر اور کبھی نکاح کرانے والے شخص پر ہوتی ہے۔

## بیّاع (تاجر)

(۱) خواب میں تاجر کو دیکھنا یا خود کو تاجر بنتا دیکھنا اور اس کی معیشت اختیار کرنا جھوٹی قسم کھانے اور نماز چھوڑنے' ناپ تول میں کمی کرنے اور سود کھانے اور ناپاک ہونے کی دلیل ہے۔(۲) جَو بیچنے والے شخص کی تعبیر دنیا کو پسند کرنے والے اور آخرت کو بھولنے والے شخص سے کی جاتی ہے۔خواب میں بیع کر کے دراہم قیمت کے طور پر وصول کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔(۳) کات بیچنا سفر کی علامت ہے اور نمک کی تجارت کرنے والے مالدار آدمی کی علامت ہے۔(۴) قیمتی کپڑا فروش کی تعبیر امانتدار صاحب جاہ وجلال شخص سے کی جاتی ہے۔جب تک بائع ثمن کو وصول نہ کرلے اور اگر ثمن وصول کرے تو تعبیر اس سے مختلف ہوگی۔(۵) پھل فروش کی تعبیر محنت سے رزق حاصل کرنے والا اور آخرت کو دنیا پر ترجیح وفوقیت دینے والا شخص ہے۔(۶) ریاحین فروخت کرنے والے کی دلالت صاحب حزن وبکاء پر ہوتی ہے یا ایسے قاری قرآن پر دلالت ہے جو قرآن پڑھ کر لوگوں کو رلا دے۔(۷) پرندہ فروش کی تعبیر باندی فروش ہے۔(۸) پیتل فروش کی تعبیر کمزور آدمی سے کی جاتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب التاء

## توراۃ

(۱) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ توراۃ کی تلاوت کر رہا ہے مگر اسکو سمجھ نہیں پا رہا تو علامت ہے کہ وہ فرقہ قدریہ یا جبریہ کا مذہب اختیار کرے گا۔ (۲) کسی نے دیکھا کہ اس کے پاس توراۃ کا نسخہ ہے اور صاحبِ خواب مسلمان بادشاہ ہے تو تعبیر کہ وہ دشمنوں کے شہر پر فتح حاصل کریگا یا اپنے منشاء ومقصود کے مطابق صلح کرے گا۔ اور یہی خواب عالم آدمی دیکھے تو یہ اسکے علم کی زیادتی یا اپنے علم میں مبتدع ہونے پر دلالت کرتا ہے یا اسکی تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب خواہش پرستوں کے مذھب کی طرف مائل ہوگا۔ (۳) کبھی توراۃ کی رؤیت غائب کے ساتھ اجتماع یا وجود صنائع کی علامت ہوتی ہے۔ (۴) کبھی کتابِ توراۃ کی رؤیت اہل کتاب پر بھی دلالت کرتی ہے۔ (۵) اگر غیر شادی شدہ شخص خواب میں توراۃ دیکھے تو یہ اسکی غیر اہل ملت میں شادی کی طرف اشارہ ہے۔ (۶) کبھی توراۃ دیکھنے سے کثرتِ سفر کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ (۷) اگر صاحب خواب کی بیوی حاملہ ہو تو توراۃ دیکھنے کی تعبیر ایسے بچے کی پیدائش ہے جسمیں شبہ ہو۔ (۸) اسی طرح توراۃ کے علاوہ دوسری کتب کی بھی یہی تعبیر ہے، کبھی توراۃ دیکھنا عورت کے لئے بغیر ولی کے نکاح کرنے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ (۹) کبھی توراۃ دیکھنا ایسے آدمی کے ساتھ معاشرت کی علامت ہے جسکی صحبت میں دین کے اندر نقصان واقع ہونے کا اندیشہ ہو۔ کتابِ عزیز کے علاوہ دوسری کتب سماویہ ومصاحف کی رؤیت ارباب غور کیلئے عزیمت کی دلیل ہے۔ (۱۰) خواب میں انجیل وتوراۃ دیکھنا حضور علیہ السلام کے دیدار (اگرچہ خواب میں ہو) کی علامت ہے۔ (۱۱) اسی طرح خواب میں توراۃ دیکھنا مندرجہ ذیل اشیاء پر بھی دلالت کرتا ہے۔ خیانت، عہد شکنی، عزیمت کو چھوڑ کر رخصت پر عمل کرا، علم وحکمت، رشد وہدایت وغیرہ۔ (۱۲) اگر کسی کی بیوی حاملہ ہو اور وہ خواب میں اپنے ہاتھ میں توراۃ دیکھے تو یہ بچی پیدا ہونے کی طرف اشارہ ہے اس لئے کہ توراۃ (عربی میں) مؤنث ہے۔

## توبہ

(۱) خواب میں توبہ کرنا قید خانہ سے نجات پانے کی دلیل ہے اسی طرح یہی خواب آزمائش میں مبتلا ہونے کے بعد ملک اور شرف وبرکت ملنے کی علامت ہے۔ (۲) کسی نے دیکھا کہ اس نے فسق سے اعراض کیا تو تعبیر یہ ہے کہ وہ کسی آزمائش میں مبتلا ہوگا پھر توبہ کریگا اور ملک وشرف اور برکت پائے گا۔ (۳) کسی نے دیکھا کہ وہ ایسے گناہ سے توبہ کر رہا ہے جو اسنے نہیں کیا تو یہ کسی گناہ میں واقع ہونے کا اشارہ ہے لیکن اس کے انجام کے اچھا ہونے کی نوید دیتا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے۔ (۴) خواب میں کافر کا توبہ کرنا اسکے مسلمان ہونے کی بشارت ہے۔ (۵) عیاش اور زانی قسم کے لوگوں کا توبہ کرنا غنا کے بعد فقیری کی طرف اشارہ ہے۔

www.KitaboSunnat.com

## تسبیح

(۱) خواب میں اللہ تعالی کی تسبیح بیان کرنا اسکے مومن ہونے کی اور تسبیح سے انکار کرنا کفر کی علامت ہے۔ (۲) کوئی مغموم، محبوس، مریض، یا خائف اپنے آپ کو سبحان اللہ کہتا ہوا دیکھے تو غموم سے ان کو ایسی نجات ملے گی جو اس کے وہم و گمان میں بھی نہیں ہوگی۔ (۳) خواب میں سبحان اللہ کو بھول جانا، غم اور وہم لاحق ہونے کی اطلاع ہے۔ (۴) خواب میں فرض نماز پڑھ کر لا الہ الا اللہ یا ''اللہ'' کہنا ادائیگی دیون، نذر کو پورا کرنے، ایفائے عہد اور شرط پر قائم ہونے کی دلیل ہے۔

## تہلیل (لا الہ الا اللہ کہنا)

اسکی تعبیر ہدایت ہے (۱) خواب میں اپنے آپ کو لا الہ الا اللہ کہتے ہوئے دیکھنا خاتمہ بالایمان پر ہونے کی علامت ہے۔ (۲) اگر مصیبت زدہ یہ خواب دیکھے تو اجر ملنے کی علامت ہے۔ (۳) اگر غم زدہ دیکھے تو یہ غم سے نجات اور وہم کی دوری کی دلیل ہے۔

## تکبیر (اللہ اکبر پڑھنا)

(۱) خواب میں تکبیر کہنا مسلسل توبہ کرنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۲) کسی نے خواب میں اللہ اکبر کہا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ دشمنوں پر کامیابی حاصل کرے گا۔ اور اپنی آنکھوں میں ٹھنڈک پائیگا اور فرحت و سرور سے بہرہ ور ہوگا۔

## تحمید (الحمد اللہ کہنا)

(۱) خواب میں الحمد اللہ کہنا خیر پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) کسی نے اپنے آپ کو اللہ تعالی کی حمد بیان کرتے دیکھا تو دلیل ہے اس کو ہدایت فی الدین اور نور نصیب ہوگا۔ (۳) کبھی حمد کی تعبیر اولاد سے بھی کی جاتی ہے۔ (۴) اگر فقیر آدمی اپنے آپ کو حمد کرتے ہوئے دیکھے تو وہ غنی ہوگا۔ (۵) خواب میں تحمید کرنا دلیل ہے کہ صاحب خواب شکر گزار بندہ ہے اور اس کو دو عالم بیٹے نصیب ہوں گے۔ اللہ تعالی کا فرمان ہے کہ ﴿لِيَبْلُوَنِيْ أَأَشْكُرُ أَمْ أَكْفُرُ وَمَنْ شَكَرَ فَإِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهِ﴾ ''تا کہ آزمائیں مجھ کو میں شکر کرتا ہوں، اور جو کوئی شکر کرے سو شکر کرے اپنے واسطے'' دوسری جگہ ارشاد ہے کہ ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ وَهَبَ لِیْ عَلَى الْكِبَرِ إِسْمَاعِيْلَ وَ إِسْحَاقَ﴾ ''تمام تعریفیں اس ذات کے لئے جس نے بخشا مجھ کو اتنی بڑی عمر میں اسماعیل اور اسحاق''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## توکل علی اللہ (اللہ پر توکل کرنا)

(۱) خواب میں توکل کے الفاظ کہنا اپنے مقصد میں کامیابی اور اگر تکلیف میں ہو اس کے ختم ہونے کی دلیل ہے اسی طرح خواب میں توکل کرنے کی مندرجہ ذیل تعبیریں بھی ہو سکتی ہیں فاسق کے لئے توبہ کرنا ' کافر کے لئے مسلمان ہونا' شر سے بچنے کی کوشش کے باوجود اس میں واقع ہونا پھر انجام کا خیر ہونا وغیرہ۔

## التابعون (تابعین رحمہم اللہ تعالیٰ)

(۱) کسی نے دیکھا کہ کسی شہر یا علاقے میں تابعین میں سے کوئی تابعی آئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس علاقے سے پریشانی خوف اور قحط دور ہو جائیں گے اور ان کے رئیس کی حالت درست ہو گی اور ان کا برتاؤ رعایا کے ساتھ اچھا ہو گا۔ (۲) علماء تابعین میں سے کسی عالم یا اس کے علاوہ کسی اور عالم کی رؤیت زیادت فی العلم کی دلیل ہے۔ (۳) حکماء میں سے کسی حاکم کو دیکھنا زیادت فی الحکمۃ کی نشانی ہے۔ (۴) واعظوں کی رؤیت فتوح و سرور پر دال ہے۔ (۵) اولیاء و صلحاء کی زیارتِ زیادت فی الدین کی دلیل ہے۔ (۶) صالحین میں سے کسی فوت شدہ بزرگ کو کسی زمین یا علاقے میں دیکھنا اس علاقے کے رہنے والوں کے لیے خوشحالی اور کشادگی کی علامت ہے اور ان کے رئیس کی طرف سے عدل و انصاف ملنے اور اس کی درستگی پر دلالت کرتا ہے۔ (۷) کسی نے دیکھا اس نے کسی بزرگ کو زندہ کیا تو یہ احیاء سنت کی علامت ہے۔ (۸) کسی نے دیکھا کہ وہ بعض مشہور بزرگوں میں سے کسی ایک بزرگ کی طرح ہو گیا تو اشارہ ہے اس کو غموم دنیاوی لاحق ہوں گے پھر اس سے نجات پائے گا اور اپنے مقصد میں کامیاب ہو گا۔

## تشہد (التحیات پڑھنا)

(۱) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ نماز میں بیٹھ کر تشہد پڑھ رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا غم دور ہو گا اور اس کی حاجت پوری ہو گی۔ (۲) کسی نے دیکھا کہ وہ التحیات میں بیٹھا ہوا تشہد پڑھ رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا غم دور ہو گا اور اس کی حاجت پوری ہو گی۔ (۳) کسی نے دیکھا کہ وہ تشہد میں بیٹھا ہوا ہے تو تعبیر ہے کہ وہ اپنی ضرورت اللہ کے حضور پیش کریگا اور اپنے مراد پالیگا' اور اگر وہ کسی غم میں مبتلا ہے تو اس کے دور ہونے کا وقت قریب آ چکا ہے۔ (۴) کبھی التحیات پڑھنا ایسے سرپرست ہونے کی علامت ہے جس کے بغیر نکاح درست نہ ہو۔ (۵) کبھی التحیات پڑھنا مال کے اچھے طریقے سے واپس ملنے کی علامت ہے۔

## تلفت الانسان فی صلوٰتہ (نماز میں دوسری طرف التفات کرنا)

(۱) نماز میں ادھر ادھر دیکھنا دنیا اور اس کی زینت پر مطلع ہونے' آخرت اور اس کی نعمتوں سے اعراض کرنے اور نفسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خواہشات کی طرف مائل ہونے کی علامت ہے۔

## تواضع الانسان (کسی انسان کے ساتھ تواضع کا معاملہ کرنا)

کسی انسان کے ساتھ تواضع کا معاملہ کرنا مقصد میں کامیابی اور نعمت و بلندی کی علامت ہے چنانچہ حدیث میں ہے(مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰہِ رَفَعَهُ اللّٰهُ)

## تکبر (تکبر کرنا)

(۱) کسی نے دیکھا کہ وہ دنیاوی سرور اور نعمتوں کے مالک ہونے کی بناء پر تکبر کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی عمر ختم ہو گئی ہے۔(۲) کبھی خواب میں تکبر کرنا رزق اور منصب ملنے کی دلیل ہے مگر اس کا انجام خیر نہیں ہوگا۔

## تبختر الانسان (انسان کا اترانا)

(۱) خواب میں اترانا خطأ فی الدین کی دلیل ہے۔(۲) کبھی اس کی تعبیر جلدی زائل ہونے والے شرف و منصب سے کی جاتی ہے اگر یہی خواب مالدار دیکھے تو اس کی کمائی کے نادر ہونے کی علامت ہے۔

## تدلل (لٹکانا)

(۱) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ چھت سے زمین کی طرف بذریعہ رسی لٹک کر نیچے آگیا' تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب ورع اختیار کریگا اور اس کے خاطر اپنی ضروریات کو قربان کریگا۔(۲) کسی نے دیکھا وہ اوپر سے نیچے گر گیا تو تعبیر یہ ہے کہ جس کے ساتھ اس نے امید وابستہ کی تھی اس سے ناامید ہوگا۔(۳) کسی نے اپنے آپ کو کیچڑ یا تر زمین سے پھسلتا ہوا دیکھا تو دلیل ہے کہ وہ دین یا دنیا کے اعتبار سے زوال پذیر ہوگا۔(۴) کبھی گرنے کی تعبیر بات چیت کے لحاظ سے گری ہوئی باتیں کرنے سے بھی کی جاتی ہے۔(۵) اہل قرابت کو غیر مناسب چیز کیطرف لٹکانا مثلاً درندہ یا حشرات کی طرف تو اہل شر کی طرف میلان کی علامت ہے۔گائے' بکری کی طرف تدلل اہل خیر کی طرف میلان کی علامت ہے۔

## تزکیۂ نفس (نفس کا پاک کرنا)

(۱) خواب میں تزکیۂ نفس ارتکابِ گناہ کی علامت ہے۔(۲) کسی نے خواب دیکھا کہ کوئی جوان آدمی اس کا تزکیہ کر رہا ہے تو تعبیر ہے کہ اس کا دشمن مطیع ہوگا اور اگر وہ جوان ہے تو عزت حاصل ہونے کی علامت ہے۔(۳) اگر دیکھا کہ کوئی شیخ اسکا تزکیہ کر رہا ہے تو یہ خواب لوگوں میں اچھی شہرت پانے کی علامت ہے تزکیہ کرنے والے شیخ معروف آدمی ہے تو یہ بھی ریاست و عزت کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## تملق (چاپلوسی کرنا)

(۱) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کسی متاعِ دنیاوی کے سلسلے میں کسی کی چاپلوسی کر رہا ہے تو تعبیر کے لحاظ سے اس کا خواب اچھا نہیں ہے۔ (۲) خواب دیکھا وہ کسی شخص کی چاپلوسی اس سے علم حاصل کرنے کے لئے کر رہا ہے یا کسی نیک عمل میں مدد دینے کے لئے کر رہا ہے تو شرف حاصل کرنے، دینی درستگی اور اپنے مطلب کو پانے کی علامت ہے۔ (۳) بعض علماء کا کہنا ہے کہ تملق کے عادی شخص کے لئے خواب میں کسی کی تملق و چاپلوسی کرنا برا نہیں ہے لیکن چاپلوسی کی عادت نہ رکھنے والا شخص خواب میں خود کو کسی کی چاپلوسی کرتے ہوئے دیکھے تو اشارہ ہے کہ اسکی توہین اور اہانت ہوگی۔ (۴) کسی جان پہچان والی عورت کی چاپلوسی کرنے کی تعبیر دشمن سے بچنے سے کی جاتی ہے۔ (۵) بعض دفعہ فعلِ تملق کی دلالت ایثار، نیکی، اور صدقہ پر بھی ہوتی ہے۔

## تعزیہ (تسلی دینا)

(۱) مالدار اچھے حال والے آدمی کو خواب میں تسلی دینا مضرت پہنچنے کا اشارہ ہے۔ (۲) مصیبت زدہ کو تسلی دینا منفعت کی دلیل ہے اور امید رکھنے والوں میں تعزیت تکلیف کی وجہ سے تسلی کے محتاج ہونے کی علامت ہے۔ (۳) شدت زدوں کی تعزیت خیر کی امید اور شدت کے ختم ہونے کی نشانی ہے۔ (۴) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کسی مصیبت زدہ کو تسلی دے رہا ہے تو تعبیر ہے کہ امن پائے گا۔ (۵) کسی نے دیکھا کہ اس کو تسلی دی جا رہی ہے تو تعبیر ہے کہ اس کو کسی قسم کی خوشخبری ملے گی۔ (۶) غیر مصیبت زدہ کو تسلی دینا کسی ایسے حادثہ کے وقوع کی طرف اشارہ ہے جس کی وجہ سے تسلی کا محتاج ہو۔ (۷) کبھی تعزیت ناداروں کے ساتھ سچی محبت اور گفتار میں نرمی پر بھی دلالت کرتی ہے۔

## تحابب الانسان (آپس کی محبت)

(۱) خواب میں محبت اگر اللہ کے لیے ہو تو اللہ تعالیٰ کی رحمت کے واجب ہونے اور گناہوں سے بچنے کی دلیل ہے کافر کے لیے اسلام کی دولت سے بہرہ مند ہونے کی علامت ہے۔ (۲) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کسی سے کسی دنیاوی غرض کے سبب محبت کر رہا ہے تو خیانت پر منتج ہونے والی شراکت کی طرف اشارہ ہے یا ولی کے بغیر نکاح کرنے کی نشانی ہے۔

## تودیع (کسی کو رخصت کرنا)

(۱) خواب میں رخصت کرنا زوال منصب یا طلاقِ زوجہ یا موتِ مریض یا اپنے وطن سے نکلنے یا ایک پیشہ سے دوسرے پیشے کی طرف منتقل ہونے کی علامت ہے چاہے خود رخصت کرنے والا ہو یا کوئی دوسرا۔ (۲) کسی نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خواب دیکھا کہ وہ اپنی بیوی کو الوداع کہہ رہا ہے تو تعبیر ہے کہ اس کو طلاق دیگا۔(۳) بعض علماء کا کہنا ہے کہ تودیع مودّع کی مفارقت (موت یا اور کسی سبب سے) کی دلیل ہے۔(۴) کبھی تودیع شریکین کے شرکت سے پھر جانے' حکمران کے معزول ہونے اور تاجر کے خسارہ میں واقع ہونے پر دلالت کرتی ہے۔(۵) بعض علماء کا کہنا ہے کہ تودیع کی تعبیر اچھی ہے چنانچہ اس کی تعبیر مطلقہ بیوی سے رجوع' شریک کار کے ساتھ مصالحت' تاجر کے لیے منافع' حاکم کے لیے اس کی ولایت واپس ملنے اور مریض کے لئے صحت یاب ہونے سے کی جاتی ہے۔ دلیل اس کی یہ دیتے ہیں اس کے لیے لفظ وداع استعمال ہوتا ہے اس کا ایک معنی راحت بھی ہے دوسری دلیل یہ ہے کہ وداع کا الٹ عاد ہے جس کا معانی لوٹنا ہے۔(٦) بعض علماء نے کہا ہے کہ خواب میں الوداعی کرنا توبہ کرنے اور سننے والے دونوں کے لیے برا ہے اس لیے کہ الوداع کے الفاظ ایک دوسرے سے جدائی کے وقت استعمال کئے جاتے ہیں۔ (۷) اسی طرح یہ خواب جس سے شادی کی امید ہو اس کے بطلان پر دلالت کرتا ہے اسی طرح یہ شرکاء کی جدائی اور مریضوں کی موت پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## توار (چھپ جانا)

(۱) کسی نے خواب دیکھا وہ ایک گھر میں داخل ہو کر روپوش ہو گیا تو تعبیر یہ ہے کہ اس کو تسلی دی جائیگی۔(۲) بعض معبرین کی رائے یہ ہے کہ اس خواب کی تعبیر بچی کی پیدائش ہے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔﴿ یَتَوَارٰی مِنَ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ﴾ (۳) کسی کے ہاں چھپ جانا اس پر اعتماد اور بھروسہ کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۴) خواب میں کسی پہاڑ میں چھپ جانا کسی بڑے جلیل القدر آدمی پر بھروسہ اور اعتماد کرنے کی علامت ہے۔(۵) خواب میں روپوش ہو کر کسی درخت پر ٹیک لگانا کسی عالم کی طرف مائل ہونے کی دلیل ہے اسی طرح اگر صاحب خواب کے ہاں کوئی حاملہ موجود ہو تو بچی پیدا ہونے کی علامت ہے۔(٦) کبھی چھپ جانا منافقت اور غلط بات کرنے کی نشانی ہوتا ہے۔

## تعلیم الانسان (علم حاصل)

(۱) خواب میں قرآن کی تعلیم حاصل کرنا یا حدیث کی تعلیم حاصل کرنا یا لکھنا یا حکمت کی کوئی بات حاصل کرنا یا کسی فن کی تعلیم حاصل کرنا فقر کے بعد غنا اور گمراہی کے بعد ہدایت یافتہ ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۲) غیر شادی شدہ شخص یہ خواب دیکھے تو اس کی شادی ہونے کی طرف اشارہ ہے یا اس خواب کی تعبیر بیٹا نصیب ہونا ہے۔(۳) کبھی اس خواب کی تعبیر ایسے نیک شخص سے کی جاتی ہے جو اس کو حق کی طرف رہنمائی کرے۔(۴) چوری یا فحش یا کفر کا علم حاصل کرنا ہدایت کے بعد گمراہ ہونے کی اور مالداری کے بعد فقیر ہونے یا مالداروں کے طریقے پر چلنے (العیاذ باللہ) کی علامت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## تجرد الانسان من ثیابہ (ننگا ہونا)

(۱) کسی نے خواب دیکھا گویا وہ بازار یا عام لوگوں کے سامنے ننگا ہو گیا ہے اور اسکی شرمگاہ ظاہر ہو گئی ہے اور کچھ کپڑا بھی موجود ہے اور لوگوں سے شرم محسوس کر رہا ہے اور یہ معلوم نہیں ہو رہا کہ ننگا ہونا کسی نیکی کیوجہ سے ہو رہا ہے یا کسی معصیت کی بنا پر ہے تو یہ صاحب خواب کے ہتک ستر کی دلیل ہے مگر کوئی خطرے کی بات نہیں۔ (۲) اگر خوابِ مذکور دیکھے مگر شرم گاہ کھلی ہو اور شرم کرنے پر مصر بھی نہ ہو اور تو تعبیر ہے کہ جس کام کو وہ ناپسند کر رہا ہے اس سے محفوظ ہو گا اگر صاحب خواب کسی مرض میں مبتلا ہو اس سے شفایاب ہو گا اگر مدیون ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے دین کی ادائیگی کے سبب مہیا کریں گے اگر خوف زدہ ہے تو خوف دور ہو گا اور اگر بدن پر کپڑا بالکل نہ ہو تو تعبیر یہ ہے کہ جس سے امید رکھتا ہے اس سے ناامید ہو گا۔ (۳) یہی حکمران کے لئے معزولی کی دلیل ہے یہ تمام تعبیریں اس صورت میں ہوں گی جب شرم گاہ ظاہر ہو اور اگر شرم گاہ مستور ہو تو تعبیر یہ ہو گی کہ صاحب خواب کی حالت دشمنوں کی شماتت سے محفوظ ہو گی۔ (۴) بعض علماء تعبیر کا کہنا ہے کہ ننگا ہونا ظلم پر دلالت کرتا ہے۔ (۵) خواب میں مردے کو ننگا کرنا مندرجہ ذیل امور کی علامت ہے جبر سے بیوی کو طلاق یا اس کے مال کے معاملے میں ظلم کرنا' سفر کرنا' گناہوں سے توبہ کرنا اور ہدایت یافتہ ہونا وغیرہ۔

## تمطی (انگڑائی لینا اور ناز سے چلنا)

(۱) خواب میں انگڑائی لینے کی تعبیر کام سے اکتا جانے اور کام میں سستی کرنے سے کی جاتی ہے۔ کسی نے خواب میں کسی شخص کو شکم سیر لوگوں کی طرح انگڑائی لیتے دیکھا تو یہ اس شخص کے باغی ہونے اور معاملات میں طول دینے والا ہونے کی نشانی ہے۔ (۲) خواب میں ناز سے چلنا یا انگڑائی لیتا ہوا چلنا کبر' فخر اور دین نہ ہونے کی علامت سمجھی جاتی ہے چنانچہ اللہ کا فرمان ہے ﴿فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى وَلٰكِنْ كَذَّبَ وَ تَوَلّٰى ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ يَتَمَطّٰى﴾ (۳) کبھی خواب میں انگڑائی لینا تھکاوٹ کے بعد آرام پر دلالت کرتا ہے اور اگر انگڑائی لینے والا مریض ہو تو اس کو ڈرنا چاہیے اگر تندرست ہے تو مرض میں مبتلا ہونے کی علامت ہے خاص طور پر اگر انگڑائی کے ساتھ جمائی بھی ہو۔

## تحویل الاشیاء (اشیاء کا اپنی شکل سے دوسری شکل میں تبدیل ہونا)

(۱) اشیاء کا اپنی صورت سے دوسری میں تبدیل ہونے مثلاً گرجے کا مسجد میں تبدیل ہونے یا خشک درخت کا پھل والا ہونے کی تعبیر ارباب مناصب میں تغیر وتبدل یا احوال عالم میں تبدیلی سے (یعنی خیر سے شر یا شر سے خیر کی طرف ہونے کی علامت ہے یہی تعبیر اعضاء میں تبدیلی اور اشخاص کی صورت میں تبدیلی سے بھی کیجاتی ہے۔ (۳) چنانچہ کسی جوان نے دیکھا وہ بوڑھا ہو گیا ہے تو اس کے دین کی درستگی اور عزت وشرف میں زیادتی پر دلیل ہے۔ (۴) خواب میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اپنے آپ کو بچہ بنتا ہوا دیکھنا کسی صورت بھی خیر کی علامت نہیں ہے بلکہ وبال اور جہالت کی علامت ہے۔(۵) کسی جوان عورت کا اپنے آپ کو بوڑھی دیکھنا دینی اور دنیاوی دونوں حالت کی درستگی کی دلیل ہے۔(۶) کسی بوڑھے کا خود کو جوان ہوتا دیکھنا فقیری سے مالداری کی طرف آنے' ضائع شدہ دولت کے ملنے اور بیماری سے تندرستی کی طرف آنے کی نشانی ہے۔(۷) کسی نے خواب دیکھا وہ بہترین خوبصورت شاخ میں تبدیل ہو گیا تو یہ اس کے جلد مرنے کی علامت ہے۔(۸) یہی درازی عمر اور مال واولاد نصیب ہونے کی بھی دلیل ہے۔(۹) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کے گھر کا صحن کوتاہ ہو گیا یا اس کی سواری کے جانور کوتاہ ہو گئے تو اس کو ملنے والے فوائد میں کمی آ گئی۔ اور اس کی موت کا وقت قریب آ گیا ہے۔(۱۰) اپنی خلقت میں نقصان دیکھنا دنیاوی نقصان کی دلیل ہے۔(۱۱) دیکھا کہ اس کی ہیئت اور زینت عورت کی ہیئت وزینت میں تبدیل ہو گئی ہے اور واپس اپنی سابقہ حالت کی طرف نہیں لوٹی تو یہ اس کی ذلت کی طرف اور اپنی جان کو نقصان پہنچے کی طرف اشارہ ہے اور اگر اپنی اصلی حالت کی طرف لوٹ جائے تو اس کی یہ تعبیر نہیں ہوتی۔(۱۲) کسی مرد نے خواب دیکھا کہ اس کا آلۂ تناسل عورت کے فرج کی طرح ہو گیا تو یہ ذلت میں مبتلا ہونے کی علامت ہے مگر بعض معبّرین کی رائے ہے کہ صاحب خواب کا اگر کسی سے جھگڑا ہے تو اس کی تعبیر صلح اور اپنے مقصد میں کامیابی کی علامت ہے۔(۱۳) کسی عورت نے دیکھا کہ اس کی پیشاب گاہ مرد کی پیشاب گاہ کی طرح بن گئی ہے یا اس کی داڑھی نکل آئی ہے تو تعبیر یہ ہے کہ اگر اس کا کوئی بیٹا غائب ہے تو اس سے ملاقات ہوگی اور اگر حاملہ ہو تو بچہ جنے گی اگر حاملہ نہیں ہے تو بانجھ ہو جائیگی اگر بچہ پیدا ہوا ہے تو بلوغ سے پہلے مر جائیگا۔ کبھی اس خواب کی تعبیر عورت کے سر پرست سے کی جاتی ہے کہ اس کی عزت وشرافت لوگوں میں مشہور ہو جائے گی۔(۱۴) کسی عورت نے دیکھا کہ وہ مرد کی طرح عورتوں سے جماع کر رہی ہے تو اس کی تعبیر بھی سر پرست ہے' کہ اس کو لوگوں میں اچھی شہرت نصیب ہو گی۔
(۱۵) کسی نے دیکھا کہ اس کی دم نکل آئی یا سینگ نکل آئے یا کھر وغیرہ پیدا ہو گئے یہ اچھائی کی علامت ہے اور خیر کی دلیل ہے اسی طرح چونچ نکل جانا اور سونڈ لگ جانا یا بدن میں اور کسی قسم کی زیادتی ہونا سب کی سب دنیاوی خیر کی علامت ہے۔
(۱۶) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کا بدن درندے کے بدن کی طرح ہوا تو تعبیر ہے کہ صاحب خواب اپنے مال یا حکم یا قوت وشر یا دھوکے وسازش کے ذریعے اپنے سے کم تر لوگوں پر مسلط ہوگا۔(۱۷) اگر اس کا بدن کسی کھائے جانے والے جانور کے بدن میں متبدل ہوا تو یہ خیر کی دلیل ہے یا اہانت کی علامت ہے۔(۱۸) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کے پر نکل آئے ہیں تو یہ صاحب خواب کو حکومت ملنے اور خیر نصیب ہونے کی دلیل ہے اور اگر خواب میں اس لگے ہوئے پر کے ساتھ اڑ رہا ہے تو تعبیر ہے کہ وہ اپنی سلطنت میں سفر کریگا۔(۱۹) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کا جسم ٹھیکری یا شیشے میں تبدیل ہوا تو یہ عدم بقا کی علامت ہے۔(۲۰) دیکھا کہ اس کا جسم لوہے کا بنا ہوا ہے تو یہ عمر کی درازی کی دلیل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے۔(۲۱) کسی نے دیکھا کہ وہ بڑا یا چھوٹا پل بن گیا ہے اور اس کے اوپر سے لوگ گذر رہے ہیں تو یہ بادشاہ بننے یا بادشاہ کے مصاحب بننے یا بادشاہ کی طرح قوت والا ہونے کی علامت ہے یا ایسے عالم بننے کی دلیل ہے جس کے پاس لوگ اپنے معاملات لیکر آئیں۔(۲۲) خواب میں خود کو لاٹھی بنا ہوا دیکھنا اچھا نہیں ہے اس لئے کہ صاحب خواب کے دین و دنیا میں فساد واقع ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۲۳) خواب میں خود کو لاٹھی بنا دیکھنا سخت ہونے اور اس سے کچھ حاصل ہونے کی علامت ہے۔(۲۴) کسی کا بچہ بیمار ہوا اور وہ خواب میں اس بچے کو پرندہ بنتے دیکھے تو یہ اس بچے کی موت کی دلیل ہے۔

(۲۵) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کی شکل مسخ ہو کر بندر یا اس جیسے کسی اور جانور کی شکل کی طرح ہوگئی تو یہ اللہ تعالیٰ کی نعمت چھن جانے کی طرف اشارہ ہے۔(۲۶) خواب میں خود کو اونٹ یا درندہ بنا دیکھنا خیر کی دلیل نہیں ہے۔(۲۷) کسی نے دیکھا کہ وہ پرندہ بن گیا ہے تو صاحب خواب کے کثرت اسفار کی اور پرندوں کی طرح زندگی گذارنے کی علامت ہے۔(۲۸) اپنے آپ کو کسی وحشی جانور کی شکل میں تبدیل ہوتا ہوا دیکھنا مسلمانوں کی جماعت سے نکلنے اور ان سے جدا ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۲۹) کسی نے دیکھا کہ وہ ہرن بن گیا تو یہ عورتوں اور بچوں سے لطف اندوز ہونے کی دلیل ہے۔(۳۰) کسی نے دیکھا کہ وہ نیل گائے بن گیا تو تعبیر ہے کہ صاحب خواب عورتوں سے لذت حاصل کریگا۔

## تنور (چونا لگانا)

(۱) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ حمام میں اپنے بدن پر چونا لگا کر نہار رہا ہے۔تو تعبیر ہے کہ اس کو قرض سے نجات ملے گی اگر حالت غم میں ہے تو غم دور ہوگا۔اگر خوف زدہ ہے تو اس سے نجات پائیگا۔اگر مریض ہے تو صحت یاب ہوگا' اور اگر صاحب خواب غلام ہے تو اسے آزادی ملیگی۔اگر حج نہیں کیا تو حج نصیب ہوگا اگر غنی ہے تو فقیر ہوگا۔یہ تمام تعبیریں اس صورت میں ہیں جب چونا اس کے بالوں کو صاف کردے۔اگر بدن کے بال نہ مٹے تو یہ ایسے غم کی علامت ہے جو جلد ختم ہو جائیگا۔(۲) اگر چہرے کے علاوہ سارے بدن پر چونا مل لیا تو تعبیر ہے کہ صاحب خواب کا انتقال ہو جائیگا۔(۳) اگر بیداری میں بال نہ ہوں اور وہ خواب میں چونا لگا کر زیر ناف بالوں کے علاوہ بالوں کو صاف کرے تو تعبیر یہ ہے کہ اس کا انتقال ہوگا' مال ختم ہوگا اور اس کی عورتیں باقی رہیں گی۔(۴) خواب دیکھا کہ وہ کسی دوسرے آدمی کے بدن میں چونا مل رہا ہے تو اشارہ ہے کہ اس کو اپنے شر سے ہلاک کریگا' اور ان کے مال کو ختم کریگا۔(۵) اگر زیرِ ناف بالوں پر چونا لگایا اور بال صاف ہوگئے تو کشادگی کی دلیل ہے اور اگر بال صاف نہ ہوئے تو زیادت حزن اور قرا ضدار ہونے کی علامت ہے۔(۶) خواب میں بعض بالوں کا ختم ہونا اور بعض کا باقی رہنا بعض غم کے دور ہونے اور بعض کے باقی رہنے کی طرف اشارہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## تھاون (اہانت کرنا)

(۱) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کے ساتھ متہاونین جیسا سلوک کیا جاتا ہے' تو تعبیر ہے کہ اُن کے ساتھ بھی وہی معاملہ ہوگا جوان کے ساتھ ہو رہا ہے۔ (۲) کسی نے دیکھا کہ اس نے کسی مؤمن کے ساتھ اہانت کا معاملہ کیا' تو تعبیر ہے کہ اس کے دین میں خلل واقع ہوگا' اور جس شخص سے توقعات وابستہ کی ہیں اس سے ناامید ہوگا۔ اور ذلت کا سامنا کریگا۔ خواب دیکھا کہ کوئی نامعلوم نوجوان اس کے ساتھ توہین کا معاملہ کر رہا ہے تو یہ دشمن کے غالب آنے کی طرف اشارہ ہے اور اگر اہانت کرنے والا نامعلوم شخص بوڑھا ہو تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب محتاج ہوگا۔

## تشبہ المرأۃ بالرجال فی المنام (عورتوں کا مردوں کی مشابہت اختیار کرنا)

(۱) کسی عورت نے خواب دیکھا کہ اس نے مردوں کا لباس پہنا ہوا ہے اور ان کی ہیئت اختیار کی ہوئی ہے اگر کپڑوں کی حالت قدرے بہتر ہو اس کی حالت کی بہتری کی دلیل ہے۔ (۲) اگر لپیٹے ہوئے کپڑے بدنما ہوں تو یہ غم کے ساتھ حالت کے متغیر ہونے کی علامت ہے۔ (۳) کسی عورت نے دیکھا گویا وہ مرد بن گئی تو یہ اس کے شوہر کے درستگی کی طرف مشیر ہے۔ (۴) خواب میں یہود و نصارٰی کے ساتھ مشابہت اختیار کرنا یا ان کی عادات اختیار کرنے والوں کے مشابہ ہونا ان کی خواہشات کی طرف مائل ہونے یا ان کے دین کی طرف مائل ہونے یا ان کے ساتھ مناکحت کرنے' یا ان کی عید میں خوشی محسوس کرنے کی دلیل ہے۔

## تخنث (خنثٰی بننا)

کسی نے خواب دیکھا کہ وہ خنثٰی (ہجڑا) بن گیا تو یہ خواب خوف' غم اور مصیبت میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔

## تردی (اوپر سے نیچے گرنا)

(۱) خواب میں اوپر سے نیچے گرنا مندرجہ ذیل اشیاء پر دلالت کرتا ہے۔ احوال خیر سے احوال شر کی طرف منتقل ہونا یا ایک بیوی سے دوسری بیوی کی طرف یا ایک صنعت سے دوسری صنعت کی طرف یا ایک شہر سے دوسرے شہر کی طرف یا ایک مذہب سے دوسرے مذہب کی طرف منتقل ہونا ان سب میں انجام بہتر ہوگا۔ (۲) خواب میں جن کے پاس اترا ہے اگر وہ صلحاء ہوں' یا وہاں عمدہ غذائیں ہوں تو یہ صاحب خواب کے حسن حال کی دلیل ہے۔ (۳) اگر دیکھا کہ وہ کسی خراب مکان میں یا حیوان کے سر کے پاس گرا ہے تو یہ صاحب خواب کے سوءِ عاقبت کی علامت ہے۔ کبھی یہی خواب صاحبِ خواب کے بخل کی علامت شمار ہوتا ہے جیسا کہ قرآن میں فرمایا گیا ﴿وَمَا يُغْنِي عَنْهُ مَالُهُ إِذَا تَرَدَّى﴾ (اللیل)
''اور کام نہ آئے گا اس کے' مال اس کا جب گڑھے میں گریگا۔

(۴) کسی نے دیکھا کہ وہ گھر کی چھت سے گرا' اور اس کا ہاتھ یا پیر ٹوٹ گیا' تو دلیل ہے کہ مالی یا جانی مصیبت میں مبتلا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوگا یا اس کا دوست اس آزمائش کا شکار ہوگا۔ یا یہ بادشاہ کی طرف سے تکلیف پہنچنے کی علامت ہے۔

## تلف (ضائع کرنا)

(۱) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے کسی اچھی چیز کو تلف کیا ہے تو دلیل یہ ہے کہ وہ اگر کسی خیر پر ہے تو اس میں فساد کریگا یا بدعہدی کریگا۔ یا اپنا مذہب چھوڑ کر غیر مذہب اختیار کریگا۔ یا کسی کنواری عورت سے نکاح کریگا لیکن اس کے ساتھ صحیح طرح جماع نہیں کر سکے گا۔ اگر ضائع کی ہوئی چیز پر سونے یا چاندی وغیرہ کا پانی چڑھا ہوا ہو تو تعبیر ہے کہ صاحب خواب کسی رنگ ریز کے بارے میں بری باتیں کریگا۔ کبھی تلف کرنا بغض وکینہ پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## تربص (ٹھہرنا)

خواب میں کسی جگہ علم واجتہاد کے لئے ٹھہرنا زیادتی علم کی علامت ہے کبھی یہ دینی خرابی پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## تحدّث (بات چیت کرنا)

(۱) خفیہ باتوں کا خواب میں تذکرہ کرنا فضول خرچی کرنے کی علامت ہے یا اس کی تعبیر غیر اہل کو علم وحکمت سکھانے سے کی جاتی ہے۔ (۲) خواب میں اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا تذکرہ کرنا اللہ تعالیٰ کے شکر بجالانے کی دلیل ہے۔

## تواصل (ایک دوسرے سے ملنا)

(۱) خواب ایک دوسرے سے ملنا آپس میں صلہ رحمی کی علامت ہے اور صومِ وصال کی طرف بھی اشارہ ہے۔ (۲) خواب میں علماء وصلحاء سے ملنا' حفظِ عورت' ایفائے عہد اور حکمرانوں سے تقرب کی علامت ہے۔ (۳) خواب میں اہل بدعت یا ذمی کافروں سے ملنا صاحب خواب کے فسادِ دین اور اوقات کو لہولعب میں ضائع کرنے کی دلیل ہے۔

## تہاجر (ایک دوسرے سے دوری)

(۱) تہاجر تعبیر میں تواصل کی ضد ہے کبھی اس کی تعبیر شکست سے کی جاتی ہے اور بوقتِ ملاقات ایک دوسرے سے منہ پھیرنا دبر کے مرض پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) کبھی اس کی تعبیر سابقہ برائی کی طرف دوبارہ لوٹنے سے کی جاتی ہے۔ (۳) کبھی اس کی دلالت گناہ اور اللہ تعالیٰ کی ناراضگی پر بھی ہوتی ہے۔ (۴) اگر دیکھے کہ خواب میں منہ پھیر کر دوسری قوم کی طرف گیا اور ان کو لڑنے پر ابھارا تو یہ دلیل ہے کہ صاحب خواب لوگوں کے درمیان چغلیاں کرتا پھریگا۔

## تدبیر الامور (تدبیر/معاملہ)

خواب میں امور میں تدبر علومرتبہ کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## تدبیر العبد (غلام کو مدبر بنانا)

خواب میں غلام کو مدبر بنانا' صاحب خواب کے لئے کشادگی اور قرض سے خلاصی کی دلیل ہے۔

## تعارج الانسان (لنگڑا کر چلنا)

خواب میں لنگڑا کر چلنا مندرجہ ذیل امور پر دلالت کرتا ہے۔(۱) اللہ تعالیٰ کی نعمتوں پر عیب لگانا اوران کو چھپانا (۲) اظہار محتاجی کرنا (۳) حیلہ کرنا (۴) اہل وعیال' اولاد' ازواج کو چھوڑنا (۴) یہی تعبیر خواب میں نابینا بننے اور فالج زدہ ہونے کی بھی ہے۔

## تفلیس (مفلس ہونا)

(۱) خواب میں مفلس ہونا صاحب خواب کے دینی دنیاوی اعتبار سے نقصان میں واقع ہونے کی دلیل ہے' اس لئے کہ تفلیس ماخوذ ہے فلوس سے جو اخس الاموال ہے۔(۲) خواب میں مفلس ہونے والا اگر مریض ہو تو یہ اس کے مرنے کی اور مال کے ختم ہونے کی دلیل ہے یا اچھی صنعت سے کمتر پیشے کی طرف منتقل ہونے یا ایک شہر سے دوسرے شہر کی طرف انتقال کر جانے کی یہ دلیل ہے۔

## تذثر الانسان بثوب (کپڑا اوڑھنا)

خواب میں کپڑا اوڑھنا طلب رزق وخوشی کی علامت ہے اور مقام بلند کے حصول کی بھی دلیل ہے۔

## تبخر الانسان (دھونی دینا)

(۱) خواب میں دھونی دینا لوگوں کے ساتھ حسن معاشرت کی دلیل ہے دھونی دینے کا آلہ ایسے ادیب غلام پر دلالت کرتا ہے جس سے اچھی شہرت حاصل ہوتی ہے۔(۲) اور خوشبو کی تعبیر اچھی تعبیر سے بھی کی جاتی ہے (۳) بعض علماءِ تعبیؒر کی رائے ہے کہ دھونی یا خوشبو مریض کے لئے دلیلِ موت ہے۔(۳) خوشبو کی دھونی دینا پر خطر شہرت کی علامت ہے (۴) عنبر شریف آدمی کی طرف سے مال ملنے پر دلالت کرتا ہے۔(۵) مشک اور ہر کالے رنگ کی خوشبو مثلاً' لونگ وغیرہ دیکھنا اور جادو کرا دینا بھی اچھی تعریف کی علامت ہے۔دھونی دینا مندرجہ ذیل چیزوں پر بھی دلالت کرتا ہے' حصولِ منفعت' شہرت کے ساتھ خوش عیشی' فقیر کے لئے امیری' علم' دینداری' علانیہ صدقہ دینا' خصم کے ساتھ صلح کرنا' پہلوانوں کی خدمت' راز فاش کرنا' اظہار مافی الضمیر' لوگوں سے چاپلوسی اور تحبب کا معاملہ کرنا' خواب میں شیر کے منہ کی بو سونگنا مندرجہ ذیل امور کی علامت ہے دشمنوں کو ذلیل کرنا' حاسدین کے مقابلہ میں کامیابی' خوف سے نجات' بیماری سے چھٹکارا' سحر کے باطل ہونے' حصولِ رزق وغیرہ' خوشبودار تیل ملنا اچھی شہرت کی نشانی ہے اور بدبودار تیل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لگانا بدنامی کی علامت ہے۔ مشقت کرنے والوں کے لئے خواب میں تیل لگانا دلیل راحت ہے اور علامتِ تجدید رزق اور زیادتی طاقت کی دلیل ہے۔

## تمریخ (بدن کو تیل لگانا)

اس کی تعبیر اچھی شہرت ہے۔ اور اچھا اور خوشبودار تیل بدن پر ملنا اچھی شہرت اور بدبودار تیل لگانا بری شہرت کی علامت ہے اور محنت و مشقت کرنے والے لوگوں مثلاً (محنت و مزدوری کرنے والے) کے لئے راحت، نئے رزق ملنے اور حماقت میں اضافے کی دلیل ہے۔

## تمتمة (تو تلا کر بولنا)

کسی نے خواب دیکھا کہ وہ تو تلا کر بول رہا ہے تو دلیل ہے اس کو دین کا فہم یا زبان کی فصاحت نصیب ہوگی یا دلیل ہے کہ حکومت ملے گی اور دشمنوں پر غلبہ حاصل ہوگا۔

## تخمة (بدہضمی)

کسی نے دیکھا کہ اس کا ہاضمہ خراب ہے تو دلیل ہے وہ سود کھائے گا، اگر کھانا ہضم ہو گیا تو معاملات کو حل کرنے کی کوشش میں حرص کریگا۔

## تنفس الصعداء (لمبا سانس لینا)

کسی نے دیکھا کہ کوئی آدمی لمبا سانس لے رہا ہے تو تعبیر ہے کہ وہ ایسا عمل کریگا جس کی ابتداء غم سے ہوگی۔ خواب میں کسی بچے کو لمبا سانس لیتے ہوئے دیکھے تو تعبیر ہے کہ وہ ایسا عمل کریگا کہ جس سے غم و حزن ہوگا۔

## تبسم (بغیر آواز کے ہنسنا)

خواب میں بغیر آواز کے ہنسنا سرور و خوشی اور متبع سنت ہونے کی دلیل ہے، اس لئے کہ آپ ﷺ کا ہنسنا تبسم کی صورت میں ہوتا تھا۔

## تاویل (تفسیر و تشریح کرنا)

خواب میں کسی بات کی تفسیر کرنا جھوٹے آدمی کی زبان سے خبر سننے کی علامت ہے اور کسی صادق آدمی کی تفسیر کرنے کی تعبیر اس تفسیر کے مطابق ہونے سے کی جاتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## تلبیہ (تلبیہ پڑھنا)

خواب میں تلبیہ پڑھنا اربابِ حکومت کے پاس شکایت لے جانے پر دلالت کرتا ہے' کبھی آنے والی خبر کے جواب دینے پر دلالت کرتا ہے۔ کسی نے زمانہ حج میں خواب دیکھا کہ وہ تلبیہ پڑھ رہا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب اپنے دشمنوں پر غلبہ و کامیابی حاصل کریگا۔ کبھی تلبیہ پڑھنا صاحب خواب کے امانت اور دیانت دار ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔

## تسری (باندی خریدنا)

(۱) خواب میں باندھی خریدنا سرور و فرحت پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) کبھی یہ محتاجی کے بعد مالداری پر اور ذلت کے بعد عزت والے پیشہ' منصب وغیرہ پر دلالت کرتا ہے (۳) اگر صاحب خیر سفر کا اہل ہو تو سفر کریگا مگر اس کو اس سفر میں مشکل پیش آئے گی۔ (۴) کبھی نکاح کرنا اور باندی وغیرہ خریدنا قسم کھانے پر دلالت کرتا ہے۔

## تثاؤب (جمائی لینا)

(۱) خواب میں جمائی لینا منافق قسم کے آدمی کے لئے ایسے عمل کی طرف اشارہ ہے جس سے شیطان خوش ہو مثلاً نوحہ کرنا' نماز میں سستی کرنا (۲) کبھی خواب میں جمائی لینا اپنے مدِ مقابل پر حملہ اور کبھی ثواب پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ نماز میں جمائی آجائے تو روکنے کا حکم ہے تاکہ شیطان اندر داخل نہ ہو۔ کبھی اس کی تعبیر ایسے مرض سے بھی کی جاتی ہے جس سے صحت یابی نہ ہو۔

## تیمّم

(۱) خواب میں تیمّم کرنا کشادگی کے قریب ہونے کی دلیل ہے۔ (۲) کسی نے دیکھا کہ وہ نماز کے لئے یا جنابت سے پاکی کی غرض سے تیمّم کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ کشادگی اس کے قریب آگئی ہے (۳) کبھی خواب میں تیمم کرنا سفر پر دلالت کرتا ہے یا ایسے مرض کی علامت ہوتا ہے جس میں تیمّم کی حاجت ہو۔ (۴) مسافر کا خواب میں تیمم کرنا بیداری میں عدم دستیابی آب کی دلیل ہے (۵) خواب میں ریت یا ایسے چیز سے تیمّم کرنا جو ہاتھ کے ساتھ نہیں لگتی ہے سفر کے مشکل ہونے اور رخصتوں پر عمل کرنے اور خواہشاتِ نفس کی پیروی کرنے کی علامت ہے۔ (۶) خواب میں تیمم کرنا کبھی امیری کے بعد فقیری پر اور کبھی تندرست آدمی کے بیمار ہونے پر اور کبھی بیمار کے صحت یاب ہونے پر دلالت کرتا ہے (۷) خواب میں پانی موجود ہوتے ہوئے تیمّم کرنا اعمال باطلہ کے مرتکب ہونے کی علامت ہے۔ (۸) خواب میں عدم دستیابی آب کی وجہ سے تیمّم کرنا خوشحالی قریب ہونے کی علامت ہے اور پانی کی موجودگی میں تیمّم کرنے میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پانچ اقوال ہیں۔ (الف) آزاد عورت کے ساتھ نکاح کی طاقت رکھتے ہوئے باندی کو ترجیح دینا (ب) خشکی کے سفر کو بحری سفر پر ترجیح دینا (ج) گناہوں پر اصرار کرنے کے باوجود طالب مغفرت ہونا (د) دنیا کو آخرت پر ترجیح دینے والا ہونا (ف) اپنے دین کو کھیل بنانا اور رخصتوں پر عمل کرنا بعض نے کہا یہ صاحب خواب کے مرض سے نجات پانے کی دلیل ہے۔

## تنور (تندور)

(۱) کسی نے دیکھا کہ وہ تندور میں آگ جلا رہا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب اپنے مال سے نفع پائے گا اور اپنے نفس سے منفعت حاصل کریگا۔ (۲) کسی نے بادشاہ کے گھر تنور لگا دیکھا یا خود بادشاہ نے دیکھا اگر بادشاہ کو کوئی امرِ مشکل پیش آیا ہو تو تعبیر یہ ہے کہ مشکل حل ہو جائیگی۔ اور اس سے نکلنے کے راستے کھل جائیں گے اور اگر بادشاہ کا کوئی دشمن ہو تو اس پر غلبہ حاصل ہوگا (۳) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ تنور بنا رہا ہے اور وہ حکمرانی کا بھی اہل ہے تو تعبیر یہ ہے کہ اس کو ولایت وحکمرانی نصیب ہوگی اور اپنے دشمنوں سے نجات پائے گا (۴) کسی کو بغیر راکھ کے تنور مل جائے تو دلیل ہے کہ ایسی عورت سے نکاح کریگا جس میں کوئی خیر نہ ہو۔ تنور کی مختلف قسمیں ہیں، ہر قسم کی تعبیر الگ ہے چنانچہ بُننے کا تنور قید خانے پر دلالت کرتا ہے، اور مشکلات میں مبتلا شخص کے لئے مشکلات کے حل ہونے اور دل کے خوش ہونے کی دلیل ہے، اور تکے کے تنور کی دلالت ایسے عالم پر ہوتی ہے، جن کے پاس بہت سارے حل طلب مسائل آتے ہوں اور وہ ان کا ایسا تسلی بخش جواب دیتے ہوں جس پر خود بھی مطمئن ہوتے ہوں، سردی میں تنور گرمی لباس، راحت اور فوائد حاصل کرنے کی دلیل ہے، اور موسم گرما میں اس کی دلالت گرمی کی بیماریوں، خون کے جوش مارنے غم اور تکلیف پر ہوتی ہے، اور کبھی اس کی دلالت ہمیشہ بیمار رہنے والے معدے پر بھی ہوتی ہے۔

## تراب (مٹی)

(۱) مٹی کی تعبیر لوگ ہیں اس لئے کہ تمام لوگوں کی پیدائش مٹی سے ہے اور کبھی اس کی دلالت چوپایوں پر ہوتی ہے اور کبھی دنیا اور اہل دنیا کی علامت ہوتی ہے اس لئے کہ مٹی اجزاء زمین میں سے ہے اور زمین کے ساتھ ان سب کے معاش کا تعلق ہے۔ اہل عرب مالدار کو کہتے ہیں اترب الرجل (۲) اور کبھی مٹی کی تعبیر فقر، میت اور قبر ہوتی ہے (۳) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ زمین کھود رہا ہے یا اس سے مٹی نکال رہا ہے اور صاحب خواب مریض بھی ہے یا اس کے ہاں کوئی اور بیمار ہے تو یہ اس کی قبر کی طرف اشارہ ہے (۴) اگر مسافر شخص مذکورہ خواب دیکھے تو کھودنا اس کے سفر اور مٹی اس سفر میں مالی منفعت کی علامت ہے اس لئے کہ زمین پر کدال مارنا سفر کی دلیل ہے (۵) اگر صاحب خواب طالب نکاح ہو تو زمین کی تعبیر عورت ہے اور کھودنا اس کی بکارت ہے اور مٹی دال ہے عورت کے مال پر۔ (۶) صاحب خواب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اگر شکاری ہے تو کھودنے کی تعبیر شکار کے لئے چھپنے سے اور مٹی کی تعبیر شکار سے کی جاتی ہے۔(۷) خواب میں مٹی سے ہاتھ جھاڑنا یا کپڑا پھاڑنا غنی کے لئے ذہاب مال اور ذلت وضرورت مند ہونے کی دلیل ہے(۸) اگر یہی خواب کوئی مقروض شخص یا وہ شخص جس کے پاس کسی کی امانت رکھی ہوئی ہے دیکھے تو وہ اس قرض یا امانت کو واپس کریگا۔ اور اس کے ہاتھ سے تمام مال ختم ہوجائیگا اور اس کے بعد محتاجی اس کو دامن گیر ہو جائیگی ۔(۹) اگر کوئی مریض مذکورہ خواب دیکھے تو تعبیر ہے کہ مکاسب دنیا سے ہاتھ دھو بیٹھے گا اور اپنے مال سے خالی ہوگا کہ مٹی میں مل جائیگا(۱۰) خواب میں مٹی پر ہاتھ مارنا مضاربت ومکاسب کی دلیل ہے اور لاٹھی سے مٹی پر مارنا سفر بخیر کی علامت ہے(۱۱) بعض علماء تعبیر نے کہا ہے کہ مٹی پر چلنا تلاشِ مال کی دلیل ہے(۱۲) اگر خواب میں مٹی جمع کی یا اس کو کھایا تو تعبیر ہے کہ صاحب خواب مال جمع کریگا اور اپنے ہاتھوں خرچ کریگا اگر زمین کسی اور کی ہے تو ہاتھ کا مال کسی اور کا ہے(۱۳) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کچھ مٹی اٹھا رہا ہے تو دلیل ہے کہ بقدر مٹی منفعت حاصل کریگا۔ (۱۴) کسی نے دیکھا کہ وہ اپنے گھر میں جھاڑو دے رہا ہے اور اس سے مٹی جمع کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب سازش کریگا اور اپنی بیوی سے مال حاصل کریگا(۱۵) کسی نے خواب میں اپنے مکان سے مٹی جمع کی تو تعبیر ہے کہ صاحب خواب مال جمع کریگا۔

(۱۶) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے اپنی دکان کی چھت پر جھاڑو دیکر مٹی باہر نکالی تو یہ اس کی بیوی کے مال ختم ہونے کی دلیل ہے(۱۷) آسمان سے مٹی کی بارش ہونا خیر کی علامت ہے اگر زیادہ نہ ہو(۱۸) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کا گھر منہدم ہوا اور اس کی مٹی یا غبار وغیرہ سے کچھ اس کو لگا تو دلیل ہے صاحب خواب کو میراث کا مال ملیگا(۱۹) اگر صاحب خواب نے مٹی کو اپنے سر پر رکھ لیا تو خطرہ ہے ذلت کے ساتھ مال ملیگا(۲۰) کسی نے دیکھا کہ کوئی آدمی اس کے سر یا آنکھوں پر مٹی ڈال رہا ہے تو دلیل ہے کسی معاملہ کو مشتبہ کرنے کے لئے کہ صاحب خواب پر وہ شخص مال خرچ کریگا۔(۲۱) خواب میں مٹی کی کثیر بارش دیکھنا دلیل عذاب ہے(۲۲) کسی نے خواب میں دیکھا کہ اپنی دکان میں سے مٹی اور کچھ چیزیں کپڑے وغیرہ باہر نکالے تو دلیل ہے کہ وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوگا(۲۳) خواب میں اپنے آپ کو مٹی پر چلتا ہوا دیکھنا تلاش مال کی دلیل ہے۔

کسی نے دیکھا کہ وہ خود اپنے سر پر مٹی ڈال رہا ہے تو دلیل ہے صاحب خواب کو کوئی ایسا غم لاحق ہوگا جس میں وہ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع نہیں کریگا کبھی مٹی کی تعبیر انسان کی عمر اس کی زندگی، رزق، زراعت، شکم سیری اور بھوک سے بھی کی جاتی ہے، کسی نے خواب دیکھا کہ وہ پاک وصاف وطیب مٹی پر بیٹھا ہوا ہے تو سعادت ونصرت کی دلیل ہے، کبھی مٹی کی تعبیر صاحب خواب کے دین میں شک کی دلیل ہے اور مٹی دیکھنا اس مٹی کی طرف اشارہ ہے جس سے اس کی پیدائش ہے یا جس کی طرف اس کو لوٹنا ہے کبھی مٹی کی تعبیر پانی، آگ، ہوا وغیرہ سے بھی ہوتی ہے اس لئے کہ مٹی عناصر اربعہ میں سے ایک ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## تابوت (تابوت)

(۱) کسی نے خواب میں اپنے آپ کو تابوت میں دیکھا تو یہ حکومت ملنے کی دلیل ہے (۲) بعض علماء تعبیر کا کہنا ہے اس خواب کی تعبیر یہ ہے کہ وہ اپنے دشمن سے خائف و عاجز ہوگا (۳) بعض نے کہا یہ خواب شر میں مبتلا ہونے کے بعد نجات پانے کی علامت ہے (۴) اگر کسی کا کوئی رشتہ دار غائب ہو اور وہ مذکورہ خواب دیکھے تو یہ اس کے واپس آنے کی علامت ہے' کسی نے دیکھا کہ وہ کسی تابوت کے اوپر ہے تو دلیل ہے کہ وہ کسی خصومت میں مبتلا ہے جس میں اس کو کامیابی حاصل ہوگی اور اس کا مقصد پورا ہوگا کسی نے دیکھا کہ اس کو کسی کی طرف سے تابوت ملا ہے تو دلیل ہے صاحب خواب کو علم' حکمت' سکون اور وقار عطا کیا جائیگا (۷) کبھی تابوت دیکھنے کی تعبیر' غم' تکلیف سے کی جاتی ہے' کبھی یہ خواب محل سفر پر دلالت کرتا ہے (۸) تابوت الطحان دیکھنا ایسے حکمران کی دلیل ہے جو حق و باطل کے درمیان فیصلہ کرے' اور اس کی رؤیت دلیل ہدایت بھی ہوتی ہے۔

## تخت (پلنگ)

خواب میں پلنگ دیکھنا' زوجہ' سواری' اور منصب پر دلالت کرتا ہے

## تل (تودہ خاک' ٹیلہ)

(۱) تودہ خاک کی تعبیر خطرناک آدمی سے اور اس کے آس پاس عمارت کی تعبیر اس کے اہل سے کی جاتی ہے (۲) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ ایک ہموار زمین دیکھ رہا ہے اور اس میں کچھ حصہ ابھرا ہوا ہے' تو تعبیر ہے کہ تودہ آدمی اور آس پاس کی زمین اس کی دنیاوی وسعت ہے (۳) اگر صاحب خواب اپنے آس پاس گھاس وغیرہ دیکھے تو اس کی تعبیر اس کی قوت یا اس کا دین یا اس کا حسن عاملہ ہے (۴) کسی نے دیکھا کہ وہ کسی ٹیلہ یا ابھری ہوئی مٹی پر کھڑا ہے اور اس کے ساتھ چپک گیا ہے تو تعبیر یہ ہے اس کا مرتبہ بلند ہوگا' یا تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب کسی ایسے آدمی پر بھروسہ کریگا جس کی یہ صفت ہے اور بقدر اس مٹی کے اس کے اعتماد کے مطابق عمل کریگا (۵) کبھی اس خواب کی تعبیر عمارت سے اور اس کی چھت پر کھڑے ہونے سے کی جاتی ہے (۶) کسی نے اپنے آپ کو کسی ٹیلے پر چلتے ہوئے دیکھا تو تعبیر ہے کہ وہ نجات پائے گا۔ (۷) کسی نے دیکھا کہ وہ کسی بلند مکان کے اوپر ہے تو تعبیر یہ ہے کہ وہ رفعت بلندی اور حکومت پائے گا۔ اور اس کے مال میں اضافہ ہوگا اور عزت و جاہ نصیب ہوگی۔ (۹) کسی نے دیکھا کہ وہ اونچے مکان سے نیچے اتر رہا ہے تو وہ غم' ذلت و رسوائی سے ہمکنار ہوگا۔ (۱۰) زمین کی دلالت انسان پر بھی ہوتی ہے اس لئے کہ انسان کی پیدائش مٹی سے ہے اور جب زمین انسان پر دلالت کرتی ہے تو زمین کا ہر ٹیلہ یا ابھرا ہوا حصہ' اور فراز وغیرہ یا علم کی زیادتی یا مال میں افزونی یا حکومت و ریاست پر دلالت کی وجہ سے شہرت پانے کی دلیل ہے۔ (۱۱) کبھی ٹیلوں کی تعبیر امکن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شریفہ مراتب عالیہ مراکب حسنہ سے کی جاتی ہے۔
(۱۲) اگر کوئی انسان مذکورہ اشیاء (ابھری ہوئی زمین یا ٹیلہ وغیرہ) کے اوپر خود کو دیکھے تو یہ اس کی نعش کی طرف اشارہ ہے خاص کر اس صورت میں کہ لوگ اس کے نیچے ہوں اور اگر صاحب خواب مریض نہ ہو اور شادی کا خواہشمند ہو تو تعبیر ہے کہ وہ کسی ایسی شریف، بلند مرتبہ والی عورت سے نکاح کریگا جو بمقدار ٹیلہ و مٹی کے مالی وسعت رکھتی ہو یعنی جتنی مٹی اس کے نیچے ہے اس کے مقدار مال اس کے پاس ہوگا۔ (۱۳) کسی نے دیکھا کہ وہ کسی ٹیلہ یا کسی اونچی جگہ پر کھڑا یا بیٹھ کر لوگوں کو خطاب کر رہا ہے یا اذان دے رہا ہے تو دلیل ہے کہ اگر وہ حکمران بننے کا اہل ہے تو حکمران بنے گا یا قاضی بنے گا یا مسند افتاء پر فائز ہوگا یا اذان و خطابت کا منصب پائے گا۔ یا پھر وسیع شہرت حاصل کریگا اس لئے کہ یہ جگہ معزز لوگوں کے لئے ہے (۱۴) کسی نے دیکھا کہ وہ گوبر کے ابھرے ہوئے ڈھیر کے اوپر کھڑا ہے تو تعبیر دنیا ہے جس میں مختلف چیزیں موجود ہیں۔ (۱۵) کبھی یہ خواب بیوی یا باندی پر بھی دلالت کرتا ہے (۱۶) اگر ٹیلہ گوبر وغیرہ کا نہ ہو بلکہ کسی اور چیز کا ہو یا غیر معلوم چیز کا ٹیلہ ہے تو علوشان بلا تعب کی دلیل ہے۔

## تبن ( بھس )

(۱) خواب میں بھس دیکھنے کی تعبیر مال کثیر اور خوشحالی ہے۔

**حکایت:**

ایک مرتبہ حضرت امام ابن سیرینؒ نے بھس کی طرف دیکھ کر فرمایا کہ اگر یہ خواب میں دیکھتا، بعض نے کہا کہ انہوں فرمایا جو شخص خواب میں بھس دیکھے تو اس کو چاہیے اپنے بٹوئے کی حفاظت کرے یعنی اس کی تعبیر مال ہے اور اس کا اثر اس کی زندگی پر ظاہر ہوگا۔ (۱) کسی نے اپنے پاس بھس رکھا ہوا دیکھا تو دلیل ہے کہ رزق پائے گا، کسی نے خواب میں خود کو بھس کھاتے ہوئے دیکھا تو دلیل اس کی قیمت میں سے کھائے گا، یا وہ شدت و قحط میں مبتلا ہوگا (۲) کسی نے دیکھا کہ وہ بھس کو کسی نامناسب جگہ میں رکھ رہا ہے مثلاً صندوق، خزانہ وغیرہ میں تو یہ قحط سالی اور ایسے جانور کے مرنے کی علامت ہے جس سے اس کو خوراک ملتی ہے۔ (۳) بھس کی تعبیر صدقات کے اموال سے بھی کی جاتی ہے کہ اس لئے کہ یہ فضلاتِ اموال میں سے ہے (۴) بھس کی کثرت کثرتِ نباتات پر دلالت کرتی ہے (۶) بھس کی تعبیر فصل مزروعہ سے بھی کی جاتی ہے۔

## تبر (سونا/ چاندی کا ڈھلہ)

خواب میں تبر دیکھنا علمِ نافع، سچے دوست، موافق بیوی اور ولد صالح کی علامت ہے، یہی تعبیر خالص کیمیا دیکھنے کی بھی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## تاج

(۱) خواب میں تاج دیکھنا علم' قرآن' اور بادشاہت پر دلالت کرتا ہے (۲) کبھی تاج دیکھنا' ولد' نئے شہر اور دشمنوں کی ذلت پر دلالت کرتا ہے (۳) اگر عورت خواب میں اپنے کو تاج پہنے دیکھے تو تعبیر ہے کہ وہ کسی صاحب قوت بلند مرتبہ والے غنی و مالدار مرد سے نکاح کریگی۔ (۴) اگر حاملہ عورت یہ خواب دیکھے تو اولاد نرینہ پیدا ہونے کی طرف اشارہ ہے (۵) اگر تاج میں کوئی چیز اس کے اصلاح کے لئے داخل کرے تو یہ اس کے دین کی سلامتی کی علامت ہے۔

(۶) تاج دیکھنے یا پہننے کی تعبیر مالدار بلند قدر و مرتبہ والی بیوی ہوتی ہے۔ (۷) اگر کوئی قیدی خواب میں خود کو تاج پہنے ہوئے دیکھے تو قید سے خلاصی قریب آنیکی دلیل ہے (۸) اسکا معاملہ حضرت یوسف علیہ السلام کے معاملے کی طرح بادشاہ کے سامنے آئیگا لیکن اگر یہی خواب ایسا شخص دیکھے جس کا بیٹا گھر سے غائب ہے تو دلیل ہے کہ اس سے ملاقات سے پہلے نہیں مریگا وہی اس کا تاج ہوگا۔ (۹) جواہرات سے مرصع تاج کی تعبیر صرف سونے کے تاج سے عمدہ ہے۔

(۱۰) تاج بادشاہ عجمی کی دلیل ہے (۱۱) اگر کوئی بے شوہر عورت جواہر سے مرصع تاج اپنے سر پر دیکھے تو دلیل ہے وہ ایک مالدار صاحب جاہ وجلال مگر قدرے مریض شوہر سے نکاح کریگی (۱۲) اگر خالص سونے کا تاج پہنے دیکھے تو ایسے بوڑھے شوہر کی دلیل ہے جس کی میراث اس کو ملیگی (۱۳) اگر مذکورہ خواب کوئی منکوحہ عورت دیکھے تو تعبیر ہے اس کے ہاں بیٹا پیدا ہوگا جو پورے خاندان کا سردار ہوگا اور اگر منکوحہ عورت خالص سونے کا تاج پہنے تو یہ جلدی مرنے کی دلیل ہے۔

(۱۴) کوئی بادشاہ تاج پہنے تو تعبیر ہے اس کی بینائی ختم ہو جائے گی اس لئے کہ آنکھ کی تعبیر دین ہے اور دین کی تعبیر آنکھ سے کی جاتی ہے (۱۵) کسی نے سونے اور جواہرت سے مرصع تاج پہنا تو ایسا شخص عجمی بادشاہ کو پائے گا اور دین و شریعت کو ضائع کریگا اور منافق ہوگا۔ (۱۶) اگر کوئی تاج پہننے کا اہل شخص خود کو تاج پہنے دیکھے تو اس کو اپنی قوم کی سرداری نصیب ہوگی۔ (۱۷) اگر کسی عورت کا شوہر مریض ہے اور وہ خواب میں اپنے سر سے تاج اترتا دیکھے تو دلیل ہے اس کا شوہر مر جائے گا۔

## تُرس (ڈھال)

خواب میں ڈھال دیکھنا بچاؤ کی علامت ہے۔ (۱) کبھی اس کی تعبیر روزے سے بھی کی جاتی ہے رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے (اَلصَّوْمُ جُنَّةٌ) روزہ ڈھال ہے (۲) کبھی ڈھال کی تعبیر زخمی دوست سے بھی کی جاتی ہے (۳) بعض علماء تعبیر کی رائے مطابق ترس' ادیب' شریف' مطیع تمام فضائل میں اپنے بھائیوں کے ہمسر اور ان کی حفاظت کرنے والے اور مشکلات میں ان کی مدد کرنے والے آدمی پر دلالت کرتا ہے (۴) سفید رنگ والی ڈھال دیندار آدمی کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



علامت ہے (۵) اور سبز رنگ کی ڈھال صاحب تقوی کی علامت ہے (۶) سرخ رنگ کی ڈھال لہو ولعب والے آدمی کی طرف اشارہ ہے (۷) کالے رنگ کا ترس مالدار آدمی پر دال ہے۔ (۸) کسی نے خواب دیکھا کہ ڈھال کے ساتھ اسلحہ بھی ہے تو دلیل ہے کہ اس کے دشمن اس کو کوئی تکلیف نہیں پہنچا سکتے (۹) کوئی صنعت کار یا تاجر اپنے سامان دکان' فیکٹری یا عمال کے ہاں ڈھال دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ بہت زیادہ قسم کھانے والا ہے اور قسم کے ذریعے خرید وفروخت کا عادی ہے (۱۱) کوئی صاحب اولاد شخص یہ خواب دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی اولاد اس کی ضروریات کی کفیل ہوگی' اور برائی یا تکالیف سے اس کو بچائے گی۔ (۱۲) کوئی خواب میں ڈھال کو بطور ڈھال استعمال کرتے ہوئے اپنے آپ کو دیکھے تو اشارہ ہے کہ وہ کسی مضبوط وقوی آدمی کے ہاں پناہ لیگا اور اس کے ذریعے دشمن پر غلبہ حاصل کرے گا۔ (۱۳) قیمتی ڈھال دیکھنا' مالدار اور خوبصورت بیوی ملنے کی دلیل ہے (۱۴) اور اگر ڈھال قیمتی نہ ہو تو عورت قبیحہ کی علامت ہے۔

## تکہ (ازار بند)

ازار عورت پر دلالت کرتا ہے۔ (۱) عورت کے لئے ازار بند بھائی' سسر' چچا وغیرہ کی علامت ہے۔ (۲) حاملہ عورت کے لئے بیٹی کی پیدائش کی طرف اشارہ ہے (۳) کسی کی عورت حاملہ نہ ہو اور وہ خواب میں ازار بند دیکھے تو تعبیر ہے کہ اس کی بیوی اس پر حرام ہوگی' اور اگر حاملہ ہے تو بچہ جنے گی۔ (۴) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ اپنا ازار بند اپنے سر کے نیچے رکھ رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اپنے بیٹے کو قبول نہیں کرتا یعنی اس کا انکار کرتا ہے (۵) کسی نے دیکھا اس کا ازار بند ٹوٹ گیا تو دلیل ہے کہ وہ اپنی بیوی کے ساتھ غلط زندگی گذارے گا۔ یا اس کے نکاح سے جدا ہوگا (۶) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کا ازار بند سانپ بن گیا تو دلیل ہے کہ اس کا سسر اس کے ساتھ دشمنی کا معاملہ کریگا۔ (۷) کسی نے دیکھا کہ اس کا ازار بند خون سے بنا ہے تو اشارہ ہے کہ وہ اپنی بیوی کی وجہ سے کسی کو قتل کریگا' یا اپنی بیوی کے قتل میں کسی کا معاون ہوگا (۸) کسی نے دیکھا کہ وہ اپنی شلوار میں ازار بند ڈال رہا ہے تو اشارہ ہے اس کے ہاں بیٹی ہوگی (۹) کسی نے دیکھا کہ وہ ازار بند بُن رہا ہے تو دلیل ہے وہ کسی کو قتل کریگا یا کسی عورت کے خون میں معاون ہوگا۔

## تُرمُس (ایک قسم کی نباتات جسکا بیج کڑوہ ہوتا ہے اور پانی میں بھگو کر استعمال کیا جاتا ہے)

(۱) خواب میں سبز ترمس' بخل' محنت سے حصول رزق اور علم بلا عمل پر دلالت کرتا ہے (۲) خشک ترمس دیکھنا' غم واندوہ اور تکلیف کی دلیل ہے (۳) پسا ہوا بیماری کی علامت ہے اور چھلا ہوا جلد رزق ملنے کی دلیل ہے۔

## تفاح (سیب)

خواب میں سیب دیکھنا اولاد' اور حسین چہروں پر دلالت کرتا ہے کبھی سیب ہمت پر بھی دلالت کرتا ہے (۱) بادشاہ کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لئے خواب میں سیب دیکھنا اس کی مملکت پر دلالت ہے اور تاجر کے لئے اس کی تجارت، زمیندار کے لئے زمین کی فصل پر دال ہے (۲) چنانچہ کسی کو خواب میں سیب مل جائے وہ یا سیب کھائے تو اس کو ہمت نصیب ہوگی (۳) بعض علماء تعبیر کا کہنا ہے کہ میٹھا سیب رزق حلال کی علامت ہے اور ترش سیب کی تعبیر مال حرام ہے (۴) کسی نے دیکھا کہ بادشاہ نے اس کی طرف سیب پھینکا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ وہ اس کا ایلچی ہے جس کے ساتھ اس کے تمنی اور خواہش متعلق ہے (۵) سیب کا درخت ایسے مومن مرد کی دلیل ہے جو لوگوں کے قریب رہتا ہو (۶) کسی نے خواب دیکھا وہ زمین میں سیب کا درخت لگا رہا ہے تو تعبیر ہے وہ کسی یتیم کی پرورش کریگا (۷) کسی نے دیکھا کہ وہ سیب کھا رہا تو دلیل ہے اس کو مال ملیگا جس پر دوسروں کی نظر لگی ہوگی، اور اگر سیب درخت سے چن کر کھا رہا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ اس کو کسی شریف اور مشہور شخص کی طرف سے مال ملیگا (۸) خواب میں سیب گننا دراہم گننے کی طرف اشارہ ہے (۹) کسی نے خواب دیکھا وہ مسجد میں ہے اور سیب سونگھ رہا ہے تو دلیل ہے صاحب خواب کی شادی ہوگی (۱۰) اسی طرح اگر کوئی عورت مجلسِ فسق میں سیب کھاتی ہوئی اپنے آپ کو دیکھے تو تعبیر ہے کہ وہ مشہور ہوگی اور اگر کسی معروف جگہ میں کھائے تو دلیل ہے کہ وہ بچہ جنے گی۔ (۱۱) کبھی خواب میں اپنے آپ کو سیب کھاتے دیکھنا ظہور دشمن کی علامت ہے (۱۲) کبھی سیب شہوت اور جماع پر بھی دلالت کرتا ہے (۱۳) کھٹا سیب تفرق ونقصان وتکلیف کی علامت ہے اور ترش سیب کا درخت خون کی علامت ہے۔

## توت (شہتوت)

خواب میں شہتوت کھانا کسب واسع اور نافع کی دلیل ہے (۱) کالے شہوت کی تعبیر دنانیر اور سفید کی تعبیر دراہم ہے۔ (۲) درخت شہتوت صاحب مال واولاد مرد پر دلالت کرتا ہے (۳) اور کبھی شہتوت دین کی درستگی اور حسنِ یقین پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## تین (انجیر)

(۱) خواب میں انجیر ملنا صاحب خواب کے لئے مالی خوشحالی کی دلیل ہے (۲) درختِ انجیر ایک ایسے مالدار اور غنی آدمی پر دلالت کرتا ہے کہ جس کے پاس دشمنان اسلام پناہ لینگے۔ اس لئے کہ سانپ انجیر کے درخت کے پاس پناہ لیتے ہیں اور پھلوں میں کوئی پھل اس کے برابر نہیں (۳) کسی نے دیکھا وہ انجیر کھا رہا ہے، تو دلیل ہے کہ اس کی نسل کثیر ہوگی (۴) بعض معبرین کی رائے ہے کہ انجیر ملک عراق سے ملنے والے رزق پر دلالت کرتا ہے اور ایسا مال ہے کہ جس سے صاحب مال بلاتعب خوشحال ہوگا اور اس کے اوپر مال کا اثر ظاہر ہوگا۔ (۵) تھوڑے انجیر کھانا بلاتکلیف رزق ملنے کی دلیل ہے (۶) ایک انجیر جو کھایا جائے یا لیا جائے ایک ہزار دینار یا دس ہزار (۱۰۰۰۰) درہم ملنے پر دلالت کرتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۷) بعض علماءِ تعبیر کا کہنا ہے انجیر عین مال کی علامت ہے (۸) بعض کی رائے ہے کہ انجیر کا پھل اوراس کے پتے ہم وحزن اور ندامت کی علامت ہیں جو اس کو کھائے گا غم میں مبتلا ہوگا (۹) اور بعض کی رائے ہے تین کی تفسیر صلحاء اور خیار الناس، رزق فرحت وسرور، نعمت سے کی جاتی ہے (۱۰) انجیر کے موسم میں کالے رنگ کے انجیر خیر کی علامت اور سفید رنگ کے اس سے بھی بہتر ہے (۱۱) اگر خواب میں انجیر دیکھے اور موسم انجیر کا نہ ہو تو یہ علامتِ حسد ہے جو صاحب رؤیا کو لاحق ہوگا۔ (۱۲) انجیر کھانا قسم کھانے پر دلالت کرتا ہے اور کبھی غم واندوہ کی علامت ہوتا ہے اور کبھی اعلیٰ محل سے نکل کر ادنی محل کی طرف خروج کی نشانی ہوتا ہے (۱۳) کبھی انجیر ندامت پر دال ہوتا ہے جیسے کہ خواب میں نادم ہونا انجیر کھانے کی علامت ہے۔

## تمر (کھجور)

(۱) خواب میں کھجور دیکھنا دلیلِ باران ہے، اور کھجور کھانا ایسا رزقِ عام ہے کہ جس میں کوئی اور اس کے ساتھ شریک نہ ہوگا۔ (۲) کبھی کھجور کھانا تلاوت قرآن کی اور دینی منفعت کے حصول کی دلیل ہے (۳) دبائی ہوئی کھجور ذخیرہ کئے ہوئے مال کی طرف اشارہ ہے (۴) اور پھیلائی ہوئی کھجور نہ باقی رہنے والے مال کی دلیل ہے (۵) کھجور کھانا بعض اوقات ذمی ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے (۶) کسی نے خواب دیکھا کہ کھجوریں اس کی طرف چلی آرہی ہیں تو دلیل ہے کہ کسی بڑے رتبے والے آدمی کی طرف سے اس کے پاس مال آئیگا (۷) وزن کردہ کھجور مال غنیمت پر دال ہے۔
(۸) کھجور پکنے کے موسم میں کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کھجور کے درخت سے کھجور چن رہا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب ایک مالدار، تیز طبیعت والی شریف کثیر الخیر والبرکۃ عورت سے نکاح کریگا دوسری تعبیر یہ ہے کہ کسی شریف آدمی کی طرف سے بلامحنت کے مال ملیگا، کبھی اس خواب کی تعبیر حصولِ علم سے بھی کی جاتی ہے (۹) اگر بے موسم یہ خواب دیکھے تو علم بلاعمل کی علامت ہے (۱۰) کسی نے دیکھا وہ کھجور کے خشک تنے سے تازی کھجور حاصل کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ کسی منافق آدمی سے علم نافع حاصل کریگا (۱۱) اگر مذکورہ خواب کوئی غمزدہ شخص دیکھے تو غم سے نجات پائے گا جیسا کہ حضرت مریم علیہا السلام کا واقعہ ہے ﴿وَهُزِّيٓ إِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسَاقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا﴾
(۱۲) کسی عورت نے خواب دیکھا کہ وہ گچھے سے کھجور کھا رہی ہے تو دلیل ہے کہ وہ اپنے شوہر کی میراث حاصل کریگی اور یہ میراث اس کے لئے پوشیدہ طور پر مطلقہ ہونے کی وجہ سے حرام ہوگی۔ اگر یہی خواب مرد دیکھے تو یہ بیوی کے خفیہ طور پر مطلقہ ہونے کی علامت ہے (۱۳) کسی نے خواب میں کھجور اٹھائی اور اس کو دو ٹکڑے کر کے اس سے گٹھلی نکالی تو اشارہ ہے کہ اس کے ہاں بچہ پیدا ہوگا (۱۴) کسی نے دیکھا کہ کھجور کے درخت سے انگور کے کالے دانے چن رہا ہے تو تعبیر ہے کہ اس کی بیوی کسی کالے رنگ کے غلام سے بچہ جنے گی کھجور کی تعبیر رزقِ حلال سے بھی کی جاتی ہے (۱۵) کسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے دیکھا کہ وہ بہترین کھجوریں کھا رہا ہے تو دلیل ہے کہ صاحبِ خواب اچھی اچھی باتیں سنے گا یا منفعتِ عظیمہ حاصل کریگا (۱۶) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کھجور دبا رہا ہے تو دلیل ہے خزانوں سے اس کو مال ملے گا یا یتیموں کا مال اس کو حاصل ہوگا یا وہ اپنا مال سٹور کریگا۔ (۱۷) کسی نے دیکھا کہ وہ چالیس کھجوریں کھجوروں کے موسم میں کھا رہا ہے تو تعبیر ہے کہ چالیس ہزار درھم پائے گا (۱۸) کسی نے دیکھا کہ خنزیر کے پیٹ سے کھجوروں کی ٹوکریاں نکل رہیں ہیں اور وہ اٹھا رہا ہے اور اپنے گھر کی طرف لے جا رہا ہے تو تعبیر ہے کہ کفار کا مال بطورِ غنیمت حاصل کریگا (۱۹) کسی نے دیکھا کہ وہ کھجور چوس رہا ہے اور کسی دوسرے کو پکڑا رہا ہے اور وہ بھی اس کو چوس رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ شخص صاحب خواب کے ساتھ کسی نیک کام میں شریک ہوگا (۲۰) بعض دفعہ کھجور کھانے کی تعبیر حصولِ حلاوتِ ایمان سے کی جاتی ہے۔

## ترنجبین

خواب میں ترنجبین کھانا رزقِ حلال پر دلالت کرتا ہے جو کسی کے احسان کے بغیر مل جائے فرمان الٰہی ﴿وَاَنزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى كُلُوْا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ﴾ البقرہ) ''ہم نے تم پر من وسلوی اتارا' ہمارے پاک رزق سے کھاؤ''

## تمساح (مگرمچھ)

(۱) خواب میں مگرمچھ دیکھنا پولیس پر دال ہے اس لئے کہ وہ دریا کی مخلوقات میں سب سے زیادہ شریر ہے اس سے نہ دشمن مامون ہے اور نہ دوست' اور وہ خائن اور اسی طرح ظالم تاجر پر بھی دلالت کرتا ہے (۲) کسی نے خواب دیکھا مگرمچھ اس کو کھینچ کر پانی کی طرف لے گیا اور قتل کر دیا تو دلیل ہے کہ صاحب خواب پولیس کے ہاتھ چڑھے گا اور وہ اس کا مال چھین کر قتل کر دے گی (۳) اگر وہ اس سے بچ گیا تو پولیس کے ہاتھ سے بھی بچ جائے گا (۴) مگرمچھ کو خواب میں دیکھنا' فسق' تحرم' حرام کمائی' خوف وہراس' ہوا کی بندش کی وجہ سے یا ڈاکوؤں کی وجہ سے تکلیف میں مبتلا ہونے پر دلالت کرتا ہے (۵) کبھی اسکی رؤیت غرق ہونے کی وجہ سے عمر کے خاتمہ پر دلالت کرتی ہے (۶) مگرمچھ کو دیکھنے میں کوئی خیر نہیں نہ سمندر میں اور نہ خشکی میں (۷) کبھی اس کو سمندر میں دیکھنا ذلیل دشمن پر دلالت کرتا ہے۔ (۸) اگر خواب دیکھا کہ وہ مگرمچھ کو دریا کی طرف کھینچ رہا ہے تو دلیل ہے کہ کوئی شخص یا بادشاہ اس کی ناپسندیدگی کے باوجود اس کے گھر سے کوئی چیز اٹھا لے جائیگا اور اگر وہ مگرمچھ کو خشکی کی طرف کھینچ رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس پر کامیابی حاصل ہوگی' یا تعبیر ہے کہ قرض خواہ سے نجات پائے گا اور اس سے اس کو مال ملیگا (۹) خواب میں کسی مگرمچھ کے گوشت کا کچھ حصہ یا اس کی کھال یا چربی یا اور حصہ بدن سے مل جائے تو اشارہ ہے کہ صاحب خواب کو اس کے بقدر دشمن کے مال میں سے حصہ ملیگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## تنین (سانپ)

(۱) خواب میں سانپ دیکھنا جابر بادشاہ یا آگ کی علامت ہوتی ہے (۲) مریض کا خواب میں سانپ دیکھنا اسکی موت پر دلالت کرتا ہے (۳) خواب میں اگر کوئی عورت اپنے آپ کو سانپ جنتی دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں اپاہج بچہ پیدا ہوگا اس لئے کہ سانپ زمین پر رینگ کر چلتا ہے (۴) کسی نے دیکھا کہ سانپ اس کو کھینچ کر دریا کی طرف لے جا رہا ہے تو دلیل ہے کہ حکومتِ وقت کی طرف سے اس کو سزا ملیگی یا تعبیر ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے یا کسی رئیس کی طرف سے اس پر عذاب مسلط ہوگا (۵) کسی نے دیکھا کہ وہ سانپ بن گیا تو دلیل ہے کہ وہ لمبی عمر پائے گا اور طاقت حاصل کرے گا۔ (۶) خواب میں سانپ کا گوشت کھانا بادشاہ کی طرف سے مال ملنے کی دلیل ہے (۷) کبھی اسکی رؤیت طولِ زمان پر بھی دلالت کرتی ہے کیونکہ اس کا جسم۔ (۸) کسی نے دیکھا کہ سانپ کوئی نقصان پہنچائے بغیر اس کی طرف چلا آ رہا ہے یا دیکھا سانپ اس سے صاف صاف کلام کر رہا ہے تو یہ خیر کثیر کی دلیل ہے (۹) کسی نے خواب دیکھا سانپ کی شکل بدل گئی ہے اور وہ مرد بن گیا تو جنات کی طرف اشارہ ہے اور اگر سانپ عورت بن گیا تو مؤنث جنات کی فوج کی علامت ہے (۱۰) یا اسکی تعبیر ایسا دشمن ہے جو اپنی دشمنی چھپا رہا ہے (۱۱) کسی نے دیکھا کہ سانپ کے تین یا چار یا پانچ یا چھ یا سات سر ہیں تو ہر سر کے بدلہ میں ایک مصیبت وفتنہ سے واسطہ اور سر اگر سات تک پہنچ جائیں تو دشمن کے ایسے شر وآفت کی دلیل ہے جسکا کوئی مقابلہ نہ ہو (۱۲) کسی نے دیکھا وہ سانپ کا مالک بن گیا تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کسی کم عقل آدمی پر کامیابی حاصل کرے گا (۱۳) اگر حاملہ عورت خواب دیکھے وہ سانپ جنا ہے تو اس کی تعبیر ہے کہ اس اس کے ہاں فصیح اللسان خطیب بیٹا پیدا ہوگا جو دوناموں سے معروف ہوگا یا پھر یہ تعبیر ہے کہ اس کے ہاں جادوگر یا کاہن یا شریر فاسق یا چور بیٹا پیدا ہوگا۔

## تیس (مینڈھا)

مینڈھے کی تعبیر مہیب النظر اور کم عقل شخص ہے (۲) کبھی مینڈھا کالے رنگ کے جاہل غلام پر بھی دلالت کرتا ہے (۳) کبھی تیس کی دلالت بڑے دیندار شخص بھی ہوتی ہے۔

## تاجر

(۱) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کسی دکان پر بیٹھا ہے اور اسکے آس پاس سامان تجارت رکھا ہوا ہے، خود تجار کے لباس میں ہے اور کسی کو حکم دے رہا ہے اور کسی کو روک رہا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب تجارت میں ریاست کرے گا۔ (۲) اگر صاحب خواب کوئی تاجر نہ ہو اور خواب میں اپنے ہاتھ میں آلۂ تجارت مثلاً ترازو پیانہ وغیرہ دیکھے تو دلیل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے کہ وہ فقر سے محفوظ ہوگا (۳) خواب میں تاجروں کو دیکھنا منافع وفوائد' مناصبِ عالیہ' اسفار اور عجیب باتوں سے مطلع ہونے پر دلالت کرتا ہے (۴) کبھی رؤیت تجارت فرائض مثلاً حج' روزہ' جہاد' نماز جمعہ وغیرہ میں بہت زیادہ کوتاہی کرنے پر دلالت کرتی ہے (۵) کسی نے خواب دیکھا کسی دکان پر بطورِ دکان دار عورت بیٹھی ہے یا دیکھا کہ عورتیں دکانوں پر دکانداری کر رہی ہیں تو اس کی تعبیر بازاروں کے لحاظ سے ہوگی مثلاً اگر بازار اسلحہ کا ہے اور دکانیں اسلحہ کی ہیں تو دشمن کی حرکت کی طرف اور بلاد مسلمین پر قبضہ کرنے کی طرف اشارہ ہے اگر بازار کپڑوں کا ہے اور دکانیں کپڑوں کی ہیں تو یہ منافعِ کثیرۃ کی دلیل ہے۔

## تبان (گھاس فروش)

خواب میں اسکی رؤیت کثرتِ سفر پر دلالت کرتی ہے اور اسکی تعبیر درزی سے بھی کی جاتی ہے

## تمار (کھجور فروش)

(۱) خواب میں اسکی رؤیت کسبِ حلال پر دلالت کرتی ہے (۲) کبھی اسکی تعبیر علم حدیث سے بھی ہوتی ہے۔

## ترّاب (مٹی اُٹھانے والا)

خواب میں مٹی اٹھانے والے کو دیکھنا غم اور تکلیف پر دلالت کرتا ہے (۲) خود مٹی اٹھا کر اور دوسری جگہ منتقل کرتے دیکھنا ساتھیوں سے غم وتکلیف کے دور ہونے کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب الثاء

## ثریا (ثریا ستارہ)

(۱) ثریا ستارہ کی تعبیر عقل مند آدمی ہے۔ (۲) کسی نے دیکھا کہ ثریا ستارہ زمین پر گر گیا تو یہ خواب اس سال جانوروں کے مرنے اور پھلوں میں کمی ہونے پر دلالت کرتا ہے (۳) کسی صنعت کار کا مذکورہ خواب دیکھنا اسکی مصنوعات خرچ ہونے کی دلیل ہے۔

## ثلج (برف)

(۱) خواب میں برف دیکھنا مندرجہ ذیل چیزوں پر دلالت کرتا ہے رزق، فوائد، سردی کی بیماریوں سے شفاء، خصوصاً برف کے کاروبار کرنے والے کے لئے یہی تعبیر ہے۔ (۲) خواب میں برف اور آگ دیکھنا محبت والفت پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ آگ برف کو نہیں پگھلاتی اور برف آگ کو نہیں بجھاتی (۳) برف کے موسم میں برف دیکھنا ہموم وغموم کے چلے جانے اور حاسدوں اور دشمنوں کے ذلیل ہونے پر دلالت کرتا ہے اور بے موسم برف دیکھنا امراض باردہ، فالج وغیرہ پر دلالت کرتا ہے (۴) کبھی برف دیکھنا تعطیل اسفار اور خط وغیرہ پہنچانے والوں اور کرایہ پر کام کرنے والوں کے کاروبار کے خراب ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۵) کثیر برف بادشاہ کے اپنے رعایا کو عذاب دینے اور ان کے اموال چھیننے اور ان پر ظلم کرنے اور ان کے ساتھ بدکلامی پر دلالت کرتی ہے کیونکہ قولہ تعالیٰ ﴿**فانزلنا علیھم رجزاً من السماء**﴾ میں رجزا سے مراد ثلج ہے (۶) اگر خواب میں قلیل برف دیکھے اور اس علاقہ میں برف سے منفعت حاصل کی جاتی ہے تو یہ دلیل خوشحالی ہے (۷) کسی نے دیکھا کہ اس پر برف پڑ رہی ہے تو دلیل ہے کہ وہ دور کا سفر کریگا لیکن اس سفر میں نقصان بھی ہوسکتا ہے (۸) کسی نے دیکھا کہ وہ برف پر لیٹا ہوا ہے اور برف بہت زیادہ ہے تو دلیل ہے حملہ کرنے والے دشمن کی طرف سے عذاب وغم میں مبتلا ہوگا اور اگر برف قلیل ہے اور اپنے وقت اور جگہ کے لحاظ سے کم ہے اور ایسی جگہ ہے جہاں برف اجنبی نہیں ہے تو یہ اس علاقے کے لوگوں کے لئے خوشحالی کی علامت ہے۔

(۹) خواب میں برف کی ٹھنڈک محسوس کرنا گرمی ہو یا سردی دلیل فقر ہے (۱۰) کسی نے دیکھا اس نے موسم گرما میں بہت برف خریدی تو دلیل ہے اس کو مال ملے گا اور اس سے اس کو استراحت ملیگی اور بسبب دُعا غم سے نجات ملے گی اگر دیکھا کہ وہ برف تکلیف پہنچائے بغیر جلدی پگھل گئی دلیل ہے کہ اس سے غم وہم جلد ختم ہو جائے گا۔ (۱۱) کسی نے خواب دیکھا کہ مزروعہ زمین خشک ہوگئی اور پانی کی ضرورت میں آگئی اور لوگ بارش یا پانی کی بجائے برف سے اس کی سیرابی کر رہے ہیں تو یہ ان کو پہنچنے والی رحمت، خوشحالی اور برکت ہے (۱۲) کسی نے دیکھا کہ برف باری ہورہی ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



چادر اوڑھنے یا کسی اور بچاؤ کی وجہ سے اسے کوئی دشواری نہیں ہو رہی ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب عقلمند آدمی ہے جو کسی مصیبت سے نہیں گھبراتا (۱۳) بعض علماءِ تعبیر کا کہنا ہے کسی علاقے میں بے موسم برفباری بکثرت ہونا اشارہ ہے اس علاقے پر حکومتِ وقت کی طرف سے عذاب یا اللہ تعالیٰ کی طرف سے نزول عقوبت یا آپس میں فتنہ واقع ہونے کی طرف (۱۴) بعض کی رائے ہے خواب میں برف دیکھنا قحط سالی کی علامت ہے (۱۵) خواب میں برف گرنا دشمن کی طرف مشیر ہے (۱۶) کبھی کثرت برف امراض عامہ کی بھی علامت ہوتی ہے جیسے چیچک اور وباء (۱۷) کبھی اسکی تعبیر حرب وزخمی وغیرہ ہونے سے کی جاتی ہے۔ (۱۸) کبھی اس کی تعبیر خوشحالی اور غنا سے بھی کی جاتی ہے (۱۹) کسی نے دیکھا کہ آسمان سے برف اتری اور زمین پر پھیل گئی اگر یہ برف زرعی زمین پر اتری ہے اور زمانہ بھی برف باری سے فصلوں کو فائدہ پہنچنے کا ہے تو دلیل ہے نزول کثرت نور کی اور علامت ہے برکت کی اور عمومِ خوشحالی کی جو تمام زمین کو طعام سے بھر دیگا (۲۰) اور اگر اس برف باری کو ایسے وقت میں دیکھا گیا جس میں برف باری فصلوں کے لئے فائدہ مند نہیں ہے تو زمین کے بادشاہ کی طرف سے ظلم وجور اور سوسائٹی والوں کی کوشش کی دلیل ہے۔ (۲۱) اسی طرح گھروں اور درختوں اور لوگوں پر بکثرت ہونا کسی طرف سے ان پر ظلم ہونے' ان پر بلا نازل ہونے یا ان کے مالوں پر کسی قسم کی آفت نازل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۲) اگر غیر مقام مثلاً گھر' محل وغیرہ کے اندر برف دیکھی گئی تو عذاب' مصیبت' بلاء وبیماری کی دلیل ہے۔

## ثلاج (برف فروش)

(۱) گرمی کے موسم میں برف فروش کی رؤیت دلیلِ خوشی وفرحت ہے (۲) اور سردی کے موسم میں اس کو خواب میں دیکھنا غموم وہموم کی علامت ہے۔

## ثقاب اللولوء والجوھر (سوراخ کرنے والا موتی وجوہر)

خواب میں اس کو دیکھنا کام میں آسانی اور مشکلات کے حل ہونے اور نکاح کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## ثمرہ (پھل)

(۱) خواب میں میٹھا پھل دیکھنا رزق' فوائد اور علم نافع پر دلالت کرتا ہے' اور کھٹا موافق طبیعت نہ ہو تو یہ مالِ حرام کی دلیل ہے اور زیادت مرض کی علامت ہے (۲) بے انتہا پھل کھانا یا اس کا مالک ہونا دین پر دلالت کرتا ہے یا عجمی عورتوں اور مردوں یا غلاموں پر غالب آنے کی دلیل ہے (۳) چھلکوں میں محجوب پھل کھانا محنت وشفقت سے حاصل ہونے والے رزق کی علامت ہے محنت بقدر حجم ہوگی (۴) گٹھلی والا پھل ایسے رزق کی دلیل ہے جس میں ذرہ شبہ ہو یا ایسا رزق ہے جس میں تاوان ہو یا ایسا رزق ہے جس سے زکوٰۃ نہ نکالی گئی ہو۔ (۵) بغیر چھلکے اور گٹھلی والا میوہ کھانا'

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



امور میں آسانی اور ایسے رزقِ حلال پر دلالت کرتا ہے جس میں کسی اور چیز کا شائبہ تک نہ ہو (۶) خواب میں میووں کے پکنے کے موسم میں میوہ دیکھنا یا کھانا جلد پہنچنے والی خیر کی علامت ہے اور بے وقت میوہ دیکھنا دیر سے ملنے والی خیر کی طرف اشارہ ہے جو میووں کے پکنے کے موسم کے وقت کے لحاظ سے ہوگی (۷) غیر موسم میں پھل دیکھنا رزق پر اور کھانا فوت ہونے والے فائدہ کو حاصل کرنے اور مشکل کے آسان ہونے کی دلیل ہے (۸) جمع شدہ میوہ الفت ومحبت کے اجتماع پر دلالت کرتا ہے (۹) غیر ملکی پھل اس ملک پر یا اس میں کام کرنے پر دلالت کرتا ہے بسا اوقات میووں کی مندرجہ چیزوں میں سے کسی چیز سے تعبیر کی جاتی ہے۔ازواج یا اولاد مال کی خرید وفروخت تاجر، علوم، املاک، اعمال صالحہ، اہل واقارب، خوشیاں، امراض سے شفایاب ہونا۔(۱۰) کبھی پھلوں کی دلالت ان سے حاصل ہونے والے مشروبات پر ہوتی ہے، اسی طرح میوہ سونگھنا اس کے پانی اور تیل پر دلالت کرتا ہے (۱۱) کسی نے دیکھا کہ وہ ایک درخت سے اس میں لگنے والے پھل کے علاوہ کوئی اور پھل چن رہا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کسی ایسے کام پر قائم ہے جو اس کے لئے حلال نہیں یا ایسی چیز کا طالب ہے جو اس کے لئے ضروری نہیں ہے (۱۲) درخت کی جڑوں سے پھل چننا کسی شریف آدمی سے جھگڑنے کی دلیل ہے (۱۳) کسی نے دیکھا کہ وہ کئی درختوں سے مختلف قسم کے پھل چن رہا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب علم وجاہ افراد سے علم اور فقہ حاصل کریگا۔(۱۴) کسی نے دیکھا کہ وہ بیٹھ کر پھل کاٹ رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو بلا محنت رزق ملیگا (۱۵) کسی نے سردی کے موسم میں دیکھا کہ درخت پر پھل لگے ہوئے اور صاحب خواب کو بہت پسند ہیں تو دلیل ہے کہ کوئی شخص اس کی طرف مجبور ہو کر آ رہا ہے اور صاحب خواب کو بڑا مالدار سمجھ رہا ہے اور اگر صاحب خواب اس پھل سے کچھ چن لے تو تعبیر ہے کہ وہ اس سے مال لے جائیگا اور پھل نہ چنے تو وہ شخص اس سے کچھ مال نہیں لے سکے گا بعض میووں کی تعبیر اموال اور بزرگی سے بھی کی جاتی ہے (۱۶) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کسی قلم کیئے ہوئے درخت سے اس درخت کے پھل کے علاوہ دوسرے پھل چن رہا ہے تو یہ ایک مشفق سسر یا ایسے شریک کار کی دلیل ہے جس سے اس کو فرحت وسرور نصیب ہو۔(۱۷) ایسے درختوں کے پھل کھانا جو کسی کے مملوک نہیں ہیں علم، رزق اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ نعمت پر دلیل ہے۔

## ثوم (تھوم)

تھوم کی تعبیر مال حرام اور کلام شنیع اور خیر کے بدلے شر قبول کرنے سے کی جاتی ہے (۱) کسی نے خواب دیکھا وہ تھوم کھا رہا ہے تو دلیل ہے اس کی بری شہرت ہوگی (۲) پکا ہوا تھوم کھانا گناہوں سے توبہ کرنے کی دلیل ہے (۳) تھوم کھانا صرف مریض کے لئے دلیلِ خیر ہے (۴) کسی نے دیکھا وہ زمین سے تھوم نکال رہا ہے تو رشتہ داروں کی طرف سے نقصان پہنچنے کی دلیل ہے اور یہی تعبیر پیاز نکالنے کی بھی ہے (۵) بعض علماء تعبیر کی رائے کے مطابق، پیاز، تھوم، غم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور درہم پر دلالت کرتے ہیں۔

## ثرید (ثرید)

خواب میں ثرید دیکھنے کی تعبیر انسان کی زندگی، اس کی کمائی اور اس کا پیشہ ہے (۱) کسی نے برتن میں ثرید یا چربی دیکھی تو یہ دنیا کی کشادگی کی علامت ہے (۲) کسی نے دیکھا وہ کسی برتن سے ثرید کھا رہا ہے تو یہ اس کی عمر پر دال ہے جتنا کھایا ہے وہ ختم شدہ عمر ہے اور جو باقی ہے وہ باقی ماندہ عمر کی دلیل ہے (۳) اگر برتن میں سارہ ثرید ختم کر دیا تو عمر کے فنا ہونے کی دلیل ہے (۴) چکنائی والا ثرید کھانا بقدر چکنائی حصول ولایت و منافع کی دلیل ہے (۵) اور ثرید میں چکنائی نہ ہو تو ولایت غیر نافعہ کی علامت ہے۔ (۶) کسی نے دیکھا اس کے سامنے برتن میں تیل میں ڈلا ہوا ثرید موجود ہے اور وہ اس کے کھانے کی تیاری میں نہیں ہے تو دلیل ہے کہ صاحبِ خواب مال جمع کریگا لیکن کھائے گا کوئی اور (۷) کسی نے دیکھا کہ ثرید موجود ہے اور ختم ہونے کے خوف سے نہیں کھا رہا تو دلیل ہے کہ اس کو بہت نعمت اور حیات طیبہ نصیب ہوگی اس کو موت کا خوف ہوگا (۸) کسی نے دیکھے بغیر چکنائی والا ثرید جو اچھا نہ ہو کھا کر ختم کر دیا تا کہ جان چھوٹ جائے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب فقر و تنگی کے سبب مرنے کی تمنا کریگا (۹) بغیر گوشت کے سرکہ کا ثرید جو تقویٰ کے ساتھ ہو پاک رزق کی دلیل ہے (۱۰) بغیر چکنائی کے ثرید گھٹیا پیشے کی نشانی ہے۔ (۱۱) درندے کے گوشت کا ثرید مضبوط اور ظالم قوم پر ڈرتے ہوئے زبردستی حکومت کرنے کی دلیل ہے (۱۲) اور اگر درندے کے گوشت کے ثرید کے ساتھ چربی بھی ہو تو یہ مال حرام کی علامت ہے (۱۳) اگر مذکورہ خواب کوئی تاجر دیکھے تو ظالم قوم کے ساتھ اس کے معاملات ہوں گے۔ اور اگر یہ خواب کوئی صنعت کار دیکھے تو مال حرام کی دلیل ہے (۱۴) اگر ثرید کتے کے گوشت کا ہو تو گھٹیا حکمرانی اور گھٹیا تجارت اور گھٹیا کمائی اور بے وقوف لوگوں کے ساتھ معاملات کی دلیل ہے۔ (۱۵) اگر کتے کے گوشت کی ثرید چربی کے ساتھ ہو تو یہ بھی مال حرام پر دلالت کرتا ہے اور اگر بغیر چربی کے ہو تو یہ فقر و فاقہ کی علامت ہے اور اگر اس سارے ثرید کو ختم کر دے تو فقر و فاقہ کے سبب موت واقع ہونے کی نشانی ہے (۱۶) خواب میں پرندوں کو چیر پھاڑ کر کھانے والے پرندے کے گوشت کا ثرید دلیلِ ولایت ہے اور ایسی تجارت و کسب کی علامت ہے جو متکبر و سخت قسم کے لوگوں کے ساتھ ہو (۱۷) اور کشک کے پانی میں ڈالا ہوا ثرید بے فائدہ اور گھٹیا پیشہ کی علامت ہے۔

## ثور (بیل)

بیل کی تعبیر رئیس قوم، گھر یا شہر یا گاؤں کا منتظم ہے (۲) بادشاہ کے لئے ایک بیل دیکھنے کی تعبیر ایک سال کی حکومت اور تاجر کے لئے ایک سال کی تجارت سے کی جاتی ہے (۳) کسی نے دیکھا کہ اس کے پاس بہت سارے بیل ہیں اگر صاحب خواب حکمرانی کرنے کا اہل ہے تو ایسا حکمران بننے کی علامت ہے جس کے ماتحت بہت سارے زعماء ہوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جن کو وہ اپنی حکمرانی میں کام پر لگا دیگا اور وہ اس کی تابعداری کریں گے (۴) کسی نے دیکھا کہ وہ بیل پر سوار ہوا ہے تو دلیل ہے کہ خیر وخوشحالی اس کی طرف آئیگی (۵) کسی نے خواب میں دیکھا کہ سرخ رنگ کے علاوہ کسی اور رنگ کے بیل کی سری کھا رہا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کو حکومت وسلطانی نصیب ہوگی۔(۶) یہی اگر خواب تاجر دیکھے تو دلیل تجارت ہے اور ایسے شرکاء کی علامت ہے جو اس کے ماتحت کام کریں گے (۷) اگر بازار میں کام کرنے والا کوئی آدمی یہ خواب دیکھے تو یہ اس کے پاس کام کرنے والے لوگوں پر دلالت کرتا ہے ثور کی تعبیر عامل سے بھی کی جاتی ہے۔

(۸) کسی نے دیکھا وہ بیل پر سوار ہے تو دلیل ہے کہ وہ عامل پر غلبہ پائے گا (۹) خواب دیکھا کہ بیل پر بوجھ لادا ہوا ہے تو اشارہ ہے کہ کوئی عامل بوجھ کے بقدر اسکی طرف مال لائے گا (۱۰) کسی نے دیکھا کہ کسی بیل پر سوار کر کے اس کو اپنے گھر کے اندر داخل کیا تو دلیل ہے کہ اس کی طرف خیر لائی جائے گی۔(۱۱) اگر سرخ بیل گھر میں داخل کیا تو اشارہ ہے کہ اس کا بیٹا بیمار ہوگا یا اس کے کسی اہل کا انتقال ہوگا (۱۲) کبھی ثور بادشاہ پر بھی دلالت کرتا ہے کبھی اس سے ایسا دشمن مراد ہوتا ہے جو از قبیل عمال ہو (۱۳) اگر کوئی شخص خواب میں گوشت کھانے کے غرض سے بیل ذبح کرے تو اس کا گوشت دلیل رزق حلال ہے (۱۴) کسی نے دیکھا کہ اس نے بیل خریدا تو دلیل ہے کہ وہ دوستوں اور شریف لوگوں کے ساتھ شریفانہ گفتگو سے مدارت کریگا۔حضرت امام ابن سیرینؒ فرماتے ہیں بیل غیر عرب پر دلالت کرتا ہے اور بیلوں کا چودہ عدد سے بڑھ جانا دلیلِ حرب ہے اور اس عدد سے کم جھگڑے پر دلالت کرتا ہے۔

(۱۵) کبھی بیل کی تعبیر مندرجہ ذیل چیزیں بھی ہوسکتی ہیں قدر ومنزلت وقوت والا مرد اور اس کا گوشت اس قسم کے آدمی کی طرف سے مال ملنے کی دلیل ہے جبکہ اس کی چربی اسی سال رزق ملنے کی علامت ہے (۱۶) کسی نے دیکھا کہ بیل بھیڑیے میں تبدیل ہوگیا تو دلیل ہے کہ اس علاقہ کا حکمران ظالم نہیں ہوگا (۱۶) کسی نے سفید رنگ کا بیل دیکھا تو دلیل ہے کہ اس کو خیر نصیب ہوگی اور اگر یہ بیل اس کو اپنے سینگوں سے مارے تو اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کی دلیل ہے۔

(۱۷) خواب میں بیل کا گوشت کھانا مستغنی ہونے کی دلیل ہے۔(۱۸) بیل پر سوار ہونا رفعت کی نشانی ہے (۱۹) کسی نے خواب دیکھا بیل اس پر چڑھ گیا یا اس کو ٹانگ ماردی تو دلیل ہے اسی سال اس کا انتقال ہوجائیگا (۲۰) کسی نے دیکھا کہ بیل اس کو دانت سے کاٹ رہا ہے تو علامت ہے اس کو بیماری لاحق ہوجائے گی (۲۱) بعض اوقات سینگ سے مارنا اولاد صالح نصیب ہونے کی بھی علامت ہوتا ہے (۲۲) خواب میں اگر کسی پر بیل گر جائے تو سفر بعید کی دلیل ہے (۲۳) اگر کوئی قیدی خواب میں بیل دیکھے تو قید سے چھٹکارے کی طرف اشارہ ہے اور بیمار کا خواب میں بیل دیکھنا بیماری سے صحت یابی کی دلیل ہے اور کسی مصیبت زدہ کا بیل دیکھنا مصیبت سے خلاصی کی علامت ہے (۲۴) زمیندار کے لئے خواب میں بیل کے ذریعہ زمین جوتنا اس کی زراعت میں برکت اور خوشحالی کی دلیل ہے۔(۲۵) تاجر کے لئے یہ خواب نقصان اور تاوان کی علامت ہے (۲۶) عالم اور فقیہ کا یہ خواب دیکھنا علمی درستگی کی دلیل ہے (۲۷) کسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے دیکھا کہ بیل نے اس کو پچھاڑ دیا تو علامت ہے کہ وہ اس کی ہلاکت کے قریب ہے یا تعبیر ہے کہ جس مرض میں مبتلا ہے اس مرض میں اس کا انتقال ہوگا (۲۸) فقیر اور غلام کے لئے بیل شدتِ شدیدہ اور بڑوں کی طرف سے دھتکار نے پر دلالت کرتا ہے (۲۹) دریا میں سفر کرنے والے کے لئے رؤیت ثور سیر فی البحر میں تکلیف واقع ہونے کی دلیل ہے (۳۰) بیلوں کا ریوڑ دیکھنا کام میں مشکلات واقع ہونے کی دلیل ہے (۳۱) بیل پر سواری کرنا شان کی بلندی کی علامت ہے (۳۲) کسی نے دیکھا کہ بیل اس سے ہمکلام ہے یا وہ بیل سے بات کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے اور کسی آدمی کے درمیان منافرت پیدا ہو جائیگی (۳۳) بیل کا سر دیکھنا عمال کے لئے سالوں پر دلالت کرتا ہے۔ (۳۴) کسی نے دیکھا کہ بہت بڑا بیل کسی چھوٹے سوراخ سے نکل کر پھر دوبارہ اس سوراخ میں داخل ہونا چاہتا ہے اور سوراخ تنگ ہو رہا تو اشارہ ہے کہ اس کے منہ سے کوئی بڑی بات نکل جائے گی جس کو وہ واپس لینا چاہے گا مگر کامیاب نہیں ہو سکے گا۔

(۳۵) کسی نے دیکھا کہ وہ کالے رنگ کے بیل پر سوار ہے اور بیل اس کو دانتوں سے کاٹ رہا ہے یا اور اس کو دھمکا رہا ہے تو تعبیر ہے کہ صاحب خواب کو دریا کا سفر کرنا پڑے گا اور اس کو اس سفر میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑیگا اور اس کی کشتی مشکل میں پڑیگی اور غرق ہونے کے قریب ہو کر بچ جائیگی (۳۶) کسی نے دیکھا کہ بہت سارے بیل گاؤں میں داخل ہو گئے تو ظالم دشمنوں کی طرف اور چوروں کی طرف اشارہ ہے جو گاؤں میں داخل ہوں گے (۳۷) کسی صاحب حکومت نے دیکھا کہ بیل اسکو اپنی طرف کھینچ رہا ہے اور اسکو اپنی جگہ سے ہٹا دیا تو دلیل ہے کہ وہ اپنے عہدے سے معزول کر دیا جائے گا۔

(۳۸) بعض دفعہ ثور کا اطلاق باغی شخص پر بھی ہوتا ہے خواب میں بیل ذبح ہوتا دیکھنا ہلاکتِ اہل بغاوت کی دلیل ہے (۳۹) کالے رنگ کے بیل پر سوار ہونا مال پانے کی علامت ہے (۴۰) کسی نے دیکھا اس نے کالے رنگ کے بیل کو اپنے گھر لا کر باندھ دیا تو یہ اسی سال خیر حاصل ہونے کی دلیل ہے اور بیل کو زیادہ سینگوں کے ساتھ دیکھنا اتنے سالوں کی خیر کی دلیل ہے جتنے سینگ ہیں (۴۱) بے سینگ بیل فقیر و ذلیل مرد پر دلالت کرتا ہے یہی تعبیر مینڈھا دیکھنے کی بھی ہے (۴۲) کبھی بیل دیکھنا دلیل نکاح ہوتا ہے بوجہ استعمال درکارِ کاشتکاری (۴۳) کبھی بیل کی رؤیت دیہاتی اور زمیندار آدمی پر دلالت کرتی ہے (۴۴) بسا اوقات بیل کی دلالت انقلابی آدمی پر ہوتی ہے اس لئے کہ بیل کے ذریعے بھی زمین کے نیچے والے حصے کو اوپر لایا جاتا ہے۔ (۴۵) کبھی اس کی دلالت غلام اور مددگار دوست' بھائی وغیرہ پر ہوتی ہے اس لئے کہ بیل سے بھی خدمت لی جاتی ہے (۴۶) منکوحہ عورت کا بیل کی مالکہ بننا شوہر کے مطیع ہونے کی علامت ہے اور غیر منکوحہ کے لئے دلیلِ نکاح ہے اور بیٹی والی کے لئے اسکی بچی کے نکاح کی علامت ہے (۴۷) اگر صاحب قوت آدمی خواب میں بیل دیکھے تو یہ اسکی کامیابی اور امید کے پورے ہونے کی علامت ہے اور اگر اس پر سوار

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوتے ہوئے اپنے آپ کو دیکھے تو یہ زیادہ قوت پر دلالت کرتا ہے (۴۸) اگر حکومتی آدمی خواب میں بیل اپنے آپ کو ذبح کرتے ہوئے دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ اپنے کسی سرکاری افسر کو قتل کرے گا اور عام آدمی کا یہ خواب دیکھنا اس آدمی پر جس سے ڈرتا ہو غلبہ کی دلیل ہے اور کسی ایسے انسان کے قتل کی علامت ہے جو اس قتل پر اس کے خلاف گواہ موجود ہوں گے (۴۹) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ بیل کو گردن کے علاوہ گدی یا پیٹ یا کسی اور جگہ سے ذبح کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کسی آدمی پر ظلم وزیادتی کرے گا اسکی ذات یا اسکے مال کو نقصان پہنچائے گا یا تعبیر ہے کہ اسکی اجازت کے بغیر اس کا نکاح کرائے گا (۵۰) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ گوشت یا چربی کھانے یا کھال کو استعمال کرنے کی غرض سے بیل ذبح کر رہا ہے تو صاحب خواب اگر سلطان ہے تو دلیل ہے کہ کسی کے خلاف کاراوئی کرے گا اور اسکے مال چھیننے کا حکم دے گا یہی خواب اگر تاجر دیکھے تو اشارہ ہے کہ وہ اپنے سٹور کو فروخت کرنے کے لئے یا کسی اور فائدے کے لئے کھولدے اگر ذبح کردہ بیل موٹا ہو تو مالی منفعت حاصل ہونے کی دلیل ہے اور اگر لاغر ہو تو نقصان اٹھانے کی علامت ہے۔

(۵۱) کسی نے دیکھا کہ وہ سرخ یا پیلے رنگ کے بیل پر بغیر رکاب سوار ہوا تو یہ دلیلِ مرض ہے (۵۲) کبھی ثور کی تعبیر خوب صورت جوان سے بھی کی جاتی ہے (۵۳) کبھی بیل کی رؤیت فتنہ پھیلنے اور مشکل امور کو پورا کرنے میں مدد کرنے سے کی جاتی ہے خاص کر زمیندار کے لئے یہی تعبیر ہے (۵۴) کبھی اسکی رؤیت غباوت ونسیان میں واقع ہونے کی نشانی ہوتی ہے (۵۷) چتکبرہ بیل دیکھنا خوشی وفرحت کی دلیل ہے اور کالے رنگ کا بیل سرداری اور بیماری سے شفاء کی علامت ہے۔

## ثعلب (لومڑی)

خواب میں لومڑی دیکھنے کی تعبیر قاتل' کذاب' فراڈی قسم کے دشمن سے کی جاتی ہے (۱) کسی نے دیکھا کہ وہ لومڑی سے لڑ رہا ہے یا اسکو چھور رہا ہے تو تعبیر ہے کہ اس کو جنوں کی طرف سے تکلیف پہنچے گی (۲) کسی نے دیکھا کہ وہ لومڑی کا گوشت کھا رہا ہے یا اسکے ساتھ لڑنے کا طالب ہے تو تعبیر ہے کہ صاحب خواب کو ہوا سے تکلیف پہنچے گی لیکن جلدی ٹھیک ہو جائے گا (۳) بعض نے کہا ہے لومڑی بادشاہ کی طرف سے دشمن پر دلالت کرتا ہے (۴) کسی نے دیکھا کہ اس نے لومڑی کو پکڑ لیا تو یہ اشارہ ہے کہ اس کا خصم اسکی طرف لوٹ کر آئے گا (۵) کسی نے دیکھا کہ اس نے لومڑی کے ساتھ پکڑ کر ذبح کر دیا تو دلیل ہے کہ وہ اپنے قرض خواہ سے قرض کے معاملے میں صلح کرے گا (۶) کسی نے دیکھا کہ وہ لومڑی کے ساتھ کھیل رہا ہے تو دلیل ہے کہ ایسی عورت سے نکاح کرے گا جو اسکے ساتھ محبت کریگی اور یہ اس سے محبت کرے گا اور اللہ تعالیٰ اسکی آنکھیں ٹھنڈی کریں گے۔ (۷) بعض علماء لومڑی کی تعبیر نجومی' اطباء' اہل تدبیر اور اہل خبث

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے بھی کرتے ہیں (۸) خواب میں لومڑی قتل کرنا معزز اور شریف عورت پانے کی دلیل ہے (۹) کسی نے لومڑی دیکھی تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کسی شریف آدمی یا کسی شریف و معزز عورت کو دیکھے گا یا اسکی تعبیر ایسا مرد ہے جسے دھوکہ دہی کی عادت ہو اور وہ صاحب خواب سے خوشامد کا معاملہ کرے گا (۱۰) کبھی لومڑی ایک مجہول غیر معروف دشمن پر بھی دلالت کرتی ہے جو شدید مکار اور غفلت کے مواقع سے فائدہ اٹھائے (۱۱) بعض دفعہ اس کا اطلاق فراڈی عورت پر بھی ہوتا ہے (۱۲) کسی نے دیکھا کہ وہ لومڑی سے مکر و فریب کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب بہت جھوٹ بولنے والا شاعر ہے یہی تعبیر خواب میں لومڑی کو احسن جزا دینے کی بھی ہے (۱۳) کسی نے دیکھا کہ مشرق تا مغرب لومڑی سے بھر گیا ہے تو دلیل ہے اس زمانے میں سحر، سازشیں اور حیلے بہت زیادہ ہوں گے (۱۴) خواب میں لومڑی سے منازعت و جھگڑنا کسی رشتہ دار کے ساتھ جھگڑا کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۵) خواب میں لومڑی تلاش کرنا ہوا کی وجہ سے بیماری میں مبتلا ہونے کی نشانی ہے (۱۶) کسی نے دیکھا کہ لومڑی اسکے تلاش میں ہے تو تعبیر ہے کہ جن یا انسان کی طرف سے اسکو تکلیف و خوف پہنچے گا (۱۷) خواب میں لومڑی کا اسکے ڈر سے بھاگ جانا قرضدار کے مکر کرنے کی طرف اشارہ ہے (۱۸) کسی نے دیکھا کہ وہ لومڑی سے ملاعبت کر رہا ہے اور لومڑی نے اسکے آلہ تناسل کو نگل لیا ہے تو یہ اسکی بیوی کے زنا کرنے کی دلیل ہے (۱۹) خواب میں لومڑی کی کھال میں سے کچھ حصہ مل جانا دلیل کامیابی و کامرانی ہے کبھی اسی خواب کی تعبیر عورت کی طرف سے میراث ملنے سے بھی کی جاتی ہے (۲۰) خواب میں لومڑی کا دودھ پینا مریض کے لئے مرض سے چھٹکارا اور صاحب غم کے لئے غم سے نجات کی دلیل ہے (۲۱) بعض علمائے تعبیر کی رائے یہ ہے لومڑی دیکھنا مالی و جانی نقصان کی دلیل ہے (۲۲) بعض دفعہ لومڑی کی رؤیت غیر شادی شدہ کے لئے شادی کی دلیل ہے۔

## ثعبان (اژدھا)

(۱) اژدہا وادی میں رہنے والے انسان پر دلالت کرتا ہے (۲) کبھی خواب میں اژدہا دیکھنا اہل و عیال کی طرف سے عداوت کی علامت ہے (۳) کبھی اسکی تعبیر زیادہ حسد کرنے والے شریر قسم کے پڑوسی سے کی جاتی ہے (۴) دریائی اژدہا ظالم کے ساتھ مدد اور حاکم کے اعلان پر دلالت کرتا ہے (۵) خواب میں اژدہا دیکھنا عظیم طاقت ملنے کی بھی دلیل ہے (۶) کسی نے دیکھا کہ اژدہا اسکے آلہ تناسل کو لقمہ بنا رہا ہے اور نگل رہا ہے تو دلیل ہے کہ اسکی بیوی نے زنا کیا ہے۔

## ثدی (پستان)

(۱) پستان کی تعبیر بیوی یا بیٹی سے کی جاتی ہے یعنی اسمیں کوئی خوبصورتی دیکھنا بیوی یا بیٹی کے اندر خوبصورتی دیکھنے کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دلیل ہے اور اس میں فساد دیکھنا اُن میں فساد کی علامت ہے (۲) کسی نے کسی عورت کو پستان لٹکاتے ہوئے دیکھا تو اشارہ ہے کہ وہ عورت زنا کرے گی اور اس زنا سے بچہ جنے گی (۳) کوئی غریب آدمی اپنے پستان میں دودھ آتا دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ مستغنی ہوگا اور اسکی عمر دراز ہوگی اور اپنے بھائیوں کی قوت برداشت کرے گا (۴) اگر غیر شادی شدہ یہ خواب دیکھے تو اسکی شادی اور بچہ کی پیدائش کی علامت ہے (۵) اگر جوان عورت یہ خواب دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ حاملہ ہوگی اور اس کا بچہ صحیح وسالم پیدا ہوگا۔ (۶) اگر یہی خواب مالدار ثیبہ عورت دیکھے تو تعبیر ہے کہ وہ محتاج ہوگی اور اس کا مال تلف ہوگا (۷) کنواری عورت کے لئے یہ خواب دیکھنا دلیلِ شوہر ہے اس لئے کہ عورت کے پستان میں شوہر سے مباشرت کے بغیر دودھ نہیں آتا (۸) اگر چھوٹی بچی جو شادی کی عمر کو نہ پہنچی ہو وہ یہ خواب دیکھے تو یہ اسکے مرنے کی طرف اشارہ ہے (۹) کسی نے دیکھا کہ وہ کسی ایسی عورت کا دودھ پی رہا ہے جس کو وہ جانتی ہے اور صاحب خواب اسکو نہیں جانتا تو اشارہ ہے کہ صاحب خواب کسی طویل بیماری میں مبتلا ہوگا۔ اگر ایسا آدمی مذکورہ خواب دیکھے جسکی بیوی حاملہ ہو تو دلیل ہے اس کے ہاں بچہ ہوگا اور اسکی عمدہ تربیت کی جائے گی (۱۰) اگر یہی خواب کوئی عورت دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں بچی کی پیدائش ہوگی (۱۱) پستانوں کا عام معمول وحسن سے بڑھتا ہوا دیکھنا اولاد کی دلیل ہے اور مختلف چیزوں کے مالک ہونے کی طرف اشارہ ہے (۱۲) اور پستانوں کو گرتے ہوئے دیکھنا اولاد کی موت کی علامت ہے (۱۳) یہی خواب اگر بے اولاد شخص دیکھے تو غم اور محتاجی کی علامت ہے خاص کر عورتوں کے لئے یہی تعبیر ہے اور دودھ پلانے والی کا یہ خواب دیکھنا دودھ پیتے بچے پر آفت آنے کی علامت ہے (۱۴) عورت کا اپنے پستان کا بڑھتا ہوا دیکھنا فسق وفجور میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔ (۱۵) کسی نے دیکھا کہ اسکے پستان اسکے سینے کو مارتے ہیں اگر صاحب خواب نیزہ بازی کا عمل کرتا ہو تو یہ خواب اسکے لئے بعض آنے والوں کی طرف سے ناپسندیدہ خبر آنے کی دلیل ہے اور اگر صاحب خواب نوجوان ہو عورت ہو یا مرد تو دلیل عشق ہے (۱۶) کسی نے دیکھا کہ اس کا ایک پستان لمبا ہو کر زیر ناف تک پہنچ گیا تو دلیل ہے کہ وہ اپنے کسی محرم سے زنا کا معاملہ کرے گا یا تعبیر ہے کہ وہ نکاح حرام میں مبتلا ہوگا (۱۷) کسی نے دیکھا کہ اسکے سینے میں ایک اور پستان کا اضافہ ہوا ہے تو یہ بچی کی پیدائش کی دلیل ہے (۱۸) کسی نے دیکھا کہ اسکے پستان میں نقص واقع ہوا ہے تو بیٹی کی موت کی طرف اشارہ ہے (۱۹) پستان سے دودھ دوہنا مال میں زیادتی اور اولاد ہونے کی دلیل ہے اور صاحبِ خواب کو دنیا کی زندگی میں شرف حاصل ہوگا اگر یہی خواب عورت دیکھے تو اس کے لئے بھی یہی تعبیر ہے۔

(۲۰) اگر کسی نے دیکھا کہ صاحب خواب نے اپنے پستان سے دودھ نکال کر کسی کو پلایا ہے تو دلیل ہے کہ محبوس ہوگا اور یہ خواب دونوں کے لئے غم وذلت کی دلیل ہے (۲۱) اگر غیر شادی شدہ شخص اپنے پستان میں دودھ دیکھے تو شادی کی اور اولاد کی پیدائش کی دلیل ہے فقیر کے لئے ایسا خواب خوشخبری ہے اور جوان کے لئے اسکی تعبیر درازی عمر سے بھی کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جاتی ہے (۲۲) اور جوان عورت کا یہ خواب دیکھنا دلیل حمل اور دلیل ولادتِ اولاد ہے۔ (۲۳) آدمی کے پستان کا لمبا ہو کر سینے کو مارنا ناجائز عشق میں مبتلا ہونے کی علامت ہے اور بعض معبرین نے کہا ہے کہ یہ خواب موت اولاد کی دلیل ہے اور اگر لاولد شخص یہی خواب دیکھے تو یہ دلیل فقر و حزن ہے (۲۵) کبھی پستان کی تعبیر جاہ و جلال، منصب، مناقبت اور بیماری سے بھی کی جاتی ہے (۲۶) کبھی اس کا اطلاق دوستوں، بھائیوں، ساتھیوں اور اولاد پر بھی ہوتا ہے جن سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا اور عورت کے پستان دیکھنا مذکورہ تعبیر کا عکس ہے یعنی اسمیں فائدہ ہوگا اس لئے کہ اس میں رزق ہے۔

(۲۷) کسی آدمی نے خواب دیکھا کہ اس کے پستان عورت کے پستان کی طرح ہو گئے اور اس سے دودھ کے قطرے ٹپکنے لگے ہیں تو تعبیر ہے کہ صاحب خواب اپنے اہل و عیال کے وہ امور سرانجام دے گا جو عورتوں کی محنت سے متعلق ہیں کبھی یہی خواب ایسے قرض پر دلالت کرتا ہے جو وہ برداشت کر سکے یا اسکی تعبیر ایسے مرض سے ہوگی جو صاحب خواب کو لاحق ہوگا اور اس مرض کی وجہ سے لوگوں سے شرمائے گا کہ لوگ اسکو دیکھیں اور اسی سے وہ اس سے مشہور ہوگا۔

(۲۸) کسی نے دیکھا کہ اسکے لوہے کے یا پیتل کے پستان لگے ہوئے ہیں تو تعبیر ہے کہ اسکی اولاد گم ہوگی اور اسباب معطل ہوں گے۔ (۲۹) مرد کے پستان اُبھرنا دلیل نکاح ہے اور بانجھ عورت کا خواب میں پستان اُبھرتے دیکھنا ناامیدی کے بعد اولاد ہونے کی دلیل ہے (۳۰) کنواری عورت کا خواب میں پستان ابھرا ہوا دیکھنا مال یا کپڑوں سے تزئین کی طرف اشارہ ہے (۳۱) خواب میں بچوں یا بچیوں کے پستان ابھرنا دلیل مرض ہے (۳۲) کبھی پستان کی تاویل کپڑے سے بھی کی جاتی ہے اور غیر شادی شدہ عورت کے لئے شادی کی دلیل ہے پستان میں دودھ یا پانی آنا کبھی کفر میں شادی کی علامت ہوتی ہے جبکہ شادی شدہ کے لئے اولاد اور صاحب اولاد کے لئے نقود کی دلیل ہے بعض کی رائے ہے اسکی تاویل ماں، باپ ہیں (۳۳) کبھی دودھ سے بھرا پستان شراب کے مشکیزے پر بھی دلالت کرتا ہے (۳۴) اور کبھی اس کی تعبیر شریف انسان سے بھی کی جاتی ہے۔

## ثئولول (سر پستان)

اسکی تعبیر مال ہے۔ خواب میں انہیں دیکھنا ایسے مال نامی پر دلالت کرتا ہے جسمیں جلد ختم ہونے کا اندیشہ ہو۔

## ثفر الدابہ (زین کی دمچی)

(۱) خواب میں اسکی روئت گھٹیا کام کرنے اور بیوی کے تابع ہونے کی دلیل ہے (۲) کبھی اسکی تعبیر مال سے بھی کی جاتی ہے (۳) کبھی اسکی روئت اشیاء کی مضبوطی وغیرہ مثال پر بھی دلالت کرتی ہے تسمہ اور پٹی دیکھنے کی بھی یہی تعبیریں ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ثوب (کپڑا)

(۱) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے اون کا کپڑا زیب تن کیا ہوا ہے تو تعبیر ہے کہ وہ زہد کی زندگی گزارے گا اور دوسروں کو زہد کی زندگی گزارنے کی دعوت دے گا (۲) سبز رنگ کا کپڑا نفع اور عدم مضرت پر دلالت کرتا ہے (۳) کسی نے دیکھا وہ سبز رنگ کا کپڑا پہنے ہوئے ہے تو دین کی پختگی کی دلیل ہے (۴) اور میت کو سبز کپڑوں میں ملبوس دیکھنا عند اللہ اس کی اچھی حالت پر دلالت کرتا ہے۔ (۵) بعض علمائے تعبیر کہتے ہیں کہ سبز لباس پہننا میراث ملنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۶) اور سفید کپڑوں میں ملبوس ہونے کی تعبیر بہتر ہے۔ (۷) رنگریز کا سفید کپڑوں میں اپنے آپ کو دیکھنا بے ہودگی کی علامت ہے اور اسی طرح ہر قیمتی کپڑا پہننا دلیل بے ہودگی و بے کاری ہے اس لئے کہ رنگریز رنگ کا عمل کرتے ہوئے سفید کپڑے نہیں پہنتے (۸) کسی نے دیکھا کہ اس نے کالے رنگ کا کپڑا پہنا ہوا ہے حالانکہ بیداری میں کالے رنگ کے کپڑے پہننے کا عادی نہیں ہے تو دلیل ہے کہ اسکو ناپسند معاملہ سے دوچار ہونا پڑے گا (۹) اور اگر ایسا شخص یہ خواب دیکھے جو حالت بیداری میں کالے کپڑے پہننے کا عادی ہے تو یہ خواب اسکے لئے دلیل سرداری، شرف وحکومت ہے۔ (۱۰) خواب میں سرخ کپڑے میں ملبوس ہونا ایسا مال ملنے کی دلیل ہے جس میں اللہ تعالیٰ کا حق متعلق اور واجب ہے اور زکوٰۃ کے معاملے میں ڈرنے کی طرف اشارہ ہے (۱۱) عورت کا اپنے آپ کو سرخ لباس میں ملبوس دیکھنا اسکے لئے خوشی کی علامت ہے (۱۲) کسی نے خواب میں بادشاہ کو سرخ لباس زیب تن کئے ہوئے دیکھا تو دلیل ہے کہ وہ لہو ولعب میں مشغول ہوگا اور اسکی حکومت کمزور ہوگی اور دشمن اسکو للچائی ہوئی نظروں سے دیکھے گا (۱۳) مریض کا اپنے آپ کو سرخ کپڑوں میں دیکھنا اسکی موت کی دلیل ہے (۱۴) اور فقراء کے لئے بھی یہ خواب نقصان ومضرت کی علامت ہے (۱۵) رنگے ہوئے کپڑوں کی تعبیر بعضوں کے لئے پھوڑا پھنسی اور بعضوں کے لئے بخار میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے (۱۶) غیر شادی شدہ عورتوں کے لئے سرخ لباس پہننے کی تعبیر اچھی ہے اور ان لوگوں کے لئے بھی بہتر ہے جو اب تک میدان جنگ میں نہیں اترے۔

(۱۷) اور سرخ رنگے ہوئے کپڑے پہن کر عیدگاہ یا دوسرے اجتماعات میں جانا کوئی مضر نہیں ہے (۱۸) خواب میں پیلے رنگ کے کپڑے پہننا دلیل مرض وعلامت کمزوری ہے مگر پیلے رنگ کا ریشمی کپڑا پہننا **فساد فی الدین** کی علامت ہے (۱۹) کسی نے دیکھا کہ مختلف رنگوں میں رنگے ہوئے کپڑے پہن رکھے ہیں تو دلیل ہے کہ سلطان وقت سے ناپسندیدہ بات سنے گا اسکو چاہیے کہ اس کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کرے (۲۰) کسی نے دیکھا کہ وہ دو رنگ کے کپڑوں میں ملبوس ہے یا طلیلسان کپڑا پہن رکھا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب دینداروں اور دنیاداروں دونوں کی مدارت کرتا ہے (۲۱) مغسول کپڑے فقر ودَین پر دلالت کرتے ہیں اور جدید مگر میلے کپڑے دین وذنوب کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



علامت ہوتے ہیں۔(۲۲) مختلف رنگوں میں منقش کپڑا شراب فروشوں یا کسی قسم کے مشروبات فروش کے لئے خیر کی دلیل ہے اور ان کے علاوہ دوسرے لوگوں کے لئے پریشانی' شدت' اشیاءِ خفیہ کے ظہور کی طرف مشیر ہے(۲۳) اور مریض کے لئے ایسا خواب دیکھنا بدہضمی اور کڑواہٹ اور ازدیادِ مرض کی علامت ہے اور کبھی اس کی تعبیر پیلا پن کے مرض میں مبتلا ہونے سے کی جاتی ہے(۲۴) یہی خواب عورتوں کے لئے بہتر ہے خاص کر مالدار' فاحشہ اور مغنیات قسم کی عورتوں کے لئے بہت بہتر ہے(۲۵) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ ریشم کے کپڑوں میں ملبوس ہے تو دلیل ہے کہ اس کو حج نصیب ہوگا(۲۶) اور سرخ رنگ کا ریشم پہننا دنیا کی علامت ہے جو جدت کے ساتھ ملے گی اور پیلے رنگ کا ریشم دنیا مع المرض پر دلالت کرتا ہے۔(۲۷) کسی نے دیکھا کہ اس نے چُھپا کیا ہوا کپڑا پہنا ہے اگر وہ ولایت کا اہل ہے تو زمینداروں کا ولی بنے گا اور حکومت کرنے کی صلاحیت اس میں نہ ہو تو تعبیر ہے کہ اسی سال اس کو خوشحالی نصیب ہوگی (۲۸) کسی نے خواب میں کسی عالم کو ریشم کے کپڑے پہنے ہوئے دیکھا تو دلیل ہے کہ وہ دنیا طلب کر رہا ہے اور بدعت کی طرف لوگوں کو بلا رہا ہے(۲۹) نقش و نگار والا کپڑا پہننا حج اور کسی عرب ملک کے سفر پر دلالت کرتا ہے(۳۰) کسی نے دیکھا کہ اس نے اپنے کپڑوں کے نیچے باریک کپڑا لیا ہوا ہے تو دلیل کہ اس کے پاس مال آئیگا اور وہ اس کو ذخیرہ کر لیگا(۳۱) عام کپڑوں کے اوپر باریک کپڑا پہننا مکروہ اور خطائی الدین کی دلیل ہے اور علانیہ فسق و فجور کی علامت ہے (۳۲) موٹے کپڑے کی تعبیر باریک کے مقابلے میں بہتر ہے(۳۳) عورت کا باریک کپڑا پہننا اس کی عزت کی طرف اشارہ ہے اور موٹا کپڑا پہننا شفقت کی علامت ہے۔(۳۴) سونے چاندی سے بنا ہوا کپڑا دینی و دنیاوی اصلاح کی علامت ہے اور امید بر آنے کی دلیل ہے(۳۵) نرم و قیمتی لباس پہننا اغنیا و فقیر کے لئے بہتر ہے اور غلاموں اور خادموں کے لئے دلیل مرض ہے(۳۶) خواب میں نیا کپڑا پہننا غنی کے لئے زیادتِ معیشت اور فقیر کے لئے ثروت اور مدیون کے لئے ادائیگی دین کی دلیل ہے۔(۳۷) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے غسل کر کے نئے کپڑے پہنے تو اس کا غم جاتا رہے گا اور اسے بہتری حاصل ہوگی(۳۸) کسی نے دیکھا کہ اس نے غسل کیا نئے کپڑے نہیں پہنے تو دلیل ہے کہ اس کو جو کچھ ملیگا اس سے اس کی موافقت نہیں ہوگی۔

(۳۹) کسی نے دیکھا کہ اس نے خواب میں ایسا نیا کپڑا پہنا ہے جو پھٹا ہوا ہے اور اس کی پھٹن نا قابل اصلاح ہے تو دلیل ہے صاحب خواب لا ولد ہوگا(۴۰) اگر پھٹن قابل اصلاح ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب پر کسی نے جادو کیا ہے(۴۱) پھٹے پرانے کپڑے پہننا موت پر بھی دلالت کرتا ہے(۴۲) اور پرانے کپڑا پہننا غم و ہم پر بھی دلالت کرتا ہے(۴۳) کسی نے دیکھا کہ اس کے کپڑے چوڑائی میں پھٹے ہوئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کی عزت پر حرف آئیگا اور کسی شریر آدمی کی طرف سے اس کو تکلیف پہنچے گی۔(۴۴) کپڑوں کا طولاً پھٹ جانا دلیل کشادگی ہے۔
(۴۵) کپڑا اپھاڑنے والے کی تعبیر خود صاحب خواب ہے اگر اس کو جانتا ہے اگر اس کو نہیں جانتا تو دلیل ہے کہ صاحب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خواب کو ایسا نقصان پہنچے گا جس کی وجہ سے وہ مشہور ہوگا (۴۶) بعض دفعہ کپڑوں کا پھٹ جانا دینی نقصان کی علامت ہوتا ہے اور کبھی یہ خواب زندگی تنگ ہونے کی بھی علامت ہے (۴۶) اور قبیح قسم کے کپڑے نقصان کی علامت ہیں (۴۷) خواب میں کپڑوں کے اندر تری دیکھنا سفر کے بعد اقامت کی دلیل ہے اور قصد کئے ہوئے کام محبوس ہونے کی علامت ہے (۴۸) خواب میں اپنے یا دوسروں کے کپڑے دھونا معاش میں آنے والے نقصان کے دفع ہونے پر دلالت کرتا ہے اور مخفی اشیاء کے ظہور کی بھی علامت ہے۔

(۴۹) خواب میں اپنے کپڑوں کو ضائع کرنا فقیر، محبوس، مدیون اور غلام کے لئے بہتر نہیں ہے اور مذکورہ افراد کے علاوہ لوگوں کے لئے خیر کی علامت ہے اور کبھی یہ خواب زینت کے ختم ہونے کی دلیل بھی ہے (۵۰) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے زنانہ لباس پہن رکھا ہے اور دل میں عورتوں کے ساتھ تشبہ کا خیال بھی آرہا ہے تو سخت غم اور حکومتِ وقت کی طرف سے سخت خائف رہنے اور مسلط ہونے کی طرف اشارہ ہے (۵۱) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ عورتوں کے لباس میں ملبوس ہے اور ان کے عورتوں کی طرح اس کا بھی فرج ہے تو دلیل ہے کہ اس کی حالت متغیر ہوگی اور ذلت کا سامنا کرنا پڑیگا۔ اور اگر اس فرج سے جماع بھی کرائے تو دشمنوں سے مغلوب ہونے کی علامت ہے۔

(۵۲) کسی نے دیکھا کہ اس نے مجہول قسم کے کپڑے پہن رکھے ہیں اور ان میں مختلف رنگ بدلتا رہتا ہے تو اس کی اپنے دل کے منشاء کے مطابق بدلنے کی علامت ہے (۵۳) کسی نے دیکھا اپنے کپڑے کھا رہا ہے تو علامت ہے کہ وہ اپنے اس مال سے کھائے گا جو کپڑوں کی طرف منسوب ہے (۵۴) پھٹے ہوئے نئے کپڑے ملنا کھلی رقم کی طرف اشارہ ہے اور پرانے کپڑے غم کی علامت ہیں (۵۵) خواب میں کتے کو اون کا کپڑا پہنے ہوئے دیکھنا بادشاہ کے عدل و انصاف کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۵۶) شیر کو روئی اور کاٹن کے کپڑے پہنے ہوئے دیکھنا بادشاہ کے ظلم اور اموال چھیننے اور محروم کرنے پر دال ہے (۵۷) خواب کتان (ٹسر) کے کپڑے پہننا معزز معیشت اور مال حلال پر دلالت کرتا ہے۔ (۵۹) خواب میں میلے کچیلے کپڑے اتارنا یا ان کو جلانا غم کے دور ہونے کی علامت ہے (۶۰) کبھی نئے کپڑے کھانا مال حلال اور میلے کپڑے کھانا مال حرام کھانے پر دلالت کرتا ہے۔

## ثروت (مال و دولت)

(۱) فقیر کے لئے راستے کے فساد کی دلیل ہے اور اس کی تعبیر دشمن کی ذلت اور حاسد کو جلانے سے بھی کی جاتی ہے۔

(۲) کبھی ثروت کی تاویل ہے زوجہ اور وہ اعمال صالحہ جو جنت کی نعمتوں تک پہنچانے والے ہوں (۳) مریض کے لئے ثروت اس کی قبر کی طرف اشارہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ثبات (ثابت رہنا)

(۱) حالت بیداری میں غصہ کی وجہ سے طیش میں آنے والا شخص خواب میں خود کو ثابت قدم دیکھے تو نعمتوں کی دلیل ہے ہدایت، عزم مصمم، معاملہ میں عقلمندی سے کام لینے اور عقل وحزم کی علامت ہے۔

## تکول (غم)

(۱) خواب میں غمزدہ ہونا رفعِ مرتبہ، خوشیوں اور مسرتوں کی علامت ہے (۲) کبھی اولاد امہات کے گم ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## ثلم (ٹوٹ جانا/ دندانے پڑنا)

یہ صاحبِ خواب یا اس کے مال میں نقصان واقع ہونے کی دلیل ہے اور یہ خواب کبھی غائب اور جانے والے سے صلح پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## ثوران (اٹھانا، انقلاب لانا، جوش میں آنا)

خواب میں جوش میں آنا دوسروں پر یا اپنے اوپر دوسروں کے غلبہ کی علامت ہے کبھی اس کا اطلاق پریشان کن امراض پر بھی ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب الجیم

## جبریل علیہ السلام

(۱) خواب میں حضرت جبریلؑ کو خوشی کی حالت میں بات چیت' وعظ ونصیحت یا وصیت کرتے ہوئے یا کسی قسم کی خوشخبری سناتے ہوئے دیکھنا شرف وعزت' قوت' کامیابی اور بشارت کی دلیل ہے (۲) یہ خواب مظلوم کے لئے مدد مریض کے لئے شفاء' خوف زدہ کے لئے امن غمزدہ کے لئے غم سے نجات اور غیر حاجی کے لئے حج کی دلیل ہے۔ (۳) کبھی اس کی تعبیر شہادت کی موت نصیب ہونے سے بھی کی جاتی ہے اگر چہ طویل زندگی گزارے (۴) خواب میں حضرت جبریلؑ سے کوئی چیز' کھانا وغیرہ لینا اہل جنت میں سے ہونے کی دلیل ہے (۵) اگر کافر خواب میں حضرت جبریلؑ کو دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ شدت وخوف اور عقوبت میں مبتلا ہوگا (۶) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ حضرت جبرئیلؑ اور حضرت میکائیلؑ کے درمیان معادلہ کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ جبر میں یہودیوں کی موافقت کریگا' اور اللہ تعالیٰ کے حکم کی خلاف ورزی اور عذاب کی علامت ہے۔ (۷) کسی نے دیکھا گویا حضرت جبریلؑ نے اس کو سلام کیا تو دلیل ہے کہ وہ بہت بڑا عالم بنے گا اور اس کا نام بلند ہوگا اور اہل علم کے ہاں عزت کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔

(۸) حضرت جبرئیلؑ کی زیارت بادشاہ کی طرف سے پیغام لانے والا پوشیدہ رازوں کے امین' مرتبہ اور اولاد کی بشارت ہے۔ (۹) حضرت جبریلؑ کو دیکھنا بعض اوقات عبادت گذاری اور اصحاب باطن کے لئے علم الاسرار کی تعلیم پر بھی دلالت کرتا ہے (۱۰) کبھی اس کی رؤیت قریب الہلاک لوگوں کے لئے روح کی علامت ہوتی ہے (۱۱) بسا اوقات زیارت حضرت جبریلؑ نقل وحرکت کرنے اور دشمنوں کے مقابلے میں کسی کی مدد کرنے کی علامت ہوتی ہے (۲) اور کبھی ان کی رؤیت علم الشریعت اور علم نجوم پر مطلع ہونے کی بھی دلیل ہوتی ہے (۱۳) خواب میں حضرت جبریلؑ کو مغموم حالت میں دیکھنا شدت وعقوبت میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے (۱۴) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کی صورت حضرت جبریلؑ کی صورت بن گئی تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کثیر البرکت اور سخی ہوگا۔

## جنت

(۱) کسی نے خواب میں جنت کو تو دیکھا لیکن اس کے اندر داخل نہ ہوسکا تو اس کا یہ خواب اس کے لئے نیک عمل کی بشارت ہے (۲) بعض علماء نے کہا کہ جس شخص نے خواب میں جنت کو عیاناً اور ظاہراً دیکھا تو دلیل ہے جو چاہے گا وہ اسے ملیگا' اور اس کا ہر غم دور ہوگا (۳) کسی نے دیکھا کہ وہ جنت میں داخل ہونا چاہتا ہے مگر اس کو اندر جانے نہیں دیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جارہا ہے' تو دلیل ہے کہ حج کے ارادے کے باوجود اس کو حج کرنے نہیں دیا جائے گا یا جہاد کرنا چاہیگا مگر اس سے روک دیا جائیگا یا اس کی تعبیر یہ ہے کہ گناہ سے توبہ کرنا چاہیگا مگر توبہ نہیں کر سکے گا (۴) کسی نے دیکھا کہ جنت کے دروازوں میں سے کوئی ایک دروازہ اس پر بند کر دیا گیا' تو یہ والدین میں سے کسی ایک کی موت کی علامت ہے۔ (۵) دیکھا کہ جنت کے دو دروازے بند کر دئے گئے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کے والدین دونوں انتقال کر جائیں گے (۶) کسی نے دیکھا کہ جنت کے سارے دروازے اس کے لئے بند کر دئے گئے اور دوبارہ نہ کھولے گئے تو دلیل ہے کہ اس کے والدین اس سے ناراض ہیں (۷) اگر دیکھا کہ جنت کے سارے دروازے کھلے ہیں اور جس دروازے سے چاہتا ہے اندر داخل ہو سکتا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے والدین اس سے راضی ہیں۔ (۸) اگر جنت میں داخل ہو گیا تو دلیل ہے دنیا و آخرت میں فرحت و سرور اور امن میں ہو گا۔ (۹) اگر دیکھا کہ اس کو کسی اور شخص نے جنت میں داخل کرا دیا تو یہ صاحب خواب کی موت کی دلیل ہے بعض علماء تعبیر نے کہا ہے کہ صاحب خواب اگر جنت میں داخل کر، نے والے کو جانتا ہے تو دلیل ہے کہ اس داخل کرانے والے کے وعظ و نصیحت سے متاثر ہو کر اس کے ہاتھ پر گناہوں سے توبہ کریگا (۱۰) کسی نے دیکھا جنت میں داخل ہو گیا تو دلیل ہے کہ بڑی مشقت کے بعد اپنی مراد کو پہنچے گا اس لئے کہ جنت اپنی خواہشوں کی قربانی میں چھپی ہوئی ہے بعض علماء معبرین کی رائے ہے کہ یہ صاحب خواب بڑی شریف قوموں کے ساتھ ہوگا اور لوگوں کے ساتھ حسن معاشرت کا معاملہ کریگا اور اللہ تعالیٰ کے احکامات پر کاربند رہیگا (۱۱) کسی نے دیکھا کہ اس کو جنت میں داخل کیا جارہا ہے اور وہ داخل نہیں ہوتا تو یہ صاحب خواب کے شرک کی دلیل ہے (۱۲) کسی کو خواب میں کہا گیا تو جنت میں داخل ہو گا تو تعبیر ہے اس کو میراث ملے گی۔

(۱۳) کسی نے دیکھا کہ وہ جنت فردوس میں ہے تو دلیل ہے کہ وہ علم اور ہدایت پائے گا (۱۴) خواب دیکھا کہ وہ ہنسے ہوئے جنت میں داخل ہو رہا ہے۔ تو دلیل ہے صاحب خواب خوب کثرت سے اللہ کو یاد کریگا (۱۵) کسی نے دیکھا کہ وہ تلوار سونت کر جنت میں داخل ہو رہا ہے تو تعبیر ہے کہ وہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کریگا اور نعمت' تعریف اور ثواب حاصل کریگا (۱۶) کسی نے دیکھا کہ وہ جنت میں طوبی کے درخت کے نیچے بیٹھا ہوا ہے تو وہ دنیا اور آخرت کی بھلائیاں پائے گا (۱۷) خواب دیکھا کہ وہ ریاض الجنۃ میں ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کو اخلاص اور دین میں کمال نصیب ہوگا (۱۸) اگر خواب میں جنت کے پھلوں سے خود کو کچھ کھاتے ہوئے دیکھے تو دلیل ہے کہ بقدر ماکول علم کی دولت سے مالا مال ہوگا۔ (۱۹) اسی طرح جنت کے پانی' دودھ' شراب وغیرہ میں سے پینا' حکمت' علم اور غناء کی علامت ہے۔ (۲۰) کسی نے دیکھا کہ وہ جنت کے فراش پر تکیہ لگائے بیٹھا ہے تو صاحب خواب کی بیوی کی عفت اور پاکدامنی کی دلیل ہے (۲۱) اگر خواب دیکھا کہ وہ جنت میں داخل ہے مگر یہ معلوم نہیں کب داخل ہوا تھا تو دلیل ہے کہ صاحب خواب جب تک زندہ رہے گا عزت پائے گا (۲۲) کسی نے دیکھا کہ اس کو جنت کے میووں سے روکا جارہا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے تو یہ صاحب خواب کے دین میں فساد واقع ہونے کی دلیل ہے (۲۳) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ جنت کے میووں میں سے کچھ میوے چن کر دوسرے کو کھلا رہا ہے تو دلیل ہے کہ جس کو کھلا رہا ہے اس کو علم نافع سکھائیگا اور خود اس علم کو استعمال نہیں کریگا اور نہ ہی اس پر عمل کریگا (۲۴) کسی نے دیکھا کہ وہ جنت (باغ) کو آگ میں ڈال رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اپنے باغ کو فروخت کر کے اس کی قیمت کھائے گا۔ (۲۵) کسی نے دیکھا کہ وہ آب کوثر پی رہا ہے تو دلیل ہے وہ عزت پائیگا اور اسے اپنے دشمنوں پر غلبہ نصیب ہوگا (۲۶) کسی نے دیکھا کہ وہ جنت کے بالا خانوں میں سے کسی بالا خانے میں ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب صاحب ریاست ہوگا یا کسی خوبصورت عورت سے نکاح کریگا (۲۷) کسی نے دیکھا کہ وہ جنت کی حوروں سے نکاح کر رہا اور جنت کے علماء اس کے آس پاس گھوم رہے ہیں تو علامت ہے کہ اس کو کوئی مملکت اور نعمت حاصل ہوگی (۲۸) کسی نے جنت کے خازن رضوان کو دیکھا تو تعبیر ہے تو سرور ونعمت پائے گا اور جب تک زندہ رہے گا پاک زندگی گزارے گا اور مصائب سے مامون ہوگا (۲۹) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ جنت میں ہے اور فرشتے اس کے پاس آتے ہیں اور اس کو سلام کرتے ہیں تو دلیل ہے کہ وہ ایسے عمل پر صبر کریگا جو اس کو جنت میں لے جانے کا سبب بنے گا اور اس کا آخر خاتمہ اچھا ہوگا (۳۰) کسی نے دیکھا کہ وہ جنت کے طلح ببول درخت کے سایہ میں بیٹھ گیا تو دلیل ہے کہ وہ اپنے مقصد کو پائے گا (۳۱) خواب میں آب کوثر سے پینا، علم وعمل، حسنِ یقین اور سنت نبوی ﷺ کی اتباع کی دلیل ہے۔

(۳۲) کافر کے لئے یہ خواب مسلمان ہونے کی علامت ہے اور گناہ گار کے لئے توبہ کی اور بدعتی کے لئے بدعت سے اسلام کی طرف رجوع کرنے کی دلیل ہے یہ خواب زوجۂ فاجرہ کے بعد زوجہ صالحہ سے نکاح کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے کبھی اس کی تعبیر حرام کمائی سے کسب حلال کی طرف رجوع کرنے سے بھی کی جاتی ہے (۳۳) کبھی جنت میں داخلے کی تعبیر اللہ تعالیٰ کے ساتھ حسن معاملہ اور اللہ تعالیٰ کیطرف سے حسن جزا سے کی جاتی ہے کبھی یہ خواب میراث پر بھی دلالت کرتا ہے اور کبھی اس سے مصیبت سے نجات کی طرف اشارہ ہوگا (۳۴) اگر مریض آدمی خواب میں جنت میں خود کو داخل ہوتے ہوئے دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ تندرست ہوگا (۳۵) کبھی دخول جنت رزق حلال، اہل وعیال کے ساتھ نیکی اور تقوی اختیار کرنے پر دلالت کرتا ہے (۳۶) کبھی اس کی تعبیر ملک جنان، برکت اور رزق کی نشانی ہوتی ہے (۳۷) کبھی اسکی دلالت غم ختم ہونے پر بھی ہوتی ہے (۳۸) کسی نے دیکھا کہ تمام لوگ جنت میں داخل ہو گئے ہیں تو خوشحالی اور بادشاہ کی طرف سے عدل وانصاف اور پھلوں اور فصلوں میں نزول برکت کی دلیل ہے۔

(۳۹) کبھی دخول جنت درجۂ شہادت پر فائز ہونے کی بھی علامت ہوتی ہے (۴۰) کسی نے دیکھا کہ وہ اپنے اسلحہ سمیت جنت میں داخل ہو رہا ہے تو یہ خواب شہید ہونے کی بشارت ہے (۴۱) کتاب کے ساتھ جنت میں داخل ہونے کی تعبیر علم وعمل ہے (۴۲) اور اموال یا مال مویشی کے ساتھ داخل ہونا ادئیگی زکوٰۃ کے سبب جنت میں داخل ہونے کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دلیل ہے (۴۳) بیوی کے ساتھ جنت میں داخل ہونا دنیا میں اسکے ساتھ حسن معاشرت سے زندگی گزارنے پر دلالت کرتا ہے (۴۴) ذکر اللہ کرتے ہوئے جنت میں داخل ہونے کی تعبیر تحمید' تسبیح' وتقدیس کے سبب جنت میں داخل ہونے کی بشارت ہے (۴۵) باب ریان سے داخل ہونا روزہ رکھنے کی علامت ہے (۴۶) خواب میں دخول جنت مندرجہ ذیل امور پر دلالت کرتا ہے مجلس ذکر' نفع بخش تجارت' حج' جہاد' امر بالمعروف ونہی عن المنکر' علم' عمل صالح' دشمن سے بچاؤ اور ڈھال۔ (۴۷) جنت کے پانی کی نہر رزق کی دلیل ہے اور دودھ کی نہر فطری سلامتی کی دلیل ہے شراب کی نہر اللہ کی محبت میں مست ہونے اور محارم اللہ سے نفرت کرنے کی علامت ہے شہد کی نہر علم اور قرآن کی دلیل ہے جنت کے درختوں کے پھل اعمال صالحہ کے نتائج اور ازواج' اولاد کی علامت ہیں (۴۸) درخت طوبی کے سائے میں بیٹھنے اور اس پر ٹیک لگانے کی تعبیر حسنِ عاقبت کی دلیل ہے (۴۹) کبھی اسکی تعبیر انقطاع عبادت کے لئے شادی نہ کرنے اور اربابِ جاہ اور دوستوں کی طرف سے فائدہ ملنے سے کی جاتی ہے (۵۰) سدرۃ المنتہی کو دیکھنا تمام مقاصد موعودہ کو حاصل کرنے پر دلالت کرتا ہے (۵۱) جنت کے درختوں کی تعبیر علمائے عاملین اور ائمہ مجتہدین ہیں (۵۲) جنت کی حوروں اور غلمان کے ساتھ مصاحبت کرنا بہت ساری اولاد ونساء کو گم کرنے اور جنت میں ان کے بدلے ان سے اچھا بدل ملنے پر دلالت کرتا ہے (۵۳) خواص کے لئے حور وغلمان دیکھنا وقوف مع العلائق کی دلیل ہے اور عاملین کے لئے یہ ان کے اعمال پر دال ہے یا دنیوی نعمتیں مثلاً مکان' خوش عیشی اور انواعِ لذات کے حصول کی دلیل ہے۔

(۵۴) جنت کے محلات میں داخل ہونا مندرجہ ذیل پر دلالت کرتا ہے مناصب عالیہ پانا' لباس فاخرہ پہننا' شریف عورتوں سے ساتھ نکاح کرنا' مالدار ہونا اور حسن عاقبت (۵۵) خازن جنت رضوان علیہ السلام کو دیکھنا بادشاہ کے خازن یا اسکے ایلچی کی میزبانی' خیر کی خبر سننے' وعدوں کے پورے ہونے اور دعاؤں کی قبولیت کی علامت ہے (۵۶) کسی نے دیکھا کہ اس کو جنت سے دھتکار دیا گیا تو دلیل ہے کہ وہ محتاج ہوگا بدلیل قصہ حضرت آدم علیہ السلام (۵۷) کسی نے دیکھا کہ وہ جنت کا طواف کر رہا ہے تو وسعت رزق' علوشان کی اور خوف زدہ کے لئے خوف سے امن کی علامت ہے۔ کبھی دخول جنت غمزدہ کے لئے خوشی' غیر شادی شدہ کے لئے شادی کی علامت ہوتی ہے۔

## جہنم (دوزخ)

(۱) خواب میں جہنم میں داخل ہونا کبائر کے مرتکب ہونے کی دلیل ہے اور ناپسندگی میں واقع ہونے کی علامت ہے جبکہ جہنم سے نکلنا دنیاوی غموم میں واقع ہونے کی دلیل ہے (۲) کسی نے دیکھا آگ اس کے قریب ہوگئی ہے تو اشارہ ہے کہ حکومت وقت کی طرف سے کسی ایسی شدت ومشقت میں واقع ہوگا جس سے چھٹکارا نہ ہو یا تاوان میں پڑنے اور بہت زیادہ نقصان اٹھانے کی علامت ہے یا پھر جس گناہ میں مبتلا ہے اس سے توبہ کرنے کی طرف اشارہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۳) اور اس آگ میں داخل ہونا ایسے گناہ کبیرہ میں مبتلا ہونے پر دلالت کرتا ہے کہ جس کے ارتکاب کی سزا اللہ تعالیٰ نے حد مقرر کی ہے (۴) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ تلوار سونت کر جہنم میں داخل ہو رہا ہے تو تعبیر ہے کہ وہ فحش اور منکر بکے گا (۵) جہنم میں ہنستے ہوئے داخل ہونا، طغیان، فسق و فجور، معصیت الٰہی میں واقع ہونے اور دنیاوی نعمتوں پر اظہارِ مسرت کی دلیل ہے (٦) کسی نے دیکھا کہ کوئی شخص اسکو جہنم میں ڈال رہا ہے تو تعبیر ہے کہ وہ شخص اسکو قتل اور زنا جیسے گناہ عظیم پر ابھارے گا۔ (۷) کسی نے دیکھا کہ وہ مسلسل جہنم میں محبوس ہے اور اسکو یہ معلوم نہیں کہ وہ اس میں کب سے ہے تو تعبیر ہے کہ وہ دنیا میں ہمیشہ غمزدہ اور فقیر محروم رہے گا اور نہ روزہ رکھ سکے گا نہ نماز پڑھے گا نہ اللہ کا ذکر کرے گا (۸) کسی نے دیکھا کہ وہ چنگاریوں کے اوپر سے گزر رہا ہے تو تعبیر ہے کہ وہ بیداری میں لوگوں کی گردنوں کو پھلانگے گا (۹) خواب دیکھا کہ اس نے جہنم کے زقوم، اسکے کھولتے ہوئے پانی اور پیپ کو چکھا ہے یا جہنم کی گرمی و تپش اسکو پہنچی ہے تو ارتکاب گناہ کی اور خون بہانے کی اور معاملات کے سخت ہونے کی علامت ہے (۱۰) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ جہنم میں زرد یا کالے چہرے کے ساتھ موجود ہے تو اشارہ ہے کہ صاحب خواب اللہ تعالیٰ کے کسی دشمن کا مصاحب ہوگا اور اسکے برے مکر و فعل پر خوش ہوگا جسکی بنا پر لوگوں کے ہاں اسکا چہرہ سیاہ ہوگا اور اسکے ظلم کی وجہ سے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اسکو سزا دیں گے۔

(۱۱) کسی نے خواب میں جہنم کو اپنی آنکھوں کے سامنے دیکھا تو اس کو بادشاہ یا اللہ تعالیٰ کی طرف سے سزا سے پناہ مانگنا چاہیے (۱۲) کسی نے دیکھا کہ وہ جہنم میں داخل ہوا تو تعبیر ہے کہ وہ اُس گناہ کی وجہ سے شرمندہ ہوگا جس سے توبہ نہیں کی (۱۳) جہنم سے نکلنے کی تعبیر گناہوں سے توبہ ہے جہنم کے کھانوں میں سے کھانا اور اسکے مشروبات سے پینا مسلسل گناہوں کے مرتکب ہونے یا ایسے علم کے طالب ہونیکی علامت ہے جو اسکے لئے وبال ہو (۱۴) بعض دفعہ جہنم میں داخل ہونا زوال منصب پر بھی دلالت کرتا ہے (۱۵) بعض دفعہ یہ خواب فراخی کے بعد تنگ دستی، اُنس کے بعد وحشت اور مصائب میں مبتلا ہونے، مسلسل قید میں رہنے اور دنیا میں ذلیل ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے (۱٦) اور دخول جہنم مندرجہ ذیل پر دلالت کرتا ہے (ا) تنگ دست یا بے دودھ والی بیوی (ب) کسب حرام (ج) فساق و فجار کے پڑوس میں رہنا (د) مریض کے لئے سوء خاتمہ (ر) ظالم بادشاہ کی خدمت (س) بدعتی عالم (ش) غیر مقبول عمل (ص) ولد الزنا وغیرہ (۱۷) کبھی دخول نار مالداری کے بعد دست سوال دراز کرنے پر دلالت کرتا ہے (۱۸) جہنم کی دلالت بدعات کے مقامات، عیسائیوں اور یہودیوں کی عبادت گاہوں، حماموں، دباغتِ کھال کی جگہوں اور کسی مصلحت کی بناء پر آگ جلانے کے مقامات پر بھی ہوتی ہے (۱۹) کبھی دخول جہنم خواہشات نفسانی کے پورے ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

(۲۰) جہنم کی لہروں میں داخل ہونا دلیل ہے کہ صاحب خواب مال جمع کر کے اسکی حفاظت کرتا ہے (۲۱) حطمہ نامی جہنم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں داخل ہونا چغلخوری اور عیب جوئی کی دلیل ہے (۲۲) جہنم منافقوں اور کفار کے لئے ہے اور سقر نامی جہنم میں داخل ہونا جھوٹ بولنے، فضول باتوں اور گالیوں میں انہماک، بخل، یوم قیامت کے دن کی تکذیب پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۳) سعیر نامی جہنم شیاطین اور شیطان صفت آواز پر دلالت کرتا ہے (۲۴) ہاویہ نامی جہنم وزن و پیمانہ میں کمی کرنے اور ان لوگوں پر دلالت کرتا ہے جن کے نیک اعمال کا پلڑا ہلکا ہے اور وہ عمل صالح سے اسکو وزنی کرنے کی کوشش نہیں کرتے ہیں (۲۵) جحیم نامی جہنم دنیا کو آخرت پر ترجیح دینے والے سرکشوں پر دلالت کرتا ہے اور جہنم کا طبقہ درکِ اسفل جو منافقین کے لئے ہے انہی پر دلالت کرتا ہے (۲۶) جہنم کے زقوم اور غسلین سے کھانا، پینا، یا جہنم کے بچھوں کا ڈنگ مارنا یا اسکے سانپوں کا ڈسنا یا کھال کا جہنمیوں کی کھال کی طرح ہونا یا منہ کے بل کھینچ کر جہنم میں ڈالا جانا یا جہنم کے اوپر سے نیچے گرایا جانا یا جہنم کے ہتھوڑوں کے ساتھ مارا جانا یا جہنم کے داروغاؤں کا جھڑکنا یا اور اس جیسی تمام سزائیں دیکھنا بدعت فی الدین پر، ظالموں کے ساتھ مشارکت، کفار کے طریقوں پر چلنے، مشرکین و مستہزئین کی صفات اپنانے انبیاء علیہم السلام کی مخالفت، اہل تقوی کو چھوڑنے، مرتد ہونے، اللہ تعالی کے عطا کردہ مالوں کو مستحقین کو دینے سے بخل کرنے اور اللہ کی نافرمانی کرنے اور اللہ تعالی کی ربوبیت اور قدرت کا انکار کرنے اللہ تعالی کو اسکے مخلوقات کیساتھ تشبیہ دینے پر دلالت کرتا ہے۔

(۲۷) مالک خازن جہنم کو خواب میں دیکھا کہ صاحب خواب اسکی صفت میں منتقل ہوا ہے یا مالک نے اس کو کوئی اچھی چیز کھلائی ہے تو اللہ اور اس کے رسولؐ اور مومنین کی محبت کی دلیل ہے اور عزت و قوت کی اور گمراہی کے بعد گناہوں و معاصی اور خواہشات نفس کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کی اور غیرت دینی کی علامت ہے (۲۸) خازن نار علیہ السلام کو اپنی طرف آتا دیکھنا سلامتی اور جہنم کی آگ سے مامون ہونے کی دلیل ہے (۲۹) خواب میں خازن جہنم کو دیکھنا کہ وہ اس سے منہ موڑ رہے ہیں اور چہرے پر غصہ کے آثار ہیں یا انکی حقیقت بدلی ہوئی ہے تو ایسے کام میں پڑنے کی دلیل ہے جو موجب نار ہو (۳۰) داروغۂ جہنم کی دلالت کبھی محافظین، افواج، پولیس اور رشتہ داروں پر بھی ہوتی ہے (۳۱) کسی نے خواب دیکھا مالک خازن جہنم نے اسکو پیشانی سے پکڑ کر جہنم میں ڈال دیا تو یہ خواب دلیل ذلت ہے (۳۲) کسی نے دیکھا کہ وہ جہنم میں داخل ہو کر اس سے نکل گیا تو تعبیر ہے کہ وہ انشاء اللہ تعالی جنت میں داخل ہوگا یا دلیل ہے کہ وہ گناہ کرنے کے بعد اس سے توبہ کرے گا (۳۳) خواب میں اعضاء و جوارح کو ہمکلام ہوتے ہوئے دیکھنا گناہوں پر زجر اور آخرت کے معاملے میں تنبیہ ہے (کہ غفلت سے بیدار ہو کر اللہ تعالی کی طرف رجوع کریں: از مترجم)۔

## جہاد

(۱) جہاد کی تعبیر عیال کی قوت میں کوشش کرنے اور اچھی تعریف اور اچھی شہرت ہے (۲) بعض علمائے تعبیر نے کہا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کہ جہاد خیر کے راہ پر گامزن ہونے اور سرکشوں اور معاندین کے ساتھ مناظرہ کرنے پر دلالت کرتا ہے (۳) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ جہاد کے لئے جارہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ غناء اور فضیلت اور آخرت کے درجات کو حاصل کرے گا (۴) خواب میں کفار کے ساتھ خود کو قتال کرتے ہوئے دیکھنا اہل وعیال کے معاملے میں کوشش کرنے کی علامت ہے۔ (۵) کسی نے دیکھا کہ وہ اپنے اسلحہ کے ساتھ جہاد کیلئے جارہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ مسلمان ہے اور دینی معاملات میں محنت کرنے والا اور گناہوں سے اپنے آپ کو بچانے والا ہے نماز اور زکوٰۃ ادا کرتا ہے (۶) خواب دیکھا کہ لوگ جہاد کے لئے نکل رہے ہیں تو دلیل ہے کہ وہ لوگ اپنے مقاصد میں کامیابی حاصل کریں گے ان کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد ہوگی عزت وقوت اور جاہ وجلال ان کو نصیب ہوگا (۷) کسی نے دیکھا وہ اکیلا لڑ رہا ہے اور تلوار لیکر دشمنوں کو دائیں بائیں جانب سے مار رہا ہے تو تعبیر ہے کہ وہ اپنے دشمنوں پر غلبہ پائے گا (۸) کسی نے خواب میں خود کو اللہ کے راستے میں قتل ہوتے دیکھا تو دلیل ہے وہ فرحت، سرور اور بہترین رزق پائے گا (۹) خواب میں جہاد سے منہ موڑ لینا اہل وعیال کے معاملے سے توجہ ہٹانے کی اور ان کی اصلاح وتربیت میں کوشش نہ کرنے کی دلیل ہے اور اسکے دین میں فساد واقع ہونے اور خاندان کے متفرق ہونے کی طرف اشارہ ہے (۱۰) کسی نے دیکھا کہ وہ جہاد میں ہے اور اسکی مدد کی جارہی ہے تو دلیل ہے کہ اسکی کمائی میں اسکو منافع ملے گا (۱۱) کسی نے دیکھا کہ وہ حملہ کررہا ہے تو تعبیر ہے اسکو مال غنیمت ملے گا اگر حالت جہاد میں ہو (۱۲) اللہ کے دین کے دشمنوں کے ساتھ جہاد کرنا اہل ظلم ونفاق کو ڈرانے اور ان کے مقابلے میں مدد کرنے پر دلالت کرتا ہے (۱۳) دریا میں جہاد کرنا فقر، قدم اُکھڑنے اور ہلاکت میں پڑ جانے کی دلیل ہے۔ اور دو دریائی دشمنوں کے قابو میں آنے کی دلیل ہے یا اپنا رزق تلاش کرنے یا ان لوگوں سے رزق طلب کرنے کی علامت ہے جن پر یہ دریا دلالت کرتا ہے (۱۴) خواب میں باغیوں سے جہاد کرنے کی تعبیر دشمنوں سے دین کا بدلہ لینا یا آباء واجداد کا بدلہ لینا ہے اپنی یا بیوی کے سلسلے میں غیرت کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۵) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ باغیوں کی جانب سے لڑ رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ مرتد ہوگا یا اشارہ کہ ہے والدین کی نافرمانی کرے گا یا اس شخص کی مخالفت کرے گا جسکی اطاعت اس پر لازم ہے یا دلیل ہے کہ نماز چھوڑ بیٹھے گا۔

## جزیہ (کفار سے ٹیکس یا محصول لینا)

کفار کو محصول دینا ذلت ہے اور کفار سے جزیہ لینا دلیل عزت وشرف اور نصرومدد ہے۔

## جند (فوج)

(۱) جند کی تاویل ملائکہ رحمت ہے اور نچلے طبقۂ فوج کی تعبیر ملائکہ عذاب ہے (۲) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ فوجی ہے اور بادشاہ کے دیوان سے کھا رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ بلا محنت کسی شہر کا والی بن جائے گا (۳) کسی نے دیکھا کہ اس کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نام فوج کے دیوان میں لکھا گیا ہے تو تعبیر ہے کہ وہ خیر پائے گا جس کے پورے ہونے کی امید تھی یا اپنی تمنا پوری ہوتی ہوئی دیکھے گا (۴) مریض کا خواب میں اپنے آپ کو فوجی بنتے ہوئے دیکھنا اسکے مرنے کی علامت ہے اور غیر مریض کے لئے غم اور تاوان میں پڑنے کی نشانی ہے (۵) خواب میں فوجی ہونا بیماروں کے لئے موت کی علامت ہے اور کبھی اسکی دلالت غم اور ناکامی اور کبھی سفر پر بھی ہوتی ہے (۶) اور غلاموں کا یہ خواب دیکھنا آزادی ملنے بغیر معزز ہونے کی علامت ہے (۷) کبھی اسکی تعبیر آزادی بھی ہوتی ہے (۸) خواب میں فوجیوں کا یکجا مجتمع دیکھنا مبطلین کی ہلاکت اور حق پرستوں کی نصرت کی علامت ہے (۹) فوج کا کم ہونا کامیابی کی علامت ہے اور کسی فوجی کو ہاتھ میں چابک لئے ہوئے دیکھنا حسنِ معاش کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۰) خواب میں شام یا عراق یا یمن کی طرف سے فوجیوں کو اپنی طرف آتے دیکھنا، باتوں میں مضمونِ کلام یا حق میں اختلاف واقع ہونے کی دلیل ہے (۱۱) بعض دفعہ فوجیوں کو دیکھنا خوف پر بھی دلالت کرتا ہے (۱۲) کفار کے فوجیوں کا مسلمانوں کی فوج سے زیادہ ہونے کی تعبیر اہل اسلام کے غلبہ کی دلیل ہے ۱۰۲۰ افراد پر مشتمل فوج دلیلِ بشارت ہے (۱۳) ایک ہزار تین سو اور ایک سو کی تعداد اور پانچ ہزار مجاہدین دشمنوں پر غلبہ کی بشارت ہے۔ (۱۴) عدد مائۃ ہر سو سال کے اختتام پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے نئے امور پیش ہونے کی علامت سمجھا جاتا ہے (۱۵) کبھی ایک ہزار فوج دیکھنا صاحب خواب کے لئے لیلۃ القدر ملنے کی دلیل ہے (۱۶) خواب میں عسکر کیساتھ نبی یا بادشاہ یا عالم کی موجودگی موحدین کے لئے دلیلِ نصرت ہے (۱۷) کسی شہر یا گلی کی طرف فوج کی آمد باران رحمت کی دلیل ہے (۱۸) بعض علمائے تعبیر کہتے ہیں کہ جنود کی دلالت مسلمانوں کے لئے نصرت کی بشارت اور ظالموں کے لئے انتقام کی علامت ہے۔

## جن (پری)

عام جن کی تعبیر امور دنیا کے لحاظ سے سازشی لوگوں سے کی جاتی ہے مگر نیک اور صاحب علم، بولنے والے پہچانے جانے والے کی تعبیر مذکورہ تعبیر سے مختلف ہے (۱) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ جن بن گیا تو تعبیر یہ ہے کہ وہ اپنی سازش میں مضبوط ہوگا (۲) خواب میں جن کو اپنے گھر کے قریب کھڑا دیکھنا نقصان کی علامت ہے یا تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب پر نذر ادا کرنا واجب ہے یا دلیل رسوائی ہے (۳) کسی نے خواب دیکھا کہ اسکے گھر میں جن داخل ہو کر کچھ عمل کر رہے ہیں تو تعبیر ہے کہ اس کے گھر میں دشمن اور چور داخل ہوں گے جو اسکو تکلیف پہنچائیں گے۔ (۴) کسی نے دیکھا کہ جن قرآن پڑھا رہا ہے یا کوئی شخص جن سے پڑھ رہا ہے تو دلیل ہے کہ ریاست وولایت کی دولت سے سرفراز ہوگا (۵) خواب میں جنوں کی مصاحبت اہل سفر اور اہل اسرار کے قربت کی دلیل ہے (۶) بسا اوقات رؤیت جن بَرّی اور بحری سفر کی دلیل اور اسکی تعبیر یہ چیزیں بھی ہیں اچکن، چوری کرنا، زنا میں ملوث ہونا، اور شراب پینا کبھی اسکی دلالت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بدعت کے مقامات گرجا گھر اور گانے بجانے کے مقامات پر بھی ہوتی ہے (۷) کبھی جن دیکھنا شعبدہ بازوں اور اصحاب تصرف پر دلالت کرتا ہے اور کبھی اسکی تعبیر مسلمانوں میں تفریق اور ان کو حکم دینے سے کی جاتی ہے (۸) خواب میں جنوں کو نیکی کا حکم دینا اور برائی سے منع کرنا صاحب خواب کے اسلام کی دلیل ہے اور برائی کی دعوت دینا اس کا عکس ہے (۹) خواب میں کسی جنی کے ساتھ نکاح کرنا کسی فاسقہ کے ساتھ مبتلا ہونے پر دلالت کرتا ہے اور یہ خواب مستعمل سواری خریدنے کی بھی علامت ہوتا ہے۔ حکومت کے اہل شخص کا یہ خواب دیکھنا حکومت ملنے یا بلند مقام پر فائز ہونے کی نشانی ہے (۱۰) کسی نے دیکھا کہ اس کے ہاں جن بچہ پیدا ہوا ہے تو تعبیر ہے کہ گھٹیا کمائی میں مصروف ہوگا یا دلیل ہے کہ مال مدفون ہاتھ آئے گا (۱۱) کسی بادشاہ نے خواب دیکھا کہ اس نے جن کو پکڑ کر بیڑیوں سے باندھ ڈالا تو دلیل ہے اس کا کسی شہر پر قبضہ ہوگا اور اس شہر کے کافر باشندوں کو پکڑ کر پابند سلاسل کریگا (۱۲) اگر صالح و نیک شخص مذکورہ خواب دیکھے تو تعبیر ہے کہ وہ روزہ اور خواہشات کو قطع کرنے کے ذریعے نفس کو برائیوں سے محفوظ کرے گا۔
(۱۳) خواب میں جن کو پچھاڑ دینا ان کے شرور سے اور جن کی ہی وہ نشاندہی کرتے ہیں ان کی ایذاؤں سے مامون ہونے کی دلیل ہے اور اگر جنات نے ان کو پچھاڑ دیا ہے تو جنات کی طرف سے ضرر پہنچنے کی علامت ہے اور سود کھانے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔

(۱۴) جنات کے بادشاہوں کی دلالت زعماء متقدمین' ائمہ' مشائخ علماء' بچوں کے اتالیق' ضامن قسم کے لوگوں پر ہوتی ہے۔ خواب میں جنات کے بادشاہ کے ساتھ دوستی ان لوگوں کی پہچان کی علامت ہے جن کی طرف جنات رہنمائی کرتے ہیں۔ کبھی اسکی تعبیر کاہن بننے یا کسی کی ضمانت اٹھانے یا چوروں کا پیچھا کرنے والے پر ہوتی ہے کبھی یہ خواب گناہوں سے توبہ کرنے اور راہ راست پر آنے کی دلیل ہوتا ہے کبھی اسکی دلالت اہل علم و اہل قرآن ہونے پر بھی ہوتی ہے اور کبھی یہی خواب بچوں کو ادب سکھلانے والا ہونے کی علامت ہوتا ہے (۱۵) زمین آباد کرنے والے جنات کی تعبیر ڈاکوؤں سے کی جاتی ہے (۱۶) کھادیا کوڑا کرکٹ کے مقام پر پائے جانے والے جنوں کی تعبیر دربان سے کی جاتی ہے اور دریاؤں اور حماموں کو آباد کرنے والے جنات کی دلالت زنا کرنے والی عورتوں اور عورتوں کو چھیڑنے والے مردوں اور مردوں کو چھیڑنے والی عورتوں پر ہوتی ہے۔ اور گھر آباد کرنے والے جنوں کی تعبیر شرارت پسند پڑوس سے کی جاتی ہے (۱۷) بسا اوقات جنات کی رؤیت آگ پر دلالت کرتی ہے اور ان چیزوں پر بھی دلالت ہوتی ہے جو آگ کے ذریعے عمل میں لائی جاتی ہیں کبھی جنات دیکھنا سانپوں' بچھوں اور دوسرے موذی کیڑے مکوڑوں پر دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## جماعۃ (گروہ)

(۱) کسی نے خواب میں مسلمانوں کی جماعت کو دیکھا کہ تو دلیل ہے اللہ تعالیٰ اُسکو آزمانے میں اسکے ساتھ رحمت کا معاملہ فرمائیں گے (۲) کبھی خواب میں رؤیتِ جماعت' نقصان اور خسارہ کی علامت ہوتی ہے (۳) کبھی اسکی دلالت ڈرانے اور مشقت میں ڈالنے والی چیزوں پر ہوتی ہے (۴) خواب میں مریض کے پاس جماعت کا آنا یا جماعت کے سامنے میت دیکھنا اسکے مرحوم ہونے کی دلیل ہے۔

## جمعہ (نماز جمعہ)

(۱) کسی نے خواب دیکھا کہ جمعہ کا دن ہے تو تعبیر ہے اللہ تعالیٰ اسکے امورِ متفرقہ کو مجتمع فرمائیں گے اور اسکی تنگی وسعت سے بدل جائے گی اور برکت اس کی طرف لوٹ آئے گی (۲) کسی علاقے کے والی نے خواب دیکھا کہ لوگ جمعہ کی نماز پڑھ رہے ہیں اور وہ اپنے گھر یا دکان میں تکبیر' رکوع وسجود کی آواز سن رہا ہے پھر یہ خیال کیا کہ لوگ نماز جمعہ سے فارغ ہو کر لوٹ گئے تو یہ خواب اس والی کی معزولی کی دلیل ہے (۳) کسی نے دیکھا کہ اس نے خواب میں جمعہ کی نماز کی محافظت کی تو یہ صاحب خواب کے معزز ومکرم ہونے پر دلالت کرتا ہے (۴) خواب دیکھا کہ جمعہ کا دن ہے تو یہ خیر کی علامت ہے (۵) کسی نے دیکھا کہ اس نے جمعہ کی نماز پڑھی اور مکمل کی تو دلیل ہے کہ وہ ناجائز سفر کرے گا اور اسمیں زیادتی مال وزر تلاش کرے گا جو اس کو ملے گا۔ اگر صاحب خواب کی بادشاہ تک رسائی ہو تو اس کو کچھ کرنے یا اس سے کچھ طلب کرنے اور اس میں کامیاب ہونے کی دلیل ہے (۶) کبھی جمعہ کی نماز پوری پڑھنا امید کے پوری ہونے کی علامت ہوتا ہے اور اپنے مقصد کو پانے کی نشانی ہے۔ (۷) کبھی جمعہ پڑھنا مندرجہ ذیل امور پر دلالت کرتا ہے خوشحالی' سرور' عیدوں میں حاضری' حج اور حج کے موسم کو پانا بلکہ جمعہ ادا کرنا غرباء کے لئے حج کی علامت ہے (۸) کبھی جمعہ کی نماز پڑھنا اپنی ضرورت کو پانے اور دوستوں کے ساتھ ملنے پر دلالت کرتا ہے۔

## جنازہ (میت)

(۱) کسی نے دیکھا کہ وہ کسی کی نماز جنازہ پڑھ رہا ہے تو دلیل ہے وہ اللہ کے لئے کسی قوم کے ساتھ مواخات کا معاملہ کریگا (۲) کسی نے خواب دیکھا کہ میت کی چارپائی پر اسکو رکھا گیا مگر اس کو کوئی اٹھا نہیں رہا تو دلیل ہے کہ وہ کسی صاحب سلطنت کی تابعداری کریگا۔ اور اس سے مال پائے گا اور اس کو کچھ فائدہ بھی حاصل ہوگا (۳) خواب میں جنازے کے پیچھے پیچھے چلنا کسی بے دین بادشاہ کی پیروی کی دلیل ہے (۴) اپنے آپ کو میت کے اوپر پڑا ہوا دیکھنا مال کی کثرت کی دلیل ہے (۵) کسی نے خواب میں دیکھا کہ لوگوں نے اس کو اٹھا کر میت کی چارپائی پر رکھ دیا اور اپنے کندوں پر اس کو اٹھا کر لے گئے تو دلیل ہے کہ وہ رفعت وقوت پائے گا' لوگوں پر غالب ہوگا' گویا ان کی گردنوں پر سوار

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوگا اس کے اتباع اس کے زیر دست رہیں گے۔(۶) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ مرا ہے اور لوگ اس پر رو رہے ہیں تو اسکے حسن انجام کی یہ دلیل ہے (۷) اور اگر دیکھے کہ لوگ صاحب خواب کے مرنے پر نہیں روئے بلکہ ہر ایک اس کی برائی بیان کر رہا ہے تو برے انجام کی اور عاقبت کے خراب ہونے کی دلیل ہے (۸) کوئی والی یا تاجر یا کوئی رئیس یا صانع خواب دیکھے کہ اس کا انتقال ہوگیا اور لوگ اس کے لئے دعائیں کر رہے ہیں اور اس کی اچھی تعریف کر رہے ہیں تو تعبیر ہے کہ اس کی عاقبت اچھی ہوگی (۹) کسی نے دیکھا کہ وہ چارپائی پر لیٹا ہے اور چارپائی زمین پر چل رہی ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کشتی پر سوار ہوگا (۱۰) کسی نے دیکھا کہ جنازہ ہوا میں چل رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس علاقے کے رئیس یا عالم کا انتقال ہوگا جس کی وجہ سے ان کے امور کی رہنمائی کرنے والا کوئی نہ رہیگا یا اس کی تعبیر ہے کوئی بلند مرتبہ والا شخص مسافرت کی حالت میں یا حج کے راستے یا جہاد میں انتقال کر جائے گا (۱۱) جنازوں کا جانے پہچانے قبرستان میں پہنچ جانا اہل حق کو حق پہنچنے کی دلیل ہے (۱۲) کسی علاقے میں بہت سے جنازے رکھے دیکھنا اس علاقے میں فسق وزنا کی کثرت کی علامت ہے (۱۳) خواب میں جنازہ اٹھانا حرام مال حاصل کرنے کی نشانی ہے۔ (۱۴) عورت کا خواب میں مرجانا اور چارپائی پر رکھ کر اٹھایا جانا شادی شدہ ہونے کی دلیل ہے اور شادی شدہ عورت کے لئے یہ خواب اس کے دینی بگاڑ کی علامت ہے (۱۴) کسی بازار میں جنازہ رکھا دیکھنا اس بازار کے سامان خرچ ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔(۱۵) جنازہ تابوت کے اوپر رکھ کر اٹھانا منصب، اور سفر کی دلیل ہے۔(۱۶) خواب میں جنازہ کے ساتھ چلنا مسافر کو رخصت کرنے کے لئے ساتھ چلنے پر دلالت کرتا ہے یا تعبیر یہ ہے کہ وہ انسان اس شخص کے ذریعے راحت حاصل کرنا چاہتا ہے جس پر میت کی دلالت ہوتی ہے اس لئے کہ جنازے کے ساتھ جانے والے کے لئے ایک قیراط کے برابر اجر ہے اور تدفین تک حاضر رہنے والے کے لئے دو قیراط کے برابر اجر ملے گا مگر اس قیراط کی مقدار اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

## جبانہ (قبرستان)

(۱) خواب میں قبرستان دیکھنا خائف کے لئے امن اور مامون کے لئے خوف کی علامت ہے (۲) کبھی قبرستان کی رؤیت خوف، امید، گمراہی کے بعد ہدایت کی طرف رجوع پر دلالت کرتی ہے (۳) کافروں اور مشرکین کے قبرستان کو دیکھنا غم اور تکلیف ہے اور دین کے بارے شک میں مبتلا ہونے کی علامت ہے (۴) اور کبھی اس کی تعبیر مقاماتِ بدعات، متوحش قسم کے قید خانہ کی علامت ہے (۵) کبھی قبرستان آخرت پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ آخرت تک پہنچنا قبر کی سواری پر سوار ہوئے بغیر نہیں ہوسکتا۔ وہی اجسام کا محبس بھی ہے (۶) کبھی اس کی دلالت سرائے، حج، عبادت، دنیا سے یکطرف ہونے، رونے، اور نصائح وغیرہ پر بھی ہوتی ہے۔ (۷) کبھی رؤیت قبرستان سے صاحب خواب کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مرنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے اس لئے کہ مرنے کے بعد یہی اس کا گھر ہے (۸) کبھی قبرستان کی دلالت کفار کے گھروں اور اہل بدعت اور اہل ذمہ کے محلہ پر ہوتی ہے اس لئے ان مکانات محلات کے رہنے والے کفر کی وجہ سے گویا مر رہے ہیں اور خواب میں مرنا فساد فی الدین کی علامت ہے۔ (۹) کبھی قبرستان کی تعبیر اعمال مہلکہ کے سبب کمزور ہونے والوں کے مکانات سے ہوتی ہے کبھی اس کی دلالت اہل فساد زناکاروں کے مکانات، شراب خانے جہاں لوگ مُردوں کی طرح نشے میں مست ہو کر پڑے رہتے ہیں، اور ایسے غافل لوگوں پر بھی ہوتی ہے جو نہ نماز پڑھتے ہیں اور نہ اللہ کو یاد کرتے ہیں اور نہ ہی ان کے اعمال قبولیت کے لئے آسمان کی طرف اٹھائے جاتے ہیں۔ (۱۰) مریض کا خواب میں قبرستان میں داخل ہونا اسی مرض کی وجہ سے مر جانے کی علامت ہے خاص کر اگر دیکھے کہ قبرستان میں مکان بنا ہے اور اس میں داخل ہوا ہے تو یہ صرف مرنے کی ہی علامت ہے اور غیر مریض کے قبرستان میں داخل ہونے کی تعبیر داخل ہوتے وقت کی کیفیت پر مبنی ہے چنانچہ اگر داخل ہوتے وقت خوف زدہ اور رو کر داخل ہوا یا قرآن کی تلاوت کرتے ہوئے داخل ہوا یا قبلہ رو ہو کر نماز پڑھتے ہوئے داخل ہوا تو دلیل ہے کہ وہ اہل خیر اور حلقہ ذکر میں داخل ہونے والا ہے اور دلیل ہے کہ اس کو حج نصیب ہوگا۔ اور جو کچھ اس میں دیکھا اور سنا اس سے ان کو نفع ملیگا اور اگر قبرستان میں داخل ہوتے وقت صاحب خواب کی کیفیت کشف ستر یا ہنسنے یا قبروں پر پیشاب کرنے کی ہو یا مردوں کے ساتھ چلنے کی ہو تو اہل شر اصحاب فسق و فجور اور مفسدین کے ہاں داخل ہونے اور ان کے اعمال کو اختیار کرنے کی علامت ہے۔

(۱۱) خواب دیکھا کہ اذان دیتے ہوئے یا نصیحت نہ سننے والوں کو نصیحت کرتے ہوئے یا اسے نہ ماننے والوں کو امر بالمعروف کرتے ہوئے قبرستان میں داخل ہوا اور حق کو قائم کیا تو دلیل ہے کہ جاہل اور غافل قوم میں اور کافروں میں سچ کہے گا (۱۲) معروف قبرستان کی تعبیر امر حق ہے (۱۳) کسی نے کسی جانے پہچانے قبرستان میں اپنے نفس کو جھنجوڑنے کی غرض سے داخل ہو کر حکمت، انابت اور نیکی کی باتیں کیں تو دلیل ہے کہ وہ کسی امر حق میں داخل ہوگا جو مقرر کیا گیا۔ (۱۴) اگر نفس کو زجر کرنے کے غرض سے داخل نہیں ہوا بلکہ کسی اور غرض سے داخل ہوا تو اس امر کے معاملے میں غفلت سے کام لیگا۔ خواب میں کسی مقبرہ میں داخل ہونا اور مردوں کی ہڈیوں کو روندنا ہلاکت کی دلیل ہے۔

## جبل (پہاڑ)

عام قسم کے پہاڑ کی تعبیر ثابت قدم، مضبوط، اونچی آواز والے رفیع الشان آدمی ہے اور اس کی دلالت مندرجہ ذیل افراد پر بھی ہوتی ہے سردار، آدمی، ولد، تاجر، سخت دل عورت، ہم، غم، انسانی ہمت کی انتہا اور سفر وغیرہ۔ (۲) سرسبز اور پانی والے پہاڑ کی تعبیر دیندار بادشاہ ہے (۳) اور خواب میں بے آب و گیاہ پہاڑ دیکھنا کافر وسرکش پر دلالت کرتا ہے، اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لئے کہ وہ ذکر نہ کرنے کی وجہ سے مردے کے مانند ہے جس سے لوگوں کو فائدہ نہیں ہوتا (۴) اگر پہاڑ گر کر چٹانوں کی صورت اختیار کرے تو اس سے مراد مردہ ہے اور نہ گرنے والے پہاڑ کی دلالت زندہ انسان پر ہوتی ہے (۵) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ پہاڑ پر چڑھا جا رہا ہے اور اس کا پانی پیتا جا رہا ہے اگر صاحب خواب ولایت کا اہل ہے تو دلیل ہے اس کو کسی سخت نفع بخش بادشاہ کی طرف سے کسی علاقے کی ولایت بقدر شربِ ماء حاصل ہوگی۔ (۶) پہاڑ پر چڑھ کر اس کی نباتات کو دیکھنا امید کے برآنے' معاملہ کے بلند ہونے اور ظالموں کے مطیع ہونے کی علامت ہے (۷) یہی خواب اگر تاجر دیکھے تو یہ اس کے کام کے پھیل جانے کی علامت ہے اور پہاڑ پر چڑھتے وقت آسانی سے چڑھ سکنا مذکورہ امور میں آسانی اور مشکل سے چڑھنا ان امور میں مشکل پیش آنے کی علامت ہے۔ (۸) پہاڑ پر چڑھتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی تحمید بیان کرنا سلطانِ عادل ہونے کی دلیل ہے اور سرکشی سے چڑھنا ظلم و جور کی علامت ہے (۹) پہاڑ پر چڑھکر اللہ کے سامنے سجدہ ریز ہونا بھی ولایت ملنے اور دشمنوں پر غالب آنے کی بشارت ہے۔ (۱۰) بادشاہ کا اپنے آپ کو پہاڑ سے اترتے ہوئے دیکھنا ملک کے ہاتھ سے نکلنے کی دلیل ہے اور کسی علاقے کے والی کے لئے یہ خواب عہدے سے معزولی کی علامت ہے اور تاجر کے لئے یہ خواب خسارے اور ندامت پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۱) بادشاہ یا اس کے مصاحب یا اس کے فوج کے آدمی کے ساتھ خواب میں پہاڑ پر چڑھنا اللہ تعالیٰ کی مدد کی علامت ہے اور صاحب خواب کے لئے اپنی حرفت میں غالب آنے' قوت و کامیابی پانے اور حج نصیب ہونے کی بھی دلیل ہے اس لئے کہ خواب میں بادشاہ دیکھنا اللہ تعالیٰ پر دلالت کرتا ہے (۱۲) خواب میں نباتات سے خالی پہاڑ پر چڑھنا کافر بادشاہ کے ساتھ اس کے عمل میں شریک ہونے اور غم میں مبتلا ہونے پر دلیل ہے۔

(۱۳) خواب میں خود کو کسی گھاٹی پر چڑھتے ہوئے دیکھنا عقوبت و شدت میں مبتلا ہونے کی علامت ہے اور اس سے نیچے اترنا نجات کی نشانی ہے۔ (۱۴) کبھی اس پر چڑھنا ارتفاع کی دلیل ہے اور یہ خواب کبھی تعب کے ساتھ حصولِ قوت پر بھی دلالت کرتا ہے (۱۵) پہاڑ کے آس پاس چٹان بادشاہ کے سخت دل ہونے پر دلالت کرتی ہے (۱۶) پہاڑ کے آس پاس پتھر دیکھنا ریاست ملنے کی علامت ہے (۱۷) خواب میں پہاڑ سے گرنا غلطی کرنے اور اس غلطی کے پاداش میں ضرر واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے (۱۸) یا اس کی تعبیر کسی انسان سے جھگڑا کرنے اور اس میں نقصان میں پڑنے سے کی جاتی ہے یا یہ خواب اپنے مرتبہ سے گرنے اور حالت کی تبدیلی کی علامت ہے (۱۹) پہاڑ سے گر کر ٹانگ ٹوٹ جانے کی تعبیر بادشاہ کی طرف سے مالی نقصان میں واقع ہونے سے کی جاتی ہے (۲۰) کوئی شخص خواب میں پہاڑ میں چڑھا اور نصف حصہ طے کرنے کے بعد اس کے لئے مزید آگے بڑھنا اور نیچے اترنا دشوار ہو گیا تو دلیل ہے کہ صاحبِ خواب نصف عمر میں مرجائے گا اور نصف عمر تقریباً چالیس سال ہے (۲۱) خواب میں پہاڑ پر چڑھ کر بیٹھ جانا مضبوط بیٹے کے پیدا ہونے کی دلیل ہے اور اوپر چڑھنا دلیل رفعت اور نیچے اترنا دلیل ذلت ہے کبھی پہاڑ پر چڑھنا ولایت پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور اترنا ولایت سے معزولی پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۲۲) کسی نے خواب دیکھا کہ گویا پہاڑ جل گیا یا نیچے گر گیا تو اس علاقے کے کسی بڑے آدمی کے انتقال کی دلیل ہے یا علامت ہے اس بات کی کہ بادشاہ اس پر غالب ہو کر اسے ڈرائے گا اس لئے کہ آگ کی تعبیر بھی بادشاہ ہے (۲۳) کسی نے دیکھا کہ پہاڑ پر زلزلہ طاری ہوا اور وہ ہلنے لگا لیکن پھر ٹھہر گیا تو تعبیر ہے کہ اس علاقے کے بادشاہ کو مصیبت لاحق ہوگی یا کوئی مشکل پیش آئے گا بعد ازاں ان کے تمام معاملات ٹھیک ہوں گے اور اس کی رعایا کے معاملات بھی صحیح ہوں گے (۲۴) پہاڑ کو زجر کرنا کسی بڑے آدمی کو ڈانٹنے پر دلالت کرتا ہے (۲۵) خواب میں پہاڑ پر ٹیک لگا کر بیٹھنا کسی بڑے عظیم الخطر بادشاہ پر اعتماد و بھروسہ کرنے پر دلالت کرتا ہے (۲۶) خواب میں پہاڑ کے سائے میں بیٹھنا بادشاہ سے فائدہ حاصل کرنے اور راحت ملنے کی علامت سمجھی جاتی ہے (۲۷) خواب میں پہاڑ کو اٹھانا اور سخت بوجھ محسوس کرنا کسی بڑے آدمی یا کسی بڑے تاجر کی ایسی مؤنت اختیار کرنے کی علامت ہے جو اس کے لئے بوجھ ہو اور اگر پہاڑ ہلکا محسوس ہو تو مؤنت کے خفیف ہونے کی طرف اشارہ ہے (۲۸) آسمان سے پہاڑ کو نیچے آتے ہوئے دیکھنا علاقے میں بارش کی آمد پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۹) اور آسمان پر چڑھنے کی تعبیر کبھی عہدے سے معزولی سے بھی کی جاتی ہے (۳۰) خواب میں کسی پہاڑ کے غار میں گھس جانا اپنے معاملات کو درستگی کے ساتھ انجام دینے اور کسی بادشاہ کے کام کے سربراہ ہونے اور اس کی طاقت رکھ سکنے کی دلیل ہے (۳۱) کبھی خواب میں غار میں داخل ہونا کسی بادشاہ یا کسی بڑے آدمی کے ساتھ سازش کرنے کی علامت ہے۔

(۳۲) خواب میں سامنے پہاڑ آنا غم لاحق ہونے یا سفر پیش آنے یا کسی مضبوط قوی مرد سے ملاقات' یا مشکل کام پیش آنے یا سخت دل مضبوط عورت سے واسطہ پڑنے کی علامت ہے (۳۳) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ پہاڑ سے کسی کی طرف تیر پھینک رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ کسی کو برا بھلا کہے گا۔ (۳۴) اگر پہاڑ سے تیر پھینکتے وقت اس کی ہیئت اچھی تھی تو مارے جانے والے کے بقدر طاقت کے قوی ہونے کی علامت ہے (۳۵) بعض دفعہ پہاڑ پر چڑھنا اپنے مقصد کی طرف گامزن ہونے کی دلیل ہوتا ہے جتنی بلندی تک پہنچے گا مقصد میں اتنی ہی کامیابی ہوگی اور آخر تک پہنچنا اپنے مقصود کو پانے کی دلیل ہے (۳۶) کسی پہاڑ یا گھاٹی یا کسی ٹیلہ یا کسی چھت وغیرہ پر چڑھنا اپنے ارادے اور ضرورت کی تکمیل کی علامت ہے بعض نے کہا ہے کہ مسلسل چڑھنا مشقت کی دلیل ہے (۳۷) اور مذکورہ اشیاء سے اترنا مقصود کے پورا نہ ہونے پر دلالت کرتا ہے (۳۸) ایک پہاڑ سے دوسرے پہاڑ کو دیکھنا سفر اور غم لاحق ہونے کی طرف اشارہ ہے (۳۹) بعض علماء تعبیر پہاڑ کی تعبیر عہد سے کرتے ہیں ۔علامہ ابن سیرینؒ فرماتے ہیں کہ جس نے اپنے آپ کو کسی پہاڑ پر دیکھا تو یہ اس کی نافرمانی کی علامت ہے اور اس کے قریب الموت ہونے کی دلیل ہے۔ (۴۰) پہاڑ پر چڑھنا دلیل موت ہے اور خود کو پہاڑ کی چوٹی پر دیکھنا عمر کے باقی رہنے کی طرف اشارہ ہے۔

(۴۱) پہاڑ کو حرکت کرتے ہوئے دیکھنا اس زمین کے بادشاہ کے سفر کرنے کی طرف اشارہ ہے (۴۲) کبھی پہاڑ پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



چڑھنا دولت ورفعت پر دلالت کرتا ہے بعض دفعہ کسی پہاڑ کو دیکھنا مال اور خیر ملنے کی علامت ہوگا (۴۳) خواب میں پہاڑ پر زلزلہ طاری ہو کر ختم ہو جائے تو اس علاقے پر خوف اور ہول شدید لاحق ہونے اور اللہ تعالیٰ کی مدد سے اس سے محفوظ ہونے کی دلیل ہے (۴۴) پہاڑ پر درخت دیکھنا عزت' بلند مرتبہ وشرف یا لوگوں میں اچھی شہرت ملنے کی علامت ہے۔ (۴۵) کسی پہاڑ کی چوٹی کے اوپر رؤسا کا یکجا ہونا اس شہر میں یا اس محلہ میں ان کے مرجانے کی علامت ہے جہاں وہ جمع ہیں (۴۶) بعض دفعہ پہاڑ یا ٹیلہ دیکھنا شدید غم' سخت خوف وہراس اور پریشانی پر دلالت کرتا ہے۔ (۴۷) غلاموں اور برے اعمال کرنے والے اور شریر قسم کے لوگوں کا یہ خواب دیکھنا عذاب اور ضرر پر دلالت کرتا ہے اور اغنیاء کے لئے نقصان میں واقع ہونے کی علامت ہے (۴۸) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے پانچ سو کی مقدار میں پہاڑ کو نگل گیا تو دلیل ہے کہ مضبوط شدید قوت والے لوگ اس کے ماتحت آئیں گے اور اسکی تابعداری کریں گے اور یہ اپنے ارادے کے مطابق ان کو استعمال کریگا (۴۹) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ مٹی کے تودوں پر چڑھ کر کسی کشادہ جگہ کی طرف جارہا ہے تو تعبیر ہے کہ وہ غلام آزاد کریگا (۵۰) کسی نے دیکھا کہ وہ کسی غار میں داخل ہوا تو تعبیر ہے کہ وہ امن پائے گا اور توکل علی اللہ اور سکینت جیسی دولت سے سرفراز ہوگا (۵۱) کبھی پہاڑ دیکھنا سمندری جہاز وکشتی کے لنگر پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۵۲) کبھی پہاڑ دیکھنا کسی شخص کے اس کے ہاں پناہ لینے اور اس کے زیرِ سایہ رہنے اور اس کی حمایت حاصل کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے اور کبھی پہاڑ پر پانی' سرسبزی اور پھل' درخت وغیرہ دیکھنا خیر پر اور ان چیزوں سے خالی دیکھنا شر پر دلالت کرتا ہے' یا اس کی تعبیر ایسے بلند مرتبے سے کی جاتی جس میں کوئی خیر نہ ہو (۵۳) کبھی خواب میں پہاڑ کو چلتے ہوئے دیکھنا شدت اور خوف پر دلالت کرتا ہے۔

(۵۴) خواب میں پہاڑ کا نیچے ہو کر سائبان کی صورت اختیار کرنا موجب عذاب اور سخت امر پیش آنے کا اشارہ ہے (۵۵) کسی نے دیکھا کہ وہ کسی پہاڑ پر چڑھا اور وہاں شریں پانی یا پھل وغیرہ یا ایسی کوئی چیز جو انسان کی خوراک بنتی ہے دیکھی تو تعبیر ہے کہ وہ بابرکت بیوی کے سبب پاکدامن ہوگا یا ایسی تعلیم کی دلیل ہے جو اس کو جہالت کی تاریکیوں سے نکالے گی' یا دلیل ہے کہ کوئی فن حاصل کر کے اس کے ذریعہ رزق حاصل کریگا یا نفع بخش سفر کریگا یا کسی بادشاہ کی خدمت کرنے کی یا کسی کو ڈرانے کی علامت ہے جس کا نتیجہ صحیح ہو۔ (۵۶) کسی معزز معروف پہاڑ مثلاً جبل عرفات' کوہِ قاف' جودی پہاڑ' جبل اُحد جبل لبنان قاسیوں کے پہاڑ جبل طور' جبل المعظم' اور ان جیسے پہاڑوں پر چڑھنا علماء سادات اور صلحاء سادات کی خدمت کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۵۷) اور کبھی یہ خواب ان علاقوں کی طرف سفر کرنے اور وہاں اپنے مقصد کو پانے کی علامت ہے جہاں یہ پہاڑ واقع ہیں (۵۸) پہاڑ کو نیچے گر کر ہموار ہوتے ہوئے دیکھنا صاحبِ خواب یا جس پر پہاڑ دلالت کرے (علماء' رؤسا وغیرہ) کی موت یا عہدے سے معزولی پر دلالت کرتا ہے (۵۹) کبھی یہ صاحب خواب کے متقی ہونے اور حج کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے (۶۰) پہاڑ مندرجہ ذیل افراد پر بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دلالت کرتا ہے' بادشاہ' امراء' صلحاء' علماء (۶۱) کبھی جبل کی دلالت صاحب دین و دنیا ہونے پر ہوتی ہے (۶۲) خواب میں اپنے آپ کو پہاڑ میں کنواں کھودتے یا وہاں کے پتھروں کو کسی دوسری جگہ منتقل کرتے دیکھنا کسی سخت دل آدمی کے ساتھ لڑنے اور درست کام کرنے اور مشقت وتعب میں پڑنے کی دلیل ہے (۶۳) خواب میں پہاڑ کا صاحب خواب کے ساتھ ساتھ چلنا ایسی جنگ پر دلالت کرتا ہے جس میں بادشاہ آپس میں ایک دوسرے کے مقابل حرکت میں آجاتے ہیں یا اس کی دلالت علاقے کے علماء کے درمیان ایسے اختلاف واضطراب پر ہوتی ہے جو کسی فتنہ وشدت کا سبب بنے اور جسمیں عام لوگوں کی ہلاکت کا خطرہ ہو' کبھی یہی خواب اس علاقے میں عدل وانصاف ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۶۴) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کسی سے بھاگ کر کسی پہاڑ کی طرف جا رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ ہلاک ہوگا دلیل اس کی حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے کا قصہ ہے یا اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ اپنے نفسانی خواہشات کی وجہ سے جماعت کو چھوڑ کر تفرد اختیار کریگا (۶۵) پہاڑ سے کسی وحشی جانور' سانپ چوہے' کبوتر وغیرہ کا گندے مقامات پر گرنا گناہوں' فسق وفجور فتنوں اور ہلاکت پر دلالت کرتا ہے نیز کبھی ان کا گر کر ان مقامات سے بھاگنا گناہوں کو چھوڑنے اور بدعت سے توبہ کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے اور مسجد سے کٹ جانے یا باغ سے دور ہونے قرآن پکڑنے اور باجماعت نماز سے رہ جانے پر بھی دلالت کرتا ہے (۶۶) کسی نے دیکھا کہ پہاڑ ہوا میں بلند ہو کر خلائق کے سروں پر آگیا تو یہ خوف شدید ہے جو مالک الملک کی طرف سے لوگوں کے سروں پر آیا ہوا ہے اس لئے کہ بنی اسرائیل کی تخویف وتہدید کے طور پر پہاڑ سائبان کی طرح ان کے سروں پر اٹھایا گیا تھا (۶۷) پہاڑ کا چلنا کبھی طاعون کی بیماری پھیلنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

(۶۸) پہاڑ کا غبار کی صورت اختیار کر کے ریت یا مٹی بن جانے میں ان لوگوں کے لئے کوئی دنیاوی یا اخروی بہتری نہیں جن پر پہاڑ دلالت کرتا ہے مثلاً' علماء' صلحاء' سلاطین' رؤسا وغیرہ (۶۹) کسی نے دیکھا کہ وہ پہاڑ کو گرا رہا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ وہ کسی بڑے آدمی کو قتل کریگا۔ بعض نے کہا ہے کہ یہ خواب اس کی عمر ختم ہونے کی دلیل ہے (۷۰) کسی نے دیکھا کہ اس نے اپنے آپ کو پہاڑ سے نیچے پھینک دیا ہے تو تعبیر ہے کہ اس کی خبر یا اس کا کسی قسم کا خط بادشاہ تک پہنچ گیا ہے جس سے اس کو تکلیف پہنچے گی (۷۱) خود کو کسی پہاڑ پر تلوار لیکر چڑھتا ہوا دیکھنا یا زرہ پہنا ہوا دیکھنا یا یہ دیکھنا کہ اس کے ساتھ بادشاہ کا کوئی مصاحب موجود ہے تو یہ دلیل ہے کہ اس کو حکومت ملے گی یا بہت خیر اور بلندی حاصل کریگا (۷۲) پہاڑ پر چڑھنے کا ارادہ کرنا کبھی کسی سخت دل اور طول امل رکھنے والے آدمی کی خوشامد کرنے کی دلیل ہے یا اگر صاحبِ خواب کوئی بڑا کام کرنا چاہتا ہے تو اوپر چڑھنے کی بقدر اس کو کامیابی ملے گی' یعنی اگر پہاڑ کے آخر تک چڑھا تو اپنی امید کو پائے گا اور چڑھنے میں آسانی ودشواری امید کے حصول میں آسانی یا دشواری کی دلیل ہے خواب دیکھا کہ پہاڑ زمین میں دھنس گیا تو دلیل ہے اس خطے کا بادشاہ مرجائیگا یا اس علاقے کے کسی بڑے اہم آدمی کا انتقال ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## جیحون (دریائے جیحون)

کسی نے دیکھا کہ وہ دریائے جیحون میں نہا رہا ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو ملک عظیم سے نوازے گا یا وہ کسی بڑے بادشاہ سے ملے گا۔

مقروض کے لئے یہ خواب سے قرض سے چھٹکارے کی علامت ہے اور مغموم کے لئے غم سے نجات کی دلیل ہے۔ اگر قیدی یہ خواب دیکھے تو قید سے نجات ملے گی اور فقیر کے لئے غناء کی بشارت ہے (۲) دریائے جیحون بلادِ عجم پر بھی دلالت کرتا ہے (۳) دریائے جیحون کے پانی کا بہنا فائدہ ملنے اور اقلیمِ عجم کی جانب سے تحائف ملنے کی دلیل ہے۔

## جرّہ (مٹکا، گھڑا)

مٹکے کی تعبیر اس منافق سے کی جاتی ہے جس کے پاس امانتیں رکھی جاتیں ہوں اور اموال اس کے ہاتھ میں جاری ہوں۔ (۲) خواب میں گھڑے سے پانی پینا مالِ حلال ملنے اور پاکیزہ زندگی پر دلالت کرتا ہے (۳) خواب دیکھا کہ مٹکے کا آدھا پانی پی لیا تو دلیل ہے کہ اس کی عمر کا نصف حصہ ختم ہو چکا ہے اس سے کم یا زیادہ پانی پینا عمر کے کم یا زیادہ باقی رہنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے (۴) کسی نے دیکھا کہ اس نے گھڑے کا سارا پانی پی لیا تو یہ ساری عمر کے ختم ہونے کی دلیل ہے یہی تعبیر دوسرے برتنوں سے پانی پینے کی بھی ہے (۵) خواب میں تنگ منہ والے گھڑے سے پانی پینا کسی لڑکی کو جماع پر تیار کرنے کی طرف اشارہ ہے (۶) کسی نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ سے گھڑا گر کر ٹوٹ گیا اور پانی باقی رہا تو تعبیر ہے اسکی بیوی حاملہ ہے اور زچگی میں اسکا انتقال ہوگا جبکہ بچہ زندہ رہے گا (۷) بعض علمائے تعبیر کہتے ہیں گھڑے کی تعبیر عورت یا خادم یا غلام ہے (۸) تیل یا شہد سے یا دودھ سے بھرا ہوا مٹکا اہل دنیا کے لئے سفر اور خزانے پر دلالت کرتا ہے یہی تعبیر دوسرے قیمتی برتنوں یعنی چھوٹے کوزے وغیرہ کی ہے (۹) کبھی گھڑے کی دلالت سواری یا محنتی اور سخت کوشش کرنے والی بیوی پر بھی ہوتی ہے پیتل کا گھڑا دیکھنا بلند مرتبہ بیوی پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۰) خوبصورت شراب کا گھڑا حائضہ عورت پر دلالت کرتا ہے اور شراب کے گھڑے سے پینا حائضہ عورت سے جماع کرنے کی دلیل ہے۔

## جام (پیالہ)

(۱) خواب میں اس کو دیکھنا آدمی کے حبیب یا میٹھی اور مرغوب چیز وغیرہ پر دلالت کرتا ہے (۲) کسی نے دیکھا کہ فالودے کا پیالہ اسکی طرف چلا آرہا ہے تو تعبیر ہے کہ وہ اپنے محبوب کی طرف سے زیادہ محبت پائے گا (۳) اور ناپسندیدہ چیز مثلاً باقلا، کھیر اور کھٹی چیزیں وغیرہ آتا دیکھے تو تعبیر ہے کہ اس کے محبوب کے دل میں اسکے لئے عداوت و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بغض اور تنگی پیدا ہوگی (۴) کبھی جام کی تعبیر صاحب خواب کے درجہ کے اعتبار سے ایک ہزار درہم یا ایک سو درہم ہے۔(جیلا (پالا) دیکھیئے باب الثاء تلج میں)

## جلد (کھال)

جلد ستر ہ اور انسان کے ترکہ پر دلالت کرتی ہے (۱) کسی نے دیکھا کہ بکری کی کھال کی طرح اسکی کھال اتاری جارہی ہے تو مریض کے لئے یہ خواب دلیلِ موت ہے اور صحت مند کے لئے فقیر ہونے اور مصیبت اٹھانے کی علامت ہے۔ (۲) یہی خواب بدن میں قوت پیدا ہونے اور موٹا ہونے اور دین وایمان کی پختگی کی علامت ہے (۳) خواب دیکھا کہ اسکا جسم سانپ کے جسم کی طرح ہوگیا تو دلیل ہے کہ اسکے اندر کی پوشیدہ دشمنی ظاہر ہوگی (۴) کسی نے دیکھا کہ اس کا کولہے چھترے کی لاٹ کی طرح ہوگئے تو دلیل ہے اسکے ہاں تلخ مزاج بیٹا پیدا ہوگا (۵) خواب میں بدن کا لوہے یا ٹھیکری سے تبدیل ہونا صاحب خوب کی موت پر دلالت کرتا ہے (٦) خواب میں بدن کا نقصان کے بغیر بڑھنا زیادتی نعمت کی دلیل ہے۔(۷) کبھی کھال کی دلالت انسان کی ان چیزوں پر ہوتی ہے جس کے ذریعہ انسان اپنے آپ کو چھپاتا ہے جیسے لباس' زوجہ' رہنے کی جگہ' محبوب' ولد وغیرہ اور کبھی یہ خواب اس چیز پر بھی دلالت کرتا ہے جس کے ذریعہ تکلیف دہ چیز سے اپنے آپ کو بچایا جاتا ہے مثلاً بادشاہ اور سردار' سرپرست وغیرہ چنانچہ جسمِ انسانی میں خوبصورتی پیدا ہونا یا قوت کا آجانا مذکورہ افراد کے حسنِ حال کی علامت ہوتی ہے۔اور اسمیں ضعف وکمزوری وبدبو دیکھنا مذکورہ لوگوں کے احوال میں کمزوری آنے کی دلیل ہے۔

(۸) خواب میں بدن کا خوبصورت انداز سے موٹا ہونا صاحب خواب کے درجہ کی بلندی اور دشمنوں کے مقابلے میں مدد ملنے پر دلالت کرتا ہے (۹) کھال کی تعبیر بچاؤ بھی ہے (۱۰) اور کھال کی دلالت مندرجہ ذیل چیزوں اور افراد پر بھی ہوتی ہے والد' حکمت' مال' لباس' بیوی' جائیداد' عافیت' بیماری' ایمان اور شرک وغیرہ (۱۱) کبھی جلد کی دلالت دشمن اور چغلخور دوست پر بھی ہوتی ہے اس لئے کہ قیامت کے دن جلد انسان کے خلاف گواہی دے گی (۱۲) کبھی اسکی دلالت صبر کرنے اور معاملات میں مضبوط ہونے پر بھی ہوتی ہے (۱۳) خواب میں اپنی جلد کو بہتر حالت میں دیکھنا خیر وراحت کے حصول اور بیماری کے ٹھیک ہونے پر بھی دال ہے (۱۴) کسی نے خواب میں مردے کو خوبصورت حالت میں دیکھا تو دلیل ہے وہ جنت کی نعمتوں سے سرفراز ہے اور مردے کی کھال بدنما شکل میں دیکھنا اسکے مبتلائے عذاب ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے (۱۵) خواب میں جلد کا سیاہ ہونا ترکِ دین کی علامت ہے۔(۱٦) کسی نے دیکھا کہ حبشی عورتیں (کالی عورتیں) اس پر چڑھائی کررہی ہے تو تعبیر یہ ہے کہ اس کو خیرِ کثیر حاصل ہوگی مگر کبھی ان عورتوں کی دلالت دشمن پر بھی ہوتی ہے (۱۷) خواب میں رنگ کا سرخ ہونا وجاہت اور خوشحالی کی دلیل ہے بعض علماء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے کہا ہے سرخی مائل بہ سفیدی صاحب عزت ہونے کی دلیل ہے (۱۸) کسی کالے آدمی نے خواب دیکھا کہ وہ سفید ہو گیا ہے تو تعبیر ہے کہ اس کو کمزوری اور ذلت ومشقت لاحق ہوگی (۱۹) کسی نے دیکھا کہ اس کا چہرہ اور جسم سرخ ہو گئے تو دلیل ہے کہ وہ اپنے مقصد میں کامیابی سے دور ہوگا (۲۰) کسی نے دیکھا کہ اس کا جسم لوہے یا پتھر کا ہو گیا تو اسکے مرنے کی دلیل ہے (۲۱) تمام حیوانات کی کھال کی تعبیر میراث ہے (۲۲) بعض علمائے تعبیر نے کہا ہے خواب میں کھال کا مالک ہونا گھر کے مالک ہونے پر دلالت کرتا ہے (۲۳) کسی نے خواب دیکھا کہ بادشاہ لوگوں کی کھال اتار رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ ان پر ظلم کرے گا اور لوگوں کے اموال چھینے گا (۲۴) خواب میں کسی عالم کی کھال کا اتر جانا ترکِ علم یا نسیان علم پر دلالت کرتا ہے (۲۵) کسی نے دیکھا کہ وہ کسی شاعر کی کھال اتار رہا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب اس شاعر کے اشعار چوری کرے گا۔ کبھی کھال اترنا قمیص اترنے کی اور حمام میں داخل ہونے کی بھی علامت ہوتی ہے یا پھر ملبوسات کے چوری ہونے کی دلیل ہے کالی عورت کا اپنی کھال اترتی ہوئی دیکھنا اندھیری رات کے بعد طلوع شمس کی دلیل ہے۔

www.KitaboSunnat.com

## جبهة (پیشانی)

پیشانی کی تعبیر عزت اور حکم کا نافذ ہونا ہے (۱) خواب میں پیشانی میں کسی قسم کا عیب لگنا یا ٹوٹ جانا اسکی ہیبت، عزت اور حکم چلنے میں نقصان واقع ہونے کی علامت ہے (۲) کسی نے دیکھا کہ اسکی پیشانی میں کچھ زیادتی ہوئی مثلاً اخروٹ کی مانند یا بہت کم یا زیادہ بڑا ہو گیا تو تعبیر ہے کہ اس کے ہاں بیٹا ہوگا اور پورے خاندان کا سردار بنے گا (۳) پولیس یا بازاری آدمی اور بے حیا قسم کے لوگوں کے ساتھ کاروبار کرنے والے کی پیشانی کا خواب میں پتھر یا پیتل یا لوہے میں تبدیل ہونا اچھا شگون ہے (۴) اور مذکورہ افراد کے علاوہ دیگر لوگوں کے لئے دوسروں کے ہاں مبغوض ہونے کی دلیل ہے (۵) خواب میں کسی دوسرے کی پیشانی کو اصلی حالت سے تنگ ہوتے ہوئے دیکھنا صاحب پیشانی کے خوش خلق ہونے کے بعد بدخُلق ہونے کی دلیل ہے اور کسی کی پیشانی کو کشادہ ہوتے ہوئے دیکھنا عقلمندی کے بعد احمق ہونے اور عالم ہونے کے بعد جاہل ہونے کی طرف اشارہ ہے (۶) بعض دفعہ خواب میں پیشانی دیکھنے کی تعبیر بخل سے اور بعض دفعہ سخاوت سے بھی کی جاتی ہے (۷) پیشانی کا کالا ہونا دلیل بخل اور اللہ تعالی کے حقوق سے روکنے کی علامت ہے (۸) خواب میں پیشانی کا خوبصورت اور نورانی ہونا انفاق فی سبیل اللہ اور مواسات کی دلیل ہے (۹) کبھی پیشانی کی دلالت جائے نماز اور رومال وغیرہ پر بھی ہوتی ہے۔ (۱۰) خواب میں پیشانی کا بڑھ جانا یا لوہے، پتھر کی طرح بن جانا جہد فی الصلوۃ کی دلیل ہے یا بے حیائی کی علامت ہے (۱۱) خواب میں اپنی پیشانی میں زخم یا پھوڑا دیکھنا نماز میں کوتاہی کرنے یا سجدہ صحیح طریقے سے نہ کرنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے یا یہ تعبیر ہے کہ کوئی شخص اس سے بدکلامی کرے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## جفن (آنکھ کے پپوٹے)

(۱) خواب میں پپوٹوں کو صحیح سالم اور تکالیف سے محفوظ دیکھنا سب کے لئے اچھا ہے خصوصاً عورتوں کے لئے بہت ہی بہتر ہے (۲) پپوٹوں کا کم گوشت ہونا یا اس میں پھوڑا وغیرہ نکلا ہوا دیکھنا غم وحزن پر دلالت کرتا ہے (۳) کبھی پپوٹوں کی دلالت اس چیز یا فرد پر ہوتی ہے جس کے ذریعے انسان اپنے آپ کو بچاتا ہے یا جس کو تکلیف وغیرہ کے لئے حاجب بناتا ہے مثلاً استاد وغیرہ (۴) اور پپوٹوں کی دلالت مندرجہ ذیل پر بھی ہوتی ہے (یعنی پپوٹوں میں اچھائی یا برائی ان میں اچھائی یا برائی سمجھی جائے گی) بھائی' بہنیں' ازواج' اولاد' دروازہ کے کواڑ' صندوق' خزانہ' حجاب' خراس 'غلمان' راز دان' ایسے لوگ جن کے پاس امانتیں رکھی جاتی ہیں اور غضب وغیرہ۔ (۵) کسی نے خواب میں کسی بڑے آدمی کو دیکھا کہ اسکے پپوٹے اسکے چہرے میں عجیب حرکت کر رہے ہیں تو دلیل ہے کہ وہ شخص صاحب خواب پر غصہ کرے گا اور ایسی خبر پر مطلع ہونے کی علامت ہے جو اس کی قدر ومنزلت کی کمی کا باعث بنے گی (۶) کبھی اس کی دلالت میاں بیوی پر بھی ہوتی ہے اوپر والے پپوٹے کی دلالت شوہر اور نیچے والے کی بیوی پر ہوتی ہے (۷) دونوں پپوٹوں کے درمیان سے کچھ خارج ہونا اولاد پر دلالت کرتا ہے (۸) پپوٹوں کے بال اپنی حالت کے اعتبار سے ضرر رساں چیز کے دور ہونے کی علامت سمجھے جاتے ہیں پپوٹوں کی خوبصورتی اور چندیا پن سے محفوظ ہونا اس شخص کے حسنِ حال پر دلالت کرتا ہے جس پر پپوٹے دلالت کرتے ہیں (۹) پپوٹوں میں کمزوری عزت میں کمی اور جہالت کی دلیل ہے۔ (۱۰) پپوٹوں کو بادل کیساتھ اور آنسوؤں کو بارش سے بھی تشبیہ دی جاتی ہے (۱۱) بسا اوقات پپوٹوں میں بیماری دیکھنا خواب دیکھنے والے کا کسی کے عشق میں مبتلا ہونے پر دلالت کرتا ہے (۱۲) کبھی آنکھ کی دلالت آنکھ کی بیماری میں مبتلا ہونے پر ہوتی ہے بسا اوقات پپوٹوں کی تعبیر مال کی زکوۃ اور اسکی حفاظت سے کی جاتی ہے۔

## جناح (پر)

خواب میں پر دیکھنے کی تعبیر بیٹا ہے۔ (۱) کسی نے خواب دیکھا اس کے دو پر لگے ہوئے ہیں تو دلیل ہے اس کے ہاں دو بیٹے پیدا ہوں گے (۲) پر کی تعبیر کبھی مال سے بھی کی جاتی ہے اور کبھی اسکی دلالت پینے کی چیزوں پر ہوتی ہے۔ (۳) کبھی پر کی تاویل کھیتی کے نباتات ہوتے ہیں (۴) خواب میں دیکھا اسکو دو پر لگے ہیں اور وہ اُڑ رہا ہے تو یہ دلیل قوت ہے۔ (۵) اگر دیکھا پر لگے ہیں مگر اُڑ نہیں رہا ہے تو یہ خیر پہنچنے کی دلیل ہے (۶) دونوں پروں کی دلالت اولاد پر ہوتی ہے چنانچہ خواب میں پر کا ٹوٹ جانا بیٹے کے بیمار ہونے کی علامت ہے اور پر کا اکھڑ جانا بیٹے کے مرجانے کی طرف اشارہ ہوتا ہے (۷) کبھی پروں کی دلالت مال پر اور کبھی سفر پر بھی ہوتی ہے (۸) پر لگنا زخم لگنے پر بھی دلالت کرتا ہے (۹) کبھی پروں کے بھاری ہونے کی وجہ سے نہ اُڑ سکنا گناہ وعقوبت میں مبتلا ہونے دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## جلاجل (گھونگرو)

خواب میں اسکو دیکھنے کی تعبیر لڑائی اور کلام جدال وغیرہ سے کی جاتی ہے:

## جونہ (تارکول لگا ہوا مٹکا)

تارکول لگے مٹکے کی تعبیر لوگوں کے راز چھپانے والے وہ مرد وعورت ہیں جو انکی امانتوں کی حفاظت کرتے ہیں اور کبھی اس کی دلالت اس خادم پر بھی ہوتی ہے جو اموال جمع کرتا ہو۔

## جراب

(۱) خواب میں جراب دیکھنا راز کی حفاظت کرنے والے پر دلالت کرتا ہے۔(۲) بعض علماء کا کہنا ہے کہ جراب کی تعبیر خازن اموال اور چیزوں کے محافظ ہیں۔(۳) اور کبھی جراب دیکھنا سفر اور ایسے ولد پر جسکو کندھے پر اٹھایا جاتا ہے دلالت کرتا ہے۔

## جوالق (بوری)

اس کی دلالت بھی رازوں کی حفاظت کرنے والے پر ہوتی ہے چنانچہ اس سے کچھ نکلنا رازوں کے فاش ہونے کی دلیل ہے اور کبھی جوالق کی رؤیت حفظ راز اور زوجہ پر بھی دلالت کرتی ہے۔

## جرس (گھنٹی)

(۱) جرس کی دلالت بادشاہ کی طرف سے اعلان کرنے والے اور اذان دینے والا شخص پر ہوتی ہے (۲) جرس کو جانوروں کے گلوں میں دیکھنا خیر کی دلیل ہے (۳) اور کبھی اسکی دلالت سفر پر بھی ہوتی ہے (۴) عیسائیوں کی گھنٹی کی تعبیر ایسا عالم ہے جس سے اہم امور اور مخاصمات میں رہنمائی حاصل کی جاتی ہے (۵) کبھی اسکی دلالت لڑائی، اور نماز وغیرہ پر بھی ہوتی ہے کبھی جرس کی تعبیر دشمن سے ملاقات کی تیاری سے کی جاتی ہے (۶) خواب میں گھنٹی کی آواز سننا خیر کے ساتھ قافلوں کی آمد یا ایک جہت سے دوسری جہت کی طرف انتقال کی طرف اشارہ ہوتا ہے (۷) کبھی گھنٹیوں کی دلالت سابقہ کتب منسوخہ (توراۃ، انجیل، زبور وغیرہ) اور کبھی امم سابقہ کے طور طریقوں پر ہوتی ہے۔

## جاثلیق (پادری)

خواب میں اپنے آپ کو پادری ہوتا ہوا دیکھنا مرتبے کی یا غیر مسلم ہونے یا ہلاکت کے قریب ہونے یا نعمت کے زائل ہونے کی علامت ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## جلاد

(۱) جلاد کی تعبیر فحش گو آدمی ہے بعض علماء نے کہا ہے کہ جلاد کی دلالت دوسروں کو بہت گالیاں دینے والے جوان شخص پر ہوتی ہے (۲) کبھی جلاد دیکھنا غم' تکالیف' اور ایسی اشیاء جن کے سبب سے تاوان اور حدود واجب ہوں دلالت کرتا ہے۔

## جراحہ (زخم)

(۱) خواب میں اپنے بدن میں زخم دیکھنا بدن کے ذریعے مال کی آمد کی دلیل ہے (۲) دائیں ہاتھ میں زخم دیکھنا مرد رشتہ داروں کی طرف سے مال ملنے کی علامت ہے (۳) بائیں ہاتھ کا زخمی ہونا مؤنث رشتہ دار کی طرف سے مال ملنے کی دلیل ہے (۴) بائیں پاؤں میں زخم دیکھنا زراعت سے حاصل شدہ مال پر دلالت کرتا ہے (۵) اور پشت کی جانب زخم دیکھنا اولاد کی طرف سے ملنے والے مال پر دلالت کرتا ہے (۶) بدن کے زخم سے خون بہتا ہوا دیکھنا مقروض ہونے اور مشقت کے ساتھ مال خرچ کرنے کی علامت ہے اور ہر بہنے والا زخم خرچ پر دلالت کرتا ہے۔ (۷) اپنے پیٹ یا بدن کے کسی حصہ میں تازہ زخم سے خون نکلتے ہوئے دیکھنا صاحب خواب کے مالی نقصان پر دلالت کرتا ہے اور کسی انسان کی طرف بری باتیں سننے اور اس پر اجر ملنے کی علامت ہے (۸) سر پر زخم لگنا بھی مالی نقصان کی دلیل ہے صاحب خواب کو چاہیے کہ یہ خواب دیکھنے کے بعد اپنی حفاظت کرے (۹) کسی نے دیکھا کہ اس کے سر پر زخم لگا اور اس سے خون نہیں نکلا تو تعبیر ہے کہ وہ کسی ایسے شرف وفضیلت کے قریب پہنچ گیا جو عنقریب اس کو پہنچنے والا ہے۔ (۱۰) سر میں زخم ہو کر خون بہنے لگنا ایسا مال ملنے کی طرف اشارہ ہے جس کا اثر اس پر واضح ہو (۱۱) کسی امام یا بادشاہ نے خواب دیکھا کہ اس کے سر پر زخم ہوا اور کھال اُتر گئی اور ہڈی کٹ گئی تو تعبیر ہے کہ وہ دوہری زندگی گزارے گا اور اپنے ہمعصروں کو اپنے سامنے مرتے دیکھے گا اور ہڈی کا ٹوٹنا فوج کی شکست اور حکومت کے کمزور ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۲) بادشاہ کے بائیں ہاتھ میں زخم لگنا اسکی فوج کے دوگنے ہونے کی علامت ہے اور اسکی ران میں زخم لگنا خاندان کے افراد کے بڑھنے پر دلالت کرتا ہے (۱۳) بادشاہ کے پیٹ میں زخم ہونا خزانہ میں مالی زیادتی کی دلیل ہے۔ (۱۴) پنڈلیوں میں زخم درازی عمر پر دلالت کرتا ہے اور پیروں میں زخم مملکت کی مضبوطی کی طرف اشارہ ہے (۱۵) کسی نے دیکھا کہ کسی شخص نے اسکو زخمی کیا اور اسکے اعضاء کو بدن سے جدا کیا تو تعبیر ہے کہ یہ مارنے والا شخص صاحب خواب پر حق بات کی بنیاد پر مسلط ہوگا اور اگر اس زخم سے خون جاری ہوا تو مارنے والے کے لئے دلیل گناہ ہے اور صاحب خواب کے لئے باعث اجر ہے (۱۶) دیکھا کہ مارنے والا اسکے خون سے لت پت ہے تو دلیل ہے کہ مارنے والا گناہوں کا مرتکب ہوگا اور بقدر خون حرام مال حاصل کرے گا (۱۷) خواب میں کسی کافر کو زخمی کرنا یا اس سے خون جاری ہونا کسی ظاہر دشمن پر مسلط ہونے اور اسکو حق بات کہنے اور اس سے خون نکلنے کی بقدر مال ملنے کی دلیل ہے اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لئے کہ کافر کو مارنا مسلمانوں کے لئے حلال ہے (۱۸) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے کسی کو زخمی کر دیا تو دلیل ہے وہ شخص زخمی کے بارے میں درست اور حق بات کہے گا جس کا کوئی جواب نہیں دیا جا سکتا (۱۹) کسی نے کسی کو زخمی کر دیا اور اس سے خون جاری ہوا ہے تو تعبیر ہے کہ مارنے والا زخمی کی غیبت اس چیز کے بارے میں کرے گا جسمیں وہ صحیح ہوگا اور دلیل ہے کہ مارنے سے گناہ سرزد ہوگا اور مجروح بقدر خروج دم گناہوں سے نکل جائے گا (۲۰) چھری یا کسی لوہے کے آلہ سے زخم ہونا یا کرنا خیر کی علامت نہیں ہے بلکہ ظہور فساد کی دلیل ہے (۲۱) بدن کے اعضاء میں سے کسی عضو کے زخمی ہونے کی تعبیر اس عضو کے عمل کے لحاظ سے ہوگی چنانچہ نوجوان مردوں اور عورتوں کے سینے یا دل میں زخم لگنا عشق پر دلالت کرتا ہے بوڑھوں اور بوڑھیوں کے لئے یہ خواب دلیل حزن وغم ہے۔ (۲۲) دائیں ہاتھ کے انگوٹھے میں زخم واقع ہونا قرض کے مسلط ہونے اور اسکے خلاف دستاویز لکھے جانے اور غم میں مبتلا ہونے پر دلالت کرتا ہے (۲۳) کسی نے دیکھا کہ فرشتوں میں سے کسی فرشتہ نے اپنی تلوار سے اسکے پیٹ میں زخم لگا دیا اور وہ مر گیا تو تعبیر یہ ہے اسکے پیٹ میں زخم واقع ہوگا یا کوئی پھوڑہ وغیرہ نکلے گا مگر وہ اس سے صحت یاب ہو جائے گا (۲۴) گردن میں زخم لگنا بچوں کی طرف سے مال ملنے پر دلالت کرتا ہے۔

## جوع (بھوک)

(۱) جوع کی تعبیر سوگ کے کپڑوں، خوف وہراس، کفر اور کوتاہی کرنے سے کی جاتی ہے اور کبھی بھوک مال کے خاتمے معیشت وحرفت میں حرص ولالچ سے کام لینے اور بقدر بھوک حصول دنیا پر بھی دلالت کرتا ہے (۲) بعض علماء کا کہنا ہے خواب میں خود کو بھوکا پانا خیر کی دلیل ہے اور کبھی اس سے مریض ہونے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے (۳) بعض علماء فرماتے ہیں خواب میں بھوکا ہونا شکم سیر ہونے سے بہتر ہے اور پیاسا ہونے کی تعبیر سیراب ہونے کے مقابلے میں اچھی ہے (۴) خواب میں طویل بھوک میں مبتلا ہونا فاقہ کے بعد حصولِ نعمت اور بقدر بھوک مال ملنے کی دلیل ہے (۶) بسا اوقات بھوکا ہونا ایسے لوگوں کی صحبت اختیار کرنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے جسمیں کسی قسم کی کوئی اچھائی نہ ہو اور کبھی کمزوری پر دلالت کرتا ہے اور زاہد قسم کے لوگوں کے لئے روزے کی علامت ہے اور اشیاء کی قیمتوں میں گرانی واقع ہونے اور فقر وفاقہ میں واقع ہونے کی دلیل ہے (۷) بعض دفعہ بھوک تقوی اختیار کرنے اور اللہ کو یاد کرنے اور اللہ تعالی کی نعمتوں کا شکر ادا کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے (۸) موسم سرما میں بھوکا ہونا صاحب خواب کے لئے مخمصہ میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

## جود (سخاوت)

بخیل قسم کے لوگوں کے لئے خواب میں سخاوت کرنا عرفان کی دلیل ہے اور اخلاق حسنہ کی طرف رجوع کرنے اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بہترین اخلاق اپنانے اور گمراہی کے بعد راہِ راست کی طرف آنے کی دلیل ہے۔

## جور (ظلم)

(۱) قوم کا آپس میں ایک دوسرے پر ظلم کرنا ظالم بادشاہ کے ان پر عنقریب مسلط ہونے پر دلالت کرتا ہے (۲) بعض علماء تاویل فرماتے ہیں خواب میں ظلم کرنے کی تعبیر ہدایت ہے اور ہدایت کی تعبیر ظلم ہے۔

## جحود (انکار کرنا)

(۱) خواب میں انکار کرنا امر بالمعروف ونہی عن المنکر پر دلالت کرتا ہے (۲) خواب میں اللہ تعالیٰ کے فضل کا انکار دلیلِ ظلم اور ربوبیت کا انکار کرنا دلیلِ کفر ہے۔

## جهل (لاعلمی)

کسی نے خواب دیکھا کہ وہ خواب میں غلط بات سے یا گھٹیا کام سے یا شرک یا اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس جاہل رہا تو یہ رافضی ہونے کی دلیل ہے یا فحش گوئی کی یا بے وضو نماز پڑھنے کی علامت ہے اور کبھی جہالت کی دلالت فاسقانہ کلام پر بھی ہوتی ہے۔

## جر (کھینچنا)

خواب میں کسی چیز کو آسانی سے کھینچنا اپنی ہمت، یا حسنِ سیاست یا نرم گوئی سے مشکل معاملات کے آسان کرنے یا ہونے پر دلالت کرتا ہے (۲) کھینچی جانے والی چیز اگر شر پر دلالت کرتی ہے تو یہ انجام بد کی علامت ہے۔

## جس (تلاش کرنا)

خواب میں تجسس کرنا نامناسب باتوں کو سننے پر دلالت کرتا ہے۔

## جاسوس

اسکی تعبیر سانپ یا اعمال سیئہ کو اعمال صالحہ پر ترجیح دینے والے سے کی جاتی ہے۔

## جهد (کوشش)

مریض کے لئے دلیل موت ہے اور کبھی اہل وعیال یا جہاد کی تیاری پر دلالت کرتی ہے۔

## جبر (پورا کرنا)

خواب میں کسی فقیر کو ایثار کے ساتھ غنی کرنا یا اس کو بڑا درجہ دینا علو مرتبہ و رفعت اور بڑے لوگوں کی باتوں پر عمل کرنے کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



علامت ہے۔

## جبروت (قدرت' طاقت)

(۱) انسان کا اپنے اندر طاقت محسوس کرنا یا اس سے متصف ہونا یا کسی دوسرے کے اندر اس کا مشاہدہ کرنا نفس کے گناہوں یا اس طرح کسی دوسری بری چیز کی طرف مائل ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔

## جد (محنت کوشش' دادا)

(۱) خواب میں کسی امرِ جلیل کی تلاش میں کوشش کرنا اپنے مقصود کو پانے کی دلیل ہے (۲) خواب میں دادا بننا درازیٔ عمر اور قدر و منزلت کے بلند ہونے پر دلالت کرتا ہے (۳) خواب میں اپنے آپ کو دادا دیکھنے کی تعبیر باپ کو دیکھنے کی تعبیر کی طرح ہے جسکا تذکرہ باب الباء (اب) کے تحت گزر چکا ہے (۴) کبھی دادا کی تعبیر اسکی محنت سے کی جاتی ہے چنانچہ خواب میں دادا کا مرنا اسکی محنت و کوشش میں کوتاہی واقع ہونے کی علامت ہوتی ہے۔

## جفاف (خشک ہونا)

خواب میں بدن کو خشک ہوتے ہوئے دیکھنا یا پتوں کا رطوبت سے خشک ہونا احتیاج' معیشت کے تنگ ہونے اور عدم راحت کی علامت ہے۔

## جمر النار (چنگاری)

اسکی تعبیر جلد پہنچنے والا رزق اور یار مطلوب ہے (۱) خواب میں چنگاری سے انتفاع حاصل کرنا بلا محنت ملنے والے رزق پر دلالت کرتا ہے کبھی اسکی دلالت گنے ہوئے یا رنگ کردہ دنانیر پر یا لوہے یا ایسی زندگی پر ہوتی ہے جس میں ان چیزوں کی ضرورت پڑے (۲) کبھی چنگاری دیکھنا طلبِ علم یا علم کے متعلق پوچھنے پر دلالت کرتا ہے۔

## جمز (چھلانگ لگانا)

خواب میں چھلانگ لگانا پریشان کن خبر یا اپنے ساتھیوں کی صحبت اور ان کی ملت میں بدلنے پر دلالت کرتا ہے:

## جہر (زور سے)

خواب میں چھپائی جانے والی بات کو جہراً کہنا علانیہ صدقہ دینے کی علامت ہے اور کبھی اسلامی مرتبے کے بلند ہونے' نام بلند ہونے اور اچھے تذکرے ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

## جم (تعداد میں زیادہ ہونا' جمع کرنا)

اسکی دلالت مال جمع کرنے کی محبت پر ہوتی ہے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے (وَتُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا) خواب میں اپنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بالوں کو یک جا جمع کرنا یعنی جمعہ بنانا اچھے رزق اور مال کی علامت (۲) خواب میں بالوں کو کھولنا مال خرچ کرنے کی علامت ہے اور اپنے نفس کو یک جا کرنا اپنی سواری کو منقطع کرنے اور اپنی شہرت کو کم کرنے میں کوشاں رہنے کی دلیل ہے۔

## جمع (جمع کرنا)

خواب میں متناسب اشیاء کو جمع کرنا مثلاً موتی کے ساتھ سونے کو یا عنبر کے ساتھ سونے کو یا چاندی کو جواہرات کے ساتھ جمع کرنا اپنے علم یا طریقے یا اپنی رائے کے ذریعے لوگوں کو فائدہ پہنچانے پر دلالت کرتا ہے۔

## جفل (بدھکنا)

خواب میں بدھکنا سفر کے لئے تیزی سے حرکت کرنے اور ایک مکان سے دوسرے مکان کی طرف منتقل ہونے یا ایک مذہب سے دوسرے مذہب یا ایک دین سے دوسرے کی طرف منتقل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

## جعد الشعر (گھنگریالے بال)

(۱) خواب میں گنجے شخص کے بالوں کا گھنگریالہ ہونا سنت کے مطابق عمل پر دلالت کرتا ہے (۲) خواب میں بالوں کا گھنگھریالے ہونا ازواج یا کپڑوں کے بدلے عوض دینے کی طرف اشارہ ہوتا ہے کپڑوں کا تہہ بتہ ہونا امور میں ثابت قدم رہنے پر دلالت کرتا ہے اور پہننے سے پہلے ایسا ہونا خوبصورتی اور زینت کی علامت ہوتی ہے۔

## جُبن (بزدلی)

خواب میں بزدلی اختیار کرنا کمائی میں تعفف اختیار کرنے پر دلالت کرتا ہے یا اپنی لڑائی میں اوامر ونواہی پر واقفیت حاصل کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## جُبن (پنیر)

(۱) خواب میں پنیر دیکھنا غیر شادی شدہ کے لئے نکاح' حاملہ کے لئے بچے کی پیدائش تاجر کے لئے مالی منفعت' اوران کے علاوہ کے لئے درازئ عمر پر دلالت کرتا ہے اور لڑنے اور جھگڑنے والے کے لئے دلیل غلبہ ہے اور ملاقات سے ڈرنے کی دلیل ہے (۲) دودھ سے بنائی جانی والی چیزیں اگر حاملہ دیکھے تو یہ دلیل وضع حمل ہے اور جما ہوا دودھ دلیل برکت اور رزق ہے' اور کبھی اس کے اندر کی چیزیں سود پر دلالت کرتی ہیں۔ پنیر کی دلالت راحت کے ساتھ مال ملنے پر ہوتی ہے (۳) تر پنیر خشک سے تعبیر کے لحاظ سے بہتر ہے اور صاحب خواب کے لئے مال موجود اور اسی سال کی خوشحالی پر دلالت کرتا ہے (۴) بعض اصحاب تعبیر کی رائے ہے کہ خشک پنیر سفر پر دلالت کرتا ہے۔ (۵) ایک پنیر مال

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کا ایک حصہ ہے(۶) خواب میں روٹی کے ساتھ پنیر کھانا مالی کمی پر دلالت کرتا ہے(۷) پنیر کے ساتھ روٹی اور اخروٹ کھانا اچانک بیماری لاحق ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۸) بلا تعب حاصل شدہ پنیر اور وہ چیز جو پنیر کی طرح ہے' کی تعبیر دیکھنے والے کی حیثیت کے مطابق ایک ہزار درہم یا ایک سو درہم ہیں (۹) کبھی پنیر کی دلالت ذلت وشکست پر بھی ہوتی ہے(۱۰) بعض دفعہ خشک پنیر حالت سفر میں ملنے والے رزق پر اور تر پنیر حالت حضر میں ملنے والے رزق پر دلالت کرتا ہے۔

## جنون (پاگل ہونا)

(۱) کسی عارض کے بغیر جنون لاحق ہونا مالدار اور معزز ہونے کی دلیل ہے۔اور دنیاوی خوشیوں کے متوجہ ہونے پر دلالت کرتا ہے(۲) اور کسی شئی کے مس کرنے کی وجہ سے مخبوط الحواس ہونا سود خوری کی دلیل ہے۔اور بعض علماء کے نزدیک جنون لاحق ہونا جنت میں داخل ہونے کی طرف اشارہ ہے۔کبھی جنون لاحق ہونا بقدر جنون مال ملنے اور برے قسم کے ساتھیوں کے ساتھ مل کر اسراف کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے' بعض کے نزدیک اس کی دلالت میراث سے ملنے والے کپڑوں پر بھی ہوتی ہے۔اور بعض کے نزدیک حکومت کرنے کی اہلیت رکھنے والے کے لئے خواب میں مجنون ہونا حکومت ملنے کی دلیل ہے۔اور بچے کا مجنون ہونا اس کے والد کے غنی ہونے پر دلیل ہے اور عورت کا مجنون ہونا خوشحالی کی علامت ہے۔اور کبھی خواب میں مجنون ہونا بیداری میں عاشق ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے اور کبھی اس کی دلالت درد دینے والی پٹائی پر ہوتی ہے۔اور مجنون ہونا اعمال صالحہ پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## جذام (بیماری)

خواب میں مجذوم ہونا بیداری میں گناہوں کی وجہ سے عمل کے ضائع ہونے کی دلیل ہے اور کوڑھ کی بیماری کا بدن میں زیادہ ہونا باقی رہنے والے مال پر دلالت کرتا ہے۔اور بعض کے نزدیک یہ میراث سے ملنے والے کپڑوں کی علامت ہے۔ خواب دیکھا کہ وہ جذام کی بیماری میں مبتلا ہونے کی حالت میں نماز پڑھ رہا ہے تو دلیل ہے وہ قرآن کریم یاد کر کے بھول جائے گا۔ اور کبھی کوڑھی کی بیماری مال حرام پر بھی دلالت کرتی ہے۔اور کبھی اس سے جلنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔اور کبھی یہ مالدار ہونے پر بھی دلالت کرتی ہے۔

## جدری (چیچک کی بیماری)

اس کی تعبیر قرض اور واجبات ہے' اور بعض اہلِ تعبیر کے نزدیک اس کی دلالت مال اور زیادتی مال پر ہوتی ہے۔ چنانچہ خواب میں چیچک زدہ ہونا بیداری میں مالدار ہونے کی علامت ہے۔خواب میں اپنے بچے کو چیچک زدہ دیکھنا بیٹے کے صاحب فضل ہونے کی بشارت ہے۔اسی طرح دوسرے پھوڑے پھنسی زیادت مال پر دلالت کرتے ہیں۔خواب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دیکھا کہ اس کے بدن میں پھوڑا نکلا ہوا ہے اور اس سے پیپ نکل رہی ہے تو یہ نفع بخش مال کی بشارت ہے۔

## جرب (خارش زدہ ہونا)

(۱) خواب میں خارش زدہ ہونا بیداری میں طاعون میں مبتلا ہونے کی علامت ہے (۲) خواب دیکھا کہ بدن پر خارش ہونے کی وجہ سے کھجلا رہا ہے مگر اس سے پیپ یا پانی نہیں نکل رہا تو اولاد اور رشتہ داروں کی طرف سے غم اور تکلیف پہنچنے کی دلیل ہے۔ کبھی بدن میں خارش ہونا بھائیوں کو تکلیف پہنچنے اور معیشت میں نقصان واقع ہونے پر دال ہوتا ہے۔ (۳) چنانچہ دائیں ہاتھ میں خارش ہونا معیشت میں نقصان کی علامت ہے۔ (۴) اور بائیں میں خارش رشتہ دار یا شریک کار کی طرف سے تکلیف پہنچنے کی دلیل ہے۔۔ (۵) رخسار میں خارش خاندان کی طرف غم لاحق ہونے کی خبر ہے۔ (۶) پیٹ میں خارش مال و اولاد کی طرف سے غم پہنچنے کی دلیل ہے۔ (۷) اور خارش کے ساتھ پانی بہنا غم کے ساتھ مال ملنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۸) اسی طرح خارش کو کھجلانے اور اس سے پیپ نکلنا بڑھنے والے مال کی دلیل ہے۔ اور خارش کے ساتھ تکلیف بھی ہونا مسلط ہو کر ایذاء پہنچانے پر دلالت کرتا ہے۔ کبھی خارش زدہ ہونا فقیر کے لئے مالداری اور خوشحالی کی علامت ہے اور مالدار کے لئے ریاست پر دال ہے۔ خواب میں خود اپنے بدن میں چیچک یا پھوڑے پھنسی دیکھنا تعبیری لحاظ سے افضل ہے اور کسی دوسرے کے بدن میں ان امراض کو دیکھنا صاحب خواب کے لئے غم اور غیرت میں خلل پڑنے کی دلیل ہے۔ خصوصاً ان بیماریوں کو اپنے ماتحتوں میں دیکھنا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ اس کی خدمت نہیں کر سکیں گے۔ چنانچہ اپنے بیٹے کے اندر ان امراض کو دیکھ لے تو وہ اس کی فرمانبرداری نہیں کریگا۔ اور اپنی بیوی میں دیکھنا اس بات کی طرف اشارہ ہے جو کام بھی وہ کرے گی برا اور رسوا کن ہوگا۔ یہی تعبیر اپنے ساتھ رہنے والوں میں سے کسی کے اندر ان امراض کو دیکھنے کی ہے۔ اور اپنی گردن میں خارش محسوس کرنا جمع شدہ دین پر دلالت کرتا ہے۔

## جلح (کنپٹی کے بال اڑنا)

خواب دیکھا کہ اس کی کنپٹی کے بال اڑ گئے تو دلیل ہے اس کا سربراہ اس کا کچھ سرمایہ لے جائے گا۔ یا جلنے کی صورت میں نقصان ہوگا یا بادشاہ کے ہاتھوں اس کو نقصان پہنچے گا۔ اور مقروض کے لئے یہ خواب ادائیگی دین کی علامت ہے۔

## جنایہ (جرم کرنا)

خواب میں دوسروں پر جرم کرنا حرام کام میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت اپنے مقصد کو حاصل کرنے اور اپنی درخواست کو پورا ہوتے ہوئے دیکھنے کی علامت ہے۔ حالت احرام میں شکار کرنے کی صورت میں جنابت کرنا بیداری میں اتنی مقدار میں نقصان میں واقع ہونے پر دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جبایہ (ٹیکس وصول کرنا)

خواب میں ٹیکس وصول کرنا زکوۃ اور عشر پر مجبور کرنے کی دلیل ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت رفع منزلت پر بھی ہوتی ہے۔

جنابۃ (جنابت)

اس کی دلالت مندرجہ ذیل پر ہوتی ہے:

(۱) ایک دوسرے سے دوری (۲) ایسا کام جو بغیر وضو کے سرانجام دیا جائے' چنانچہ خواب میں جنبی ہونا بیداری میں کسی ضرورت کو بغیر وضوء کے سرانجام دینے پر دلالت کرتا ہے۔ خواب دیکھا جنبی حالت میں نماز پڑھ رہا ہے۔ تو تعبیر یہ ہے کہ وہ کسی نیک کام کے لئے سفر کریگا۔ اور بعض کے نزدیک یہ خواب اس کے دینی فساد پر دلالت کرتا ہے۔ اور بعض اہل تاویل کے مطابق خواب میں جنبی ہونا بیداری میں معاملات کے مشتبہ ہونے پر دلیل ہوتا ہے۔ اور جنبی ہو کر غسل کرنے کے لئے پانی نہ ملنا دنیاوی یا اخروی مطلوب کے حصول میں مشکل پیش آنے پر دلالت کرتا ہے۔

جعالہ (مزدوری مقرر کرنا)

مزدوری مقرر کرنا غم اور تکالیف میں تعرض اور دوسروں کی چیزوں کے بارے طمع کرنے پر دلالت کرتا ہے اور کبھی کسی گم شدہ کو جمع کرنے اور ایسا عمل کرنے جس پر اجرت واجب ہو اور وعدہ پورا کرنے اور محبت کی حفاظت اور ثواب کمانے پر دلالت کرتا ہے۔

جرم (قصور)

اس کی دلالت کفر پر ہوتی ہے اور یہ گمراہوں کی پیروی کی بھی علامت ہے۔

جسارۃ (بہادری)

اس کی تعبیر اصرار اور عزم سے کی جاتی ہے اور کبھی اس کی دلالت ایسی چیز پر ہوتی ہے جس کے سبب سے بندہ اللہ تعالیٰ کا مقرب بن جاتا ہے یا تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب دشمنوں سے لڑنے اور لوگوں سے تکلیف دہ چیزوں کو ہٹانے کی وجہ سے لوگوں کا محبوب ہوگا۔

جلالہ (عظیم المرتبہ ہونا)

(۱) خواب میں لوگوں پر برتری حاصل ہونے کی تعبیر لوگوں کے درمیان منصبِ عظیم پر فائز ہونے کی دلیل ہے یا اللہ تعالیٰ کے ہاں بلند مرتبہ پانے کی علامت ہے (۲) کبھی کسی کافر کا خواب میں اس صفت سے متصف ہونا اس کے راہِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



راست پر آنے کی دلیل ہے اور یہ خواب گناہ گار کے لئے گناہوں سے توبہ کرنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔

## جمال (خوبصورتی)

خواب میں انسان کا اپنی ذات ہیئت' لباس اور سواری میں خوبصورتی دیکھنا دشمنوں کی بدحالی کی دلیل ہے۔

## جرأت

(۱) خواب میں جرأت کا مظاہرہ کرنا خیر یا شر کی طرف جلدی کرنے کی علامت ہے (۲) کبھی یہ خواب کم ہمتی اور کام چور پر دال ہے۔

## جب (بغیر منڈیر کے کنواں)

(۱) اس کی تعبیر غم' تکلیف اور قید خانہ سے کی جاتی ہے (۲) غم یا تکلیف میں مبتلا شخص یا کوئی قیدی خواب میں جُب دیکھے تو ان مصائب سے چھٹکارا حاصل کرے گا۔ (۳) یہی خواب اگر کوئی اہل علم دیکھے تو دلیل ہے کہ لوگ اس کے علم سے مستفید ہوں گے اور وہ اپنے علم کی بدولت بادشاہوں تک رسائی حاصل کریگا خصوصاً علم تعبیر کے ذریعے (۴) کبھی اس کی تعبیر بڑے حضرات کی طرف سے ایسے رسائل کی آمد سے کی جاتی ہے جس سے اس کو فرحت نصیب ہوگی (۵) کبھی یہ خواب اس کے رشتہ داروں کے درمیان چپقلش اور حسد واقع ہونے اور رشتہ داروں کی طرف سے اس کے ساتھ غدر کرنے پھر ان کے مقابلے میں کامیابی حاصل کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۶) کبھی اس خواب سے صاحب خواب کے ناکردہ فعل پر تہمت لگنے اور پھر اس سے بری ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے (۷) کبھی اس کی دلالت غم کے دور ہونے اور ضروریات کے پورا ہونے پر بھی ہوتی ہے (۸) کبھی اس خواب سے اشارہ سفر کی طرف ہوتا ہے اور کبھی اس کی تعبیر وہ لوگ اور اشیاء ہیں جن پر منڈیر والا کنواں دلالت کرتا ہے (۹) کبھی اس کی دلالت آلۂ تناسل کے بیکار ہونے پر بھی ہوتی ہے۔

## جبسین (لیپنا)

(۱) اس کی دلالت مندرجہ اشیاء پر ہوتی ہے دائمی عزت ومنصب' ازواج' اولاد کی حالت کی بہتری' علم وعمل دین پر ثابت قدمی' اچھی شہرت' امراض سے چھٹکارا' کپڑوں کے نئے جوڑے اور درست معاہدات وغیرہ۔ اور چونا لگانے کی بھی یہی تعبیریں ہیں (۲) مذکورہ کام اہل زہد وارباب تقویٰ کے ہاں دیکھنے کی تعبیر مال حرام اور مشتبہ مال کے ساتھ ملاقات ہونے' بدعات کے ارتکاب کرنے اور سنت سے غافل ہونے اور دینی معاملات میں منافقت کرنے سے کی جاتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## جامع البلد (شہر کی جامع مسجد)

(۱) اس کی دلالت بادشاہ پر جو اس کے امور کی نگرانی کرتا ہے ہوتی ہے اور اس سے اسلام کی ترقی کی طرف بھی اشارہ ہے اور اس سے حق و باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والے حاکم پر بھی دلالت ہوتی ہے اور جامع مسجد اس بازار پر بھی دال ہے جس کی طرف لوگ منافع حاصل کرنے کی غرض سے رخ کرتے ہیں اور اپنی کوششوں کی بقدر منافع کما کر اس سے نکلتے ہیں (۲) اس کی دلالت اس شخص پر بھی ہوتی ہے جس کی تابعداری لازمی ہے' مثلاً والد' استاذ' مربی' عالم' (۳) مظلوم کا خواب میں جامع مسجد میں داخل ہونا اس کے ساتھ انصاف ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۴) اسی کی طرح اس کی دلالت قرآن کریم پر بھی ہوتی ہے (۵) کبھی دریا پر اور حمام پر جو محل طہارت ہے' اور مقبرہ پر جو محل خشوع ہے دلالت ہوتی ہے۔ اسی طرح اس کی دلالت غسل' خوشبو' خاموشی اور توجہ الی القبلہ۔ اور پاکدامنی' اور ہر اس چیز پر ہوتی ہے جس کے ذریعہ دشمن کا مقابلہ کیا جاتا ہے مثلاً قلعہ وغیرہ (۶) اس کی چھتوں کی دلالت' بادشاہ کے خواص اور اس کے معاملات سے باخبر لوگوں پر ہوتی ہے' اور اس کے ستون بادشاہ کے ماتحت امراء گورنروں کی علامت ہیں۔

اس کی شمعیں اور اس کی دکانیں اور وہ اشیاء جن سے اس کی تزئین ہوتی ہے بادشاہ کے ماتحت علماء پر دلالت کرتی ہیں۔ اور جامع مسجد کے دروازے بادشاہ یا شہر کے دربانوں پر اور اس کے مؤذنین کی دلالت بادشاہ کے نائب اور اس کے سیکرٹری اطلاعات پر ہوتی ہے۔

جامع مسجد کی دلالت اگر بادشاہ پر ہو تو اس کی ستونوں کی تعبیر بادشاہ کے اوقات کار سے اور اس کی روشنیوں کی تعبیر فضلاء زمانہ اور فقہاء عصر سے کی جاتی ہے اور اس کی چٹائیوں کی تعبیر اس کے احکام اور فرمان کے وسیع ہونے سے کی جاتی ہے اور اس کی چھتیں ان کتابوں پر دلالت کرتی ہیں جن کو پوشیدہ طور پر نقل کیا ہے اور مشکل میں ان کی طرف رجوع کرتا ہے' اور اس کی اذان دینے کی جگہ لوگوں کے مجمع پر دلالت کرتی ہے اور اس کے منبر کی دلالت غلام پر اور اس کے محراب کی دلالت بادشاہ کی بیوی پر ہوتی ہے۔ کبھی محراب کی دلالت رزق حلال اور زوجہ صالحہ پر بھی ہوتی ہے۔ اور جامع مسجد کے مینار کی تعبیر وزیر اور امام ہے۔ کبھی مینارِ جامع مسجد کی دلالت اس کے مؤذنین پر اور اس کے قرآن کریم کی دلالت پڑھنے والوں پر اور منبر کی دلالت اس کے خطیب پر اور اس کے دروازوں کی دلالت اس کے دربانوں اور ان کے دوسرے امور روشنیوں اور فرش وغیرہ کی حفاظت کرنے والوں پر ہوتی ہے۔

چنانچہ جامع مسجد میں کمی یا زیادتی یا اس کی کسی خاص چیز کا زیادہ یا کم ہونا ان لوگوں کے حالات میں کمی زیادتی کی علامت ہے جن پر یہ اشیاء دلالت کرتی ہیں۔ شامیانوں کی تعبیر جس کو اسلامی حکمران اپنے ساتھ سفر میں لے جاتے ہیں اور عید یا دوسری نمازوں وغیرہ کے لئے نصب کرتے ہیں اقامتِ دین' اور اسلامی اقدار کی بالادستی' دشمنوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پر غلبہ وغیرہ سے کی جاتی ہے خواب میں ان کا جلنا اور اس سے بو آنا' ساتھی کے گم ہو جانے اور حکومت میں تغیر واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے اور اس کی ڈیوڑھی تعبیر بھی ان ڈیوڑھیوں کی تعبیر کی طرح ہے جن کو عبور کر کے قلعوں تک پہنچا جا سکتا ہے (۳) خواب میں جامع مسجد کے پاس کھڑا ہونا حکمرانوں کے لئے فوجی اور مکانات پر دلالت کرتا ہے اور کبھی جامع مسجد کی دلالت اہل مدینہ' اور شہر کے بڑے لوگوں پر ہوتی ہے' کبھی اسکے محراب کی دلالت لوگوں کے پیشوا پر اور اسکے منبر کی بادشاہ یا خطیب پر ہوتی ہے۔ اس کے قندیلیوں کی دلالت اہل علم' اہل خیر' جہاد اور سرحدوں کی محافظوں پر ہوتی ہے۔ اور اسکی چٹائیوں کی تعبیر اہل خیر واصلاح اور وہ لوگ ہیں جو مسجد میں نماز کے لئے جمع ہوتے ہیں۔ اور جامع مسجد کے مؤذن کی تعبیر شہر کے قاضی یا ایسے عالم سے کی جاتی ہے جو لوگوں کو راہ راست پر آنے کی دعوت دیتا ہے اور لوگوں کے ہاں اسکی بات مانی جاتی ہے اور اسکی رہنمائی کی پیروی کی جاتی ہے اور اسکی پکار کو سنا جاتا ہے۔ اور اسکی دعا پر آمین کہا جاتا ہے۔ اور اسکے دربانوں کی تعبیر عمال' امین اور اسکے محافظ قسم کے لوگ ہیں جو لوگوں کی مدافعت اور حفاظت کرتے ہیں۔

## جسر (پل)

اس کی تعبیر درست طریقے ہیں۔ اور اسکی دلالت مندرجہ ذیل پر بھی ہوتی ہے علم' ہدایت' صوم' صلوۃ' دنیاوی تکالیف اور آخرت کے عذاب سے نجات دلانے والی چیزیں' مشکلات برداشت کرنے والے عابد اور لوگوں کی ضروریات پوری کرنے والے دربان' مال' اولاد' بیوی اور والدہ وغیرہ۔ ہر پل کی تعبیر اسکے مطابق ہوگی۔ مثلاً شاہراہ اور سڑک پر بنا ہوا پل صاحب قوت ہونے کی دلیل ہے خاص کر اینٹوں اور پتھروں سے بنا ہوا۔ چھوٹے پل کی دلالت' دربان اور قصاص لینے والے شخص پر ہوتی ہے۔ خواب میں پتھروں سے بنے ہوئے پل کا مٹی سے بنے ہوئے میں تبدیل ہونا ان لوگوں کی حالت کی تبدیلی کی طرف اشارہ جن پر پل دلالت کرتا ہے۔ اور اس طرح مٹی کے پل کا پتھر میں تبدیل ہونا ان لوگوں کے اندر خیر اور زیادتی مال کی علامت ہے جن پر پل دلالت کرتا ہے۔ کسی نے دیکھا وہ پل بن گیا تو تعبیر ہے وہ قوت پائیگا' لوگ اسکی عزت اور اسکے مال کے محتاج ہوں گے۔

## جحر الفارہ (چوہے وغیرہ کا بل)

خواب میں اس کو دیکھنے کی تعبیر بدعت پروری اور بدعتیوں وگمراہوں کے نقش قدم پر چلنے سے کی جاتی ہے۔ کبھی اسکی تعبیر منہ بھی ہوتی ہے چنانچہ اگر کسی نے خواب دیکھا کہ کسی سوراخ سے کوئی حیوان نکل گیا ہے تو یہ ایسے منہ پر دلالت کرتا ہے جس سے کوئی ایسا کلام نکلا ہے جسکی تعبیر مذکورہ حیوان ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## جنیة البیت (گھر میں مدفون یا پوشیدہ چیزیں)

(۱) اسکی دلالت عورتوں کے محفوظ اور مردوں کے عفیف ہونے پر ہوتی ہے اور یہ خواب مال و اولاد کے مشتبہ نہ ہونے کی بھی علامت ہے (۲) کبھی اسکی دلالت بخل پر اور کسی علمی ضرورت یا دیگر ضرورت کے پورا نہ کرنے پر بھی ہوتی ہے۔ (۳) کبھی اسکی تاویل ایسے پوشیدہ اعمال ہوتے ہیں جن سے کوئی باخبر نہیں ہوتا مثلاً روزہ، تہجد کی نماز وغیرہ (۴) کبھی اسکی دلالت زہد و ورع، اللہ تعالیٰ کی تسبیح و تقدیس بیان کرنے پر بھی ہوتی ہے (۵) کبھی رشتہ داروں میں شادی کرنے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ جنیت البیت دیکھنا گھر والوں میں سے کسی کے دیوانہ ہونے یا کسی تاوان یا تکلیف میں واقع ہونے سے بھی معبر ہے۔

## جصاص (چونے کا کام کرنے والا)

(۱) اسکی تعبیر منافق قسم کے آدمی سے کی جاتی ہے اس لئے کہ سب سے پہلے چونا اور پکی اینٹ استعمال کرنے والا فرعون ہے (۲) سطح یا پانی کے مقامات کو چونا کرنے والے کو دیکھنا معاملات کے شروع کرنے اور غم و شرور و تکالیف کے ختم ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔

## جوہری

(۱) خواب میں جوہری کو دیکھنا حج کرنے والے عبادت گزار شخص پر دلالت کرتا ہے (۲) کبھی اسکی دلالت غلام اور باندیوں کی خرید و فروخت میں دلالی کرنے والے پر بھی ہوتی ہے (۳) کبھی اسکی تعبیر ایسا عالم ہوتا ہے جو مشکل معاملات میں لوگوں کی رہنمائی کرے۔ (۴) کبھی اسکی دلالت دیندار صاحب علم پر ہوتی ہے اور کبھی اسکی دلالت مالدار اور بہت سارے غلاموں کے مالک شخص پر بھی ہوتی ہے۔

## جوشنی (زرہ بنانے والا)

خواب میں اسکو دیکھنے کی تعبیر وہ شخص ہے جو لوگوں کیساتھ حسنِ صحبت والفت اور انس کا معاملہ کرنے کا حکم دیتا ہو۔

## جوالقی (بوری فروش)

اسکی تعبیر نقاد قسم کا شخص ہے جو ہر انسان کو جانتا ہو اس لئے کہ بڑی بوری میں ہر قسم کی چیزیں رکھی جا سکتی ہیں اسی طرح اس کی تعبیر شہر کے ہر قسم کے لوگ بھی ہو سکتے ہیں کسی نے خواب دیکھا کہ وہ بڑا سوالئے بوری سی کر خرید و فروخت اور بھاؤ تاؤ کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اپنے علم پر قادر ہے اور بوری فروش کی دلالت لوگوں کو سفر پر ابھارنے والے پر بھی ہوتی ہے اور اس کی دلالت ایسے شخص پر بھی ہوتی ہے جس کے پاس لوگ اپنے راز فاش کرتے ہوں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## جزار (قصاب)

(۱) قصاب کے کپڑوں کا خون میں لت پت ہوئے یا ہاتھ میں چھری لئے دیکھنا ضرر رساں شخص پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) صاف کپڑوں میں اسکو دیکھنا درازئ عمر کی دلیل ہے (۳) خواب میں قصاب کو بہتر حالت میں دیکھنا انجام کی درستگی پر دلالت کرتا ہے یا معیشت کے خراب ہونے کی علامت ہے (۴) اسکو خراب حالت میں دیکھنا اسکے مذبوحہ کے حرام ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے (۵) کبھی قصاب کی دلالت ملک الموت پر بھی ہوتی ہے اگر وہ مرد ہو اور قریب ہے کہ صاحبِ خواب جلد مرنے کا اثر دیکھے گا۔

## جزار الشعور (بال کاٹنے والا)

(۱) بال کاٹنے والے شخص کی دلالت فقراء کو فائدہ اور امراء کو نقصان پہنچانے والے پر ہوتی ہے (۲) اسی طرح کبھی اسکی دلالت لوگوں سے شر یا خصومت کی بنا پر مال لینے والی پولیس پر بھی ہوتی ہے (۳) خواب میں حیوان کے بال ضرورت کی وجہ سے کاٹنا خیر و راحت کی دلیل ہے اور بلا ضرورت کاٹنے کی کوئی اچھی تعبیر نہیں۔

## جرار (کھینچنے والا)

خواب میں اسکو دیکھنا سکول کے نگران پر جو بچوں کو ان کے گھروں سے مدرسہ/سکول تک لے جاتا ہے دلالت کرتا ہے چنانچہ اسمیں کسی زیادتی کا دیکھنا اس نگران میں زیادتی کی علامت ہے۔

## جلا الصفر (پتیل مانجھنے والا)

(۱) خواب میں اسکی رؤیت ایسے شخص پر دلالت کرتی ہے جو لوگوں کی متاع کو مزین کرتا ہے اور لوگوں کے دلوں کو اپنی طرف کھینچتا ہے (۲) بعض علماء کی رائے ہے کہ اسکی تعبیر مصلح اور تربیت کرنے والے شخص سے ہوتی ہے (۳) کبھی اسکی تعبیر عیب چھپانے والے آدمی سے بھی کی جاتی ہے اور اسکی رؤیت وعظ و نصیحت کے ذریعے لوگوں کے دلوں کے زنگ کو صاف کرنے والے پر بھی دلالت کرتی ہے۔

## جلاب الامتعہ (ایک جگہ سے دوسری جگہ سامان لے جانے والا)

اسکی تعبیر دنیا دار و دھوکہ باز قسم کے آدمی سے کی جاتی ہے جو اموال جمع کرتا ہو۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے والے کی دلالت ایسے طالب علم پر ہوتی ہے جو چل پھر کر علم حاصل کرتا ہے اور دین میں مضبوطی کرتا ہے۔ اور جانوروں کے بیوپاری کو دیکھنا تعبیر کے اعتبار سے اچھا نہیں ہے۔ اسی طرح جانوروں کو چلانے سے روکنا چور پر اور کبھی دین پر دلالت کرتا ہے۔ اور دلیل ہے کہ وہ ظالم بادشاہ ہوگا جو لوگوں پر ظلم کریگا۔ بکری والے سے اس کی بکریوں کو رضامندی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے منگانے والے کی دلالت غلام فروش پر ہوتی ہے اور بکریوں کی دلالت غلاموں پر بھی ہوتی ہے اور اس کی دلالت اچھی شہرت کے حامل صاحبِ علم مالدار آدمی پر بھی ہوتی ہے۔

## جمال (اونٹ والا)

(۱) اسکی ولالت معاملات کے نگران اور فوج کے امور کی تدبیر کرنے والے پر ہوتی ہے (۲) کبھی اسکی ولالت سفر کرنے پر اور کبھی مریضوں کے مرنے پر ہوتی ہے (۳) کبھی اسکے ذریعہ کشتی بانوں کی طرف اشارہ ہوتا ہے اور کبھی کشتی کے دوسرے امور سرانجام دینے والوں کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔

## جباس (لیپائی کرنے والا)

اسکی رؤیت علامت ہوتی ہے گناہوں' خطاؤں اور غموم اور تکالیف اور اشیاء کے ضائع ہونے کی اور کبھی اسکی دلالت اینٹ پکانے والے پر بھی ہوتی ہے کبھی اسکی دلالت مریضوں کے صحت یاب ہونے پر اور بے آباد زمین کے آباد ہونے پر بھی ہوتی ہے۔

## جابی (ٹیکس' چونگی وصول کرنے والا)

خواب میں اسکو دیکھنا قرض کی ادیگی' پولیس' یا نمائندہ اور امانت ادا کرنیوالے پر دلالت کرتا ہے۔

## جراح

(۱) بیمار شخص کا اسکو دیکھنا بیماری سے صحت یاب ہونے کی علامت ہے اور جب جراح صاحب خواب کے پاس آئے تو غموم کے اور تکالیف کے رفع ہونے کی بھی دلیل ہے۔ (۲) اور ایسے صحت مند آدمی کا جس کو جراح وغیرہ کی ضرورت نہ ہو خواب میں جراح کو اپنے پاس آتے ہوئے دیکھنا پچھنے لگوانے اور فصد کھولنے کی غرض سے کسی جراح کی ضرورت پڑنے پر دلالت کرتا ہے اور کبھی اس کی دلالت لوگوں کے گوشت کو چیرنے اور تندرست اعضاء سے خون بہانے والے پر ہوتی ہے۔

## جساس (ٹوہ لگانے والا)

خواب میں اس کو دیکھنا لوگوں کے بارے میں گفتگو کرنے کی دلیل ہے اور کبھی اس کی دلالت جاسوس پر بھی ہوتی ہے۔

## جبان (پنیر فروش)

خواب میں اس کو دیکھنا مالی وسعت اور امراض سے شفاء کی دلیل ہے' اور لڑنے والوں کے لئے اس کی رؤیت اچھی کی علامت نہیں ہے اس لئے کہ اس کی دلالت بزدلی پر بھی ہوتی ہے اور شجاعت پر بھی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## جاموس (بھینس)

(۱) اسکی تعبیر ایک ایسے مضبوط خوفناک بہادر اور بدعتی رئیس سے کی جاتی ہے جو کسی سے نہ ڈرتا ہو اور بساط سے بڑھ کر مشکلات برداشت کرنے والا ہو (۲) کسی عورت نے خواب دیکھا کہ بھینس کی طرح اسے بھی سینگ لگ گئے ہیں تو دلیل ہے اس کو ولایت ملے گی یا بادشاہ یا اسکے مقربین میں سے کسی شخص سے اس کا نکاح ہوگا اگر اس کی اہل ہو۔ اگر شادی شدہ ہے تو یہ اسکے منتظم امور کی طرف اشارہ ہے (۳) بھینس کی دلالت' خوفناک قسم' سازشی' زیادہ سفر کرنے والے صاحب حیثیت' دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنے والے مرد پر ہوتی ہے (۴) کبھی اسکی دلالت مشقت' کوشش اور تنگی پر بھی ہوتی ہے جس میں خیر نیکی اور نفع ہو (۵) کبھی اسکی دلالت صاحبِ خواب میں موجود برائی پر بھی ہوتی ہے۔ (۶) خواب میں اسکو کاشتکاری کے لئے چکی اور رہٹ چلانے میں استعمال کرنا فقر و فاقہ اور محتاجی کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۷) خواب میں بھینسوں کے گلے کا مالک بننا بڑے زبردست قسم کے لوگوں کی سرپرستی کرنے کی علامت ہے۔ (۸) جاموس کے مذکر کی تعبیر بیل کی تعبیر کی طرح ہے اور مؤنث کی تعبیر گائے کی تعبیر کی طرح ہوتی ہے (۹) چنانچہ جاموس پر سوار ہونے یا اسکو اپنے گھر میں داخل کرنے یا اس سے کوئی کام کرانے کی تعبیر بالکل بیل کی تعبیر کی طرح ہے۔

## جدی (بکری کا بچہ)

اسکی تعبیر لڑکا ہے بکری کو ذبح شدہ دیکھنا بچے کی موت کی طرف اشارہ ہے (۱) خواب میں بکری کا بچہ ملنا بچہ پیدا ہونے کی نشانی ہے (۲) خواب میں بکری کا بچہ ذبح کر کے کھانا بچے کی طرف سے مال ملنے کی دلیل ہے یا مال کے قلیل ہونے کی علامت ہے۔ (۳) بکری کے بچے کو کھانے کے علاوہ کسی اور غرض سے ذبح کرنا بیٹے یا کسی قریبی رشتہ دار کے مرنے کی دلیل ہے (۴) خواب میں بکری کا بچہ یا بھیڑ کا بچہ ذبح کرنا یا اس پر سوار ہونا بچوں سے دلچسپی لینے کی علامت ہے (۵) خواب میں اس کا گوشت کھاتے ہوئے خود کو دیکھنا کسی بچے کی طرف سے قلیل مال ملنے کی طرف مشیر ہے۔

## جرز (بڑا چوہا)

(۱) خواب میں چوہا پکڑنا یا اسکا گھر میں داخل ہونا اپنے علاقے سے کسی دوسری جگہ نقل مکانی کرنے کی طرف اشارہ ہے (۲) اگر صاحب جائیداد مذکورہ خواب دیکھے تو یہ جائیداد فروخت کرنے پر دلالت کرتا ہے اپنے یا کسی اور کے گھر میں چوہا دیکھنے والے کو چاہیے کہ اپنے گھر کو چوروں سے محفوظ رکھنے کی کوشش کرے اور ان لوگوں سے جو اس میں اسکے ساتھ سکونت پذیر ہیں کیونکہ یہ خواب ان کے گھر سے کچھ اُٹھائے جانے کا اشارہ ہے۔ (۳) خواب میں چوہے کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گوشت کھانا کسی فاسق شخص کی غیبت کرنے کی دلیل ہے اور کبھی اسکی دلالت نقب لگانے والے چور پر بھی ہوتی ہے (۴) خواب میں بڑا چوپاد یکھنا مندرجہ ذیل چیزوں پر دلالت کرتا ہے فسق' تکلیف' لوگوں کا جمع ہونا' ازواج' اولاد' گناہ' اور اس کا بھاگنا قرض خواہ کے روکنے کی دلیل ہے اور خواب میں اس کا گوشت کھانا حرام رزق کھانے کی طرف مشیر ہے۔

## جراد (ٹڈی)

(۱) اس کی دلالت اللہ تعالیٰ کے عذاب اور خدائی فوج پر ہوتی ہے اس لئے کہ یہ موسیٰ علیہ السلام کے معجزات میں سے ہے (۲) کسی مقام پر ان کا اتر جانا یا اس مقام میں کوئی نقصان پہنچا کر آسمان کی طرف اڑنا تکلیف دہ لوگوں کی آمد کی دلیل ہے یا بارش برسنے کی طرف اشارہ ہے (۳) چھوٹی ٹڈیوں کی تعبیر بڑی کے مقابلے میں اچھی نہیں ہے چنانچہ اسکی تعبیر بداخلاق و بدسیرت فوج مسلط ہونے سے کی جاتی ہے (۴) بعض علماء کی رائے ہے کہ ٹڈی کی دلالت چٹیل میدان پر بھی ہوتی ہے (۵) ٹڈی سے کچھ گرتا ہوا دیکھنا عذاب الٰہی کی طرف اشارہ ہوتا ہے (۶) کسی ایسے علاقے میں ٹڈی دیکھنا جہاں اسکو کھایا جاتا ہو یا اس سے کوئی دوسرا فائدہ حاصل کیا جاتا ہو رزق ملنے کی دلیل ہے۔ (۷) ہانڈی یا کسی اور برتن کے اندر ٹڈی کا گرنا درہم و دنانیر ملنے کی طرف اشارہ ہے (۹) ہر اس جگہ میں ٹڈیوں کو دیکھنا جہاں ظاہر ہو کہ نقصان نہیں پہنچ سکتا غم کے دور ہونے' کامیابی اور خوشی کی دلیل ہے (۱۰) کسی نے خواب دیکھا اس پر سونے کی ٹڈیوں کی بارش ہو رہی ہے تو تعبیر ہے کہ اس کا جو مال ختم ہوا ہے اللہ تعالیٰ اس کا نعم البدل عطا کرے گا اگر غمگین شخص یہ خواب دیکھے تو یہ غم دور ہونے کی دلیل ہے (۱۱) بعض علماء کی رائے ہے کہ ٹڈی کی تعبیر دھوکہ باز نانبائی سے بھی کی جاتی ہے (۱۲) بعض معبرین کی رائے ہے کہ ٹڈی کی تعبیر فتنہ اور دشمن ہے (۱۳) خواب میں کھیتوں اور گاؤں کے اندر ٹڈی دیکھنا تکلیف و شدت اور اشیاء کے باطل ہونے اور ہلاکت کی علامت ہے اس لئے کہ یہ نباتات پر واقع ہو کر اسکو برباد کرتے ہیں (۱۴) کبھی ان کی تعبیر شریر قسم کے لوگوں اور بداخلاق قسم کی عورتوں کی موافقت سے بھی کی جاتی ہے (۱۵) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے ٹڈیوں کو پکڑ کر ایک مٹکے میں ڈالدیا۔ تو تعبیر ہے کہ اس کو دراہم ملیں گے اور وہ ان کو کسی عورت کے پاس لے جائیگا (۱۶) کبھی اسکی دلالت شور شرابا کرنے والی فوج پر بھی ہوتی ہے (۱۷) مکان کے اندر یا مکان کی چھتوں پر ان کا گرنا بارش پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۸) ٹڈیوں کا بہت زیادہ ہونا یا لوگوں کا اسکے خلاف کاروائی کرنا یا زمین و آسمان کے درمیان انہیں دیکھنا عذاب الٰہی کی دلیل ہے اور لوگوں کا ان کو جمع کرنا اور کھانا اور ان کی طرف سے کوئی ضرر و نقصان نہ ہونا رزق کی وسعت اور معاشی بہتری پر دلالت کرتا ہے (۱۹) بعض اصحابِ تعبیر کی رائے ہے کہ کبھی اسکی دلالت دشمنوں کے اندر گھس آنے اور جیش عظیم کے ذریعے قلعوں پر حملہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آور ہونے اور اموال چھیننے پر بھی ہوتی ہے(۲۰) کبھی اسکی دلالت رزقِ حلال پر بھی ہوتی ہے(۲۱) خواب میں ٹڈی کھانا فوج کی طرف سے کچھ ملنے کی دلیل ہے(۲۲) چھوٹی ٹڈیاں عوام الناس اوران کے شور وشرابے کی علامت ہے اور کبھی ان کی دلالت بارش اور اونٹوں پر بھی ہوتی ہے (۲۳) کبھی اس کی دلالت اس شہر میں داخل ہونے والے دوستوں پر ہوتی ہے جس شہر میں ان کو خواب میں دیکھا ہے اور خواب میں زیادہ ٹڈیاں پکڑنا عورتوں کو خطبہ نکاح دینے میں زیادہ کلام کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## جعل (بدشکل، ضدی آدمی)

اسکی تعبیر دشمن اور حرام مالوں کا مالک شخص ہے بعض علماء نے کہا ہے کہ اسکی دلالت حسد کرنے والے زیادہ بغض رکھنے والے اور اپنے اموال کو ایک جگہ منتقل کرنے والے شخص پر ہوتی ہے۔

## جند بیدستر ( )

خواب میں اسکی رؤیت طویل بیماری میں مبتلا ہونے کی علامت ہے اور بیمار شخص کا اس کو خواب میں دیکھنا شفایاب ہونے کی دلیل ہے خصوصاً اگر اسکے پانی میں سے کچھ پی لے۔

## جمل (اونٹ)

(۱) جمل کی تعبیر غم ہے: کسی نے دیکھا کہ اس نے کسی بختی اونٹ پر سواری کی تو دلیل ہے کہ اس کی ضرورت کسی عجمی شخص سے پوری ہوگی (۲) خواب میں عربی اونٹ پر سوار ہونا حج نصیب ہونے کی علامت ہے اور راستہ میں اس سے اترنا بیماری کی وجہ سے اس سفر میں مشکلات پیش آنے اور اس بیماری سے صحت یاب ہونے اور آگے سارے معاملہ کے آسان ہونے پر دلالت کرتا ہے(۳) خواب میں اونٹ کا حملہ آور ہونا مرض میں مبتلا ہونے، غم وحزن لاحق ہونے یا کسی کم عقل آدمی کے ساتھ خصومت سے پیش آنے کی دلیل ہے (۴) خواب میں اونٹ پر سواری یا اسکو چلانا دشوار محسوس ہونا قوی دشمن کی طرف سے غم لاحق ہونیکی طرف اشارہ ہے۔(۵) خواب میں اونٹ کی نکیل پکڑ کر کسی معروف راستے میں چلانا کسی انسان کو ضلالت سے نکال کر ہدایت اور سیدھے راستے میں لانے کی دلیل ہے(۶) غیر معروف راستے پر چلانا کسی کو گمراہ کرنے کا اشارہ ہے(۷) کبھی اونٹ کی نکیل پکڑ کر چلانا کسی ایسے آدمی کے معاملے کے مالک ہونے پر دلالت کرتا ہے جو اس کے ہر کام میں اطاعت کرے(۸) بختی اونٹ کی تعبیر عجمی اور عربی اونٹ کی عربی آدمی ہے(۹) خواب میں اونٹ خریدنا دشمنوں کے ساتھ مدارت کر کے ان کو اپنی اطاعت کی طرف مائل کرنے پر دلالت کرتا ہے(۱۰) خریدے ہوئے اونٹوں میں سے کسی ایک اونٹ پر سوار ہونا دلیل سفر ہے۔(۱۱) اونٹ کی ننگی پیٹھ پر سوار ہونا دشمنوں کے مقابلے میں حصول کامیابی کی دلیل ہے(۱۲) خواب میں عربی النسل اونٹوں کو چرانا اہل عرب پر حکومت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرنے کی علامت ہے اور بختی اونٹ چرانا عجمیوں پر حکمران بننے کی طرف اشارہ ہوتا ہے (۱۳) خواب میں اونٹ کی سری کھانا کسی بڑے عظیم آدمی کی غیبت کرنے پر دلالت کرتا ہے (۱۴) بعض علماء تعبیر کی رائے ہے کہ اونٹ پر یا اونٹنی پر سوار ہونا سفر کرنے کی علامت ہے کبھی اسکی تعبیر مرض لاحق ہونے سے بھی کی جاتی ہے یہی تعبیر لیٹے ہوئے اونٹ دیکھنے کی ہے (۱۵) اونٹ کی لید وغیرہ اُٹھانا باقی رہنے والے اور ذخیرہ کئے جانے والے مال کی دلیل ہے اور باغ یا دیوار پر لگی رہنا خیر و برکت اور خوشی کی علامت ہے (۱۶) کسی علاقے میں بہت سارے اونٹ دیکھنا اس میں اموات کی کثرت اور لڑائی واقع ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۷) بہت سارے اونٹوں کا مالک ہونا با اختیار حکومت ملنے اور بہت سے لوگوں کا اس کے ماتحت ہونے اور دشمنوں کے مقابلے میں کامیابی حاصل کرنے کی دلیل ہے (۱۸) خواب میں اونٹ کی پیٹھ سے نیچے گرنا دلیلِ فقر ہے (۱۹) کسی علاقے میں دو اونٹوں کو آپس میں لڑتے دیکھنا اس علاقے میں دو بادشاہوں کے درمیان لڑائی واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے (۲۰) کسی نے خواب دیکھا کہ اونٹ اسکے ساتھ لڑ رہا ہے اور اسکے اعضاء میں سے کسی عضو کو توڑ رہا ہے تو تعبیر ہے کہ اسکے دشمنوں کی طرف سے اس کو تکلیف پہنچے گی اور اس سے دشمنوں کی لڑائی ہوگی اور دشمنوں سے بری طرح شکست کھائے گا (۲۱) اونٹ کو نحر کرتے ہوئے دیکھنا راحت ملنے اور دشمنوں پر غلبہ پانے اور ان کو قتل کرنے کی دلیل ہے (۲۲) کبھی اونٹ کی دلالت کشتی کے چپو پر اور کبھی کشتی کے تیز چلنے پر بھی ہوتی ہے۔ (۲۳) خواب میں مسافر کا اونٹ نحر کرنا سفر کے آسانی کے ساتھ جلد ختم ہونے پر دلالت کرتا ہے اور کبھی اسکی تعبیر اس کے خلاف بھی ہوسکتی ہے کبھی اونٹ کی حالت صاحب خواب کی حالت پر دلالت کرتی ہے یعنی اچھی حالت میں ہو صاحبِ خواب کی حالت اچھی ہونے کی دلیل ہے (۲۴) مسافر کے علاوہ دوسرے لوگوں یعنی بھاگے ہوئے یا خوف زدہ یا کسی سے جھگڑنے والوں میں سے کسی کا مذکورہ خواب دیکھنا ان کی کم فہمی بے تابی اور بزدلی پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۵) خواب میں اگر اونٹ کو مار دے تو شدید مرض میں مبتلا ہوگا (۲۶) خواب میں اونٹوں کی لائن دیکھنا موسم سرما میں بارش ہونے کی علامت ہے (۲۷) بہت سے اونٹوں کو کسی شہر میں داخل ہوتے ہوئے دیکھنا اس میں طاعون کی وبا پھیلنے کی دلیل ہے (۲۸) کسی نے دیکھا کہ اس نے اپنے گھر میں ایک اونٹ مار دیا تو دلیل ہے کہ اس گھر میں کوئی مرد مرگی زدہ یا مجنون ہو کر مرے گا (۲۹) اپنے گھر میں لمبی لمبی ٹانگوں والے اونٹوں کو ذبح کرنا اس گھر میں شریف قسم کے لوگوں کی ضیافت کرنے پر دلالت کرتا ہے (۳۰) خواب میں اپنے آپ کو اونٹ بنتے ہوئے دیکھنا لوگوں کے بوجھ اٹھانے پر دلالت کرتا ہے (۳۱) اور کبھی بختی اونٹ کی دلالت بلا مشقت سفر کرنے پر بھی ہوتی ہے (۳۲) اونٹ کا گوشت مرض میں مبتلا ہونے پر دلالت کرتا ہے لیکن کہتے ہیں کہ یہ خواب نقصان دہ نہیں ہے (۳۳) کبھی اونٹوں کا مالک بننا آخر انجام کے اچھا ہونے اور دین وعقیدے کی سلامتی کی علامت ہوتا ہے (۳۴) کبھی اونٹ دیکھنا اعمالِ سیئہ پر بھی دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کبھی اونٹ دیکھنا مندرجہ ذیل چیزوں پر بھی دلالت کرتا ہے رہنے کی جگہ، کشتی، موت، زوجہ مویۂ، بغض، امانت میں چوری، بدلہ لینا اگرچہ کافی عرصے کے بعد ہو، مصائب پر صبر کرنے والا مرد، امور میں جلدی کرنے والے کے لئے امور میں سستی اور رزق۔ اور بختی اونٹ مندرجہ ذیل چیزوں پر دلالت کرتا، سفر کرنے والے لوگ خشک وتر میں مالِ تجارت کے غرض سے سفر کرنے والے لوگ عجمی لوگ غموم، تکلیف، سلب مال وعیال، شیطان، منافق قسم کے جاہل آدمی وغیرہ۔ (۳۵) مریض کا خواب میں اونٹ پر سوار ہونا اسکے مرنے کی علامت ہے (۳۶) تندرست آدمی کا شہر کے بیچ میں اونٹ پر سوار ہونا یا سوار ہونے کے بعد اس کو لے کر چلنا ایسے غم وحزن پر دلالت کرتا جو اس کے اٹھنے سے بھی مانع ہوگا۔ (۳۷) غیر شادی شدہ عورت کا اونٹ پر سوار ہونا شوہر والی ہونے کی اور اگر کسی کا شوہر گم ہو تو اسکے آنے کی دلیل ہے۔ (۳۸) خواب میں اونٹ کو اپنے حلق میں یا اپنے مشکیزے یا برتن میں داخل ہوتے ہوئے دیکھنا کسی پری کے اس کے اندر یا اسکے ان رشتے داروں یا خدام کے اندر داخل ہونے کی علامت ہے جن پر یہ برتن دلالت کرتے ہیں (یعنی خواب میں ان برتنوں کو دیکھنے کی تعبیر جو لوگ ہیں)۔ (۳۹) کسی نے دیکھا کہ اس کے گھر میں نحر کیا ہوا اونٹ پڑا ہوا ہے تو تعبیر ہے کہ اس گھر کا مالک اگر مریض ہو تو مر جائے گا اگر مریض نہیں ہے تو دلیل ہے اسکے غلام لڑکے، اور اس کا رشتہ دار وغیرہ کے مرنے کی۔ خاص کر اسکے گوشت وغیرہ کو جدا ہوتے ہوئے دیکھنے کی یہی تعبیر ہے اور اسکی میراث کی طرف اشارہ ہے۔ (۴۰) گوشت کھانے کی غرض سے اونٹ ذبح کرنے کی تعبیر اگر اس کے ہاں کوئی بیمار موجود نہ ہو تو خزانہ کے منہ کھل جانے یا ایسا عدل کرنے سے کی جاتی ہے جس سے اسکا مرتبہ بڑھیگا (۴۱) اگر ذبح شدہ اونٹ شہر کے وسط میں یا لوگوں کی جماعت کے درمیان پایا جائے تو یہ کسی بڑے صاحب قوت شخص کی موت کی دلیل ہے۔ (۴۲) خواب میں اونٹ کا ذبح شدہ حالت میں پایا جانا اسکے مظلوم ہونے کی علامت ہے اور زندہ حالت میں کھال اتارا جانا حکومت کے ختم ہونے یا حکومت سے معزول ہونے یا مال چھن جانے کی طرف اشارہ ہے۔ (۴۳) خواب میں اونٹ کو گوشت کھاتے ہوئے دیکھنا یا لوگوں کے گھروں میں گھوم کر غیر معروف چیز کھاتے ہوئے دیکھنا لوگوں کے درمیان وباء پھیلنے کی دلیل ہے۔ (۴۴) اگر دیکھا کہ اونٹ اس کو دھکا دے رہا ہے تو یہ بادشاہ یا دشمن یا سیلاب کی وجہ سے لوگوں کو نقصان پہنچنے کی دلیل ہے۔ (۴۵) خواب میں اونٹ کا دودھ دوہنا بادشاہ کی طرف سے مال ملنے کی علامت ہے۔ اور خون دوہنا حرام مال ملنے کی دلیل ہے۔ (۴۶) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ اونٹ کو کسی تنگ جگہ میں داخل کر رہا ہے اور اس جگہ میں گنجائش نہ ہونے کی وجہ سے اسمیں داخل نہیں کر پا رہا تو یہ اسکی بدعت میں مبتلا ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۴۷) کسی نے خواب دیکھا کہ اونٹ یا اور کسی جانور نے اس کو روند ڈالا تو یہ شدت، خوف اور ذلت کی دلیل ہے اور اگر صاحب خواب عامل ہو تو نقصان میں واقع ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۴۸) خواب میں اونٹ کی کھال پانا مال پانے پر دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## جاریہ (باندی)

(۱) خواب میں باندی کا مالک بننا' خریدنا یا ہبہ ہونا سب تجارت پر دلالت کرتے ہیں (۲) خریدنے کی غرض سے کسی باندی کے قریب ہونا تجارت کے قریب ہونے کی علامت ہے۔ (۳) کبھی باندی کی دلالت آئندہ آنے والے یا موجودہ وقت میں چلنے والے امور پر بھی ہوتی ہے۔ (۴) کسی مسلمان باندی کو خوبصورت حالت میں دیکھنا غیر متوقع خبر سننے کی علامت ہے اور کافر باندی کو دیکھنا بُری خبر سننے پر دلالت کرتا ہے۔ (۵) کسی باندی کو ترش رو حالت میں دیکھنا وحشتناک خبر سننے کی طرف مشیر ہے۔ (۶) لاغر قسم کی باندی دیکھنا غم واندوہ اور فقر لاحق ہونے کی علامت ہے۔ (۷) کسی باندی کو تنگی کی حالت میں دیکھنا تجارت خسارہ میں واقع ہونے اور شرمندہ ہونے کی دلیل ہے۔ (۸) باکرہ باندی حاصل کرنا فصل دینے والی زمین کی دلیل ہے یا تعبیر ہے صاحبِ خواب تجارت میں منافع کمائے گا۔ (۹) کبھی باندی کی دلالت خبر پر ہوتی ہے پس اسکے حسن' لباس' ہیئت' خوشبو کے اعتبار سے تعبیر ہوگی چنانچہ مستور حالت میں دیکھنا خبر کے مستور ہونے کی علامت ہے اور بے پردہ ہونا خبر کے مشہور ہونے کی طرف اشارہ ہے اور نقاب میں ہونا خبر کے مشتبہ ہونے پر دال ہے اور مشکوک حالت میں دیکھنا خبر کے پھیلنے کی دلیل ہے اور بھرے ہوئے پستانوں والی دیکھنا امید افزا خبر کی علامت ہے۔

## جعبہ (ترکش)

(۱) اسکی تعبیر نیک بیوی' امانت دار اور راز دار ساتھی اور مال ہے (۲) خواب میں ترکش سے تیر نکالنا اللہ تعالی کی طرف سے بیٹا عطا ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۳) خواب میں ترکش خریدنا یا کسی اور طرح حاصل کرنا شادی کرنے یا باندی خریدنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۴) بعض علماء تعبیر کی رائے ہے کہ ترکش کی تعبیر دشمنوں پر ہیبت طاری ہونے سے بھی کی جاتی ہے اور اسکی تعبیر قلعے سے بھی ہوتی ہے۔ (۵) کسی نے دیکھا کہ خواب میں کسی نے اسکو ترکش عطا کیا تو یہ حصولِ ولایت وسلطنت کی دلیل ہے ترکش کی تعبیر اہل ولایت کے لئے ولایت اور اہل عرب کیلئے عورت ہے۔

## جوشن (زرہ)

خواب میں اسکو دیکھنا قلعہ پر دلالت کرتا ہے۔ (۱) بعض علماء کی رائے ہے کہ زرہ دیکھنا مضبوط' پیاری عظمت والی ہنس مکھ' فقراء سے محبت کرنے والی' مکار و دھوکا باز قسم کی بیوی ہے۔ (۲) زرہ کی دلالت کبھی عزت' قوت' مدد' مال اور میراث پر بھی ہوتی ہے۔

## جفنہ (بڑا پیالہ)

اسکی دلالت مندرجہ ذیل اشیاء پر ہوتی ہے عورت' یا خادم اور رزق۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جشاء (ڈکار لینا)

اسکی دلالت بے حقیقت باتوں پر ہوتی ہے اور فقیر کے لئے دلیل غنیٰ ہے۔

## جوز (اخروٹ)

(۱) اخروٹ کی دلالت محفوظ کئے ہوئے مال پر ہوتی ہے اور اخروٹ کے آپس میں ٹکرانے کی آواز لڑائی اور شوروغوغا کی علامت ہے (۲) درخت اخروٹ ایسے بخیل اور جس کے مال میں روز افزوں اضافہ ہوتا رہے اور سخت قسم کے عجمی شخص پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) خواب میں درخت اخروٹ کے اوپر اپنے آپ کو دیکھنا مذکورہ صفات سے متصف عجمی شخص سے تعلق ہونے کی طرف اشارہ ہے اور خود کو درخت اخروٹ سے اترتے ہوئے دیکھنا ایسی شئی پورا نہ ہونے کی دلیل ہے جس کی وجہ سے اس سے تعلق ہوا ہے۔ (۴) اخروٹ کے درخت سے نیچے گر کر مرنے کی تعبیر مذکورہ صفات والے شخص یا بادشاہ کی طرف سے قتل کئے جانے کی دلیل ہے۔ (۵) اخروٹ کے درخت کا کٹ جانا مذکورہ صفات سے متصف شخص کے مرنے اور اس گرنے والے کے مالک ہونے کی دلیل ہے اور اس سے گر کر مرنا دلیل نجات ہے۔ (۶) درخت اخروٹ سے گر کر دونوں ہاتھ پیر کا ٹوٹ جانا قریب الہلاک ہونے اور بلاءِ عظیم میں مبتلا ہو کر اس سے نجات پانے پر دلالت کرتا ہے۔ (۷) اخروٹ کے درخت کو کاٹنا کسی عجمی آدمی کے قتل کرنے کا اشارہ ہے (۸) اخروٹ کا پھل مصیبت اور تکلیف سے حاصل ہونے والا مال ہے اس لئے کہ اس کا مغز کاٹے بغیر اور اسکا تیل نچوڑے بغیر نہیں نکلتا۔ (۹) کسی باغ سے اخروٹ چننا کسی عورت کی طرف سے مال ملنے کی علامت ہے اور چھلکوں کے ساتھ ہوں تو کفایت کے مطابق رزق ملنے کی دلیل ہے۔ (۱۰) اخروٹ کے چھلکوں کو کھانا کسی بخیل کی غیبت کرنے کی دلیل ہے اور عورت کا اخروٹ کے چھلکوں کو اس پر گرانا کپڑوں کے جلنے کی علامت ہے۔ (۱۱) کسی نے دیکھا وہ اخروٹ کے ساتھ کھیل رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ کسی حرام مال میں منہمک ہوگا۔ (۱۲) اخروٹ کے چھلکے کی تعبیر رزق بھی ہے۔ (۱۳) کبھی تشبیہ نیک سردار اور بھائیوں سے بھی دی جاتی ہے اور کبھی اسکی دلالت صحت بدن اور لمبے سفر پر بھی ہوتی ہے۔ (۱۴) عورت اگر خواب میں اخروٹ دیکھے تو طول عمر کی دلیل ہے اور اسی طرح اخروٹ کی دلالت زوج پر بھی ہوتی ہے کیونکہ (اخروٹ) کے الفاظ الٹ کرو تو زوج بن جاتا ہے اور کبھی اسکی دلالت امور مشکلہ کے حل ہونے پر بھی ہوتی ہے۔ (۱۵) ٹوٹا ہوا اخروٹ سہولت سے ملنے والا مال ہے۔

## جوز الھندی (ناریل)

ناریل کی دلالت کاہنوں کے کلام پر ہوتی ہے۔

(۱) کسی نے دیکھا کہ وہ ناریل کھا رہا ہے تو دلیل ہے کہ کوئی قوم اسکی تصدیق کرے گی۔ (۲) خواب میں کاہن بننا جوز

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الھندی ناریل کھانے کی علامت ہے۔(۳) بعض علماء تعبیر کا کہنا ہے کہ ناریل کی تعبیر نجومی شخص ہے۔(۴) خواب میں ناریل کھانا علم نجوم حاصل کرنے کی دلیل ہے یا کسی نجومی کی تابعداری کی علامت ہے۔(۵) کبھی ناریل کی تعبیر بھڑکتی ہوئی آگ سے بھی کی جاتی ہے اس لئے کہ نار عربی میں آگ کو کہتے ہیں اور اخروٹ طبعاً گرم ہے اور کبھی اسکی دلالت اندر کی گرمی اور عجمی تاجروں پر بھی ہوتی ہے۔

## جزر (گاجر)

(۱) اسکی تعبیر زجر و توبیخ ہے کسی نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں گاجر ہے تو تعبیر ہے کہ کوئی مشکل اسکے لئے آسان ہو جائے گی اور بعض علماء تعبیر کی رائے ہے خواب میں گاجر ملنا یا اس کو کھانا غم اور حزن ہے لیکن بعض کی رائے کہ خواب میں گاجر کھانا خیر و منفعت حاصل کرنے کی علامت ہے اور کبھی اسکی دلالت حصول مقصد کی آسانی پر بھی ہوتی ہے(۲) کسی مصیبت میں پھنسے ہوئے شخص یا کسی قیدی کا خواب میں اپنے ہاتھ میں گاجر دیکھنا مصیبت سے چھٹکارے اور قید سے خلاصی کی دلیل ہے۔

## جلوز (چلغوزے کا درخت)

اس کی دلالت مضبوط آدمی پر ہوتی ہے اور اس کے پھل کی تعبیر مال ہے۔

## جمیز (گولر)

خواب میں کسی کو ملنے کی تعبیر اچھے رزق کی علامت ہے درختِ گولر کی دلالت نفع بخش نیکی میں ثابت قدم ہونے، کثیر مال والے مضبوط قسم کے آدمی پر ہوتی ہے کبھی اس کی دلالت صاحبِ نسب و مال پر ہوتی اور کبھی اس کی دلالت دل اور آنکھوں کی کمزوری پر ہوتی ہے۔

## جمار (گوند جو درخت کھجور سے نکلے)

اسکی دلالت مندرجہ ذیل پر ہوتی ہے، مالِ موروث، جدائی، حلال پونجی، مشکل کا آسان ہونا، بڑھاپا اور لرزش، کم عمر بچہ یا تام الخلقت اسقاط شدہ بچہ۔

## جبہ

(۱) خواب میں اپنے آپ کو جبہ پہنتے ہوئے دیکھنا عجمی عورت کیساتھ شادی کرنے کی دلیل ہے(۲) رنگا ہوا جبہ پہننا محبت کرنے والے بیٹے پر دلالت کرتا ہے(۳) جبہ کے اوپر کا حصہ روئی کا ہونا حسنِ دین کی دلیل ہے۔(۴) کسی عورت کا خواب میں ایسا جبہ پہننا جسکا آستر سمور کی کھال کا ہو کسی ظالم و غاصب قسم کے آدمی کے ساتھ تعلق کر کے اپنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شوہر کے ساتھ خیانت کرنے پر دلالت کرتا ہے اور اسکی دلالت مندرجہ ذیل پر بھی ہوتی ہے' درازیٔ عمر' مالداری' بھی فقیری (۵) گرمی کے موسم میں جبہ پہنتے ہوئے خود کو دیکھنا عورت کی طرف سے غم پہنچنے یا قرض یا مرض یا محبوس ہونے یا تنگی یا عورت کی طرف سے تکلیف پہنچنے پر دلالت کرتا ہے (۶) اہل حرب کا خواب میں جبہ پہنے دیکھنا دشمن سے جنگ کی دلیل ہے۔

## جورب (جراب)

اسکی تعبیر مال اور بچاؤ سے کی جاتی ہے۔ (۱) خواب میں خود کو جراب پہنے ہوئے دیکھنا مال کو بچانے کی دلیل ہے اور صاحب خواب کی والدہ اگر زندہ ہے تو اسکی تعبیر اسکے ساتھ ہجرت کرنے سے کی جاتی ہے۔ (۲) اگر اسکی والدہ زندہ نہیں ہے تو یہ اپنے والد کی نفی کرنے کی علامت ہے۔ (۳) خواب میں اچھی بو والی نئی جراب دیکھنا ساتھی کا زکوٰۃ کی ادائیگی کے ذریعے اسکے مال کی حفاظت کرنے کی دلیل ہے اور اسکی اچھی شہرت ہوگی۔ (۴) پرانی جراب دیکھنا عدم ادئیگی زکوٰۃ کی وجہ سے مال کے ہلاکت کے دہانے پر پہنچنے کی علامت ہے۔ (۵) بدبودار جراب دیکھنا بری شہرت کی دلیل ہے۔ (۶) جراب کی تعبیر خادم' عورت اور باندی بھی ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب الحاء

## حملة العرش (حاملین عرش فرشتے)

(۱) خواب میں ان کا دیدار باعث عزت وقوت اور سبب اشفاق والفت ہے۔ (۲) ان کی رؤیت عقیدے کی سلامتی اور بادشاہ کے خواص کی قربت کی دلیل ہے۔

## حفظہ (فرشتے/کراماً کاتبین)

ان کی تعبیر بڑے بڑے امانتدار علماء کرام سے کی جاتی ہے۔

متقی و پرہیز گار شخص کا خواب میں کراماً کاتبین کو دیکھنا دنیا و آخرت میں خوشی کی بشارت اور جنت کے یقینی ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ اور غیر متقی شخص کے ان فرشتوں کو دیکھنے کی تعبیر اس کے لئے اچھی نہیں ہے بلکہ اللہ تعالی کے اس فرمان ﴿وَإِنَّ عَلَيْكُمْ لَحَافِظِيْنَ كِرَاماً كَاتِبِيْنَ يَعْلَمُوْنَ مَاتَفْعَلُوْنَ﴾ الانفطار) ''اور تم پر نگہبان مقرر ہیں عزت والے، عمل لکھنے والے'' کی بنا پر انہیں ڈرنا چاہیے۔

## حواء (حضرت حواء علیہا السلام)

(۱) خواب میں حضرت حواء علیہا السلام کی رؤیت فصلوں، پھلوں اور مکانات میں برکت پر دلالت کرتی ہے اور صناعت یعنی کپڑے بننے، حرفت اور لوہے کے کارخانوں میں مسلسل کثیر فائدوں کی علامت ہے۔ (۲) کبھی حضرت آدم علیہ السلام اور حواء علیہا السلام کو دیکھنا اعلیٰ مقام سے ادنیٰ مقام کی طرف آنے اور ذلت کی طرف منتقل ہونے اور ناجائز چیزوں میں واقع ہونے اور دشمنوں کے خوش ہونے اور غموں اور پڑوسیوں کی طرف سے تکلیف پہنچنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) کبھی ان حضرات کی رؤیت، ازواج اولاد کی طرف سے تکلیف پہنچنے اور مافات پر معذرت قبول کرنے اور شرمندگی وتوبہ کرنے پر دلالت کرتی ہے۔ (۴) کسی عورت کا خواب میں حضرت حواء علیہا السلام کو دیکھنا ہر معاملے میں اپنے شوہر کو غموں اور تکالیف میں مبتلا کرنے کی دلیل ہے یا خود کسی مصیبت میں مبتلا ہونے کی علامت ہے، اس لئے کہ دنیا میں حیض میں مبتلا ہونے والی سب سے پہلی عورت حضرت حواء علیہا السلام ہیں کبھی اسی خواب کی دلالت ولادت اور حمل کے سلسلے میں علاج کرنے پر بھی ہوتی ہے اور کبھی اس خواب کی دلالت صالح اولاد نصیب ہونے پر ہوتی ہے (۵) شوہر سے جدائی اختیار کرنے والی عورت یہ خواب دیکھے تو دلیل ہے کہ شوہر کیساتھ دوبارہ ملے گی۔ اور کبھی اسکی دلالت اپنی محنت سے حلال رزق کمانے پر بھی ہوتی ہے اور کبھی عورت کا یہ خواب دیکھنا اشارہ ہے کہ اس کی نسل میں ناحق خون بہانے والا کوئی فرد پیدا ہوگا۔ کبھی یہ خواب شہید ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۶) کبھی خواب میں حضرت حواء علیہا السلام کو دیکھنا کسی عورت سے دھوکہ کھانے پر دلالت کرتا ہے اور کبھی اپنی بیوی کی باتوں پر آنے پر بھی دلالت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرتا ہے۔ حضرت حواء علیہا السلام کو خوبصورت چہرے کے ساتھ دیکھنے کی تعبیر مال سے کی جاتی ہے اس لئے کہ وہ ام المسلمین ہیں اور اگر غمزدہ خواب میں حضرت حواء علیہا السلام کی زیارت کرے تو اس کا غم دور ہوگا۔

## حفصہ (ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا)

خواب میں حضرت حفصہؓ کی زیارت کسی مکروہ امر پر دلالت کرتی ہے' کسی غیر شادی شدہ مرد کا حضرت حفصہؓ کے علاوہ دوسری ازواجِ مطہرات میں سے کسی ایک کی زیارت کرنا نیک وصالح عورت سے نکاح کرنے کی دلیل ہے اسی طرح کسی عورت کا ان میں سے کسی کی زیارت کرنا نیک شوہر کی دلیل ہے۔ اور ازواج مطہرات کا تذکرہ باب الالف میں گذرا ہے وہاں دیکھا جائے۔

## حبل المرأة (حملِ عورت)

(۱) اس کی دلالت کسی کام میں مسلسل محنت کی بدولت بڑھنے والے زیادہ مال حاصل کرنے اور فخر وعزت اور اچھی شہرت پانے کی دلیل ہے۔ (۲) کسی مرد کا خواب میں اپنے آپ کو حاملہ دیکھنا ایسے پوشیدہ غم پر دلالت کرتا ہے جس کے زیادہ ہونے کے ساتھ ساتھ ظاہر ہونے کا خوف ہو (۳) کبھی حمل کی دلالت صاحب خواب کے لئے خواہ مرد ہو یا عورت' دنیا کی زیادتی پر ہوتی ہے (۳) خواب میں کسی حاملہ عورت کو دیکھنا غم وتکلیف پر دلالت کرتا ہے عالم کے لئے حمل دیکھنا زیادتِ علم کی دلیل ہے اور صنعت کار کے لئے غیر سے مال حاصل کرنے کی علامت ہے (۴) کبھی مرد کا حمل غم وتکلیف اور دشمنوں کے ساتھ مجاورت پر بھی دلالت کرتا ہے اور کبھی یہی خواب جنونی عشق کی بھی علامت ہوتا ہے۔ (۵) کبھی اس خواب کی دلالت اس شخص پر بھی ہوتی ہے جو لڑکیوں اور لڑکوں کو ایک محل میں جمع کرتا ہے اور غیر فطری کام کرتا ہے یا اس کی تعبیر وہ شخص ہے جو اپنی حالت کو پوشیدہ رکھتا ہے مگر وہ ظاہر ہو جاتی ہے۔ یا صاحب خواب کے مرض استسقاء میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔ اور کبھی اس خواب سے صاحب رؤیا کے گھر میں چور داخل ہونے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے کبھی یہ خواب خود صاحب خواب کے چوری کرنے اور مالک سے چھپانے پر بھی دلالت کرتا ہے' کبھی مرد کا حمل والا ہونا رسی سے یا کچی کھجوریں کھا کر اپنے آپ کو ہلاک کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ کبھی مرد کے حمل میں ہونے کی دلالت کسی اجنبی معزز آدمی کے اس کے جوار میں مدفون ہونے پر ہوتی ہے۔ کبھی یہی خواب صاحب حمل کے بہت زیادہ جھوٹ بولنے پر دلالت کرتا اور کبھی اس کی دلالت اپنے اعتقادِ فاسد کو چھپانے پر بھی ہوتی ہے۔ اور باکرہ عورت کا حاملہ ہونا گھر والوں کو اس کی وجہ سے تکلیف پہنچنے پر دال ہے۔ کبھی اس کی دلالت محلے میں چور' یا آگ لگنے کی وجہ سے کوئی بڑا حادثہ پیش آنے پر ہوتی ہے۔ کبھی اس کی دلالت غیر مناسب چیز تیار کرنے اور کبھی غیر کفو میں نکاح ہونے اور نکاح سے پہلے بکارت کے زائل ہونے پر ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۸) بانجھ عورت یا نر حیوان کو حاملہ ہوتے دیکھنا قحط سالی، خیر و برکت کی کمی، چوروں اور خوارج کے جانب سے شرور وفتن کی کثرت کی علامت ہے (۹) خواب میں مذکورہ افراد کا وضع حمل ڈراؤنے اور درندوں کی صورت میں ہونا ان کے غم و تکلیف کے دور ہونے اور جس جگہ پر وضع حمل ہو وہاں خوف و غم طاری ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۰) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کی بیوی حاملہ ہوئی ہے تو یہ دنیاوی خیر کی علامت ہے (۱۱) بوڑھی عورت کا حمل اسلحہ ذخیرہ کرنے کی طرف اشارہ ہے (۱۲) بعض نے کہا ہے بوڑھی کا حمل عمل میں سستی پر دلالت کرتا ہے اور بعض کی رائے کے مطابق یہ خواب قحط سالی کے بعد خوشحالی کی علامت (۱۳) غیر شادی شدہ مرد کے لئے یا بیوی اور غیر شادی شدہ عورت کے لئے خواب میں حاملہ ہونا صاحب شوہر ہونے کی طرف اشارہ ہے۔

## حبل (رسی)

(۱) اس کی تعبیر عہد و پیمان ہے (۲) آسمان کی طرف سے رسی آنا قرآن پر دلالت کرتا ہے اور رسی کی تعبیر دین بھی ہے چنانچہ خواب میں رسی کو پکڑنا اللہ تعالیٰ کے دین پر عمل کرنے کی علامت ہے۔(۳) کھجور کی چھال کی رسی سخت مزاج آدمی پر اور چمڑے کی رسی خون خوار آدمی پر دلالت کرتی ہے۔(۴) اون سے بنائی گئی رسی دیندار شخص پر دلالت کرتی ہے۔(۵) خواب میں خود کو رسی سے لپٹا ہوا دیکھنا دلیل سفر ہے (۶) رسی بٹ کر اپنے گلے میں ڈالنا نکاح کرنے کی دلیل ہے۔(۷) خواب میں رسی کو اپنے اوپر لپیٹنا سفر کی وجہ سے ولایت ختم ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۸) بالوں اور اون سے بنائی گئی رسی ولایتِ دینی یا تجارت پر دلالت کرتی ہے۔(۹) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ اپنی ڈاڑھی کے بال اکھاڑ کر رسی بنا رہا ہے۔تو تعبیر یہ ہے کہ وہ جھوٹ بول کر رشوت لیگا۔اور بعض علماء تعبیر کا کہنا ہے کہ رسی دیکھنا طویل سفر کی علامت ہے چونکہ رسی مختلف آلات میں سے ایک آلہ ہے۔لہذا خواب میں اپنی گردن یا شانے یا پیٹ میں رسی دیکھنا دلیلِ عہد و پیمان ہے جو نکاح یا دستاویز یا نذر و دین یا شرکت یا امانت کی صورت میں اس کے ذمہ واجب ہوگا۔
(۱۰) خواب میں رسی لپیٹنا یا اس کو لکڑی یا کسی اور چیز پر لپیٹنا بھی سفر کرنے کی دلیل ہے اسی طرح لپیٹنا اور موڑنا کبھی معاملات کے درست کرنے اور کسی نکاح میں شرکت کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔اور کسی لاٹھی پر رسی لپٹی ہوئی دیکھنا عملِ فاسد اور جادو کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## حمل الانسان (بوجھ اٹھانا)

(۱) خواب میں بھاری بوجھ اٹھانا برے پڑوسی کی علامت ہے کبھی زیادہ بوجھ گناہوں پر بھی دلالت کرتا ہے۔
(۲) خواب میں عورت کا زیادہ بوجھ اٹھانا اس کے حاملہ ہونے کی علامت ہے یا شریر قسم کے شوہر کی طرف اشارہ ہے کبھی زیادہ بھاری بوجھ اٹھانا برے پڑوسی کی طرف سے اذیت برداشت کرنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے (۳) گردن یا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شانے پر بوجھ اٹھانا گناہوں پر دلالت کرتا ہے۔(۴) خواب میں بچہ اٹھانا اٹھائے ہوئے کے لئے راحت اور اٹھانے والے کے لئے تکلیف وتعب کی دلیل ہے۔(۵) خواب میں لکڑی اٹھانا غیبت' چغلی اور جھوٹی باتیں نقل کرنے کی دلیل ہے۔

## حسنة (نیکی)

(۱) خواب میں خود کو نیکی کرتے ہوئے دیکھنا گناہوں سے توبہ یا صلہ رحمی کرنے یا مساکین پر صدقہ کرنے کی دلیل ہے (۲) خواب میں خود کو دعا کرتے ہوئے دیکھنا جہنم سے نجات کی دلیل ہے (۳) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کے شہر کے لوگ مساکین کو کھانا کھلا رہے ہیں اور نیک اعمال کر رہے ہیں یا حج کر رہے ہیں یا دیکھا کہ وہ یاد الٰہی میں مصروف ہیں۔ یا نماز ادا کر رہے ہیں تو تعبیر ہے کہ اگر وہ کسی غم میں مبتلا ہیں تو رجوع الی اللہ کی بنا پر اللہ تعالیٰ ان کے غموں کو رفع فرمائیں گے۔(۴) خواب میں کثرت سے اللہ تعالیٰ کے حمد وثنا کرنا میراث ملنے کی دلیل ہے۔ (۵) خواب میں نیک عمل مثلاً راستہ سے تکلیف دہ چیز کو ہٹانا یا امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنا تجارت میں منافع ملنے اور قرضوں کی ادائیگی اور خوف سے امن کی دلیل ہے۔(۶) خواب میں کسی نیکی پر انعام ملنا ظالموں کی معزولی اور عادلوں کے اقتدار پر دلالت کرتا ہے۔

## حج (حج بیت اللہ)

(۱) خواب میں حج ادا کرنا' بیت اللہ کا طواف کرنا اور مناسک حج میں سے بعض کو ادا کرنا دینی درستگی اور دین پر استقامت' ثواب ملنے خوف سے مامون ہونے' قرضوں سے نجات پانے اور مسلمانوں کی امانات کو ان تک پہنچانے پر دلالت کرتا ہے۔(۲) کسی نے موسم حج میں خواب دیکھا کہ وہ حج کے لئے نکلنے والا ہے اگر وہ حکمرانی سے معزول ہے تو تعبیر ہے دوبارہ حکمران بنے گا۔اور اگر مسافر ہے تو مامون ہوگا اگر تاجر ہے تو منافع پائے گا۔اگر مریض ہے تو تندرست ہوگا۔اور مقروض ہے تو قرض سے نجات ملیگی' اگر حج نہیں کیا ہے تو حج نصیب ہوگا۔اور گمراہی کے راستے پر چل رہا ہے تو راہ راست پر آئے گا۔(۳) کسی نے دیکھا کہ اس نے حج یا عمرہ کیا تو دلیل ہے کہ وہ طویل زندگی گزارے گا اور اس کے اعمال مقبول ہوں گے۔(۴) اگر کوئی حکمران خواب میں خود کو حج کے لئے نکلتے ہوئے دیکھے تو یہ اس کی معزولی کی دلیل ہے اور تاجر کے لئے یہ خواب نقصان وخسارے کی علامت ہے اور مسافر کے لئے یہ لوٹ جانے کی طرف اشارہ ہے اور صحت مند کے لئے مرض کی علامت ہے۔(۵) کسی نے خواب دیکھا کہ اس پر حج فرض ہو چکا ہے لیکن وہ حج نہیں کرتا تو تعبیر ہے کہ صاحب خواب اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی ناشکری کر رہا ہے اور امانتوں کی ادائیگی سے انکار کر رہا ہے۔(۶) کبھی خواب میں حج کرنا ارادے میں تردد واقع ہونے کی علامت ہوتا ہے اور قرضوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی ادیئگی، نیک کام کرنے اوران واجبات کو پورا کرنے کی کوشش کرنے کی علامت ہے، جن کو پورا کرنا اس پر لازمی ہے مثلاً والدین واستاذ کی اطاعت کرنے کی علامت ہے یا ہجرت کرنے کی دلیل ہے یا کسی عالم یا عابد کی زیارت نصیب ہونے کی بشارت ہے۔(۷) پہلوان کا یہ خواب دیکھنا لوگوں کی خدمت میں کوشش کرنے پر دلالت کرتا ہے۔اور یہ خواب غیر شادی شدہ کے لئے دلیل شادی ہے اور بادشاہ کے لئے دشمنوں سے محفوظ ہونے، باغیوں کے زیر ہونے اور کفار کے کسی بڑے شہر پر قبضہ کرنے کی دلیل ہے۔اور کبھی حج کی دلالت جہاد کرنے پر بھی ہوتی ہے۔(۸) یہ خواب کبھی طالب علم کے لئے اپنی مراد پانے کی اور فقیر کے لئے غنی ہونے کی نشانی ہے۔(۹) کبھی مریض کے لئے حج کرنا اس کے مرنے کی علامت ہے۔(۱۰) گناہگار کے لئے توبہ کرنے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۱) شادی شدہ کے لئے حج کرنا اپنی بیوی کو طلاق دینے پر دلالت کرتا ہے اور حج سے دین ودنیا میں منتفع ہونے والے کے ساتھ معاشرت اختیار کرنے کی دلیل ہے۔

(۱۲) کافر کا خواب میں حج کرنا دولتِ اسلام سے مشرف ہونے کی نوید ہے۔(۱۳) خواب میں سواری پر سوار ہوکر حج کے لئے سفر کرنا مذکورہ تمام لوگوں کو ایسے مددگار ملنے کی دلیل ہے جن پر سواری دلالت کرتی ہے چنانچہ بختی اونٹ پر سوار ہوکر حج کو جانا ایسے لوگوں سے معاشرت اختیار کرنے کی علامت ہے جن پر بختی اونٹ دلالت کرتا ہے۔(۱۴) کسی سواری کی لگام کو پکڑ کر جانا کسی عورت کی مدد سے وہاں تک پہنچنے کا اشارہ ہے۔(۱۵) ہاتھی پر سوار ہوکر حج کو جانا کسی بادشاہ کی مصاحبت میں حج کرنے کی دلیل ہے۔(۱۶) خواب میں پیدل حج کو جانا ایسے کام میں واقع ہونے کی دلیل ہے جس کا کفارہ اس پر واجب ہے۔کبھی حج کرنا مندرجہ ذیل پر بھی دلالت کرتا ہے، رزق، مالِ غنیمت، سفر سے لوٹنا، تنگی کے بعد خوشحالی، بیماری کے بعد صحت اور اپنے سابقہ کام کی طرف رجوع۔خواب میں زادِ سفر ہمراہ لیکر سفر حج کرنا تقویٰ کی دلیل ہے۔(۱۷) فقیر کا یہ خواب دیکھنا اس کے مالدار ہونے کی علامت ہے۔ (۱۸) مقروض کے لئے ادئیگی قرض کی نشانی ہے۔(۱۹) خواب میں حج کے لئے جاکر حج کے اعمال نہ کرنا کسی حاجت کی بنا پر کسی بادشاہ کے پاس جانے کی دلیل ہے۔(۲۰) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ اکیلا حج کے لئے جارہا ہے اور لوگ اس کو رخصت کررہے ہیں۔ تو یہ اس کے مرنے کی علامت ہے۔

## حجر الکعبۃ الاسود (حجر اسود)

(۱) اس کا دیدار حج نصیب ہونے کی علامت ہے۔(۲) خواب میں حجر اسود کو توڑنا لوگوں کو اپنی رائے پر جمع کرنے کا ارادہ کرنے پر دلالت کرتا ہے۔(۳) خواب دیکھا کہ لوگ حجر اسود کو گم کرکے اس کے تلاش میں لگے ہیں پھر دیکھا کہ وہ اپنی جگہ میں رکھا مل گیا تو دلیل ہے کہ صاحب خواب دوسروں کو گمراہ سمجھ رہا ہے اور خود ہدایت پر ہے۔کبھی یہ خواب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ایسے علم پر بھی دلالت کرتا ہے جس میں صاحب خواب منفرد ہے اور اسے دوسرے طلب کرنے والوں سے چھپا رہا ہے۔ (۴) کسی نے دیکھا کہ اس نے حجر اسود کو ہاتھ لگایا تو دلیل ہے وہ کسی حجازی امام کی تابعداری کریگا۔ (۵) دیکھا کہ اس نے صرف اپنے لئے حجر اسود اکھاڑ دیا ہے تو دلیل ہے کہ مسلمانوں میں صرف وہ ہی اکیلا کسی بدعت میں مبتلا ہوگا۔ (۶) خواب میں حجر اسود کو اپنی جگہ سے نکلتے ہوئے دیکھنا دوسروں کو گمراہ کرنے کی دلیل ہے۔ (۷) خواب میں حجر اسود سے مصافحہ کرنا حج کرنے کی طرف اشارہ ہے اور استلام حجر اسود کی تعبیر باب الالف میں دیکھئے۔

## حجر اسمٰعیل علیہ السلام

خواب میں خود کو حجر اسمٰعیلؑ پر دیکھنا ایسا بیٹا نصیب ہونے کی دلیل ہے جو اس کی کفالت کریگا اور دنیاوی معاملات میں اس کا معین ہوگا۔

## حجر منحوت (تراشا ہوا پتھر)

(۱) خواب میں پکی اینٹوں کی جگہ تراشا ہوا پتھر استعمال کرنا عزت و اقبال، طبی امیدوں، خوف سے امن، محفوظ از واج وغیرہ پر دلالت کرتا ہے اور ان لوگوں پر بھی دلالت کرتا ہے جن لوگوں سے الفت و محبت اور نرمی سے پیش آنا لازمی ہے مثلاً عالم، طبیب، منجم وغیرہ، (۲) تراشے ہوئے پتھر کی جگہ پکی اینٹ استعمال کرنا، ذلت، زوالِ منصب، زوجات میں تغیر پر دلالت کرتا ہے یا مال خانہ کی موت کی دلیل ہے۔ (۳) سنگ مرمر کی جگہ سخت پتھر رکھنا ذلت اور فاقہ کی دلیل ہے (۴) یہی خواب ستونوں اور بنیادوں کی تبدیلی کی بھی ہے۔ چنانچہ سنگریزوں کے ستونوں کی جگہ عام پتھر رکھنا ذلت کی علامت ہے۔ (۵) خواب میں سنگ مرمر سے بنائی ہوئی قبروں کو پتھر سے بنانا میت کے وقف کردہ چیز یا اس کے ورثاء کی حالتوں میں تبدیلی آنے کی دلیل ہے۔

## حجر المنجنیق (منجنیق کا پتھر)

اس کی تعبیر ایلچی ہے (۱) کسی نے دیکھا کہ بادشاہ کسی شخص کی طرف پتھر پھینک رہا ہے۔ تو دلیل ہے کہ بادشاہ اس شخص کی طرف سخت دل آدمی بطور پیغام رساں بھیجے گا (۲) پہاڑوں یا دوسرے چٹانوں کی تعبیر ایسا شخص ہے جو پتھر دل ہو۔ (۳) کسی نے خواب دیکھا کہ اپنی طاقت کو آزمانے کے لئے بڑا بھاری پتھر اٹھایا تو تعبیر ہے کہ کسی مضبوط سخت دل پہلوان سے اس کا مقابلہ ہوگا۔ اور اس پر غلبہ پائے گا۔ (۴) اور اس کو نہ اٹھا سکنا مغلوب ہونے کی دلیل ہے۔ (۵) خواب دیکھا کہ وہ پتھر سے اپنے سر کو مار رہا ہے تو تعبیر ہے اس کا سربراہ اس کے ہاں پناہ لیگا اور اس پر اعتماد کریگا اور اس سے اپنی امید وابستہ کریگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## حجر مطلق (عام پتھر)

(۱) زمین پر پڑا یا دیوار پر لگا پتھر میت پر دلالت کرتا ہے اور کبھی اسکی دلالت اہل قساوت' غافل اور جاہل قسم کے لوگوں پر ہوتی ہے اور حکماء حضرات ج کو پتھر سے تشبیہ دیتے ہیں۔ (۲) خواب میں کسی طرح پتھر کا مالک بننا یا خریدنا اپنی صفت کے بنیاد پر کسی آدمی پر غلبہ کی دلیل ہے یا اپنی تدبیر یا گفتگو سے کسی عورت کے ساتھ نکاح کرنے کی علامت ہے۔ (۳) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کا بدن پتھر بن گیا تو تعبیر ہے کہ وہ اپنے رب کی نافرمانی کریگا اور اس کے دل میں قساوت اور اس کے دین میں فساد پیدا ہوگا (۴) مریض کا یہی خواب دیکھنا اس کے مرنے کی دلیل ہے۔
(۵) تندرست کے لئے یہ خواب فالج کی وجہ سے بدن کی حرکت میں تعطل واقع ہونے کی علامت ہے۔ (۶) آسمان سے پتھر کا زمین یا مساجد پر گرنا پتھر دل آدمی پر دلالت کرتا ہے۔ (۷) آسمان سے گرے ہوئے پتھر کا ٹوٹ جانا اور اس کے ٹکڑوں کا گھروں کے اندر گرنا اس علاقے میں مصیبت پھیلنے کی علامت ہے چنانچہ خواب میں اس پتھر کے ٹکڑے جس جس گھر میں گرتے دیکھے گئے ہوں ان گھروں میں مصیبت پہنچنے کی دلیل ہے اور اگر اس علاقے میں قحط سالی ہو تو اس کے دوام اور برے انجام سے لوگ ڈریں گے۔ پتھر شدت پر بھی دلالت کرتا ہے لہذا مصیبت پتھر کی مقدار کے اعتبار سے آئے گی یعنی چھوٹے پتھر دیکھنا چھوٹی مصیبت اور بڑے پتھر بڑی مصیبت کی علامت ہیں۔ (۸) مخلوق کو پتھر مارے جانے کی مندرجہ ذیل تعبیریں ہوسکتی ہیں اس علاقے میں اللہ تعالیٰ کے عذاب کا نزول' یا وباء پھیلنا یا ٹڈیوں کا عذاب آنا یا سخت سردی' ہوا' تاوان میں پڑ جانا اموال کا چھن جانا وغیرہ۔ (۹) خواب میں پتھروں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا کسی مشکل کام کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۰) غیر شادی شدہ شخص کا خواب میں کسی پتھر پر سوار ہونا نکاح کرنے کی علامت ہے۔ (۱۱) خواب دیکھا کہ اپنے گلے میں پتھر لٹکایا ہے تو تعبیر ہے اس کو غم وشر لاحق ہوجائے گا۔ (۱۲) خواب دیکھا کہ اس نے پتھر پر لاٹھی ماری اور اس سے پانی پھوٹ پڑا تو فقیر کے لئے یہ خواب دلیل غنیٰ ہے اور غنی کے لئے مالی زیادتی اور اچھے رزق کی علامت ہے کبھی پتھر کی دلالت' عابد وزاہد اور اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والے لوگوں پر ہوتی ہے۔ (۱۳) بادشاہ کا خواب میں اپنے پاس بہت سے پتھر دیکھنا کثرت مال پر دلالت کرتا ہے۔
(۱۴) کسی عابد آدمی کا اپنے پاس پتھر دیکھنا اس علاقے میں اس کی کرامت کے ظہور اور اس کے ذریعہ طلب مال کی علامت ہے۔ خواب میں پتھر کو مارنا ایسی تہمت لگنے کی علامت ہے جس سے وہ بری ہوگا خاص طور پر پتھر کو بھاگتا ہوا اور خود کو اس کا پیچھا کرتے ہوئے دیکھے۔ (۱۵) کبھی پتھر کی دلالت انسان کو اس چیز سے روکنے پر ہوتی ہے جس میں تصرف کرنا اس کے لئے منع ہے اور کبھی اس کی دلالت کیڑے مکوڑوں کے بلوں پر بھی ہوتی ہے۔ (۱۶) اور چکیوں کے پتھر (پاٹ وغیرہ) علماء' اولاد' ازواج' اموال وغیرہ پر دلالت کرتے ہیں۔ مذکورہ پتھروں میں سے کسی پتھر کا مالک بننا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عزت، اسلحہ اور مال کے ذریعے دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۷) کوئی شخص خواب میں ایسے پتھروں کا مالک بنا جس میں پیسنے اور نچوڑنے کے پتھر موجود ہیں تو کسی قابل عزت شخص کی طرف سے فوائد ملنے کی دلیل ہے مثلاً والد، استاذ، سردار بھائی، شوہر، رشتہ دار اور دوست وغیرہ۔ (۱۸) کبھی اس کی دلالت زیادہ سفر کرنے والے شخص پر بھی ہوتی ہے۔ (۱۹) خواب میں کسی نے پتھر اٹھایا اور اس میں اس کو تکلیف ہوئی تو دلیل ہے کہ پتھر کے ہلکا اور بھاری ہونے کی اعتبار سے کسی پتھر دل شخص کیطرف سے تکلیف پہنچے گی۔ (۲۰) ان پتھروں کی دلالت جو طبی اعتبار سے انسان کے لئے نافع ہیں علماء، طبیب حکیم، معزز اور معاشی لحاظ سے مستحکم لوگ، راحت، اولاد اور نفع بخش کارخانوں پر ہوتی ہے۔

## حصی الجمرات (شیطان کو مارے جانے والے پتھر)

(۱) سات پتھروں سے مارنا سات دراہم یا سات سو دینار قرض میں ادا کرنے کی دلیل ہے اور دشمنوں کے مقابلے میں کامیابی کی علامت ہے اور نیک اعمال کی دلیل ہے۔ (۲) کسی نے خواب میں ان پتھروں میں سے ایک پتھر کو نگل لیا تو دلیل ہے کہ وہ یتیم کا مال کھائے گا۔ (۳) اور کبھی رمی جمار کی دلالت قرض کی ادئیگی اور صوم صلوٰۃ کی ادائیگی پر بھی ہوتی ہے۔

## حصی (کنکری)

(۱) اس کی دلالت مردوں، عورتوں اور چھوٹے بچوں پر ہوتی ہے اور کبھی اس کی دلالت سفید رنگ کے گنے ہوئے دراہم پر بھی ہوتی ہے اس لئے کہ یہ زمین سے لئے جاتے ہیں اور اس کی دلالت، علم اور شعر کی حفاظت اور ان کے احصاء پر بھی ہوتی ہے۔ اور کنکری حج، رمی الجمار، سختی، شدت، اسباب اور عصمت وغیرہ کی بھی علامت ہے۔ (۲) کسی نے خواب دیکھا کہ آسمان سے ایک پرندہ اترا اور مسجد سے ایک کنکری اٹھا کر چلا گیا تو دلیل ہے کہ اس مسجد میں نماز پڑھنے والوں میں سے یا عام لوگوں میں کسی صالح شخص کا انتقال ہوگا۔ (۳) کسی نیک مریض شخص یا مسجد میں نماز پڑھنے والے شخص نے خواب دیکھا کہ ایک پرندے نے آسمان سے اُتر کر مسجد سے کنکری اُٹھائی تو یہ بھی صاحب خواب کے مرنے کی دلیل ہے۔ (۴) پرندے کو کلیسا سے کنکری اٹھاتے دیکھنا دیکھنے والے میں فساد کی علامت ہے۔ (۵) اپنے گھر یا کسی غیر معروف مکان سے کنکری اٹھاتے ہوئے پرندے کو دیکھنا صاحب خواب کے بچے یا کسی اور شخص کے ہلاک ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۶) خواب میں حلقۂ ذکر یا کسی عالم کے مکان یا مسجد سے چند کنکریاں اٹھا کر ان کو اپنے کپڑے میں رکھ لینا علم اور قرآن سے کچھ حاصل کرنے اور کنکریوں کی مقدار کے مطابق ذکر اللہ سے مستفیض ہونے کی دلیل ہے۔ (۷) بازار یا کسی درخت یا کسی اور جگہ سے کنکریاں اٹھانا دنیاوی فوائد اور دراہم جو تجارت سے حاصل ہوں یا پھلوں یا صدقہ اور سوال کے ذریعے کچھ حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ (۸) بادشاہ کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خدمت کرنے والا کسی درخت کے پیچھے سے کنکری اٹھائے تو بادشاہ کی طرف سے عطایا ملنے کی علامت ہے۔
(۹) سمندر میں تجارت کرنے والے کے لئے یہ خواب سمندر سے فائدہ حاصل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۰) کسی طالب علم کے لئے یہ خواب کسی عالم سے اکتساب فیض کی دلیل ہے۔(۱۱) صاحب اولاد کے لئے یہ خواب بیوی کی طرف سے ہبہ اور کوئی چیز ملنے کی اور بے اولاد کے لئے اولاد کی خوشخبری ہے۔(۱۲) خواب میں دریا میں کنکری مارنا مال کے غرق ہونے کی طرف مشیر ہے۔(۱۳) کنویں میں کنکری مارنا نکاح یا خادم خریدنے کی علامت ہے۔(۱۴) اور شہد کے یا کھانے کے یا کسی اور برتن میں یا پانی کی ٹینکی میں کنکریاں مارنا اپنے پاس جو کچھ مال ہے اس کے ذریعے بمقدار کنکریاں ایسے سامان تجارت خریدنے کی علامت ہے جس پر وہ جگہ اور اس میں جو کچھ ہے دلالت کرتا ہے۔
(۱۵) خواب میں کسی جانور مثلاً شیر' چیتا' بندر' ٹیڈی' اور ان جیسے دوسرے جانوروں کو موسم حج میں کنکریاں مارنا عنقریب حج میں جا کر شیطان کو کنکریاں مارنے کی دلیل ہے۔(۱۶) ایام حج کے علاوہ دوسرے ایام میں مذکورہ خواب دشمنوں اور فاسقوں پر بددعا کرنے یا ان کو برا بھلا کہنے یا ان کے خلاف گواہی دینے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۷) مذکورہ جانوروں میں سے کسی اور جاندار چیز مثلاً کبوتر یا کسی انسان کو کنکری مارنا صالح اور نیک لوگوں اور پاکدامن عورتوں کی غیبت اور گالی دینے اور ان کے خلاف باتیں کرنے کی دلیل ہے۔(۱۸) بعض دفعہ کنکریوں کی دلالت دانشمندوں پر ہوتی ہے۔(۱۹) کبھی اس کی دلالت گناہگاروں کے لئے توبہ اور کافروں کے لئے ہدایت پر ہوتی ہے کبھی اس کی دلالت گواہی دینے پر بھی ہوتی ہے اس لئے کہ نبی کریم ﷺ کے دست مبارک میں کنکریوں نے تسبیح پڑھی تھی۔
(۲۰) ریت کی طرح کنکریاں اٹھانا بھی مرض پر دلالت کرتا ہے۔(۲۱) کنکریوں پر چلنا شر اور خصومت پر دلالت کرتا ہے۔کبھی کنکریوں کی دلالت موت پر ہوتی ہے اس لئے کہ کنکریاں قبروں کے اوپر ڈالی جاتی ہیں۔(۲۲) کبھی اس کی دلالت اصحاب معیشت پر بھی ہوتی ہے اس لئے کہ یہ حضرات وزنِ اشیاء میں کنکریوں سے بھی کام لیتے ہیں اور کبھی اس کی دلالت سخت کلام پر بھی ہوتی ہے۔(۲۳) کثیر کنکریاں مشغولیت کی علامت ہیں۔(۲۴) کسی نے دیکھا کہ اس کے کان میں کنکری ہے اس کے کان نے اس کو باہر پھینک دیا تو سخت بات سننے اور اس کو قبول نہ کرنے کی دلیل ہے۔

## حقہ (برتن ظرف)

خواب اس کو دیکھنا محل پر دلالت کرتا ہے۔(۱) چنانچہ کسی نے خواب دیکھا کہ اس کو ایک برتن ملا جس میں موتی ہیں تو تعبیر ہے کہ اس کو ایک ایسا محل ملیگا جس میں خدمت گار مرد و عورت ہوں گے۔(۲) اشنان کے برتن کا مالک ہونا ہموم و غموم سے چھٹکارے اور قرض سے نجات کی دلیل ہے۔(۳) یمنی برتن کی دلالت ایسے بچے پر ہوتی ہے جس کی وجہ سے تجمل حاصل ہو اور عزت کی حفاظت کرنے والی بیوی پر بھی دال ہے۔(۴) کبھی اس کی دلالت مجلد کتاب پر بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوتی ہے۔(۵)عورتوں کے برتن تکلیف اور غم کی نشانی ہے۔کبھی یہی خواب مصیبت زدہ کے لئے مصیبت سے خلاصی اور خوشی پر اور کبھی اولاد و ازواج پر دلالت کرتا ہے۔(۶) شیشے کا برتن بے وفا دوست کی علامت ہے۔(۸) ٹھیکری کے برتن کی دلالت خادم اور باندیوں پر ہوتی ہے۔

## حلقہ (دروازے کا حلقہ)

(۱)اس کی دلالت دینِ اسلام پر ہوتی ہے' چنانچہ خواب میں حلقہ کو پکڑ لینا دینِ اسلام پر کاربند رہنے کی دلیل ہے۔
(۲)اور دروازے کے حلقے دربانوں پر بھی دلالت کرتے ہیں یا حفاظت کرنے والے کتوں کی علامت ہیں۔
(۳) گھر کے دروازے کے حلقوں کا سونا چاندی کا ہونا عزت و رفعت اور ملک ملنے کی دلیل ہے۔(۴) حلقہ الباب' ایلچی اور ڈرانے والے پر دلالت کرتا ہے۔(۵) اپنے گھر کے دروازہ کے دو حلقے دیکھنا دو شخصوں کے مقروض ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۶) خواب میں اپنے گھر کے دروازے کے حلقے اکھاڑنا بدعت میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔

## حجلۃ (پردہ دلہن کے کمرہ کا)

اس کی دلالت شریف پاکدامن عورت یا اچھی باتیں کرنے والے مرد پر ہوتی ہے۔

## حجل (کھڑا ہونا ایک پیر پر)

خواب میں اپنے آپ کو ایک پیر پر کھڑا دیکھنا کبھی چور ہونے اور کبھی رازوں کو چھپانے والا ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

## حبو علی الرکب (اکڑو بیٹھنا)

(۱) خواب میں ایسا بیٹھنا اپاہج ہونے اور کھڑے ہونے پر قدرت کے باوجود بیٹھ کر نماز پڑھنے کی دلیل ہے۔اور کبھی اس کی دلالت معذوری یا کم ہمتی کی بناء پر سفر نہ کر سکنے پر ہوتی ہے۔(۲) فقیر کا خواب میں اپنے آپ کو ایسے بیٹھے ہوئے دیکھنا مالدار ہونے خیر اور بلند درجے کو پہنچنے کی علامت ہے۔(۳)اور غنی کے لئے یہ خواب فقیر ہونیکی علامت ہے اور کبھی اس کی دلالت لوگوں کے ساتھ محبت کرنے پر ہوتی ہے۔

## حبس (روکنا' بند کرنا)

اسکی تعبیر ذلت سے کی جاتی ہے(۱) کسی شخص نے خواب دیکھا کہ کسی معروف حکمران نے اس کو روکا یا اس کو بند کیا تو تعبیر یہ ہے کہ اس کو سخت صدمہ پہنچے گا۔روکنے کی تعبیر قید کرنے کی تعبیر کی طرح ہے۔(۲) کسی نے خواب میں خود کو قید خانہ میں مقید پایا تو تعبیر ہے کہ وہ بڑا بادشاہ بنے گا اور اچھا دیندار ہوگا' اس لئے کہ حضرت یوسف علیہ السلام قید ہونے کے بعد مصر کے حکمران بن گئے تھے۔(۳) کسی نے دیکھا کہ اسے غیر چونا کئے ہوئے علیحدہ معروف مکان میں قید

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کر دیا گیا ہے تو یہ اس کے مرنے کی دلیل ہے اور یہ مکان اس کی قبر کی طرف اشارہ ہے (۴) کسی ایسے مکان میں مقید ہونا جو مذکورہ صفات کے علاوہ ہو اور وہ مکان عام قید خانہ بھی نہ ہو تو دلیل ہے کہ اس کو خیر نصیب ہوگی۔ (۵) ایسے مکان میں خود کو سزا میں مبتلا پانا انجام کے لحاظ سے بہتری کی علامت ہے۔ (۶) کسی عورت نے خواب دیکھا کہ کسی بادشاہ نے اس کو قید کر لیا تو دلیل ہے کہ اس کا نکاح کسی بڑے آدمی سے ہوگا۔

## حراسة (حفاظت)

(۱) خواب دیکھا کہ کوئی دوسرا شخص اس کی حفاظت کر رہا ہے تو یہ اس کے الجھے امور کی دلیل ہے اور مشکل میں پڑنے اور سخت بیماری میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔ (۲) مصیبت زدہ شخص کے لئے یہ خواب مصیبت سے خلاصی کی دلیل ہے اور کبھی حفاظت کی تعبیر جس کی حفاظت کی جائے اس کے لئے ولایت' عزت اور خوف سے امان اور حفاظت کرنے والے کے لئے تکلیف اور صدمہ سے کی جاتی ہے۔ بعض علماء کی رائے ہے کہ خواب میں دوسروں کی حفاظت کرنا جہاد کی دولت نصیب ہونے کی دلیل ہے۔

## حفر (کھودنا)

(۱) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ زمین کھود رہا ہے اور اس سے خشک مٹی نکل رہی ہے تو دلیل ہے کھودنے اور مٹی کی مقدار کے مطابق مال ملیگا۔ اور کھودتے وقت تر مٹی نکلنا دلیل ہے کہ صاحب خواب کسی کا مال سازش کے ذریعے حاصل کرنے کی کوشش کریگا مگر اس میں اس کو کامیابی نہیں ہوگی اور مٹی کی تری کی بقدر مشقت میں مبتلا ہوگا۔ (۳) کھودنے کی تعبیر سازش کرنے اور فراڈ کرنے سے کی جاتی ہے کبھی اسکی دلالت کھودنے والے کے قتل پر بھی ہوتی ہے۔ (۴) کوئی مریض یا ایسا شخص جس کے ہاں کوئی مریض ہو خواب میں زمین کھودے اور اس سے مٹی نکالے تو یہ صاحب خواب یا اس مریض کے مرنے کی دلیل ہے۔ (۵) کھودنا اس کی قبر کی طرف اشارہ ہے۔ (۶) اگر مسافر یہ خواب دیکھے تو یہ کھودنا اس کے سفر اور اس سے نکالی گئی مٹی اس کی کمائی کی علامت ہے۔ (۶) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ گڑھا یا کنواں یا نالی کھود رہا ہے۔ اور اس کھودنے سے اپنے لئے پانی نکالنا مقصود ہے' تو یہ اس کی خاص خاص معیشت پر دلالت کرتا ہے۔

(۷) کھودنے کے بعد پانی جاری ہونا معیشت میں پیچیدگی کی دلیل ہے۔ (۸) خواب میں کسی کے لئے گڑھا کھودنا اس کے ساتھ سازش کرنے کی دلیل ہے۔ (۹) گڑھا کھودنے کے بعد خود اس میں داخل ہونا خود سازش کا شکار ہونے کی دلیل ہے اور جس کے لئے سازش کی ہے اس کے بچنے کی علامت ہے۔ (۱۰) خواب میں اپنے آپ کو کسی گڑھے میں دیکھنا اپنی بیوی کو طلاق دینے کا اشارہ ہے۔ (۱۱) خواب میں اپنے آپ کو گڑھے کے دہانے پر دیکھا اور اس میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اتر انہیں تو دلیل ہے کہ اپنے مخالف کے ساتھ صلح کریگا۔ (۱۲) بیمار یا قیدی کا خواب میں گڑھے سے باہر آنا تندرستی اور قید سے چھٹکارے کی دلیل ہے۔ (۱۳) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کسی گڑھے میں غائب ہو گیا اور باہر نکلنے کی کوئی جگہ نہیں مل رہی تو دلیل ہے کہ صاحب خواب گڑھے کی گہرائی و وسعت کی بقدر کسی سازش میں پھنسے گا۔ (۱۴) خواب میں گڑھے میں گر کر اس سے نکلنے کے لئے کسی سے فریاد کرنا اور کسی کا اس کی مدد کے لئے نہ آنا دلیل ہے وہی گڑھا اس کی قبر ہے۔ گڑھوں کی دلالت سفر قریب پر ہوتی ہے' اور اس کی دلالت سازش کی جگہوں پر بھی ہوتی ہے حروف میں متحد ہونے کی وجہ سے حفرۃ (گڑھے) کی دلالت حرفت (پیشہ) پر بھی ہوتی ہے اور کبھی گڑھے کی دلالت بے پردہ چلنے پھرنے والی فقیر قسم کی عورت پر بھی ہوتی ہے اور کبھی اس کی دلالت خوف سے مامون ہونے اور مصائب سے چھٹکارا پانے پر ہوتی ہے خصوصاً اس شخص کے لئے جو خواب میں اس کے اندر دشمن سے چھپنے کی غرض سے داخل ہو جائے۔ (۱۵) خواب میں گڑھے کے اندر بہترین قسم کے کھانے کی چیزیں یا شیریں پانی یا پردہ پوشی کا سامان پانا ایسے رزق کے حصول کی دلیل ہے جو اس کے وہم گمان میں بھی نہ ہو نیز یہ خواب اپنے ساتھ مکر کرنے والے کے ساتھ صلح کرنے کی دلیل ہے۔

## حسد (حسد/کینہ)

(۱) خواب میں حسد کرنا حسد کرنے والے کے اندر فساد کی طرف اشارہ کرتا ہے اور حسد کرنا حاسد کے لئے فساد اور محسود (جس کے ساتھ حسد کیا گیا) کے لئے درستگی کی دلیل ہے۔ (۲) اس کی دلالت حاسد کے محتاج ہونے پر بھی ہوتی ہے اور کبھی حاسد کے لئے' تکبر' جادو اور شر میں مبتلا ہونے اور محسود کے لئے رزق میں زیادتی کی دلیل ہے۔

## حلف (قسم کھانا)

(۱) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کسی دوسرے کے لئے قسم کھا رہا ہے یا اس کے لئے کوئی دوسرا شخص قسم کھا رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ شخص اس کے ساتھ دھوکے اور فراڈ کا معاملہ کریگا۔ (۲) خواب میں سچی قسم کھانا کامیابی' حق بات کہنے اور ایسا کام کرنے کی دلیل ہے جس میں رضاء خداوندی ہو۔ (۳) طلاق کی قسم کھانا بادشاہ کی طرف سے دھوکے اور غم ملنے کی علامت ہے۔ (۴) خواب میں اپنے آپ کو جھوٹی قسم کھاتے ہوئے دیکھنا ذلت' گناہِ عظیم کے مرتکب ہونے اور شرمندہ ہونے اور لوگوں کی نظروں سے گرنے کی دلیل ہے۔ (۵) توبہ کے طور پر خود قسم کھانا یا اس کے لئے کسی اور کا قسم کھانا مکر و فریب پر دلالت کرتا ہے خواب میں ستاروں' دریاؤں یا صلیب یا اس قسم کے کسی غیر اللہ کی قسم کھانا گمراہی یا منافقت یا قول میں تحریف کی طرف میلان کی دلیل ہے۔ اللہ تعالیٰ کے نام یا اس چیز کی قسم کھانا جس پر کفارہ واجب ہوتا ہے اتباعِ حق اور اقتداءِ سنت کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## حب (محبت)

(۱) محبت کی تعبیر صدقہ، تکلیف، اندھا و بہرہ ہونا ہے، چونکہ بیداری میں عشق ایک ابتلاء، و آزمائش اور ایسی شہرت ہے جس کے ساتھ لوگوں کی ہمدردیاں ہوتی ہیں۔ (۲) اسی طرح خواب میں محبت کرنا فقر کی علامت ہے اور مریض کے لئے دلیل موت بھی ہے۔ (۳) خواب میں مرنا بیداری میں عاشق بننے کی دلیل ہوتا ہے۔ (۴) خواب میں مرنے کے بعد زندہ ہونا معشوق کے ساتھ وصل کی علامت ہے۔ (۵) خواب میں جلنا اور داغ لگانا عشق پر دلالت کرتا ہے۔
(۶) خواب میں جنت میں داخل ہونا محبوب سے ملنے اور عاشق کے لئے معشوق سے وصل کی دلیل ہے جیسا کہ خواب میں آگ میں داخل ہونا محبوب کی فرقت کی علامت ہے خواب میں محبت و عشق کرنا غفلت و دینی کمزوری اور دین میں فساد واقع ہونے کی علامت ہے اور مالی نقصان کی دلیل ہے اور خواب میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ محبت کرنا دینی پختگی، حسن یقین اور اتباع سنتِ نبوی ﷺ کی دلیل ہے۔ (۷) کبھی اس خواب کی دلالت بیٹے کی، بیوی کو طلاق دینے مال واولاد میں کمی اور بھائیوں کے ظلم پر بھی ہوتی ہے اور بعض مرتبہ اس کی دلالت فنا ہونے، بھوک اور امراضِ مختلفہ میں مبتلا ہونے اور پرخطر دور کے مقامات کے سفر کی دلیل ہے۔
(۸) خواب میں محبت و عشق کا دعویٰ کرنا ہدایت کے بعد گمراہ ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۹) اگر یہی خواب کوئی عالم دیکھے تو دلیل ہے کہ اپنی ملمع سازی سے لوگوں کو فتنے میں ڈالے گا۔ اور ان کی ہدایت کے اصولوں کو توڑے گا۔ اگر کوئی حقیقت پسند شخص یہ خواب دیکھے تو اس کا مرتبہ بلند ہوگا اس کا نام مشہور ہوگا اس کی بات میں قوت پیدا ہوگی اور اس کے یقین اور دین دنیا میں زیاتی ہوگی۔ (۱۰) نومسلم شخص کے لئے یہ خواب دینِ اسلام کے لحاظ سے بصیرت اور ایمانی طاقت حاصل ہونے کی علامت ہے۔ (۱۱) خواب میں اپنے محبوب کا وصل کامیابی پر اور اس کے ساتھ ہم بستر ہونا صاحب خواب یا اس کے محبوب کو کوڑے لگنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۲) اگر اپنی محبوبہ بیوی کے محل جماع کے غیر میں وطی کرنا قسم میں حانث ہونے کی علامت ہے۔

## حلم (بردباری)

خواب میں ایسے شخص کے ساتھ بردباری کا معاملہ کرنا جو بردباری کا حقدار ہے اس کے مرتبے کے بلند ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ اور ایسے شخص کے ساتھ حلم کا برتاؤ کرنا جو اس کا اہل نہیں ہے تو اس پر آواز کسنے یا گناہوں کے مرتکب ہونے اور سخت قسم کی بیماریاں نازل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

## حمق (بے وقوفی)

خواب میں بے وقوفی کے ساتھ موسوم ہونا دلیل رزق ہے، حمق کی دلالت حرف کے اتحاد کی وجہ سے قمح (گندم) پر بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوتی ہے۔ بصورت دیگر اس کی تعبیر اچھی نہیں ہے۔

## حول (بھینگی آنکھ)

اس کی دلالت بدعہدی اور نقض کلام پر ہوتی ہے۔

## حلب الشاۃ ونحوھا (بکری وغیرہ دوہنا)

(۱) جسے دوہا جا رہا ہے اس کے اعتبار سے اس کی دلالت مندرجہ ذیل اشیاء پر ہوتی ہے۔ اچھی زندگی، مداہنت، سیاست، رزق حاصل کرنا۔ (۲) غلام کا خواب میں اپنے مولا کی گائے کو دوہنا مولا کی بیوی کے ساتھ نکاح کرنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۳) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کوئی گائے دوہ کر اس کا دودھ پی رہا ہے تو یہ اس کے مالدار و غنی ہونے کی علامت ہے۔ (۴) غنی کا یہ خواب دیکھنا اس کی بلندیٔ شان، عزت، اور مال میں زیادتی کی دلیل ہے۔ (۵) خواب میں اونٹ دوہنا بادشاہ کی طرف سے مال ملنے پر دلالت کرتا ہے اور خون دوہنا مال حرام ملنے کی علامت ہے اور کبھی دوہنے کی تعبیر مکر و سازش سے بھی کی جاتی ہے۔ (۶) اونٹ دوہنا عرب سرزمین میں کام کرنے اور بختی اونٹ دوہنا زمین عجم میں کام کرنے کی طرف مشیر ہے۔ (۷) کسی نے خواب میں اونٹ دوہا اس سے خون نکلا تو دلیل ہے کہ صاحب خواب بادشاہ کے ساتھ خیانت کا معاملہ کریگا۔ اور دوہتے وقت زہر نکل آنا مالِ حرام کمانے کی طرف اشارہ ہے۔ (۸) خواب میں تاجر کا اونٹ کا دودھ نکالنا اس کے لئے رزقِ حلال اور تجارت میں بمقدار دودھ منافع دنیا کی فراوانی کی بشارت ہے۔ (۹) اگر دیکھے کہ دنیا میں دودھ کی بارش ہوئی ہے تو بمقدار دودھ دنیاوی فراخی کی دلیل ہے۔ (۱۰) خواب میں اونٹ کا دودھ نکال کر پینا غیر شادی شدہ کے لئے نیک و صالح عورت کے ساتھ نکاح کرنے کی دلیل ہے اور شادی شدہ کے لئے بابرکت بیٹے کی علامت ہے۔

## حلال

(۱) خواب میں خود کو حلال کمائی کرتے دیکھنا گناہگاروں کے لئے گناہوں سے توبہ اور کافر کے لئے دولتِ اسلام سے سرفرازی کی دلیل ہے۔ اور حرام کمائی کی تعبیر مذکورہ تعبیر کا الٹ ہے۔

## حرب (لڑائی)

(۱) خواب میں کسی کے ساتھ لڑائی کرنا اس کے ساتھ دھوکہ کرنے کی علامت ہے اور کبھی لڑائی کی دلالت مہنگائی پر بھی ہوتی ہے۔ (۲) کسی شہر والوں کو خواب میں آپس میں لڑتے دیکھنا ان کے مہنگائی میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔ (۳) اور بادشاہ کے ساتھ لڑنا ارزانی کی نشانی ہے۔ (۴) بادشاہوں کی آپس کی لڑائی فتنہ اور وباء پھیلنے پر دلالت کرتی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے۔(۵) رعیت اور بادشاہ کا آپس کا نزاع اشیاءِ خوردنی میں مہنگائی ہونے کی طرف مشیر ہے۔ اور لڑائی کی تعبیر پریشانی' طاعون وغیرہ بھی ہو سکتی ہے۔(۶) جنگی عمل تمام لوگوں کے پریشان اور غمگین ہونے کی علامت ہے قصاص کا عمل کرنے والوں اور فوج والوں اور اسلحہ کا معاملہ کرنے والوں کیلئے یہ خواب دلیل خیر اور علامت آسانی ہے۔

## حد (حد قائم کرنا)

(۱) خواب میں حد قرض کا مطالبہ کرنے والے پر دلالت کرتا ہے۔ یا انسان کے اپنے حدود میں قائم رہنے کی دلیل ہے۔(۲) غیر شادی شدہ لوگوں کے لئے یہ خواب دلیلِ ازدواج اور علامت پاکدامنی ہے۔

## حار (گرم چیز)

خواب میں کھانے پینے کی چیزوں کو گرم حالت میں دیکھنا کبھی تکلیف اور محنت شاقہ سے حاصل شدہ رزق پر اور کبھی حرام کمائی اور برکات کے مٹ جانے پر دلالت کرتا ہے۔

## حر (گرمی)

سردی کے زمانے میں خواب میں گرمی محسوس کرنا عمدہ رزق اور نفیس قسم کے ملبوسات پر دلالت کرتا ہے۔(۲) گرمی کے موسم میں خواب میں گرمی محسوس کرنے کی تعبیر تعبیرِ مذکورہ کے خلاف ہے۔

## حث (ابھارنا' برانگیختہ کرنا)

خواب میں کسی انسان کو کام کرنے اور سواری کو چلنے پر ابھارنا قبولِ نصیحت پر دلالت کرتا ہے اور کبھی اس کی دلالت موت اور اسباب موت پر بھی ہوتی ہے۔

## حض (شوق دلانا)

کسی فاسق کا خواب میں کسی کو نیک عمل یا کھانا کھلانے کا شوق دلانا توبہ کرنے یا نبی ﷺ کی پیروی کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## حق (حق بات)

(۱) خواب میں حق دیکھنا یا سننا یا قرآن کریم سننا ہدایت کی پیروی کرنے اور باطل اور اہل باطل سے اعراض کرنے کی علامت ہے اور مریض کے لئے یہ خواب موت کی دلیل ہے۔(۲) خواب میں کسی کا حق ادا کرنا سفر سے واپسی کی علامت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## حط الثقل (بوجھ کم ہونا)

خواب میں انسان یا حیوان سے بوجھ کم کرنا یا ہونا' صدقہ کرنے کی دلیل ہے نیز شناسا یا غیر شناسا شخص کے ساتھ احسان کا معاملہ کرنے کی بھی علامت ہے۔

## حذر (ڈرنا)

خواب میں کسی ایسی چیز یا حیوان وغیرہ سے ڈرنا جس سے بیداری میں ڈرنا ممکن نہیں ہے منافقت' حق سے اعراض کرنے اور قرآن کریم یاد کر کے بھول جانے کی دلیل ہے۔

## حل معقد (گرہ وغیرہ کھولنا)

اس کی دلالت حصول رزق اور جس کام کے مشکل ہونے کا اندیشہ ہو اس کے آسان ہونے پر ہوتی ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت سحر و جادو کے باطل ہونے پر بھی ہوتی ہے۔

## حنین الی الاوطان (شوق وطن)

خواب میں وطن کی طرف اشتیاق پیدا ہونا بیوی اور دوستوں سے جدائی اور فقر کے بعد غناء کی علامت ہے۔ اگر اس کے ساتھ رونا دھونا بھی ہو تو اس کی تعبیر اچھی نہیں ہے۔

## حیا (حیا کرنا)

خواب میں اللہ تعالیٰ سے حیاء کرنا یا حیاء کے سبب فواحش سے رک جانا زیادتی رزق کی دلیل ہے کبھی یہ خواب عاصی کے لئے گناہوں سے توبہ اور کافر کے لئے اسلام کی بشارت ہوتا ہے۔

## حساب کرنا

(۱) خواب میں میت کے ساتھ حساب و کتاب ہوتے ہوئے دیکھنا اسکے عذاب میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔
(۲) کسی مسافر نے خواب دیکھا کہ اس کے خرچ کردہ یا حاصل کردہ مال یا رقم کے متعلق اس سے حساب لیا جا رہا ہے تو دلیل ہے کہ سفر فائدہ مند ہوگا اور صحیح سالم اپنے وطن لوٹ آئے گا۔ (۳) خواب میں خود اپنے آپ کا احتساب کرنا گناہوں سے توبہ اور رجوع الی اللہ کی بشارت ہے۔ (۴) کسی نے دیکھا کہ وہ حساب کے قریب ہوا اور اس سے ہلکا پھلکا حساب ہوا تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کو ایک دیندار' مہربان' نیک اور صالح بیوی ملے گی اور اگر دیکھے کہ اس کے ساتھ سخت حساب کا معاملہ ہوا تو یہ خسارے میں پڑنے کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## حیرہ (حیران ہونا)

(۱) خواب میں حیران ہونا غفلت کی نشانی ہے اور دلیل ہے کہ شیطان اسکو گمراہی کی طرف مائل کرنیکی کوشش کر رہا ہے۔(۲) خواب میں مختلف ادیان کے سلسلے میں حیران ہونا دین سے منکر ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۳) اگر کسی دینی کام میں مشغول شخص خواب دیکھے کہ وہ کسی دین میں نہیں ہے اور نہ ہی نماز پڑھنے کے لئے کسی قبلہ کو پہچانتا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اپنے دین کے معاملے میں متحیر ہوگا اور اس میں عزم وارادہ کی پختگی بھی نہ ہوگی۔(۴) کسی طالب علم نے خواب دیکھا کہ وہ نماز پڑھنا چاہتا ہے اور نماز پڑھنے کی جگہ کی تلاش ہے اور جگہ نہیں مل رہی ہے تو دلیل ہے کہ اسکو علم کی تحصیل اور اسکی حفاظت کے سلسلے میں مشکل پیش آئے گی۔(۵) کسی علاقے کے حکمران کے لئے یہ خواب دلیل ہے کہ وہ کسی ضلع پر تسلط جمانا چاہتا ہے اور اس کا حصول اسکے لئے مشکل ہوگا۔(۶) تاجر کے لئے یہ خواب تجارت میں مشکلات پیش آنے اور عام بازار میں کاروبار کرنے والے کے لئے بھی یہ خواب نقصان کی دلیل ہے۔

## حمرۃ اللون (رنگ کا سرخ ہونا)

(۱) خواب میں رنگ کا سرخ ہونا عزت و وجاہت کی دلیل ہے۔(۲) خواب میں رنگ کا سرخ ہونا دنیا میں وجیہ ہونے اور نیکی میں مشہور ہونے کی دلیل ہے۔(۳) خواب میں سفیدی مائل بہ سرخی ہونا عزت وخوشی کی دلیل ہے۔
(۴) خواب میں عورتوں کی طرح چہرے کا سرخی سے آلودہ ہونا زنا کرنے اور شرمندہ ہونے کی علامت ہے۔
(۵) خواب میں جسم اور چہرے دونوں کا سرخ ہونا طویل غم اور کامیابی سے دور ہونے کی علامت ہے۔(۶) مریض کے لئے رنگ کا سرخ ہونا عافیت اور مسافر کے لئے سفر سے واپسی کی دلیل ہے۔

## حلق شعر الرأس (بال کٹوانا)

خواب میں سر کے بال حلق یا قصر کرنے کی تعبیر صاحب خواب کی عادت کے مطابق ہوتی ہے۔(۱) چنانچہ خواب دیکھا کہ اس نے اپنے سر کے بال مونڈھ دیئے تو تعبیر یہ ہے کہ وہ اپنا مال اللہ کے راستے میں لٹا دے گا۔(۲) اگر صاحب خواب کی عادت موسم گرما میں سر کے بال مونڈنے کی ہے اور گرمی کے زمانہ میں خواب میں سر مونڈا ہوا دیکھے تو یہ حصول فوائد کی دلیل ہے۔ اور کبھی اس خواب کی دلالت راحت و سرور اور آنکھوں کی بیماریوں سے شفاء پر بھی ہوتی ہے۔
(۳) سردی کے زمانے میں خواب دیکھا کہ سر کے بال مونڈے ہوئے ہیں تو اسکی دلالت صدموں اور تکالیف، امراض وتاوان وغیرہ پر ہوتی ہے۔(۴) غیر موضع حلق میں حلق زخموں اور نقصان کی علامت ہے اور سر کے بال کٹوانے کی تعبیر امانت کی ادیگی اور خوف سے امن بھی ہے۔(۵) یہی تعبیر بال چھوٹے کرنے کی ہے۔(۶) حج میں حلق کرنا قرض کی ادائیگی کے ساتھ کامیابی نصیب ہونے کی علامت ہے۔(۷) بالوں کو کم کرنا خوف سے مامون ہونے کی بھی دلیل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے۔(۸) غیر حج میں حلق کرنے کی تعبیر اس سے کم تر ہے۔ چنانچہ اگر صاحب خواب کسی پریشانی میں مبتلا ہو یا قرضوں میں گرفتار ہو تو تعبیر یہ ہے کہ اس سے نجات ملے گی۔(۹) کسی رئیس اور غنی شخص کا غیر موسم حج میں خواب میں سر مونڈنا فقیر ہونے کی علامت ہے۔(۱۰) مقروض کے لئے یہ خواب ادئیگی قرض کی دلیل ہے کبھی اسکی دلالت ہتک عزت اور سازش یا بسبب موت حکمرانی سے محروم ہونے پر بھی ہوتی ہے۔(۱۱) ہمیشہ مسلح رہنے والے شخص کے لئے قوی ہونے و مصیبت کے ختم ہونے کی نشانی ہے۔(۱۲) کبھی اپنا سر مونڈا ہوا دیکھنا دشمن پر غلبہ وقوت وعزت حاصل کرنے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۳) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ سر کے بال کاٹ رہا ہے تو دلیل ہے کہ اسکی عزت واحترام میں کمی آئے گی۔(۱۴) حالت بیداری میں سر مونڈنے والے شخص کا خواب میں سر مونڈنا اس کے نیک وصالح ہونے کی دلیل ہے۔(۱۵) خواب میں اپنے ہاتھوں سے حلق کرنا ادائیگی قرض کی دلیل ہے۔(۱۶) خواب میں کسی عورت کا سر مونڈا ہوا دیکھنا دلیل ہے کہ اسکا شوہر اس کو طلاق دے گا یا مر جائے گا یا اس سے جدا ہوگا۔(۱۷) کسی عورت نے خواب دیکھا کہ اس کا شوہر اس کے سر کے بال کاٹ رہا ہے یا مونڈ رہا ہے تو دلیل ہے کہ شوہر اسکو اسکے گھر میں محبوس رکھے گا جیسے کہ پرندے کے پر کاٹ کر اسے گھونسلے میں قید کر دیا جاتا ہے۔(۱۸) بعض معبرین کی رائے ہے کہ عورت کا خواب میں اپنے بالوں کا حلق کرنا پردہ کرنے کا اشارہ ہے۔(۱۹) عورت کا خواب میں کسی دینی مصلحت یا کسی دلیل کی بنا پر بالوں کو مونڈنا یا کم کرنا ادائے قرض اور اداء امانت کی دلیل ہے مذکورہ تعبیریں جب ہیں' صاحب خواب خود کو حرم مکرم میں بال مونڈتے یا کم کرتے دیکھے۔(۲۰) کسی عورت نے خواب میں دیکھا کہ ایک آدمی اسکو بال کاٹنے کی دعوت دے رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ شخص اسکے شوہر کو کسی دوسری عورت کی طرف بلائے گا اور خواب دیکھنے والی عورت اور اس شخص کے درمیان عشق کا معاملہ ہوگا۔(۲۱) کسی شخص نے خواب دیکھا کہ اسکی بیوی کے گیسو کٹے ہوئے ہیں تو تعبیر ہے کہ وہ بے اولاد ہوگا۔(۲۲) خواب میں اپنے بالوں کا کاٹنا یا بالوں کا کٹ جانا قوت میں کمی کی دلیل ہے۔(۲۳) خواب میں نصف ڈاڑھی کا کٹ جانا عزت کے ختم ہونے اور فقیر ہونے کی علامت ہے۔(۲۴) کسی نے خواب دیکھا کہ ایک غیر معروف جوان نے اسکی ڈاڑھی کو مونڈ ڈالا ہے تو تعبیر ہے کہ ایسے دشمن کے ہاتھ میں جائے گا جسکو وہ جانتا ہے یا پھر وہ اسکا ہم نام ہوگا(۲۵) اگر ڈاڑھی مونڈنے والا آدمی بوڑھا ہو تو دلیل ہے کہ اسکی عزت کسی بے اصل اور مضبوط آدمی کے ہاتھوں ختم ہو جائے گی۔(۲۶) کسی نے دیکھا کہ اسکی ڈاڑھی مونڈ دی گئی تو علامت ہے کہ اسکی معیشت اور مال و دولت اسکی بے وقوفی کیوجہ سے ختم ہو جائیگا۔ بالوں کو اکھاڑنے کی بہ نسبت مونڈنے کی تعبیر کم درجہ کی ہے۔ کبھی چہرے کے بال اکھاڑنا بعض امور کی درستگی کی علامت ہوتا ہے اگر اس سے چہرہ بدنما معلوم نہ ہو رہا ہو۔(۲۷) خواب میں ڈاڑھی کو مٹھی میں پکڑ کر زائد بال کاٹنا ادائیگی زکوۃ کی دلیل ہے۔(۲۸) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ اپنی ڈاڑھی کو مٹھی میں پکڑ کر جڑ سے کاٹ رہا ہے تو تعبیر ہے کہ وہ اپنے چچا کی میراث کھائے گا اور اسکے سوا اس کا کوئی اور وارث نہ ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۲۹) ڈاڑھی کا کچھ حصہ کاٹنا جواہرات ملنے کی علامت ہے۔
(۳۰) ڈاڑھی کا مونڈنا مال وجاہ کے ختم ہونے کی علامت ہے بعض نے کہا ہے کہ ڈاڑھی مونڈنا مندرجہ ذیل پر دلالت کرتا ہے' سازش' دھوکہ' فصلوں میں نقصان واقع ہونا پھلوں کو پکنے سے پہلے اُتارنا اور بیوی یا بچے کی اچانک موت وغیرہ۔ (۳۱) حالت بیداری میں ڈاڑھی مونڈ کرا سے پسند کرنے والا شخص خواب میں خودکو ڈاڑھی مونڈتے دیکھے اس کے مستغنی ہونے اور عیال کا کفیل بننے کی دلیل ہے۔ (۳۲) حالت بیداری میں بالوں کی حفاظت کرنے والے شخص کا خواب میں انہیں مونڈ دینا تعبیر کے لحاظ سے اچھا نہیں ہے۔ چنانچہ اگر وہ حالت جنگ میں ہے تو قید ہوگا اور اس کا سر کٹ جائے گا۔ (۳۳) اگر حالت صلح میں ہے تو اس کا مال اسکے ہاتھ سے نکل جائے گا اور ہتک عزت ہوگی یا پھر صاحب خواب اپنے رئیس سے جدا ہوگا۔ (۳۴) کسی نے حالت جہاد میں یا حالت حج میں یا اشہر حج میں خودکو دیکھا کہ اپنے سر کے بال مونڈ رہا ہے تو تعبیر ہے کہ اسکے گناہوں کا کفارہ ہوگا اور اس کے تمام قرض ادا ہوں گے نیز صدمات وغم ختم ہو جائیں گے۔ اور مذکورہ ایام کے علاوہ اور ایام ہوں یا موسم سرما ہو خواب میں بالوں کو مونڈنا حکمرانی سے معزول ہونے اور مال کے ہاتھ سے نکل جانے کی دلیل ہے بعض علماء تعبیر کہتے ہیں کہ اس خواب کی تعبیر یہ ہے کہ اس کا والد اگر زندہ ہے تو اس کا انتقال ہوگا اور اس کا مال ختم ہو جائے گا اور بعض کی رائے کے مطابق اس خواب کی تعبیر والدہ اور ولد کے انتقال سے کی جاتی ہے۔ (۳۶) کسی عورت نے خواب دیکھا کہ اس کے سر کے بال مونڈ دیئے گئے تو دلیل ہے کہ اسکا یا اسکے شوہر کا انتقال ہوگا اور یہ خواب علامت رسوائی ہے اور بعض علماء کی رائے کے مطابق یہ خواب اس کے شوہر کی طرف سے اس کو کوئی خیر نصیب ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۳۷) خواب میں اپنی مونچھوں کو صاف کرنا یا کم کرنا خیر نصیب ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ کسی نے دیکھا کہ اسکے سر کے بال اور ڈاڑھی دونوں مونڈ دیئے گئے اگر صاحب خواب مریض ہے تو صحت یاب ہوگا اور اگر مقروض ہے تو قرض سے چھٹکارہ ملے گا اگر غمزدہ ہے تو غم دور ہوگا لیکن بعض اصحاب تعبیر کی رائے کے مطابق اس خواب کی تعبیر اچھی نہیں ہے۔
(۳۸) کسی نے دیکھا گویا وہ اپنی گدی مونڈ رہا ہے تو اس کا قرض ادا ہوگا اور کسی کو پتہ تک نہ ہوگا۔ (۳۹) اسی طرح اگر کوئی شخص خواب میں اپنے پیٹ کے بال صاف کرے تو یہ بھی اللہ تعالی کی طرف ادئیگی قرض کے سلسلے میں غیبی مدد اور اس کی بدولت اسکی حالت کی اصلاح کی دلیل ہے۔ (۴۰) کسی نے خواب میں بدن پر چونا لگایا اور اس سے اسکے زیر ناف بال صاف ہوگئے اگر صاحب خواب غنی ومالدار ہے تو تعبیر ہے کہ اس کا مال اور طاقت چلی جائے گی بعض کی رائے ہے کہ اسکا مال جائداد خریدنے میں ختم ہو جائے گا۔ (۴۱) اگر صاحب خواب فقیر ہے تو دلیل ہے کہ وہ مالدار ہوگا اور اس کا احتیاج ختم ہوگا اور اگر چونے سے بعض بال صاف ہوگئے اور بعض نہیں ہوئے تو تعبیر ہے کہ اس کی نعمت وقوت میں کمی آئے گی۔ خواب میں اُسترے سے زیر ناف بال صاف کرنا بیوی کی طرف سے کسی قسم کی خیر ملنے کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



طرف اشارہ ہے اگر یہی خواب عورت دیکھے تو شوہر کی جانب سے خیر ملنا متوقع ہے۔

## حدث (بے وضو ہونا)

(۱) خواب میں بے وضو ہونا غم دور ہونے کی دلیل ہے اور اگر صاحب خواب مالدار بھی ہو تو ادئیگی زکوٰۃ پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) اگر سفر کا ارادہ رکھنے والا شخص خواب میں قضاء حاجت کرے اور پاخانہ زیادہ ہو تو دلیل ہے کہ وہ سفر نہ کر سکے گا اور لوٹ لیا جائے گا۔ یا راستہ منقطع ہوگا۔ (۳) اور خواب میں پاخانہ کرنا اور اسکا سخت ہونا اپنی عافیت کے لئے بعض مال کو خرچ کرنے کی علامت ہے اور اس کا پتلا ہونا سارا مال خرچ ہونے کی دلیل ہے۔ (۴) کسی نے دیکھا کہ وہ قضائے حاجت کر رہا ہے اور قضائے حاجت کی جگہ مشہور ومعروف ہے تو دلیل ہے کہ اس کا مال خرچ کرنا نفسانی خواہشات کی بناء پر ہے۔ (۵) غیر معروف جگہ قضاء حاجت کرنا غیر معروف جگہوں میں حرام مال خرچ کرنے کی دلیل ہے اور اسمیں اس کا کوئی شکریہ بھی ادا نہیں کرے گا اور یہ سب اپنے نفسانی خواہش سے کرے گا۔

## حیض (ماہواری آنا)

(۱) مرد کا خواب میں حیض آنا حرام کے مرتکب ہونے کی دلیل ہے۔ (۲) عورت کا خواب میں حائضہ ہونا کسی گناہ میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔ (۳) حیض سے غسل کرنا گناہوں سے اور غم سے نجات کی دلیل ہے بوڑھی عورت جو بچہ جننے کی عمر سے متجاوز ہو اور خواب میں اپنے آپ کو حالت حیض میں دیکھے تو دلیل ہے اس کو بیٹا نصیب ہوگا بقولہ تعالی ﴿ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنَاهَا بِإِسْحٰقَ ﴾ "پس وہ (ابراہیم علیہ السلام کی بیوی) ہنس پڑی تو ہم نے اسحاق (بیٹے) کی خوشخبری دی" ضحک لغت میں حیض کو بھی کہتے ہیں۔

(۴) کسی عورت نے خواب دیکھا کہ وہ استحاضہ کی حالت میں ہے تو دلیل ہے کہ وہ کسی گناہ میں مبتلا ہے اور اس سے خلاصی چاہتی ہے مگر طبیعت ثانیہ بننے کی وجہ سے اس سے چھٹکارہ حاصل نہیں کر سکتی مگر سخت مجاہدہ سے اور توبہ اسے خلاصی کر سکتی ہے۔ (۵) اگر مرد یہی خواب دیکھے تو اسکی بھی یہی تعبیر ہے۔ (۶) کسی عورت نے خواب دیکھا کہ اس کا شوہر حالت حیض میں اسکے ساتھ جماع کر رہا ہے تو تعبیر ہے کہ میاں بیوی دونوں اپنے شہر سے نکل جائیں گے۔ (۷) بعض علماء کی رائے کے مطابق اگر مرد اپنے آپ کو حالت حیض میں پائے تو دلیل ہے کہ وہ جھوٹ بولتا ہے۔ (۸) اپنی بیوی کو حالت حیض میں دیکھنا معاملہ کے دشوار ہونے کی دلیل ہے اور بعض کی رائے ہے کہ حیض کی دلالت سینگیں اور پچھنے لگوانے پر ہوتی ہے۔ اور بعض کہتے ہیں اس کی دلالت شیطان پر ہوتی ہے۔ (۹) خواب میں شیطان دیکھنے کی تعبیر حیض سے کی جاتی ہے۔ بعض علماء کی رائے ہے کہ حیض کی دلالت شرمگاہ کے بالوں پر ہوتی ہے۔ (۱۰) حیض کا ظاہر ہونا زیر ناف بالوں کو صاف کرنے کی طرف اشارہ ہے کبھی اس کی دلالت دین وصوم وصلوٰۃ میں کمی پر بھی ہوتی ہے۔ بعض کی رائے کے مطابق حیض دلیلِ مرض ہے۔ (۱۱) بے شوہر بوڑھی عورت کا خواب میں استحاضہ کے مرض میں مبتلا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہونا نکاح کرنے کی علامت ہے۔اور جوان عورت کا خواب میں استحاضہ ہونا خون نکلنے کی دلیل ہے۔یہی تعبیر خواب میں جریان کے مرض میں مبتلا ہونے کی ہے کبھی حیض کی دلالت تکالیف اور زوجین کے درمیان جدائی واقع ہونے پر ہوتی ہے۔(۱۲) کبھی بانجھ عورت کا خواب میں حائضہ ہونا مایوسی کے بعد اولا دنرینہ نصیب ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۳) حاملہ عورت کا خواب میں حیض والی ہونا ولادت ہے کبھی اپنی بیوی کو خواب میں حیض کی حالت میں دیکھنا کاروبار کے ٹھپ ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## حمأة (کیچڑ)

(۱) کیچڑ دیکھنا آمد خیر کی علامت ہے خصوصاً اگر وہ قدرے سخت بھی ہو۔(۲) فقیر شخص کے لئے یہ خواب آسان طریقے سے رزق ملنے اور فاقہ کے ختم ہونے کی دلیل ہے۔(۳) غیر شادی شدہ کا کیچڑ دیکھنا شادی کرنے اور ساس و سسر والے ہونے کی اطلاع ہے۔اور کبھی کیچڑ کی دلالت تھوڑی بہت عیش پر بھی ہوتی ہے۔(۴) خواب میں اس کا حصول صاحب خسرو ساس ہونے کی دلیل ہے۔اور کبھی اس کی دلالت غم' صدمہ اور خوف پر بھی ہوتی ہے۔ (۵) خواب میں کیچڑ کے اندر داخل ہونا غم وحزن کے ساتھ سردار بننے کی دلیل ہے۔اور کبھی کیچڑ کی دلالت زائد اموال اور مبادی منافع اور خیر اور سرداری ظاہر ہونے پر ہوتی ہے۔

## حوض (تالاب)

(۱) اس کی دلالت ایک سخی نفع بخش شریف اور مضبوط آدمی پر ہوتی ہے پانی سے بھرا حوض دیکھنا ایک سخی شریف آدمی کی طرف سے عزت پانے اور معزز ہونے کی دلیل ہے۔(۲) حوض کے پانی سے وضو کرنا بحکم الٰہی غم سے نجات پانے کی دلیل ہے اور حوض کے پانی سے پینا شریف بادشاہ کے ہاتھوں رزق ملنے پر دلالت کرتا ہے۔

## حشیش (گھاس)

(۱) خواب میں سبزہ دیکھنا دینی درستگی اور خیر کی دلیل ہے۔(۲) خواب میں اپنی ہتھیلی پر گھاس اگنا اپنی بیوی کو کسی دوسرے کے ساتھ دیکھنے کا اشارہ ہے۔(۳) ہاتھ کے پشت پر گھاس اگنا اس کے مرنے اور اس کی قبر پر گھاس اگنے کی علامت ہے۔(۴) خواب میں غیر مناسب جگہ مثلاً مسجد گھر وغیرہ میں گھاس اگنا دلیل دامادی ہے۔(۵) کسی کے بدن پر سبزا اگنا خوشحالی اور خیر کی علامت ہے اگر اس کے تمام بدن' کان اور آنکھ وغیرہ کو حاوی نہ ہو۔ (۶) لوگوں کے ہاتھوں پر یا جہاں نالے گذر رہے ہیں گھاس دیکھنا اسی سال کے خوشحال ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۷) کبھی جسم پر گھاس اگنا غناء پر دلالت کرتا ہے۔(۸) ایسی جگہ میں سبزہ اگنا جو اس کے لئے ضرر رساں ہے' تعبیر کے لحاظ سے ناپسندیدہ ہے۔ (۹) مریض کے بدن پر سبزہ اگنا اس کے مرنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔اور کبھی گھاس کی دلالت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



معاش، چوپائے اور دنیا کے اموال جس کے اندر اللہ تعالیٰ نے انسان کے لئے رزق مقرر کیا ہے، پر ہوتی ہے۔ اس لئے کہ یہی گھاس گوشت، دودھ، مکھن، گھی، شہد، اون، بال، کھاد میں تبدیل ہو کر انسان کے لئے رزق بنتا ہے۔ یہ بالکل پانی کی طرح ہے جس پر انسانی زندگی کا مدار ہے۔ (۱۰) خواب میں خود کو گھاس کے اندر دیکھے اور گھاس جمع کرنے یا کھانے کی تعبیر صاحب خواب کی حالت کے اعتبار سے ہوگی۔ (۱۱) چنانچہ غنی کے لئے مزید مالداری کی، اور فقیر کے لئے غنی ہونے کی علامت ہے۔ (۱۲) یہ خواب تارک دنیا شخص کے لئے پھر دنیا کی طرف رغبت کرنے اور فتنے میں پڑنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۳) اور مباح گھاس کی دلالت رزق خبیث اور عیش حقیر پر ہوتی ہے۔

## حطب (لکڑی)

اس کی دلالت چغلخوری پر ہوتی ہے۔ (۱) کسی نے دیکھا کہ اس نے دو یا تین لکڑیاں آگ کے اندر جلانے کے عرض سے رکھیں تو دلیل ہے کہ اس علاقے میں غلط بات پھیلے گی اور بڑھتی چلی جائے گی۔ (۲) کسی دین سے منسوب شخص کا لکڑیاں دیکھنا چوری، قتل زنا جیسے گناہوں میں مبتلا ہونے اور بادشاہ تک بات پہنچ جانے اور بادشاہ کی طرف سے اس پر حد قائم کرنے کی دلیل ہے۔ (۳) آگ جلانا بادشاہ تک پہنچنے کی کوشش کرنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۴) خواب میں لکڑیاں اٹھانا لوگوں کی عزت کو داغدار کرنے اور ان کے بارے میں تکلیف دہ کلام کرنے کی دلیل ہے۔ (۵) خواب میں اپنے پاس لکڑیاں جمع دیکھنا رزق، ضروریات کے پورا ہونے اور میراث ملنے پر دلالت کرتا ہے۔ یا وقف معطل سے مال ملنے کی علامت ہے۔ (۶) اپنے پاس ایسی جمع شدہ لکڑیاں دیکھنا جو کاٹے بغیر استعمال نہیں کر سکتے تو مشقت سے حاصل شدہ مال کی یا شر کی دلیل ہے۔ (۷) ان لکڑیوں کا جلانے یا کام کے لئے تیار ہونا اور کاٹنے کی ضرورت نہ ہونا بادشاہ کی قربت اور مشکل کے آسان ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے کبھی لکڑی کی دلالت کند ذہنی اور مالِ موجود پر بخل کرنے پر ہوتی ہے۔ اس لئے بخیل اور کند ذہن کو اہل عرب فلان حطب کہتے ہیں۔ (۸) لکڑیوں کی گٹھڑی مختلف الانواع مال پر دلالت کرتی ہے۔ (۹) کسی مضبوط آدمی کا اپنے پاس لکڑیوں کی گٹھڑی پانا کسی بڑے عظیم آدمی کی خدمت کرنے کی علامت ہے۔ (۱۰) مریض کے لئے خواب میں لکڑیاں جمع کرنا مرض کا علاج کرنے اور صحت یاب ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۱) کسی پھلدار درخت کی لکڑی اس پھل سے حاصل شدہ مال میں فساد واقع ہونے پر دلالت کرتی ہے۔ (۱۲) آگ جلانے کے لئے لکڑیوں کو آگے کرنا اللہ تعالیٰ کے مقرب ہونے یا اپنے بچے کو ادب سکھانے کے لئے کسی مؤدب کے پاس لے جانے یا مقروض کو حاکم کے سامنے پیش کرنے یا کسی مریض کو طبیب کے پاس لے جانے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۳) لکڑیوں کو قریب کرنے سے پہلے آگ کا بھڑک جانا بچے کی کامیابی اور مقروض سے قرض کی وصولی میں کامیابی ہے۔ (۱۴) خواب میں لکڑی کھانا حرام مال کھانے یا لکڑی سے مارا جانے کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



علامت ہے۔(۱۵) اگر کوئی کشتی والا شخص خواب میں اپنی کشتی کو یا عام لکڑیوں کو جلتے دیکھے تو یہ اس کی کشتی کے غرق ہونے کی دلیل ہے۔(۱۶) چھلی اور تراشی ہوئی لکڑی اپاہج ہونے اور حرکت نہ کر سکنے کی علامت ہے۔(۱۷) گوشت وغیرہ بھوننے کے لئے لکڑی کاٹنا یا دہلیز کے دروازہ کے اوپر رکھنے کے لئے تراشنا فوائد اور معاش کے حصول کی دلیل ہے جبکہ برابر تیار ہو اگر برابر نہ ہو تو بیوی کے اپاہج ہونے یا فوائد وغیرہ کے معطل ہونے کی علامت ہے۔

## حنطة (گیہوں)

اس کی دلالت محنت سے حاصل شدہ مال پر ہوتی ہے۔(۱) خواب میں گندم خریدنا خوشحالی اور مال ملنے اور عیال میں زیادتی پر دلالت کرتا ہے۔(۲) خواب میں بادشاہ کو گندم کو حرکت دیتے ہوئے دیکھنا اشیاء خوردنی کے مہنگے ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۳) خواب میں گندم کاشت کرنا ایسے عمل کرنے کی دلیل ہے جس میں اللہ تعالیٰ کی رضا ہو۔ (۴) خواب میں اپنی فصلوں کے اندر چلنا جہاد نصیب ہونے کی علامت ہے۔(۵) کسی نے دیکھا کہ اس نے گندم کاشت کی تو تعبیر ہے کہ اس کا ظاہر باطن سے بہتر ہے۔(۶) گندم کی کاشت سے خون نکلنا سود کھانے کی علامت ہے۔(۷) تر گندم کھانا اعمال کی درستگی کی علامت ہے۔(۸) گندم کے سبز خوشوں کی دلالت خوشحالی پر ہوتی ہے۔ (۹) خشک خوشے جو اپنے تنوں پر ہوں قحط سالی کی علامت ہیں جتنے خوشے ہیں اتنے سال قحط رہے گا۔(۱۰) ہاتھ یا برتن یا کھیت میں جمع شدہ گندم مالک کو ملنے والا مال پر دلالت کرتی ہے یا بمقدار خوشہ حصولِ علم کی علامت ہے۔ (۱۱) کسی نے دیکھا کہ وہ کسی جاننے والا آدمی کی کٹی ہوئی فصل سے گرے ہوئے خوشے چن رہا ہے تو دلیل ہے کہ مالک سے اس کو متفرق قسم کا باقی رہنے والا مال ملیگا۔(۱۲) کسی نے دیکھا کہ فصل کٹنے کے موسم کے علاوہ دوسرے موسم میں گندم کاٹ رہا ہے۔دلیل ہے کہ اس محلے میں کسی شخص کا انتقال ہوگا۔اور جنگ واقع ہونے اور فتنہ برپا ہونے کی بھی علامت ہے۔(۱۳) کٹنے والی گندم کے خوشے اگر پیلے ہوں تو بڑوں کی موت اور سبز ہوں تو جوانوں کی موت کی دلیل ہے۔(۱۴) خواب میں خشک گندم کھانے کی تعبیر اچھی نہیں ہے۔(۱۵) کبھی خواب میں گندم ملنا بادشاہ کی طرف سے مال ملنے کی دلیل ہوتا ہے۔(۱۶) چھلکا اتری ہوئی گندم مالِ حرام کی دلیل ہے۔(۱۷) خواب میں گندم کے ساتھ جَو ملا کر فروخت کرنا شعر کو قرآن سے بدلنے کی علامت ہے۔(۱۸) بستر پر گندم دیکھنا بیوی کے حاملہ ہونے کی علامت ہے۔(۱۹) بعض علماء نے کہا کہ خواب میں کاشت کرنا بیوی کے حاملہ ہونے کی دلیل ہے۔(۲۰) خواب میں پکی ہوئی گندم کھانا کسی ناپسند کام میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔(۲۱) خواب میں کسی کا پیٹ' منہ یا جلد کا خشک گندم سے بھر جانا عمر کے ختم ہونے کی دلیل ہے۔(۲۲) ان چیزوں کا مکمل نہ بھرنا اتنی عمر کم ہونے کی نشانی ہے۔اور خواب میں کچی گندم جو سبز ہو' کھانا' صالح ہونے اور دین پر عمل پیرا ہونے کی بشارت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## حرث ( کھیتی )

اس کی دلالت نکاح پر ہوتی ہے۔(۱) خواب میں کسی جاننے والے شخص کی زمین میں کاشت کرنا اس کی بیوی سے نکاح کرنے کی طرف اشارہ ہے۔

## حرّاث ( کھیتی باڑی کرنے والا )

خواب میں ایسے شخص کو دیکھنا افضل ترین عمل کرنے والے شخص کی طرف اشارہ ہے اگر اس کی کھیتی اُگ کر سر سبز ہے اور کاٹی گئی تو اگر اس کی تعبیر عمل ہو تو زمینداری کرنا گناہوں سے توبہ کرنے کی بشارت ہے اور اس کی تعبیر دنیا ہو تو اچھی اور خوشحالی کی دلیل ہے۔

## حناط ( گندم فروش )

(۱) خواب میں گندم فروش دیکھنا ایک شریف اور مالدار آدمی کی طرف اشارہ ہے۔(۲) اگر اس کو گندم بیچنے کی حاجت نہ ہو تو خود کو بیچنے پر مجبور دیکھنا ذلت میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔(۳) کسی حکمران کا اپنے آپ کو گندم فروخت کرتے ہوئے دیکھنا حکمرانی سے معزول ہونے' بھائیوں اور اس کے درمیان تفرقہ پڑنے کی دلیل ہے۔(۴) گندم فروش کی دلالت کبھی ایسے بادشاہ پر بھی ہوتی ہے جس کے دوسرے بادشاہ مطیع ہوں یا اس کی تعبیر تجارت پر حاوی تاجر سے بھی کی جاتی ہے۔ یا اس کی دلالت ایسے صنعت کار پر ہوتی ہے کہ جس کے تمام تاجر مطیع و فرمانبردار ہوں (۵) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کسی گندم فروش سے گندم خرید رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ کسی بادشاہ سے عہدے کا مطالبہ کریگا۔ (۶) خواب دیکھا کہ اس نے گندم فروش کے ہاتھ گندم فروخت کی مگر اس کی قیمت کو نہیں دیکھا تو دلیل ہے کہ صاحب خواب دنیا میں زہد کی زندگی اختیار کریگا اور اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا کریگا اس لئے کہ ہر چیز کی قیمت کی تعبیر شکر ہے۔ (۷) کسی کو خواب میں گندم ملے اور وہ اس کو ہاتھ نہیں لگا رہا اور نہ اس کی ضرورت محسوس کر رہا ہے۔ تو دلیل ہے کہ اس کو عزت و شرف ملیگا۔ اس لئے کہ گندم اشرف الاطعمہ میں شمار ہوتی ہے۔(۸) خواب میں گیہوں حاصل کرنے کی کوشش کرنا اور اس کی طرف احتیاج ہونا پھر اس کو ہاتھ لگانا نقصان میں واقع ہونے یا ذلت سے ہمکنار ہونے کی علامت ہے۔(۹) اگر حکمران ہے تو اس سے معزول ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ گندم فروش کی رؤیت مندجہ ذیل پر بھی دلالت کرتی ہے۔ تنگی کے بعد کشادگی' درستگی' رزق' اعمال صالحہ۔

## حنوط الموتی ( مردے کو خوشبو لگانا )

(۱) غم زدہ کے لئے حنوط غم دور ہونے کی اور بددین کے لئے دینی درستگی اور توبہ کی دلیل ہے۔(۲) خواب میں حنوط

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خریدنے کے سلسلے میں کسی دوسرے سے مدد لینا اپنی ضرورتِ زندگی کے معاملے میں اس سے مدد لینے کی دلیل ہے۔ (۳) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے کسی مردہ شخص کے لئے حنوط خریدنے کے لئے کسی شخص سے مدد طلب کی تو دلیل ہے کہ صاحب خواب ایسے آدمی کے بارے میں بات کریگا جس کے دین میں فساد واقع ہو گیا ہو اور دلیل ہے اس کے دینی یا دنیاوی فساد کے سلسلے میں اس کو نصیحت کریگا۔ یا دلیل ہے اپنی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے اس سے کچھ مانگے گا۔ یا علامت ہے کہ مشکل سے نجات دلانے کی درخواست کریگا۔ اس لئے کہ موت کی تعبیر فساد دین یا قید ہونے یا کسی بڑے گناہ میں شریک ہونے سے کی جاتی ہے اور حنوط میت کے جسم سے نجاست اور بدبو کو دور کرتا ہے۔ (۴) کافور کی تعبیر اچھی شہرت ہے حنوط اچھی شہرت اور تزکیہ پر بھی دلالت کرتا ہے کبھی اسکی دلالت بغیر بدلہ کے کسی سے احسان کا معاملہ کرنے پر ہوتی ہے۔

## حانوت (دکان)

اس کی دلالت مندرجہ ذیل چیزوں پر ہوتی ہے۔ زوجہ، ولد، موت، حیات، مال، جاہ، باندی، سواری، راز۔ (۱) اگر دیکھا کہ اس کی دکان گر گئی تو دلیل ہے اپنی بیوی کو طلاق دیگا۔ یا اپنے بیٹے سے جدا ہوگا۔ (۲) یہ خواب مریض کے لئے تو دلیل موت ہے، اگر مریض نہیں تو مال کے گم ہونے کی علامت ہے یا باندی کو فروخت کرنے یا اس کے مرنے کی دلیل ہے یا تعبیر ہے کہ اس کی سواری ہلاک ہوگی یا اشارہ ہے کہ اس کا راز فاش ہوگا۔ (۳) غیر شادی شدہ شخص کا خواب میں اپنی دکان کو جدید اور خوبصورت اور خوشبودار حالت میں دیکھنا نیک صالح عورت سے نکاح کرنے اور شادی شدہ کے لئے صاحب اولاد ہونے کی دلیل ہے۔ (۴) یہی خواب اگر مریض دیکھے تو مرض سے نجات اور طویل عمر نصیب ہونے کی دلیل ہے۔ اور کبھی اسی خواب کی تعبیر مرتبہ کے بلند ہونے، عزت کے وسیع ہونے یا خوبصورت باندی یا سواری خریدنے یا راز کے ظاہر نہ ہونے سے کی جاتی ہے۔ (۵) کبھی دکان کی تعبیر والدین سے بھی کی جاتی ہے۔ اس لئے ان کا وجود و غذا و نفع کے اسباب میں سے ہیں۔ کبھی اس کی دلالت اس کے علم اور صوت پر ہوتی ہے دکان میں کمی زیادتی ان چیزوں اور لوگوں میں کمی زیادتی کی دلیل ہے جن پر اس کی دلالت ہوتی ہے۔ (۶) خواب میں دکان میں بیٹھنا خیر حاصل کرنے کی دلیل ہے۔ (۷) اپنی دکان کو گرتے ہوئے دیکھنا اگر والد یا والدہ یا بیوی میں سے کوئی مریض ہو تو اس کے مرنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۸) اگر ایسا نہیں تو معاملہ مشکل ہونے اور کاروبار میں کمی واقع ہونے کی دلیل ہے۔ کبھی دکان کی دلالت انسان کی معیشت پر ہوتی ہے۔ (۹) چنانچہ خواب میں اپنی دکان میں جھاڑو دینا اور دکان کے دروازہ کا ٹوٹ جانا حالت کی تبدیلی کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۱۰) دکانوں کے دروازوں کو بند حالت میں دیکھنا سرد بازاری مالِ تجارت کے مہنگے ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ اور دکانوں کے دروازوں کا بند ہونا ان کے مرنے اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نام ختم ہونے کی دلیل ہے۔(۱۱) دکانوں کے دروازوں کا کھلا دیکھنا تجارت کے دروازے کھلنے کی علامت ہے

## حائط (دیوار)

اگر کسی نے دیکھا کہ وہ دیوار پر چڑھا ہے یا دیوار پر کھڑا ہے تو دیوار اس کی حالت ہے۔ (۱) اگر دیوار مضبوط ہے تو اس کی حالت بہتر ہوگی وگرنہ دیوار کے مطابق اس کے حال کا اعتبار کیا جائے گا۔(۲) اگر بلند اور چوڑی دیوار خواب میں دیکھے تو اس کی ملاقات دیندار صاحبِ مال وقدر اور مضبوط آدمی سے ہوگی۔(۳) دیوار کے اردگرد عمارات اس کی آل و اولاد پر دلالت کرتی ہیں۔(۴) اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ عمارت کی دیواروں کو مرمت کی ضرورت ہے اور کچھ افراد اس کی مرمت میں مشغول ہیں تو وہ دیواریں عالم یا بادشاہ ہیں جن کے علم وسلطنت کو زوال آچکا ہے۔(۵) اور دیواروں کی مرمت میں مشغول آدمی ان کے احباب ہیں جو اصلاحِ احوال کے لئے کوشاں ہیں۔(۶) اگر وہ افراد صحیح طور سے دیواروں کی مرمت کر لیتے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ عالم یا بادشاہ کی حالت درست ہو جائیگی۔(۷) اگر یہ خواب کوئی تاجر دیکھے تو اسکی تجارت کو فروغ حاصل ہوگا۔(۸) اگر کوئی دیکھے کہ اس پر یا کسی اور پر دیوار گری ہے تو وہ آدمی جس پر دیوار گری ہے سخت گناہ گار ہے اور اسے جلد سزا ملے گی۔(۹) اگر دیکھے کہ دیوار پھٹ کر دو حصوں میں تقسیم ہوگئی ہے تو اسکے گھر میں کسی کی شادی ہوگی۔ (۱۰) اگر کسی نے گری ہوئی دیواریں دیکھیں تو وہ دیواریں کسی عالم پر دلالت کرتی ہیں جس کے دوست' احباب اور خاندان سب ختم ہو چکا ہو۔(۱۱) اگر دیکھے کہ ان دیواروں کی تعمیر ہو رہی ہے تو اس عالم کی پہلی شان وشوکت اسے حاصل ہو جائیگی۔(۱۲) اگر دیکھے کہ وہ دیوار سے چمٹا ہوا ہے تو جس قدر مضبوطی سے چمٹا ہوا ہوگا اسی قدر شرف حاصل ہوگا بعض حضرات یہ تعبیر بیان کرتے ہیں کہ اس کا واسطہ کسی بلند آدمی سے ہوگا۔(۱۳) اگر دیکھے کہ دیوار تعمیر کرنے کے بعد گرادی گئی تو اسکی معیشت کمزور اور تباہ ہوگی۔(۱۴) اگر دیکھے کہ کسی جاننے والے کی دیوار گری ہے تو وہ آدمی کسی غم میں فوت ہو جائے گا۔ بعض حضرات یہ فرماتے ہیں کہ خواب میں دیوار کو دیکھنا اسکی چوڑائی کے مطابق غالب قوت والے مرد پر دلالت کرتا ہے جسے نرمی کے علاوہ زیر نہیں کیا جاسکتا (۱۵) شہر کی دیواروں کو دیکھنا غازیوں یا قوی بادشاہ کو دیکھنا ہے جو لوگوں کے مال کا محافظ ہے۔(۱۶) اگر کسی نے خواب میں دیوار پھاندی تو وہ آدمی مومن سے منافق ہوگا اور مومن کے مشورہ کو چھوڑ کر منافق کے مشورہ پر عمل کرے گا

(۱۷) اگر کوئی آدمی خواب میں دیوار پر اپنی شکل بنی ہوئی دیکھے تو وہ آدمی فوت ہوگا اور اسکی قبر پر اس کا نام کندہ ہوگا۔

(۱۸) اگر خواب میں دیوار سے گرا ہے تو اس کا حال خراب ہوگا' اسکی امیدیں ختم ہونگی اور جس کام کے پیچھے وہ لگا ہوا ہے وہ کام اس سے نہ ہو سکے گا۔(۱۹) اگر کوئی دیکھے کہ دیوار پر بیٹھا ہوا ہے اور اسکے ہاتھ میں سونے کا کنگن ہے تو اسے بلندی' شرافت' جاہ اور مرتبہ حاصل ہوگا۔(۲۰) خواب میں دیوار کو دیکھنا علم و ہدایت' حکمت' شر پر اطلاع اور ساتھیوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں فرقت پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۱) اگر دیکھے کہ دیوار گھر کے اندر گری تو اس گھر کا مالک مریض ہوگا۔ (۲۲) اور اگر دیوار باہر گلی میں گری ہے تو گھر کا مالک ہلاک ہوگا لیکن اگر گھر کا مالک سفر پر گیا ہوا ہے تو یہ اسکے واپس آنے پر دلالت ہے۔ (۲۳) اگر خواب دیکھے کہ اسکے گھر میں نئی دیوار تعمیر ہو رہی ہے تو اسکے گھر اسکی بیٹیوں کے رشتے آئیں گے۔ (۲۴) جس نے دیکھا کہ کچی اینٹوں سے دیوار تعمیر کر رہا ہے تو اسکے نیک عمل ہونے پر دلالت ہے۔ (۲۵) اگر عمارت کو پختہ اینٹوں یا چونے سے مزین نہیں کرتا۔ (۲۶) یا اپنے گھر کی دیوار کو پھٹتے ہوئے دیکھتا ہے۔ (۲۷) یا اپنے گھر میں کسی شق شدہ درخت کو دیکھتا ہے۔ (۲۸) یا یہ دیکھتا ہے کہ دیوار سے پانی بہہ رہا ہے ان تمام صورتوں میں اسکے گھر بیٹے اور بیٹیوں کے رشتے آنے کی دلیل ہے۔

## حصن (قلعہ)

(۱) خواب میں قلعہ دیکھنا سچائی پر قائم رہنا ہے عربی کی کہاوت بھی ہے ''الصدق حصن'' (سچ ایک قلعہ ہے) کبھی قلعہ دیکھنے سے مراد اس کا مالک' اسمیں موجود لشکر یا دشمن بھی ہوتا ہے اور کبھی اس سے مراد علم قرآن یا ایسا عمل بھی ہوتا ہے جس سے شیطان اور اسکے لشکر سے حفاظت ہو سکے۔ (۲) اگر کوئی شخص خواب میں قلعہ کے برج دیکھے تو اس سے مراد امراء ہیں۔ (۳) کنگرے' دیکھے تو چوکیدار یا لشکر۔ (۴) تیر پھینکنے کی جگہ دیکھے تو جاسوس۔ (۵) دروازے' پردے اور چھوٹی دیواریں دیکھے تو وزراء۔ (۶) بنیادیں دیکھے تو اسکے اہل واقارب یا پھر خزانہ ہے جسے مال خرچ کرتا ہے۔ (۷) کوئی شخص خواب میں خود کو قلعہ میں دیکھتا ہے اگر وہ بادشاہت کا اہل ہے تو اسے بادشاہت ملے گی۔ اگر غیر شادی شدہ ہے تو شادی ہوگی' یا پھر اس کے ہاں اولاد ہوگی یا وہ کوئی جگہ خریدے گا۔ اگر خود کو قلعہ میں دیکھنے والا کافر ہو تو اللہ تعالیٰ اسے اسلام کی دولت عطا فرمائیں گے۔ (۸) قلعہ اسلام پر بھی دلالت کرتا ہے چنانچہ اگر کسی نے خود کو قلعہ میں دیکھا تو اس کے لئے دین اور نیک راہ پر چلنے کی بشارت ہے۔ قلعہ کی جتنی جگہ اسکے قبضہ میں ہے اسی قدر گناہوں سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔ (۹) اگر قلعہ درحقیقت پانی میں تھا اور خواب میں یہ دیکھا کہ قلعہ میدان میں ہے تو دشمن اس کے ملک پر قابض ہوگا۔ (۱۰) اگر قلعہ درحقیقت میدان میں تھا اور خواب میں قلعہ کو پہاڑ پر یا پانی میں دیکھا تو دلیل ہے دشمن کی لڑائی سے محفوظ رہے گا اور اس کا دشمن رسوا ہوگا۔ (۱۱) خواب میں قلعہ بنانا خود کو دشمن سے' شرم گاہ کو حرام سے اور مال ونفس کو مصیبت وذلت سے محفوظ رکھنا ہے۔ (۱۲) خواب میں اپنے قلعہ' گھر یا محل کی خرابی دین ودنیا کا نقصان یا بیوی کی موت ہے۔ (۱۶) اگر دیکھے کہ قلعہ کی بلند ترین جگہ پر بیٹھا ہے تو اسے بادشاہ یا اپنے بھائی اور بیٹے سے فائدہ حاصل ہوگا اور ان کے ذریعے اسے نجات ملے گی۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ خواب میں قلعہ دیکھنے سے مراد پاک دامن مرد ہے جس پر کوئی قابو نہیں پا سکتا۔ (۱۴) خواب میں قلعہ کو دور سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دیکھنا نیک نامی اور شرم گاہ کی حفاظت پر دلیل ہے۔

## حصار

خواب میں حصار دیکھنا اپنے کاموں میں مضبوطی اور ثابت قدمی کی دلیل ہے کبھی مشرکین پر نصرت انہیں پکڑنے اور ان کی ہلاکت پر بھی دلالت کرتا ہے اور کبھی اس سے قبض کا مرض بھی مراد ہوتا ہے۔

## حاکم

(۱) جس نے حاکم کو اچھی حالت میں دیکھا تو اسے اپنا مقصود یعنی علم اور رشد ہدایت حاصل ہوگا اور کبھی بادشاہ کو دیکھنا معمار' اجتماع' درزی اور حجام پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۲) اگر خواب دیکھا کہ حاکم کم عقل' مجنون' غفلت میں مبتلا' راستے میں جھاڑو دینے والے' آٹا چھاننے والے' حمام میں آگ جلانے والے' زمین میں کھاد ڈالنے والے' حمام میں رہنے والے خادم' یا قوال' گانا گانے والے اور رقص کرنے والے کے خلاف گواہی سن رہا ہے تو یہ ان کے رشوت لینے اور غلط کاموں میں ملوث ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۳) اگر کسی نے خواب میں حاکم کو دیکھا تو اسکے ہاں نیک بخت اور مؤدب لڑکا پیدا ہوگا یا اسے اپنا وہ حق حاصل ہو جائے گا جسکے حصول میں لگا ہوا ہے۔

## حارس الملک (بادشاہ کا محافظ)

خواب میں بادشاہ کے چوکیدار کو دیکھنا اللہ تعالیٰ کے ذکر اور شب بیداری پر دلیل ہے اور کبھی شر اور بدزبانی پر بھی دلالت کرتا ہے اگر خواب میں بازار یا قید خانے کا چوکیدار کو دیکھا تو دلیل ہے کہ جس راز کو وہ چھپانا چاہتا ہے وہ ظاہر ہوگا۔

## حاجب الملک (بادشاہ کا دربان)

(۱) اگر بادشاہ اپنے دربانوں کو کھڑا دیکھے تو اس طرف اشارہ ہے کہ اسکے دربان اپنے کام میں کوتاہی نہیں کرتے۔ (۲) اگر دربانوں کو بیٹھا دیکھے تو ان کی کوتاہی پر دلیل ہے۔ (۳) عام آدمی اگر بادشاہ کے دربان دیکھے تو اسے خوشی حاصل ہوگی۔ (۴) خواب میں بادشاہ کے دربان کو دیکھنا بہت بڑے ادیب پر دلالت ہے جس سے سب مشورہ لیتے ہوں اور اس پر اعتماد کرتے ہوں اور کبھی بادشاہ کے دربان کو خواب میں دیکھنے سے اسباب کی مشکلات کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔

## حاسب دیوان (شاہی کلرک)

(۱) اگر کسی شخص نے خواب میں حاسب دیوان کو دیکھا تو دلیل ہے وہ آدمی عذاب میں مبتلا ہوگا بالخصوص اگر حاسب نے حساب میں سختی کی۔ (۲) بادشاہ کے حساب کے کئی درجے ہیں۔ (۳) اگر کسی نے صحیح طور پر مکمل حساب دیدیا تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دلیل ہے کہ اس کی قدر و منزلت بڑھے گی اور رزق میں وسعت حاصل ہوگی۔ (۴) اگر دیکھے کہ مکمل حساب نہ دے سکا تو اس کی قدر و منزلت میں کمی آئے گی اور ایسا آدمی نقصان اٹھائے گا۔ (۵) اگر دیکھے کہ اس سے نامعلوم دیوان کا حساب لیا جارہا ہے تو یہ اس کے بدعتی اور گمراہ ہونے کی دلیل ہے اور اس سے مؤاخذہ بھی ہوگا۔ کبھی دیوان سے مراد نامۂ اعمال بھی ہوتا ہے۔ (۶) اگر دیکھے کہ حساب لینے والے اسے خوشخبری سنا رہے ہیں یا ان سے خوشبوئیں پھوٹ رہی ہیں یا ان کے کپڑے اچھے ہیں تو یہ اعمال صالحہ پر دلیل ہے۔ (۷) اگر اس کے برعکس دیکھے تو اعمال میں کوتاہی کرنے کی طرف اشارہ ہے۔

## حاجب (انسانی آنکھ کی ابرو)

(۱) خواب میں آنکھ اور ابرو کو خوبصورت دیکھنا دینی و دنیوی وجاہت اور حسن و خوبصورتی کی دلیل ہے۔ (۲) اگر آنکھ اور ابرو کو اچھی حالت میں دیکھے تو اس کی حالت بھی اچھی ہوگی۔ (۳) اگر آنکھ و ابرو کو بری حالت میں دیکھے تو اس کی حالت بھی بُری ہوگی۔ (۴) اگر کسی نے اپنی ابروؤں کو گنجان بال اور سیاہ دیکھا تو اس کی اچھائی اور نیک اعمال کی جانب اشارہ ہے کیونکہ عورتیں حصولِ زینت کے لئے اپنی ابروؤں کو سیاہ کرتی ہیں۔ (۵) ابرو والدین' دو بیٹوں' دو شریکوں' میاں بیوی' دو نائب یا دو دربانوں پر بھی دلالت کرتی ہیں۔ (۶) اگر دیکھے کہ ابروئیں آپس میں ملی ہوئی ہیں تو ان میں الفت و محبت پر دلالت ہے۔ (۷) اگر ابروئیں جدا جدا ہیں تو یہ ان میں عداوت اور دشمنی پر دلیل ہے۔ (۸) اگر خواب میں دیکھے کہ کسی کی ابروئیں کالی اور گنجان بال ہیں کہ دیکھنے سے بری معلوم نہیں ہوتیں تو یہ اس کی اچھی حالت کی دلیل ہے۔ (۹) اگر ابروئیں سفید' کم بالوں والی یا آنکھوں پر گری ہوئی ہوں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کے بیٹے' شریک' بیوی' نائب یا مالک کا رویہ تبدیل ہوگا۔ (۱۰) اگر خود کو اس حالت میں دیکھے تو درازیٔ عمر کی دلیل ہے۔ ابروئیں دینی مرتبہ کی عکاس ہوتی ہیں۔ (۱۱) اگر انہیں اچھی حالت میں دیکھے تو دینی مرتبہ قائم رہے گا۔ اگر نہ زوال پذیر ہوگا۔ کبھی ابرو سے حفاظت کرنے والے افراد کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے' جیسے دربان' والی' وصی اور خاوند وغیرہ۔

## حنک اللسان (تالو)

خواب میں تالو یا ٹھوڑی دیکھنا میاں بیوی' دو شریک یا دو بیٹوں کو دیکھنا ہے۔

## حلقوم

یہ وہ رگ ہے جس کے ذریعے سانس آتا جاتا ہے۔ خواب میں اس کو دیکھنا ملک الموت کو دیکھنا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## حلق

(۱) اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کے حلق سے دھاگہ یا بال نکل رہا ہے' اس نے اسے کھینچا نہ تو وہ ٹوٹا اور نہ ہی مکمل طور پر باہر نکلا تو یہ اس کی درازیٔ عمر اور بادشاہ سے لڑائی کرنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۲) اگر خواب دیکھنے والا وزیر ہے تو اس کی وزارت اور اگر تاجر ہے تو اس کی تجارت میں ترقی کی طرف اشارہ ہے۔ (۳) انسانی حلق زندگی پر بھی دلالت کرتا ہے کبھی حلق سے مراد گھر کی نالی اور کنواں وغیرہ بھی ہوتا ہے۔ (۴) چنانچہ اگر دیکھے کہ اس کے حلق میں عیب ہے تو گھر کی نالی اور کنویں وغیرہ کو مرمت کی ضرورت کی طرف اشارہ ہے۔

## حافر (کُھر)

(۱) خواب میں گھوڑے کے کھر کو دیکھنا علم پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) اگر دیکھے کہ اس کے نشانات پر چل رہا ہے تو رزق اور وسعتِ مال کی دلیل ہے بالخصوص جبکہ وہ گھوڑا بادشاہ یا اس کے کسی فرستادہ کا ہو' کبھی کھر دیکھنے سے مراد ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا بھی ہوتا ہے۔ خواب میں کھر دیکھنا گمراہ کے لئے ہدایت ہے۔ (۳) جو شخص گھوڑوں کو دیکھے بغیر اپنے گھر میں انکے کھروں کی ٹاپ سنتا ہے تو یہ بارش اور سیلاب کی طرف اشارہ ہے۔

## حدید (لوھا)

(۱) اگر کوئی شخص دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں لوہا ہے تو اسے مال وقوت حاصل ہوگا۔ (۲) اگر لوہا پیچھے کی جانب سے ہاتھ میں لیا ہے تو اسے ضعف کے بعد قوت حاصل ہوگی۔ (۳) اگر کوئی دیکھے کہ خواب میں لوہا کھاتا ہے تو اسے ہر جگہ فتح و کامرانی حاصل ہوگی۔ (۴) اگر دیکھے کہ روٹی کے ساتھ لوہا کھاتا ہے تو وہ دھوکہ باز ہے اور اس کی معیشت کو خسارہ ہوگا۔ (۵) اگر دیکھے کہ لوہے کو دانتوں سے چبا رہا ہے تو اس کی قوم کو شان وشوکت کے بعد نقصان پہنچے گا۔ (۶) اگر کوئی دیکھے کہ اسے لوہے یا سیسے یا سونے کا ڈھیر ملا ہے تو اس کی دنیاوی بھلائی اور جس کام کے پیچھے لگا ہوا ہے اس میں فوت کی طرف اشارہ ہے۔ (۷) اگر کوئی دیکھے کہ اس کے لئے لوہا نرم ہوگیا ہے تو دلیل ہے اسے بادشاہت اور وسیع رزق حاصل ہوگا۔ (۸) اگر کوئی دیکھے کہ اس نے لوہے یا تانبے کو پگھلا کر ایک سانچہ بنایا ہے تو یہ ناممکن کام کے ہوجانے پر دلیل ہے۔ اگر دیکھے کہ لوہا پگھلا رہا ہے تو دلیل ہے لوگ اس کی غیبت کریں گے اور اسے برا بھلا کہیں گے۔ (۱۰) اگر دیکھے کہ لوہے سے کوئی چیز بناتا ہے تو یہ اسے نفع اور قوت حاصل ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ کلہاڑا کلہاڑی وغیرہ انسان کے خادم اور نوکر پر دلالت کرتے ہیں۔ (۱۱) چنانچہ اگر ان میں کوئی نقص یا خوبی دیکھے تو اس کے خادموں میں نقص یا خوبی پر دلیل ہے۔ (۱۲) اگر کوئی شخص خواب میں سونے کا مالک ہوا تو اسے مشقت کے بعد رزق حاصل ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## حداد (لوہار)

(۱) خواب میں لوہار کو دیکھنا ہیبت والے عظیم اور قوی بادشاہ کو دیکھنا ہے جو اپنے کام باریک بینی سے انجام دیتا ہو۔ (۲) کبھی لوہار سے مراد ملک الموت اور لوہے سے مراد اس کی قوت ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ''اور ہم نے لوہا اتارا اس میں سخت قوت اور لوگوں کے لئے ''نفع ہے''اس آیت میں نفع سے مراد برتن اور وہ چیزیں ہیں جو انسان لوہے سے بناتا ہے جیسے کلہاڑا تلوار اور چھری وغیرہ۔ (۳) اگر لوہار خود کو اپنی مرضی کی چیزیں بناتے ہوئے دیکھے تو اس کی ملاقات عظیم بادشاہ سے ہوگی۔ (۴) اگر کوئی شخص خود کو خواب میں دیکھے کہ وہ لوہار ہے اور لوہے کو نرم کر کے اس سے آلات بنا رہا ہے۔ اگر وہ شخص بادشاہ کے خاندان سے ہے یا اس کے آباء و اجداد میں کوئی بادشاہ گذرا ہے تو اسے بادشاہت ملے گی اس کے ضعف پر نظر نہ ڈالی جائے بلکہ اس کے اجداد کی وجہ سے اس کے خواب کی یہی تعبیر ہوگی۔ (۵) اگر خواب میں نامعلوم لوہار دیکھے تو اس کی لوہے پر قدرت کے بقدر عظمت والے بادشاہ کو دیکھے گا۔ لوہے کو دیکھنا شرور تنگی اور کام نہ کر سکنے پر دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی اس کا دیکھنا مشکل کام کی آسانی پر بھی دلیل ہوتا ہے۔ کبھی اس سے مراد جہنمیوں جیسے برے عمل کرنے والا شخص بھی ہوتا ہے۔ (۶) اگر خواب میں کہا جائے کہ فلاں یا فلاں کا کام لوہار کی طرف لے جایا گیا ہے تو دلیل ہے وہ کسی مصیبت میں گرفتار ہوگا اور بادشاہ یا اسکے حواریوں کی پناہ حاصل کرے گا۔ ورنہ اسے کسی ایسے آدمی کی صحبت حاصل ہوگی جس سے اس کو کچھ نفع حاصل نہ ہوگا بالخصوص اگر دھواں یا چنگاریاں اس کی آنکھ، کپڑوں یا چادر تک پہنچی ہوں۔ (۷) اگر کوئی شخص خواب میں لوہار کے پاس جاتا ہے تو اس کے مناسب حال اسے کچھ حاصل ہوگا۔ (۸) خواب میں لوہار سے مراد ہر وہ آدمی ہو سکتا ہے جس کی زندگی آگ کے کاموں میں گذرتی ہو جیسے باورچی، نان بائی اور تانبے کا کام کرنے والا۔ (۹) کوئی شخص خواب میں لوہار کے قریب جا کر بیٹھا اگر بیمار یا مردہ ہے تو آگ میں داخل ہوگا خصوصاً جبکہ اس کا چہرہ یا کپڑے کالے ہو گئے ہوں۔ ورنہ قید میں داخل ہوگا کیونکہ عرب داروغۂ جیل کو بھی حداد (لوہار) کہتے ہیں۔

## حفار (گورکن/قبر کھودنے والا)

(۱) خواب میں گورکن وہ آدمی ہے جو کسی ایسے پر مشقت کام میں لگا ہوا ہے جس سے موت تک چھٹکارا حاصل نہیں ہو سکتا۔ (۲) گورکن کے بارے میں دریافت کرنا مصیبت کی طرف اشارہ ہے اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ نمناک مٹی کھود رہا ہے تو دلیل ہے وہ کوئی باطل کام سوچے گا اور اسے کچھ نفع حاصل نہیں ہوگا۔ (۳) پہاڑ کو کھودنے والے مرد سے مراد ایسا آدمی ہوتا ہے جو کسی عظیم مضبوط اعصاب کے آدمی کے ساتھ رہتا ہو۔ (۴) پہاڑوں اور کنوئیں کو کھودنے والا سازشی، دھوکہ باز اور اپنی عداوت کو چھپانے والا ہے، اگر وہ اس پر اجرت لے تو مکار اور حیلہ باز ہے اس لئے کہ کھودنا مکر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے گورکن کو خواب میں دیکھنا دروغ جیل اور بری باتوں کی پردہ دری کی علامت ہے۔

## حمال (بوجھ اٹھانے والا)

اگر کوئی شخص دیکھے کہ وہ بھاری بوجھ اُٹھا رہا ہے تو اسکے بوجھ کی بقدر اسے غم پہنچے گا' خواب میں بوجھ اٹھانا لوگوں کی تکلیفیں برداشت کر کے انکی ضرورت پوری کرنے کی طرف اشارہ ہے بوجھ اٹھانے والا بردبار اور غم برداشت کرنے والا مرد ہے۔

## حمامی (حمام والا)

(۱) خواب میں حمام والے کو دیکھنا ادائیگی قرض' غم اور تنگی کے خاتمے' کام کے سرانجام دیئے جانے اور طہارت وغیرہ پر دلالت ہے کبھی اسکا دیکھنا مرض اور تنگی پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۲) اگر کوئی شخص خود کو حمام والا دیکھے یا خود کو حمام میں کھڑا ہوا دیکھے اور لوگوں کی خدمت نہ کر رہا ہو تو وہ کسی حرامی کا تابع ہے جو لوگوں کو کوئی فائدہ یا نفع نہیں پہنچاتا۔ (۳) اگر خود کو سفید کپڑوں میں ملبوس دیکھتا ہے تو اس کے سبب لوگوں کے غم دور ہونگے لیکن وہ بھی کسی کمینے آدمی کا متلاشی ہے۔

## حمام

خواب میں حمام تکلیف والے گھر کی طرف اشارہ ہے۔ (۱) جو اس میں داخل ہوگا اسے عورتوں کی جانب سے کوئی تکلیف پہنچے گی اس لئے کہ حمام گندگیوں کی جگہ ہے۔ (۲) اگر حمام میں گرم پانی استعمال کیا تو اسے یا تو عورتوں کی طرف سے غم پہنچے گا یا وہ مریض ہوگا۔ (۳) بعض حضرات کہتے ہیں کہ گرم پانی سے نہانا اچھا ہے۔ (۴) اگر خواب دیکھنے والا مغموم ہے اور خواب میں حمام میں داخل ہوتا ہے تو اسکے غم دور ہو جائیں گے۔ (۵) اگر خواب میں حمام میں جا کر بیٹھ گیا تو کسی عورت کے ساتھ گناہ میں ملوث ہوگا اور برائی میں مشہور ہوگا کیونکہ حمام ستر کھولنے کی جگہ ہے۔ (۶) اگر دیکھے کہ حمام بناتا ہے تو گناہ کرنے' گناہ میں مشہور ہونے اور پردہ دری کی طرف اشارہ ہے اگر حمام کا پانی مناسب گرم ہو تو اسکی گھر والی اور سسرال اسکے موافق اور اس پر مشفق ہیں۔ (۷) اگر پانی ٹھنڈا ہو تو میل جول نہ ہونے اور ان سے فائدہ نہ پہنچنے کی دلیل ہے۔ (۸) اگر پانی بہت گرم ہے تو اسکے سسرال سخت طبیعت کے مالک ہیں انکی سختی کی وجہ سے ان سے کچھ فائدہ حاصل نہیں ہو سکا۔ (۸) اگر کوئی آدمی خواب میں دیکھے کہ گرم حمام میں ہے اور اسکی ٹوٹی سے پانی بہہ رہا ہے یہ پانی روکنا چاہتا ہے لیکن روک نہیں سکتا تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ اسکی بیوی سے کوئی خیانت کر رہا ہے یہ اسے روکنا چاہتا ہے لیکن روک نہیں پا رہا ہے۔ (۹) اگر دیکھے کہ حوض بھر چکا ہے اور پانی اوپر کی ٹینکی سے حوض میں گر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رہا ہے تو اپنی بیوی پر غصہ کی دلیل ہے۔
(۱۰) اگر حمام سے مراد دنیا کی آسودگی لی جائے تو اگر حمام ٹھنڈا ہے تو صاحب خواب فقیر اور کم آمدنی ہے کہ اپنے ارادہ کی تکمیل نہیں کر سکتا۔ (۱۱) اگر پانی مناسب گرم ہو کہ نہانے میں اچھا لگے تو اس کے امور پیار و محبت سے مکمل ہو جائیں گے دولت بھی خوب کمائے گا اور فرحت اور سرور بھی حاصل کرے گا۔ (۱۲) اگر پانی بہت زیادہ گرم ہو تو مال تو خوب کمائے گا لیکن تدبیر و مدارات سے خالی ہو گا۔ لوگ نہ اسکی تعریف کریں گے اور نہ اسکی نعمت کی توصیف و تذکرہ کریں گے۔ (۱۳) جو شخص دیکھے کہ حمام میں داخل ہوا تو جوڑی کے بخار کی دلیل ہے (۱۴) اگر کوئی شخص دیکھے کہ اس نے گرم حمام سے گرم پانی پیا یا کسی نے اس پر گرم پانی ڈالا یا اس نے غسل کی ہیئت کے علاوہ غسل کیا تو پانی کے گرم ہونے کی مقدار میں غم، مصیبت، بیماری اور جنات کے آسیب کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۵) اگر دیکھے کہ حوض سے پانی پی رہا ہے تو تیز بخار پر دلالت ہے۔ (۱۶) اگر ٹھنڈے حمام سے پانی پئے تو برسام (ایک ہذیانی بیماری) کی علامت ہے۔ (۱۷) اگر دیکھے کہ ٹھنڈے پانی سے غسل کر رہا ہے تو اسکی تندرستی کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۸) اگر خواب میں حمام، غسل اور آگ روشن کرنا، جمع ہو جائیں تو غسل اور آگ روشن کرنے کی تعبیر بتلائی جائے اور حمام کو چھوڑ دیا جائے کیونکہ ان دو کی تعبیر زیادہ قوی ہے۔ (۱۹) اگر اپنے محلّہ میں نامعلوم حمام دیکھے تو محلّہ میں فاحشہ عورت کی طرف اشارہ ہے جسکے پاس لوگ آتے ہوں۔ (۲۰) اگر دیکھے کہ حمام میں نہا رہا ہے تو اسے دشمن کی طرف سے تکلیف پہنچے گی یا پھر وہ مریض ہو گا۔ (۲۱) اگر دیکھے کہ حمام بنا رہا ہے تو اسکی حاجت پوری ہو گی حمام جہنم پر بھی دلالت کرتا ہے اور اس کا منتظم داروغۂ جہنم پر، یا حمام حاکم گھر پر دلالت کرتا ہے اور اس کا منتظم قاضی پر یا حمام عورت پر دلالت کرتا ہے اور اس کا منتظم اسکے خاوند پر یا حمام دلالت کرتا ہے زانیہ پر اور اس کا منتظم دلال پر جو مردوں اور عورتوں کو آپس میں ملاتا ہے یا حمام دلالت کرتا ہے قید پر اور اسکا منتظم داروغہ قید پر، یا حمام دلالت کرتا ہے سمندر پر اور اسکا منتظم جہاز کے کپتان پر، کبھی حمام شریر جھگڑالو فضول بحث کرنے والوں کے گھروں پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۲۲) اگر خود کو یا کسی کو حمام میں دیکھے اور گناہ گار ہو تو جہنم کی وعید ہے کیونکہ دوزخ کے مختلف درجات ہیں جن میں سے ایک حمیم اور ایک زمہریر ہے۔ (۲۳) اگر گرمی کی بیماری میں دیکھے کہ گرم حمام سے سرد حمام کی طرف جاتا ہے اس میں غسل کرتا ہے یا گرم حمام سے سلامتی کے ساتھ نکل آتا ہے تو بیماری سے صحت کی دلیل ہے۔ (۲۴) اگر اسے سردی کی بیماری ہو تو بیماری اور زیادہ ہو گی اور اسکی ہلاکت کا اندیشہ ہے۔ (۲۵) اگر اس نے اس کے باوجود غسل کیا اور عادت کے برخلاف سفید کپڑے پہنے اور ایسی سواری پر سوار ہوا جو اس کے لائق نہیں تو یہ اسکی موت، تجہیز، تکفین و تدفین کی طرف اشارہ ہے۔ (۲۶) اگر سردیوں میں یہ خواب دیکھے تو فالج کا خطرہ ہے۔ (۲۷) اگر دیکھے کہ سرد حمام سے گرم حمام کی طرف منتقل ہوا ہے تو اسکی تعبیر گزشتہ تعبیر کے خلاف ہو گی۔ (۲۸) اگر دیکھے کہ درمیانے درجہ کے حمام میں داخل ہوا تو درمیانی درجہ کی بیماری میں مبتلا ہو گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۲۹) اگر درمیانے درجہ کی حمام سے نکلا ہے تو درمیانے درجہ کی بیماری سے سلامت نکلے گا۔
(۳۰) اگر خواب دیکھنے والا مریض نہ ہو اور اس کا کوئی قضیہ یا درخواست حاکم اور بادشاہ کے پاس ہو تو حمام میں گرمی، سردی پھسلن اور چھینٹے کے مطابق اس کے خلاف یا اس کے حق میں فیصلہ کی طرف اشارہ ہے۔ (۳۱) اگر خواب دیکھنے والے کا کوئی قضیہ وغیرہ بادشاہ کے پاس نہیں ہے اور وہ غیر شادی شدہ ہے نیز حمام میں شور وغل اور ایذاء اور تکلیف بھی ہے جیسے کہ عام طور پر ہوتی ہے تو اسکی شادی ہوگی اور وہ ولیمہ یا جنازے میں شریک ہوگا ورنہ اسے عورتوں کی طرف سے غم پہنچے گا' یہ بھی ہوسکتا ہے کہ شادی اور غم اکٹھے ہی پہنچیں یا پھر اسے بادشاہ کے روبرو مال کی وجہ سے غم پہنچے گا کیونکہ حمام میں پانی اور پسینہ بہتا ہے اور ان سے مال ہی مراد ہوتا ہے۔ (۳۲) کبھی محض پسینہ ہی غم تعب اور مرض پر دلالت کرتا ہے۔ (۳۳) اگر پسینہ کے ساتھ حمام کی گرمی بھی جمع ہو جائے اور خواب دیکھنے والا عریان ہو تو اسے خود بیوی سے یا اسکی وجہ سے یا بیوی کے گھر والوں کی طرف سے تکلیف پہنچے گی۔ (۳۴) اگر خواب میں کپڑوں میں ملبوس ہے تو اسے اجنبی عورت یا اپنی محرم رشتہ داروں مثلاً ماں' بہن' بیٹی کی طرف سے تکلیف پہنچنے کا اشارہ ہے۔ (۳۵) جو آدمی حمام میں نالی یا بغلی دروازے سے داخل ہوا اسکے ساتھ شیر' درندہ' وحشی جانور یا سانپ وغیرہ بھی ہو تو وہ کسی ایسی عورت سے ناجائز تعلقات استوار کریگا جس کے پاس شریر اور گناہ گار لوگ آتے ہیں۔ (۶) کبھی حمام دار العلم اور رباط (فقراء کے لئے وقف کردہ مکان) جامع مسجد اور کمائی اور تاوان والے بازار پر بھی دلالت کرتا ہے نیز کبھی اسکی دلالت موسم پر بھی ہوتی اور کبھی اس سے مراد گناہ گار کی توبہ' گمراہ کی ہدایت' فقیر کا مالدار ہونا اور مریض کا شفایاب ہونا بھی ہے بعض دفعہ حمام بادشاہ کے گھر پر بھی دلالت کرتا ہے کیونکہ اس میں بھی پردہ دری کھلے سر پھیرنا اور لوگوں سے مال لینا پایا جاتا ہے البتہ کبھی حمام سے سمندر راور اور صراف کے بازار کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ (۳۷) اگر مریض حمام میں داخل ہوا اور مرض کے موافق پانی استعمال کیا تو اس کا مرض زائل ہوگا۔ (۳۸) اگر غیر موافق پانی استعمال کیا تو غم' تنگی اور زیادتی مرض پر دلالت ہے۔ (۳۹) اگر تندرست آدمی حمام میں غسل سے نظافت حاصل کرتا ہے تو اسے علم کے ذریعے ہدایت نصیب ہوگی یا اس کا قرض ادا ہوگا یا پھر جس گناہ میں گرفتار ہے اسکی توبہ قبول ہوگی۔ (۴۰) اگر غیر شادی شدہ ہے تو شادی ہوگی اور اگر فقیر ہے تو غنی ہوگا۔ (۴۱) اگر کوئی آدمی خواب میں اپنے کپڑوں پر پانی ڈالے تو کسی زانیہ کے حسن میں گرفتار ہوگا اور اسکے سبب اپنا دین برباد کرے گا۔ (۴۲) اگر کوئی آدمی گرم خانہ میں میت دیکھے تو طلبِ تاوان کا اشارہ ہے بالخصوص اگر اس نے میلے کپڑے پہنے ہوئے ہوں یا بالکل ہی عریان ہو۔ (۴۳) اگر دیکھے حمام سے زیب وزینت کے سامان اور خوشبو کے ساتھ باہر نکلا ہے تو اللہ تعالی کے درگزر اور اس کی معافی کی دلیل ہے۔
(۴۴) جو شخص خود کو دن میں دیکھے کہ ستارے اس کے چاروں جانب یا سر پر چمک رہے ہیں تو اس کے حمام میں داخل ہونے کا اشارہ ہے اگر خواب میں سخت سردی یا سخت گرمی محسوس کرتا ہے تو اسے اس حمام میں سختی برداشت کرنی پڑے گی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جس میں وہ داخل ہو رہا ہے کیونکہ حمام نجوم ظاہر کی مانند ہے۔ (۴۶) اگر دیکھے کہ حمام میں مردوں اور عورتوں کا اختلاط ہے تو اختلاف احوال، نقض عادات اور بدعت وشبہات میں وقوع کی دلیل ہے البتہ کبھی اس شہر کا قیدی بھی اس سے مراد ہوتا ہے جو مرد وعورت کے اختلاط کا ذریعہ بنتا ہے اور ایک کے رازوں پر دوسرے کو مطلع کرتا ہے۔ (۴۷) اگر دیکھے حمام کا پانی خون بن گیا ہے اور لوگ اپنے جسموں پر چھینٹے ڈال رہے ہیں تو اموال میں بادشاہ کے ظلم کی طرف اشارہ ہے یا پھر علماء کی جانب سے ناجائز کاموں کو جائز قرار دینے کی دلیل ہے جیسے روزہ کے دنوں میں روزہ نہ رکھنا یا شک والے دن کا روزہ، یا وقوف عرفہ نویں ذی الحجہ کے علاوہ کسی اور دن کرنا یا زوال سے پہلے نماز جمعہ ادا کرنا وغیرہ۔ کبھی حمام سے مراد گرجا گر بھی ہوتے ہیں کیونکہ وہ بھی جنات، شیاطین اور تصاویر کی اماجگاہ ہیں حمام کے حوض اسکے تابع ہیں جن پر حمام دلالت کرتا ہے کبھی حمام سے مراد بیوی اور حوضوں سے مراد اہل وعیال اور مال ہوتا ہے۔ (۴۸) اگر کوئی شخص حمام کو اپنا مسکن بناتا ہے تو وہ کسی گناہ پر مصر ہے۔ (۴۹) جو حمام میں داخل ہوا اور غسل کر کے باہر آیا تو وہ اپنی بیوی یا قرض کے غم سے چھٹکارا پائے گا۔ (۵۰) جو آدمی حمام میں گانا گائے تو ایسی بات کی طرف اشارہ ہے جس کا جواب وہ خود ہی سن لے گا۔ (۵۱) تاریک حمام قید خانہ اور حمام کا منتظم ایسی عورت ہے جسمیں کوئی بھلائی نہ ہو کیونکہ وہ آگ کے قریب رہتا ہے۔

## حلاق (حلق کرنے والا)

خواب میں حلاق کو دیکھنا ایسے مرد کو دیکھنا ہے جو سلطان کے پاس لوگوں کے اموال سے فساد کو زائل کردے۔

## حجام (پچھنے لگانے والا)

(۱) حجام کی دلالت لوگوں کے خلاف دستاویزات تحریر کرنے والے پر ہوتی ہے بعض حضرات کہتے ہیں کہ حجام سے امانت دار معتمد علیہ اور کام کر دینے والا شخص مراد ہے۔ حجام کی دلالت ایسے آدمی پر بھی ہوتی ہے جو لوگوں کی جان، مال اور عقل وسمجھ پر حاوی ہو جیسے بادشاہ، عالم، حاکم، طبیب، قتل کا حکم دینے والا جج وغیرہ۔ (۲) اگر دیکھے کہ حجام اسے پچھنے لگا رہا ہے اگر اس کے خلاف قتل کا کیس ہو یا وہ جہاد میں ہو تو وہ قتل ہوگا اور اسکی گردن سے لوہے کے ذریعے خون نکلے گا۔ (۳) اگر خواب دیکھنے والا مریض ہے تو اسے مرض سے شفا نصیب ہوگی۔ (۴) اگر کسی مال میں مطلوب ہے تو حاکم کو مال دیگا۔ (۵) اگر نکاح میں رغبت رکھتا ہے تو اسکی ایسی عورت سے شادی ہوگی جس کے نفقہ کے لئے کوئی معاہدہ تحریر کرنا ہوگا اور خون نکلنے اور زخم کی بقدر نفقہ دینا ہوگا ورنہ وہ گھر کا سامان بیچے گا یا قرض کا معاملہ کرے گا اور اس کے خلاف کوئی معاہدہ لکھا جائے گا۔ (۶) حجام کو دیکھنا غم وتنگی اور امراض وغیرہ کے ختم ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۷) کبھی اسے دیکھنا چٹی اور نفع کے بقدر نقصان پر بھی دلالت کرتا ہے اگر دیکھے کہ والدہ یا گھر میں کسی اور کو پچھنے لگا رہا ہے تو اسباب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی مشکلات کی طرف اشارہ ہے یا وہ پچھنے لگوانے والا بھی گناہ میں مبتلا ہوگا۔

## پچھنے لگوانا

(۱) جو شخص دیکھے کہ وہ پچھنے لگوا یا لگا رہا ہے تو اس کے ذمے کوئی کام یا امانت سپرد کی جائے گی یا اسکے ذمے کوئی چیز لاگو کی جائے گی یا پھر اس کی شادی ہوگی اس لئے کہ گردن امانت کی جگہ ہے اگر خواب میں نشتر لگوایا تو کسی ایسی لونڈی سے شادی کرے گا۔ جو اس کے اپنے نفقہ اور مال کی طالب ہوگی جو وہ ادا کر سکے گی اگر نشتر نہیں لگوایا تو وہ نفقہ طلب نہیں کرے گی۔ (۲) اگر حجام غیر معروف بوڑھا ہے تو خواب دیکھنے والے کے کام کی طرف اشارہ ہے اگر معروف بوڑھا ہے تو دوست کی طرف اور اگر جوان ہے تو ایسے دشمن کی طرف ہے جو اس کے ذمہ کوئی چیز یا قرض لاگو کریگا۔ (۳) اگر دیکھے کہ بادشاہ یا کسی عام شخص کو پچھنے لگا رہا ہے تو بلند کام کے ساتھ کامیابی حاصل ہوگی۔ (۴) اور اگر کسی جوان کو پچھنے لگا رہا ہے تو دشمن پر کامیابی حاصل کریگا کہتے ہیں کہ خواب میں پچھنے لگوانا مرض کے خاتمہ یا مال کی کمی کی دلیل ہے۔ (۵) اگر خواب میں پچھنے لگواتا ہے اور خون نہیں نکلتا تو وہ مال کسی ایسی جگہ دفن کریگا جہاں سے اسے دوبارہ مال نہیں ملے گا۔ (۶) اگر کوئی شخص خواب میں کسی حجام کو دیکھے کہ اسے پچھنے لگا رہا ہے تو منافع میں مال لگنے پر دلیل ہے اور اگر پچھنے لگواتا ہے اور خون نہیں نکلتا تو کسی ایسے آدمی کے پاس ودیعت رکھے گا جس سے دوبارہ مال حاصل نہیں ہوگا۔ (۷) اگر دیکھے کہ پچھنے لگوانے سے خون بھی نکلا ہے تو اسی سال اس کا جسم تندرست ہوجائیگا۔ (۸) اگر خون کی جگہ پتھر نکلیں تو اس کی بیوی کسی غیر سے بچہ جنے گی۔

(۹) اگر خواب میں دیکھے کہ آلۂ حجامت ٹوٹ گیا ہے تو اسکی عورت کو طلاق ہوگی بعض لوگ کہتے ہیں کہ خواب میں پچھنے لگوانا منافع حاصل کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۰) اور اگر قیدی ہو تو قید سے چھٹکارے کی دلیل ہے۔ (۱۱) اگر دیکھے کہ اسکی گردن پر پچھنے کا نشان ہے تو وہ اس کے خلاف شہادت ہے اگر دیکھے کہ وہ کسی کو پچھنے لگا رہا ہے اور حقیقت میں وہ حجام نہیں ہے تو وہ اس شخص یا بادشاہ کے شر اور ڈر سے امن میں رہے گا اور آلۂ حجامت چور اور نشتر چور کی چابیوں پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۲) اگر غنی آدمی پچھنے لگوائے تو اس کا مال کسی چٹی میں صرف ہوگا بعض لوگ کہتے ہیں کہ خواب میں پچھنے لگوانا کسی کڑوی دوائی کے ذریعے صحت یاب ہونے کی دلیل ہے جیسے آلۂ حجامت کے ذریعے درد برداشت کرنا پڑتا ہے۔ (۱۳) اگر عورت کسی عورت کو پچھنے لگائے تو ان کی آپس میں دوری ہوگی۔ (۱۴) کبھی پچھنے لگوانے سے کسی ایسے چھوٹے زخم کی طرف اشارہ ہوتا ہے جس سے خون بہتا ہو۔ (۱۵) کسی شخص کو پچھنے لگوانا اس کے شر سے مامون ہونا ہے کبھی پچھنے لگوانا حجام کے حرام کمانے یا پچھنے لگوانے والے کے حرام مال خرچ کرنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۱۶) اگر ان دونوں میں سے کوئی ایک روزہ دار ہو تو وہ روزہ توڑے گا یا ایسا کام کریگا جس سے اس کا روزہ ختم ہوجائے گا اگر پچھنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سر میں یا آنکھ میں درد کے لئے لگوا تا ہے تو دلیل ہے اس کا مرض ختم ہو گا اگر خواب میں خون آیا تو کسب حرام یا غیبت یا جس شخص کا خون پیا ہے اس پر غالب آئے گا۔ کبھی حجامت منع اور جواب کے وقت سکوت پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## حمیٰ (بخار)

(۱) خواب میں بخار ہونا ادائیگی قرض کی دلیل ہے کیونکہ یہ گناہوں کا کفارہ ہوتا ہے۔ کبھی بخار گناہوں پر ڈرانے دھمکانے کے لئے بھی ہوتا ہے۔ (۲) اگر بخار سے مراد قرض ہو تو وہ اکثر ۳۶۰ درہم ہوتا ہے اس لئے کہ ایک دن کا بخار ایک سال کا کفارہ ہے اور سال میں ۳۶۰ دن ہوتے ہیں جیسے انسانی اعضاء کے جوڑ ۳۶۰ ہیں۔ (۳) اگر گرمیوں کے موسم میں ٹھنڈا بخار ہو یا سردیوں کے موسم میں گرمی کا بخار ہو تو عمدہ لباس کی طرف اشارہ ہے۔ کبھی بخار میاں، بیوی، اولاد یا شرکاء میں بدمزگی کی دلیل بھی ہوتا ہے بخار سے وعدہ پورا کرنا بھی مراد ہوتا ہے کیونکہ یہ ہر مومن کو جہنم سے بچاتا ہے۔ (۴) اگر کوئی شخص کسی دوسرے کو بخار میں مبتلاء دیکھے تو وہ کسی ایسے کام میں لگے گا جس میں اس کے دین کے فساد کا خوف ہے۔ بخار ملک الموت کا ایلچی ہے۔ یہ اس شخص اور اللہ کے درمیان رابطہ کے پیغام کے لئے آتا ہے۔ (۵) اگر روزانہ خود کو بخار میں مبتلاء دیکھے تو وہ کسی گناہ میں مستقل گھرا ہوا ہے۔ (۶) اگر کبھی کبھی بخار ہو تو وہ ایسے گناہ میں مبتلاء ہے جس سے توبہ کرے گا اور اس پر اس کی گرفت بھی ہوگی۔ (۷) اگر دیکھے کہ چار دن بعد بخار ہوتا ہے تو وہ گناہ سے اکثر توبہ کرتا رہتا ہے۔ لیکن اس گناہ پر اس کی گرفت ہوگی۔ (۸) جوڑی کا بخار سستی کی اور تیز بخار جلدی باطل کی طرف متوجہ ہونے کی دلیل ہے۔ (۹) اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ مرض الموت میں مبتلاء ہوا اور اسی میں اس کی وفات ہوئی پھر اسے کفن پہنایا گیا تو دلیل ہے وہ کسی بڑے گناہ میں مبتلاء ہو کر اللہ کے حکم کے خلاف کرنے کی جرأت کر رہا ہے۔ یہ بخار اس کے لئے تنبیہ ہے۔ کہ وہ توبہ کر لے یہ خواب کوئی سخت گناہگار ہی دیکھ سکتا ہے۔ اگر کوئی شخص خود کو بخار میں مبتلاء دیکھے تو اس کی عمر دراز، اس کا جسم صحیح، اور اس کا مال کثیر ہو گا لوگ اس کی طمع رکھیں گے اور اس کی پناہ حاصل کریں گے۔ جوڑی کا بخار دین میں سستی پر بھی دلیل ہے کبھی بخار کی وہی تعبیر ہوتی ہے جو حمام میں داخل ہونے کی تعبیر ہے یعنی مصیبت میں مبتلاء ہونا۔

## حصبۃ (خسرہ کی بیماری)

خسرہ کی بیماری حصول مال کی دلیل ہے۔ (۱) اگر کوئی شخص خود کو خسرہ کی بیماری میں مبتلاء دیکھے تو بادشاہ سے مال حاصل کرے گا لیکن اس کی ہلاکت کا بھی خوف رہے گا۔ کبھی خسرہ کی بیماری سے زراعت میں مصیبت کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## حکّمۃ (خارش)

خواب میں خارش فقر اور طلب عیال کی دلیل ہے۔(۱) اگر دیکھے کہ کھجلانے سے خون یا پیپ نکل رہی ہے تو اس کے عیال کو اپنا مقصد حاصل ہوگا۔(۲) ورنہ تکلیف اور طلب عیال اور فقر کی زیادتی کی طرف اشارہ ہے۔(۳) اگر کوئی شخص دیکھے کہ اسکے جسم میں خارش ہو رہی ہے۔تو وہ اپنے رشتہ داروں کے حالات معلوم کرے گا۔اور ان کی وجہ سے تکلیف میں مبتلاء ہوگا۔(۴) اگر جسم کو کھجلائے اور کھجلی سے سکون نہ ہو تو کسی ایسے کام میں مبتلا ہوگا جسے پورا کرنا اس کی طاقت سے باہر ہوگا۔(۵) اور اگر کھجلی سے سکون حاصل ہوا تو غم و تکلیف سے راحت اور بھلائی نصیب ہوگی۔

## حدبہ (کبڑا پن)

(۱) جو شخص خود کو خواب میں کبڑا دیکھے تو اسے اپنے رشتہ داروں اور اولاد سے مال کثیر اور ذہانت و فطانت عطا ہوگی۔ کبڑا پن سے ایسے کام کی طرف بھی اشارہ ہوسکتا ہے جس میں شہرت ہو یا ایسے قرض کی بھی دلیل ہوسکتا ہے جسے ادا نہ کر سکے اس لئے کہ پیٹھ بوجھ اٹھانے کی جگہ ہے۔بعض حضرات کہتے ہیں کہ کبڑا پن سے مراد درازیٔ عمر یا اولاد ہے۔

## احفاء (ننگے پاؤں چلنا)

(۱) ننگے پاؤں چلنا مصیبت میں مبتلاء ہونا ہے۔(۲) اگر خواب ہی میں اپنے پاؤں سے جوتے اتار کر ننگے پاؤں چلے تو حصولِ ولایت کی دلیل ہے۔بعض حضرات کہتے ہیں کہ ننگے پاؤں چلنا غم دور ہونے یا بیوی کو طلاق یا اس کی موت کا اشارہ ہے۔(۳) اگر کوئی دیکھے کہ ننگے پاؤں سفر میں جا رہا ہے تو ایسے قرض میں مبتلاء ہوگا جو ادا نہیں ہو سکے گا۔(۴) اگر کوئی شخص دیکھے کہ ایک ہی جوتا میں چل رہا ہے تو وہ اپنے ساتھی سے جدا ہوگا۔

## حذاء النعل (موچی)

خواب میں موچی ایسا مرد ہے جو عورتوں سے زنا اور انہیں تنگ کرتا ہے۔اس لئے کہ موچی جوتے درست کرتا ہے اور خواب میں جوتا دیکھنا عورت دیکھنے کی دلیل ہے۔بعض حضرات کہتے ہیں کہ اس سے مراد دلال ہے۔

## حریر (ریشم)

(۱) اگر خواب دیکھے کہ کسی کو حریر پہنایا تو اس سے عشق کریگا۔(۲) اگر کسی کو بادشاہ سے حریر ملے تو وہ تکبر میں مبتلاء ہوگا۔(۳) اگر میت کو حریر پہنے ہوئے دیکھے تو اچھے انجام کی دلیل ہے۔زرد رنگ اور سرخ رنگ کا ریشم بیماری کی علامت ہے۔بعض حضرات کہتے ہیں کہ بیماری نہیں بلکہ جنگ میں مردوں کی زینت ہے۔اگر فقہاء حریر پہنیں تو دنیا طلبی اور لوگوں کو بدعت کی دعوت دینے کی طرف اشارہ ہے۔اور اگر غیر فقہاء حریر پہنیں تو ایسے اعمال کریں گے جن کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سبب جنت میں جائیں گے اور دنیاوی سرداری بھی حاصل ہوگی۔ حریر پہننا شریف عورت سے شادی اور حسین لونڈی سے شب باشی کرنا ہے۔

## حریری (ریشم فروش)

خواب میں ریشم کے کپڑے کو دیکھنا حصولِ مسرت کی دلیل ہے کیونکہ اس میں اتنے خوشنما رنگ ہوتے ہیں جس سے انسان فرحت حاصل کرتا ہے۔ کبھی اس کی دلالت ایسے عالم پر بھی ہوتی ہے۔ جو مشکل مسائل حل کردے اور غم اور تنگی دور کردے۔

## حائک (جولاہا)

خواب میں اس کو دیکھنا کاموں، تنگیوں، سفر اور مشکلات کی آسانی کی دلیل ہے۔ کبھی اس کا دیکھنا مریض کی موت اور اس کی تدفین کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔

## حلاوی (حلوائی، مٹھائی فروش)

خواب میں حلوائی کو دیکھنا نکاح کرنے اور عہدوں کے حصول کی طرف اشارہ ہے اگر حلوائی قیمت وصول نہ کرے تو مہربان اور نرم آدمی ہے۔ اگر قیمت وصول کرے تو وہ قول کو مال پر ترجیح دیتا ہے۔ حلوائی شیریں کلام اور اچھے اخلاق کے مالک مرد پر دلالت کرتا ہے حلوان سے مصنف علوم بھی مراد ہوتا ہے۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ اس سے مراد ایسا آدمی ہے جو لوگوں کی چغل خوری اور ان میں دشمنی کا خواہاں ہے۔

## حلوائی (مٹھائی)

(۱) خواب میں مٹھائی دیکھنا دین میں اخلاص، قیدیوں کی رہائی، مسافر کی آمد، مریض کی شفاء، کنوارے کی شادی، ہدایت توبہ، علم، قرآن، اولاد، عمدہ خدمت گار، رزق حلال، اور برکت ونعمت ہے۔ (۲) مٹھائی کا چمٹ جانا تعریف میں مبالغہ جھوٹ یا پھر اچھی بات ہے۔ (۳) مٹھائی وشہد سے تیار کرنا بسہولت حصول رزق ومنصب کی دلیل ہے۔ (۴) وہ مٹھائی جو ہاضمہ کے لئے مفید اور خوب گرم ہو بلند مرتبہ اور غم، تنگی وامراض کا دفیعہ ہے۔ (۵) ہر وہ مٹھائی جس کے کھانے سے انسان کے مرض میں زیادتی ہوتی ہو خواب میں اسکا کھانا زیادتی مرض کی دلیل ہے مگر وہ مٹھائی جو شرابوں، پھلوں کے شیروں یا عصیروں سے بنائی گئی ہو وہ امراض سے شفاء کی دلیل ہے۔ (۶) اسی طرح خراب شدہ مٹھائی جس کے کھانے سے مرض زیادہ ہو کھانا زیادتی مرض کی دلیل ہے۔ (۷) اگر کسی نے خواب میں فالودہ کھایا یا اسے کسی نے فالودہ دیا تو فالج کے مرض میں مبتلاء ہونے کا خطرہ ہے۔ (۸) حلوہ جن چار مرکبات سے تیار ہوتا ہے۔ یعنی شہد،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شکر' گھی اور کھجور' ان میں سے کسی بھی چیز کا کھانا پرمسرت' اچھی اور خطرات سے پاک زندگی گذارنے کی دلیل ہے۔ حلوہ سے رزق حلال اور شیریں کلام مراد ہے یہ مومن کے لئے حلاوت ایمان اور فاجر کے لئے حلاوت دنیا ہے۔

## حمص (چنا)

(۱) خواب میں چنا دیکھنا! مشقت کے ساتھ حصولِ مال کا اشارہ ہے۔ (۲) جس نے گرم چنا کھایا تو وہ رمضان شریف میں اپنی عورت کا بوسہ لے گا۔

## حب الرحان (انار دانہ)

خواب میں انار دانہ بسہولت حصولِ رزق کی طرف اشارہ ہے۔

## حصاد (کھیتی/فصل کاٹنا)

(۱) خواب میں کھیتی کاٹنا مشکل کی آسانی اور جلد حصول دولت کی دلیل ہے۔ کبھی اس سے مراد ہلاکت اور کبھی نصیحت بھی ہوتی ہے۔ (۲) اگر کسی شخص نے دیکھا کہ خواب میں کھیتی کاٹ رہا ہے اگر وہ کسی ایسے شہر میں ہے جہاں لڑائی ہو رہی ہے یا جلاد اور لشکری ٹھہرے ہوئے ہیں تو درانتی سے کھیتی کاٹنے کی بمقدار لوگوں کے سر کٹیں گے۔ (۳) اگر وہ کسی ایسی جگہ ہے جہاں لڑائی کا نام ونشان بھی نہیں اور وہ کھیتی مختلف محلوں اور گھروں میں ہے تو وباء اور طاعون کا خطرہ ہے۔ (۴) اگر کھیتی بازاروں میں ہے تو نفع کثیر مراد ہے اور لوگ چیزوں کو بھاری منافع لے کر فروخت کریں گے۔ (۵) اگر دیکھا کہ کھیتی مسجد میں یا کسی اور اچھی جگہ ہے اور علاقہ ہی کے لوگ کھیتی کاٹ رہے ہیں نہ کہ اجنبی تو وہ نیکیاں اور اجر ہے۔ ہر آدمی کاٹنے کی بمقدار انہیں حاصل کر رہا ہے۔ (۶) اگر کھیتی کاٹنے والے کاشتکار ہوں۔ (۶) اگر کھیتی کو مکمل پکنے کے بعد کاٹیں تو کھیتی میں مصیبت یا اناج کا خاتمہ مراد ہے۔ کھیتی اجر وثواب ہے جو کاٹنے والے کو حاصل ہوتا ہے۔ بے وقت کھیتی کاٹنا موت اور قتال کی دلیل ہے۔ اگر بے وقت ہری بھری کھیتی کاٹے تو یہ جوان کی مرگ ہے۔ (۷) اگر کھیتی سفید ہو تو بوڑھوں کی موت ہے۔ (۸) جو کٹی کھیتی میں چلا وہ مجاہدین کی صفوں میں چلے گا۔

## حرش (خراش لگنا)

(۱) خواب میں خراش لگنا مشقت سے روزی کمانا ہے بعض حضرات کہتے ہیں کہ خراش سے ایسے آدمی کی طرف اشارہ ہے جس کا باطن ظاہر سے بہتر ہے۔

## حنظل (ایلوا)

(۱) خواب میں ایلوا حزن وغم پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) اور اس کا درخت بزدل بے دین اور دھوکہ باز مرد کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## حناء (مہندی)

خواب میں مہندی دیکھنا اپنے کام کی تیاری ہے۔مہندی کا خواب میں دیکھنا اپنے مال وعیال میں زینت دیکھنا ہے۔

## حلفاء (بوٹی/گھاس)

خواب میں حلفاء گھاس دیکھنا ہم نام کے لئے خیر ومنفعت ہے۔مریض اگر اسے خواب میں دیکھے تو اس کی موت کی دلیل ہے۔

## حرمل (اسپند)

حرمل کو خواب میں دیکھنا ایسے مال کو دیکھنا ہے جس سے فاسد مال صالح بن جائے۔

## حبۃ خضراء (میتھی)

مشقت اور تکلیف کے ساتھ تنگی کی دلیل ہے۔

## حبۃ السوداء (کلونجی)

خواب میں اسکا دیکھنا جسمانی صحت وعافیت کی دلیل ہے۔

## حسک (کانٹے دار پودا)

خواب میں اسے دیکھنا منافقت اور چغلخوری کی دلیل ہے۔

## حماض (ترش اور کڑوی گھاس)

خواب میں اسے دیکھنا بیماریوں سے شفاء کی دلیل ہے۔کبھی منافقت اور ریاء کاری کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔کیونکہ یہ گھاس ابتداءً صحیح اور آخر میں ترش ہوتی ہے۔

## حطاب (لکڑہارا)

(۱) خواب میں لکڑہارے کو دیکھنا میراث تقسیم کرنے والے کو دیکھنا ہے۔کیونکہ لکڑہارا بھی درختوں کی فوت شدہ شاخوں میں تصرف کرتا ہے۔کبھی اس سے فوائد ومنافع کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے خصوصاً سردیوں کے موسم میں۔گاہے نقل کلام' بوجھ اور گناہ بھی اس سے مراد ہوتے ہیں۔خواب میں لکڑھارا چغل خوروں کے سردار اور بہت بڑے باتونی ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## حصاد (کھیتی کاٹنے والے)

(۱) خواب میں کھیتی کا دیکھنا فتنوں کو دیکھنا ہے۔ اگر دیکھے کہ کاٹنے والے سبز کھیتی میں اترے ہیں تو اس جگہ کوئی مصیبت آئے گی۔ (۲) اگر دیکھے کہ بے وقت کھیتی کاٹ رہے ہیں تو اس جگہ دشمن کے حملے کی طرف اشارہ ہے۔ (۳) ورنہ اس جگہ بے برکتی اور تقلیل جنس ہوگی۔

## حشاش (گھاس کاٹنے والا)

خواب میں اس کو دیکھنا غموں اور تنگی کے خاتمہ کی دلیل ہے۔ کبھی اس سے مراد سپاہی یا عشر وصول کرنے والا بھی ہوتا ہے۔

## حزام (بوجھ باندھنے والا)

(۱) خواب میں اسے دیکھنا سفر، مال، ذخیرہ اندوزی، مال جمع کرنے اور بخل کی دلیل ہے۔ کبھی طالب علم کے لئے جدوجہد کی طرف اشارہ بھی مقصود ہوتا ہے۔

## حلاب (دودھ دوہنے والا)

(۱) خواب میں اسے دیکھنا رزق، فوائد، حسن سیاست اور نرمی گفتاری کی دلیل ہے۔ گائے کا دودھ دوہنے والا پہاڑوں پر مزدور رکھنے والا مرد ہے۔ (۲) دیگر جانوروں کا دودھ دوہنے والا صالح مرد ہے۔

## حنائی (مہندی والا)

خواب میں مہندی والے کو دیکھنا رنگریز اور نافع ادویات ساز کی دلیل ہے۔ خواب میں اسے دیکھنا مسرت، شادمانی، اور خوشخبری ہے۔

## حبار (داغ/نشانِ زخم)

خواب میں داغ دیکھنا بلندی، رفعت منصب، ضروریات کے پورا ہونے، علم اور تبحر پر دلالت کرتا ہے۔

## حصیر (چٹائی)

خواب میں چٹائی دیکھنا خادم یا بادشاہ کی مجلس دیکھنا ہے۔ اگر کوئی شخص خود کو چٹائی پر بیٹھا دیکھے تو ایسے مشکل کام میں مبتلاء ہوگا جس کے سبب اسے ندامت اٹھانی پڑے گی۔ اگر کوئی شخص خود کو چٹائی میں لپٹا دیکھے تو اسے تنگی یا پیشاب میں رکاوٹ پیش آئے گی۔ کبھی چٹائی سے مراد بستر بھی ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## حصری (چٹائی بننے والا)

خواب میں اسے دیکھنا بیداری میں قالین باف کو دیکھنے کی دلیل ہے۔ نیز اس سے مراد وہ عاقد بھی ہوتا ہے جس سے نکاح مکمل ہوتا ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت نقشہ نویس اور انجنیئر پر بھی ہوتی ہے۔

## حجار (پتھر توڑنے والا)

(۱) خواب میں اسے دیکھنا اکابر کے قرب کی دلیل ہے۔ کبھی اس سے جھگڑے، گالی گلوچ، ساتھیوں سے جدائی کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ پتھر توڑنے والا ایسے مرد پر دلالت کرتا ہے جو لوگوں کے دلوں کی بیماریوں اور اکابرین سے واقفیت رکھتا ہو۔

## حکاک الفصوص والجواھر (ہیرے اور موتی تراشنے والا)

(۱) خواب میں اسے دیکھنا دورِ جاہلیت کے آداب سکھانے والے آدمی کو دیکھنا ہے۔ نیز اس سے مراد علم و حکمت سے لوگوں کے مقاصد کو جاننا بھی ہوتا ہے۔ (۲) کبھی اس سے مراد شرور جھگڑے اور اسفار بھی ہوتے ہیں۔ (۳) نگینے تراشنے والا ایسا آدمی ہے جو لوگوں سے روکھے منہ بات کرتا ہے۔

## حلاج القطن (روئی دھننے والا)

خواب میں اسے دیکھنا ایسے عالم یا حاکم کا دیکھنا ہے جس کے ہاتھوں معاملات انجام پاتے ہوں بعض اوقات ایسے نقاد پر بھی دلالت کرتا ہے جو ردی سے عمدہ کی تمیز کرے۔ بسا اوقات اس سے مراد کثیر نکاح اور کثیر مال والا ہوتا ہے۔

## حاوی (جوگی)

جوگی سانپ پالنے والے کو کہتے ہیں۔ (۱) خواب میں جوگی کو دیکھنا اہل شر کے ساتھ زندگی گذارے اور دشمنوں کی مدارات کی طرف اشارہ ہے۔ (۲) اگر دیکھے کہ جوگی کے پاس سانپ ہے اور خواب دیکھنے والا مریض ہے تو درازی عمر کی دلیل ہے۔ (۳) اگر دیکھے کہ جوگی کے پاس سانپ نہیں بلکہ ریشم کے کپڑے ہیں تو صاحبِ خواب اگر گناہ گار ہے تو توبہ کی دولت نصیب ہوگی اگر فقیر ہے تو غنی ہوگا۔ اور ردی صنعت سے عمدہ صنعت حاصل کرے گا۔ کبھی اس سے مراد ایسی صنعت ہوتی ہے جو نقصان دہ بھی ہوسکتی ہے۔ جیسے کنواں کھودنا۔ تلواریں اور چھریاں بیچنا۔ کبھی اس سے لونڈیاں بیچنے والے یا سلاطینِ عجم کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ نیز کبھی اس سے خناق، جذام اور آنتوں کے سمٹنے کا مرض بھی مراد ہوتا ہے۔ جوگی زندگی میں ترقی کرنے والا دھوکہ باز مرد ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## حمار (گدھا فروش)

خواب میں خرکار دیکھنا با اختیار آدمی دیکھنا ہے نیز سواری اور سفر کے ذریعے حصول معیشت کا اشارہ ہے۔ کبھی اسے دیکھنے سے مشکلات کی آسانی بھی مراد ہوتی ہے۔

## حمار (گدھا)

(۱) خواب میں گدھا دیکھنا غلام لڑکا یا بیوی دیکھنا ہے کبھی اس سے مراد سفر اور علم بھی ہوتا ہے جیسے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ﴿ كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ أَسْفَارًا ﴾. (۲) جس آدمی سے گدھے نے وہ سلوک کیا جنکی بیداری میں توقع نہیں اور خواب دیکھنے والے کے دل میں خشیت الٰہی بھی ہے تو اس کی عبادات میں سستی کا اشارہ ہے۔ حضرت ذوالنون مصریؒ فرماتے ہیں کہ میں اللہ تعالیٰ کی جو نافرمانی کرتا ہوں تو اس کا اثر اپنے گدھے اور خادموں میں بھی نظر آتا ہے۔ (۳) اگر کسی ایسی سواری پر سواری کی جو اس کے شایان شان نہیں تو خود کو یا دوسرے کو ایسے کام میں لگائے گا جو اس کے مناسب حال نہیں ہوگا۔ گاہے گدھے سے مراد معیشت اور کبھی گدھے سے مراد عالم بے عمل یا یہودی بھی ہوتا ہے۔ گدھے سے مراد وہ چیز بھی ہوسکتی ہے جس پر انسان چلتا ہو۔ جیسے فرش اور جوتا وغیرہ۔ خواب میں گدھا اور خچر مال ہیں ان کی سواری مال واولاد سے زینت کا حصول ہے۔ کبھی گدھے سے مراد ایسی بیوی بھی ہوتی ہے جو بہت زیادہ مال ونسل والی اور فائدہ مند ہو۔ (۴) گدھے اور خچر کی آواز شر اور سختی کی دلیل ہے۔ کبھی ولد الزنا اور جنات کی طرف سے لاحق ہونے والی مصیبت پر بھی دلالت کرتی ہے کیونکہ وہ شیطان کو دیکھ کر آواز نکالتا ہے۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ اس کی آواز تاریکیوں کی دعاء ہے۔ خواب میں گدھا انسانی کاوش کی علامت ہے۔ (۵) چنانچہ اگر گدھا موٹا ہو تو کاوش صحیح ہوگی اور اگر گدھا کمزور ہو تو کاوش بھی کمزور ہوگی۔ (۶) خواب میں بڑا گدھا دیکھنا بلندی کی۔ (۷) اچھا چلنے والا دنیاوی فوائد کی بھی دلیل ہے۔ (۸) خواب میں اگر گدھا خوبصورت ہو تو صاحب خواب کے جمال کی طرف اشارہ ہے۔ (۹) اگر سفید ہو تو صاحب خواب کی زینت کی علامت ہے۔ (۱۰) اگر کمزور ہو تو اس کے سرور وسرداری، مملکت، شرافت اور ہیبت کی علامت ہے۔ (۱۱) اگر سبز ہو تو دینی تقویٰ کی دلیل ہے۔ علامہ ابن سیرینؒ تمام سواریوں پر گدھے کو تعبیر کے اعتبار سے فضیلت دیتے تھے اور سیاہ گدھے کو زیادہ پسند فرماتے تھے۔ (۱۲) زین والا گدھا بیٹے کی عزت ہے۔ (۱۳) لمبی دم والا صاحب خواب کی موت کے بعد اس کی دولت کا بقاء ہے۔ (۱۴) گدھے کے کھر اس کی اصل پونجی کی دلیل ہے۔ (۱۵) گدھے کا مرنا مال اور بہادری کے خاتمے اور مکان کے گرنے، غلام، باپ، دادا، یا سردار کے مرنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۶) اگر خواب دیکھنے والی عورت ہو تو اس کا خاوند یا اسے طلاق دے گا یا فوت ہو جائیگا یا اس جگہ سے ہجرت کر کے کہیں دور جائے گا۔ (۱۷) غیر معروف گدھا جھگڑالو اور جاہل یا کافر کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گدھے کا جامع مسجد میں ہنہنانا یا اذان دینے کی جگہ ہنہنانا کافر کے کفر کی یا بدعتی کے بدعت کی طرف دعوت دینے کی علامت ہے۔ (۱۸) اگر گدھے نے اسلام والی اذان دی تو دلیل ہے کافر مسلمان بنکر حق کی دعوت دے گا لیکن اس میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے خاص عبرت اور نشانی ہوگی۔ (۱۹) اگر کوئی شخص اپنے ملک میں گدھے دیکھے تو اس کا واسطہ جاہل قوم سے پڑے گا۔ (۲۰) اگر کوئی شخص خواب میں گدھے پر سوار ہوا اور گدھا مناسب چال سے چلایا۔ اچھے انداز سے چلا تو اس کی کوشش کامیاب ہوگی۔ (۲۱) اگر دیکھے کہ خواب میں گدھے کا گوشت کھاتا ہے تو حصولِ مال کا اشارہ ہے۔ (۲۲) اگر دیکھے کہ گدھا مال کے بغیر نہیں چلتا تو اسے دعاء کے ذریعے رزق حاصل ہوگا۔ (۲۳) اگر گدھا کسی دولت مند کے گھر داخل ہوا تو اسے اپنی کسی خوبی کی بناء پر مال حاصل ہوگا۔ (۲۴) اگر دیکھے کہ گدھا خچر بن گیا ہے تو اس کی معیشت سفر سے حاصل ہوگی۔ (۲۵) اور اگر گدھا گھوڑا بن گیا تو اسے اسکی معیشت بادشاہ کے ذریعے ملے گی۔ (۲۶) اور اگر دیکھے کہ گدھا درندہ بن گیا ہے تو اس کی معیشت ظالم بادشاہ سے متعلق ہے۔ (۲۷) اگر دیکھا کہ اس کا گدھا مینڈھا بن گیا ہے تو اسے شرافت کے ساتھ معیشت حاصل ہوگی۔ (۲۸) اگر کوئی شخص خواب میں گدھے پر وزن لادے تو اللہ تعالیٰ اسے اتنی قوت عطاء فرمائیں گے کہ وہ خود حیران رہ جائیگا۔ (۲۹) اگر کوئی خواب میں گدھے کی لید جمع کرے تو زیادتی مال کی دلیل ہے۔ (۳۰) گدھے پر حملہ کرنا رشتہ داروں سے بغض رکھنا ہے۔ (۳۱) مسافر کا گدھے کو دیکھنا آہستہ آہستہ مال ملنا ہے۔ اور گدھے کی حالت کے مطابق اسے سفر میں حالات پیش آئیں گے۔ (۳۲) خواب میں گدھے سے شادی کرنا کوشش میں بارآوری کی دلیل ہے۔ (۳۳) اگر کسی شخص سے گدھا نکاح کرے تو اسے مال و جمال حاصل ہوگا۔ (۳۴) مطیع گدھا مال و دولت کی کوشش میں کامیابی ہے۔ (۳۵) جو آدمی گدھے کا مالک ہوا یا اسے اپنے گھر میں لے گیا تو اللہ تعالیٰ اسے ہر قسم کی بھلائی اور ہر قسم کے غم سے نجات عطا فرمائیں گے۔

(۳۶) اگر خواب دیکھنے والا مال دار ہے تو اسے فضیلت حاصل ہوگی۔ (۳۷) خواب میں گدھے سے گرنا فقر ہے۔ (۳۸) اگر گدھا کسی دوسرے شخص کا ہو تو مذکورہ خواب اس سے قطع تعلق کا اشارہ ہے۔ (۳۹) اگر خواب میں اندھا گدھا خریدا تو اسے ایسی جگہ سے مال ملے گا جس جگہ کا اسے علم نہیں۔ (۴۰) خواب میں صرف گدھے کی آواز سننا برا ہے خواب میں گدھا دراصل انسانی کدو کاوش ہے۔ (۴۱) خواب میں گدھی دیکھنا خادم دیکھنے کی علامت ہے۔ یا عورتوں کی تجارت' نفع یا بیوی کی طرف اشارہ ہے۔ (۴۲) اگر دیکھے کہ گدھی حاملہ ہوئی تو دلیل ہے اس کی بیوی یا لونڈی یا خادمہ حاملہ ہوگی۔ (۴۳) اگر خواب میں گدھی نے اپنی جنس کے علاوہ کسی دوسری جنس کا بچہ جنا تو اشارہ ہے اس کے گھر زنا سے بیٹا پیدا ہوگا الا یہ کہ اسے بچہ کے اپنے ہی سے پیدا ہونے کا قوی یقین ہو۔ (۴۴) خواب میں گدھی کا دودھ پینا ہلکے مرض کے بعد شفاء یاب ہونے کی دلیل ہے۔ (۴۵) خواب میں گدھی کا بچہ جننا معاش کے دروازے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کھلنے کی دلیل ہے۔(۴۶) اگر بچہ مذکر جنا تو اس کے ہاں مذکر اولاد ہوگی۔(۴۷) اگر بچی (مؤنث) جنی' اللہ تعالیٰ اسے بُردباری عطاء فرمائیں گے۔(۴۸) جو بے اولاد گدھی پر سوار ہوا بے اولاد عورت سے شادی کرے گا۔ (۴۹) اگر اولاد دار گدھی پر سوار ہوا تو اولاد دار عورت سے شادی کرے گا۔(۵۰) اگر خود کو سرکش گدھا پکڑتے دیکھا تو بیٹے کی طرف سے تکلیف پہنچنے کی دلیل ہے۔(۵۱) اگر گدھا سرکش نہ ہو تو اسے سست رفتاری سے مال حاصل ہوگا بعض حضرات کہتے ہیں کہ خواب میں گدھا دیکھنا زیادتی مال اور نقصان جاہ کی دلیل ہے۔(۵۲) گدھے پر سواری کرنا یا سواری سے ڈرنا ایسی چیز کا حصول ہے جو ابھی تک اسے حاصل نہیں ہوئی۔(۵۳) اگر فقیہ خود کو گدھے پر سوار دیکھے یا خود پر سبز رنگ کی مشائخ والی چادر دیکھے تو اسے بڑائی حاصل ہوگی لیکن درس میں سستی کی دلیل ہے۔(۵۴) کمزور گدھا ایسا مال ہے جو بڑھ جائے گا۔(۵۵) موٹا گدھا ایسا مال ہے جو ختم ہو جائے گا۔(۵۶) گدھی وہ مال ہے جو کھیتی سے حاصل ہو۔گدھی دیکھنا ایسی عورت سے شادی کرنا ہے جس کی اولاد نہ ہوا گر کوئی خود کو گدھے کے بچہ پر سوار دیکھے تو اسے بیوی یا بیٹے کی طرف سے غم حاصل ہوگا۔(۵۷) کبھی گدھے کی موت یا اس کا کمزور ہونا یا گدھے سے اترنا یا اسے بیچنا فقر کی دلیل ہے۔(۵۸) جو اپنے گدھے کو گوشت کھانے کے لئے ذبح کرے تو اسے تنگی کے بعد رزق حاصل ہوگا۔(۶۰) اگر اور مقصد کے لئے ذبح کرے تو فساد معاش کی دلیل ہے۔(۶۱) گدھے کی بہت زیادہ دُم دیکھنا وسعت مالی کی دلیل ہے۔ (۶۲) گدھے کا مالک بننا کثرتِ مال و سعادت کی دلیل ہے۔(۶۳) جنگلی گدھا معصیت و نافرمانی کی دلیل ہے۔(۶۴) جو جنگلی گدھے پر سوار ہوا یا اس کی پیٹھ سے گر پڑا تو اسے معصیت سے ڈرنا چاہیے کہ کہیں پکڑ نہ ہو جائے۔(۶۵) جنگلی گدھے کا مانوس ہونا خیریت کی علامت ہے۔(۶۶) اگر گدھے کو کانا یا کمزور بینائی والا دیکھا تو معیشت میں نقص کی دلیل ہے۔(۶۷) اگر خود کو دیکھے کہ گدھا بن گیا ہے تو ایسی مصیبت پہنچنے کا اشارہ ہے جس سے عقل فاسد ہوگی اور اچھے کاموں میں کمی واقع ہوگی۔

(۶۸) اگر دیکھے کہ گدھا آسمان سے اترا ہے تو اسے اتنا مال حاصل ہوگا کہ وہ ہر ایک سے بے پرواہ ہو جائے گا بالخصوص اگر یہ خواب بادشاہ دیکھے۔(۶۹) جنگلی گدھا ظالم اور سخت دل بیوی اور بیٹے کی علامت ہے۔یا پھر جنگلی لوگوں کی طرف اشارہ ہے۔(۷۰) اسی طرح جنگلی گائے اولاد پر زیادہ شفقت کی علامت ہوتی ہے۔(۷۱) اگر دیکھے کہ جنگلی گدھا مطیع نہیں بلکہ سرکشی کر رہا ہے تو بہت زیادہ نافرمانی اور خوف وغم کا اشارہ ہے۔(۷۲) اگر جنگلی گدھا گھر میں داخل ہوا تو اس کے پاس ایسا آدمی آئے گا جس کا دین درست نہ ہوگا۔(۷۳) اگر جنگلی گدھے کو اپنے گھر میں داخل کیا اور دل میں اسے شکار کر کے کھانے کا ارادہ ہو تو اس کے گھر میں مال غنیمت داخل ہوگا۔(۷۴) جنگلی گدھے پر سوار ہونا حق سے اعراض کر کے باطل کی طرف لگنا اور جماعت المسلمین سے علیحدگی کی دلیل ہے۔ (۷۵) اگر دور سے جنگلی گدھا دیکھے تو اسے ختم ہونے والا مال حاصل ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## کبوتر (کبوتر)

(۱) خواب میں کبوتر کی تعبیر امانت دار' پیغام رساں' سچا دوست' ساتھی اور غم خوار ہے۔ کبھی اس سے پاک دامن' راز دار بال بچوں کی جانفشانی سے تربیت کرنے والی بیوی مراد ہوتی ہے۔ گاہے اس کی دلالت اہل وعیال والی عورت پر اور کبھی کثیر نسل مرد پر ہوتی ہے جو اپنے گھر ہی میں مگن رہتا ہو۔ (۲) کبھی کبوتر کی دلالت موت پر نوحہ کرنے والیوں پر بھی ہوتی ہے۔ (۳) پالتو کبوتری خوبصورت عربی عورت ہے۔ اس کے انڈے لڑکیاں اس کے پر لڑکے ہیں۔ اگر کوئی شخص کسی کی کبوتری دیکھے تو وہ زانی مرد ہے اگر کوئی شخص کبوتریوں کو دانے کی طرف بلائے تو وہ عورتوں کو برائی میں لگائے گا کبوتری کا غٹرغوں مرد کے عورت پر ظلم کا اشارہ ہے۔ (۴) سفید کبوتر دین۔ (۵) سبز کبوتر تقویٰ۔ (۶) سیاہ کبوتر برائی۔ (۷) سفید اور کالی ڈبیوں والے کبوتر زیادہ میل جول رکھنے والے آدمی ہیں۔ (۸) اگر کبوتری اس کے پاس سے اڑی اور واپس نہیں آئی تو دلیل ہے وہ اپنی عورت کو طلاق دے گا یا اس کی وفات ہوگی۔ (۹) اگر دیکھے کہ اس کی بہت سی کبوتریاں ہیں تو اس کی بہت سی بیویاں اور لونڈیاں ہونگی جنہیں وہ نان نفقہ نہیں دے گا۔ (۱۰) اگر کبوتری کے پر کاٹے تو وہ اپنی بیوی کو گھر سے نہ نکلنے کی قسم دے گا۔ یا بیوی سے اس کا بچہ پیدا ہوگا۔ (۱۱) خواب میں کبوتری عربی لونڈی پر دلالت کرتا ہے۔ امام ابن سیرینؒ فرماتے ہیں کہ کبوتری دور سے آنے والی خبر کی دلیل ہے۔ یا محبوبہ ہے خواہ آزاد ہو یا لونڈی۔ (۱۲) کبوتروں کی جماعت ریاست ہے جو دیکھنے والے کو ملے گی اگر وہ انکا مالک بنا ہو۔ (۱۳) اگر کوئی شخص خواب میں کبوتری ذبح کرے تو اپنی باکرہ لونڈی سے جدا ہوگا۔ (۱۴) اکیلی کبوتری لونڈی سے پیدا ہونے والے لڑکے کی دلیل ہے۔ (۱۵) خواب میں کبوتری کا گوشت کھانا خادموں کا مال کھانا یا دلال بننا ہے۔ (۱۶) کبوتروں کو اپنے چوزوں کے ساتھ دیکھنا باندیوں کو انکی اولاد کے ساتھ مقید کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۷) اگر کوئی خواب میں بہت سے کبوتر شکار کرے تو اسے معزز لوگوں سے مال حاصل ہوگا۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ کبوتر کو دیکھنے والا اللہ تعالیٰ سے جو دعاء کرے گا قبول ہوگی۔ (۱۸) اگر گھر میں کبوتری دیکھے اور خواب دیکھنے والا غیر شادی شدہ ہے تو خوبصورت محبت کرنے والی عورت سے شادی کرے گا۔ اور گھر کی بڑی (عورت) اس کی بیوی کے موافق ہوگی۔

(۱۹) اگر دیکھے کہ کبوتری نے اس پر چھلانگ لگائی یا اسے لے کر اُڑی تو اسے مسرت' مال و دولت اور نعمت حاصل ہوگی۔ (۲۰) جو آدمی خواب میں کبوتری بن جائے تو اشارہ ہے وہ دشمن کا مال کھائے گا کبھی کبوتری سے مراد آنے والا خط یا خبر ہوتی ہے اس لئے کہ کبوتر خط لے جاتے تھے۔ (۲۱) اگر کوئی شخص تنگی میں یا اپنے کسی عزیز کے غائب ہونے کی حالت میں کبوتری دیکھے تو یہ اس کے لئے خوشخبری ہے الا یہ کہ خواب دیکھنے والا مریض ہو۔ (۲۲) اگر کبوتری مریض پر گرے کیونکہ اس صورت میں اس کی دلالت اس کی موت پر ہوگی بالخصوص اگر کبوتری یمامہ کی ہو اور خواب میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس کے سر کے قریب روئے کبھی کبوتری سے مراد بیٹی ہوتی ہے' تعبیر کے لحاظ سے سبز کبوتر افضل ہے۔(۲۳) اگر کوئی شخص کبوتری کی آنکھ میں عیب دیکھے تو اس کی بیوی کے دین یا اخلاق میں عیب ہے۔(۲۴) اگر کوئی شخص کبوتری پر تیر اندازی کرے تو وہ ایسا ہے اپنی عورت پر تہمت لگائے گا یا قطع کلامی کرے گا۔(۲۵) اگر کسی کو کبوتری سے انڈے حاصل ہوئے تو اسے اپنی بیوی سے مال یا بیٹیاں حاصل ہونگی۔(۲۶) اگر کوئی شخص خواب میں پالتو کبوتروں کا شکار کرے تو عورتوں سے حرام کاری کرے گا۔(۲۷) کبوتری یا کسی دیگر پرندے کو قید کرنا اپنی بیوی کو کچھ سکھانا اور اس کی تلقین کرنا ہے۔(۲۸) اگر کسی نے کبوتری کو اپنے سر' کندھے پر یا گردن سے لپٹا دیکھا تو ایسے عمل کی دلیل ہے جو اس کے اور اللہ کے مابین ہے۔(۲۹) اگر پرندہ سیاہ بدصورت ہو تو برے عمل اور فساد دین کا خطرہ ہے۔(۳۰) اگر سفید خوبصورت ہو تو حسن عمل اور صلاح دین کی دلیل ہے۔ اگر کسی نے کبوتر کو زخمی کیا یا اس کا گوشت حاصل کیا تو اسے بہت سے مال و دراہم حاصل ہونگے۔

## حداۃ • (چیل)

(۱) خواب میں چیل دیکھنا متواضع' ظالم' قادر' اور سخت تکلیف دینے والا بادشاہ ہے اس لئے کہ چیل میں بہت سی صلاحیتیں ہیں۔ زمین کے بالکل قریب نیچی پرواز کرتی ہے اور کبھی شکار کرنے میں خطاء نہیں کرتی۔(۲) جو آدمی چیل کا مالک بنا اور اس کے ذریعے شکار کرتا ہے تو اسے مال و مملکت حاصل ہو گی۔(۳) خواب میں چیل سے بہت کم حاصل کرنا بھی بیداری میں بہت زیادہ حاصل کرنا ہے۔(۴) اگر دیکھے کہ جنگلی چیل کو پکڑا ہے لیکن اس سے شکار نہیں کرتا اور نہ ہی چیل اس کے مطیع ہے اور اس کے بازو پر بیٹھی ہے تو دلیل ہے اس کے گھر ایک ایسا لڑکا پیدا ہو گا جو سن بلوغ کو پہنچنے سے پہلے ہی بادشاہ بن جائیگا۔(۵) اگر دیکھے کہ چیل اس حالت میں اڑ گئی تو اس کے گھر مردہ لڑکا پیدا ہو گا۔ یا بچپن ہی میں فوت ہو جائیگا چیل کے پر اولاد پر دلالت کرتے ہیں ایک چیل خیانت والی بے شرم بے پردہ عورت پر دلالت کرتی ہے۔ چیل ان چوروں پر بھی دلالت کرتی ہے جو چوری کرتے اور ڈاکہ ڈالتے ہوں نیز اس کی دلالت دھوکہ بازوں اور مکاروں پر بھی ہوتی ہے کبھی اس سے مراد لڑائی اور قتال ہوتا ہے۔ چیل سے باعزت آدمی یا زانیہ عورت کی طرف اشارہ بھی مقصود ہوتا ہے۔ چیلوں کا جمگھٹا ان لوگوں کی دلیل ہے جن سے ان کے کفر و شرک کے سبب قتال جائز ہے۔

## حباری (سرخاب)

خواب میں سرخاب سخی معقول آمدن و خرچ والا' بہت زیادہ کھانے پینے والا ایسا آدمی ہے جو کھانے میں دن رات کمی نہ کرے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## حجلة (چکور)

خواب میں چکور محبت نہ کرنے والی حسین عورت ہے۔ (۱) اسے پکڑنا حسین عورت سے شادی کرنا ہے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ چکور کا گوشت لباس ہے۔ (۲) جس شخص کو مذکر چکور ملا تو اس کے گھر بہت زیادہ محبت والا مبارک لڑکا پیدا ہوگا جس کے سبب اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں گی۔ (۳) اگر مونث چکور ملے تو اسے بے وفا خوبصورت عورت ملے گی۔ (۴) اگر اس کی بیوی حاملہ تھی تو اس کے گھر نافرمان لڑکی پیدا ہوگی۔ خواب میں چکور کو ذبح کرنا لونڈی سے جدا ہونا ہے چکور کو قید کرنا بیوی کو باتیں سکھانا ہے۔ بہت سے چکور عورتوں پر دلالت کرتے ہیں۔

## حرباء (گرگٹ)

خواب میں گرگٹ دیکھنا بادشاہ کے ایسے وزیر کو دیکھنا ہے جو دن رات بادشاہ کے ساتھ چپکا رہتا ہو۔ اس سے مراد ایسا لڑکا بھی ہوتا ہے۔ جو لوگوں کو لڑائی پر ابھارتا رہتا ہو۔ گرگٹ پُرعزم مرد پر بھی دلالت کرتا ہے جو بڑوں کی خدمت میں لگا رہتا ہو۔ گرگٹ سے دین میں فتنہ یا مجوسی عورت کی طرف بھی اشارہ مقصود ہوتا ہے کیونکہ سورج طلوع ہوتے ہی یہ ظاہر ہوتا ہے۔ اور سورج کے چھپتے ہی چھپ جاتا ہے۔ نیز گرگٹ میت پر رونے کی بھی دلیل ہے۔

## حرزون/نرگوہ (گرگٹ کے مشابہ جانور)

خواب میں نرگوہ دیکھنا کمینے لوگوں سے چھٹکارا پانا ہے کبھی نرگوہ طمع، شر، مزاج اور اخلاق کے اختلاف پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## حلزون (آبی جانور)

خواب میں حلزون کو دیکھنا ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا ہے۔

## حیة (سانپ)

خواب میں سانپ دشمن، دولت، خزانہ، بیوی یا اولاد ہے۔ (۱) اگر خواب میں انسان سانپ سے نہ ڈرے تو دولت وقوت ملنے کی دلیل ہے۔ خواب میں سانپ مالدار دشمن پر دلالت کرتا ہے۔ کیونکہ زہر خواب میں مال ہوتا ہے۔ (۲) اگر سانپ پکڑے تو اسے دشمن سے امن کے ساتھ مال ملے گا۔ (۳) سانپ کو قتل کرنا دشمن پر کامیاب ہونا ہے۔ (۴) اگر سانپ کا خون اس کے ہاتھ پر گرا تو دشمن مرے گا اور اسے اس کی دولت حاصل ہوگی۔ (۵) اگر سانپ نے ڈس لیا تو دشمن سے تکلیف پہنچے گی۔ (۶) اگر سانپ کو جلائے تو بادشاہ اپنے دشمنوں پر فتح پائے گا اور اپنے دشمنوں کو قتل کرے گا۔ (۷) سانپ کا اُڑنا سفر کی دلیل ہے۔ (۸) اگر دیکھے کہ سانپوں کو بازاروں میں قتل کیا جارہا ہے تو لڑائی اور اس جگہ کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دشمنوں کی فتح کی دلیل ہے۔(۹) اگر بادشاہ سانپوں کا شکار کرے تو دشمنوں کو دھوکہ دے کر ان پر فتح حاصل کرے گا۔ سانپ ظلم کرنے والا دل میں دشمنی رکھنے والا بدصورت شاہی آدمی ہے۔(۱۰) کالا سانپ بڑے دھوکہ باز شخص پر دلالت کرتا ہے۔(۱۱) جبکہ سفید سانپ دشمن کی کمزوری کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۲) اگر دیکھے کہ اس سے سانپ نرمی سے باتیں کر رہا ہے تو اشارہ ہے کہ دشمن سے بھلائی حاصل کرے گا۔ اور لوگ اس پر حیران رہ جائینگے۔(۱۳) اگر سانپ نے ڈرانے اور دھمکانے کے انداز میں بات کی تو دلیل ہے دشمن بغاوت کرے گا۔ الّا یہ کہ سانپ ڈس بھی لے' کیونکہ اس صورت میں ڈسنے کی تعبیر بیان کی جائیگی۔(۱۴) اگر دیکھے کہ سانپ بل سے نکل رہا ہے اور دوبارہ بل میں گھس رہا ہے یہ تو اشارہ ہے کہ کوئی جن اسے تکلیف پہنچانے کی فکر میں ہے۔(۱۵) اگر دیکھے کہ سانپ سے لڑتا ہے تو قوی دشمن سے لڑے گا۔ خواب میں جو کامیاب ہوا بیداری میں بھی وہی کامیاب ہوگا۔(۱۶) اگر سانپ ڈسنے میں کامیاب ہوگیا تو صاحب خواب ایسی مصیبت میں گرفتار ہوگا جس سے چھٹکارا مشکل ہو۔(۱۷) اگر سانپ کو اپنے بستر پر قتل کرے تو دلیل ہے کہ بیوی فوت ہوگی۔(۱۸) اگر خواب میں سانپ اپنی گردن میں پڑا دیکھے اور اس کے تین ٹکڑے کر دے تو اپنی بیوی کو تین طلاق دے گا۔(۱۹) اگر سانپ کے دو ٹکڑے کئے تو دشمن سے نصف حصہ وصول کرے گا۔(۲۰) اگر خواب میں سانپ کے دونوں ٹکڑے حاصل کئے تو کسی ایسے آدمی سے فائدہ اُٹھائے گا جو نوکر چاکر اور بہت سی اولاد والا ہوگا۔(۲۱) کبھی سانپ کے تین ٹکڑے کرنا تین دشمنوں کو تابع کرنا ہے۔ رئیس مرد کو' غنی مرد کو' خادموں اور اولاد والے ہونے پر دال ہے۔(۲۲) اگر سانپ کا گوشت کچا کھایا تو دشمن پر کامیابی اور جہاد کے ذریعے مالِ حلال کے حصول کی دلیل ہے۔

(۲۳) اگر سانپ نے ڈسا اور آدمی پھول گیا تو دشمن کے مکر میں مبتلا ہوگا لیکن مالِ عظیم حاصل کرے گا۔(۲۴) اگر زہر کے اثر سے اس کا جسم الگ الگ ٹکڑوں میں تقسیم ہوگیا تو دشمن سے لڑنے اور اولاد کے مختلف شہروں میں بسنے کی دلیل ہے۔(۲۵) اگر زہر کے اثر سے مرگیا تو دشمن کے ہاتھوں قتل ہوگا۔(۲۶) سانپ کے پاؤں اور کچلیوں سے دشمن کی قوت کا اشارہ ہوتا ہے۔(۲۷) اگر خواب میں سانپ بن گیا تو صاحب خواب کی حالت تبدیل ہوگی اور مسلمانوں کا دشمن بنے گا۔(۲۸) اگر اپنے گھر کو سانپوں سے بھرا دیکھے اور ان سانپوں کا کوئی ڈر بھی نہ ہو تو اس کے گھر میں مسلمانوں کے دشمن اور خواہشات پر چلنے والے لوگ جمع ہونگے۔ گھروں میں پائے جانے والے سانپ مال ہیں۔(۲۹) چنانچہ اگر اپنی جیب یا آستین میں سفید رنگ کا چھوٹا سانپ دیکھے اور اس سے نہ ڈرے تو یہ مال ملنے کی طرف اشارہ ہے۔

(۳۰) اگر سیاہ سانپ حاصل کئے یا ان کا مالک بنا اور وہ سانپ اس کے مطیع بھی ہیں نیز وہ سانپ زہریلے بھی نہ ہوں تو سونے اور چاندی کے مدفون کے ذریعے دولت مند ہوگا۔ یا اسے اکسیر حاصل ہوگا اور اس سے سونے بنائے گا۔

(۳۱) اگر سانپ کو اپنے پیچھے چلتے دیکھے تو دشمن کے مکر کی طرف اشارہ ہے۔(۳۲) اگر سانپ کو اپنے سامنے یا ارد گرد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



چلارہا ہے دیکھے تو دشمن اسے نقصان نہیں پہنچا سکیں گے۔ (۳۳) اگر سانپ کو دیکھ کر بھاگا تو دشمن سے امن میں رہے گا۔ (۳۴) اگر سانپ کو کھینچا تو دشمن سے حرام مال اور اس پر کامیابی حاصل کرے گا۔ (۳۵) اگر سانپ کو مرا ہوا دیکھے تو اللہ تعالیٰ اس کے دشمن کو خود ہی ہلاک فرما دیں گے۔ (۳۶) اگر دیکھے کہ سانپ گھر میں داخل ہو رہے ہیں اور بغیر تکالیف پہنچائے باہر نکل رہے ہیں تو اس کے رشتہ داروں میں بعض اس کے ساتھ دشمنی کریں گے۔ (۳۷) اگر اپنے گھر کے باہر ایسا دیکھے تو اجنبی دشمنوں کی طرف اشارہ ہے۔ (۳۸) سانپ کی چربی اور اس کا گوشت دشمن کا حلال مال ہے یا دشمن کی طرف سے حفاظت کی نوید ہے۔ (۳۹) اگر سانپ کو دو ٹکڑوں میں تقسیم کیا تو دشمن کی دشمنی کو ختم کریگا۔

(۴۰) اگر یہ خواب بادشاہ دیکھے تو اشارہ ہے اس کی مملکت زوال پذیر ہوگی اور اس کے قتل کا خطرہ ہے۔ (۴۱) اگر سانپ کی جھلی سونے کی دیکھے تو کسریٰ کے خزانوں میں سے کوئی خزانہ حاصل ہوگا۔ (۴۲) اگر دیکھے کہ سانپ آپس میں لڑ رہے ہیں اور انہوں نے بڑے سانپ کو قتل کر دیا تو دلیل ہے اس شہر کا والی قتل ہوگا۔ (۴۳) اگر قتل شدہ سانپ بڑا نہ ہو بلکہ دیگر سانپوں جیسا ہو تو دلیل ہے بادشاہ کا لشکری قتل ہوگا۔ (۴۴) اگر سانپ کو بلندی پر چڑھتا دیکھے تو راحت اور مسرت حاصل ہوگی۔ (۴۵) اگر سانپ کو پستی کی طرف اترتا دیکھے تو اس جگہ کا رئیس فوت ہوگا۔ (۴۶) خواب میں سانپ سے باتیں کرنا بہت بڑے دشمن کو دیکھنا ہے۔ (۴۷) سانپ کا گوشت کھانا سرور و منفعت، مرتبے اور عشرت کی دلیل ہے۔ (۴۸) زمین سے سانپ نکلنا اس جگہ عذاب کے خطرے کی طرف اشارہ ہے۔ اگر دیکھے کہ سانپ نے اسے نگل لیا ہے تو یہ سلطنت ملنے کی نوید ہے۔ (۴۹) اپنے سر پہ سانپ دیکھنا بادشاہ کے ہاں سے بلند مرتبہ کا حصول ہے۔ (۵۰) خواب میں سانپوں کو پھاندنا یا ان کے درمیان چلنا ایسی موسلا دھار بارشوں کی دلیل ہے جس سے وادیوں میں سیلاب آ جائے۔ (۵۱) سینگ والے سانپوں کو دیکھنا وزارت حاصل کرنا ہے۔ اگر اس کا اہل ہو۔ اگر تاجر ہو تو مال تجارت میں نفع کی دلیل ہے۔ کبھی سانپوں سے مراد کفار، بدعتی اور زانی لوگ بھی ہوتے ہیں اور کبھی اس سے بادشاہ مراد ہوتا ہے۔ (۵۲) اگر کوئی شخص خود کو سانپوں کی جماعت کا سردار دیکھے تو اشارہ ہے کہ صاحب خواب سپہ سالار لشکر بنے گا اور عظیم سلطنت حاصل کرے گا۔ (۵۳) عضو تناسل سے سانپ کا نکلنا ولادت کی دلیل ہے گھریلو سانپ مال ہیں۔ (۵۴) چنانچہ اگر اپنے باغ کو سانپوں سے بھرا دیکھے تو باغ کی نمو اور نباتات کی کثرت کی طرف اشارہ ہے۔ سانپ کی دلالت کبھی سیلاب کبھی دولت اور کبھی زندگی پر ہوتی ہے۔ (۵۵) کبھی سانپ قتل کرنا کسی عورت سے شادی کی دلیل ہے۔ (۵۶) اگر دیکھے کہ سانپ گھر سے نکلا ہے تو گھر کی ویرانی کی دلیل ہے۔ (۵۷) اگر مریض سانپ کو اپنے منہ سے نکلتا دیکھے تو اس کی موت کی طرف اشارہ ہے۔ (۵۸) سانپ کا منہ میں داخل ہونا دشمن کے قہر کی طرف اشارہ ہے۔ (۵۹) اگر دیکھے کہ سانپ اس کی ناک یا پیٹھ یا آلۂ تناسل سے نکلا ہے تو اولاد کی دلیل ہے۔ (۶۰) اگر کان پیٹ، فرج، دبر سے سانپ نکلا ہے تو گناہ اور افراط دین کی دلیل ہے۔ (۶۱) پیٹ کے کیڑوں کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تعبیر وہ رشتہ دار ہیں جو انسان کے ساتھ ایک ہی دستر خوان پر کھاتے ہوں۔ (۶۲) اگر ان کیڑوں میں کچھ دیکھے تو ایسے شخص سے جدا ہوگا جو اس کے ساتھ کھاتا ہو۔ (۶۳) ازار بند کی جگہ سانپ باندھے تو ہمیانی (پیسے کی تھیلی) باندھنے کی دلیل ہے۔ (۶۴) اگر دیکھے کہ اپنے ہاتھ کے ذریعے سانپ کو اپنے پاخانہ کی جگہ سے نکالتا ہے۔ تو گھر والوں اور رشتہ داروں کی جانب سے مصیبت کی طرف اشارہ ہے۔ (۶۵) گھروں میں رہنے والے سانپ پڑوسی اور جنگلوں کے رہنے والے ڈاکو کی علامت ہیں۔ (۶۶) خواب میں سانپ سے مراد شر' حد' حیلہ و مکر بازی دھوکہ دہی اور دشمنی کا ظہور ہوتا ہے۔

## حوت (مچھلی)

(۱) خواب میں مچھلی قسم کی دلیل ہے۔ کبھی اس سے مراد صالحین کی جائے عبادت اور مسجد بھی ہوتی ہے۔ کبھی اس کا دیکھنا غم' سختی' زوال منصب اور مشکلات کو دیکھنا ہے۔ (۲) حضرت یونس علیہ السلام کی مچھلی کو خواب میں دیکھنا' خائف کے لئے امن' فقیر کے لئے مالداری' مصیبت میں پھنسے ہوئے کے لئے چھٹکارے کی دلیل ہے۔ (۳) جبکہ بادشاہت کے لائق آدمی کے لئے بادشاہت کی دلیل ہے۔ یہی تعبیر حضرت یوسف علیہ السلام کی قید' اصحاب کہف کے غار اور نوح علیہ السلام کے تنور کی ہے۔

## حانۃ الخمر (مے خانہ)

(۱) خواب میں مے خانہ دیکھنا نشاط' کمزوری کے خاتمہ' تنگی اور غموں سے چھٹکارے کی دلیل ہے۔ کبھی اس سے مراد زانیہ عورت بھی ہوتی ہے۔ نیز کبھی مے خانہ غموں اور سختی پر بھی دلالت کرتا ہے۔ کیونکہ شراب خور پر حد واجب ہوتی ہے۔ (۲) اگر پھانسی لگا ہوا آدمی خواب میں شراب کو دیکھے تو پھانسی کی دلیل ہے کہ یا دلیل ہے بادشاہ کا خادم بن کر اسے شراب پلایا کرے گا۔ (۳) اگر بیمار ہے تو اس کی موت قریب ہونے کی دلیل ہے' اور پرہیز گار کے لئے یہ خواب فتنے میں پڑنے اور ہدایت یافتہ کے لئے مرتد ہونے کی دلیل ہے۔ (العیاذ باللہ)

## لاحول پڑھنا

خواب میں لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ یا اَنَّا لِلّٰہِ پڑھنا اس کام کے خطرے کی علامت ہے جس کے سبب یہ پڑھا جاتا ہے۔ کبھی انا للہ سے مصیبت کی طرف اشارہ بھی مقصود ہوتا ہے۔

## حفظ (ذکر و اذکار)

(۱) خواب میں اللہ کا ذکر سُبْحَانَ اللّٰہِ کہنا اللہ کی وحدانیت یا حضور ﷺ کی تعریف میں نعتیہ کلام پڑھنا گمراہی کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بعد ہدایت، غموں اور سختی کے خاتمہ، عزت اور مایوسی کے بعد اولاد کے پیدا ہونے کی دلیل ہے۔ (۲) خواب میں سُبْحَانَ اللّٰہِ کہنا یا ساز بجانے والوں کی آواز میں کچھ پڑھنا بلند مرتبہ اور شہرت حاصل کرنے کی دلیل ہے اگر اس قابل ہوں وگرنہ لوگوں میں شریر اور فتنہ پرداز کی حیثیت سے مشہور ہونے کی علامت ہے۔

## تغیر

خواب میں حالت کی تبدیلی برائی سے اچھائی اور اچھائی سے برائی کی دلیل ہے کبھی اس سے مراد ناممکن کا حصول ہے۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ اس سے اچھائی یا برائی کے بدلہ کی طرف اشارہ مقصود ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب الخاء

## حضرت خضر علیہ السلام

(۱) خواب میں حضرت خضر علیہ السلام کو دیکھنا کثرت نعمت وامن' تروتازگی اور مہنگائی کے بعد چیزوں کے سستا ہونے کی دلیل ہے۔(۲) جو شخص حضرت خضر علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو یہ اس کے لئے درازیٔ عمر اور حج کی بشارت ہے۔

## حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا

ام المؤمنین حضرت خدیجہؓ کو خواب میں دیکھنا سعادت مندی اور صالح اولاد کی خوشخبری ہے۔

## خانقاہ

(۱) خواب میں خانقاہ کو دیکھنا سفر' زہد وتقویٰ' تلاوت قرآن' کمائی چھوڑ دینے' بیوی وبچوں سے علیحدگی' گناہوں سے توبہ' کفر سے ہدایت' غموں اور تنگی کے دفع ہونے کی دلیل ہے۔ کبھی اس سے خناق کا مرض بھی مراد ہوتا ہے۔

## خطیب

(۱) خواب میں خطیب طہارت' خشوع وتقویٰ' گناہوں سے توبہ' بلند مرتبہ' درازیٔ عمر' مالداروں کی جانب سے اچھائی' اچھائیوں کا حکم دینے والے اور برائیوں سے روکنے والے پر دلالت کرتا ہے۔(۲) اگر کنواری لڑکی یا کنوارا لڑکا خواب میں خطیب کو دیکھے تو اس کی شادی کا اشارہ ہے۔(۳) اگر خواب میں خود کو خطیب دیکھے تو جس منصب کے قابل ہے وہ منصب حاصل ہوگا۔(۴) اگر خود کو سفید لباس میں ملبوس دیکھے تو بلند مرتبہ اور کشادگی رزق کی دلیل ہے۔(۵) اگر سیاہ لباس پہنے دیکھے تو اپنے ہم عمروں میں بزرگی حاصل ہوگی یا پھر ایسی مصیبت نازل ہوگی جو رسوائی کا باعث ہو۔(۶) اگر کوئی شخص موسم حج میں خطبہ دے تو اسے زمانہ کی امانت نصیب ہوگی یا جو اس کے گھر میں اس منصب کا اہل ہے اسے یہ منصب حاصل ہو جائیگا۔ یا صاحب خواب کا نام نیکی میں مشہور ہوگا یا پھر یہ خواب آفات کے نزول کی دلیل ہے۔(۷) جو شخص دیکھے کہ بہترین خطبہ پیش کر رہا ہے اور اچھی نماز پڑھ رہا ہے نیز اپنا خطبہ اور نماز مکمل بھی کرتا ہے اور لوگ توجہ سے سن رہے ہیں تو وہ کسی شہر کا والی بنے گا اور لوگ اس کے مطیع ہونگے۔(۸) اگر دیکھے کہ خطبہ یا نماز مکمل نہیں کی تو دلیل ہے خلافت سے معزول ہوگا۔(۹) اگر غیر مسلم خود کو خطبہ دیتے' دیکھے تو مسلمان ہوگا یا جلد اس دنیا سے کوچ کر جائیگا۔(۱۰) اگر عورت خود کو وعظ کہتی دیکھے اگر وعظ میں اچھی باتیں کہہ رہی ہے تو حصول قوت کی دلیل ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اگراس کے وعظ میں حکمت کی باتیں نہیں ہیں تو ایسی عورت برائی میں مشہور ہوگی۔(۱۱) اگر کوئی حکمران دیکھے کہ اس کا خطبہ منقطع ہوگیا مکمل نہیں ہوا تو اس کی سلطنت زوال پذیر ہوگی۔(۱۲) اگر عورت خود کو خطبہ دیتے ہوئے دیکھے تو اس کی صالح مرد سے شادی ہوگی۔(۱۳) اگر عورت خود کو جمعہ کے دن ایسے خطبہ دیتی ہوئی دیکھے جیسے خطیب خطبہ دیتا ہے تو اس کا خاوند اسے طلاق دے گا اور یہ حرام کاری سے بچہ کو جنم دیگی۔

## خلیفہ

خلیفہ ہر وہ آدمی ہے جس کے علم اور مرتبہ کی وجہ سے لوگ اس کے پاس اپنے اختلافات لے جاتے ہوں۔(۱) اگر خلافت کے مناسب حال کوئی خلیفہ دیکھا یا خود کو خلیفہ بنا دیکھا تو اچھی حالت اور اچھے انجام کی دلیل ہے۔(۲) خلیفہ شریعت محمدی علی صاحبہا الصلوٰۃ والتسلیم کو رائج کرنے والا ہے اس میں جو کمی زیادتی خواب میں نظر آئے تو اس سے شریعت کے نفاذ کی کمی زیادتی مقصود ہوگی۔(۳) خلیفہ کو دیکھنا کشفِ راز اور بلندی درجات کی دلیل ہے۔(۴) اگر صاحب خواب سے کسی نے کوئی وعدہ کیا ہوا ہے تو وعدہ پورا ہوگا اور مراد حاصل ہوگی۔(۵) اگر دیکھے کہ کوئی نااہل لوگوں پر حکمران ہے تو رعایا کی بری حالت' حق سے دوری اور ظلم کی طرف میلان کا اشارہ ہے۔(۶) اگر خواب میں کسی ظالم خلیفہ کو مرتے ہوئے دیکھے تو راحت اور امن نصیب ہوگا۔ خلیفہ کو دیکھنے سے ہر ایسا آدمی مراد ہوسکتا ہے جس کے سامنے انسان اپنے معاملات رکھتا ہو جیسے حاکم' امام' والی' عالم اور والد وغیرہ۔ کبھی خلیفہ کو دیکھنا قیام سنت' دین' تقویٰ و پرہیزگاری' لوگوں سے دور رہنے' اعتکاف' قول میں سچائی' دل کو اللہ سے آباد کرنے' گناہوں سے توبہ' کافر کے اسلام' اچھائیوں کے حکم اور برائیوں کے منع کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔(۷) اگر دیکھے کہ خلیفہ مر گیا یا اس کی حالت تبدیل ہوگئی تو جن پر خلیفہ دلالت کرتا ہے ان میں نقص کی دلیل ہے۔(۸) اگر کوئی شخص خود کو دیکھے کہ خلیفہ بن گیا ہے اگر خلافت کا اہل ہے تو خلیفہ' امامت کا اہل ہے تو امام اور اگر ولایت کا اہل کا ہے تو والی بنے گا اگر اس کی اہلیت نہیں رکھتا ہو یا پھر قیدی یا پھر مریض بنے گا۔ یا دور دراز کے سفر پر روانہ ہوگا۔(۹) وگرنہ اپنے حق نفس یا اللہ تعالیٰ کے حقوق کی ادائیگی میں سستی کرے گا۔ یا پھر اسکی تعبیر یہ ہوگی کہ صاحب خواب اول عمر میں ضعیف اور آخر عمر میں نیک بخت ہوگا۔(۱۰) اگر کوئی شخص دیکھے کہ اسے اللہ تعالیٰ نے زمین میں خلیفہ بنایا ہے اگر خلافت کا اہل ہے تو خلیفہ بنے گا وگرنہ فتنہ وفساد اور خون کی ارزانی کی طرف اشارہ ہے البتہ اس آفت سے اہل علم وتقویٰ محفوظ رہیں گے۔(۱۲) خواب میں خلیفہ بننا عزت وشرافت کی دلیل ہے اگر وہ اس کا اہل ہو اور اگر کوئی شخص خلافت وغیرہ کا اہل نہیں تو خواب میں خلیفہ بننا اس کے لئے اچھا نہیں ہے بلکہ ذلت اور محتاجی کی دلیل ہے۔(۱۳) اگر دیکھے کہ خلیفہ کو قتل کیا ہے تو عظیم کام سر انجام دے گا اور فتح مندی حاصل کرے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## خدم (خادم)

(۱) خواب میں خصی خادم ملائکہ ہیں کیونکہ ملائکہ سے اللہ تعالیٰ نے شہوت دور کی ہوئی ہے۔ (۲) اگر اپنے گھر میں خادموں کو میووں کی طشتریاں اُٹھائے دیکھے تو دلیل ہے کہ گھر میں کوئی مریض ہوگا اور اس کا مرض کافی طویل ہوگا یا گھر والوں میں کوئی شہید ہوگا۔ (۳) خواب میں خادم بشارت بھی ہوتے ہیں۔

## خندق

(۱) خواب میں خندق سے مراد وہ لشکر ہوتا ہے جو شہر اور ملک کی حفاظت کرے۔ کبھی اس سے فدیہ بھی مراد ہوتا ہے جو شہر والے دشمن کو دیکر گلوخلاصی کراتے ہیں۔ (۲) اگر قلعہ بادشاہ پر دلالت کرے گا تو لشکر سے مراد اس کے آدمی اور اس کا مال ہوگا اگر قلعہ سے مراد علم ہے تو خندق سے مراد علم کے محافظ علماء ہیں اگر قلعہ سے مراد عورت ہے تو خندق سے مراد اس کا ولی اگر قلعہ سے مراد لڑکا ہے تو خندق سے مراد اس کے والدین ہونگے۔ (۳) اگر کوئی قلعہ یا شہر بغیر خندق کے دیکھے تو وہاں کے باسی حرام کام میں مبتلا ہونگے مثلاً زکوۃ ادا نہ کرنا' مال ضائع کرنا' لشکر کا شراب نوش ہونا اور علم سے دور ہونا دشمنوں کا اجتماع کرنا' یا برائیوں کا حکم دینا اور اچھائیوں سے روکنا۔

## خمس الغنیمہ (مال غنیمت کا پانچواں حصہ خمس)

جو شخص خواب میں مال غنیمت کا پانچواں حصہ نکالتا ہے تو یہ پانچ وقتی نمازوں پر پابندی کی بشارت ہے۔

## خیل (گھوڑا)

(۱) خواب میں گھوڑا دیکھنا وسعت رزق اور دشمن پر مدد کی دلیل ہے۔ (۲) اگر خود کو گھوڑے پر سوار دیکھے اور اس میں اسکی لیاقت بھی ہو تو مال عزت اور مرتبہ کی دلیل ہے' کبھی اسکی تعبیر یہ بھی ہوتی ہے کہ کسی سخی آدمی سے ملاقات ہوگی کبھی اس سے مراد سفر بھی ہوتا ہے گھوڑا دشمن سے حفاظت' خوبصورت اولاد اور متوسط طرز زندگی پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۳) اگر خود کو گھوڑی پر سوار دیکھے تو دلیل ہے کہ مالدار' حسب نسب والی سیدہ خاتون سے شادی کرے گا۔ (۴) خواب میں اصیل گھوڑا بہ نسبت غیر اصیل گھوڑے کے بہتر ہوتا ہے گھوڑا مضبوط بنیاد والے مکان پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۵) سیاہ گھوڑا غم (۶) ٹانگوں میں سفیدی والا گھوڑا دین' پرہیزگاری اور علم پر دلالت کرتا ہے۔ (۷) جبکہ سرخ سیاہ رنگ کا گھوڑا دیکھنا شراب پینا ہے۔ (۸) اگر کوئی شخص کسی دوسرے کی سواری پر سوار ہے تو اپنی منزل مقصود حاصل کریگا بالخصوص اگر کسی مشہور سواری پر سوار ہو اور اسکی لیاقت بھی رکھتا ہو (۹) گھوڑی کی دلالت بیوی پر ہوتی ہے۔ (۱۰) اگر خواب میں گھوڑی سے اترا اس پر صحیح طور سے سواری نہیں کرسکتا یا اسکی لگام کو کھینچا ڈھیلا چھوڑ دیا تو دلیل ہے اپنی بیوی کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



طلاق دے گا۔ (۱۱) اگر دیکھے کہ گھوڑی سے صرف کسی ضرورت کے تحت اترا ہے اگر زین سمیت اترا ہے تو اسکی عورت حائضہ ہوگی اور یہ اس سے پرہیز کرے گا۔ (۱۲) اگر گھوڑی سے اس لئے اترا کہ دوسری گھوڑی پر سوار ہوگا تو اشارہ ہے پہلی بیوی پر دوسری شادی کریگا یا دوسری سواری کی بقدر اس سے دور ہوگا۔ (۱۳) اگر دیکھے کہ گھوڑی سے اتر کر کسی پیادہ کو دیدی ہے یا گھوڑی سے اترتے ہی زمین پر خون کا پیشاب کیا ہے تو اشارہ ہے یہ آدمی اپنی بیوی سے زنا کرائے گا۔ (۱۴) گھوڑی مال کے عقد پر مالدار اور اچھی شہرت والی خوبصورت عورت پر خوشی اور نشاط پر اور دین وتقوی پر دلالت کرتی ہے۔ (۱۵) اگر دیکھے کہ بغیر زین اور بغیر لگام کی گھوڑی پر سوار ہوا ہے تو بے عصمت عورت سے شادی کرے گا یا بے فائدہ کام میں مبتلا ہوگا۔ (۱۶) سیاہی ملا سفید رنگ کا گھوڑا بادشاہ پر دال ہے۔ (۱۷) ایسے گھوڑے پر سوار ہونا دیندار خاتون سے شادی کرنا ہے۔ (۱۸) اگر ایسا گھوڑا مطیع ہے تو دلیل ہے کہ بیوی بھی اطاعت گزار ہوگی۔ (۱۹) کالا گھوڑا عزت کی دلیل ہے۔ (۲۰) اگر گھوڑا بمع زین بغیر رکاب کے دیکھے تو عورتوں کے ماتم اور عرس کے لئے جمع ہونے کی دلیل ہے۔ کہ کبھی اس سے مراد اونٹ کے کجاوے بھی ہوتے ہیں۔ (۲۱) اگر کوئی شخص دیکھے کہ گھوڑوں کی ایک بڑی تعداد کا مالک بنا ہے یا انہیں چرا رہا ہے تو وہ کسی قوم کا والی بنے گا۔ (۲۲) گھوڑے کو خواب میں دیکھنا بھائیوں میں مقبول ہونے کی بھی دلیل ہے خواب میں گھوڑ سوار آدمی بیٹے یا تاجر یا کام میں شریک آدمی پر دال ہے۔ (۲۳) اگر دیکھے کہ اس کا گھوڑا اس کے ہاتھوں یا اس کے گھر میں ہلاک ہوگیا تو گھر میں فوتگی کی دلیل ہے۔ (۲۴) اگر ٹانگوں میں سفیدی والے گھوڑے پر سوار ہوا ہے اور وہ گھوڑا خراماں خراماں چل رہا ہے نیز صاحب خواب ایسے لباس میں ملبوس ہے جو سواری کے لائق ہے تو اسے عزت' شرافت اور لوگوں میں مقبولیت حاصل ہوگی اور دشمن ایسے آدمی کو نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ (۲۵) اگر گھوڑے پر جم کر بیٹھے تو اچھی سیرت کی دلیل ہے۔ (۲۶) اگر صاحب خواب تاجر ہے تو اس کے صاحب امانت اور مطمئن زندگی گزارنے کی دلیل ہے۔ (۲۷) اگر گھوڑا سیاہ رنگ کا ہو تو مزید قدر و شرافت اور عظیم سلطنت کی نوید ہے سرخ سیاہ رنگ کا گھوڑا کثرت لہولعب' بہت زیادہ لڑائی جھگڑے اور قتل و غارت گری کی دلیل ہے۔ (۲۸) اگر گھوڑا سفید سیاہ رنگ کا ہے تو دولت اور شہرت اور تمنا کا حصول ہے۔ (۲۹) اگر گھوڑے پر سوار ہو کر ایڑ لگائی اور گھوڑے کا پسینہ تک آیا تو دلیل ہے کہ ایسا آدمی اپنی خواہشات کی پیروی کرے گا اور گناہوں میں مبتلا ہوگا کیونکہ پسینہ معصیت میں مبتلا ہونے کے سبب ہوتا ہے۔ (۳۰) اگر حاملہ عورت خود کو گھوڑ سوار دیکھے تو اس کے ہاں مذکر بچہ پیدا ہوگا۔ (۳۱) گھوڑے کو دور سے دیکھنا عزت' بشارت اور بھلائی کی نوید ہے۔ (۳۲) خواب میں گھوڑے سے اتر کر اسے کھلا چھوڑ دیا اور کسی کام میں مشغول ہوگیا تو رسوائی کے بعد عزت کی دلیل ہے۔ (۳۳) گھوڑی شریف عورت۔ (۳۴) سرکش گھوڑا مجنوں مرد۔ (۳۵) سست گھوڑا کاموں میں سستی کرنے والا۔ (۳۵) سفید پیشانی اور سفید دم والا بہت بڑی سلطنت۔ (۳۶) احمق اور سست رو گھوڑا بادشاہ کی لڑائی اور دشمن کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کامیابی کی علامت ہے۔(۳۷)دم پر زیادہ بالوں والا ہونا کثرتِ اولاد اور کثرتِ خدمت گار ہے۔(۳۸)اگر اپنے گھوڑے کی دم کٹی ہوئی دیکھے تو صاحب خواب کی موت اور موت کے بعد ذکر نہ ہونے کی دلیل ہے۔(۳۹)اگر دیکھے کہ دم جڑ سے کٹی ہوئی ہے تو اسکی اولاد اور اس کے خدمت گار اس کے سامنے فوت ہونگے۔(۴۰)بادشاہ اگر اپنے گھوڑے کو اپنے ساتھ جھگڑتا دیکھے تو اس کا نیک غلام یا اس کا اچھا سالار اس کے خلاف بغاوت کرے گا۔(۴۱)اگر تاجر ایسا خواب دیکھے تو اسکا شریک اس کی مخالفت کریگا۔(۴۲) گھوڑے کا چھلانگ لگانا کسی کام میں دلچسپی کی دلیل ہے۔(۴۳) گھوڑے کا کودنا اپنے مقصد کو جلد پانے کا اشارہ ہے۔(۴۴)اگر دیکھے کہ گھوڑے کو لگام سے پکڑ کر کھینچ رہا ہے تو کسی شریف آدمی کو خادم رکھے گا۔(۴۵) چھت وغیرہ یا کسی اور جگہ خود کو گھوڑے پر بیٹھا دیکھے تب بھی کچھ حرج نہیں بعض حضرات کہتے ہیں کہ گھوڑا شہرت اور مشہور بادشاہ پر بھی دال ہے۔(۴۶)اگر پر والے گھوڑے پر سوار ہوا تو اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت میں سے ہے تو صاحبِ خواب آزمائش میں مبتلا ہوگا اور اگر صاحب خواب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت میں سے نہیں ہے تو اسے عظیم سلطنت حاصل ہوگی۔(۴۷)اگر اس کا احتمال نہ ہو تو وہ کسی لڑکے یا عورت کے عشق میں مبتلا ہوگا اور وہ اسکی اطاعت کریگا۔(۴۸)اگر سیاہ سفید رنگ کے گھوڑے پر سوار ہوا اور شادی شدہ نہ ہو تو اسکی شادی ہوگی۔(۴۹)اگر بادشاہ کے ساتھ خود کو گھوڑے کا گوشت کھاتے دیکھے تو دشمن پر فتح پائے گا۔ (۵۰)اگر تاجر ایسا دیکھے تو اسے منفعت حاصل ہوگی۔بعض حضرات کہتے ہیں کہ فوجی یا شریف آدمی اگر خود کو گھوڑے پر سوار دیکھے تو مال و منصب حاصل کرنے کی دلیل ہے۔(۵۱)کبھی کالے گھوڑے پر سوار ہونا سفر اور سفر میں مال خرچ کرنے کی علامت ہے۔ (۵۲) گھوڑے کو قتل کرنا مال' قوت اور عزت کا حصول ہے۔(۵۳)خواب میں گھوڑوں کا اڑنا بادشاہوں میں لڑائی اور فتنہ کا اشارہ ہے۔(۵۴)خواب میں دریائی گھوڑا بیداری میں ہوائی پرندہ اور ہوائی جہاز ہے۔ (۵۵) خواب میں لوہے کی ٹانگوں والے گھوڑے پر سوار ہونا موت کا اشارہ ہے گھوڑے سے کبھی مراد معزز بادشاہ کبھی لونڈی اور کبھی شریف اور آزاد عورت بھی ہوتی ہے۔(۵۶)اگر دیکھے کہ خواب میں کسی نے اسے گھوڑا دیا ہے تو نماز سے سستی کر کے طلب دنیا میں مشغول ہونے کی دلیل ہے البتہ توبہ کی امید ہے۔

(۵۷)جو شخص خود کو ننگی پیٹھ والے گھوڑے پر بغیر زین و لگام کے بیٹھا دیکھے وہ کسی بڑے گناہ میں مبتلا ہے۔(۵۸)ایک گھوڑے سے اتر کر دوسرے گھوڑے پر بیٹھنا ان دونوں گھوڑوں کے درمیان فاصلے کی بقدر ایک حالت سے دوسری حالت میں تبدیل ہونے اور غیر کے اس کے منصب پر فائز ہونے کی دلیل ہے۔(۵۹)اگر گھوڑ سوار کو گھوڑا اچھا لگے تو ایسا آدمی جہاد فی سبیل اللہ کرے گا۔(۶۰)اگر دیکھے کہ گھوڑے پر سوار ہے اور نیزہ لوگوں پر اٹھایا ہوا ہے تو ایسا آدمی بھکاری ہے جو لوگوں سے بہت زیادہ چمٹ کر سوال کرتا ہے۔(۶۱)اگر خود کو گھوڑے کے اوپر اسلحہ اٹھائے دیکھے تو جن لوگوں پر اسلحہ اٹھایا ہوا وہ اس کے دشمن ہیں جو اپنے مکر سے اسے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتے۔(۶۲)اگر کوئی شخص گھوڑا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ذبح کرے یا اسے سیلاب بہا کر لے جائے تو یہ مریض کی موت کی طرف اشارہ ہے۔(۶۳) جو شخص اپنے گھوڑے کو کمزور بینائی والا دیکھے تو اسکی معیشت ملاوٹ کا شکار ہے۔(۶۴) جو شخص خود کو مردہ گھوڑے پر سوار دیکھے تو اسے حزن و تکلیف پہنچے گی لیکن جلد چھٹکارا حاصل ہو جائے گا۔(۶۵) گھوڑے سے باتیں کرنا عجیب کام میں مشغول ہونا ہے۔ (۶۶) اگر کوئی شخص گھوڑے فروخت کر کے نقدی حاصل کرے تو اس کے کلام سے لوگوں کو فائدہ حاصل ہوگا کیونکہ خواب میں نقدی کلام کی دلیل ہے۔(۶۷) اپنے گھوڑے کو فروخت کرنا اپنے کام سے با اختیار طور پر الگ ہونا ہے۔ (۶۸) اگر کوئی شخص گھوڑا ذبح کرے اور اسکا گوشت کھانے کا ارادہ نہ ہو تو اسکی معیشت پر بادشاہ اثر انداز ہوگا۔ (۶۹) اگر کوئی شخص نامعلوم گھوڑا دیکھے جسکے مالک کا علم نہ ہو تو اس جگہ کوئی شریف ذی قدر آدمی آئے گا۔(۷۰) اگر دیکھے کہ نامعلوم گھوڑا اس جگہ سے نکلا ہے تو کوئی بڑا آدمی موت کے ذریعے یا سفر کے ذریعے علاقہ چھوڑے گا۔ (۷۱) اگر کوئی شخص گھوڑ سوار دیکھے کہ وہ گھروں اور محلات میں پھر رہے ہیں تو اس جگہ بارش یا سیلاب آنے کا خطرہ ہے۔(۷۲) اگر کوئی شخص کسی معلوم آدمی کے پیچھے گھوڑے پر سوار ہو تو اس آدمی کے ذریعے اپنے دینی یا دنیوی مقصد کو حاصل کرے گا یا پھر اس آدمی کا تابع' شریک اور نائب ہوگا۔(۷۳) اگر وہ آدمی جس کے پیچھے بیٹھا ہے مجہول ہو تو ہر صورت میں دشمن ہے۔(۷۴) اگر کوئی دیکھے کہ سواریوں نے اسے روندا ہے یا اس پر چلی ہیں تو اس کا نیک لقب ختم ہوگا اور لوگ اس کے بارے میں بری باتیں کریں گے۔(۷۵) اگر کوئی شخص گھوڑی پر سوار ہوا یا اسے خریدا۔ اگر صاحب خواب غیر شادی شدہ ہے تو اس کی شادی شریف عورت سے ہوگی۔(۷۶) اگر آدمی شادی شدہ ہے یا ایسا ہے کہ جسکی شادی ہو ہی نہیں سکتی تو کسی ایسی جگہ جائے گا جہاں اسے معاشی فائدہ ہوگا۔(۷۷) اگر کوئی دیکھے کہ اس کی گھوڑی مرگئی ہے یا چوری ہوگئی یا ضائع ہوگئی تو دلیل ہے یہی معاملہ اس کی بیوی کے ساتھ ہوگا یا پھر اسکی معاشی بدحالی کی دلیل ہے۔(۷۸) اگر کوئی شخص اپنی گھوڑی کو بچے دیتا دیکھے تو اسکی معیشت مستحکم ہوگی اور کثرت مال حاصل ہوگا۔ (۷۹) اگر کوئی شخص خواب میں گھوڑی کا دودھ پیئے تو بادشاہ اپنا قرب عطا کریگا اور اس سے بھلائی حاصل ہوگی۔ (۸۰) اور اگر کوئی شخص اپنے گھوڑے کے کثیر بال دیکھے تو کثرت مال و اولاد کی دلیل ہے۔(۸۱) اگر بادشاہ ہو تو کثرت لشکر کی دلیل ہے۔(۸۲) خصی گھوڑا خادم کی دلیل ہے۔(۸۳) بغیر مقصود کے سواری زانی عورت ہے اس لئے کہ وہ بھی جہاں چاہتی ہے آوارہ پھرتی ہے۔(۸۴) کبھی گھوڑے کا کمزور ہونا مرتبہ کی کمزوری کی دلیل ہے۔

## خوذۃ (خود)

(۱) خواب میں خود دشمن سے بے خوف ہونے' مال' بیوی' خدمت اور سفر کی دلیل ہے۔(۲) سفید خود سر کے محفوظ ہونے یا خوف سے امن میں ہونے کی یا پھر سردرد میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔(۳) جو شخص سر پر ڈھال دیکھے تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نقصان سے حفاظت کی دلیل ہے۔(۴) اگر خود قیمتی ہے تو مالدار خوبصورت عورت اور اگر قیمتی نہیں ہے تو بری عورت کی دلیل ہے۔(۵) جو شخص اپنے سر پر لوہے کا خود دیکھے تو بلند مرتبہ کے حصول کی دلیل ہے۔(۶) خود سے ایسا آدمی بھی مراد ہوتا ہے جو پہننے والے سے برائیوں کو دور کرے۔(۷) خود شادی شدہ کے لئے ولایت غیر شادی شدہ کے لئے قوت والی ہوا اور دشمن پر غالب آنے والی بیوی ہے۔

## خیمہ

(۱) خواب میں خیمہ' سفر' قبر' بیوی اور گھر پر دلالت کرتا ہے۔(۲) خیموں کی کثرت بادلوں کی کثرت پر بھی دلالت ہوتی ہے۔(۳) اگر کوئی دیکھے کہ اس کے لئے خیمہ لگایا گیا ہے اگر وہ بادشاہ ہے تو اسکی بادشاہت میں اضافہ ہوگا۔ (۴) اگر فوجی ہے تو بادشاہت کا حصول ہے اگر تاجر ہے تو خیر و شرافت اور حسین لونڈیوں کا حصول ہے۔(۵) اگر خیمہ کے سامنے سفید خیمہ دیکھے تو اس سے ایسا شخص مراد ہے جو نیکیوں کا حکم دے اور برائیوں سے منع کرے اور گناہوں سے توبہ کرتا رہے۔(۶) جو شخص اپنے خیمے میں چاند دیکھے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کے گھر کے کسی لڑکے یا لونڈی کے عشق میں گرفتار ہوگا۔(۷) اگر پیادہ اپنا خیمہ دیکھے تو وہ گھڑ سوار یا قائد بن جائیگا۔(۸) خیمہ اس شخص کی مملکت ہے جو اس میں داخل ہو یا اس کے لئے بنایا گیا ہو۔(۹) اگر مملکت کا اہل نہ ہو تو بادشاہ کی جانب سے عزت اور شرافت حاصل ہوگی۔ (۱۰) سفید اور سبز خیمے جن کے بارہ میں خواب میں معلوم نہ ہو شہدا کی قبریں ہیں (۱۱) جو اپنے خیمہ سے جدا ہونے کے لئے نکلا تو وہ اپنے عہدہ سے معزول ہوگا۔(۱۲) جو شخص اپنے خیمہ کو لپیٹا ہوا دیکھے تو اس کی عمر اور سلطنت ختم ہونے کی دلیل ہے۔(۱۳) خواب میں قبہ دیکھنا عورت کی دلیل ہے۔

## خرج (خرجی)

(۱) خواب میں خرجی دیکھنا دو بھائیوں' میاں بیوی' والدین یا شریکین پر دلالت کرتا ہے کبھی اس سے سفر بھی مراد ہوتا ہے۔(۲) جو اپنے ساتھ خرجی دیکھے یا اسے خریدے یا اسے کوئی ہبہ کرے تو اس کیلئے کشادگی اور غموں سے چھٹکارے کی دلیل ہے۔

## خلال

خلال سے مراد جھاڑن اور دانتوں سے مراد گھر والے ہوتے ہیں وہ خلال جس سے دانتوں میں خلال کیا جاتا ہے رزق' طہارت اور توبہ واستغفار کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## خابیۃ (مٹکا)

(۱) خواب میں مٹکا زانیہ عورت ہے ہر مٹکے کی تعبیر اس کے مادے کے اعتبار سے ہوگی۔ کبھی اس سے مراد گھر کی بنیادیں اور نالیاں وغیرہ ہیں اور کبھی اس سے مراد حاملہ عورت بھی ہوتی ہے۔ (۲) خواب میں مشکیزہ اور مٹکا آزاد عورت اور پانی اس سے حاصل شدہ مال ہے۔ (۳) اگر کوئی شخص پانی لے اور اسے مٹکا میں ڈال دے تو ایسے مال پر حیلہ کرے گا جو عورت کی جانب سے ودیعت ہو۔ (۴) شراب کا مٹکا خزانہ کا حصول ہے۔ (۵) اگر دیکھے کہ گھر میں بڑا گھڑا ہے اور اس میں پانی موجود ہے تو غمگین غنی عورت کی طرف اشارہ ہے۔ (۶) اگر دیکھے کہ بڑا مٹکا پانی میں ہے تو اس سے بہت مالدار' اللہ تعالیٰ کے راستے میں بہت زیادہ خرچ کرنے والا مرد مراد ہوتا ہے۔ (۷) اگر بڑے گھڑے میں سرکہ ہے تو متقی آدمی کی طرف اگر اس میں جھاگ ہے تو ایسے مالدار کی طرف اشارہ ہے جس کا مال بڑھتا رہے اگر اسمیں سالن ہو تو مریض آدمی کی طرف اشارہ ہے۔ (۸) اگر کوئی دیکھے کہ اس کا گھڑا ٹوٹ گیا ہے تو وہ اپنی بیوی کو طلاق دے گا۔

## خزانہ (الماری)

(۱) خواب میں الماری آدمی کی بیوی پر دلالت کرتی ہے۔ (۲) اگر دیکھے کہ اسکی الماری گر گئی ہے تو اسکی بیوی فوت ہوگی۔ (۳) خواب میں الماری رازوں کی حفاظت کاموں کی پوشیدگی اور پہننے والے کپڑوں پر دلالت کرتی ہے بعض حضرات کہتے ہیں کہ خواب میں دن اور رات دو الماریاں ہیں جو ان میں کوئی چیز رکھے گا اسے بحفاظت وہ چیز واپس مل جائے گی۔

## خیط (دھاگہ)

(۱) خواب میں دھاگہ گواہ ہے۔ (۲) اگر کوئی شخص خواب میں دھاگہ لے تو اس کو ایسے گواہوں کی ضرورت ہوگی جو اسکے حق میں گواہی دیں۔ (۳) اگر کوئی شخص دھاگہ کسی انسان کی گردن میں ڈال کر اسے کھینچے یا کسی انسان کو رسی سے کھینچے تو اس آدمی کی رہنمائی کرنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۴) گرہ دیا ہوا دھاگہ جادو کی دلیل ہے۔ (۵) سفید دھاگہ سے مراد صبح فجر اور سیاہ دھاگہ سے مراد رات ہوتی ہے۔

## خیاط (درزی)

(۱) خواب میں اسکو دیکھنا الفت اور لوگوں کے ساتھ صلح کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) کبھی اس کی دلالت لکھنے والے اور نکاح کرانے والے پر بھی ہوتی ہے۔ (۳) اسکی رؤیت نقصان کو پورا کرنے والے پر اور کبھی اپنے کئے پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پشیمان ہونے والے پر بھی دلالت کرتی ہے۔(۴) درزی خواب میں اپنے لئے کپڑا سیتے دیکھنا دینی درستگی کے ساتھ دنیا کو درست کرنے پر دلالت کرتا ہے۔(۵) خواب دیکھا کہ وہ کپڑا سی رہا ہے مگر اچھا نہیں سی پاتا ہے تو تعبیر ہے وہ متفرق کو مجتمع کرنا چاہتا ہے مگر وہ اس سے مجتمع ہو نہیں ہو پا رہا۔(۶) خواب دیکھا کہ وہ کسی عورت کے لئے کپڑا سی رہا ہے تو یہ محنت و مشقت میں پڑنے کی علامت ہے۔

## خراط (لکڑی چھیل کر درست کرنے والا)

اسکی رؤیت مندرجہ ذیل پر دلالت کرتی ہے۔شر' خصومت' راحت' بخشش' سفر' شادی' کثرتِ نسل اور خراط ایسے شخص کی بھی علامت ہے جو منافق قسم کے لوگوں کے ساتھ معاملہ کر کے ان کے اموال کو چراتا ہے۔

## خلالی (خلال فروش/ بنانے والا)

(۱) خواب میں اسکی رویت ایسے شخص پر دلالت کرتی ہے جو اپنے گھر والوں کے مال کو کھاتا ہے اور اس میں کمی کرتا ہے اس لئے کہ خلال جھاڑو کی طرح ہے اور دانت اس کے اہل بیت ہیں ان کو صاف کرنا ان کے مال کو صاف کرنا ہے۔
(۲) کبھی خلال کی دلالت مرض سے شفایاب ہونے اور سنت پر عمل پیرا ہونے پر بھی ہوتی ہے اور کبھی اسکی دلالت خلل ڈالنے والے پر اور کبھی وعدہ خلافی کرنے والے پر بھی ہوتی ہے۔

## خولی (معاملات کا منتظم)

(۱) خواب میں اسکی رویت علم' ذکر اللہ' اہل علم اور اہل ذکر کے ساتھ اجتماع پر دلالت کرتی ہے اور کبھی اسکی تعبیر ہوٹل کے بیروں وغیرہ سے بھی کیجاتی ہے۔

## خیمی (خیمہ ساز' فروش)

اسکی رؤیت نقل و حرکات اور اسفار پر ہوتی ہے نیز اسکی دلالت مقابر پر اور کبھی غیر شادی شدہ کے لئے شادی پر بھی ہوتی ہے۔

## خامی (کنواں صاف کرنے والا)

(۱) خواب میں اسکی رویت سفر میں احوال کے معتدل رہنے اور حصولِ مقام کی دلیل ہے۔(۲) مریض کے لئے دلیل موت ہے اور تندرست کے لئے تکلیف کی طرف اشارہ ہے۔(۳) اسکی رویت قید خانہ پر بھی دلالت کرتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## خانی (ہوٹل سرائے والا)

خواب میں اسکو دیکھنا وعدہ خلافی اور خیانت پر دلالت کرتا ہے اور کبھی مریض کی موت پر بھی دلالت کرتا ہے اس لئے کہ یہ مسافر کا گھر ہے اور اسکی رویت تھکاوٹ کے بعد راحت پہنچنے کی بھی علامت ہوتی ہے اور کبھی وحشت کے بعد مانوسیت پر بھی ہوتی ہے۔

## خان (دکان سرائے)

(۱) خواب میں کرایہ کے لئے بنایا گیا ہوٹل یا دکان دیکھنا متعہ کے طریقے پر شادی کرنے کی علامت ہے۔ (۲) کبھی اسکی دلالت کرائے کے مکان یا سواری پر بھی ہوتی ہے اور کبھی اسکی تعبیر زمین اور ملبوسات پر بھی ہوتے ہیں۔ (۳) کسی مریض کا خواب میں سرائے یا ہوٹل میں اترنا اسکے مرنے کی علامت ہے اور کبھی یہ خواب زوال غم یا تنہائی کے بعد بیوی کے ساتھ ملنے یا باندی کے ساتھ اکٹھے ہونے یا سواری پر سوار ہو کر وحشت کو دور کرنے یا ایسی چیز ملنے کی دلیل ہے جو محنت وکوشش میں معاون ہو۔ (۴) اگر صاحب خواب شادی شدہ ہو تو یہ ہنر میں معاون بننے والے راحت بخش بچے کی علامت ہے۔ (۵) گناہ گار کے لئے یہ خواب دلیل توبہ ہے۔ (۶) گمراہ کے لئے بشارتِ ہدایت اور دلیل تکمیل ایمان ہے۔ (۶) آدمی کے ذاتی ہوٹل کی دلالت ان چیزوں پر ہوتی ہے جن پر گھر کی دلالت ہوتی ہے مثلاً اس کا جسم، نام، بزرگی، موت مجلسِ قضا وغیرہ چنانچہ ہوٹل میں کمی زیادتی مذکورہ چیزوں میں کمی زیادتی اور تغیر وتبدل کی علامت ہے۔ (۷) مجہول ہوٹل کی دلالت سفر پر ہوتی ہے اس لئے کہ ہوٹل مسافروں کی اتر گاہ ہے اور کبھی اسکی تعبیر دارِ دنیا سے ہوتی ہے اس لئے کہ دنیا کی طرح ہوٹل بھی دارِ سفر ہے ایک چلا جاتا ہے دوسرا اس میں داخل ہوتا ہے۔ (۸) کبھی اسکی دلالت قبر پر ہوتی ہے اس لئے کہ اپنے وطن اور گھر سے نکلنے والوں کے لئے منزل ہے۔ (۹) خواب دیکھا کہ وہ ایک ہوٹل میں ہے وہاں سے دوسرے ہوٹل میں داخل ہو رہا ہے اور اس سے نکلتے وقت سواری پر سوار ہوا یا اس کے درمیان سے نکلا تو صاحب خواب اگر مریض ہے تو دلیل ہے لوگ اس کو اٹھا کر لے جائیں گے۔ اگر مسافر ہے تو وہ جس مقام میں ہے وہاں سے اس کے کوچ کرنے کی علامت ہے۔ اس طرح لوگوں کا اپنے ساتھیوں کو کسی مجہول ہوٹل میں سواری سے اترتے دیکھنے کی تعبیر ہے۔ (۱۰) ہوٹل میں داخل ہونا لوگوں میں صاحب رائے ہونے کی علامت ہے۔

## خمار (شراب ساز اور فروش)

(۱) خواب میں اسکی رؤیت طلبِ عیش اور اسکی صفائی بیماریوں سے ٹھیک ہونے کی علامت ہے۔ (۲) کبھی اسکی دلالت خود صاحب خواب پر بھی ہوتی ہے اور کبھی ناپاک اشیاء مثلاً خنزیر، بندر اور لہو ولعب کے آلات فروخت کرنے والے پر بھی ہوتی ہے۔ (۳) کبھی شراب کی تعبیر مالدار حرام کمانے والے مرد سے کی جاتی ہے۔ (۴) شراب بنانے والے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آدمی کی دلالت ایسے شخص پر ہوتی ہے جو اپنے مفاد کے لئے لوگوں کو غلط کاموں پر ابھارے۔

## خمر (شراب)

خواب میں شراب دیکھنا بلا محنت مال حرام ملنے کی دلیل ہے۔(۱) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے شراب نوشی کی تو تعبیر یہ ہے کہ گناہ کبیرہ کا مرتکب ہوگا اور وسیع رزق پائے گا۔(۲) خواب دیکھا کہ وہ شراب پی رہا ہے اور جام شراب میں اسے کوئی رکاوٹ بھی نہیں ہے تو تعبیر ہے کہ حرام مال ملے گا اور بعض کی رائے کے مطابق حلال مال ملنے کی بھی علامت ہے۔(۳) اگر شراب پیتے وقت کوئی اس کے ساتھ نزاع کر رہا ہے تو بیداری میں بھی اسکے ساتھ نزاع کی دلیل ہے۔(۴) خواب دیکھا کہ اس کو شراب کی ایک نہر مل گئی تو دلیل ہے کہ وہ دنیا میں فتنے کا سامنا کرے گا اور اگر اس میں داخل ہو جائے تو بقدر دخول اس فتنے میں مبتلا ہونے کی طرف بھی اشارہ ہے۔(۵) شرکت یا تزوج کے خواہشمند کے لئے شراب موافقت کی دلیل ہے۔(۶) کسی حکمران کے لئے شراب پینا اس کی معزولی کی علامت ہے۔(۷) پانی آمیزش کردہ شراب پینا ایسا مال ملنے کی دلیل ہے جو بعض حلال ہو اور بعض حرام اور بعض کے نزدیک مشترک مال نصیب ہونے کی طرف اشارہ ہے۔اور بعض نے کہا ہے کہ یہ خواب کسی عورت سے مال ملنے اور اس کی بنا پر فتنہ میں مبتلا ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۸) خواب دیکھا کہ وہ شراب بنانے کے لئے انگور نچوڑ رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ کسی بادشاہ کا خادم بنے گا اور اس کے ہاتھوں بڑے امور سرانجام پائیں گے۔(۹) خواب میں ایسی مجلس شراب کی طرف بلانا جس میں بہت سارے پھل ہوں جہاد اور شہادت کی طرف دعوت دینے کی دلیل ہے۔(۱۰) شراب کی دلالت فتنہ، شر، بغض اور عناد پر ہوتی ہے۔(۱۱) کبھی شراب نوشی بیماری سے شفا پانے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۲) کبھی خواب میں شراب پینا جنون یا قوت حسن کے ختم ہونے کی وجہ سے عقل کے جاتے رہنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔اگر یہی خواب کوئی جھگڑالو شخص دیکھے تو اسکی مخاصمت کے بطلان کی دلیل ہے اور پہلوان قسم کے شخص کے لئے خدمت گزار بننے کی علامت ہے۔فقیر کے لئے امیر بننے کی اور غیر شادی شدہ کے لئے شادی کی بشارت ہے اور بیمار کے لئے صحت مندی کی دلیل ہے۔(۱۳) اگر شراب پینے والا لوگوں کے ساتھ لہو ولعب کی مجلس میں ہے تو یہ اس کے مرتد ہونے اور حکمران کے ساتھ قانون شکنی کے مرتکب ہونے یا ان کے ساتھ لڑنے جھگڑنے اور وعدہ خلافی کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۴)
خواب میں کسی عالم کا شراب پینا اسکے علم میں اضافہ کی علامت ہے۔(۱۴) انگور سے بنی ہوئی شراب پینا بعض دفع بے موسم انگور کھانے کی طرف اشارہ ہوتا ہے یا انگور کے پکنے کی طرف احتیاج کرنے کی دلیل ہے یا کسی عیب میں مبتلا ہونے کی علامت ہے اور کبھی یہ رزق حلال نصیب ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۱۵) خریدی ہوئی یا خود نچوڑی ہوئی شراب پینا کسی ایسی ممنوع چیز میں مبتلا ہونے کی علامت ہے جو لعن و تشنیع کا سبب بنے۔(۱۶) کبھی شراب کی دلالت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جھوٹ بولنے' فضول گوئی میں مبتلا ہونے' رازوں کو فاش کرنے اور زنا کرنے پر ہوتی ہے اور شراب پینا کبھی گناہ پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۱۷) اسکی دلالت مندرجہ ذیل اشیاء پر ہوتی ہے۔ زنا کار عورت' والدین کی نافرمانی' جائیداد فروخت کرنے' قرض' سامان' مال واولاد اور کسی مشکل میں مبتلا ہونے کے بعد راحت ملنا۔
(۱۸) کبھی شراب نوشی سے شراب نوش کی جہالت اور حماقت کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ (۱۹) کسی مردے کو خواب میں شراب پیتے دیکھنا جنت کی نعمتوں سے اسکے محظوظ ہونے کی دلیل ہے اس لئے شراب اہل جنت کے مشروبات میں سے ہے۔ لیکن میت اگر زندگی میں شراب کی عادی ہو یا اس کو حلال سمجھتی ہوا تو یہ تعبیر نہیں ہوگی۔ (۲۰) شادی کے خواہش مند کے لئے شراب خیر پر دلالت کرتا ہے۔

## خوخ (شفتالو)

(۱) خواب میں میٹھا شفتالو کھانا خواہش کے مطابق امید پوری ہونے کی دلیل ہے اور ترش شفتالو کھانا خوف کی علامت ہے اور ہر ایک دانہ خوف پہنچنے کی دلیل ہے۔ (۲) درختِ شفتالو کی دلالت ایک پر خطر' بہادر' مالدار' لوگوں پر مال خرچ کرنے والے' ثابت قدمی سے محنت کرنے والے' جوانی میں مالِ کثیر جمع کرنے والے اور جوانی ہی میں مرنے والے مرد پر ہوتی ہے۔ (۳) بے موسم شفتالو کھانا مرضِ شدید میں مبتلا ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۴) خواب میں درخت سے شفتالو چننا کسی بیمار آدمی سے مال حاصل کرنے کی علامت ہے۔ (۵) شفتالو اور اس قسم کے دوسرے پھل سوائے شہتوت کے اپنے موسم میں کھانا لذت اور جھگڑے کی علامت ہیں۔ (۶) بے موسم کھانا نقب زنی اور باطل امور پر دلالت کرتا ہے (۷) کبھی اس کی دلالت ختم شدہ خیر یا شر کے لوٹنے پر بھی ہوتی ہے۔ اور کبھی اس کی تعبیر بھائی اور ایک خوبصورت عظیم ساتھی بھی ہوتا ہے۔

## خیار (کھیرا)

اس کی تعبیر غم اور پریشانی ہے۔ (۱) چنانچہ خواب میں کھیرا کھانا ایک مشکل اور بوجھل کام میں کوشش کرنے پر دلالت کرتا ہے خصوصاً اگر پیلا ہو تو یہی تعبیر ہے۔ (۲) اپنے موسم میں کھیرا ملنا رزق اور بے موسم ملنا مرض پر دلالت کرتا ہے (۳) ثابت کھیرا ملنا غمزدہ بیٹے کی دلیل ہے (۴) کسی کی بیوی حاملہ ہو اور خواب میں اپنے آپ کو کھیرا کھاتے ہوئے دیکھے تو بچی کی پیدائش کی علامت ہے۔ (۵) خواب میں لوہے سے کھیرا کاٹنے کی تعبیر مریض کے لئے اچھی ہے (۶) عمومی طور پر کھیرے کی تعبیر بہتر ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## خشخاش

خواب میں اس کو دیکھنے کی تعبیر مبارک مال ہے۔ چنانچہ خواب میں خشخاش کھانا خوشگوار مال ملنے کی دلیل ہے۔ خشخاش کے دانے پھیلے ہوئے جھنڈوں پر بھی دلالت کرتے ہیں۔

## خرنوب (بوٹی ایک خاردار)

خواب میں اس کو کھانا یا دیکھنا دونوں مریض کی موت یا اس کے جسم کی خرابی کی علامت ہے اور اس کی دلالت بربادی اور ہلاکت پر بھی ہوتی ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت حبشی باندی پر ہوتی ہے۔

## خلاف (بید کی ایک قسم)

بید کے درخت کی دلالت ایسے آدمی پر ہوتی ہے جس کے اہل خانہ اس کے ساتھ محبت کرتے ہوں باوجودیکہ اس کی طرف سے ان کو کوئی منفعت نہ پہنچتی ہے۔ اور وہ شخص اپنے خیر خواہوں کی مخالفت اور اپنے دشمنوں سے تقرب حاصل کرتا ہو۔

## خردل (رائی)

اس کی دلالت زہر پر ہوتی ہے۔ (۱) خواب میں رائی کھانا زہر کھانے یا کوئی کڑوی چیز نوش کرنے یا اس کے لقمے کے ساتھ ملنے کی دلیل ہے۔ اور بعض اہل تعبیر کی رائے کے مطابق رائی کی دلالت محنت سے حاصل شدہ معزز مال پر ہوتی ہے۔

## خل (سرکہ)

(۱) خواب میں روٹی کے ساتھ سرکہ کھانا پرہیز گاری' برکت کے ساتھ مال' درازئ عمر اور فضولیات میں کم پڑنے کی دلیل ہے۔ (۲) اس کی تلچھٹ کی تعبیر قلیل منفعت والا مال ہے جو نا قابل التفات ہو۔ (۳) سرکہ و سرکہ دان باندی اور خیمہ پر دلالت کرتے ہیں (۴) خواب میں صرف سرکہ پینا اپنے گھر والوں کے ساتھ دشمنی کا معاملہ کرنے پر دلالت کرتا ہے' اس لئے کہ اسکو پینے سے منہ میں تنگی محسوس ہوتی ہے اور منہ کی تعبیر قریبی رشتہ داروں کا گھر ہے۔ (۵) قیدی کے لئے خواب میں سرکہ نوش کرنا قید سے خلاصی کی بشارت ہے۔ (۶) بعض اہل تعبیر کی رائے کے مطابق سرکہ بابرکت رزق پر دلالت کرتا ہے (۷) وہ سرکہ جس میں خلل واقع ہو سخت مشقت طلب کام میں محنت صرف کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۸) کبھی سرکہ کی دلالت زوجہ' اولاد یا عمل میں خلل واقع ہونے پر ہوتی ہے (۹) کبھی اس کی دلالت عبادت میں مشقت اٹھانے پر ہوتی ہے۔ (۱۰) کبھی سرکہ کی دلالت دوست پر بھی ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## خبز (روٹی)

اس کی تعبیر کی کئی صورتیں ہیں (۱) سفید رنگ کی روٹی خوشگوار زندگی اور مبارک رزق کی علامت ہوتی ہے (۲) کالے رنگ کی روٹی زندگی میں تکلیف واقع ہونے کی علامت ہے (۳) بعض علماء تعبیر کہتے ہیں کہ ہر روٹی چالیس سال عمر پر دلالت کرتی ہے۔ (۴) بعض کی رائے کے مطابق چپاتی کی دلالت شمار کیئے جانے والے مال مثلاً 'ہزار' سو' بیس' دس وغیرہ جو صاحب خواب کی حالت کے مطابق نہ ہو۔ (۵) کڑوے ذائقہ والی روٹی کڑوی زندگی کی اور شہد اور چینی کی طرح میٹھی روٹی قیمتوں میں گرانی واقع ہونے کی علامت ہے (۶) گندم کی روٹی کی بھی یہی تعبیر ہے۔ (۷) خراب گندم کی روٹی کھانا شہد کو موم کے ساتھ کھانے کی علامت ہے (۸) تعبیر کے لحاظ سے سب سے بہتر تعبیر تنور میں پکی ہوئی روٹی کی ہے۔ (۹) روٹی کی دلالت علم اور اسلام پر بھی ہوتی ہے اس لئے وہ دین کا ستون' روح کی قوت اور نفس کی حیات ہے۔ (۱۰) کبھی اس کی دلالت انسانی زندگی پر اور کبھی اس مال پر ہوتی ہے جو روح انسانی کو قوت کو بخشتا ہے۔ (۱۱) کبھی چپاتی کی دلالت عذاب پر اور کبھی مانگنے پر بھی ہوتی ہے۔ کبھی اس کی دلالت تربیت کرنے والی ماں' اور دین کو درست کرنے والے غذا پر ہوتی ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت عورت کی حفاظت (۱۲) روٹی' صاف زندگی' حاصل کردہ علم اور سفید خوبصورت بیوی پر ہوتی ہے۔ (۱۳) خواب دیکھا کہ وہ عام لوگوں میں یا کمزوروں میں روٹیاں تقسیم کر رہا ہے تو تعبیر ہے کہ صاحب خواب اگر طالب علم ہے تو اس کو علم نصیب ہوگا۔ اگر واعظ ہے تو یہ روٹیاں اس کے وعظ پر دلالت کرتی ہیں۔ (۱۴) اگر ان روٹیوں کو لوگ کھائیں تو یہ صدقہ کرنے کی طرف اشارہ ہے۔ یا تعبیر یہ ہے کہ کچھ لوگ اس کے محتاج ہوں گے۔ (۱۵) کسی میت کو دیکھا کہ وہ اس کی طرف روٹی پھینک رہا ہے تو یہ دلیل مال ہے یا کسی دوسرے کے ہاتھ سے ایسی جگہ سے رزق ملنے کی علامت ہے جس سے رزق ملنے کی کوئی امید نہ ہو (۱۶) بادلوں کے اوپر یا چھت کے اوپر یا کھجور کے تنوں پر روٹی دیکھنا روٹی کی قیمت بڑھنے کی علامت ہے۔ اسی طرح تمام مبیعات اور کھانے کی چیزوں کو مذکورہ چیزوں کے اوپر دیکھنا ان کی قیمتوں میں اضافے کی دلیل ہے۔ (۱۷) خواب دیکھا کہ روٹی کو زمین پر پاؤں سے روندا جا رہا ہے تو یہ ایسی معاشی خوشحالی کی علامت ہے جو اترانے کا سبب بنے۔ (۱۸) خواب دیکھا کہ کسی مرد نے اس کے لئے روٹی لی ہے یا دیکھا روٹی اس کے ہاتھ سے آگ یا بیت الخلاء یا درخت سے نکلنے والے مادے پر گری' اگر صاحب خواب بہادر پہلوان ہے یا بدعات کے مواقع میں ہے تو یہ بدعت کی طرف علامت ہے بلا جانے کی دلیل ہے اور ایسے فتنے کی علامت ہے جس میں بہت سے لوگ مبتلا ہوں گے۔ (۱۹) روٹی کی دلالت دین پر بھی ہوتی ہے لہذا روٹی میں کمی زیادتی دینی کمی زیادتی کی دلیل ہے۔ روٹی میں کمی دیکھنے والے صاحب خواب کے ہاں اگر کوئی مریضہ ہو تو وہ ہلاک ہوگی اور دینی اعتبار سے کمزور ہو تو یہ خواب دینی فساد کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۲۰) خواب میں روٹی پر پیشاب کرنا اپنے کسی ذی رحم محرم سے نکاح کرنے کی دلیل ہے۔ (۲۱) خواب میں روٹی پکانا دائمی منفعت کی غرض طلب معاش میں کوشش کرنے کی علامت ہے۔ (۲۲) تنور کے ٹھنڈا ہونے کے ڈر سے جلدی جلدی روٹی پکانا حکمرانی ملنے اور تنور سے نکلی ہوئی روٹیوں کی مقدار میں مال ملنے کی طرف اشارہ ہے۔

(۲۳) بعض اصحاب تعبیر کے کہنے کے مطابق روٹی خوشحالی' برکت دوسروں کی محنت سے حاصل رزق اور غم کے دور ہونے کی علامت ہے۔ (۲۴) کھائے بغیر بہت ساری روٹیاں دیکھنا جلدی سے بھائیوں سے ملاقات کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۵) اور جشکار (شیر مال) کی روٹی پاکیزہ زندگی اور معتدل دینی زندگی گذارنے کی علامت ہے اور جو کی روٹی محنت و مشقت اور پرہیز گاری کی زندگی کی علامت ہے (۱۶) خشک روٹی دیکھنا معیشت میں تنگی واقع ہونے کی دلیل ہے (۱۷) ٹوٹی ہوئی روٹی کھانا عمر کے تمام ہونے اور وقت مقرر آنے پر دلالت کرتا ہے' لیکن بعض معبرین کی رائے کے مطابق یہ خواب طلبِ عیش پر بھی دلالت کرتا ہے۔

(۱۸) کسی سے ایک لقمہ لینا لالچی ہونے کی علامت ہے (۱۹) کبھی روٹی غیر شادی شدہ افراد کے لئے شادی اور پکی ہوئی پاکیزہ روٹی بادشاہ کے لئے عدل وانصاف اور کاریگر کے لئے اپنی کاریگری کے ساتھ خیر خواہی پر دلالت کرتی ہے (۲۰) جوار اور چنے کی روٹی تنگی اور قیمتوں میں گرانی واقع ہونے کی دلیل ہوتی ہیں (۲۱) گوبر کی جگہوں پر روٹی پڑی ہوئی دیکھنا سستی کی دلیل ہے (۲۲) وسیع روٹی وسیع رزق اور طویل عمر کی علامت ہے (۲۳) کبھی روٹی غم دور ہونے کی بھی دلیل ہوتی ہے (۲۴) روٹی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کم عمر اور کم رزق پر دلالت کرتے ہیں۔

(۲۵) ایسے لوگوں کے لئے جو' جو کی روٹی کھانے کے عادی نہیں ہیں خواب میں جو کی روٹی کھانا گرانی اور تنگی کی علامت ہے (۲۶) کم روٹی نفاق اور مشتبہ رزق کی علامت ہے اس لئے کہ اس میں آگ کا اثر باقی ہے۔ (۲۷) خواب دیکھا کہ اس کی پیشانی پر روٹی لٹک رہی ہے تو یہ اس کے فقر و احتیاج کی طرف دلالت ہے۔ (۲۸) پھونی لگی ہوئی روٹی ایسے بے فائدہ کثیر مال کی علامت ہے جس کی زکوٰۃ ادا نہ کی گئی ہو۔ (۲۹) گرم راگ یا گرم مٹی پر پکائی ہوئی روٹی کھانا معاش میں تنگی کی علامت ہے اس لئے کہ یہ مجبوری کی حالت میں پکائی جاتی ہے۔ (۳۰) خواب میں سالن کے بغیر صرف روٹی کھانا صرف صاحبِ خواب کے بیمار ہونے اور اسی کے مرنے کی طرف اشارہ ہے (۳۱) کچی روٹی سخت بخار پر بھی دلالت کرتی ہے۔ (۳۲) فقراء کے لئے میدے کی روٹی مرض اور امید کے پوری نہ ہونے کی دلیل ہے۔ (۳۳) بے چھنے آٹے کی روٹی اغنیاء کے لئے دلیلِ محتاجی ہے۔ (۳۴) بعض اہل تعبیر کے قول کے مطابق میدے کی گرم روٹی ولد کی علامت ہوتی ہے (۳۵) نرم روٹی وسعتِ رزق پر دلالت کرتی ہے اور بعض علماء کہتے ہیں' نرم روٹی عمر کے کم ہونے پر دلالت کرتی ہے اور بعض کے نزدیک نرم روٹی مسلسل آنے والا کم فائدہ پر دلالت کرتی ہے۔ (۳۶) خواب دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں دو نرم روٹیاں ہیں کچھ اس روٹی سے اور کچھ اُس روٹی سے کھاتا ہے تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یہ دو بہنوں کو ایک نکاح میں جمع کرنے پر دلالت کرتا ہے۔(۳۷) روٹی کی ٹکیہ قلیل منافع پر دلالت کرتی ہے(۳۸ اور پوری چپاتی بڑے منافع کی علامت ہے۔
(۳۹) کیک اور بسکٹ تندرستی کی علامت ہیں۔(۴۰) گلی سڑی روٹی ارزانی کی نشانی ہے۔(۴۱) اگر روٹی کو پر لگے اور وہ اڑ گئی تو یہ گرانی اور قحط سالی کی دلیل ہے(۴۲) ٹوٹی ہوئی روٹی خوشحالی اور وسعت مالی اور بابرکت کمائی پر دلالت کرتی ہے۔(۴۳) رغیف کی دلالت زوجہ' ولد' کامل ایک سال یا سو درا ہم پر ہوتی ہے۔(۴۴) اور غیر خمیری روٹی کسی سے قرض لینے کی خبر دیتی ہے۔(۴۴) خشک روٹی آسودہ حال لوگوں کے لئے فاقہ کی علامت ہے جیسا کہ روٹی کا ٹکڑا فاقہ کی دلیل ہے۔اور کیک کی دلالت سفر پر بھی ہوتی ہے۔(۴۵) ایسے لوگوں کے پاس داخل ہونا جو کیک یا روٹی کھانے پر قادر نہ ہوں غم' تکلیف اور شدت کی دلیل ہے۔(۴۶) اسی طرح جو شخص پہلے کسی خیر یا شر میں ہو پھر اس سے علیحدہ ہو گیا ہو اس کے لئے کیک پھر سابقہ حالت کی طرف عود کرنے کی دلیل ہے(۴۷) پتلی چپاتی سفر کی علامت ہے۔کبھی اس کی دلالت مشکل میں آسانی ہونے پر بھی ہوتی ہے۔(۴۸) تازی روٹی عزت کی علامت اور باسی شر کی نشانی ہے۔(۴۹) ورق طماج وبیل آسودگی' علامت عزت و منصب اور بعث خوشحالی ومسرت ہے۔اور کیک کی دلالت علم و ہدایت پر بھی ہوتی ہے۔(۵۰) اور کبھی سڑی گلی روٹی دین میں فساد واقع ہونے اور مرتد ہونے اور بیوی کی حالت میں خرابی واقع ہونے پر بھی دلالت کرتی ہے۔(۵۰) روٹی کے مختلف رنگوں کے ٹکڑوں کی دلالت صدقہ سے حاصل شدہ فوائد یا سود پر بھی ہوتی ہے۔(۵۱) خالص آٹے کی روٹی علم نافع' قول و عمل میں اخلاص' اور درست باطن کی علامت ہے اور چھلکوں کی روٹی نفاق اور اترانے کی علامت ہے۔

## خباز (نانبائی)

(۱) خواب میں اسے دیکھنا خوف سے مامون ہونے اور خوشحال زندگی پر دلالت کرتا ہے(۲) کبھی خباز کو خواب میں دیکھنا ولد اور محبت کی علامت ہوتا ہے(۳) کبھی اسکی دلالت نرم خو' عادل اور مہربان بادشاہ پر ہوتی ہے(۴) میدے کی روٹی بیچنے والے کی دلالت ایسے خوشحال شخص پر ہوتی ہے جو لوگوں کی قابل عزت رزق کی طرف رہنمائی کرتا ہے اگر اس روٹی کے بدلے رقم بھی وصول کرلے تو کسی ضرورت کے متعلق بات کرنے کی طرف اشارہ ہے(۵) خواب دیکھا کہ وہ روٹی بیچ رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ عظیم مال پائے گا اور خوشحال زندگی گزارے گا(۶) خواب دیکھا کہ وہ کسی نانبائی سے قیمت کے متعین کیے بغیر روٹی خریدی تو نانبائی کی دلالت اچھے اور برے اعمال کرنے والے بادشاہ پر ہوتی ہے چنانچہ ایسے کام کے سلسلے میں ان سے التجاء کرنا جو نقصان دہ نہ ہو تو ایسے امور کی طرف رہنمائی کرنے کی دلیل ہے جو حلال ... چنانچہ اس کے ہاتھ سے روٹی حاصل کرنا عیش ملنے اور غم کے دور ہونے کی دلیل ہے۔خواب میں دیکھا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جانے والا نانبائی اگر ان لوگوں میں سے ہے جو سلطان کی طرف منسوب ہیں تو دلیل ہے کہ وہ لوگوں کو زیادہ نفع پہنچانے والا ہے لیکن اسکے بعض معاملات میں خبث ہوگا۔ غیر نانبائی کا خواب میں خود کو نانبائی ہونے کی حالت میں تمام لوگوں کو دراہم کے بدلے روٹی فروخت کرتے ہوئے دیکھنا اسکے قواد ہونے کی علامت ہے۔ (۷) کبھی روٹی پکانے والے کی دلالت ایسے شخص پر بھی ہوتی ہے جو بہت کلام کرنے والا اور رزق کے معاملے میں شور کرنے والا ہو۔ (۸) اسی طرح آگ میں پکی ہوئی چیز کلام اور خصومت پر دلالت کرتی ہے۔

## خشاب (لکڑی فروش)

(۱) اسکی دلالت رئیس المنافقین پر ہوتی ہے اور کبھی لکڑی فروش کی دلالت آبادی پر بھی ہوتی ہے۔ (۲) کبھی اسکی دلالت نفاق پر بھی ہوتی ہے۔

## خشب (لکڑی)

(۱) اسکی تعبیر نفاق سے کی جاتی ہے۔ (۲) بعض علماءِ تعبیر کا کہنا ہے کہ لکڑی کی دلالت ایسے شخص پر ہوتی ہے کہ جس کے دین کے ساتھ نفاق کی آمیزش ہو اور اس کا ظاہر باطن سے بہتر ہے۔ (۳) گیلی لکڑی کی تعبیر بچوں سے کی جاتی ہے کشتی پر سوار حضرات کے لئے لکڑی دیکھنا کشتی پر دلالت کرتا ہے چنانچہ اس میں کمی زیادتی کشتی میں تغیر و تبدل کی علامت ہے۔

## خفیر (محافظ / پناہ دینے والا)

(۱) اسکی رؤیت امن و سلامتی، نماز اور انسان کے لئے شیطان اور اس کی جماعت سے پوشیدہ صدقہ کرنے پر دلالت کرتی ہے۔ (۲) کبھی اسکی دلالت کتے پر بھی ہوتی ہے اس لئے کہ کتا اپنے مالک تک دوسروں کے پہنچنے سے رکاوٹ بنتا ہے۔

## ختان (ختنہ کا مقام)

(۱) اسکی رؤیت ناپاکی سے پاکی اور خوشی و مسرت پر دلالت کرتی ہے۔ (۲) خواب دیکھا کہ اس نے ختنہ کیا تو دلیل ہے کہ وہ ایسا عمل کرنے لگے گا جس کے سبب اللہ تعالیٰ اس کو گناہوں سے پاک کرے گا۔ (۳) کبھی ختنہ کرنا پچھنے لگوانے اور باکرہ عورت سے شادی کرنے پر دلالت کرتا ہے اور باکرہ کے لئے حیض آنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۴) کبھی ختان کی دلالت زوجہ کی طرف مراجعت کرنے اور کبھی نام کے بلند ہونے پر بھی ہوتی ہے۔ (۵) غیر ختنہ بیوی سے یا اولاد یا والدین سے جدائی کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ (۶) خواب میں اپنے آپ کو غیر مختون حالت میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دیکھنا مال کے غرض سے مرتد ہونے پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ حشفہ کی دلالت ایسے مال کی زیادتی پر ہوتی ہے جس میں کمزوری اور ضعف ہو یا اسلام کے احکامات کو پس پشت ڈال کر گناہ کی طرف راغب ہونے کی دلیل ہے۔

## خاتن (ختنہ کرنے والا)

اسکی دلالت بے پردگی پر ہوتی ہے اور برائی کے فاش ہونے کی بھی علامت ہے۔ اور ختنہ دیکھنا عورتوں کے رازوں پر مطلع ہونے اور ان کے پردہ پر مطلع ہونے کی علامت ہے اور یہ خواب عورتوں کے فروج کی تلاش پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## خرزی (جواہر فروش)

اس کی دلالت عورتوں کے امور کے ذمہ دار اور مہتمم پر ہوتی ہے اس لئے کہ وہ جواہرات کو درست کرتا ہے اور جواہرات کی تعبیر عورتیں ہیں۔

## خرز (جواہر)

اس کی دلالت مال اور خادم پر ہوتی ہے۔ چنانچہ خواب میں جواہر ملنا بیداری میں خادموں سے مال ملنے کی دلیل ہے، خواب میں اپنی انگوٹھی کا نگینہ کو جوہر دیکھنا جو یاقوت کی طرح لگ رہا ہو دلیل ہے کہ وہ خود کو شریفوں میں شمار کرتا ہے مگر شریف نہیں ہے یا غیر قوم کے ساتھ تشبہ اختیار کرنے کی دلیل ہے۔ اور خواب میں انگوٹھی میں جوہر کا نگینہ ڈالنا مال ملنے کی دلیل ہے جس کے بعد فقر کا خطرہ ہے۔

## خلخال (پازیب)

(۱) خواب میں اسکی تعبیر بیٹا ہے۔ (۲) خواب دیکھا کہ اسکے پاس پازیب ہے تو مرض کی علامت ہے یا دینی کمزوری کی دلیل ہے۔ (۳) عورتوں کے پاس ہونا ان کے لئے خوف سے مامون ہونے کی علامت ہے اور اگر غیر شادی شدہ عورت اپنے پاس پازیب دیکھے تو یہ ایک ایسے سخی شریف شوہر ملنے کی دلیل ہے جس سے اس کو خیر ملے گی۔ (۴) خواب میں اپنے پاس سونے یا چاندی کی پازیب ہونا غم وحزن یا حبس وقید میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔ (۵) بعض اہل تعبیر کے نزدیک پازیب قید ہونے پر دلالت کرتا ہے اور مرد کے لئے سوائے ہار، انگوٹھی، اور بالی کے کسی بھی زیور کی تعبیر اچھی نہیں ہے۔ (۶) عورتوں کے لئے پازیب کی تعبیر شوہر سے کی جاتی ہے چنانچہ اس میں صلاح وفساد شوہر کے اندر صلاح وفساد پر دلالت کرتا ہے اور غیر شادی شدہ عورت کے لئے پازیب کی دلالت عورت کے حسن و جمال وزینت پر بقدر جمال پازیب ہوتی ہے۔ اسی طرح اسکی تعبیر بلندی مرتبہ، وسعتِ مالی اور عزت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وجمال سے بھی کی جاتی ہے۔

## خاتم (انگوٹھی)

(۱) انگوٹھی مندرجہ ذیل پر دلالت کرتی ہے امان، حکومت، زوجہ، ولد، جوہر انگوٹھی کے بقدر باندی اور مال وغیرہ۔ (۲) خواب میں سونے کی انگوٹھی دیکھنا ایسے آدمی کے لئے جس کے ہاں حاملہ عورت ہو نرینہ اولاد پیدا ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) بادشاہ کے لئے انگوٹھی کی دلالت اسکے ملک پر اور نگینہ کی دلالت حکم کے نافذ ہونے پر اور نگینہ پر موجود نقش کی اسکی مراد پر ہوتی ہے۔ (۴) خواب میں انگوٹھی کے نگینے کا گر جانا بچے کے مرنے یا اموال میں سے کچھ گم ہونے کی دلیل ہے۔ (۵) انگوٹھی کا ٹوٹ جانا بیوی کو طلاق دینے پر دلالت کرتا ہے۔ (۶) کبھی انگوٹھی گھر، سواری خریدنے یا ولایت ملنے پر دلالت کرتی ہے۔ (۷) سونے کی انگوٹھی مرد کے لئے ذلت کی علامت ہے۔ (۸) خواب میں لوہے کی انگوٹھی پہننا محنت ومشقت کے بعد مال ملنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۹) نگینہ والی سونے کی انگوٹھی کی تعبیر بہتر ہے اور بغیر نگینہ والی انگوٹھی بلا فائدہ عمل کی دلیل ہے۔ (۱۰) سینگ یا ہاتھی دانت کی انگوٹھی کی تعبیر عورتوں کے لئے اچھی ہے۔
(۱۱) کسی نے خواب میں بادشاہ کو دیکھا کہ اسنے اپنی مہر اپنے ماتحت حکمرانوں میں سے کسی کے لئے لگائی تو یہ دلیل ہے کہ اس کا نائب نہیں رہے گا۔ (۱۲) خواب میں چاندی کی انگوٹھی پہننا حکم کے نافذ ہونے اور بادشاہت کے ممکن ہونے کی علامت ہے اس لئے کہ سلیمان علیہ السلام کی بادشاہت من جانب اللہ ان کی انگوٹھی میں تھی۔ (۱۳) کسی ہاشمی یا عام عرب کا خواب میں بادشاہ کی انگوٹھی پہننا ولایت عظیمہ پر سرفراز ہونے کی دلیل ہے اگر یہی خواب غلام خاندان میں سے کوئی شخص دیکھے تو یہ اسکے والد کے مرجانے اور صاحب خواب کے اس کا نائب ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۴) اگر اس کا والد زندہ نہ ہو تو یہ خواب تمنا وامید کے خلاف ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۵) خواب میں انگوٹھی ملنا عجمی شخص کی طرف سے مال ملنے یا بچہ پیدا ہونے یا نیک صالحہ بیوی نصیب ہونے یا باندی خریدنے کی علامت ہے۔ (۱۶) خواب میں اپنی انگوٹھی کے نگینہ کو حرکت دینا اپنی حکمرانی کے قریب الختم ہونے کی علامت ہے۔ (۱۷) کسی حکمران کا خواب میں اپنی انگوٹھی کو ہاتھ سے اتارنا اسکے معزول ہونے یا اس کے ملک کے ختم ہونے یا بیوی کو طلاق دینے کی دلیل ہے۔
(۱۸) عورت کے لئے خواب میں انگوٹھی اتارنا شوہر کے یا کسی قریبی رشتہ دار کے انتقال کی علامت ہے۔ (۱۹) بعض علماء تعبیر کہتے ہیں کہ خواب میں انگوٹھی پہننا قید ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۰) خواب میں انگوٹھی کے حلقے کا ٹوٹنا اور نگینہ باقی رہنا حکومت کے ختم ہونے اور اس کے تذکرہ اس کے جمال وخوبصورتی کے باقی رہنے کی علامت ہے۔
(۲۱) اگر انگوٹھی سونے کی ہو تو یہ اسکی حکومت میں بدعت داخل ہونے، دین میں ناپسندیدہ امر پیش آنے، حکومت میں خیانت واقع ہونے اور اپنی رعیت کے ساتھ ظلم وجور کا معاملہ کرنے کی دلیل ہے اور تو انگوٹھی تنگ ہو تو کر اپنے اوپر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مسلط عورت سے نجات پائے گا یا جس میں تعب ہو یا بادشاہ کی جانب سے پہنچنے والا غم وتنگی دور ہو جائے گی۔
(۲۲) خواب میں کسی سے انگوٹھی عاریت کے طور پر لینے کی تعبیر بے بقاء ملک ملنے کی علامت ہے۔ (۲۳) خواب میں منقش انگوٹھی ملنا گھر یا سواری یا بیوی یا باندی یا اولاد جو پہلے کبھی بھی نہ ملے ہوں ان سے ملنے کی دلیل ہے۔ (۲۴) خواب میں بازار کے اندر انگوٹھی فروخت ہوتی ہوئی دیکھنا کسی رئیس کے مملوک چیز خریدنے کی دلیل ہے۔ (۲۵) خواب میں آسمان سے انگوٹھیوں کی بارش ہونا اسی سال نرینہ اولاد پیدا ہونے کی علامت ہے۔ (۲۶) کسی غیر شادی شدہ مرد کا خواب میں انگوٹھی پہننا ایک مالدار باکرہ عورت سے شادی کرنے کی خوشخبری ہے۔ (۲۷) سونے کی انگوٹھی پہننا ایسی عورت سے نکاح کرنے کی دلیل ہے جس کا مال ختم ہو گیا ہو۔ (۲۸) خواب میں انگوٹھی کو ہاتھ کی چھوٹی انگلی میں پہن کر پھر اسے اتار کر ساتھ والی انگلی میں پھر درمیان والی میں پہننا اپنی بیوی کو مکمل قابو کرنے کی دلیل ہے۔ (۲۹) خواب دیکھا کہ اس کی انگوٹھی خود بخود کبھی درمیانی انگلی میں کبھی ساتھ والی انگلی میں جاتی ہے تو دلیل ہے اس کی بیوی اس کے ساتھ خیانت کا معاملہ کر رہی ہے۔ (۳۰) خواب میں اپنی انگوٹھی کو دراہم یا آٹے یا تل کے بدلے فروخت کرنا اپنی بیوی کو مال یا بہترین کلام کے ذریعے تفریق کرنے کی دلیل ہے۔ (۳۱) نگینہ کی دلالت بیٹے پر ہوتی ہے۔ (۳۲) چنانچہ انگوٹھی کے نگینہ کا کسی جوہر سے ہونا بیٹے کا صاحبِ مال وصاحبِ ہیبت وعزت وشہرت والا ہونے کی علامت ہے۔ (۳۳) انگوٹھی کے نگینہ کا زبرجد سے ہونا خوفناک اور شجاع بادشاہ پر دلالت کرتا ہے۔ (۳۴) اگر اس کی تعبیر بیٹا ہو تو مہذب اور ہوشیار ذہین بیٹے کی علامت ہے۔ (۳۵) اگر اس کا نگینہ جوہر ہو تو یہ کمزور اور اعانت کرنے والے بادشاہ پر دلالت کرتا ہے۔

(۳۶) انگوٹھی کے نگینہ کا سبز یاقوت سے ہونا ایک عالم، فہیم اور مومن بیٹا پیدا ہونے کی دلیل ہے۔ (۳۷) لکڑی کی انگوٹھی منافق عورت پر دلالت کرتی ہے۔ (۳۸) خواب میں اگر عورت کو انگوٹھی مل جائے تو یہ اس کی شادی ہونے یا بچہ جننے کی علامت ہے (۳۹) عورتوں کے لئے خواب میں سونے کی انگوٹھی ملنا کبھی شوہر کی طرف سے سرور وفرحت ملنے اور کبھی ولدِ عزیز پیدا ہونے اور کبھی معزز مال ملنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے (۴۰) مرد کا سونے کی انگوٹھی پہننا بادشاہ کے ہاتھوں قید ہونے یا خوف یا شدت میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے یا اپنی بیوی یا اولاد یا تجارت پر غصہ کرنے کی دلیل ہے۔
(۴۱) بعض علماء تعبیر کی رائے ہے کہ خواب میں انگوٹھی پانا خوبصورت بیوی ملنے کی دلیل ہے یا خوشخبری سننے کی علامت ہے۔ (۴۲) خواب دیکھا کہ اپنی انگوٹھی کو انگلی سے اتار کر اس ہتھیلی پر رکھا ہے تو دلیل ہے کہ وہ لواطت کریگا اگر فسق و فجور میں مبتلا ہو۔ (۴۳) اگر پہلے سے فسق وفجور میں معروف نہ ہو تو یہ سنت پر عمل کرنے کی دلیل ہے۔ (۴۴) خواب میں دو ایسے نگینوں والی انگوٹھی پہننا کہ ایک نگینہ کا رخ ہتھیلی کی طرف دوسرے کا اوپر کی طرف اور دونوں کے نقش ایک جیسے ہیں تو دلیل ہے کہ صاحب خواب ظاہری (حکومت) وباطنی دونوں ولایتوں سے سرفراز ہوگا۔ (۴۵) خواب میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عقیق کی انگوٹھی پہننا تاوان ختم ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔(۴۶) بادشاہ سے انگوٹھی لینا رہائشی مکان یا چاندی حاصل کرنے یا کسی عورت سے نکاح کرنے پر دلالت کرتا ہے۔اور اس کے نگینہ کی دلالت اس عورت کے چہرے پر بھی ہوتی ہے۔(۴۷) خواب میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے انگوٹھی ملنا حسن پر دلالت کرتا ہے۔(۴۸) رسول اللہ ﷺ سے یا کسی عالم سے چاندی کی انگوٹھی لینا علم پانے کی بشارت ہے۔(۴۹) اگر یہ انگوٹھی سونے کی ہو تو اس کی تعبیر کچھ اچھی نہیں اسی طرح آپ ﷺ سے ملنے والی انگوٹھی لوہے کی ہو تو اس میں کوئی خیر نہیں اس لئے کہ یہ اہل نار کا زیور ہے۔ اور اسی طرح پیتل کی انگوٹھی کی تعبیر بھی اچھی نہیں ہے۔(۵۰) شیشہ لگی ہوئی انگوٹھی سازش اور مکر پر دلالت کرتی ہے۔ اس لئے اس میں شئی خفی ہے۔ یا کسی بڑی عظیم اور کثیر منفعت کی دلیل ہے۔(۵۱) سیسہ کی انگوٹھی کمزور بادشاہ کی علامت ہے۔(۵۲) کسی بادشاہ کا خواب میں حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی کو اپنے ہاتھ میں دیکھنا اس کی مملکت کی وسعت' شہروں کو فتح کرنے اور اپنے مقاصد میں کامیاب ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۵۳) کبھی اس خواب کی تعبیر ملک کے ہاتھ سے نکلنے کے بعد دوبارہ ملنا ہوتی ہے۔(۵۴) اگر جنات کو حاضر کرنے والا عامل یہی خواب دیکھے تو جنات کی طرف سے رزق وسیع حاصل کرنے کی دلیل ہے۔(۵۵) خواب میں کسی قوم کی طرف انگوٹھی بھیجنا اور قوم کا اس کو واپس کرنا دلیل ہے اس قوم کی طرف پیغام نکاح بھیجے گا اور وہ اس کو رد کریگی۔(۵۶) خواب میں انگوٹھی کا چھن جانا حکومت کے ختم ہونے یا اس فرد کے ختم ہونے کی دلیل ہے جس پر انگوٹھی دلالت کرتی ہے۔(۵۷) خواب میں انگوٹھی کا ضائع ہونا اس کی حکمرانی یا مملکت میں ناپسند امور پیش ہونے کی علامت ہے۔

## خلعت (کسی بڑے آدمی کی طرف سے ملنے والا لباس)

(۱) اسکی دلالت حکومت سے معزول کے لئے عہدہ ملنے اور حکمران کے لئے معزولی پر ہوتی ہے۔(۲) کبھی خلعت کی دلالت بقدر نفاست باندی پر ہوتی ہے۔(۳) کبھی خواب میں لباس ملنا بیداری میں ایسا ہی لباس ملنے کی علامت ہے۔(۴) کبھی خلعت بیوی کے ساتھ خلع کا معاملہ کرنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔(۵) خلعت کی دلالت ولایت عزت' شرافت' حب اور ریاست پر بھی ہوتی ہے۔

## خز (ریشمی کپڑا)

(۱) اسکی تعبیر مال کثیر ہے۔(۲) خواب دیکھا کہ اس نے ریشمی لباس پہنا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ وہ حج کی دولت سے سرفراز ہوگا۔(۳) اگر کپڑا سرخ رنگ کا ہو تو یہ دنیا ہے جو جدید انداز سے ملے گی اور پیلے رنگ کا ہو تو دلیل ہے کہ مرض کے ساتھ دنیا ملے گی۔(۴) پیلے رنگ کے علاوہ ریشمی کے دیگر رنگ کے کپڑوں کی تعبیر اس کے پہنے والوں کے لئے مال ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## خمار (دوپٹہ)

(۱) عورت کے لئے اسکے شوہر کی علامت ہے نیز زینت اور ستر ہے۔ (۲) چنانچہ دوپٹہ کی وسعت اسکے شوہر کے مال کی وسعت ہے۔ (۳) اسکی صفات اسکے شوہر کے کثرت مالی کی علامت ہیں۔ (۴) اسکی سفیدی شوہر کے دین اور عزت کی دلیل ہے۔ (۵) کسی عورت نے خواب دیکھا کہ وہ لمبی چادر پہنے ہوئے ہے یا اس پر لمبا کپڑا ہے تو دلیل ہے کہ اسکے دشمن باطل اور غرور کے طور پر اسکے شوہر کی جانب سے اسکی توہین کرنا چاہتے ہیں۔ (۶) خواب میں پرانی چادر پہننا شوہر کے بے وقوف اور فقیر ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۷) دوپٹہ میں کوئی حادثہ واقع ہونا شوہر کے اندر حادثہ ہونے کی دلیل ہے۔ (۸) اگر وہ عورت شادی شدہ نہیں ہے تو یہ اسکے سرپرست بھائی یا چچا کے مصیبت میں واقع ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۹) مرد کا خواب میں برقعہ یا چادر سے اپنے چہرے کو ڈھانپنا باندی ملنے کی علامت ہے۔ (۱۰) کسی عورت نے خواب دیکھا کہ اس نے لوگوں کی محفل میں اپنا دوپٹہ سر سے اتار دیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ عورت کسی ایسے کام میں مبتلا ہوگی جس کی وجہ سے اس کی حیا ختم ہو جائے گی۔ (۱۱) خواب دیکھا کہ اس کا دوپٹہ اس سے نکل گیا ہے تو یہ شوہر سے جدا ہونے کی دلیل ہے اور دوپٹہ کا واپس سر پر آنا شوہر کے دوبارہ آنے کی علامت ہے اور دوپٹہ کی دلالت دین پر بھی ہوتی ہے۔

## خف (موزہ)

(۱) اسکی دلالت خادم، مال اور ناپسندیدہ امور سے بچاؤ پر ہوتی ہے۔ (۲) موزے کے ساتھ اسلحہ بھی ساتھ ہونا دشمنوں سے محفوظ رہنے کی دلیل ہے۔ (۳) خواب میں دو موزے پہننا سمندر میں سفر کرنے یا کسی سواری پر بیٹھ کر سفر کرنے کی علامت ہے۔ (۴) تنگ موزہ پہننا غم، تنگی اور کسی مرض میں مبتلا ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۵) کبھی تنگ موزہ پاؤں میں بیڑی ڈالنے کی علامت ہوتا ہے۔ (۶) خواب میں تنگ موزے کو اتار پھینکنا غم اور تنگی سے دور ہونے کی علامت ہے۔ (۷) خواب میں موزہ پہننا رزق اور عزت میں اضافہ ہونے کی علامت ہے۔ (۸) سردی کی آمد کے موسم میں خواب میں موزہ دیکھنا خیر کی دلیل ہے اور سردی جانے کے موسم میں یا موسم گرما میں موزہ دیکھنا دلیل غم ہے۔ (۹) خواب میں موزے کا کنواں کے اندر گر جانا یا جل جانا بیوی کے مرنے پر دلیل ہے۔ (۱۰) نئے موزے اسلحہ کے بغیر دیکھنا طویل غم کا اشارہ دیتا ہے۔ (۱۱) نئے تنگ موزے نئے طلب کئے جانے والے دینی کام پر دلالت کرتا ہیں۔ (۱۲) کشادہ موزہ مال کی وجہ سے تکلیف پہنچنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۳) پرانے موزے کنز ور حفاظت کی علامت ہے۔ (۱۴) موزے سفر کے سبب حاصل ہونے والے یا کسی گونگے کی طرف سے ملنے والے عجمی مال کی علامت ہے۔ (۱۵) خواب میں موزے پہنے بغیر صرف دیکھنا اقوام عجم کی طرف سے مال ملنے کی دلیل ہے۔ (۱۶) خواب میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



موزے کا ضائع ہونا کبھی رتبہ کے زائل ہونے اور کبھی دین اور غم سے چھٹکارے پر دلالت کرتا ہے۔

(۱۷) ہر قسم کے موزے پہننا کبھی سفر کرنے پر اور کبھی باکرہ عورت سے شادی کرنے پر دلالت کرتا ہے اور خواب میں موزے کا نیچے سے پھٹا ہوا ہونا شادی شدہ عورت کے ساتھ نکاح کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۸) خواب میں موزے کا ضائع ہونا یا کنویں میں گرنا بیوی کو طلاق دینے پر دلالت کرتا ہے اور موزے کو فروخت کرنا' بیوی کے مرنے کی دلیل ہے۔ (۱۹) دونوں موزوں کا چوری ہو جانا دو غموں میں مبتلا ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۲۰) خواب میں موزوں پر بھیڑیا یا لومڑی کا حملہ کرنا اشارہ ہے کہ کوئی دو فاسق اسکی بیوی کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں۔ (۲۱) جوتا نما موزہ پہننا بیوی کی طرف سے مال ملنے کی علامت ہے۔ (۲۲) نیچے پیوند لگا ہوا موزہ پہننا ایسی عورت کے ساتھ نکاح کرنے کی علامت ہے جس کے ساتھ بچہ بھی ہو۔ (۲۳) پرانے موزے کا ضائع ہونا قرض اور غم کے دور ہونے کی دلیل ہے۔ (۲۴) موزے کی دلالت صاحب خواب کی بچوں والی بیوی یا چوپائے پر ہوتی ہے چنانچہ اسمیں تغیر تبدل بیوی وغیرہ کے اندر تغیر تبدل کی دلیل ہے۔ (۲۵) کبھی ایک موزہ کا چلا جانا نصف مال ہاتھ سے نکلنے پر دلالت کرتا ہے اور دونوں موزوں کا چلا جانا کل مال کے ختم ہونے کی علامت ہے۔ (۲۶) خواب دیکھا کہ اپنے پیر کو موزے میں داخل کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ کسی عورت سے نکاح کرے گا۔ (۲۷) بعض علماء تعبیر کی رائے ہے کہ پرانے موزے قید اور قرض کی علامت ہوتے ہیں۔ (۲۸) بعض دفعہ موزے ملنا آخرت کو چھوڑ کر دنیا میں مشغول ہونے پر یا فرائض کو چھوڑ کر نوافل کی طرف متوجہ ہونے پر یا کثیر عیش کو چھوڑ کر کم عیشی کی طرف آنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۹) اونٹ کے خف (کھر) کی دلالت قوت اور اسفار پر ہوتی ہے اور کبھی اسکی دلالت کسی رئیس کے آس پاس گھومنے یا درد میں مبتلا ہونے یا معاملات کے لئے پیش بندی کرنے پر ہوتی ہے۔

## خنجر

(۱) خواب میں اپنے ہاتھ میں خنجر دیکھنا مالِ کثیر حاصل ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۲) اور خواب میں چھری یا خنجر کو میان میں کرنا کسی عورت سے نکاح کی علامت ہے

## خلقان الثیاب (کپڑوں کا پرانا ہونا)

(۱) خواب میں پرانا کپڑا خریدنے کی تعبیر کوئی اچھی نہیں ہے اس لئے پرانے کپڑوں کی دلالت فقر پر ہوتی ہے اور اسکو فروخت کرنا بہتر ہے۔ (۲) پرانے کپڑے فروخت کرنے والا دنیاوی لحاظ سے متوسط الحال ہونے اور خریدنے والے کے فقیر ہونے کی علامت اور اسکو فروخت کرنا فقر کے ختم ہونے کی خوشخبری ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## خضرۃ الثیاب وغیرھا فی کلھا (کپڑوں کا سبز ہونا)

(۱) خواب میں سبز کپڑوں کی تعبیر بہت اچھی ہے اس لئے کہ سبز لباس جنتیوں کا لباس ہے۔(۲) خواب میں زندہ شخص کا سبز لباس میں ملبوس ہونا اسکی دینی قوت اور زیادتِ عبادت پر دلالت کرتا ہے اور مردے کو سبز لباس میں ملبوس دیکھنا عند اللہ اسکی حالت کی بہتری کی دلیل ہے۔(۳) کبھی سبز لباس پہننا میراث ملنے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ (۴) کبھی میت کو سبز لباس میں ملبوس دیکھنا اسکی شہادت کی موت مرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۵) سبز رنگ کے تمام کپڑوں کی تعبیر معتدل ہے یعنی نہ بری اور نہ اچھی۔(۶) ریشم کے سبز ہونے کی تعبیر مرد عورت کے لئے یکساں ہے۔ (۷) کھانے والی تمام اشیاء مثلاً گندم، جو، تل، چاول، لوبیہ، وغیرہ سب کی دلالت اسلام پر ہوتی ہے۔(۸) خواب میں کسی ایسی زمین کا مالک بننا جس میں سبزہ ہی سبزہ ہے تو یہ بھی اسلام سے مشرف ہونے کی علامت ہے۔(۹) خواب میں سرخ کپڑے حاصل کرنا دیندار و متقی ہونے کی علامت ہے۔

## خصی (جسکے خصیے نکال لئے گئے ہوں)

(۱) کسی دوسرے کے پاس مال یا راز بطور امانت رکھنے والا شخص خواب میں اگر خصی کو دیکھے تو وہ ایسا نہیں کر سکے گا۔ (۲) خواب میں اپنے آپ کو خصی دیکھنا گواہی چھپانے کی دلیل ہے۔(۳) خواب دیکھا کہ وہ خصی ہوگیا یا خود کو خصی بنایا تو یہ دشمن کی طرف سے ذلت پہنچنے کی دلیل ہے۔(۴) خواب میں کسی غیر معروف خصی کو دیکھنا جس کے اندر نیک لوگوں کے آثار پائے جاتے ہوں اور حکمت کی باتیں کر رہا ہو تو دلیل ہے کہ وہ فرشتہ ہے جو صاحب خواب کو ڈرا رہا ہے یا خوشخبری سنا رہا ہے۔(۵) خواب میں دیکھا کہ وہ خصی ہوگیا تو دلیل ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے لوگوں میں ہدایت اور شہرت پائے گا۔(۶) کبھی خود کو خصی پانا لوگوں میں مرتبہ پانے اور شرم گاہ کے لحاظ سے عفیف ہونے کی دلیل ہے۔ (۷) کبھی سفید رنگ والا خصی رحمت کے فرشتے پر اور کالا رنگ والا عذاب کے فرشتے پر دلالت کرتا ہے پہلا دلیل بشارت اور دوسرا دلیل غم ہے۔(۸) کبھی خصی کی رؤیت سلب مال فقدان اولاد اور ازواج و نعمت پر دلالت کرتی ہے۔ (۹) کبھی اسکی رؤیت عدم تکلیف، دوسرے کی راحت پر خود کو ترجیح دینے پر بد باطن اور منافق ہونے کی علامت ہے۔

## خنثیٰ مشکل (وہ شخص جس کے دونوں آلے موجود ہوں)

(۱) اسکی دلالت دوزخی شخص پر ہوتی ہے یا علم میں شرکت کی وجہ سے خوشی حاصل ہونے یا سازش کرنے یا شبہات میں واقع ہونے پر ہوتی ہے۔(۲) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کے دونوں آلے ذکر و فرج لگے ہیں تو اسکی تعبیر بھی مذکورہ تعبیر کی طرح ہے۔(۳) کسی خنثیٰ نے خواب دیکھا کہ اس کا صرف ذکر ہے فرج نہیں ہے تو جس گناہ میں مبتلا ہے اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے توبہ کرنے اور اس کو بالکلیہ بالکل ترک کرنے اور صرف ایک حالت کی طرف رجوع کرنے کی علامت ہے۔
(۴) اگر وہ شخص شادی شدہ ہے تو بیوی سے یا دوسرے احباب سے یا والدہ سے جدا ہونے کی دلیل ہے۔

## خد (رخسار)

(۱) دونوں رخساروں کی دلالت ان چیزوں پر ہوتی ہے جن سے انسان خود کو مزین کرتا ہے یا ان چیزوں پر دلالت کرتے ہیں جن سے محبت کرتا ہے۔ (۲) کبھی رخساروں کی دلالت ان کو بوسہ دینے والے انسان پر بھی ہوتی ہے۔ چنانچہ ان میں کوئی حادثہ واقع ہونا ان لوگوں میں حادثہ واقع ہونے کی علامت ہے جو اس پر بوسہ دیتے ہیں۔ (۳) کبھی رخسار کی دلالت ذلت و مسکنت پر ہوتی ہے جب اس پر مٹی اور غبار لگے ہوں۔ (۴) اہل اللہ کے رخسار دیکھنا زیادت رفعت پر دلالت کرتے ہیں۔

## خضاب (وہ رنگ جس سے رنگا جائے)

اس کی تعبیر ستر ڈھانپنا ہے (۱) خواب میں ڈاڑھی کو خضاب لگانا دکھلا وے اور عمل میں تدلیس کرنے کی علامت ہے۔ (۲) خضاب کے مستحق لوگوں کا خواب میں خضاب لگانا اپنے دشمنوں کو ذلیل کرنے اور نعمتوں کو ظاہر کرنے اور دشمنوں سے بے خوف ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ اور اگر خضاب لگانے کے لائق نہ ہوں تو یہ خواب ان کے لئے غموم و تکالیف' قرض اور احباب کو چھوڑنے کی علامت ہے۔ (۳) عورت کے سر میں خضاب لگانے کی تعبیر ڈاڑھی کو خضاب لگانے کی تعبیر کی طرح ہے (۴) سفید بالوں کو خضاب لگانا قوت و طاقت اور عزت پر دلالت کرتا ہے۔ (۵) خواب میں ڈاڑھی کو مہندی کا خضاب لگایا اور ڈاڑھی کا اس رنگ کو اپنے اندر جذب کرنا صاحب خواب کے سنت رسول اللہ ﷺ پر عمل پیدا ہونے کی طرف اشارہ کرتا ہے (۶) صرف سر کے بالوں کو خضاب لگانا اور ڈاڑھی کو خضاب نہ لگانا اپنے سردار کے مال کی حفاظت کرنے کی علامت ہے۔ (۷) سر اور ڈاڑھی دونوں کو خضاب لگانا فقر کو چھپا کر لوگوں میں عزت تلاش کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۸) بالوں کا خضاب کو اپنے اندر جذب کرنا عزت کے لوٹ آنے' زیادہ باقی نہ رہنے اور قناعت کے ساتھ زمین بونے کی علامت ہے۔ (۹) خواب میں معروف خضاب کے علاوہ دوسری کوئی چیز مثلاً چونا' مٹی یا اسی جیسی کوئی اور چیز لگانا اور اس کا بالوں میں رنگ پکڑنا اپنے آپ کو کسی محال کام میں لگانے پر دلالت کرتا اور اگر یہ رنگ بالوں میں جذب نہ ہو تو تعبیر یہ ہے کہ صاحب خواب اپنی حالت کی تشہیر کریگا اور اس کو نہیں چھپائے گا۔ (۱۰) کبھی مہندی کا خضاب لگانا اور اس کا رنگ پکڑنا صاحب خواب کے جاہل اور غافل ہونے پھر توبہ کرنے اور اپنی گمراہی سے رجوع کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۱) کسی شخص نے خواب دیکھا کہ اس کی انگلیوں پر مہندی لگی ہوئی ہے تو اس کے تسبیح پڑھنے کی علامت ہے۔ اور ہتھیلی کو مہندی سے رنگنا کثرت معیشت پر دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱۲) خواب دیکھا کہ اس کا دائیں ہاتھ میں بہت زیادہ رنگ لگا ہوا ہے تو دلیل ہے وہ کسی کو قتل کریگا۔ (۱۳) خواب دیکھا کہ اس کے دونوں ہاتوں پر خضاب لگا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے قبضہ میں جو کچھ ہے خیر ہو یا شر' حرفت ہو یا مال یا کمائی وغیرہ ہو سب کو لوگوں کے سامنے ظاہر کریگا۔ (۱۴) خواب دیکھا کہ اس کے دونوں ہاتوں میں مہندی سے نقش لگائے گئے تو دلیل ہے کہ وہ کسی ضرورت کی بنا پر یا قلتِ مال کی وجہ سے حیلہ کریگا اس سے اس کا اپنے دشمن خوشی کا اظہار کریگا یا دلیل ہے صاحب خواب اپنے ہاتھ کی کمائی سے مشہور ہوگا اور ذلت میں مبتلا ہوگا۔ (۱۴) عورت کے ہاتوں کا مہندی سے منقش ہونا درست کام کے ذریعے اپنے جمال کے سلسلے میں حیلہ کرنے کی علامت ہے۔ (۱۵) اس نقش کا سونے سے ہونا مہذب طریقے سے حیلہ کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۶) اگر نقش مٹی سے ہے تو اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۷) عورت کا خواب میں اپنے ہاتھ کو مہندی سے رنگا ہوا دیکھنا اس کے شوہر کے اس کے ساتھ حسن سلوک کی علامت ہے۔ (۱۸) کسی عورت نے خواب دیکھا کہ وہ اپنے ہاتھوں میں مہندی لگا رہی ہے اور ہاتھ پر رنگ نہیں لگ رہا ہے تو تعبیر ہے کہ اس کا شوہر اس کے ساتھ محبت کا اظہار نہیں کر رہا ہے۔ (۱۹) عورت کا خواب میں اپنے دونوں ہاتھوں میں ایسے نقش دیکھنا جو آپس میں مختلط ہو گئے ہوں اولاد کی طرف سے تکلیف پہنچنے کی دلیل ہے۔ (۲۰) خواب میں کسی مرد کے ہاتھوں کا سونے کے نقش سے منقش ہونا اس کے ساتھ سازش کرنے اور اس کے مال و معیشت کے تباہ ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۱) عورت کا خواب میں اپنے ہاتھ کو سونے کے پانی سے رنگا ہوا دیکھنا اپنے مال کو شوہر کے حوالہ کرنے کی دلیل ہے تاکہ وہ اس کو کھائے اور شوہر کی طرف سے اس کو فرحت قوت اور دولت ملے گی۔ (۲۲) خواب میں دونوں پیروں کو خضاب لگنا اور منقوش ہونا رشتہ داروں کی طرف سے تکلیف پہنچنے کی دلیل ہے۔ (۲۳) عورت کے لئے یہ شوہر کی طرف سے مصیبت پہنچنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۴) خضاب شدہ ہاتھ تکلیف دہ معیشت پر دلالت کرتا ہے (۲۵) خواب میں مردار سے اپنے ہاتھ کو رنگنا فتنہ میں پڑ جانے کی دلیل ہے۔ (۲۶) کبھی خواب میں دونوں ہاتوں کا رنگیں ہونا اپنے قبضہ سے مال کے ہلاک ہونے یا اپنی صنعت کے برباد ہونے کی علامت ہے۔ (۲۷) خواب میں ہاتوں کا رنگیں ہونے کے ساتھ کسی کپڑے کے ٹکڑے سے بندھا ہوا ہونا کسی جھگڑے میں مقہور ہونے اور دشمن سے عاجز آجانے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۸) ہاتھ کی انگلیوں کا مہندی سے رنگین ہونا کھجور یا انگور ملنے کی دلیل ہے۔ (۲۹) خضاب حد سے زیادہ نہ لگا ہو بلکہ عام عادت کے مطابق ہو تو مرد و عورت دونوں کے لئے دلیل فرحت ہے۔ (۳۰) کبھی خضاب لگانا اپنے اعمال طاعات کو پوشیدہ رکھنے اور اپنی محتاجی کو لوگوں کی نظروں سے چھپانے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۳۱) مسلمانوں کے خضاب کے علاوہ دوسرا کوئی خضاب لگانا ریا اور تصنع پر دلالت کرتا ہے چنانچہ اگر خضاب لگ جائے تو اس کی یہ راز پوشیدہ رہنے اور نہ لگے تو اُس کے ظاہر ہونے کی علامت ہے۔ (۳۲) ہاتوں اور پیروں کا رنگین ہونا اس میں غلاموں اور اولاد کے غیر شرعی لباس مثلاً ریشمی کپڑے اور سونا وغیرہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



استعمال کرنے کی دلیل ہے۔(۳۳) اگر فقیر یہ دیکھے تو یہ خواب اس کے وضوء کے خراب ہونے اور نماز کو چھوڑنے پر دلالت کرتا ہے۔(۳۴) خضاب کی تعبیر عورتوں کے لئے سرور' خوبصورت لباس اور خوشی کی علامت ہے۔اس لئے کہ یہ خوشیوں کے مواقع میں ان کی زینت ہے۔(۳۵) کبھی ہاتوں میں خضاب لگا دیکھنا سیر وسفر کی علامت ہوتا ہے۔(۳۶) ہاتوں اور پیروں میں لگے خضاب کا مقررہ جگہوں سے متجاوز ہونا بقدر تجاوز مال یا ساتھی کی طرف سے سخت خوف پہنچنے کی علامت ہے۔ (۳۷) کبھی مہندی کے علاوہ دوسرا کوئی خضاب لگانا پسندیدہ عمل پیش ہونے یا اپنے مال کے ذریعے اپنی حالت کو پوشیدہ رکھنے کی علامت ہوتا ہے۔(۳۸) کبھی مہندی یا رسم نامی گھاس کا خضاب لگانا مریض کے مرض سے ٹھیک ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۳۹) بالوں کو کالے رنگ سے رنگنا صاحب خواب کے حال اور اعمال کے فاسد ہونے پر دلالت کرتا ہے۔اس لئے کہ کہا جاتا ہے کہ سب سے پہلے کالا خضاب استعمال کرنے والا فرعون تھا۔(۴۰) کبھی خضاب لگانا اپنی جہالت کے معاملات کو چھپانے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## خفقان القلب (گھبراہٹ بے چینی)

اس کی دلالت کسی چیز کو ترک کرنے پر ہوتی ہے۔چنانچہ خواب میں دل کا گھبرا جانا خصومت یا سفر کو یا شادی کرنے کو ترک کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## خناق (پھندا)

خواب دیکھا کہ اس کو پھندا ڈالا گیا تو دلیل ہے کہ کسی امانت کے ذمہ اٹھانے کی بنا پر مقہور ہوگا' اور اگر کسی اور سبب سے ایسا ہو تو دلیل ہے کہ اس کو ظلم کی بنا پر سزا ملیگی۔اور اس کا شدت اختیار کرنا اس امانت یا ولایت سے فائدے حاصل کرنے کی اجرت کا اس سے مطالبہ کیا جائے گا۔اور اگر اس پھندے سے مر گیا تو یہ اس کے مغلوب ہونے اور محتاج ہونے کی علامت ہے۔اور پھندے سے مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونا اس کے فقیر ہونے اور اس کے بدلے اللہ تعالیٰ کے طرف سے بدلہ دعوض ملنے اور مستغنی ہونے اور اپنے اوپر ظلم کرنے والے پر غلبہ پانے کی علامت ہے۔(۲) خواب میں اپنے آپ کو پھندے میں معلق کرنا غم وحزن میں مبتلا ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۳) کبھی یہ خواب اس بات کی دلیل ہے کہ جس مکان میں پھندا ڈالا ہے اس میں اقامت اختیار نہیں کریگا اور نہ ہی اپنے گھر میں اقامت پذیر ہوگا۔ (۴) خواب میں دارالخناق یعنی دمے کی بیماری میں مبتلا ہونا گھر یا دکان کی وجہ سے راحت کے ختم ہونے کی دلیل ہے۔(۵) کبھی اس کی دلالت مطالبہ قرض اور معاملہ کے تنگ ہونے پر بھی ہے۔

## خرس (گونگا ہونا)

(۱) اس کی دلالت دین میں فساد واقع ہونے پر ہوتی ہے۔(۱) چنانچہ خواب میں دیکھا کہ وہ گونگا ہوا ہے' تو دلیل ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کہ وہ صحابہ کرامؓ کو گالی دیگا یا علامت ہے کہ شریف لوگوں کی غیبت کا مرتکب ہوگا۔ یا اس کے فاسق ہونے کی علامت ہے مادرزاد گونگے کی دلالت جاہل پر ہوتی ہے۔ (۳) حاکم کا خواب میں گونگا ہونا اس کی حجت کے باطل ہونے کی علامت ہے۔ یا کلام کی ضرورت کے موقع پر خاموش رہنے کی دلیل ہے مثلاً گواہی وغیرہ دینے کے مواقع میں۔ (۴) اور حاکم کے لئے گونگا ہونا حکمرانی سے معزول ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۵) البتہ عورت کے لئے اس کی تعبیر اچھی ہے۔ (۶) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کی زبان بند ہوگئی ہے تو دلیل ہے وہ فصاحت وفقاہت اور رزق سے بہرہ مند ہوگا اور اپنے دشمنوں پر غلبہ پائے گا۔

## خصام (لڑنا جھگڑنا)

(۱) آپس میں لڑنے والوں کے لئے خواب میں لڑنا دلیل صلح ہے۔ (۲) اور آپس میں صلح کرنے والوں کے لئے شر، غم وحزن کی علامت ہے۔ (۳) خواب میں لڑائی کرنا کبھی عمل کے باطل ہونے کی بھی علامت ہوتا ہے۔ (۴) خواب میں بادشاہ سے مخاصمت کرنا قلبی سرور اور پشت کے مضبوط ہونے کی علامت ہے۔ (۵) کبھی خواب میں مخاصمت اللہ تعالیٰ کی آیات میں آپس میں مباحثہ ومجادلہ کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۰) کبھی مخاصمت اسلامی ملک کے کافر باشندوں پر ظلم کرنے پر دلالت کرتی ہے۔

## خدش (خراش)

(۱) اس کی دلالت مال کو نقصان کرنے پر ہوتی ہے چنانچہ کسی نے خواب دیکھا کہ کسی شخص نے اس کو زخمی کر دیا تو دلیل ہے کہ وہ شخص اس کے مال یا رشتہ داروں کو ضرر پہنچائے گا۔ (۲) اگر اس زخم میں ورم، پیپ، اور خون آلود پیپ ہو تو دلیل ہے کہ زخمی کرنے والا زخمی ہونے والے کے بارے میں ایسا کلام کریگا جس کے بعد زخم خوردہ کو بہت سارا مال ملیگا۔ (۳) خواب میں پیشانی کا زخمی ہونا جلد مرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۴) کبھی زخم بری شہرت پر بھی دلالت کرتا ہے۔ مثلاً بخل، کفر، فسق وغیرہ۔ (۵) کبھی زخم کی دلالت بدزبانی پر اور طعنہ دینے پر بھی ہوتی ہے۔

## خدر (اعضاء کا سن ہونا)

خواب میں ہاتھ یا جسم کے کسی عضو کا سن ہوجانا جن پر وہ عضو دلالت کرتا ہے وہ اس کی امیدوں پر پانی پھیر دیگا۔ اور اس کو ڈرائیگا۔

## خیانۃ (خیانت)

(۱) اصحابِ اموال کے لئے خیانت ان کے محتاج ہونے پر دلالت کرتی ہے۔ (۲) خیانت کی تعبیر زنا بھی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## خسارہ (نقصان ہونا)

خواب میں متعین نفع میں خسارہ ہونا عقیدے کے فاسد ہونے یا ہدایت کے بعد کفر میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے اور خسارہ کی دلالت انسان سے سرزد ہونے والے گناہوں پر بھی ہوتی ہے۔

## خوف (ڈرنا)

(۱) اسکی تعبیر امن سے کی جاتی ہے۔ اور خوف کی دلالت توبہ پر بھی ہوتی ہے اس لئے کہ خائف تائب ہوتا ہے۔ (۲) کہا گیا ہے کہ کسی سے خواب میں ڈر اور خوف سے بھاگنے لگا' دلیل ہے کہ صاحبِ خواب ریاست پائے گا۔ (۳) خواب میں خوف کا انتظار کرنا لڑائی جھگڑے کی دلیل ہے۔ (۴) خواب دیکھا کہ وہ خائف ہے اور کوئی کہنے والا اس سے کہہ رہا ہے کہ تو مت ڈر اس لئے کہ تو نہیں مریگا البتہ زندگی گذارنے کی طاقت نہیں رکھ سکے گا۔ تو تعبیر ہے کہ وہ نابینا ہو جائیگا۔ (۵) خواب دیکھا کہ اس کو اللہ تعالیٰ سے ڈرایا جارہا ہے اور وہ نہیں ڈر رہا ہے تو تعبیر ہے' کہ ڈرایا جانے والا امن وشہرت پائیگا اور ڈرانے والا نقصان میں مبتلا ہوگا۔

## خداع (فریب کرنا)

خواب دیکھا کوئی شخص اس کے ساتھ فریب کا معاملہ کر رہا ہے تو دلیل ہے اللہ تعالیٰ کی مدد اس کے ساتھ شامل حال ہوگی۔ اور فریب کرنے والا مغلوب اور فریب خوردہ منصور ہوگا۔

## خسف (دھنس جانا)

(۱) اس کی دلالت بادشاہ کی طرف سے دھمکی پر ہوتی ہے۔ (۲) خواب دیکھا کہ زمین اس کو اپنے ساتھ لے کر دھنس گئی تو تعبیر ہے وہ عذاب میں مبتلا ہوگا۔ (۳) کسی طرف سے زمین کا دھنس جانا اس طرف کے لوگوں پر مرض شدید یا ٹڈیوں کا عذاب یا سخت سردی اور قحط اور خوف شدید کا عذاب آنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۴) اہل شر کے لئے زمین میں دھنس جانا نزول عذاب یا ایسے سفرِ بعید کی علامت ہے جس کے بعد واپس لوٹنا نہ ہو۔

## خراب (ویرانی)

(۱) اس کی دلالت رشتہ داروں کی جماعت کے منتشر ہونے پر ہوتی ہے۔ (۲) شہر کا ویران ہونا اس کے بادشاہ کے مرنے یا لوگوں پر اس کے ظلم کرنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۳) اسی طرح خواب میں بادشاہ کو مرتے دیکھنا شہر کی بربادی کی دلیل ہے۔ (۴) خواب میں خود کو کسی ویرانے میں پانا ایسی قوم کے ساتھ پالا پڑنے کی علامت ہے جس پر اس کا بس نہ چلتا ہو۔ (۵) خواب میں زلزلے سے شہر کا برباد ہونا بادشاہ کی طرف سے کسی کو قتل کرنے کا حکم صادر کرنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یا شریف ومعزز لوگوں کی عزتوں میں کمی واقع ہونے کی دلیل ہے (۶) کسی آباد بستی کو اجڑتے ہوئے اور اس کی کھیتوں کی فصلوں کو معطل ہوتے ہوئے دیکھنا وہاں کے رہنے والوں کے گمراہ ہونے یا ان پر کوئی آفت آنے کی علامت ہے۔ (۷) بستی کو آباد دیکھنا اس کے رہنے والوں کے دینی درستگی کی دلیل ہے۔ (۸) خواب دیکھا کہ پوری دنیا کے مکانات اور فصلیں خراب ہو گئے ہیں اور خود کو بہترین ہیئت اور خوبصورت لباس اور سواری پر ویرانے میں دیکھے تو یہ اس کی دنیا ہے جو گمراہی کے ساتھ اس کو ملیگی۔ (۹) گھر کی دیواروں کا سیلاب کی وجہ سے برباد ہونا بیوی کی موت کی علامت ہے۔ (۱۰) خواب دیکھا کہ اس کا گھر اس کے اوپر گر گیا اور گرد وغبار اٹھا' تو یہ چیچک جیسی بیماری میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔ (۱۱) کبھی چھت گرنا سخت تکلیف پہنچنے کی دلیل ہوتا ہے۔ (۱۲) خواب دیکھا کہ برباد جگہ آباد ہو گئی ہے تو یہ صاحب جگہ کی دینی درستگی اور گمراہی سے رجوع کر کے ہدایت کی طرف آنے کی دلیل ہے۔ (۱۳) گھر' کمرہ وغیرہ کی چیزوں کا اندر گرنا گھر سے کسی غائب شخص کے آنے کی دلیل ہے یا علامت ہے اس کی بیٹی یا بہن کی شادی کا بندوبست ہوگا۔ (۱۴) کسی مکان کا ہوا کی وجہ سے گرنا' ظالم بادشاہ کے ہاتھوں اس گھر میں کسی کی موت واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۵) خواب دیکھا کہ وہ کسی پرانے مکان کو گرا رہا ہے تو تعبیر ہے غم وشر اور مصیبت میں مبتلا ہوگا۔ (۱۶) خواب دیکھا کہ اس کا پورا گھر یا اس کا کچھ حصہ اس کے اوپر گر گیا تو دلیل ہے کہ اس گھر میں کسی کا انتقال ہوگا یا دلیل ہے صاحب مکان پر کوئی بڑی مصیبت آئیگی یا کوئی بڑا برا حادثہ واقع ہوگا۔ (۱۷) کسی عورت نے خواب دیکھا کہ اسکے کمرے کی چھت منہدم ہو گئی تو یہ اسکے شوہر کی موت کی دلیل ہے۔ (۱۸) کسی مقام یا آباد مکان کا برباد ہونا اسکے رہنے والوں پر مصیبت آنے کی علامت ہے۔ (۱۹) گھر کے ستون کا ٹوٹ جانا یا گر جانا صاحب گھر یا صاحب گھر کے کسی عزیز کی موت کی علامت ہے۔ (۲۰) دیوار میں سے کچھ گرنا یا منہدم ہونا مصیبت پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۱) کسی بادشاہ کا خواب میں اپنے گھر کو منہدم ہوتے دیکھنا ہر حالت میں عزت کی دلیل ہے۔

## خباء (خیمہ)

اسکی دلالت نفاق اور برے اعمال سے خود کو چھپانے پر ہوتی ہے۔

## ختم (مہر لگانا)

(۱) سانچے میں ڈالکر بنائی ہوئی مہر کسی جنی کے ہاتھ میں دیکھنا کانوں یا آنکھوں یا ہونٹوں یا دلوں پر مہر لگانا اللہ تعالی کی ناراضگی کی علامت ہے۔ (۲) خواب دیکھا کہ اسکے ہاتھ میں مہر ہے اور اسے وہ اپنے مالوں اور غلوں پر نشان لگا رہا ہے اگر وہ حکمرانی کا اہل ہے تو وہ حکمرانی پر فائز ہوگا اور اگر فقیر یہ خواب دیکھے تو غنی ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## خزم (موتی پرونا)

خواب میں موتی پرونا ظلم اور غفلت پر دلالت کرتا ہے اور کبھی اسکی دلالت موتی پرونے والے کے منافع کے ختم ہونے پر بھی ہوتی ہے۔ (۲) اونٹ یا کسی اور کی ناک چھیدنا رزق اور دشمنوں پر غلبہ پانے پر دلالت کرتا ہے۔

## خدمة الفقراء والصالحین (فقراء و صالحین کی خدمت کرنا)

(۱) خواب میں نیک لوگوں کی خدمت کرنا ان سے تواضع کے ساتھ پیش آنا ان کے حکموں کو بجالانے کے لئے ان کے ساتھ کھڑا ہونا اللہ تعالی کے ہاں سے وافر حصہ ملنے اور آخر خاتمہ بالایمان ہونے اور نیک لوگوں کی صحبت نصیب ہونے کی بشارت ہے۔ (۲) کبھی اس خواب کی دلالت ان لوگوں کے رتبہ کو پہنچنے پر بھی ہوتی ہے۔

## خمول (گمنام ہونا/ بے قدر رہنا)

(۱) خواب میں انسان کا اپنے آپ کو گمنام حالت میں دیکھنا اچھے ارادے سے گمنامی کی طرف آنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) کبھی اسکی دلالت رزق اور عمر کے ختم ہونے پر بھی ہوتی ہے۔

## خلع الرجل امرأته (بیوی کے ساتھ خلع کرنا)

(۱) خواب میں بیوی کے ساتھ خلع کرنا موت یا عزل یا سفر کی وجہ سے فرقت واقع ہونے کی علامت ہے اللہ تعالی کا فرمان ہے (هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ) تمہاری بیوی تمہارے لئے پردہ ہے اور تم ان کے لئے لباس ہو)۔ (۲) کبھی خواب میں خلع کرنا واپس لوٹانے کی شرط پر بیع کرنے اور کبھی مرتد ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

## خلية النحل (شہد کا چھتہ)

(۱) خواب میں شہد کے چھتے کا مالک ہونا صاحب زوجہ ہونے کی علامت ہے اور اسکی مکھیاں اسکے بچوں پر اور شہد مال پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) کبھی شہد کے چھتے کی دلالت قلعہ پر اور شہد کی مکھیاں اس میں رہنے والے لوگوں اور شہد کی دلالت اسمیں موجود مال پر ہوتی ہے۔ (۳) کبھی اسکی دلالت غم و حزن سے خالی ہونے پر بھی ہوتی ہے اور کبھی یہ خواب عبادت و طاعت کے لئے تخلیہ اختیار کرنے کی بھی علامت ہوتا ہے۔

## خلیج

(۱) خلیج کی دلالت تابعداروں اور دورازوں پر ہوتی ہے۔ (۲) سمندر کے کم ہونے کے دنوں میں خلیج کا زیادہ ہونا بادشاہ کے خلاف خروج کرنے اور اسکی اطاعت سے نکلنے کی دلیل ہے اور یہی تعبیر پانی کے زیادہ ہونے کے اوقات

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تیں خلیج کے کم ہونے کی ہے۔(۳) کبھی خلیج کی دلالت درمیانی بہتری اور خیر پر بھی ہوتی ہے۔

## خطاف (ابابیل)

(۱) اسکی تعبیر مال' مبارک مرد کی بابرکت عورت' قاری قرآن بیٹے سے کی جاتی ہے۔(۲) خواب دیکھا کہ اس نے ابابیل پکڑلیا ہے تو دلیل ہے وہ حرام مال لے گا۔(۳) دیکھا کہ اس کا گھر ابابیلوں سے بھر گیا ہے تو مال حلال ملنے کی دلیل ہے۔(۴) بعض علماء تعبیر کی رائے ہے کہ ابابیل مومن' ادیب' متقی اور محبت والے آدمی کی علامت ہے۔(۵) خواب دیکھا کہ ابابیل نے اسکو فائدہ پہنچایا ہے تو دلیل ہے اس کو کوئی غمخوار ملے گا۔(۶) خواب میں ابابیل کا گوشت کھانا کسی جھگڑے میں پڑنے کی علامت ہے۔(۷) خواب میں گھر سے ابابیل کا نکلنا سفر کی وجہ سے رشتہ داروں کی جدائی پر دلالت کرتا ہے۔(۸) کبھی ابابیل کی دلالت گویوں پر بھی ہوتی ہے کبھی ابابیل کی دلالت مندرجہ ذیل پر بھی ہوتی ہے موت' حزنِ کثیر' اچھا عمل' حرکت' گانا بجانا خاص کر اسکی دلالت شادی میں خیر کثیر پر ہوتی ہے اس لئے کہ وہ امانت دار سلیقہ مند عورت سے شادی کرنے پر دلالت کرتا ہے۔(۹) خواب میں ابابیل بننا گھر میں چور داخل ہونے کی طرف اشارہ دیتا ہے۔(۱۰) اس کی دلالت' امن اور راحت پر بھی ہوتی ہے۔(۱۱) خواب میں ابابیل ملنا وحشت سے مامون ہونے اور مستریح ہونے کی علامت ہے۔(۱۲) خواب میں ابابیل کا مرجانا عمل خیر کرنے کی طرف تنبیہ ہے۔

## خفاش (چمگادڑ)

(۱) چمگادڑ عبادت گزار شخص کی علامت ہے کبھی چمگادڑ قوت اور خوف کے دور ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۲) رسی فروش کے لئے اسکی تعبیر اچھی ہے اور مسافر کے لئے اسے دیکھنا کوئی اچھا شگون نہیں ہے۔(۳) کبھی اسکی دلالت گھر کے ویران ہونے پر بھی ہوتی ہے۔(۴) بعض اہل تعبیر کی رائے کے مطابق چمگادڑ عبادت میں سحر کرنے والی عورت کی علامت ہے۔(۵) کبھی اسکی دلالت ظالم قسم کے حرمان والے آدمی پر ہوتی ہے۔

## خنسفاء (گرم علاقوں میں رہنے والا چھوٹی دم والا جانور)

(۱) اسکی دلالت بغض کرنے والے گندے شخص پر ہوتی ہے۔(۲) مذکر خنسفاء اشرار قسم کے خادم اور مؤنث کی دلالت نفاس والی عورتوں کے انتقال پر ہوتی ہے۔(۳) کبھی اسکی دلالت لجاجت کرنے والی بے فائدہ عورت پر ہوتی ہے۔(۴) خواب میں کسی کو خنسفاء ملنا اس جیسی عورت ملنے کی علامت ہے۔(۵) خواب میں خنسفاء کا بچھو میں تبدیل ہونا ایسے دشمن پر دلالت کرتا ہے جس سے دشمنی کے لئے کچھ امید وابستہ کی ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## خلد ( چھچھوندر )

(۱) خواب میں اسکی رؤیت اندھا ہونے' متفرق ہونے اور حیران ہونے' چھپ جانے' راستہ کے تنگ ہونے' کان درد کرنے والے کے لئے اس میں حرکت پیدا ہونے کی علامت ہے۔(۲) خواب میں میت کے ساتھ اسکو دیکھنا آگ پر دلالت کرتا ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿ وَذُوقُوا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴾ (اپنے کئے ہوئے گناہوں کے سبب ہمیشہ کے عذاب کو چکھو)۔(۳) کبھی اسی خواب کی تعبیر میت کے ''مقام جنت الخلد'' میں داخل ہونے سے کی جاتی ہے۔(۴) کبھی اسکی رؤیت اشیاء کے برقرار رہنے کی علامت ہوتی ہے۔(۵) کبھی اسکی دلالت نابینا فقیر آدمی پر ہوتی ہے اور کبھی اس کی دلالت مکار فاسق شخص پر ہوتی ہے۔(۶) کبھی اسکی دلالت امانت میں برقرار رہنے کی علامت ہے۔

## خنزیر (سور)

(۱) خواب میں اس کی دلالت ایک ملعون' سازشی' مصائب کے وقت جزع وفزع کرنے والے اور اپنی بات کی خلاف ورزی کرنے والے دشمن پر ہوتی ہے۔(۲) خواب میں خنزیر پر سوار ہونا مال کثیر کے مالک ہونے کی علامت ہے۔
(۳) خواب میں خنزیر کا گوشت کھانا جاننے کے باوجود حرام مال کھانے کی علامت ہے۔(۴) سور کا پکا گوشت کھانا تجارت کے ذریعے حرام مال کھانے کی طرف اشارہ ہے۔(۵) یہی تعبیر بھنا ہوا گوشت کھانے کی ہے۔(۶) خواب دیکھا کہ خنزیر کی طرح چل رہا ہے تو دلیل ہے جلدی اسکی آنکھیں ٹھنڈی ہو جائیں گی۔(۷) خشکی میں رہنے والا خنزیر مسافر کے لئے باران اور سخت سردی کی علامت ہے۔(۸) اگر صاحب خصومت یہ خواب دیکھے تو دلیل ہے اس کا دشمن قوی اور طاقت ور جاہل اور قبیح الکلام مرد ہے۔(۹) دیہاتی شخص کا بری خنزیر دیکھنا تنگی اور شر پہنچنے کی علامت ہے۔
(۱۰) زمین پر کچھ بونے والا اگر خشکی کا سور دیکھے تو توقع کے مطابق مناسب انداز میں اس کا کام نہ ہونے کی دلیل ہے۔(۱۱) شادی کا خواہشمند شخص اگر بری سور دیکھے تو تعبیر ہے کہ اسکے مزاج کے موافق بیوی نہیں ملے گی بلکہ غیر موافق عورت سے نکاح ہوگا۔(۱۲) خواب میں خنزیر کا گوشت دیکھنا اچھا شگون ہے۔(۱۳) خواب میں خود خنزیر کا گوشت بنا کر کھانے کی تعبیر بہت اچھی ہے۔(۱۴) اپنے بستر پر خنزیر دیکھنا کسی یہودیہ عورت کے ساتھ جماع کرنے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۵) خنزیر کے بچوں کا مالک بننا یا ان کو دیکھنا غم میں مبتلا ہونے پر دلالت کرتا ہے۔
(۱۶) پالتو خنزیر خوشحالی اور ضروریات کی تکمیل کی دلیل ہے۔(۱۷) کبھی خنزیر دیکھنا یہود ونصاریٰ پر حکمرانی کرنے کی علامت ہے۔(۱۸) جس کا اپنی بیوی کے ساتھ جھگڑا چل رہا ہو اور وہ خواب میں خنزیر (مذکر ہو یا مؤنث) دیکھے تو وہ اپنی بیوی کو طلاق دیگا اور کبھی خنزیر کی دلالت شر' تکلیف اور اس کو حرام سمجھنے والے کے لئے مال حرام پر ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱۹) مادہ خنزیر دیکھنا زیادہ غسل کرنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۲۰) خنزیر سے تکلیف پہنچنا کسی عیسائی شخص کی طرف سے تکلیف پہنچنے کی دلیل ہے۔ (۲۱) بہت سارے سور دیکھنا بہت سارا مال ملنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۲) خواب میں خود کو سور بنا دیکھنا ذلت اور دینی کمزوری کے ساتھ مال اور خوشحالی نصیب ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۲۳) خنزیر کا گوشت اس کی چربی اس کے بال اس کی کھال گھٹیا حرام مال پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۴) اس کا دودھ پینا مال یا عقل میں فتور آنے پر دلیل ہے۔ (۲۵) اور سور پر سوار ہونا حکومت وقوت حاصل کرنے اور دشمن پر غالب آنے کی علامت ہے۔ (۲۶) سور کے ساتھ جھگڑا کرنا ظالم دشمن پر قابو پانے کی دلیل ہے۔ (۲۷) خنزیر کا گوشت کھانا خالص حرام مال ملنے یا کسی مصیبت کا مرتکب ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۸) چھوٹے چھوٹے سوروں کو اپنے گھر یا کمرے میں داخل ہوتے ہوئے دیکھنا بادشاہ کے خادموں کو اس کے پاس آنے کی علامت ہے اور اس سے ڈرنا چاہیے۔ (۲۹) اپنے گھر سے خنزیر کو نکال باہر کرنا سرکاری کام کو ترک کرنے کی دلیل ہے۔

## خروف (بکری کا بڑا بچہ)

(۱) اس کی دلالت فرمانبردار بیٹے پر ہوتی ہے چنانچہ خواب میں اس کا بطور ہبہ ملنا فرمان بردار بچہ کے تولد کی دلیل ہے' چھوٹے چھوٹے جانوروں کا مالک بننا غم پر دلالت کرتا ہے انسان کے بیٹوں کی دلالت دنیا پر ہوتی ہے۔ خواب میں اسے ذبح کرنا بچے یا کسی رشتہ دار کے مرنے پر دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب الدال

## حضرت داؤد علیہ السلام

(۱) خواب میں حضرت داؤد علیہ السلام کی زیارت قوت وسلطنت ملنے، غلطی کرنے کے بعد نادم ہوکر زہد اختیار کرنے اور کسی ظالم بادشاہ کے ظلم کا شکار ہوکر اس سے نجات حاصل کر کے ان کے مقابلے میں کامیابی ونصرت اور ملک وشرف نصیب ہونے کی دلیل ہے (۲) بعض علماءِ تعبیر کی رائے ہے کہ خواب میں حضرت داؤد علیہ السلام کی زیارت کرنے والا اپنے شہر کا حاکمِ عادل، رئیسِ فاضل یا قاضیِ منصف بنے گا (۳) اگر اس کے علاقے کا رئیس ظالم ہو تو اللہ تعالی اس کی جگہ ایک عادل رئیس اور ظالم قاضی کی جگہ عادل قاضی عطا فرمائیں گے اور اگر صاحب خواب خود قاضی بننے کی اہلیت رکھتا ہو تو وہ اس منصب پر فائز ہوگا (۴) حضرت داؤد علیہ السلام کی رؤیت خلافت پر بھی دلالت کرتی ہے۔ (۵) کبھی ان کی رؤیت عورتوں کے معاملے میں آزمائش میں مبتلاء ہونے اور ان کی طرف سے تکلیف پہنچنے کی بھی علامت ہوتی ہے (۶) کبھی ان کی رؤیت تلاوتِ قرآن، اللہ تعالی کی پاکی بیان کرنے اور خوش الحانی سے قرآن پڑھنے پر دلالت کرتی ہے اور کبھی ان کی زیارت کی تعبیر گناہوں کو چھوڑ کر اللہ تعالی کی طرف رجوع کرنے اور توبہ کی قبولیت سے بھی کی جاتی ہے۔ بسا اوقات رؤیتِ داؤد علیہ السلام اسلحہ سازی اور لوہے کا کام کرنے پر دلالت کرتی ہے نیز کبھی اس کی دلالت اس پر بھی ہوتی ہے جو لوہے کا کام کرتا ہو اور کبھی اس سے مشکلات کے آسان ہونے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ اور کبھی یہ خواب حسن انجام پر بھی دلالت کرتا ہے (۷) اگر حاکم وقاضی بننے کی صلاحیت رکھنے والا شخص خواب دیکھے کہ اسکی صورت حضرت داؤدؑ کی صورت میں تبدیل ہوگئی (۸) یا حضرت داؤدؑ کا لباس زیب تن کیا تو دلیل ہے کہ وہ قضا کے منصب پر فائز ہوگا (۹) اگر حکومت کی اہلیت نہیں رکھتا مگر لوہے کا کاروبار کرتا ہے تو اس کے لئے یہ خواب مالی فوائد کی علامت ہے (۱۰) اگر عام نیک شخص یہی خواب دیکھے تو یہ ازدیادِ خیر اور اللہ تعالیٰ کے سامنے کثرت سے گڑگڑانے اور خشوع خضوع کی بشارت ہے (۱۱) اگر ظالم شخص مذکورہ خواب دیکھے یا عام آدمی دیکھے کہ حضرت داؤدؑ ان کو دھمکا رہے ہیں اور ناراض ہیں اور ترش چہرے کے ساتھ اس سے مخاطب ہیں تو چاہیئے کہ صاحب خواب اللہ سے ڈرے اور اپنی حالت درست کرنے کی کوشش کرے۔

## حضرت دانیال علیہ السلام

(۱) خواب میں حضرت دانیالؑ کی زیارت علم التعبیر میں ماہر ہونے کی دلیل ہے اور بعض علماء تعبیر کی رائے ہے ان کی زیارت امیر یا وزیر بننے یا علم کی دولت سے سرفراز ہونے اور ظالم بادشاہ کی طرف سے تکلیف پہنچنے کے بعد اس پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قدرت حاصل کرنے کی دلیل ہے۔ (۲) خواب میں حضرت دانیالؑ کو اپنے کندھے پر اٹھا کر کسی جگہ پہنچانا یا ان کیساتھ گفتگو کرنا یا ان کی طرف سے خوشخبری ملنا یا ان کے ہاتھوں سے شہد چاٹنا فنِ تعبیر کا امام بننے کی دلیل ہے۔

## دُعا

(۱) خواب میں دعا کرنا بیداری میں عبادت کرنے یا خاص نماز پڑھنے کی طرف اشارہ ہے' اور خواب میں دعا کرنا اپنے مقصد کو حاصل کرنے یا بیٹا نصیب ہونے کی بھی بشارت ہے۔ (۲) آہ وزاری اور چیخ کر دعا کرنا مصائب اور فتنوں میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے (۳) کبھی رو رو کر دعا کرنا قلت باران کی طرف اشارہ ہوتا ہے دعا کی دلالت نماز پر بھی ہوتی ہے (۴) چنانچہ دعا اگر معروف ہو تو اسکی دلالت فرض نماز پر ہوتی ہے اور ذکر اللہ سے خالی دعا ریا کی علامت ہے۔ (۵) خواب میں آہستہ دعا کرنا مبارک بیٹا نصیب ہونے کی خبر دیتا ہے۔ (۶) خواب میں کسی قوم کو اجتماعی حالت میں دعا کرتے ہوئے دیکھنا اجتماع اولاد اور ان میں زیادتی' نعمتوں میں برکت' عزوشرف' آپس کی رقابتوں کی دوری کی بشارت ہے۔ (۷) دعا سے اجتناب کرنا محرم بننے کی دلیل ہے جیسا کہ احرام باندھنا دعا سے اجتناب کی علامت ہے۔ (۸) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ اللہ تعالی سے دعا کر رہا ہے یا اسکے لئے دعا مانگی جارہی ہے تو ایسا شخص قابل رشک ہے' اور کبھی خواب میں دعا کرنا ضروریات کے پوری ہونے کی علامت ہوتا ہے۔ کبھی دعا کرنا قبولیت کی بشارت ہے خصوصاً اگر دعاء مسجد یا کسی اور مبارک مقام میں مانگی جائے۔ (۹) رات کے اندھیرے میں دعا مانگنے کی تعبیر غم سے نجات ملنے کی بشارت ہے۔ (۱۰) خواب میں کسی آدمی کو بلانا اسکے خوف سے ان سے انکساری کے ساتھ پیش آنے کی علامت ہے

## دنیا

دنیا کی تعبیر عورت ہے جیسا کہ عورت کی تعبیر دنیا سے کی جاتی ہے (۱) خواب میں ترک دنیا طلاقِ زوجہ پر دلیل ہے۔ (۲) کسی نے خواب دیکھا کہ سوائے اس کے تمام عالم ہلاک ہو گیا ہے تو صاحب خواب نابینا ہو گا (۳) خواب میں دنیا کا اسکے لئے ہموار ہونا اور اس کا حصول آسان ہونا محتاجی اور ہلاکت کی نشانی ہے۔ کبھی دنیا دیکھنے کی تعبیر مندرجہ ذیل چیزیں بھی ہو سکتی ہیں لہو ولعب' دھوکہ' سازش' محنت ومشقت' تھکاوٹ' آپس کی رنجیدگی' عہد شکنی' وغیرہ۔ کبھی اسکی دلالت زوجہ' مال اور ولد پر بھی ہوتی ہے کبھی اسکی دلالت کھیتی باڑی اور اس سے حاصل شدہ فوائد یا چوپائے اور ان سے حاصل شدہ منافع پر بھی ہوتی ہے۔ اور کبھی اسکی دلالت مندرجہ ذیل پر بھی ہوتی ہے مسافر کے لئے اترنے کا مقام' ویران جگہ' کمینی عورت' امرض' دائمی درد' نقصان میں پڑنا' تنگ زندگی' ذلت وہلکاپن' حکومت سے معزولی' حکمرانی ملنا' راہ راست' سرکشی' نصرت' محبوب' دوزخی آدمی وغیرہ۔ (۴) چنانچہ اچھی صورت میں دنیا کے ظہور کی مندرجہ بالا تعبیرات

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں سے کوئی ایک ہوگی (۵) دنیا کا قبیح صورت میں ظاہر ہونا صاحب خواب کے لئے عنایت الٰہی کی دلیل ہے۔
(۶) خواب میں دنیا سے منہ موڑنا دنیا میں زہد کی زندگی اختیار کرنے کی دلیل ہے۔ اور اس سے معانقہ کرنا یا اس سے مجامعت کرنا اپنے مقصد کو پانے کی علامت ہے (۷) خواب میں دنیا کو طلب کرنا اور دنیا کا اس سے بھاگنا یا اسکو روکنا فتنے میں واقع ہونے اور حصول دنیا میں مشقت کی طرف اشارہ ہے اور کبھی اسکی دلالت قرآن کریم پر بھی ہوتی ہے اس لئے کہ قرآن کریم دنیا کیلئے بدر کی مانند ہے۔

## دینار (سونے کا سکہ)

دینار کی تعبیر خالص دین اور علم ہے۔ (۱) ایک دینار کی دلالت خوبصورت بچے پر ہوتی ہے اور کثیر کی دلالت خزانہ‘ حکمت‘ ولایت‘ ادائے شہادت پر ہوتی ہے۔ خواب میں ایک دینار کو ضائع کرنا بچے کی موت یا فرض نماز ترک کرنے کی دلیل ہے۔ دراہم و دنانیر اللہ تعالیٰ کی رحمت ابلیس کے تیر اور بنی آدم کی ضرورت ہے چنانچہ خواب میں کثیر دنانیر ملنا‘ امانت اور صلوٰات کی علامت ہے۔ (۲) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ اپنے گھر یا ٹھکانے کی طرف دینار منتقل کر رہا ہے تو متفرق دینار اور لوگوں کی متعین کردہ رقم تقسیم کی جائے گی۔ (۳) اپنے ہاتھ میں ایک دینار دیکھنا کسی انسان کو امین بنانا اور اس کا اس میں پورے اترنے کی دلیل ہے۔ (۴) کھوٹے دینار دینی کمزوری کی علامت ہے اور دینار کا زرد ہونا دین میں کمی اور جھوٹ کی علامت اور پھیلے ہوئے دینار مکروہ قسم کے کلام سننے والے شخص پر دلالت کرتا ہے اور دینار کی دلالت کبھی کلام پر بھی ہوتی ہے اور کبھی اسکی تعبیر صدموں اور غموں سے بھی کی جاتی ہے (۵) گنتی میں پانچ دینار پانچوں وقت کی نمازوں پر دلالت کرتے ہیں چنانچہ ایک دینار ضائع کرنا ایک وقت کی نماز ترک کرنے کی طرف اشارہ ہے۔
(۶) خواب میں دینار کو نگل لینا امانت میں خیانت کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ امام محمد بن سیرینؒ سے مروی ہے کہ دنانیر کی تعبیر کتاب سے کی جاتی ہے اور کم مال والوں کے لئے دنانیر خیر کے قریب ہونے کی علامت ہے۔ اور کبھی دینار کی تعبیر دوزخی آدمی سے کی جاتی ہے یا ایسا شخص جو کسی ایک کے ساتھ برقرار نہیں رہ سکتا ہے اور کبھی دینار کی دلالت محبوب پر بھی ہوتی ہے اور کبھی اسکی دلالت آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرنے پر ہوتی ہے اور کبھی خوش کن خبروں پر ہوتی ہے اور کبھی دنانیر کی دلالت علوم‘ ایمان‘ ہدایت اور بادشاہ‘ کی خدمت پر ہوتی ہے (۷) معروف جفت عدد کے دنانیر مثلاً سو ۱۰۰ وغیرہ علم اور خاص کر اپنے ہاتھ سے کمائے ہوئے رزق پر دلالت کرتا ہے خواب میں کسی دینار کا اس کے ہاتھ سے ضائع ہونا غم و تکلیف کے دور ہونے کی علامت ہوتا ہے۔ (۸) خواب میں دنانیر لینا امانت کا بوجھ گلے میں ڈال دینے کی طرف اشارہ ہے اور ایک سے چار عدد تک کے دنانیر کی تعبیر اچھی ہے۔ اور بعض علماء کی رائے ہے کہ دنانیر کی دلالت عورتوں کی طرف سے ہونے والی باتوں پر بھی ہوتی ہے اور کثرت دینار جھگڑے سے حاصل شدہ مال

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی علامت ہے۔(۹) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کو معروف قسم کے دنانیر ملے ہیں تو بقدر دنانیر غم پہنچے گا اور مجہول قسم کے دینار ملنا جن کی تعداد معلوم نہ ہو سخت غم پر دلالت کرتا ہے۔(۱۰) خواب دیکھا کہ کسی نے اس کو دینار دیا تو یہ اسکی مظلومیت کی دلیل ہے (۱۱) جو صاحب خواب کا کسی اور شخص کو دینار دینا یا کسی شخص کے پاس ٹوٹے ہوئے دینار دیکھنا شدید لڑائی کی دلیل ہے۔(۱۲) اگر دینار کو زمین پر پڑا ہوا دیکھا تو شدید جنگ اور کسی سے جھگڑے کی دلیل ہے۔ (۱۳) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کو منقش دینار ملے ہیں تو بعض اہل وعیال اس کے معاملے کا اہتمام کریں گے اور ان کی طرف سے اس کو تکلیف پہنچے گی۔(۱۴) خواب میں میت کی طرف سے دینار ملنا ظلم سے محفوظ رہنے کی علامت ہے۔ کسی نے دیکھا کہ میت اسکو دینار دینا چاہتی ہے اور وہ اس سے نہیں لے رہا ہے تو وہ کسی کے ساتھ ظلم کرے گا یا اس کیساتھ ظلم کا معاملہ کیا جائے گا۔

## درہم

کسی کے ہاں حاملہ عورت ہو اور وہ درہم دیکھے تو بچے کی ولادت کی دلیل ہے۔(۱) بعض حضرات کی رائے ہے کہ درہم کی دلالت اللہ تعالی کے ذکر وتسبیح پر ہوتی ہے اور کبھی اسکی دلالت دردناک پٹائی پر ہوتی ہے۔(۲) کبھی خواب میں درہم ملنا بیداری میں اتنے ہی درہم ملنے کی دلیل ہے (۳) تھیلے یا بٹوے یا جراب میں بند دراہم ملنا دلیل ہے کہ اس کے پاس کوئی امانت رکھی جائے گی جس کی وہ حفاظت اتنی مدت تک کرے گا جتنے اس میں دراہم ہیں اور کبھی دراہم کی دلالت کلام پر بھی ہوتی ہے۔(۴) کھرے دراہم کی دلالت علم، اچھی باتیں، احتیاج کا ختم ہونا اور نماز کی ادئیگی پر ہوتی ہے۔ کبھی دراہم کی تعداد نیک اعمال کے عدد پر دلالت کرتی ہے نیز دراہم وسیع دنیا کی دلیل ہے۔(۵) بازو میں دراہم باندھا ہوا دیکھنا اس پیشہ کی علامت ہے جس کو صاحب خواب حاصل کرے گا۔ (۶) کسی نے خواب دیکھا کوئی شخص اسکے دراہم کا مقروض ہے تو اس شخص کو اس کے حق کی گواہی دینا لازمی ہے (۷) قرضوں کے دراہم کا ٹوٹا ہوا واپس کرنا گواہی سے اعراض کرنے کی علامت ہے۔(۸) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے ایک درہم ضائع کیا تو تعبیر ہے کہ وہ کسی ایسے جاہل کو نصیحت کرے گا جو اسکی نصیحت کو نہیں سنے گا اس لئے کہ اس نے صحیح کلام کو ضائع کیا۔ (۹) درہم و دنانیر کی آواز اچھی باتوں کی علامت ہوتی ہے (۱۰) منقش دراہم تقوی کی باتوں پر مشتمل کلام پر دلالت کرتا ہے۔

(۱۱) ایسے درہم اٹھانا جن پر تصویریں ہوں صاحب خواب کے بدعتی ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

(۱۲) ٹوٹے ہوئے درہم نہ ختم ہونے والی لڑائی کی علامت ہے (۱۳) درہم لینے کی تعبیر دینے کے مقابلے میں بہتر ہے۔ (۱۴) کسی نے دیکھا کہ اسکے پاس ۱۰ دس دراہم تھے مگر پانچ رہ گئے تو اتنی مقدار میں مال میں کمی کی دلیل ہے (۱۵) ۵ پانچ سے دس ہونا مال کی اتنی مقدار میں زیادتی کی علامت ہے (۱۶) دراہم میں زیادتی دیکھنا زیادتی مال

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور کمی دیکھنا کمی مال کی علامت ہے۔(۱۷) صاف ستھرے دراہم صاحب خواب کی دینی صفائی اور ہر ایک کے ساتھ حسن کلام کی دلیل ہے۔(۱۸) خواب میں بکھرے ہوئے دراہم دیکھنا حسن کلام کی علامت ہے۔(۱۹) خواب میں اپنے ہاتھوں کا فلس کے ساتھ تبدیل ہونا مفلس ہونے کی دلیل ہے اور فلس کا درہم میں تبدیل ہونا خیر' منافع اور نصیحت حاصل کرنے کی علامت ہے۔(۲۰) صاحب خواب کے ہاتھ میں ایک درہم کا نصف درہم میں تبدیل ہونا اسکے کل مال کے نصف حصہ ختم ہونے کا اشارہ ہے یہی تعبیر ہے ایک درہم کے ایک چوتھائی رہ جانے کی ہے۔(۲۱) درہم کا دینار میں تبدیل ہونا مزید کمائی کی دلیل ہے۔(۲۲) ہاتھ میں درہم کا سونے کے ٹکڑے میں بدل جانا مال کے چلے جانے کی طرف اشارہ ہوتا ہے اور درہم کا وجود راحت وسرور کی علامت ہوتا ہے(۲۳) کھوٹے درہم دھوکہ دہی جھوٹ' حرام کمانے' جل جانے اور گناہ کبیرہ کا ارتکاب کرنے کی علامت ہیں۔ (۲۴) خواب میں کسی کو نیا اور تازہ درہم ملنا دلیل ہے کہ اس پر رویا جائے گا۔(۲۵) اگر صاحب خواب نے خواب میں کسی دوسرے کو درہم دیا تو اس شخص پر رویا جائے گا۔

(۲۶) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کا ایک درہم ضائع ہوگیا ہے یا اس سے چوری کیا گیا تو اسکا بیٹا بیمار ہوگا یا کوئی ناپسندیدہ معاملہ درپیش ہوگا۔(۲۷) خواب میں درہم کا ہاتھ سے چھن جانا یا اس طرح ہاتھ سے نکلنا کہ واپسی کی کوئی امید نہ ہو تو صاحب خواب کا کوئی بیٹا مر جائے گا۔(۲۸) خواب میں درہم چوری کر کے صدقہ کرنا ایسی باتیں کرنے کی علامت ہے جسکو سننے والا کوئی نہ ہو۔ بعض علماء کی رائے ہے کہ خواب میں دراہم دیکھنا شر کی علامت ہے اور کھوٹے سکے برے کلام پر دلالت کرتے ہیں اور کبھی دراہم کی دلالت علاج کے لئے کئے جانے والے مرہم پر بھی ہوتی ہے اور غمگین کے غم کو دور کرنے اور کبھی غموں پر بھی دلالت کرتے ہیں۔(۲۹) کھوٹے دراہم' قول وفعل کے ذریعے دھوکہ دینے اور دکھاوے کے لئے عمل کرنے کی دلیل ہے۔ اچھے دراہم کی دلالت ولایت اور جمع شدہ مال پر ہوتی ہے۔ اور کبھی اسکی دلالت قید اور مار پٹائی پر بھی ہوتی ہے' کبھی یہ خواب بیع وشراء پر بھی دلالت کرتا ہے نیز اسکی تعبیر خوف سے امن اور رزق کی کشادگی پر بھی ہوتی ہے۔ دنانیر کے ساتھ دراہم کا مخلوط دیکھنا قبولیت دعا ضرویات پورا ہونے اور امراض سے شفا پانے کی دلیل ہے۔ اور کھوٹے دراہم فضول باتوں اور بے فائدہ خادم پر دلالت کرتے ہیں اور ان کی دلالت زبردستی اپنی ضرریات کو پورا کرنے پر بھی ہوتی ہے۔

## دہلیز (ڈیوڑھی)

اسکی دلالت ایسے خادم پر ہوتی ہے جسکی باتوں سے بڑے پیچیدہ مسائل حل ہونگے۔(۱) اسکی دلالت مندرجہ ذیل پر بھی ہوتی ہے۔ دربان' محافظ' جنت یا جہنم تک پہنچانے والا عمل' منزل مقصود تک رسائی کرانے والی سواری' قبر جنت وجہنم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے لئے دہلیز کی حیثیت رکھتی ہے۔ مریض کا چلنا اپاہج معیشت کی دلیل ہے۔ دہلیز کی کشادگی اور روشنی وخوبصورتی صاحب خواب کے حسن عاقبت اور اس کا اندھیرا اور تنگ ہونا انجامِ بد کی دلیل ہے۔

## دار (گھر)

خواب میں گھر دیکھنے کی تعبیر دنیا سے کی جاتی ہے (۱) کسی نے خواب میں ایک نیا گھر دیکھا جسمیں اسکی تمام چیزیں مکمل ہوگئی ہوں تو صاحب خواب کی حالت کے اعتبار سے اسکی تعبیر ہوگی چنانچہ اگر صاحب خواب فقیر ہو تو اسکے غنی ہونے پر دلالت کرتا ہے اگر غم زدہ ہو تو غم سے نجات ملنے کی علامت ہے اگر کاریگر ہے تو گھر کی خوبصورتی کے مطابق مال حاصل کرے گا اگر کسی معصیت میں مبتلا ہے تو اس سے تائب ہوگا۔ اس لئے گھر کی وسعت کی تعبیر دنیا و علم، سخاوت اور مالی وسعت سے کی جاتی ہے (۲) گھر کا تنگ ہونا صاحب خواب کے بخل کی طرف اشارہ ہے (۳) گھر کی جدت صاحب خواب کے عمل کی جدت پر دلالت کرتی ہے (۴) اسکی لپائی اسکے دین کی دلیل ہے (۵) مکان کی مضبوطی اسکی تدبیر کی علامت ہے (۶) مکان کی دلالت خوشی پر اور اسکے کمرے عورتوں پر دلالت کرتے ہیں (۷) لوہے کا گھر دیکھنا طول عمر اور طویل حکومت سے معبر ہے۔ (۸) خواب میں کسی مجہول گھر میں داخل ہو کر اموات دیکھنا دار آخرت کی علامت ہے۔ گھر میں داخل ہو کر باہر نکلنے کی قدرت نہ رکھنا مرنے کی دلیل ہے (۹) گھر کا مٹی سے لپا ہوا ہونا اسکے حسن انجام اور چونے اور سیمنٹ کا ہونا سوء انجام کی طرف مشیر ہے۔ (۱۰) گھر میں داخل ہو کر باہر نکلنا بیماری کی وجہ سے قریب الموت ہو کر صحت یاب ہونے اور اس سے نجات پانے کی خبر دیتا ہے۔ (۱۱) کسی گھر کو دوسرے گھروں سے جدا دیکھنا اور اس میں مردے دیکھنا اس گھر کے تمام افراد کے مرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۲) کسی گھر سے غصے کی حالت میں باہر نکلنا مقید ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔

(۱۳) خواب میں کسی شخص کو اپنے گھر میں داخل ہوتے ہوئے دیکھنا دلیل ہے کہ داخل ہونے والا اس کے راز سے باخبر ہوگا اور اگر داخل ہونے والا فاسق قسم کا آدمی ہے تو وہ صاحب خواب کی بیوی یا اسکی معیشت کے سلسلے میں اس سے خیانت کرے گا۔ (۱۴) امام عادل کے لئے گھر دیکھنا مسلمانوں کی سرحدات میں سے کسی سرحد پر دلالت کرتا ہے چنانچہ کسی امام عادل کے گھر کا منہدم ہونا بعض سرحدوں میں کمی واقع ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے (۱۵) غیر شادی شدہ کے لئے گھر بنانا بلند مرتبہ والی عورت سے نکاح کرنے کی علامت ہے (۱۶) دور سے کسی گھر کا نظارہ کرنا اس کی دنیا کی طرف اشارہ ہے جو اس کو تاخیر سے حاصل ہوگی۔ (۱۶) خواب میں دوسرے گھروں کے ساتھ متصل مٹی سے بنے ہوئے گھر میں داخل ہونا حلال طریقے سے دنیا ملنے کی علامت ہے (۱۷) چونا سیمنٹ سے بنے ہوئے گھر میں داخل ہونا حرام طریقے سے ملنے والی دنیا پر دلیل ہے۔ (۱۸) خواب میں گھر سے مقہور ہو کر یا سفر کے ارادے سے یا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



واپس نہ آنے کے ارادے سے نکلنا اپنے مملوک یا اپنی دنیا کے ہاتھ سے نکلنے کی دلیل ہے(۱۹) کسی نئے آباد گھر میں کسی غنی کا داخل ہونا مال کی زیادتی کی دلیل ہے(۲۰) فقیر کا نئے گھر میں داخل ہونا غنی ہونے کی علامت ہے۔(۲۱) خواب میں اپنے کسی پرانے گھر میں داخل ہونا اور اس کا گر جانا کسی رشتہ دار کی میراث ملنے کی دلیل ہے۔کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کسی گھر کی شیشے کی چھت کے اوپر ہے اور ننگا ہونے کی حالت میں اس سے گر گیا ہے تو وہ شاہی خاندان کی ایک خوبصورت حسین وجمیل عورت سے نکاح کریگا مگر وہ جلد ہی مر جائیگی۔

بعض علماء تعبیر کا کہنا ہے کہ بعض دفعہ گھر بنانا بعض اولاد یا کسی رشتے دار کے مرنے کی علامت ہے(۲۲) خواب میں گھر کا مالک ہونا صاحب خواب کے نیک عمل کی دلیل ہے۔(۲۳) گھر کا بدنما اور تنگ ہونا صاحب خواب کی بداعمالی کی طرف نشان دہی کرتا ہے(۲۴) اگر صاحب خواب کسی عہدے سے معزول ہو تو اس کی عزت رفتہ لوٹ آئیگی یا گم کردہ شئی دوبارہ حاصل کی جائے گی یا جس نے اس سے قطع تعلق کیا ہے دوبارہ اس سے تعلق استوار ہو جائے گا کبھی گھر کی دلالت آپس میں خاطر مدارت کرنے پر ہوتی ہے۔کبھی گھر کی تعبیر زمانہ کے مطابق چلنے سے بھی کی جاتی ہے۔

(۲۵) غیر مناسب مقام میں یا غیر مناسب طریقے سے گھر بنانا حرام مال سے بنے ہوئے مکان میں اقامت اختیار کرنے کی طرف اشارہ ہے۔اور گھر کی دلالت انسان کے جسم اس کے نفس اور اس کی ذات پر بھی ہوتی ہے اس لئے انسان گھر کی پہچان اور گھر انسان کی پہچان ہے۔کبھی گھر کی دلالت انسان کے اس مال پر ہوتی ہے جس پر انسان کے زندگی گذارنے کا مدار ہے کبھی اس کی تعبیر لباس سے بھی کی جاتی ہے۔اس لئے کہ گھر بھی انسان کا لباس ہے چنانچہ گھر کی تعبیر انسان کا جسم ہو تو اس کے دروازے کی دلالت چہرے پر ہوگی اور اس کی دلالت زوجہ پر ہو تو اس کے دروازے کی دلالت اس کے شرم گاہ پر ہوگی۔اگر گھر کی تعبیر کپڑا ہو تو دروازے کی تعبیر اس کا طوق ہوگا۔(۲۶) کسی نے خواب دیکھا کہ اپنے گھر کا جھاڑو دے رہا ہے تو اس کو صدمہ پہنچے گا۔یا اچانک مال ملیگا۔اور بعض علماء کی رائے ہے کہ گھر کا جھاڑو دینا غم ختم ہونے کی علامت ہے(۲۷) اور بعض کا کہنا ہے گھر کا گر جانا صاحب گھر کے مرنے کی دلیل ہے۔(۲۸) خواب میں نئے گھر کو گرانا صدمہ اور شر میں مبتلا ہونے کی طرف مشیر ہے۔(۲۹) کسی کے گھر کا یا گھر کے کمروں کا یا اس کے صحن اور چھت کا عام حالت سے وسیع ہونا اس کی دنیا کی وسعت اور وسیع زندگی کی دلیل ہے۔(۳۰) گھر کے اندر یا اس کے دروازے میں کوئی حادثہ پیش آنا اس کی عورتوں میں کوئی نئی چیز پیدا ہونے کی علامت ہے۔(۳۱) گھر کا عام گھروں سے مختلف ہونا اور اس میں جدت ظاہر ہونے کی دلالت اس کے مملوک مال پر ہوتی ہے۔(۳۲) کسی مریض کا اپنے گھر سے کسی سے بات کئے بغیر خاموشی سے نکلنے کی تعبیر اس کی موت سے کی جاتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## دَ برَ (گرجا)

(۱) اس کی تعبیر بھی کنیہ (یہودیوں کی عبادت گاہ) کی تعبیر کی طرح ہے اور کبھی گرجا دیکھنا زوال غم وصدقہ دینے کی دلیل ہے اور شر سے نجات کی علامت ہے (۲) مریض کا خواب میں گرجا دیکھنا اس کی موت کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔

## دُرج (سیڑھی)

(۱) خواب میں سیڑھی دیکھنا اسباب علوم ورفعت' اور دنیا وآخرت میں کامیابی کی دلیل ہے' کبھی اس کی دلالت املاک پر اور کبھی استدراج پر ہوتی ہے' کبھی اس کی دلالت مسافروں کی ایسی منازل اور پڑاؤ پر ہوتی ہے جہاں وہ مرحلہ وار اترتے ہیں اور ٹھہرتے ہیں۔ اور کبھی زندگی کے دنوں پر اس کی دلالت ہوتی ہے۔ (۲) معروف سیڑھی کی تعبیر گھر کے خادم اور صاحبِ خانہ کے غلام اور کاتب سے کی جاتی ہے۔ (۳) کسی مریض کا خواب میں کسی مجہول سیڑھی پر چڑھ کر اخیر تک پہنچنا اور کسی بالا خانہ میں داخل ہونا اس کے مرنے اور مر کر جنت میں داخل ہونے کی دلیل ہے۔ (۴) بالا خانہ میں داخل ہونے سے روکا جانا مرنے کے بعد جنت میں داخل ہونے سے روکے جانے کی علامت ہے۔ (۵) خواب میں سیڑھی سے اترنا مسافر کے لئے سفر سے واپس آنے کی علامت ہے (۶) رئیس کے لئے یہ خواب دیکھنا ریاست سے اتر جانے اور عمل سے معزول ہونے کی دلیل ہے۔ (۷) اگر یہ خواب کسی سواری پر سفر کرنے والا دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ پیدل سفر کریگا (۸) اگر ایسا شخص خواب میں سیڑھی سے اترے جس کی بیوی بیمار ہے تو یہ اس کی وفات کی دلیل ہے کوئی مریض شخص خواب دیکھے کہ وہ سیڑھی سے اتر کر کسی معروف جگہ یا اپنے اہل کے پاس یا اپنے گھر میں اترا ہے۔ یا کسی بہت سارے بھوسے یا جو کے ڈھیر یا ایسے چیز کے پاس اترے جو اموالِ دنیا کی علامت ہیں تو کہ وہ اپنی بیماری سے شفاء پائے گا اور ٹھیک ہوگا۔

(۹) اسی طرح مریض کا سیڑھی سے کسی انجان جگہ یا جانے پہچانے مردوں کے پاس اترنا بھی بیماری سے ٹھیک ہونے کی علامت ہے۔ یا صاحب خواب کسی ایسے گڑھے یا گہرے کنویں میں گرے گا جہاں شیر اس کو پھاڑ دیں گے یا پرندے اچک لیں گے یا کسی کشتی میں سوار ہوگا اور کشتی بے قابو ہو کر ایسے نامعلوم مقام پر لے جائیگی یا ایسی سواری سے گرنے کی علامت ہے جس پر کجاوہ رکھا ہو۔ (۱۰) سیڑھی کی دلالت زندگی اور اترنے کی دلالت موت پر ہوتی ہے (۱۱) صحیح اور تندرست شخص کا سیڑھی سے اترنا اس کی سرکشی یا کافر ہونے کی علامت ہے لیکن جہاں اترا ہے وہ جگہ' اگر مقامِ اصلاح ہے مثلاً مسجد' سرسبز کھیت تازہ ہواؤں والی جگہ تو کفر وطغیان سے بچ جانے اور توبہ کی سعادت حاصل ہونے کی علامت ہے اور جس حالت پر ہے اس سے اترنے کی دلیل ہے۔ (۱۲) مکان صلاح کی بجائے کسی ڈراؤنی جگہ مثلاً شیروں کے کچھار یا سانپوں کے بلوں کے قریب اترنے' دنیاوی پریشانی میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔ سیڑھی کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ساخت کے لحاظ سے بھی تعبیر میں فرق آتا ہے (۱۳) کچی اینٹوں سے بنی ہوئی سیڑھی کی تعبیر اچھی ہے اور پکی اینٹوں سے بنی ہوئی سیڑھی ناپسندیدہ ہے۔(۱۴) بعض علماء نے کہا ہے کہ مٹی اور کچی اینٹ سے بنی ہوئی سیڑھی کی دلالت نیک اعمال پر ہوتی ہے چنانچہ پہلے زینہ کی دلالت نماز پر دوسرے زینے کی روزے پر تیسرے کی زکوٰۃ پر چوتھے کی صدقہ پر پانچویں کی حج پر چھٹے کی جہاد پر اور ساتویں زینے کی دلالت قرآن پر ہوتی ہے۔(۱۵) پکی اینٹ کی سیڑھی دیکھنا خیر کی علامت نہیں ہے۔(۱۶) اسی طرح خواب دیکھنے والے کے اعتبار سے بھی تعبیر میں فرق آسکتا ہے چنانچہ کسی عہدے دار کے لئے مٹی کی سیڑھی دینی پختگی کے ساتھ رفعت کی دلیل ہے۔(۱۷) پتھر کی بنی ہوئی سیڑھی اس کے لئے فسادِ قلب کے ساتھ رفعت کی علامت ہے۔ اور لکڑی کی سیڑھی ریا اور نفاق کے ساتھ رفعت کی دلیل ہے۔(۱۸) سونے کی سیڑھی حکومت' خوشحالی اور خیر پانے کی دلیل ہے۔(۱۹) سونے کی سیڑھی زینوں کے بقدر باندیاں ملنے کی بشارت ہے۔(۲۰) پیتل کی سیڑھی دنیاوی متاع کے حصول کی علامت ہے اور پیتل کی سیڑھی پر چڑھنا ایسا فہم اور ذہن حاصل ہونے کی علامت ہے کہ جس سے بلند مرتبہ تک پہنچا جائے۔ اور بعض علماء کی رائے کے مطابق سیڑھی کی دلالت ایک زاہد و عابد شخص پر بھی ہوتی ہے چنانچہ خواب میں اس کے قریب جانے والا رفعت اور نیک اعمال کی دولت سے بہرہ مند ہوگا۔

(۲۱) والی کے لئے تمام زینوں کی تعبیر ولایت ہے کبھی سیڑھی چڑھنا خطرات کے مرتکب ہونے کی علامت ہوتا ہے۔

(۲۲) سیڑھی کے زینوں پر چڑھنے کا دشوار ہونا کاموں کی دشواری اور آسان ہونا کاموں کی آسانی کی دلیل ہے۔ عمارت کے ساتھ بنائی ہوئی سیڑھی امور کی آسانی کی علامت ہے۔ اور لکڑی کی سیڑھی کا عمارت کے ساتھ بنا ہونا سیڑھی میں تبدیل ہو جانا امور میں ثابت قدم رہنے اور جس کام کو پوشیدہ رکھنا چاہتا ہو اس کے پوشیدہ رہنے کی دلیل ہے۔

(۲۳) سیڑھی پر سیڑھی چڑھنا زینوں کے بقدر عمر پانے کی علامت ہے اور کبھی سیڑھیوں کی تعبیر جنت کے درجات سے ہوتی ہے۔(۲۴) پانچ زینوں والی سیڑھی پانچوں وقت کی نمازوں پر دلالت کرتی ہے چنانچہ ان میں کمی زیادتی ان نمازوں میں کمی زیادتی کی علامت ہے۔

## درج الکتاب (کتاب کی تحریر یا کتاب کی تہہ)

(۱) خواب میں اسکی رؤیت ایسی مجلد کتاب کی دلیل ہوتی ہے جو قیمتی باتوں پر مشتمل ہو اور کبھی اسکی دلالت غیر شادی شدہ مرد کے لئے مالدار بیوی اور عورت کے لئے مالدار شوہر ہونے پر ہوتی ہے (لفظ درج چونکہ دوسرے معنی میں بھی مستعمل ہوتا ہے اس لئے ان کی تعبیر بھی بیان کرتے ہیں) اور درج الکتاب کے دوسرے معانی مثلاً ترازو کا ڈنڈا' عطار کی ڈبیہ ان سب کی رؤیت منافع' فوائد' ضروریات کی تکمیل پر دلالت کرتی ہے اور کتاب کا ورق (جسکو درجہ کہتے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہیں) طول عمر کی دلیل ہے۔خواب میں ایسی ڈبیہ دیکھنا جسمیں موتی اور جواہرات ہوں کچھ دنوں بعد ملنے والی بشارت و خوشی کی دلیل ہے۔

## دخول الدار وغیرھا (گھر وغیرہ داخل ہونا)

(۱) خواب میں کسی کے گھر داخل ہونا دنیاوی معاملات میں اس پر غالب ہونے کی دلیل ہے۔(۲) خواب میں اگر کسی امام وقت کے گھر داخل ہو کر اس میں ٹھہرا اور مطمئن ہو تو بادشاہ اس کو اپنے خاص لوگوں میں داخل کرے گا۔
(۳) کسی مکان کے اندر عادل بادشاہ کا داخل ہونا دلیل ہے کہ اس مکان میں نزول برکت ونزول عدل ہوگا۔
(۴) ظالم بادشاہ کا کسی گھر میں داخل ہونا فساد اور مصائب کی علامت ہے۔(۵) لیکن بیداری میں اگر اس کا اس مکان میں آنا جانا ہو تو خواب میں اس میں داخل ہونا کوئی نقصان دہ نہیں ہے۔(۶) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ جنت میں داخل ہوا ہے تو دلیل ہے قیامت کے دن انشاء اللہ جنت میں داخل ہوگا اور یہ خواب اسکے سابقہ یا بعد میں کئے جانے والے نیک اعمال کی مقبولیت کی بشارت ہے۔(۷) خواب میں جہنم میں داخل ہو کر اس سے نکلنا گناہ گار کے لئے تنبیہ ہے اس کو چاہیئے کہ توبہ کرے اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے۔(۸) بعض علماء تعبیر کا کہنا ہے کہ خواب میں جہنم میں داخل ہونا (مومن ہو یا کافر) بیماری اور فقر میں مبتلا ہونے یا قید ہونے کی دلیل ہے۔ بازاری قسم کے لوگوں کے لئے یہ خواب گناہ کبیرہ میں مبتلا ہونے یا کفار وفجار قسم کے لوگوں میں داخل ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔
(۹) بعض کی رائے ہے کہ خواب میں جنت میں داخل ہونا حج کو جانے والے کے لئے حج مکمل ہونے اور کعبۃ اللہ پہنچنے کی دلیل ہے۔(۱۰) کافر کے لئے یہ خواب مسلمان ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۱) مسلمان مریض کے لئے خواب میں جنت میں داخل ہونا اسی مرض میں فوت ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۱۲) کافر مریض کے لئے یہی خواب بیماری سے شفا پانیکی دلیل ہے۔(۱۳) غیر شادی شدہ کے لئے شادی کی اور فقیر کے لئے غنی ہونے کی دلیل ہے اور کبھی میراث پانے پر بھی اسکی دلالت ہوتی ہے۔(۱۴) کسی اجنبی مقام پر غیر معروف طریقے سے بنائے ہوئے گھر میں داخل ہونا جس میں رہنے والے لوگ بھی اجنبی ہوں اور وہ گھر دوسرے گھر سے جدا بھی ہو تو صاحب خواب مرجائے گا اور خاص کر اگر اسمیں جانے پہچانے مردے دیکھے تو یہی تعبیر ہے۔(۱۵) اس قسم کے گھر میں داخل ہو کر نکل جانا قریب المرگ ہو کر نجات پانے کی علامت ہے۔(۱۶) خواب میں اپنے آپ کو دار آخرت میں پانا مریض کے لئے دنیا کے فتن وشرور سے بچکر اس کی طرف منتقل ہونے کی دلیل ہے۔(۱۷) صحت مند آدمی کا یہی خواب دیکھنا بقدر عمل حج یا جہاد' دنیا سے بے رغبتی' عبادت' علم' صدقہ' صلہ رحمی کرنا اور مصائب پر صبر وغیرہ کی بشارت ہے۔(۱۸) خواب میں اپنے آپ کو دار آخرت میں پانا اور اس کے احوال کا مشاہدہ کرنا نیک شخص کے لئے علمی کام کرنے اور اسکی طاقت رکھنے کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



علامت ہے اور بیکاری میں مضرت کی بھی علامت ہے۔ اور خوف زدہ یا مغموم ومحزون کیلئے خوف وغم کے دور ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۹) لوگوں کے ساتھ رابطہ رکھنے والے لوگوں کے لئے سفر کرنے اور وطن سے جدا ہونے کی طرف مشیر ہے۔ (۲۰) کسی نے دیکھا کہ وہ دار آخرت سے دوبارہ دنیا کی طرف آیا ہے تو دلیل ہے کہ سفر سے اپنے وطن لوٹ آئے گا۔ گناہ میں مبتلا شخص کے لئے خواب میں مکہ مکرمہ میں داخل ہونا توبہ کی علامت اور کافر کے لئے اسلام لانے کی دلیل ہے۔ (۲۱) غیر شادی شدہ کیلئے شادی کی بشارت ہے۔ (۲۲) کسی سے جھگڑا کرنے والے شخص کا خواب میں مکہ میں داخل ہونا دشمن کے مدِ مقابل لڑائی میں کامیاب ہونے کی دلیل ہے۔ (۲۳) خواب میں مکہ مکرمہ میں داخل ہونا خوف سے مامون ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے مقام ابراہیم میں داخل ہونا خائف کے لئے امن کی علامت ہے۔ (۲۴) کبھی اسکی ولالت بادشاہت جیسے منصب جلیل پر فائز ہونے یا لوگوں کو علم سکھانے کے لئے تیار ہونے اپنے والد یا والدہ کی میراث پانے کی دلیل ہے۔ (۲۵) خواب میں بیت اللہ یا مسجد حرام میں داخل ہونا کسی عورت کو نکاح کی دعوت دینے والے شخص کے لئے عظیم دلہن کے ساتھ داخل ہونے کی دلیل ہے۔ (۲۶) کبھی دخول بیت الحرام لہو ولعب کی طرف متوجہ ہونے اور حلال کمائی پر قدرت حاصل کرنے اور طاقت رکھ سکنے کے باوجود حرام کی طلب میں رہنے کی دلیل ہے خاص کر مسجد حرام میں بغیر نماز یا کشف عورت کے ساتھ داخل ہونا۔ اسی طرح مسجد حرام میں داخل ہونا خوف سے مامون ہونے اور وعدے کے سچا ہونے کی دلیل ہے۔ (۲۷) خواب میں بازار میں داخل ہونا طلب رزق میں بہت محنت کرنے کی علامت ہے اور مسجد میں داخل ہونا گناہوں کو کم کرنے اور کنیسا میں داخل ہونا دین میں فساد واقع ہونے کی دلیل ہے۔

## دعوت الی الطعام ( کھانے کی طرف بلانا )

(۱) کھانے کی طرف دعوت دینا خیر پر جمع ہونے کی علامت ہے۔ (۲) خواب میں دوسروں کو کھانے کی طرف دعوت دینے کا ارادہ کرنا خود کو کسی ایسے کام میں ڈالنے کی دلیل ہے جس میں اسکی ملازمت ہوگی اور اس عمل سے اسکو تکلیف ہوگی۔ (۳) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے دعوت کا پروگرام بنایا اور لوگ اس میں حاضر ہوئے اور ان کو کھانے سے فارغ ہوتے ہوئے دیکھا تو صاحب خواب ان پر حکومت کریگا۔ (۴) اگر اس جگہ کوئی غمزدہ ہو یا کوئی مریض ہو تو غم دور ہوگا اور مرض سے شفا نصیب ہوگی۔ (۵) خواب میں دعوت کا اہتمام کرنا کسی غائب شخص کے حاضر ہونے کی بھی دلیل ہے، خواب میں لوگوں کو ضیافت کے لئے دعوت دینا ایسے کام کرنے کی بھی دلیل ہے جس میں وہ نادم اور ملامت کا شکار رہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## دقیق الحنطة (گندم کا آٹا)

(۱) اسکی تعبیر رزق ہے (۲) چاول کا آٹا نعمت ہے (۳) میدہ غیر شادی شدہ عورتوں کے لئے ہم پلہ شوہر کی طرف مشیر ہے۔ کبھی آٹے کی دلالت عظیم علم' سفر' مال' تاجر' محفوظ قلعہ' دین' ہدایت' امراض سے شفا وغیرہ پر ہوتی ہے (۴) گیہوں کے آٹے کے علاوہ تمام آٹوں کی تعبیر تندرستی ہے۔ اور گیہوں کے آٹے کی دلالت فقر وفاقہ پر بھی ہوتی ہے اور کبھی گیہوں کے آٹے کی دلالت جمع شدہ مال اور بال بچوں پر ہوتی ہے (۵) گوندھا ہوا آٹا رشتہ داروں کی طرف سفر کرنے کی دلیل ہے۔ (۶) کسی نے خواب میں جو کا آٹا گوندھا تو اس کے صاحب ایمان ہونے کی دلیل ہے اور علامت ہے اسکو ولایت ملے گی اور دشمنوں پر غلبہ حاصل ہوگا۔

## دخن (باجرہ)

اسکی تعبیر ایسا مال ہے جسکو دوسرے اموال کے ساتھ ملایا گیا ہو اسی طرح دوسرے دانوں کی بھی یہی تعبیر ہے اور بعض علماء کی رائے ہے کہ باجرہ مال کے خاتمے کی علامت ہے البتہ ان لوگوں کے لئے اسکی تعبیر اچھی ہے جن کے کاروبار آگ سے متعلق ہیں۔

## درة (دودھ)

خواب میں دودھ دیکھنا دلیلِ ولایت ہے۔ (۱) اگر کسی نے خوب دیکھا کہ کسی بادشاہ نے اس کو دودھ پکڑایا تو وہ اس کو کسی عہدے پر فائز کرے گا اور اسکی دلالت ادب پر بھی ہوتی ہے۔ خواب میں دودھ کا مالک ہونا سنت کے اتباع' عزت اور منصب پانے کی دلیل ہے۔

## دُرّة (موتی)

(۱) خواب میں اسکو اُٹھانا مذکر اولاد کی دلیل ہے۔ (۲) خواب میں بیوی کی طرف سے چمک دار خوبصورت موتی ملنا خوب صورت بیٹے کی پیدائش کی علامت ہے (۳) غیر چمکدار موتی ملنا بیٹی کے تولد کی طرف اشارہ ہے۔ (۴) اسی طرح خواب میں بیوی کی طرف سے موتی ملنا اور اسکو صندوق یا کسی کپڑے میں لپیٹ کر چھپانا بھی بیٹی کی پیدائش کی علامت ہے۔ (۵) خواب میں عورت کو موتی ملنے کی اچھی تعبیر ہے چنانچہ غیر شادی شدہ عورت کے لئے شادی کی بشارت ہے اور شادی شدہ بے اولاد کے لئے اولاد کی خوشخبری ہے۔ (۶) شادی شدہ صاحب اولاد عورت کے لئے خواب میں موتی ملنا مالداری اور غنی ہونے کی دلیل ہے۔ خواب میں شیشے کے بدلے جواہر خریدنا یا صدف کے بدلے موتی خریدنا آخرت پر دنیا کو یا نیکی پر معصیت کو ترجیح دینے کی علامت ہے یا مرتد ہونے کی علامت ہے اور کبھی اسکے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



برعکس بھی تعبیر ہوتی ہے۔اسی طرح موتی کی تعبیر مندرجہ ذیل چیزوں پر بھی ہوسکتی ہے قرآن، علم، اچھی باتیں، غلام اور باندیاں، اولاد، مال وغیرہ۔ چنانچہ خواب میں موتی کے اندر سوراخ کرنا قرآن کریم کی صحیح تفسیر کرنے کی علامت ہے۔

## دملج (بازوبند)

(۱) خواب میں اسکو دیکھنے کی تعبیر عورتوں کے لئے زینت و جمال اور فخر ہے (۲) اور مردوں کے لئے بھائیوں کی طرف سے قوت و تائید ملنے کی طرف مشیر ہے اس لئے کہ بازو اور کلائی کی تعبیر بھائیوں سے کی جاتی ہے۔ (۳) سونے کا بازو بند مارے جانے والے کوڑے پر دلالت کرتا ہے اور اگر تنگ ہو تو اس کی تعبیر اس سے بھی سخت ہے۔ بسا اوقات اپنے ہاتھ میں چاندی کے بازوبند دیکھنا بھائیوں کی طرف سے فضیحت اور ناپسند امور ملنے کی علامت ہے۔

## دف

(۱) اسکو دیکھنے کی تعبیر مصیبت، غم وحزن سے کی جاتی ہے نیز جس کے پاس ہو اسکے لئے شہرت کی بھی علامت ہے۔ (۲) اور خواب میں کسی لڑکی کے ہاتھ میں دف ہونا دف کی ہیئت کے بقدر معروف خیر ملنے کی علامت ہے۔ (۳) کسی مرد کے ہاتھ میں دف دیکھنا اس مرد کے متعلقین کی اس کی وجہ سے شہرت حاصل کرنے کی علامت ہے اور کسی عورت کے ہاتھ میں ہونا لوگوں کے درمیان کسی مشہور معاملہ یا مشہور سال کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۴) شادیوں میں گانے بجانے کے تمام آلات مصیبت کی علامت ہیں۔ کبھی دف کی دلالت شادی پر اور کبھی کسی غائب کے آمد پر بھی ہوتی ہے۔

## دبدبہ (ڈھول)

اسکی دلالت ایسے بخیل تاجروں اور مالداروں پر ہوتی ہے جن پر مال اور اشیاء کو روکنے کی وجہ سے لوگوں کی نظریں لگی ہوں۔ کبھی اسکی دلالت بخیل اغنیاء پر بھی ہوتی ہے۔

## دغدغہ (گدگدی کرنا)

کسی نے دیکھا کہ وہ کسی شخص کو گدگدی کر رہا ہے تو وہ اس شخص کے پیشے میں رکاوٹ بنے گا۔

## دک (ہموار زمین)

اسکی دلالت اضمحلال الذکر اور کبھی وعدہ وفا کرنے پر ہوتی ہے:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## دق (کوٹنا/ پیسنا)

اسکی تعبیر آپس میں لڑائی ہے اور کوٹنے والے کی طرف سے کوٹے جانے والے کو فتنے میں ڈالنے کی دلیل ہے۔

## دبّ (زمین پر آہستہ چلنا)

خواب میں آہستہ چلنا چوری کرنے کی دلیل ہے البتہ چل کر جس کے پاس جانے کا ارادہ ہو تو اس کے بارے میں اطلاع حاصل کرنے کی علامت ہے۔

## دُب (ریچھ)

(۱) اسکی رؤیت فتنہ پرداز شخص پر دلالت کرتی ہے اور کبھی اسکی دلالت دھوکہ فریب اور سازش پر ہوتی ہے یا پھر اسکی دلالت بھاری جسم والی یا کریہ المنظر عورت' لہو ولعب اور کشادہ طبیعت والی عورت پر ہوگی اور کبھی اسکو دیکھنا قید ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ اور اسکی تعبیر احمق قسم کے دشمن اور مخنث اور مخالف قسم کے چور جو مختلف حیلوں کے ساتھ نقصان پہنچانے سے کی بھی جاتی ہے۔ (۲) اگر ولایت کا اہل شخص خواب میں ریچھ پر سواری کرے تو اسکو گھٹیا ولایت ملے گی۔ (۳) اگر اس کا اہل نہیں تو غم اور حزن میں مبتلا ہونے کے بعد اس سے نجات پانے کی دلیل ہے۔ (۴) ریچھ مندرجہ ذیل پر بھی دلالت کرتا ہے' عورت' سفر کرنا' پھر اس سے لوٹنا' زانیہ عورت۔ (۵) خواب میں ریچھ پر سوار ہونا زنا میں مبتلا ہونے کی خبر دیتا ہے۔

## دبابہ (آلہ تادیب یعنی ریچھ کو ناچ وغیرہ سکھانے کا آلہ)

اسکی دلالت جاہلوں کو ادب سکھانے والوں پر ہوتی ہے یا اسکی تعبیر حرام کمائی کرنے والے لوگ (یعنی تصویر بنانے والے اور ناچ کر یا گا کر یا کھیل کے ذریعے کمانے والے ہیں)۔

## دودۃ (کیڑا)

(۱) اسکی تعبیر بیٹی ہے۔ (۲) پیٹ کے کیڑوں کی دلالت ان رشتہ داروں کے غم پر ہوتی ہے جو اس کے زیر کفالت رہتے ہوں اور یہی تعبیر ان کیڑوں کی ہے جن کا رزق جسم انسانی میں ہے۔ (۲) اسی طرح گوشت کھانے والے کیڑوں کی تعبیر دوسروں کے مال پر پلنے والے اہل وعیال کے غم سے کی جاتی ہے جو صاحب خواب کے جسم کے ساتھ مختلط نہ ہوں۔ (۳) خواب میں مقعد کے راستے سے کیڑا نکلتا ہوا دیکھنا پوتوں میں غم لاحق ہونے کی علامت ہے۔ (۴) خواب میں منہ سے کیڑا نکلے تو گھر والے اس کے خلاف سازش کرلیں گے جس کا بروقت علم ہو جائیگا جس کے سبب وہ سازشی اسے نقصان نہیں پہنچا سکے گی البتہ سازش کرنے والے اس کی کفالت سے محروم ہو جائیں گے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۵) کسی نے دیکھا کہ اس کے پیٹ سے اس کے تصرف کے بغیر کیڑا نکل گیا تو شریر قسم کی قوم سے دور رہے گا جس کے سبب اسے عزت وشرف اور پاکیزگی نصیب ہوگی۔ (۶) کبھی بدن سے کیڑا نکلنا غم دور ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے اس لئے کہ نقصان دہ چیز نکل گئی ہے۔ (۷) بدن سے پیپ نکلنے کی تعبیر زوال غم وحزن اور حصولِ مال سے کی جاتی ہے۔ بعض دفعہ کیڑے کی تعبیر رشتہ داروں میں کسی دشمن سے کی جاتی ہے۔ (۸) ریشم کے کیڑے بادشاہ کی رعیت کی علامت ہوتے ہیں۔ (۹) تاجر کے لئے ریشم کے کیڑے دیکھنا تجارت میں تاوان واقع ہونے کی علامت ہے اور کبھی اس کی تعبیر اس کا حریف بھی ہوتا ہے۔ (۱۰) خواب میں ریشم کے کیڑے کا حصول مذکر افراد سے منفعت ملنے پر دلالت کرتا ہے اور کبھی ان کو دیکھنا مال ملنے کی نشانی ہے۔ (۱۱) بعض اہل تعبیر کی رائے ہے کہ ریشم کے کیڑے مال حرام کی علامت ہیں۔

## دابۃ الاذن (کان میں داخل ہونے والا کیڑا)

اسکی تعبیر امیروں کے دشمن سے کی جاتی ہے۔

## دعموص (تالابوں میں رہنے والا کیڑا)

اسکی تعبیر کمینہ، کفن چور اور ملعون قسم کا آدمی ہے۔

## دلفین (بڑی مچھلی)

اسکی کی تعبیر مگرمچھ کی تعبیر کی طرح ہے۔ (۱) کبھی اس کو دیکھنا سازش کرنے، چوری کی کوشش کرنے اور لوگوں کی باتوں کو پوشیدہ طور پر سننے پر دلالت کرتا ہے اس لئے یہ مچھلی بھی زیادہ تجسس کرتی ہے خصوصاً اگر اس پر سوار ہو یا اس کا مالک بنے۔ کبھی خواب میں ان کا ظاہر ہونا امر بالمعروف ونہی عن المنکر نیز موحدین کی مدد اور منافقین کی ہلاکت پر دلالت کرتا ہے۔

## دجال

(۱) اسکی تعبیر ایسے وعدہ خلاف دھوکہ باز حکمران سے کی جاتی ہے جس کے پیروکار کمینے قسم کے لوگ ہوں۔ خواب میں دجال کو دیکھنا دشمن کے مسلط ہونے اور زمین میں خون ریزی اور فتنہ وفساد پھیلانے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) مسافر کے لئے یہی خواب ڈاکوؤں کے ہاتھ لگنے کا اشارہ ہے۔ اور کبھی اسکی رؤیت کفار کے شہروں میں سے کسی شہر میں فتح ہونے کی دلیل ہے۔ (۳) خواب میں دجال کی افاقت یا اس کی صفات میں سے کسی صفت کے ساتھ متصف ہونا کا دو جھوٹ اور فتنے میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔ (۴) کبھی ظہور دجال سے یہود کی حالت کی درستگی کے بعد ان کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہلاکت کی طرف اشارہ ہوتا ہے اور خواب میں دجال جن جن مقامات سے گزرے ان مقامات میں پریشانی غم، ظلم، پیداوار اور املاک کی ہلاکت یا باران رحمت وخیر کی بندش کی دلیل ہے۔

## دُخان (دھواں)

(۱) اسکی تعبیر اللہ تعالیٰ کی طرف سے عذاب اور دھوؤں اور بادشاہ کی طرف سے سزا کی دلیل ہے۔ (۲) خواب میں اپنی دکان یا گھر سے دھواں نکلتے دیکھنا معاشی پریشانی اور خوف میں مبتلا ہونے کے بعد خوشحالی اور خیر نصیب ہونے کی علامت ہے۔ (۳) کسی ایسی ہانڈی کے نیچے سے دھواں اٹھتے ہوئے دیکھنا جس میں گوشت پک رہا ہو خوف میں مبتلا ہونے کے بعد خوشحالی، خوشی اور خیر کی علامت ہے۔ (۴) بو کے بغیر دھواں نکلتے ہوئے دیکھنا ایسے خوف کی دلیل ہے جس کے بعد برائی اور رسوائی ہو۔ (۵) خواب میں دھویں کا پھیلنا یا سر پر چھا جانا بخار میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔ (۶) خواب میں دھویں کی تپش کا پہنچنا غم پہنچنے کی علامت ہے۔ (۷) دھواں دیکھنا سخت خوف اور قتال شدید پر دلالت کرتا ہے اور چنگاری کیساتھ دھواں دیکھنا لوگوں کے درمیان پھیلنے والے قتل کی طرف اشارہ بھی کرتا ہے اور چنگاریوں کے بغیر دھواں دیکھنا جنگ کے بغیر یک جا ہونے اور قتال کے بغیر فتنہ واقع ہونے کی خبر دیتا ہے۔ (۸) خواب میں ایسا دھواں دیکھنا جس سے لوگوں کو ایذا پہنچے یا اور ان کی آنکھوں کو تکلیف ہو نا غم، صدقات، ظلم اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے بصورت قحط عذاب وغیرہ پر دلالت کرتا ہے۔ (۹) کبھی جہاں دھواں نکلتا دیکھا گیا ہے وہاں سے کسی خبر کی آمد کی توقع بھی رکھی جا سکتی ہے۔

## دارة الشمس والقمر (چاند و سورج کا ہالہ)

(۱) سورج کے ہالہ کو دیکھنا کبھی تو قرض خواہوں کو روکنے اور ان کو گھیرنے پر دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی کسی شہر میں سربراہوں کے اجتماع پر۔ اور کبھی بلاؤں، مصیبتوں اور شریف لوگوں پر آزمائش آنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ ہالۂ چاند کی بھی یہی تعبیریں ہیں۔

## دفینة الجاہلیة (زمانہ جاہلیت کے مدفون خزانے)

کبھی اس کی دلالت رزقِ حلال اور مالِ غنیمت پر ہوتی ہے اور کبھی اس کی دلالت مالِ میراث پر بھی ہوتی ہے۔ کبھی اس کی دلالت ولد الزنا یا راستے وغیرہ میں پھینکے گئے بچے پر بھی ہوتی ہے۔ اس لئے کہ وہ غیر کی کمائی ہے۔

## دجلہ (دریائے دجلہ)

(۱) امور میں محنت پر دلالت کرتا ہے، اگر دریا کی دلالت بادشاہ پر ہو تو دجلہ کی دلالت اس کے وزیر پر ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۲) کسی نے خواب میں دیکھا کہ وہ دجلہ کے پانی سے پی رہا ہے تو وزیر کا سارا مال اسے ملے گا اگر وزارت کا اہل ہے تو وزیر بننے کی علامت ہے۔

## دلو (ڈول)

(۱) اس کی دلالت ایسے شخص پر ہوتی ہے جو لوگوں کے مال کو سازش کے ذریعے حاصل کرتا ہے۔ (۲) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ ڈول کے ذریعے پانی نکال کر اپنے برتن میں محفوظ کررہا ہے تو وہ سازش سے حاصل کردہ مال محفوظ کریگا (۳) ڈول سے پانی نکال کر دوسرے کے برتن میں ڈالنا حاصل شدہ مال کے چلے جانے یا اس کی منفعت کے ختم ہونے کی علامت ہے۔ (۴) اس پانی سے کسی باغ کو سیراب کرنے کی تعبیر کسی عورت تک پہنچنے یا اس عورت سے کچھ ملنے سے کی جاتی ہے اور خواب میں سیراب شدہ باغ کا ثمر آور ہونا پھل کی کیفیت کے مطابق اس عورت کے ہاں بچہ پیدا ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۴) خواب میں کسی پرانے کنویں میں سے ڈول کے ذریعے پانی نکال کر اونٹوں یا چوپاؤں یا انسانوں کو پلانا بہترین عمل کرنے اور اپنی محنت و کوشش کے بقدر نیکی کے قریب ہونے کی علامت ہے۔ (۵) کبھی پرانے کنویں میں ڈول لٹکا کر پانی نکال کر کسی حیوان کو سیراب کرنا اپنی قدرت و محنت کے بقدر دینی یا دنیاوی امور میں دکھلاوے اور ریاکاری کے لئے کام کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۶) کسی کنویں سے خاص اپنے استعمال کی غرض سے بذریعہ ڈول پانی نکالتے ہوئے خود کو دیکھنا اپنی قوت و جدوجہد کے بقدر اپنی دنیاوی مصلحت کے حصول کا اشارہ کرتا ہے۔ (۷) کوئی قیدی خواب میں کنویں سے بذریعہ ڈول پانی نکال کر غسل کرلے تو قید سے نجات اور حصولِ مال اور قابل رشک ہونے کی علامت ہے۔ (۸) ایسے آدمی کا کنویں کے اندر ڈول لٹکانا جسکی بیوی حاملہ ہو مذکر اولاد پیدا ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۹) اگر بیوی حاملہ نہ ہو مگر طالبِ رزق ہو تو ڈول کا پانی سے بھر کر آنا رزق ملنے کی دلیل ہے۔ (۱۰) اگر اس کا کوئی سامان دوران سفر ہو تو اسکے مل جانے اور پہنچ جانے کی علامت ہے۔ (۱۱) اگر صاحب خواب کے ہاں کوئی مریض ہو تو یہ خواب اس کے مرض سے نجات پانے کی دلیل ہے۔ (۱۲) اگر اسکا کوئی قریبی قید کی حالت میں ہو تو اس سے خلاصی ہوگی۔ (۱۳) اگر صاحب خواب مذکورہ افراد میں سے نہیں تو کسی حکمران کے ہاں توسل یا کسی بادشاہ کی اپنی ضرورت کیلئے ملنے کی علامت ہے۔ (۱۴) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کنویں کے پاس کھڑا ہے اور اس کے ہاتھ میں ڈول ہے اور اس سے وہ پانی نکالنا چاہتا ہے تو یہ خیر کی دلیل ہے اور مال ملنے کی علامت ہے اور کبھی کنویں کی دلالت عورت پر بھی ہوتی ہے۔ (۱۵) اگر کنویں سے ڈول کے ذریعے پانی نکالنے والا طالب علم ہے تو کنویں کی تعبیر اس کا استاذ ہے جس کے علم سے وہ فیضیاب ہوتا ہے اور اس لئے نکلا ہوا جمع شدہ پانی ان سے حاصل کردہ علم کی علامت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## دولاب (رہٹ پہیہ گھومنے والی چرخی)

(۱) اسکی دلالت خازن مال پر ہوتی ہے اور بعض اہل تعبیر کی رائے کے مطابق دولاب کی دلالت سفر پر ہوتی ہے۔ (۲) خواب میں رہٹ کا ٹوٹ جانا یا رک جانا صاحب خواب کی معیشت کے رک جانے اور سفر کے باطل ہونے کی علامت ہے۔ بعض علماء کی رائے ہے کہ دولاب چرخی کی دلالت تجارت کی گردش اور سفر میں احوال کے تبدیل ہونے پر ہوتی ہے۔ چنانچہ اگر اسکی صورت خوش کن اور خوبصورت ہو تو یہ اچھی خبر ہے اور صاحب خواب کے قرآن سننے کی طرف اشارہ ہے' دھاگے کا ڈورا اور ریشمی ڈور حلال رزق پر دلالت کرتا ہے اور غیر شادی شدہ حضرات کے لئے شادی کی بشارت ہے۔

## دوات

(۱) اسے دیکھنا عزت' حکومت اور بقدر قیمت رفعت و بلندی کی نشانی ہے۔ اور دوات کی دلالت مندرجہ ذیل پر بھی ہوتی ہے' بیوی' مال' خادمہ عورت کی جانب سے منفعت اور بیٹے کی طرف سے عزت ملنا وغیرہ۔ (۲) خواب میں کسی دوات سے روشنائی لے کر لکھنا باندی خرید کر اس سے جماع کرنے کی دلیل ہے اور اس باندی کا صاحب خواب کے ہاں کوئی مقام اور رفعت نہیں ہوگی۔ (۳) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کو دوات مل گئی ہے تو وہ اپنے کسی رشتہ دار یا کسی عورت وغیرہ سے مخاصمت کرے گا۔ اگر اس میں کوئی شاہد بھی ہو تو اپنے کسی رشتہ دار کی شادی کرائے گا۔ (۴) کسی نے خواب دیکھا کہ دوات میں صوف ڈال رہا ہے تو وہ لواطت میں مبتلا ہوگا۔ (۵) خواب میں دوات خریدنا ایسی عورت سے نکاح کرنے کی علامت ہے جسکے ساتھ کوئی سفیدی نہیں دیکھے گا اس لئے کہ دوات سے قلم سوائے سیاہی کے اور کچھ حاصل نہیں کرسکتا۔ (۶) کبھی دوات کی دلالت زخم پر اور قلم کی لوہے پر اور روشنائی کی مدت پر ہوتی ہے جب کسی جگہ کو دوات بناتا ہو اور اس سے سیاہی حاصل کرتا ہو۔ (۷) کسی نے دیکھا کہ وہ کسی صحیفہ میں لکھ رہا ہے تو یہ میراث ملنے کی دلیل ہے۔ (۸) کبھی دوات کی دلالت دوا پر بھی ہوتی ہے چنانچہ کسی مریض کا خواب میں دوات دیکھنا علاج کرکے بیماری سے شفایاب ہونے کی دلیل ہے۔

## دفتر (رجسٹر نوٹ بک)

(۱) اسکی تعبیر معیشت کی تدبیر اور گزشتہ اشیاء کو یاد کرنے سے کی جاتی ہے۔ (۲) بادشاہوں کے لئے رجسٹر دیکھنا مملکت کے صوبوں اور خزانوں پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) پہلوان قسم کے لوگوں کے لئے خدم و حشم کی علامت ہے اور کبھی اسکی دلالت مندرجہ ذیل پر ہوتی ہے فوائد و منافع۔ رزق۔ اندوہ اور مار دھاڑ وغیرہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## دھن (تیل)

(۱) زیتون کے تیل کے علاوہ تمام تیلوں کی تعبیر غم ہے (۲) خواب میں مقدار سے زائد تیل لگانا غم میں مبتلا ہونے کی علامت ہے اور مقدار کے مطابق ہونا صاحب خواب کیلئے زینت وخوبصورتی کی دلیل ہے۔(۳) خواب میں بدبودار تیل لگانا بمقدار بو بُری شہرت کی علامت ہے۔(۴) کسی ناپسندیدہ مقام پر کسی کے سر پر تیل لگانا دلیل ہے کہ تیل لگائے جانے والے کے ساتھ تیل لگانے والے کی طرف سے مداہنت اور سازش ہوگی۔(۵) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کے پاس تیل کی ایک شیشی ہے جس سے وہ تیل نکال کر اپنے آپ کو یا کسی دوسرے کو تیل لگا رہا ہے تو وہ جھوٹی قسم کھانے والا یا چغلخوری کرنے والا ہے۔(٦) خواب میں چہرے پر تیل لگانا پوری زندگی روزہ رکھنے کی طرف اشارہ ہے۔(۷) پارے کا تیل لگانا اچھی شہرت پر دلالت کرتا ہے۔(۹) کسی سوجن یا زخم پر تیل لگانا رشتہ داروں میں صلح کرنے اور نکاح کے سبب مہر کے بوجھ اٹھانے یا اسلحہ کے متعلق معاہدات کرنے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۰) بدبودار تیل کی دلالت بعض علماء تعبیر کی رائے کے مطابق عورتِ زانیہ یا مردِ فاسق پر ہوتی ہے۔(۱۱) خواب مین کسی برتن کے اندر تیل کو پانی کے ساتھ جمع کرنا با محنت مال حاصل ہونے کی علامت ہے۔(۱۲) خواب میں تیل سے مشک یا کوئی اور خوشبو کا آنا ایسی اچھی شہرت کی دلیل ہے جو صاحب خواب میں فی الحال نہیں ہے۔(۱۳) کبھی اپنے سر پر تیل لگانا اپنے سربراہ کے ساتھ مداہنت کرنے کی بھی دلیل ہے۔

## دواء

(۱) خواب میں دواء دینا درستگی کی دلیل ہے چنانچہ خواب میں اپنی صحت کی درستگی کے غرض سے دواء پینا دینی اصلاح کی علامت ہے۔(۲) خواب میں دواء اٹھانا علم' خیر خواہی اور اپنے علم سے فائدہ اٹھانے کی دلیل ہے(۳) دواء کو نہ اٹھانا حق سے روگردانی' سرکشی اور نفسانی خواہشات پر برقرار رہنے کی طرف اشارہ ہے۔(۴) خوشبودار اور شیریں دواء لینا غیر شادی شدہ کے لئے شادی اور بانجھ کے لئے اولاد اور فقیر کیلئے مال کی دلیل ہے۔(۵) کبھی دواء لینا دوات پر دلالت کرتا ہے جیسے دوات کی تعبیر دواء سے ہوتی ہے۔(٦) پھانکنے والی دواء سرور خوشی کی علامت ہے اور چاٹے جانے والی دواء توحید' اقرار بالشہادۃ' یا ان لوگوں کی طرف سے نفع ملنے کی دلیل ہے جن پر انگلی کی تعبیر دلالت کرتی ہے۔(۷) سفوف کی تعبیر طمع ولالچ اور دنیا طلبی سے کی جاتی ہے۔(۸) پینے والی دواء کی تعبیر رزق سے اور نگلنے والی دواء کی تعبیر گناہ گار کو توبہ پر اور کافر کو ہدایت پر اور جاہل کو علم پر مجبور کرنے سے کی جاتی ہے۔(۹) وہ دواء جسکو عورتیں حیض وغیرہ کے لئے استعمال کرتی ہیں اسکو لینے کی تعبیر غیر شادی شدہ حضرات کے لئے شادی کی علامت اور لاولد لوگوں کے لئے ولد کی بشارت ہے۔(۱۰) بدنما دواء اُٹھانا پوشیدہ رازوں سے باخبر ہونے اور تجسس کرنے کی دلیل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے۔(۱۱) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ مسہل دواء اپنی صحت کی درستگی کی غرض سے پی رہا ہے تو وہ بقدر اس دواء سے صحت یابی کے اپنے دین کی اصلاح کرے گا۔اور دواء پینے کے بعد اگر اس کا اثر ظاہر نہ ہو تو اسکی اصلاح دینی زائل ہوگا۔(۱۲) خواب میں دواء پینے کے فوراً بعد صحت کا طالب ہونا دنیا کو درست کرنے کی دلیل ہے۔(۱۳) خواب میں آنکھ میں دواء استعمال کرنا بھی دین میں اصلاح کرنے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۴) خواب میں پیلے رنگ کی تمام عام دوائیں بیماری کی علامت ہیں۔(۱۵) آسانی سے پینے اور کھائی جانے والی دوائیں مریض کے لئے شفا کی دلیل ہیں اور تندرست آدمی کے لئے مضر صحت اشیاء سے پرہیز کرنے کی دلیل ہے۔(۱۶) ناپسندیدگی سے کھائے جانے والی دوائیں ایسی ہلکی بیماری کی علامت ہیں جن کے بعد تندرستی ہو۔(۱۷) پسندیدگی کے ساتھ کھائی اور پی جانے والی دواؤں کی تعبیر اغنیاء کے لئے بہتر ہے اور فقراء کے لئے اچھی نہیں ہے اور انسان کے بدن سے دواء کے ذریعے نکلنے والی چیز کی تعبیر دواء کے بغیر نکلنے والی چیز کی تعبیر سے مختلف ہے۔

## دمل (پھوڑا)

خواب میں بدن میں پھوڑا نکلنا بقدر پھوڑا مال ملنے کی دلیل ہے اس لئے کہ پھوڑے کی تعبیر مال ملنے سے کی جاتی ہے۔

## داء الثعلب (بیماری بال جھڑنے کی)

اسکی تعبیر منصب کا زائل ہونا ہے اور دواء الفیل کی تعبیر دنیا سے محبت کی علامت ہے۔

## درياق (ترياق)

ترياق کی تعبیر موت سے امان کی علامت ہے۔

**حکایت**: حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کے پاس ایک آدمی نے آکر خواب بیان کیا کہ خواب میں میرے ہاتھ کی انگلی میں سانپ نے ڈس لیا ہے اس میں ورم آگیا میں نے ترياق اپنے منہ میں رکھا تو درد میں آرام آگیا اور انگلی ٹھیک ہوگئی تو حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا معلوم ہوتا ہے کہ آپ فاجر لوگوں سے اختلاط رکھتے ہیں جن کو ترياق پسند نہیں، مجھے نہیں معلوم کہ آپ کس چیز کے سبب ان سے بچتے ہیں۔

## دفن (دفن کرنا)

(۱) کسی نے دیکھا کہ اس کا انتقال ہوا اور دفنایا گیا تو مالی منفعت سے خالی طویل سفر کرے گا۔(۲) کسی نے دیکھا کہ اسے زندہ در گور کر دیا گیا اگر دفن کرنے والے کو پہچانتا ہے تو وہ اس کے ساتھ ظلم یا قہر یا بات چیت یا قید کرنے کی ابتداء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرے گا۔ (۳) اگر دیکھا کہ اس کو دفنانے کے بعد مر گیا تو اسی غم اور حزن کے سبب اس کا انتقال ہوگا۔ (۴) اگر نہیں مرا تو اس ظلم، قہر اور حبس سے نجات پانے کی دلیل ہے۔ (۵) خواب دیکھا کہ اس کو ایک گڑھے کے اندر ڈال دیا گیا تو دلیل ہے کہ اس کو ہلاکت کے حوالہ کیا جائے گا اور اس سے اس کا نام روشن ہوگا (۶) اگر اس کو لحد میں اتارا گیا تو یہ گھر ملنے کی دلیل ہے اور اگر اوپر مٹی بھی ڈال دی گئی تو یہ بقدر مٹی مال نصیب ہونے کی علامت ہے۔ (۶) بعض علماءِ تعبیر کہتے ہیں خواب میں دفن ہونا دین میں فساد واقع ہونے کی علامت سمجھی جاتی ہے اور اس سے زندہ سلامت نکلنے کی تعبیر اس کے خلاف ہے۔ (۷) خواب میں دفنا کر مٹی ڈال کر ہاتھ جھاڑنا توبہ سے مایوسی کی طرف اشارہ ہے اور زندہ دفن کرنے کی اچھی تعبیر نہیں کیونکہ یہ بہت زیادہ تکلیف میں واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۸) کسی نے دیکھا کہ اس کے گھر میں علماء میں سے کوئی عالم یا حکماء میں سے کوئی حاکم مدفون ہوا اور اس نے اس کو زندہ نکال لیا تو وہ ان کے علم و حکمت کا وارث ہوگا اور اس فن میں ان کا قائم مقام ہوگا اسی طرح انبیاء یا اولیاء میں سے کسی مدفون کی بھی یہی تعبیر ہے۔ (۹) کسی نے دیکھا کہ طلوعِ شمس یا ظہر کے وقت یا وقتِ مغرب میں دفن کر دیا گیا تو وہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرے گا۔ (۱۰) کسی زندہ کو دفن کرنا سازش اور دھوکہ دینے کی دلیل ہے۔ کبھی اسکی تعبیر مدفون کے فقر کے بعد غنی ہونے سے بھی کی جاتی ہے اور کبھی بے زوج ہونے کے بعد صاحب زوجہ ہونے اور کبھی وحشت کے بعد انسیت پر بھی دلالت ہوتی ہے۔ (۱۱) خواب میں مردے کا کسی زندہ کو دفن کرتے ہوئے دیکھنا قرض میں گھر جانے یا جس کام میں وہ لگا ہوا ہے اسکے ختم ہونے یا کسی ضمان کے سبب پابند ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۲) خواب میں مردے کو دوبارہ دفن کرنا سرزد ہونے والی برائی سے چشم پوشی پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۳) خواب میں مردے کو دفناتے ہوئے دیکھنا رشتہ داروں میں سچی محبت پیدا ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۴) کبھی دفن کرنا مندرجہ ذیل پر بھی دلالت کرتا ہے قید ہونا، نکاح کرنا، امانت رکھنا وغیرہ۔ (۱۵) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ مر گیا یا دفن کر دیا گیا تو گناہوں سے توبہ نہیں کی ہے۔ (۱۶) خواب میں قبر میں سے نکلنا گناہوں سے توبہ کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۷) خواب میں زندہ دفن کیا جانا قید ہو کر تنگی میں واقع ہونے کی علامت ہے۔

## دکتہ (کنویں کو پاٹنا)

اسکی تعبیر غمزدہ کے لئے خوشی سے اور مسرور کیلئے غم کی جاتی ہے اگر وہ بھی غسل کرے۔

## دوال

اسکی تعبیر مدد کرنے، وعدہ کی حفاظت کرنے اور شرط کے مطابق عمل کرنے سے کی جاتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## دست (مجلس کا صدر مقام)

اسکی تعبیر شریف منصب ہے۔

## درع (زرہ)

خواب میں اسکو دیکھنا دشمن سے بچاؤ کی دلیل ہے۔(۱) خواب میں زرہ بنتے ہوئے دیکھنا قلعہ تعمیر کرنے کی طرف اشارہ ہے۔(۲) خواب میں زرہ پہنتے ہوئے دیکھنا محفوظ ہونے کی علامت ہے۔(۳) کسی نے دیکھا کہ اس نے زرہ پہن لی ہے تو وہ کسی بڑے قلعہ کی باگ ڈور سنبھالے گا اور اس میں معزول ہونے سے مامون اور ہر قسم کے غموں سے محفوظ ہوگا۔(۴) اور اگر صاحب خواب تاجر ہے تو یہ خواب وجوہ تجارت سے مالی فضیلت حاصل ہونے اور خوف سے امن وحفاظت میں ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۵) یہی خواب کوئی سچا آدمی دیکھے تو اس کے شریف ہونے اور اسکے مدد طلب کرنے والوں کے ساتھ مدد کرنے اور پناہ مانگنے والوں کی حفاظت کرنے کی دلیل ہے نیز والد کی خدمت کرنے والا مضبوط بیٹا ہونے کی بھی علامت ہے۔(۶) اسی طرح خواب میں زرہ پہننا مذکورہ صفات سے متصف شخص کی طرف سے نعمت ملنے اور خوشی وغمی میں اسکی حفاظت کرنے اور سازشیوں کی سازشوں سے محفوظ رہنے کی بھی علامت ہے۔(۷) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کے اوپر لوہے کی زرہ ہے تو یہ اسکے دین کے محفوظ ہونے کی دلیل ہے۔(۸) بعض علماء کی رائے ہے کہ خواب میں زرہ پہننا ملک ومال ملنے کی بشارت ہے اور زرہ مندرجہ ذیل پر بھی دلالت کرتی ہے۔

خوف سے مامون ہونے' زوجہ کا محفوظ ہونا' مال ومنفعت ملنے' عورت کے لئے نقاب یا شوہر جو اس کے لئے ستر ہے' حصول قدرت عظیمہ' مددگار بھائی' مہربان اولاد وغیرہ۔ اسی طرح ڈھانپنے والا ہر اسلحہ مثلاً خود' زرہ اور ڈھال سینہ بند وغیرہ کپڑوں پر دلالت کرتے ہیں۔(۹) لوہے کی زرہ مرد رشتہ داروں پر دلالت کرتی ہے۔ بعض کی رائے ہے کہ دو عظیم آدمیوں کی صحبت اختیار کرنے کی دلیل ہے اور کبھی اسکی تعبیر اسکے بیٹے اور بھائی سے بھی کی جاتی ہے۔

## درقۃ (چمڑے کی ڈھال)

اس کی تعبیر زرہ کی تعبیر کی طرح ہے (۱) خواب میں چمڑے کا ڈھال خریدنا شادی کرنے کی دلیل ہے۔(۲) اور کبھی اس کی دلالت خوف سے بچاؤ کے ذرائع پر بھی ہوتی ہے۔

## دبوس (لاٹھی جس کا سرا مڑا ہو)

اس کی تعبیر تنگ دستی پر ہوتی ہے لوہے کی لاٹھی بے فائدہ خدمت گار اور عورت پر دلالت کرتی ہے نیز اس کی دلالت ہم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خیال بھائی یا بیٹے یا حفاظت کرنے والے خادم پر ہوتی ہے۔

## دم (خون)

(۱) خون کی دلالت مالِ حرام یا صاحب خواب سے سرزد ہونے والے گناہوں پر ہوتی ہے۔ (۲) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ خون میں لت پت ہوا ہے تو وہ مالدار ہوگا اور مال حرام میں مبتلا ہوگا۔ (۳) کسی نے دیکھا کہ اس کی قمیص میں خون لگا ہے اور اسکو نہیں معلوم کہ وہ کسی طرح لگا ہے تو اس پر ایسی چیز واجب کی جائیگی جسکا وہ شعور نہیں رکھتا۔ (۴) خواب میں بلی کے خون سے قمیص کا لت پت ہونا کسی چور کی طرف سے کچھ واجب ہونے کی دلیل ہے۔ (۵) کسی درندے کا خون لگنا ظالم اور بدمزاج قسم کے حکمران کی طرف سے کچھ واجب کرنے کی علامت ہے۔ (۶) مینڈھے کے خون سے ملوث ہونا کسی شریف آدمی کی طرف سے واجب ہونے پر دلالت کرتا ہے اور خون بہنے کی بقدر مال ملنے کی بھی علامت ہے۔ (۷) یہ خواب گھر سے غائب کے لئے صحیح سلامت خیر' نیکی اور سرور کے ساتھ واپس لوٹنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۸) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے کسی انسان کا خون پی لیا ہے تو وہ مال و منفعت پائیگا اور ہر مصیبت و آزمائش اور بلا سے نجات پائیگا۔ (۹) بعض علماء کی رائے کے مطابق خواب میں کسی انسان کا خون پی لینا گناہ سے بچنے کی طرف مشیر ہے۔ (۱۰) خواب دیکھا کہ خون کے کنویں میں گر گیا ہے تو وہ خون کی آزمائش یا مال حرام میں مبتلا ہوگا۔ (۱۱) کسی جگہ میں خون کی وادی دیکھنا اس مقام پر اسکے خون بہنے کی دلیل ہے۔ (۱۲) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کے بدن سے بغیر زخم اور بغیر پچھنے لگوائے خون بہنے لگا اگر وہ مالدار ہے تو یہ اس کے مال کے بقدر خون ہاتھ سے نکلنے کی علامت ہے اور صاحب خواب اگر مالدار نہیں ہے تو بمقدار خون فائدہ حاصل کرے گا۔ (۱۳) خون سے بھرے مٹکے میں گرنا خون کے حملہ آور ہونے کی نشانی ہے۔ (۱۴) مٹی کی صراحی میں بھرا خون حائضہ عورت پر دلالت کرتا ہے ۔ چنانچہ خون سے بھرے مٹکے کے منہ کا بند ہونا حیض کے بندش کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۵) کبھی خون کی دلالت اپنے یار کی زندگی' قوت' اور مال اور اسکے مددگار و کفیل پر ہوتی ہے یا اسکی دلالت لباس پر اور کبھی تعریف اور کبھی مذمت پر بھی ہوتی ہے اور کبھی اسکی دلالت خون نکلنے کی وجہ سے کمزور شدہ پر ہوتی ہے۔ (۱۶) خون پینا مال حرام کھانے کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۷) خواب میں بدن سے زیادہ خون نکلنا اپنے والد' والدہ' شریک کار سے حصولِ نفع کے مشکل ہونے کی دلیل ہے یا اپنے ملبوسات میں سے کوئی چیز بیچنے یا اپنی بیوی وغیرہ سے جدائی کی علامت ہے۔

(۱۸) کبھی خون کی دلالت انسان کے رگوں میں چلنے والے شیطان پر ہوتی ہے۔ (۱۵) خواب میں اپنا خون پینا غم و حزن پہنچنے یا قرض کو قرض کے ذریعے ادا کرنے پر دلالت کرتا ہے اسی طرح کہاوت ہے " **فلان یغسل الدم بالدم** "یعنی فلاں آدمی خون کو خون سے دھوتا ہے۔ اور اسی طرح یہ خواب اپنے دشمن کے مقابلے میں فاتح ہونے پر بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دلالت کرتا ہے۔(۲۰) خون کا زیادہ نکلنا غم اور ضرورت کے وقت نکلنا راحت اور زوالِ غم کی دلیل ہے۔(۲۱) دمِ حیض غیر شادی شدہ عورتوں کیلئے شوہر کی علامت ہے اور حاملہ عورتوں کیلئے اسقاط حمل کی خبر ہے اور بوڑھی عورتوں کیلئے مرض پر دلالت کرتا ہے۔(۲۲) خواب میں دبر سے خون آتا دیکھنا گناہوں سے نکلنے کی طرف اشارہ ہے اور دبر کا خون آلود ہونا مال حرام سے نکلنے پر دلالت کرتا ہے۔(۲۳) کبھی یہ رگوں کے منہ کھلنے کی بنا پر **مرض فی الدبر** پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## دمع (آنسو)

(۱) ٹھنڈے آنسو خوشی اور گرم غم اور حزن کی علامت ہے۔(۲) روئے بغیر آنسو چہرے پر آنا نسب میں داغ لگنے پر دلالت کرتا ہے۔(۳) خواب دیکھا کہ اسکی آنکھوں میں آنسو گھوم رہے ہیں تو وہ ایسا مالِ حلال جمع کرے گا جسکو ظاہر نہیں کرنا چاہتا مگر اسکا دشمن اسکو ظاہر کر دے گا وہ مال باقی رہے گا۔(۴) اس آنسو کا چہرے پر بہہ جانا اس مال کو خرچ کر کے اس سے دل صاف کرنے کی دلیل ہے۔(۵) کسی نے دیکھا کہ اسکی دائیں آنکھ کا آنسو بائیں آنکھ میں داخل ہو گیا ہے تو اس کا بیٹا اسکی بیٹی سے ساتھ جماع کرے گا۔(۶) جمائی کے وقت آنسو نکلنے کی تعبیر بلا سبب کم نقصان کی علامت ہے۔(۷) روشنی یا سورج یا آگ دیکھ کر آنسو آنا ان لوگوں کی طرف سے خسارے میں واقع ہونے کی دلیل ہے جن پر مذکورہ اشیاء دلالت کرتی ہیں۔(۸) کبھی خواب میں آنسو بہہ جانا سفر، شدت، دوستوں سے ملاقات کے شوق اور یکسوئی کی علامت ہوتا ہے۔

## درن (میل کچیل)

(۱) اسکی دلالت قرض، مرض یا مشقت میں ڈالنے والے سفر پر ہوتی ہے۔(۲) بدن اور چہرے پر میل کچیل لگا دیکھنا کثرت گناہ کی علامت ہے۔

## دماغ (مغز)

(۱) اسکی دلالت ایسے جمع شدہ مال پر ہوتی ہے جو ظاہر نہ ہو(۲) خواب دیکھا کہ اس کا دماغ بڑا ہو گیا تو یہ اسکے صاحب عقل ہونے کی دلیل ہے۔(۳) کسی نے دیکھا کہ اس کا دماغ ہی نہیں ہے تو یہ اسکی جہالت کی دلیل ہے۔(۴) خواب میں اپنا دماغ یا بعض گودا کھانا اپنا مال کھانے کی علامت ہے۔(۵) خواب دیکھا کہ اس نے کسی انسان کا دماغ کھالیا تو صاحبِ خواب جلدی مر جائے گا یا اس شخص کا مال لے کر کھائے گا۔(۶) کبھی دماغ کی دلالت دین پر قلبی اعتقاد اور رازداری پر بھی ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## دبر (مرد کا پچھلا حصہ)

(۱) اسکی تعبیر بیوی اور مال سے کی جاتی ہے۔خواب میں دبر کا بند ہونا مر جانے کی علامت ہے۔(۲) دبر کی دلالت ذلیل قسم کے آدمی پر بھی ہوتی ہے اور بعض علمائے تعبیر کی رائے ہے کہ اس کی دلالت ڈھول بجانے والے پر ہوتی ہے اور بعض نے کہا ہے کہ اس سے مراد بعض محارم ہیں اور بعض کا خیال ہے کہ اس کی دلالت رازوں کو پوشیدہ رکھنے والے آدمی پر ہوتی ہے۔(۳) خواب میں کسی مرد کی دبر دیکھی اگر وہ مرد جوان ہے تو اس سے ادبار ملنے کی علامت ہے۔اگر بوڑھا جان پہچان والا ہے تو وہ اس کو اس عمل میں واقع کرے گا اگر غیر معروف ہے تو اسی طرح غیر معروف ادبار ملنے کی دلیل ہے۔(۴) خواب میں دبر کا قطع ہونا قطع رحمی کی علامت ہے۔(۵) حج کا ارادہ کرنے والے آدمی کا خواب میں اپنی والدہ کی دبر دیکھنا حج کے باطل ہونے پر دلالت کرتا ہے اگر حج کا ارادہ نہیں ہے تو یہ خواب معیشت کے ٹھپ ہونے اور کاروبار کے بند ہو جانے کی دلیل ہے۔(۶) کبھی کسی انسان کی دبر دیکھنا کسی ترش چہرہ دیکھنے پر دلالت کرتا ہے۔(۷) خواب میں دبر سے خون یا پاخانہ نکلنا اس کے بمقدار مال ہاتھ سے نکلنے کی علامت ہے۔(۸) دبر سے پاخانہ نکلنا کسی ضرورت میں مال خرچ کرنے کی دلیل ہے اور غیر مخرج معتاد میں پاخانہ نکلنا غیر ضرورت میں مال خرچ ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۹) بعض علمائے تعبیر کی رائے ہے کہ دبر کی تعبیر بے وقوف آدمی ہے۔(۱۰) غیر معروف عورت کا دبر دیکھنا صاحب خواب کے دنیا سے پیچھے رہ جانے کی دلیل ہے۔بعض اہل تعبیر کے قول کے مطابق دبر کی دلالت دبرِ راہب پر ہوتی ہے اور اس میں وطی کرنا گندگی کو جھاڑو سے دور کرنے کی علامت ہے۔(۱۱) اپنی دبر سے پانی پینا' پچکاری کرنے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۲) خواب میں دبر سے کیڑا نکلنا اہل وعیال سے جدا ہونے کی علامت ہے۔(۱۳) دبر سے خون نکلنا اولاد کی اولاد پر دلالت کرتا ہے۔(۱۴) دبر سے نکلے ہوئے خون میں آلودہ ہونا مال حرام میں ملوث ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۵) پیٹ یا دبر سے کیڑے کا ٹکڑا نکلنا ایسی قوم کو جدا کرنے کی علامت ہے جو اس کے عیال کے نفقہ میں سے کھاتی ہو۔(۱۶) خواب میں عورت کے دبر میں جماع کرنا کسی کام کو غیر طبعی طریقے سے طلب کرنے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۷) کبھی دبر کی دلالت مندرجہ ذیل اشیاء پر بھی ہوتی ہے بٹوہ 'صندوق' سٹور' بیت المال' دکان' مجلس وغیرہ چنانچہ دبر میں حادثہ ہونا مذکورہ چیزوں میں حادثہ ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۱۸) کبھی دبر کی دلالت مندرجہ ذیل پر بھی ہوتی ہے لپٹنے والا کپڑا' شلوار' بیٹھنے کا کپڑا یا چٹائی' سواری' گھوڑے وغیرہ کی زین۔اور کبھی اس کی دلالت مار پیٹ اور بیماری پر بھی ہوتی ہے۔(۱۹) بڑے بڑے کاموں کی طرف متوجہ ہونے اور ان سے پیچھے ہٹنے کی بھی دلیل ہے۔(۲۰) کبھی دبر کی دلالت اپنے ساتھی کی اطاعت اور کبھی اسکی معصیت پر بھی ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۲۱) گند صاف کرنے والے خادم پر بھی ہوتا ہے۔ (۲۲) کبھی اسکی تعبیر لوہار کی بھٹی اور کبھی بگل بجانے والے کے بگل سے بھی کی جاتی ہے اور کبھی ان سے سرزد ہونے والے کلام حسن یا کلام قبیح سے بھی تعبیر کی جاتی ہے۔ (۲۳) کبھی دبر گھر کی گندگیوں کو دور کرنے والے پرنالے پر بھی دلالت کرتی ہے۔ (۲۴) کبھی اسکی دلالت ایسے گھر پر بھی ہوتی ہے جس میں کوئی رہائش اختیار نہیں کرتا اور ایسی زمین پر بھی دلالت کرتی ہے جس میں نہ کوئی کاشت کرتا ہے اور نہ ہی اس میں فصل ہوسکتی ہے۔ (۲۵) کبھی دبر کی تعبیر ایسا شخص بھی ہوسکتا ہے جسکی شرارت و جہالت کی وجہ سے اس سے دوری اختیار کی جائے اور اسکی دلالت فسق و فجور اور بدعات کے مقامات پر بھی ہوتی ہے۔ (۲۶) کبھی اسکی تعبیر گندہ ذہنی سے بھی کیجاتی ہے اور کبھی فرحت و مسرت پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ (۲۷) خواب میں دبر سے بہت چیزیں نکلنا میدان جنگ سے پیٹ پھیرنے یا اپنی رائے سے پھر جانے کی علامت ہے۔ (۲۸) کبھی اس خواب سے کام میں حرج و رکاوٹ پڑ جانے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ (۲۹) کبھی اس خواب کی تعبیر اپنی مصلحت کے لئے راستہ کھولنا اور پھر ضرورت کے وقت اس حد تک پہنچنے کا دشوار ہونا ہے اور کبھی سفر نہ کرسکنے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ (۳۰) کسی نے خواب دیکھا کہ اسکی دبر سے مور نکلا تو تعبیر ہے کہ اس کے ہاں خوبصورت بیٹی پیدا ہوگی۔ (۳۱) دبر سے مچھلی نکلنا بدصورت بچی کی پیدائش کی طرف اشارہ ہے۔ (۳۲) پیٹ میں رہنے والا یا دیگر قسم کا کیڑا قریبی رشتہ داروں سے جدائی پر دلالت کرتا ہے۔ (۳۳) سانپ وغیرہ نکلنا دور کے مسافر رشتہ داروں پر دال ہے۔

## درب (بڑا دروازہ)

(۱) اسکی تعبیر بھی شہر کے دروازے کی تعبیر کی طرح ہے۔ (۲) کسی نے خواب دیکھا کہ دن کے وقت بڑا دروازہ یا شہر پناہ کا دروازہ بند ہے تو یہ شہر پر ایسا حادثہ مسلط ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے جسکی وجہ سے دروازہ بند کرنا ضروری ہے۔ (۳) کبھی بڑے دروازے کی دلالت خادمہ یا لونڈی پر اور رہنے کے مقامات پر بھی ہوتی ہے چنانچہ اس میں کچھ ہونا مثلاً اس کا نیا ہونا یا ٹوٹنا وغیرہ ان افراد میں کچھ ہونے کی علامت ہے۔ (۴) بڑے دروازے سے داخل ہونا کسی بڑے تاجر سے خریداری کرنے یا کسی والی کی ولایت میں جانے یا کسی کے پیشے میں شامل ہونے کی دلیل ہے۔ (۵) بڑے دروازے کو مفتوح دیکھنا کسی حکمران کے کام میں شامل ہونے کی علامت ہے۔

## درابۃ (لوہے کا کشادہ دروازہ)

اسکی دلالت مال پر ہوتی ہے اور اسکی دلالت کسی جماعت کے مصلح، کاریگر اور اسکے معاون اور اسکے ماتحت و حفاظت و کفالت میں رہنے والے رشتہ دار وغیرہ پر ہوتی ہے۔ اور کبھی اسکی دلالت ایسے دوست احباب پر ہوتی ہے جن کے ذریعے تجمل حاصل کیا جاتا ہے اور کبھی اس کی دلالت سامان وغیرہ پر بھی ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## دکان

(۱) گھر کے دروازے پر دکان دیکھنا صاحب گھر یا صاحب خواب یا بیوی کے دوست پر دلالت کرتا ہے۔
(۲) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ دکان میں بیٹھا ہے تو وہ حکمرانی' عزت وشرف ورتبہ' اور نعمت سے سرفراز ہوگا بشرطیکہ اس کا اہل ہو۔

## دلب (چنار کا درخت)

(۱) چنار کے درخت کی دلالت ایک صاحب حسب' کثیر الاولاد' مضبوط' بدخلق اور بے فائدہ شخص پر ہوتی ہے۔
(۲) اسکے تنے کی دلالت اسکے حسب پر اور جڑوں کی دلالت اسکے اصل پر ہوتی ہے۔ (۳) خواب میں کسی کو اس کا پھل ملنا مذکورہ صفت سے متصف شخص سے مال ملنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۴) درخت چنار کا ٹنا احباب کو ملنے' ناپسندیدہ امر پیش ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ بعض اصحاب التعبیر کے قول کے مطابق درختِ چنار اور درخت جھاؤ لڑائی کے ارادے یا فوج میں جانے کے ارادے سے جانے والے کیلئے خیر کی علامت اور ان کے علاوہ کے لئے فقر و مسکنت کی دلیل ہے۔

## دیک (مرغ)

(۱) مرغے کی دلالت گھر کے دروازے اور گھر کی کشادگی پر ہوتی ہے۔ (۲) اسی طرح مرغا غلام پر بھی دلالت کرتا ہے خواب میں مرغا بطور ہبہ ملنا' مملوک بیٹا پیدا ہونے کی طرف اشارہ ہے اور بعض کی رائے ہے کہ اسکی دلالت غلام نسل کے جنگجو آدمی پر ہوتی ہے۔ (۳) بعض نے کہا ہے کہ اس کی دلالت ایسے کمزور اخلاق والے آدمی پر بھی ہوتی ہے جو کبھی اچھی اور کبھی بری باتیں کرنے اور بے فائدہ چیخنے کی عادت رکھتا ہو۔ (۴) بعض کی رائے کے مطابق محبت والے بیٹے پر بھی اسکی دلالت ہوتی ہے۔ (۵) بعض مرتبہ مرغا پکڑنا کسی شخص کے ساتھ صلح کرنے کا اشارہ ہے۔ (۶) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے مرغ ذبح کیا تو وہ مؤذن کی اذان کا جواب نہیں دیتا۔ (۷) بعض دفعہ خواب میں مرغ دیکھنا زیادتی حکمت' علماء سے ملاقات اور ان سے استفادہ کی دلیل ہے۔ (۹) خواب دیکھا کہ وہ مرغ بن گیا ہے تو دلیل ہے کہ جلدی مر جائے گا۔ (۱۰) کسی نے دیکھا کہ مرغ نے اسکو ایک دو مرتبہ چونچ سے مار دیا تو وہ کسی عجمی آدمی کے ہاتھوں مارا جائیگا۔ (۱۱) سفید رنگ کا مرغا مؤذن پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۲) بعض کی رائے ہے خواب میں مرغا بننا کسی کے غلام بننے یا اوقات کی پہچان رکھنے والا مؤذن بننے کی علامت ہے۔ (۱۳) کبھی مرغ کی دلالت خطیب' خوبصورت قرآن پڑھنے والے قاری پر بھی ہوتی ہے۔ (۱۴) کبھی مرغ کی دلالت ایسے آدمی پر ہوتی ہے جو دوسروں کو نیکی کا حکم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دیتا ہے مگر خود نیک عمل نہیں کرتا اس لئے مرغ بھی اذان دیتا ہے مگر نماز نہیں پڑھتا۔ (۱۵) کبھی اسکی دلالت کثیر النکاح یا دلال اور محافظ قسم کے آدمی پر بھی ہوتی ہے۔ (۱۶) کبھی اسکی تعبیر اپنے نفس پر قابو پانے والے شریف النفس آدمی سے کی جاتی ہے اور کبھی مصائب میں بکثرت گرفتار غریب اور کم نصیب شخص بھی اس سے معبر ہے۔ (۱۷) کسی نے خواب دیکھا کہ مرغ اسکے گھر میں داخل ہو کر جو کے دانے چگنے لگا تو کوئی مؤذن شخص اس کی کوئی چیز چرائے گا۔ (۱۸) کبھی مرغ کی دلالت بلند ہمت حسین صورت والے شخص پر ہوتی ہے۔ (۱۹) چھوٹے چھوٹے مرغوں کی دلالت کبھی چھوٹے غلاموں اور کبھی بچوں پر ہوتی ہے۔ (۲۰) مرغی کے چھوٹے چھوٹے چوزوں سے بھی باندیاں اور غلام مراد لئے جاتے ہیں۔ (۲۱) عام پرندوں کی جماعت دیکھنا قید اور غلاموں سے مال ملنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۲۲) خواب میں مرغ کا مالک ہونا اولاد نرینہ نصیب ہونے کی دلیل ہے یا گھر یا غلام خریدنے یا معیشت کے وسیع ہونے یا کسی غائب شدہ فرد کے خود آنے یا اسکی طرف سے کوئی اطلاع آنے کی دلیل ہے اور خطیب، مؤذن، جاسوس، دربان بننے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۲۳) خواب میں سرخ رنگ کا مرغ ملنا خبیث قسم کے بھگوڑے غلام ملنے کی دلیل ہے۔ (۲۴) خواب دیکھا کہ مرغ نے کسی انسان کو چونچ مارا یا اپنی آواز سے اسکو دھکیل دیا تو ان لوگوں کی طرف سے اس کو تکلیف پہنچ جائیگی جو مرغ سے معبّر ہیں۔ (۲۵) خواب میں مرغ سے جھگڑا کرنا کسی غیر عربی شخص سے نزاع کرنے کی دلیل ہے۔ (۲۶) اور خواب میں مرغ سے تکلیف پہنچنا کسی عجمی شخص سے تکلیف پہنچنے کی دلیل ہے۔

## دجاجه (مرغی)

(۱) مرغی کی تعبیر جاہل احمق مگر خوبصورت عورت سے کی جاتی ہے۔ (۲) بعض کی رائے ہے اسکی تعبیر خادم ہے۔ (۳) خواب میں مرغی ذبح کرنا کنواری لڑکی کے کنوارا پن کو ختم کرنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۴) خواب میں مرغی شکار کرنا آسانی سے مال حلال حاصل کرنے کی دلیل ہے۔ (۵) اس کا گوشت کھانا کسی عجمی قیدی سے مال ملنے کی علامت ہے۔ (۶) خواب دیکھا کہ مرغی اسکے گھر میں آواز نکال رہی ہے تو یہ اسکے مصیبت زدہ ہونے اور فاجر ہونے کی نشاندھی کرتا ہے۔ (۷) بعض اصحاب تعبیر کا کہنا ہے مرغی اور مرغی کے پر کی دلالت مال منافع پر ہوتی ہے۔ (۸) اور خواب میں کالی مرغی ذبح کرنا کنواری عورت سے نکاح کرنے یا اسکے کنوار پن ختم کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۹) کبھی مرغ کی دلالت ایسی عورت پر ہوتی ہے جو یتیموں کی پرورش کرتی ہے اور ان کے لئے صدقات لینے کی کوشش کرتی ہے۔ (۱۰) کبھی اسکی تعبیر ذلیل و کمینی قسم کی عورتیں بھی ہوتی ہیں۔ (۱۱) دانے چگنے والی مرغی نشاط والی اصیل عورت اور گوبر وغیرہ کھانے والی، گھٹیا نسل والی عورت پر دلالت کرتی ہے۔ (۱۲) مرغی کے چوزے زناء سے پیدا شدہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اولاد پر دلالت کرتے ہیں۔ (۱۳) اور کبھی دجاجہ کی تعبیر صاحب اولاد عورت سے کی جاتی ہے۔ (۱۴) خواب میں مریض کے پاس مرغی یا چوزہ کا آنا عافیت کی دلیل ہے۔ (۱۵) خواب میں مرغی کا اذان دینا شر، غم، یا موت کی دلیل ہے۔ (۱۶) خواب میں تندرست آدمی کے پاس مرغی داخل ہونا ایسے مرض میں مبتلا ہونے کی علامت ہے جس میں مرغی کو کھانے کی ضرورت ہو۔ (۱۷) کبھی گھر میں مرغی کا داخل ہونا یا اس کا مالک بننا زوالِ غم و تکلیف کی دلیل ہے۔ (۱۸) کبھی نر چوزے، اولاد یا خوش لباس یا تنگی سے وسعت حاصل کرنے کی علامت ہوتی ہے۔ (۱۹) خواب میں گھر کے اندر لاتعداد کثیر مرغی دیکھنا خوف کے ختم ہونے اور مال و دولت پہنچنے کی علامت ہے۔

## دراج (تیتر)

(۱) اسکی دلالت فارسی النسل عورت پر ہوتی ہے بعض کی رائے کے مطابق اسکی تعبیر مملوک ہے۔ چنانچہ خواب میں تیتر لینا فارسی النسل عورت سے نکاح کرنے کی دلیل ہے۔ (۲) کسی نے دیکھا کہ وہ کسی تیتر سے مقابلہ کر رہا ہے تو وہ مرد سے مقابلہ کرے گا۔ (۳) خواب میں دراج ملنا ایسی خیانت کرنے والی عورت ملنے کی طرف اشارہ ہے جس میں کوئی خیر نہ ہو۔

## دراج (لحاف اوڑھنی)

اسکی تعبیر قوت، سندحسن و جمال والی عورت ہے، چنانچہ اوڑھ اڑ کر سو جانا کسی عورت سے نکاح کرنے کی بشارت ہے۔ خواب میں موتی کا لحاف دیکھنا بیوی کے حافظہ قرآن ہونے کی بشارت ہے۔

## دیباج (ریشمی کپڑا)

(۱) خواب میں ریشمی جوڑے کا مالک بننا دیندار، پرہیزگار صاحبِ ریاست ہونے کی بشارت ہے ایک دیندار شریفہ حسینہ معززہ عورت سے نکاح کرنے کی بھی دلیل ہے۔ (۲) لپٹا ہوا ریشمی کپڑا خریدنا باندی خریدنے یا بہت ساری خوبصورت جاریات خریدنے کی دلیل ہے۔ (۳) خواب میں ریشم کا کپڑا زیب تن کرنا کسی خوبصورت کنواری لڑکی سے شادی کی بشارت ہے۔ (۴) اور فقراء کے لئے ریشمی لباس پہننا دنیا طلبی اور لوگوں کو بدعت کی طرف دعوت دینے کی علامت ہے۔

## دراعة (چوغا)

(۱) اسکی دلالت عورت پر ہوتی ہے یا غم و کرب سے چھٹکارے پر ہوتی ہے۔ (۲) کسی کاتب نے خواب دیکھا کہ اسکے اوپر دراعہ ہے اور ہاتھ میں کاغذ و قلم ہیں تو یہ بادشاہ کی خدمت کی وجہ سے فقر و فاقہ سے محفوظ ہونے کی طرف نشاندہی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے۔

## دَین (قرض)

اسکی تعبیر ذلت واہانت سے کی جاتی ہے (۱) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے اپنا قرض ادا کیا یا کسی کا حق ادا کیا تو وہ صلہ رحمی کرے گا یا تعبیر ہے کہ کسی مسکین کو کھانا کھلائے گا اور اسکا دنیوی یا دینی الجھا ہوا کام آسان ہوگا۔ (۲) بعض اہل تعبیر کا کہنا ہے خواب میں قرض ادا کرنا سفر سے لوٹنے کی دلیل ہے۔ (۳) خواب دیکھا کہ وہ مدیون ہوا اور اس کا اقرار بھی کر رہا ہے لیکن حالتِ بیداری میں ایسا کوئی دین اس پر نہیں ہے تو اسکے گناہ اسکو گھیرے ہوئے ہیں اسکی سزا دنیا میں بھگتے گا یا یہ اس پر مختلف بیماریوں کی آمد کی دلیل ہے۔ یا بیماری کے علاوہ دوسرے مصائبِ دنیا لاحق ہونے کی طرف اشارہ ہے۔

## دلال (ایلچی)

(۱) خواب میں اسکی رؤیت خیر وشر دونوں پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) کبھی اسکی دلالت نکاح کرانے والے اور کبھی قصاص لینے والے پر ہوتی ہے۔ (۳) خواب میں کسی مریض کے پاس غیر معروف دلال کی آمد اسکی موت کی خبر ہے جیسا کہ غاسل کی آمد موت ہے۔

## دباغ (کچے چمڑے کو درست کرنے والا)

اسکی دلالت پچھنے لگانے والے پر ہوتی ہے۔ (۱) چنانچہ خواب میں کسی ڈاکٹر یا حکیم کو دباغ بنتے ہوئے دیکھنا اسکے ماہر فی الفن ہونے کی علامت ہے اور اسکے ہاتھوں خلق کثیر شفایاب ہوں گے۔ (۲) لیکن اگر دیکھا اسکی دباغت دی ہوئی کھال فاسد اور متعفن ہوگئی ہے تو یہ اسکے جاہل ہونے کی خبر ہے۔ (۳) خواب میں دباغ اگر کسی امر دنیا کی طرف رہنمائی ونشاندھی کرے تو یہ اس کے ہلاکت سے نجات پانے کی علامت اور امور دینی کی طرف دلالت کرے تو زمانہ قحط میں مسکینوں کو کھانا کھلانے کی دلیل ہے۔ (۴) کبھی دباغ رجل مصلح پر بھی دلالت کرتا ہے اور کبھی ہلاک شدہ گان کی میراث میں تصرف کرنے والے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۵) اور کبھی اسکو دیکھنا دلیلِ غم وحزن ہے اور کبھی رجل ظالم سے بھی معبر ہے۔

## دقاق (پیسنے والا کپڑا فروش)

(۱) اسکی تعبیر مصلح سے کی جاتی ہے۔ (۲) درست کرنے کی غرض سے کوٹنے والا ہر شخص کو دیکھنا راحت، خصومات اور غلط طریقے سے کمانے یا جسکی درستگی کی امید ہو اسکے خراب ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) دقاق کی دلالت سونا، چاندی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اہل شر،خصومات، کذب وافترا،پرخرچ کرنے والے پر ہوتی ہے۔(۵)دقاق اور سامان فروش خواب میں اپنا سامان فروخت کرکے اس کی قیمت سونے چاندی کی صورت میں لے لیں تو یہ دنیا کو دین پر ترجیح دینے کی علامت ہے۔ (۶)اور خواب میں سامان شریعت کے اصولوں کے مطابق فروخت کرکے اس پر قیمت وصول نہ کرنا دنیا پر دین کو ترجیح دینے اور اللہ تعالیٰ کا شکر بجالانے کی دلیل ہے۔(۷)اور خواب میں سامان فروخت کرکے قیمت میں دراہم ودینار بغیر معائنہ کے لینا اور سامان کو مشتری کے حوالہ کرنا دنیا سے بے رغبتی کی دلیل ہے۔(۸)خواب دیکھا کہ اس نے دراہم ودنانیر کے بدلے گندم اور جو خریدے اور ان رقوم کو نہیں دیکھا تو وہ غنا، طمانیت، کی زندگی گزارے گا اور اللہ تعالیٰ کی ثنا اور شکر کرے گا۔

## دھان (مالش کرنے والا)

اسکی دلالت مندرجہ ذیل صفات والے انسان پر ہوتی ہے۔(۱)اعمال کے ذریعے اپنے آپ کو مزین کرنے والا۔ (۲)دوسرں کو نقصان پہنچانے والا (۳)منافق کی طرح کبھی اصلاح اور کبھی فساد برپا کرنے والا، تصنع والا، مداہن، مدلس دوسروں کی تعریف کرنے والا چنانچہ مذکورہ تعبیریں اسکے عمل کے اعتبار سے ہوتی ہیں مالش کرنے میں اعتدال اور جس کی مالش کررہا ہے اسکی موافقت وعدم موافقت کے اعتبار سے تعبیر اچھی یا بُری ہوتی ہے۔(۴)تیل لگانے والے کی رؤیت چاپلوسی کرنے والے اور باتیں بنانے والے، وعدہ خلاف اور جھوٹے آدمی پر دلالت کرتی ہے۔ (۵) کبھی اسکو دیکھنا عزت وحکمرانی کی علامت ہوتا ہے۔

## دھقان (زمیندار)

اسکی دلالت اس شخص پر ہوتی ہے جو اپنے شریک کار کے ساتھ حسن کا معاملہ کرتا ہے:

## دجاجی (مرغی فروش)

خواب میں اسکو دیکھنا غموم وحزن کے ختم ہونے کی دلیل ہے اور کبھی اسکی دلالت غلام، یا باندی فروش پر بھی ہوتی ہے۔ اور اسکو دیکھنا کبھی مرض سے شفایاب ہونے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔

## دقیقی (آٹا فروش)

اسکی رؤیت رزق حاضر کی علامت ہے اور کبھی حق کے واضح اور ظاہر ہونے پر دال ہوتی ہے اور تھکاوٹ کے بعد راحت ملنے کی بھی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## دفوفی (دف فروخت کرنے یا دف بجانے والا)

(۱) اسکی رؤیت خوشی اور مسرت کی علامت ہوتی ہے۔
(۲) اس کا خواب میں مریض کے پاس آنا اسکے مرنے کی دلیل ہے اور اس پر رونے اور رفع کے اعلان کرنے کی دلیل ہے اور کبھی اسکی دلالت اسکی ضیافت میں لوگوں کو جمع ہونے پر بھی ہوتی ہے۔

## دایۃ

(۱) اسکو خواب میں دیکھنا پوشیدہ اشیاء کے ظاہر ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۲) کبھی اسکی رؤیت دلیل نقصان بھی ہوتی ہے۔ (۳) اور مریض کے انتقال کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ (۴) کبھی نصیحت کی باتوں کی علامت ہوتی ہے اور کبھی مصائب کی طرف متوجہ ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۵) محبوس کے لئے دایہ دیکھنا آزادی کی علامت ہے اور غمگین کیلئے خوشی اور رفع تکلیف کی دلیل ہے۔ (۶) کبھی فتن وشرور کے باقی رہنے اور کبھی تاوان میں پڑنے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب الذال

## حضرت ذوالکفل علیہ السلام

خواب میں ان کی زیارت کسی کی کفالت کرنے اور ذمہ میں لگی ہوئی امانت کی علامت ہے۔

## حضرت ذوالقرنین علیہ السلام

خواب میں حضرت ذوالقرنین علیہ السلام کو دیکھنے والا کسی بڑے آدمی کی ضرورت و حاجت کے معاملے میں سفارش کرے گا۔

## ذکر اللہ (اللہ تعالیٰ کو یاد کرنا)

(۱) خواب میں کسی مجلس میں ذکر اللہ دیکھنا مثلاً تلاوت قرآن' دعا' زہد و عبادت کا تذکرہ وغیرہ' بقدر ذکر اس مقام کے مضبوط آباد ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) چنانچہ مجلس ذکر میں زہد و تقویٰ کے قصیدے لحن سے پڑھے جاتے ہوں تو یہ غیر کامل ولایت کی دلیل ہے اور اگر وہ پڑھا جانے والا قصیدہ غزل کی صورت میں ہو تو یہ ولایت باطلہ کی علامت ہے۔ (۳) خواب میں کثرت سے ذکر کرنا دشمنوں پر غلبہ پانے کی دلیل ہے۔ (۴) خواب میں لوگوں کو نصیحت کرنے والا بیداری میں بھی ناصح ہوگا اور لوگوں کو گناہوں سے بچانے والا ہے۔ (۵) اگر تاجر ہے تو وہ لوگوں کو خسارے سے بچائے گا اور لوگوں کو نفع پہنچائے گا۔ (۶) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ ذکر کر رہا ہے مگر وہ اہل ذکر میں سے نہیں ہے تو وہ غم اور حرص میں مبتلا ہے اور اس سے نجات کے لئے اللہ تعالیٰ کو پکار رہا ہے۔ (۷) اگر اس نے اس میں نیکی اور حکمت کی باتیں کیں اور اس میں سچا بھی ہے تو غم سے نجات پائے گا اور مرض سے شفایاب ہوگا اور تنگی سے کشادگی کی طرف آئے گا یا قرض سے نجات پانے یا ظالم پر غالب آنے کی بھی دلیل ہے۔ (۸) اگر اس نے مجلس میں گندی باتیں کیں ہیں تو یہ مزید تنگی کی علامت ہے اور ایسا کلام کرے گا جس کی بناء پر اس کا مذاق اڑایا جائے گا اور تضحیک کی جائے گی۔

## ذکر بنی آدم (مرد)

خواب میں مرد دیکھنا فضیلت اور وسعت کی علامت ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے مرد کو عورت پر فضیلت دی ہے۔ چنانچہ فرمایا ہے ﴿ فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ ﴾ "ایک مرد کا حصہ ہے برابر ہے دو عورتوں کے"۔

## ذکر الانسان (انسان کا آلہ تناسل)

(۱) اسکی دلالت مال' اولاد اور عمر پر ہوتی ہے۔ چنانچہ خواب میں آلۂ تناسل مناسب انداز کے مطابق لمبا اور بڑا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہونا کثرت اولاد اور کثرت مال پر دلالت کرتا ہے۔(۲) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے اپنے ذکر کو گم کر دیا ہے اور اس پر افسوس کرتا ہے تو تعبیر ہے کہ اس کا بیٹا گم ہو جائے گا یا ایسا سفر کریگا جس کے بارے میں کوئی خبر نہیں ہوگی۔ (۳) یہی خواب اگر مریض دیکھے تو مر جائے گا اگر کوئی حکمران دیکھے تو معزول کر دیا جائے گا۔(۴) ذکر کا کھڑا ہونا نشاط، محنت اور ضروریات کے پورا ہونے کی علامت ہے۔(۵) خواب میں سر نیچے جھکا کر ذکر کو منہ میں داخل کرنا اپنے بیٹے کی اطاعت کرنے اور اسکی ہر امید کے سامنے سر تسلیم خم کرنے کی طرف اشارہ ہے۔(۶) خواب میں ذکر کی بہت سی شاخیں نکلنا کثرتِ نسل پر دلالت کرتا ہے اور تین حصوں میں بٹ جانا تین اولاد کی دلیل ہے یا اسکی موت کی علامت ہے۔ (۷) ذکر کا منقطع ہونا مندرجہ ذیل پر دلالت کرتا ہے' موت' مال کا ہاتھ سے نکلنا' یا اولاد کی موت' اولاد نرینہ کی نسل کا ختم ہونا یا اپنے شہر سے طویل مدت تک غائب رہنا۔(۸) خواب میں دو ذکر ہونا دو بیٹے نصیب ہونے کی بشارت ہے۔(۹) خواب میں ایک ذکر کا دوسرے ذکر کے اوپر لگنا لواطت کرنے کی طرف اشارہ ہے بشرطیکہ اگر صاحب خواب فسق کا عادی ہو۔(۱۰) خواب میں اپنے ہاتھ میں دوسرے کا ذکر دیکھنا ایک ہزار یا ایک سو دینار یا درہم یا ایک سو حسب لائق صاحبِ خواب ملنے کی دلیل ہے۔(۱۱) خواب دیکھا کہ وہ کسی کا ذکر دانت سے کاٹ رہا ہے تو تعبیر ہے کہ وہ اس شخص کے ساتھ شدید محبت کرے گا اور اسکی بہت زیادہ تعریف کرے گا۔(۱۲) خواب دیکھا کہ اس کے ذکر کو کاٹ کر اس کے کان میں رکھ دیا گیا ہے تو تعبیر ہے کہ اسکی بیٹی بغیر شوہر کے بچہ جنے گی۔(۱۳) خواب دیکھا کہ اس نے اپنے ذکر سے گرم روٹی نکالی ہے تو تعبیر ہے کہ وہ محتاج ہوگا۔(۱۴) خواب دیکھا کہ اس کا ذکر اسکی بیوی کے فرج کے اندر ٹوٹ گیا ہے تو تعبیر ہے کہ اگر اسکی بیوی حاملہ ہو تو وہ بچہ مر جائے گا اور اگر اس کا کوئی باغ ہو تو اس کا پانی منقطع ہو جائے گا۔(۱۵) خواب میں ذکر کا باقی رہنا اور خصیوں کا منقطع ہونا اسکی مؤنث نسل کے منقطع ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۶) کسی عورت نے خواب دیکھا کہ اس کا ذکر ہے اگر وہ حاملہ ہے تو بیٹا پیدا ہوگا اگر حاملہ نہیں ہے مگر صاحب اولاد ہے تو اس کا بیٹا قوم کا سردار ہوگا اگر یہ بھی نہیں ہے تو آئندہ کبھی بھی اسکے ہاں بچہ نہیں ہوگا اس لئے کہ وہ مردوں کی طرح ہوگئی۔(۱۷) خواب میں عورت کو ڈاڑھی لگنے کی بھی بالکل یہی تعبیر ہے۔(۱۸) کبھی ذکر عورت کے لئے برتری کی علامت ہوتا ہے اور باکرہ عورت کے لئے شوہر کی بشارت ہے۔(۱۹) شوہر والی کے لئے اسکی تعبیر طلاق سے کی جاتی ہے۔(۲۰) مضبوط قسم کی عورت کے لئے خواب میں ذکر یا ڈاڑھی لگنا مزید قوت کی بھی دلیل ہے۔(۲۱) بعض اصحاب التعبیر کا کہنا ہے کہ عورت کا خواب میں صاحب ذکر یا صاحب ڈاڑھی ہونا یا مردانہ لباس پہننا شوہر پر حکمرانی کرنے اور شوہر کو شوہر کی باتوں کے مطابق جواب دینے پر دلالت کرتا ہے۔(۲۲) خواب دیکھا کہ اس کا ذکر اسکی دبر میں گھس گیا تو تعبیر ہے اسکی عمر طویل ہوگی اور اگر اسکی بیوی حاملہ ہو تو اسقاط حمل کی علامت ہے۔(۲۳) خواب میں مرد کا ذکر اسکی شہرت و تذکرے پر بھی دلالت کرتا ہے چنانچہ ذکر میں زیادتی تذکرہ میں کثرت کی علامت ہے۔(۲۴)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خواب میں ذکر کا پیٹ میں داخل ہونا گواہی کو چھپانے کی علامت ہے۔(۲۵) خواب دیکھا کہ اس کا آلۂ تناسل اسکے ہاتھ میں آ گیا اور جڑ سے اکھڑ گیا پھر اپنی جگہ میں جا کر فٹ ہو گیا تو تعبیر ہے اس کا بیٹا مر جائیگا۔اس کے بعد دوسرا بیٹا نصیب ہوگا اور کبھی ضائع شدہ مال کے واپس آنے اور کبھی نام کے ختم ہونے کے بعد دوبارہ ناموری پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۲۶) خواب دیکھا کہ وہ لوگوں کے مجمع میں ننگا ہے اور اس کا ذکر منتشر ہے اور اسکو کوئی شرم بھی محسوس نہیں ہو رہی اور اپنے کام میں مشغول ہے تو یہ اپنے کام کی طلب میں شدت کی دلیل ہے اور اس میں کامیابی اور اپنی امید کے مطابق فوائد حاصل کرنے اور دشمن پر غلبہ پانے کی علامت ہے۔(۲۷) خواب میں ذکر کا سیدھا کھڑا ہونا محنت کی قوت اور حکومت کی واپسی کی علامت ہے اور اس میں انتشار ہو کر بڑھتے بڑھتے سر کے برابر ہونا اور اس میں سختی پیدا ہونا شہروں میں اسکی شہرت پھیلنے، اس کے کام اور معاملہ کے بڑھنے اور خواہشات کی لذت کو حاصل کرنے کی دلیل ہے۔

(۲۸) ذکر کا طویل ہونا زیادتی مال کی علامت ہے اور اس میں سختی پیدا ہونا اسکے پیشے میں جلا پیدا ہونے اور اسکے معاملہ میں قوت کی علامت ہے اور اس میں حرکت پیدا ہونا اسکے نشاط کی دلیل ہے۔(۲۹) خواب میں ذکر کا کمزور ہونا بچے کے مریض ہونے اور اس کے ذِکر کے منقطع ہونے اور بقدر ضعف محتاج ہونے کی دلیل ہے۔(۳۰) خواب میں ذکر کا لمبا ہو کر سینے تک پہنچ جانا اسکی بڑائی کی علامت ہے۔(۳۱) ذکر کا کپڑوں کے ساتھ مس کر کے منتشر ہونا علاقے میں اسکی شہرت اور اسکی اولاد کی قوت کی شہرت کی علامت ہے۔(۳۲) خواب دیکھا کہ وہ کسی کا ذکر چوس رہا ہے تو تعبیر کہ وہ صاحب ذکر کے تذکرے اور نام کے سہارے زندگی گزارے گا۔(۳۳) دیکھا کہ وہ مختون ہوا ہے تو یہ اسکی دینی پختگی پر دلالت کرتا ہے۔(۳۴) کبھی ذکر کا غیر معمولی طور بڑھنا غم وحزن میں مبتلا ہونے کی طرف مشیر ہوتا ہے۔

(۳۵) خواب میں ذکر کو باندھنا معاملے کے سخت ہونے اور زندگی کے تنگ ہونے یا اولاد کی وجہ سے خسارے میں پڑنے کی علامت ہے اور کبھی اسکی دلالت تنگ دستی کی وجہ سے نکاح نہ کر سکنے پر بھی ہوتی ہے۔

(۳۶) حشفہ کی دلالت مندرجہ ذیل پر ہوتی ہے، والدین، اولاد، عورت، بھائی، رشتے دار، مرد کی بدنی قوت، بات، ادب، چیز پر قبضہ کرنے والا، انسان کے مملوک شئی وغیرہ۔(۳۷) خواب دیکھا کہ اپنے آلۂ تناسل کے سوراخ کو بوسہ دے رہا ہے تو تعبیر ہے کہ اس کا بیٹا صحیح ہوگا۔اگر صاحب اولاد نہیں ہے تو یہ خواب اولاد کی بشارت ہے اور اگر اولاد سفر پر ہو تو ان کے گھر لوٹنے اور ان کو بوسہ دینے اور دیکھنے کی دلیل ہے۔(۳۸) خواب دیکھا کہ اس کے والد کے ذکر کے سر پر بال اگے ہیں تو یہ اسکے باپ کی عمر کے ختم ہونے اور قریب الموت ہونے کی دلیل ہے۔(۳۹) خواب میں ذکر کے سوراخ میں بہت سارے بال دیکھنا فسق وفجور میں مبتلا ہونے اور گناہوں میں منہمک ہونے کی خبر دیتا ہے۔(۴۰) خواب دیکھا کہ اپنے آلۂ تناسل کے اوپر کا حصہ کھا رہا تو یہ اسکی بری موت کی دلیل ہے۔(۴۱) خواب میں ذکر کا فرج میں تبدیل ہونا بیداری میں اس میں کمزوری واقع ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۴۲) خواب دیکھا کہ اسکی بیوی کا فرج

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ذکر میں تبدیل ہوگیا تو یہ اسکی بیوی کی خلقت میں تبدیلی واقع ہونے کی علامت ہے۔ (۴۳) خواب دیکھا کہ اسکی بیوی کا فرج ذکر میں تبدیل ہوکر ذکر ہی کی صورت میں باقی رہا ہے تو تعبیر ہے کہ اسکی بیوی زبانی لحاظ سے اس پر مسلط رہے گی۔ (۴۴) خواب دیکھا کہ اسکی بیوی کو مردوں کے ذکر کیطرح ذکر لگ گیا ہے تو تعبیر ہے اگر وہ حاملہ ہے تو حمل سے پیدا ہونے والا بچہ خاندان کا سردار ہوگا اور اگر اولاد نہیں ہے تو ہمیشہ کے لئے بانجھ رہے گی اگر بچہ جنا ہے تو یہ اسکے مرنے کی دلیل ہے اور یہ خواب اس عورت کے سرپرست کی طرف منصرف ہوگا یعنی لوگوں میں بمقدار ذکر اس کا تذکرہ ہوگا۔ (۴۵) خواب دیکھا کہ اسکے آلۂ تناسل پر ایک اور آلۂ تناسل پیدا ہوگا تو حصول منفعت کی دلیل ہے (۴۶) دیکھا کہ اس کے ذکر پر سبزہ یا درخت اگا ہے جس سے اسکو تکلیف نہیں ہورہی تو یہ اولاد' فوائد اور رزق' کے حصول کی علامت ہے۔ (۴۷) اگر مذکورہ چیزوں سے تکلیف پہنچ رہی ہے تو یہ اچھا خواب ہونے کی علامت نہیں ہے۔ (۴۸) کبھی ذکر کی دلالت اس شخص پر ہوتی ہے جو دوسرے کو نفع پہنچانے کے لئے مشقت برداشت کرتا ہے مثلاً پیغام رساں' جاسوس' غلام' سواری' شریک کار' والد' اولاد وغیرہ۔ (۴۹) کبھی اس کی دلالت حفاظت پر بھی ہوتی ہے۔ (۵۰) کبھی کھیتوں کو سیراب کرنے والے ڈول سے بھی تعبیر کی جاتی ہے۔ (۵۱) ذکر مندرجہ ذیل پر دال ہوتا ہے جس سے نکاح کا ارادہ ہے' اسکی بیماری' موت وحیات' جاہ' منصب' کسب وکمائی وغیرہ۔ (۵۲) چنانچہ دیکھا کہ اس کا ذکر لمبا ہوا اور اچھی طرح کھڑا ہوا ہے تو یہ ان لوگوں کے حسنِ حال پر دلالت کرتا ہے جن پر ذکر دلالت کرتا ہے مثلاً پیغام رساں جاسوس' غلام' سواری' شریک کار' والد اولاد وغیرہ۔ کبھی یہ خواب خود صاحب خواب کی حالت کی درستگی اور مالی زیادتی پر دلالت کرتا ہے نیز کبھی اسکی پاک دامنی اور کبھی اسکی زمین کے پانی وغیرہ اور امور انجام دینے والے کی حالت پر بھی دلالت کرتا ہے۔

(۵۳) یہی خواب اگر مریض دیکھے تو یہ اسکی بیماری کے ختم ہونے اور غموم وتکالیف کے دور ہونے کی دلیل ہے اس لئے کہ انتشار ذکر خوشی اور دلی فرحت کے وقت ہوتا ہے اور کبھی اس خواب کی دلالت اپنے جاہ ومنصب کی بناء پر اپنے دشمنوں پر غلبہ پانے پر بھی ہوتی ہے۔ (۵۴) اسلحہ والے کیلئے خواب میں ذکر دیکھنا اسکے تیر پر اور زمیندار کے لئے اسکی دلالت اسکے سوہان اور درانتی پر اور بڑھی کے لئے برمہ پر اور لوہار کیلئے منفخ پر اور کاتب کیلئے دوات میں ڈالے جانے والے قلم پر اور صاحب مرکب کے لئے اس کی کشتیوں پر اور پچھنے لگوانے والے کیلئے آلۂ نشتر پر اور قصائی کے لئے اسکی چھری پر دلالت کرتا ہے اور کبھی رونے والی آنکھوں پر اور کبھی عین واحد اور کبھی رات کو اٹھ کر آہستہ سے کسی بل میں پناہ لینے والوں پر دلالت کرتا ہے۔ (۵۵) کبھی ذکر کی دلالت دوسرے کیلئے عورت کو حلال کرنے پر بھی ہوتی ہے اس لئے کہ اس کا نام احلیل (حلال کرنا) بھی ہے اور ذکر کبھی رازوں کو فاش کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۵۶) خواب میں اپنے آپ کو مقطوع الذکر ہوتے ہوئے یا کالا ہوتا ہوا دیکھنا یا نرم ہونا ان لوگوں کی بدحالی کی دلیل ہے جو ذکر سے معبر ہے۔ (۵۷) لوگوں کے سامنے ظاہر ہوئے بغیر کثرت ذکر دیکھنا اہل وعیال' مال ومتاع اور مددگاروں کی کثرت کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



علامت ہے یا ان لوگوں کی زیادتی کی جن پر امن کی دلالت ہوتی دلیل ہے۔
(۵۸) کبھی ذکر کی دلالت اپنے قول پر عمل نہ کرنے والے آدمی پر بھی ہوتی ہے۔(۵۹) کبھی دبر یا ذکر میں کمی و زیادتی کی دلالت استنجا میں استعمال کی جانے والے چیزوں پر ہوتی ہے مثلاً 'لید ہڈی' طعام' وغیرہ۔(۶۰) ذکر مختون کی دلالت سوالگائے ہوئے تیر یا منحوس تیر پر ہوتی ہے اور غیر مختون کی دلالت جولا ہے کے مکو پر ہوتی ہے۔(۶۱) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ اپنے آلۂ تناسل سے کھیل رہا ہے اگر صاحب خواب اہل علم ہے تو اس کو نسیان کا مرض لاحق ہوگا۔
(۶۲) خواب میں اپنا ذکر کھانا یا کاٹنا ان لوگوں کے ساتھ قطع تعلق کرنے کی طرف اشارہ ہے جن پر ذکر دلالت کرتا ہے۔ (۶۳) خواب میں آلۂ تناسل کا لوہا یا پیتل یا معدنیات میں سے کسی جوہر میں کا بنا مستغنی ہونے کی دلیل ہے کبھی اسکی دلالت نسل کے منقطع ہونے یا اپنی راحت کے فقدان پر بھی ہوتی ہے۔(۶۴) خواب دیکھا کہ اسکے ذکر کا قلفہ ہے تو یہ غیر مسنون طریقے سے دنیاوی زیادتی کی علامت ہے۔(۶۵) خواب میں ذکر کو مجروح پانا بری شہرت کی علامت ہے۔(۶۶) خواب دیکھا کہ کوئی شخص اسکے آلۂ تناسل کو ہاتھ لگا رہا ہے تو یہ اسکے لئے عزت و فرحت کی علامت ہے۔(۶۷) خواب دیکھا کہ اس کا ختنہ کیا گیا تو یہ اسکی دینی درستگی کی دلیل ہے اس لئے کہ ختنہ کرنا سنت ہے۔

## ذقن (ٹھوڑی)

(۱) اسکی دلالت خاندان' کے سربراہ یا قبیلہ کے سردار یا کثیر النسل شخص پر ہوتی ہے۔(۲) خواب میں ٹھوڑی کا لمبا ہونا فضول گوئی اور قوت کے بعد ضعف اور ڈھیلے پن کی علامت ہے۔(۳) کبھی ٹھوڑی کی دلالت مزین کرنے والے مال' پشت پناہی کرنے والے والد یا مددگار بیٹے یا خدمت کرنے والے خادم یا عظیم منصب پر بھی ہوتی ہے۔(۴) کبھی اسکی دلالت مکمل وضوء پر اور کبھی گھر کی بنیاد پر ہوتی ہے۔

## زراع الید (کلائی)

(۱) خواب میں بازو میں درد محسوس کرنا حزن اور ان چیزوں کے باطل ہونے کی علامت ہے جو ہاتھ سے انجام پاتے ہیں اور اس میں درد شروع ہونا عدم حزم کی طرف مشیر ہے۔(۲) خواب میں بازوؤں پر بال اگنا مقروض ہونے کی دلیل ہے۔(۳) ننگے بازوؤں والی عورت کی دلالت دنیا پر ہوتی ہے۔

## ذراع (گز)

(۱) گز بالشت اور ساخت وغیرہ کی تعبیر سفر سے کی جاتی ہے اور سفر کی مقدار گز و بالشت کے مقدار کی مطابق ہوتی ہے۔
(۲) خواب میں دیوار یا زمین کو بالشت سے ناپنا کسی گاؤں کی طرف سفر کرنے کی علامت ہے۔(۳) زمین کو بازو سے ناپنا حج کرنے یا جہاد کی سعادت حاصل کرنے یا طویل سفر کرنے کی دلیل ہے۔(۴) خواب میں اپنی انگلیوں سے کسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



محلے یا کمرے کو ناپنا اس بات کی دلیل ہے کہ صاحب خواب اس جگہ داخل ہونا چاہتا ہے یا اسمیں داخل ہوگا۔

## ذبح (ذبح کرنا)

خواب میں اسکی دلالت ظالم اور نافرمان پر ہوتی ہے۔ (۱) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کو ذبح کر دیا گیا ہے تو اس کو چاہیے کہ اعوذ باللہ کہے یعنی اللہ سے کسی پناہ کی دعا مانگے۔ (۲) خواب میں کسی قوم کو مذبوح حالت میں دیکھنا صاحب خواب کے لئے ان امور کے متعلق خیر کی دلیل ہے جن کو وہ انجام دینا چاہتا ہے۔ (۳) خواب میں دوسرے کو ذبح کرتے ہوئے دیکھنا یا دوسروں کے ہاتھ خود کو ذبح ہوتے دیکھنا بھی کاموں کے جلدی پایہ تکمیل تک پہنچے کی دلیل ہے۔ (۴) خواب میں کسی دوسرے کو دیکھا کہ اسکو کوئی شخص ذبح کر رہا ہے تو تعبیر ہے کہ مذبوح کو ذابح کے ہاتھوں خیر پہنچے گی۔ (۵) اگر مذبوح قید میں ہو تو اس کو قید سے آزادی مل جائے گی۔ (۶) اگر کسی سے خائف ہو تو امن نصیب ہوگا۔ (۷) اگر کسی کا غلام ہے تو آزادی کی دولت میسر ہوگی اور اگر کسی علاقے کا ذمہ دار ہے تو اس کی امارت میں زیادتی ہوگی۔ (۸) خواب دیکھا کہ وہ کسی شخص کو ذبح کر رہا ہے تو تعبیر ہے کہ وہ مذبوح پر ظلم کرے گا اسی طرح ہر اس چیز کو ذبح کرنا جس کو ذبح کرنا ناجائز ہے اس پر ظلم وتعدی کرنے کی علامت ہے۔ (۹) خواب میں اپنے بعض محارم کو ذبح کرنا ان سے قطع تعلق کرنے اور ان سے بے رغبتی کی خبر دیتا ہے۔ (۱۰) خواب میں کسی غلام کو ذبح کرنا اسکی آزادی کی بشارت ہے۔ (۱۱) مغموم شخص کے لئے غم سے نجات کی خوشخبری ہے۔ (۱۲) خواب میں ان جانوروں اور پرندوں کو ذبح کرنا جو عورت پہ دلالت کرتے ہیں نکاح کی علامت ہے مثلاً کبوتر' اور مینا وغیرہ۔ (۱۳) گدی کی طرف سے ذبح کرنا لواطت کرنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۴) خواب میں کسی کو مذبوح حالت میں دیکھا اور یہ نہیں سمجھ پایا کہ اس کو کس نے ذبح کیا ہے تو یہ اس کے بدعت میں مبتلا ہونے یا جھوٹی شہادت گلے پڑنے یا حکومت وقضاء مہ میں لازم ہونے کی علامت ہے۔ (۱۵) خواب میں اپنے ماں وباپ کو ذبح کرنا ان کی نافرمانی کرنے اور ان کے ساتھ ظلم کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۶) خواب میں کسی عورت کو ذبح کرنا اس کے ساتھ جماع کرنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۷) اسی طرح حیوانات میں کسی مؤنث کو ذبح کرنا عورت سے جماع کرنے کی اور کسی کنواری کے پردہ بکارت کو پھاڑنے کی دلیل ہے۔ (۱۸) خواب دیکھا کہ اس نے کسی چھوٹے بچے کو ذبح کیا ہے تو یہ اس کے والد کے ساتھ ظلم کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۹) اگر بچہ اتنا بڑا ہے کہ اس کے ساتھ ظلم کیا جا سکتا ہے تو یہ خود اسی کے ساتھ ظلم کرنے اور اسکی طرف بری بات منسوب کرنے کی دلیل ہے۔ (۲۰) اگر کسی بچے کو ذبح کر کے اسے آگ میں رکھ دیا اور وہ آگ میں رکھنے سے وہ صحیح نہیں پکا تو یہ اس بات کے جھوٹی ہونے اور پکنے کی صورت میں اس بات کے صحیح منسوب ہونے کی علامت ہے۔ (۲۱) اگر بچہ اس قابل نہیں ہے کہ اس کی طرف کوئی بری بات منسوب کی جائے تو یہ اسکے والدین کی طرف بری بات

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



منسوب کرنے کی علامت ہے۔(۲۲) اگر اس کا گوشت پکا نہیں ہے تو یہ منسوب بری بات جھوٹی ہوگی۔
(۲۳) اگر گوشت پک جائے تو اس کے صحیح ہونے کی علامت ہے۔(۲۴) خواب میں کسی بچے کو ذبح شدہ حالت میں پانا اسکے دانت نکلنے کی عمر کو پہنچنے کی طرف اشارہ ہے۔(۲۵) دیکھا کہ اس کے اہل وعیال مذبوح کے گوشت سے کھا رہے ہیں تو اس کے اہل وعیال کو مذبوح سے خیر وفضل ملے گا۔(۲۶) خواب دیکھا کہ بادشاہ نے کسی کو ذبح کر کے اسکی لاش کو صاحب خواب کی گردن پر رکھا ہے تو تعبیر ہے کہ بادشاہ اس انسان پر ظلم کرے گا اور اس سے ایسی چیز کا مطالبہ کرے گا جو وہ ادا نہ کر پائے گا۔(۲۷) اگر وہ مذبوح متعین شخص ہے تو بعینہ اسی کے ساتھ بادشاہ کا یہ معاملہ ہوگا۔
(۲۸) اگر مذبوح جان پہچان والا نہیں مگر بوڑھا ہے تو تعبیر ہے کہ بادشاہ اس کو اسکے کسی ایسے دوست کیوجہ سے پکڑ لیگا جو اس کے ساتھ ہر وقت رہتا ہے اور تاوان بقدر مذبوح کے بوجھ کے اس سے وصول کرے گا۔(۲۹) اگر مذبوح جو گردن پر رکھا گیا ہے جوان ہے تو وہ اپنے کسی دشمن کی وجہ سے پکڑا جائے گا اور تاوان دے گا۔(۳۰) اگر مذبوح کا سر بھی اسکے ساتھ ہے تو تعبیر ہے کہ وہ پکڑا تو جائے گا لیکن تاوان اس سے وصول نہیں کیا جائے گا اور اس کا تاوان اسکے ساتھی کا سر ہوگا لیکن اسکی وجہ سے اسکو تکلیف اور غم پہنچے گا۔(۳۱) بعض دفع کسی فرد یا کسی قوم کا مذبوح حالت میں دیکھا جانا ان لوگوں کے گمراہی میں مبتلا ہونے کی علامت سمجھی جاتی ہے۔(۳۲) خواب میں خود کو ذبح کرتے ہوئے دیکھنا بیوی کے حرام ہونے کی علامت ہے۔(۳۳) ذبح کرتے وقت خون نکلنا ظلم تعدی اور نافرمانی کی دلیل ہے۔
(۳۴) اور خون نہ نکلنا صلہ رحمی اور شرافت کی دلیل ہے۔(۳۵) کسی عورت نے خواب دیکھا کہ بادشاہ اس کو ذبح کر رہا ہے تو یہ کسی مرد کے ساتھ نکاح کرنے کی علامت ہے۔

## ذل (ذلیل ہونا)

(۱) خواب دیکھا کہ وہ ذلیل ہوا ہے تو تعبیر ہے کہ بیداری میں وہ معزز اور غالب ہوگا۔(۲) ہر ذلت کی تعبیر مدد سے کی جاتی ہے۔
(۳) کبھی ذلت کی دلالت محتاجی، مالی اور دینی نقصان پر ہوتی ہے۔

## ذب عن الاعراض (عزت کی مدافعت کرنا)

اسکی تعبیر امر بالمعروف ونہی عن المنکر اور صلہ رحمی کرنے اور پاک دامنی سے کی جاتی ہے۔

## ذم لارباب المدح (اچھوں کی برائی)

اسکی دلالت غلط کاری اور قرآن وسنت سے منہ موڑنے پر ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ذرة (چیونٹی)

(۱) خواب دیکھا کہ وہ چیونٹی گن رہا ہے یا پکڑ رہا ہے تو یہ ظلم وعدوان اور فتنہ لاحق ہونے کی دلیل ہے۔(۲) اور ذرہ کی دلالت عدد کے اعتبار سے اولاد اور فوج، مال، درازی عمر پر ہوتی ہے۔(۳) چھوٹی چیونٹی کی دلالت کمزور لوگوں پر ہوتی ہے اور بعض اہل تعبیر کا کہنا ہے کہ ذرۃ کی دلالت جنود اللہ پر ہوتی ہے۔(۴) غیر معروف جگہ سے ان کی آمد علامت بے حساب مال ودولت کی ہے۔

## ذُباب (مکھی)

(۱) اسکی دلالت کمینہ ذلیل اور گھٹیا قسم کی گالی بکنے والے آدمی پر ہوتی ہے۔(۲) اس سے کوئی فائدہ ملنا اس قسم کے آدمی کا فائدہ دینے پر دلالت کرتا ہے۔(۳) خواب میں مکھی کھانا گھٹیا قسم کے رزق ملنے کی طرف اشارہ ہے۔(۴) مکھی کے اندر کی چیزیں ذلیل قسم کے آدمی کے مال پر دلالت کرتی ہیں۔(۵) خواب دیکھا کہ اس کے پیٹ میں مکھی داخل ہوگئی ہے تو تعبیر ہے کہ اس کی نشست و برخاست بے وقوفوں کے ساتھ ہوگی اور ان سے حرام مال اس کو ملے گا جو باقی نہیں رہے گا۔(۶) اور بڑی مکھیوں کی کثرت لوگوں کو نقصان پہنچانے اور فساد کی علامت ہے۔(۷) خواب میں سر کے اوپر مکھی کو اڑتے ہوئے دیکھنا ایسے کمزور سازشی دشمن پر دلالت کرتا ہے جو کسی حکم کے ذریعے ڈرانے دھمکانے والے رئیس کی طرف سے ہے اور دلیل ہے صاحب خواب اس سے نہیں ڈرتا ہے۔(۸) کسی سفر پر جانے کا ارادہ رکھنے والے کا خواب میں مکھی کو اپنے اوپر گرتا دیکھنا سفر میں لوٹ جانے کی طرف اشارہ ہے۔(۹) خواب میں مکھی کھانا حرام مال کھانے کی علامت ہے۔(۱۰) خواب دیکھا کہ اسکے منہ میں مکھی بیٹھی ہوئی ہے تو یہ اشارہ ہے وہ چوروں کو پناہ دینے والا آدمی ہے۔(۱۱) خواب میں مکھی یا مچھر کا کان میں داخل ہونا خیر وبرکت اور عزت وحکومت ملنے کی بشارت ہے۔(۱۲) اور خواب میں مکھی مارنا راحت اور صحت حاصل ہونے کی علامت ہے۔(۱۳) اور گھر میں بہت ساری مکھیاں جمع ہوتے ہوئے دیکھنا دشمنوں کی طرف سے ناپسندیدہ عمل دیکھنے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۴) کسی مسافر کا خواب میں مکھیوں کو اپنے سر پر گرتے ہوئے دیکھنا مال کے ہاتھ سے نکلنے کی دلیل ہے۔(۱۵) اسی طرح کسی چیز پر مکھیوں کا بیٹھنا اسی شئی کے چوری ہو جانے کی دلیل ہے۔(۱۶) کبھی مکھی جھگڑالو دشمن اور کمزور فوج کی بھی علامت ہوتی ہے۔(۱۷) اور کبھی رزقِ حلال پر مجتمع ہونے کی بشارت ہے۔(۱۸) اس کی رؤیت کبھی عمل سئیہ اور کبھی تکلیف میں پڑنے کی علامت ہوتی ہے۔

## ذئب (بھیڑیا)

(۱) اسکی دلالت ظالم دشمن سخت، جھوٹ بولنے والے چور پر ہوتی ہے۔(۲) چنانچہ خواب میں بھیڑیے کو گھر میں داخل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوتے ہوئے دیکھنا بیداری میں گھر کے اندر چور داخل ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۳) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ بھیڑیے کے بچے کو پال رہا ہے تو تعبیر ہے کہ وہ چوروں کی نسل سے راستہ سے اٹھائے ہوئے بچے کی پرورش کرے گا اوراس سے اس کا گھر برباد ہوگا۔(۴) کسی نے خواب میں بھیڑیا دیکھا تو وہ کسی شخص پر جھوٹی تہمت لگا دے گا۔(۵) خواب میں دیکھا کہ بھیڑیا بیل بن گیا ہے تو دلیل ہے کہ کوئی چور لڑکا شریف اور منصف بن جائے گا۔(٦) بسا اوقات خواب میں بھیڑیا دیکھنا اپنے رئیس سے اچھا کلام سننے یا خیر و برکت پانے کی علامت ہے اوراس کو شکار کرنا سرور اور دولت شہادت سے سرفراز ہونے کی دلیل ہے۔(۷) بھیڑیے کی دلالت کبھی سال کے ایام پر ہوتی ہے اس لئے کہ بھیڑیا پل عبور کرتے وقت یکے بعد دیگرے ترتیب سے گزرتا ہے اسی طرح سال کے ایام بھی ایک کے بعد دوسرا اس کے بعد تیسرا آتا جاتا ہے۔

(۸) اس طرح اسکی دلالت' علانیہ چوری کرنے والے دشمن پر بھی ہوتی ہے۔(۹) خواب میں بھیڑیا کا بکری کے بچے کی طرح مانوس ہونا دلیل ہے کسی چور کے تائب ہونے کی۔(۱۰) خواب دیکھا کہ وہ بھیڑیا بن گیا ہے تو تعبیر ہے اس کو سرور و فرحت نصیب ہوگی۔(۱۱) بھیڑیے کے دودھ کی دلالت خوف اور حکم کے ختم ہونے پر ہوتی ہے۔

(۱۲) کبھی ذئب کی دلالت سخت مزاج ظالم بادشاہ پر اور کبھی کمزور قسم کے چور پر اور جھوٹ بولنے والے مخالف شخص پر ہوتی ہے۔(۱۳) خواب میں بھیڑیے کا علاج اس شخص کے علاج کرنے کی دلیل ہے جن پر بھیڑیا دلالت کرتا ہے۔

(۱۴) کبھی بھیڑیا دیکھنا رشتہ داروں کے ساتھ دشمنی' سازش' جھوٹ کا معاملہ اور مکر کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

(۱۵) خواب میں بھیڑیا اور کتا یک جا متفق دیکھنا رشتہ داروں کے ساتھ دھوکہ اور سازش کرنے اور منافقت کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## زرارتح (مکھی کے برابر سرخ رنگ کے کیڑے)

خواب میں اس کو دیکھنا گندے عمل کرنے کی دلیل ہے اور مجہول الحال کے لئے اس کی تعبیر بہتر ہے' عطاروں کے لئے نقصان کی علامت ہے۔

## ذھب (سونا)

اسکی تعبیر ناپسندیدہ معاملہ اور مالی نقصان سے کی جاتی ہے۔اور بعض کی رائے کے مطابق اسکی تعبیر غموم ہیں۔(۱) خواب میں سونے کے کنگن پہننا میراث ملنے کی دلیل ہے۔(۲) خواب میں سونے کی کوئی چیز پہننا غیر کفو میں شادی کرنے کی علامت ہے۔(۳) خواب دیکھا کہ اس کو سونے کا ٹکڑا مل گیا تو یہ مال کے چلے جانے یا بقدر سونا غم پہنچنے یا بادشاہ کے اس پر غضبناک ہوکر تاوان لینے کی دلیل ہے۔(۴) خواب دیکھا کہ سونا پگھلا رہا ہے تو اشارہ ہے کہ کسی ناپسندیدہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مخاصمت میں پھنس جائے گا اور زبان زدِ خاص وعام ہوگا۔(۵) کہ خواب میں اسکو سونے کا بڑا ٹکڑا دیا گیا ہے تو دلیل ہے کہ اسکو حکمرانی اور ریاست ملیگی ۔(۶) خواب میں ٹوٹے ہوئے سونے کے ٹکڑے یا دینار دیکھنا بادشاہ کی زیارت کر کے صحیح لوٹنے کی دلیل ہے۔(۷) خواب میں سونا پگھلانا شرف پانے اور ہلاک ہونے کی خبر ہے۔(۸) خواب میں گھر کا سونا بن جانا جلنے کی علامت ہے۔(۹) خواب میں دونوں ہاتھوں کا سونا ہو جانا ان کے عمل کے ختم ہونے اور ان کی حرکت بند ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۱۰) اور آنکھوں کا سونا ہونا بصارت کے ختم ہونے کی علامت ہے۔(۱۱) خواب دیکھا کہ اسکے اوپر سونے یا چاندی یا کسی اور جوہر کا قلادہ ہے تو تعبیر ہے کہ وہ ولایت سے سرفراز ہوگا اور بڑی امانت اسکی گردن پر پڑے گی۔(۱۲) کبھی سونے کی دلالت مندرجہ ذیل پر بھی ہوتی ہے خوشیاں' ارزاق' اعمال صالحہ' غموں کا دور ہونا' ازواج 'اولاد' علم' ہدایت' اور سونے سے بننے والے لباس وزیور۔(۱۳) خواب میں سونے کا چاندی بن جانا ان چیزوں کی حالت میں تبدیلی ( کمی زیادتی کی صورت میں ) کی علامت جن پر سونا' دال ہے مثلاً عورتیں' بچے' اموال' خدام وغیرہ۔ (۱۴) جیسے چاندی کا سونا بن جانا ان لوگوں کی ( ازواج' اہل' قوم' قبیلہ ) کی حالت کی بہتری کی دلیل ہے جن پر چاندی دال ہے۔(۱۵) سونے سے بنی ہوئی چیزیں یا سونے سے نشان زدہ اور ملبوسات چادر وغیرہ یا سونے سے منقش لباس پہننا اللہ تعالی کے قرب حاصل کرنے کی دلیل ہے اور ان اشیاء والوں کے لئے آزمائش کی علامت (۱۶) اور سونے کے پانی کے ساتھ رنگ دینا دنیا کے تشبہ کی دلیل ہے یا اعمال اہل آخرت' کی دلیل ہے۔

(۱۷) اور خالص سونے یا چاندی کی دلالت اخلاص' اور صحیح نیت' درست معاملات اور معاہدات پر ہوتی ہے۔(۱۸) اور سونے یا چاندی کے ڈھلوں سے مزین کرنا کوتاہ اعمال اور امور کی تبدیلی' سہو ونسیان پر دلالت کرتا ہے۔(۱۹) دھاگہ سونے چاندی کا تنگلہٗ رزق مستمر کی دلیل ہے اسی طرح لمبے لوہے اور پیتل کی تعبیر بھی رزق مستمر کی دلیل ہے یہی تعبیر لمبے لوہے اور پیتل کی ہے۔

## ذہبی (سونار)

اسکی دلالت خوشی اور فرحت پر ہوتی ہے اور کبھی حق و باطل کو مخلوط کرنے کی دلیل ہوتا ہے۔

## ذات مغزل (سوت والی)

اسکی رؤیت قناعت' اتباع سنت معاملات کے بارے عزم کرنا اور خیر گوئی کی طرف متوجہ ہونے کی دلیل ہے۔خواب میں کسی عورت کا اپنے سوت کو کات کر پھر توڑنا اللہ تعالی کی ناراضگی اور نزول عذاب کی طرف اشارہ ہے۔

## ذوابہ (گیسو)

(۱) حاملہ عورت کے لئے ذوابہ کی دلالت بابرکت بیٹا پیدا ہونے پر ہوتی ہے۔(۲) خواب میں گیسو اپنے سر میں دیکھنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مال ملنے کی علامت ہے۔ (۳) اور گیسو کی دلالت باندی پر بھی ہوتی ہے۔ (۴) خواب میں عورت کے گیسوں کا لمبا ہونا رئیس ہونے والا بیٹا پیدا ہونے اور خوشحال سال کی علامت ہے۔ (۵) خواب میں عورت کے بالوں کا گھنا ہونا ایسا عمل کرنے کی دلیل ہے جس سے شہرت ہو اور اگر ان کو لوگ دیکھیں تو یہ اس کی رسوائی کی دلیل ہے۔ (۶) خواب میں عورت کے بالوں کا سیاہ ہونا اس کے شوہر کی حالت کی درستگی اور شوہر کے ہاں اسکی عزت کی دلیل ہے۔ (۷) اگر کسی عورت کا شوہر غائب ہو اور وہ خواب میں اپنے سر کو بے پردہ دیکھے تو یہ اسکے شوہر کے واپس نہ لوٹنے کی علامت ہے۔ (۸) اور اگر شادی شدہ نہ ہو تو یہ آئندہ کبھی بھی نکاح نہ کر سکنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۹) خواب میں عورت کا اپنے بالوں کا بہت زیادہ چمکدار دیکھنا شوہر کے مال سے غنی ہونے کی علامت ہے۔

## ذنب (گناہ)

(۱) خواب میں گناہ کرنا قرض پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) چنانچہ خواب دیکھا کہ اس سے بہت سارے گناہ ہوئے تو یہ قرضدار ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۳) خواب میں گناہ کا اعتراف کرنا عزت وشرف کی دلیل ہے اور ارتکاب گناہ ارتکاب دَین کی علامت ہے جیسا کہ خواب میں قرض لینا گناہ کے ارتکاب کی دلیل ہے۔

## ذنب (دم)

اسکی تعبیر تابع ہے۔ چنانچہ کسی نے خواب دیکھا کہ اس کو دم لگی ہے تو لوگ اسکے تابع ہوں گے اس لئے کہ دم صاحب دم کے تابع ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب الراء

## رضوان (خازن جنت)

(۱) خواب میں اسکی زیارت سرور دائم کی دلیل ہے اور اسکی دلالت بادشاہ کے خازن اور اسکے پیغام رساں' وعدہ کو پورا کرنے' ضروریات کے پورے ہونے' دعا قبول ہونے کی علامت ہے۔ (۲) اور اگر کسی سے بادشاہ نالاں ہوتو رضوان کی خواب میں زیارت کرنا اسکی رضامندی کی دلیل ہے خاص کر رضوان اگر اس کو جنت کے پھلوں سے کچھ عطا کرے یا اس کو جنت کا لباس پہنا دے یا اسکی طرف متوجہ ہوتو یہ اللہ تعالی کی رضامندی اور اپنی نعمتوں کا سرا و علانیہ اظہار کرنے کی دلیل ہے۔ (۳) اسکی رؤیت نعمتوں اور عیش و راحت اور اللہ تعالی کی رضامندی کی دلیل ہے۔ (۴) خواب دیکھا کہ وہ جنت میں داخل ہوا اور ہر طرف سے فرشتے اس کو سلام کرتے ہیں تو دلیل ہے کہ اللہ تعالی اس کے گناہ معاف فرمائیں گے اور طویل صبر سے خیر تک پہنچ جائے گا۔ (۵) اسی طرح رضوان علیہ السلام کی زیارت غم دور ہونے اور انشراح صدر اور خوش و عشرت کی علامت ہے۔

## رکوع (رکوع کرنا)

(۱) خواب دیکھا کہ وہ رکوع میں ہے اور نماز ادا کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اللہ تعالی کے احکام بجالائے گا کبر سے بے زار ہوگا اور اللہ تعالی کی حدود کو قائم کریگا فرائض پر کاربند ہوگا اور کثرت سے نماز پڑھنے والا ہوگا اور جلدی اسکی دنیاوی اور اخروی تمنائیں اور آرزوئیں پوری ہوں گی اور دشمنوں پر غالب ہوگا۔ (۲) خواب دیکھا کہ وہ نماز میں ہے اور رکوع نہیں کیا یہاں تک وقت ختم ہوگیا تو تعبیر ہے کہ وہ زکوۃ ادا نہیں کر رہا۔ (۳) کبھی خواب میں رکوع کرنا پہلوان کی خدمت گزاری کی علامت ہوتا ہے۔ (۴) اور رکوع کی دلالت درازئ عمر پر بھی ہوتی ہے۔ (۵) عورت کا خواب میں مکمل رکوع کرنا توبہ کرنے اور نام بلند ہونے کی دلیل ہے۔

## رحمت (مہربانی کرنا)

(۱) خواب میں کسی ضعیف پر مہربانی کرنا دین کے درست اور قوی ہونے کی دلیل ہے۔ (۲) خواب دیکھا کہ اس کے ساتھ رحم کا معاملہ کیا گیا تو یہ مغفور ہونے کی علامت ہے۔ (۳) خواب دیکھا کہ اللہ تعالی کی رحمت اس کے اوپر اتر رہی ہے تو یہ نعمت ملنے کی بشارت ہے۔ (۴) خواب دیکھا کہ وہ دوسرے پر مہربان ہونے کے ساتھ خوش بھی ہے تو دلیل ہے کہ وہ قرآن کریم کا حافظ ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## رقیہ (جھاڑ پھونک)

(۱) خواب دیکھا کہ وہ قرآن یا حدیث میں وارد الفاظ پڑھ کر دم کر رہا ہے تو تعبیر ہے کہ وہ بیماریوں سے محفوظ ہوگا اور غم وحزن دور ہوں گے۔ اور قرآن وحدیث کے الفاظ کے علاوہ دوسرے الفاظ سے دم کرنا جھوٹ بولنے دکھاوے کے لئے عمل کرنے کی علامت ہے اور اگر صاحب خواب کاریگر ہے تو اس میں دھوکہ کرے گا اگر عالم ہے تو اپنے علم کو لوگوں سے چھپائیگا یا عزیمت کو چھوڑ کر رخصت کو ظاہر کریگا اور اگر حکمران ہے تو غلط فیصلہ کریگا۔ (۲) خواب میں کسی دوسرے کے دم کردہ پانی کو پینا درازیٔ عمر کی دلیل ہے۔ (۳) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا قرآن کے علاوہ تمام جھاڑ پھونک باطل ہیں۔

## رتبہ (مرتبہ ملنا)

کسی غریب کو رتبہ ملنا نکاح کرنے معاشی خوشحالی یا ایسا عمل کرنے کی دلیل ہے جس کے ذریعے اللہ تعالی اس کو بلند کردے۔

## رسالہ (پیغام)

(۱) پیغام اسکی طرف آنا یا صاحب خواب کا کسی دوسرے کو بھیجنا منصب عظیم کی علامت ہے اور درجہ کے بلندی کی دلیل ہے جس کے پاس یہ پہنچے چنانچہ خواب میں کسی معلوم مقام کی طرف پیغام بھیجنا جس میں امر بالمعروف ونہی عن المنکر جیسے خیر کی بات ہو تو یہ دلیل ہے صاحب خواب کے علو قدر اور ضروریات کی تکمیل کی۔ (۲) خواب میں کسی کے پاس خوشخبری والا پیغام پہنچنا اس کام کے انجام کے درست ہونے کی دلیل ہے جس سے ڈرتا ہو یا دلیل ہے مال واولاد اور رزق نصیب ہونے کی۔ (۳) خواب میں خبر یا خط پہنچانے والے پر خباشت کرنا یا اس کو ڈانٹنا یا مارنا صاحب خواب کے مرتد ہونے یا بدعت وضلالت میں مبتلا ہونے یا قتل ہونے کی دلیل ہے

## راحہ (راحت)

(۱) خواب میں تھکاوٹ کے بعد سکون وراحت دیکھنا غربت کے بعد مالداری اور بُری بیوی کے بعد نیک عورت کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۲) اور اگر دیکھنے والا بیمار ہو تو اسکی موت کے قریب ہونے اور دنیا کی مشقت اور بدبختی سے بچنے پر دلالت ہے اور کبھی کبھی اس سے مراد بدقسمتی بھی ہوتی ہے۔

## رکوب (سواری)

(۱) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ چوپائے پر سوار ہو رہا ہے تو وہ خواہشات پر غالب آئے گا۔ (۲) اور جانوروں پر سواری

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عزت اور غلبہ کی نشانی ہوتی ہے۔ لہٰذا اگر کسی نے دیکھا کہ وہ گھوڑے پر سوار ہونا چاہتا ہے لیکن سوار نہیں ہو پا رہا تو وہ خواہشات کی سواری کرے گا۔ (۳) اور اگر اچھی طرح سوار ہو کر اس پر قابو پا لیا تو دلیل ہے وہ نجات پائے گا۔ (۴) اور اگر دیکھا کہ وہ مکمل مسلح ہو کر سوار ہوا اور اسکے پاس خدم و حشم ہوں اور گھر ہو جو اس کے گھر کے مشابہ ہو تو یہ اسکا اپنے آباؤ اجداد سے طاقتور ہونا ہے۔ اور عزت و جاہ کی طرف اشارہ ہے جو اسکو حاصل ہونگے۔ (۵) اور اگر دیکھا کہ وہ ایک آدمی کی گردن پر زبردستی سوار ہو گیا ہے تو دلیل ہے وہ مریگا اور علامت ہے سوار شدہ اسکا جنازہ زبردستی اٹھائے گا۔ (۶) اور اگر وہ اسکی رضامندی سے سوار ہوا تو مرکوب راکب کی مشقت اور اسکی تکلیف برداشت کرے گا۔

(۷) اور بعض نے کہا کہ اس سے مراد مشکل کام طلب کرنا ہے۔ لہٰذا اگر اسکو گرا دیا اور چھوڑ دیا تو اشارہ ہے کہ وہ کام پورا نہیں ہوگا۔ (۸) اور اگر اُلٹا سوار ہوا تو یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ وہ کوئی عذر قبول نہیں کرتا اور کسی کی نصیحت نہیں سنتا۔ اور یہ کہ ضرورت کے وقت پیٹھ پھیر جائے گا۔ یا یہ کہ وہ لواطت کرتا ہے اور حیض کی حالت میں بیوی کے پاس جاتا ہے۔

## رجوع من السفر (سفر سے لوٹنا)

(۱) خواب میں اس سے مراد اپنے اوپر عائد حقوق کا ادا کرنا ہے۔ (۲) اور بعض نے کہا کہ اس سے مراد پریشانیوں سے چھٹکارا' برائیوں سے نجات اور نعمت کا حصول ہے۔ اور بعض دفعہ اس سے مراد خواب دیکھنے والے کا گناہوں سے توبہ کرنا بھی ہوتا ہے۔ کیونکہ توبہ کا معنی گناہوں سے رجوع کرنا ہے۔

## رجعۃ المرئۃ المطلقہ (مطلقہ عورت کا رجوع کرنا)

(۱) خواب میں یہ بیمار کی تندرستی کی دلیل ہے۔ یا دیکھنے والے کا اپنے پہلے والے دین' مذہب' صنعت اور شہر کی طرف لوٹنا ہے جسمیں وہ پہلے تھا۔

## رخاء (زندگی کا آسودہ ہونا)

(۱) جو آدمی سختی اور تنگی میں ہو تو یہ اسکی وسعت اور کشادگی پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) اسی طرح قرضہ کی ادئیگی اور غم و پریشانیوں سے چھٹکارے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## رادیہ (بڑی مصیبت)

(۱) خواب میں بیمار کی موت پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) ایسے ہی قید' تنگدستی' اور نابینا ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔
(۳) اور کبھی کبھی بڑی مصیبت بشارت اور دشمن سے راحت پر بھی دلالت کرتا ہے جو کہ اسکی پریشانیوں پر خوش ہوتا ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## رفس لات مارنا (سینہ پر لات مارنا)

(۱) خواب میں جس کو مارے اس سے اس کے انکار کی طرف اشارہ ہونا۔(۲) اگر کسی آدمی نے دیکھا کہ کوئی اس کو پاؤں سے ٹھوکریں مار رہا ہے تو وہ اس کو فقر پر عار دلا رہا ہوتا ہے اور اپنے مال کی وجہ سے اس پر تکبر کر رہا ہوتا ہے۔

## رجم (پتھر مارنا' سنگسار کرنا)

(۱) جس نے خواب میں دیکھا کہ وہ کسی کو پتھر مار رہا ہے تو وہ انسان کو گالی گلوچ دیتا ہے اور سنگساری اور بدکاری کا الزام لگاتا ہے الا یہ کہ حد ہو تو یہ سنگسار ہونے والے کا گناہوں سے پاک ہونا ہے۔

## رضخ (عاجزی کرنا۔توڑنا)

(۱) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ اپنا سر کسی پتھر پر توڑ رہا ہے تو وہ عشاء کی نماز پڑھے بغیر سو جاتا ہے۔

## ری (آبپاشی سیرابی)

(۱) خواب میں پیاس کے بعد سیرابی تنگی کے بعد آسانی پر دلالت کرتا ہے اور فقر کے بعد مالداری اور ضرورت کے پورے ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۲) یا یہ بیمار کی تندرستی پر نیز علم و عمل میں سے جو رہ گیا ہو اس کو حاصل کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے اور خواب میں سیراب ہونا دین میں درستگی ہے۔(۳) اور اگر کسی نے دیکھا کہ وہ پانی سے تروتازہ اور سیراب ہے تو یہ اس کے دین کی درستگی اور استقامت علی الدین کی علامت ہوتی ہے۔

## روی البیت من الشعر (شعر میں سے ایک بیت نقل کرتا)

(۱) جس نے خواب میں اس میں سے کچھ یاد کر لیا یا اس پر عمل کیا تو وہ علم اور رزق حاصل کریگا نیز اپنی صنعت میں ایک وافر حصہ پائے گا یا جس صنعت کو بھی اپنائے گا اس میں ترقی کریگا۔

## ریاء (دکھلاوا)

(۱) خواب میں اس کا دیکھنا بیداری میں کسی حرام کا سبب ہوتا ہے

## رھن (رہن رکھنا۔یرغمال)

(۱) جس نے خواب میں دیکھا کہ وہ کسی جگہ میں یرغمال ہے تو اس نے بہت گناہ کمائے ہونگے جس کی وجہ سے اس کا نفس یرغمال ہے۔(۲) اور جس نے دیکھا کہ اس کے پاس کوئی چیز بطور رہن رکھی گئی ہے تو اس سے ہوسکتا ہے کہ وہ کسی پر ظلم کریگا جسکی وجہ سے وہ راہن کو مطلوب ہوگا یہاں تک کہ وہ اپنا رہن شدہ مال چھڑا لے۔ (۳) اور یہ رہن چیزوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے ثابت ہونے اور دوام سے تعبیر کیا جاتا ہے اور یہ لغزشوں عیبوں پر مطلع ہونا اور ایسی چیزوں پر مطلع ہونے کی علامت ہے جس کی وجہ سے کہنے والا آدمی دوسرے کا مرہون منت ہو جاتا ہے۔ (۴) اور کبھی یہ مشقت اور محبت میں آزمائش پر بھی دلالت کرتا ہے حتی کہ اس کے محبوب کے پاس رہن ہو جائے۔ (۵) اگر خواب میں کسی عمدہ چیز پر کسی معمولی چیز کی بازی لگائی تو وہ کسی گھٹیا انسان کی محبت میں مبتلا ہوگا اور اس سے ایک بڑا حصہ ہلاک ہو جائیگا اور کبھی اس سے مراد راہن اور مرتہن کے ساتھ بدگمانی بھی ہوتی ہے۔ (۶) اور کبھی سفر بھی مراد لیا جاتا ہے۔

## رضاع (دودھ پینا)

(۱) خواب میں اس سے مراد محتاجی۔ قیمتی مال کا تلف ہونا اور تغیر مزاج ہوتا ہے۔ (۲) اگر کسی عورت نے دیکھا کہ وہ کسی انسان کو دودھ پلا رہی ہے تو دلیل ہے ان پر دنیا کا دروازہ بند ہو جائیگا۔ اور قید ہوگا کیونکہ دودھ پلانے والی قیدی کی طرح ہوتی ہے جب تک بچہ پستان کو چھوڑ نہ دے کیونکہ پستان تو بچہ کے منہ میں ہوتا ہے اور اس حال میں عورت کے لیے اٹھنا ناممکن ہوتا ہے۔ (۳) ایسے ہی جو دودھ کو جوس سمجھ کر پئے خواہ وہ بچہ ہو یا مرد ہو یا عورت۔ (۴) اور اگر کسی نے دیکھا کہ وہ بچہ کو دودھ چھڑانے کے بعد پلا رہا ہے تو وہ قید ہوگا یا بیمار ہوگا یا اس پر دنیا کا دروازہ بند ہو جائیگا اگر وہ عورت ہوئی اور ہوئی بھی حاملہ تو وہ اپنے حمل کے ساتھ بچ جائیگی۔ (۵) اور اگر کسی نے کسی شکار کو دودھ پلایا یا اس سے پیا تو اس کو سختی آئیگی پھر اس پر اللہ تعالی وسعت کردیں گے۔ (۶) اور کسی نے دیکھا کہ اس کے پستانوں میں دودھ ہے تو وہ اس دنیا سے مشرف ہوگا جس کے متعلق وہ سوچ رہا ہے یا جو اس کو حاصل ہے جب تک کوئی اس سے دودھ نہ پی لے اگر کسی نے پی لیا تو پھر پلانے والے اور پینے والے دونوں کی اس میں بھلائی نہیں۔ (۷) اور اگر کسی عورت نے دیکھا کہ کسی مرد نے اس کا دودھ پی لیا ہے تو وہ اس سے دودھ کے برابر مال لیگا خواہ وہ ناگوار ہی کیوں نہ سمجھ رہی ہو۔ (۸) اور اگر کسی نے دیکھا گویا وہ عورتوں کو دودھ پلاتا پھر رہا ہے لیکن اس کا دودھ نہیں نکلتا تو وہ لڑکوں سے اغلام بازی کرتا ہوگا۔ (۹) اور اگر کسی نے بیمار دیکھا کہ وہ دودھ پلا رہا ہے تو وہ اپنے بیماری سے تندرست ہو جائیگا کیونکہ دودھ سے ہی اس کی پرورش ہوئی تھی۔

## رعی النجوم (ستاروں کا چرانا)

(۱) جس نے خواب دیکھا گویا وہ ستاروں کو چرا رہا ہے تو وہ لوگوں پر سرداری کریگا۔ (۲) اور اگر دیکھا کہ بکریاں چرا رہا ہے تو وہ عربوں پر حکمرانی کریگا۔

## راعی (چرواہا)

(۱) خواب میں حکمران کی نشانی ہوتی ہے۔ (۲) اور بچوں کو پڑھانے والے پر بھی دلالت کرتا ہے اور جو بادشاہ اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حکمرانوں کے کاموں کا ذمہ دار ہو۔(۳)اور جس نے دیکھا کہ وہ دیہاتی ہے اور بکریاں چرا رہا ہے لیکن چراگاہوں کو نہیں جانتا تو وہ قرآن مجید پڑھتا ہوگا لیکن اس کے معانی نہ سمجھتا ہوگا۔(۴)اور بختی اونٹوں کو چرانے والا عجمیوں پر حکمرانی کی علامت ہوتی ہے۔(۵)اور نگہبان اپنے رعایا پر نگہبان ہوتا ہے وہ ان کی مصلحتوں کو مدنظر رکھتا ہے اور ان کا تحفظ کرتا ہے۔(۶)اگر دیکھا کہ وہ چرواہا ہے تو یہ حکمرانی کی نشانی ہے جو اس کو ملے گی ان لوگوں پر جس طرح کی اس نے بکریاں دیکھیں اور اگر کوئی خود چرواہا ہو اور وہ اس قسم کا خواب دیکھے تو یہ اس کے بلند مرتبہ رعایا پر عدل وانصاف پر دلالت کرتا ہے یا یہ دیکھے کہ وہ خنزیروں کو چرا رہا ہے تو یہ عیسائی اور بدعتیوں کے معاشرہ پر دلالت کرتا ہے۔

## رباط فی سبیل اللہ (اللہ کے راستہ میں پہرہ دینا)

(۱) خواب میں یہ اطاعت پر گوشہ نشینی' ماموارت کا تلازم' اتباع سنت اور خوف خدا کی نشانی ہے۔(۲)اور جس نے دیکھا کہ وہ پہرہ پر اور کسی معرکہ میں نکلا ہے تو وہ بھلائی اور نیکی کے راستہ پر چلے گا۔(۳)اور اگر کوئی بیمار یا غائب ہونے والا ان دونوں میں سے کوئی ایک دیکھے کہ وہ معرکہ یا چوکی وغیرہ کی حفاظت سے واپس پلٹ کر اپنے گاؤں میں داخل ہو رہا ہے تو یہ بیمار کی تندرستی اور غائب کے لوٹنے کی دلیل ہے۔

## رباط السکنی (گھروں کی حفاظت)

(۱) خواب میں اس سے مراد اللہ کے راستہ میں پہرہ دینا ہے۔(۲)اور یہ بیوی کے ساتھ شغف اور نماز کے ساتھ تعلق کو بھی ظاہر کرتا ہے۔(۳)اور کبھی یہ رجوع کرنے ریزہ ریزہ ہونے اور نفسانی خواہشات کے ٹوٹنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۴)اور رباط میں علیحدگی اس میں رہائش پذیر اس کے ساتھیوں پر دلالت کرتا ہے بھوک کی علیحدگی بھوک پر دلالت کرتی ہے اور حال کے موافق ہونے پر بھی اور چالیس آدمیوں کی علیحدگی رُتبہ اور وعدہ کے پورا کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## رسم الدیار (گھروں کے نشانات)

(۱) وعظ ونصیحت پر دلالت کرتے ہیں اور کبھی نقشے سالوں اور آثار پر بھی دلالت کرتے ہیں یا ان کے ایام پر۔(۲)اور اپنے شہر کے مہاجرین کے دوبارہ جمع ہونے پر۔(۳)اور امر بالمعروف ونہی عن المنکر نئے نقشوں پر دلالت کرتے ہیں۔

## رمی (پھینکنا)

(۱) خواب میں جس نے دیکھا کہ وہ توپ سے فائر کر رہا ہے تو یہ غداری اور سازش پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے علماء پر تہمت، پاکدامن عورتوں پر تہمت اور دین میں طعن و تشنیع بھی مراد ہوتا ہے۔ (۲) اور کبھی اس کا خواب میں دیکھنے سے مقصد اس مکان میں فتنہ کی طرف اشارہ کرنا ہوتا جس میں وہ اس توپ کو فٹ دیکھتا ہے۔ (۳) اور تیر اندازی کرنا خواب میں کسی کی عزت و عصمت پر کسی غرض سے کلام کرنے کی علامت ہے۔ (۴) اور کبھی اس سے قاصدوں کے زیر نگین ہونے کی طرف بھی اشارہ ہے۔ (۵) اگر تیروں میں پھل بھی لگے ہوں تو یہ اپنے ارادوں میں ناکامی پر دلالت کرتا ہے اور اگر کسی نے تیر پھینکا اور خود ہی کو لگا تو اللہ تعالیٰ کے ساتھ لو لگانے سے اپنا مقصد حاصل کریگا (۹) اور اگر دنیا میں سے ہو تو وہ اس کا شرف حاصل کر لیگا (۱۰) اور اگر کسی نے دو صفتیں دیکھیں کہ بعض بعض کو تیر مار رہے ہیں تو تیر لگنے والے پر درست ہے جھگڑا کر رہے ہوں گے اور جن کو نشانہ نہ لگ رہا ہو وہ اپنا جھگڑا ناحق کر رہے ہونگے (۱۱) اور اگر کسی نے دیکھا وہ لوگوں کو تیروں سے نشانہ بنا رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ ان پر گھٹیا الزام لگا رہا ہے اور اگر کسی نے دیکھا کہ وہ تیر اندازی کرتا ہے مگر نشانہ خطاء ہو جاتا ہے تو یہ اسکی بدزبانی پر دلالت کرتا ہے جس سے وہ لوگوں کی عزت و ناموس کے بارے گفتگو کرتا ہے کہ وہ لوگوں کی عزت و ناموس کے متعلق بیان کرتا ہے اور اگر کسی نے دیکھا کہ وہ تیر مارتا ہے اور اس کا نشانہ بھی نہیں چوکتا تو دلیل ہے کہ وہ اپنے اس مقصد میں کامیابی حاصل کر لیگا جہاں وہ خط وغیرہ بھیجے گا یا اپنے قاصد دوڑائے گا (۱۲) اور اگر کسی نے دیکھا کہ انسان کو تیر مارا اور اس کو نشانہ نہ بنا سکا تو وہ اس پر غلط عیب و الزام لگاتا ہو گا اور اگر اس کو لگ گیا تو دلیل ہے کہ اس میں وہ عیب اور الزام ہو گا۔ (۱۳) اور اگر کسی نے دیکھا کہ وہ پہاڑ پر ہے اور دائیں بائیں تیروں کی بوچھاڑ کر رہا ہے جبکہ اس نے سفید نئے کپڑے پہنے ہوئے ہیں تو دلیل ہے وہ سلطنت اور حکومت حاصل کر لیگا اگر وہ اس کا اہل ہو (۱۴) اور اگر سرکاری گھر سے پھینک رہا ہے تو پھر تیروں سے مراد اس کے وہ فیصلے ہیں جن کو وہ اپنے احکامات و خطوط میں نافذ کرتا ہے اور ان کا حکم دیتا ہے (۱۵) اور بندوق چلانا سنگساری ہے (۱۶) اور بعض نے کہا کہ آبادی میں بندوق سے فائر کرنا اس رامی پر تہمت لگانا ہے (۱۷) اور اگر ویرانے میں شکار کے لیے ہو تو وہ غنیمت اور کمائی ہے (۱۸) اور اگر کسی نے تیر پھینکا اور اس کا خون بہ پڑا تو دلیل ہے کہ وہ کسی بڑے آدمی سے فائدہ حاصل کریگا (۱۹) اور اگر کسی کے دل پر تیر لگے تو یہ کسی حسین لڑکے یا لڑکی کی امنگیں ہیں (۲۰) اور اگر کسی نے دیکھا کہ وہ توپ سے دشمن کے قلعوں کو نشانہ بنا رہا ہے تو دلیل یہ ہے کہ اچھی باتیں کرتا ہے یا دعا ہے جو وہ اللہ تعالیٰ سے کرتا ہے۔

## رایہ (جھنڈا)

(۱) خواب میں یہ کوئی مشہور کام سے تعبیر ہوتا ہے (۲) ایسے ہی بادشاہت وغیرہ سے بھی ایسے ہی عالم، امام، بہادر ذہین سخی اور طاقتور غالب راہنما سے بھی تعبیر ہوتا ہے تو اگر جھنڈا سرخ ہو تو وہ اس موصوف آدمی سے خوشی پائیگا اور اگر سیاہ ہو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تو وہ اس سے اقتدار حاصل کریگا (۳) عورت کے لیے جھنڈا خاوند کی علامت ہے (۴) اور اگر کسی نے قسم قسم کے جھنڈے دیکھے تو یہ بارش کی علامت ہے (۵) اور اگر سیاہ ہوں تو یہ عالم ہے (۶) اور اگر سفید ہوں تو وہ غیرت مند ہوگا جو کہ شادی نہیں کریگا (۷) اور اگر سرخ ہوں تو یہ جنگ کی نشانی ہے (۸) اور اگر زرد ہوں تو یہ لشکر اور فوج میں وباء کا پھیلنا ہے (۹) اور اگر سبز ہوں تو یہ خشکی پر سفر کرنے کی دلیل ہے اور جس سے خواب میں جھنڈا دیکھا تو یہ وہ معاملہ ہے جو اس پر مشتبہ ہے اور اس سے چھٹکارے کی کوئی صورت بھی نہیں پا رہا۔ (۱۰) اور اگر پرچم اور جھنڈا دیکھا تو وہ اپنے کاموں کی کوئی صورت نکال لیگا اور اپنی پریشانیوں اور مصیبتوں سے نکل آئیگا اور اس کا بند کام چالو ہو جائیگا اور اس کو شرح صدر حاصل ہوگا (۱۱) اور بعض نے کہا ہے کہ جس نے خواب میں جھنڈا دیکھا تو وہ اپنے شہر میں مشہور ہوگا (۱۲) اور اگر عورت نے دیکھا کہ اس نے تین جھنڈے دفن کر دیئے ہیں تو دلیل ہے وہ تین اچھے گھرانوں سے شادی کرے گی۔ لیکن وہ سب فوت ہو جائیں (۱۳) اور پرچم خواب میں نکاح سے بھی تعبیر ہوتا ہے اور حاملہ کا دیکھنا لڑکا پیدا ہونے کی نشانی ہے (۱۴) بڑے جھنڈے سے مراد آندھیاں اور بارشیں ہیں (۱۵) اور جھنڈے والا ہونے کی تفسیر قاضی سے کی جاتی ہے لہذا اگر اس عہدہ کا خواہشمند اس کو خواب میں اٹھائے تو وہ اپنے عہدہ کو پالے گا۔

## رجل (مرد)

(۱) خواب میں اگر کوئی جانا پہچانا مرد نظر آئے تو وہ بعینہ وہی ہوگا یا اس سے ملتا جلتا یا اس کا بھائی یا لوگوں میں سے اس کا کوئی مثل (۲) اگر کسی نے کسی مشہور آدمی کو دیکھا تو دلیل ہے وہ اس سے کوئی چیز چاہتا ہے یا اس کے ملتے جلتے سے یا اس کے بھائی سے (۳) اگر اس سے کوئی ایسی چیز لی جو اسکی پسندیدہ ہے تو تعبیر ہے کہ وہ وہی چیز اس سے لینے میں کامیاب ہو جائیگا اگر اس سے نئی قمیص لی اور وہ عہدیدار ہو تو علامت ہے کہ اس سے ذمہ داری کا عہدے لے لیا ہو گا (۴) اور اگر اس سے رسی لی تو یہ عہد ہے کیونکہ عرب والے عہد کو حبل کہتے ہے (۵) اگر کوئی پسندیدہ مال لیا جیسے غلام یا لڑکا وغیرہ تو جو کچھ اس سے چاہ رہا ہے وہ دشمنی میں بدل جائیگا اس کی بعض اور حالتیں باب الالف کے انسان کے عنوان کے تحت ذکر کر دی ہیں جاننا چاہیے خواب میں انسانوں کو دیکھنا کرامت پر دلالت کرتا ہے (۶) اور ہر گروہ کی اپنی تعبیر ہے (۷) بادشاہوں کا دیکھنا مدد ہے ججوں کو دیکھنا مقدمات ہے حاکموں کو دیکھنا ڈراوا ہے لشکروں کو دیکھنا سفر سے تعبیر ہے کسی کاریگر کو دیکھنا اسکی کاریگری اور رزق پر دلالت ہے عورتوں کا دیکھنا فتنہ ہے نیکوکاروں کو دیکھنا عبادت ہے (۸) اور کبھی کبھی انسانوں کو دیکھنا اس کے علاوہ پر بھی دلالت کرتا ہے جن کو اللہ تعالی نے ذکر کیا تو فرمایا (وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا طَآئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ إِلَّا أُمَمٌ أَمْثَالُكُمْ) ترجمہ۔ اور نہیں ہے زمین پر کوئی چوپایہ اور نہ ہی پروں سے اڑنے والا کوئی پرندہ مگر تمہاری جنس میں سے ہے۔ تو نیک انسان کو خواب میں دیکھنا کبھی اچھے جانور اور اچھے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پرندے پر دلالت کرتا ہے جیسا کہ اچھے جانور اور اچھے پرندے سے کبھی مراد نیک آدمی بھی ہوتا ہے جس پر خیر غالب ہو(۹) اور اس لیے بھی کہ اس میں پرندوں درندوں والی صفت بھی پائی جاتی ہے اور کبھی انسان سے مراد کاشت کی جانے والی فصل بھی مراد ہوتی ہے اللہ نے فرمایا(وَاللّٰهُ اَنۡبَتَكُمۡ مِّنَ الۡاَرۡضِ نَبَاتًا ) ترجمہ۔اور اللہ نے تمہیں زمین سے پیدا کیا (۱۰) اور جاننا چاہیے کہ اہل حق خواب میں انسانوں کی شکلیں دیکھیں اور ان کی صورتوں کو پہچان لیں تو یہ اللہ کے ہاں ان کے مرتبہ میں کمی کی نشانی ہے (۱۱) اور انسانوں کا دیکھنا کمائی میں اشتباہ پر بھی دلالت کرتا ہے مختلف کمائیوں کی وجہ سے ایسے ہی عجیب تعمیر اور حیرت انگیز صنعت پر بھی دلالت ہے۔

## رجل الانسان (انسان کا پاؤں)

(۱) خواب میں اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے سے تعبیر ہے اور پاؤں سے ہی انسان کھڑا ہوتا ہے تو انمیں کوئی تغیر وغیرہ دیکھے تو اس کی تاویل مال یا اس کام سے کی جائیگی جو وہ کرتا ہے اور پاؤں اس کا مال ہے اور خوشی و ناراضگی میں اس کو جنبش کا سبب ہے یہ اس کا معتمد بھی ہے(۲) اگر دیکھا کہ اس کے پاؤں آسمان پر چڑھ گئے ہیں اور اس سے جدا ہو گئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا والد مریگا(۳) اور اگر یہ دیکھا کہ وہ سبز ہو گئے ہیں تو اس کو مال میں گھاٹا پڑے گا اور اگر دیکھا کہ اپنے پاؤں سے زنا کر رہا ہے تو اس کو محبت و مشقت سے واسطہ پڑیگا کیونکہ تھکاوٹ پاؤں میں ہوتی ہے۔ (۴) تو جب وہ ننگے پاؤں ہو تو اس میں تخفیف ہوگی (۵) اور اگر دیکھا کہ وہ کسی آدمی کا پاؤں کھا رہا ہے تو وہ اللہ سے قرب حاصل کریگا اپنے کاموں میں کامیاب ہوگا اور وہ پورے ہو جائیں گے خواہ وہ کام دینی ہوں یا دنیاوی(۶) اور جس نے دیکھا کہ اس کے پاؤں جل رہے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کی ملکیت میں جو چیز ہے وہ بدل جائیگی ۔(۷) اور جس نے دیکھا کہ اسکے بہت سے پاؤں ہیں تو مسافر کے لئے اسمیں بھلائی اور منفعت ہے اور حکمرانی کی سوجھ بوجھ رکھنے والے کے لئے کسی ریاست یا ملک کا پایا جانا ہے۔ ملاحوں کے لئے نفع مند سفر ہے۔فقیروں کے لئے ایسی عمدہ چیزیں ہیں جن کی انہوں نے امید نہ کی ہو مالداروں کے لیے بیماری اور کمزور نظر والے کے لیے بینائی کا جانا ہے اور شریر قسم کے لوگوں کے لئے قید' پریشانی اور ملامت ہے(۸) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا پاؤں پتھر ہو گیا ہے تو وہ سوکھ جائیگا اور اس سے فائدہ نہیں حاصل کریگا (۹) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے کسی بادشاہ کو اپنے پاؤں سے روند ڈالا ہے تو علامت ہے وہ چلتا ہوا ایسے درہم و دینار پائیگا جس پر بادشاہ کی تصویر ہوگی (۱۰) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا پاؤں کٹ گیا ہے تو اس کا آدھا مال چلا جائے گا (۱۱) ایسے ہی پاؤں سے والدین اور ایک پاؤں سے قوم کی بھی تعبیر ہوتی ہے لہذا اگر کسی کا پاؤں درست ہوا یا اس کی انگلیاں زیادہ ہو گئیں تو وہ شان وشوکت' عزت ' اور طاقت حاصل کریگا (۱۲) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے دونوں پاؤں کٹ گئے ہیں تو اس کا مال اور معیشت ختم ہو جائیگی (۱۳) اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بعض دفعہ اس سے موت بھی مراد ہوتی ہے(۱۴)اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا پاؤں ٹوٹ گیا ہے تو وہ کچھ دنوں تک بادشاہ کے قریب نہ جائے اور اپنا شہر چھوڑ کر اللہ سے عافیت مانگتا رہے(۱۵)اور بعض نے کہا کہ اگر وہ بیمار تھا تو یہ اس کی موت کی علامت ہے(۱۶)اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا ایک پاؤں دوسرے سے بڑا ہے تو دلیل ہے کہ وہ سفر کریگا اور اس کو مدد حاصل ہوگی اور اگر مالدار ہو تو وہ بیمار ہوگا کیونکہ مالدار اپنے معاملات چلانے میں پاؤں کا محتاج ہوتا ہے(۱۷) بادشاہ کے لیے پاؤں اس کے کارندوں پر دلالت کرتے ہیں چنانچہ کسی بادشاہ نے دیکھا کہ وہ کسی دوسرے بادشاہ کے پاؤں کاٹ رہا ہے تو یہ اس کے عہدیداروں سے غلام لے گا(۱۸)اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے چار پاؤں ہو گئے ہیں تو اگر وہ فقیر ہے تو دلیل ہے وہ سفر کریگا اور اس کو مدد بھی ملے گی اور اگر مالدار ہے تو اشارہ ہے بیمار ہوگا(۱۹) اور کبھی یہ طول عمر اور بڑھاپے پر بھی دلالت کرتا ہے یا یہ کہ وہ چھ پاؤں والی سواری پر سواری کریگا (۲۰)اور بیمار کے لیے یہ موت کی علامت ہے(۲۱)اور اگر کسی نے دیکھا کہ وہ ایک پاؤں پر چل رہا ہے تو اس کا نصف مال آدھی عمر یا آدھا کام کے ختم ہو جانے اور چلے جانے کی علامت ہوتا ہے(۲۲)اور اگر کسی نے دیکھا کہ وہ تین پاؤں پر چل رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اس وقت تک نہیں مریگا جب تک کہ وہ لاٹھی پر نہ چلے بڑی اور لمبی عمر ہونے کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے(۲۳) قاضی یا والی دیکھے کہ اسکے بہت سے پاؤں ہیں تو وہ معزول ہو جائیگا کیونکہ وہ وکیلوں کے سہارے ہی چلتا ہے(۲۴)اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے پاؤں لوہے کے ہیں تو یہ اس کی لمبی عمر آسودہ حالی اور اچھے انجام پر دلالت کرتا ہے(۲۵)اور شیشہ کے پاؤں دیکھے تو یہ کم عمری اور کم ہمتی پر دلالت کرتے ہیں(۲۶)اور اگر سونے کے دیکھے تو یہ کسی چٹی اور ارش وغیرہ میں مال میں سے سونے کے ساتھ کوشش کی طرف اشارہ ہے(۲۷)اور اگر چاندی کے دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ انکے ساتھ عورتوں کی طلب میں کوشش کرتا ہوگا اور اگر پیتل کے دیکھے تو وہ ان کے ذریعہ افلاس تک پہنچے گا(۲۸)اور اگر سیسہ کے دیکھے تو یہ بے ہوشی اور فالج ہونے پر دلالت کرتا ہے الا یہ کہ خواب میں کوئی ایسی چیز دیکھے جو اچھائی پر دلالت کرتی ہو تو وہ ان کے ذریعے سے اللہ کی خوشنودی حاصل کریگا یا وہ اللہ کے راستہ میں ان کے ذریعہ چلے گا(۲۹)اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے پاؤں کا گوشت ختم ہو گیا ہے تو یہ اسکے بڑھاپے کی نشانی ہے(۳۰) اور پاؤں کی انگلیاں اچھے اعمال پر دلالت کرتی ہیں اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے پاؤں درد کر رہے ہیں تو دلیل ہے اس نے گناہ کیے ہونگے جس کی وجہ سے اس پر سختی آئی ہوگی اور بعض نے کہا کہ جس کے پاؤں درد کریں تو وہ تبدیل ہو جائیگا۔

## رکبہ (گھٹنا)

(۱) خواب میں آدمی کی کاوش اور معیشت کے مطابق مطلب حاصل کرنے میں سخت محنت سے تعبیر ہوتا ہے خواب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دیکھا گھٹنے کی جلد سخت ہوگئی ہے تو یہ اس کی قوۃ معیشت کی طرف اشارہ ہے (۲) اور اگر دیکھا کہ اس کی جلد اتر گئی ہے تو دلیل ہے اس کو معیشت میں مشقت اٹھانی پڑے گی (۳) اور اگر دیکھا کہ اس کی جلد موٹی ہے اور اس میں ورم اور میل کچیل ہے تو دلیل ہے کہ اسکی معیشت کی کاوش سے مال حاصل کریگا اور وہ مال جو اس سے محنت و مشقت سے کمایا تھا وہ چلا جائیگا (۴) اور دو گھٹنے بدن کی قوت اسکی حرکت اور اچھے کام کی طرف اشارہ ہے (۵) اگر دونوں تندرست اور طاقتور ہوں تو یہ سفر یا کسی اور نقل و حرکت کی دلیل ہے اور ایسے اعمال پر بھی دلالت کرتا ہے جو وہ کرے گا اور بدن کی تندرستی پر بھی دلالت کرتے ہیں (۶) اور اگر ان میں درد یا کوئی اور بیماری دیکھی تو یہ کاموں میں گھٹنوں کے بوجھل ہونے کی طرف اشارہ ہے (۷) اگر بیمار ہے تو یہ اس کی موت ہے مسافر کے لیے گھٹنا اس کی سواری جانور وغیرہ ہے لہذا اس میں جو پیش آئیگا تو اسی نسبت اس طرح کی جائے گی جس طرح اوپر ذکر ہوا (۸) اور دو گھٹنے بھائی چارہ اور شراکت سے بھی تعبیر کیئے جاتے ہیں (۹) اور کبھی ان سے مراد آقا اور پاؤں سے مراد انکے خادم ہوتے ہیں (۱۰) اور رکبہ سے رکوع و سجود کا مکمل ہونا بھی مراد ہوتا ہے ایسے ہی انسان کا لینا دینا حرکت و سکون سفر و حضر پر بھی دلالت کرتا ہے ایسے ہی مال کا جمع کرنا اس کا خرچ کرنا بھائی چارگی الفت و محبت پر بھی دلالت کرتا ہے (۱۱) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا گھٹنا بڑا ہوگیا ہے یا اس کی ہڈی سخت ہوگئی ہے یا اس کی حالت اچھی ہوگئی تو اگر وہ کسی تنگی میں ہے تو اشارہ ہے اللہ تعالی وہ سختی دور کر دیگا اور کبھی اس سے مراد نماز پر مداومت اور اس کے آداب و شروط کو بجالانا ہوتا ہے (۱۲) اور اگر دیکھا کہ وہ جوڑ سے جدا ہوگیا ہے یا ٹوٹ گیا ہے یا اس میں کوئی زخم پڑ گیا ہے یا بہنے والا خون تو یہ اس کی نقل و حرکت میں تعطل یا سکون میں کا شتعال پایا جانا ہے اور اگر سفر کا ارادہ رکھتا ہوگا تو اس سے بیٹھ جائیگا اور کبھی اس سے مراد مال سے زائدہ حاصل کرنے سے معذور ہونا ہوتا ہے اور اگر اس کے اور کسی اور کے درمیان محبت ہے تو دلیل ہے کہ وہ ختم ہوجائے گی اور کبھی اس سے مراد سواری اور جانور کی کمی اور تعطل بھی ہوتا ہے۔

## رئہ (پھیپھڑا)

خواب میں روح کا محل ہے (۱) جس کا پھیپھڑا خراب ہوگیا اس کی عمر ختم ہوگئی اور یہ غصہ کا بھی محل ہے اور اس کی تعبیر عورت سے کی جاتی ہے (۲) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا پھیپھڑا سیاہ ہوگیا ہے تو یہ نفع کے دروازہ کا خراب ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے اور دلیل ہے اس کے عطیہ و وظیفہ کے برباد ہونے کی یا علامت ہے اس کی راحت کے اسباب کے خراب ہونیکی۔ (۳) پھیپھڑے کا تندرست ہونا لمبی عمر اور اس کا خراب ہونا چھوٹی عمر پر دلالت کرتا ہے۔

## رقبہ (گردن)

(۱) خواب میں یہ آزادی اور ملکیت پر دلالت کرتا ہے (۲) اگر کسی غلام نے اپنے گردن میں غلام دیکھا تو اس کی غلامی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



باقی رہیگی (۳) اور اگر گردن جدا ہوگئی تو یہ اس کی آزادی پر دلالت کرتا ہے۔

## رَاس (سر)

(۱) یہ انسان کی سرداری کی علامت ہے اور اس چیز پر جو اس کی ملک میں ہے اور سرمایہ پر دلالت کرتا ہے (۲) اگر کسی نے دیکھا گویا اس کا سر اپنے اصلی حالت سے بڑا ہے تو اس کی دلالت اسکے باپ پر ہوتی ہے (۳) اور بڑا سر عزت میں زیادتی پر دلالت کرتا ہے اور سر کا چھوٹا ہو شرافت وعزت میں کمی پر (۴) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے دو یا تین سر ہیں تو اگر وہ جنگجو ہے تو دلیل ہے اپنے دشمنوں پر کامیابی حاصل کریگا اور اگر فقیر ہے تو مالدار ہو جائیگا اور اگر مالدار ہے تو اس کے نیک اور اچھی اولاد ہوگی اور اگر کنوارا ہے تو شادی کریگا اور اپنے پسندیدہ چیز پالیگا (۵) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا سر برہنہ ہے اور کھلا ہوا ہے تو وہ نافرمانی کریگا اور طاعت سے نکلے گا اور اگر کسی نے دیکھا کہ وہ الٹا لٹکا ہوا ہے تو وہ لمبی عمر پائیگا لیکن سخت مشقت اور جدوجہد کیساتھ ہاروت وماروت کے قصہ کی وجہ سے۔ (۶) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ الٹے سر والا ٹیڑھا ہے تو وہ اپنی غلطیوں کا اعتراف کرنیوالا اصلاح کی طرف توجہ کرنیوالا ہوگا اور اس کا یہ خواب لمبی عمر کی خبر دے رہا ہے (۷) اور اگر دیکھا کہ مجمع عام میں یا بادشاہ کے سامنے سر جھکائے ہوئے ہے تو علامت ہے کہ اس سے کوئی گناہ ہوا ہوگا جس پر وہ نادم ہوگا اور توبہ کا طلبگار ہوگا (۸) اور اگر تاجر ہے تو اس کے مال میں بہتری ہوگی۔ (۹) اور اگر کسی نے اپنا سر الٹا دیکھا تو یہ سفر کا ارادہ کرنے والے کے متعلق ہے کہ کوئی مانع اس کو نکلنے سے روک دے گا اور یہ کہ جس چیز کا وہ ارادہ کر رہا ہے وہ اس کو فی الفور حاصل نہیں ہوگی بلکہ کچھ عرصہ بعد حاصل ہوگی (۱۰) اور اگر مسافر اور پردیس میں ہو تو دلیل ہے کہ یہ کچھ عرصہ بعد بغیر کسی کمائی وغیرہ کے اپنے شہر لوٹے گا۔ (۱۱) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا سر بڑا ہوگیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اپنے قوم میں سرداری کریگا (۱۲) اور اگر کسی نے خواب دیکھا کہ اس کا سر چھوٹا ہوگیا ہے تو اگر وہ عقلمند ہے تو جاہل ہو جائیگا اور اگر عالم ہے تو بیوقوف ہو جائیگا اور اگر عہدیدار ہو تو اپنے عہدہ سے معزول ہو جائیگا (۱۳) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا سر کاٹے بغیر جدا ہوگیا ہے تو اگر غلام ہے تو آزاد ہوگا ورنہ اپنے آقا سے جدا ہوگا اور اپنے معاملہ کا خودمختار ہو جائیگا (۱۴) اور سر اصل سرمایہ پر بھی دلالت کرتا ہے اور کٹے ہوئے سر مال پر دلالت کرتے ہیں اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں کسی آدمی کا سر ہے تو دلیل ہے یہ ایسی چیز پائے گا جس کی قیمت ہزار دینار درہم یا دیکھنے والے کی حالت کے موافق ہوگی اور اگر کسی کا سر شیر کے سر سے بدل گیا تو دلیل ہے کہ وہ ملک پائے گا (۱۷) اور اگر اس کا سر کتے، گدھے یا گھوڑے سے بدل جائے تو دلیل ہے کہ وہ مشقت اٹھائیگا اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا سر پتھروں سے کوٹا گیا ہے تو اشارہ ہے وہ عشاء کی نماز سے سوتا ہوگا (۱۸) اور اگر کسی نے اپنا سر پرندہ کے سر جیسا دیکھا تو وہ بہت سفروں والا ہوگا (۱۹) اگر کوئی انسان اپنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سر یا اپنی گردن میں کوئی زخم دیکھے یا کوئی درد وغیرہ تو یہ تمام لوگوں میں برابری کی بیماری پر دلالت کرتا ہے(۲۰) اور اگر کسی نے اپنا سر جانوروں میں سے کسی کی طرح دیکھا تو یہ مشقت تھکاوٹ اور ذلت پر دلالت کرتا ہے(۲۱) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا سر ہاتھی شیر چیتا یا بھڑیے سے بدل گیا ہے تو وہ اس سے زیادہ حیثیت والے کاموں میں مشغول ہو گا اور اس سے فائدہ حاصل کریگا اور حکمرانی حاصل کریگا اور دشمنوں پر فتحیابی حاصل کریگا(۲۲) اور اگر اپنا سر دیکھا کہ اس پر خوشبو اور تیل لگا ہوا ہے تو یہ اس کی اچھی کاوش پر دلالت کرتا ہے(۲۳) اور اگر دیکھا کہ بہت سے سر اس کے ہاتھوں کٹ گئے ہیں تو اس کا معنی ہے کہ لوگ اس کے مطیع ہو جائیں گے(۲۴) اور اگر دیکھا کہ وہ کسی انسان کا کچا سر کھاتا ہے تو وہ کسی رئیس کی غیبت کرتا ہوگا اور دلیل ہے بعض رئیسوں سے مال لیتا ہوگا(۲۵) اور اگر دیکھا کہ سر کو پکا کر کھا رہا ہے تو یہ اس آدمی کا کل سرمایہ ہوگا اگر وہ آدمی جانا پہچانا ہو ورنہ یہ اس کا اپنے مال ہوگا جو وہ کھا رہا ہے۔

(۲۶) اور اگر دیکھا کہ اس نے اپنے سر پکڑ لیا ہے تو یہ مال ہے جو اس کو حاصل ہوگا جس کی زیادہ سے زیادہ مقدار ایک دیت کاملہ اور کم از کم مقدار ہزار درہم ہوگی اور یہ خواب اسکے اور کسی ایسے شخص کے درمیان صلح پر بھی دلالت کرتا ہے جس پر قرض ہو(۲۷) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا سر بغیر مارے اس سے علیحدہ ہو گیا ہے اس کو اپنے ہاتھ سے اٹھایا تو اس علاقہ سے ریاست اسکے ہاتھوں سے نکل جائے گی(۲۸) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا سر کٹ گیا ہے اور اس نے اس کو دوبارہ رکھا اور وہ پھر صحیح سالم ہو گیا تو دلیل ہے وہ جہاد میں قتل کیا جائیگا(۲۹) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا سر جدا ہو گیا ہے تو اگر اس کو جمع کر لیگا تو دیت کے بقدر اس کو مال ملیگا اور اگر بیمار ہے تو تندرست ہو جائیگا اور سر کا نیزہ پر یا بانس وغیرہ پر ہونا بلند مرتبہ رئیس پر دلالت کرتا ہے(۳۰) اور اگر کسی نے دیکھا کہ لوگوں میں سے کسی کا سر ایک برتن میں ہے اور اس پر خون بھی ہے تو علامت ہے وہ کسی عہدیدار کا آدمی ہوگا جو اس پر خلوت میں پیش آنیوالے واقعہ کے بارے میں جھوٹ بول رہا ہوگا اور ہوسکتا ہے کہ اس کو جھوٹی اطلاعات دیتا رہتا ہو اس لیے کہ یہاں پر خون سے مراد جھوٹ ہے اور سر بدن کا معزز ترین حصہ ہے تو ریاست پر دلالت کریگا اور رئیس ہر چیز سے ہوتا ہے۔ جیسے والد' والدہ' استاذ' ادب سکھانے والا' بادشاہ وغیرہ۔ (۳۱) ایسے ہی سر سے مراد وہ برتن بھی ہوتا ہے جس کے دونوں طرف کنڈے ہوں اور تربوزہ یا غلام کے سر وغیرہ پر بھی دلالت کرتا ہے کبھی اس سے مراد بادشاہ کا قلعہ اور اس کا خزانہ بھی ہوتا ہے(۳۲) اور کبھی اس سے مراد جو چیز اس پر ستر کرے جیسے پگڑی' ٹوپی اور چھت بھی ہوتی ہے(۳۳) اور کبھی اس سے مراد بادشاہ کے لئے تاج اور لڑنے والے کے لئے خود پر اور کشتی بھی' روشن آسمان پر' ترازو' پیمائش اور جس سے چیزیں ناپی جائیں دلالت کرتا ہے کیونکہ یہ بمنزلہ عقل کے ہیں جو چیزوں کو علیحدہ کرتی ہے اور ان میں تمیز کرتی ہے کہ اسی کے ذریعہ لیا جاتا ہے اور دیا جاتا ہے(۳۴) اور کبھی سر حمام اور تنور پر اور ہر اس جگہ پر جہاں روشنی میں بخار جمع ہوتا ہو کسی بھی مصلحت کے لئے اور کبھی سر اس خیمہ سے بھی تعبیر ہوتا ہے جس کے ستون اور رسیاں شریعت کے ساتھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ڈھانپی ہوئی ہوں اور کبھی عالم کا سراس کے علم پر اور کاریگر کا سراس کی کاریگری پر دلالت کرتا ہے اچھی شہرت' زندگی اور موت پر بھی دلالت کرتا ہے (۳۵) اور جس کا سر اچھا ہوا یا اپنی مقدار سے بڑا ہوا اور وہ بدنظری نہ کرتا ہو تو یہ عزت' بلندی اور رزق پر دلالت کرتا ہے (۳۶) اور کبھی سر کا بڑا ہونا وافر علم' حکمت اور عقل پر دلالت کرتا ہے (۳۷) اور اگر اس کا سر چھوٹا ہوا تو یہ منصب کے زوال' مال کی کمی اور جہالت میں واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے (۳۸) اور اگر خواب میں اس کے بہت سے سر ہو گئے تو دلیل ہے اس کی آل اولاد ہو گی یا مفید علوم حاصل ہونگے' یا مال واملاک اور اولاد ہو گی یا اس کی زیادہ اولاد ہو گی اور اس کی پیٹھ بوجھل ہو گی اور اس کا نفع کم ہو گا (۳۹) اور جس نے اپنا سر گم پایا تو یہ سر اس پر دلالت کریگا یا وہ غموں اور پریشانیوں کی کثرت کی وجہ سے حفاظت سے نہ چلتا ہو گا' اور اگر اپنے ہاتھ سے سر کاٹا تو اپنے آپ کو بُری تدبیر کی وجہ سے ہلاکت میں ڈالیگا' یا اطلاع ہے کہ وہ وضوء مکمل نہ کرتا ہو گا یا سجدہ تمام نہ کرتا ہو گا' یا اس نے اس آدمی سے قطع تعلق کیا ہو گا جس سے قطع تعلقی اس پر شاق تھی' یا اپنے والد اور آقا کی خیانت کی ہو گی یا ان لوگوں کی خیانت کرے گا جس پر وہ سر دلالت کرے (۴۰) اور جو سر میں کچھ اچھائی یا برائی پہنچے' یا چہرہ' ہاتھ' کہنی' پاؤں یا ٹخنہ وغیرہ میں کوئی زیادتی یا نقص ظاہر ہو تو یہ طہارت' اتمام وضوء وتیمم پر دلالت کرتا ہے اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا سر اس سے زائل ہو گیا ہے تو اس سے کل سرمایہ ضائع ہو جایگا جس پر اس کی زندگی کا مدار ہے اور کبھی وہ اپنے سر کو مونڈے گا یا ٹوپی اور عمامہ گرمی میں چھوڑ دے گا یا کمرہ گرا دیگا یا اپنے گھر کی چھت بدل دے گا' اور اگر صاحب خواب غلام ہے تو اس کا آقا اس کو بیچ دے گا' (۴۱) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا سر اس کے ہاتھ میں ہے اور وہ اس کی طرف دیکھ رہا ہے تو یہ خواب دیکھنے والے کا اپنے کل سرمایہ میں غور وتدبیر کرنے کی دلیل ہے ہے (۴۲)' اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا سر لیجایا گیا ہے تو یہ بیماری ہے جو اس کو پہنچے گی' اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کی گردن ماری گئی۔ اور اس سے سر جدا ہو گیا ہے تو اگر صاحب خواب غلام ہو تو آزاد ہو گا' اور اگر غمزدہ ہو تو اللہ تعالیٰ اس سے غم کو دور کر دیں گے اور اگر مقروض ہو تو اپنا قرض ادا کریگا' اور ہو سکتا ہے کہ وہ بہت سامان پائے' اور اگر گردن مارنے والے کو پہچان لیا تو اس کے ہاتھوں بہت خیر پائیگا' (۴۳) اور اگر کسی نے دیکھا کہ وہ اپنے سر سے باتیں کر رہا ہے تو دلیل ہے وہ بھلائی پائے گا' اور اگر دیکھا کہ لوگوں کے سر شہر' محلّہ' کسی کے دروازہ یا گھر میں کٹے ہوئے پڑے ہیں تو یہ ان لوگوں کے سر ہیں جو وہاں ہوتے ہیں' (۴۴) اور اگر دیکھا کہ وہ انہیں کھا رہا ہے یا کسی کو کھلا رہا ہے یا اسمیں سے ہڈی' گوشت وغیرہ کھا رہا ہے تو اشارہ ہے وہ بڑوں اور عہدیداروں سے مال پائے گا' (۴۵) اور اگر درندوں وغیرہ کے سر دیکھے یا چوپاؤں کے تو یہ بھی مال پر دلالت کرتے ہیں لیکن انسانوں کی قیمت سے کم مال ملتا ہے (۴۶) اور اگر کسی نے دیکھا گویا کہ بادشاہ یا والی اس کی گردن مار رہا ہے تو والی کی تعبیر اللہ تعالیٰ ہے جو کہ اس کو غموں سے نجات دے رہے ہیں اور اس کے کاموں میں مدد دے رہے ہیں' (۴۷) اور اگر کسی بادشاہ نے دیکھا گویا کہ وہ رعایا کی گردنیں مار رہا ہے تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اشارہ ہے وہ گنہگاروں کو معاف کرتا ہوگا اور ان کی گردنوں کو آزاد کرتا ہوگا' غلاموں میں گردن کا مارنا ان کی آزادی پر دلالت کرتا ہے' (۴۸) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کی گردن ماری جارہی ہے کسی حاکم کے کہنے کی وجہ سے یا ڈاکہ کی وجہ سے یا جنگ وغیرہ میں تو یہ اس شخص کے لئے مذموم خواب ہے جس کے والدین اور لڑکا ہو' اس لئے کہ سر والدین سے مشابہت رکھتا ہے اس لئے کہ یہ زندگی کا سبب ہیں اور لڑکا بھی مشابہ ہے صورت وشکل کی وجہ سے اور اگر یہی خواب کوئی ڈرا ہوا یا قتل کا سزا یافتہ دیکھے تو یہ اچھا ہے کیونکہ انسان کو تکلیفیں ایک دفعہ پہنچتی ہیں لیکن ہوسکتا ہے کہ اس کو دوبارہ بھی پہنچیں' باقی' بینکوں میں کام کرنے والے اور مالداروں میں یہ خواب ان کے مال چلے جانے کا اشارہ ہے' مسافروں کے لئے واپس لوٹنے اور جھگڑنے والوں میں غلبہ کی علامت ہے (۴۹) اور اگر کسی نے اپنے ہاتھ میں سر دیکھا تو یہ اس کے لئے اچھا ہے جس کی اولاد ہو اور سفر پر نہ نکل سکتا ہو (۵۰) اور اگر دیکھا کہ اس کے ہاتھوں میں اس کا سر ہے اور اس کا اپنا طبعی سر بھی ہے تو یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ وہ ان پریشانیوں کا مقابلہ کریگا جو اس کو گھیرے ہوئے ہیں' اور اس کا کوئی گھٹیا کام صحیح ہو جائیگا جس کی وہ تدبیر کر رہا ہے' اور اگر بادشاہ نے اپنے سر میں ہڈی دیکھی تو یہ اس کی سلطنت میں قوت اور زیادتی کی طرف اشارہ ہے (۵۱) اور اگر دیکھا کہ اس کا سر مینڈھے کا ہے تو وہ عدل وانصاف کرتا ہوگا' (۵۲) اور اگر دیکھا کہ کتے کا سر ہے تو وہ ظلم کرتا ہوگا اور رعیت کے ساتھ بے رخی سے پیش آتا ہوگا' اور اگر خواب میں انسان کا سر گدھے سے بدل گیا تو دلیل ہے کہ یہ نماز میں امام سے پہلے اپنا سر اٹھاتا ہوگا جیسا کہ حدیث میں آیا ہے یا علامت ہے وہ بیوقوف جاہل بنے گا یا گدھے کا دماغ کھائے گا تو اس کا دماغ خراب ہو جائیگا' گائے' بکریوں اور انکے علاوہ وہ جانور جنکا گوشت کھایا جاتا ہے اگر دیکھا کہ ان میں سے کوئی ایسی چیز خریدی جو کہ تنور میں ڈال کر پکائی جاتی ہیں اور وہ موٹا بھی تھا تو دلیل ہے صاحب خواب کسی اچھے استاذ سے پڑھے گا جس سے اس کو فائدہ بھی حاصل ہوگا (۵۳) اور اگر دُبلا ہو تو یہ ایسا استاذ ہے جس میں کوئی نفع نہیں (۵۴)' اور اگر بدبودار ہو تو یہ ایسا استاذ ہے جو اس کے خلاف باتیں کرتا ہوگا' (۵۵) اور اگر دیکھا کہ وہ بکرے' گائے' بیل یا اونٹ کا سر کھا رہا ہے تو دلیل ہے وہ اس رئیس کی غیبت کرتا ہوگا جو اس روح کی طرف منسوب ہوتا ہے اور اگر پکا ہوا یا بُھنا ہوا ہو تو دلیل ہے وہ رئیسوں سے مال حاصل کریگا یا کسی کا کل سرمایہ کھا جائیگا جو اس کی اصل کی طرف منسوب ہوگا' (۵۶) بکری کا سر راس مال پر بھی دلالت کرتا ہے جس کی زیادہ سے زیادہ مقدار دس ہزار درہم اور کم از کم ایک ہزار درہم ہو اور دماغ کا کھانا مدفون مال کی طرف اشارہ ہے' (۵۷) اور آنکھوں کا کھانا امیروں کے مالوں کے چشمے ہیں' (۵۸) اور اگر کسی نے دیکھا کہ وہ بکری کے سری پائے کھا رہا ہے تو وہ عزت ومال پائے گا اور زیادہ گمان یہ ہے کہ وہ میراث کا مال ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## رواث الخیل (گھوڑے کی لید)

(۱) خواب میں اس سے مراد کسی شریف آدمی سے مال حاصل کرنا ہے (۲) اگر کسی نے دیکھا گویا وہ جھاڑو دیکر صاف کرر ہاہے تو دلیل ہے وہ کسی عزت دار آدمی سے مال حاصل کریگا (۳) بکریوں کی مینگنیاں بھی شریف آدمی سے مال حاصل کرنے کی علامت ہے (۴) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ لیدوں پر بیٹھ گیا ہے تو یہ اشارہ ہے کہ وہ اپنے رشتہ داروں سے مال پائیگا۔

## ریش (پر)

(۱) خواب میں مال سے تعبیر ہوتا ہے (۲) اور کبھی ریش شری سے بھی مشتق ہوتا ہے (۳)، اور کبھی پر عزت ومرتبت پر بھی دلالت کرتا ہے جیسے کہا جاتا ہے (فلان طار بجناح غیرہ) فلاں اوروں کے پروں کے ساتھ اُڑا (۴) اور کبھی پر سے مراد کچا مکان بھی ہوتا ہے (۵) اور کبھی پر سے مراد تیر کا پھل بھی ہوتا ہے (۶) اور پر پوشاک بھی ہوسکتا ہے۔

## رماد (راکھ)

(۱) وہ جلنے والا حرام مال ہے (۲) اور بعض نے کہا کہ اس سے مراد بادشاہ کی طرف سے مال ملنا ہے تو جس نے راکھ کو دیکھا تو وہ بادشاہ کے کسی کام میں نکلے گا لیکن اس سے اس کو سوائے تھکاوٹ اور تکلیف کے کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ (۳) اور بعض نے کہا کہ اس سے مراد غلط کلام یا بے فائدہ علم ہے اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے راکھ پائی ہے یا اٹھائی ہے یا جمع کی ہے تو دلیل ہے وہ غلط کلام کرتا ہوگا یا اشارہ ہے کہ علم سے فائدہ حاصل نہ کر سکے گا۔ (۴) اور راکھ پریشانی پر بھی دلالت کرتا ہے (۵) اور آشوب چشم پر بھی یا ہدایت کے بعد گمراہی پر بھی (۶) اور کبھی یہ فتنہ اور شر کے بچنے۔ (۷) اور خوف سے امن پر بھی دلالت کرتا ہے اور مختلف چولہوں سے جمع شدہ راکھ صدقہ کے مال اور فضول کلام پر دلالت کرتا ہے۔

## رعاف (نکسیر)

(۱) خواب میں اس سے مراد حرام مال ہے جو نکسیر کے مریض کو ملے گا اگر وہ بہت زیادہ بہنے والی ہو اور پتلی ہو (۲) اور اگر گاڑھی ہو تو یہ ناتمام بچہ ہے کیونکہ بچہ نطفہ کے بعد جما ہوا خون بنتا ہے (۳) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کی ناک سے نکسیر پھوٹی ہے اور اس کا خیال یہ تھا کہ نکسیر اس کو فائدہ دے گی تو دلیل ہے وہ اپنے سردار سے بھلائی پائے گا جس سے وہ مالدار ہوجائیگا اور بچ جائیگا (۴) اور اگر اس کا یہ خیال ہو کہ یہ اس کو نقصان دیتا ہے تو وہ اپنے سردار سے بھلائی تو پائے گا لیکن یہ اس کے لئے وبال ہوگی اور بعد میں اس کو نقصان پہنچے گا (۵) اور اگر وہ خود ہی رئیس ہو تو علامت ہے کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وہ جسم میں اچھائی دیکھے گا جتنا اس نے کم' زیادہ یا طاقتور' کمزور خون دیکھا' (۶) اگر ایک یا دو قطرے نکسیر کے نکلے تو یہ فائدہ کی چیز ہے (۷) اور اگر ایک یا دو رطل نکلے اور اس کے ذہن میں یہ ہو کہ یہ اس کے بدن کے لئے فائدہ مند ہے تو بدن کا اچھا ہونا' دین کا اچھا ہونا ہے تو وہ گناہوں سے صحیح ہوگا (۸) اور اگر اس کا خیال یہ ہوا کہ یہ اس کے بدن کے لئے نقصان دہ ہے تو جسم کا نقصان دین اور کمائی میں نقصان ہے (۹) اگر خون نکلنے سے اسکی طاقت جاتی رہے تو وہ فقیر ہو جائیگا کیونکہ کمزوری فقر ہے (۱۰) اور اگر خون نکلنے سے طاقتور ہوا تو دلیل ہے وہ مستغنی ہوگا۔ کیونکہ قوت آدمی کی مالداری ہے۔ (۱۱) اگر خون سے کپڑے رنگ گئے تو وہ ناپسندیدہ مال حاصل کریگا اور اگر خون آلودنہ ہوں تو دیکھنے والے سے گناہ نکل جائے گا یا وہ گناہ سے نکل جائیگا (۱۲) اور اگر دیکھا کہ نکسیر کے قطرے راستہ میں گر رہے ہیں تو زکوۃ ادا کریگا اور وسطِ راہ میں تقسیم کرے گا (۱۳) اور اگر دیکھا کہ اس کی نکسیر پھوٹی ہے تو اشارہ ہے وہ گناہوں سے نکل آئیگا (۱۴) اور اگر یہ خواب ظالم بادشاہ دیکھے تو وہ بھی اس گناہ سے نکل آئیگا' اور بعض نے کہا کہ جس نے اپنی نکسیر پھوٹتی ہوئی دیکھی تو دلیل ہے کہ وہ چھپا ہوا خزانہ اور مال پائے گا (۱۵) بعض نے کہا کہ نکسیر وہ مال ہے جو تجھے اپنے رئیس یا سردار سے ملے گا' (۱۶) اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ نکسیر غم اور بدقسمتی کی نشانی ہے (۱۷) اور اگر دیکھنے والا اس میں خوشبو بھی پائے تو یہ حکمرانی' پوشاک اور شہرت پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۸) اور بعض نے کہا کہ نکسیر خزانہ پانا ہے۔

## رصاص (سیسہ)

(۱) خواب میں کسی حقیر چیز کا حاصل کرنا ہے جو بطورِ عبرت یا شہرت ہو (۲) اور بعض دفعہ اس سے مراد یہ ہوتا ہے کہ دیکھنے والا سخت مزاج' جری ہے' یا بے حیا ہے کہنے میں اور کوئی کام کرتے ہوئے توقف نہیں کرتا۔

## رمد (آنکھ کا مریض)

(۱) خواب میں اس سے مراد معیشت میں تنگی کرنا ہے اور غفلت ہے (۲) اور آنکھ کا مرض دین میں نقص سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے (۳)' اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کی دونوں آنکھیں دکھتی ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے والد بیمار ہونگے (۴) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کو آشوبِ چشم ہے تو دلیل ہے کہ وہ حق پر نہیں ہے اور اندیشہ ہے کہ آنکھ کی بیماری کے برابر اسکا دین خراب ہوگا (۵) اور اگر کسی نے آشوبِ چشم دیکھا تو اس نے گمراہ کرنے کی نگرانی کی' اگر آنکھوں کی بیماری کمزور ہے تو دلیل ہے اسکے دین کے بارے میں باتیں کی جاتی ہونگیں جن سے وہ بری ہے اور اس پر اجر دیا جائیگا۔ (۶) آنکھوں میں ہر قسم کا نقصان دین میں نقصان ہے (۷) اگر کسی نے اپنی آنکھ میں بیماری یا دُکھ دیکھا تو یہ اولاد کی طرف سے غم پہنچنے کی نشانی ہے ایسے ہی اس کو نقصان اور پریشانی پہنچے گی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## رعشہ (کپکپاہٹ)

(۱) جس نے خواب میں دیکھا کہ اس کا دائیاں ہاتھ لرز رہا ہے تو اس کی زندگی اس پر تنگ ہو جائیگی (۲) اور اگر دیکھا کہ پنڈلی کپکپا رہی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو خاندان کی طرف سے بھلائی پہنچے گی' اور اگر دیکھا کہ اس کی دونوں ٹانگیں کانپ رہی ہیں تو اشارہ ہے اس کے مال میں تنگی آئیگی اور یہی تعبیر ہے تمام اعضاء کی جب وہ کانپیں۔

## ریح (تیز ہوا)

(۱) اس کا خواب میں دیکھنا بادشاہت پر دلالت ہے کیونکہ یہ بھی اپنی ذات کے اعتبار سے دوسری مخلوقات پر اپنے نفع ونقصان کے ساتھ غالب اور طاقتور ہوتی ہے (۲) اور کبھی ہوا بادشاہ کی حکمرانی' لشکروں کے معاملات' فوجوں کے مسائل اور مددگاروں پر بھی دلالت کرتی ہے اور یہ ہوا حضرت سلیمانؑ کی خادم تھی (۳) اور کبھی یہ عذاب تکلیفوں اور آفات پر بھی دلالت کرتی ہے کیونکہ جب وہ تیز چلتی ہے تو بڑی تند ہوتی ہے اور اس وقت بہت زیادہ درخت گرتے اور کشتیاں ڈوب جاتی ہیں خصوصاً جبکہ وہ پچھم سے چلنے والی ہو کیونکہ یہ وہی ہوا ہے جس نے قوم عاد کو ہلاک کر دیا تھا اور یہ ہوا بارآور بھی نہیں ہوتی (۴) اور کبھی ہوا زرخیزی رزق' کامیابی' اور خوشخبریوں پر بھی دلالت کرتی ہے بالخصوص اگر وہ بارآور ہوا ہو کیونکہ اس میں عادۃً درختوں اور پھلوں کی درستگی ہے' اور یہ مشرقی ہوا (صبا) میں ہوتا ہے عرب جس کو قبول کہتے ہیں کیونکہ یہ دبور کے مقابلے میں ہے' اگر وہ دبور اور قبول کے ساتھ استدلال نہ کرتے اس کے نام کے علاوہ تب ہی کافی ہوتا۔ (۵) کبھی ہوا بیماریوں اور اشتعال انگیزیوں پر بھی دلالت کرتی ہے جیسے زکام' درد سر وغیرہ' (۶) اگر کسی نے دیکھا کہ ہوا نے اس کو اٹھایا اور بلا کسی خوف' تنگی اور کہر کے' تو یہ اشارہ ہے وہ لوگوں پر حکمرانی کریگا اگر اس کا اہل ہو یا اس کا امیدوار ہو' یا دلیل ہے اسکا مال خرچ ہوگا اگر وہ بازار میں چلتا نہ ہو (۷) اور اگر دیکھا کہ ہوا نے اس کو اٹھایا اور وہ ڈرا ہوا' گھبرایا ہوا بے چین ہوا یا ہوا کی تاریکی' گرد آلودگی اور شور ہوا تو صاحب خواب اگر کشتی میں ہو تو دلیل ہے کہ ٹوٹ جائیگی اور کسی بیماری میں مبتلا ہو تو اشارہ ہے وہ زیادہ ہو جائیگی ورنہ اس کو پستیاں اور حوادثات پیش آئیں گے۔ یا کوئی بادشاہ وحاکم اس کے خلاف کوئی کاروائی کریگا (۸) اور اگر دیکھا کہ ہوا درختوں سے ٹکرا رہی ہے' دیواروں کو گرا رہی ہے' لوگوں کو اڑا رہی ہے' یا جانوروں اور غلہ کو پٹخ رہی ہے تو یہ لوگوں میں کسی بڑی آفت کی نشانی ہے۔ خواہ وہ طاعون ہو یا قتل وغارت ہو یا کوئی فتنہ یا تیغ زنی اور قید ہو (۹) اور زہر آلود ہوائیں بخار والی بیماریوں پر دلالت کرتی ہے اور (۱۰) ہوا کے ساتھ بادل گرجنا ظالم طاقتور بادشاہ کی علامت ہے۔ (۱۱) اگر کسی کو ہوا نے ایک جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ پہنچا دیا تو دلیل ہے وہ منصب پائے گا یا کوئی سفر کریگا جس سے وہ واپس نہیں لوٹے گا۔ (۱۲) کسی خاص شہر یا لشکر پر ہوا کا چلنا اگر جنگ میں ہو تو ہلاک ہونگے (۱۳) اور پرسکون' نرم اور صاف ہوا خیر وبرکت کی نشانی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے اور تیز ہوا بادشاہ کا ظلم ہے(۱۴) اور ہوا کے ساتھ غبار جنگ کی علامت ہے(۱۵) اور ہوائیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے بشارت ہیں (۱۶) اور ہوا کے ساتھ اگر کوئی بھلائی کی علامت نہ ہو تو یہ برکت کے جانے کی نشانی ہے(۱۷) اگر اس میں آواز ہوئی تو یہ عذاب اور شدت ہے(۱۸) اگر کسی بادشاہ نے دیکھا کہ وہ جنگ کے لئے جارہا ہے اور ہوا اس کے آگے آگے چل رہی ہے تو یہ دلیل ہے کہ وہ غالب ہوگا (۱۹) اور اگر دیکھا کہ ہوا نے اس کا استقبال کیا تو دلیل ہے کہ وہ مغلوب ہو جائیگا (۲۰) اور اگر دیکھا کہ کسی خاص جگہ پر تیز ہوا چل پڑی ہے تو دلیل ہے کہ وہاں کے باشندوں کو خوف یا کوئی اور مشقت ہوا کی تیزی کے بقدر آئیگا (۲۱) اور اگر درختوں کو بھی اکھاڑ دے تو دلیل ہے کہ بادشاہ اس علاقہ کے باشندوں پر ناراض ہوگا ان کو قتل کر دیگا اور انکو دربدر کر دیگا (۲۲) مشرقی ہوا رحمت ہے اور جنوبی ذات الجنب کی بیماری کی علامت ہے' اور اگر دیکھا کہ سخت ہوا چلی تو یہ مصیبت ہے (۲۳) اگر دیکھا کہ تیز ہوا نے کھجور کے درختوں کو اکھیڑ دیا تو تعبیر ہے کہ اس سرزمین کے لوگ بادشاہ کے ہاتھوں قتل ہونگے (۲۴) اور جنوبی ہوا وباء بیماری یا اس جگہ پر موت کی نشانی ہے بعض نے کہا کہ یہ بارش اور رزق ہے(۲۵) اور اگر ہوا آہستہ سے چلتی ہو تو یہ ایسی قوم کی موافقت پر دلالت کرتی ہے جن کی کوئی رائے اور حیثیت نہ ہو (۲۶) اور اچھی ہوائیں اگر کسی معلوم جہت سے چلیں تو اچھی اخبار اور مہربانی پر دلالت کرتی ہیں (۲۷) اور ہوا حاجات کے طلب کرنے اور پیغامات کے نافذ ہونے پر بھی دلالت کرتی ہے ۔(۲۸) مشرقی ہوا کامیابی اور پچھوا ہوا پشیمانی اور رذلت پر دلالت کرتی ہے ۔(۲۹) اور کبھی مشرقی ہوا غموں' پریشانیوں بیماریوں کی شفا' اور اچھی خبروں پر دلالت کرتی ہے خصوصًا جبکہ وہ بادِ صبا ہو(۳۰) اور کبھی اچھی ہوائیں نفع مند سفروں پر بھی دلالت کرتی ہیں (۳۱) اور اگر خواب میں سرخ ہوا دیکھی تو یہ والدین کی نافرمانی اور رزیلہ عادات پر دلالت کرتی ہے۔

## رحی (چکی)

(۱) خواب میں اس سے مراد چکی والے کا تنگی سے کشادگی' فقر کے بعد مالداری اور کنوارے کے لئے بیوی اور کنواریوں کے لئے خاوند اور گھر میں خادم پر دال ہے ۔(۲) چکی کا ایسے گھر میں دیکھنا جو کہ عادۃً وہاں نہیں چلائی جاتی یہ بدقسمتی' غلبہ اور جھگڑے پر دلالت کرتی ہے (۳) تو اگر اس میں روٹی' گوشت یا شہد پیسا تو اس گھر والوں کے فساد' ریاکاری اور انکے دور ہونے پر دلالت کرتا ہے (۴) اور اگر اس میں جَو یا گندم پیسی یا ایسی چیز جس میں نفع ہوتا ہے تو یہ ان کے معاملات کی آسانی' رزق کی گردش' بیماریوں سے شفا' اور ان کے نگرانوں کی تجدید پر دلالت کرتی ہے (۵) اور بڑی چکی اگر درمیان شہر یا جامع مسجدوں میں دیکھی جائے تو اگر فساد زدہ شہر ہو تو جنگ لازمی ہوگی بالخصوص اگر وہ آگ یا پتھر پیس رہی ہو ورنہ طاعون ہوگا بالخصوص اگر اس کی پیسی ہوئی چیز متعفن جَو' پانی اور مٹی یا ناقص گوشت ہو (۶) بعض

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے کہا کہ پانی پر چکی کا مطلب ایسا آدمی جس کے ہاتھ میں بہت ساماں لگے گا' معاملات کو خوب جاننے والا ہوگا اور جو اس کے پاس پناہ پکڑے گا اس کا جسم اچھا ہوگا (۷) اور اگر کسی نے دیکھا کہ چکی چل رہی ہے تو دلیل ہے اس کے پاس آٹے کے برابر اور پانی داخل ہونے کی جگہ جو کہ چکی میں داخل ہوگا اس کے برابر روٹیاں آئیں گی (۸) اور کبھی چکی کے گھومنے سے مراد سفر ہوتا ہے' اگر بغیر گندم کے گھومے تو یہ تھکاوٹ ہے' اور چکی اگر ٹیڑھی چلے تو دام مہنگے ہو جائیں گے (۹) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کی چکی ہے جو کہ مشین کے ساتھ چلتی ہے تو یہ دیکھنے والے کے لئے بہت زیادہ رزق کی نشانی ہے (۱۰) اور اگر کسی نے دیکھا کہ چکی گھوم رہی ہے لیکن پیس نہیں رہی تو یہ سفر ہے (۱۱) اور چکی اگر کسی سبب کے بغیر گھومنے لگ جائے تو یہ دیکھنے والے کی موت کا قریب ہونے کی علامت ہے اور ہاتھ والی چکی کی تعبیر دو فاسق فاجر آدمی ہیں جو شریک ہوں اور انکے علاوہ کسی کے لئے انکی اصلاح ممکن نہ ہو (۱۲) اور اگر کسی نے دیکھا وہ اپنے ہاتھ سے چکی چلاتا ہے تو وہ پیستی ہے تو دلیل ہے کہ یہ اپنے دین اور زندگی میں اپنے ہاتھ پر بھروسہ کرتا ہوگا اور اتنی زندگی اور رزق پائیگا جتنی کہ اس سے آٹا نکلا (۱۳) اور چکی گھٹیا کاموں اور خادموں پر بھی دلالت کرتی ہے (۱۴) اور بعض نے کہا کہ چکی سے مراد دولہے اور داماد ہوتے ہیں (۱۵) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں چکی ہے تو وہ مارا جائیگا اور قید ہوگا (۱۶) اور اگر کسی نے چکی دیکھی گویا کہ ٹوٹ گئی تو اگر صاحب خواب قیدی ہو تو دلیل ہے رہائی پائیگا اور اگر غمزدہ ہے تو اس کے غم دور ہو جائیں گے اور اگر کسی ہلاکت میں ہو تو نجات پا جائیگا یا مر جائیگا (۱۷) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کی چکی ہے جو کہ کھانے کو جاری پانی سے پیس رہی ہے یا بغیر پانی کے تو اس کی معیشت دوسروں کی کوشش سے ہوگی' اور اس معیشت کی قوت و صلاحیت اتنی ہوگی جتنی کہ اس چکی کے گھومنے' پیسنے اور اچھی جگہ ہونے کی ہوگی (۱۸) اگر دیکھا کہ چکی کا پاٹ ٹوٹ گیا تو اشارہ ہے چکی والا مر جائیگا (۱۹) اور اگر دیکھا کہ پتھر پیس رہی ہے تو دلیل ہے کہ اس کو خوف پہنچے گا' اور اگر کسی نے چکی خریدی تو صاحب خواب اگر کنوارا ہو تو شادی کریگا یا اپنے لڑکے یا لڑکی کی شادی کرائے گا یا دلیل ہے کہ خادم خریدے گا یا اگر سفر والوں میں سے ہو تو سفر کریگا۔ (۲۰) اور پن چکی ایسا جھگڑا ہے جس کو دوام نہیں۔ (۲۱) اور بعض نے کہا کہ چکی کا ٹوٹنا غموں کا دور ہونا ہے (۲۲) اور بعض نے کہا خواب میں چکی دیکھنا اس کے مرنے کی علامت ہے (۲۳) اور زعفران کی چکی خوشیوں' مسرتوں' اصطلاح حال اور اچھی چیزوں پر دلالت کرتی ہے (۲۴) اور اگر مرد یا عورت کو دکھاتی ہے تو یہ وقار اور سکینت پر دلالت کرتی ہے (۲۵) اور کبھی زرد رنگ کے ہونے کی بیماری پر دلالت کرتا ہے (۲۶) اور پن چکی اور ہوائی چکی بادشاہ کے غلام اور اس کے دربان ہیں (۲۷) اور کبھی یہ تنگی کی آسانی' کشتیوں کا چلنا اور بارش ہونے پر بھی دلالت کرتی ہیں۔ (۲۸) اور ہاتھ کی چکی سکون اور کشادگی پر دلالت کرتی ہے اور کبھی یہ شر' جھگڑا' بیوی اور باندی پر بھی دلالت کرتی ہے اور کبھی یہ زندگی' رزق پر بھی دلالت کرتی ہے' اگر مکمل ہو تو یہ سفری معاملات کے پورے ہونے اور تیز سفر پر دلالت کرتی ہے ایسے ہی بہت زیادہ کھانے والی اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شر والی عورت پر بھی دلالت کرتی ہے جو کہ جو کچھ رکھتی ہے اس کو ترجیح دیتی ہے۔

## راویۃ (مشکیزہ)

(۱) خواب میں اس سے مراد امام فی الروایۃ ہوتا ہے اور کبھی یہ رزق' یا ضیق النفس کی بیماری میں مبتلا ہونے سے بغیر ہوتا ہے کسی کے مشتاق ہونے کی وجہ سے (۲) اگر نئی ہو تو یہ زندگی کے مکدّر رہونے کی نشانی ہے اور اگر پرانی ہو تو یہ جنگ و قتال پر دلالت کرتا ہے۔

(۳) اور راویہ بادشاہ کے لئے تعمیر شدہ صوبہ ہے جس سے وہ بہت زیادہ مال عدل وانصاف کے ساتھ حاصل کریگا (۴) اور تاجر کے لئے نرمی اور انصاف کے ساتھ شریفانہ تجارت ہے اور کاریگر کے لئے بلند اور بڑا کام ہے۔

## رکوۃ (چھوٹی کشتی)

(۱) وہ برتن جو کہ لہوں کے نیچے اسے جمع کرنے کے لئے رکھا جاتا ہے' چھاگل (۲) خواب میں یہ زہد' عبادت' لڑکا' خادم' سفر' دوست' دین و دنیا میں مددگار پر دلالت کرتا ہے (۳) اور یہ بارش کے لئے ایک آباد علاقہ ہے اور تاجر کے لئے تجارت پر دلالت کرتا ہے۔

## رکاب (زین میں لگے ہوئے لوہے کا حلقہ جس پر سوار پاؤں رکھتا ہے)

(۱) خواب میں اگر زین سے علیحدہ دیکھے تو یہ غلام لڑکے کی نشانی ہے (۲) اور اگر زین کے ساتھ ہو تو یہ قابل اعتماد لڑکا ہے (۳) بعض نے کہا کہ یہ عورت کی شرمگاہ پر دلالت کرتا ہے کیونکہ وہ ہی گھر کی محافظ ہوتی ہے (۴) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے دایاں پاؤں رکھا ہے تو وہ اپنی عورت کے پاس دبر سے آتا ہوگا' اور یہ سواری اونٹ وغیرہ اور تھکاوٹ سے آرام پر بھی دلالت کرتا ہے۔ یا فوجیوں کی خدمت پر اور سفر پر بھی دلالت کرتا ہے' اور کبھی یہ جس کو دھنسایا اور روندا جاتا ہے اس پر دلالت کرتا ہے جیسے چٹائی' زمین وغیرہ (۵) اور کبھی دو رکاب میاں بیوی' دو لڑکے' دو غلام پر بھی دلالت کرتے ہیں (۶) اور رکاب شریف مال' ریاست' مال اور دولت کا زیادہ ہونا' اور اس کا بناؤ سنگھار بادشاہت کی بلندی اور اچھے تذکرہ کی نشانی بھی ہے (۷) اس کے سونے سے ہونے سے کوئی نقصان نہیں ہوتا (۸) رکاب خوبصورت لونڈی پر بھی دلالت کرتا ہے (۹) اس کا لوہے سے ہونا دیکھنے والے کی قوت وطاقت سے تعبیر ہے (۱۰) اور سیسہ سے ہونا یہ کام کی آسانی اور گھٹیا ہونے پر دلالت کرتا ہے (۱۱) اور اس کا چاندی سے ہونا جس پر سونے کا پانی چڑھایا گیا ہو (۱۲) یہ باندیاں' اور حسین غلاموں پر دلالت کرتا ہے (۱۳) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے ایک یا دو رکاب حاصل کئے ہیں تو دلیل ہے کہ وہ ایک یا دو غلام پائے گا (۱۴) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا رکاب ٹوٹ گیا ہے یا چوری ہو گیا ہے تو اس کا خادم مر جائیگا یا یہ اس کو بیچ دے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## رحل الدابۃ (سواری کا کجاوہ)

(۱) خواب میں اچھے سامان پر دلالت کرتا ہے (۲) اور کجاوہ یہ سفر اور ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے سے بھی تعبیر ہے (۳) اور سیاح اور وہ آزاد عورت جو کہ خوشحال اور مالدار قوم سے ہونے کی بھی علامت ہے۔

## رقعۃ الشطرنج (شطرنج کی بساط)

خواب میں اس سے مراد دنیا ہے۔ جس میں اونچ نیچ ہوتی ہے اور جینے والا جیتا ہے تو مرنے والا مرتا ہے' صحیح اور ٹیڑھا ظاہر ہوتا ہے' اس میں بھاگ دوڑ اور جنگ ہے اس میں حقد' فتنے اور حسد ہے' ایسے ہی مالداری اور فقر ہے۔

## رخ الشطرنج (شطرنج کا مہرہ)

خواب میں اسکا دیکھنا کاموں میں استقامت پر دلالت کرتا ہے اور کبھی یہ پوشیدگی اور اچانک موت پر دلالت کرتا ہے اور بات میں سچائی پر بھی اور حاملہ کے لئے لڑکی پر دلالت کرتا ہے۔

## رتیلا (کیڑے مکوڑے)

خواب میں خراب موذی عورت پر دلالت کرتی ہے کیونکہ لوگ اس سے سوت وغیرہ بنواتے ہیں اور ناقص کارکردگی پر بھی دلالت کرتا ہے کیونکہ وہ انکو پھینکتے بھی ہیں' خواب میں کیڑے مکوڑے جھگڑالو دشمن' حقیر نظر آنیوالا لیکن سخت طعنہ والا۔

## رف (مچان)

(۱) خواب میں رازوں کو چھپانے والے عیبوں کے چھپانے والے اور نیک مددگار بیوی پر دلالت کرتا ہے (۲) اگر دیکھا کہ اس کے مچان ہے جس پر ہدیہ نما کوئی چیز ہے تو یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اس کے ہاں عقلمند لڑکا ہوگا جو کہ مختلف فنون جانے گا یا اشارہ ہے اس طرف کہ اس کو راز دار نیک و باعصمت بیوی ملے گی بالخصوص جب اس کے نیچے داب ہو (۳) اور کبھی رف امانتدار یا اپنے کام میں مصروف رہنے والا شریک کار پر دلالت کرتا ہے جبکہ اس سے اس کو نفع بھی ہو۔

## راوق (فلٹر' صاف کرنے کا آلہ)

خواب میں یہ دین اور علم کے خلاصہ پر دلالت کرتا ہے یا گانے بجانے پر' یا بدعت اور فساد کی جگہ حاضر ہونے پر' اور اس سے مراد وہ آدمی بھی ہے جو کہ سچا' حق کہنے والا اور گندگی کو ناپسند کرنے والا ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## رمح (بلم، نیزہ)

خواب میں یہ لکڑیوں کی لکڑی اور کمائی میں بکریوں کی لاٹھی وغیرہ بھی ہے۔(۱) نیزہ عورت، لڑکا، حق کی گواہی یا سفر پر بھی دلالت کرتا ہے(۲) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں نیزہ ہے تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکے کی پیدائش ہوگی (۳) اگر اس میں دندان ہوئے تو اسکا لڑکا لوگوں پر نگران ہوگا اور وہ خود ان کی حفاظت کریگا(۴) نیزہ کا ٹوٹنا لڑکے میں بیماری اور کسی مسئلہ کی طرف اشارہ ہے(۵) اور ہر وہ ٹوٹنا جس کی تلافی نہ ہو سکے اسمیں خیر کی علامت نہیں(۶) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں نیزہ ہے اور وہ سوار ہے تو اشارہ ہے وہ بادشاہ ہوگا عزت وشرافت کے ساتھ(۷) اور اگر بادشاہ کا نیزہ ہو اور وہ ٹوٹ جائے تو یہ علامت ہے بادشاہ کی بادشاہت میں کوئی حادثہ پیش آئیگا، اور غمی پریشانی یا اس کی معزولی ہوجائیگی یا کوئی دشمن اس پر حملہ آور ہوگا(۸) اور اگر کسی بھائی کی طرف وہ نیزہ منسوب ہو تو یہ اس میں کسی مصیبت کی طرف اشارہ کرتا ہے یہ سب تب ہے کہ وہ ٹوٹ جائے اور یہ اس کو پھینک دے اور اس کی اصلاح ممکن نہ ہو(۹) اور اگر وہ اس کو صحیح کرنے کی فکر میں لگ گیا تو بیماری ہے جس سے وہ شفایاب ہوجائیگا، یا وہ معزول ہوگا اور دوبارہ بحال ہو جائے گا(۱۰) اور دندانوں کا پڑنا بھائی، بیٹے یا کسی وظیفہ خوار کی موت سے تعبیر ہے(۱۱) اور نیزہ بھائی، دوست ریاست وغیرہ سے بھی تعبیر ہے(۱۲) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں نیزہ ہے(۱۳) اور وہ اس کو لئے بازار میں پھر رہا ہے تو اس کے ہاں لڑکے کی پیدائش ہوگی(۱۴) اور اگر دروازہ کے پیچھے رکھ دے یا ہاتھ میں چھپالے تو علامت ہے کہ اس کے ہاں لڑکی ہوگی(۱۵) اور بلم بغیر نیزہ کے حاملہ کے لئے لڑکی کی علامت ہے اور اس لڑکی کی نسل سے آگے بھی لڑکیاں ہوگی بانس کے جوڑوں کے برابر اگر دیکھنے والا اس کو گنے۔

(۱۶) اور اگر کسی نے دیکھا کہ بادشاہ نے اس کو نیزہ دیا ہے تو یہ دلیل ہے کہ وہ اس کو ولایت دے گا، اور اگر وہ بلم جھنڈا بھی ہو تو ریاست کی شہرت ہونے کی علامت ہے(۱۷) اور اگر کسی نے دیکھا کہ کسی نے اس کو نیزہ مارا ہے تو اشارہ ہے کہ وہ اس کو زبان سے تکلیف دیتا ہوگا اور اس کی عصمت کے در پے ہوگا(۱۸) اور اگر کسی کے پاس نیزہ ہو لیکن اسکو اٹھانیوالا کوئی نہ ہو تو دلیل ہے وہ کسی سے دوستی کریگا یا اس کا کوئی بھائی ہوگا جو اس کو دشمنوں سے بچائے گا(۱۹) اگر بادشاہ نے دیکھا کہ اسکا نیزہ لمبا ہوگیا ہے یہاں تک کہ حد سے تجاوز کر گیا تو یہ علامت ہے کہ وہ اپنی رعیت پر ظلم کرتا ہوگا۔(۲۰) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کو نیزہ سے مارا گیا اور اس سے بہت سا خون نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو جو مارنے والے کی طرف سے تکلیف پہنچی ہے اس کو ثواب دیا جائیگا(۲۱) بعض نے کہا کہ اس کا جسم صحیح ہوجائیگا اور اس کا مال بڑھ جائیگا اور اگر غائب ہوا تو صحیح سالم اپنے گھر واپس پہنچے گا(۲۲) اور اگر کسی نے دیکھا کہ وہ نیزہ سے زخمی کیا گیا ہے تو اگر اس کا زخم اتنا ہوا جس پر چٹی پڑتی ہے تو وہ اس کو زخم کی چٹی کے برابر تاوان دینا پڑیگا(۲۳) اور اگر کسی نے دیکھا کہ وہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نیزہ سے زخمی ہوگیا ہے اور اس کے زخم زیادہ ہوگئے ہیں تو دلیل ہے کہ زخمی نیزہ مارنے والے سے حرام مال پائیگا اور اگر نیزہ سے گوشت یا کسی عضو کو کاٹ لیا اور وہ فاعل کے ہاتھ میں آ گیا تو زخمی کرنے والے سے حرام اور مکروہ مال پائیگا' اور اگر کسی نے دیکھا کہ وہ اپنے دشمنوں کے ساتھ نیزہ سے لڑ رہا ہے تو اشارہ ہے کہ وہ حرام مال پائیگا اور وظیفہ خوار کے متعلق باتیں کرتا ہوگا۔

## رمکہ (گھوڑی)

(۱) خواب میں اس سے مراد لڑکی یا آزاد شریف عورت ہے (۲) اگر وہ اس پر سوار ہوگیا تو دلیل ہے کہ وہ کسی عورت کے ساتھ زیادتی کریگا' اور ترکی گھوڑوں میں سے گھوڑی عورت اور زندگی کا معاہدہ ہے الا یہ کہ وہ عجمی عورتوں میں سے ہوگی (۳) اور یہ ادب میں معروف لوگوں پر بھی دلالت کرتا ہے (۴) اور اگر کسی نے دیکھا کہ وہ گھوڑی پر سوار ہوگیا یا اس کا مالک ہوگیا یا اس کو خرید لیا ہے اور وہ کنوارا ہو تو خوشخبری ہے وہ شریف بابرکت عورت سے شادی کرلیگا (۵) اور اگر وہ سیاہ گھوڑی ہو تو دلیل ہے عورت مالدار اور شریف ہوگی (۶) اور اگر سفیدی مائل سیاہ ہو تو خوبصورت ہوگی۔ (۷) اور اگر سرخ ہو تو دین و دیانت والی ہوگی (۸) اور اگر بھورے رنگ کی ہوئی تو دین والی ہوگی (۹) اور اگر زرد رنگ کی ہوئی تو اشارہ ہے بیماریوں اور دردوں والی ہوگی اور اگر زرد ہوئی تو اس سے لڑکا ہوگا (۱۰) اور اگر شادی شادی شدہ ہو یا جس کو شادی کا انتظار نہ ہو تو دلیل ہے وہ کوئی جائیداد یا مال پائیگا جس کے بل بوتے پر وہ دوبارہ زندگی کی طرف لوٹ آئیگا (۱۱) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کی گھوڑی مرگئی ہے یا چوری ہوگئی ہے یا گم ہوگئی ہے تو یہی معاملہ اس کی عورت کے ساتھ ہوگا یا علامت ہے اس کی زندگی کے کسی معاہدہ کے ساتھ ہوگا (۱۲) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے گھوڑی کو چھوڑ دیا ہے یا اس سے اتر گیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اپنی عورت سے موت یا طلاق کی وجہ سے علیحدہ ہوجائیگا یا اس کا گھروبال سے نکل جائیگا (۱۳) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کی گھوڑی نے بچہ جنم دیا ہے تو یہ اس کی زندگی میں گردش کی دلیل ہے اور مال میں زیادتی کی طرف اشارہ ہے (۱۴) اور اگر کسی نے دیکھا کہ وہ گھوڑی کا دودھ پی رہا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ اس کو اپنے قریب کریگا اور اس سے یہ خیر حاصل کرے گا۔

## رخمہ (گدھ)

(۱) اگر کسی نے رات کو اس کو خواب میں دیکھا تو اس سے مراد گندا اور احمق آدمی ہوتا ہے (۲) اور اگر دن کو دیکھا تو یہ بیماری کی علامت ہے (۳) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے گدھ پکڑا ہے تو دلیل ہے جنگ میں پڑیگا اور اس میں بہت خونریزی ہوگی اور ہوسکتا ہے کہ سخت بیمار ہو (۴) اور بعض نے کہا کہ اگر کسی نے اپنے گھر میں دیکھا تو یہ مدد ہے جو وہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بھیجے گا (۵) اور اگر کسی نے بہت سے گدھوں کو کسی شہر پر حملہ آور دیکھا تو اشارہ ہے کہ اس شہر کے باسیوں پر گھٹیا اور حرام خور فوجوں کا لشکر یورش کریگا (۶) اگر کسی بیمار نے اپنے گھر میں گدھ دیکھا تو دلیل ہے کہ وہ مر جائیگا یا اپنی بیماری کی وجہ سے موت کے قریب ہو جائیگا (۷) گدھ رنگ ریزوں، مٹی کے برتن بنانیوالوں اور جن کی صنعتیں شہر سے باہر ہیں ان کے لئے خیر اور نفع کی علامت ہیں، اور ڈاکٹروں، بیماروں کے لئے بری علامت ہے (۸) بہت سے گدھ دشمنوں پر اور گھٹیا و گنوار قوم کے آنے پر بھی دلالت کرتے ہیں، اور غلط قسم کے لوگ اور ایسے ہی مردوں کو غسل دینے والی قوم پر بھی (۹) ایسے ہی گدھ گھروں میں چوروں اور حرام کمائی کرنیوالوں پر بھی دلالت کرتے ہیں (۱۰) ایسے ہی جدائی، وحشت، کھنڈرات اور بری باتوں پر بھی۔

## راھب (عیسائی عبادت گزار)

(۱) کسی نے خواب میں اپنے آپ کو راھب دیکھا تو دلیل ہے کہ وہ بدعتی ہوگا جس نے دین میں زیادتی کی ہوگی۔
(۲) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ راھب بن گیا ہے تو یہ علامت ہے کہ اس کی اچھی شہرت ہوگی لیکن اس کا معاملہ اس پر مشکل ہوگا، اس کا رزق اس پر تنگ ہو جائیگا، ہر معاملہ میں اس کو ذلت، خوف، اور نہ زائل ہونے والا ڈر رہیگا اور اس بات پر بھی دلالت کرتا ہے کہ وہ چالاک، دھوکہ باز اور بدعتی ہوگا۔

## راس الجالوت (جالوت کا سر)

(۱) اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ وہ جالوت کا سر ہے تو دلیل ہے وہ مکار شخص ہوگا جو کہ لوگوں کو دھوکہ، فریب اور ملاوٹ پر آمادہ کرتا ہوگا (۲) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کو راس الجالوت کہا جا رہا ہے لیکن وہ ناپسند کر رہا ہے تو دلیل ہے اس پر مکر، دھوکہ، مصیبت یا ملاوٹ کا الزام لگایا جاتا ہوگا حالانکہ وہ اس سے بری ہوگا۔

## رصاص (سیسہ)

(۱) خواب میں یہ عوام الناس اور نچلے طبقے پر دلالت کرتا ہے (۲) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے سیسہ لیا ہے تو دلیل وہ مال ہے جو وہ مجوسیوں سے لے گا (۳) اور اگر کسی نے پگھلا ہوا سیسہ لیا تو اس کو چاہیے کہ اس کے قبضہ میں جو مال ہے اسکی حفاظت کرے کہ وہ ہاتھ سے نہ نکل جائے (۴) اور اگر جامد ہو تو کوئی حرج نہیں (۵) اور اگر کسی نے دیکھا کہ وہ سیسہ پگھلا رہا ہے تو اس سے کسی عام معاملہ میں جھگڑا کیا جائیگا اور وہ لوگوں کی زبانوں کا نشانہ بنے گا (۷) اور سیسہ اس سے بننے والی چیزیں گھڑے، برتن، شکار کے سامان، پر بھی دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## رمل (ریت)

(۱) یہ خواب میں مال ہے جب کہ زیادہ نہ ہو (۲) اور زیادہ ریت دین و دنیا میں منہمک ہونا ہے (۳) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا ہاتھ ریت میں ہے تو اس پر دنیا کا کوئی معاملہ مشتبہ ہو جائیگا (۴) اور اگر ریت بڑھ جائے اور زیادہ ہو جائے تو اس کی تاویل عذاب سے کی جائیگی (۵) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ مٹی جمع کر رہا ہے یا اُٹھا رہا ہے تو علامت ہے کہ وہ مال جمع کریگا اور خیر پائے گا (۶) اور اگر ریت پر چلا تو وہ کسی دین و دنیاوی معاملہ کو سلجھائے گا جس میں وہ منہمک ہوگا ریت کے برابر کثرت اور قلت کے اعتبار سے (۷) اور اس پر دوڑنا بندشوں' گرہوں اور بٹائی پر دلالت کرتا ہے (۸) اور ریت زندگی' موت مالداری اور ناداری پر بھی دلالت کرتی ہے (۹) اور اس پر چلنا کبھی غم' پریشانی' جھگڑا اور ظلم پر بھی دلالت کرتا ہے (۱۰) اور ریت پریشانی' تھکاوٹ اور مشقت پر دلالت کرتی ہے (۱۱) اور اس میں چلنے والی عورت کے لئے کوئی خیر نہیں کیونکہ یہ اس کے بیوہ ہونے کی علامت ہے (۱۲) ایسے ہی تعبیر ہے اگر مرد بھی اس پر مشقت سے چلے (۱۳) سرخ ریت بیکاروں کے لئے بڑا منصب ہے (۱۴) سفید ریت نجومیوں اور کاہنوں کے لئے رزق ہے (۱۵) زرد ریت بیمار کے پلٹنے اور اچھے انجام کی نشانی ہے اور کبھی اس سے مراد بیمار ہونا اور اس کی وجہ سے اسیری ہونا بھی ہوتا ہے (۱۶) اور درختوں و پودوں کی جڑوں میں جمع ہونے والی ریت جس کو جرثومہ بھی کہتے ہیں اس کا دیکھنا پھسلنے اور جائداد سے رزق ملنے پر دلالت کرتا ہے۔

## رَمَل (تیز چلنا)

(۱) اور یہ حج کے طواف وسعی میں تیز چلنا ہے (۱) اگر کوئی اس کو خواب میں دیکھے تو یہ بچوں کے لئے محنت و مزدوری اور کوشش پر دلالت کرتا ہے۔

## روض (باغیچہ سرسبز جگہ)

(۱) کسی نے سرسبز باغات خواب میں دیکھے مگر جنکی بنیاد کا علم نہ ہو رہا ہو تو اسلام اور دین پر دلالت کرتا ہے بہت تعبیر زمین پر ہر سبزہ کی ہے (۲) اور بعض نے کہا کہ کسی نے باغیچہ دیکھا تو دلیل ہے کہ اس کو اچانک نقصان پہنچے گا اور اگر میت کو اچھے باغ میں دیکھا تو دلیل ہے کہ وہ جنت میں ہے (۳) اور باغیچہ دیکھنا' اس کی زیب و زینت اس کی موجودگی کے بغیر معلوم نہ ہو رہی ہو اسلام پر دلالت کرتا ہے اور کبھی یہ ہر اچھے فضیلت والی جگہ پر بھی دلالت کرتا ہے جیسے حضور کی قبر' ذکر کے حلقے' بھلائی کی جمع ہونے کی جگہیں اور اہل اصلاح کی قبور پر بھی دلالت کرتا ہے (۴) اور کبھی باغیچہ قرآن پاک' علم و حکمت کی کتاب پر بھی دلالت کرتا ہے (۵) اور کبھی جنت پر بھی دلالت کرتا ہے چنانچہ خواب میں باغ سے کسی گندی زمین کی طرف نکلے تو دلیل ہے کہ وہ سنت سے بدعت کی طرف اور گناہ کی طرف ہو جائیگا (۶) اگر کسی نے اپنے آپ کو باغ میں دیکھا کہ وہ اسی سے کھا رہا ہے اور حج کا زمانہ ہو یا اس میں وہ اذان دے رہا ہو تو اشارہ ہے وہ حج

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کریگا(۷) اگر یہی خواب کافر دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ اسلام لائیگا یا گنہگار نے دیکھا تو علامت ہے کہ توبہ کرگا' ورنہ یہ اچھا کام ہوگا جس کو وہ کریگا جیسے جمعہ اور جنازہ وغیرہ میں شرکت کرنا۔

## رخراض الماء (پانی میں چھوٹی کنکریاں)

www.KitaboSunnat.com

خواب میں دیکھنے والے کا کسی کام میں مشغول ہونے اور اسکی شقاوت کی نشانی ہے۔

## رعد (گرج)

(۱) خواب میں بغیر بارش کے گرج خوف کی علامت ہے(۲) اور گرج وعید اور بادشاہ کی طرف سے ڈراوا بھی ہے(۳) اور کبھی یہ اچھے انجام' اچھے معاملات پر بھی دلالت کرتی ہے۔ اور یہ ڈھولوں کی آواز بھی ہے۔ اگر گرج دیکھی تو دلیل ہے کہ وہ قرضہ ادا کریگا' اگر بیمار ہو تو تندرست ہو جائیگا' اگر قیدی ہو تو آزاد ہو جائیگا(۴) گرج' بجلی اور بارش مسافر کے لئے خوف اور مقیم کے لئے لالچ کا ذریعہ ہے(۵) اور گرج پولیس آفیسر سے بھی تعبیر کی جاتی ہے(۶) اگر کسی نے کسی شہر میں گرج دیکھی یا گرج کی اونچی آواز سنی تو وہاں کے لوگ اچانک مرجائیں گے اور ان میں فتنہ وقتل ہوگا(۷) گرج کی آواز دشمنی اور جھگڑے پر بھی دلالت کرتی ہے۔ ایسے ہی دین میں نقصان اور مال میں خسارہ پر بھی دلالت کرتی ہے(۷) اگر بارش کے ساتھ گرج دیکھی اُن دنوں میں جبکہ لوگ بھی بارش کے منتظر ہوں اور آواز بھی ہلکی ہو تو وہ اس محلّہ والوں کے لئے سرسبز و شادابی کی نشانی ہے(۹) اگر کسی نے گرج بغیر چمک کے دیکھی تو یہ غبن' مکر اور جھوٹی بات پر دلالت کرتی ہے(۱۰) اگر کسی نے گرج دیکھی تو وہ بادشاہ سے ناپسند دیکھے گا۔(۱۱) اور گرج کے ساتھ تاریکی اور چمک ہو تو اسمیں کوئی بھلائی نہیں کیونکہ یہ دین سے مرتد ہونے پر دلالت کرتا ہے بالخصوص جبکہ اس کے ساتھ زلزلہ ہو۔ یا خواب اس زمانہ میں دیکھ رہا ہو جبکہ اس کی غلطیاں نہ ہو(۱۲) اور بارشوں کے موسم میں سننا خوشخبری' خیر و برکت پر دلالت کرتا ہے(۱۳) اور اگر موسم میں نہ ہو تو یہ لشکر میں کسی جنگ کے لئے حرکت یا فتنہ پر دلالت کرتا ہے' کبھی کبھی اس کا سننا اللہ تعالیٰ کی تسبیح وتہلیل پر بھی دلالت کرتا ہے۔ ایسے ہی کبھی بیماریوں یا کسی خوشی کے لئے دفوف کے سننے پر بھی دلالت کرتا ہے(۱۴) اگر اس کا سننے والا گنہگار ہو تو دلیل ہے کہ وہ توبہ کریگا یا کافر ہو تو مسلمان ہو جائیگا' ایسے ہی اس کا سننا کبھی بہرپن پر بھی دلالت کرتا ہے جہاں تک اس کے حکم کا تعلق ہے باقی گرج کا حکم رہا(۱۵) اگر گرج کی آواز خواب میں سنی اور وہ یکم اکتوبر کا دن ہو تو یہ ملک شام میں موت واقع ہونے پر دلالت کرتی ہے۔
(۱۶) اور اگر اکتوبر کے پہلے چھ دنوں میں ہو تو دلیل ہے کہ اس کا کھانا کم ہو جائیگا اور مشروبات اور پھل مصر میں زیادہ ہو جائیں گے(۱۷) اور اگر آخر مہینہ میں ہو تو دلیل ہے کہ ملک شام میں وباء پھوٹے گی(۱۸) اور اگر پورے مہینہ میں رہی تو یہ درندوں کی کثرت پر دلالت کرتی ہے(۱۹) اور اگر خواب میں آواز سنی اور اتفاقاً وہ نومبر کا مہینہ تھا تو ملک بربر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور مصر میں خیر و برکت زیادہ ہوگی اور شام کے دو کافر شہر فتح ہونگے' اور ہوسکتا ہے کہ کوئی دم دار ستارہ ظاہر ہو اور شام میں غلام بنائے جائیں۔ یا ہوسکتا ہے کہ عربوں کا کوئی بادشاہ مرجائے' پرندے ہلاک ہوں اور مشرق میں ظلم ہو اور بے ضرر اور بے نفع بارش ہو۔ (۲۰) اور اگر خواب میں گرج کی آواز سنی اور وہ دسمبر کے پہلے دس دن ہوں تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ اندلس کے بڑے بڑے لوگ مریں گے' انکے ہاں مہنگائی ہوجائے گی' ان کے بادشاہ ظلم کریں گے' فساد زیادہ ہوگا' گندم اچھی ہوگی اور پھل کم ہوجائیں گے (۲۱) اور اگر پہلے سات دنوں میں خواب دیکھے تو سردی خشک ٹھنڈی پڑے گی' اور بہار معتدل (۲۲) اور اگر گرج کی آواز سنی اور وہ جنوری کے چھ دنوں میں آرہی ہو تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ ملک عراق میں زلزلے اور دھنسنا ہوگا۔ گائے اور مویشی ہلاک ہوجائیں گے۔ غلہ کی فراوانی ہوگی۔ (۲۳) اور اگر یہ جنوری کے آخر میں دیکھا تو سورج گرہن ہوگا اور مغرب کے حکمرانوں میں سے کسی کی موت کی نشانی ہے۔ (۲۴) بعض نے کہا کہ کوئی ستارہ نمودار ہوگا جس سے کسی بڑے شہر کی تباہی کا خطرہ ہوگا۔ ملکِ شام میں بیماری اور آشوب چشم کی بیماری پھیلے گی (۲۵) اور اگر خواب میں گرج کی آواز سنی اور وہ یکم فروری کا دن بن رہا ہو تو یہ زمین کی زرخیزی اور اس کی نشوونما کی دلالت ہے اور یہ کہ بھاؤ کم ہونگے' یاجوج ماجوج کی زمین میں وباء پھیلے گی' سمندری جزیروں میں موت واقع ہوگی' مکہ والوں کا بھاؤ کم ہوگا اور وہاں بارشیں ہونگیں حبشہ میں گھبراہٹ ہوگی۔ (۲۶) اور اگر فروری کے آخر میں ہو تو یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ مغربی بادشاہوں میں سے کوئی اپنی زمین سے دوسری کی سرحد کی طرف نکلے گا اور مخالفت میں اس سرزمین کے کھیتوں و باغات میں سے اس کا کوئی مخالف نکلے گا اور یہ تھوڑی دیر ہی قبضہ برقرار رکھ سکے گا (۲۷) اور اگر گرج کی آواز سنی اور وہ دن مارچ کے ابتدائی چھ دنوں میں سے ہوں تو یہ سرسبز و شادابی اور خیر پر دلالت کرتا ہے سوائے گندم اور انگور کے تیل کی زیادتی ہوگی تجارت پرامن ہوگی ایک بادشاہ اپنے شہر سے حملہ کرتا ہوا دوسرے شہر پر یورش کرے گا اور کامیاب ہوگا ایک مدت تک مفتوحہ علاقہ اسکے زیرِ تسلط رہیگا وہاں خوش وخرم رہے گا پھر سرزمین روم کی طرف نکلے گا اور حجر الاصم قلعہ کو فتح کریگا' بڑے بڑے سردار' سپہ سالار اور اس گھر کے رئیسوں کو قتل کردیگا ملک شام کی زمین زرخیز ہوجائیگی (۲۸) اور اگر ماہِ مارچ کے آخر میں یہ خواب دیکھے تو ٹڈیاں زیادہ ہونگی' گائے اور بکریاں کثرت سے مریں گی۔ (۲۹) اگر خواب میں گرج کی آواز سنی اور وہ دن اکیسویں اپریل کا ہو تو یہ زمین پر زرخیزی اور فراوانی کی نشانی ہے' نیز بارشیں کثرت سے ہونگیں' پھل پکیں گے' روم اپنے علاقہ سے نکل کھڑے ہونگے اور ہوسکتا ہے کہ مغرب والوں کے ساتھ ان کی مڈبھیڑ ہوجائے (۳۰) اور اگر یکم اپریل کو دیکھے اور دن بھی اتوار کا ہو تو دلیل ہے مارچ میں پریشانیاں نمودار ہونگیں۔ روم میں بغاوت ہوگی انکا بادشاہ مرجائیگا' وہ شکست کھاجائیں گے ان میں طاعون کی بیماری پھیل جائے گی' شام اس آفت سے محفوظ رہیگا' لشکر دوسرے شہروں کی طرف نکلیں گے تو اس میں فساد کرتے پھریں گے (۳۱) اور اگر خواب میں گرج کی آواز اپریل کے چار دنوں میں دیکھی تو یہ کشادگی کی علامت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے اور گندم اور انگور اچھے ہونگے' لوگوں میں اختلافات ہونگے' بیماریاں بڑھیں گی' کھلیانوں کو خطرہ لاحق رہیگا (۳۲) اگر گیارہ اپریل کو یہ خواب دیکھا تو دلیل ہے لوگوں کو زلزلوں اور تکالیف کا سامنا کرنا پڑیگا (۳۳) اگر تیرہ کو دیکھا تو لوگوں کو سخت مہنگائی دیکھنی پڑے گی (۳۴) سترہ کو دیکھا تو اشارہ ہے کہ بادشاہ اور وزراء باہمی دست و گریبان ہو جائیں گے (۳۵) اور بائیس کو دیکھا تو علامت ہے سخت ڈرانیوالی بیماری ہوگی۔ (۳۶) اگر تیئس کو دیکھا تو دلیل ہے چیزیں سستی ہونگیں اور زرخیزی ہوگی' پچیس کو مہنگائی ہوگی' اگر یہی خواب انتیس کو دیکھا تو یہ خیر' کشادگی اور خوشی پر دلالت کرتا ہے۔ (۳۷) اگر خواب میں گرج کی آواز سنی اور دن مئی کے پہلے نو دنوں میں سے ہوئے تو یہ یمامہ کے معززین کی موت پر دلالت کرتا ہے' ترکوں میں ہلاکت ہونگیں ایسے ہی بکریاں مریں گی' بارشیں زیادہ ہونگیں' باغوں کا پھل بڑھے گا۔ (۳۸) اگر درمیانے دس دنوں میں یہ خواب دیکھا تو دلیل ہے سخت بیماریاں ہونگیں (۳۹) اگر خواب میں گرج کی آواز سنی اور دن مئی کے پہلے دس دنوں میں سے کوئی دن ہو تو یہ سرزمین مصر کے علماء اور حکمران طبقہ کی موت پر دلالت کرتا ہے' بھاؤ سستے ہو جائیں گے' نہریں چڑھ جائیں گی' مال بڑھے گا' سمندری اور خشکی شکار زیادہ ہوگا۔ (۴۰) اگر خواب میں گرج کی آواز جولائی کے پہلے چھ دنوں میں سے کسی دن میں سُنی تو دسمبر میں بارشیں ہونگیں' کھیتیاں بڑھیں گے' روم کے لوگوں کی بڑی تعداد مرجائے گی' یمن میں بھاؤ کم ہو جائیں گے' عجمیوں میں جنگ ہوگی مصر میں بادشاہ کی طرف سے شر پھیلے گا ان کے بچے قید ہو جائیں گے ... سے ایک بادشاہ آئیگا اور ان کو قیدی کرلیا جائیگا۔ (۴۱) اگر گرج کی آواز جولائی کے آخر میں سُنی یا جبکہ سات دن باقی ہوں تو یہ تمام زمین پر سلامتی کی نشانی ہے' بصرہ میں بھاؤ سستا ہو جائیگا۔ فرات تک زمین زرخیز ہو جائیگی' کھجور اور بادام جیسے پھلوں کو کوئی آفت آئیگی' گندم زیادہ ہوگی۔ (۴۲) اگر سال کے آخر میں ہو تو لوگوں پر بادشاہ کے قتل کا خوف رہیگا۔ (۴۳) اگر خواب میں گرج کی آوز سنی اور وہ مہینہ اگست کا ہو تو یہ ملک شام' جرجان اور آذربائیجان والوں کے لئے اچھی علامت ہے سمندر بند رہیگا۔ فساد کی وجہ سے راستے بند ہو جائیں گے' ٹڈیاں کم ہو جائیں گی' خزر اور یاجوج و ماجوج کا بادشاہ مرجائیگا' اُن میں فساد ہو جائیگا (۴۴) اگر مہینہ کے آخر میں گرج کی آواز سنے تو مصر کی سرزمین زرخیز ہوگی' دریائے نیل کا پانی زیادہ ہوگا' قحط اور مہنگائی کے بعد بھاؤ کم ہو جائیں گے اور کبھی یہ شورشوں اور گروہ بندیوں پر بھی دلالت کرتا ہے (۴۵) اور اگر خواب میں گرج کی آواز سنی اور وہ ستمبر کے پہلے آٹھ دن ہوں تو بارش اور پھل بہت ہونگے' سال کے شروع میں قحط اور آخر میں فراوانی ہوگی کوفہ اور بصرہ کے میدانی علاقوں میں ٹڈیاں زیادہ ہونگیں' وہاں زرخیزی نہیں ہوگی' کیڑے مرجائیں گے' لوگوں میں سخت بھوک رہے گی' مسلمان قلعے فتح کریں گے' رومیوں اور ترکوں میں ایک طویل مدت تک جنگ رہے گی' ملکِ شام زرخیز رہے گا اور اس کے غلہ اور چارہ محفوظ رہے گا۔ (۴۶) اگر اس کی آواز ڈراؤنی ہوئی تو پھر پھلوں پر خطرہ ہے۔ (۴۷) اگر دس تاریخ کو یہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خواب دیکھے تو یہ مغرب میں اس سال کم بارشیں پڑنے کی دلیل ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## رخام (سنگِ مرمر)

(۱) یہ خواب میں عزت وقدر کی بلندی، مال، بیویاں، غلام اور باندیوں پر دلالت کرتا ہے (۲) اگر کسی نے اپنے پاس خواب میں یہ دیکھا تو وہ فقر کے بعد مالدار ہوگا، اور شادی کریگا یا علامت ہے کہ قید ہوگا یا غلام اور تجارتی مال خریدے گا۔ یا علم، نظم ونثر اور نیک اولاد حاصل کریگا اگر بیداری میں وہ اس کا اہل ہوا، یا اپنی حیثیت کے مطابق کوئی عمدہ عہدہ حاصل کریگا (۳) باقی جو چیزیں سنگِ مرمر سے پائی جاتی ہیں جیسے چھوٹے موتی، حوض، وضوء کی جگہیں، اور ایسے جانور کی شکل کہ جن کے منہ سے پانی نکل رہا ہو، ہال، ستون اور چوکھٹ تو ان سب کے سب کا جو مالک ہو، یا اسکا ہو جائے یا وہ اس میں کوئی تصرف کرے تو یہ غموں اور پریشانیوں کے زوال، خوشیوں اور مسرتوں، اور اچھی اولاد، خوبصورت عورتوں، اونچے گھروں اور اچھے رزق کی نشانیاں ہیں (۴) باقی سنگِ مرمر کی قبریں اور منقش ستون یہ اچھی آخرت، اچھی شہرت، ہمیشہ کے خوشگوار واقعات پر دلیل ہیں (۵) اور بعض بعض میں جڑے ہوئے سنگِ مرمر خوبصورت لکھائی، مہنگے مہروں سے شادیوں پر دلالت کرتے ہیں الّا یہ کہ سنگِ مرمر زیادہ ہو جائیں یا اُن میں کوئی ایسی بات ہو جو اس کے لائق نہ ہو تو یہ مال ومنال اور بیوی میں شبہات پر دلالت کرتا ہے۔ (۶) باقی سنگِ مرمر کے باوَن فائدے، زندگی کے اسباب اور اچھی شہرت پر دلالت کرتے ہیں (۷) اور سنگِ مرمر کا ٹکا خوبصورت عورتوں اور اچھے منصوبوں پر دلالت کرتا ہے (۸) کبھی سنگِ مرمر کا انسان پر گزرنے والی کیفیت کو بھی ظاہر کرتا ہے خواہ وہ خیر ہو یا شر یا اس کے نام کے عکس ہے جو نکلا اس کا بار بار لوٹنا۔

## ریحان (خوشبودار پودا)

(۱) خواب میں خوشبودار نبات اپنی خوشبوؤں کے مختلف ہونے اور مختلف مقاصد جیسے سونگھنے وغیرہ کے اختلاف سے مختلف تعبیریں رکھتا ہے چنانچہ ان کا سونگھنا یا دیکھنا خواب میں غموں اور پریشانیوں کے دور ہونے یا عمل صالح، سچے وعدہ کی نشانی ہے۔ (۲) اگر زندہ نے مردہ کو دیا یا اس کے پاس دیکھا تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ جنت میں ہے (۳) کنوارے کے لئے یہ بیوی کی علامت ہے اور شادی شدہ کے لئے لڑکا یا اچھا علم اور اچھی شہرت ہے (۴) کبھی خواب میں اسکا انسان کے لئے دیکھنا پریشانیوں اور برائیوں پر بھی دلالت کرتا ہے (۵) کبھی بیماری پر بھی یہ خوشودار نبات دلالت کرتے ہیں کیونکہ مریض کے پاس لیجائے جاتے ہیں۔ (۶) خواب میں پانی اور سبزہ کا جمع ہونا پریشانیوں اور غموں کی نشانی ہے (۷) اور بیمار کے لئے خواب میں پودینہ دیکھنے میں کوئی بھلائی نہیں بلکہ اس کے مرنے کی نشانی ہے کیونکہ اسی سے حمام اور رحم ہے۔ (۸) ایسے ہی تمام خوشبودار پودے موت کے قریب ہونے پر بھی دلالت کرتے ہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور کبھی وباء پر بھی دلالت کرتے ہیں (۹) اور زعفرانی پودہ انسان کی ضروریات پر دلالت کرتا ہے جیسے کوئی لکھی ہوئی چیز' اور کبھی یہ خواب جوانوں کے بال نکلنے پر بھی دلالت کرتا ہے (۱۰) نیاز بو بھی اگر چہ ایک پودا ہی ہے لیکن اچھی شہرت اور خوبصورت بات پر دلالت کرتا ہے اسکا عرق لڑکے پر دلالت کرتا ہے (۱۱) اگر کسی نے اپنے سر پر خوشبودار پودوں کا تاج دیکھا تو اگر وہ حکمران ہو تو دلیل ہے معزول ہوگا۔ (۱۲) خوشبودار پودے بیچنے والا ہونا غموں اور پریشانیوں والا ہونا ہے کیونکہ خوشبوؤں کو کوئی قرار نہیں (۱۳) سب خوشبودار پودوں کو اگر ٹوٹا ہوا دیکھا تو یہ غم و پریشانی پر دلالت کرتا ہے (۱۴) اگر اپنی جگہ پر ہوئے تو یہ آرام' بیوی' لڑکا اور خاوند پر دلالت کرتا ہے (۱۵)۔ اگر کسی نے دیکھا کہ زمین کے کسی حصہ سے خوشبو کا پودا آسمان کی طرف اُٹھ رہا ہے تو یہ اس جگہ کے کسی عالم کی موت کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۶) بچہ پر خوشبودار پودا اس وقت دلالت کرتا ہے جبکہ وہ باغ میں اُگا ہوا ہو اور عورت پر دلالت کرتا ہے جبکہ گٹھہ میں بندھا ہوا ہو۔ (۱۷) مصیبت پر دلالت کرتا ہے جبکہ کٹا ہوا اور اپنی جگہ سے مٹا ہوا پڑا ہوا اور اس کی خوشبو نہ ہو (۱۸)' بعض نے کہا کہ خوشبودار پودا نعمت ہے اور یہ عورت پر دلالت کرتا ہے۔ اسکا حُسن عورت کا حسن ہے اسکی خوشبو اسکے ساتھ اسکی محبت ہے۔ اسکا ملائم ہونا اور تر و تازہ ہونا اس کا اس پر خرچ کرنا ہے (۱۹) اگر کسی آدمی کے گھر میں خوشبودار پودے بکھرے ہوئے دیکھے گئے تو یہ اسکا اچھا تذکرہ ہے اور تعریف کرنا ہے (۲۰) اگر اس کے پاس ریحان بھیجا گیا [illegible] خوشبو نہ ہو تو یہ مصیبت کی دلیل ہے۔ (۲۱) اگر ایک انسان نے دوسرے کو خوشبودار پودا مارا تو اُن میں تیسرے آدمی پکڑ لیا تو پکڑنے والے کی طرف سے ان دونوں کو غم پہنچے گا۔ (۲۲) اگر کسی نے کسی اور کو مسجد میں بیٹھے ہوئے دیکھا جبکہ اس کے اردگرد خوشبودار پودے ہوں تو یہ اس کی غیبت کی علامت ہے اور انکا اسکے متعلق تذکرہ ہے۔

## رطب (پختہ کھجور)

(۱) خواب میں اسے دیکھنا آباد علاقہ پر حکمرانی کرنا ہے جبکہ یہ اپنے موسم میں ہو (۲) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ وہ غیر موسم میں پختہ کھجور کھا رہا ہے تو دلیل ہے کہ یہ بیماری ہے۔ (۳) اور پختہ کھجور تاجر کے لئے تجارت ہے' اور اس کا کھانا ایسا رزق ہے جس سے اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہونگیں' اور یہ لڑکے کی خوشخبری' دشمنوں پر کامیابی' بیماری سے شفایابی کی بھی دلیل ہے' پختہ کھجور حلال رزق شفاء اور خوشی ہے۔ (۴) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ بے موسمی کھجوریں کھا رہا ہے تو اس کو شفاء' برکت اور غم سے نجات ہوگی مریمؑ کے قصہ کی وجہ سے کیونکہ وہ بھی بے موسمی کھجوریں تھیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ریباس (چقندر کے مشابہ ایک سبزی جس کا مزہ ترشی مائل میٹھا ہوتا ہے)

خواب میں یہ کسی قریبی یا دوست کی طرف سے فائدہ پہنچنے کی علامت ہے جبکہ یہ میٹھا ہو' اگر کھٹا ہوا تو یہ ندامت ہے۔

## ربیع (موسم بہار)

خواب میں اس کو دیکھنا دراھم پر دلالت کرتا ہے' بعض نے کہا کہ اس سے مراد وہ لڑکا ہے جس کی عمر لمبی نہ ہوگی یا عورت جس کا نکاح زیادہ دیر تک قائم نہ رہ سکے گا۔ یا حکمرانی جو زیادہ نہ رہے گی یا ایسی خوشی جو جلد ہی زائل ہو جائے گی۔

## رمان (انار)

(۱) اگر یہ میٹھا ہو تو خواب میں اس کی تعبیر جمع شدہ مال سے ہوتی ہے (۲) اور کبھی یہ عورت پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۳) اور کبھی آباد علاقہ پر بھی' انار مال اور لڑکے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ ایسے ہی اس کی تعبیر ہزار' سو' دس درھموں سے بھی کی جاتی ہے (۵) بعض نے کہا کہ دیکھنے والے کی حالت کے مطابق' بادشاہ کے لئے انار دیکھنا شہر سے تعبیر کیا جاتا ہے اگر وہ اس کو توڑ دے تو دلیل ہے کہ شہر فتح کریگا اس کا چھلکا شہر کی دیواروں پر دلالت کرتا ہے۔ اس کے دانے شہر کے باشندے ہیں اور اس میں موجود جھلیاں اس کا مال ہے (۶) اگر کسی نے خواب میں انار کا چھلکا کھایا تو دلیل ہے کہ بیماری سے ٹھیک ہو جائیگا' انار کی تعبیر بند صندوق سے بھی کی جاتی ہے کبھی یہ شہد کی مکھیوں کے چھتہ اور شمع کی ٹکیہ پر بھی دلالت کرتا ہے (۷) اگر انار کے دانے سفید ہوں تو یہ دراہم پر (۸) اور اگر سرخ ہوں تو دنانیر پر دلالت کرتے ہیں (۹) بعض نے کہا کہ انار گھبراہٹ اور سفر پر بھی دلالت کرتا ہے اگر اس کی تعبیر عورت سے کی جارہی ہو تو وہ خوبصورت ہوگی۔ اگر وہ صحیح ہو تو باکرہ ہوگی اور اگر ٹوٹا ہوا ہو تو اشارہ ہے ثیبہ ہوگی۔ (۱۰) متعین انار سے مراد عورت ہوتی ہے' کھٹا انار حرام مال ہوتا ہے بعض نے کہا کہ اس سے مراد غم و پریشانی ہے (۱۱) اگر کسی نے انار بیچا تو اس نے دنیا کو آخرت کے مقابلہ میں خرید لیا ہوگا۔ (۱۲) انار کو نچوڑنا اور اس کا رس پینا آدمی کا اپنے اوپر خرچ کرنا ہے (۱۳) اور وہ مبہم انار جس کے متعلق معلوم نہ ہو کہ میٹھا ہے یا کھٹا تو وہ میٹھے ہی کی طرح شمار ہوگا۔ انار کے درخت پر دلالت کرتا ہے' عیالدار شان و شوکت والے آدمی جیسے سے ہے۔ (۱۴) بادشاہ ہو تو انار سے مراد دوسرے بادشاہوں پر غالب ہوگا۔ (۱۵) اگر تاجر ہو تو وہ گناہوں اور برائیوں سے بچتا ہوگا اس کی تجارت بڑھے گی۔ (۱۶) انار کے درخت کا کاٹنا قطع رحم پر دلالت کرتا ہے کبھی انار کا درخت گھبراہٹ پر بھی دلالت کرتا ہے (۱۷) بعض نے کہا کہ میٹھا انار وہ حلال رزق ہے جو محنت سے حاصل ہو اور کھٹا غم و پریشان اور برائی کی علامت ہے (۱۸) اور کھٹا میٹھا رزق ہے جس میں شبہ ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## رقاق الخبز (پتلی روٹی)

(۱) خواب میں یہ کشادہ رزق کی علامت ہے (۲) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے پتلی روٹی کھائی ہے تو اس کے رزق میں برکت ہوگی (۳) اگر روٹیاں کھائیں تو اس کی زندگی متوسط ہوگی (۴) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں دو روٹیاں ہیں کبھی وہ اس سے کھاتا ہے کبھی اُس سے تو یہ دلیل ہے کہ صاحب خواب ایسا آدمی ہے جو دو بہنوں کو ایک نکاح میں رکھے ہوئے ہوگا' روٹی کی باقی تفصیل حرف الخاء کے عنوان الخبز میں گزر چکی ہے۔

## رغیف (روٹی' چپاتی)

اسکا تذکرہ بھی الخبز میں ہو چکا ہے۔

## روم

خواب میں اس سے مراد اپنے ارادہ کا پورا ہونا ہے' اور کبھی اس کے دیکھنے سے مراد فتح اور شکست بھی ہوتی ہے جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ﴿الٓمّٓ غُلِبَتِ الرُّوۡمُ فِیۡۤ اَدۡنَی الۡاَرۡضِ وَ هُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ غَلَبِهِمۡ سَیَغۡلِبُوۡنَ فِیۡ بِضۡعِ سِنِیۡنَ لِلّٰهِ الۡاَمۡرُ مِنۡ قَبۡلُ وَ مِنۡۢ بَعۡدُ﴾ (روم والے شکست کھا گئے' چند سالوں میں مغلوبیت کے بعد وہ دوبارہ غالب آجائیں گے' اللہ ہی کے لئے پہلے اور بعد کا حکم ہے)

## رقص (ناچنا)

(۱) خواب میں یہ مصیبت پر دلالت کرتا ہے (۲) اگر کسی اور کے لئے ناچا تو دلیل ہے کہ اس کی مصیبت میں شریک ہوگا (۳) اگر کوئی اپنے گھر میں تنہا ناچا تو دلیل ہے وہ خوش ہوگا اور سیراب ہوگا کیونکہ ناچنا خوشی اور خوشحالی پر ہوتا ہے (۴) بیمار اگر ناچے تو دلیل ہے کہ اس کی پریشانی بڑھے گی (۵) اگر کسی کو ناچنے کے لئے کھینچا گیا تو یہ تکلیف اور تہمت سے نجات کی دلیل ہے (۶) بچہ کے لئے ناچنا اچھا نہیں ہے اور اس سے اس کے گونگا ہونے کا خطرہ ہے۔ کیونکہ گونگا ہاتھوں سے اشارہ کرتا ہے اور بچہ بھی ناچتے ہوئے ہاتھوں سے اشارہ کرتا ہے (۷) اگر قیدی نے دیکھا کہ وہ ناچ رہا ہے تو یہ علامت ہے وہ قید سے آزاد ہوگا (۸) اونچی جگہ پر ناچنا خون کی علامت ہے (۹) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ اپنے گھر میں ناچ رہا ہے اور اس کے اردگرد گھر کے لوگ بیٹھے ہیں اُن میں کوئی اجنبی نہیں تو یہ سب لوگوں کے لئے اچھا خواب ہے (۱۰) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کی بیوی' بیٹی یا بعض قریبی رشتہ دار عورت ناچ رہی ہے تو یہ اچھی علامت ہے اور یہ خوشی اور بڑی عزت پر دلالت کرتا ہے (۱۱) بیمار کا ناچنا اسکی لمبی بیماری پر دلالت کرتا ہے خواہ مرد ہو یا عورت۔ (۱۲) اور عورت کا ناچنا کسی بڑے حادثہ اور بُرے کام پر دلالت کرتا ہے جو اس کو پیش آئیگا خواہ وہ مالدار ہو یا فقیرہ ہو سمندر میں سفر کرنیوالے کا کشتی میں سفر کرنا کسی تکلیف پر دلالت کرتا ہے جس میں وہ مبتلا ہوگا (۱۳) فقیر کا ناچنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ایسی مالداری ہے جو ہمیشہ نہ ہوگی (۱۴) غلام کا ناچنا اس بات کی علامت ہے کہ اس کو مارا پیٹا جاتا ہے۔

## رقاص (ناچنے والا)

اگر اپنے لئے ناچ رہا ہو تو خواب میں یہ مصیبت والا ہوتا ہے اور ناچنا ایسے کام کا ہونا ہے جس میں اس کا ساتھی مبتلا ہو۔ اگر کسی اور کے لئے ناچا تو جس کے لئے ناچا اس کی مصیبت میں ناچنے والا شریک ہوگا (۱۵) اور رقص کرنیوالی عورت ذلیل دنیا پر دلالت کرتی ہے اور تھکاوٹ کے بعد آرام پر (۱۶) خواب میں بندری کو نچانے والا اھل شرک اور ان کی اولاد کا معلم ہوتا ہے۔

## رماح (بلّم' نیزہ)

(۱) اس کا خواب میں دیکھنا لڑائی' جھگڑے اور قلمی چپقلشوں پر دلالت کرتا ہے' نیز اس کا دیکھنا تہمت اور حرام کمائی پر بھی دلالت کرتا ہے (۲) اگر دیکھنے والے کا کسی اور کے درمیان جھگڑا ہوا تو یہ اپنے دشمنوں پر غالب آئیگا' اور نیزہ ساز بادشاہ کے لئے ولایت میں توسیع پر دلالت کرتا ہے اور ان لوگوں پر بھی دلالت کرتا ہے جو ان کے ماتحت کچھ لوگ ہیں ہے لوگوں کا آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ مدد کرنے' ابھارنے پر بھی پر دلالت کرتا ہے ایسے ہی یہ اصلاح کرنیوالے استاذ' منافقوں کی مرمت کرنیوالے اور لیٹروں کو سیدھا کرنے والے' مرد و عورتوں کو جمع کرنے والے پر بھی دلالت کرتا ہے ایسے ہی کاتب' شاعر پر بھی دلالت کرتا ہے اور ایسے آدمی پر جو کہ اپنے بھائیوں کا مددگار اپنے ساتھیوں کی بھلائی چاہنے والا ہو اس پر بھی دلالت کرتا ہے کیونکہ نیزوں اور بلموں کے ذریعہ ہی مہمات سر کی جاتی ہیں اور غنیمتیں اور فتوحات حاصل کی جاتی ہیں۔

## رآس (سری فروش)

(۱) اس کا دیکھنا لوگوں کی جمع پونجی میں تصرف کرنے والے پر دلالت کرتا ہے جیسے ریزگاری دینے والا (۲) کبھی اسکا دیکھنا موت اور سختیوں پر دلالت کرتا ہے (۳) اور اگر بہت سے مجہول سر ہوں اور وہ اپنے بالوں سینگوں اور خون کے ساتھ ہوں تو یہ علماء کے فناء ہونے اور رئیسوں کی قید پر دلالت کرتا ہے (۴) خصوصاً جبکہ اس پر کوئی حاکم ہو یا بیچنے والا معلوم نہ ہو' اور رآس مختلف دور دراز کے لوگوں کے سر بیچنے والے کو کہتے ہیں (۵) اگر کسی نے سری والے سے کوئی سر خریدا تو وہ بادشاہ سے کوئی فائدہ مند استاذ مانگ رہا ہے' یا کوئی خادم وغیرہ' اور سری والے کی دلالت لوگوں پر زبردستی کرنے والے پر بھی ہوتی ہے خواہ حکمرانی کے ذریعہ زبردستی کرے یا کسی صنعت اور تدبیر کے ذریعہ اس سے مراد بادشاہ بھی ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## رفاء (جوڑنا' اتفاق واتحاد)

(۱) اس کا خواب میں دیکھنا اصلاح' اچھائی' بیماری سے خلاصی پر دلالت کرتا ہے کبھی یہ سننے والے اور کپڑوں پر گوٹہ وغیرہ لگانے والے پر بھی دلالت کرتا ہے (۲) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کی عورت کا کوئی حصہ کپڑے سے نکل آیا تو اس نے کپڑے سے جوڑ کر ڈھانپ دیا تو دلیل ہے وہ اس پر بُری تہمت لگا کر پھر کسی عذر کے معذرت کرتا ہوگا (۳) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ اپنے کپڑوں کو رفو کر رہا ہے تو وہ اپنے رشتہ سے لڑتا ہوگا اور بُرے آدمی کے ساتھ اٹھتا بیٹھتا ہوگا' اور رفاء سے مراد جھگڑا نمٹانے والا آدمی بھی ہوتا ہے' بعض نے کہا کہ رفو کرنے سے مقصد گناہ سے لوٹنا ہے۔ بعض نے کہا کہ بُرائی سے عذر کرنا ہے اور بُرے آدمی سے نجات نہ پانا ہے۔

## رقام (رقم شمار کرنے والا)

(۱) خواب میں اس کا دیکھنا تیلی اور تصویر کھینچنے والے پر دلالت کرتا ہے یا تصویریں چھاپنے والے پر (۲) جو خواب میں رقام بن گیا تو دلیل ہے وہ کاتب ہوگا یا جوئے میں کامیاب ہوگا (۳) رقم شمار کرنیوالی عورت اپنے منہ' تالو ٹھوڑی کے ساتھ کھیلنے والی عورت پر دلالت ہے۔

## رسام (نقشہ ساز)

(۱) اس کا خواب میں دیکھنا بات قبول کرنے پر دلالت کرتا ہے یا عقلمند آدمی پر' یا اعلیٰ نسب' صاحب جائیداد' ہر علم میں شرکت کرنیوالے پر دلالت کرتا ہے اور یہ امر و نہی کرنیوالے اور کاریگر پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## رافی (سرسبز وشاداب)

اسکا خواب میں کشادگی اور وسعت رزق پر دلالت کرتا ہے۔

## ربان (سمندری جہاز کا کپتان)

خواب میں اس کا دیکھنا دور کے سفر' مال' منافع والی تجارت' حبشیوں کے ساتھ رہن سہن اور ان کے بادشاہ پر دلالت کرتا ہے۔

## رحال (سیاح)

اس کا خواب میں دیکھنا نکاح متعہ پر دلالت کرتا ہے اور گھٹیا عورتوں کی طرف میلان پر بھی دلالت کرتا ہے کبھی یہ خواب زنا سے پیدا شدہ اولاد پر اور کبھی سرداری پر دلالت کرتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رداد (واپسی)

خواب میں اس کو دیکھنا ڈاکو' کام خراب کرنے' مسافر کا سفر سے رُکنا' منہیات سے رکنے وغیرہ پر دلالت کرتا ہے۔

رشاش (چھڑکنے والا)

اس کا خواب میں دیکھنا بارشوں پر دلالت کرتا ہے اور ماشکی پر بھی' کبھی اسکو دیکھنا اصلاحِ احوال اور تندرستی کے چلے جانے پر دلالت کرتا ہے۔

رکاب (سواری کرنا)

اس کا خواب میں دیکھنا بہت سے سفر کرنے اور اپنے مقصد کو کوشش اور تھکاوٹ سے پانے پر دلالت کرتا ہے۔

رباب دار الملک (بادشاہ کے اونٹ کی سواری)

اس کا خواب میں دیکھنا سفروں' سمندری اور خشکی سرگرمیوں اور بیماریوں سے شفاء پر دلالت کرتا ہے۔

رمّال (ریت فروش)

(۱) اس کا خواب میں دیکھنا حیلہ کرنے اور چوری کرنے پر دلالت کرتا ہے ایسے ہی غلام' باندیاں حاصل کرنے اور سفر ودیگر ذرائع سے فوائد ومنافع حاصل کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

رزاز (چاولوں کا سوداگر)

اس کا خواب میں دیکھنا کسی ذمہ دار پر دلالت کرتا ہے جو کہ حق کو باطل سے علیحدہ کرتا ہو لیکن مشقت اور اپنی شخصیت کی بنیاد پر۔

ریحانی (ریحان خوشبو فروش)

اسکی دلالت مصیبت کے وقت اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر راضی ہونے والے قضاء وقدر پر صبر کرنے والے پر دلالت کرتا ہے۔

رطّاب (کھجور فروش)

اس سے مراد پختہ کھجوریں ہیں کہ آدمی کو کچھ مال ملیگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## رصاصی (سیسہ گر)

خواب میں اس سے مراد کمزور اور فسادی آدمی ہے۔

## رائض الدّواب (جانوروں کو سدھانے والا)

خواب میں اس سے مراد والی ہوتا ہے۔

## راقی (تعویذ گنڈا کرنے والا، عامل)

(۱) خواب میں اس سے مراد وہ آدمی ہوتا ہے جو لوگوں میں صلح کراتا ہو ان کے غموں و پریشانیوں کو دور کرتا ہو چنانچہ اگر اپنے تعویذ میں اللہ کا ذکر کیا ہو تو ان کے دلوں کے غصہ کو ٹھنڈا کرنے والا ہوگا (۲) اگر نام نہ لیا ہو تو وہ غلط کام والا ہوگا سانپوں کا عامل اس سے مراد وہ آدمی ہے جو غدار ہو اور بری صحبت میں بیٹھتا ہو۔

## رقوقی (غلام فروش)

خواب میں اسے دیکھنا علم وحدیث پر دلالت کرتا ہے۔

## رق (غلامی)

خواب میں اس سے مراد یہ ہے کہ دیکھنے والا قسم اٹھائیگا

## رداء (چادر)

(۱) خواب میں آدمی کی عزت اور مرتبہ پر دلالت کرتا ہے جبکہ وہ نئی، شوخ اور سفید ہو اگر باریک ہو تو یہ دیکھنے والے کے دین میں کمی کی علامت ہے کیونکہ چادر کی تعبیر آدمی کا دین اور خواہشات ہیں (۲) اگر سردیوں میں پہنے ہوئے ہو وہ خوبصورت بننے والا تکبر کی علامت ہے جبکہ وہ فقیر ہو (۳) بعض نے کہا کہ اس سے مراد گھٹیا عورت ہے (۴) اگر کوئی مرد دیکھے تو اس کو کم نفع والا کوئی کام پیش آئیگا (۵) اگر دیکھا کہ اسکی چادر گم ہوگئی ہے یا پرانی چادر گم ہوگئی ہے تو اشارہ ہے وہ فقر سے امن میں ہوگا اور لوگوں پر فخر کریگا (۶) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ نئی یمانی چادریں پہنے ہوئے ہے یا دیکھا اس کے اطراف پھٹے ہوئے ہیں تو وہ کچھ حصہ قرآن مجید کا یاد کر کے بھلا دیتا ہوگا (۷) اگر عورت نے چادر دیکھی تو اس کا مرد اس کے ساتھ اچھا سلوک نہ کرتا ہوگا اور چادر مرد کی امانت ہے کیونکہ وہ گردن کے رخ کی جگہ ہے اور گردن امانت کی جگہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ران (موزہ نما جوتا)

(۱) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے یہ پہنا ہے تو اگر وہ والی ہو تو اس کو کسی اور شہر پر بھی ولایت حاصل ہوگی (۲) اگر والی کے علاوہ کوئی اور پہنے تو وہ کسی مالدار عورت سے شادی کریگا جس کا کوئی دوست یا قریبی نہ ہوگا۔

## رزہ (پیٹھ کا درد)

(۱) خواب میں اس سے مراد کچھ مال ہے جیسے سو ہزار اور کبھی یہ بڑی مصیبت پر بھی دلالت کرتا ہے (۲) اور خواب میں اس کی جگہ سے ٹھیس اٹھنا بڑی مصیبت کی نشانی ہے (۳) اس کا بنا ہونا یا درد کا ختم ہونا حفاظت اور مال وعلم کا بچاؤ ہے (۴) کبھی پیٹھ کے درد میں مبتلا کی تعبیر ازار بند کے مقابلہ میں شلوار پہننے پر بھی کی جاتی ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب الزا

## زبورِداؤد (داؤدؑ کی زبور)

خواب میں اس کی رؤیت نوحہ، رونا، توبہ خشیت، عبادت دلوں کو نرم کرنا گانے بجانے میں حصہ دار ہونے عجیب و غریب خبریں قرأت اور خطابت سے مال کمانے پر دلالت کرتی ہے۔

## زکریا علیہ السلام

جس نے ان کو دیکھا تو اللہ تعالیٰ اس کو بڑھاپے میں متقی نیک اور سعادت مند لڑکا عطا کریگا اور دیکھنے والے کی بیوی کو اللہ تعالیٰ ٹھیک کریگا۔

## زکاۃ (زکوۃ دینا)

(۱) یہ خواب میں مال کی زیادتی اور دوگنے ہونے کی علامت ہے (۲) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ اپنے مال کی زکوٰۃ دے رہا ہے تو یہ اس کے بڑھنے اور زیادہ ہونے کی علامت ہے (۳) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ اپنا مال ان لوگوں پر خرچ کررہا ہے جن پر اللہ نے فرض کیا ہے تو اگر مالدار ہو تو وہ مال ونعمت پائیگا اور نماز کو انکے اوقات میں پڑھتا ہوگا (۴) اور مالدار کا اپنے مال کی زکواۃ دینا خیر اور دشمن سے بچاؤ کی دلیل ہے کبھی یہ زکوۃ رات کے تہجد پر بھی دلالت کرتا ہے اور نفلی روزوں کی کثرت پر بھی زکوۃ کا نکالنا کبھی چٹی پر دلالت کرتا ہے کبھی کسی عزیز کے مرنے پر یا کسی عضو کے ضائع ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے یہ زکوۃ گزشتہ مفید چیز پر بھی دلالت کرتی ہے (۵) زکوۃ کا نکالنا قرضہ پورا ہونے اور مال کے بڑھنے پر دلالت کرتا ہے (۶) زکوۃ کثرت فوائد، آسانیاں، بلندی، مرتبہ، مصیبتوں کو دور کرنے پر بھی دلالت کرتی ہے (۷) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ زکوۃ تقسیم کررہا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے معاملات آسان کریگا اور اس کو توبہ کی توفیق ہوگی (۸) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے صدقۃ الفطر ادا کیا تو وہ نماز وتسبیح زیادہ کرتا ہوگا اور اگر اس پر قرض ہوا تو ادا کریگا نیز اس سال اس کو کوئی بیماری یا تکلیف نہ ہوگی (۹) خواب میں صدقۃ الفطر ایک اچھی علامت ہے اگر اس جنس میں سے ہو جس میں سے زکوۃ ادا کی جاتی ہے (۱۰) کسی دھات یا لقطہ کا خرچ کرنا لڑکے یا بیوی ہونے کی بشارت ہے اگر صاحب خواب فقیر ہو تو یہ اس کے نیک اعمال کے اور توبہ کے قبول ہونے کی علامت ہے اور اگر صاحب خواب فاسق ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو حلال مال عطا کریگا اگر کافر ہوا تو مسلمان ہوگا اور اہل زکوۃ میں سے بن جائیگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## زیارۃ النبی فی المنام (خواب میں حضور کی زیارت)

(۱) آپ کی زیارت اعمال صالحہ کے ذریعے اللہ تعالیٰ کے مقرب ہونے کی نشانی ہے خوف سے امن' اکابر سے قریب ہونے بلند مرتبہ علماء، سیدوں اور اہل بیت کے موالیوں کے ساتھ محبت کرنیکی نشانی ہے کبھی یہ ہدایت اور علم ورشد پر بھی دلالت کرتا ہے بیت المقدس کی زیارت کرنا برکت علوم کی اطلاع' پوشیدہ رازوں پر دسترس حاصل کرنے کی علامت ہے (۲) ابراہیم علیہ السلام کی زیارت والدین کی اطاعت وفرمانبرداری انکے ساتھ قول وفعل کے ذریعے اچھا سلوک کرنے طالب علم کے لیے کوشش کرنے پر دلالت کرتی ہے کبھی یہ نیک اور اچھے لوگوں کے ساتھ محبت اور ان سے جو دینی یا دنیاوی توقعات رکھتا ہوان کے پورا ہونے کی بھی علامت ہے۔

## زمزم (زمزم کا پانی یا کنواں)

(۱) اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ اس نے زمزم کا پانی پیا تو یہ بیماریوں سے شفاء کی دلیل ہے خاص طور پر اگر کسی معین چیز کے لیے پیئے مثلاً مال یا علم حاصل کرنے کے لیے تو وہ اس کو پالیگا جس نے زمزم کا پانی پیا تو وہ کسی اچھے ذریعہ سے بھلائی پائیگا اور جو کچھ وہ چاہتا ہے اپنی مراد کو پالیگا حرف الباء کے عنوان البئر میں زمزم کے متعلق کچھ تذکرہ ہو چکا ہے خواب میں گونج اور گرج بدعت میں داخل ہونا ہے اور اگر کوئی گرجے تو وہ بدعت میں داخل ہوگا۔

## زحف (میدان جنگ میں پیش قدمی)

(۱) خواب میں یہ علمی علم اور مال حاصل کرنے میں اخلاص پر دلالت کرتا ہے کبھی یہ حج کی تیاری یا حج کے آنے پر بھی دلالت کرتی ہے (۲) اگر خود اکیلے پیشقدمی کی تو وہ اپنے مال اور جان کے ذریعے ایسے کام میں کوشش کریگا جو اسکی طاقت سے باہر ہوگا۔

## زھد (دنیا سے بے رغبتی)

(۱) خواب میں یہ لوگوں کے ہاں محبوب ہونا ہے کیونکہ حدیث میں ہے (ازھد فیما ایدالناس یحبک الناس) کہ جو کچھ لوگوں کے پاس ہے اس سے بے رغبتی اختیار کر لوگ تجھے دوست رکھیں گے۔

## زنار النصاری (نصاری کی زنار)

یہ خواب میں لڑکے سے تعبیر ہے (۱) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کی زنار ٹوٹ گئی ہے تو اس کا لڑکا مر یگا نصرانیوں کے لیے یہ قربانی عبادت تعلیم واطاعت کی نشانی ہے (۲) اگر پہننے والا مسلمان ہو تو یہ شہرت اچھے لوگوں کے ساتھ مربوط ہونے اور دین کی مدد اور اس کے خلاف ڈٹنے سے تعبیر ہے کبھی زنار زنا اور آگ پر دلالت کرتا ہے اور کبھی یہ درمیانی عمر پر بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دلالت کرتا ہے زنار میں جو بھی اچھی یا بری تبدیلی دیکھی جائے تو جس پر دلالت کرتا ہے اس کی طرف اسی طرح منسوب کی جائے گی چنانچہ (۳) اگر زنار نئے کپڑوں پر پہنی ہوئی ہو تو یہ لڑکا ہونے کی علامت ہے (۴) اور اگر کپڑے کے نیچے ہو تو یہ دین و دنیا کے فساد پر دلالت کرتا ہے۔

## زحل (ایک سیارہ)

(۱) اگر خواب میں اس کو دیکھا تو پر طاقت، وکالت سلطنت۔ ولایتوں اور عمارتوں کی طرف دیکھنے پر دلالت کرتا ہے جبکہ یہ چاند سے ملا ہوا ہو اور کبھی جنگلی گائے ہرنیں اور پرندوں میں سے مور، طوطا، تیتر ہر خوبصورت جانور ہر خوبصورت اور معتدل جنس منظر پر دلالت کرتا ہے (۲) تاجر کے لیے کپڑے اور ریشم پر اور ہر قسم کے اچھے کپڑے پر دلالت ہے یہ انجینئروں مؤذنوں اور بادشاہ کے پاس ہر قسم کا اچھا کام کرنے والے پر بھی دلالت کرتا ہے اور کبھی یہ بادشاہ کے جلاد پر بھی دلالت کرتا ہے (۳) ایسے ہی کبھی فقر نقصانات اور تکلیفوں پر دلالت کرتا ہے۔

## زھرۃ (پھول، کلی)

(۱) خواب میں اس کی تعبیر خوبصورت عورت ہے (۲) اگر کسی نے خواب میں اس کو دیکھا تو یہ فتنہ پرداز عورت سے نکاح کریگا اس کے اور اس کے درمیان کوئی تعلق نہ ہوگا (۳) خواب میں کلی دیکھنا تہمت، کھیل، کودہنسے، تصویر، رنگینی اچھی تصویروں اور خوبصورت لباس پر بھی دلالت کرتی ہے لہٰذا اگر کسی کو خواب میں ملے یا اسکو دی جائے تو ہوسکتا ہے کہ اس پر تہمت لگے یا گذشتہ چیزوں کی طرف اس کا نفس مائل ہو یا ان چیزوں کا لین دین کرنیوالے سے واسطہ پڑے یا ہوسکتا ہے کہ وہ کوئی ناچنے گانے والی لڑکی یا باندی خرید لے گا (۴) اگر کسی نے اسکو چاند سے ملی ہوئی یا نیچے گری ہوئی یا بیداری میں مرجائی ہوئی یا جلی ہوئی دیکھے تو خواب میں دیکھے وہ بچی اور بچوں سے کھیلتا ہوگا۔ یا یہ کہ وہ پاگلوں مجنونوں، احمقوں کو دیکھے گا اور ایسا کلام سنے گا جس میں خیر نہیں ہوگی (۵) اور کلی بادشاہ کی ملکہ پر بھی دلالت کرتی ہے بعض نے کہا کہ اس سے مراد اجنبی عورت ہے (۶) اگر کسی نے دیکھا کہ اور وہ کنوارا ہو تو غیر جنس عورت سے شادی کریگا۔

## زھر (پھول)

(۱) یہ خواب میں اچھائی اور لذت انگیزی پر دلالت کرتا ہے (۲) اگر کسی نے اپنے سر پر پھولوں کا تاج دیکھا تو وہ شادی کریگا اور دنیاوی لذتیں حاصل کریگا (۳) اگر کسی نے بے موسمی پھول دیکھے تو اس کو غم لاحق ہوگا (۴) اگر کسی نے پھولوں میں سے کچھ اٹھائے اور وہ دھوکہ باز ہو تو گرفتار ہوگا اگر بیمار ہے تو مرجائیگا (۵) مختلف رنگ کے پھول دنیا کی زیب و زینت اور اس کی تر و تازگی پر دلالت کرتے ہیں (۶) حاملہ عورت کے لیے پھول بشارت ہے اور غموں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


پریشانیوں کا دور ہونا ہے ایسے ہی یہ نور وہدایت کا بھی سبب ہے خواہ وہ نور ظاہری ہو یا باطنی جس سے انسان اپنے دین و دنیا کی راہنمائی حاصل کرے۔

## زیتون (زیتون)

(۱) خواب میں یہ مال ومتاع پر دلالت کرتا ہے (۲) زیتون کا درخت گھر والوں کا خیر خواہ مرد نیک و شریف عورت معزز لڑکے یا ولایت پر دلالت کرتا ہے (۳) زرد زیتون دین میں کسی پریشانی کی علامت بھی ہے (۴) اگر کسی نے درخت زیتون سے زیتون کو نچوڑا تو وہ خیر و برکت پائیگا (۵) اور غلاموں کے لیے زیتون ان کے مارنے پر دلالت کرتا ہے کیونکہ زیتون کو مارا جاتا ہے یہاں تک کہ وہ گر جائے بعض نے کہا کہ یہ دیکھنے والے کے لیے غم کی علامت ہے۔ (۶) اگر کسی نے زیتون کے درخت کو زیتون کے تیل سے سیراب کر دیا تو وہ کسی سے نکاح کرے گا (۷) اگر انگور کو سرکہ سے سیراب کیا یا اس کی مٹی پر پیشاب کیا اسکی کی بھی یہی تعبیر ہے (۸) زیتون کا درخت مال ومتاع ہے اور زیتون نیک عورت بھی ہے تو اگر کسی نے اس کو پایا یا اس کا مالک ہوا یا تیل کیساتھ کھایا تو یہ برکت وخیر کی دلیل ہے زیتون کے پتے دین اسلام کو مضبوطی سے پکڑنے پر بھی دلالت کرتے ہیں اور یہ صلحاء اور اچھے لوگوں پر بھی دلالت کرتا ہے اس کا پھل آسان رزق اور مکمل خوشی کے ساتھ اچھی نعمت پر دلالت کرتا ہے (۹) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ زیتون کو چن رہا ہے یا کشید کر رہا ہے تو یہ تھکاوٹ اور مشقت پر دلالت کرتا ہے (۱۰) بیماروں کے لیے زیتون انکی صحت یابی اور طاقت کی علامت ہے ایسے ہی اس کا پھل اور پتے اعمال میں ثابت قدم رہنے اور بیماروں کی تندرستی پر دلالت کرتے ہیں اور تمام کاموں میں سست روی پر بھی دال ہے ایسے ہی گنہگاروں کے لئے نور وہدایت، علم اور قرآن کی تلاوت ہے یا ہڈی ٹوٹے ہوئے کے لئے چیرہ، چھوٹے کے لئے حافظ اور فقیر کے لئے مال کی علامت ہے (۱۱) الا یہ کہ خواب میں انسان اس کو سبز اور کچا کھائے تو یہ غم و پریشانی اور کسی نئے دین کو اپنانے کی علامت ہے کبھی اس سے مراد وہ جہت ہے جس کو وہ اپنا رہا ہے۔

## زیت (تیل)

(۱) یہ خواب میں رزق اور حلال مال ہے اور جو اس سے لگائے اس کے لیے شفا کا باعث ہے (۲) اور اگر کسی نے دیکھا کہ وہ تیل پی رہا ہے تو یہ جادو اور بیماری پر دلالت کرتا ہے (۳) زیتون کا تیل علم، برکت، ہدایت، نور باطن اور رزق حلال ہے، اور جو زیتون کے علاوہ ہے جیسے شلجم اور بن کے پھل کا تو یہ وہ مال ہے جس کا غالب حصہ مشتبہ مال یا بادشاہ کا ودیعت کردہ ہوگا کبھی تیل آنکھوں اور دل کے نور پر بھی دلالت کرتا ہے، کبھی بچوں کی تحدید، جدائیاں اور ٹوٹنے پر دلالت کرتا ہے کبھی اس سے مراد تقرب اور وعدہ سے عہدہ برآ ہونا ہے (۴) اگر صحیح تیل خراب ہوگیا تو یہ وعدہ کے ٹوٹنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پر دلالت کرتا ہے (۵) اور اگر خراب تیل صحیح ہو گیا تو یہ اچھے معاملہ اور یقین پر دلالت کرتا ہے۔

## زبیب (کشمش، خشک انگور)

(۱) یہ خواب میں نافع رزق پر دلالت کرتا ہے خواہ کسی بھی جنس سے ہو اور کسی بھی کالے سُرخ یا سفید رنگ سے ہو۔

## زعرور (ایک سُرخ پھل والا درخت)

(۱) خواب میں اگر اس کو زرد دیکھا تو زردی کے مطابق بیماری پر دلالت کرتا ہے (۲) اور جتنا سبز ہو اتنی بیماری نہ ہو گی (۳) ایسے ہی ہر زرد پھل بیماری ہے سوائے انجیر، سیب اور بیر کے چنانچہ ان کی زردی نقصان دہ نہیں ہوتی کیونکہ انکا جوہر طاقتور رہتا ہے۔

## زرع (کھیتی)

(۱) جس نے خواب میں دیکھا کہ اس نے کھیتی بوئی تو یہ اس کی بیوی کے حاملہ ہونے کی علامت ہے (۲) اگر کسی نے دیکھا وہ کسی اور کی کھیتی میں ہل چلا رہا ہے تو یہ اس کے اور اس کھیت والے میں لڑائی ہو گی (۳) کھیتی کا جلنا بھوک اور قحط کی علامت ہے (۴) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ سرسبز و شاداب کھیتی میں کوشش کر رہا ہے تو وہ نیک اور بھلائی کے کاموں میں کوشش کرتا ہو گا قطع نظر اس کے کہ وہ کام قبول بھی ہوتے ہوں یا نہیں (۵) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے زمین میں کوئی چیز بوئی تو یہ شادی شدہ کے لئے اولاد اور کنوارے کے لئے نکاح کرنے کی خبر ہے اور اناج والے کیلئے آمدنی ہے۔ بادشاہ کے لئے مملکت میں کوشش ہے (۶) اگر کسی یہودی نے دیکھا کہ اس نے کسی کھیتی میں بیج بوئے ہیں تو وہ قتل اور سنگسار کیا جائیگا (۷) سبز کھیت لمبی عمر اور سوکھا کھیت موت کے قریب ہونے کی علامت ہے (۸) گندم کا بونا نیکی کا لین دینا یا دُوگنے اجر کا صدقہ کرنے کی علامت ہے (۹) گندم کی بالی شدت پر دلالت کرتی ہے کبھی اس سے مراد ثواب کا دوگنا ہونا بھی ہوتا ہے اور جو اچھائی کی علامت ہے کبھی کاشت پر دلالت کرتی ہے۔ (۱۰) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ ایسی زمین میں کھڑا ہے جو کہ کھیتی کے لئے صحیح کی جاتی ہے تو وہ ایسا عمل کریگا جس سے وہ کل بھلائی کی توقع رکھتا ہو گا (۱۱) اور اگر کسی نے غیر محل میں کچھ بویا تو وہ لواطت یا زنا کرتا ہو گا (۱۲)۔ اگر دیکھا کہ بے وقت کھیتی کاٹی جا رہی ہے تو یہ اس محلہ میں موت یا جنگ ہونے کی علامت ہے اور کھیتوں میں چلنا مجاہدین کی صفوں میں چلنے کی علامت ہے۔ (۱۳) اگر کسی نے اپنے لئے کوئی معروف کھیتی دیکھی تو یہ اس کا عمل ہے خواہ دینی ہو یا دنیاوی (۱۴) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ سبز کھیت میں کوشش کر رہا ہے تو وہ نیکی اور بھلائی کے کاموں میں کوشش کرتا ہو گا (۱۵) کھیت عورت پر بھی دلالت کرتا ہے کیونکہ اس میں بھی بویا جاتا ہے ہل چلایا جاتا ہے۔ وہ حاملہ ہوتی ہے وضعِ حمل کرتی ہے اور کھیتی کی تیار ہونے تک دودھ پلاتی ہے جس طرح کہ پودے ایک عرصہ بعد زمین سے مستغنی ہو جاتے ہیں تو اس صورت میں انکی بالی بچہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پامال ہوگا (۱۶) کبھی کھیت بازار پر اور اس کی ... بازار کی چیزوں منافع اور فوائد پر دلالت کرتے ہیں کیونکہ کھیتی کے بھی بہت سے فوائد' ضروریات' نفع اور نقصانات ہیں ایسے ہی کھیت میدانِ جنگ پر بھی دلالت کرتا ہے اس کے خوشے فوجیوں پر دلالت کرتی ہیں (۱۷) اور انکی کٹائی فوجیوں کی تلواریں ہیں' کبھی یہ کھیت دنیا پر بھی دلالت کرتا ہے اور اس کے خوشے لوگ ہونگے خواہ وہ بڑے ہوں یا چھوٹے' جوان ہو یا بوڑھے' کبھی کھیت ان تمام مقامات پر دلالت کرتے ہیں جہاں پر آخرت کی کھیتیاں بوئی جاتی ہے اور وہاں اجر وثواب کے اعمال ہوتے ہیں جیسے مسجدیں' اصطبل خانے' ذکر کے حلقے اور صدقات کی جگہیں ہیں۔

## زعفران (زعفران' کیسر)

(۱) اگر اس کا رنگ کپڑے اور جسم پر اثر نہ کرے تو خواب میں اسکا دیکھنا اچھے تذکرہ اور تعریف پر دلالت کرتا ہے (۲) اور اگر رنگ اثر کر جائے تو دیکھنے والے کے لئے بیماری کی علامت ہے (۳) زعفران کا کوٹنا بیماری کی علامت ہے جبکہ اس کے بہت سے داعیے ہوں (۴) بعض نے کہا کہ اگر یہ دیکھنے والے کے جسم کو چھوئے تو یہ اچھی علامت ہے۔ (۵) اگر دیکھا کہ وہ زعفران کو پیس رہا ہے تو وہ ایسا عمل کریگا جو کہ عجیب ہوگا اس کے بعد وہ بیمار ہو جائیگا۔

## زبد (مکھن)

(۱) خواب میں اس کو دیکھنا ماں کے پیٹ میں بچے پر دلالت کرتا ہے (۲) مکھن جمع شدہ' لذیذ' کثیر المنفعت مال پر دال ہے' اور ایسے ہی غنیمت سے حاصل شدہ مال پر بھی دلالت کرتا ہے (۳) بعض نے کہا کہ جس نے خواب میں مکھن کھایا اللہ تعالیٰ اس کو ارضِ مقدسہ کی زیارت کرائیگا (۴) مکھن سرسبز وشادابی رطوبت' کمائی' فائدہ' اپنی مطلوبہ چیز میں آسانی اور بیداری میں جس چیز کا علاج کرتا ہے اس میں آسانی پر دلالت کرتا ہے۔

## زبد الماء (پانی کی جھاگ)

(۱) خواب میں اس کو دیکھنا ایسی چیز پر دلالت کرتا ہے جس سے اس کو فائدہ حاصل نہ ہوگا' اور زبد ایسی چیز کو کہتے ہیں جس کا آدمی کو کوئی فائدہ نہ ہو۔ اگر کسی نے دیکھا کہ اس کو جھاگ ملی ہے تو وہ ایسی چیز پائیگا جسمیں نہ تو خیر ہوگی نہ اس میں ہیشگی ہوگی۔

## زباد (ایک قسم کا پودا)

(۱) خواب میں یہ کثرت جائیداد پر دلالت کرتا ہے جس سے اس کو نفع حاصل ہوتا ہو' یا وہ باغ جس سے پھل حاصل کیا جاتا ہو' یا علماء سے اچھا علم حاصل کرتا ہے' اور یہ معیشت اور کھالوں کی نفع بخش تجارت پر بھی دلالت کرتا ہے (۲) اگر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس کو آگ پر دیکھا تو یہ عنبر اور عود کی خوشبو پر دلالت کرتا ہے (۳) اور عود کا پودا دین میں بدعت' مال و جاہ میں فساد' وضع الشیء فی غیر محلہ اور بادشاہ کی اپنے مال کے ساتھ خدمت کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## زبدیۃ (مٹی کا پیالہ)

(۱) خواب میں یہ بیوی یا گھر کے خرچ پر دلالت کرتا ہے چنانچہ اگر خواب اچھا ہو یا اس کی قیمت زیادہ ہو تو جس پر وہ دلالت کرے اس کے شرف کی علامت ہے (۲) مٹی کے پیالے بیچنے والے کا خواب میں دیکھنا نرمی' امن اور سفر سے رکنے پر دلالت کرتا ہے (۳) بخلاف تانبے کے پیالے بیچنے والے کے کہ یہ تحریکوں اور سفروں کے لئے خاص ہے۔

## زبرباجہ (میناکاری' گلکاری)

(۱) خواب میں یہ نفع مند ہے اگر بغیر زعفران کے ہو (۲) اگر زعفران کے ساتھ ہو تو یہ مکمل بیماری ہے بالخصوص اگر اس میں زردی بھی ہو۔

## زلابیہ (جلیبی)

خواب میں یہ لہو ولعب سے مال حاصل کرنے' ہلاکت ومضرات سے نجات پانے پر دلالت کرتی ہے' یہ افسوس اور ندامت اور کبھی خوشیوں اور مسرتوں پر بھی دلالت کرتی ہے۔

## زلبانی (جلیبی بنانے والا)

(۱) اس کا خواب میں دیکھنا تکلیفوں سے خلاصی کی بشارت ہوتی ہے کبھی اس کا دیکھنا برائیوں اور شر پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## زیات (تیلی)

اس کا خواب میں دیکھنا علم' ہدایت' کافر کا اسلام لانا' اہلِ علم کی خدمت اور بادشاہوں سے قربت کی علامت ہے۔

## ذبال (صفائی کرنیوالے' بھنگی)

خواب میں اس کو دیکھنا محروم شخص پر دلالت کرتا ہے' اس کا خواب میں دیکھنا اپنے آپ کو تھکا کر دوسروں کو راحت پہنچانے کی بھی علامت ہے' کبھی اس کا دیکھنا جلد مالداری اور فقیری پر بھی دلالت کرتا ہے' ذبال وہ آدمی ہے جو بہت زیادہ مال جمع کرنیوالا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


## زغلی (دھوکہ دینے والا)

اس کا خواب میں دیکھنا زنا' تنگ دلی برے اعمال کو چھپانے والے پر دلالت کرتا ہے

## زامر (بانسری بجانے والا)

(۱) اس کا خواب میں دیکھنا ئی بات اور فائدہ کی بات پر دلالت کرتا ہے (۲) خوشی کی بانسری بجانے والا خوشی اور سرور کی نشانی ہے (۳) بادشاہ کی بانسری بجانے والا تحریکوں اور لشکروں کو تیار کرنے اور لیجانے کی علامت ہے (۴) بانسری بجانے والا کسی آدمی کے قتل' مرنے' زنا یا دیت کا اعلان کرنیوالا بھی ہوتا ہے یہی تعبیر عورت کی بانسری بجانے کی ہے کبھی بانسری بجانے والا انسان کی دُبر' (شرمگاہ) پر بھی دلالت کرتا ہے اس لئے اگر کسی نے نامعلوم بانسری بجانے والے کو سنا تو اس کو دبر کی کوئی بیماری لاحق ہوگی' بانسری بجانا نوحہ کرنے والی' اور مرگ پر رونے والی عورت پر بھی دلالت کرتی ہے خواہ وہ رونا اچھائی سے ہو یا بُرائی سے ہو۔

## زراد (زرہ ساز)

(۱) اس کا خواب میں دیکھنا مشکل کاموں کی آسانی' ارادہ میں کوشش اور کنوارے کا شادی کرنے پر دلالت کرتا ہے' زرہ ساز وہ شخص بھی ہوسکتا ہے جو لوگوں کو علم و ادب سکھاتا ہو' اچھے اخلاق کی طرف راہنمائی کرتا ہو لیکن اس میں نفاق بھی ہو۔

## زجاج (شیشہ ساز)

(۱) خواب میں یہ اپنے آپ سے دھوکہ' مال پر غرور' احمقوں کی دوستی اور ان کے ساتھ رہنے والے پر دلالت کرتا ہے' شیشہ ساز رومی لونڈیوں کے دلال پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## زجاج (شیشہ کانچ)

(۱) خواب میں شیشہ تھوڑا ہو یا زیادہ پریشانی کی علامت ہے لیکن یہ کہ وہ کچھ عرصہ ہی رہیگی کیونکہ اس کو بقاء نہیں (۲) اگر کسی نے برتن میں دیکھا تو یہ اس پر آسانی ہوگی' اور اس کی تاویل یہ ہے کہ یہ عورت کے سنگھار کا ایک حصہ بھی ہے (۳) اگر کسی نے شیشہ دیکھا اور کوئی چیز اس پر مخفی ہو تو وہ ظاہر ہو جائیگی کیونکہ شیشہ میں کوئی چیز پوشیدہ نہیں رہ سکتی' باقی جو سبز' سرخ' زرد شیشہ سے جو چیزیں خصوصی بنائی جاتی ہیں یا پسی اور موتی سے بنائی جاتی ہیں تو یہ مال' بیویاں اور اولاد میں مشتبہ چیزیں ہیں ایسے ہی یہ دکھلاوے اور نفاق کی بھی علامت ہیں (۴) اور اس کے ذریعہ سے جو علاج کیا جائے تو یہ علماء اور حکماء پر دلالت کرتا ہے (۵) اگر کسی نے خواب میں شیشے کا ٹکڑا یا پسی موتی کے ساتھ خریدی یا بیچی تو یہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آخرت پر دنیا کو اختیار کرنے اور نیکی پر گناہ کو ترجیح دینے کی علامت ہے' یا وہ اپنے دین سے مرتد ہو جائیگا۔

## زمرد (گہرے سبز رنگ کا قیمتی پتھر)

(۱) یہ خواب میں گواہی اور جنت کے حقدار بنانیوالے اعمال پر دلالت کرتا ہے (۲) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے زمرد حاصل کیا ہے تو وہ نیک بھائی پائیگا یا بہت سے اچھے دوست' مہذب اور نیک اولاد نرینہ یا علمِ نافع اور حلال مال پائیگا۔

## زبرجد (زمرد کے مشابہ ایک قیمتی پتھر)

(۱) یہ خواب میں شائستہ' بہادر آدمی پر دلالت کرتا ہے' ایسے ہی نیک اور متدین آدمی پر بھی دلالت کرتا ہے اگر یہ مال پر دلالت کرے تو یہ حلال اور پاک ہوگا' اور زبرجد علم اور نیکی کی خالص بات اور گفتگو پر بھی دال ہوتا ہے۔

## زئبق (پارہ)

(۱) یہ خواب میں نامکمل ہونے والا کام ہے (۲) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ کسی کو پارہ دے رہا ہے یا اس کے ملک میں ہے یا اسکے ہاتھ میں ہے تو وہ کسی انسان کے ساتھ وعدہ میں خلاف ورزی کرتا ہوگا (۳) اگر کھالیا تو اشارہ ہے کہ وہ خود اس خلاف ورزی میں مبتلا ہوگا (۴) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں پارہ کا ٹکڑا ہے تو وہ اپنے دین میں متذبذب' خواہشات کا پجاری اور خیانت کرنے والا ہوگا۔

## زبالہ (کوڑا' جھاڑن)

(۱) فقیر کے لئے خواب میں یہ اچھی علامت ہے کیونکہ یہ بہت سی بچی ہوئی چیزوں کا مجموعہ ہوتا ہے (۲) لیکن مالداروں کے لئے کوئی نیک شگون نہیں کبھی یہ بیوی اور باندی کے حمل اور کثرت مال پر دلالت کرتا ہے یا اس کے سامنے طرح طرح کے سامان پیش کیے جائیں گے۔

## زبل (گوبر' فضلہ)

(۱) خواب میں یہ کھانے یا جمع کرنے والے کے لئے' مال کی علامت ہے (۲) وہ پرندے جس کا گوشت کھایا جاتا ہو انکی بیٹ حرام مال ہے (۳) جلانے اور فائدہ دینے والا گوبر وغیرہ رزق کی علامت ہے بالخصوص اگر سوکھا ہو۔ (۴) لوگوں کا بہت فضلہ تحریکوں سے رکنے اور پریشانیوں کا سامنا کرنے کی نشانی ہے (۵) لوگوں کے فضلہ پر لوٹنا پوٹنا مرض یا خون پر دلالت کرتا ہے (۶) لیکن برے اعمال والے کے لئے یہ اچھی علامت ہے (۷) گائے' بھینس کا گوبر کسانوں' کاشتکاروں کے لئے تو اچھی نشان ہے لیکن اوروں کے لئے نہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## زند (چقماق)

(۱) اس کے ذریعہ خواب میں آگ لگانا کسی معاملہ میں تحقیق کرنا ہے یہاں تک کہ اس میں فائدہ حاصل کرکے اور اسکے حق میں ہو جائے (۲) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے چقماق کے ذریعہ آگ لگائی تا کہ اس سے گرمی حاصل کرے تو دلیل ہے کہ وہ ایسے سخت دل آدمی سے مدد طلب کریگا جس کو غلبہ اور اختیار حاصل ہوگا (۳) ایسے ہی یہ طاقتور و بہادر آدمی کے لئے فقر پر بھی دلالت کرتا ہے اور اس سے فائدہ حاصل کرنا ہے (۴) اگر یہ دونوں وصف جمع ہو جائیں تو وہ بادشاہوں کی بادشاہیاں قائم کریں گے' کیونکہ پتھر سخت آدمی' لوہا بہادر آدمی اور آگ بادشاہ پر دلالت کرتے ہیں۔ (۵) اگر کسی عورت نے دیکھا کہ اس نے چقماق سے آگ روشن کی تو وہ اس کی پھونکوں سے روشن ہوگئی تو وہ لڑکا جنے گی (۶) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے پتھر کو پتھر پر مار کر آگ لگائی تو دلیل ہے کہ وہ سخت دل آدمی سے سخت لڑائی لڑیں گے اور لوگ ان کی لڑائی کا تماشہ دیکھیں گے' کیونکہ چنگاریاں تلواروں اور گفتگو کی لڑائی میں نکلتی ہیں (۷) بعض نے کہا کہ اگر چقماق سے آگ روشن کی تو یہ کنوارے کے نکاح پر دلالت کرتا ہے۔ اگر آگ بھڑکی تو بیوی حاملہ ہوگی اور بچہ دونوں میاں بیوی کی دسترس سے نکل جائیگا' کبھی اس سے مراد میاں بیوی کے درمیان یا دو شریک اور دو مخالفوں کے درمیان شر بھی ہوتا ہے (۸) اگر اس نے کپڑے یا جسم کو جلا دیا تو یہ اس گھر' مال' عصمت اور جسم میں ضرر کی نشانی ہے اگر اس نے قرآن یا کسی اور رجسٹر وغیرہ کو جلا دیا تو یہ دین میں عیب کی علامت ہے۔

## زاد (زادِ راہ راشن)

(۱) اگر کسی نے خواب میں سفر کے لئے زاد راہ لیا تو یہ تقوی پر دلالت کرتا ہے۔ فقیر کے لئے زاد راہ مالداری اور مقروض کے لئے قرضہ ادا کرنے کی علامت ہے۔

## زق (مشکیزہ)

(۱) یہ خواب میں مال' علم اور پیٹ کے برتن پر دلالت کرتا ہے اور یہ گھٹیا آدمی پر بھی دلالت کرتا ہے (۲) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے شہد کا مٹکا پایا تو وہ کسی گھٹیا اور خلاف عادت آدمی سے غنیمت حاصل کریگا (۳) ایسے ہی اگر گھی کا مٹکا یا اگر تارکول کا مشکیزہ پایا تو وہ کسی شریر کافر آدمی سے حرام مال پائیگا (۴) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے مشکیزہ میں پھونک ماری ہے تو اس کے ہاں بیٹا ہوگا' اور یہی تعبیر برتن اور جراب میں پھونکنے کی بھی ہے۔

## زنبیل (ٹوکری)

(۱) یہ خواب میں گھر کے سرپرست پر دلالت کرتی ہے جو گھر والوں کے لئے کوشش کرکے ان کی خواہش کی چیزیں کما کر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لاتا ہوگا' کبھی یہ بیوی' خادم اور لڑکے پر بھی دلالت کرتی ہے (۲) سفر کی ٹوکری خادم اور مکان کے وقف پر دلالت کرتی ہے۔ زنبیل' ثقہ مال بردار اور غلاموں پر بھی دلالت کرتی ہے۔

## زمام (لگام)

خواب میں اس کو اپنے ہاتھ میں دیکھنا مال ونعمت کے ساتھ اطاعت وفرمانبرداری کی علامت ہے۔

## زر (بٹن' قمیص کی آستیں)

(۱) خواب میں یہ عصمت اور صحیح عقد کی علامت ہے کبھی یہ مال اور رزق پر بھی دلالت کرتا ہے بالخصوص اگر وہ سونے یا چاندی کا بٹن ہو (۲) بٹن اور کاج مرد اور عورت پر دلالت کرتے ہیں (۳) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے بٹن کو کاج میں داخل کر کے بٹن بند کیا تو اگر کنوارا ہو تو شادی کریگا۔ ورنہ وہ بگڑنے والے معاملے کو سلجھا دیگا۔

## زیر الماء (مٹکا)

(۱) یہ خواب میں خاوند یا بیوی پر دلالت کرتا ہے' یہ گھر کی بنیادوں پر بھی دلالت کرتا ہے نیز آدمی کی سیف' دکان اور اس سے حاصل بیوی کی بھی علامت ہے' ستار کی دھنیں سفر کے لئے اور فائدہ کے لئے نقل وحرکت پر دلالت کرتی ہیں۔

## زمر (بانسری بجانا)

(۱) خواب میں یہ اچھی علامت ہے نیز سننے والے کے لئے موت کی بھی نشانی ہے (۲) اگر وہ خود بانسری بجانے والا ہو تو وہ کسی کی موت کا اعلان کر رہا ہوگا (۳) بعض علماء تعبیر نے کہا کہ اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں بانسری ہے اور وہ بانسری کے سوراخوں پر ہاتھ رکھ رہا ہے تو وہ قرآن سیکھے گا اور جو پڑھے گا اس کو سمجھے گا بھی (۴) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے بادشاہ سے بانسری لی ہے تو وہ امارت حاصل کریگا اور فتنوں سے نجات پائیگا' تقویٰ اور لوگوں سے عزلت اختیار کریگا۔

## زقاق (گلی' تنگ راستہ)

خواب میں تنگ گلی میں داخل ہونا شبہات میں پڑنے پر دلالت کرتا ہے کیونکہ حق سے مڑنے پر اس میں بھی کجیاں ہوتی ہیں' کبھی یہ قسم میں حانث ہونے اور کفارات کے اختلاف پر بھی دلالت کرتا ہے' تنگ راستہ مشقت کے طریقوں پر دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## زربیہ (شیڈ' سائبان)

یہ خواب میں رزق' فوائد اور منافع پر دلالت کرتا ہے کبھی یہ اس پر بھی دلالت کرتا ہے کہ جو مال کی حفاظت کرتی ہو جیسے ترپال' گودام' تھیلا ' غیرہ کبھی دیکھنے والے کے گھر پر بھی دلالت کرتا ہے جس میں اس کے اہل وعیال' خرم وحشم جمع ہوتے ہوں' یا بازار پر جس سے اس کو فائدہ ہوتا ہو یا کھیت پر جہاں وہ جانوروں کے ذریعہ کاشت کرتا ہو اور اس زمین سے نفع کی توقع رکھتا ہو۔

## زرفین (حلقہ)

خواب میں میاں بیوی میں عصمت' دو شریکوں میں شرکت کے عقد' دو دشمنوں کے درمیان صلح کی علامت ہے کبھی یہ ان چیزوں پر دلالت کرتا ہے جس سے دین مکمل ہوتا ہے جیسے نماز' روزہ اور صحیح عقائد وغیرہ۔

## زربول (بوٹ اونچی ایڑی کے)

یہ خواب میں پہننے والے کے لئے بیوی یا جانور ہے' یا سفر یا منصب ہے۔

## زینہ (بناؤ سنگھار' آرائش)

یہ خواب میں فقر اور فسادِ حال پر دلالت کرتی ہے' اگر کسی نے دیکھا کہ دنیا اس کے لئے آراستہ کی گئی ہے اور جو کچھ وہ مانگتا ہے اس کو مل جاتی ہے تو اس کو فقر و ہلاکت ہو گی' ایسے شہروں میں زینت جہاں پر وہ مصروف نہ ہو ایسا لباس جس کے لوگ عادی ہو چکے ہوں تمام لوگوں کے لئے بہتر ہیں۔

## زنا (زنا کرنا)

(۱) یہ خواب میں خیانت ہے اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے زنا کیا تو اس نے خیانت کی ہو گی' زانیہ غیر معروف عورت کی تعبیر بہتر ہے معروف عورت کی تعبیر سے' زنا چوری سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے کیونکہ بدکاری کرنے والا بھی چور کی طرح چھپتا ہے (۲) اگر کسی نے دیکھا کہ کوئی زانیہ اس کو فعلِ بد پر اُبھار رہی ہے تو وہ حرام مال پائیگا (۳) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے نوجوان خوبصورت عورت سے زنا کیا ہے تو اپنا مال کسی محفوظ مقام پر رکھے گا (۴) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے زنا کیا اور اس پر حد قائم کی گئی اور وہ بادشاہ ہو تو اس کی بادشاہت مضبوط ہو گی (۵) اور اگر دیکھنے والا ولایت کا حقدار ہو تو والی بنایا جائیگا' خلعت سے نوازا جائے گا' ایسے ہی ملک اور نام کمائے گا (۶) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے کسی جانے پہچانے شخص کی بیوی سے زنا کیا تو وہ اس سے کچھ مال لینا چاہتا ہو گا (۷) اگر کسی نے خواب میں آیت "اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ" پڑھی تو وہ زانی ہو گا ایسے ہی اگر عورت اس کو پڑھے تو وہ بھی زانیہ ہو گی (۸) اگر کسی نے خواب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں کسی زانیہ عورت سے لین دین کیا تو یہ دنیا اور اس کے طالب ہونگے (۹) اگر دنیا طلب کرنے والے دین، علم اور اچھی شہرت کے حامل ہوں اور انہوں نے دیکھا کہ وہ اپنا اختلاف زانیہ کے پاس لیکر جا رہے ہیں جس سے وہ کچھ فائدہ بھی حاصل کرتے ہیں تو وہ کسی علمی بات میں اختلاف کر کے کسی عالم کے پاس جائیں گے اور اس سے اتنا ہی فائدہ حاصل کر سکیں گے جتنا کہ اس زانیہ عورت سے کیا (۱۰) اگر کسی نے مرد کو کسی عورت کے ساتھ دیکھا تو وہ مرد اس عورت کے خاوند سے مال چاہتا ہوگا (۱۱) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے زنا کیا تو یہ حج کی علامت ہے (۱۲) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے نوجوان لڑکی سے بدکاری کی تو وہ دنیا مال ایسی جگہ پر رکھے گا جو کہ پوشیدہ ہوگی (۱۳) اور اگر خواب میں اس پر حد قائم کی گئی اور وہ صاحب علم ہو تو اس کا خواب علمی استفادہ اور تفقہ فی الدین پر دلالت کرتا ہے (۱۴) اگر صاحب خواب بادشاہ ہو تو دلیل ہے اپنی بادشاہت میں مضبوط ہوگا اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے زانیہ سے زنا کیا ہے تو وہ برائی اور فتنہ پائیگا (۱۵) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ کسی زنا کی جگہ میں داخل ہوا اور وہاں سے نکل نہیں سکتا تو وہ جلد مریگا۔ (۱۷) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ کسی اور کی عورت کے ساتھ شب باشی کر رہا ہے اور اس عورت کا خاوند ساتھ ہے اور کچھ کہہ نہیں رہا تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ وہ اس کو گھر کے معاملہ میں وکیل بنائیگا۔

## زواج (شادی' بیاہ)

(۱) خواب میں یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے عنایت پر دلالت کرتا ہے کبھی شادی قید' قرض پریشانی اور غم' کسی کی ضمانت میں آنا اور بڑے بڑے عہدے لینے کے لئے کوشش کرنے پر دلالت کرتی ہے (۲) اگر نامعلوم عورت سے شادی کی یا خواب میں عورت کو دیکھا ہی نہیں تو یہ موت کے قریب ہونے کی نشانی ہے اور ایک مقام سے دوسرے مقام کی طرف منتقل ہونے پر دال ہے اگر امارت کے قابل ہوں یا ولایت کے اہل ہو تو امیر اور والی بنایا جائیگا یا اپنے لائق منصب اختیار کریگا (۳) اگر خواب میں شادی صرف شہوت کی شکل میں ہو تو یہ اللہ کے ساتھ اچھے معاہدہ کی علامت ہے۔ (۴) اور اگر زفاف کی شکل میں ہو جس کا عام طور پر ہوتا ہے تو یہ منصب اور اچھی شہرت کی علامت ہے' شادی حرفت سے بھی تعبیر کی جاتی ہے (۵) تو اگر کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے عورت کے ساتھ شادی کی اور وہ مرگئی تو تعبیر ہے وہ ایسی حرفت میں کام کریگا کہ جس میں سوائے کام' تھکاوٹ اور پریشانی کے کچھ حاصل نہ کریگا (۶) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے یہودی عورت کے ساتھ شادی کی ہے تو وہ ایسے کام کی کوشش کر رہا ہوگا جس میں وہ گناہ اور برائیوں پر جرأت کر رہا ہوگا۔ اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے عیسائی عورت کے ساتھ شادی کی ہے تو وہ ایسا پیشہ اختیار کریگا جو کہ غلط اور پرفتن ہوگا (۷) اگر مجوسی عورت ہوئی تو یہ ایسا پیشہ ہوگا جو کہ بے دین ہوگا (۸) اگر کسی نے زانیہ کے ساتھ بیاہ کیا تو وہ خود زانی ہوگا۔ (۹) اگر کسی نے ایسی عورت کے ساتھ شادی کی جو اس پر غالب ہو تو وہ بھاری قید بھگتے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گا (۱۰) اگر کسی نے کتیا کے ساتھ شادی کی تو وہ کوئی برا اور گھٹیا کام کریگا (۱۱) اگر کسی نے دیکھا کہ باجوں اور گانے والی عورتوں کے جلو میں بادشاہ کی بیٹی سے شادی کی تو وہ نفاق کی جڑ یعنی شراب پیتا ہوگا (۱۲) اگر کسی نے دیکھا کہ ایک آدمی نے عورت سے شادی کی ہے اور پھر اس کو پیش کر دی تو وہ عورت کے خاوند سے مال پائیگا (۱۳) اور اگر شادی کی اور خود اس کے پاس چلا گیا تو اس کا پہلا حقیقی خاوند اس خواب میں شادی کرنے والے خاوند سے مال اور بھلائی پائیگا (۱۴) اگر کسی نے اپنی بیوی کو دیکھا گویا کہ اس نے کسی بخار زدہ مرد سے بیاہ کر لیا ہے تو اس کو ہمیشہ کا بخار ہو جائیگا (۱۵) اگر کسی نے بادشاہ کی بیوی سے نکاح کیا تو تعبیر ہے کہ وہ بادشاہت پائیگا اگر اس کا اہل ہو ورنہ کوئی ریاست وغیرہ حاصل کریگا۔ (۱۶) اگر کسی نے مردہ عورت سے شادی کی تو وہ مردہ کے اس معاملہ کو حل کرنے میں کامیاب ہوگا جس سے وہ مایوس ہو چکا ہوگا (۱۷) اگر بیمار عورت نے نکاح کیا لیکن نہ اس نے خاوند کو دیکھا نہ ہی اس کو پہچانتی ہو اور نہ ہی اس کا نام جانتی ہو تو وہ مر جائیگی' ایسے ہی بیمار آدمی بھی اگر خواب میں شادی کرے اور نہ ہی بیوی کو دیکھے نہ ہی اس کے سامنے اس کا نام بیان کیا گیا تو اس کی بھی یہی تعبیر ہے کہ وہ مر جائیگا۔ (۱۸) اگر کسی نے اپنی باندی کسی انسان سے بیاہی تو وہ اپنی جائیداد بیچے گا (۱۹) اگر کسی حاملہ عورت نے خواب دیکھا کہ اس نے شادی کی ہے تو وہ بچی کو جنم دیگی اور اگر وہ دلہن کی طرح خواب میں دکھائی دی تو وہ لڑکا جنے گی (۲۰) اگر کسی عورت کا لڑکا ہو اور وہ یہ دیکھے کہ اس نے نکاح کر لیا ہے تو وہ اپنے بیٹے کا نکاح کرائے گی اگر کنواری یا شادی شدہ عورت سے شادی کی تو وہ خیر پائیگی (۲۱) اگر کسی عورت نے اپنا نکاح مردہ آدمی سے کر لیا تو اس کا گھر اُجڑ جائیگا اور وہ فقر و فاقہ میں مبتلا ہوگی (۲۲) ایسے ہی اگر میت اس کو مردہ خانہ میں لیجائے اور وہ مردہ کو پہچانتی بھی ہو تب بھی یہی تعبیر ہوگی (۲۳) اگر میت کو نہ پہچانتی ہو تو وہ مر جائیگی (۲۴) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے کسی عورت کے ساتھ شادی کر کے اس سے دخول کیا تو وہ مردہ کے کسی معاملہ میں اپنی ریشہ دوانیوں سے کامیاب ہوگا' اور وہ معاملہ اہمیت میں اس عورت کے جمال کی قدر ہوگا اگر دخول نہیں کیا تو اس کی کامیابی اس سے کم ہوگی جتنی کہ اگر وہ دخول کر لیتا (۲۵) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے عورت کے ساتھ شادی کر لی حالانکہ اس کی اپنی ایک یا زیادہ بیویاں ہوں تو وہ بھلائی اور غلبہ پائیگا اس عورت کے حُسن و شکل کے بقدر لیکن شرط یہ ہے کہ وہ اسکو دیکھے یا پہچانتا ہو اگر وہ اس کو نہ پہچانتا ہو نہ ہی اس کا نام جانتا ہو لیکن اس کے لئے تیار کی جائے تو یہ اس کی اپنی موت یا اس کے ہاتھوں کسی کی موت کی علامت ہے (۲۶) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے کسی نامعلوم بوڑھے کی لڑکی سے شادی کر لی تو وہ بہت مال پائیگا (۲۷) اگر کوئی عورت خواب دیکھے کہ اس نے کسی نامعلوم بوڑھے سے شادی رچا لی ہے تو وہ بھی بہت بھلائی پائیگی' اگر بیمار ہو تو بیماری سے افاقہ ہوگا (۲۸) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے اپنی محرم عورتوں میں سے کسی مردہ عورت سے نکاح کیا تو وہ اس سے صلہ رحمی کریگا اور اگر زندہ ہو تو قطع رحم کریگا' اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے ذوات محرم سے شادی کر لی ہے تو وہ اپنے گھر والوں پر حکمرانی کریگا۔ بیوی خواب میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شریک، دشمن، جابر، جھگڑالو یا ضدی بادشاہ، سواری، سوار اور ہر وہ چیز جس پر زمین دلالت کرتی ہے جیسے راحت، تھکاوٹ، خیر اور شر وغیرہ سب چیزوں پر دلالت کرتی ہے کیونکہ وہ ان سب کے زیادہ مناسب ہے۔

## زلزلہ (ہلانا جھٹکے دینا زلزلہ)

(۱) خواب میں اسے دیکھنا بادشاہ سے خوف پر دلالت کرتا ہے (۲) کسی خاص مقام پر زلزلہ نقل وحرکت اور تبدیلی کی نشانی ہے (۳) بعض علماء تعبیر نے کہا کہ اس سے مراد بادشاہ کی طرف سے پیش آنے والا کوئی حادثہ ہے (۴) اگر عام زلزلہ ہو تو وہ کام اور حادثہ بھی عام ہوگا ورنہ وہ مقام اور جگہ جس میں وہ زلزلہ آیا ہوگا وہ اس کی زد میں آئیگا (۵) اگر پہاڑوں میں سے کسی پہاڑ کو ہلتے ہوئے اور کانپتے ہو یا اپنی جگہ سے ہٹ کر پھر اپنے جگہ برقرار ہوتے ہوئے دیکھا تو یہ اس جگہ کا بادشاہ یا بڑا کوئی آدمی ہے جسے کوئی مصیبت اور بڑی تکلیف پہنچے گی (۶) اگر کسی نے دیکھا کہ کسی علاقہ میں زلزلہ آیا ہے اور وہاں کے کچھ لوگ دھنس گئے ہیں اور کچھ لوگ بچ گئے تو وہاں بادشاہ حملہ آور ہوگا اور وہاں کے رہنے والوں کو سزا دیگا (۷) بعض نے کہا کہ اس سے سخت بیماری مراد ہے (۸) اگر کسی خاص علاقے میں زلزلہ آیا تو بادشاہ وہاں کی رعیت پر ظلم کرتا ہوگا یہاں تک کہ وہ مجبور ہو کر اپنے راز نہ اگل دیں (۹) اگر کسی نے دیکھا کہ زمین میں زلزلہ آیا اور آسمان بھی کانپنے لگا تو اس شہر والے بادشاہ کی وجہ سے سزا دیئے جائیں گے اور ان کو بیماریوں اور تکلیفوں کی وجہ سے جانی و مالی نقصان پہنچے گا (۱۰) اگر کسی نے زمین کو ہلتے ہوئے دیکھا تو یہ دیکھنے والے کے معاملات اور زندگی میں حرکت اور تیزی کی علامت ہے (۱۱) اگر کسی نے دیکھا کہ زمین میں زُلزلہ آیا تو وہاں کوئی آزمائش آئیگی جیسے بادشاہ، ٹڈیاں، سردی، قحط سالی، سخت خوف وغیرہ، ایسے ہی زلزلہ کا خواب میں دیکھنا گھبراہٹ، ہلا دینے والی اور تکلیف دہ خبریں، نت نئی انکشافات اور رازوں کی بھی علامت ہے (۱۲) اگر حاملہ عورت دیکھے تو وہ وضع حمل کر دیگی کبھی یہ دیکھنے والے کی موت کی علامت ہوتی ہے (۱۳) بنجر زمین کا ہلنا اس کے بونے اور قابل کاشت ہونے کی علامت ہے اور بنجر زمینوں کو آباد کرنے کی بھی علامت ہے کبھی زلزلہ لوگوں کی بیماریوں کی وجہ سے لوگوں کا پریشان ہو کے پھر موت سے بچتے ہوئے شفا پانے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ کبھی زلزلہ سمندری سفر پر دلالت کرتا ہے۔ زلزلہ کا ہلنا گانے پر نیز سمندری سفر سے رک جانے پر دلالت کرتا ہے۔ کبھی یہ بیویوں کی برائی پر دلالت کرتا ہے (۱۴) اور اگر گھر گر جائیں تو یہ معماروں کے نفع کی طرف اشارہ ہے کیونکہ ان کو اس کی ضرورت ہوتی ہے اور ان کے پاس آلات بھی ہوتے ہیں (۱۵) اگر زلزلہ کسی باغ میں آئے تو یہ پودوں کی زیادتی اور گرمی کے پھلوں کی زیادتی کی علامت ہے نیز دیہات والوں کے فتنے پر دال ہے (۱۶) اگر خواب دیکھا اور وہ خواب مئی کے مہینہ میں ہو تو لوگوں میں آپس میں لڑائی اور اس کے متصلاً کوئی فتنہ ہوگا خواہ دن کو دیکھے یا رات کو (۱۷) اگر خواب میں دیکھے اور مہینہ جون کا ہو تو یہ شریروں کے ہلاک ہونے کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



علامت ہے(۱۸)اگردن کو دیکھے تو یہ علماء کے عہدوں کی تجدید کی علامت ہے(۱۹)اگر جولائی کے مہینہ میں دیکھے تو یہ کسی بڑے آدمی کی موت کی علامت ہے(۲۰)اگر اگست میں دیکھے تو یہ کسی حملہ آور دشمن پر دال ہے(۲۱)اگر ماہ ستمبر میں دیکھے تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ وہاں کوئی اجنبی آدمی آئیگا اس جگہ بھوک وافلاس بڑھے گی اس کے بعد ویرانی چھا جائیگی(۲۲)اگر خواب دیکھا کہ مہینہ اکتوبر ہوا تو یہ بیماری' حاملہ عورت کی سلامتی اور غلہ سستا ہونے کی علامت ہے(۲۳)اگر دیکھا اور وہ نومبر کا مہینہ تھا تو یہ سخت موت اور بیماری لیکن ساتھ ساتھ دشمن سے امن کی علامت ہے(۲۴)اگر جنوری کے مہینہ میں دیکھا تو یہ نوجوانوں کے مرتبہ کی علامت ہے(۲۵)اگر فروری میں دیکھا تو یہ بھوک اور اسقاط حمل پر دال ہے(۲۶)اور مارچ میں دیکھا جانے والا خواب خوشحالی پر دلالت کرتا ہے۔

## زلل بالسان (زبان کی لغزش)

یہ خواب میں پاؤں کے پھسلنے اور اس کے عکس پر دلالت کرتا ہے کبھی پاؤں کا پھسلنا جس چیز کا وہ ارتکاب کر رہا ہو اس کے پھسلنے پر دلالت ہے اور کبھی بھول اور طلب علم میں بھول جانے پر دلالت کرتا ہے۔

## زج (لتاڑنا)

خواب میں یہ مشکل کام میں داخل ہوتا ہے جس سے نکلنا مشکل ہو جائے کبھی یہ موت پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## زمان (دائمی بیماری اپاہج پن)

خواب میں سفر سے رکنا ہاتھ پاؤں سے کمائی ہے ایسے ہی اس چیز سے عاجز ہونا ہے جس کا وہ ارادہ رکھتا ہو۔

## زحیر (دردو بے چینی کی آواز)

یہ خواب میں عورت کے لیے دردزہ کی علامت ہے۔

## زکام (زکام)

(۱) یہ خواب میں مسافر کی خبر کا لیٹ ہونا ہے اور یہ زکام والے شخص کے لیے کسی معمولی بیماری کی بھی علامت ہے جس میں وہ مبتلا ہوگا پھر نجات پائیگا اور قابل رشک ہوگا۔

## زراق الملک والامیر (بادشاہ کا قبہ)

اس کا خواب میں دیکھنا شر' لڑائی اور جماعتوں میں گروہ بندیوں پر دلالت کرتا ہے اگر علم عالم پر دلالت کرے تو وہ بدعتی ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## زنبور (بھڑ)

(۱) یہ خواب میں لڑنے والا دشمن ہے کبھی یہ انجینئر' ڈاکو اور معمار پر بھی دلالت کرتی ہے ایسے ہی حرام کمائی کرنیوالے اور گانے بجانے والے پر بھی دلالت کرتی ہے کبھی یہ زہریلی چیزیں کھانے یا پینے پر بھی دلالت کرتی ہے اور بھڑ شر پسند آدمی' بدشکل' گالیاں دینے والے' لڑنے والے' جنگ میں ثابت قدم رہنے والے اور بیوقوف آدمی پر بھی دلالت ہوتی ہے (۲) اگر کسی نے دیکھا کہ بہت ہی بھڑیں کس گاؤں شہر یا محلّہ میں داخل ہوئی ہیں تو یہاں ایسا لشکر داخل ہوگا جو کہ بارعب اور بہادر ہوگا لوگوں کے ساتھ اعلانیہ جنگ کریں گے (۳) بعض نے کہا کہ اس سے مراد وہ آدمی ہے جو کہ ناحق جھگڑتا ہے بعض نے کہا کہ بھڑیں' ڈاکئے' آوارہ گرد اور خونریز جنگجوؤں پر دلالت کرتے ہیں بعض نے کہا کہ ان سے مراد وہ لوگ ہیں جو بے رحم ہوں ایسے ہی یہ برے آدمی پر بھی دلالت کرتی ہے (۴) بھڑوں کا ڈنگ گھٹیا لوگوں کا تکلیف دینا ہے (۵) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ بھڑوں کا علاج کر رہا ہے تو وہ گھٹیا لوگوں کا اور ناقدر لوگوں کا علاج کرتا ہوگا۔

## زرزور (چڑیا سے بڑا پرندہ)

(۱) یہ خواب میں عبادت گذار' مسلمان کمزور صابر شاکر اور حلال کمائی والے آدمی پر دلالت کرتا ہے اور یہ سفر کرنیوالے آدمی پر بھی دلالت کرتا ہے جیسے کرایہ پر اور ضروریات لیجانے والے لوگ (۲) اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ اس نے اس پرندہ کو پکڑا ہے تو وہ مذکورہ بالا شرائط کے آدمی سے دوستی کریگا اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے اس کا گوشت کھایا ہے یا اس کے پر نوچے ہیں تو وہ خیر پائے گا کبھی یہ اچھی بری بہت گھٹیا کبھی یہ حقارت اور زندگی کے ادنی چیز کی قباحت پر دلالت کرتا ہے ایسے ہی لہو ولعب اور کبھی کاتب پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## زاغ المنقار الاحمر (سرخ چونچ والا کوّا)

اس کا خواب میں دیکھنا ایسے آدمی پر دلالت کرتا ہے جو کہ باختیار عیش وعشرت کا دلدادہ اور سیانا ہو کوّا ایسی قوم پر دلالت کرتا ہے جو کہ اجتماع کو پسند کرتے ہیں ایسے ہی فقراء کی جماعت پر اور بغیر کسی وجہ اور سبب کے پریشانی ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## زرافہ (ایک جانور)

اس کا خواب میں دیکھنا کوئی اچھی علامت نہیں (۱) جب یہ بغیر فائدہ کے داخل ہو تو یہ مال میں آفت پر دلالت کرتا ہے کبھی یہ خوبصورت عورت اور جہاں سے یہ آ رہا ہو وہاں سے عجیب خبروں کی آمد پر دلالت کرتا ہے (۲) اور جو اس سے مانوس ہو جائے تو یہ دوست بیوی اور لڑکے پر دلالت کرتا ہے جن کے دھوکہ سے محفوظ نہ ہونگے اور یہ خاوند کے ساتھ ہمیشہ رہنے والی عورت پر بھی دلالت کرتا ہے کیونکہ یہ دیگر باربردار جانوروں کے مخالف ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب السین

## سورالقرآن (قرآن کی سورتیں)

(۱)ان سورتوں کو جو عام طور پر مردوں پر پڑھی جاتی ہیں اسکا خواب میں پڑھا جانا مریض کیلئے موت پر دلالت کرتا ہے اور کسی سورۃ کا پڑھنا یہ مریض کی حالتوں پر جیسے خوشی اور سرور اور رزق اور لڑکا جو قراءت قرآن کرے (۲) اور سورۃ بیوی بیٹے دراہم اور دنانیر پر بھی دلالت کرتی ہے جس قدر وہ ہو (۳) اور بعض دفعہ جب کہ سورت مکی و مدنی ہوں دو نوں حج پر دلالت کرتی ہے جیسے مائدہ 'انعام' نحل' حج' لقمان' سجدہ' تغابن' اس لیے کہ یہ مکی مدنی سورتوں میں سے بھی اس کو میں نے دیکھا آزمایا پس ایسا ہی پایا۔

## سورۃ الفاتحہ

(۱)اور جس نے خواب میں سورۃ فاتحہ پڑھی تو دلیل ہے اللہ پاک اس پر خیر کے اسباب کو کھول دیں گے (۲)اور نافع' ابن کثیر' جعفر صادق اور سعید بن مسیّب رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جس نے دیکھا کہ وہ سورۃ الفاتحہ کو یا اس کے کچھ حصے کو پڑھ رہا ہے تو دلیل ہے وہ کوئی دعا کریگا اور وہ دعا قبول ہوگی اور یہی قول امام کسائی کا بھی ہے اور انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ اسے کوئی فائدہ حاصل ہوگا جس سے وہ مالدار ہو جائیگا اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا (۳) کہ نیند میں اس کی تلاوت کرنے والا سات مختلف عورتوں سے شادی کریگا اور وہ شخص مستجاب الدعوات ہوگا اور اس پر دلیل حضور ﷺ کا عمل ہے پس حضور ﷺ اس کو دعا سے پہلے اور دعا کے بعد پڑھا کرتے تھے اور حضرت عمر بن الخطابؓ فرماتے ہیں کہ جو نیند میں اس کی تلاوت کرے تو وہ دین کے معاملے میں محفوظ رہیگا یعنی اس کے دین کو کوئی خطرہ نہیں (۴) لیکن اگر وہ شخص بیمار ہو تو یہ اس کے قرب موت کی علامت ہے (۵) اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ جس نے خواب میں سورۃ الفاتحہ کی تلاوت کی یا اس کا کچھ حصہ تلاوت کیا یا اس پر اس کی تلاوت کی گئی تو اللہ تعالیٰ اس پر شر کے دروازوں کو بند کر دیں گے اور خیر' بھلائی کے دروازوں کو کھول دینگے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ خواب میں سورۃ فاتحہ کی تلاوت حج کی علامت ہے۔

## سورۃ البقرہ

(۱) جس نے خواب میں دیکھا کہ اس نے سورۃ البقرۃ یا اس کا کچھ حصہ تلاوت کیا یا اس پر تلاوت کیا گیا تو نافع اور ابن کثیر رحمہما اللہ فرماتے ہیں کہ اسے علم نصیب ہوگا اور اس کی عمر طویل ہوگی اور اس کے دین میں اصلاح ہوگی اور اولاد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے معاملے میں اسے نجات نصیب ہوگی اور امام کسائی نے بھی اس کی موافقت کی ہے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جس نے اس سورۃ کی یا اس کے بعض حصے کی خواب میں تلاوت کی تو وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوگا اور اس کا رزق دوسری جگہ ہوگا اور ابن رضالہؒ فرماتے ہیں کہ اگر وہ خواب میں تلاوت کرے تو اگر وہ قاضی ہے تو اس کی مدت یعنی معزولی قریب آگئی ہے اور اگر وہ عالمہ ہے تو اس کی عمر لمبی ہے اور اس کے حالات اچھے ہونگے۔ اور بعض علماء نے فرمایا کہ جس نے سورۃ البقرہ کی تلاوت کی تو وہ دین کو جمع کرنے والا اور نیکیوں کی طرف جلدی کرنے والا ہوگا اور اس کی عمر لمبی ہوگی اور اس کو شر بہت کم پہنچے گا اور وہ تکلیفوں اور مصیبتوں پر صبر کرنے والا ہوگا اگر اس نے آیۃ الکرسی کی تلاوت کی تو یہ اس کے حافظہ اور ذکاوت کی دلیل ہے اور سورۃ البقرہ کی تلاوت دلالت کرتا ہے ایسے میراث پر جس میں بیٹے یا چچے کی طرف سے جھگڑا ہوگا۔

## سورۃ آل عمران

(۱) اور جس شخص نے خواب میں دیکھا کہ اسنے سورۃ آل عمران یا اس کا کچھ حصہ تلاوت کیا یا اس پر تلاوت کیا گیا تو حضرت ابوبکرؓ اور نافع اور ابن کثیر فرماتے ہیں کہ وہ اپنے اہل میں کم وقت رہیگا اور اس کو بڑی عمر میں اولاد نصیب ہوگی اور وہ بہت سفروں والا ہوگا۔ اور کہا گیا کہ وہ لوگوں میں بڑا مقبول ہوگا اور ہر قسم کی غلطیوں سے پاک ہوگا۔ بے دین لوگوں سے انکے دین کے بارے میں جھگڑا کریگا۔ اور یہ بھی ایک قول ہے کہ وہ رزق اور برکت پائیگا اور اسکا ذھن صاف ہوگا اور اس کے نفس میں پاکی آئیگی۔

## سورۃ النساء

اور جس نے خواب میں سورۃ النساء پڑھی یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر اس کی تلاوت کی گئی دلیل ہے اس کی آزمائش ایک ایسی عورت کے ساتھ ہوگی جو اسکے ساتھ اچھا سلوک نہیں کریگی۔ اگر وہ طالب علم ہو تو علم میراث میں ماہر ہوگا۔ اور امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ جو خواب مین اس کی تلاوت کریگا تو آخر عمر میں اس کے ساتھ ایک ایسی عورت ہوگی جو اسکے ساتھ اچھا سلوک نہیں کریگی اور ابن فضالہ فرماتے ہیں کہ وہ بہت تنگدست اور زبان کا تیز ہوگا ایسا ہی امام کسائی حضرت علیؓ اور حضرت حمزہؓ نے بھی فرمایا اور ان کے علاوہ بعض حضرات نے کہا کہ وہ میراثوں کو تقسیم کریگا اور آزاد عورتوں سے مصاحبت کریگا اور ان کی وراثت پائیگا اور وہ اس کی وراثت پائیں گی لمبی عمر کے بعد۔ اور کہا گیا کہ وہ ایک نیک بیوی پائیگا اور اس پر قادر ہوگا اور وہ پڑوسیوں والا ہوگا یعنی انکا خیال کرنے والا۔

## سورۃ المائدہ

اور جس نے خوب میں سورۃ المائدہ پڑھی یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو امام نافع اور ابن کثیر فرماتے ہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کہ وہ بڑا سخی ہوگا اور کھانا کھلانے کو پسند کریگا اور کہا گیا کہ اسے یقین عطا ہوگا اور عبادت اور خشوع نصیب ہوگا اور بعض دفعہ یہ دلالت کرتا ہے شہر کے حاکم ہونے پر اور یہ بھی کہا گیا کہ وہ بلند مرتبہ پائیگا اور اس کا یقین قوی ہوگا اور بڑا نیکوکار ہوگا اور یہ بھی کہا گیا کہ اللہ پاک اسکی دعا کو قبول کرینگے اور وہ فراخی مال پائیگا اور اسے اجر دیا جائیگا ایک ایک یہودی اور نصرانی کے عدد کے مطابق۔ اور اس پر آزمائش آئیگی۔ ایک سنگدل قوم کے ذریعے اور یہ بھی کہا گیا کہ اسے برکت اور رزق عطا ہوگا۔

## سورۃ الانعام

اور جس نے خواب میں سورۃ الانعام یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اسپر پڑھی گئی تو امام جعفر صادق، حضرت عائشہ، امام کسائی اور ابن فضالہ فرماتے ہیں کہ میں اسے خوشخبری سناتا ہوں کہ اسکی اولاد کی سلامتی کی اور بچوں کی حفاظت کی اور میں اسے خوشخبری دیتا ہوں دنیا اور آخرت میں اچھے رزق کی اور کہا گیا کہ وہ عمدہ قسم کا مال بکریاں چوپائے، گائے وغیرہ والا ہوگا، بڑا خوشحال اور سخی ہوگا، اللہ تعالی اس کو دونوں جہاں میں اختیار دیگا اور اس پر رحم کریگا اور اس کو ہر قسم کا مال عطا کریگا اور اللہ تعالی اس پر رحمتیں بھیجےگا اور ستر ہزار فرشتے اس کے لیے مغفرت کی دعا کرینگے۔

## سورۃ الاعراف

اور جس شخص نے خواب میں سورۃ الاعراف یا اس کا کوئی حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو امام نافع اور ابن کثیر فرماتے ہیں کہ ہر علم اسے حفظ ہوگا مگر وہ غربت کی حالت میں مریگا اور ایک قول یہ بھی ہے کہ وہ ایمان والا اور دین کا اقرار کرنے والا ہوگا اور وہ بڑے لمبے سفر کریگا اور یہ بھی کہا گیا کہ جس نے اس کی تلاوت کی تو وہ سفر پر جائیگا اور جلد ہی واپس لوٹ آئیگا اور وہ شیطان اور اس کے مکروں سے محفوظ ہوگا اور قیامت کے دن حضرت آدم علیہ السلام اس کی سفارش کرینگے اور یہ بھی کہا گیا کہ سورۃ الاعراف کی تلاوت دشمن پر خوشی اور اس کو برے حال میں دیکھنا ہے۔

## سورۃ الانفال

اور جس نے خواب میں سورۃ الانفال یا اس کے کچھ حصے کی تلاوت کی یا اس پر تلاوت کی گئی تو ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ وہ بڑا معزز اور کامیاب ہوگا اور ایسا ہی امام جعفر صادقؒ نے فرمایا اور انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ دین کے معاملے میں وہ سلامتی سے رہےگا اور ابن فضالہؒ نے فرمایا کہ اگر وہ بادشاہ ہو تو کامیاب ہوگا اور اگر وہ عالم ہو تو وہ متقی اور پرہیزگار ہوگا اور بعض علماء نے فرمایا کہ اسے دشمنوں پر غلبہ حاصل ہوگا اور ان سے غنیمت حاصل کریگا اور کہا گیا کہ اسے غنیمت کی طرف سے حلال مال عطا ہوگا اور قیامت کے دن حضورؐ اس کے لئے سفارش کریں گے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سورۃ التوبہ

اور جس نے خواب میں سورۃ التوبہ یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو امام نافع اور ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ وہ نیک لوگوں سے محبت کرنیوالا ہوگا اور بعض نے کہا کہ وہ اس دنیا سے قائد ہو جائے گا اور وہ محبت کرنے والا اور لوگوں میں محبوب ہوگا اور کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ اس کے دینی امور کی اصلاح فرمائیں گے اور قیامت کے دن حضورؐ اس پر گواہ ہوں گے کہ یہ نفاق سے بری ہے اور اسے دنیا کے ہر منافق اور منافقہ کے تعداد کے مطابق اجر عطا ہوگا اور فرشتے اس کے لیے دعاء اور مغفرت کرینگے اور اللہ تعالیٰ اس کو اخلاص نصیب فرمائینگے۔

## سورۃ یونس علیہ السلام

اور جس نے خواب میں سورۃ یونس یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو حضرت ابوبکر صدیقؓ فرماتے ہیں کہ اس پر مال کے معاملے میں آزمائش آئیگی اور حضرت امام جعفرؒ فرماتے ہیں کہ وہ تنہائی پسند ہوگا اور عورتوں میں مصروف رہیگا اور بعض نے کہا کہ اللہ تعالیٰ اسے علم اور یقین سے نوازینگے اور اللہ تعالیٰ اسے مکاروں کے مکر اور جادوگروں کے جادو سے محفوظ رکھیں گے اور اگر اسے کوئی مریض پڑھے تو دلیل ہے اللہ تعالیٰ اسے شفاء دینگے اور یہ بھی کہا گیا جو اسکو پڑھے تو دنیا کے معاملے میں زہد اختیار کریگا۔

## سورۃ ھود علیہ السلام

اور جس نے خواب میں سورۃ ہود یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ وہ زیادہ دشمنوں والا ہوگا اور حضرت جعفرؒ فرماتے ہیں کہ وہ سفر کو ترجیح دیگا اور لمبی عمر پائیگا اور کہا گیا کہ اسے کھیتی باڑی میں رزق عطا ہوگا بشرطیکہ وہ صحیح یقین اور اللہ پر اچھا گمان رکھے اور اسے اجر عطا ہوگا۔ حضرت نوح علیہ السلام کی تصدیق اور تکذیب کرنے والوں کی تعداد کے مطابق۔ اور قیامت کے دن وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں شفاعت کرنے والوں میں سے ہوگا اور یہ بھی کہا گیا کہ جو اس کی تلاوت کریگا تو وہ سفر کریگا اور ھدایت اور دنیا پائیگا۔

## سورۃ یوسف علیہ السلام

اور جس نے خواب میں سورۃ یوسفؑ یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو امام نافع اور ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ اپنے خاندان میں سے اس کے بہت سے دشمن ہوں گے اور اسے سفر میں بہت خوشحالی اور مال ملیگا اور کہا گیا کہ اس پر ظلم کیا جائیگا جیسا کہ حضرت یوسفؑ پر خزانوں کے معاملے میں ظلم کیا گیا تھا اور دلیل ہے وہ سفر کریگا پھر کسی شہر کا یا زمین کے کسی حصے کا مالک ہوگا اور اس کے ساتھ ساتھ اسے اچھا یقین، جمال اور خوبصورتی حاصل ہوگی اور کہا گیا کہ وہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ریاست اور مال حاصل کریگا اور اللہ تعالی اس پر موت کے سکرات کو آسان فرمائیں گے اور کہا گیا کہ وہ خوشخبری اور خبر حاصل کریگا اور فقر کے بعد غنا' ذلت کے بعد عزت اور تنگدستی کے بعد خوشحالی حاصل ہوگی۔

## سورۃ الرعد

اور جس نے خواب میں سورۃ الرعد یا اس کے کچھ حصے کی تلاوت کی یا اس پر تلاوت کی گئی تو حضرت ابوبکر اور حضرت جعفر صادقؒ فرماتے ہے کہ اس کی موت قریب آ گئی ہے اور بعض نے کہا کہ وہ دعاؤں کو یاد کرنے والا ہوگا اور اس پر بہت جلد بڑھاپا آئیگا اور کہا گیا کہ وہ بادشاہ کے خوف سے محفوظ ہوگا اور یہ بھی کہا گیا کہ وہ اللہ پاک کے سامنے بہت زیادہ گڑگڑانے والا ہوگا اور اسے قیامت تک ہر بادل کے وزن کے برابر ثواب ملتا رہیگا اور وہ اللہ تعالی کے وعدوں کو پورا کرنے والا ہوگا۔

## سورۃ ابراہیم علیہ السلام

اور جس نے خواب میں سورۃ ابراہیم یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو حضرت جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ میرے والد رضی اللہ عنہ نے مجھ سے بیان کیا ہے کہ میں نے حضرت حاجب بن عبداللہ سے اس کے خواب میں تلاوت کرنے والے کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ میں نے حضرت عائشہؓ کو فرماتے ہوئے سنا کہ تسبیح کرنے والوں میں سے اور توبہ کرنے والوں میں سے ہوگا اور کہا گیا کہ سورۃ ابراہیم کی تلاوت غموم وھموم کو دور کرنے کا سبب ہے اور دلیل ہے قیامت کے دن تک جتنے لوگوں نے بت پرستی کی ہے انکے برابر اس کو ثواب ملیگا اور دنیا میں جتنی چیزوں سے بچا جاتا ہے اللہ تعالی اس کو ان سے نجات دیگا اور کہا گیا کہ اس کے دینی معاملات اچھے ہونگے اور اس کے معاملات اللہ کے سپرد ہونگے۔

## سورۃ الکھف

اور جس نے خواب میں سورۃ الکھف یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو امام نافع اور ابن کثیر فرماتے ہے کہ وہ لمبی عمر پائے گا اور اچھی حالت والا ہوگا اور اپنی زندگی میں ہی بہت خوشحالی پائیگا اور بعض نے کہا کہ وہ یہاںتک زندہ رہیگا کہ زندگی سے تنگ آ جائیگا۔ اور دین کی تمام چیزوں کی حفاظت کرنے والا ہوگا اور اسے ہر جنس کا بہت مال ملیگا اور اپنے خواہشات کو پائیگا۔ اور کہا گیا ہے کہ اسے دشمن یا اور کسی بڑے سے خوف لاحق ہوگا۔ اور اس کے بعد اسے امن نصیب ہوگا اور دشمنوں اور شرور سے نجات ملے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سورۃ مریم علیھا السلام

اور جس نے خواب میں سورۃ مریم یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو حضرت عائشہ اور جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اسے کشادگی عطا فرمائیں گے اور کہا گیا کہ وہ ان انبیاء کی سنتوں کو زندہ کریگا اور اس کو جھٹلایا جائیگا اور پھر اس کی برأت ظاہر ہو جائیگی اور کہا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو نیکوں کی محبت عطا فرمائیں گے اور اسے مال اور قوت عطا ہو گی اور کہا گیا کہ وہ گم راہ ہوگا اور پھر ہدایت پائیگا۔

## سورۃ طٰہٰ

اور جس نے خواب میں سورۃ طٰہٰ یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو امام نافع اور ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ وہ جادو گروں سے دشمنی کریگا اور اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے جادو گروں کے جادو کو توڑیں گے اور کہا گیا ہے کہ وہ تہجد اور نیک کاموں کو پسند کرنے والا ہوگا اور کہا گیا کہ دین کے کاموں میں سستی کریگا اور پھر اس سے رجوع کریگا اور متنبہ ہوگا اور کہا گیا کہ اگر وہ مسافر ہو یا اپنے گھر والوں سے غائب ہو تو لوٹ آئیگا اور اس کے ہاتھ سے بعض شریر ہلاک ہونگے اور اسے مہاجرین اور انصار کی تعداد کے برابر ثواب ملے گا اور اللہ تعالیٰ اسے دشمنوں پر فتح نصیب فرمائیں گے اور اس کا حساب آسان فرمائیں گے اور فرشتے اس سے مصافحہ کرینگے اور اس کے لیے دعائے مغفرت کریں گے۔

## سورۃ الانبیاء علیھم السلام

اور جس نے خواب میں سورۃ الانبیاء یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اسے بہت رزق عطا فرمائیں گے اور کہا گیا کہ اسے انبیاء کرام کا علم اور ان کا خشوع و خضوع اس کو نصیب ہوگا اور کہا گیا کہ وہ تنگدستی کے بعد کشادگی اور سختی کے بعد آسانی پائیگا اور اللہ تعالیٰ اسے علم اور خشوع نصیب فرمائیں گے اور کہا گیا کہ وہ انبیاءؑ پر دعا اور درود کرنے والا شخص ہوگا اور اپنے دشمنوں پر غالب آئیگا اور کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ اسے امانتداری اور نیکوں میں بلندی عطا فرمائیں گے۔

## سورۃ الحج

اور جس نے خواب میں سورۃ الحج یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو امام نافع اور ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ اسے حج کی سعادت بار بار نصیب ہوگی اور ابن فضالہؒ فرماتے ہیں کہ اگر وہ بیمار ہوگا تو یہ اس کی موت پر دلیل ہوگی اور کہا گیا کہ وہ حج کے فریضہ کو ادا کریگا مگر وہاں سے نہیں لوٹیگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سورۃ المؤمنون

اور جس نے خواب میں سورۃ المؤمنون یا اس کا کچھ حصہ بڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو وہ کوئی عجیب مخلوق دیکھے گا جس سے لوگ بھی متعجب ہونگے اور کہا گیا کہ اسے حج نصیب ہوگا اور یہ بھی کہا گیا کہ وہ مومنین کے ساتھ جنت کے اعلیٰ درجات میں ہوگا اور کہا گیا کہ اسے ایمان بھلائی اور سچا اور خالص ایمان نصیب ہوگا اور کہا گیا کہ اس کا ایمان قوی ہوگا اور اس کا خاتمہ بالا یمان ہوگا اور کہا گیا کہ اسے پاکدامنی نصیب ہوگی اور وہ بلاؤں سے محفوظ ہوگا اور کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ اسے دنیا میں بلندی نصیب فرمائیں گے اور اس کا حشر مومنین کے ساتھ ہوگا اور فرشتے اسے راحت اور روزی کی خوشخبری دینگے اور اسے ان چیزوں کی خوشخبری دینگے جو ملک الموت کے نزول کے وقت اس کی آنکھوں کو ٹھنڈا کریں گی۔

## سورہ النور

اور جس نے خواب میں سورہ نور یا اسکا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو حضرت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ ان لوگوں میں سے ہوگا جو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتے ہیں۔ اور اسکی محبت اور دشمنی صرف اللہ کی رضا کے خاطر ہوگی۔ اور کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ اسکے دل اور قبر کو منور فرمایں گے اور کہا گیا کہ اسے مرض لاحق ہوگا اور کہا گیا کہ اسے تقوٰی اور یقین عطاء ہوگا اگر اس نے اسکی شروع کی دس آیتیں پڑھیں تو دلیل ہے وہ اپنی بیوی کو طلاق دے گا یا اسے چھوڑ کر مر جائیگا اور جس نے اسکے شروع کا کچھ حصہ پڑھا تو علامت ہے وہ سنت کو پائے گا اور ہر گزرے ہوئے اور موجود مومن اور مومنہ کی تعداد کے مطابق اسے اجر عطا ہوگا۔

## سورہ الفرقان

اور جس نے خواب میں سورۃ الفرقان یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو امام نافع اور ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ وہ حق سے محبت کرنے والا اور باطل کو ناپسند کرنے والا ہوگا اور کہا گیا کہ وہ حق اور باطل کے درمیان فرق کرنے والا ہوگا اور اللہ تعالیٰ اسے جنت میں بلا حساب و کتاب داخل فرمائیں گے۔

## سورۃ الشعراء

اور جس نے خواب میں سورۃ الشعراء یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو حضرت ابو بکر صدیقؓ اور حضرت امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ وہ روزی میں تنگی پائیگا اور پھر ہر چیز مشقت سے پائیگا اور بعض نے کہا کہ اللہ تعالیٰ بہتان تراشی، جھوٹی بات اور گناہوں سے اس کی حفاظت فرمائینگے اور کہا گیا کہ اسے بری بات، بدکلامی اور جھوٹ سے نجات دینگے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سورۃ النمل

اور جس نے خواب میں سورۃ النمل یا اس کا کچھ حصہ پڑھایا اس پر پڑھا گیا تو امام نافع اور ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ وہ اپنی قوم کا سردار ہوگا اور ابن فضالہؒ نے فرمایا کہ وہ صاحب علم ہوگا اور کہا گیا کہ اسے بادشاہت، سمجھداری اور عزت نصیب ہوگی اور کہا گیا کہ وہ مستجاب الدعوات ہوگا۔ اور حضرت سلیمان علیہ السلام کی تصدیق کرنے والوں کے عدد کے برابر اسے اجر عطا ہوگا اور وہ لا الہ الا اللہ پڑھتا ہوا قبر سے نکلے گا۔

## سورۃ القصص

اور جس نے خواب میں سورۃ القصص یا اس کا کچھ حصہ پڑھایا اس پر پڑھا گیا تو حضرت ابوبکر صدیق فرماتے ہیں کہ اللہ تعالی اسے آزمائیں گے بیابان میں زمین کی کسی چیز کے ذریعہ۔ اور حضرت عمر بن خطابؓ فرماتے ہیں کہ وہ آزمائش شہر میں ہوگی اور بعض علماء نے کہا کہ اللہ تعالی اسے توراۃ اور انجیل کی تلاوت کی وجہ سے حکمت اور خیر عطا فرمائیں گے اور وہ قارون کے خزانوں کو حلال طریقوں سے پائے گا اور کہا گیا کہ اسے علم اور فہم نصیب ہوگا۔

## سورۃ العنکبوت

اور جس نے خواب میں سورۃ العنکبوت یا اس کا بعض حصہ پڑھایا اس پر پڑھا گیا تو حضرت جعفرؒ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالی اسے بلندی کے ذریعے سے آزمائیں گے اور وہ موت تک اللہ تعالی کے امان اور حفاظت میں رہے گا اور کہا گیا کہ اللہ تعالی کی طرف سے اسے پردہ پوشی عطا ہوگی اور دشمنوں سے نجات عطا ہوگی اور اسے اللہ تعالی مؤمنین اور مؤمنات کی تعداد کے برابر اجر عطا فرمائیں گے۔

## سورۃ الروم

اور جس نے خواب میں سورۃ الروم یا اس کا کچھ حصہ پڑھایا اس پر پڑھا گیا تو امام نافعؒ اور ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ اس کے دل میں نفاق ہوگا اور ابن فضالہؒ فرماتے ہیں کہ اگر وہ عالم یا قاضی ہے تو دلیل ہے وہ حافظ ہوگا اور ظالم بھی ہوگا اور اگر وہ تاجر ہو تو زیادہ فائدہ حاصل کریگا اور اگر دیکھنے والا بادشاہ ہو تو اللہ تعالی اس پر کوئی بڑا کافر ملک کھولیں گے اور اس کے ہاتھ پر بہت سے لوگ ہدایت پائیں گے اور کہا گیا کہ وہ مال اور غلام پائیگا ار کہا گیا کہ اس کا کوئی کام پایہ تکمیل تک پہنچے گا یا اس کا کسی کے ساتھ جھگڑا ہوگا جس میں وہ کامیاب ہوگا اور اگر مسلمان کسی جنگ میں ہوں تو وہ کامیاب ہونگے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سورۃ لقمان

اور جس نے خواب میں سورۃ لقمان یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا دلیل ہے اللہ تعالیٰ اسے کتاب اور حکمت کا علم عطا فرمائیں گے۔

## سورۃ السجدۃ

جس نے خواب میں سورۃ السجدہ یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ وہ مضبوط توحید والا اور نفس سلیم کا مالک ہوگا اور بعض نے کہا کہ وہ سجدہ کی حالت میں مریگا اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک کامیاب لوگوں میں سے ہوگا اور کہا گیا کہ اسے دنیا میں زندگی زہد اور تقوی نصیب ہوگا اور اسے لیلۃ القدر کے قیام کے برابر ثواب ملیگا اور اسے اللہ تعالیٰ کا قرب نصیب ہوگا اور کہا گیا کہ وہ تہجد کی نماز کو پسند کرنے والا ہوگا۔

## سورۃ الاحزاب

اور جس نے خواب میں سورۃ الاحزاب یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو حضرت ابوبکرؓ فرماتے ہیں کہ وہ اپنے اہل خانہ سے ضد کرنے والا ہوگا اور ایسا ہی حضرت جعفر نے بھی فرمایا اور کہا گیا کہ وہ پرہیزگاروں میں سے ہوگا اور حق کا اتباع کریگا اور کہا گیا کہ وہ حق کہنے والا اور باطل سے اعراض کرنے والا ہوگا اور وہ نیک لوگوں سے محبت کرنے والا ہوگا اور اسے عذابِ قبر سے امان دی جائیگی اور کہا گیا کہ وہاں سے اس کی مدد اور نصرت ہوگی جہاں وہ جانتا بھی نہیں۔

## سورۃ سباء

اور جس نے خواب میں سورۃ سباء کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو وہ دنیا میں زہد اختیار کریگا اور پہاڑوں اور وادیوں میں ٹھکانہ پکڑے گا او کہا گیا ہے کہ بعض دفعہ اس سے کوئی نعمت زائل ہوگی اور پھر اگر اللہ نے چاہا تو مل جائیگی اور کہا گیا ہے کہ وہ بہادر ہوگا اور ہتھیار اٹھانے کو پسند کریگا۔

## سورۃ یٰسٓ

اور جس شخص نے خواب میں سورۃ یٰسٓ یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو اللہ تعالیٰ اس کا حشر حضور ﷺ اور ان کی آل کے ساتھ فرمائیں گے اور کہا گیا کہ وہ دنیا کی نعمتوں میں سے کوئی نعمت پائیگا جس کی بناء پر وہ لوگوں میں اچھی نظر سے دیکھا جائگا اور کہا گیا کہ وہ پاکی حاصل کرنے والوں میں سے ہوگا اور اس کے دین میں ریا کاری نہیں ہو گی اور کہا گیا کہ اسے قرآن پاک کی آیات کو بارہ مرتبہ پڑھنے والے کے برابر ثواب ملے گا' اس لیے کہ سورۃ یٰسٓ قرآن پاک کا دل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سورۃ الصافات

اور جس نے خواب میں سورۃ الصافات یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو اللہ تعالی اسے صاحب یقین بیٹا عطا فرمائیں گے اور وہ اللہ تعالی کی اطاعت کرنے والا ہوگا اور کہا گیا کہ وہ کوئی ایسا علم سیکھے گا جس سے لوگ تعجب میں پڑ جائیں گے۔ اور کہا گیا اس سے سرکش شیطانوں کو دور کیا جائے گا اور کہا گیا کہ اسے حلال رزق عطا ہوگا اور دو بیٹے عطا ہونگے اور کہا گیا کہ اسے بھلائی دین' آلودگیوں سے پاکی اور اللہ پاک کا خوف عطا ہوگا۔

## سورۃ صٓ

اور جس نے خواب میں سورۃ صٓ یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو دلیل ہے اس کا حال بڑھیگا اور وہ اپنے کام میں ماہر ہوگا اور کہا گیا ہے کہ وہ سچی قسم اٹھائے گا اور گناہ سے توبہ کریگا۔

## سورۃ الزمر

اور جس نے خواب میں سورۃ الزمر یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو وہ بہت ساری کتابیں حاصل کریگا اور ان کو سمجھیگا اور ان کی حفاظت کریگا اور کہا گیا کہ وہ قیامت کے دن مؤمنوں کے ساتھ پہلی صف میں ہوگا اور کہا گیا کہ اس کے دین میں اخلاص ہوگا اور اس کی عاقبت اچھی ہوگی اور اسے اللہ تعالی سے ڈرنے والوں کی تعداد کے برابر ثواب ملے گا اور کہا گیا کہ وہ لمبی زندگی پائے گا یہاں تک کہ آپنے پوتوں کو بھی دیکھے گا۔

## سورۃ غافر

اور جس نے خواب میں سورۃ غافر یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو وہ پکا مسلمان ہوگا اور اس کے ہاتھ پر بڑی خیر ظاہر ہوگی اور اسے دنیا اور آخرت میں بلندی نصیب ہوگی اور اللہ تعالی کی طرف سے اس کے لیے حامی اور مغفرت ہوگی۔

## سورۃ فصلت

اور جس نے خواب میں سورۃ فصلت یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو دلیل ہے وہ لوگوں کو ہدایت اور سیدھے راستے کی طرف بلائے گا اور اسے اس کے حروف کے مقدار میں نیکیاں ملیں گی اور کہا گیا ہے کہ وہ سراًاور علانیۃً ہر حالت میں نیک کام صرف اور صرف اللہ کی رضا کے لیے کریگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سورۃ الشوریٰ

جس نے خواب میں سورۃ الشوری یا اس کا کچھ حصہ پڑھایا اس پر پڑھا گیا تو دلیل ہے وہ لمبی عمر والا ہوگا اور فرشتے اس کے لیے دعائے مغفرت کریں گے اور کہا گیا ہے کہ اسے علم اور عمل میں زیادتی نصیب ہوگی اور کہا گیا کہ وہ مرض سے نکل کر صحت اور اچھائی کی طرف لوٹ آئے گا۔

## سورۃ الزخرف

جس نے خواب میں سورۃ الزخرف یا اس کا کچھ حصہ پڑھایا اس پر پڑھا گیا تو اس کے تھوڑے رزق میں کمی ہوگی اور وہ دنیا کی طلب سے کمزور ہوگا یعنی دنیا کو طلب نہ کرسکیگا اور کہا گیا کہ وہ زبان کا سچا اور دنیا میں کم خوشحالی والا ہوگا تاہم وہ آخرت میں سعادت والا ہوگا اور وہ ان لوگوں میں سے ہوگا جن سے قیامت کے دن کہا جائیگا ﴿ يَا عِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَا أَنْتُمْ تَحْزَنُونَ ﴾ ترجمہ: ''اے میرے بندو آج کے دن نہ تمہیں کوئی خوف ہوگا اور نہ ہی تم غم کروگے''۔

## سورۃ الدخان

اور جس نے خواب میں سورۃ الدخان یا اس کا کوئی حصہ پڑھایا اس پر پڑھا گیا تو وہ دشمن سے نجات پائیگا اور رفعت و بلندی پائیگا اور کہا گیا کہ دلیل ہے وہ جواہر طلب کریگا اور اسے مال عطا ہوگا اور کہا گیا کہ وہ ظالموں کے ظلم سے محفوظ ہوگا اور قبر اور آگ کے عذاب سے بھی محفوظ ہوگا اور اس کا یقین قوی ہوگا۔

## سورۃ الجاثیہ

اور جس نے خواب میں سورۃ الجاثیہ یا اس کا کچھ حصہ پڑھایا اس پر پڑھا گیا تو وہ زہد پائے گا اور خاشعین میں سے ہوگا اور کہا گیا کہ وہ اللہ تعالی سے ڈرے گا اور اس کے لیے برائیوں سے نجات کی امید کی جاتی ہے اور کہا گیا کہ اللہ تعالی اس کی غلطیوں پر پردہ پوشی کریں گے اور اس کو خوف سے امن دینگے اور قیامت کے دن اسے امن کے ساتھ اٹھائیں گے۔

## سورۃ الاحقاف

اور جس نے خواب میں سورۃ الاحقاف یا اس کا کچھ حصہ پڑھایا اس پر پڑھا گیا تو وہ عجائب کو ڈھونڈ لے گا اور اللہ تعالی کی عظمت اور بادشاہت میں غور وفکر کریگا اور کہا گیا کہ وہ اپنے والدین کی نافرمانی کریگا اور پھر اس سے صحیح توبہ کریگا اور والدین کے ساتھ اچھا سلوک کریگا۔ اور حضرت جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ جس نے سورۃ الاحقاف کی خواب میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تلاوت کی تو ملک الموت اس کے پاس بڑی اچھی صورت میں آئیگا اور اس سے نرمی سے پیش آئیگا۔ اور یہ بھی کہا گیا کہ اسے اس طرف سے جہاں سے اسے بھلائی کی امید ہوگی سختی اور غم ملے گا۔

## سورۃ محمد ﷺ

جس نے خواب میں سورۃ محمد ﷺ یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو دلیل ہے وہ قیامت کے دن حضور ﷺ کے جھنڈے کے نیچے ہوگا اور دنیا کے اندر وہ حضور ﷺ کی سنتوں پر چلے گا۔ اور کہا گیا کہ اسے دشمنوں پر کامیابی نصیب ہوگی اور لوگوں میں بلندی اور عزت نصیب ہوگی اور اس کا لوگوں میں شہرہ ہوگا۔

## سورۃ الفتح

جس نے خواب میں سورۃ الفتح یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا دلیل ہے وہ بھائیوں اور رشتہ داروں سے صلہ رحمی کریگا اور کہا گیا کہ اسے جہاد فی سبیل اللہ نصیب ہوگا اور کہا گیا کہ اس کے لیے دنیا اور آخرت کی نعمتوں کو اکٹھا کیا جائیگا اور کہا گیا کہ اسکی دعا قبول ہوگی اور کہا گیا کہ اسے تنگی سے خوشحالی ملے گی اور جو چیز طلب کریگا اس میں کامیابی ملے گی اور کہا گیا کہ اس کے لیے بھلائیوں کے دروازے کھول دئے جائینگے اور حضور ﷺ کے ہاتھ پر بیعت کرنے والوں کی طرح ہوگا۔

## سورۃ الحجرات

جس نے خواب میں سورۃ الحجرات یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو دلیل ہے قرآن پاک میں موجود اللہ تعالی کے اوامر کا اتباع نصیب ہوگا اور وہ رشتہ داروں اور بھائیوں میں صلہ رحمی کریگا اور لوگوں کے درمیان مصالحت کو بڑھائے گا اور اسے اللہ تعالی کی نافرمانی کرنے والوں کی تعداد کے برابر اجر ملے گا۔

## سورۃ قٓ

جس نے خواب میں سورۃ ق یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو دلیل ہے اسے انبیاء والے اعمال نصیب ہوں گے اور کہا گیا کہ وہ علم پائیگا اور کہا گیا کہ وہ قسمیں اٹھائے گا اور کہا گیا کہ اللہ تعالی اس پر خیر کے دروازے کھولے گا اور اس پر موت کے سکرات کو آسان کریگا اور کہا گیا کہ اس کا رزق وسیع کیا جائے گا۔

## سورۃ الذاریات

جس نے خواب میں سورۃ الذاریات یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو دلیل ہے وہ رزق پائیگا زمین کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پودوں سے اور وہ اپنے ہم معاشرہ سے ذہنی طور پر موافق ہوگا اور کہا گیا کہ وہ شادی کریگا یا قسم اٹھائے گا۔

## سورۃ الطّور

اور جس نے خواب میں سورۃ الطّور یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو اللہ کے گھر کعبہ کی مجاورت کئی سال اور کئی مہینے نصیب ہوگی اور کہا گیا کہ اسے لڑکا نصیب ہوگا جو بلوغت سے پہلے ہی مرجائے گا اور یہ بھی کہا گیا کہ وہ کسی اچھے کام یا کسی شادی کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ کا قرب پائیگا جو اس کے لیے برکت کا باعث بنے گی۔

## سورۃ النجم

اور جس نے خواب میں سورۃ النجم یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ اسے اولاد عطا ہوگی جو اللہ کے راستے میں جان دیگی اور اگر وہ غائب ہو تو لوٹ آئیگا۔

## سورۃ القمر

اور جس نے خواب میں سورۃ القمر یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو دلیل ہے اسے جیل میں ڈالا جائیگا اور پھر اللہ تعالیٰ اسے جیل سے رہائی عطا فرمائیں گے اور اللہ تعالیٰ اس سے شر والوں کے شر کو دور کریگا اور قیامت میں جب وہ آئیگا تو اس کا چہرہ چودہویں رات کے چاند کی طرح چمکتا ہوگا اور کہا گیا کہ وہ شک وشبہ سے توبہ کریگا اور دین میں خرابی کے بعد اصلاح کریگا اور حضرت امام جعفر صادقؒ فرماتے ہے کہ اس پر ڈوبنے کا خوف ہے اس کے رشتہ داروں کی طرف سے خوف زدہ ہوگا اور ابن فضالہ فرماتے ہیں کہ دنیا سے وہ آزمائش کے بعد ہی نکلے گا۔

## سورۃ الرحمٰن

اور جس نے خواب میں سورۃ الرحمٰن یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو تعبیر ہے کہ بے شک اللہ تعالیٰ اسے دونوں حرموں (مکہ و مدینہ) میں سے کسی ایک کی طرف لے جائیں گے یا دونوں عدنوں (یمن۔۔۔۔) میں سے کسی ایک کی طرف یا اسکندریہ شہر کی طرف۔ یا اشارہ ہے ان جگہوں میں سے کسی ایک میں مرے گا اور کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ اس پر خصوصی رحمت کریں گے اور کہا گیا کہ وہ قرآن پاک حفظ کریگا اور دین کی سمجھ حاصل کریگا اور بہت زیادہ علم حاصل کریگا اور اگر اس کے دشمن ہوں تو وہ اسے نقصان نہیں پہنچا سکیں گے اور کہا گیا کہ وہ بیت المقدس فلسطین میں رہائش اختیار کریگا اور کہا گیا کہ وہ دنیا کی نعمتیں پائے گا۔

## سورۃ الواقعہ

اور جس نے خواب میں سورۃ الواقعہ یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو حضرت عمر بن خطابؓ فرماتے ہیں کہ وہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دنیا میں فقیر نہ ہوگا اور آخرت کے معاملہ میں گمراہ نہ ہوگا اور کہا گیا کہ جنت کی طرف سبقت کرنے والوں میں سے ہوگا اور کہا گیا کہ جس سے وہ ڈرتا ہے اس سے امن حاصل ہوگا اور اس پر دنیا کشادہ ہوگی۔

## سورۃ الحدید

اور جس نے خواب میں سورۃ الحدید یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ اللہ کے دین میں اسے قوت عطا ہوگی اور وہ اچھے اخلاق والا ہوگا اور کہا گیا کہ اسے نیکی اور لوگوں کی طرف سے تعریف نصیب ہوگی اور بدن کی صحت نصیب ہوگی اور کہا گیا کہ وہ مال اور بھلائی پائے گا اور اس پر تمام بھلائیوں کا دروازہ کھل جائیگا اور وہ اللہ تعالی اور رسول اللہ ﷺ پر ایمان لانے والوں میں لکھا جائیگا۔

## سورۃ المجادلہ

اور جس نے خواب میں سورۃ المجادلہ یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو امام نافعؒ اور ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ اسے کسی رزیل قوم سے تکلیف پہنچے گی اور ابن فضالہؒ فرماتے ہیں کہ اگر وہ عالم ہو تو اسے تکلیف نہیں پہنچے گی اور کہا گیا کہ وہ باطل مذہب والوں سے جھگڑا کریگا اور ان پر غالب آئیگا اور کہا گیا کہ وہ مستجاب دعا کے ذریعے اپنی مطلوبہ چیز سے نجات پائیگا۔

## سورۃ الحشر

اور جس نے خواب میں سورۃ الحشر یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو دلیل ہے اللہ تعالی اس کو نیکوں کے ساتھ اٹھائیں گے اور کہا گیا کہ وہ دین میں فساد کے بعد اصلاح پائے گا اور تنگدستی سے نکل کر خوشحالی میں آئیگا اور اگر وہ مسافر ہو تو وہ سفر سے واپس آئیگا اور کہا گیا کہ اللہ تعالی اس کے دشمنوں کو ہلاک کریں گے اور کہا گیا کہ اسے اللہ تعالی مال عطا کریں گے اور قیامت کے دن اسی حالت میں اٹھایا جائیگا اور جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالی اسے قیامت کے دن اٹھائیں گے درآنحالیکہ اس سے راضی ہونگے۔

## سورۃ الممتحنہ

اور جس نے خواب میں سورۃ الممتحنہ یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو جعفر صادق فرماتے ہیں کہ وہ آخری عمر میں اچھی توبہ کریگا اور کہا گیا کہ وہ آزمایا جائیگا اور اجر دیا جائیگا اور کہا گیا کہ وہ ہر برائی سے محفوظ رہیگا اور کہا گیا کہ اس میں خلوص ہوگا اور اطاعت کو لازم پکڑے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سورۃ الصّف

اور جس نے خواب میں سورۃ الصّف یا اس کا کوئی حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ وہ کسی بدعتی قوم سے ملے گا جو حضور ﷺ کی آل کے بارے میں باتیں کریگا اور کہا گیا کہ وہ غزوہ میں شامل ہوگا اور اللہ کے راستے میں شہید ہوگا اور کہا گیا ہے کہ نذر مان کر یا قسم کھا کر اس پر ثابت قدم رہے گا یا دلیل ہے زبان کی حفاظت کریگا۔

## سورۃ الجمعہ

اور جس نے خواب میں سورۃ الجمعہ یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے دنیا اور آخرت کی خوشحالیوں کو جمع فرمائیں گے اور اسے جمعہ میں آنے اور نہ آنے والوں کی تعداد کے برابر ثواب ملے گا۔

## سورۃ المنافقون

اور جس نے خواب میں سورۃ المنافقون یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو حضرت جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ اس کی بیوی کو تکلیفیں پہنچیں گی اور کہا گیا کہ اس سے شک اور منافقت ظاہر ہوگی اور یہ بھی کہا گیا کہ اس سے وعدہ خلافی اور دھوکہ ہوگا اور کہا گیا کہ کسی قوم سے مل جل کر رہیگا لیکن ان کے عقیدوں سے بری ہوگا۔

## سورۃ التغابن

اور جس نے خواب میں سورۃ التغابن یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو دلیل ہے وہ دوبارہ قیامت کے دن اٹھائے جانے پر ایمان رکھنے والا ہوگا اور کہا گیا کہ اچانک کی موت اس سے ہٹائی جائے گی اور قیامت کی ہولناکیوں سے محفوظ رہیگا اور کہا گیا کہ وہ سیدھے راستے پر قائم رہیگا اور کہا گیا ہے کہ اس کے ذریعہ سے اسے فرائض چھوڑنے پر ڈرایا گیا ہے۔

## سورۃ الطلاق

اور جس نے خواب میں سورۃ الطلاق یا اس کا کوئی حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو ابوبکر صدیقؓ فرماتے ہیں کہ وہ دوست کے لیے پریشان ہوگا اور ایسا ہی ابن فضالہ نے فرمایا اور جعفر صادقؒ فرمایا کہ وہ بیویوں کے لیے بھی پریشان ہوگا اور کہا گیا کہ وہ اپنے بہت سی بیویوں کو طلاق دیگا اور کہا گیا کہ اس کے اور اسکی بیوی کے درمیان جھگڑا ہوگا۔ اور وہ کتاب اور سنت کے حکم کے مطابق مرے گا۔ اور کہا گیا کہ وہ بیوی کے ذریعے آزمائش میں مبتلا ہوگا یہ بیوی اسے مال اور عزت کے معاملے میں تکلیف دیگی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سورۃ التحریم

اور جس نے خواب میں سورۃ التحریم یا اس کا کوئی حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو جعفر صادق اور ابن فضالہؒ فرماتے ہیں کہ وہ کسی ایسی عورت میں مبتلا ہوگا جو اسے جسم اور مال کے اعتبار سے نقصان پہنچائے گی تاہم اسے بعد میں اس پر ندامت ہوگی اور اس کا خاتمہ بالخیر ہوگا اور یہ شخص حرام کاموں سے اجتناب کرے گا اور ان کے قریب بھی نہیں جائے گا اور کہا گیا کہ وہ کسی ایسی بات پر مطلع ہوگا جو اس کے بارے میں کہی گئی ہوگی اور کہا گیا ہے کہ اللہ تعالی اس کی پکی توبہ کو قبول کریں گے۔

## سورۃ الملک

اور جس نے خواب میں سورۃ الملک یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو دلیل ہے وہ کسی بادشاہ کی خدمت میں رہے گا جس سے وہ فائدہ حاصل کریگا اور نافع اور ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ وہ اس سے بہت سی چیزیں پائے گا اور کہا گیا کہ وہ روح قبض ہونے کے وقت اللہ تعالی کے عذاب سے نجات پائیگا اور خوشخبری ملے گی اور اس کے لیے خیر و برکت ہوگی۔

## سورۃ الحاقہ

اور جس نے خواب میں سورۃ الحاقہ یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو اگر وہ منبر پر کھڑا تھا تو اسے اسلام میں کوئی بدعت نکالنے پر سولی پر چڑھایا جائے گا اور ابن مسیبؒ فرمایا کہ اگر کسی نے اس کی تلاوت کی اور وہ بیٹھا ہوا تھا تو اسے کوڑے مارے جائیں گے اور جعفر صادقؒ نے فرمایا کہ اگر اسے کسی بادشاہ نے پڑھا تو دلیل ہے اسکی بادشاہت زائل ہو جائیگی اور اگر کسی گواہ نے پڑھا تو دلیل ہے وہ گواہی سے رک جائیگا اور اگر کسی بیمار نے پڑھا تو اشارہ ہے وہ مر جائیگا اور اگر کسی عورت نے پڑھا تو علامت اس کا شوہر اسے طلاق دیگا اور اگر اسکی تلاوت ایک ایسے شخص نے کی جو علم کی طرف منسوب کیا جاتا ہے یعنی عالم نے، تو تعبیر ہے اسے کوڑے مارے جائیں گے۔ ایسا ہی عبداللہ بن فضالہ وغیرہ نے بھی کہا ہے اور کہا گیا کہ وہ اللہ تعالی کا بہت قرب حاصل کرنے والا ہوگا اور کہا گیا کہ وہ کسی مصیبت میں واقع ہوگا اور اللہ تعالی اس کی توبہ کو قبول کرینگے۔ اور کہا گیا کہ اگر وہ حق پر تھا حق اس کے ہاتھ پر قائم ہوگا اور چالیس دن تک بھلائی پائے گا۔

## سورۃ المعارج

اور جس نے خواب میں سورۃ المعارج یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو دلیل ہے وہ زندگی کے شروع میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بدکلام ہوگا اور زندگی کے آخری حصے میں متقی ہوگا اور کہا گیا کہ اس سے دور قریب ہوگا اور بہت زیادہ روزہ رکھنے والا ہوگا اور کہا گیا کہ وہ خود بلاؤں اور مصیبتوں کو اپنے اور اپنے گھر والوں کے لیے بلائے گا تو اسے چاہیے کہ اس سے رک جائے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ محفوظ اور منصور ہوگا

## سورۃ نوح علیہ السلام

اور جس نے خواب میں سورۃ نوح اور اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں اور کہا گیا کہ وہ برائی اور فحاشی کو روکے گا اور انصاف کو ظاہر کریگا اور دشمنوں پر غالب آیگا اور کہا گیا کہ کوئی پیغام لے کر آنے والا اسکے پاس پیغام دیر سے لیکر آیگا۔

## سورۃ الجن

اور جس نے خواب میں سورۃ الجن یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ اس کے رزق میں تنگی ہوگی پھر اللہ تعالی اس میں کشادگی دیں گے اور جنات اس کے تابع ہونگے اور کہا گیا کہ وہ کسی سنگدل قوم سے جھگڑا کریگا اور یہ بھی کہا گیا کہ وہ جنوں کے شر سے محفوظ رہیگا اور کہا گیا کہ اسے الہام اور فہم دقیق عطا ہوگا۔

## سورۃ المزمّل

اور جس نے خواب میں سورۃ مزمّل یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو دلیل ہے وہ بڑا اصلاح والا ہوگا اور تہجد گزار ہوگا اور کہا گیا کہ وہ قاری قرآن ہوگا اور اس سے اللہ تعالی دنیا اور آخرت کی تنگدستی کو دور فرمائیں گے اور بعض نے کہا کہ وہ تنگدستی اور خوف پائے گا اور پھر اس کا خوف زائل ہوگا اور کہا گیا کہ پہلے وہ تہجد گزار تھا اب اس سے غافل ہوگیا اسے چاہیے کہ دوبارہ اس پر مداومت کرے۔

## سورۃ المدثر

اور جس نے خواب میں سورۃ المدثر یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا اور وہ ہمیشہ دن کا روزہ رکھنے والا ہوگا اور کہا گیا کہ اس کی نیت درست ہوگی اور وہ صبر کرنے والا ہوگا۔ اور کہا گیا کہ اس کی زندگی تلخ ہوجائیگی اور اس کا رزق تنگ ہوجائیگا اور کہا گیا کہ وہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کریگا۔

## سورۃ القیامۃ

اور جس نے خواب میں سورۃ القیامۃ یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو جعفر صادق فرماتے ہیں کہ وہ سخی النفس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوگا اور غریبوں کو کھانا کھلائے گا اور کہا گیا کہ وہ صحیح اور بری ہر قسم کی قسموں سے بچے گا پس وہ نہ سچی قسم اٹھائے گا اور نہ ہی جھوٹی قسم۔ اور ایسا ہی امام کسائیؒ نے فرمایا کہ اس پر لوگ ظلم کریں گے مگر اس کے لیے کامیابی کی امید کی جاسکتی ہے

## سورۃ الانسان (الدھر)

اور جس نے خواب میں سورۃ الانسان یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ وہ آل محمد ﷺ کے لیے خوش ہوگا اور کہا گیا کہ اسے شکر عبادت اور تقویٰ نصیب ہوگا اور اپنے آپ پر دوسروں کو ترجیح دیگا اور کہا گیا کہ وہ بہت زیادہ صدقہ دینے والا ہوگا اور اس میں اشارہ ہے اسے کوئی ایسا کام بھول گیا جس میں اسے بہت زیادہ فائدہ ہے پس اسے چاہیے کہ وہ توبہ کرے اور کہا گیا کہ وہ اچھے اخلاق والا ہوگا اور اسے لوگوں سے مال نصیب ہوگا اور اس کی زندگی اچھی ہو جائیگی۔

## سورۃ المرسلات

اور جس نے خواب میں سورۃ المرسلات یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ وہ اپنے بچوں کے معاملے میں بڑا غیرت مند اور سخی ہوگا اور کہا گیا کہ اسے خوشحالی اور رحمت عطا ہوگی اور کہا گیا کہ اسے خوف سے امن نصیب ہوگا۔

## سورۃ النباء

اور جس نے خواب میں سورۃ النباء یا اس کا کوئی حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو حضرت ابوبکر صدیقؓ فرماتے ہیں کہ اس کی خوبیوں کی وجہ سے اسکی تعریف کی جائیگی اور اللہ تعالیٰ اس کو مخلوق کے درمیان محبوب بنا دیں گے اور کہا گیا کہ اس کا مرتبہ بلند ہوگا اور اس کا لوگوں میں اچھا ذکر پھیلے گا اور کہا گیا کہ وہ دینؒ میں ہدایت پائیگا اور اس کی عمر دراز ہوگی اور یہ بھی کہا گیا کہ وہ علم حاصل کریگا اور وہ علماء کا قاصد ہوگا۔

## سورۃ النازعات

اور جس نے خواب میں سورۃ النازعات یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ اس کو تجارت سے مال ملے گا اور صنعت سے فائدہ ملے گا اور اللہ تعالیٰ اس کے دل سے شک اور خیانت کو نکال دینگے اور کہا گیا کہ وہ نماز کو وقت سے مؤخر کریگا اور کہا گیا کہ یہ دلیل ہے اس کی موت قریب ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سورۃ عبس

اور جس نے خواب میں سورۃ عبس یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ وہ جو کچھ دیگا تو اس کا احسان چڑھانے والا ہوگا اچھی عادتوں والا ہوگا۔ اور ایسا ہی امام کسائی نے فرمایا اور کہا گیا کہ وہ صدقہ اور زکوٰۃ بہت زیادہ دینے والا ہوگا اور کہا گیا کہ وہ لوگوں کی اہانت کریگا اور ان کی تحقیق کریگا اور کہا گیا کہ وہ مشرق کی طرف سفر کریگا۔

## سورۃ التکویر

اور جس نے خواب میں سورۃ التکویر یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ اس کو چوری کے ذریعے یا ایسے آدمی کے ذریعے سے مال ملے گا جس سے اس کو فائدہ ملے گا اور کہا گیا کہ مشرق کی جانب سفر کریگا اور وہاں سے رزق پائیگا اور کہا گیا کہ اسکو خشوع اور توبہ عطا ہوگی اور اللہ تعالیٰ اس کو ذلت سے بچائیں گے۔

## سورۃ الانفطار

اور جس نے خواب میں سورۃ الانفطار یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو امام نافع اور ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ وہ نماز میں سستی کرنے والا ہوگا اور اس کو غیر وقت میں ادا کریگا اور کہا گیا کہ اسے بادشاہ کی ہم نشینی نصیب ہوگی اور کہا گیا کہ اسے اپنے پڑوسیوں سے بچنا چاہیے کہ کہیں وہ اس کو نقصان نہ پہنچائیں۔

## سورۃ المطففین

اور جس نے خواب میں سورۃ المطففین یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو یہ ایمان میں فطور واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے اور مسلمانوں کے مال کو ناانصافی اور ناجائز طریقوں سے لینے پر بھی دلالت کرتا ہے اور کہا گیا کہ اسے عدل اور وقار نصیب ہوگا اور ناپ تول میں برابری کرنا نصیب ہوگا اور بعض نے کہا کہ وہ ناپ تول میں کمی کرتا ہے پس اسے چاہیے کہ اس سے توبہ کرے۔

## سورۃ الانشقاق

اور جس نے خواب میں سورۃ الانشقاق یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو حضرت ابوبکر صدیقؓ فرماتے ہیں کہ بعض لوگ اس کے لیے دعا اور بعض لوگ اس کے لیے بددعا کریں گے اور اگر اسے کوئی عورت پڑھے تو دلیل ہے اس کا شوہر اسے طلاق دیگا اور وہ بڑی اولاد اور نسل والا ہوگا اور کہا گیا کہ وہ اپنے نفس کا حساب کرنے والا ہوگا اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کا اعمال نامہ اس کے بائیں ہاتھ میں دیں گے اور کہا گیا کہ وہ اس سال کی زرخیزی اور شادابی پر دلالت کرتا ہے اور کہا گیا کہ اسے صرف بیٹیاں عطا ہونگی اور وہ بلوغت سے قبل ہی مر جائینگی۔

## سورۃ البروج

اور جس نے خواب میں سورۃ البروج یا اس کا کوئی حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو حضرت امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اسے مسائل کی معرفت، علم و عمل اور دین میں قوت کے اعتبار سے لوگوں میں محبوب بنا دینگے اور کہا گیا کہ اسے علم نجوم عطا ہوگا اور کہا گیا کہ یہ دلالت کرتا ہے کہ جھوٹی گواہی پر کہ اس نے گواہی دی حالانکہ اس نے دیکھا نہیں۔ اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کو غموں سے نجات ملیگی۔

## سورۃ الطارق

اور جس نے خواب میں سورۃ الطارق یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ اسے اولاد لڑکے اور لڑکیاں نصیب ہونگی۔ اور کہا گیا کہ اسے تسبیح اور تہلیل عطا ہوگی اور کہا گیا کہ وہ چوروں سے ڈرتا ہوگا۔

## سورۃ الاعلیٰ

اور جس نے خواب میں سورۃ الاعلیٰ یا اس کا کوئی حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ وہ بہت زیادہ تسبیح کرنے والا ہوگا اور کہا گیا کہ وہ آخرت کو دنیا پر ترجیح دیگا اور بعض نے کہا کہ اس پر بھولنے کا مرض طاری ہونے کا خوف ہے مگر اس کے لیے قوت حافظہ کی امید بھی کی جاتی ہے اور یہ بھی کہا گیا کہ اس کے لیے آسانی پیدا ہوگی۔

## سورۃ الغاشیہ

جس نے خواب میں سورۃ الغاشیہ کو یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو جعفر صادقؒ اور امام کسائیؒ فرماتے ہیں کہ اگر اس کی معیشت میں تنگی ہو تو دلیل ہے اللہ تعالیٰ اس کو وسیع کر دینگے اور کہا گیا ہے کہ اسے زہد اور علم نصیب ہوگا اور کہا گیا کہ وہ کسی قوم پر خرچہ کریگا اور انہیں عطا کریگا لیکن وہ اس کا شکر ادا نہیں کرینگے اور کہا گیا کہ اس کا مرتبہ بلند ہوگا اور اس کا ذکر اور علم لوگوں میں پھیلے گا۔

## سورۃ الفجر

اور جس نے خواب میں سورۃ الفجر یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو امام نافع اور ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ وہ اسی سال مر جائے گا اور کہا گیا کہ اسے رعب اور ہیبت عطا ہوگی اور کہا گیا کہ وہ یتیموں اور مسکینوں سے محبت کرنے والا ہوگا اور کہا گیا کہ وہ اپنے لیے اور مسلمانوں کے لیے دعا کریگا جس سے اللہ تعالیٰ اس کو نفع دینگے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سورۃ البلد

اور جس نے خواب میں سورۃ البلد یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ وہ قسم اٹھا کر اس پر شرمندہ ہوگا اور بعض دفعہ وہ جھوٹی قسم کھائے گا اور کہا گیا ہے اسے یتیموں کی تربیت اور مسکینوں کو کھانا کھلانا نصیب ہوگا اور کہا گیا کہ وہ بڑا مہربان ہوگا اور بعض نے کہا کہ اسے خوف کے بعد امن نصیب ہوگا۔

## سورۃ الشمس

اور جس نے خواب میں سورۃ الشمس یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو امام نافع اور ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ وہ کسی عادل بادشاہ کے ساتھ شہر میں رہیگا یا تعبیر ہے اسے ہر چیز میں کامیابی اور کامرانی عطا ہوگی اور کہا گیا کہ اسے نیک اولاد عطا ہوگی۔ اور وہ دنیا میں امن سے رہیگا اور آخرت میں بھی خوف میں نہ ہوگا۔

## سورۃ اللیل

اور جس نے خواب میں سورۃ اللیل یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو امام نافع اور ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ اسے رزق کم عطا ہوگا اور شہادت کی موت، تہجد اور اللہ تعالیٰ کی اطاعت نصیب ہوگی اور بعض علماء نے فرمایا کہ اس کے رزق میں تنگی ہوگی۔

## سورۃ الضحیٰ

اور جس نے خواب میں سورۃ الضحیٰ یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو امام نافع اور ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ وہ بہت زیادہ خیر پائیگا اور کہا گیا کہ وہ ضعیفوں اور مسکینوں پر رحم اور مہربانی کرنے والا ہوگا اور بعض کی رائے کہ وہ خوف کے بعد امن اور مایوسی کے بعد خوشخبری اور ناامیدی کے بعد امید پائیگا اور اگر وہ فقیر ہو تو دلیل ہے قناعت پسند ہوگا اور بعض دفعہ یہ موت کے قریب ہونے کی علامت ہوتی ہے۔

## سورۃ الانشراح

اور جس نے خواب میں سورۃ الانشراح یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ وہ عوارض اور امراض سے محفوظ رہے گا اور کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ اس کے سینے کو اسلام کے لیے کھول دینگے اور کہا گیا کہ کسی آدمی کا اس پر احسان ہوگا جو کہ یہ اس کے لیے کر رہا ہے اور کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ اس کے کام کو آسان کرینگے اور اس کے غم دور ہونگے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سورۃ التین

اور جس نے خواب میں سورۃ التین یا اس کا کوئی حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو یہ تنبیہ اور خوف ہے تاہم وہ اس سے محفوظ رہے گا اور اس کا انجام اچھا ہوگا اور کہا گیا کہ اسے نبیوں' ولیوں اور پاک لوگوں کا عمل نصیب ہوگا اور بقول بعض کہ اسے رزق' برکت اور لمبی عمر نصیب ہوگی اور بعض دفعہ اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ وہ قسم اٹھائیگا بعض علماء نے کہا کہ وہ شرمندہ ہوگا اور اس شرمندگی کا انجام اچھا ہوگا اور یہ بھی کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ اس کی حاجتوں کو جلدی پورا فرمائیں گے اور اس کے رزق کو آسان فرمائیں گے اور کہا گیا کہ وہ علم نافع حاصل کریگا اور اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ دین و دنیا اور آخرت میں آسانیوں والا معاملہ فرمائیں گے۔

## سورۃ العلق

اور جس نے خواب میں سورۃ العلق یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو اسے اولاد نرینہ عطا ہوگی اور وہ نیک بندہ ہوگا اور کہا گیا کہ اسے کتابت اور خشوع وخضوع نصیب ہوگا اور کہا گیا کہ وہ قرآن پاک پڑھے گا اور اس کی تفسیر کریگا اور کہا گیا کہ اسے کسی انسان سے ڈانٹ پڑیگی۔

## سورۃ القدر

اور جس نے خواب میں سورۃ القدر یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو دلیل ہے اس کے اعمال اچھے ہونگے اور اس کی حالت اچھی ہوگی اور اسے بہت زیادہ ثواب عطا ہوگا اور کہا گیا کہ اس کے مدد اور کسی کام کی قبولیت اس کے گمان سے بھی کئی گنا زیادہ نصیب ہوگی اور کہا گیا کہ وہ بہت لمبی زندگی پائیگا یہاں تک کے زندگی کے آخری حصے تک پہنچے گا اور اس کی عزت اور اس کا مرتبہ بلند ہوگا اور اس کو لیلۃ القدر میں بیدار رہنے والے کے برابر ثواب ملے گا۔

## سورۃ البیّنۃ

اور جس نے خواب میں سورۃ البینۃ یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو یہ دلالت کرتا ہے کہ ڈرانے اور خوشخبری پر اور کہا گیا کہ اس کے ہاتھ بہت سے مشرک ایمان لائیں گے اور کہا گیا کہ باطن میں فساد پیدا ہونے کے بعد اس کی اصلاح ہوگی اور شک کے بعد جو اس میں تھا اسے یقین نصیب ہوگا۔

## سورۃ الزلزال

اور جس نے خواب میں سورۃ الزلزال یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو دلیل ہے وہ مقام پر شیطان کی طرف

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے کسی فتنے میں مبتلا ہوگا اور کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے ذمیوں کو جھٹکا دینگے اور کہا گیا کہ اسے رزق اور مدفون مال ملے گا اور کہا گیا کہ وہ بادشاہ سے ڈرے گا۔

## سورۃ العادیات

جس نے خواب میں سورۃ العادیات یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو اگر تو وہ مسافر ہے تو لوٹا جائیگا اور اگر وہ مسافر نہیں تو دلیل ہے وہ دنیا کے مال و منال سے محبت کرتا ہے اور کہا گیا کہ وہ گھوڑوں اور بکریوں کے گلوں سے محبت کرتا ہے اور کہا گیا کہ وہ اللہ تعالیٰ کا بہت زیادہ ذکر کرنے والوں میں سے ہوگا اور اس کی عمر دراز ہوگی اور لوگ اس کی تعریف کرینگے۔

## سورۃ القارعہ

اور جس نے خواب میں سورۃ القارعہ یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو یہ دلالت کرتا ہے خوشخبری اور ڈرانے پر اور کہا گیا کہ وہ بڑا پرہیز گار، عبادت گزار اور صاحب تقوی ہوگا۔

## سورۃ التکاثر

اور جس نے خواب میں سورۃ التکاثر یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو وہ دنیا جمع کرنے کو پسند کریگا اور آخرت کو بھول جائیگا اور کہا گیا کہ یہ دلالت کرتا ہے رزق کی تنگی اور قرض کی کثرت پر۔ اور کہا گیا کہ وہ مال کی محبت میں مبتلا ہوگا اور اپنے ساتھیوں، دوستوں وغیرہ کو چھوڑ دیگا۔

## سورۃ العصر

اور جس نے خواب میں سورۃ العصر یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو یہ دلالت کرتا ہے ڈرانے اور خوشخبری پر اور کہا گیا کہ وہ بہت آمدن اور صدقہ خیرات کرنے والا ہوگا اور دشمنوں پر غالب ہوگا اور کہا گیا کہ وہ صبر کے موافق اور حق پر ظاہر ہوگا اور کہا گیا کہ کوئی کام اس پر مشکل ہو کر پھر آسان ہوگا۔

## سورۃ الھمزۃ

اور جس نے خواب میں سورۃ الھمزہ یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو یہ دلالت کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے عذاب سے ڈرائے جانے پر تو اسے چاہیے کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرے اور کہا گیا کہ وہ بڑا وسیع الظرف ہوگا اور مال جمع کریگا پھر اس کو نیکی، صلہ رحمی اور اچھے کاموں میں خرچ کریگا اور بقول بعض معبرین کہ وہ اپنے قریبی رشتہ داروں کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



غیبت کریگا اور کہا گیا کہ وہ چغل خوری کریگا۔

## سورۃ الفیل

اور جس نے خواب میں سورۃ الفیل یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو دلیل ہے وہ دشمنوں پر غالب آئیگا اور کہا گیا کہ اگر وہ بادشاہ ہے تو وہ لشکروں کو شکست دیگا اور فتح حاصل کریگا اور کہا گیا کہ وہ حج کریگا اور کہا گیا کہ کوئی فتنہ ظاہر ہو گا جس میں اللہ تعالی کے دشمن ہلاک ہو نگے اور کہا گیا کہ اللہ تعالی پوری زندگی اسکو تہمت اور خوف سے بچائیں گے۔

## سورۃ القریش

اور جس نے خواب میں سورۃ القریش یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو یہ حج کرنے پر دلیل ہے بشرطیکہ وہ ہدایت اور امانت والوں میں سے ہو وگرنہ اس سے مراد اللہ تعالی کا رزق کھانا اور اس پر شکر ادا نہ کرنا ہے اور کہا گیا کہ وہ لوگوں میں مانوس ہوگا اور مسکینوں اور محتاجوں کو کھانا کھلائے گا اور یہ بھی کہا گیا کہ اسے بغیر مشقت کے رزق نصیب ہوگا اور یہ بھی کہا گیا کہ اس نے جس سفر کا ارادہ کیا ہے اس میں اسے بہت فائدہ ہوگا۔

## سورۃ الماعون

اور جس نے خواب میں سورۃ الماعون یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو وہ قیامت کا انکار کرنے والوں میں سے ہوگا اور اچھے کاموں سے روکے گا اور مال کی زکوۃ ادا نہیں کریگا اور کہا گیا کہ کچھ لوگ اس کی مخالفت کرینگے اور یہ ان پر کامیاب ہوگا اور کہا گیا کہ اس کے پڑوسی اس سے فائدہ اٹھائیں گے اور لوگ بھی اس سے نفع اٹھائیں گے اور اس سے راضی ہونگے۔

## سورۃ الکوثر

اور جس نے خواب میں سورۃ الکوثر یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو دلیل ہے وہ آخرت والوں کی مجلس میں بیٹھے گا اور دشمنوں پر کامیاب ہوگا اور کہا گیا کہ وہ بہت قربانیاں دیگا اور یہ بھی کہا گیا کہ کسی مصیبت کی وجہ سے اللہ تعالی کے ہاں بڑا اجر وثواب پائیگا اور یہ بھی کہا گیا کہ وہ بڑا مالدار ہوگا اور بقول بعض اس کی خیر دونوں جہانوں میں بہت ہوگی۔

## سورۃ الکافرون

اور جس نے خواب میں سورۃ الکافرون یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو یہ بدعتوں پر دلیل ہے اور کہا گیا کہ وہ کفار اور منافقین سے دشمنی کریگا اور ان سے جہاد کریگا۔ اور کہا گیا کہ وہ کسی بدعتی قوم کے ساتھ رہیگا اور کہا گیا کہ اسے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خالص ایمان اور صحیح دین نصیب ہوگا۔

## سورۃ النصر

اور جس نے خواب میں سورۃ النصر یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو اگر وہ بادشاہ ہے تو دلیل ہے بڑے شہر فتح کریگا اور کامیاب ہوگا اور اگر وہ بادشاہ نہیں ہے تو یہ اشارہ ہے وہ مریگا اور کہا گیا کہ وہ دشمنوں پر غالب آئیگا اور وہ شہداء اور حضور ﷺ کے ساتھ ہوگا اور کہا گیا کہ اس سے محبت کرنے والا کوئی آدمی اس کی خاطر مریگا۔

## سورۃ تبت

اور جس نے خواب میں سورۃ تبت یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو دلیل ہے وہ اپنے مال کو وہاں خرچ کریگا جہاں اللہ تعالی راضی نہ ہونگے یعنی غلط راستوں میں اور اگر اس کے پاس مال نہیں ہے تو علامت ہے وہ چغلخوری کریگا پھر اللہ تعالی اسے ہلاک کرینگے اور وہ اس وقت تک نہیں مریگا جب تک کہ وہ اپنے تمام اہل کو دفن نہ کرے اور کہا گیا کہ اسے توحید اور مال کی قلت عطا ہوگی اور کہا گیا کہ وہ ایسی عورت پر حاوی ہوگا جس میں کوئی خیر نہ ہوگی اور کہا گیا کہ اسے خسارہ ہوگا اور اس کا مال ضائع ہوجائیگا۔

## سورۃ الاخلاص

اور جس نے خواب میں سورۃ الاخلاص یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو دلیل ہے وہ اللہ تعالی کی توحید بیان کریگا اور اس کی اولاد کبھی بھی نہیں ہوگی اور اس وقت تک نہیں مریگا جب تک کہ وہ تمام اہل کو دفن نہ کردے اور کہا گیا کہ اسے اسم اعظم کا علم ہوگا اور اس کی دعا قبول ہوگی اور اس کی حالت اچھی ہوگی اور کہا گیا کہ اگر وہ ڈرا ہوا ہو تو امن پائیگا اور اگر وہ مظلوم ہو تو اللہ تعالی اس کی مدد کرینگے اور بعض دفعہ یہ عمر اور زندگی کے ختم ہونے پر دلالت کرتا ہے اور کہا گیا کہ اسے پکی توبہ اور صحیح ایمان نصیب ہوگا۔

## سورۃ الفلق

اور جس نے خواب میں سورۃ الفلق یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو یہ اچھی حالت اور دشمنوں پر کامیابی کی دلیل ہے اور کہا گیا کہ اللہ تعالی اس کے نام کو بلند کرینگے اور اسے اسم اعظم نصیب ہوگا اور اس کی دعا قبول ہوگی اور اسے کوئی بھی انسان اور جن نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ اور وہ غموں اور حاسدوں کے شر سے محفوظ ہوگا اور کہا گیا کہ وہ دنیا پر جتنا حسد کریگا اتنی ہی اس پر دنیا آئیگی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سورة الناس

اور جس نے خواب میں سورۃ الناس یا اس کا کچھ حصہ پڑھا یا اس پر پڑھا گیا تو یہ دلالت کرتا ہے اس کے کسی کام کا اس سے ہم آہنگ ہونے پر اور پھر دشمن پر کامیاب ہونے پر۔ اور کہا گیا کہ اس سے جادوگروں کا جادو اور شیطان کے مکر اور وسوسے ہٹائے جائیں گے اور کہا گیا کہ وہ وسوسوں میں مبتلا ہوگا اور کہا گیا کہ اس کی تلاوت دلالت کرتی ہے گھر والوں کے اکٹھے ہونے پر اور کہا گیا کہ لوگ اس سے محفوظ ہونگے اور وہ مکر وفریب اور چالبازی اور مصیبت سے مامون ہوگا۔ اور جو شخص ان کی تعبیر کی وضاحت چاہے تو اسے چاہیے کہ وہ سورت کو دیکھے اور اس حکم کے مناسب جو آیتیں ہیں انکے مطابق حکم لگائے اور ہر آدمی کے لیے وہی حکم لگائے جو اس کے مناسب ہو پس جو قرآن پاک میں سے دیکھے نفع کا حصول یا برائی کو دور کرنا پس اس کا خواب میں اسی شرط پر دیکھنا دلالت کرتا ہے کسی حادثہ پر جس میں خیر یا شر ہوگی خواب کے اعتبار سے اور پھر تم سورہ میں بھی دیکھو اور جو اس میں باتیں ہیں جیسے سورۃ المائدہ میں خوشخبری ہے اور سورۃ التوبہ میں اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع ہے اور سورۃ مریم سے مراد بیوی یا اولاد ہے اور سورۃ الطلاق سے مرد طلاق یا موت ہے اور اس طرح سورۃ النازعات اور عبس میں یہ ناراضگی ہے تو یہ ہے۔ وہ صورت اور طریقہ جب کہ خواب دیکھنے والے کو خواب میں سورۃ کا نام معلوم ہو جائے یا اس کی طرف اشارہ ہو جائے۔

## حضرت سلیمان علیہ السلام

(۱) ان کا خواب میں دیکھنا بادشاہت پر دلالت کرتا ہے اس شخص کے لیے جو اس کے لائق ہو اور اسے مراد قضاء، فقہ اور فتوی بھی ہوتا ہے اس کے لیے جو اس کا اہل ہو۔ خاص طور پر جب انہوں نے اسے اپنا تاج یا لباس پہنایا ہو یا اس کو اپنے تخت پر بٹھایا ہو اور بعض دفعہ یہ دلالت کرتا ہے سختیوں کے قریب ہونے پر اور اللہ تعالیٰ سے عظیم اور بلند مرتبہ دنیا میں پانے پر اور دلیل ہے اس کا آخرت میں بھی انجام اچھا ہوگا۔ اور بعض دفعہ یہ دلالت کرتا ہے عورتوں کی طرف سے کسی آزمائش پر (۲) اور ان کی ناراضگی پر اور دیکھنے والا اگر حکمران ہو تو اشارہ ہے اپنے منصب سے معزول ہوگا۔ اور پھر دوبارہ اس پر فائز ہوگا اور بعض دفعہ اس کی دلالت کسی معزز اور مالدار عورت سے شادی کرنے پر ہوتی ہے (۳) اور اگر دیکھنے والے پرندہ کے کاروبار یا جن حاضر کرنے یا شیشے وغیرہ کا کاروبار کرتا ہو تو یہ دلالت کرتا ہے وسیع رزق پر اور اشارہ ہے بعض دفعہ اس کا کوئی بڑا نفیس مال گم ہو جائے گا اور پھر امید ختم ہونے کے بعد اسے مل جائیگا اور بعض دفعہ وہ دشمن کے غلبہ کے بعد غالب آئیگا (۴) اور اگر دیکھنے والے کے لیے ہوا رک گئی اور وہ وہ سمندر میں سفر کر رہا تھا وہ ان لوگوں میں سے ہو جن کو ہوا کی ضرورت ہوتی ہے جیسے ہوا میں غلہ اڑانے والے وغیرہ تو دلیل ہے جو اس کی خواہش ہو گی وہ پوری ہوگی اور جس نے حضرت سلیمان علیہ السلام کو دیکھا تو اللہ تعالیٰ کی نعمتیں اس پر ظاہر ہونگی اور بعض دفعہ اس کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قدرتی علم اور فہم نصیب ہوگا اور بعض دفعہ یہ دلالت کرتا ہے زبانیں جاننے پر جیسے ترجمان یا عربی زبان کے جاننے پر اور بعض دفعہ ان کا دیکھنا دلالت کرتا ہے مریض کے تندرست ہونے پر اس لیے کہ لفظ سلیم سلامتی والا اور مان حفاظت انکے نام کے اجزاء میں سے ہیں اور جیسا کہ ابراہیم علیہ السلام کے نام سے لفظ ابراٗ یعنی برائت ہے بخلاف حضرت نوح علیہ السلام کے نام کے پس خواب میں ان کا دیکھنا مریض کے موت پر دلالت کرتا ہے اس لیے کہ یہ لفظ ناح ینوح نوحہ کرنا (رونا) سے ہے (۵) اور جس نے ان کی عصا پکڑی تو وہ چغلخور رہوگا اور اگر وہ بیمار ہو تو اشارہ ہے مر جائیگا (۶) اور حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی کا دیکھنا' دیکھنے والے کی بادشاہت کی تجدید ہونے کی دلیل ہے یا اس سے کوئی کام ظاہر ہوگا جس سے لوگ حیران ہو جائینگے اور اس کو ہم لفظِ خاء میں باب الخاء کے ذیل میں بیان کر چکے ہیں (۷) اور اگر عورت نے حضرت سلیمان علیہ السلام کو دیکھا تو وہ اپنے شوہر کو دھوکہ دے گی اور جس نے حضرت سلیمان علیہ السلام کو خواب میں دیکھا تو اسے علم طب نصیب ہوگا اور اس نے ان کو تخت پر مردہ پایا تو دلیل ہے خلیفہ امیر یا سردار ہو کر مریگا اور اس کے مرنے کی مدت کا علم بڑی مدت کے بعد ہوگا اور جس نے حضرت سلیمان علیہ السلام کو دیکھا تو وہ بہت سفر کریگا اور اسے ایسی حکومت اور بادشاہت ملے گی کہ دشمن اور دوست سب ان کے فرمانبردار ہو جائینگے بشرطیکہ وہ حکمرانی کا اہل ہو اور جس نے حضرت سلیمان علیہ السلام کو دیکھا تو وہ بڑا مال پائیگا اور بڑی بادشاہت حاصل کریگا اور وہ دور دراز کا سفر کریگا لیکن بہت جلد واپس لوٹ آئیگا اور وہ خیر اور سلامتی پائیگا۔

## سدرۃ المنتھیٰ

خواب میں اس کا دیکھنا دلالت کرتا ہے اپنے اس مقصد کو پالینے پر جس کا اس سے وعدہ کیا گیا ہے۔

## سجادہ (جائے نماز)

اس کا خواب میں دیکھنا کسی پاک دامن عورت یا کسی دینی منصب کے حصول پر دلالت کرتا ہے۔

## سبحہ (تسبیح)

اس کا خواب میں دیکھنا نیک بیوی یا حلال کمائی پر دلالت کرتا ہے یا ایسے لشکر پر جو اپنے مالک کے لیے فائدہ مند ہو یا دلالت کرتا ہے اس سے تسبیح کرنے پر۔

## سلطان (بادشاہ)

(۱) اس سے خواب میں مراد اللہ تعالی ہوتے ہیں اور ان کو رضامندی کی حالت میں دیکھنا اللہ تعالی کی رضا پر دلالت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرتا ہے (۲) جیسا کہ غصہ کی حالت میں دیکھنا ان کی ناراضگی کی علامت ہے (۳) جس نے دیکھا کہ وہ ترشرو ہے تو دلیل ہے دیکھنے والے کی نماز' اطاعت یا اس کے دین میں فساد واقع ہوگا جتنی ناراضگی دیکھی اتنا ہی فساد ہوگا۔ (۴) اگر اس نے اس کو خوش وخرم دیکھا تو اشارہ ہے اسے دین اور دنیا کے معاملے میں خیر اور بھلائی اور رفعت و بلندی اور خوشحالی نصیب ہوگی اور خوشی کے مقدار اس کے حال ومال کی اصلاح ہوگی (۵) پس اگر اس نے دیکھا کہ اللہ تعالی نے اسے دنیا کی بادشاہت عطا کردی ہے تو اسے سلطنت ملیگی اگر وہ اس کا اہل ہو (۶) اور اگر وہ اس کا اہل نہیں ہے تو اس سے مراد یہ ہے کہ کوئی فتنہ ظاہر ہوگا جس میں خون بہانے والے سب ہلاک ہوجائینگے اور اہل علم اور پرہیزگار لوگ زندہ رہیں گے (۷) اور اگر اس نے دیکھا کہ وہ خلیفہ یا امام بن گیا ہے تو تعبیر ہے وہ عزت اور شرافت پائیگا اور اگر وہ خلافت اور امامت کا اہل ہو تو اسے وہ بھی ملے گی لیکن اس کی اولاد اگر ظالم ہو تو وہ اس کی وارث نہیں بنے گی۔ (۸) اگر اس نے دیکھا کہ اسے خلیفہ بنایا گیا ہے تو اگر وہ اس کا اہل نہیں تو اشارہ ہے خیر نہیں ہوگی بلکہ اس کو ذلت پہنچے گی اور اس کے سب کام بکھر جائیں گے یہاں تک کہ اس کے حواری اور اس کے خادم اس سے بلند ہوجائیں گے اور اس کے دشمن اس پر خوش ہونگے اور وہ مصیبتوں میں مبتلا ہوگا (۹) کسی نے خواب دیکھا گویا اس نے خلیفہ کو قتل کردیا تو دلیل ہے وہ کوئی بڑا کام کا ارادہ کرے گا اور اس میں کامیاب ہوجائیگا (۱۰) اور اگر اس نے دیکھا کہ اس نے کسی بڑے بادشاہ کو ہٹایا تو وہ دین میں عزت اور مرتبہ پائیگا لیکن اس کے ساتھ فساد بھی ہوگا (۱۱) جس نے دیکھا کہ اسنے کسی بادشاہ کو ہٹایا جو کہ اس کا اہل نہیں تو وہ بہت جلد مریگا اور اگر اس کا اہل تھا تو تعبیر ہے وہ بڑی ریاست' حکومت' سلطنت اور طاقت پائیگا۔ (۱۲) اور جس نے دیکھا کہ وہ بادشاہ بن گیا لیکن وہ عام بیداری کی حالت میں بیمار ہے تو یہ خواب اس کی موت پر دلالت کرتا ہے (۱۳) اگر وہ تندرست ہو تو یہ اس کے پورے خاندان کی ہلاکت اور جدائی ہوگی (۱۴) اور اگر وہ دھوکہ باز اور فاسق وفاجر ہو تو یہ اس کی قید پر دلالت کرتا ہے اور یہ خواب دلالت کرتا ہے خفیہ چیزوں کے ظہور پر بھی۔

(۱۵) غلام جب دیکھے کہ وہ بادشاہ بن گیا تو یہ اسکی آزادی کی بشارت ہے (۱۶) اگر کسی فلاسفر یا کسی نحوی نے خواب میں دیکھا گویا وہ بادشاہ بن گیا ہے تو یہ اس کے لیے اچھی خبر ہے اور بھلائی کی دلیل ہے اگر وہ اپنی حالت میں تغیر کا محتاج نہ ہو اور اس میں ناقص بھی نہ ہو (۱۷) اگر اس نے خواب میں دیکھا کہ جماعت کا یا گھر کا سردار یا وصی ہے یعنی اس کے لیے سرداری کی وصیت کی گئی ہے تو یہ اس کی زندگی میں غموں پر اور نقصان پر دلالت کرتا ہے اور خاص طور پر بیماری کی حالت میں ہو (۱۸) اگر عورت اسے دیکھے تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے جیسا کہ ہر سرداری اور مرتبہ مردوں کے لیے بھی درست نہیں ہوتا۔ اور ہر وہ خواب عورت کے لیے درست ہوتا ہے جن حالات میں وہ عام طور پر گزرتی ہے (۱۹) آدمی اگر دیکھے کہ وہ اس میں چلا ہے تو یہ اس کی موت پر دلالت کرتا ہے اور جس نے دیکھا کہ وہ بادشاہ بن گیا تو دلیل ہے وہ لوگوں کی نظروں میں بلند ہوگا اور اس کی مراد پوری ہوگی (۲۰) جس نے دیکھا کہ وہ کسریٰ کا بادشاہ ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تو اشارہ ہے وہ بڑی بادشاہت اور بڑا مال حاصل کریگا (۲۱) جس نے دیکھا کہ بادشاہ نے اس کو خیر اور اچھی بات پر عتاب کیا ہے تو یہ ان دونوں کے درمیان اصلاح کی علامت ہے (۲۲) اگر اس نے عادل بادشاہ سے کسی خیر اور بھلائی کی بات پر جھگڑا کیا تو وہ بادشاہ کے پاس اپنی پیش کردہ حاجت میں کامیاب ہوگا۔ (۲۳) اگر وہ بادشاہ کے ساتھ چلتا رہا تو وہ اپنے غلاموں کے ساتھ شاہانہ معاملہ کریگا اور ان کے ساتھ ایسا ہی برتاؤ کریگا (۲۴) اگر اس نے دیکھا کہ اس نے اس کے ساتھ چلنے میں ٹھوکر کھائی تو دلیل ہے وہ اس کی نافرمانی کریگا وراس کی بات کو لوٹا دیگا نہ مانے گا (۲۵) اگر اس نے دیکھا کہ وہ بادشاہ کے ساتھ کسی سواری پر پیچھے بیٹھا ہوا ہے تو دلیل ہے وہ اس کے برابر جائے گا اور اس کی اتباع کریگا یا اشارہ ہے اس کے کسی کام میں اسکی زندگی میں یا مرنے کے بعد مخالفت کریگا (۲۶) اگر اس نے بادشاہ کے ساتھ کھایا تو اشارہ ہے وہ عزت اور شرف پائیگا اور جتنا کھایا اتنی اسے کامیابی ملے گی۔

(۲۷) اگر وہ بادشاہ کے گھر، محل میں داخل ہوا تو وہ اسکی عورتوں کی ذمہ داری سنبھالے گا اور جتنا وہ بادشاہ کے گھر میں داخل ہوا تھا اتنی ہی اس پر دنیا کشادہ ہوگی (۲۸) اگر وہ اس میں سجدہ کرتا ہوا داخل ہوا تو وہ بادشاہت اور معافی پائے گا (۲۹) اگر اس نے دیکھا کہ وہ اس کے حرم میں داخل ہوا یا اس کی عورتوں سے جماع کیا یا اس کے ساتھ لیٹا پس اگر وہاں کوئی ایسے عوامل موجود ہیں جو اچھائی اور بھلائی کی طرف مشیر ہیں تو یہ اس کی بادشاہ کے حرم میں کوئی اہمیت یا مداخلت کی علامت ہے لیکن اگر کوئی عوامل موجود نہیں ہے تو دلیل ہے وہ اس کے حرم کی غیبت کریگا اور کوئی ایسا کام کریگا جو کہ اس کے لیے حلال نہیں ہوگا (۳۰) پس اگر اس نے دیکھا کہ اس کی بادشاہ کے دروازے تک آمد و رفت ہے تو وہ اپنے دشمنوں پر کامیاب ہوگا اور وہ اس کو نقصان نہ پہنچا سکیں گے (۳۱) اگر اسنے اسے کوئی دنیا کی چیز دی تو جتنی اسنے اسے چیز دی ہے اتنی وہ عزت اور فخر پائیگا (۳۲) اگر اسے کوئی لقب دیا تو وہ اسے کوئی خوبصورت لونڈی دیگا یا کسی ایسی عورت سے اس کی شادی کر دیگا جو بادشاہ سے ملی ہوئی ہوگی (۳۳) اگر اسنے دیکھا کہ بادشاہ کے گھر کا دروازہ بدلا ہوا ہے تو اشارہ ہے اس کا کوئی وزیر اس کی وزارت سے نکل جائیگا یا علامت ہے بادشاہ کسی اور عورت سے شادی کرے گا (۳۴) پس اگر کسی نے دیکھا کہ بادشاہ نے اسے اپنی طرف سے نائب بنا کر مسلمانوں کے کسی لشکر کی طرف بھیجا تو یہ عزت اور شرافت پر دلالت ہے اور اس کا نام اور عزت اتنی دور تک پھیلے گا جتنی دور اسے بادشاہ نے بھیجا تھا (۳۵) اگر اس نے دیکھا کہ بادشاہ اس سے بات کر رہا ہے تو اسے عزت اور مرتبہ ملیگا اور بعض مرتبہ اسکی تعبیر یہ کی جاتی ہے کہ بادشاہ اس سے بات کریگا بشرطیکہ وہ اس کا اہل ہو وگرنہ وہ شہرت اور نیک نامی پائیگا (۳۶) اگر وہ قیدی ہو تو رہا ہوگا (۳۷) اگر فقیر ہو تو مالدار ہوگا (۳۸) اگر وہ تاجر ہو تو اس کی تجارت پھیلے گی (۳۹) اگر اس کا کسی کے ساتھ جھگڑا ہوگا تو اس میں کامیاب ہوگا (۴۰) اگر کسی والی نے دیکھا کہ اس کی موت آگئی ہے تو یہ اس کی اسی وقت معزولی کی دلیل ہے (۴۱) ایسا ہی اگر اسنے کسی شیشے میں دیکھا تو یہ بھی اس کی معزولی پر دال ہے۔ ایسا ہی اگر اس نے اپنا مکان اس جیسا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دیکھا تو یہ بھی اسکی عزلت کی دلیل ہے ہےلیکن اگر وہ کسی لڑکے کا منتظر ہوتو اسے لڑکا ملیگا (۴۲) ایسا ہی اگر اس نے دیکھا کہ اس نے اپنی بیوی کو طلاق دی ہے تو وہ معزول ہوگا (۴۳) اگر اس نے اپنے آپ کو دیکھا گویا بادشاہ کے ساتھ ایک لحاف میں سویا ہوا ہے اور ان کے درمیان کوئی حائل بھی نہیں ہے اور بادشاہ اٹھ گیا اور وہ سویا رہا تو وہ بادشاہ کے ساتھ رہے گا اور اس پر وہ فخر کریگا اور اس کا مال اس کو پہنچے گا اس کی زندگی اور موت میں (۴۴) اگر وہ بادشاہ سے پہلے بستر سے اٹھ گیا تو یہ دلیل ہے بادشاہ کے ساتھ ہونے میں اس کے ذہن میں جو خطرات تھے وہ ان سے بچ جائیگا اور اس کے بعد اسے بھلائی پہنچے گی (۴۵) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ بادشاہ کے بستر پر سویا ہوا ہے اور وہ بستر بھی معروف ہے تو دلیل ہے اسے بادشاہ یا اس کے حواریوں کی طرف سے عورت یا کوئی باندی ملیگی یا اسے کوئی مال ملیگا جسے وہ اس عورت یا باندی پر خرچ کریگا بقدر اس بستر کے وسعت کے۔ اور اگر وہ بستر مجہول ہو تو بادشاہ اسے سلطنت اور بادشاہت کے معاملے میں شریک کریگا اور بادشاہ اس کو اس بستر کے برابر زمین کا والی بنائے گا (۴۶) اگر اس نے دیکھا کہ بادشاہ پیدل چل رہا ہے تو وہ کسی راز کو چھپائے گا اور وہ راز اس کے دشمنوں پر ظاہر ہو جائے گا اور اگر بادشاہ نے دیکھا کہ اس کی رعیت نے اس کی تعریف اور مدح کی ہے تو دلیل ہے اس کا نام اور اس کا ذکر بہت پھیلے گا اور اس کا احسان ظاہر ہوگا اور وہ اپنے دشمن پر غالب آئیگا۔

(۴۷) اگر بادشاہ نے دیکھا کہ اس کی عوام اس پر دینار نچھاور کر رہی ہے تو وہ اسے کوئی ناپسندیدہ بات سنائیں گے (۴۸) اگر انہوں نے اس پر دراہم نچھاور کیے تو وہ اسے کوئی اچھی بات سنائیں گے اور اگر انہوں نے اس پر چینی نچھاور کی تو وہ اسے کوئی لطیف اور پیاری سی بات سنائیں گے (۴۹) اگر انہوں نے اسے پتھر سے مارا تو وہ اسے ایسی بات سنائیں گے جس میں سختی ہوگی (۵۰) اگر انہوں نے اسے لکڑیوں سے مارا تو دلیل ہے وہ ان پر ظلم کریگا اور وہ اس کے لیے پوری پوری رات بددعا کرینگے (۵۱) اگر اس کے کوئی لکڑی لگی تو وہ کوئی سزا پائیگا (۵۲) اگر وہ ان کی لکڑیوں اور ان کی گرو پر غالب آ گیا یعنی مالک ہوگیا تو تعبیر ہے ان کے شریف اور معزز لوگوں پر مالک ہو جائیگا (۵۳) اگر اس نے انکو آگ میں ڈالا تو دلیل ہے وہ ان کو کفر اور بدعت کی طرف بلائے گا (۵۴) اگر بادشاہ نے دیکھا گویا کہ اس کے دو سینگ ہیں تو دلیل ہے وہ مشرق اور مغرب کی حکومتیں پائیگا حضرت ذوالقرنین کے واقعہ کی وجہ سے اور وہ عادل منصف مزاج اور ملکوں کو فتح کرنے والا ہوگا (۵۵) اگر اس نے دیکھا کہ وہ پالتو عقاب پر سوار ہے تو بشارت ہے اسے مشرق اور مغرب کی حکومتیں عطا ہونگی لیکن اس کے بعد وہ ذلیل ہوگا نمرود کے قصہ کی طرح (۵۶) اگر بادشاہ نے دیکھا کہ لوگ اس کے لیے دعا کر رہے ہیں تو علامت ہے وہ اس کی تعریف کریں گے (۵۷) اگر بادشاہ نے دیکھا کہ وہ اپنی بیوی کی مان کر چل رہا ہے تو اس کی بادشاہت ختم ہو جائے گی یا وہ کسی بہت بڑے غم میں واقع ہو جائے گا یا علامت ہے وہ قید ہو جائے گا (۵۸) اگر اس نے اس کی مخالفت کی تو وہ بڑے غم سے بچ جائے گا اور اسے مال ملیگا و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گرنہ وہ ہلاکت کے قریب پہنچ جائے گا (۵۹) اگر بادشاہ نے دیکھا کہ اس نے کسی بادشاہ سے لڑائی کی اور اسے پچھاڑ دیا تو تعبیر ہے ان میں سے مغلوب غالب ہوگا (۶۰) اگر اس نے شیر سے لڑائی کی اور اسے پچھاڑ دیا تو دلیل ہے وہ کسی ظالم بادشاہ پر جنگ کے ذریعہ غالب آئیگا (۶۱) اگر بادشاہ نے دیکھا کہ وہ گھوڑے پر سوار ہو کر اور اس پر اسلحہ اور اس کو بچانے کے لیے ڈھال لیا ہے تو وہ بادشاہت حاصل کریگا (۶۲) اگر اس نے دیکھا کہ وہ راستہ پر چل رہا ہے اور کوئی عام آدمی اس کے سامنے سے آیا اور اس کے کان میں کچھ کہا تو تعبیر ہے وہ اچانک مرجائیگا (۶۳) اگر کسی بادشاہ نے خادم کو دیکھا کہ وہ اس کو دستر خوان لگائے بغیر کھلا پلا دیا ہے تو دلیل ہے اسے ایسی حکومت ملیگی جس میں کوئی دشمنی یا جھگڑا نہ ہوگا (۶۴) اگر اس کو کسی غلام نے کھلا دیا تو اس کے دشمن اس سے رکیں گے اور اس کی فرمانبرداری کریں گے اور ان سے اسے تکلیف نہیں پہنچے گی (۶۵) اگر باندی نے اسے کھلایا تو اسے بادشاہت اور خوشی ملیگی۔

(۶۶) اگر وہ کھانا گھی والا تھا تو دلیل ہے اسے نعمت بھی ملیگی اور اس کے ساتھ ساتھ اسے مالداری اور لمبی عمر بھی نصیب ہوگی (۶۷) اگر بادشاہ نے دیکھا کہ غلام نے اسے ایک لقمہ کھلا دیا ہے تو اسے دشمن کی طرف مصیبت پہنچے گی سو اگر اس نے اس کو نگل لیا تو دشمن کے مکر سے بچ جائیگا (۶۸) اگر وہ لقمہ اس کے گلے میں اٹک گیا تو دلیل ہے وہ مرجائیگا (۶۹) اور اگر یہ سب کچھ کسی تاجر یا عالم نے دیکھا تو دلیل ہے وہ ریاست، تجارت اور علم پائیں گے اور اس میں ان کا کوئی مخالف نہیں ہوگا (۷۰) اگر بادشاہ نے دیکھا گویا وہ دستر خواں تیار کر رہا ہے اور اس کی تزئین کر رہا ہے تو دلیل ہے کوئی باغی قوم اس سے جھگڑے گی اور وہ ان سے مشورہ کریگا اور ان پر غالب آئیگا (۷۱) اگر اس نے دیکھا کہ دستر خواں پر کھانا رکھا جا رہا ہے تو دلیل ہے اس کے پاس کوئی پیغام لانے والا کسی جھگڑے کا پیام لیکر آئیگا (۷۲) اگر وہ کھانا میٹھا تھا تو وہ خوشی ہوگی اور اگر وہ کھانا گھی والا ہو تو وہ جھگڑا لمبا ہوگا (۷۳) اور اگر میٹھا اٹھا لیا گیا اور ترش گھی والا لایا گیا تو دلیل ہے یہ بھلائی قائم رہنے والا ہوگا (۷۴) اگر وہ بغیر گھی کے ہو تو اس میں طول نہیں ہوگا (۷۵) اگر کھانے کے لانے اور اٹھانے کا کام لمبا ہو گیا تو وہ جھگڑا بھی لمبا ہوگا (۷۶) کسی عادل بادشاہ کی وکالت پر دین اور دنیا کے کاموں میں عزت اور بھلائی کی دلیل ہے اور یہ کہ اسے اللہ کے راستہ میں غم آئیگا (۷۷) اگر بادشاہ نے دیکھا کہ وہ بادشاہت سے خود بخود ہٹ گیا تو وہ کوئی ایسا کام کریگا جس پر اسے شرمندگی ہوگی (۷۸) اگر اسے کسی اور نے ہٹایا تو یہ کمزوری اور کام میں کسی دوسرے کی طرف سے ذلت پر دال ہے۔ (۷۹) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ بادشاہ ہے اور وہ دوسروں کے ساتھ بازار میں پھر رہا ہے تو یہ سارا تواضع ہے اور دلیل ہے وہ اپنی سلطنت میں بڑا قوی ہوگا (۸۰) اگر وہ بازار میں کسی اور کے لیے پھر رہا ہے تو وہ اپنے آپ کو عوام اور رعیت کے سامنے اس طرح پیش کریگا کہ جس سے اس کی عزت اور مرتبہ میں فرق آئیگا (۸۱) اگر بادشاہ نے دیکھا کہ اسکی شکل وصورت عام بازاری آدمی کی طرح ہوگئی ہے تو یہ اسے نقصان نہیں دیگا بلکہ اس سے خیر بڑھے گی اور اللہ تعالی اس سے راضی ہوگا (۸۲) اگر اس نے دیکھا گویا بادشاہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بغیر وضو کے نماز پڑھ رہا ہے یا ایسی جگہ نماز پڑھ رہا ہے جہاں نماز پڑھنا جائز نہیں جیسے کوڑا کرکٹ کی جگہ اور قبرستان وغیرہ میں، تو وہ کوئی ایسا کام چاہے گا جو کہ ہو چکا ہوگا اور اگر بادشاہت ہو تو اس میں لشکر نہ ہوگا (۸۳) اگر بادشاہ نے دیکھا کہ وہ بیمار ہے تو یہ اس کی دینی بیماری ہے اور رعایا پر ظلم کرنے کی دلیل ہے اور یہ کہ جسمانی لحاظ سے وہ اس سال تندرست ہو جائیگا (۸۴) اگر اس نے دیکھا کہ وہ مر گیا اور اسنے موت کی حالت کو بالکل نہیں دیکھا تو دلیل ہے اس سال اس کی بادشاہت کا کوئی حصہ کم ہو جائیگا یا اشارہ ہے اس کے گھر کا کچھ حصہ گر جائے گا۔ یا اسے کوئی غم پہنچے گا کہ جس میں وہ حیران ہو کر رہ جائے گا۔

(۸۵) اگر کسی نے دیکھا کہ بادشاہ کو لوگوں نے گردنوں پر اٹھایا ہوا ہے تو یہ اس کے دین اور اس کی سلطنت کی قوت میں فساد واقع ہونے پر دلیل ہے اور علامت ہے وہ لوگوں کی گردنوں پر بیٹھے گا لیکن عدل نہ کرنے کی وجہ سے کسی اور ایک جانب مائل ہوگا (۸۶) اگر اس نے دیکھا کہ بادشاہ مر گیا اور اسے دفن نہیں کیا گیا تو یہ اس کے دور میں عام لوگوں کے دین میں فساد آنے پر دال ہے اور انکے دین کی اصلاح کی امید ہے کہ اسے دفن کیا جائے اور اس پر مٹی برابر کی جائے (۸۷) اگر وہ مر گیا اور اسے دفن کیا گیا اور اس پر مٹی برابر کی گئی اور لوگ مٹی ڈال کر چلے گئے تو یہ اس کام میں مایوسی پر دلالت کرتی ہے جب تک اللہ تعالی چاہے اور پھر وہ خواب کہ جس میں کسی مردہ بادشاہ کو زندہ دیکھا جائے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ اپنی زندگی بھر عوام کے درمیان با اخلاق رہے گا اور اسی طرح اس کے اہل اور قوم کے بارے میں جس طرح کہ وہ لوگ اس کو بادشاہت کے زمانے میں سمجھتے تھے (۸۸) اگر بادشاہ نے دیکھا کہ اس کی مقعد یا پچھلا حصہ عام حالت سے نیچے ہے تو اس کی سلطنت بھی نیچے آئے گی اور اس کے کام خراب ہو نگے (۸۹) جس نے دیکھا کہ عادل بادشاہ کسی محلہ یا کسی جگہ میں داخل ہوا تو اس جگہ کو اللہ تعالی کی رحمت ڈھانپ لیگی اور اس مقام پر عدل و انصاف کا بول بالا ہوگا اور اگر بادشاہ نے خواب دیکھا گویا اسکی پیشانی یا اس کا اگلا حصہ بلند ہے تو اسکی سلطنت بلند ہوگی (۹۰) اگر کسی طاقتور بادشاہ نے دیکھا کہ وہ کسی گھر یا محلّہ یا علاقہ میں داخل ہو رہا ہے کہ جس میں وہ عام بیداری کی حالت میں داخل ہونا پسند نہیں کرتا تو وہ مصیبت ہوگی جو اس محلّہ والوں پر آئیگی بادشاہ کے مطابق۔ اور اگر عام حالت میں وہاں داخل ہونا ناپسند نہ ہو تو یہ ان کے لیے نقصان دہ نہیں ہے (۹۱) جس نے دیکھا کہ بادشاہوں کے دروازہ پر اس کی آمد و رفت ہے تو اسے مال اور جاہ و عزت ملے گی (۹۲) اگر اس نے دیکھا گویا کہ وہ بادشاہ پر داخل ہوا تو وہ عزت دولت خوشی اور مال پائیگا اور اگر کسی نے دیکھا کہ وہ بادشاہ کے پاس سے گزر رہا ہے تو وہ عزت اور مرتبہ پائیگا اور اگر اس نے دیکھا کہ وہ کسی بادشاہ یا کسی شریف آدمی کے پاس کھانا لیکر جا رہا ہے تو دلیل ہے اسے تکلیف پہنچے گی اور پھر اس سے چھٹکارا پائے گا اور اس کو وہاں سے مال ملے گا جہاں سے اس کا وہم و گمان بھی نہ ہوگا (۹۳) جس نے دیکھا کہ وہ بادشاہ سے جھگڑا کر رہا ہے تو اشارہ ہے اسے آنکھ کی ٹھنڈک اور خوشی ملے گی اور اس کے ہاتھ پر بڑی خیر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جاری ہوگی اور مردہ بادشاہوں کا خواب میں دیکھنا دلالت کرتا ہے اس پر جو وہ دنیا میں چھوڑ کر گئے ہیں یا جو رسمیں انہوں نے دنیا میں ایجاد کیں۔ اور ان کے بعد بھی وہ جاری رہیں (۹۴) ان میں سے زندوں کا دیکھنا شہر میں یا کسی مخصوص مکان میں احوال کے فساد پر اور مخلوق میں ذات پر دلالت کرتا ہے (۹۵) بادشاہ کا خواب میں دیکھنا دلالت کرتا ہے دشمن پر غلبہ پر اور گناہوں پر اور بادشاہ کو خواب میں دیکھنا شیر پر بھی دلالت کرتا ہے جیسا کہ امیر کو خواب میں دیکھنا بھیڑیئے پر دلالت کرتا ہے اور تاجر کو خواب میں دیکھنا دلالت کرتا ہے لومڑی پر اور دلال کو خواب میں دیکھنا دلالت کرتا ہے کتے پر۔ اور مسلمان کو خواب میں دیکھنا دلالت کرتا ہے بکری پر۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے (**فیا لھا من شاة بین اسد وثعلب و کلب**) "پس کیا حال ہوگا اس بکری کا جو شیر' لومڑی اور کتے کے درمیان ہو' اور نا معلوم بادشاہ کو دیکھنا دلالت کرتا ہے آگ' سمندر اور خواب پر جو کہ انسان کو ڈرا دے' اور اگر کسی نے کہا کہ میں نے بادشاہ کو خواب میں دیکھا تو یہ اُسکا اپنے سے کمتر لوگوں پر تسلط کی علامت ہے یا ان پر بادشاہ کے کسی حکم کی وجہ سے مسلط ہونے کی دلیل پھر اسکی دلالت والد' والدہ' استاذ' ادب سکھانے والا اتالیق' بادشاہ کی ایسی بیوی پر بھی ہوسکتی ہے کہ جس کی خواہشات مرد کے خواہشات پر غالب ہوں (۹۶) جس نے بادشاہ کو اچھی حالت میں دیکھا تو یہ رعیت کے اچھے حال میں ہونے پر دلیل ہے (۹۷) ان کے امن پر دلیل ہے اور ان کی معشیت میں خوشحالی ہونے پر دلیل ہے اور اگر اس کو بُری حالت میں دیکھے تو یہ اس کی عوام میں سوءِ تدبیر پر دلیل ہے اور یہ دلیل ہے دشمن کا اس کے ملک پر غالب آنے کی اور اس کے لشکر کے کمزور ہونے کی (۹۸) نا معلوم بادشاہ یا حاکم یا کوئی ادب سکھائے تو بعض دفعہ ان سے مراد حق تعالیٰ کی ذات ہوتی ہے اور بعض دفعہ بادشاہ کا دیکھنا ڈھلے ہوئے دینار اور درہم پر دلالت کرتا ہے۔ (۹۹) اگر خواب میں بادشاہ کا لشکر حضور اکرم ﷺ کے فتح مکہ اور غزوہ حنین کے موقع پر لشکر کی طرح ہو تو یہ بادشاہ کامیاب ہوگا اور اس کی مدد کی جائے گی۔ اور جس نے خواب میں امیر یا بادشاہ کو دیکھا تو بعض دفعہ لوگوں کی جائیداد پر مسلط ہو جائیگا تو دلیل ہے وہ کیمیا گری کرتا ہے یا مشک گیری کرتا ہے اور ایسا ہی اگر وہ قاضی ہو تو حاکموں کے خطوں کے بارے میں جھوٹ بولے گا اور بعض دفعہ وہ جھوٹ گھڑے گا اور اگر کسی نے دیکھا کہ وہ بادشاہ ہوگیا تو دلیل ہے اس کی عزت اس کی اوقات سے بھی زیادہ بڑھے گی اور اگر وہ فقیر ہو تو غنی ہو جائیگا۔ اور اگر وہ عالم ہو تو جو چاہے گا وہ اسے ملے گا اور اگر وہ کنوارا ہے تو اس کی شادی ہوگی اور اگر وہ کوئی کاریگر ہو تو لوگ اس کی شہرت کی وجہ سے اس کی طرف انگلیاں اٹھا اٹھا کر اشارے کرینگے۔ اور اگر وہ عام لوگوں میں سے ہو تو اس کا ظلم و ستم لوگوں پر مسلط ہو جائے گا۔ اور اگر دیکھے کہ بادشاہ مر گیا تو دلیل ہے دیکھنے والے کا حال کمزور ہوگا اور لوگ اس کا مذاق اڑائیں گے۔ یا دلیل ہے وہ شخص جدا ہو جائے گا جس کی وجہ سے وہ لوگوں پر مسلط ہوتا تھا اور بعض دفعہ وہ اس کے ہاتھ پر بیعت نہیں کریگا اور اپنے بادشاہ کو دھوکہ دیگا۔ (۱۰۰) جس نے دیکھا کہ وہ بادشاہ سے معانقہ یا مصافحہ کر رہا ہے اور ان کے درمیان کوئی اچھی بات ہو رہی ہے تو اس کی حالت اُس کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نزدیک یا اس کی سلطنت میں سے کسی اور کے نزدیک اچھی ہوگی (۱۰۱) جس نے دیکھا کہ وہ بادشاہ سے جھگڑ رہا ہے تو دلیل ہے وہ قرآن سے جھگڑے گا اس لئے کہ لفظ ''سلطان'' کا معنی لغت میں ''حجت'' ہے اور قرآن بھی حجت ہے (۱۰۲) اگر اُس نے دیکھا کہ وہ بادشاہ کے ساتھ کھانا کھا رہا ہے تو جتنی آگ اُس کھانے کو لگی جو وہ کھا رہا ہے اتنی ہی اُسے بادشاہ کی طرف سے مصیبت پہنچے گی (۱۰۳) جس نے دیکھا کہ بادشاہ اُس کے گھر آیا تو وہ اس کی مدد کا محتاج ہوگا اور اس کی جانب سے حفاظت میں ہوگا۔

(۱۰۴) جس نے دیکھا کہ بادشاہ نے اُسے کسی جرم کے شک میں پکڑا اور اُسے پکڑنے والے کے حوالے کر دیا تا کہ اُس سے شک والوں جیسا سلوک کرے تو اس کی حاجت اس سے پہلے ختم ہوگئی یا اس کی جانب سے امن میں ہوگیا تو وہ حاجت اُس سے چھوٹ جائیگی اور پھر بہت زمانے تک وہ اس حاجت کو نہیں پائیگا اور وہ ہر حالت میں اس میں مبتلا ہوگا (۱۰۵) اگر بیمار آدمی نے دیکھا گویا کسی مجہول بادشاہ نے اُسے بلایا یا کسی حاکم نے اپنے آدمی اس کو بلانے کے لئے بھیجا ہے تو یہ ملک الموت کے کارندے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہی اصل بادشاہ ہیں اور اپنے بندوں کے درمیان حاکم ہی ہے (۱۰۶) جس نے دیکھا کہ بادشاہ نے اس کی ٹوپی لے لی تو وہ اس کا مال لیگا (۱۰۷) اگر وہ عامل ہو تو وہ اس کو معزول کریگا (۱۰۸) اگر اس نے دیکھا کہ بادشا حالت نزع میں ہے تو اُسے تکلیف پہنچے گی یا دلیل ہے معزول ہونے کے قریب ہے اور وہ معزول ہو کر رہیگا (۱۰۹) جس نے دیکھا کہ بادشاہ مجنون ہوگیا تو اشارہ ہے اُسے بادشاہ کی طرف سے غم ملیگا (۱۱۰) جس نے دیکھا کہ بادشاہ اپنی مجلس سے ہٹ گیا یا اُس سے ہٹایا گیا یا اس پر کوئی غالب آ گیا یا اس سے تخت چھین لیا یا کوئی اور چیز جس پر وہ تھا وہ چھین لی تو یہ اس کی سلطنت میں کمی یا زوال کا باعث ہوگا اور اس میں کوئی خیر نہیں مگر یہ کہ وہ دیکھے کہ وہ اس سے بہتر چیز کی طرف منتقل ہوا ہے تو وہ بیداری میں اسی بہتری کی طرف منتقل ہوگا (۱۱۱) جس نے دیکھا کہ بادشاہ اپنے گھر سے ایسا نکلا جیسے ہمیشہ کے لئے واپس نہ آنے والے کا نکلنا ہوتا ہے۔ تو وہ ہر حالت میں سلطنت سے نکلے گا (۱۱۲) جس نے دیکھا کہ بادشاہ کا منبر ٹوٹ گیا یا گر گیا یا اس نے اپنی رعیت کو نماز پڑھائی اور نماز مکمل نہ کی یا اس نے اپنا سر منڈوایا اور اس سے کپڑے اتر گئے یا اس کی تلوار اس کی گردن سے اتر گئی یا اس کا گھر گر گیا یا اس کے لئے جال یا کوئی اور چیز لگائی گئی جس میں وہ پھنس گیا یا اُسے بیل نے گرایا یا اُسے کسی جانور یا لوگوں نے روندا تو یہ ساری باتیں دلالت کرتی ہیں اس کی بادشاہت سے معزول ہونے پر اور اس میں بھلائی بھی نہ ہوگی (۱۱۳) جس نے دیکھا کہ بادشاہ کا سر بڑا ہوگیا ہے یا اس کی گردن موٹی ہوئی ہے یا اس کا پیٹ بڑا ہوا ہے تو یہ بادشاہت اور ریاست میں قوت پر دلالت کرتا ہے اور مال اور ملک میں زیادتی پر (۱۱۴) اگر اس نے انہیں میں سے کسی ایک میں نقصان یا کمزوری دیکھی تو یہ اس کی سلطنت میں نقصان اور اس کی قوت میں ضعف ہونے کی علامت ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱۱۵) بادشاہ کے لئے سیاہ کپڑے دیکھنا قوت کی زیادتی پر دلالت کرتا ہے (۱۱۶) سفید کپڑے دیکھنا خوبصورتی میں زیادتی کے ساتھ اور گناہوں سے نکلنے کی دلیل ہے (۱۱۷) اُونی کپڑے اس کی پرہیزگاری کے ظہور اور سوتی کپڑے اسکی ملک میں برکت کے بڑھنے پر اور انصاف کے ظاہر ہونے کی علامت ہے اور کپڑے اور ریشم پر بھی دلالت کرتا ہے فرعونوں جیسا کام کرنے پر اور سیرت کی خرابی پر بھی دلالت کرتا ہے (۱۱۸) بادشاہ یا امیر کا اپنی ٹوپی اتارنا یا کپڑے اور جبہ اتارنا اس کی سلطنت میں کمزوری کی دلیل ہے۔

(۱۱۹) انکا پہن لینا سیاست کے اسباب قائم کرنے پر دلالت کرتا ہے (۱۲۰) لوہے کے موزے پہننا دلالت کرتا ہے مشرکوں اور ذمیوں کے مال حاصل کرنے پر (۱۲۱) پروں سے اڑنا قوت پر اور کسی قوم کو غلام بنانے پر اور ایسی جگہے سے مال حاصل کرنے پر دلالت کرتا ہے جہاں سے اس کو امید بھی نہ ہوگی اور شہر فتح کرنے پر اور دشمنوں پر کامیابی بھی دلالت کرتا ہے (۱۲۲) اگر بادشاہ نے دیکھا کہ وہ حضور ﷺ کا اتباع کرر ہا ہے تو بشارت ہے سنتوں میں وہ حضور ﷺ کے نقش قدم پر چلے گا (۱۲۳) اگر اس نے دیکھا کہ معزول ہو گیا اور اس کی جگہ پر کوئی بوڑھا آدمی والی بنا تو اس کا معاملہ قوی ہوگا (۱۲۴) اگر اس کی جگہ پر کوئی جوان آدمی والی بنا تو اُسے سلطنت میں دشمنوں کی طرف سے کوئی ناپسند چیز پہنچے گی اور چور یا دھوکے باز میں سے کوئی دیکھے کہ وہ بادشاہ بن گیا تو دلیل ہے وہ قید ہوگا اور اس کی حالت کو مشہور کیا جائے گا ''یعنی ذلیل کیا جائے گا'' اور ایسا ہی کسی نے خواب دیکھا گویا وہ بادشاہ بن گیا ہے تو اشارہ ہے اس کی حالت جسے وہ چھپانا چاہ رہا ہے ظاہر ہو جائے گی (۱۲۵) عورت اگر دیکھے گویا وہ بادشاہ بن گئی یا خلیفہ بن گئی تو دلیل ہے وہ ذلیل ورسوا ہوگی اور اگر وہ بیمار ہو تو مر جائیگی (۱۲۶) جس نے کسی عادل بادشاہ کو دیکھا کہ وہ کسی ملک میں رہ رہا ہے تو اس شہر میں عدل پھیلے گا اور ایسا ہی اگر اس نے دیکھا کہ ظالم بادشاہ کسی گاؤں میں داخل ہوا تو تعبیر ہے ظلم اور فساد اُس جگہ پھیل جائیگا (۱۲۷) جس نے دیکھا کہ بادشاہ کسی گاؤں میں داخل ہوا تو ظلم اور فساد اُس گاؤں میں عام ہو جائے گا (۱۲۸) جس نے دیکھا کہ بادشاہ کے سر میں ہڈی ہے تو یہ اسکی ریاست اور سلطنت میں قوت کی علامت ہے۔

(۱۲۹) اگر اس نے دیکھا کہ بادشاہ کی آنکھ میں بینائی کی کمی ہے تو اشارہ ہے اُسے قوم کے احوال سے بے خبر رکھا جائے گا اور جس نے دیکھا گویا بادشاہ کی زبان لمبی اور غلیظ ہو گئی تو اس کے پاس بڑا اسلحہ اور تلواریں ہونگی جس سے وہ قتال کریگا اور ممکن ہے کہ وہ کسی ترجمان کی وجہ سے مال اور نفع حاصل کرے (۱۳۰) اگر اس نے دیکھا کہ بادشاہ کا سر مینڈھے کی طرح ہے تو وہ عدل وانصاف اور مہربانی کی ابتداء کریگا اور اگر اسے دیکھا کہ اس کا سر کتے کے سر کی طرح ہو گیا تو وہ اپنے معاملے کی ابتداء خون ریزی اور کمینگی سے کرے گا (۱۳۱) اگر اس نے دیکھا کہ اس کا دھڑ سانپ کے دھڑ جیسا ہو گیا ہے تو وہ اپنی دشمنی کو ظاہر کریگا (۱۳۲) اگر اس نے دیکھا کہ اس کا جسم مینڈھے کے جسم کی طرح ہے تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اسی سے سخاوت اور انصاف کا اظہار ہوگا اور اگر اس کی مینڈھے کی طرح ہو چکی ہو جیسے وہ زبان سے چاٹ رہا ہو تو اس کا لڑکا ہوگا جسے اس کی طرف سے رزق ملیگا اور وہ زندہ رہیگا (۱۴۳) اگر اس نے دیکھا کہ اس کا پیٹ زرد ہو گیا تو وہ بہت منافع والا ہوگا (۱۴۴) اگر اس نے دیکھا کہ اس کے پیٹ میں ہڈی ہے تو یہ مال کی زیادتی پر دلالت کرتا ہے (۱۴۵) اگر اُس نے دیکھا کہ اس کی ٹانگیں عام حالت سے زیادہ لمبی ہیں تو یہ عمر کی درازی پر دال ہے اور اگر اس نے دیکھا کہ وہ نرم ہو کر مڑ گئی ہیں تو وہ لمبی زندگی پائیگا۔ اور خوش وخرم رہیگا۔

(۱۴۶) اگر اُسی نے دیکھا کہ اس کی ٹانگیں پیتل یا تانبے کی ہیں تو اس کے خاندان والے گناہوں پر بڑے جری ہونگے اور اگر کسی نے دیکھا گویا اس کی ٹانگیں سیسہ کی ہوگئیں تو بڑے مال والا ہوگا جہاں سے وہ پائیگا۔ اور جس نے بادشاہ کو دیکھا کہ وہ بازو اور پروں کے ساتھ اڑ رہا ہے تو وہ بڑا طاقتور اور بلند بادشاہ ہوگا اور اگر کسی نے خواب میں اپنی انگلیوں کو دیکھا گویا وہ بڑھ گئی ہیں تو اس کے لالچ اور ظلم میں اضافہ ہوگا اور اس کا انصاف کم ہوگا۔

## سیر مان الملک (بادشاہ کا چلنا)

اس کا خواب میں دیکھنا دور اندیش اور سوچ بچار کرنے والے آدمی پر دلالت کرتا ہے۔

## سائس الدواب (مویشیوں کا نگران)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا کسی رئیس مدبر اور مالدار آدمی پر دلالت کرتا ہے سائس میں نہ اس کے نام میں خیر ہے اس لئے کہ وہ مذکر کو مونث پر چڑھاتا ہے اور بعض دفعہ سائس کی دلالت غلام کے مالک ہونے پر بھی ہوتی ہے اور نکاح کی شرطوں کو لکھنے والے پر، اور بعض دفعہ یہ دلالت کرتا ہے دیوث اور دلال قسم کے آدمی پر (۲) اور اگر اس نے مذکر کو مونث پر چڑھایا اور اس کے پاس زنجیر ہو تو وہ دلال ہوگا اور حرام کو حلال کریگا اس لئے کہ سلسلہ ''زنجیر'' جہنم والوں کے عذاب میں سے ہے اور جس نے دیکھا کہ وہ مذکر کو مونث پر چڑھا رہا ہے لیکن اُسے سائس نہیں کہا جارہا ہے تو وہ اُس سال بڑی خوشحالی پائیگا اور بعض دفعہ خواب میں سائس کو دیکھنا دلالت کرتا ہے کاموں کے حکمران ہونے اس لئے کہ یہ سیاست سے مشتق ہے۔

## سجان جیلر افسر قید خانہ

اس کو خواب میں دیکھنا قبروں کو کھودنے والے پر دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سَرّاج (زین ساز)

اس کو خواب میں دیکھنا کنوارے کی شادی منصب کے ملنے سفر پر اور ایک گھر سے دوسرے گھر میں منتقل ہونے پر یا کسی مکان سے دوسرے مکان میں منتقل ہونے پر دلالت کرتا ہے اور کہا گیا کہ "زین ساز" کو دیکھنا باندیوں کے دلال ہونے پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ زین آدمی کی مقعد ہوتی ہے جیسے عورت اور باندی پر بیٹھا جاتا ہے۔

## سلاح (اسلحہ ساز)

اس کو خواب میں دیکھنا ظالم حکمران افسر پر دلالت کرتا ہے جیسے پولیس والا۔

## سیوفی (تلوار ساز)

اس کو خواب میں دیکھنا دشمن پر کامیابی پر اور مضبوط دلیلیں قائم کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## سکاکین (چھری ساز)

خواب میں اس کو دیکھنا اُس شخص پر دلالت کرتا ہے جو لوگوں کو عقل و فہم کی تعلیم دے اور اس کا خواب میں دیکھنا سکون اور عزت و وقار پر بھی یا شریر اور جھگڑالو آدمی، اور بعض دفعہ یہ دلالت کرتا ہے ایسے متولی پر جس کے ہاتھوں بہت سے کام انجام پاتے ہیں۔

## سماط (دستر خوان)

اس کو دیکھنا بالوں والے پر اور کنگھی بیچنے والے پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ کسی سماط جمع کرنے والا بھی ہوتا ہے اس لئے کہ وہ لوگوں کے مال کو جمع کرتا ہے اور بعض دفعہ یہ اس آدمی پر دلالت کرتا ہے جو یتیموں کا مال ظلماً کھائے اور کہا گیا کہ وہ تکلیفوں کو دور کرنے والا ہے۔

## سمسار (دلال)

اس کو خواب میں دیکھنا اُس آدمی پر دلالت کرتا ہے جو سخاوت کی طرف بلاتا ہے اور زیادہ دینے کا حکم کرتا ہے۔

## ساعی (کوشش کرنے والا)

اور بعض دفعہ اسے خواب میں دیکھنا خبریں لانے والے پر دلالت کرتا ہے جیسے ڈاکیہ وغیرہ اور بعض دفعہ یہ دلالت کرتا ہے خیر کی طرف بلانے والے پر۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سقام (ساقی، پانی پلانے والا)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا نیک اور پرہیزگار آدمی پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ یہ بہت زیادہ اجر والا کام کرتا ہے۔ (۲) اور اگر لوگوں کو پانی پلائے اور اس کی اجرت نہ لے تو اس کے ہاتھ پر بڑی خیر جاری ہوگی (۳) اور اگر اس نے برتن بھرا اور اپنے گھر لے گیا تو یہ مال ہے جس پر وہ قابض ہوگا۔ اور پانی پلانے والے کو خواب میں دیکھنا شفا دینے والے پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ وہ دلوں کو جانتا ہے اور انکے مرض کا علاج کرتا ہے۔ اور اس کا دیکھنا دلالت کرتا ہے رزق پر اور بادشاہوں سے قرب پر (۴) اور کمر پر پانی رکھ کر پلانا مقام سے کسی فائدہ کے حصوں پر دلالت کرتا ہے۔ (۵) اور جانوروں کو پلانا سفر کرنے پر اور اس کو دیکھنا لوگوں کے درمیان خیر تقسیم کرنے والے پر دلالت کرتا ہے۔ (۶) اور بعض دفعہ یہ وقت کے پابندی پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اور بعض دفعہ یہ دلالت کرتا ہے دلال پر جو کہ چیزوں کو ان کے مالکوں کے پاس لے جاتے ہیں اور اس کو خواب میں دیکھنا برائیوں، جھگڑوں پر اور رقص پر اور گھومنے کی بھی دلیل ہے اور ساقی نے جب پانی کسی کے برتن میں ڈال کر اور اس کی قیمت وصول کی تو وہ کوئی بوجھ اٹھائے گا اور جس کے لئے اُٹھا رہا ہے اس کو کسی شاہی آدمی سے اکٹھا مال ملیگا اس لئے کہ نہر سے مراد بادشاہ ہے اور برتن میں پانی اکٹھے پانی پر دال ہے اور جو لوگوں کو کوزوں اور گلاسوں کے ذریعہ پانی پلائے تو وہ افعال حسنہ اور دین کا مالک ہوگا جیسے عالم اور واعظ اور جو پانی گھڑوں اور ڈولوں کے ذریعہ نکالے تو وہ مال اور امانتوں میں مامون ہوگا۔

## سقطی (پرانے کپڑوں کا تاجر)

اس کو خواب میں دیکھنا باطل اور خرافات جاننے والے پر دلالت کرتا ہے اور اس کا دیکھنا اُسی پر بھی دلالت کرتا ہے جس پر جوہری دلالت کرتا ہے ہیروں اور پتھروں کی قسم سے جیسے سنگِ سلیمان اور مرجان اور عقیق وغیرہ۔

## سماک (مچھلی فروش)

جو تلی ہوئی مچھلیاں بیچتا ہے (۱) اس کو خواب میں دیکھنا شر اور جھگڑوں پر اور غم پر سختی کے بعد کشادگی پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) اور اس کو بھون کر بیچنے والے کو دیکھنا بلندیوں اور غلاموں کا دلال بننے پر اور ہیرے جواھرات کے بیچنے والے پر اور رزق اور حلال مال پر اور علم اور محنت پر اور دھوکے بازی اور رازوں کو ظاہر کرنے پر دلالت کرتا ہے (۳) اور جس نے مچھلی بیچنے والے سے مچھلی خریدی تو وہ باندی خریدے گا یا کسی باندی اور عورت کی طرف رہنمائی چاہے گا تا کہ اس سے شادی کر سکے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سمان (گھی فروش)

(۱)اس کا خواب میں دیکھنا بڑے عالم پر اور مختلف فضائل والے پر اور لوگوں کے ساتھ علم اور مال میں شرکت کرنے پر دلالت کرتا ہے اور خود کو دیکھا کہ وہ اُس جیسا بن گیا ہے تو یہ کنوارے کے لئے کسی خوبصورت اور مالدار لڑکی سے شادی کی دلیل ہے (۴) اور ''سمان'' کا خواب میں دیکھنا دلالت کرتا ہے خوشحال آدمی پر کہ جس کے اتباع کرنے والے اس کے زیر سایہ رہیں اور سمان کو خواب میں دیکھنا ایسے آدمی پر دلالت کرتا ہے جو لوگوں کے مال پر قبضہ کرے اس لئے کہ گھی بھی مال ہے (۵) پس جس نے دیکھا کہ وہ گھی بیچ رہا ہے تو وہ فائدہ پائیگا اور کسی مالدار صاحبِ مال آدمی کے زیر سایہ ہوگا یا اس کے ساتھ رہیگا۔

## سداد (بیر بیچنے والا)

(۱) اس کا خواب میں دیکھنا بیماریوں سے شفا پانے پر اور گناہوں سے توبہ کرنے یا کسی سے کچھ حاصل کرنے پر دلالت کرتا ہے (۲) اور اگر وہ کسی بیمار پر داخل ہو تو وہ بیمار مر جائیگا۔

## سرامیذی

اس کا خواب میں دیکھنا دلالت کرتا ہے کرایہ پر دینے والے پر اور اصلاح اور نکاح کرانے والے پر اور سیدھے راہ والے پر۔

## سیوری (سیر کرانے والا)

اس کو خواب میں دیکھنا چلنے پر' کاموں کو پورا کرنے والے پر اور بعض دفعہ کپڑے بیچنے والے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## سباک (سانچے میں ڈھالنے والا)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا دلالت کرتا ہے مال خرچ کرنے والے پر اور اس شخص پر جو راز کی حفاظت نہ کر سکے اور وعدہ پر قائم نہ رہے اور بعض دفعہ اس کا دیکھنا دلالت کرتا ہے پرکھنے والے پر جو اچھی چیز کو ردی میں سے پرکھے' یا اس حاکم پر جو حق اور باطل میں فرق کرنے والا ہو اور اسباک دلالت کرتا ہے اس آدمی پر بھی جو اپنی کاریگری میں منہمک ہو اور خوابوں کی تعبیر کرنے والے پر' اس لئے کہ وہ صحیح خوابوں کو پراگندہ خوابوں سے جدا کرتا ہے اور بعض دفعہ یہ دلالت کرتا ہے دھوبی پر جو کپڑوں کو صاف کرتا ہے اور سباک سے مراد وہ آدمی بھی ہوتا ہے جس کے بارے میں بری بات کہی جائے اور سباک سے مراد وہ آدمی بھی ہوتا ہے جو کوئی ولایت حاصل کرے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سمکری (گھریلو ضروریات کی چھوٹی چیزیں بنانے والا)

اس کا خواب میں دیکھنا مؤدب، روغن ساز اور مصور پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ بات اور کام میں جھوٹ بولنے والے پر دلالت کرتا ہے۔

## سلال (ٹوکریاں بنانے اور بیچنے والا)

جو بھی بناتا ہے یا بیچتا ہے ٹوکریوں کو کھجور کے پتوں سے یا بانس سے اسکو خواب میں دیکھنا دلالت کرتا ہے کپڑا بننے والے پر یا درزی پر یا گھر بنانے والے پر یا مستری پر اور بعض دفعہ اس کا خواب میں دیکھنا دلالت کرتا ہے قبر کھودنے والے پر جو مردوں کو قبر میں رکھتا ہے اور ان کو اوپر سے ڈھانکتا ہے۔

## سائل (مانگنے والا)

(۱) اس کا خواب میں دیکھنا دلالت کرتا ہے طالب علم آدمی پر چنانچہ اگر اُس نے جو سوال کیا تھا وہ اُسے مل گیا تو اُسے وہ علم مل جائے گا۔ اور خواب میں اس کا خشوع وخضوع اور تواضع کرنا کامیابی کی دلیل ہے۔ اور اگر خواب میں بہت سارے مانگنے والے دیکھنا غم وحزن اور انسان کو لاحق ہونے والے کسی فکر پر دلالت کرتا ہے (۲) اور اگر اس نے دیکھا اُس سے کوئی چیز لے رہے ہیں تو یہ بڑے نقصان اور سختی پر دلالت کرتا ہے اور دیکھنے والے کی موت پر دلالت کرتا ہے (۳) یا جس کو اس نے دیکھا اسکی موت پر دلالت کرتا ہے اور اگر اُس نے انکو دیکھا کہ وہ اس کے گھر میں یا اس کے گاؤں میں داخل ہو رہے ہیں تو اس کے گھر میں تفرقہ پڑ جائے گا اور اگر انہوں نے اس گھر میں سے کوئی چیز لی تو یہ بڑے نقصان پر اور سوال کرنے والا طالب علم پر اور جس سے سوال کیا جاتا ہے عالم پر دلالت کرتا ہے (۴) اور جس نے دیکھا کہ اس نے کسی سے کچھ مانگا اور اس کو نہیں دیا جا رہا تو وہ ذلیل ہوگا (٦) اور کسی نے کسی گونگے مسکین مانگنے والے کو دیکھا کہ وہ ملنگ بنا ہے۔ تو وہ کسی عورت کے فرج پر دلالت کرتا ہے جو جماع میں بڑی شہوت والی ہو اور اگر انہوں نے اس کو پانی پلایا تو وہ اس سے نکاح کی دلیل ہے۔

## سکری (شکر بیچنے والا)

اس کو خواب میں دیکھنا اچھے سلوک والے آدمی پر دلالت کرتا ہے اور اگر اُس نے شکر بیچی اور اسکی قیمت دراہم کی صورت میں لی تو وہ لوگوں کو کوئی بڑی لطیف بات سنائے گا اور لوگ جواب میں اس کو اس سے بھی زیادہ لطیف بات سنائیں گے۔

## ساحر (جادوگر)

اس کو خواب میں دیکھنا فتنہ پرور آدمی پر دلالت کرتا ہے چنانچہ اگر اس نے سیب کے ذریعے جادو کیا تو وہ اس کے بیٹے کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مصیبت میں مبتلا کرنے کی علامت ہے اور اگر بستر کے ذریعے جادو کیا تو وہ اس کی بیوی کو مصیبت میں مبتلا کریگا۔

## سائح فی الارض (زمین میں گھومنے اور سیر کرنے والا سیاح)

اس کو خواب میں دیکھنا علم طلب کرنے پر اور بادشاہوں کے پیغام پہنچانے پر دلالت کرتا ہے۔

## سلاخ الغنم (بکری کی کھال اتارنے والا)

اسکو خواب میں دیکھنا کسی جابر ظالم بادشاہ پر یا پولیس والے پر دلالت کرتا ہے جو لوگوں کا مال لیگا اور ان پر قبضہ کریگا۔

## سارق (چور)

اس کا خواب میں دیکھنا کسی جھوٹے اور ذلیل آدمی پر دلالت کرتا ہے۔

## سلسلہ (زنجیر)

(۱) خواب میں اس کو دیکھنا لمبی عمر والی عورت پر دلالت کرتا ہے جو ہمیشہ حلال مال کی مالک ہو اور بعض دفعہ یہ دلالت کرتا ہے ڈرانے اور دھمکانے پر اور زنجیر کو خواب میں ہاتھ یا گردن میں دیکھنا گناہ کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۹۲) اور جس نے اپنی گردن میں زنجیر دیکھی تو دلیل ہے کہ وہ کسی برے اخلاق والی عورت سے شادی کریگا۔ اور زنجیر دلالت کرتی ہے کاموں کے پورا ہونے پر (۳) اور جس نے دیکھا کہ وہ کسی زنجیر سے بندھا ہوا ہے تو اُسے غم پہنچے گا اور کسی مظلوم شخص نے کسریٰ کی زنجیرِ عدل دیکھی تو اس کی مدد کی جائے گی اور کسریٰ کی زنجیر کو دیکھنا اس شہر کے والی کے عدل کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## سلام التحیہ (سلام کرنا)

(۱) جس نے دیکھا گویا اُسنے خواب میں کسی آدمی کو سلام کیا اور ان کے درمیان کوئی دشمنی یا جھگڑا نہ ہو تو جس کو سلام کیا گیا ہے وہ سلام کرنے والے سے خوشی، امن اور بھلائی پائیگا (۲) اور اگر کوئی دشمنی ہو تو سلام کرنے والا سلام کیئے ہوئے پر غالب آئیگا۔ اور اس کے شر سے محفوظ ہوگا۔ اور اگر جس کو سلام کیا گیا ہو وہ کوئی نامعلوم بوڑھا ہو تو وہ اللہ تعالیٰ کے عذاب سے محفوظ ہوگا (۳) اور اگر وہ کوئی جانا پہچانا بوڑھا ہو تو وہ بہت درخت اور پھل پائیگا (۴) اور اگر سلام کرنے والا کوئی نامعلوم جوان ہو تو وہ دشمن سے محفوظ ہوگا (۵) اگر کسی سے نکاح کا خواہشمند خواب میں اس کو سلام کرے جس سے نکاح کرنا چاہتا ہے اور وہ جواب دے تو اس سے اس کا نکاح ہوگا (۷) اور اگر اُس نے جواب نہ دیا تو نکاح نہ ہوگا (۸) اور اگر ان دونوں کے درمیان کوئی تجارت تھی اور اس نے اس کو سلام کیا اور اس نے جواب دیا تو تعبیر ہے وہ تجارت انکے درمیان مکمل ہوگی (۹) اور اگر اُس نے جواب نہ دیا تو وہ تجارت پوری نہ ہوگی اور اگر اس کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس کے دشمن نے سلام کیا اور اس کے پاس ہدیہ وغیرہ بھی ہو تو اس کا دشمن اس سے صلح کا مطالبہ کریگا اور اس کا قرض ادا کریگا یا وہ مقروض ہوگا (۱۰) اور اگر اس نے دیکھا کہ اُسے کسی مجہول آدمی نے سلام کیا اور اس نے اس سلام کو قبول کرلیا تو اُسے سلام کیا جائے گا اور وہ اس سلام کا جواب دیگا اور اس پر اُسے اجر ملیگا (۱۱) اور اگر اس نے اس کا جواب نہ دیا اور نہ ہی اُسے قبول کیا تو وہ گنہگار ہوگا (۱۲) اور کہا گیا کہ جس نے دیکھا کہ اس نے کسی آدمی کو سلام کیا تو وہ غم پائے گا' اور جس نے دیکھا کہ وہ ایک عام آدمی کو جو اس کے سلام کا عادی ہے کو سلام کر رہا ہے اور اس سے معانقہ کر رہا ہے تو یہ دلالت کرتا ہے بھلائی اور کسی اچھی بات پر جس کو یہ سنے گا اور اُس جیسی بات کہے گا (۱۳) اور جس نے دیکھا کہ وہ دشمن سے مصافحہ اور معانقہ کر رہا ہے تو یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ ان کی دشمنی ختم ہو جائے گی (۱۴) اور جس نے دیکھا کہ فرشتے اُسے سلام کر رہے ہیں تو اللہ تعالیٰ اُسے بصیرت عطا کریں گے اور اس کا خاتمہ اور انجام اچھا ہوگا اور خواب میں سلام کرنا سلام کیئے جانے والے کی اطاعت کو بھی ظاہر کرتا ہے۔

(۱۵) اور بعض دفعہ جس کو سلام کیا جائے اس کی طرف ضرورت کو بھی ظاہر کرتا ہے (۱۶) اگر کسی نے اس کے سلام کا جواب دیدیا تو جس کام کے لئے وہ کھڑا ہوا ہے اس میں کامیاب ہوگا (۱۷) اور اگر کسی نے بھی جواب نہ دیا تو اس کا حال کھوٹا ہو جائیگا یا اس کا قول لوگوں کے درمیان معتبر نہ ہوگا (۱۸) اور اگر اس نے حاجت ظاہر کی اور کسی نے بھی سلام سے ابتداء نہ کی تو اس کی حاجت سے معذرت کرلی جائے گی (۱۹) اور اگر اُس نے کسی قوم سے سلام سے پہلے بات کی تو یہ سنت کی مخالفت اور بدعت کی طرف میلان کو ظاہر کرتا ہے (۲۰) اگر کسی نے اُسے خواب میں سلام کیا اور اس نے جواب نہ دیا اور ایسا ہی اگر اس نے اشارہ سے جواب دیا اس کی تعبیر بھی مذکورہ تعبیر کی طرح ہوگی اور بعض دفعہ خواب میں سلام کرنا تسلیم ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

## سلام الصلوٰۃ (نماز والا سلام)

(۱) جس نے خواب میں دیکھا کہ اس نے سلام پھیرا اور مکمل نماز سے نکل گیا تو وہ ہر غم سے نکل جائیگا اور اس کا کام محبت کی طرف لوٹ آئیگا (۲) اور اگر اس نے دائیں طرف سلام پھیرا تو وہ اس کے بعض کام کی اصلاح کی علامت ہے (۳) اور اگر اس نے بائیں طرف سلام پھیرا اور دائیں طرف سلام نہ پھیرا تو اس پر بعض امور مضطرب ہونگے'' یعنی اس کے لئے پریشانی پیدا کرینگے (۴) اور نماز کے بعد سلام پھیرنا یہ دلالت کرتا ہے حدیث کے مطابق چلنے' اور سنتوں کے اتباع عمل سے فارغ ہونے' معزول ہونے' والی بننے' سفر' اور رزق پر بھی دلالت کرتا ہے (۵) اور اگر اس نے بائیں طرف پہلے پھیرا دائیں طرف بعد میں سلام پھیرا تو یہ دلالت کرتا ہے شر کے نقش قدم پر چلنے پر کے اور بدعتوں کے اتباع پر (۶) اور اگر وہ نماز سے اٹھ کر کھڑا ہو گیا اور اس نے سلام نہ پھیرا تو وہ فائدہ حاصل کرنا چاہتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور اُسے رأس المال کی کوئی فکر نہیں ہے۔

## سلم البیع (بیع سلم کرنا)

(۱) خواب میں بیع سلم کرنا تعداد یا وزن یا صنعت کے لحاظ سے کسی معین رزق کی تجدید پر دلالت کرتا ہے (۲) اور اگر اس نے دیکھا کہ وہ خود دعویٰ کرتا ہے یا وہ مدعیٰ علیہ ہے تو اس کی تعبیر منافع ملنے سے ہوگی۔ جیسا کہ ہم پیچھے بیان کر چکے ہیں' یا وہ مقروض ہو جائیگا اس لئے کہ سلم ان سب چیزوں کو شامل ہے۔

## سلم الصعود (سیڑھی)

(۱) لکڑی کی سیڑھی کو خواب میں دیکھنا ناراضگی' تھکاوٹ اور سفر کے اسباب دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ سیڑھی سلامتی پر بھی دلالت کرتی ہے (۲) اور بعض دفعہ لکڑی کی سیڑھی پر چڑھنا امر بالمعروف پر دلالت کرتا ہے اس شخص کے لئے جو امر بجالانے والا نہ ہو یا نہی عن المنکر پر اس کے لئے جو منکر سے اپنے آپ کو نہ بچاتا ہو (۳) اور اگر لکڑی کی سیڑھی عمارت کی صورت اختیار کر جائے تو یہ کام میں ثبات پر' اور جس کام کو چھپانا چاہے اس کے چھپنے پر دلالت کرتا ہے' اور سیڑھی کی دلالت بادشاہ پر بھی ہوتی ہے (۴) اور جس نے سیڑھی کو نیچے بڑھتے دیکھا تو وہ بیمار ہوگا (۵) اگر اس نے دیکھا کہ سیڑھی کھڑی ہے تو وہ بیماری سے شفاء پائیگا اور سلم اس شخص کے لئے سلامتی ہے جو کسی غم میں مبتلا ہو اور سیڑھی دلالت کرتی ہے سفر پر اور عزت والے آدمی ہونے پر (۶) جس نے دیکھا کہ وہ نئی سیڑھی پر چڑھا تو اُسے خیر پہنچے گا دین اور دنیا میں بلندی ملیگی (۷) اگر اس نے دیکھا کہ وہ پرانی سیڑھی پر چڑھا تو وہ بھلائی اور تجارت میں بلندی پائیگا۔ اور اگر وہ کسی سے جھگڑا کریگا تو اس پر غالب آئیگا اور اگر کسی نے دیکھا گویا وہ لوہے کی سیڑھی سے گرا تو اس کے دین کے کام میں سستی ہوگی' اور وہ دوبارہ اپنے کام پر لوٹ آئیگا (۸) اور اگر کسی نے دیکھا گویا وہ پرانی سیڑھی سے اتر رہا ہے تو وہ تجارت میں نیچے آئیگا اور اُسے نفع نہ ہوگا (۹) اگر سیڑھی ٹوٹ گئی اور وہ اس پر تھا تو اس کا دشمن اس پر غالب آئیگا (۱۰) اور جس نے دیکھا گویا وہ سیڑھی سے کسی معروف اور ہلاکت والی جگہ پر اتر رہا ہے تو وہ ان غلط چیزوں سے محفوظ ہوگا جس میں وہ بلند ہے مثلاً غرور' قتل وغیرہ' (۱۱) اور لکڑی کی سیڑھی کسی بلند منافق آدمی پر دلالت کرتی ہے اور اس پر چڑھنا نیت پر قائم ہونے پر دلالت کرتا ہے اور کہا گیا کہ اس پر چڑھنا ایسی قوم سے مدد طلب کرنے پر دلالت کرتا ہے جس میں منافقت ہو' (۱۲) اگر وہ اس پر اس لئے چڑھتا ہے کہ وہ کسی کی بات سن سکے تو وہ بادشاہت پائیگا اور سیڑھی پر چڑھنا ریاست پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ یہ کہ اچھے لوگوں کی باتیں سن کر ان کے راز اور باتیں شریری لوگوں تک پہنچانے پر دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سواک (مسواک)

(۱) اور جس نے خواب میں دیکھا کہ وہ مسواک کر رہا ہے تو جس قدر اس نے مسواک کی اس قدر وہ حضور ﷺ کی سنتوں میں سے کسی سنت کو ادا کریگا اور یہ ہمیشہ کی پاکیزگی پر اور وہ اپنے اقرباء پر احسان کرنے والا ہونے پر دلالت کرتی ہے۔ اور جو کچھ اُسے ملے گا اس میں انکا بھی حصہ بنائے گا۔ اور ان کی تکالیف کو برداشت کریگا (۲) اگر اس نے دیکھا کہ وہ کسی گندی چیز سے مسواک کر رہا ہے تو وہ کسی سنت کو حرام مال کے ذریعے قائم کریگا (۳) جس نے دیکھا کہ اس نے مسواک اٹھائی اور اُسے منہ میں ڈالا تو یہ سنت کی اتباع کی دلیل ہے (۴) اور جس نے دیکھا کہ وہ مسواک کر رہا ہے اور اس کے منہ اور دانتوں سے خون نکل رہا ہے تو وہ گناہوں سے نکل جائیگا' اور بعض دفعہ یہ دلالت کرتا ہے گناہ کرنے پر اور یہ اپنے گھر والوں کو تکلیف دیگا اور ان کا مال لیگا۔ اور کہا گیا کہ جس نے دیکھا کہ وہ مسواک کر رہا ہے اور اسکے منہ سے خون نکل رہا ہے تو ایسا آدمی ہے جو لوگوں کا گوشت کھاتا ہے ''یعنی غیبت کرتا ہے'' اور مسواک بات میں صفائی اور سچائی پر بھی دلالت کرتی ہے 'اور بعض دفعہ یہ گناہوں سے پاکی پر اور کفر کے بعد اسلام پر اور قرض کے اترنے پر دلالت کرتی ہے اور بعض دفعہ یہ کسی ایسے کام پر بھی دلالت کرتا ہے جس سے اللہ تعالیٰ کا قرب نصیب ہوتا ہے اور وعدہ کے پورا کرنے پر اور بعض دفعہ یہ بیوی کے حاملہ ہونے پر یا کسی کنواری کی شادی ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

## سجود الصلوٰۃ (نماز کا سجدہ)

(۱) جس نے دیکھا کہ اس نے رکوع کیا اور سجدہ کیا اور اللہ تعالیٰ کے لئے نماز پڑھی تو وہ اللہ تعالیٰ کے لئے عاجزی اختیار کریگا اور تکبر سے بری ہوگا اور اللہ تعالیٰ کے مقرر کردہ حدود اور فرائض کو قائم کریگا۔ بہت زیادہ نماز پڑھیگا' اور دین اور دنیا میں جس کی بھی خواہش کریگا وہ اُسے بہت جلدی ملیگی اور دشمن پر غالب آئیگا' (۲) کہا گیا کہ جس نے دیکھا کہ اُس نے اللہ تعالیٰ کے لئے سجدہ کیا تو وہ دشمن پر غالب آئیگا اور اس کی مغفرت کی جائیگی اور اگر سجدہ کرنے والا گناہگار ہے' جب اس نے سجدہ کرلیا تو گویا گناہ سے توبہ کرلیا اور اس پر شرمندگی کا اظہار کیا اور خطرہ سے محفوظ ہوگیا اور اپنی حاجت کو پالیا اور اس کو معاف کردیا گیا اور جس کو معاف کردیا گیا تو اس کی زندگی لمبی ہوگی (۳) اگر اس نے دیکھا کہ اس نے اللہ کے علاوہ کسی اور کے لئے سجدہ کیا یا سر تو جھکا یا لیکن سجدہ کی نیت نہیں کی تو وہ لڑائی جنگ اور جھگڑے میں ذلیل و ناکام ہوگا اور اگر تجارت کر رہا ہے ہوتو اس میں اُسے خسارہ ہوگا اور اگر اس کی کوئی ضرورت ہوتو وہ پوری نہ ہوگی (۴) اور اگر کسی بلند پہاڑ پر اس نے اللہ تعالیٰ کے لئے سجدہ کیا تو وہ کسی طاقتور آدمی پر غالب آئیگا (۵) اور اگر وہ کسی اونچی جگہ یا دیوار پر ہو تو وہ کسی بلند آدمی کا مطیع ہوگا اور اس کو ذلیل کریگا (۶) اور نیند میں سجدہ کرنا اللہ تعالیٰ پر ایمان اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گناہ گار سے توبہ کی علامت ہے اور بعض دفعہ خواب میں رکوع اور سجدہ کرنے حج پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ﴿وَطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ وَالْعَاكِفِينَ وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ﴾ ''کہ میرے گھر کو طواف کرنے والوں اور جھکنے والوں اور رکوع وسجود کرنے والوں کے لئے پاک کردو''۔ اور بعض دفعہ خواب میں سجدہ کرنا سنت کے اتباع پر۔ اور جنت کے اندر حضور ﷺ کی صحبت پر دلالت کرتا ہے۔ اور خواب میں سجدہ کرنا کامیابی کی بھی دلیل ہے اور جس گناہ میں وہ واقع ہے اس سے توبہ کی علامت ہے۔ اور زندگی لمبی ہونے کی بھی دلیل ہے اور خطروں سے نجات ہے اور سجدوں پر بھی دلالت کرتا ہے اور نصرت اور کامیابی کی بھی دلیل ہے اور معاملات میں یہ اصلاح کی علامت ہے' اور بعض دفعہ سجدہ کرنا دلالت کرتا ہے ایسی نعمت پر جسے اللہ تعالیٰ نے دیکھنے والے پر کی ہو (۷) اور جس نے دیکھا کہ سونے کی اینٹ چاندی کی اینٹ کو سجدہ کر رہی ہے تو یہ اس بات پر دلالت کر رہی ہے کہ کوئی شریف آدمی کسی گھٹیا آدمی کی اتباع کریگا اور جو صلیب کو سجدہ کر رہا ہے تو وہ کسی منافق قوم کی تابعداری گانا بجانے کے آلات میں کریگا۔

## سجود التلاوۃ (سجدہ تلاوت)

(۱) اگر کسی نے خواب میں سورہ الاعراف والا سجدہ پڑھا تو بشارت ہے وہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا محافظ ہوگا۔ اور اس کا مرتبہ بلند ہوگا (۲) اور اگر اس نے سورہ الرعد والا سجدہ پڑھا تو یہ دلالت کرتا ہے سخاوت اور اطاعت اور سچی خبروں پر (۳) اور اگر اس نے سورہ الاسراء کا سجدہ پڑھا تو وہ اللہ کی یاد میں اور اللہ تعالیٰ کے ڈر سے بہت زیادہ روئے گا (۴) اور اگر اس نے سورہ مریم والا سجدہ ادا کیا تو یہ نعمتوں اور آسودگی پر دلیل ہے اور دنیا اور آخرت میں مرتبہ کے بلند ہونے کی بھی علامت ہے' لیکن اس کے لئے نہیں جو اس کے منصب میں اس کے بعد آئیگا جیسے بیٹا یا کوئی اور شخص جس کی اس نے وصیت کی (۵) اور اگر اس نے سورہ الحج کا پہلا سجدہ پڑھا تو یہ اس کو اس کی غفلت اور سستی پر تنبیہ اور ڈراتا ہے (۶) اور اگر اس نے سورہ الحج کا دوسرا سجدہ پڑھا تو یہ اطاعت اور نیکی پر ابھارنے اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنے پر دال ہے (۷) اور اگر اس نے سورہ الفرقان کا سجدہ پڑھا تو یہ نیکیوں سے بھاگنے اور گناہوں کو قبول کرنے پر دال ہے (۸) اور جو کسی شک وشبہ میں واقع ہو تو یہ اللہ تعالیٰ پر اچھا گمان اور اچھے عقیدے کو ظاہر کرتا ہے۔

(۹) اور اگر اس نے سورہ النمل کا سجدہ کیا تو یہ ذکر میں غلو اور اہل بدعت کے ہاں اچھی شہرت حاصل کرنے پر دال ہے اور بادشاہوں تک بات پہنچانے اور ان کے پاس سچ بولنے اور فحش کلام کو نقل کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

(۱۰) اور اگر اس نے الٓمٓ تنزیل کا سجدہ پڑھا تو اللہ تعالیٰ پر ایمان اور عذاب سے خوف اور فضائل میں رغبت' اور توبہ اور نماز کی مداومت پر دلالت کرتا ہے (۱۱) اور اگر اس نے سورہ (صٓ) کا سجدہ کیا تو یہ دلالت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



طرف رجوع کرنے اور کسی اچھی سنت کے جاری کرنے پر' اور کسی ایسی نعمت کی تجدید پر بھی دلالت کرتا ہے جس کا وہ شکر ادا نہیں کرتا (۱۲) اور اگر اس نے سورہ فصلت کا سجدہ ادا کیا تو یہ اللہ تعالیٰ' اور بادشاہ کے احکام کی اطاعت شر پر دلالت کرتا ہے' اور اگر اس نے خواب میں سورہ النجم کا سجدہ پڑھا تو یہ دلالت کرتا ہے گناہ سے توبہ کرنے اور گناہوں کو چھوڑنے پر' اور منہیات سے اجتناب کرنے' پر اور اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے پر (۱۳) اور اگر اس نے سورہ الانشقاق کا سجدہ ادا کیا تو یہ گناہوں اور معاصی کے ارتکاب پر تنبیہ ہے (۴) اور اگر اس نے سورہ اقرا کا سجدہ ادا کیا تو یہ توبہ پر اور گناہوں کو چھوڑنے پر اور فضول اور جہنم کو واجب کرنے والے کاموں پر دلالت کرتا ہے۔

## سجود الشکر (سجدہ شکر)

خواب میں سجدہ ادا کرنا بلاء کے رفع ہونے' اور رزق کے دوبارہ ملنے کی دلیل ہے اور سجدہ کی کوشش کرنے والے کی برتری کی علامت ہے' اور اگر اس نے اللہ تعالیٰ کے لئے سجدہ ادا کیا اور وہ درمیان عمر کا تھا اور اُسے بیماری تھی لیکن اس کے کمر میں ٹیڑھا پن نہیں تھا تو' وہ مال اور نعمت کے ذریعے طاقتور ہوگا اور مالدار ہوگا اور بوڑھا نہیں ہوگا۔

## سعی بین الصفا والمروۃ (صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرنا)

خواب میں صفا مروۃ کے درمیان سعی کرنا آپس کی اصلاح پر دلالت کرتا ہے اور اگر صاحب خواب دلال ہو تو کبھی وہ باتوں میں انصاف سے کام لے گا یا وہ اپنی دونوں بیویوں یا والدین کے درمیان عدل کریگا۔ اور اگر دیکھنے والا بیمار ہو تو اس کو مرض سے افاقہ ہوگا' اور وہ رزق کے طلب میں کوشش کریگا۔

## سبی المشرکین فی الحرب (جنگ میں کافروں کو قید کرنا)

(۱) اس کا خواب میں دیکھنا رازوں کے کھلنے پر اور خبروں پر مطلع ہونے پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ قید کرنا دلالت کرتا ہے بیماریوں اور مصیبتوں پر' (۲) چنانچہ خواب دیکھا گویا اگر مسلمانوں نے کافروں کو قیدی بنایا تو یہ ان کے لئے فائدوں اور رزق پر دلالت ہے (۳) اور اگر کافروں نے مسلمانوں کو قیدی بنایا تو یہ ان کے ضعف اور فسادِ حال پر دال ہے۔

## سنہ (سال)

اس کو خواب میں دیکھنا دلالت کرتا ہے کبھی قحط' اور خوشحالی پر اور کبھی دین میں شک وشبہہ کرنے پر یا اس کا دیکھنا دلیل ہے سختی پر اور بعض دفعہ یہ زیادتی علم پر دلالت بھی کرتا ہے' اور سال کو خواب میں دیکھنا دلالت کرتا ہے حالات کی تبدیلی پر ایسے فتنے پر جسے خواب دیکھنے والا اپنے اندر یا کسی اور میں دیکھے گا اور اگر اس نے خواب میں سال کو دیکھا اور لوگ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس وقت قحط میں مبتلا تھے تو یہ خواب خوشحالی اور مال کی فروانی کی دلیل ہے۔

## ساعۃ الزمان (اوقات)

جس نے خواب میں دن یا رات کے وقتوں میں سے کوئی وقت دیکھا تو اس وقت کے برابر اُسے درہم یا دنانیر ملیں گے' اور قبولیت کی کوئی گھڑی جیسے جمعہ کے دن کا کوئی وقت یا دعا یا ذکر کے اوقات میں سے کوئی وقت دیکھنا تو یہ برائیوں سے ہٹنے پر اور فقیر آدمی کے لئے غنی ہونے پر اور وعدہ کے پورے کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## سماء (آسمان)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا اس پر ہی ''یعنی آسمان پر'' دلالت کرتا ہے' پس جو آسمان سے یا آسمان کی ایک طرف سے گرا تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس گرنے والی چیز کی نظیر ملے گی' مخلوق کے لئے اس میں کوئی مناسبت نہیں ہے مثلاً (۲) اگر اس میں سے گھروں پر آگ گرے تو لوگوں کو بیماریاں' چیچک اور موت وغیرہ آئیگی (۳) اور اگر اس سے بازاروں پر آگ وغیرہ گرے تو بازار میں بکنے والی چیزیں کمیاب اور مہنگی ہو جائیں گی' (۴) اور کہا گیا کہ اگر کھیتوں' کھلیانوں یا گوداموں میں یہ آگ گرے تو سارے پودے اور نباتات جل جائینگے' اور ان کو سردی لگ جائیگی جس سے وہ خراب ہو جائینگے یا ان کو ٹڈی کھا جائے گی (۵) اور اگر آسمان سے کوئی ایسی چیز اتری جو خوشحالی رزق اور مال پر دلالت کرتی ہے جیسے شہد' تیل' انجیر' اور جو وغیرہ' تو اس سال بہت فائدہ مند بارشیں ہونگی اور آسمان سے اترنے والی چیز کو اس سے نفع ہوگا' اور بعض دفعہ آسمان کا دیکھنا بادشاہ کے جسم اور اس کے ذات پر بھی دلالت کرتا ہے (۶) چنانچہ آسمان سے جو کچھ اترا یا اس میں جو کچھ دیکھا گیا خیر ہو یا شر تو یہ بادشاہ کے اندر واقع ہونے کی علامت ہے۔ اور بعض دفعہ ان کے محل یا اس کے دار الحکومت یا اس کے خیمہ یا ڈیرہ پر یا اس کے بیت المال پر دلالت کرتا ہے (۷) جس نے خواب میں دیکھا کہ وہ سیڑھی یا کرسی کے ذریعے آسمان پر چڑھا تو وہ بادشاہ کے پاس بلندی اور رفعت پائیگا۔

(۸) اگر اس نے دیکھا کہ وہ سیڑھی یا رسی کے بغیر آسمان پر پہنچا تو یہ اُسے بادشاہ کی طرف سے شدید خطرہ پہنچنے کی طرف اشارہ ہے اور وہ بادشاہ سے ملنے میں یا اپنی امیدوں کے بارے میں بہت غرور میں پڑے گا (۹) اور اگر اس کا خیال یہ تھا کہ اوپر جا کر وہ بادشاہ کی باتیں سنے گا تو وہ بادشاہ کی جاسوسی کریگا یا اس کے گھر یا بیت المال میں چوری کریگا (۱۰) اور اگر وہ آسمان پر پہنچ گیا تو وہ اپنے کام میں انتہاء تک پہنچے گا (۱۱) اور اگر وہ زمین پر لوٹ آیا تو جس کام میں وہ داخل ہوا تھا اس سے بچ جائیگا (۱۲) اور اگر وہ اپنی جگہ سے گرا تو جتنا وہ گرا اُنکا کچھ عضو وغیرہ ٹوٹا اتنا ہی وہ اس کام میں ہلاکت میں پڑیگا جو اس کے سپرد کیا گیا ہے (۱۳) اور اگر آسمان کی طرف پہنچنے والا بیداری میں بیمار تھا اور پھر وہ دوبارہ زمین پر نہ آیا تو یہ اطلاع ہے وہ اپنی بیماری کی وجہ سے مرجائیگا اور اس کی روح ایسی ہی آسمان کی طرف چلی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جائیگی (۱۴) اور اگر وہ دوبارہ زمین پر لوٹ آیا تو اس کا مرض انتہا کو پہنچے گا اور وہ اپنے اہل خانہ سے مایوس ہوگا پھر اللہ تعالیٰ اس کو نجات دینگے ان شاء اللہ (۱۵) لیکن اگر وہ آسمان سے واپس آیا لیکن کسی کنوئیں یا کسی گڑھے وغیرہ میں گر گیا اور وہاں سے دوبارہ نہ نکلا تو یہ بھی اس کی موت کی علامت ہے اور گویا وہ کنواں اور گڑھا اس کی قبر ہے جس میں وہ لوٹنے کے بعد پڑیگا تاہم اس میں اس کی بحالت اسلام موت کی خوشخبری ہے اس لئے کہ کافروں کے لئے آسمان کے دورازے نہیں کھلتے اور نہ ہی ان کی روحیں وہاں جاتی ہے (۱۶) اور اگر کسی نے دیکھا گویا کہ لوگ آسمان کے دروازوں سے تیر برسا رہے ہیں تو اگر وہاں طاعون کی کچھ نشانیاں ہیں تو اس کے دروازے ان کے لئے کھل جائینگے (۱۷) اگر وہ تیر زخمی کر رہے ہو اور جس کو بھی لگیں اس کا خون نکل رہا ہو تو وہ بادشاہ کی طرف سے ہر ایک کے لئے اس کے حصے کے بقدر احکام اور فرامین آنے پر دلالت کرتا ہے (۱۸) اور اگر ان کا مقصد آنکھوں اور مکانوں کو نشانہ بنانا ہو تو یہ کوئی فتنہ کی علامت ہے کہ جس کو تیر لگیں گے اس سے ہلاک ہو جائے گا۔

(۱۹) اور اگر ان پر تیر لگ رہے ہوں لیکن انہیں کوئی نقصان نہ پہنچ رہا ہو اور وہ اُسے اکٹھا کر کے اٹھا رہا ہو تو یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی غنیمت یا انعام ہوگا جو اسے ملے گا جیسے ٹڈیاں یا پرندوں کی کوئی قسم جیسے چڑیا اور بٹیر یا حلوہ وغیرہ یا کوئی غنائم اور کبھی اور تیر بادشاہ کی اس کمائی پر کبھی دلالت کرتے ہیں جو اُسے رزق بذریعہ جہاد یا عطایا میں سے ملیں جس کے لئے وہ اپنے بیت المال اور صندوقوں کو کھولے (۲۰) اور آسمان سے قریب ہونا نیکوں اور اچھے کام کرنے والوں کے لئے اللہ تعالیٰ کے قرب پر دلالت ہے، اور بعض دفعہ یہ کسی ایسے پریشان حال اور بے کس شخص پر دلالت کرتا ہے جو دعا کرتا ہے اور اُس کی دعا قبول ہوتی ہے اور بعض دفعہ یہ امام بادشاہ عالم، والد، شوہر، اور آقا اور ہر اس شخص کے قرب پر دال ہوتا ہے جس سے اس کو بیداری میں کام ہو (۲۱) اور آسمان سے زمین پر گرنا بادشاہِ بیمار کے لئے ہلاکت ہے اور بادشاہ مسافر کے لئے یہ خواب اپنے علاقے کی طرف آنے کی دلیل ہے، اور یہ بات خاص طور پر دیکھنے والے کے بادشاہ یا اس سے اوپر والے لوگوں مثلاً والد، آقا، شوہر وغیرہ پر دلالت کرتا ہے (۲۲) اور آسمان کا گرنا بعض دفعہ خشک زمین پر دلالت کرتا ہے (۲۳) اور اگر لوگ اس کو گرنے کے بعد پاؤں سے روندر ہے ہوں اور وہ خادم قسم کے لوگ ہوں اور اُس سے ایسی چیزیں چن رہے جو رزق اور خوشحالی اور مال کی علامت ہے تو وہاں بہت زیادہ فائدہ مند بارش ہوگی۔ اور اھل عرب بارش کو سماء بھی کہتے ہیں اس لئے کہ یہ بھی آسمان سے اترتی ہے (۲۴) اور اگر کسی خاص شخص پر آسمان گرا یا اس کے گھر والوں پر آسمان گرا تو یہ اُسکے گھر کی چھت، گرنے پر دلالت کرتا ہے (۲۵) اور جس شخص پر آسمان گرا اگر بیداری کی حالت میں وہ بیمار ہے تو یہ اس کی موت کی علامت ہے (۲۶) اور جو شخص آسمان پر چڑھا اور اس میں داخل ہوگیا تو وہ شہادت پائیگا اور اللہ تعالیٰ کے ہاں عزت پائیگا اور اس کے ساتھ ساتھ وہ شرافت اور ناموری بھی حاصل کریگا (۲۷) اور جس نے دیکھا گویا وہ آسمان پر ہے تو وہ حکم دے گا اور منع کریگا (۲۸) اور جس نے دیکھا کہ وہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آسمان زمین کی طرف دیکھنے کی غرض چڑھا تو وہ رفعت اور بلندی پائیگا اور کسی فوت شدہ چیز پر افسوس کریگا (۲۹) اور اگر اس نے دیکھا کہ آسمان دنیا پر ہے تو اگر وہ وزارت کا اہل ہے تو وزارت حاصل کریگا یا وزیر کے کاموں میں مداخل ہوگا اس لئے دنیا کا آسمان چاند کی جگہ ہے اور چاند کی تعبیر وزیر سے کی جاتی ہے (۳۰) اور اگر اس نے دیکھا کہ وہ دوسرے آسمان پر ہے تو وہ علم ادب پائے گا اور لوگ اس سے سیکھیں گے اور اُسے ذھانت، کتابت اور ریاست ملے گی۔ اس لئے کہ دوسرا آسمان عطارد کا ہے (۳۱) اور اگر اس نے دیکھا کہ وہ تیسرے آسمان پر ہے تو وہ نعمتیں، باندیاں، پوشاکیں، زیورات، خوشی اور سرور پائیگا اور مالدار ہوگا اور اُسے نعمتیں حاصل ہونگی اس لئے کہ تیسرا آسمان زھرہ کا ہے (۳۲) اور اگر اس نے دیکھا کہ وہ چوتھے آسمان پر ہے تو وہ بادشاہت سلطنت اور رعب حاصل کریگا اور بادشاہ کے معاملات میں مداخلت کریگا اس لئے کہ چوتھا آسمان سورج کا ہے (۳۳) اور اگر اس نے دیکھا کہ وہ پانچویں آسمان پر ہے تو وہ پولیس کا محکمہ یا جنگ یا چوروں یا اچانک حملہ کرنے والوں کا محکمہ سنبھالے گا اس لئے کہ پانچواں آسمان مریخ کا ہے۔

(۳۴) اور اگر اس نے اپنے آپ کو چھٹے آسمان پر دیکھا تو اُسے فقاھت، قضاء اور عبادت نصیب ہوگی اور وہ کاموں کا ماہر مدبر، اور بادشاہ کا رازدان ہوگا اس لئے چھٹا آسمان سیارہ مشتری کا ہے (۳۵) اور خود کو ساتویں آسمان میں دیکھے تو یہ وہ زمین یا جائیداد اور اس کام کو کرنے والے سامان وغیرہ طویل عرصہ کے لئے پائے گا، اس لئے کہ ساتواں آسمان زحل کا ہے، اور اگر خواب دیکھنے والا ان رتبوں اور عہدوں کا حقدار یا اہل نہ ہو تو یہ نعمتیں اس کے رئیس یا اس کے بعد آنے والے شخص یا اس جیسے کسی اور شخص یا اس کے ہم نام کے لئے ہونگی (۳۶) اور اگر اس نے دیکھا کہ وہ ساتویں آسمان کے اوپر ہے تو وہ بہت بلندی پائیگا لیکن وہ ہلاک ہوگا (۳۷) اور اگر اس نے دیکھا کہ وہ آسمان میں داخل ہوا تو وہ مرجائیگا اور آخرت کی طرف لوٹیگا (۳۸) اگر دیکھا آسمان سبز ہوا تو اس سال فصل اچھی ہوگی اور اگر اس نے دیکھا گویا کہ آسمان زرد ہوگیا تو وہ زمین میں امراض پر دلالت کرتا ہے، (۳۹) اور اگر اس نے دیکھا کہ آسمان لوہے کا ہے تو بارش کم ہوگی (۴۰) اور اگر اس نے دیکھا کہ وہ آسمان سے گرا تو وہ کفر کریگا یا اُسے کسی ظالم آدمی کی طرف سے آفت اور مصیبت پہنچے گی (۴۱) اور اگر اس نے دیکھا کہ آسمان پھٹا اور اس میں سے کوئی بوڑھا آدمی نکلا تو یہ اس زمین والوں کے لئے خوش نصیبی ہے اور اس بات پر دلالت ہے کہ وہ بھلائی، خوشحالی، محبت اور خوشیاں پائیں گے (۴۲) اور اگر اس سے کوئی جوان آدمی نکلا تو یہ کسی دشمن پر دلالت ہے جو ظاہر ہوگا اور ان علاقے والوں کے ساتھ برائی کریگا اور ان کے درمیان دشمنی اور تفریق واقع ہوگی (۴۳) اور اگر دیکھے کہ آسمان سے بکریاں نکلیں تو یہ حصولِ غنیمت پر دلالت کرتا ہے (۴۴) اور اگر اونٹ نکلے تو بارش ہوگی اور سیلاب ہوگا (۴۵) اور اگر اس میں سے کوئی درندے نکلے تو وہ کسی ظالم بادشاہ کے ظلم کا شکار ہونگے (۴۶) اور خواب دیکھا گویا کہ آسمان کا منہ بند ہوگیا تو بارش ان سے رک جائیں۔ اور اگر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کھل گیا تو بہت زیادہ بارش اور نباتات وغیرہ ہونے کی علامت ہے اور اگر اس نے دیکھا کہ آسمان کے دروازے کھل گئے تو بہت بارشیں ہونگی اور دعائیں قبول ہونگی (۴۷) اور اگر اس نے دیکھا کہ اس کے دروازے بند ہیں تو اسی سال بارشیں رکیں گی (۴۸) اور اگر اس نے دیکھا کہ وہ آسمان سے زمین پر اترا تو اس کو بہت سخت بیماری پہنچے گی' اور اُسے بہت زیادہ خطرہ پہنچے گا جس میں وہ موت کے قریب پہنچ کر اس سے بچ جائیگا (۴۹) اور اگر اس نے دیکھا کہ اس نے آسمان کو چھوڑا تو وہ کوئی بڑا کام سرانجام دینے کی کوشش کریگا' لیکن اُسے نہ کر پائے گا (۵۰) اور اگر اس نے دیکھا کہ وہ بلند ہوگیا یہانتک وہ آسمان کے قریب ہوگیا لیکن اُسے نہ پاسکا تو یہ صاحب دین یا دنیا ہے اس میں یہ بلندی پائیگا (۵۱) اور خواب میں آسمان کی طرف دیکھنا دنیا کی بادشاہت میں سے کسی ایک بادشاہت کی طرف اشارہ ہے (۵۲) اور اگر اس نے مشرق اور مغرب کی طرف دیکھا تو یہ سفر کی طرف اشارہ ہے اور بعض دفعہ اس کی تعبیر کسی عظیم بادشاہت کے حصول سے ہوتی ہے۔

(۵۳) اور اگر کسی نے دیکھا گویا کہ اس نے آسمان کو چرایا اور اس کو اپنے تھیلے میں چھپالیا تو وہ قرآن پاک چوری کریگا اور اُسے اپنی بیوی کو دیگا (۵۴) اور جس نے دیکھا کہ آسمان کھل گیا تو اُسے خوشی بھلائی اور نعمتیں ملیں گی (۵۵) اور اگر اس نے دیکھا کہ وہ سیدھا آسمان کی طرف چڑھ رہا ہے تو وہ خسارہ اٹھائے گا مالی اور بدنی نقصان اٹھائے گا۔

(۵۶) اور اگر اس نے دیکھا گویا مشقت کے بغیر کہ وہ سیدھے اس پر چڑھ رہا ہے تو وہ بادشاہت اور نعمت حاصل کریگا اور دشمن کے فریبوں سے بچے گا (۵۷) اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے آسمان کو دانتوں سے پکڑا تو اسکی اپنی جان میں کوئی نقصان پہنچے گا یا کوئی چیز چاہے گا جہاں اس کا ہاتھ نہ پہنچے گا یا کسی رئیس کے غضب کا شکار ہوگا (۵۸) اور اگر اس نے دیکھا کہ وہ آسمان میں داخل ہوا اور اس سے نہ اترا تو یہ اس کے موت کی دلیل ہے یا اس کے قریب الھلاک ہونے کی علامت ہے (۵۹) اور اگر اس نے دیکھا کہ وہ آسمان پر گھوم رہا ہے اور پھر اس سے اترا تو وہ علم نجوم اور پر اسرار علوم حاصل کرے گا اور وہ اس میں مشہور ہوگا (۶۰) اور اگر اس نے دیکھا کہ اس نے آسمان کی طرف ٹیک لگائی تو وہ ریاست اور لوگوں میں سے اپنے مخالفین پر کامیابی پائے گا (۶۱) اور اگر کسی نے دیکھا وہ آسمان پر ہے اور اُسے نہیں پتہ کہ وہ کس وقت اس پر چڑھا تو وہ انشاء اللہ تعالیٰ جنت میں داخل ہوگا (۶۲) اور اگر کسی نے دیکھا گویا کہ اس کی آسمان پر کوئی عمارت ہے جو کہ دنیا کی عمارتوں کے مشابہ نہیں ہے تو وہ دنیا سے اس حالت میں اُٹھے گا کہ وہ اس پر راضی نہ ہوگا (۶۳) اور جس نے دیکھا کہ زمین اور آسمان کے درمیان اس کی کوئی عمارت ہے اور اس کے مٹیریل کو ناپسند کرتا ہے تو یہ اس کے دین میں قباحت کی دلیل ہے وگرنہ یہ دنیا اور آخرت میں عزت کی علامت ہوگی (۶۴) اور جس نے دیکھا کہ اس کے لئے اور بہت سے لوگوں کے لئے آسمان کا دروازہ کھولا گیا تو اس کے لئے اور زمین والوں کے لئے خوشی اور بھلائی ہوگی (۶۵) اور جس نے دیکھا کہ وہ آسمان سے گر گیا تو اگر وہ بادشاہت والا ہو تو وہ اپنی بادشاہت سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



معزول ہوگا اور اس کا حکم پورا نہ ہوگا (۶۶) اور کسی نے دیکھا گویا کوئی چیل یا کوئی عقاب آسمان کی طرف بڑھا اور گرا نہیں تو وہ بھلائی اور بلندی پائے گا (۶۷) اور جس نے دیکھا کہ آسمان کے ساتھ کسی رسی کے ذریعے لٹکا ہوا ہے تو جتنا وہ اونچا رہا اتنی ہی اُسے دین میں بادشاہت اور سلطنت عطا ہوگی۔ (۶۸) اور اگر اس نے دیکھا کہ وہ رسی ٹوٹ گئی تو اس کی بادشاہت زائل ہوجائیگی اور جس نے دیکھا کہ آسمان پر ایک چراغ جل رہا تھا اور پھر وہ گل ہوگیا تو سورج گرہن ہوگا اور جس نے دیکھا کہ آسمان اس کے سامنے بن رہا ہے تو اشارہ ہے وہ جھوٹی گواہی دیگا اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ﴿ مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ﴾ ترجمہ: ''میں نے انکو آسمان اور زمین کے بنانے کے وقت حاضر نہیں کیا تھا''۔ (۶۹) اور جس نے دیکھا کہ وہ آسمان سے زمین کی طرف گرا تو وہ کسی بہت بڑے گناہ کا ارتکاب کریگا (۷۰) اور اگر اس کا سر گرتے وقت نیچے تھا تو یہ لمبی عمر پر دلالت ہے اور بعض دفعہ یہ اس کو گناہ میں پڑنے سے انذار اور ڈرانا ہے' اور بعض دفعہ مریض کے ٹھیک ہونے کے بعد اُس کے دوبارہ بیمار ہونے پر دال ہے' اور بعض دفعہ یہ دلالت کرتا ہے تائب کے توبہ توڑنے اور پھر توبہ کرنے پر یا اس کے گھر والوں میں سے کسی چھوٹے کا بڑوں پر بلند ہونے پر (۷۱) اور جس نے دیکھا کہ آسمان سے نور نکلا تو یہ اُس گھر والوں کی ہدایت پر دال ہے اور اگر آسمان سے اندھیرا نکلا تو یہ ان کی گمراہی اور ضلالت کی علامت ہے (۷۲) اور اگر اس نے دیکھا کہ ایک کوڑا آسمان سے اترا تو لوگوں پر ان کے گناہوں کی وجہ سے ازمائش اترے گی جو انہوں نے کیئے اور ان کے جرائم کی بدولت جن کا انہوں نے ارتکاب کیا (۷۳) اور آسمانوں کا دیکھنا صاحب علم اور بزرگوں کے لئے جو آخرت کے کاموں کا اہتمام کرنے والے ہوں چیزوں کی حقیقتوں پر مطلع ہونے کی بھی دلیل ہے' اور بعض دفعہ اس کی طرف چڑھنا خواب میں کسی بڑی شہر یا بڑی نفع مند منڈیوں کی طرف بری یا بحری راستوں سے سفر کرنے پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ آسمان کی طرف جانا یا چڑھنا عقیدہ کے فساد یا جھوٹ بولنے پر بھی ولالت کرتا ہے' اور بعض دفعہ سچ بولنے پر دلیل ہے (۷۴) اور آسمان کا دیکھنا ولالت کرتا ہے شہر' قلعہ' گھر' بیوی' بیٹا' والدہ' استاذ اور مکانوں پر جن سے نفع کی امید ہو اور نقصان کا خوف ہو' اور آسمان دلالت کرتا ہے قسم پر جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ﴿ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ☆ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ﴾ ترجمہ: ''اور قسم ہے آسمان کی جو برجوں والا ہے اور قسم ہے آسمان کی اور رات کو آنے والے ستارہ کی''۔ اور بعض دفعہ یہ کسی عجیب تعمیر پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ آسمان کا دیکھنا دلالت کرتا ہے روزی کی تلاش میں نکلنے پر اور وعدہ کے پورا کرنے میں آسانی پر اور بعض دفعہ آسمان کو دیکھنا دلالت کرتا ہے سمندر پر اس کی وسعت کی وجہ سے اور اس وجہ سے کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی بے شمار مخلوق ہے (۷۵) اور کھیتی باڑی والوں کا آسمان دیکھنا دلالت کرتا ہے کھیتی باڑی کے بڑھنے پر (۷۶) اور خواب میں آسمان کو دیکھنا دلالت کرتا ہے اس چیز پر جو سر سے اوپر ہو جیسے ٹوپی' چھت اور خُود یا وہ چیز جس کے ذریعے دشمن سے بچا جائے جیسے بادشاہ اور اولاد اور وہ شئی جسکی حفاظت کرنا ضروری ہے جیسے بیوی' مال

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور دین وغیرہ (۷۷) اور جو آسمان پر چڑھے اور پھر نہ اترے تو یہ اُس کی موت کی علامت ہے' اور بعض دفعہ یہ تہمت پر دلالت کرتا ہے حضرت عیسیٰؑ کے واقعہ پر قیاس کرتے ہوئے اور دلالت کرتا ہے بلندی پر (۷۸) اور اگر اس نے دیکھا کہ آسمان پھٹ گیا تو یہ بدعت اور گمراہی پھیلنے پر دال ہے' اور بعض دفعہ آسمان کو دیکھنا حج پر دلالت کرتا ہے (۷۹) اور آسمان سے زمین پر آنا دشمن سے صلح پر دلالت کرتا ہے اور آسمان سے جو بھی خیر کی چیز اترے جیسے گندم' شہد یا گھی یا کوئی شر کی چیز جیسے سانپ بچھو اور گندگی تو اس کی بھی تعبیر اسی کے اعتبار سے ہوگی' چنانچہ جس نے خواب میں بھلائی کی کوئی چیز حاصل کی تو وہ رزق حلال اور علم نافع پائیگا اور اگر اس نے شر کی کوئی چیز پائی یا اُس سے اُس کو کوئی نقصان پہنچا تو یہ غموں پریشانیوں اور نفس کی طرف سے آفات پر دلالت کرتا ہے جیسے بیماریاں اور اموال کی ہلاکت۔ اور بعض دفعہ آسمان پر چڑھنا دشمنوں اور حاسدوں کے مرنے پر دلالت کرتا ہے۔ دیکھا گویا کوئی شر اور برائی کی چیز آسمان کی طرف چلی گئیں تو یہ کافروں کی ہلاکت یا ظلم کے خاتمہ کی دلیل ہے اور بعض دفعہ خواب میں آسمان سے کوئی چیز لینا دلالت کرتا ہے خبروں کی چوری اور جاسوسی پر (۸۰) اور اگر اس میں داخل ہوا اور وہ گنہگار تھا تو مر جائیگا اور اگر کافر تھا تو ہدایت پائیگا (۸۱) اور اگر وہ کسی کو مطلوب ہو تو وہ ایسی جگہ چُھپ جائیگا جہاں اُسے کسی دور دراز علاقے کی طرف سفر پر چلا جائیگا (۸۲) اور اگر وہ خادم وغیرہ ہو تو بادشاہ کی خدمت کریگا اور اس کے ہاں مقام پائیگا اور بعض دفعہ آسمان قید خانہ پر دلالت کرتا ہے' اور اس کی طرف جانا بلند ہمت پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## سحاب (بادل)

(۱) اسکو خواب میں دیکھنا دلالت کرتا ہے دین اسلام پر جس میں لوگوں کے لئے زندگی اور نجات ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کا سبب بھی ہے اس لئے کہ یہ ان چیز کو لے کر جاتا ہے جس پر لوگوں کی زندگیاں قائم ہیں اور بعض دفعہ بادل' علم' فقاہت' حکمت اور بیان پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ اس میں بھی حکمت کے لطائف اور اسرار ہوتے ہیں۔ اور بعض دفعہ یہ لشکروں اور ساتھیوں پر بھی دلالت کرتا ہے اس لئے کہ یہ ان چیزوں کو لیکر جاتا ہے کہ جس سے مخلوق پیدا ہوتی (۲) اور بعض دفعہ اسکی دلالت اونٹ پر ہوتی ہے جو کھانا وغیرہ پر قائم رہتا ہے اور بعض دفعہ یہ کشتیوں پر بھی دلالت کرتا ہے جو آسمان اور زمین کے بغیر پانی پر جاری ہیں اور ہوا کے ساتھ چلتی ہیں اور بعض دفعہ حاملہ عورتوں پر بھی دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ یہ بارش پر بھی دلالت کرتا ہے اس لئے کہ یہ اُسی کے سبب ہوتا ہے اور بعض دفعہ اگر وہ بادل سیاہ ہوں یا اس میں گھن گرج ہو یا اس میں پتھر ہوں تو یہ بادشاہ کے عوارض عذاب اور اس کے احکامات پر دلالت کرتا ہے (۳) اور جس نے دیکھا کہ بادل اس کے گھر یا اس کے کمرے میں اتر یا تو اگر وہ کافر ہو تو مسلمان ہوگا اور اگر وہ مؤمن ہو تو نعمتیں اور حکمتیں پائے گا یا اس کی بیوی حاملہ ہوگی۔ اگر اس میں اُسے رغبت ہو' یا اگر اس کا کوئی اونٹ یا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کشتی وغیرہ غائب ہوتو واپس آ ئے گی (۴) اور اگر اس نے دیکھا کہ وہ بادلوں پر سوار ہے یا وہ چل رہے ہیں تو اگر وہ کنوارا ہے تو نیک عورت سے شادی کریگا اور اگر حج یا سفر کا خواہش مند ہو تو حج اور سفر کریگا وگرنہ وہ علم اور حکمت میں مشہور ہوگا اگر وہ اس کا طالب ہو یا وہ کوئی لشکر یا کوئی مہم لیکر جائے گا یا بلندی پائیگا اگر اس کا اہل ہو وگرنہ سلطان اس کو کسی شریف سواری پر بٹھائے گا' اگر اس کو اس کا شوق ہو اور وہ مرد ہو یا اُسے کسی پیغام لیجانے والے کا محافظ بنائے گا اور اگر اس نے دیکھا کہ بادل گھرے ہیں اور مسلسل آ رہے ہیں اور لوگ ان کے پانی کا انتظار کر رہے ہیں اور وہ واقعی پانی والے بادل ہوں ان میں کوئی عذاب وغیرہ نہ ہو تو لوگ جس کی توقع اور انتظار کر رہے ہیں وہ آ ئیگا جیسے کوئی امیر یا کوئی ساتھی یا کوئی لشکر قافلوں کی طرح داخل ہوگا۔

(۵) اور اگر اس نے دیکھا کہ بادل زمین یا گھروں یا گودام وغیرہ یا درختوں یا نباتات پر گرا تو اس سے مراد سیلاب یا بارش یا ٹڈیاں یا قحط یا چڑیاں ہیں (جو فصلوں کو تباہ کر دیتی ہیں) (۶) اور اگر ان گرنے والے بادلوں میں کوئی ایسی چیزیں ہوں جو غم اور ناپسندیدہ چیزوں پر دلالت کرتی ہوں جیسے گرم یا بہت سخت ہوا یا آگ پتھر یا سانپ یا بچھو تو کسی دشمن کی دلیل ہے جو ان پر حملہ کریگا اور ان کے گھروں تک پہنچے گا۔

یا ٹڈیاں ہونگی یا کوئی وباء ہوگی جو انکی کھیتیوں اور معیشیت کو نقصان پہنچائے گی مختلف مذاہب اور بدعتیں ان کے درمیان پھیلیں گی' اور ان پر ان کا اعلان کیا جائے گا' اور کہا گیا ہے کہ بادل سے مراد کوئی بڑا یا کوئی شفیق اور مہربان بادشاہ یا کوئی عالم یا کوئی حکیم ہوتا ہے (۷) اور جس نے دیکھا کہ وہ بادلوں کے ساتھ رہ رہا ہے تو وہ کسی ایسی قوم کے ساتھ رہے گا' جن کے وصف ہم پہلے بیان کر چکے ہیں (۸) اور اگر اس نے بادل کو کھایا تو وہ کسی آدمی سے حلال مال نفع میں حاصل کریگا یا حکمت حاصل کریگا۔ (۹) اور اگر اس نے بادلوں کو جمع کیا تو وہ حکمت پائے گا اپنے ہی جیسے کسی آدمی سے' اور اگر وہ اس کا مالک ہوا تو وہ حکمت اور بادشاہت پائے گا (۱۰) اور اگر وہ بادلوں کے ساتھ رہا لیکن وہاں سے کوئی چیز نہ لی تو وہ علماء کی صحبت میں بیٹھے گا لیکن ان کے علم کو استفادہ نہیں کریگا (۱۱) اور اگر وہ بادلوں پر سوار ہوا تو اس کا مرتبہ بلند ہوگا (۱۲) اور اپنی حکمتوں میں بلند ہوگا اور اگر اس نے دیکھا کہ اسکا بیٹا بادل کا ہے تو اس کی دنیا حکمت سے ہوگی (۱۳) اور اگر اس نے دیکھا کہ اس کی دنیا بادل کی ہے تو اس کی محنت اور کوشش حکمت کی ہوگی (۱۴) اور اگر اس نے دیکھا کہ اس کا اسلحہ بادل کا ہے تو وہ بڑا جھگڑالو آدمی ہوگا اور اگر وہ اس کا اھل نہ ہو تو یہ اس کے بیٹے یا اس کے آپس یا اس کے ہم نام یا اس جیسا کسی اور آدمی کے لئے ہوگا (۱۵) اور اگر وہ بادل سیاہ ہوئے تو اُسے حکمت کے ساتھ ساتھ نفع' مروت اور خوشی حاصل ہوگی (۱۶) اور اگر بادل کے ساتھ ہوا بھی ہو تو وہ کسی حکمت والے اور قوی آدمی سے یہ سب کچھ حاصل کریگا' اور اگر دیکھا کہ اس نے بادلوں پر گھر بنایا ہے تو وہ حلال طریقوں سے دنیا حاصل کریگا اور اس کے ساتھ اُسے حکمت اور بلندی بھی عطا ہوگی (۱۷) اور اگر دیکھا گویا کہ اس نے بادلوں پر محل بنایا ہے تو وہ گناہوں سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حکمت کے ساتھ اجتناب کریگا اور بڑی بھلائیاں حاصل کریگا جسے وہ حکمت کے ذریعہ حاصل کرے گا (۱۸) اور اگر اس نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں بادل ہیں جن سے بارش برس رہی ہے تو وہ حکمت پائے گا اور اس کی زبان پر حکمت جاری ہوگی (۱۹) اور اگر اس نے بادلوں کو موڑا جس سے بارش لوگوں پر ہونے لگی تو وہ مال ودولت پائیگا اور لوگ بھی اُس سے مال پائیں گے (۲۰) اور اس نے دیکھا کہ بادل بلند ہوئے اور ان سے اس پر سونا برسا تو وہ کسی حکیم آدمی سے دنیا کے معاملات کا ادب سیکھے گا۔

(۲۱) اور بادل میں اگر بارش نہ ہو تو اگر وہ امارت کا امیدوار ہو تو وہ والی بنے گا لیکن اس میں انصاف اور عدل نہ کر پائے گا اور اگر وہ تجارت کی طرف منسوب ہو تو وہ جو چیز بیچے گا یا جس کی ضمانت دیگا اس کو پورا نہ کر سکے گا اور اگر وہ عالم ہو تو اپنے علم میں بخل کریگا اور اگر وہ کاریگر ہو تو وہ اپنی صناعت میں ماہر ہوگا اور اس میں حکیم ہوگا اور بخل نہیں کریگا اور لوگوں کو نصیحتیں کریگا اور لوگ اس کے محتاج ہونگے اور اس سے فائدہ حاصل کرینگے اور بادلوں سے مراد بعض دفعہ بادشاہ بھی ہوتے ہیں جو لوگوں پر فضل کرتے ہیں اور لوگوں پر انکا اختیار نہیں ہوتا (۲۲) اور اگر بادل بلند ہوا جس میں بجلی اور کڑک ہو تو کوئی بڑا ہیبت ناک بادشاہ ظاہر ہوگا جو لوگوں کو حق کے ساتھ دھمکائے گا (۲۳) اور اگر کسی آدمی نے آسمان کی بلندی سے کسی کی آواز سنی تو اگر اللہ نے چاہا تو اُسے حج نصیب ہوگا (۲۵) جس نے دیکھا کہ آسمان سے بادل اترا اور پھیل گیا اور اس سے عام بارش ہوئی تو بادشاہ اس جگہ کوئی عادل آدی بھیجے گا (۲۶) اگر بادل سیاہ ہوئے اور ان سے بارش ہوئی تو وہ والی عادل ہوگا (۲۷) اگر وہ بادل سفید ہوئے اور بارش ہوئی تو والی عادل اور برکت والا ہوگا (۲۸) کہا گیا کہ اگر اس نے اپنے وقت میں بادل دیکھا تو وہ خیر، برکت، نعمت اور مال پائیگا (۲۹) اگر اس نے دیکھا کہ بادل اس کے وقت یا اس کے زمانے میں برس رہے ہیں تو اللہ تعالیٰ اس شہر والوں کے رزق میں کشادگی دینگے اور اگر وہاں قحط ہو تو کشادگی ہوگی اور اس قحط سے لوگ نکل جائینگے (۳۰) اگر اس نے دیکھا گویا کہ سیاہ بادل ہے لیکن اس میں بارش نہیں ہے تو وہ نفع پانے کی دلیل ہے۔ اور بعض دفعہ یہ بہت سخت سردی یا غم کی علامت ہوتی ہے (۳۱) اگر اس نے دیکھا کہ سرخ بادل بے موسم ہے تو اس محلہ یا شہر والوں پر مصیبت، آزمائش اور بیماری وغیرہ نازل ہوگی (۳۲) اگر اس نے دیکھا گویا کہ بادل زمین سے آسمان کی طرف بلند ہو کر کسی شہر پہ سایہ فگن ہو تو یہ خیر اور برکت پر دلالت کرتا ہے اور اگر دیکھنے والا سفر کا ارادہ کر رہا ہو تو اس کا سفر پورا ہوگا لیکن خطرہ ہے وہ سلامتی کے ساتھ واپس نہیں آئیگا۔ اور اگر وہ غمگین تھا تو اس چیز کو حاصل کریگا جس سے اس کو خوشی ملیگی اور اگر بادشاہ کے حکم سے کسی قوم سے جنگ کرتا ہو تو اس میں کامیاب ہوگا (۳۳) کسی نے تاریک بادل دیکھا تو وہ غم پائیگا اور اس کے سارے کام ختم ہونگے، اور خواب میں سفید بادل دیکھنا کام کرنے پر دلالت کرتا ہے، اور بادل کو آسمان کی طرف بلند ہوتا ہوا دیکھنا سفر کرنے پر دلالت کرتا ہے یا کسی حاضر کے لوٹنے پر۔ اور یہ خفیہ اشیاء کے ظاہر ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے، اور سرخ بادل بے روزگاری پر دلالت کرتا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے' اور تاریک بادل غموں پر دلالت کرتے ہیں اور بعض دفعہ سرخ بادل کسی لشکر پر بھی دلالت کرتے ہیں جو اس شہر میں داخل ہوگا یا پختہ ارادہ پر یا اس کی مکروفریب پر (۳۴) جس نے دیکھا کہ اُس نے بادلوں سے کوئی چیز لی ہے تو وہ حکمت کا بہت بڑا حصہ پائیگا یا کھیتی باڑی اور اس کا ضیاع بہت ہوگا (۳۵) کسی نے خواب دیکھا گویا وہ بادلوں پر سوار ہوا یا ان پر چلا تو وہ ساری کی ساری حکمت حاصل کریگا (۳۶) جس نے دیکھا کہ خواب میں بادلوں نے اس کا استقبال کیا ہے تو دلالت کرتا ہے اچھے کام پر اور عدل وانصاف پر اور خوشی پر اور ہر غم سے راحت پانے پر' اور اگر صاحب خواب فساد والوں میں سے ہو تو یہ سزا اور عذاب ہوگا جو اس پر نازل ہوگا (۳۷) جس نے دیکھا کہ بادلوں نے سورج کو ڈھانپ لیا تو بادشاہ بیمار ہوگا یا مقہور ہوگا یا اپنی سلطنت سے معزول ہوگا (۳۷) حضرت امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ جس نے دیکھا کہ اس کی قمیص بادل کی ہے تو اسے اللہ تعالیٰ کی کوئی نعمت شاملِ حال ہوگی اور بادل دلالت کرتے ہیں غم' ناراضگی اور مال کے زوال پر اور کرامات کے اظہار پر اس لئے کہ یہ اولیاء پر ظاہر ہوتے تھے استقاء کے وقت ''یعنی بارش طلب کرنے کے وقت'' اور انبیاء کے لئے یہ ظاہر ہوتے تھے گرمی سے بچانے کے لئے اور بعض دفعہ بادل دلالت کرتے ہیں الفت اور محبت پر اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ''اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِيْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ'' ترجمہ: ''کیا تو نہیں دیکھتا کہ اللہ تعالیٰ بادلوں کو ہانکاتے ہیں تو ان کو آپس میں جوڑ دیتے ہیں۔

## ساقیہ (چھوٹی نہر)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا رزق کے جاری ہونے پر یا اس کی جگہ یا اس کے سبب پر دلالت کرتا ہے جیسے دکان اور کاریگری اور سفر وغیرہ اور بعض دفعہ یہ دلالت کرتا ہے زخم پر اس لئے کہ یہ پانی سے چلتا ہے اور بعض دفعہ یہ باغوں کو سیراب کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ یہ دلالت کرتا ہے مشکیزہ یا پانی پلانے پر اور بعض دفعہ یہ دلالت کرتا ہے سفر کے راستے کے سیدھا ہونے پر اور بعض دفعہ یہ دلالت کرتا ہے گلے پر اس لئے کہ اس کے ذریعے سے جسم کو سیراب کیا جاتا ہے۔ (۲) بعض دفعہ یہ دلالت کرتا ہے' مخلوق کی زندگی پر اگر وہ عام ہو ''یعنی ہر کوئی اس سے فائدہ اٹھا رہا ہو'' (۳) اگر وہ خاص ہو ''یعنی کسی خاص شخص کی ہو'' تو وہ دلالت کرتا ہے اس کو بنانیوالے کی زندگی پر اور چھوٹی نہر جسے ایک آدمی بھی روک سکے اور اس میں نہ ڈوبے تو یہ نہر کے قائم مقام نہیں ہوسکتی لیکن اچھی زندگی کی علامت ہے اس شخص کے لئے جو اس کا مالک ہو بشرطیکہ پانی اس کے آس پاس زمین کے اطراف میں سے نہ آرہا ہو (۴) اور اگر اس کے دائیں بائیں سے پانی رس رہا ہو تو یہ اس جگہ والوں کے لئے غم تکلیف اور بکا کی علامت ہے (۵) ایسا ہی اگر وہ چھوٹی نہر گھروں کے درمیان جاری ہو تو یہ اچھی زندگی پر دلالت ہے' جبکہ اس کا پانی میٹھا اور صاف ستھرا ہو۔ (۶) کہا گیا خواب میں جاری پانی کا مالک ہونا بادشاہت اور نفع حاصل کرنے کی علامت ہے (۷) جس نے دیکھا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گویا کہ نہر گندگی سے بھری ہوئی ہے اور اس نے اُسے دھویا اور اسکے گندکو زائل کیا تو وہ پچھنے لگوائے گا اور اپنی طبیعت کے بوجھ کو کریگا۔ (۸) جس نے دیکھا کہ پانی اس کے پاؤں میں سے نکل رہا ہے تو اُسے استسقاء کی بیماری لاحق ہوگی۔ (۹) جس نے دیکھا کہ چھوٹی نہر سے پانی شہر کے باہر سے شہر کے اندر کی طرف چھوٹی نالیوں یا گڑھوں کے ذریعے آرہا ہے اور پانی صاف اور میٹھا ہے اور لوگ اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کر رہے ہیں اور اس کا پانی پی رہے ہیں اور اس سے اپنے برتن دھو رہے ہیں تو اگر وہ کسی وباء میں مبتلا ہونگے تو وہ باء دور ہوگی اور اللہ تعالیٰ ان کو زندگی بخشیں گے اور اگر وہ سختی میں مبتلا ہوں تو اللہ تعالیٰ ان کے حالات میں آسانی فرمائیں گے یا ہمیشہ کی بارش کے ساتھ یا کھانے پینے کی اشیاء میں فراوانی کے ساتھ (۱۰) اگر ان میں سے کوئی چیز نہ ہو تو ان کو مال میں خوشحالی ملیگی سامان خریدنے کی وجہ سے یا اس مال میں جو ان کے نزدیک کھوٹا ہو چکا ہے (۱۱) اگر اس کا پانی گدلا یا نمکین ہو یا نہر سے نکل کر لوگوں کو نقصان پہنچا رہا ہو تو یہ کوئی برائی ہے جو ان لوگوں پر آئیگی اور ان میں پھیلے گی یا تو کوئی عام بیماری ہوگی جیسے کہ سردیوں میں زکام وغیرہ اور گرمیوں میں بخار وغیرہ یا مسافروں کے ذریعہ کوئی بری خبر ملے گی، یا حرام طریقوں سے مالداری ملیگی یا برے طریقے سے مال ملیگا (۱۲) خواب دیکھا نہر اس کے گھر یا دکان کی طرف بہہ رہی ہے تو جتنا اس کا پانی صاف اور اچھا ہوگا اتنا ہی اُسے فائدہ حاصل ہوگا (۱۳) جس نے دیکھا کہ وہ اس کے باغ یا گودام وغیرہ کی طرف جاری ہے تو اگر وہ کنوارا ہے تو شادی کریگا یا کوئی باندی خرید لے گا اس سے نکاح کریگا اگر اس کی بیوی یا باندی موجود ہو تو وہ اس سے وطی کریگا (۱۴) اگر عورت یا باندی نے اس زمین یا باغ سے پانی پیا تھا یا وہاں کچھ پودے اُگے تو اس وطی سے ان کو حمل ٹھرے گا۔ اور نہر جس میں خون جاری ہو اور گھر کی طرف آرہی ہو تو اس سے مراد اس عورت کی خرابی ہے جو اس گھر میں ہوگی۔ (۱۵) اگر اس نے دیکھا گویا کہ نہر اپنے راستے سے باہر نکلی اور لوگوں کو اس سے نقصان ہوا تو یہ کوئی بری خبر ہوگی جو آئے گی اور لوگوں میں پھیل جائے گی اور بعض دفعہ ساقیہ سے مراد کوئی عورت ہوسکتی ہے۔ (۱۶) جس نے دیکھا کہ اس نے چھوٹی نہر کے راستے کو کاٹا تو اس کے اور اس کی بیوی کے درمیان قطع تعلق ہوگا (۱۷) کہا گیا کہ جس نے دیکھا کہ وہ کسی چھوٹی نہر کے پیچھے ہے تو وہ مرے گا اور اس کی بیوی اس کی جانشین ہوگی۔ (۱۸) جس نے دیکھا کہ وہ نہر سے پانی پی رہا ہے تو اُسے بھلائی اور اچھی زندگی ملیگی (۱۹) اگر اس نے دیکھا کہ نہر اس کے باغ یا اس کے گودام وغیرہ کی طرف بہہ رہی ہے اور اس کا پانی خون کا ہے تو اس کے گھر والے اس کا کسی اور سے نکاح کرینگے (۲۰) جس نے دیکھا کہ وہ چھوٹی نہر سے میٹھا پانی پی رہا ہے تو اُسے لذت اور لمبی زندگی نصیب ہوگی (۲۱) اگر وہ پانی گدلا ہو یا کڑوا ہو تو اس کی زندگی غم، خوف، اور سختی میں گذرے گی اور کہا گیا کہ یہ علامت بیماری کی بھی ہے جس قدر اس نے پانی پیا۔ اور نہریں دلالت کرتی ہیں ایسے غلاموں پر جو اس کے تابع ہوں گے اور بعض دفعہ نہریں دلالت کرتی ہیں جسم کی رگوں پر کہ جس کے سیراب ہونے سے جسم پرورش پاتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سباحہ (تیراکی)

(۱) کسی نے خواب میں دیکھا کو وہ سمندر میں تیر رہا ہے اگر وہ عالم ہے تو علم میں اپنی انتہا کو پہنچے گا۔ اور کہا گیا کہ تیراکی سے مراد قید ہے (۲) جس نے دیکھا کہ وہ خشکی میں تیر رہا ہے تو وہ قید ہوگا اور اُسے قید میں تنگی بھی ہوگی اور اس میں اُسے اُس قدر سختی یا نرمی ہوگی جس قدر تیراکی میں تھی یا جس قدر وہ خشکی سے قریب تھا (۳) اور اگر کسی نے دیکھا کہ وہ کسی برابر وادی میں تیر رہا ہے تو وہ کسی جابر اور ظالم بادشاہ کی سلطنت میں داخل ہوگا اور اس سے کوئی حاجت طلب کریگا تو وہ اس کو پورا کر دیگا اور اس سے جگہ حاصل کریگا اور اللہ اس کو اتنا ہی امن دینگے جتنا وہ وادی میں تیرا تھا۔ (۴) اگر وہ اس میں ڈرا تھا تو وہ کسی بادشاہ سے ڈریگا اور اگر وہ نجات پا گیا تو اس سے بھی نجات پائیگا (۵) اگر وہ گہرے سمندر میں داخل ہوا اور وہاں اس نے اچھی تیراکی کی تو وہ کسی بڑے کام یا کسی بڑی ولایت میں داخل ہوگا اور بادشاہت پائیگا اور بڑی عزت اور قوت پائیگا (۶) اور اگر وہ اپنی گدی کے بل پر تیر رہا تھا تو وہ توبہ کریگا اور معصیت سے لوٹیگا (۷) اور اگر وہ پانی میں تیر رہا تھا' اور اس کا پانی گدلا تھا تو وہ بادشاہ کے معاملات میں دخل دیگا اور نہ اس کے لئے تشویش کا باعث بن جائیگا' اور بادشاہ اس پر غصہ ہوگا (۸) اور اگر اس نے سمندر کو عبور کر لیا تو وہ بچ جائیگا۔ اگر تیرتے وقت ڈرا ہوا تھا تو قتل' خوف' قید اور بیماری پائیگا' اور یہ چیزیں اس پر اتنی ہی لمبی ہونگی جتنا وہ خواب میں کنارہ سے دور تھا (۹) اور اگر اس نے خیال کیا کہ وہ نہیں پہنچے گا تو وہ اس غم میں مر جائیگا۔ اور اگر وہ تیراکی میں جرأت کرنے والا تھا تو وہ اس عمل سے بچ جائیگا (۱۰) اور اگر کسی بادشاہ نے دیکھا کہ وہ کسی سمندر میں تیرنے کا ارادہ کر رہا ہے اور سمندر کی موجیں بڑی طغیانی میں ہیں تو اس کا کسی بادشاہ سے مقابلہ ہوگا اور اگر اس نے سمندر کو تیر کر عبور کر لیا تو وہ بادشاہ قتل ہوگا اور سمندر یا وادی وغیرہ کا خشک ہو جانا اس کی بادشاہت ختم ہو جانے کی علامت ہے جس کی نسبت اس کی طرف کی جاتی ہے یعنی اس کا ملک (۱۱) اگر اس نے دیکھا کہ پانی دوبارہ واپس آ گیا تو اس کی حکومت کا دوبارہ ملنا ہے (۱۲) اگر اس نے دیکھا کہ وہ کسی نہر یا کسی سمندر کے چھوٹے حصے میں تیر رہا ہے' اور اس کا سانس گھٹ رہا ہے اور اُسے سمندر سے ایسا اٹھایا گیا پھر اُسے زمین پر لٹایا گیا تو اس آدمی کو پانی میں کسی ایسی شدت اور سختی کا سامنا کرنا پڑیگا جیسا کہ مچھلی کو خشکی میں کرنا پڑتا ہے' اور آدمی کا جاگنے سے پہلے ہی سمندر میں تیرتے ہوئے بچ جانا تعبیر کے لحاظ سے بہتر ہے کہ انسان بیدار ہو جائے اور ابھی تک وہ پانی میں تیر رہا ہو (۱۳) جس نے دیکھا گویا کہ وہ تیر رہا ہے تو وہ اپنے کسی دشمن سے جھگڑے گا اور اس پر غالب آئیگا (۱۴) جس نے دیکھا کہ وہ سمندر میں تیرتے ہوئے داخل ہوا یہاں تک کہ وہ نظر آنا بند ہو گیا تو یہ اس کی ہلاکت اور کٹ جانے کی دلیل ہے (۱۵) اگر اس نے دیکھا گویا کہ پانی نے اس کو گھیر لیا یہاں تک کہ وہ اس میں مر گیا کہ وہ اس حالت میں مریگا اس کے گناہ بہت زیادہ ہونگے اور سمندر یا نہر کے پانی کے اوپر چلنا دلالت کرتا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے اچھے یقین پر اور کہا گیا کہ کسی ایسے کام میں اُسے یقین ہوگا جس میں اُسے پہلے شک تھا' اور کہا گیا کہ وہ ایسا سفر کریگا جس میں خطرہ ہوگا لیکن وہ خدا کے بھروسہ پر سفر کر ہی لے ریگا' اور جس نے دیکھا کہ پانی اس کی چھت پر چل رہا ہے تو بادشاہ کی طرف سے آزمائش میں مبتلا ہوگا۔

## سفینہ (کشتی)

(۱) خواب میں کشتی دیکھنا غم' گھبراہٹ' بیماری' تنگی' یا قحط میں مبتلا شخص کی نجات پر دلالت کرتا ہے (۲) اور خشکی میں کشتی کو دیکھنا نجات کی دلیل ہے (۳) اگر اس نے اس کو زمین پر کھینچا تو وہ قیادت کریگا اور دین میں منافقت کریگا۔ (۴) اگر وہ کشتی میں کسی نیک قوم کے ساتھ سوار ہوا تو وہ ہدایت کا اتباع کریگا اور اللہ تعالیٰ اس کو بخشیں گے اور اگر وہ اس سے بچ گیا تو وہ اپنے دشمنوں سے بچ جائیگا (۵) اگر کسی معزول آدمی نے دیکھا گویا کہ وہ کشتی پر سوار ہوا تو وہ کسی بادشاہ کی طرف سے اس قدر والی بنے گا جس قدر وہ سمندر تھا۔ اور اس کی ولایت اتنی ہی ہوگی جس قدر کشتی ہے اور جس قدر اس کی وسعت ہے۔ اور جس قدر وہ خشکی سے دور ہوگا اس قدر معزولی سے دور ہوگا یا وہ سفر کریگا اور وہ کسی غم میں مبتلا ہوگا' اور جس قدر وہ خواب میں خشکی سے دور تھا اس قدر وہ خوشحالی سے دور ہوگا' اور اگر کشتی میں سوار ہونا کسی کام کے متعلق تھا تو وہ کسی خطرہ میں مبتلا ہوگا جس میں زندگی یا موت میں سے کوئی ایک ہی ہوگا (۶) اور اگر یہ خواب اس شخص نے دیکھا جو والی بننے کے لائق نہیں ہے تو وہ کسی خطرہ میں ہے جس میں اُسے نجات یا ہلاکت میں سے ایک ملے گی' (۷) اور جو شخص ہلاکت کے قریب تھا اور اس نے دیکھا کہ وہ کشتی میں سوار ہے تو اُسے خوشحالی اور نجات ملیگی' یا وہ کسی پر خطر آدمی کو پکڑ لیگا۔ اور اگر وہ اس سے نکل کر خشکی میں آ گیا تو تعبیر ہے وہ نافرمانی کریگا' اور اگر صاحب خواب کے ہاتھ سے حکومت گئی ہوئی تھی یا وہ تاجر تھا اور اس کا مال ضائع ہو چکا تھا' تو کشتی سے مراد حکومت یا مال تجارت کی واپسی ہے۔ (۶) بادشاہت سے منسوب کشتی خواب میں نکلنا دلالت کرتا ہے مملکت کے زائل ہونے پر خواہ وہ موت کی وجہ سے ہو یا زندگی کی وجہ سے۔ اور اگر وہ کشتی غم کی طرف منسوب ہو تو یہ اس کے لئے نجات کی دلیل ہے کسی دعا یا صدقہ یا دواء کی وجہ سے (۷) اور اگر وہ کشتی ڈوب گئی اور وہ اس کے کسی تختے وغیرہ سے لٹک گیا تو اگر وہ والی ہے تو دلیل ہے بادشاہ اس پر غضبناک ہوگا' اور وہ معزولی کے قریب ہوگا پھر جس سے وہ ڈر رہا تھا اس سے بچ جائیگا اور اس کی حکومت واپس آ جائیگی اور اگر وہ تاجر ہے تو یہ اس کے اس مال میں نقصان کی علامت ہے جس سے وہ اعراض کر رہا ہے (۸) اور اگر وہ ڈوب گئی تو یہ بھی ڈوبنے والے کی طرح ہے اور اگر اس نے دیکھا گویا کہ وہ مع کشتی کے پانی کی تہہ میں چلا گیا تو وہ لوگوں کے ہاتھوں میں مریگا' اور خواب میں یہ مرنا اس کے لئے اس برائی سے نجات کی علامت ہوگی جس سے وہ موت کے بعد ڈر رہا تھا (۹) اگر اس نے دیکھا کہ وہ کشتی میں ہے جو کہ سمندر میں ہے تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وہ بادشاہ کے معاملہ میں دخل دیگا اور بیداری میں اسکی وہی حالت ہوگی جو کہ کشتی میں تھی' اور کہا گیا کہ کشتی کی تعبیر غم' بیماری' قید یا ایسے کام کی اصلاح ہے جس کی وہ کوشش کرتا ہے اور اس کے کرنے اور نہ کرنے میں اٹک جاتا ہے یعنی اس سے بچ جائیگا اور اس میں ہلاک نہیں ہوگا۔

(۱۰) اور اگر دیکھے کہ اس کی کشتی غرق ہوگئی اور اس کے تختے ٹکڑے ٹکڑے ہوگئے تو یہ اس کے والد یا چچا یا ان جیسے کسی اور کی طرف سے مصیبت آنے کی علامت ہے (۱۱) اگر وہ غرق ہوگئی تو یہ پرسلامت سفر کی علامت ہے' اور خالی کشتی تجارت میں منافع حاصل ہونے کی علامت ہے (۱۲) جس نے دیکھا کہ وہ ایسی کشتی میں ہے جو لوگوں سے بھری ہوئی ہے تو یہ سفر میں سلامتی کی علامت ہے (۱۳) جس نے دیکھا گویا کہ وہ ایسی کشتی میں ہے جو کہ کھڑی ہے اور حرکت نہیں کررہی تو یہ قید پر دلالت کرتا ہے (۱۴) اگر اس نے اس کی رسیوں کو پکڑ لیا اور وہ بادشاہ کے خیر خواہوں میں سے تھا تو وہ بادشاہ کے خاص لوگوں سے قریب ہوگا اور ان سے ملیگا' اور اس کے ہاتھ میں چپو ہو تو وہ کسی ایسے آدمی کے ساتھ ہوگا جو ٹھوکر کھائے گا اور کسی آدمی کی شرکت سے مال پائیگا (۱۵) جس نے کشتی کی رسیوں کو پکڑ لیا تو وہ دین کے معاملے میں اچھا ہوگا (۱۶) اور کسی ایسے آدمی کے ساتھ رہیگا جس کے ساتھ رہنے میں کوئی حرج نہیں ہے اور جس نے ان کو جدا کرنا چاہا ہے تب بھی نہیں کر پائیگا (۱۷) جس نے دیکھا کہ وہ بہت بڑی کشتی میں تھا جو کہ کھڑی تھی تو وہ اس سال خوشحال ہوگا' اور اس کا رزق بڑا وسیع ہوگا (۱۸) اگر اس نے دیکھا کہ وہ اپنے گھر والوں اور دوستوں سمیت اس میں سوار ہوا تو وہ عزت' جمال' خیر اور برکت پائیگا' اور دشمنوں کے ہاتھ سے بچے گا' اور اگر اس نے دیکھا کہ اس چھوٹی کشتی میں دریا عبور کیا تو وہ کسی ایسے خطرہ میں مبتلا ہوگا جس میں اُسے غم پہنچے گا (۱۹) جس نے دیکھا کہ وہ کشتی میں بڑے آرام اور سکون سے سفر کر رہا ہے تو یہ سب لوگوں کے لئے بھلائی کی دلیل ہے (۲۰) اگر اس نے دیکھا کہ اس کو چلنے میں سخت تعرض اور پریشانی ہے تو یہ دلالت کرتا ہے کسی ایسے غم اور سختی پر جس میں وہ واقع ہوگا (۲۱) جس نے دیکھا گویا کہ کشتی پھٹ گئی اور اس میں بیٹھے ہوئے لوگوں کا حال برا ہوگیا تو یہ سب لوگوں کے لئے شر کی علامت ہے لیکن جو شخص قیدی یا غلام تھا تو یہ اس کے لئے قید اور غلامی سے نجات کی نوید ہے (۲۲) اگر کسی نے دیکھا گویا کہ وہ سمندر میں کشتی کے ذریعے چلنے پر قادر نہیں ہے تو کوئی قوم اُسے قید کریگی اور اس کے کاموں اور حالات کی بندش پر بھی دلالت کرتا ہے۔

(۲۳) چنانچہ کسی انسان نے دیکھا کہ وہ خشکی میں چل رہا ہے درخت اور پہاڑ اس کے سامنے آرہے ہیں جو کہ اس کے چلنے میں رکاوٹ ہیں تو یہ اس کے مقید ہونے اور کاموں کی بندش پر دلالت کرتا ہے (۲۴) جس نے دیکھا کہ وہ سمندر کے کنارے پر ہے اور وہ دیکھ رہا ہے کہ کشتی سمندر میں بڑے اطمینان سے چل رہی ہے تو یہ سب لوگوں کے لئے بھلائی کی علامت ہے اور یہ سفر پر بھی دلالت کرتی ہے اور جو سفر میں ہو اس کی واپسی پر دلالت کرتی ہے' اور بعض دفعہ یہ ایسی خبروں پر دلالت کرتی ہے جو دریا کی طرف سے آئیں (۲۵) اگر کسی نے دیکھا کشتی ٹیڑھی ہیں اور چلنے میں اُن کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رکاوٹ ہے تو خیر اور بھلائی کی علامت ہے جو بہت جلدی آئیگا' اور کشتی کا کتنا دیداروں' کاموں کے بندش' چیزوں اور ایمان کو مضبوطی سے پکڑنے پر دلالت کرتا ہے۔

(۲۶) کشتی کا بادبان اس کے مدبر اور ملاح پر دلالت کرتا ہے (۲۷) کشتی میں رہائش دلالت کرتے ہیں خادم غلاموں پر اور چپو یہ کشتی کے چلنے پر اور کشتی والے کی اولاد پر دلالت کرتے ہیں۔ اور کشتی کا اگلا حصہ کشتی کے مالک پر دلالت کرتا ہے تو جو بھی آفت اس پر آئے گی ٹوٹ پھوٹ کے اعتبار سے مالک کی حالت پر دال ہو (۲۷) جس نے دیکھا کہ وہ کشتی میں سوار ہوا تو اس کو اچانک کوئی نقصان پہنچے گا (۲۸) جس نے کشتی میں کوئی چیز پائی تو وہ مال کے طالب کے لئے مال پر اور کنوارے کے لئے شادی پر اور خلیفہ کے حواری کے لئے اعطاء پر دلالت کرتا ہے (۲۹) جس نے دیکھا کہ وہ کشتی میں ہے اور ہوا چل رہی ہے اور سمندر بھی اُوپر چڑھ رہا ہے اور اُس نے اس اضطراب کو دور کر دیا اور اس کو زائل کر دیا تو وہ ریاست اور مضبوط بادشاہت پائیگا اور لشکر بھی اس کے موجودگی اور اس کی عدم موجودگی میں بھی اس کی اطاعت کرینگے اور بڑے بڑے بادشاہ اس کے قریب ہونگے (۳۰) جس نے دیکھا کہ کشتی خون پر چل رہی ہے تو یہ زنا پر دلالت کرتا ہے (۳۱) اگر اس نے دیکھا کہ اس کی کشتی ٹوٹ گئی اور اس کے تختے ٹکڑے ٹکڑے ہوگئے تو اس کی ماں مرجائیگی اس لئے کہ وہ اس کی کشتی تھی (۳۲) جس نے دیکھا کہ اس نے کشتی خریدی اور وہ کنوارا تھا تو وہ شادی کریگا یا کوئی باندی خریدیگا' اور کشتی کے چپو علم پر دلالت کرتے ہیں اس شخص کے لئے جس کے ہاتھ میں دیکھے ہیں۔ (۳۳) ہوا میں چلنے والی کشتی اس کے سوار کی موت پر دلالت کرتی ہے' اور اگر یہ لشکر پر دلالت کرے تو وہ ٹوٹ جائیگا اس لئے کہ اس میں اسلحہ اور حاکم ہے (۳۴) کشتی میں مرجانا آخرت کے عذاب سے نجات پانے کی دلیل ہے اور دنیا میں جس چیز سے ڈر رہا ہے اس سے نجات پائیگا (۳۵) جس نے دیکھا کہ کشتی ٹوٹ گئی تو یہ اس کے سوار کے لئے نجات ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ﴿اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا﴾ ترجمہ: ''کہ تو نے اس کو اس لئے توڑا تا کہ اس میں بیٹھنے والوں کو ڈبو دے'' تو اس وجہ سے وہ کشتی بادشاہ کے ہاتھ سے بچ گئی جو ہر کشتی کو غصب کرتا تھا۔ اور کہا گیا کہ کشتی سے مراد موٹی عورت ہے اس لئے کہ عرب موٹی عورتوں کو کشتیوں سے تشبیہ دیتے تھے۔ اور کشتی دلالت کرتی ہے اسلام پر جو کہ جہالت اور فتنوں سے بچاتا ہے۔ اور بعض دفعہ کشتی پل صراط پر بھی دلالت کرتی ہے جو کہ ایمان والوں کو آگ سے بچائے گا (۳۶) اگر کوئی بیمار شخص مردوں کے ساتھ کشتی میں سوار ہوا تو یہ دنیا کے فتنوں سے نجات پانے پر بھی دلالت کرتا ہے (۳۷) اگر وہ بیمار نہ ہو اور کشتی پر سوار ہوا تو اگر وہ طالب علم تھا تو کسی عالم کی صحبت سے فائدہ اٹھائیگا اور علم حاصل کریگا جس سے جہالت سے بچ جائیگا' اس لئے کہ حضرت موسیٰ' حضرت خضر علیہ السلام کے ساتھ کشتی میں سوار ہوئے تھے' اور اگر مقروض آدمی یہ خواب دیکھے تو اسکا قرض ادا ہوگا اور اس کا غم زائل ہوگا اور اگر یہ کوئی محروم آدمی یا ایسا آدمی جس پر رزق تنگ ہو دیکھے تو اُسے وہاں سے رزق ملے گا جہاں سے اس کا گمان بھی نہ ہوگا (۳۸) اگر کسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



طالب علم نے دیکھا کہ اس کی کشتی اُسے خشکی میں لے آئی اور وہاں اس کو لیکر چلنے لگی تو وہ اپنے علم ونجات سے بدعت نفاق اور فسوق کی طرف بڑھے گا (۳۹) اگر وہ طالب علم نہ ہو تو شاید وہ اپنی بیوی کی طلاق میں حانث ہو جائے اور اس کے ساتھ اسی حالت میں رہے یا وہ کسی باندی کو آزاد کردے اور اس کے ساتھ وطی کرتا رہے یا اس کی صناعت ختم ہو جائیگی اور اس کا رزق کم ہو جائیگا اور وہاں سے ملیگا جہاں وہ نہیں چاہے گا (۴۰) ہوا میں چلنے والی کشتی کی تعبیر دوسری تمام سواریوں کی تعبیر کی طرح ہے۔ اور بعض دفعہ یہ بادشاہ یا حکام یا علماء یا رؤساء میں سے جو بیمار ہو اس کی نعش پر دلالت کرتی ہے۔

(۴۱) کشتی کی رسی کو پکڑنا اچھے دین اور نیکوں سے محبت اور اُن سے جدا نہ ہونے پر دلالت کرتا ہے (۴۲) کشتی کو خواب میں دیکھنا والد، والدہ، آقا، مؤدب استاذ، معلم، مال، گھر، سواری، بیوی اور باندی پر، زانی عورت نیک اعمال پر دلالت کرتا ہے جو کہ ہلاکت سے آدمی کو بچاتے ہیں یا جسکا انسان ارتکاب کرے کوئی کام کاریگری وغیرہ اور یہ میت کے تابوت پر اور کام کے رکھنے پر اور نماز پر اور سنتوں پر جیسا کہ عید کی نماز اور جمعہ کی نماز وغیرہ پر دلالت کرتی ہے۔ اور کشتی کو دیکھنا خوف اور امید پر دلالت کرتا ہے۔ اس لئے کہ اس کا سوار نجات کی امید رکھتا ہے اور ڈوبنے سے ڈرتا ہے اور کشتی بعض دفع اونٹوں پر بھی دلالت کرتی ہے جو بوجھ اٹھاتا ہے اور دلالت کرتی ہے مشکل کے آسان ہونے پر اور خوف سے امن پر۔ اور بعض دفعہ کشتی، مسجد یا بڑے بازار پر بھی دلالت کرتی لوگوں کے جمع ہونے کی وجہ سے۔ اور کشتیاں خواب میں حضور ﷺ کے اہل بیت کی غلامی پر بھی دلالت کرتی ہیں اس لئے کہ وہ نجات کی کشتیاں ہیں، اور کشتیوں کا دیکھنا شراب خانوں پر بھی دلالت کرتا ہے جس میں انسان صحیح حالت میں یا چیختا ہوا داخل ہوتا ہے اور اس سے نکلتا ہے اور وہ نشہ میں مست ہوتا ہے اور اس کی عقل طیش اور غصہ میں ہوتی ہے اور کشتی خود انسان پر بھی دلالت کرتی ہے تو اُس کے پاؤں پر اور اس کے چپو اس کے ہاتھوں پر اور اس کا بادبان انسان کی عقل پر جس سے لیتا اور دیتا ہے اور اس کے تختے اس کے پٹھوں پر اور جو کچھ اس کے اندر ہے وہ انسان کے اندرونی اعضاء پر اور اس کی رسیاں انسان کی رگوں پر دلالت کرتی ہیں (۴۳) عیب دار کشتی صحت میں محنت اور کوشش پر اور علم اور دشمن سے سلامتی پر اور فقیر کے غنی ہونے پر دلالت کرتی ہے، اور کشتی کا پہاڑ پر بیٹھ جانا دشمنوں سے سلامتی پر دلیل ہے (۴۴) اس کا خشکی پر چلنا حاصل نہ ہونے والی چیز کو طلب کرنے پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ سختیوں اور خطروں سے سلامتی پر دلالت کرتا ہے، اور اگر کشتی اس کو لیکر ہوا میں اڑی تو یہ اسکی موت کی دلیل ہے نعش اٹھانے کی علامت ہے (۴۵) اگر دیکھے گویا کشتی نے اس کو سمندر میں ڈبو دیا ہے تو یہ اس کے جہنمی ہونے کی علامت ہے (۴۶) اگر اس کی کشتی لوہے یا پیتل کی بن گئی تو یہ اس کے طولِ عمر کی دلیل ہے یا اس کی راحت و آرام کے ہمیشہ رہنے کی علامت ہے (۴۷) اگر آدھی لوہے کی اور آدھی لکڑی کی ہوگئی تو جس پر کشتی دلالت کریگی اس پر مشتبہات داخل ہونگے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۴۸) اگر اس نے دیکھا کہ اس نے کشتی کو کھالیا یا نگل لیا تو اس کی قیمت کھائے گا یا کوئی لمبی وراثت پائے گا یا اونٹوں کا گوشت کھائے گا۔

(۴۹) اگر اس نے دیکھا کہ کشتی نے اس کے ساتھ وہ کیا جو وہ چاہتا ہے تو وہ جاھلوں سے حکمت پائیگا (۵۰) حضرت نوحؑ کی کشتی خوشیوں اور مسرتوں پر اور بارش کے اترنے پر دلالت کرتی ہے لیکن اگر دیکھنے والے ظالم ہو تو یہ قحط اور بلاء پر دلالت کرتی ہے اور حضرت نوحؑ کی کشتی سختیوں سے آسانی پر دلالت کرتی ہے اور سمندر کے مسافروں کے لئے غرق سے سلامتی کی علامت ہے اور کنوارے کے لئے شادی پر دال ہے اور بڑے منصب اور دشمن پر غلبہ پر بھی دلالت کرتی ہے۔

www.KitaboSunnat.com

## سیل (سیلاب)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا دشمن کے ہجوم پر دلالت کرتا ہے جیسا کہ دشمن کا ہجوم دیکھنا سیلاب کی علامت ہے جس نے سیلاب دیکھا بارش کی وجہ سے سیلاب آرہا ہے تو اُسے تکلیف' بیماری پہنچے گی یا وہ ایسا سفر کریگا جس میں تھکاوٹ ہوگی (۲) اگر سیلاب مکانوں کو چڑھا جائے تو اس سے مُراد طوفان ہے یا بادشاہ کی طرف سے کوئی ظلم ہوگا (۳) اگر سیلاب نہر کی طرف چلا گیا تو بادشاہ کی طرف سے اس کا کوئی دشمن دور ہوگا اور کسی طاقتور آدمی سے مدد حاصل کریگا اور اس کے شر سے نجات پائیگا' اور طاقتور آدمی کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر کلہاڑے سے کی جاتی ہے جس کے ذریعے گڑھا وغیرہ کھودا جاتا ہے یا اس سے مراد چمٹا ہوتا ہے (۴) جس نے دیکھا کہ وہ اپنے گھر سے سیلاب کو روک رہا ہے تو وہ کسی دشمن کا علاج کریگا جو اس کو اور اس کے گھر والوں کو یا اس کے خدام کو ضرر اور تکلیف پہنچائے گا (۵) سیلاب اگر گھروں کو گرادئے یا درختوں کو تلف کر لے یا جانوروں کو مار دے یا انسانوں کو غرق کر دے تو اس سے مراد دشمن ہوتا ہے (۶) اگر لوگ اس کی صفائی مٹھاس یا اس کے آہستہ آہستہ چلنے کی وجہ سے اس سے فائدہ اٹھائیں تو یہ غلہ وغیرہ کے سٹاک پر دلالت کرتا ہے جس کے بعد اس میں خیرات ہو اور لوگ اس سے فائدہ اٹھائیں۔ اور سیلاب دلالت کرتا ہے بے ہودہ بات پر بہودگی اور جھوٹ بولنے پر (۷) اگر سیلاب خون اور مردار وغیرہ لیکر آئے تو یہ اللہ کے غضب' غصے اور ناراضگی پر دال ہے (۸) سیلاب کا دیکھنا بارش ہونے پر دلیل ہے اور بعض دفعہ دیکھنے والے کی زبان پر دلالت کرتا ہے (۹) اگر سیلاب صرف اس کے گھر میں داخل ہو تو یہ زبان دراز اور بے حیاء عورت پر دلالت کرتا ہے' اور یہ کسی سابقہ سختی پر یا کسی آنے والے یا کوشش کرنے والے پر دلالت کرتا ہے جس طرف سے اس نے اس کو آتے ہوئے دیکھا اور بعض دفعہ سیلاب ان چیزوں پر دلالت کرتا ہے جن میں سیلان ہوتا ہے جیسے شہد' دودھ اور گھی وغیرہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱۰) اگر اس نے دیکھا کہ وہ سیلاب کو اکٹھا کر رہا ہے اور اس کو برتن میں ڈال رہا ہے اور لوگ اس سے خوش ہیں اور اُسے آپس تقسیم کر رہے ہیں اور اس سے کھا رہے ہیں تو اس سے مراد ان چیزوں کا یعنی ''شہد دودھ اور گھی'' کا سستا ہونا ہے اور بعض دفعہ سیلاب کسی گروہ یا شہر یا کسی درندہ کی طرف سے راستہ روکنے پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ سیلاب اگر اپنے وقت پر نہ ہو تو اس سے مراد بدعت ہوتی ہے اس طرف سے جس طرف سے سیلاب ظاہر ہو (۱۱) پانی جو زمین کو ڈبو دے اُس سے مراد بلاء یا قرض جو لوگوں کو پہنچے گا یا کوئی دشمن جو ان کی طرف آ رہا ہو یا کوئی وباء جو ان پر واقع ہوگی، لیکن اگر یہ پانی آسمان سے اترا ہو تو اس سے مراد خیر، بارش اور لوگوں کے لئے برکت ہوتی ہے (۱۲) جس نے دیکھا کہ سیلاب کسی قوم کے گھر میں داخل ہوا اور ان کے مال اور مویشی بہا کر لے گیا تو اس سے مراد کوئی دشمن ہے جو ان پر حملہ کریگا یا کوئی بلاء ہے جو ان پر آئیگی اور ہر وہ پانی جو غالب آئے تو اس میں خیر نہیں ہے اور جو پانی کنویں، چھوٹی نہر، چشمے یا نہر سے بہے کسی معروف یا مجہول جگہ میں بہے خواہ وہ گدلا ہو یا صاف ہو کم ہو یا زیادہ ہو تو اس سے مراد غم اور پریشانی ہے (۱۳) تھوڑا صاف پانی جس سے ڈر اور بچانہ جا رہا ہو تو جو اس کا مالک ہوگا یا اس کو پئے گا یا اسکو حاصل ہوگا تو یہ اس کی زندگی کے اچھے ہونے کی دلیل ہے اور سردیوں میں سیلاب کسی ایسی عاصی اور گنہگار قوم پر دلالت کرتا ہے جس کی کوئی پہچان نہ ہو اور بری قوم پر بھی دلالت کرتا ہے (۱۴) کبھی جس نے دیکھا کہ وہ اس پانی سے تیر کر نکل گیا خشکی کی طرف تو وہ ظالم بادشاہ سے بچ جائیگا (۱۵) اگر وہ اس کو عبور نہ کر سکا اور واپس لوٹ آیا تو اُسے چاہئے کہ وہ ظالم بادشاہ کے سامنے بیٹھنے سے اجتناب کرے اور اپنے سردار کی نافرمانی نہ کرے اور اگر اس نے دیکھا کہ سیلاب اس کے گھر کی طرف بڑھ رہا ہے اور اس لئے اس کو گھر سے روکا تو وہ دشمن سے صلح کریگا اور اس کو نقصان سے روکے گا، اور سیلاب کا شہر میں داخل ہونا وباء پر دلالت کرتا ہے اگر بعض لوگ اس میں ہوں یا اس کا رنگ خون کا رنگ ہو یا مٹیالا رنگ ہو۔

## سمک (مچھلی)

(۱) اگر کسی نے خواب میں مچھلیوں کو دیکھا اور ان کی تعداد معلوم ہو تو اس سے مراد عورتیں ہوتی ہیں اور اگر ان کی تعداد معلوم نہ ہو اور وہ بہت بڑھ جائیں تو اس سے مراد غنیمت کا مال ہوتا ہے (۲) جس نے سمندر یا نہر کے تہہ میں بڑی تازہ مچھلیوں کو دیکھا کہ وہ اکٹھی ہیں اور وہ جیسے چاہے ان کو نکال رہا ہے یا کھا رہا ہے یا تقسیم کر رہا ہے تو اُسے اتنی زیادہ مال غنیمت ملے گا جتنی اس نے مچھلیاں نکالیں اور اس مال کو کھانے میں یا تقسیم کرنے میں یا ذخیرہ کرنے میں وہ زیادہ ہی خرچ کریگا جیسا کہ اس نے خواب میں مچھلیوں کو خرچ کیا تھا، اور مچھلی سے مراد بادشاہ کا وزیر بھی ہوتا ہے اس لئے کہ سمندر بادشاہ ہے اور مچھلیاں اس بادشاہ کے لشکر ہیں (۳) اگر وہ مچھلی زندہ اور تازہ ہو تو اُسے باکرہ باندی حاصل ہوگی (۴) بہت زیادہ مچھلی سے مراد ناپسندیدہ غنیمت ہوتی ہے یا بادشاہ کی طرف سے اسے بہت زیادہ مال ملنے کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دلیل ہے جو اس کے احتساب سے ڈرتا ہو اور اُسے لے لیگا (۵) اگر کسی نے دیکھا کہ اُس نے کنوئیں سے مچھلی شکار کی تو وہ لوطی ہو گا یا اسکا خادم کسی آدمی کے پیچھے چلے گا (۶) جس نے دیکھا کہ وہ مچھلی شکار کر رہا ہے کسی گدلے برتن میں سے تو جس حالت میں بھی دیکھے اس میں بھلائی نہیں ہے (۷) اگر اس نے دیکھا کہ وہ پانی میں سے مچھلی شکار کر رہا ہے تو وہ کوئی ایسی بات سنے گا جس سے خوش ہو گا (۸) جس نے دیکھا کہ وہ بڑی مچھلیاں شکار کر رہا ہے تو یہ لذت اور نفع ختم ہونے پر دلالت کرتا ہے (۹) نرم مچھلی جس کا چھلکا ہوتا ہے خیر کی دلیل ہے اس کے لئے جو دھوکہ کا ارادہ کرے پس اس کا کام چھپا رہیگا' اور وہ لوگوں کا مال مکر و فریب کے ذریعے لے گا' اور تمام لوگوں کے لئے یہ کاموں کے رکنے اور ان کے سست ہونے پر دلیل ہے بنیا نامی مچھلی دیکھنا سست ہونے کی علامت ہے اس شخص کے لئے جو شادی کا ارادہ کرے یا جو دوسرے کے ساتھ شراکت وغیرہ کرنا چاہتا ہو (۱۰) وہ مچھلی جس کا چھلکا نہیں ہوتا اور جو وہ لمبی چیز جو اس کے جنس سے ہو تو وہ باطل کاموں اور تھکاوٹ پر دلالت کرتا ہے اور اس چیز کی امید پر دلالت کرتا ہے جو کبھی پورے نہیں ہوتے اس لئے کہ یہ ہاتھوں سے پھسل جاتی ہے۔ اور وہ مچھلی جو ندیوں میں ہوتی ہے بھلائی کی دلیل ہے (۱۱) اگر آدمی نے سمندر میں مری ہوئی مچھلی دیکھی تو یہ کسی ردی چیز پر دلالت کرتی ہے اور خاص طور پر اس چیز پر دلالت کرتی ہے جو پورا نہیں ہوتا (۱۲) جس نے زندہ مچھلی دیکھی اور اس نے دیکھا اسکو پانی سے یا کسی اور چیز سے پکڑ رہا ہے تو یہ نفع کی دلیل ہے (۱۳) جس نے اپنے بستر میں مچھلی دیکھی تو سمندر میں سفر کرنے والوں کے لئے کوئی اچھی نہیں ہے اور اس کے لئے بھی اسکی تعبیر درست نہیں ہے جو بیمار ہو۔ اور سمندر پر چلنے والے کے لئے اس کی تعبیر کوئی سختی ہے جو اُسے پہنچے گی اس لئے کہ بیمار کی تکلیف بڑھ جاتی ہے تر چیزوں سے (۱۴) جس نے گدلے پانی سے مچھلی کا شکار کیا تو اُسے سخت غم پہنچے گا (۱۵) جس نے دیکھا گویا وہ زندہ مچھلی کھا رہا ہے تو وہ بادشاہ تک پہنچے گا' اور اگر اس نے دیکھا کہ وہ صاف پانی سے مچھلی شکار کر رہا ہے' تو اُسے رزق عطا ہو گا اور اگر اس کا کوئی بیٹا ہوا تو وہ فرمانبردار ہو گا (۱۶) اگر اس نے دیکھا کہ وہ نمکین پانی سے شکار کر رہا ہے تو اُسے بادشاہ کی طرف سے نقصان و غم پہنچے گا (۱۷) جس نے دیکھا کہ وہ نمکین مچھلی کھا رہا ہے تو وہ تھکاوٹ اور سختی میں مبتلا ہو گا (۱۸) کہا گیا کہ مچھلی جب چار تک پہنچ جائے تو اس سے مراد عورتیں ہوتی ہیں (۱۹) اگر اس سے زیادہ ہوں تو اس سے مراد مال غنیمت ہوتا ہے اور اگر اس نے اپنے بستر میں مچھلی دیکھی اور وہ سمندر میں سفر کر رہا ہو تو یہ سختی پر دلالت کرتی ہے اور اس پر ڈوبنے کا خوف ہو گا' اس لئے کہ وہ اس کے ساتھ لیٹا ہے' اور نمکین مچھلی خیر اور باقی رہنے والے مال پر دلالت کرتی ہے اس لئے کہ نمک مچھلی کو ضائع ہونے سے بچاتا ہے اور اس سے مراد یہ ہے کہ اُسے بادشاہ کی طرف سے غم پہنچے گا' اور جس نے دیکھا کہ مچھلی اس کی شرمگاہ سے نکلی اور اس کے ہاں بیوی حاملہ تھی تو اس کی بیٹی ہو گی۔

(۲۰) تلی ہوئی مچھلی دعا کی قبولیت پر دلالت کرتی ہے (۲۱) کہا گیا کہ بھنی ہوئی مچھلی علم کے طلب میں سفر پر دلالت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرتی ہے (۲۲) بڑی مچھلی مال غنیمت پر دلالت کرتی ہے اور چھوٹی مچھلی غموں پر' اس لئے کہ اس کے کانٹے اس کے گوشت سے زیادہ ہوتے ہیں اور اس کا کھانا مشکل ہوتا ہے اور جس نے مچھلیاں دیکھیں کہ ان میں بڑی بھی تھیں اور چھوٹی بھی تو اس میں کوئی حرج نہیں اور رزق پر دلالت کرتا ہے (۲۴) جس نے مچھلی میں سے کچھ لیا تو وہ بادشاہ کے لشکر سے کچھ حاصل کریگا (۲۵) بڑی مچھلی اگر پکڑی جائے تو باغی اور خون کے پیاسے ہلاک ہوجائینگے (۲۶) جس نے دیکھا کہ وہ مچھلی والے سے مچھلی لے رہا ہے تو وہ کوئی باندی خریدیگا یا کسی عورت سے شادی کریگا (۲۷) جس نے دیکھا کہ وہ خراب مچھلی کھا رہا ہے اور اچھا کھانا چھوڑ رہا ہے تو وہ حرام نکاح کریگا اور حلال عورتوں کو چھوڑیگا' اور جس نے دیکھا کہ وہ حوض سے مچھلی نکالنا چاہ رہا ہے اور وہ اسی سے نکل رہی ہے تو یہ کوئی قرض ہوگا یا وہ اپنا مال اکٹھا کرنا چاہے گا لیکن اس کو بغیر سخت جھگڑے کے نہ پاسکے گا (۲۸) کسی نے خواب میں حوض یا گڑھے میں مچھلی دیکھی جس نے اپنا منہ کھولا ہوا ہے تو یہ اس کے لئے قید کی علامت ہے (۲۹) جس نے دیکھا کہ اس نے مچھلی کے پیٹ میں ایک یا دو ہیرے یا اس سے زیادہ پائے تو وہ کسی عورت سے مال پائے گا یا کوئی غلام لڑکا پائے گا یا دو لڑکے یا اس سے زیادہ موتیوں کے اعتبار سے پائیگا (۳۰) اگر اس کے پیٹ میں انگوٹھی پائی تو خواب دیکھنے والے کو دولت اور عزت ملیگی (۳۱) جس نے دیکھا کہ اس کے ذکر سے مچھلی نکلی تو اسکی بیٹی ہوگی (۳۲) اگر اس کے منہ سے نکلی تو وہ بیوی کے بارے میں کوئی مشکل بات کریگا۔ اور جس نے کوئی مچھلی پکڑی اور اس کے پیٹ میں چربی پائی تو وہ بیوی پائیگا اور اس سے مال اور بھلائی پائے گا (۳۳) خشکی میں مچھلی کا شکار کرنا کسی برائی کے ارتکاب کی دلیل ہے' اور کہا گیا کہ یہ دلیل ہے کوئی بھلائی چلی گئی ہے۔ اور جس نے کوئی ایسی مچھلی شکار کی جس کے کانٹے اور چھلکا ہو تو یہ کسی محفوظ چاندی یا سونے پر دلالت کرتا ہے جس میں اللہ تعالیٰ کا حق واجب ہو اس لئے کہ اس کا کھانا درست نہیں ہے جب تک کہ اس میں سے سب کچھ نہ نکال لے تو یہ بھی مال کی زکوٰۃ کی طرح ہوگی کہ زکوٰۃ نکالے بغیر مال کا استعمال آدمی کے لئے صحیح نہیں ہے اور اگر مچھلی کے پیٹ میں کوئی ہتھیار تھے تو یہ دشمن پر غالب آنے کی دلیل ہے اور بعض دفعہ اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ وہ اہل شر سے دوستی کریگا' اور اگر وہ اس کی قدرت نہ رکھتا ہو تو یہ مال والوں کے لئے مال ہے (۳۴) اگر اس نے دیکھا کہ مچھلیاں میٹھے سمندر سے نمکین سمندر میں اور نمکین سمندر سے میٹھے سمندر میں منتقل ہورہی ہیں۔ تو یہ لشکر میں منافقت اور عام لوگوں میں کسی عام بات پر یا کسی ظلم یا بدعت کے ظہور پر اختلاف کی دلیل ہے۔

(۳۵) اگر کسی نے دیکھا کہ مچھلی پانی کی سطح پر تیر رہی ہے تو یہ کاموں کی آسانی' دور والے کے قریب آنے' رازوں کے ظاہر ہونے اور چھپی ہوئی چیزوں کے ظاہر ہونے کی دلیل ہے یا اس چیز کے نکلنے کی علامت ہے جسکا میراث میں کچھ دخل ہو اور اگر کسی نے دیکھا گویا اس کے پاس چھوٹی اور بڑی مچھلیاں ہیں تو یہ دلالت کرتا ہے کہ وہ خوشی اور غم کا اہتمام کریگا یا ہر اچھی اور بری چیز کا اہتمام کریگا جس میں لوگ جمع ہونگے (۳۶) اور اگر اس نے دیکھا کہ اس کے پاس'

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مچھلیاں ہیں جو تخلیق میں انسان یا پرندوں کے ساتھ مشابہ ہیں تو یہ خشکی اور سمندر کے تاجروں اور متر ددین کے ساتھ تعارف پر دلالت کرتا ہے یا اس کا تعارف مترجمین سے ہوگا جو کہ زبانوں کو جاننے والے ہونگے یا ان لوگوں کے ساتھ جو اچھے اخلاق سے متصف ہونگے' اور اس میں اعتبار مشابہت کا ہوتا ہے پس اگر مشابہت اچھی ہوئی تو اخلاق اچھے ہونگے اور اگر مشابہت بری ہوئی تو اخلاق برے ہونگے' اور اگر اس نے دیکھا کہ اس کے پاس کوئی ایسی چیز ہے جس سے انسان مانوس ہوتا ہے تو یہ یتیموں اور غریبوں پر احسان اور ان کے ساتھ ہمدردی کرنے کی دلیل ہے (۳۷) اگر دیکھا کہ اس نے سمندر کے تہہ سے مچھلی پکڑی تو کبھی وہ وسیع تجارت کرے گا اور اُسے طویل رزق ملیگا وگرنہ وہ بادشاہ کے مال کے ساتھ تعرض کریگا' یا وہ جاسوس ہوگا' اور اگر سمندر کھل گیا اور اس نے اس سے کوئی مچھلی یا کوئی موتی لیا تو وہ اللہ تعالیٰ کے علم غیب پر مطلع ہوگا اور دین اس کے لئے واضح ہوگا اور سیدھے راستے کی طرف آیگا' اور اس کام میں اسکا انجام اچھا ہوگا (۳۸) اگر مچھلی اس کے ہاتھ سے نکل کر دوبارہ سمندر میں چلی گئی تو وہ اولیاء کی صحبت میں بیٹھے گا' اور ان باتوں پر مطلع ہوگا جن پر کوئی بھی مطلع نہیں ہے اور اگر اس نے سفر کا ارادہ کیا تو اُسے ساتھی مل جائینگے جو اس کے ساتھ سفر میں جائیں گے اور وہ بھی ان سے مانوس ہوگا اور اپنے گھر کی طرف سلامتی سے لوٹ آیگا (۳۹) اگر اس نے خواب میں مچھلی کو دیکھا جو کہ جزیرہ کے مشابہ ہے تو اُسے کسی نیک امیر کے ساتھ جہاد کرتے ہوئے مال غنیمت ملے گا اور خاص طور پر اگر اس نے اس کی آنکھ سے تیل لیا یا اس کا گوشت کھایا (۴۰) اگر اس نے مچھلی صفائی کے بغیر کھائی تو وہ لوگوں کے مال کے بارے میں گفتگو کریگا اور لوگوں کا مال غلط طریقوں پر لینے کے لئے فیصلہ کریگا (۴۱) بعض دفعہ اس کا گوشت بغیر صفائی کے کھانا زنا اور سخت ٹھنڈی بیماریوں پر دلالت کرتی ہے جیسے فالج وغیرہ (۴۲) اگر اس نے مچھلی کو زمین پر پایا تو اس کی کمائی اسے سمندر کے بجائے خشکی منتقل ہوگی۔ (۴۳) اگر یہ نہ ہو تو وہ اپنے مال کی حفاظت کریگا اور اپنے ظلم کا احاطہ سامان کے ذریعے کریگا یا اپنے اہلخانہ اور رشتہ داروں کے درمیان اتفاق کو بڑھائے گا' اور ہر مچھلی جو آدمی پر دلالت کرتی ہو تو اسکا دیکھنا ان لوگوں پر دال ہے کہ جنکا معاش پانی سے ہے جیسے مشکی' ملاح' غوطہ خور' تیراک' اور کام ملازم (۴۴) اور خواب دیکھا گویا اس کے لئے آسمان سے تلی ہوئی مچھلی اتری' تو یہ اس کی دعا کی قبولیت اور دشمنوں پر غلبہ اور مرتبہ کے بلند ہونے کی دلیل ہے' اور بعض دفعہ مچھلی کا دیکھنا غم' پریشانی' بیماری اور بری خبروں اور جس مکان میں خواب دیکھ رہا ہے وہاں موت واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے' اس لئے کہ اس میں بدبو پیدا ہوگئی اور اس کی روح نکل گئی۔

## سقنقور (کیڑا کالے رنگ کا حرکت دینے سے بدبو نکتی ہے)

اس کا خواب میں دیکھنا کسی عالم امام پر دلالت کرتا ہے جس سے اندھیروں میں رہنمائی حاصل کی جائے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سرطان (کیکڑا)

اس کو خواب میں دیکھنا کسی مکار پر ہیبت باھمت کثرت اسلحہ والے آدمی پر دلالت کرتا ہے (۲) جس نے کیکڑے کا گوشت کھایا تو وہ کسی دور کی زمین سے خیر پائے گا اور کہا گیا کہ جس نے کیکڑے کو دیکھا تو وہ حرام مال پائیگا۔

## سلحفاۃ (کچھوا)

اس کو خواب میں دیکھنا ایسی عورت پر دلالت کرتا ہے جو خوشبو وغیرہ لگائے اور زینت اختیار کرے اور اپنے آپ کو مردوں پر پیش کرے (۱) اور کہا گیا کہ کچھوے سے مراد قاضی القضاہ ہوتا ہے اس لئے کہ وہ سمندر کے حالات کو زیادہ جانتا ہے اور کہا گیا کہ اس سے مراد کوئی عالم آدمی ہے (۲) اور اگر اس نے دیکھا کہ کسی شہر یا کسی گاؤں میں کچھوے کی عزت کی جا رہی ہے تو اس جگہ پر علماء کی عزت ہوتی ہے' اور اگر اس نے کچھوے کو کوڑے کرکٹ کی جگہ پر دیکھا کہ اس کی حقارت کی گئی ہے تو اس جگہ پر کوئی عالم جاھلوں کے درمیان ضائع ہو رہا ہوگا۔ اور بعض نے کہا ہے صاحب خواب عابد اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے صحیفوں کو اور تمام انبیاءؑ کی کتابوں کو پڑھنے والا ہوگا۔ (۳) اور کچھوے کا گوشت کھانا مال اور ایسا علم پر دلالت کرتا ہے جو علوم انبیاء میں شمار نہیں ہوتا اور وہاں سے حاصل کرے گا جہاں سے اُسے علوم انبیاء کے ملنے کا گمان بھی نہ ہوگا اور کہا گیا کہ جس نے کچھوے کا گوشت کھایا تو بھلائی، نیکی، نفع اور مال پائے گا (۴) اور جس نے دیکھا کہ اس نے کچھوا پکڑا یا اس کا مالک ہوا یا اس کو اپنے گھر میں داخل کیا تو وہ کسی ماہر انسان سے ملے گا جو علوم قدیمیہ کا عالم ہوگا (۵) اور اگر اس نے دیکھا کہ کچھوا اس کے راستے میں پڑا ہے تو وہاں علم پڑا ہوا ہوگا جس کا اہتمام نہیں کیا جا رہا ہوگا (۶) اور اگر اس نے دیکھا گویا کہ وہ کسی برتن یا کسی کپڑے میں حفاظت کے ساتھ پڑا ہوا ہے تو وہاں عالم بلند مرتبہ اور معزز ہوگا اور کہا گیا کہ کچھوا خواب میں دھوکا' فریب' جاسوسی' چھپنے' بڑائی پر اور اسلحہ جمع کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## سام ابرص (چھپکلی)

یہ وزغ کی ایک قسم ہے جو کہ خواب میں کسی برے آدمی پر دلالت کرتی ہے جو لوگوں کے درمیان چغلی اور عیب جوئی کے ذریعے فساد ڈالتا ہے اور ان کے درمیان عداوت اور بغض پیدا کرتا ہے اور ان کو برے راستے دکھلاتا ہے اور اچھائی سے روکتا ہے اور چھپکلی فقر، غم یا کسی حقیر آدمی پر بھی دلالت کرتی ہے اور کسی ایسی قوم کی طرف سے نقصان پر دلالت کرتی ہے جو شہروں میں زیادہ نہیں رہتے۔ اور اگر چھپکلی کسی بیمار پر داخل ہو تو وہ مر جائیگا' اس لئے کہ یہ لفظ ''سام'' سے ہے جس کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



معنی موت ہے۔

## سوس (گھن، وہ کیڑا جو غلہ میں پیدا ہو جاتا ہے)

اس کو خواب میں دیکھنا کسی چغلخور آدمی پر دلالت کرتا ہے جو مالدار لوگوں کے پیچھے بھاگے تاکہ ان سے مال کاٹ سکے اور اگر مریض نے گھن کو خواب میں اپنے گھریا جسم کے ساتھ چمٹا ہوا دیکھے تو وہ مر جائیگا۔ اور گھن جو دروازے پر یا چارپائی پر یا دسترخوان پر ہو اس سے مراد بیماریاں ہیں دیکھنے والے کے جسم میں' اور بعض دفعہ گھن اولاد کی کثرت اور مال کی قلت پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ اھلِ عرب کا مقولہ ہے "**العیال سوس المال**" کہ اولاد مال کا گھن ہے اور گھن کی تعبیر اہلخانہ کا دشمن ہے۔

## سمور (نیولے سے مشابہ جانور)

اس کو خواب میں دیکھنا کسی کافر' ظالم' اور چور پر دلالت کرتا ہے جو جنگلوں اور بیابانوں میں ٹھکانہ پکڑے اور لوگوں سے میل جول نہ رکھے اور بہت زیادہ مال جمع کرنے والا ہو اس کے مال سے نفع اس کے مرنے کے بعد ہی ممکن ہو اس لئے کہ اُسے پکڑنا مرنے کے بعد ہی ممکن ہے۔

## سخلۃ (بکری کا بچہ)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا آدمی کی اولاد پر دلالت کرتا ہے پس اگر کسی نے دیکھا کہ وہ سخلہ کو ذبح کر رہا ہے اس کا گوشت کھا رہا ہے تو اس کا بیٹا یا اس کے کسی رشتہ کا یا کسی قریبی کا بیٹا مر جائیگا اور جس نے دیکھا کہ اُسے سخلہ عطا ہوا تو اس کے ہاں شریف اور بابرکت بیٹا پیدا ہوگا' اور جس نے دیکھا کہ وہ بکریوں کے بچوں کے ریوڑ کو چرا رہا ہے تو اُسے کوئی غم ملیگا جس میں اس کے لئے عزت اور شہرت ہوگی۔

## سبع (درندہ)

شیر کے ضمن میں باب الالف میں اس کے بارے بات ہو چکی ہے۔

## سنور (بلّا)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا خادم پر دلالت کرتا ہے اور کہا گیا کہ گھر والوں میں سے کسی چور پر دلالت کرتا ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کی مونث کو دیکھنا کسی بُری اور دھوکے باز عورت پر دلالت کرتا ہے اور اس کی نسبت اس کی طرف بھی کی جاتی ہے کہ جو اس کے اردگرد پھرے اور اس کی حراست کرے تو وہ اس کو نفع بھی پہنچا سکتی ہے اور نقصان بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پہنچا سکتی ہے۔(۲) جس کو بلی نے کاٹا اور اس کو خراشیں وغیرہ آ گئیں تو وہ ایک سال بیمار ہو گا۔(۳) اگر وہ بلاّ وحشی ہو تو بیماری اس سے بھی سخت ہو گی۔(۴) اور اگر بلاّ اطمینان میں ہو تو اس سے مراد سکون اور راحت والا سال ہوتا ہے۔(۵) اگر بلاّ بہت زیادہ وحشی اور بہت زیادہ تکلیف والی ہو تو یہ نقصان والے سال پر دلالت کرتا ہے جس میں اُسے تھکاوٹ پہنچے گی۔(۶) جس نے دیکھا کہ اس نے بلّے کو بیچا تو وہ مال خرچ کریگا۔(۷) جس نے دیکھا کہ اس نے بلّے کا گوشت کھایا تو وہ جادو سیکھے گا۔(۸) جس نے دیکھا کہ اس نے بلّے کو بدل دیا تو وہ چوری یا کسی اور برے راستے کے ذریعے مال پائیگا۔(۹) جس نے دیکھا کہ بلی کسی گھر میں داخل ہوئی تو اس گھر میں چور داخل ہونگے۔(۱۰) اگر وہ بلاّ کوئی چیز لے گئی تو چور بھی کوئی چیز لے جائیں گے۔(۱۱) جس نے دیکھا کہ اس نے بلّے کو ذبح یا قتل کیا یا اس کو پکڑ لیا تو وہ کوئی چور پکڑے گا اور اس پر غالب آئیگا۔(۱۲) جس نے دیکھا کہ اس نے بلّے کا گوشت یا اسکی چربی لی تو وہ کسی چور کا یا جو وہ چوری کریگا اس میں سے مال پائیگا اور جس نے دیکھا کہ وہ بلّے سے جھگڑ رہا ہے یہاں تک کہ اُس نے اس کو خراشیں ماریں یا اس کو کاٹ لیا تو اُسے کوئی لمبی بیماری پیش آئیگی' اور اس سے بری ہو جائیگا یا اُسے کوئی سخت غم پیش آئیگا اور پھر اللہ تعالیٰ اس پر کشادگی کر دیں گے۔(۱۳) اگر اس نے دیکھا کہ وہ بلّے پر غالب آ گیا تو وہ بیماری یا غم سے بہت جلدی چھٹکارا پالے گا۔(۱۴) اگر بلاّ غالب آ گئی تو اسے بہت سخت بیماری اور غم پہنچے گا اور سنور سے مراد بلی ہے اور خواب میں بلی کا دیکھنا دلالت کرتا ہے نامہِ اعمال پر اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی وجہ سے ﴿ وَقَالُوْ رَبَّنَا عَجِّلْ لَنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَاب ﴾ ''اور کہتے ہیں اے رب جلدی دے ہم کو چھٹی ہماری پہلے حساب کے دن سے'' یہاں پر قط سے مراد نامہِ اعمال ہے اور بعض دفعہ بیوی یا اولاد کی طرف سے سختی پر دلالت کرتی ہے یا جھگڑے یا چوری یا زنا یا بے وفائی یا چپکے چپکے باتیں سننے پر یا آنکھوں سے اشارہ کرنے پر یا عیب جوئی یا چیخ وپکار پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ یہ حرامی بچے پر یا وہ بچہ جسے زمین سے اُٹھایا گیا ہو اور اس کے والدین کا پتہ نہ ہو پر یہ دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ یہ کسی ایسے انسان پر نرم کلام سے لوگوں میں اچھل کود یا رقص کی وجہ سے محبوب ہو پر دلالت کرتا ہے اور یہ شخص رقص کے ساتھ ساتھ چیزوں پر بھی نظر رکھتا ہے پس جونہی فرصت پاتا ہے تو اس میں فساد کرتا ہے۔(۱۵) اگر بلی اور چوہا متفق ہو گئے یا بھیڑیا اور بکری متفق ہو گئے تو یہ منافقت اور چاپلوسی پر دلیل ہے اور اگر لوگ امن میں ہوں تو دشمن سے خوف زدہ ہونگے اور بعض دفعہ یہ رعیت میں عدل یا دنیا کے احوال کے فساد پر دلالت کرتا ہے اور اسی طرح سب ضدیں جب اکھٹی ہو جائیں تو اس کی تعبیر یہی ہو گی' اور بعض دفعہ یہ دشمن کو دور کرنے پر یا مدمقابل پر غالب آنے' یا کسی شاطر تیز وطرار غلام پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ بلی کسی ایسی عورت پر دلالت کرتی ہے جو اولاد کی تربیت اور ان کی حفاظت اور تادیب پر حریص ہو۔(۱۶) اگر بلّے نے کسی انسان کو خراشیں پہنچائیں یا اس کا خون بہنے لگا یا اس کی آنکھ باہر نکل آئی تو یہ کسی کوشش کرنے والے دشمن پر دلالت کرتی ہے۔(۱۷) خوشبو والی بلی دلالت کرتی ہے اس شخص پر جس میں شریروں کی عادتیں اور نیکوں کے اخلاق ہوں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سلوی (بٹیر)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا اللہ تعالیٰ کی طرف سے اچھے رزق عطا ہونے پر دلالت کرتا ہے اور کہا گیا کہ بیٹر سے مراد وو زخی آدمی ہے اور بٹیر کو خواب میں دیکھنا غم اور مصیبت اور دشمن کی طرف سے اچانک حملہ کے دور ہونے اور وعدہ کے پورے کرنے پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ اس کو دیکھنا کفرانِ نعمت اور زوالِ منصب اور معیشت کی تنگی پر دلالت کرتا ہے۔

## سمانی (بٹیرا)

اس کا خواب میں دیکھنا فائدوں اور کھیتی باڑی کی طرف سے رزق ملنے پر دلالت کرتا ہے اور جو اس کے سننے کا ارادہ کرے تو اُسے شبہات اور کھیل کود اور خرچ میں اُسے بات حاصل ہوگی اور بعض دفعہ سمانی کا دیکھنا کسی ایسے جرم پر دلالت کرتا ہے کہ جس کی وجہ قید اور سولی ہو۔

## سمن الانسان فی جسمہ (موٹا ہونا)

جس نے خواب میں دیکھا کہ وہ موٹا ہے تو اس کا مال بڑھے گا اور اگر موٹاپے کے ساتھ اس پر زرو کپڑے ہوں تو وہ بیمار ہوگا اور پھر بری ہوگا' اور کہا گیا کہ جسم کا موٹا ہونا عزت پر دلالت کرتا ہے اور کہا گیا کہ جسم میں چربی اور طاقت کا ہونا دین اور ایمان میں طاقت کی علامت ہے اور کہا گیا کہ انتخاب اور غلط شان کی دلیل ہے۔

## سمن اللبن (گھی)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا علمِ نافع اور شبہات سے خالص توحید پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ یہ دلالت کرتا ہے اس عورت پر جو جماع کے انتہاء پر اپنی طرف مائل کرنے والی ہو۔ (۲) جس نے کسی عورت سے گھی لیا جو کہ اس کے لائق نہ تھا تو اُسے اس عورت سے فریب پہنچے گا' اور اس سے نفرت کرتے ہوئے وہ زنا کرے گی خاص کر اگر وہ کسی برتن میں ہو اور گھی' علم' فقہ اور قرآن پر بھی دلالت کرتا ہے اس کے لئے جو اس کا اہل ہو اور علم للادویہ پر بھی دلالت کرتا ہے اس کے نفع' شفاء' اور اچھا نکلنے پر اور اس کی صفائی پر اور مال' غلہ' نفع' مال کی طلب' خوشحالی اور نرمی پر بھی دلالت کرتا ہے اس کے لئے جس پر سختی ہو اور بیمار کے لئے صحت پر دلالت کرتا ہے اگر اسے کھائے۔

## سویق (ستو)

اس کو خواب میں دیکھنا سفر' زھد' تقویٰ پر دلالت کرتا ہے اور خواب میں ستو پینا غلام آزاد کرنے پر اور بادشاہ سے قرب اور کسی اچھے کام پر دلالت کرتا ہے جسکی وجہ سے جہنم سے چھٹکارا ہو جائے' اور بعض دفعہ ستو گمراہوں کے وجود پر دلالت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرتا ہے اور ایسا ہی آٹا جو پیا گیا یا کھایا گیا دودھ میں سے اس لئے کہ ستو آگ کے حکم میں تھا اور آگ جلانے والی ہے اور آٹا گوند ھنے اور جدا کرنے کے حکم میں تھا اور دودھ تھنوں کے حکم میں اور پھر اس سے جدا ہوا' اور ستو خواب میں اچھے دین اور خشکی میں سفر پر دلالت کرتا ہے۔

## سوبیا (مشروب جو چاول اور شکر سے بنا ہو)

اس کو خواب میں دیکھنا راحت اور رزق پر دلالت کرتا ہے اور اس کو پینے والے کے اندر برائی کے حلول پر دلالت کرتا ہے اور اگر پینے والا کنوارہ ہو تو بعض دفعہ وہ اپنے اوپر طلاق شدہ عورتوں کو حلال کریگا یعنی ان سے شادی کریگا۔

## سکباجہ (گوشت اور سرکہ سے تیار کیا ہوا کھانا)

(۱) جس نے دیکھا کہ اس نے خواب میں مصالحوں اور گائے کے گوشت کے ساتھ سکباجہ کھایا تو اس سے مراد اچھی زندگی ہے سخی عاملوں کے مال سے جس میں نفع ہو۔ (۲) اگر اس نے بکری کے گوشت کے ساتھ پکایا تو اس سے مراد اچھی زندگی جس میں عزت' سخاوت اور شریف لوگوں اور سرداروں کے پاس مرتبہ ہو اور اس کے ساتھ حلال طریقوں سے اچھی زندگی ہوگی (۳) اگر وہ چڑیوں کے گوشت سے ہو تو وہ اچھی شریف اور عزت والی زندگی گزارے گا کسی بادشاہ کی طرف ہے تو شریف اور سردار لوگوں میں اُسے طاقت اور قوت حاصل ہوگی' اور اس کے ساتھ اُسے خوشی سرور اور صحت عطا ہوگی۔ (۴) اگر اسے پرندوں کے گوشت میں پکایا جائے تو اس سے مراد ولایت' تجارت اور معزز قوم کے ساتھ حلال کمانا ہے بقدر گھی زیادہ ہوگا۔ اور سکباجہ بیماری پر بھی دلالت کرتا ہے مگر یہ کہ وہ چڑیوں کے گوشت کے ساتھ پکی ہوئی ہو تو یہ ولایت اور حاجت کے پورا ہونے پر دلالت کرتی ہے۔

## سبوبج (کپڑا' سالن پکاتے وقت سینہ میں ڈالا جانے والا)۔

اس کو خواب میں دیکھنا عزت' خوشی' مسرت' رزق اور کنوارے کے لئے شادی پر دلالت کرتی ہے۔

## سفرۃ (زادراہ' دسترخوان)

اس کو خواب میں دیکھنا کسی عظیم الشان ملک کی طرف سفر کرنے پر دلالت کرتا ہے اور کہا گیا اس کی تعبیر وسعت اور راحت ہے اُس کے لئے جو اس کو پائے' اس لئے کہ دسترخوان کھانوں کی جگہ ہے اور دسترخوان سفر پر اور اللہ تعالٰی کی طرف سے تنگی اور پھر کشادگی پر دلالت کرتا ہے۔

## سفر (سفر)

(۱) خواب میں سفر کرنا لوگوں کے اخلاق سے پردہ ہٹنے پر دلالت کرتا ہے اور اگر وہ مسافر فقیر ہو تو وہ غنی ہوگا۔ (۲)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اگر اس کے پاس خواب میں مسافر آئے تو یہ خبروں پر دلالت کرتا ہے جو دیکھنے والے کی مدد کرینگے' اور جس نے دیکھا کہ اس نے سفر کیا تو وہ نیک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہوگا۔ اور سفر زمین پر چلنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۳) جس نے دیکھا کہ اُس نے سفر کیا تو وہ زمین پر چلے گا اور ایسا ہی جس نے دیکھا کہ وہ زمین پر چل رہا ہے تو وہ سفر کریگا۔ (۴) جس نے دیکھا کہ وہ سفر کر رہا ہے تو وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوگا' اور بعض دفعہ سفر سے مراد سفر ہی ہوتا ہے۔ (۵) سفر سے واپسی بیداری میں توبہ کرنے اور گناہوں سے واپسی پر دال ہے اور سفر سے واپس لوٹنا حاجت پوری ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۶) جس نے دیکھا کہ اس نے پیدل سفر کیا تو یہ کوئی قرضہ ہے جو اس پر غالب آئیگا (۷) جس نے دیکھا کہ وہ کسی گھر سے کسی مجہول علاقہ میں منتقل ہوا تو وہ سفر کریگا (۹) اگر کسی بیمار نے دیکھا کہ کسی دور جگہ کی طرف اس نے سفر کیا یا کسی مجہول گھر کی طرف سفر کیا تو یہ اس مدت سفر کی دلیل ہے (۱۰) جس نے دیکھا کہ اس نے زادِ سفر لے لیا تو اچھائی اس پر آئیگی۔

## سکر (شکر/چینی/کھانڈ)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا خوشیوں' بیماری سے شفا' اور غموں اور پریشانیوں کے زائل ہونے' اور مراد کے پوری ہونے پر دلالت کرتا ہے اُس کے لئے جو خواب میں اس کو کھائے یا اس کا مالک ہو۔ اور اگر یہ بیوی پر دلالت کرے تو وہ بڑی معزز اور حسین ہوگی' اور اگر بیٹے پر دلالت کرے تو وہ بڑا معزز' سمجھدار' عالم ہوگا' اور ہر فن والے سے اس کے فن میں شرکت کریگا' اور اگر مال پر دلالت کرے تو یہ حلال اور طیب ہوگا۔ اور اگر علم پر دلالت کرے تو وہ بدعت سے خالص ہوگا' اور شکر مال پر دلالت کرتی ہے' اور شکر کا ایک دانہ محبوب پر یا بچے پر دلالت کرتا ہے اور بہت زیادہ شکر باتوں پر دلالت کرتی ہے' اور ابن سیرینؒ فرمائے ہیں کہ شکر بیچنے میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔ (۲) نباتاتی شکر قول اور عمل میں اخلاص پر دلالت کرتی ہے اور بعض دفعہ امراض کے اٹھنے اور بیماری سے شفاء پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ خوشحالی اور رزق پر نباتات کی طرف سے یا بارش کے نزول پر دلالت کرتا ہے۔

## سکر العقل (مدہوش ہونا)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا غم اور حزن پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) نشہ زمانہ میں ثروت غمگین' ظلم اور ٹال مٹول پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) اگر وہ نشہ نبیذ کا ہو تو یہ ہر حال میں بادشاہ پر دلالت کرتا ہے اور اگر وہ نشہ میں آکر اپنے کپڑے پھاڑ دیئے تو وہ ایسا آدمی ہے کہ جس پر اگر دنیا کشادہ ہو جائے تو وہ ظلم کرتا ہے اور نعمتوں کو برداشت نہیں کرسکتا اور نہ ہی اپنے اوپر ضبط کرسکتا ہے (۴) جس نے کسی کو دیکھا کہ وہ شراب پی رہا ہے اور اس سے وہ نشہ ہو رہا ہے تو وہ حرام مال پائیگا اور اس بادشاہ سے بھی اتنی بادشاہت پائیگا جتنا اُسے نشہ ہوا تھا' اور نشہ اگر شراب پینے کی وجہ سے ہو تو بادشاہ اور مال پر بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دلالت کرتا ہے۔ (۵) پیئے بغیر نشہ ہو جانا سخت خوف پر دلالت کرتا ہے' نشہ مردوں اور عورتوں کے لئے بے کاری کی دلیل ہے اس لئے کہ یہ بہت زیادہ جہالت اور چیزوں کی بندش پر دلالت کرتا ہے' اور خیر کی بھی دلیل ہے اور نشہ آور چیز استعمال کئے بغیر نشہ میں آنا دلالت کرتا ہے کہ وہ اپنے آپ میں اس چیز کو ظاہر کر رہا ہے جو اس میں نہیں ہے یا جس پر وہ قادر نہیں ہے۔ اور بعض دفعہ اُس کی دلالت اس پر مصیبت ہوتی ہے جو اس کو غمگین کر دے یہاں تک کہ وہ اس سے نشہ کی حالت میں لوٹے حالانکہ وہ نشہ میں نہیں ہے' اور اگر وہ اصلاح والوں میں سے ہو تو اس پر اللہ تعالیٰ کی صحبت کا نشہ غالب آئیگا۔

## سھر (رات کو جاگنا)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا اس کے محبوب ترین ہستی کے گم ہونے پر دلالت کرتا ہے خواہ وہ اس کے اہل خانہ میں سے ہو یا بیٹا ہو یا محبوب ہو اور یہ دوستوں کی جدائی پر بھی دلالت کرتا ہے (۲) جس نے دیکھا کہ وہ بہت زیادہ جاگنے والا ہے اور اُسے نیند نہیں آ رہی تو اس کے دوست اُس سے جدا ہونگے۔

## سرور (خوشی)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا رونے پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ یہ خوشحالی پر بھی دلالت کرتا ہے جیسا کہ اسنے اُسے دیکھا ہو۔ (۲) جس نے دیکھا کہ وہ خوش ہے تو وہ غمگین ہوگا (۳) جس نے اپنے دوستوں کو دیکھا کہ وہ خوشی میں ہیں تو یہ کسی خوش کن کام کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## سِرور (سرگوشی کرنا)

(۱) جس نے خواب میں دیکھا کہ کوئی آدمی راستے میں امیر کے ساتھ سرگوشی کر رہا ہے' تو یہ اُس امیر کے مرنے کی دلیل ہے اور اس کا سرگوشی کرنا اس کی روح کی تلفی کی علامت ہوگی۔ اس لئے کہ حضرت ہود علیہ السلام کے مقابلے میں آنے والا عاد جب اپنے شہر ارم جو کہ ستونوں والا تھا کی طرف جا رہا تھا تو ملک الموت اس کے پاس ایک آدمی کی شکل میں آیا اور اس سے سرگوشی کی اور اس کی روح قبض کر لی۔

## سِر (راز)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا نکاح پر دلالت کرتا ہے اور جس نے دیکھا کہ وہ کسی عورت سے سرگوشی کر رہا ہے تو وہ اس سے نکاح کا ارادہ رکھتا ہے اس لئے کہ عرب نکاح کو سِر (راز) کہتے ہیں (۲) جس نے دیکھا کہ کوئی آدمی اس سے راز کی بات کہہ رہا ہے اور خواب میں کوئی علامت نکاح کی نہ ہو تو اس سے مراد اس کا نائب ہوتا ہے جس کو یہ راز بتایا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سوال (مانگنا' سوال کرنا)

(۱) اسے خواب میں دیکھنا کسی کے نقش قدم پر چلنے اور کاموں میں ثابت قدمی پر دلالت کرتا ہے (۲) جس نے دیکھا کہ وہ مانگ رہا ہے تو وہ علم طلب کریگا اور اللہ تعالیٰ کے لئے تواضع کریگا' اور اس کا مرتبہ بلند ہوگا۔

## سرقۃ (چوری کرنا)

(۱) محفوظ چیز میں چوری کرنا زنا اور سود پر دلالت کرتا ہے اور نامعلوم چور کی تعبیر ملک الموت ہے اور اگر وہ معلوم ہو تو چور جس کے گھر چوری کر رہا تھا' اس سے علم یا کوئی کام یا کوئی نفع کی بات حاصل کریگا (۲) اگر اس نے مجھول چور دیکھا کہ وہ اس کے گھر میں داخل ہوا اور اس کی طشت "سفلجی" کو چرا لیا تو اس کی بیوی مریگی۔ (۳) ایسا ہی اگر اس نے اس کے لحاف یا اس کا کوئی قمقمہ یا وہ چیز جو عورتوں کی طرف منسوب ہوتی ہے چرائی تو اس کی بیوی مریگی۔ (۴) ایسی ہی تعبیر ہوگی اگر اس نے کوئی ایسی چیز چرائی جو خادموں کی طرف منسوب ہوتی ہے۔ (۵) اگر اس نے دیکھا کہ وہ اس کے دراہم چرا رہا ہے تو اگر وہ معروف ہے تو وہ کوئی چغلخور رہے جو اس کی چغلی کریگا' اور اگر وہ مجھول ہو اور بوڑھا ہو تو وہ اس کا کوئی دوست ہوگا جو اس کی چغلخوری کریگا' اور اگر وہ جوان ہو تو یہ کوئی دشمن ہے جو اس کی چغلخوری کریگا' اور کہا گیا کہ چوری کی تعبیر مبارک چیز ہے سوائے اس شخص کے لئے جو مکر و فریب کا ارادہ کرتا ہو۔ (۶) جس نے دیکھا کہ وہ چوری کر رہا ہے تو اس پر چوری کا خطرہ ہے اور بعض دفعہ چوری کرنا کسی ایسے گناہ پر بھی دلالت کرتا ہے جو چور کرتا ہے اور جس نے دیکھا کہ اس نے چوری کی تو وہ زنا کریگا یا جھوٹ بولے گا' اس لئے کہ زانی بھی لوگوں سے چھپتا ہے جیسا کہ چور چھپتا ہے۔

## سَفَہ (بیوقوفی)

(۱) اس کی تعبیر جہالت ہے (۲) جس نے دیکھا کہ وہ بیوقوف ہوگیا تو وہ جاھل ہوگا۔ (۳) جس نے دیکھا کہ اس نے لوگوں کو بیوقوف بنایا تو یہ اس کے دین میں فساد کی علامت ہے (۴) جس نے دیکھا کہ اس کے دین میں فساد آیا تو یہ لوگوں کو بیوقوف بنانے کی دلیل ہے' اور خواب میں بے وقوفی دشمن پر غلبہ اور بلندی مرتبے پر بھی دلالت کرتی ہے جبکہ وہ بیوقوفی کسی ذمی یا بدعتی پر ہو۔

## سخریہ (بیگار لینا / بلا معاوضہ خدمت)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا غبن پر دلالت کرتا ہے کہ آدمی کسی معاملہ میں غبن کریگا (۲) جس نے دیکھا کہ وہ کسی سے بیگار لے رہا ہے تو وہ غبن کریگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سب (گالی دینا)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا قتل پر دلالت کرتا ہے' اور ذمیوں یا کافروں کو گالی دینا لوگوں کے درمیان ملامت اور طعنے دینے پر دال ہے یا وہ کسی ایسے شخص کو گالی دیگا کہ جس کی اطاعت کرنی چاہیے اور اس کا اس پر احسان ہو یہ والدین کی نافرمانی پر اور اللہ تعالیٰ سے اعراض پر بھی دلالت کرتا ہے یا جس کو اس نے خواب میں گالی دی ہے اس کی نافرمانی کی دلیل ہے۔

## سحر (جادو)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا فتنہ اور غرور پر دلالت کرتا ہے (۲) جس نے دیکھا کہ وہ جادو کر رہا ہے یا اس پر جادو کیا گیا ہے تو وہ میاں بیوی کے درمیان باطل طریقوں سے تفریق اور جدائی ڈالے گا' اور جادو کفر پر دلالت کرتا ہے اور جادو بیوی کی جدائی پر بھی دلالت کرتا ہے (۳) جس نے دیکھا کہ اس پر جادو کیا گیا یا وہ دوسروں پر جادو کر رہا ہے تو ساحر سے مراد فتنہ اور مکر ہے اور اگر جادو جن کی طرف سے ہو تو اور زیادہ دھوکہ اور فریب ہوگا۔

## سَحر (وقت صبح)

(۱) رات کا آخری حصہ جس نے دیکھا اس نے گویا وقت سحر کو پایا تو وہ جادو کریگا یا اس پر جادو کیا جائیگا یا وہ کسی ایسے گناہ میں واقع ہوگا۔ جو استغفار کو واجب کرتی ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ﴿ وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴾ کہ سحری کے وقت وہ استغفار کرتے ہیں۔

## سحور (سحری کھانا)

روزہ دار کو سحری کھانا دشمن کے مکر پر' اور گناھگار کے لئے توبہ پر اور کافر کی ہدایت پر اور تھوڑے رزق پر دلالت کرتا ہے۔

## سوء (برائی)

اس کو خواب میں دیکھنا اگر وہ مبہم ہو اور انسان اس کو جانتا ہو تو یہ برے خاتمہ اور دین میں ارتداد پر دلالت کرتا ہے اور اگر برائی کے کاموں میں سے کسی کا ذکر ہو جس کے ساتھ برائی کی ہے بیداری میں اس کے ساتھ شر کا معاملہ کریگا۔

## سہو (غلطی)

اس کا خواب میں دیکھنا غموں' ناراضگی اور چیزوں کو غیر محل میں رکھنے پر دال ہے۔

## سف (کسی چیز کا پھانکنا)

مٹی یا ریت پھانکنا فاقہ' افسوس' بے فائدہ لالچ' اور حکومت والوں کے لئے رشوت پر دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سلخ (کھال اتارنا)

(۱) جس نے خواب میں دیکھا کہ اس کی جلد دونوں رانوں کے درمیان سے اتاری گئی ہے تو وہ خیر اور بھلائی پائے گا یا کسی عورت سے شادی کریگا جو اس کو اپنا مال دیگی اور یہ عنقریب ہوگا (۲) جس نے دیکھا کہ اس کی کھال اتر رہی ہے یا اس کا کچھ حصہ اتر رہا ہے تو وہ اپنے مال سے جدا ہوگا اور اس سے نکلے گا اور اگر بیمار ہو تو یہ اسکی موت ہے اور دنیا سے نکلنا ہے۔

## سعوط (ناک کے ذریعہ دواء چڑھانا)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا کسی مصیبت یا بیٹے، ماں یا رئیس کی طرف سے کسی حاجت پیش آنے پر دلالت کرتا ہے اور اس کے دماغ میں نقصان پہنچے پر بھی دلالت کرتا ہے (۲) جس نے دیکھا کہ وہ ناک کے ذریعے دواء چڑھایا ہے تو اسے اتنا غصہ آئیگا کہ جس میں فیصلہ اتنا تنگ ہوگا جتنا اس نے دواء یا کوئی اور چیز چڑھائی۔

## سعال (کھانسی)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا شکوہ کرنے پر دلالت کرتا ہے (۲) جس نے دیکھا کہ وہ کھانس رہا ہے تو وہ کسی ایسے انسان سے شکوہ کریگا جو بادشاہ کے ساتھ متعلق ہوگا، اور اگر اس نے کھانسی کی یہاں تک کہ اس کو اچھو ہو گیا تو وہ مر یگا اور کہا گیا کہ کھانسنا دلیل ہے کہ اس کے دل میں کسی انسان کی شکایت ہے مگر وہ اس سے شکایت کو بیان نہیں کر پا رہا ہے۔

## سلعۃ (سامانِ تجارت)

جس نے خواب میں دیکھا کہ اس کے جسم پر مال تجارت ہے تو وہ مال پائے گا۔

## سَم (زہر)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا مال پر دلالت کرتا ہے چنانچہ کسی نے دیکھا کہ اس نے زہر پی کر پھول گیا حتی کہ اُسے ورم آ گیا اور اس میں پیپ پڑ گئی تو اُسے اتنا ہی مال ملیگا جتنا وہ پھولا (۲) اگر اس نے پیپ نہ دیکھی تو وہ تکلیف اور غم پائیگا، سم قاتل کی تعبیر موت ہے۔ (۳) اگر اس میں پیپ یا سوج نہ ہو تو زہر اپنے پینے والے کے لئے غم کی علامت ہے اور جس غلام نے دیکھا کہ اس نے زہر پیا تو وہ آزاد ہوگا یا شادی کریگا (۴) جس نے دیکھا کہ وہ کسی دوسرے کو زہر پلا رہا ہے تو وہ کسی عورت سے زنا کریگا اس لئے کہ زہر خفیہ پلایا جاتا ہے اس طرح زنا بھی خفیہ کیا جاتا ہے (۵) جس نے دیکھا کہ وہ زہر پی رہا ہے تو اس کی زندگی کم ہوگی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سقوط الاسنان (دانتوں کا گرنا)

(۱) خواب میں دانتوں کو گرتے دیکھنا اپنے ہم عمروں سے زیادہ لمبی عمر پانے کی دلیل ہے۔ (۲) اگر اس نے دیکھا کہ اس کے سارے دانت گر گئے اور اس نے ان کو آستین میں پکڑ لیا اپنی گود میں ڈال دیا تو وہ لمبی زندگی پائیگا یہاں تک کہ اس کے دانت گر جائینگے اور اس کے گھر والے بہت زیادہ ہو جائیں گے (۳) اگر اس نے دیکھا کہ اس کے سب دانت گر گئے اور اس کی آنکھوں سے اوجھل ہو گئے تو اس کے گھر والے اس سے پہلے مر جائیں گے اور بعض دفعہ اس کے ہم عمروں کی موت یا اس کے اہلخانہ کی بیماری پر دال ہوتا ہے (۴) اگر اس نے دیکھا کہ اس کے کچھ دانت گم ہو گئے تو اس کے گھر میں سے کوئی فرد کسی دوسرے ملک میں جائیگا (۵) اگر اس نے گم ہونے کے بعد دوبارہ پالیا تو وہ لوٹ آئیگا ورنہ نہیں لوٹیگا (۶) اگر اس نے دیکھا کہ اس کے اوپر کے دانت اس کے ہاتھ میں گرے تو اس سے مراد مال ہے جو کہ اسے ملے گا (۷) اگر اس کی گود میں گرے تو اس کا بیٹا پیدا ہوگا (۸) اگر زمین پر گرے تو اس سے مراد موت کی وصیت ہے۔ (۹) جس نے دیکھا کہ اس کے نیچے کے دانت گرے تو اُسے درد اور تکلیف' غم پہنچے گا (۱۰) جو مقروض ہو اور خواب میں اس کے دانت گریں تو یہ قرضہ کی ادائیگی پر دال ہے (۱۱) اگر اس نے دیکھا کہ اس کا کوئی ایک دانت گرا تو کسی ایک قرض خواہ کو قرضہ واپس کریگا یا سب کو ایک ہی مرتبہ میں ادا کر دیگا (۱۲) اگر اس کے بہت سے دانت گر گئے تو وہ بہت سے قرض خواہوں کو قرضہ ادا کر دیگا یا ایک کو بہت سی چیزیں دے دیگا (۱۳) اگر اس کے دانت بغیر درد کے گر گئے تو یہ اعمال کے ضائع ہونے پر دلالت کرتا ہے (۱۴) اگر اس نے دیکھا کہ وہ درد کے ساتھ گر رہے ہیں تو اس کے گھر کی کوئی چیز جائے گی (۱۵) اگلے دانت اگر درد کے ساتھ یا خون یا گوشت نکلنے کے ساتھ نکلیں تو جس کام کا اس نے ارادہ کیا وہ فاسد ہوگا (۱۶) اگر بغیر درد کے گرے تو وہ جس کا مالک ہے وہ چیز اس کے ہاتھ سے نکل جائیگی (۱۷) اگر سب دانت گر گئے تو اس گھر میں رہنے والے سارے لوگ اور ساتھی مر جائینگے (۱۸) مسافر اگر یہ خواب دیکھے تو ان کے لئے لمبی بیماری پر دال ہے لیکن وہ اس سے مریں گے نہیں اور غلاموں کے لئے آزادی پر اور تاجروں اور مسافروں کے لئے بوجھ ہلکا ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے (۱۹) جس نے دیکھا کہ اس کے دانت گر رہے ہیں اور وہ ان کو ہاتھ یا ڈاڑھی یا گود میں ڈال رہا ہے تو یہ اشارہ ہے کہ اس کی اولاد منقطع ہوگی اور مزید پیدا نہ ہوگی۔ (۲۰) کہا گیا کہ جس نے دانت گرتے دیکھے تو یہ اس کے دوستوں پر نقصان کی علامت ہے (۲۱) اگر اس نے دیکھا کہ اس کے ثنایا دانت اس کے ہاتھ میں گرے یا اس نے ان کو اپنے کپڑوں میں چھپالیا وہ فائدہ حاصل کریگا بیٹے' بھائی یا بہن سے (۲۲) اگر اس نے دیکھا کہ اس کے سارے دانت گر گئے اور اس کے ہاتھ میں یا اس کے پاس ہیں تو اس گھر والوں کی نسل اور ان کی تعداد بہت زیادہ بڑھے گی (۲۳) اگر ایک دانت گرا اگر وہ بغیر معالجہ کے گرا اور اس نے اس کو ہاتھ میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پکڑ لیا یا کپڑے میں سنبھال لیا تو اگر اس کی بیوی حاملہ ہو تو اس کا بیٹا ہو گا وگرنہ وہ کسی بھائی یا کسی ایسے قریبی رشتہ دار سے صلح کریگا کہ جس سے اس کا قطع تعلق تھا (۲۴) اگر خون کے ساتھ نکلے تو یہ قطع رحمی کے گناہ پر دلالت کرتا ہے لیکن اگر اس پر قرضہ ہو تو اس کا مطالبہ کیا جائے گا اور وہ اس کو اتارنے کی کوشش کریگا۔ اور کہا گیا کہ دانتوں کا گرنا قطع رحمی پر دلالت کرتا ہے جو ان کو قطع رحمی کے ذریعے اس سے محروم کر دیگا جیسے یہ چاہتا ہے۔ اور کہا گیا کہ یہ قرضوں کے اداء ہونے کی بھی دلیل ہے (۲۵) اگر اس نے گرے ہوئے دانت پکڑ لیئے تو بعض دفعہ وہ کوئی غلط بات کہے گا اور اس پر نادم ہو گا اور اس کو چھپائے گا۔ اور بعض دفعہ جتنی دانت کی شرعی دیت ہے اتنے کا مقروض ہو گا۔ اور بعض دفعہ دانتوں کا گم ہونا مجاھدے کرنے والوں کے لئے روزوں کو لازم پکڑنے پر دلیل ہے (۲۶) جس نے دیکھا کہ اس کے دانت گر گئے اور اس کے لئے کھانا مشکل ہو گیا تو وہ فقیر ہو گا (۲۷) جس نے دیکھا کہ وہ بغیر تکلیف اور بغیر معالجہ کے ہاتھ سے نکل گئے تو دانتوں کی تعداد کے مطابق اُسے دراہم ملیں گے۔ (۲۸) اور جس نے دیکھا کہ اُس کے دانت اس کے گلے میں گر گئے اور وہ ان کو ایک ایک دانت کر کے نکال رہا ہے اور ہر ایک کو اپنی جگہ پر رکھ رہا ہے تو اس کے کنوئیں میں پتھر گریں گے اور وہ ان کو ایک ایک پتھر کر کے نکالے گا اور ہر ایک پتھر کو اپنی جگہ پر رکھے گا اور کہا گیا کہ جس کے دانت گر گئے تو اس کی عمر کے انتیس ۲۹ یا تیس ۳۰ رہ گئے' وہ تیس ۳۰ دنوں تک مر جائیگا یا وہ تیس ۳۰ دیناروں کا مقروض ہو گا۔ اور کہا گیا کہ اگر اس کا کوئی کنواں ہو تو وہ گرے گا۔ اور کہا گیا کہ وہ سخت بیمار ہو گا اور اس کا مال خرچہ میں چلا جائے گا پھر وہ اور مال سے فائدہ اٹھائے گا۔

## سن (دانت)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا انتہا پر' اور اس سال پر دلالت کرتا ہے جو اس کے لئے لکھا گیا اور سارے دانت گھر والوں' خاندان' غلام' اور بیٹیوں پر دلالت کرتے ہیں' اور بعض دفعہ دانت مال' سواریاں' غلہ' جائیداد' ذخیرہ' موت' زندگی' جدائی اور اکٹھا ہونے' رازوں اور امانتوں پر بھی دلالت کرتے ہیں اور دانت انسان کے گھر والوں پر دلالت کرتے ہیں۔ (۲) اوپر کے دانت جو علیا کہلاتے ہیں باپ کی طرف کے رشتہ داروں پر دلالت کرتے ہیں (۳) سفلی ماں کی طرف سے رشتہ داروں پر دلالت کرتے ہیں (۴) جو ثنایا ہیں جو سب سے قریب ہیں وہ نسب میں سب سے قریبی رشتہ داروں پر دلالت کرتے ہیں (۵) جو ثنایا علیا ہیں وہ باپ اور چچا پر دلالت کرتے ہیں چنانچہ دایاں باپ پر دلالت کرتا ہے اور بایاں چچے پر اور اگر اس کا باپ یا چچا نہ ہو تو بہنوں پر یا بیٹوں پر یا دو اچھے اور نصیحت کرنے والے دوستوں پر وال ہوتے ہیں (۶) رباعیہ دانت چچازاد بھائی پر یا ایسے دوستوں پر جو ان کے قائم مقام ہو (۷) ناب ''یعنی کچلی کے دانت'' گھر کے سردار پر دلالت کرتے ہیں۔ جس پر اعتماد کیا جاتا ہے اور اس سے اوپر کوئی نہیں ہوتا یا کسی سردار دوست

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پر جواس کے قائم مقام ہو (۸) ضواحک ''وہ دانت جو ہنستے وقت نظر آتے ہیں'' وہ ماموں پر یا ماموں کی اولاد پر دلالت کرتے ہیں یا جو نصیحت میں ان کے قائم مقام ہو (۹) اضراس ''ڈاڑھ'' دادوں پر یا چھوٹے بچوں پر جن پر وہ فخر کرتا ہے اور پیار و محبت کرتا ہے (۱۰) ثنایا سفلی ''سامنے کے نیچے والے دو دانت ماں اور چچی پر دلالت کرتے ہیں دایاں ماں پر اور بایاں چچی یا پھوپھی پر۔ اور اگر اس کی ماں یا چچی یا پھوپھی نہ ہو تو اس سے دو بہنیں یا بیٹیاں مراد ہیں یا جو شفقت اور نصیحت میں ان کے قائم مقام ہو (۱۱) نچلے رباعی دانت چچا کی لڑکی پر یا پھوپھی کی لڑکی پر دلالت کرتے ہیں یا جو خیر خواہی میں ان کے قائم مقام ہو (۱۲) نچلے کچلی کے دانت گھر کے سردار پر اور جس پر بھروسہ کیا جاتا ہے یا جو اس کے قائم مقام ہو پر دلالت کرتا ہے (۱۳) نیچے والے ضواحک خالہ یا ماموں کی بیٹی پر دلالت کرتے ہیں یا جو نصیحت میں ان کے قائم مقام ہو پر دلالت کرتا ہے اور نیچے اور اوپر والی ڈاڑھ دور کے رشتہ داروں پر دادی پر یا چھوٹی لڑکیوں پر دلالت کرتے ہیں کہ جن سے وہ کھیلے (۱۴) اگر ان دانتوں میں سے کوئی دانت ہلا تو یہ بیماری کی علامت ہے (۱۵) اگر گر گیا یا ضائع ہو گیا تو جس کی طرف یہ دانت منسوب ہو اس کی موت یا اس کے غائب ہونے پر دال ہوگا اور ایسا غائب ہوگا کہ اس کے بعد اُسے دوبارہ نہیں دیکھیں گے (۱۶) اگر اس نے اس کو پکڑ لیا اور دفن نہ کیا تو وہ اس دانت کے قریب ترین مدلول سے استفادہ کریگا (۱۷) اگر اس کو دفن کر دیا تو یہ اس رشتہ دار کے موت پر دلالت کرتا ہے' اور اس طرح سارے دانت ہیں اور اسی طرح سارے اعضاء ہیں انکا حساب بھی سب دانتوں کی طرح ہے (۱۸) اگر اس نے کسی مصیبت کے بعد اس کو پکڑ لیا تو اس کے مدلول عزیز یا قریب پر کوئی مصیبت پہنچے گی (۱۹) اگر غائب ہو گیا تو وہ رشتہ دار' موت یا جدائی کی وجہ سے غائب ہو جائیگا (۲۰) اگر اس نے دیکھا کہ اس کے بعض دانت کھائے گئے ہیں یا ان کو کیڑا لگ گیا تو اُس سے معبّر لوگوں کو مصیبت پہنچے گی تو وہ اس سے نفع نہیں اٹھا سکے گا (۲۱) اگر اس نے دیکھا کہ اس کے ثنایا پہلے سے زیادہ لمبے خوبصورت اور سفید ہیں تو اس کے باپ اور چچا کو قوت اور مال کی زیادتی اور دنیا اور عزت ملے گی (۲۲) اگر اس نے دیکھا کہ اس کے ساتھ اس طرح کے اور دانت پیدا ہو گئے ہیں تو اس کے گھر والے بڑھیں گے۔ اور بعض دفعہ اس کی تاویل بیٹے یا بھائی سے کی جاتی ہے (۲۳) اگر کسی نے دیکھا کہ ایسے دانت ان کے ساتھ بڑھ گئے ہیں جو اس کو نقصان پہنچاتے ہیں تو اس کے گھر والوں میں ایسا کسی شخص کا اضافہ ہوگا جو انکے لئے عار اور وبال ہوگا اور انہیں کوئی نقصان یا تکلیف پہنچائے گا جتنی زیادہ اس دانت نے تکلیف پہنچائی۔ (۲۴) اگر اس نے دیکھا کہ وہ اپنے دانتوں کا علاج کروا رہا ہے اور اس نے ان کو اکھاڑ دیا تو وہ کسی ناپسند جگہ پر مال خرچ کریگا یا قرض پر خرچ کریگا یا جس آدمی پر وہ دانت دلالت کرتا ہے اس سے قطع رحمی کریگا (۲۵) اگر اس نے اپنے دانتوں میں کوئی نشان یا سیاہی دیکھی تو یہ کسی ایسے عیب پر دلالت کرتا ہے جو اس کے گھر والوں میں ہے کسی کام کی وجہ سے جسے وہ کریں گے جس کی وجہ سے اس کا چہرہ سیاہ ہوگا (۲۶) اگر اس نے اپنے دانتوں میں بدبو دیکھی تو یہ اس کے گھر والوں کی بری تعریف پر دال

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے (۲۷) اگر اس کے دانت کھائے گئے ہوں تو اس کے گھر والوں کی حالت ضعیف اور کمزور ہوگی (۲۸) اگر کسی نے دیکھا کہ لوگ اُسے دانتوں سے کھا رہے ہیں یا کاٹ رہے ہیں تو ممکن ہے کہ وہ لوگوں کے سامنے تصنع کرنا چاہتا ہے اور تصنع نہیں کرسکتا (۲۹) اگر کسی کے دانت ہل گئے تو یہ اس کے رشتہ داروں کے بیماری پر دال ہے (۳۰) جس نے دیکھا کہ اس کے دانت ٹوٹ گئے تو اس کا کوئی رشتہ دار یا دوست مر جائیگا' اور بعض دفعہ کسی بیماری پر دلالت کرتا ہے جس سے موت واقع ہوگی اور کہا گیا کہ دانتوں کو گھر کے رہائشیوں کی طرح تقسیم کرنا چاہئے پس دائیں طرف کے دانت مردوں پر دلالت کرتے ہیں اور بائیں طرف کے دانت عورتوں پر دلالت کرتے ہیں تمام لوگوں میں' اور دائیں طرف والے دانت بوڑھے فرد اور عورتوں پر دلالت کرتے ہیں اور بائیں طرف کے دانت جوانوں پر دلالت کرتے ہیں اور سامنے کے دانت بچوں پر دلالت کرتے ہیں اور انیاب دانت جوانوں پر اور ڈاڑھ اور طواحن بوڑھوں پر دلالت کرتے ہیں (۳۱) اگر کسی انسان نے دیکھا کہ ان میں سے بعض گر گئے تو یہ اس شخص کی ہلاکت کی دلیل ہوگی جس پر یہ دانت دلالت کرتے ہیں۔ اور دانت انسان کے کاموں اور اس کی تدبیروں پر بھی دلالت کرتے ہیں (۳۲) ڈاڑھ کے دانت مخفی اور چھپے ہوئے کاموں پر بھی دلالت کرتے ہیں (۳۳) انیاب ان کاموں پر دلالت کرتے ہیں جو اکثر لوگوں پر ظاہر ہوں اور سامنے کے دانت ظاہری کاموں پر دلالت کرتے ہیں یا ان کاموں پر جو بخل کے ذریعے کرتا ہے۔ (۳۴) اگر اس نے دیکھا کہ اس کے دانت گر گئے تو اس کا قرضہ آہستہ آہستہ اتر جائیگا۔ (۳۵) اگر اس نے دیکھا کہ اس کے بعض دانت لمبے ہوگئے اور ان کی ہڈی بڑھ گئی تو یہ کسی چپقلش یا جھگڑے پر دال ہے جو اس کے گھر میں ہوگا (۳۶) جس کے دانت کھائے ہوئے اور ٹیڑھے تھے اور اُس نے ان کو گرتے دیکھا تو وہ تمام سختیوں اور شر سے بچ جائیگا (۳۷) اگر اس نے دیکھا کہ اس کے دانت سونے کے ہیں تو یہ کلام والے کے لئے اچھائی کی دلیل ہے اور لوگوں کے گھروں میں آگ لگے گی' اور یرقان کی بیماری اس میں بہت زیادہ ہوگی (۳۸) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے دانت لکڑی یا شیشے کے ہیں تو یہ اس کی موت پر دلالت کرتا ہے جو اس کو ڈرا دے گی۔ (۳۹) اگر اس نے دیکھا کہ وہ چاندی کے ہیں تو یہ نقصان اور خسارہ جو کسی بات کی وجہ سے جو اس کے مال میں واقع ہوگی کی دلیل ہے (۴۰) اگر اس نے دیکھا کہ اس کے سامنے کے سارے دانت گر گئے اور اس کی جگہ نئے دانت آ گئے تو یہ تمام کاموں میں اس کی تدابیر کی تبدیلی کی علامت ہے۔ (۴۱) اگر اس نے دیکھا کہ وہ اپنے دانتوں کو زبان کے ساتھ پھینک رہا ہے تو اس کے گھر کے سیدھے کام اس کی کسی بات کی وجہ سے خراب ہو جائینگے (۴۲) اگر اس نے دیکھا کہ اس کے انیاب کے دانت میں درد ہوا تو اس کا بیٹا مر جائیگا' اور دانت خاندان پر دلالت کرتے ہیں اور قریبی رشتہ داروں اور دور کے رشتہ داروں پر۔ چنانچہ جو آنکھوں کے قریب ہو ہیں تو اس سے مراد مرد ہونگے اور جو ماتھے کے قریب ہیں ان سے مراد عورتیں ہونگی۔ (۴۳) جس نے اپنے دانتوں کا علاج کیا یا اس نے انکو اکھاڑ دیا یا کسی اور نے ان کو اکھاڑا تو یہ اس کے مال کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مقروض ہونے پر دلالت کرتا ہے یا کسی قریبی رشتہ دار کے مرنے پر (۴۴) اگر اس نے اس میں ایک کیڑا یا دو کیڑے دیکھے تو اس سے مراد اولاد ہوگی جو اس کے بعد آئیگی (۴۵) جس نے دیکھا کہ اس کے سب دانتوں سے یا بعض دانتوں سے بدبو آرہی ہے تو اس کی بری تعریف کی جائے گی' اور بعض دفعہ یہ رشتہ داروں میں کسی جھگڑے پر دلالت کرتی ہے یا کسی ایسی حرکت پر جو اس کے گھر میں واقع ہوگی (۴۶) اگر اس نے دیکھا کہ اس کے دانت لمبے ہو گئے اور ان میں سے کوئی بھی دوسرے کے موافق نہیں ہے تو اس کے گھر والے آپس میں جھگڑیں گے اور اس میں محبت نہیں ہوگی (۴۷) اگر اس نے دیکھا کہ اس کے دانت گر گئے تو یہ بستر کے منقطع ہونے پر ''یعنی بیوی کے مرنے پر'' یا فقر پر دلالت کرتا ہے اور اس کا رزق متعذر ہوگا یا وہ اپنے گھر والوں سے دور مرے گا' یا اس کی عمر لمبی ہوگی یا اُسے اتنا دانت ملے گا جتنی اس کے مال کی دیت ہے (۴۸) اگر اس نے دیکھا کہ اس کے سارے دانت اکھڑ گئے اور اس نے ان کو زمین میں دفن کر دیا تو اس کے گھر والے اس سے پہلے مر جائیں گے اور وہ ان کو دفن کریگا (۴۹) زبان سے دانت اکھاڑنا کسی ایسے کلام پر دلالت کرتا ہے جیسے وہ کریگا اور اس سے اس کے گھر کے احوال خراب ہونگے اور کہا گیا کہ اس کو اکھاڑنا چھپی ہوئی اشیاء کے ظہور پر دلالت کرتا ہے (۴۹) جس نے دیکھا کہ اس کے دانت ہل رہے ہیں تو وہ آہستہ آہستہ اپنا قرض اتارے گا (۵۰) جس نے دیکھا کہ اس کے دانت پکڑے ہوئے ہیں تو جب یہ ان کے پاس اپنی حاجت لیکر جائے گا اس کے گھر والے اُسے ذلیل کرینگے (۵۱) جس نے دیکھا کہ اس کے دانت اپنی جگہ سے زائل ہو گئے اور اپنی جگہوں سے آگے پیچھے لگ گئے تو علیا دانت سفلی کی جگہ پر لگ گئے اور سفلی دانت علیا کی جگہ پر لگ گئے تو یہ دلالت کرتا ہے کہ اس کے گھر کی عورتیں مردوں پر شیر ہو جائیگی (۵۲) جس نے دیکھا کہ اس نے اپنے دانتوں میں خلال کیا تو یہ گھر والوں کے منتشر ہونے پر دلالت کرتا ہے اور ان کے درمیان خلل واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے یا مالی نقصان پر دلالت کرتا ہے (۵۳) اگر درمیان سے گوشت اکھڑ گیا تو یہ کسی قوم کی غیبت کریگا اور ان کو زبان سے تکلیف پہنچائے گا۔ اور کہا گیا کہ دانت عورتوں کے لئے ہیروں کے ہار پر دلالت کرتا ہے اور چکی پر دلالت کرتا ہے اور لشکر کی صفوں پر دلالت کرتا ہے دایاں حصہ میمنہ پر اور بایاں میسرہ پر اور ثنایا کے دانت قلب پر' اور ابن سیرینؒ فرماتے ہیں کہ ڈاڑھ کو اکھاڑنا بیٹے سے قطع تعلق کرنے پر دلالت کرتا ہے (۵۴) جس نے ڈاڑھ کو اکھاڑا تو اُسے قطع رحمی کا گناہ ملیگا اور دانتوں کا جیب یا ہتھیلی میں ہونا بھائیوں اور اولاد کی زیادتی پر دلالت کرتا ہے (۵۵) جس نے دیکھا کہ اس کا کوئی دانت بغیر درد کے اکھڑ گیا اور اسکا کوئی آدمی قید میں تھا تو وہ قید سے رہائی پائیگا (۵۶) دانتوں کا کھایا جانا گھر والوں کے ضعف حال پر دلالت کرتا ہے' اور دانتوں کو گندگی سے پاک کرنا غموں کو دور کرنے کے لئے مال خرچ کرنے پر دلالت کرتا ہے اور اس میں زیادتی صفائی اس کی عقل کی زیادتی پر دلالت کرتی ہے (۵۷) جس نے دیکھا کہ اس کے دانتوں میں سیاہی یا نقصان یا کوئی ٹوٹ پھوٹ ہے تو یہ غم پر دلالت کرتا ہے جو اس کے رشتہ داروں میں ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۵۸) جس نے دیکھا کہ دانت کھائے گئے جس سے گر گئے تو ان میں سے بعض کو نقصان اور مصیبت پہنچے گی۔
(۵۹) ڈاڑھ کو خواب میں دیکھنا قوم کے بڑوں اور سرداروں اور معزز لوگوں پر دلالت کرتا ہے (۶۰) نواجذ دانتوں کو دیکھنا تابع لوگوں پر دلالت کرتا ہے (۶۱) رباعیات ان چیزوں پر دلالت کرتے ہیں جن کے ذریعے انسان خوبصورتی حاصل کرتا ہے جیسے ظاہر' مال یا اولاد وغیرہ (۶۲) اسکا زرد یا سیاہ ہونا اس شخص کی حالت کے تغیر ہونے کی علامت ہے جس پر یہ دلالت کرتے ہیں (۶۳) ان میں سے سفید کا اکھڑ جانا بعض گھر والوں کے گم ہو جانے پر یا بعض ان لوگوں کے گم ہونے پر جوان سے معتبر ہیں' اور دانت کا اکھڑ جانا غائب آدمی کے آنے پر یا کسی عزیز کی موت پر دلالت کرتا ہے (۶۴) اگر بادشاہ کے دانت لوہے یا تانبے کے ہو گئے تو یہ اس کے لشکر کی سختی اور قوت پر دلالت کرتا ہے (۶۵) اگر اس کے دانت خواب میں گم ہو گئے تو یہ اس کے ملک کے زوال پر دلالت کرتا ہے بعض دفعہ دانت' دیکھنے والے کی لمبی عمر پر دلالت کرتے ہیں یہاں تک کہ اس کا کوئی دانت بھی نظر نہ آئے اور بعض دفعہ یہ دلالت کرتا ہے کہ اُسے جو منافع کھیتی باڑی سے ہو رہا ہے وہ رک جائیگا بعض دفعہ وہ بانجھ ہونے پر دلالت کرتا ہے کہ اس کی اولاد نہیں ہوگی' یا مالداری کے بعد فقیر ہو جائیگا یا اس کا منافع ختم ہو جائیگا گھر سے یا جانوروں سے یا چکیوں وغیرہ سے اور اگر اس نے کوئی چیز ذخیرہ کی تھی فائدہ حاصل کرنے کے لئے تو اس میں فساد ہوگا اور اس میں مقروض ہوگا' اور بعض دفعہ دلالت کرتا ہے کہ وہ مر جائیگا اور اس کا رزق منقطع ہو جائیگا (۶۶) اگر اس نے اپنے ہاتھوں سے دانتوں کو اکھاڑا تو وہ اپنے مال میں بے کار تصرف کریگا' یا اپنے گھر والوں سے اچھائی نہیں کریگا' یا ان کے ساتھ کوئی برائی کریگا اور اس پر نادم ہوگا یا اُسے کسی قرض میں نفع ہوگا اور اس پر اس کا وبال لوٹ کر آئیگا اگر یہ لوگوں پر ظاہر ہو (۶۷) اگر کسی اور نے اکھاڑا تو وہ رھن کا محتاج ہوگا یا کسی ایسی چیز کی بیع کا محتاج ہوگا جس سے وہ خوبصورتی حاصل کرتا ہے یا جو اس کے لئے ضروری ہے اس کو پہنچنے پر مجبور ہو جائے گا۔
(۶۸) اگر کسی نے اس دانت کو اکھاڑا جو اُسے بیداری میں تکلیف پہنچا رہا تھا تو اُسے تکلیف پہنچے گا اس کا علاج کریگا اور اس تکلیف کو زائل کریگا' اور بعض دفعہ یہ کسی ملازم کے مطالبوں کی وجہ سے غم اور مصیبت پر دال ہوتے ہیں' اور خواب میں گرے ہوئے دانت کو دوبارہ لگانا جھگڑوں اور نقصان کے بعد منافع پر دلالت کرتا ہے (۶۹) اگر اس کے دانتوں کی جگہ نئے دانت سونے یا چاندی کے نکل آئے تو بعض دفعہ مال میں نقصان پر دلالت کرتے ہیں یا کسی دانت کو مرض یا عارض کی وجہ سے نکالنے پر دلالت کرتے ہیں (۷۰) جس نے دیکھا کہ اس کی ایک آنکھ زیادہ ہوگئی یا ناک یا کان یا دانت زیادہ ہو گیا تو یہ اس کے گم یا ضائع ہونے پر دال ہے یا اس کی شرعی قیمت کی طرف اشارہ ہے اور زیادتی نقص پر دلالت کرتی ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ﴿وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيهَا أَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْأَنْفَ بِالْأَنْفِ وَالْأُذُنَ بِالْأُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ﴾ ''اور ہم نے فرض کیا ان پر نفس کے بدلے نفس اور آنکھ کے بدلے آنکھ اور ناک کے بدلے ناک اور کان کے بدلے کان اور دانت کے بدلے دانت'' اور بعض دفعہ دانت او نگنے پر دلالت کرتا ہے پس جس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے دیکھا گویا وہ اونگ رہا ہے تو اس پر بھول یا نیند طاری ہو جائے گی' یا اس پر سنت دوبارہ لوٹ آئے گی اور بعض دفعہ اس کے سامنے کوئی مبارک سنت آئیگی یا وہ کسی سنت پر عمل کریگا اور اس کو مضبوطی سے پکڑ لیگا۔

## ساعد (بازو)

(۱) جس نے خواب میں دونوں بازو دیکھے تو یہ دو دوستوں پر یا دو رشتہ داروں پر یا دو بھائیوں پر یا دو بالغ لڑکوں پر یا دو معاون و شریکوں پر دلالت کرتے ہیں جن سے وہ فائدہ اٹھاتا ہے اور ان پر اعتماد کرتا ہے (۲) جس نے کسی شخص کو دیکھا کہ اس کے بازو چھوٹے ہیں تو یہ بہادری اور سخاوت اور تکبر کی علامت ہے۔

## ساق (پنڈلی)

(۱) پنڈلی خواب میں انسان کی عمر اور معیشت میں مضبوطی پر دلالت کرتی ہیں (۲) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کی پنڈلیاں لوہے کی ہیں تو اس کی عمر لمبی ہوگی (۳) اگر اس نے دیکھا کہ وہ شیشے کی ہیں تو دلیل اس کی موت قریب آگئی ہے۔ (۴) اگر اس نے دیکھا کہ اس نے ایک پنڈلی کو اٹھایا اور دوسری کو لمبا کیا تو اسکی پنڈلیاں ایک دوسرے میں گھس گئیں تو اس کی موت قریب آگئی یا اس کا سامنا کسی مشکل کام سے ہوگا یا وہ جھوٹا ہوگا (۵) اگر اس نے کسی عورت کی پنڈلی کو دیکھا اور پھر اُسے پہچان لیا تو اس سے شادی کریگا یا اس کے علاوہ کسی اور سے شادی کریگا' اور عورت اگر اپنی پنڈلیوں کو ننگا کرے تو یہ دین میں اچھائی کی علامت ہے اور اپنی اس حالت سے بہتر حالت میں ہونے کی دلیل ہے (۶) جس نے اپنی پنڈلیوں پر بہت بال دیکھے تو وہ مقروض ہوگا اور جیل میں اس کی موت آئیگی۔ (۷) جس نے دیکھا کہ اس کی پنڈلیاں ٹیڑھی ہیں تو وہ زانی ہوگا' اور پنڈلی انسان کے مال اور اس کی معیشت پر دلالت کرتی ہے پس جس نے دیکھا کہ اس کی پنڈلی لوہے کی ہے تو اس کا مال باقی رہیگا اور اس کی عمر طویل ہوگی۔ (۸) اگر پنڈلیاں لکڑی کی ہوئیں تو وہ رزق کمانے اور معیشت طلب کرنے سے عاجز آجائے گا (۹) اور اگر اس نے دیکھا کہ اس کی پنڈلیاں مٹی یا شیشے کی ہیں تو وہ مرجائیگا یا اس کا مال اور معیشت چلی جائیگی (۱۰) اگر اس کا بیٹا یا غلام یا سواری یا اس کی ملکیت میں کوئی چیز ہو تو بعض اس سے چلی جائیگی (۱۱) اگر اس نے دیکھا کہ اس کی پنڈلی کم ہوگئی تو یہ مال میں کمی کی دلیل ہے جس پر اس کو اعتماد ہے اور بعض دفعہ یہ عمر میں کمی پر بھی دلالت کرتی ہے اور جو ایک پنڈلی پر بھاگا تو علامت ہے کہ اس کا آدھا مال چلا جائیگا (۱۲) اگر اس نے دیکھا کہ اسکی دونوں پنڈلیاں کاٹ دی گئیں ہیں تو اس کا سارا مال چلا جائیگا اور بعض دفعہ یہ اس کی موت پر بھی دلالت کرتی ہے (۱۳) لیکن اگر خواب میں کوئی ایسی علامت دیکھے جو کہ خیر پر دلالت کرے تو یہ کسی سواری پر چڑھنے کی دلیل ہے یا کشتی پر سوار ہونے کی علامت ہے یا کسی نیکی پر دلالت کرتا ہے جسے وہ کریگا یا کسی دوست پر جس سے وہ صلح کریگا یا کسی حرام چیز کے ارتکاب پر۔ اور ساق ''پنڈلی'' یہ ساق یسوق سے (بمعنی ہنکانا) ہے جیسا کہ قدم ''پاؤں'' یہ قدم یقدم سے (بمعنی آنا) ہے اور کعب ''ایڑی'' یہ کاعب سے (بمعنی ابرا ہوا) ہے اور عقب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



"ایڑی" یہ اعقاب سے ہے۔ (۱۴) پس جس نے خواب میں موٹی اور اچھی پنڈلی کو دیکھا کہ یہ جس کو چلاتا ہے وہ اچھا ہے یا جو اس کی طرف چلائی گئی یا جو یہ بھیج رہا ہے مال یا ہدیہ وغیرہ وہ اچھا ہے۔ (۱۵) عورت کی پنڈلی پر بالوں کا گھنا ہونا ذلت پر دلالت کرتا ہے یا کسی حیلہ پر دلالت کرتا ہے جو وہ شوہر یا اپنی ملکیت والی چیزوں سے کریگی۔ اور بعض دفعہ یہ رازوں کے ظاہر ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے یا گمراہی کے بعد ہدایت پر دلالت کرتا ہے۔ اور بعض دفعہ پنڈلی دیکھنا سختی پر دلالت کرتا ہے اور اگر اس نے دو پنڈلیوں کو لپٹے ہوئے دیکھا تو یہ خوف اور بلاء پر دلالت کرتا ہے (۱۶) پنڈلیوں کی حالت کا بدلنا مال وغیرہ کی تبدیلی پر دال ہے اور پنڈلی کھولنا نماز چھوڑنے اور عزت کے بعد ذلت پر دال ہے۔

## سرۃ (ناف)

(۱) اسکو خواب میں دیکھنا' دیکھنے والے کی والدہ یا والد یا اس کی کمائی یا اس کے کام پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ یہ بیوی پر یا باندی پر یا سربمہر تھیلے پر دلالت کرتا ہے (۲) اگر اس نے خواب میں دیکھا کہ اس کی ناف کو کوئی برائی پہنچی تو یہ برائی ان پر آئیگی جن کو ہم نے بیان کیا والدہ' والد یا مال میں سے (۳) اگر دیکھنے والا بیمار ہو اور اس نے دیکھا کہ اس کی ناف کھل گئی تو یہ اس کی موت کی علامت ہے (۴) اگر اس نے اپنے ہاتھ سے کھولا تو کسی دفینہ یا خزانہ یا کسی تھیلی وغیرہ کو کھولنے پر دلالت کرتا ہے تاکہ وہ اُس سے خرچ کر سکے۔ اور بعض دفعہ ناف کو دیکھنا خوشی اور راز پر دلالت کرتا ہے (۵) جس نے دیکھا کہ اس کی دو نافیں ہیں تو اُسے دو خوبصورت باندیاں ملینگی' اور ناف مرد کی بیوی پر' باندیوں میں اس کی محبوبہ پر یا اس کی ہمت پر بھی دلالت کرتی ہے (۶) جس نے اپنی ناف میں کوئی قباحت یا خوبصورتی یا کوئی برائی دیکھی تو اس سے مراد ان کی اچھائی یا خوبصورتی یا برائی ہوگی (۷) جس کے دو بیٹے ہوں اور اس نے دیکھا کہ اس کی ناف میں کوئی بیماری ہے تو یہ ان پر دلالت کرتا ہے (۸) اگر اس کے دو بیٹے نہ ہوں تو یہ اس وطن پر دلالت کرتا ہے جس میں اس کے بیٹے ہیں (۹) جس نے ناف میں درد دیکھی تو وہ والدین یا اپنے گھر یا اپنے آبائی شہر کو چھوڑے گا' اور اگر کوئی مسافر ہو تو وہ اپنے وطن واپس لوٹ آئیگا۔

## سراویل (شلوار)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا عجمی عورت پر دلالت کرتا ہے پس جو خواب میں نئی شلوار کا مالک ہوا تو وہ عجمی باکرہ عورت سے شادی کریگا اور کہا گیا کہ نئی شلوار پہننے والے کی فرج کی عفت پر دلالت کرتی ہے (۲) جس نے دیکھا کہ اس کی شلوار اتری ہوئی ہے تو اس کی بیوی مردوں سے حیا نہیں کریگی (۳) اور کہا گیا جس کی شلوار اتر گئی تو اس کی بیوی مردوں کے سامنے نہیں آئیگی (۴) جس نے دیکھا کہ اس کی شلوار لگی ہے تو اس کی بیوی حاملہ ہے (۵) جس نے دیکھا اس نے شلوار میں قضائے حاجت کی تو وہ اپنی بیوی پر غصہ ہوگا' اور اس کو اسکا مہر ادا کر دیگا۔ اور اس سے جو مال لیا ہے وہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس کو واپس کر دیگا (۶) جس نے الٹی شلوار پہنی تو وہ بیوی سے دبر میں جماع کریگا (۷) جس نے بغیر قمیض کے شلوار پہنی تو اس پر فقر کا خطرہ ہے اور کہا گیا کہ جس نے شلوار پہنی تو وہ عجم کا سفر کریگا اس لئے کہ یہ انکا لباس ہے اور کہا گیا کہ شلوار پہننا' پہننے والے کی شان کی اصلاح کی دلیل ہے اور کہا گیا کہ شلوار سے مراد کوئی گھٹیا عورت یا کوئی عجمی باندی ہے (۸) اگر اس نے صرف شلوار خریدی پہننے بغیر تو وہ کسی عورت سے اس کے ولی کے بغیر نکاح کریگا (۹) اگر وہ شلوار نئی ہو تو وہ باکرہ سے شادی کریگا اور کہا گیا کہ اس کی فرج معاصی اور گناہوں سے بچ جائے گی۔ (۱۰) جس نے دیکھا کہ اس نے کسی کو شلواریں دیں تو اس سے سختیاں دور ہونگی اس لئے کہ یہ لفظ سری ویل ہے یعنی سختی اور تنگی کی دوری کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے۔

## سریر (چارپائی)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا اگر بستر کے بغیر ہو تو اس سے مراد سفر ہوگا اس لئے کہ اس کے نام میں ''سیر'' کا لفظ ہے اور کہا گیا کہ اس سے مراد بیوی ہے (۲) جس نے چارپائی دیکھی اور وہ شاہی خاندان میں سے ہو اور اس پر بستر ہو پھر وہ اس پر چڑھا تو وہ بادشاہت حاصل کریگا (۳) جس نے دیکھا کہ وہ چارپائی پر ہے تو اس کو کوئی ایسی چیز واپس ملیگی جو اس کے ہاتھ سے نکل گئی اور اگر وہ بادشاہ تھا تو بادشاہت سے عاجز آجائے گا اور پھر کمزوری کے بعد دوبارہ قوت حاصل کریگا (۴) اگر اس نے دیکھا کہ وہ چارپائی پر ہے اور اس پر بستر ہے تو وہ بلندی اور رفعت پائیگا اور دین سے غافل قوم پر اس کا تذکرہ ہوگا (۵) اگر اس پر بستر نہ ہو تو وہ سفر کریگا اور اگر اس کے پاؤں میں جوتے ہو تو وہ ایسے لوگوں کے ساتھ سفر کریگا جن کے دل میں نفاق ہوگا (۶) جس نے دیکھا کہ وہ کسی اچھے دکان میں چارپائی پر ہے تو وہ دولت اور بلندی اور عزت پائیگا' اور چارپائی اور تمام وہ چیزیں جن پر سویا جاتا ہے دیکھنے والے کی بیوی پر بھی دلالت کرتی ہیں اور اس کے تمام معاش پر۔ اور چارپائیاں غلاموں پر دلالت کرتی ہیں اور اس کا باہر والا حصہ بیوی پر خاص طور پر اسکا اندر والا حصہ دیکھنے والے پر اور اس کا اوپر والا حصہ مذکر اولاد پر اور نیچے والا حصہ مؤنث اولاد پر دلالت کرتا ہے۔ اور کہا گیا کہ چارپائی کو دیکھنا ان چیزوں پر دلالت کرتا ہے جن سے آدمی خوش ہوتا ہے اور جس کی وجہ سے اس کی عزت ہوتی ہے اور ہر اس چیز پر دلالت کرتا ہے جس کے اوپر بیٹھا جاتا ہے جیسے بیوی' کشتی یا کوئی سواری۔ اور بعض دفعہ مردہ کی چارپائی پر دلالت کرتی ہے اس لئے کہ وہ مردوں کی چارپائی ہوتی ہے (۷) خواب میں جس کی چارپائی ٹوٹ گئی یا اس کے جوڑ کھل گئے تو اگر وہ بادشاہ ہے تو اس کی سلطنت ختم ہو جائیگی اور اگر وہ حاکم ہو تو بادشاہ کی نظروں سے گر جائیگا اور اگر اس کی بیوی نافرمان ہے تو اس سے جدا ہوگا یا اگر وہ بیمار ہو تو مر جائیگی یا اگر اس کا شوہر بیمار ہے تو وہ مر جائیگا یا شوہر سفر کریگا یا اُسے چھوڑ یگا۔ اور بعض دفعہ چارپائی کا سامنے والا حصہ شوہر پر اور پیچھے والا حصہ بیوی پر دلالت کرتا ہے۔ (۸) جو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



چا. پائی کے سامنے والے حصے کے قریب ہے تو وہ شوہر پر اور جو سر کے قریب ہے وہ بیٹے پر اور جو پاؤں کے قریب ہو وہ خادم اور برتنوں پر دلالت کرتا ہے۔ جس نے اپنے آپ کو کسی مجہول چار پائی پر پایا یا جس پر بستر ہو تو اگر وہ بادشاہت کے لائق ہوا تو اُسے پائیگا وگرنہ وہ کسی بلند مرتبہ پر فائز ہوگا اور اگر وہ کنوارا ہو تو شادی کریگا اور اگر اس کی بیوی حاملہ ہو تو اس کا بیٹا ہوگا (۹) جس نے دیکھا کہ وہ ایسی چار پائی پر بیٹھا ہے جس پر بستر نہیں تو اُسے موت آئیگی یا کوئی سفر کریگا اور اگر بیمار ہو تو مر جائیگا اور اگر اس کے پاس سمندری سامان تھا تو وہ سفر میں سرداری کریگا۔ (۱۰) جس نے دیکھا کہ وہ چار پائی پر ہے اور اُس کے ساتھ اس کی بیوی ہے تو وہ اس کے ساتھ خوش رہے گا اور بعض دفعہ یہ ان کے درمیان شر اور مخالفت پر بھی دلالت کرتا ہے (۱۱) اگر کسی غیر شادی شدہ عورت نے دیکھا کہ وہ کوئی چار پائی گھر لے جا رہی ہے تو وہ کسی مرد سے شادی کریگی (۱۲) جس نے دیکھا کہ اس کی چار پائی اٹھائی جا رہی ہے اور وہ بیمار تھا تو وہ اپنے مرض سے بری ہوگا۔

## ستر (پردہ)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا کاموں کے چھپانے پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ یہ کسی ایسے دوست پر بھی دلالت کرتا ہے جو اس کے رازوں کو چھپانے والا ہو۔ اور بیوی پر دلالت کرتا ہے جو کہ آدمی کی حالت کو چھپاتی ہے اور اُسے دوسری عورتوں کی طرف دیکھنے سے بچاتی ہے' اور اگر وہ معلم ہو تو یہ اس شخص کے بلند مرتبہ والا ہونے پر دلالت کرتی ہے کہ جن کا ذکر کیا گیا مثلاً بیوی' بیٹا یا گھر پر۔ (۲) نامعلوم پردہ' دیکھنے والے کے لئے غم پر دلالت کرتا ہے (۳) اگر اسے دکان کے دروازہ پر لٹکا دیکھے تو یہ معیشت میں غم لاحق ہونے پر دلالت کرتا ہے (۴) اگر وہ گھر کے دروازے پر لگا ہوا ہو تو یہ دنیا کی طرف سے غموں پر دلالت کرتا ہے (۵) پرانا پردہ اس غم پر دلالت کرتا ہے جو ہمیشہ نہیں رہتا (۶) جس نے پھٹا ہوا پردہ دیکھا تو وہ خوش ہوگا اور خوشی پائیگا اور سیاہ پردہ مال کی طرف غم لاحق ہونے کی علامت ہے (۷) مسجد کے دروازہ پر پردہ دین میں کسی غم پر دالت کرتا ہے (۸) کوئی معروف پردہ جسے وہ بعینہ خواب میں دیکھے وہ نہ فائدہ دیتا ہے نہ نقصان پہنچاتا ہے (۹) پردہ کا اپنی جگہ نہ ہونا غم لاحق پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۰) اگر اپنی جگہ پر ہو تو اس کی کوئی بھی تاویل نہیں ہوتی (۱۱) جس نے پردہ دیکھا لیکن وہ اپنی جگہ پر نہ تھا اور نہ کسی داخل ہونے کی جگہ پر دیکھا یا کسی عام جگہ پر دیکھا تو یہ سخت غم اور خوف پر دلالت کرتا ہے تاہم اس کا انجام عافیت کے ساتھ ہوگا تو جتنا موٹا اور کمزور ہوگا تو وہ اتنا ہی قوی اور سخت ہوگا اور جتنا وہ پتلا ہوگا تو وہ اتنا اور ضعیف ہوگا۔ (۱۲) اگر اس نے دیکھا کہ پردہ کٹ گیا یا اُسے کوئی لے گیا تو اس کے ذہن سے غم اور حزن اور پریشانی ختم ہوگی' اور پردہ کے بارے میں کہا گیا (۱۳) اگر اُسے کوئی کنوارا آدمی دیکھے تو وہ ایسی عورت سے شادی کریگا جو اس کو معاصی فقر اور حاجت سے بچائے گی۔ کوئی بیوہ یہ خواب دیکھے تو اس کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بھی یہی تعبیر ہے (۱۴) گھر کے دروازے پر پردہ کا ہونا عورتوں کی طرف سے غم لاحق ہونے پر دلالت کرتا ہے (۱۵) پرانا پردہ جلد زائل ہونے والے غم پر دلالت کرتا ہے (۱۶) نیا پردہ لمبی مصیبت پر دلالت کرتا ہے (۱۷) وہ پردہ جو لمبائی کی طرف پھٹا ہوا ہو جلدی خوشی پر دلالت کرتا ہے (۱۸) وہ پردہ جو چوڑائی میں پھٹا ہوا ہو دیکھنے والے کے عرض کے پھٹن پر دلالت کرتا ہے (۱۹) کالا پردہ بادشاہ کی طرف سے غم پہنچنے پر دلالت کرتا ہے (۲۰) سفید اور سبز پردے انجام کے اچھا ہونے کی علامت ہے (۲۱) اگر مطلوب یا ڈرے ہوئے شخص یا مغرور شخص نے چارپائی پر پردہ دیکھا تو یہ اس کے نام پر پردہ پڑنے پر اور اس کے لئے امن پر دلالت کرتا ہے اور جتنا وہ پردہ بڑا ہوگا اتنا ہی اس کا غم اور خوف بڑا زیادہ اور قبیح ہوگا۔ (۲۲) وہ پردہ جو کسی ہال یا کسی محل کے سامنے لٹکایا جاتا ہے جس نے دیکھا کہ وہ اسی سے لپٹا ہوا ہے تو وہ لمبا سفر کریگا اور اس سفر میں بہت زیادہ تھکے گا۔ اور پردے کسی بیکار وسائط کی وجہ سے اسباب کے کثیر اور عظیم ہونے' حالات کے متعذر رہونے پر دلالت کرتے ہیں اور بعض دفعہ پردے کاموں کو پوشیدہ رکھنے پر بھی دلالت کرتے ہیں اور ان کو کھولنا بے عزتی اور ذلت پر دال ہے۔

## سرادق (خیمے)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا بادشاہ پر دلالت کرتا ہے (۲) اگر انسان نے خیمے دیکھے تو وہ اپنی سلطنت کے مخالفین پر غالب آئیگا' اور خیمہ دیکھنا بادشاہ اور مملکت اور لشکروں کی قیادت پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ خیموں سے مراد بادشاہ ہوتے ہیں اور اسی طرح تمبو وغیرہ تاہم یہ اس سے کم درجہ کے ہیں اور قبہ تمبو سے نیچے ہوتا ہے۔ اور چھپنے کی جگہ کی تعبیر اس سے بھی درجہ میں کم (۳) جس نے دیکھا کہ بادشاہ ان چیزوں میں سے کسی ایک چیز میں سے نکلا تو یہ اس کے بعض سلطنت میں سے نکلنے پر دال ہے (۴) اگر ان میں سے کسی چیز کو روند دیا گیا تو یہ اس کی بادشاہت کے خاتمہ کا اعلان ہے۔ یا اس کی عمر مکمل ہونے کی دلیل ہے (۵) نامعلوم خیمے یا تمبو اور قبے اگر ان کا رنگ سبز یا سفید ہو تو یہ برأت پر اور شہادت کے مرتبہ پر پہنچنے پر یا شہداء اور بزرگوں کی قبروں کی زیارت پر یا بیت المقدس کی زیارت پر دلالت کرتا ہے۔

## سفود (گوشت بھوننے کی سیخ)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا بادشاہ کے پاس حاجتوں کے پورے ہونے پر دلیل ہے اور اچھائی کا واسطہ ہونے پر اور رزق اور راحت پر اور سفود گھر کے ستونوں پر دلالت کرتے ہیں۔ اور کہا گیا کہ وہ کسی طاقتور خادم پر دلالت کرتے ہیں کہ جس کے ذریعے مراد تک پہنچا جائے اور اس کے ہاتھ پر بہت سے لوگ بہت سے فنون سیکھیں۔

## ساطور (چھرا قصاب کا)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا کسی طاقتور اور بہادر آدمی پر دلالت کرتا ہے جو کہ ہر آسان اور مشکل کام میں بڑے آرام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے تفریق کر سکے اور جھگڑوں کو ختم کرنے والا اور جو اس سے جھگڑا کریگا تو یہ ان کو ملکوں میں منتشر کر دیگا۔

## سکین (چھری)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا گھر کے خادم پر یا اس شخص پر دلالت کرتا ہے جو اس گھر کا نفع سوچتا ہو پر جیسا کہ مالک یا غلام چنانچہ چھری کی تیزی اس کے حکم کے نفاذ پر اس کی حرکت پر دلالت کرتی ہے (۲) اگر عورت نے دیکھا کہ اس کے پاس چھری ہے یا اس نے کسی کو چھری دی تو کسی مشہور آدمی سے محبت کرنے پر دلالت کرتا ہے کاتب اور ذبح کرنے والے کی چھری قصائی پر اور لشکر کی چھری قوت اور خدمت پر دلالت کرتی ہے (۳) جس نے دیکھا کہ اس نے چھری کو چرایا جس سے وہ بچوں کو ادب سکھا رہا ہے تو وہ اپنے کسی بچے پر فریفتہ اور دلدادہ ہوگا اور عام کھانے کی اشیاء میں استعمال ہونے والی چھری جو اس سے کچھ کرنا چاہے کسی عقلمند غلام پر دلالت کرتا ہے جو کام میں دھوکہ کرے (۴) اگر اس نے اس سے کام کر لیا تو اس کام کے ختم ہونے پر یا خراب ہونے پر دلالت کرتا ہے اور چھری کی تعبیر دلیل بھی ہے اور کہا گیا کہ جس نے چھری دیکھی تو خادم کے ہاتھ پر قوت اور مال پائیگا (۵) اگر اس نے دیکھا کہ اس نے چھری نگل لی تو وہ اپنے بیٹے کے مال سے کھائیگا (۶) جس کی بیوی حاملہ ہو اور وہ خواب میں چھری دیکھے تو اس کے ہاں مذکر اولاد ہوں گے اور کہا گیا کہ جس نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں چھری ہے تو وہ دو سو درہم پائیگا اس لئے کہ اس کا نصاب مال کا نصاب ہے اور بعض دفعہ چھری کی تعبیر فقیر کے لئے پچیس ۲۵ درہم سے کی جاتی ہے (۷) جس نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں چھری ہے تو اگر اس کا کوئی جھگڑا ہے تو وہ اس میں کامیاب ہوگا اور اس کے لئے حجت اور دلیل قائم نہیں کر سکے گا اس لئے کہ یہ اسلحہ میں سے ہے اور اس کو دشمن سے بچاتی ہے (۸) جس نے دیکھا کہ اس کو چھری دی گئی اور اس کے پاس اس کے علاوہ کوئی اسلحہ نہیں ہے تو وہ بیٹا اور بھائی پائیگا اور اگر اسے بھائی یا بیٹے کا انتظار نہ ہو تو وہ بھلائی پائیگا اور رزق پائے گا (۹) جس نے دیکھا کہ اس نے چھری کے ساتھ ذبح کیا تو وہ ایسی چیز پائیگا جو چھری سے ذبح کی جاتی ہے جیسے پرندہ یا کوئی جانور وغیرہ (۱۰) جس نے دیکھا کہ اس نے اپنے ہاتھوں کو چھری سے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا تو وہ کوئی چیز دیکھے گا جس سے وہ متعجب ہوگا (۱۱) جس نے دیکھا کہ اس نے چھری یا خنجر اپنے مال میں داخل کی تو وہ کسی عورت سے شادی کریگا (۱۲) کسی نے خواب میں کسی چھری وغیرہ سے فائدہ اٹھایا تو اگر وہ کنوارا ہے تو شادی کر کے فائدہ اٹھائے گا اور اگر اس کی بیوی حاملہ ہے تو اس کا بیٹا صحیح تندرست اور سالم پیدا ہوگا اور اگر اس کے ساتھ کوئی چیز ہو جو مذکر کی تائید کر رہی ہو تو اس سے مراد مذکر ہوگا اور اجنبی مونث پر دلالت کرتا ہے اور اسی طرح تعبیر نیزہ کی ہے اور اگر اس کی بیوی حاملہ نہ ہو مگر وہ کسی سچے گواہ کی تلاش میں ہو تو اسے پائے گا (۱۳) اگر اس کی چھری تیز ہوگئی تو وہ گواہ عادل ہوگا اور اگر تیز نہ ہوئی یا دندانے اس میں پڑے ہوئے ہوں تو اس کے گواہ پر جرح ہوگی (۱۴) اگر وہ نیام میں ہو جائے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تو گواہ ذلیل ہوگا اور اس کی گواہی کسی نامناسب واقع کی وجہ سے مردود ہوگی اور اگر ان میں سے کوئی چیز نہ ہو تو یہ دنیا کے فائدہ پر دلالت کرتا ہے جو اُسے حاصل ہوگا یا کسی صلہ رحمی ہے جسے وہ کریگا یا کسی بھائی کے ساتھ رہیگا یا کوئی اس سے دوستی کریگا یا کوئی خادم جو اس کی خدمت کریگا یا کوئی غلام جسکا لوگوں کی قدروں کے مطابق مالک ہوگا۔

## سیف (تلوار)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا بیٹے اور سلطان پر اور اس کے بگل اور اس کا پھل بیٹے پر دلالت کرتا ہے (۲) جس نے دیکھا کہ اس نے تلوار گلے میں لٹکائی ہے تو وہ بہت بڑی سلطنت پائے (۳) اگر اس نے دیکھا کہ تلوار اس پر بھاری ہوگئی اور وہ اس کو زمین پر کھینچنے لگا تو وہ اپنی ولایت سے عاجز آئیگا اور اس سے نفع اٹھائے گا (۴) اگر اس نے دیکھا کہ اس کی حمائل کٹ گئی ہے تو وہ اپنی ولایت سے معزول ہوگا اور وہ حمائل جس میں خوبصورتی ہو ولایت پر دلالت کرتی ہے۔ (۵) جس نے دیکھا کہ اسنے اپنی بیوی کو چاقو پکڑایا یا اس کی بیوی نے اُسے چاقو پکڑایا تو یہ مذکر اولاد پر دلالت کرتی ہے (۶) اگر اس نے دیکھا کہ اس نے اس کو نیام میں پڑی ہوئی تلوار دی تو وہ لڑکی پائے گا (۷) اگر اس عورت نے اس کو یہ سپرد کیا تو یہ اس سے لڑکا پائے گا (۸) اگر اس نے دیکھا کہ اس نے چار تلواریں نیام میں ڈالی ہوئی ہیں ایک تلوار لوہے کی اور ایک سونے کی اور ایک سیسہ کی اور ایک لکڑی کی تو اس کے چار بیٹے ہونگے پس لوہا دلالت کرتا ہے بہادر بیٹے پر اور سونا دلالت کرتا ہے مالدار بیٹے پر اور سیسہ دلالت کرتا ہے خنثیٰ لڑکے پر اور لکڑی دلالت کرتی ہے منافق بیٹے پر (۹) اگر اس نے خواب میں تلوار کو نیام سے نکالا اور وہ زنگ آلود تھی تو اگر اس کی بیوی نے بیٹا جنا تو وہ بدصورت ہوگا اور اگر وہ نیام کے درمیان ہی ٹوٹ گئی تو اس کا بیٹا ماں کے پیٹ ہی میں مر جائیگا۔ (۱۰) اگر اس نے دیکھا کہ اس نے تلوار میان سے نکالی اور اس کی بیوی بھی حاملہ نہیں تھی تو اس سے مراد کوئی بات ہے جو اس نے کسی کے لئے تیار کی ہے پس اگر وہ تلوار کاٹنے والی چمکدار اور صاف ہو تو اس کی کلام میں شیرینی ہوگی اور وہ حق پر ہوگا (۱۱) اگر وہ زنگ آلود ہو تو اس کی زبان میں مٹھاس نہیں ہوگی اور وہ باطل پر ہوگا (۱۲) اگر وہ تلوار بھاری ہو تو وہ کوئی ایسی بات کریگا کہ جس کی اس کو طاقت نہ ہوگی (۱۳) اگر وہ کند ہوئی تو وہ اس بات سے عاجز آئیگا جسے وہ چاہتا ہے (۱۴) اگر اس نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں سونتی ہوئی تلوار ہے اور وہ کسی جھگڑے میں مبتلا ہو تو حق اس کے ساتھ ہوگا (۱۵) اگر اس نے دیکھا کہ وہ پڑی ہوئی تلوار اٹھالی ہے تو وہ کسی حق کا مطالبہ کریگا جس کو پائے گا۔ (۱۶) اگر اس کو تلوار دی گئی تو اس سے مراد بیوی ہے اس لئے کہ حضرت لقمان علیہ السلام کا قول ہے (المرأة كالسيف الاثرى "ما احسن منظره واقبح اثره") کہ عورت تلوار کی طرح ہے کیا تو نہیں دیکھتا کہ وہ دیکھنے میں کتنی اچھی ہے اور اس کا اثر کتنا برا ہے (۱۷) جس نے دیکھا کہ وہ دو یا تین تلواریں گلے میں ڈالے ہوئے ہے اور تو وہ ٹوٹ گئیں یا گر گئی تو وہ اپنی بیوی کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تین طلاقیں دے گا۔ (۱۸) جس نے دیکھا کہ اس نے تلوار سونتی ہوئی ہے تو وہ لوگوں سے گواہی مانگے گا اور کوئی بھی گواہی نہ دیگا (۱۹) اگر اس نے دیکھا کہ وہ مسلمانوں کے شہر میں دائیں بائیں تلوار مار رہا ہے تو وہ اپنی زبان ان معاملات میں کھولے گا جو اس کے لئے درست نہیں ہیں (۲۰) اگر اس نے دیکھا کہ تلوار ایک طرف پڑی ہوئی ہے تو یہ کسی طاقتور آدمی پر دلالت کرتی ہے (۲۱) جس نے دیکھا کہ اس کی تلوار کا درمیانی حصہ ٹوٹ گیا تو یہ اس کی بیوی کی موت کی علامت ہے (۲۲) جس نے دیکھا کہ اس نے حمائل بغیر تلوار کے لٹکایا ہوا ہے تو اس کے حوالے کوئی امانت کی جائیگی (۲۳) جس نے دیکھا کہ تلوار کا دستہ ٹوٹ گیا تو یہ اس کے باپ یا چچا کی موت کی علامت ہے اور کہا گیا کہ یہ اس کی خالہ یا ماں کی موت کی علامت ہے (۲۴) جس نے دیکھا کہ اس کی تلوار کا پھل ٹوٹ گیا تو یہ خادم یا تابع پر دال ہے (۲۵) تلوار سے کھیلنا اگر وہ ولایت کے ساتھ منسوب ہو تو یہ اس کی مہارت پر دلالت کرتا ہے اور اگر وہ کلام اور باتوں کی طرف منسوب ہو تو یہ اس کی فصاحت پر دلالت کرتا ہے اور اگر وہ لڑکے کی طرف منسوب ہو تو اس پر فخر کرنے پر دلالت کرتا ہے اور اگر اس نے ہوا کے ساتھ تلواروں کو دیکھا تو یہ طاعون کی بیماری پر دلالت کرتا ہے اور کہا گیا کہ تلوار دیکھنے والے کے غصہ پر دلالت کرتا ہے اور کام کی سختی پر دلالت کرتا ہے (۲۶) جس نے دیکھا کہ اس نے تلوار کو نگل لیا تو وہ دشمن کا مال کھائے گا (۲۷) جس نے دیکھا کہ تلوار نے اس کو نگل لیا تو اس کو سانپ کاٹے گا اور تلوار فتنہ پر بھی دلالت کرتی ہے اور اس کا میان بیوی پر دلالت کرتا ہے (۲۸) اگر اس نے غلاف کو توڑ دیا اور تلوار سلامت رہی تو اس کی حاملہ بیوی مرجائیگی اور اس کا بیٹا سلامت رہیگا (۲۹) اگر تلوار ٹوٹ گئی اور غلاف سلامت رہا تو بیوی سلامت رہیگی اور بچہ مرجائیگا اور اگر دونوں ٹوٹ گئے تو دونوں مرجائینگے۔ اور ہر وہ چیز جسکا تلوار اور غلاف کی طرح ساتھ ہو تو وہ آدمی اور اس کی بیوی پر دلالت کرتا ہے جیسا کہ تلوار اور میان اور چھری اور اس کا غلاف اور ڈورہ اور اس میں ڈالنے والی چیز (۳۰) جس نے دیکھا کہ اس نے کسی شخص کو تلوار سے مارا تو اپنی زبان کے ذریعہ اس پر غالب آئیگا اور تلوار کا کند ہونا کلام میں عاجزی پر دلیل ہے (۳۱) جس نے دیکھا کہ اس نے تلوار کو نیام میں کرلیا اور وہ کنوارا تھا تو وہ شادی کریگا۔ (۳۲) جس نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں شیشے کی تلوار ہے تو اگر اس کی بیوی حاملہ ہے تو اس کا ایسا بیٹا ہوگا جو زندہ نہیں رہیگا۔ (۳۳) جس نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں تلوار دشمن کی تلوار سے لمبی ہے تو وہ دشمن پر غالب آئیگا۔ (۳۴) جس کی تلوار کاٹنے سے عاجز آگئی تو اس کا قول معتبر نہ ہوگا (۳۵) جس نے دیکھا کہ کسی آدمی نے اس پر تلوار نکالی تو اگر وہ کوئی معروف آدمی ہو تو اس نے اس کے لئے کوئی بات تیار کی ہوگی (۳۶) اگر اس نے اس کو مارا اور اس کا خون نہ نکلا تو جو مارنے والا کہے گا وہ سچ ہے (۳۷) اگر اس نے مارا اور اس تلوار نے نہ کاٹا تو مضروب ضارب پر غالب آئیگا۔ (۳۸) اگر اس نے کاٹا تو ضارب مضروب پر غالب آئیگا (۳۹) اگر اس نے مارا اور اس نے کاٹا نہیں لیکن اس سے خون نکل آیا تو ضارب اپنی زبان کے ذریعے مضروب پر مسلط اور غالب آجائیگا (۴۰) جس نے دیکھا کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس کی تلوار کوئی بڑی عظیم شے ہے جو دنیا کی تلواروں سے مشابہ نہیں ہے تو یہ فتنے کی تلوار ہے پس اگر اس کو ہوا میں رکھا گیا یا آسمان پر ڈال دیا گیا یا سمندر میں پھینکا گیا تو تعبیر ہے کہ وہ فتنہ دب جائیگا (۴۱) جس نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں تلوار ہے جس کو اس نے سونتا ہوا ہے اور اُس سے کسی کو مارنے کا ارادہ نہیں ہے تو وہ بادشاہت یا اولاد یا بھائی پائے گا (۴۲) اگر اس نے نیت کی کہ اس کے ساتھ کسی کو ماریگا تو وہ کوئی کلام تیار کریگا جس کے ذریعہ وہ کسی انسان پر حملہ کریگا۔ (۴۳) اگر اس نے کسی کو تلوار ماردی تو اس کی زبان اتنی ہی کھل جائیگی جس قدر اس نے مارا (۴۴) اگر اس نے دیکھا کہ اس نے کسی انسان کو مارا پس اس کے مارنے سے اس کا ہاتھ یا اس کی ران یا اسکا پاؤں کٹ گیا یا وہ زخمی ہوگیا تو وہ کسی ایسی کلام پر دلالت کرتا ہے جس کے ذریعہ وہ مضروب سے قطع تعلق کریگا یا اس کے ذریعہ وہ باپ یا بھائی سے یا کسی اور سے قطع تعلق کریگا جس کی طرف وہ زخم منسوب ہو (۴۵) اگر اس نے اس سے کسی کی گردن کاٹی اور اس کا سر واضح ہوگیا تو مضروب ضارب سے کوئی خیر یا خوشی پائے گا (۴۶) جس نے دیکھا کہ کسی نے اسکو تلوار سے مارا اور اس کے اعضاء کٹ گئے تو مضروب کوئی سفر کریگا (۴۷) اگر اس نے اعضاء کو جدا جدا کر دیا تو مضروب کی نسل بہت بڑھ جائیگی اور بہت سے شہروں میں پھیل جائیگی (۴۸) جس نے دیکھا کہ کسی آدمی نے بغیر جھگڑے اس کے پیٹ میں تلوار گھونپ دی تو مارنے والا اور مارا جانے والا کسی قوم میں رشتہ ازدواج میں مشترک ہونگے یا جو اس کے مشابہ ہو' اور تلوار رزق پر بھی دلالت کرتی ہے' اور بعض دفعہ بادشاہت اور علم پر دلالت کرتی ہے اور اگر غریب ہو' بیوی یا بیٹے میں سے تو وہ صحیح النسب ہوگا' ورنہ وہ کوئی مال ہوگا جس میں شبہہ ہوگا یا بیوی یا بیٹے پر جو گھٹیا نسب والا ہوگا اور تلوار کسی مجنونہ عورت پر بھی دلالت کرتی ہے کہ جس سے دخول اور خروج کے وقت بچنا چاہئے اور کپڑے کی تلوار ایسی خوبصورتی پر دلالت کرتی ہے جس کی وہ طاقت نہیں رکھتا۔

## سلاح (اسلحہ)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا دشمن پر قوت اور غلبہ پانے پر دال ہے اور بیماریوں سے دفاع کی علامت ہے (۲) جس نے دیکھا کہ اس کے پاس اسلحہ ہے اور وہ ایسی قوم کے درمیان ہے جن کے پاس اسلحہ نہیں تو وہ ان کا سردار اور منظور نظر ہوگا جس قدر اس کے پاس اسلحہ ہوگا (۳) اگر اس نے دیکھا کہ لوگ اس کی طرف دیکھ رہے ہیں اور اس کے پاس اسلحہ ہے تو لوگ اس پر حسد کرینگے اور اس کی غیبت کرینگے' پس اگر وہ بوڑھے ہوئے تو اس سے مراد اس کے دوست ہونگے اور اگر وہ جوان ہوئے تو اس سے مراد اس کے دشمن ہونگے (۴) جس نے دیکھا کہ اس پر اسلحہ ہے اور وہ اس کو استعمال کرنے پر قادر ہے تو یہ اس کے کمال پر اور حاجت کو پانے پر دلیل ہے' اور اگر بیمار ہو تو یہ اس کی موت کی علامت ہے اور بعض دفعہ یہ دین میں اصلاح پر بھی دال ہوتا ہے' اور اگر وہ بیمار ہو یا ڈرا ہوا ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو شفاء دینگے' اور اگر وہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مسافر ہو تو وہ سلامتی کے ساتھ اپنے گھر لوٹ آئیگا (۵) جس نے دیکھا کہ اس سے اس کا اسلحہ چھین لیا گیا تو یہ اسکی سلطنت اور قوم میں ضعف کی علامت ہے' اور اسلحہ پہننا علم پر دال ہے جس کے ذریعے سے وہ جہالت کو دور کرتا ہے یا اس مال پر دلالت کرتا ہے جو اُسے فقر اور اس کی شدت سے بچاتا ہے اور دشمن کو خوفزدہ کرنے اور اس پر غالب آنے پر بھی دال ہے اور یہ اس دوا پر بھی دلالت کرتا ہے جس کے ذریعے مرض کو دور کیا جائے اور یہ بیوی پر دلالت کرتا ہے کہ جس کے ذریعہ سے شیطان سے بچا جا سکتا ہے۔

## سہم القوس (کمان کا تیر)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا پیغامبر اور کتابت پر اور طاقتور دشمن پر غلبہ پانے پر دلالت کرتا ہے (۲) ایک سرنگوں تیر اگر عورت تیر کش میں دیکھے تو یہ اس کے شوہر کے اسکی طرف سے ہٹ جانے پر دلیل ہے (۳) کہا گیا کہ جس نے اپنے ہاتھ میں تیر دیکھا تو وہ ولایت' عزت اور مال پائے گا (۴) کمان سے باہر ٹوٹا ہوا تیر رسالت سے عاجزی پر دلالت کرتا ہے اور عورت کے لئے تیر کا مطلب شوہر ہے' اور تیر پھینکنا خطوں میں کلام پر دلالت کرتا ہے (۵) جس نے دیکھا کہ اس نے تیر سے مارا اور وہ نشانہ کو نہ لگا تو وہ کسی کام کے لئے اپنا پیغام رساں بھیجے گا لیکن وہ کام پورا نہیں ہوگا۔ (۶) اگر اس نے دیکھا کہ کسی عورت یا کسی باندی نے اُسے تیر مارا جو اُس کے دل میں لگا تو وہ اس سے دل لگی اور مزاح کریگی اور یہ اُس سے معلق ہو جائیگا (۵) اگر اس نے تیر دیکھے جو مخالف سے آرہے تھے تو اس سے مراد پیغام رساں ہیں جو اس کے پاس آئیں گے اور ان کی کلام میں لطافت اور حلاوت ہُوگی (۶) جس نے دیکھا کہ اس نے تیر مارا اور وہ نشانے پر لگ گیا تو اگر اس نے مذکر اولاد کی خواہش کی تو مذکر اولاد ہوگی اور کپڑے کا تیر پیغامبر' رزق' مختون بیٹے لمبی عمر یا کپڑوں پر دلالت کرتا ہے۔

## سرج (زین)

(۱) خواب میں جو اس کا مالک ہوگا وہ تین نکاح کریگا اور یہی تعبیر اونٹنی کی کمر کی ہے اس لئے کہ یہ بیٹھنے کی جگہ ہے جیسے کہ سرج ہے اور اس کے پاؤں رکابوں میں داخل ہوتے ہیں جیسا کہ سرج میں ہوتا ہے' اور سرج ''زین'' عورت پر دلالت کرتا ہے اگر وہ سواری کی کمر میں سے نہ ہو (۲) جس نے دیکھا کہ اس کی زین پر کتا یا خنزیر یا گدھا سوار ہوا تو کوئی فاسق اس کی عورت سے خیانت کر رہا ہوگا' اور زین سواری یا بادشاہ یا کسی معزز اور خوبصورت ہیئت والی عورت پر دلالت کرتی ہے اور کہا گیا کہ زین سے مراد مال ہے (۳) جس نے دیکھا کہ وہ زین پر سوار ہوا تو وہ اپنے سب کاموں میں کامیاب ہوگا اور اپنی حالتوں میں کامران ہوگا (۴) جس نے دیکھا کہ اس کی زین ٹوٹ گئی تو یہ اس کے اور اس کے اھل خانہ کی ہلاکت کی دلیل ہے (۵) جس نے دیکھا کہ زین اتر رہا ہے تو وہ اپنی بیوی سے خلع کریگا یا اُسے طلاق

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دیگا' یا اُسے کوئی ایسا کام پہنچے گا جو اُسے ناپسند ہوگا۔ اور جس نے اپنی زمین اس کا نمدہ دیکھا تو اس کے پاس کوئی عورت ہے جو اُسے تکلیف پہنچا رہی ہے۔

## سراج . (چراغ)

(۱) اس کو خواب میں اٹھانا' اٹھانے والے کے لئے مذکر عالم اولاد نصیب ہونے کی دلیل ہے۔ اور مریض کے لئے چراغ دیکھنا مرض پر دلالت کرتا ہے پس اگر چراغ گل ہوگیا تو مریض مرجائیگا۔ (۲) جس نے چراغ کو درست کیا اور اُسے روشن کیا اور اس کے ہاں کوئی بیمار تھا تو وہ صحت کی طرف واپس آئیگا (۳) چھوٹا چراغ جس کی روشنی میں ضعف اور کمزوری ہو حاملہ عورت کے لئے بیٹی پر دلالت کرتا ہے اور کہا گیا کہ چراغ مخفی چیزوں کے ظہور پر دلالت کرتا ہے۔ (۴) جس نے دیکھا کہ اُس کے گھر کا چراغ روشن طاقتور اور صحیح ہے تو یہ گھر کے نگران کی صلاح پر دال ہے اور اگر اس نے اُسے کمزور دیکھا تو یہ نگران کے ضعفِ حال کی علامت ہے (۵) جس نے دیکھا کہ اُسنے اپنا چراغ گل کردیا تو یہ گھر کے نگران کے برے حال اور اشتباہ' اور شہرت کے ختم ہونے' کاموں کے مشکل ہونے اور بعض دفعہ اس کی موت یا اس کے والد یا والدین کی موت یا نگران کی موت پر دال ہوتا ہے اور بعض دفعہ یہ اس کی بیوی کی موت پر دال ہوتا ہے۔ (۶) جس نے دیکھا کہ اُس کے ہاتھ میں چراغ ہے جس کے بجھنے کا اُسے خوف ہے تو یہ بیمار کی موت پر دلیل ہے۔ (۷) اگر بیمار نے دیکھا کہ وہ چراغ لیکر آسمان پر چڑھا اور یہ زمین پر لوٹ آیا تو اُس کی روح آسمان کی طرف چلی جائیگی یعنی مرجائیگا (۸) جس نے دیکھا کہ وہ چراغ سے استفادہ کررہا ہے تو وہ علم اور بلندی پائیگا۔ (۹) جس نے دیکھا کہ وہ چراغ کو منہ کی پھونکوں سے بجھا رہا ہے تو وہ کسی ایسے آدمی کے کام کو ختم کرنے کی کوشش کررہا ہوگا جو حق پر ہوگا لیکن اس کا کام ختم نہیں ہوگا (۱۰) جس نے دیکھا کہ وہ دن میں چراغ لیکر چل رہا ہے تو وہ دین کے لئے بڑا سخت اور سیدھے راستے پر چلنے والا ہوگا (۱۱) اگر اسنے دیکھا کہ وہ رات کو چراغ لیکر چل رہا ہے تو اگر تہجد کا اہل ہے تو تہجد پڑھیگا۔ وگرنہ وہ کسی ایسے کام کی طرف بڑھے گا جس میں اُسے دلچسپی ہوگی۔ اور بعض دفعہ وہ کسی گناہ میں ہوگا اور اس سے توبہ کریگا۔ (۱۲) اگر اس نے کوئی چراغ دیکھا جو کہ اس کی انگلیوں میں سے یا اس کے اعضاء میں نکل رہا ہے تو اس پر کوئی مبہم کام کسی واضح دلیل کے ساتھ واضح ہوگا (۱۳) جس کے ہاتھ میں بجھا ہوا چراغ' موم بتی یا آگ ہو تو اگر وہ سلطان ہو تو معزول ہوگا اور اگر تاجر ہو تو خسارہ اٹھائے گا اور اگر نیک پرہیزگار ہو تو اس کا مال جائیگا' اور چراغ اگر بغیر روشنی کے جلے تو یہ علم پر دلالت کرتا ہے۔

## سفط (ٹوکری)

اس کو خواب میں دیکھنا لوگوں کے رازوں کے تحفظ کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



www.KitaboSunnat.com

## سیر الجلد

اس کو خواب میں دیکھنا رزق پر یا اولاد پر یا غلام پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ سفر میں چلنے پر دلالت کرتا ہے۔

## سوط (چابک/کوڑا)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا حاجتوں کے پورے ہونے اور سوال کے پورا کرنے اور دشمن کو رسوا کرنے پر دلالت کرتا ہے اور یہ لڑکے یا ہمدرد ساتھی پر بھی دلالت کرتا ہے (۲) اگر آسمان سے کوڑا گرے تو یہ عذاب پر دلالت کرتا ہے اور کوڑا بادشاہ پر دلالت کرتی ہے (۳) جس نے اپنے ہاتھ میں کوئی چابک دیکھے تو وہ کسی خوبصورت بادشاہ کے قریب ہوگا اور اگر وہ کٹی ہوئی نہ ہو تو یہ دلالت کرتا ہے والی یا صدقات کے محکمہ میں عامل بننے پر۔ (۴) مارنے پر اگر اس کی کوڑا ٹوٹ گیا تو اس کی سلطنت چلی جائیگی اور اگر درمیان سے چر گیا تو یہ بادشاہت کی کمزوری کی علامت ہے (۵) اگر اس نے دیکھا کہ اس نے کوڑے سے گدھے کو مارا تو وہ اللہ تعالیٰ سے اپنی معیشت کے لئے دعا کریگا (۶) اگر اس نے اس کے ذریعے گھوڑے کو مارا جس پر وہ سوار تھا اور اُس کو بھگانے کا ارادہ کرتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ سے کسی کام کے لئے دعا کریگا جس میں سختی اور تنگی ہوگی (۷) اگر اس نے دیکھا کہ اس نے چابک حاصل کیا تو وہ کسی عجمی آدمی سے مدد حاصل کریگا جو کہ بادشاہ کے قریب ہو اور اس کی بات کو سنا جاتا ہو اور اسکا حکم چلتا ہو (۸) اگر اس نے دیکھا کہ وہ اس کے ساتھ کسی کمزور آدمی کو مار رہا ہے جو کہ مضبوط اور لمبے ہاتھوں والا نہ ہو تو وہ اس کو کاٹے گا اگر اُسے تکلیف ہوئی اور وہ اس سے ڈر گیا تو وہ اس سے فائدہ اٹھائے گا اور رُک جائیگا اور توبہ کریگا (۹) اگر اُسے تکلیف نہ ہوئی تو وعظ کو قبول نہیں کریگا (۱۰) اگر مارتے وقت اس سے خون بہہ گیا تو یہ ظلم پر دلالت کرتا ہے اور اگر نہ بہے تو یہ حق پر دلالت کرتا ہے (۱۱) اگر اس نے مارا جو اس کے مارنے سے اس کی جلد پھٹ گئی تو جس چیز کی طرف وہ منسوب ہے وہ اس کے لئے دوگنی ہو جائیگی اور اگر مارنے والے کو خون لگا تو اُسے مضروب سے حرام مال ملے گا (۱۲) اگر مضروب کو خون لگا تو وہ رشوت لیگا (۱۳) اگر مارتے وقت چھڑی ٹیڑھی ہوگئی تو عقل بھی اس سے ٹیڑھی ہوگی' یا جس آدمی سے وہ مدد حاصل کریگا تو وہ ٹیڑھا یا لنگڑا ہوگا (۱۴) جس نے دیکھا کہ بادشاہ نے اُسے سو چھڑیاں یا اس سے کم یا اس سے زیادہ ماریں تو یہ دراہم ملنے پر دلالت کرتا ہے چھڑیوں کی مقدار۔

## سکرجہ (طشتری/پلیٹ)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا باندی یا خاوند پر یا غلام اور خادم پر دلالت کرتا ہے اور طشتری' اولاد بیٹی یا زیر پرورش بیٹی یا کنیز پر دلالت کرتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سعفة (بیماری چہرہ اور سر پر زخم کی)

اس کو خواب میں دیکھنا پاکی پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ یہ کنگھا کرنے والی اور ختنہ کرنے والی پر دلالت کرتا ہے۔

## سلبة (ایک قسم کی رسّی)

اس کو خواب میں دیکھنا چھیننے پر یا رزق پر یا لمبی عمر یا کنوارے کے لئے نکاح پر دال ہے۔

## ساج (ساک کی لکڑی)

منحمل کی لکڑی کا خواب میں دیکھنا بخار پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ اس پر سونے سے بخار پر ہوتا ہے۔

## ساج (درخت کی ایک قسم)

اس کو خواب میں دیکھنا بادشاہ عالم' مشاعر' یا نجومی پر دلالت کرتا ہے۔

## سلة (ٹوکری)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا خوشی کی علامت ہے اور جو کچھ اس کے اندر ہو اس کی طرف منسوب ہوتا ہے (۲) جس نے دیکھا کہ ٹوکری میں سفید انگور ہیں تو وہاں سے ملنے والے رزق پر دال ہے جہاں سے اُسے امید بھی نہ ہوگی اور ٹوکری بعض دفعہ ''سل'' نامی بیماری پر بھی دلالت کرتا ہے اور ٹوکری بیچنے والا ہمیشہ بشیر اور نذیر پر دلالت کرتا ہے (۳) اگر اس میں کوئی اچھی چیز ہو تو وہ بشیر پر اور اگر کوئی بری چیز ہو تو نذیر پر دلالت کرتا ہے۔

## سندان (لوہے کا بڑا ٹکڑا)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا صبر اور کاموں میں ثابت قدمی پر دلالت کرتا ہے اور برائی اور جھگڑوں پر بھی دلالت کرتا ہے' اور بعض دفعہ ان چیزوں پر دلالت کرتا ہے کہ جن کو روندا جاتا ہے اور ان کے ذریعہ مقصد پر پہنچا جاتا ہے جیسے پُل' سواری اور گا ہی ہوئی چیز۔

## سندیان (ایک درخت کا نام)

یہ پہاڑوں اور وادیوں کے درختوں میں سے ایک درخت کا نام ہے اس کو خواب میں دیکھنا نفع' مال' اور ثابت ہونے والی عزت پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ یہ غافلوں کے ساتھ معاشرت پر یا غاروں کی طرف منحرف لوگوں پر یا تنہا رہنے والے نیک لوگوں پر بھی دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سنیان (ایک درخت کا نام)

اس کو خواب میں دیکھنا کسی ایسے راز پر دلالت کرتا ہے جو اس کے اور کسی کے درمیان ہو اور اس پر کوئی اور مطلع نہ ہو۔

## سیاج البساتین (باغوں کی باڑ)

(۱) اگر باڑ خواب میں باغ کے اندر دیکھی اور دیکھا کہ اس کی جگہ پر پھل ہے تو یہ دین کے فساد دنیا کے ضیاع' لشکر کی خرابی' توبہ کا ٹوٹنا' جاھلوں کو مقدم' اہل علم کو مؤخر کرنا' مرتد ہونا' دین سے پھر جانا' یا عام لوگوں کا بلند ہونا اور خاص لوگوں کے پست ہونے پر دال ہوتا ہے (۲) اگر درختوں کی جگہ سخت دیوار یا مضبوط قلعہ یا خندق دیکھی تو یہ دیکھنے والے کے لئے زیادہ قوت' رکاوٹ اور رتبہ کی بلندی کی علامت ہے' اور باڑ دین پر دلالت کرتی ہے (۳) درختوں کا باقی حصہ دین کے وظائف پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ باڑ بادشاہ کے قلعہ پر دلالت کرتی ہے اور اُسکے علاوہ درخت ارباب حکومت پر (۴) اگر باغ اس کے مالک پر دلالت کرے تو مذکورہ باڑ اس کے اہل خانہ قریبی رشتے اور اسکے کام پر دلالت کرتی ہے اور اگر باغ دنیا پر دلالت کرے تو باڑ سے مراد اس کی اولاد ہیں جس میں بلند اور گرے ہوئے اور سخی اور بخیل سب شامل ہیں اور بعض دفعہ باڑ اس کے مالک کے دین اور کام پر اور ان چیزوں پر جو اُسے آخرت کے عذاب سے بچاتا ہے پر دلالت کرتا ہے۔

## سرو (درخت سرو)

اس کو خواب میں دیکھنا کسی خوبصورت عورت یا کسی مرد جو صرف بات کرے اور اس پر عمل نہ کرے' پر دال ہوتا ہے اور بعض دفعہ اس کو خواب میں دیکھنا سفر کرنے اور چلنے پر دلالت کرتا ہے اور سرو بے اولاد شخص پر دلالت کرتا ہے اور کہا گیا کہ سرو لمبی زندگی پر بھی دلالت کرتا ہے اور کہا گیا کہ سرو کسی سخی لڑکی پر دلالت کرتا ہے۔

## سنبل الزرع الاخضر (سبز کھیتی کا خوشہ یا بالی)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا کسی اکھٹے مال پر دلالت کرتا ہے جو کہ کئی گنا ہو جاتا ہے (۲) جو خوشہ' کہ سبز ہو اور ٹہنی پر کھڑا ہو تو وہ رزق اور خوشحالی کی بشارت ہے (۳) خشک قحط اور خشک سالی کی علامت ہے (۴) بعض دفعہ گندم کا خوشہ سختی اور شدت پر دلالت کرتا ہے جیسا کہ ہر سنبل اجر کی زیادتی کی علامت ہے اور بعض دفعہ خوشے' دنیا کے سالوں اور مہینوں پر اور دنوں پر بھی دال ہوتے ہیں۔ اور بعض دفعہ دنیا کے احوال خزانوں اور دفن شدہ چیزوں پر دلالت کرتا ہے (۵) اکھٹے خوشے جو کسی آدمی کے ہاتھ میں ہوں یا کھلیاں میں یا کسی برتن میں ہوں تو اس سے مراد مال ہوتا ہے کہ جس کو اس کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مالک دوسروں کی کمائی سے پاتا ہے یا علم جسے حاصل کرتا ہے اور جس نے مختلف خوشے چنے کسی کھیت سے کہ جس کے مالک کو وہ جانتا ہو تو وہ اس سے متفرق مال پائے گا۔

## سدر (بیری کا درخت)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا کسی معزز چھپی ہوئی عورت پر دلالت کرتا ہے اور بیری کا درخت سخی' عالم اور خوشحال پر دلالت کرتا ہے جس قدر وہ بیری یا اس کا پھل ہے اسی قدر خوشحال ہوگا (۲) جس نے اس کو دیکھا تو اس کا کام بلند ہوگا اور وہ تقویٰ اور علم پائے گا' اور جس نے بیر کھایا تو وہ بہت سخت بیمار ہوگا (۳) جس نے دیکھا کہ وہ بیری کے درخت پر چڑھا تو وہ غم اور شدت پائے گا۔

## سنط (ایک درخت کا نام)

اس کا خواب میں دیکھنا کنجوسی اور شریر اور جہنمیوں والے کسی کام پر دلالت کرتا ہے۔

## سمسم (تِل)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا رزق اور حلال مال پر دلالت کرتا ہے (۲) اس کا جوس یا اسکا آٹا مال' عزت اور قوت پر دلالت کرتا ہے اور ایسے ہی جتنے بھی دانے ہیں (۳) جس نے دیکھا کہ وہ تل بیچ رہا ہے تو وہ کوئی مشہور ولایت یا بہت زیادہ تجارت یا زہد یا نام یا خوشی پائے گا' اور اس کا خشک اس کے تر سے تعبیری حوالے سے زیادہ قوی تر ہوتا ہے۔ (۴) اس میں سے تلے ہوئے کو دیکھنا برائی اور تھکاوٹ پر دلالت کرتا ہے اور کہا گیا کہ تل اور رائی صرف طبیبوں کے لئے بھلائی ہے اور ان کے علاوہ لوگوں کے لئے کسی گرم بیماری پر دلالت کرتا ہے اور جس نے سمسم ''تل'' کو دیکھا تو وہ اُسے نقصان پہنچائے گی اس لئے کہ اس میں لفظ سم ''زھر'' دو مرتبہ ہے۔

## سلق (چقندر)

اس کو خواب میں دیکھنا چیز اور رزق پر دلالت کرتا ہے اور چقندر کو اگر صفائی اور درستگی اور پکنے سے پہلے کھایا جائے تو یہ دلیل ہے اس قرضہ پر جو آدمی کو لازم ہوگا اور شبہات کے آنے پر یا پیٹھ پھیرنے پر یا حائضہ عورتوں پر اور سلق خواب میں کلام پر دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سفرجل بہی (بہی کا درخت)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا بیماری پر دلالت کرتا ہے (۲) جس نے دیکھا کہ وہ اس کو کھا رہا ہے اور وہ بیمار تھا تو تندرست ہوگا' اور اگر والی تھا تو وہ اپنی آرزو کو ولایت کے ذریعے حاصل کریگا' اور اگر اُس کو کوئی تندرست آدمی کھائے تو وہ ہدایت پائے اور اگر تاجر ہو تو نفع پائے گا (۲) جس نے دیکھا کہ وہ سفرجل کو نچوڑ رہا ہے تو وہ تجارت کے لئے سفر کریگا اور بہت زیادہ منافع پائے گا' اور اس کا درخت اس آدمی پر دلالت کرتا ہے جو دور اندیش ہو اس سے انتفاع نہ کرتا ہو صفرۃ کی وجہ سے۔ کہا گیا کہ سفرجل کا خواب میں دیکھنا بیکار ہے کہ جس وقت اس پر قابض ہو' اور سبز سفرجل زرد سے بہتر ہے اور سفرجل کسی بہت عظیم سفر پر دال ہوتا ہے اور بعض دفعہ کنجوسی پر اور بعض دفعہ رازوں کی حفاظت پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ اس میں پکڑ ہوتی ہے۔ اور سفرجل کسی خوبصورت اور عظیم عورت پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اور اکثر ماہرین تعبیر نے سفرجل کو ناپسند سمجھا ہے اور کہا کہ وہ بیماری کی علامت ہے اس لئے کہ اس کا رنگ بہت زرد ہوتا ہے اور اس لئے کہ اس میں قبض ہوتا ہے اور میں کہتا ہوں کہ چاہئے کہ اس کی زردی شاید سونے پر دلالت کرتی ہو اور اس کا قبض کرنا کسی چہرے کو قبض کرنے پر دال ہو اور کہا گیا کہ وہ سفر پر دلالت کرتا ہے اور بعض قوم نے کہا ساتھیوں کے ساتھ سفر پر دلالت کرتا ہے اور بعض نے کہا کہ اس سفر پر دلالت کرتا ہے جس میں خیر نہ ہو اور بعض نے کہا کہ سفرجل دیکھنا ہر حالت پر محمود ہے۔

## سوسن (ایک پودا)

اس کو خواب میں دیکھنا برائی اور ناپسندیدہ چیز پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ لفظ سوء اس کا ایک حصہ ہے اور سوسن سنت اور سال پر بھی دلالت کرتا ہے اور کہا گیا کہ جس نے خواب میں سوسن کو دیکھا تو یہ کسی برے طریقے پر دال ہے۔

## سجن (قید خانہ)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا اگر وہ شریعت کی جیل ہو تو دین کے التزام پر دلالت کرتا ہے اور اگر بادشاہ کی جیل ہو تو غم اور پریشانی کی علامت ہے مذمت کی وجہ سے یا منافقت کی وجہ سے (۲) مجھول قید خانہ دنیا پر دلالت کرتا ہے اور جیل ناراض بیوی پر دلالت کرتی ہے اور تھکا دینے والے کام پر بھی اور بعض دفعہ اسکی دلالت خاموشی پر ہوتی ہے (۳) زبان کا قید ہونا بکواس کرنے پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ دشمن کے مکر کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے اور یہ تہمت اور اکابر سے قرب پر بھی دلالت کرتا ہے اور قبر پر اور دین پر اور بیماری یا ہمت نہ ہونے کیوجہ سے سفر سے عاجز ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے اور فقر اور راحت نہ ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے (۴) جیل میں داخل ہونا لمبی عمر اور دوستوں سے ملاقات پر دلالت کرتا ہے اور جیل کا خواب میں دیکھنا بعض دفعہ غم اور رنجیدگی پر بھی دلالت کرتا ہے (۵) جس نے اپنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لئے قید کو اختیار کیا تو وہ گناہوں سے بچ جائیگا (۶) جس نے دیکھا کہ وہ جیل سے نکلا تو وہ بیماری سے بچ جائیگا (۷) اگر قیدی آدمی نے دیکھا کہ قید خانہ کے دروازے کھلے ہوئے ہیں تو وہ قید خانہ سے نجات پائے گا (۸) ایسا ہی اگر اس نے اس میں کوئی سوراخ دیکھا کہ روشنی اس میں داخل ہو رہی ہے یا اس نے دیکھا کہ اس کی چھت پھٹ گئی اور ستارے ظاہر ہو گئے تو یہ جیل مسافر کے لئے عافیت اور بیماری کے لئے موت پر دال ہے (۹) جس نے دیکھا کہ وہ بادشاہ کی جیل میں ہے اور بندھا ہوا ہے تو اُسے کوئی ناپسندیدہ کام پیش آئیگا یا وہ کسی غم میں مبتلا ہوگا جس میں وہ آزادی اور نکلنے کی خواہش کرے گا (۱۰) اگر اس نے دیکھا کہ وہ اس سے نکل گیا تو وہ غم سے نکل جائیگا' اور اگر وہ مسافر ہو تو یہ اس کی غفلت پر دال ہے' اور اگر وہ بیمار ہو تو یہ طویل مرض کی علامت ہے۔ اور کہا گیا کہ جس نے دیکھا کہ وہ جیل میں ہے تو یہ کسی مستجاب دعا پر اور غم اور پریشانی سے نکلنے پر دلالت کرتا ہے حضرت یوسف علیہ السلام کے قصہ کی وجہ سے (۱۱) جس نے دیکھا کہ وہ کسی ایسی جیل میں ہے کہ جس کا مقام جس کے رہائشی اور جس کا طریقہ سب غیر معروف ہیں اور وہ اس سے نہ نکلے تو وہ اس کی قبر کی علامت ہے (۱۲) جس نے دیکھا کہ وہ کسی مجهول قبر سے نکلا یا کسی تنگ گھر سے نکلا کسی وسیع فضاء کی طرف تو اگر وہ بیمار یا پریشان ہو تو راحت اور خوشحالی کی طرف نکلنے کی بشارت ہے (۱۳) جس نے دیکھا کہ وہ گھر میں بندھا ہوا ہے تو یہ خیر پائے گا یا اپنے اہل میں خیر پائے گا (۱۴) جس نے دیکھا کہ وہ ایسے گھر میں قید ہوا جسے وہ نہیں جانتا۔ تو وہ کسی عورت سے شادی کریگا کہ جس سے مال اور اولاد حاصل کریگا۔ (۱۵) جس نے دیکھا کہ وہ بندھا ہوا ہے اور وہ سختی میں تھا تو وہ جس چیز سے ڈر رہا تھا اور خوف کھا رہا تھا اس سے بچ جائیگا (۱۶) جس نے دیکھا کہ وہ قید خانہ بنا رہا ہے تو وہ کسی امام اور ھدایت یافتہ آدمی سے ملیگا کہ جس کے ذریعے سے وہ اس محلّہ والوں کو صحیح طریقہ کی طرف لوٹائے گا' اور جیل حمام پر بھی دلالت کرتی ہے اور بعض دفعہ اس بیماری پر دلالت کرتی ہے جو کام کرنے اور اٹھنے سے مانع ہو اور بعض دفعہ غرور پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ یہ جہنم پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ یہ گناہگاروں کے لئے قید خانہ ہے (۱۷) اگر کسی نے جیل میں کوئی مردہ دیکھا تو اگر وہ کافر ہے تو یہ جہنم کی علامت ہے اور اگر وہ مسلمان ہے تو یہ دلالت ہے کہ وہ اپنے کسی گناہ وغیرہ کی وجہ سے جو اس پر باقی ہے جہنم میں قید ہے' اور سلیم طبیعت کا آدمی اگر اپنے آپ کو جیل میں دیکھے تو اگر وہ مسافر ہے خشکی میں یا کشتی میں تو یہ دلالت کرتا ہے کسی ایسے کام پر جو اُسے پیش آئے گا جیسے بارش' ہوا' یا دلیل ہے دشمن یا کوئی خوف یا بادشاہ کی طرف سے کسی حکم پر اور اگر وہ مسافر نہ ہو تو وہ کسی ایسی جگہ میں داخل ہوگا جہاں وہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کریگا جیسے گرجا یا دارالکفر یا بدعت یا کسی زانیہ کے گھر میں یا شراب پینے میں مبتلا ہوگا۔

## سطح (کسی چیز کا اوپر والا حصہ)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا کسی بلند مرتبہ والی عورت پر دلالت کرتا ہے اور بعض نے کہا کسی بلند مرتبہ مرد کی علامت ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۲) جو چھت پر چلا تو اُسے بادشاہ کی طرف سے کوئی بلا پہنچے گی (۳) موسم گرما میں چھت پر چڑھنا دنیا راحت' کپڑوں غم کے زائل ہونے پر اور بیماریوں کے ختم ہونے پر اور رازدں کے کھلنے پر دلالت کرتا ہے۔

## سقف (چھت)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا کسی بلند مرتبہ مرد پر دلالت کرتا ہے' اگر وہ چھت لکڑی کی ہو تو یہ کسی مغرور آدمی پر دلالت کرتا ہے (۲) اگر اس نے دیکھا کہ گویا چھت گرنے ہی والی ہے تو اُسے کسی بلند مرتبہ شخص سے خوف لاحق ہوگا' پس اگر چھت سے اس پر مٹی گری اور وہ اس کے کپڑوں کو لگی تو اُسے خوف کے بعد مال ملے گا (۳) اگر چھت کا شہتیر ٹوٹ گیا تو صاحبِ گھر کی موت کسی آفت کی وجہ سے ہوگی جو اس پر نازل ہوگی (۴) جس نے دیکھا کہ وہ کسی چھت پر داخل ہوا جس سے اس پر آسمان چھپ گیا تو اس پر چور داخل ہونگے اور اس کا سامان چرائیں گے (۵) جس نے دیکھا کہ اس کی چھت گر گئی تو گھر والا مر جائیگا (۶) جس نے دیکھا کہ اس کے گھر کی چھت سے پانی ٹپک رہا ہے تو یہ کسی میت یا کسی بیمار پر ہو رونے پر دلالت کرتا ہے (۷) جس نے دیکھا کہ بارش اس کے گھر کی چھت کی مٹی کو لے گئی تو وہ مال کے اعتبار سے فقیر ہوگا اور اس سے نعمت چھوٹ جائیگی (۸) جس نے دیکھا کہ وہ اپنے چھت کے اوپر ہے اور اترنا چاہتا ہے لیکن اتر نہیں سکتا تو وہ قید ہوگا (۹) شہتیر کی تعبیر منافق آدمی سے کی جاتی ہے جو کسی منافق قوم کے کام کا ذمہ لے پس اگر وہ گر گئی تو یہ اس کے مکان سے ہٹ جائیگا' اور اگر ٹوٹ گئی تو وہ آدمی مر جائیگا (۱۰) جس نے دیکھا کہ چھت اس پر گر گئی تو اُسے عذاب پہنچے گا (۱۱) جس نے دیکھا کہ ستارے اس کی چھت کے نیچے ہیں تو اس کی چھت خراب ہو جائیگی یہاں تک کہ اس سے ستارے نظر آنے لگیں گے۔

## سور (فصیل)

(۱) شہر کی فصیل کو خواب میں دیکھنا مجاھدوں پر یا کسی طاقتور بادشاہ یا اپنی چیزوں کی حفاظت کرنے والے رئیس پر دلالت کرتی ہے اور بعض دفعہ فصیلِ شہر کسی عابد یا عالم پر دلالت کرتی ہے۔ اور بعض دفعہ دلالت کرتی ہے شریعت پر جو حق و باطل کے درمیان فصل کرنے والی ہوتی ہے اور بعض دفعہ یہ خوشی پر دلالت کرتی ہے پس اگر فصیل' والی یا شہر کے حاکم پر دلالت کرے تو شریف اور معزز لوگ اس کے تابع اور خدمت گار ہونگے' اور اگر فصیل مال پر دلالت کرے تو شریف اور معزز لوگ اس کے ہتھیار اور ذخیرہ ہوں گے۔ اور اگر فصیل بادشاہت پر دلالت کرے تو شریف اور معزز لوگ اس کے محافظ اور رات کو اس کے گرد پھرنے والے ہونگے (۲) جس نے دیکھا کہ وہ کسی فصیل پر ہے تو یہ دشمنوں سے امن کی علامت ہے یا جس چیز سے ڈر رہا ہے اس سے حفاظت کی علامت ہے (۳) جس نے دیکھا کہ اس نے اپنے اوپر یا اپنے گھر کے ارد گرد فصیل بنائی تو اگر وہ بادشاہ ہو تو یہ اس کے لئے دشمن اور رعیت سے حفاظت ہے اور اگر وہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فقیر ہوتو مال حاصل کریگا اور اگر کنوارا ہوتو شادی کریگا (۴) جس نے دیکھا کہ شہر کی فصیلیں گری ہوئی ہیں تو اس کا عامل مرے گا یا عامل ہونے سے معزول ہوگا (۵) جس نے دیکھا کہ اس میں کوئی شگاف پڑ گیا یہاں تک شہر میں شیر داخل ہوگیا یا سیلاب یا چور داخل ہو گئے تو اس میں اسلام کا حکم کمزور ہوگا اور علم کا بازار ماند پڑ جائیگا (٦) نا معلوم فصیل اسلام، علم، قرآن، مال، امان، تقویٰ، دعا اور ہر وہ چیز جس سے دشمن سے بچا جائے اور ہر برائی سے علم کی طرف سے یا بیوی یا شوہر یا خوف یا شہر یا اولاد وغیرہ کی طرف سے پر دلالت کرتی ہے (۷) اگر اس نے دیکھا کہ شہر کی فصیل اس طرح چل رہی ہے جس طرح جانور چلتا ہے تو وہ اس حصہ کی طرف سفر کریگا جس طرف فصیل چل کر گئی، اور اگر اس کے اوپر ہو تو اس کے ساتھ ساتھ سفر کریگا۔

## سوار (کنگن)

(۱) جس آدمی نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں کنگن ہیں تو اس سے مراد تنگی ہے (۲) اگر وہ کنگن سونے یا چاندی کے ہو تو کسی نیک آدمی پر دلالت کرتے ہیں جو خیرات وغیرہ کرنے کی کوشش کرتا ہو اور اگر اس کے دشمن ہوں تو اللہ تعالیٰ اس کی مدد کریں گے (۳) اگر اس نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں سونے کا کنگن ہے تو اس کے ہاتھ رک جائیں گے (۴) اگر کسی بادشاہ نے اپنی رعایا کے ہاتھوں کے کنگنوں کو دیکھا تو وہ ان سے نرمی کریگا اور ان سے عدل کریگا، اور وہ کام اور معیشت اور برکت پائیں گے اور اسکی سلطنت باقی رہے گی (۵) اگر بادشاہ کے ہاتھ میں کنگن پہنائے گئے تو یہ کوئی فتح ہے جو بادشاہ کے ہاتھ پر ہوگی اور اس کے ساتھ اس کو شہرت اور ناموری حاصل ہوگی اور کنگن کسی مذکر اولاد پر دلالت کرتا ہے اور اس کی طرف سے رشتہ داروں سے صلہ رحمی پر دلالت کرتا ہے اور کنگن خادم پر بھی دلالت کرتا ہے اور عورت کا کنگن دیکھنا ان نعمتوں پر دلالت کرتا ہے جو نعمت اور خوشی میں سے اس کو حاصل ہو (٦) جس نے چاندی کا کنگن دیکھا تو اس کا مال بڑھے گا۔ اور مردوں کے لئے کنگن پہننا غم کی علامت ہے اور عورتوں کے لئے زینت کی دلیل ہے اس لئے کہ یہ اس کے زیور میں سے ہے (۷) اگر یہ کنگن مُردوں کے پاس دیکھے ہوں تو وہ جنت میں ہونگے اور کہا گیا کہ سونے کا کنگن پہننے والے کے لئے میراث کی علامت ہے اور کنوارے کے لئے شادی کی بشارت ہے اور اس کی تعبیر لڑکے سے بھی کی جاتی ہے اور کہا گیا کہ چاندی کے کنگن خواب میں پہننے والے کے لئے دین اور تقویٰ پر دال ہیں اس لئے کہ یہ جنت کے زیورات میں سے ہیں اور کنگن معزز اور مالدار اور خوبصورت لوگوں کے لئے عزت کی علامت ہے اگر وہ سونے یا چاندی کے ہوں (۸) اگر وہ کھاد یا ہڈی یا ہاتھی دانت کے ہوں تو بعض دفعہ یہ باندیوں اور رذیل قسم کے آزاد لوگوں پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ کنگن پہننا آدمی کے لئے بادشاہت ملنے کی دلیل ہے یا حق سے گمراہی اور جھوٹ کی طرف نکلنے پر دلالت کرتا ہے، اور بعض دفعہ یہ محبت پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ اس پر دلالت کرتا ہے جو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شہر میں واقع ہو یا جو اس میں داخل ہو یا جو اس میں سے نکلے۔

## سوق (بازار)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا مسجد پر دلالت کرتا ہے جیسا کہ مسجد دیکھنا بازار پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ یہ جنگ پر دلالت کرتا ہے جس میں ایک قوم فائدہ اٹھاتی ہے اور ایک قوم نقصان اٹھاتی ہے اور اللہ تعالیٰ نے جہاد کو بھی تجارت شمار کیا جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ﴿ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ ﴾ ''کیا نجات دینے والی تجارت کی طرف تمہاری رہنمائی کروں'' تو بازار والے بھی ایک دوسرے کے مقابلے میں کوشش کرتے ہیں (۲) جس نے اپنے آپ کو کسی مجھول بازار میں پایا کہ اس سے کوئی چیز گم ہوگئی یا اُسے کوئی نفع حاصل ہوا یا اُسکے سامان میں خسارہ ہوا تو اگر وہ جہاد میں ہے تو اس سے شہادت رہ جائے گی اور وہ بھاگ جائے گا اور اگر وہ حج میں ہے اس کا حج رہ جائیگا یا خراب ہو جائیگا اور اگر وہ طالبعلم ہے تو اس سے علم رک جائیگا یا اس سے کوئی مقام رہ جائیگا یا وہ اللہ تعالیٰ کے لئے اس کو حاصل نہیں کریگا' اور اگر ان میں سے کوئی چیز نہ ہو تو اس سے جمعہ کی نماز مسجد سے رہ جائے گی۔ (۳) جس نے بازار میں خرید وفروخت میں چوری کی تو اگر وہ مجاھد ہو تو مال غنیمت میں خیانت کریگا اور اگر حاجی اور محرم ہے تو وہ شکار کریگا یا جماع کریگا یا فائدہ اٹھائے گا اور اگر عالم ہو تو اپنے مناظرہ میں ظلم کریگا یا فتاویٰ میں خیانت کریگا ورنہ نماز میں رکوع اور سجود کو مکمل نہیں کریگا اس لئے کہ یہ سب سے بدترین چوری ہے (۴) مشہور بازار کو جس نے لوگوں سے بھرا ہوا دیکھا [illegible]۔ میں آگ دیکھی یا دیکھا کہ اس کو سیراب کرنے والی نہر صاف ہے اور اس کے درمیان میں جاری ہے یا بھوسہ اس کے اطراف میں جمع ہے یا اس میں اچھی خوشبو چل رہی ہے تو اس بازار والوں کی معیشت ہی بدل جائے گی اور اس کو نفع ملیگا اور اس میں نفاق آئیگا (۵) اگر دیکھے کہ بازار والے اونگھ رہے ہیں یا دیکھا کہ دوکانیں بند ہیں یا دیکھا کہ مکڑیوں نے دکانوں یا سامان پر اپنے جالے بن لئے ہیں تو یہ بازار گھاٹے میں جائے گا یا اس کے رہنے والے چھٹی کرینگے (۶) اگر کسی نے دیکھا کہ ایک بازار دوسرے بازار میں منتقل ہوگیا تو اس پہلے بازار والوں کی حالت دوسرے بازار والوں کی طرح ہو جائے گی جیسا کہ کپڑے بیچنے والے اور دھوبیوں کا بازار تو کپڑے بیچنے والوں کا نفع بڑھ جائے گا کہ انکا سامان وغیرہ مختلف نکلے گا (۷) اگر اس میں مٹی کی اشیاء بنانے والے اور مشکیزہ دیکھے تو انکا نفع کم ہوگا اور ان کی معیشت کم زور ہوگی (۸) اگر اس نے اس میں خوف ہراس دیکھے تو ان پر آگ گرے گی یا بھڑکے گی یا وہ بازار گر جائے گا اور بعض لوگوں نے کہا کہ بازار کی تعبیر دنیا ہے (۹) جس نے اس کو کشادہ دیکھا تو وہ وسیع دنیا دیکھے گا اور کہا گیا کہ بازار اضطراب اور شور شرابہ پر بھی دلالت کرتا ہے بوجہ اس مخلوق کے جو اس میں جمع ہوتی ہے اور جو بازار میں رہتا ہے تو اس کے لئے یہ خیر کی دلیل ہے (۱۰) اگر اس میں بہت زیادہ مخلوق کام کرتے دیکھے اور بازار ٹھنڈا ہو تو یہ گاہکوں کی سستی پر دلالت کرتا ہے۔ اور بازار فوائد اور رزق پر اور نئے کپڑوں پر اور بیماریوں سے شفاء پر دلالت کرتا ہے اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بعض دفعہ بازار جھوٹ غم ناراضگی پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ یہ حمام پر دلالت کرتا ہے اور ہر ایسی جگہ پر دلالت جہاں لوگ جمع ہوتے ہوں جیسے مسجد اور گرجے اور چرچ وغیرہ پر اور بازار دلالت کرتا ہے سمندر پر جو کہ مختلف قسم کی مچھلیوں کو جمع کرنے والا ہے جس میں سے ایک دوسرے کو کھا جاتی ہے اور بازار مال کی سلامتی کی علامت ہے' اور بازار کنواروں اور مجرد لوگوں کے لئے گناہ میں واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے یا دنیا کی طرف میلان نہ ہونے کی علامت ہے اور بعض دفعہ یہ تواضع اور انکسار پر دلالت کرتا ہے خصوصاً جبکہ اس کے پاس خواب میں کوئی چیز ہو جسے وہ اٹھائے ہوئے ہو (۱۱) اگر وہ بازار میں اونچی آواز سے اللہ کا ذکر کرنے والا ہو تو یہ دلالت کرتا ہے کہ وہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کریگا (۱۲) اگر اس نے بازاروں کو خالی اور بازار والوں کو مردہ پایا تو یہ کساد بازاری اور ظلم یا مال کی ہلاکت' اشیاء کے مہنگا ہونے پر دلالت کرتا ہے یا ان تکالیف پر دلالت کرتا ہے جو اس کے لئے ضروری ہیں جیسے کہ کنوارے کے لئے شادی شدہ ہونا یا اولاد کی تجدید یا علم یا کوئی کام پر اور حج کے طلب پر اور زکوٰۃ کی ادائیگی پر اور جہاد فی سبیل اللہ پر یا قیام اللیل پر یا بیع وشراء پر یا رھن یا پر دلالت کرتا ہے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا (۱۳) بعض دفعہ انسانوں کا بازار اس کی کتاب یا وعظ یا قرأت یا اس کی حکمت یا اس کے منصب یا اس کے کھیل کو دیا اس کے وعظ یا قرأت میں غلطی کرنے پر دلالت کرتا ہے اور ہر بازار کی اپنی اپنی تاویل ہے (۱۴) کتابوں کا بازار ہدایت' تو بہ' حکومت' برائیوں اور جھگڑوں پر دلالت کرتا ہے (۱۵) مطبوں کا بازار بیمار کے لئے شفاء پر دلالت کرتا ہے (۱۵) خوشبو کا بازار اچھی خبروں' بیوی اور اولاد پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۶) مٹھائیوں کا بازار ایمان اور اسلام پر دلالت کرتا ہے (۱۷) بیجوں کا بازار بلندی پر' تجدید ازواج' منصب' رزق پر اور کاموں کو چھپانے پر (۱۸) رنگریزوں کا بازار خوشیوں اور زینت اور شادیوں اور اولاد پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۹) جوھریوں کا بازار اللہ کے ذکر کے حلقوں اور علم کے اسباق پر دلالت کرتا ہے اور صرافہ بازار نظم اور نثر جاننے پر اور کلام کی اصلاح پر اور فقر کے بعد مالداری پر اور اپنے منصب پر بھی دلالت کرتا ہے اس لئے کہ اس میں بھی باتوں کا تبادلہ ہوتا ہے (۲۰) پیتل اور تانبے کا بازار خوشی ہونے پر دلالت کرتا ہے یا ناراضگی' سر پھٹنے پر اور کنوارے کے لئے شادی پر اور اولاد کے ذریعے خوشی اور محبت پر اور امام کے ساتھ (۲۱) اسلحہ کا بازار جنگ' جھگڑے اور دشمن پر غلبہ پر دال ہوتا ہے' (۲۲) غلاموں کا بازار عزت اور مرتبہ اور عجیب وغریب خبروں پر مطلع ہونے پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ یہ جانوروں کے بازار پر دلالت کرتا ہے (۲۳) اون اور کھالوں کا بازار فائدوں اور رزق پر دلالت کرتا ہے اور میراث سے مال ملنے پر دلالت کرتا ہے (۲۴) روئی کا بازار نشو ونما اور رزق پر اور باطل سے حق کی طرف نکلنے پر (۲۵) بیجوں کا بازار نسل اور نفع پر اور کھیتی باڑی سے فائدہ پر اور سبزیوں کا بازار ذخیرہ اندوزی اور معیشت کی تنگی پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ مشکل کی آسانی پر دلالت کرتا ہے (۲۶) مچھلی بازار دلالت کرتا ہے رزق اور پے در پے حلال فائدوں پر اور اہل واقارب کے جمع ہونے پر یا سمندر کی خبروں کے حصول پر (۲۷) گوشت کا بازار جنگ کی خبر پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ اس میں خون بہتا ہے اور اس میں لوہا ہوتا ہے (۲۸) تیل اور گھی اور شہد بیچنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



والوں کا بازار شہوات کے اٹھنے پر اور امراض سے شفاء پر اور قصابوں کا بازار غموں اور پریشانیوں پر دلالت کرتا ہے (۲۹) سفروں والا بازار بحری سفر پر (۳۰) زینوں والا بازار خشکی کے سفر پر دلالت کرتا ہے اور فروٹ مارکیٹ نیک اعمال' علوم اور اولاد پر دلالت کرتا ہے (۳۱) مترجموں کا بازار خوشیوں اور مسرتوں پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ عجمیوں کے ساتھ جھگڑے پر دلالت کرتا ہے (۳۲) جائیداد کے خرید وفروخت بازار مالوں اور رازوں کی حفاظت پر دلالت کرتا ہے (۳۳) گندم کا بازار نرمی پر اور خوف سے امن پر دلالت کرتا ہے (۳۴) لکڑی کا بازار منافقت تفرقہ اور اکھٹا ہونے پر دلالت کرتا ہے (۳۵) لوہے کا بازار شر اور ناراضگی اور جھگڑوں اور سختی اور شدت پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ رزق اور نفع پر دلالت کرتا ہے۔ (۳۶) ریشم کا بازار عزت مال اور اچھے کام پر دلالت کرتا ہے (۳۷) شمع کا بازار گناہگار کے لئے توبہ پر اور گمراہ کے لئے ھدایت پر دلالت کرتا ہے (۳۸) موزوں کا بازار سفروں پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ جانوروں کے بازار' باندیوں یا غلاموں کے بازار پر بھی دلالت کرتا ہے (۳۹) خیموں کا بازار سفروں پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ مُردوں کے لئے کفنوں کے بازار پر دلالت کرتا ہے (۴۰) حجاموں کا بازار غموں' ناراضگی' بیماری' قرضوں اور پریشانیوں پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ گواہوں کے بازار پر دلالت کرتا ہے (۴۱) سبزیوں کا بازار بندش کے ذریعے بیماریوں پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ یہ پیسہ کے بازار پر دلالت کرتا ہے (۴۲) صندوقوں کا بازار حفظ' سمجھ اور حفاظت پر دلالت کرتا ہے (۴۳) کھانے وغیرہ کا بازار بیماریوں سے شفاء پر اور حاجتوں کے پورے ہونے پر دلالت کرتا ہے (۴۴) شیشہ کا بازار ریاء کاری' منافقت اور چغلخوری پر دلالت کرتا ہے (۴۵) چاندی کا بازار کپڑوں کے بازار پر دلالت کرتا ہے اور باتوں پر اور مظلوم کی مدد پر اور ظالم سے انتقام پر دلالت کرتا ہے اور قاضیوں اور وزیروں اور امیروں کے لئے بازار دیکھنا مناسب کام کرنے کی دلیل ہے۔

## سقاطۃ الباب (دروازہ کی دھلیز)

اس کو خواب میں دیکھنا دروازہ کے چوکیدار پر دلالت کرتا ہے خواہ وہ کتا ہو یا کوئی عجمی غلام۔

## سدہ البیت او المسجد (گھر یا مسجد کا دروازہ)۔

اس کو خواب میں دیکھنا ان چیزوں پر دلالت کرتا ہے جنہیں انسان پہنتا ہے اور خوبصورتی حاصل کرتا ہے یا اس مال پر جو اُس کے حال پر پردہ ڈالتا ہے اور بعض دفعہ پردہ پیٹ میں رکی ہوہواء پر بھی دلالت کرتا ہے' اور بعض دفعہ یہ بات کو سمیٹنے اور پھیلانے پر بھی دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ یہ کسی خوبصورت عورت پر جو کاملۃ الاوصاف پورے قد والی بڑے مرتبے والی ہو اور کثیر نسل والی پر دلالت کرتا ہے (۲) جس نے دیکھا کہ اس نے اپنے لئے دروازہ خریدا اور دیکھا کہ وہ اس پر ہے تو یہ خادم کے نکاح پر دال ہے یا اُسے یا اس کے خادم کو کوئی تکلیف پہنچے گی یا اس کی بیوی کو کوئی تکلیف پہنچے گی۔ اور جس نے اپنے آپ کو اُس کے نیچے دیکھا تو وہ ایک برائی کے نیچے ہے اور اگر مریض کو دیکھا کہ اس کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دروازہ پر اٹھایا جا رہا ہے تو یہ اس کی موت کی چارپائی ہے۔

## سرب الارض (شکار کے لئے گڑھا کھودنا)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا مکر و فریب پر دلالت کرتا ہے پس جس نے کسی انسان کے لئے گڑھا (سرب) کا کھودا تو وہ اس سے مکر کریگا (۲) اگر وہ خود اس میں داخل ہو گیا تو اس کا مکر اس پر لوٹ آئیگا (۳) جس نے دیکھا کہ وہ سرب میں داخل ہو گیا یہاں تک کہ اس کو آسمان نظر نہیں آرہا تو اس پر چور داخل ہونگے اور اس کا سامان چوری کرینگے اور اگر وہ مسافر ہو تو لوٹا جائیگا۔ (۴) اگر اس نے اس سرب سے نماز کے لئے وضو کیا اور اگر وہ مسافر ہو تو لوٹا جائیگا۔ اور اگر اس نے اس سرب سے نام کے لئے وضو کیا تو وہ چور پر غالب آجائے گا یا اس میں جلدی سے غوطہ لگا لیا اور اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہو گئیں اس لئے کہ وضوء تعبیر میں سرب سے بہت قریب ہے اور ایسا ہی اگر اس نے اس میں شور کیا' اور اگر اس پر کوئی قرضہ ہو تو اللہ تعالیٰ اس قرضہ کو اتار دیں گے۔ اور اگر وہ گنا ہگار ہو تو اللہ تعالیٰ اسے بخش دینگے اور اگر وہ قیدی ہو تو اس کے لئے کشادگی کی راہیں کھل جائینگی اور اگر اس نے دیکھا کہ اس نے یا کسی اور نے جو گڑھا کھودا تو اس میں سے کسی نے اس کے لئے جاری پانی یا ٹھہرا ہوا پانی نکالا تو یہ معیشت میں سازش کرنے کی علامت ہے کھونے والے کے لئے۔

## سراب القفر (سراب)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا ایسے باطل کام کرنے پر دلالت کرتا ہے جو پورا نہیں ہوگا (۲) جس نے سراب دیکھا اور اس کو کسی چیز کی لالچ ہے جس کی وہ آرزو کرتا ہے تو وہ اس چیز سے محروم ہوگا اور اُسے حاصل نہیں کر پائے گا (۳) اور خواب میں سرب کا دیکھنا دین میں نفاق اور کفر پر دلالت کرتا ہے یا دنیا اور اس کی زینت کی طرف مائل ہونے کی علامت ہے' اور بعض دفعہ سراب کا دیکھنا اس چیز کی خواہش اور آرزو پر دلالت کرتا ہے' جس کو وہ نہیں پا سکتا (۴) اگر دیکھنے والا گمراہ ہو تو وہ جھوٹا گواہ ہوگا یا بدعتی عالم ہوگا' اور بعض دفعہ سراب اس خواب پر دلالت کرتا ہے جس کی کوئی حقیقت نہیں ہوتی اور بعض دفعہ یہ دلالت کرتا ہے کہ جس طرف اس نے سراب دیکھا تھا اس طرف کوئی مکر و خداع ظاہر ہوگا۔

## سیج (باڑ لگانا)

اس کو خواب میں دیکھنا مشتبہ مال پر اور دوستی کا دعویٰ کرنے والے پر دلالت کرتا ہے اور اگر بیوی حاملہ ہو تو بیٹے کے تولد پر۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سفتجہ (ڈرافٹ/چیک)

جسے تاجر آپس میں صلبان کہتے ہیں (۱) جس نے خواب میں دیکھا کہ اس نے کسی آدمی کو مال دیا کہ وہ اس کو سفتج لکھ کر دے اوپر کے کسی بڑے شہر کے تو وہ کسی آدمی سے قرض لے گا کہ جس میں اس سے تجارت اور نفع کی امید ہوگی تو اس میں اُسے نفع ہوگا اور اس طرح کا اور کام چاہے کرے گا اور اس کا مرتبہ بلند ہوگا پس اگر اس نے سفتج سے کسی کمتر شہر یا اس جیسے شہر کے لئے لیا تو اُسے خسارہ ہوگا یا اصل مال تک ہی پہنچے گا۔

## سماع (سننا)

(۱) خواب میں قرآن پاک یا حضور ﷺ کی مدح یا خطاب سننا ہدایت' توبہ اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے پر دلالت کرتا ہے (۲) اگر اس نے اس کے علاوہ کوئی اور چیز سنی تو وہ اللہ تعالیٰ کے اس قول میں داخل ہوگا ﴿وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَسْمَعُوْا ﴾ ''اگر ہدایت کی طرف آپ ان کو بلاتے ہیں تو نہیں سنتے'' اور بات کو چرانا یعنی چوری چھپے سننا جھوٹ اور چغلخوری پر دلالت کرتا ہے اور بعض بات کو سننے والا آدمی بعض دفعہ بادشاہ کی طرف سے کسی ناپسند بات سننے پر دلالت کرتا ہے (۳) اگر اس نے دیکھا کہ اس کو سنایا جا رہا ہے تو اگر وہ تاجر ہو تو بیع کے عقد کا اقالہ کریگا اور اگر وہ والی ہو تو معزول ہوگا (۴) اگر اس نے دیکھا کہ وہ کسی انسان سے سماع کر رہا ہے تو وہ اس کے راز کھولنے اور بے عزتی کا ارادہ کر رہا ہوگا (۵) جس نے دیکھا کہ وہ کوئی باتیں سن رہا ہے اور اس میں سے اچھی باتوں کا اتباع کر رہا ہے تو وہ خوشخبری پائیگا (۶) جس نے سماع دیکھا تو وہ جھوٹ بولیگا اور اسکی عادت بنائے گا (۷) خواب میں آوازوں کے سننے کی تعبیر دکھلاوے کے وعظ پر دلالت کرتا ہے جو اس کے لائق ہو (۸) بنی آدم کا شور رزق اور فائدہ پر دلالت کرتا ہے (۹) جانوروں کی آواز غموں اور تکالیف پر خوف پر (۱۰) گھوڑے کا ہنہنانا عزت اور قوت پر (۱۱) کتے کا بھونکنا ایسی بات کرنے اور اس پر غور کرنے پر دلالت کرتا ہے جس کا فائدہ نہ ہو (۱۲) چیتے کی گرج دلال اور دھوکہ پر۔ (۱۳) کبوتر کا بولنا رونے یا نکاح پر (۱۴) ابابیل کی آواز مفید کلام پر یا قرآن کے سننے پر (۱۵) مینڈک کی آواز مار یا گھنٹی کی آواز پر (۱۶) سانپ کی پھنکار جھگڑے اور کوشش اور ڈرانے پر (۱۷) گدھے کی آواز نکالنا ظلمت پر دلیل ہے (۱۸) خچر کی آواز نکالنا بات اور مشتبہ چیزوں پر غور وخوض پر (۱۹) بچھڑے کی آواز فتنے پر دلالت کرتے ہیں۔ (۲۰) اونٹ کی آواز سفر اور تھکاوٹ پر (۲۱) شیر کا گرجنا اور چنگھاڑنا گمراہی اور خوف اور وعدہ پر (۲۲) بلی کا میاؤں میاؤں کرنا خوشحالی' چغلی اشارہ کرنے' نکتہ چینی اور غیب جوئی پر (۲۳) چوہے کی آواز اجتماع' محبت اور رزق پر۔ (۲۴) ہرن کی آواز وطن کی طرف لوٹنے پر (۲۵) بھیڑئے کی آواز چوری سے ڈرنے پر (۲۶) لومڑی کا چیخنا بھاگنے اور انتقال پر ڈراتا ہے (۲۷) ابن آوی کی آواز اچھے اور برے کاموں پر دلالت کرتی ہیں اور یہ ان شاء اللہ تعالیٰ حرف

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الصاد میں لفظ صورت کے ضمن میں بھی آئیگا۔

## سواداللون (رنگ سیاہ ہونا)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا سرداری پر مال پر اور سیاہ پہننے پر دلالت کرتا ہے اس کے لئے جو اس کا عادی ہو۔ اور جو اس کا عادی نہ ہو اس کے لئے غم اور تکلیف ہے۔ اور ابن سیرینؒ سیاہ چیز کو مال شمار کرتے تھے (۲) جس نے دیکھا کہ اس نے سیاہ اور چھوٹے قد کی عورت سے شادی کی تو اس کی سیاہ رنگت' کثرت مال پر اور اس کا چھوٹا قد چھوٹی عمر پر دلالت کرتا ہے (۳) جس نے دیکھا کہ اُسے سیاہ فام غلام ہدیہ میں دیا گیا تو اُسے سیاہ اون ہدیہ میں ملیں گے (۴) اگر وہ خالص اور صیقل شدہ ہو اور اس میں بالکل سفیدی نہ ہو تو اس سے مراد عزت اور بادشاہ کی طرف سے رفعت اور بلندی ہے' اور کہا گیا کہ سیاہ کا دیکھنا قابل تعریف مقبیں ہے اس لئے کہ اس میں لفظ سوء ہے (۵) بدن میں سیاہی دیکھنا سرداری پر دال ہے اور بعض دفعہ یہ دلالت کرتا ہے کہ دیکھنے والا بہت بڑے گناہ میں واقع ہوگا اور اس پر دعویٰ کیا جائے گا یا وہ اپنے والدین میں سے کسی کی نافرمانی کریگا' اور بعض دفعہ وہ دلالت کرتا ہے کہ وہ ہاتھ یا پاؤں کی پھٹن میں مبتلا ہوگا اور بعض دفعہ اس کی دلالت خوشی پر ہوتی ہے (۶) اگر اس کا چہرہ سیاہ ہو لیکن اس کا باقی جسم سیاہ نہ ہو تو وہ جھوٹے اور مرتد ہونے کی علامت ہے (۷) اگر خواب میں سیاہ چیز سفید ہوگئی تو یہ اچھی تعریف' اور گناہوں کو چھوڑنے اور کفر کرنے کے بعد ایمان لانے پر دلالت کرتا ہے (۸) اگر اس کے ہاتھ سفید ہوگئے اس کے بدن کے علاوہ تو مصلح آدمی کے لئے کرامات کے ظہور پر اور دشمن پر غلبہ پر اور بڑوں سے قرب پر اور بادشاہوں کی زبان پر اُس کا ذکر ہونے پر اور بلندی شان پر دلالت کرتا ہے اور بعض دفعہ سیاہ رنگ کو دیکھنا سفید جسم میں سیاہی کے غلبہ پر دلالت کرتا ہے (۹) سفید رنگ دیکھنا سیاہ جسم میں برص کی بیماری پر دال ہے اور تمام'' سودان'' یہ لفظ سوء دان سے مرکب ہے یعنی برائی کا قریب ہونا اور لفظ حبش یہ حب شئی سے مرکب ہے' یعنی کسی چیز کی محبت۔

## سمرۃ اللون (گندمی رنگ کا ہونا)

اس کو خواب میں دیکھنا اختلاف نسب پر دال ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب الشین

## حضرت شیث علیہ السلام

جس شخص نے حضرت شیث علیہ السلام کو خواب میں دیکھا اس کو نعمت' خوشی' اولاد' پاکیزہ زندگی عطا ہوگی اللہ کی مشیت اور تقدیر کے مطابق اور خوش کن زندگی بھی۔ بعض کا کہنا ہے کہ وہ شخص کسی بڑے آدمی کا وصی بنے گا۔ بعض حضرات نے فرمایا کہ اُسے بڑے بڑے کام سونپے جائیں گے اور وہ ان کو سرانجام دے گا چونکہ حضرت شیث علیہ السلام روئے زمین پر سب سے پہلے وصی تھے۔

## حضرت شعیب علیہ السلام

حضرت شعیب علیہ السلام کو جس شخص نے خواب میں دیکھا وہ ایسی قوم میں ہوگا کہ جو ناپ تول میں ڈنڈی مارتے ہوں گے اور اس کو وہ لوگ تکلیف پہنچائیں گے اور پھر ایک وقت ایسا آئے گا کہ اس شخص کو اپنی قوم پر فتح مندی حاصل ہوگی۔ اور اس شخص کو بیٹیاں عطا ہوں گی جو اس کے لئے خوشی کا باعث ہوں گی۔ اگر حضرت شعیب علیہ السلام کو لرزتے ہوئے دیکھا تو اس شخص کی قوتِ بصارت چلی جائے گی۔

## شہید

شہید کو خواب میں زندہ حالت میں دیکھنا اس کے طریقے اور کام کے زندہ ہونے کی دلیل ہے۔ اور یہ بھی کہا گیا کہ شہید کو زندہ دیکھنا اللہ تعالیٰ کے مقرب بندہ ہونے کی علامت ہے۔

## شکر

جس نے اللہ تعالیٰ کا خواب میں شکر ادا کیا اس کو فکر سے نجات ملے گی۔ اور قوت اور مال' خیر' خوشحالی' اور لباس حاصل ہوگا اگر یہ شخص والی ہو تو خوبصورت آباد' سرسبز جگہ پائے گا اور جو شخص یہ دیکھے کہ وہ اللہ کا **شکر ادا کر** رہا ہے تو ایسا شخص موحد ہے۔ اور یہ بھی کہا گیا ہے اگر وہ ذمی ہے تو اسلام قبول کرے گا۔ اگر منافق ہے تو اس کا نفاق دور ہو جائے گا۔ اگر مسلمان ہے تو اُسے عظیم المرتبت آدمی کی رفاقت حاصل ہوگی۔

## شمس (سورج)

(۱) خواب میں سورج دیکھنا بہت بڑی سلطنت ملنے' خلیفہ بننے یا باپ بننے یا سونا ملنے یا کوئی بڑا حکمران بننے **یا کوئی** خوبصورت عورت ملنے کی علامت ہے۔ (۲) جس شخص نے دیکھا کہ وہ سورج بن گیا ہے تو اس شخص کو اتنی بڑی سلطنت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حاصل ہوگی کہ جہاں تک سورج کی شعاعیں پہنچتی ہیں۔ (۳) اور اگر دیکھے کہ وہ سورج سے چمٹ گیا ہے تو کسی وزیر یا کاتب کی طرف سے اسے خیر' قوت نصیب ہوگی۔ (۴) اگر سورج کو لٹکا ہوا پایا تو اس شخص کو اقتدار حاصل ہوگا اور عدل قائم کرے گا۔ (۵) اگر وہ سورج میں بیٹھ گیا اور اس کے قریب ہوگیا تو وہ کسی بادشاہ سے مال' نعمت' قوت' اور تائید حاصل کرے گا۔ (۶) اگر دیکھے کہ سورج کی شعاعیں مشرق سے مغرب تک پھیلی ہوئی ہیں تو وہ ایسا شخص ہے جو مابین مشرق و مغرب کا بادشاہ ہوگا اگر وہ اس کا اہل ہوا ورنہ ایسا علم عطا ہوگا جسے مشرق و مغرب میں اس کا شہرہ ہوگا۔ (۷) اگر دیکھے کہ وہ سورج کا مالک بن گیا ہے یا اس پر قابو پالیا ہے تو اس شخص کی بات بادشاہ کے ہاں مقبول ہوگی۔ (۸) اگر سورج کو بالکل صاف اور مقرر ہونے کی حالت میں طلوع ہوتے ہوئے دیکھے تو اگر یہ شخص حاکم ہے تو اسے قوت اور بڑی سلطنت حاصل ہوگی اور اگر قائد ہے تو وہ اپنے پناہ گاہ میں زندگی گذارے گا اور اگر وہ شخص رعایا میں سے ہے تو اسے رزق حلال عطا ہوگا۔ (۹) اور اگر یہ خواب خوبصورت عورت دیکھے تو اسے ایسی اولاد حاصل ہوگی جو اس کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہوگی۔ (۱۰) اگر دیکھا کہ سورج اس کے گھر میں طلوع ہوا ہے تو بادشاہت سے کچھ حصہ حاصل کرے گا۔ اور خلیفہ اس کے ساتھ تعلق قائم کرے گا اگر وہ اس کا اہل ہوا۔ ورنہ اسے چاہئے کہ اپنی عزت کرنے والے آدمی سے بچے۔ (۱۱) اگر کسی نے دیکھا کہ سورج اس کے گھر میں طلوع ہوا ہے تو اس کی شادی ہوگی۔ (۱۲) اور اگر یہ خواب عورت نے دیکھا ہے تو اس کا بیاہ ہوگا اور خوب خوشحال ہوگی۔ اگر دیکھنے والا تاجر ہے تو اسے تجارت میں نفع حاصل ہوگا۔ سورج کی روشنی خواب میں دیکھنا بادشاہ کی ہیبت اور عدل کی علامت ہے۔ (۱۳) اگر دیکھا کہ سورج اس سے بات کر رہا ہے تو اسے خلیفہ کی طرف سے رفعت حاصل ہوگی چاند کو خواب میں دیکھنے کی بھی یہی تعبیر ہے۔ (۱۴) چاند اور سورج سے کلام کرنا اور پھر کسی ایک کے ساتھ چل پڑنا اس شخص کی جلد موت کا پیغام ہے۔ (۱۵) اگر دیکھا کہ کسی جگہ دھوپ ہے اور کسی جگہ دھوپ نہیں ہے اگر وہ شخص صاحب حرب ہے تو جنگ میں صاحب وجاہت ہوگا وگرنہ اسے معرفت حاصل ہوگی۔ (۱۶) اگر سورج کو دیکھا کہ وہ صرف اس کے سر پر طلوع ہو رہا ہے باقی جسم پر نہیں تو اسے کوئی بڑا کام ملیگا۔ (۱۷) اور اگر صرف اپنے قدموں پر طلوع ہوتے ہوئے دیکھے تو اسے اناج اور پھل کی پیداوار بڑی مقدار میں حاصل ہوگی۔ اور دنیا حلال طریقے سے اس پر وسیع کر دی جائے گی۔ (۱۸) اور اگر کپڑوں کے نیچے پیٹ پر سورج طلوع ہوتے ہوئے دیکھے اور لوگوں کو اس کا علم نہیں ہے تو اس شخص کو برص کا مرض لاحق ہوگا۔ (۱۹) اگر صرف اس کے سینے پر سورج طلوع ہوا ہے تو دلیل ہے یہ شخص بیمار ہوگا۔ (۲۰) اگر کسی عورت یہ دیکھے کہ سورج کسی عورت کے گلے میں داخل ہوا' اور اس کے دامن سے خارج ہوگیا ہے تو یہ علامت ہے کہ بادشاہ اس عورت سے نکاح کرے گا اور اس کے ساتھ ایک رات گزارے گا۔ پھر اگر اس نے اسے طلاق دے دی تو یہ عورت (نعوذ باللہ) زنا میں مبتلا ہوگی۔ (۲۱) اگر دیکھا کہ اس کا پیٹ پھٹا اور اس میں سے سورج طلوع ہوا تو اس شخص کی موت واقع ہو جائے گی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۲۲) نیز یہی تعبیر اس صورت میں بھی ہے جب دیکھے کہ سورج مکمل غروب ہو گیا اور وہ شخص اس کے پیچھے پیچھے تھا۔ (۲۳) اور اگر چلتے ہوئے سورج کے پیچھے گیا اور سورج مکمل طور پر غروب نہیں ہوا تو یہ علامت ہے کہ یہ شخص قید کر لیا جائے گا۔ (۲۴) اگر دیکھے کہ سورج کسی زیادہ بوڑھے کی شکل اختیار کر گیا ہے تو یہ علامت ہے کہ خلیفۂ وقت اللہ کی خاطر لوگوں سے تواضع سے پیش آئے گا اور قوت حاصل کرے گا۔ مسلمانوں کی کوششوں کو تقویت دے گا۔ اور ان کے امور کو اچھی طرح سرانجام دے گا اور دشمن کے لشکر کو شکست دیگا۔ مسلمانوں کے دشمن کو موت کے گھاٹ اتارے گا۔ (۲۵) اگر دیکھا کہ سورج پُر شباب نوجوان کی صورت اختیار کر گیا ہے تو یہ علامت ہے کہ بادشاہ کمزور پڑ جائے گا۔ اور مسلمانوں کی حالت نہایت خستہ ہو جائے گی۔ (۲۶) اگر دیکھے کہ سورج سے آگ نکل رہی ہے اور اس سے اس کے اردگرد کے ستارے جل گئے ہیں تو بادشاہ اپنے قریبی خاص لوگوں کو دھتکار دے گا۔ (۲۷) اور اگر دیکھے کہ سورج سرخ ہو گیا ہے تو یہ مملکت میں فساد برپا ہونے کی علامت ہے۔ (۲۸) اگر دیکھے کہ سورج زرد ہو گیا ہے تو یہ شخص بیمار پڑے گا۔ (۲۹) اور اگر دیکھے کہ سورج سیاہ ہو گیا ہے تو یہ شخص غلبہ پائے گا۔ (۳۰) اگر دیکھے کہ سورج غروب ہو گیا ہے تو اس شخص کا مطلوبہ شر یا خیر کا کام پورا ہو جائے گا۔ (۳۱) اگر دیکھا کہ سورج مختلف اوقات میں مختلف جگہوں پر ہے تو کسی بڑی سلطنت میں مختلف مقامات پر خروجِ خوارج کی علامت ہے۔ (۳۲) اگر دیکھے کہ وہ سورج سے جھگڑا کر رہا ہے تو وہ کسی خارجی بادشاہ کے خلاف خروج کریگا اگر وہ اس کا اہل ہوا اگر وہ اس کا اہل نہ ہوا تو معاملہ اس پر الٹ جائے گا۔ سورج کے ساتھ غداری کرنا علامت ہے کہ یہ شخص بادشاہ کے ساتھ غداری کرے گا یا اس کے حکم کی مخالفت کرے گا۔ (۳۳) اگر دیکھا کہ سورج کی شعاعیں نہیں ہیں تو علامت ہے جس قدر سورج کے شعاعوں میں کمی تھی کہ اسی قدر بادشاہ کی ہیبت میں کمی واقع ہوگی۔ (۳۴) اگر دیکھا کہ سورج کی شعاعیں اُس آدمی پر نہیں پڑ رہیں تو اگر یہ شخص بادشاہ ہے تو اس کی ہیبت ختم ہو جائے گی۔ اور اگر قائد ہے تو اس کی جاہ و منزلت زائل ہو جائیگی۔ اور اگر وہ والی (حاکم) ہے تو معزول ہو جائے گا۔ اگر وہ رعایا میں سے ہے تو اس کا ذریعۂ معاش ختم ہو جائے گا۔ (۳۵) اگر یہ خواب کوئی عورت دیکھ لے تو اس بات کی علامت ہے کہ اس کی شادی ہوگی مگر اس کا شوہر اس پر خرچ نہیں کرے گا۔ (۳۶) اگر دیکھا کہ سورج پھٹ کر دو ٹکڑے ہو گیا ہے۔ آدھا حصہ اپنی جگہ پر ہے اور دوسرا آدھا حصہ اس حصے کے برابر میں ہے۔ اور دونوں حصوں میں نور اور شعاعیں موجود ہیں تو یہ علامت ہے کہ ایک خارجی شخص کا خروج ہوگا جسے آئندہ بادشاہ کے مثل بادشاہت حاصل ہوگی۔ (۳۷) اگر اپنی جگہ پر باقی نصف (سورج کا ٹکڑا) اُڑ جانے والے دوسرے ٹکڑے کے ساتھ جاملا اور بالکل مکمل سورج کی شکل اختیار کر گیا کہ جیسا پھٹنے سے پہلے تھا تو علامت ہے اس بات کی کہ اس کی بادشاہت ختم ہو جائے گی اور اس کے خلاف بغاوت کرنے والا ملک پر قابض ہو جائیگا اور بادشاہ کے مثل بادشاہت اس کو حاصل ہوگی اگر پھٹ کر جانے والا آدھا حصہ دوسرے حصے کے ساتھ واپس جاملتا ہے اور صحیح سالم سورج کی صورت اختیار کر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جاتا ہے تو اس شخص کو سلطنت واپس مل جائے گی۔ اور پہلے کی طرح دوبارہ حکومت قائم ہو جائے گی۔
(۳۸) اگر دونوں نصفِ حصے سورج کی شکل اختیار کر گئے تو علامت ہے کہ جرنیلوں میں سے کوئی اس کے خلاف چڑھائی کرے گا (۳۹) اگر سورج کو گرتے ہوئے دیکھے تو زمین پر مصیبت نازل ہوگی (۴۰) اگر زمین پر گرتے ہوئے دیکھے تو اس کا باپ فوت ہو جائے گا۔ (۴۱) جس نے خواب میں دیکھا کہ وہ سورج کی روشنی اور شعاعوں کی طرف دیکھ رہا ہے تو اسے بادشاہت حاصل ہوگی اگر اس میں بادشاہت کی صلاحیت ہو یا اپنے علاقے کا اور اپنے گھر کا سردار ہوگا۔ (۴۲) اگر سورج کو اپنے شہر میں جگمگاتے ہوئے دیکھے تو اگر یہ شخص مسافر ہے تو اپنے وطن صحیح سالم لوٹ جائے گا۔ (۴۳) اگر سورج کو مکمل آب و تاب کے ساتھ مشرق سے طلوع ہوتے ہوئے دیکھے اور پھر مغرب کی سمت میں آب و تاب کے ساتھ غروب ہو گیا تو بادشاہ کے ذریعے سے اس شہر والوں کو خیر حاصل ہوگی' اور خوش و خرم زندگی گزاریں گے۔ (۴۴) اگر دیکھے کہ سورج اس کے گھر میں طلوع ہوا اور سارے گھر کو روشن کر دیا ہے تو یہ شخص عزت' کرامت' شہرت' شرف وجاہت اور مرتبہ حاصل کرے گا۔
(۴۵) جس شخص نے دیکھا کہ اس نے سورج کو نگل لیا ہے تو یہ شخص مغموم زندگی گزارے گا۔ (۴۶) اگر دیکھا کہ سورج مغرب سے طلوع ہو رہا ہے تو یہ شخص لوگوں میں رسوا ہوگا۔ اگر اس کا کسی کے پاس کوئی راز ہو تو وہ فاش ہو جائے گا۔ اور پوشیدہ امور بھی کھل کر لوگوں کے سامنے آ جائیں گے۔ (۴۷) اگر دیکھے کہ سورج کو بادشاہ نے نگلا ہے تو اس کی وفات ہو جائے گی۔ (۴۸) اگر دیکھا کہ سورج اپنی اصل حالت سے کچھ متغیر ہو گیا ہے تو علامت ہے کہ اس شہر میں کوئی بڑی آفت آئے گی۔ (۴۹) اگر دیکھا کہ وہ سورج پر بیٹھا ہوا ہے تو اسے نعمت واسعہ حاصل ہوگی۔ اور آسمان سے اس شخص پر برکتوں کا نزول ہوگا۔ اگر اسے سورج کی روشنی پہنچی تو یہ علامت ہے کہ اسے کوئی خزانہ حاصل ہوگا اور بہت بڑا مال پائے گا۔ اور اللہ تعالیٰ اسے خیر عطا فرمائے گا۔ (۵۰) اگر کسی شخص نے سورج کو مشرق سے طلوع ہوتے دیکھا اور پھر دیکھا کہ وہ مشرق ہی میں غروب ہو گیا ہے تو یہ تمام لوگوں کے حق میں خیر ہے اور اعمال پر دلالت کرتا ہے بایں طور کہ لوگوں کو نیند سے بیداری حاصل ہوگی اور نیک اعمال کے موقع میسر آئے گا۔ اور ممکن ہے کہ اس کو اولاد نرینہ حاصل ہو جائے۔
(۵۱) اگر یہ خواب غلاموں میں سے کسی نے دیکھا ہے تو اس بات کی علامت ہے کہ وہ سب آزاد ہو جائیں گے۔ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اسکا معاملہ مخفی رہے تو یہ اُس کے معاملے کے ظہور کی دلیل ہے۔ کیونکہ یہ تمام چیزوں کو ظاہر اور واضح کرتا ہے۔ (۵۲) اگر کسی نے دیکھا کہ سورج مغرب سے طلوع ہو رہا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ خفیہ چیزیں ظاہر ہو جائیں گی۔ اگرچہ وہ آدمی ان باتوں کو صیغۂ راز میں رکھنے کی بھرپور کوشش کرے۔ (۵۳) اگر یہ خواب کسی بیمار نے دیکھا ہے تو اسے صحت نصیب ہوگی اگر اس کی آنکھ میں درد تھا تو یہ علامت ہے کہ یہ شخص نابینا نہ ہوگا۔ (۵۴) اگر یہ خواب دیکھنے والا مسافر ہے تو وہ اپنے سفر سے واپس لوٹ آئے گا اگرچہ جگہ کا پتہ نہ ہو نیز یہ اس شخص کے لئے بھی خیر کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دلیل ہے جو مغرب کی سمت سفر کرنے کا ارادہ رکھتا ہو۔ (۵۵) اور یہی مذکورہ تعبیر اس صورت میں بھی ہے کہ جب کسی نے سورج کو جنوب سے طلوع ہو کر شمال میں غروب ہوتا دیکھے۔ (۵۶) اگر کسی نے دیکھا کہ سورج تاریک ہے اور اس کا رنگ لہو کی مانند ہے یا یہ دیکھا کہ سورج کی حالت بدلی ہوئی ہے تو یہ خواب تمام لوگوں کے حق میں نامبارک ہے۔ بعض لوگ بے روزگار ہو جائیں گے اور صاحبِ رؤیا کے بچوں کی بیماری کی بھی علامت ہے۔ یا اس کو تکلیف کا سامنا کرنا پڑے گا آشوبِ چشم میں مبتلا ہو جائے گا اور جو شخص اپنے معاملے کو مخفی رکھنے کا خواہاں ہوگا تو وہ اپنے راز کو پوشیدہ رکھنے میں کامیاب رہے گا۔ (۵۷) اگر دیکھا کہ سورج اُس کے بستر پر اتر آیا ہے اور دھمکی دے رہا ہے تو یہ دلیل ہے کہ یہ شخص شدید مرض میں مبتلا ہوگا اور جسم پر ورم آجائے گا۔ (۵۸) اگر دیکھا کہ سورج اُس کے ساتھ خیر کا معاملہ کر رہا ہے تو یہ خوشحالی اور تولد پسر کی دلیل ہے اور علامت ہے بہت سے بیمار شفاء پائیں گے۔ (۵۹) جس شخص نے دیکھا سورج معدوم ہو گیا ہے تو دلیل ہے وہ اندھا ہو جائے گا یا اس کی اولاد میں سے کوئی وفات پا جائے گا۔ (۶۰) اور جس شخص نے دیکھا کہ سورج کو بہت سارے سورج گھیرے ہوئے ہیں تو یہ تمام مسافروں کے لئے خیر کی دلیل ہے نیز شاہ سواروں کے لئے بہتر ہے مگر مریضوں کے مرض میں اضافہ ہوگا اور اموات واقع ہونگی۔ (۶۱) جس شخص نے دیکھا کہ سورج اسے کوئی چیز دے رہا ہے یا اس سے کوئی چیز لے رہا ہے تو یہ خواب مبارک نہیں چونکہ سورج کا کسی کو کوئی چیز دینا سختی کی علامت ہے۔ اور کوئی چیز لینا اتلاف اور ھلاکت کی دلیل ہے۔ (۶۲) جس نے دیکھا کہ سورج اپنی کرنیں اس پر ڈال رہا ہے تو یہ شخص خلیفہ کا مصاحب بنے گا اور وہ اس کو ہدایات دے گا۔

(۶۳) اگر دیکھا کہ سورج کی گرمی بہت زیادہ بڑھ گئی تو دلیل ہے کہ اس شخص کو بادشاہ کی طرف سے غم لاحق ہوگا۔

(۶۴) جس نے دیکھا کہ وہ سورج سے بھاگ رہا ہے تو دلیل ہے کہ یہ شخص اپنی بیوی یا بادشاہ یا کسی اور ناپسندیدہ بات سے بھاگے گا۔ (۶۵) جس شخص نے سورج کو اپنے آلۂ تناسل سے نکلتے ہوئے دیکھا تو اس شخص کو لڑکا عطا ہوگا جو بادشاہ یا وزیر بنے گا۔ (۶۶) جس شخص نے دیکھا کہ سورج اور چاند اس کے پاس اکھٹے ہوئے ہیں اور دونوں چمک بھی رہے ہیں تو یہ دلیل ہے کہ یہ شخص کسی خوبصورت عورت سے بیاہ کرے گا۔ (۶۷) سورج کا مغرب سے طلوع ہونا بادشاہت کی دلیل ہے۔ بعض نے کہا کہ یہ رائی کی رسوائی کی علامت ہے۔ اور بعض کی رائے یہ ہے کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ شخص مذکور کو توبہ کی توفیق ہوگی۔ اور بعض معبرین فرماتے ہیں کہ اس کے قرب اجل کی دلیل ہے۔ بعض نے یہ تعبیر کی ہے زمین پر کوئی واقعہ پیش آئے گا' یہ خواب اگر مریض نے دیکھا تو دلیل ہے کہ یہ شخص صحت مند ہو جائیگا۔

(۶۸) اگر دیکھا کہ بادل یا کسی اور چیز نے سورج کو چھپالیا ہے یا اس پر چھاگئی ہے حتی کہ سورج کی روشنی بھی نظر نہیں آرہی تو یہ دلیل ہے کہ بادشاہ کو کوئی مرض لاحق ہوگا یا اس کی موجودہ حالت بدل جائے گی۔ (۶۹) اگر دیکھا کہ سورج سے بادل چھٹ رہے ہیں تو دلیل ہے کہ بادشاہ سے غم' فکر' مرض دور ہو جائے گا اور بادشاہ کی سابقہ حالت عود کرے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


گی۔(۶۹)جس نے دیکھا کہ صرف دھوپ میں چلتا ہے تو دلیل ہے کہ یہ شخص سفر کرے گا۔(۷۰)اگر دیکھا کہ سورج زمین پر طلوع ہو رہا ہے تو یہ دلیل ہے کہ قحط مسلط ہو گا یا آگ لگ جائے گی۔(۷۱)جس نے دیکھا کہ وہ دس سورج پکڑ کر ایک کپڑے میں رکھ رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ شخص دس ہزار درہم حاصل کرے گا۔اور بعض مرتبہ سورج دیکھنا اس بات کی دلیل ہوتی ہے کہ یہ شخص مقتدیٰ عالم بنے گا۔بعض معبرین فرماتے ہیں کہ سورج کا بادلوں میں چھپ جانا اس بات کی دلیل ہے کہ بادشاہ رعایا پر ڈھائے جانے والے کسی ظلم کی پاداش میں معزول ہو جائے گا۔اور بعض مرتبہ سورج دیکھنا اس بات کی دلیل ہوتی ہے کہ صاحبِ خواب کو منزلت عطا ہو گی مثلاً وزیر یا نقیب یا استاذ یا باپ بنے گا۔(۷۲)اگر یہ خواب کسی عورت نے دیکھا ہے تو شوہر پر دلالت کرتا ہے۔اور بعض مرتبہ سورج کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر کوئی معزز خاتون (مثلاً ملکہ) یا سردار یا اس کی بیٹی یا ماں، رائی کی بیوی یا اس کی ماں یا بیٹی یا خالہ یا سوتیلی ماں یا دادی ہوتی ہے(۷۳)سورج میں معمول کے مطابق کوئی تبدیلی دیکھنے کی تعبیر مذکورہ بالا افراد ہیں(۷۴)کسی شخص نے سورج کو زمین پر گرتے ہوئے دیکھا یا دیکھا کہ سورج کو کوئی پرندہ نگل رہا ہے، یا سورج سمندر میں گر گیا ہے، یا آگ سے جل گیا ہے یا غائب ہو گیا ہے یا وہ سیاہ ہو کر آسمان میں اپنے معروف راستے سے ہٹ کر کسی جگہ گم ہو گیا ہے یا وہ بنات نعش (ستاروں کا ایک خاص مجموعہ) میں داخل ہو گیا ہے۔تو اس کی تعبیر مذکورہ بالا افراد میں سے کسی کی موت ہے(۷۵)اگر سورج کو گرہن ہوتے ہوئے دیکھے یا اس پر بادل چھائے ہوئے دیکھے یا غبار یا دھواں دیکھے حتیٰ کہ سورج کی روشنی کم ہو گئی تو یہ علامت ہے کہ مذکورہ بالا افراد میں سے کسی کو کوئی مرض یا پریشانی، فکر، غم قلق میں ڈالنے والی خبر کا سامنا ہو گا۔اگر ان افراد میں سے کوئی واقعی بیمار ہے تو اس کی موت واقع ہو جائے گی۔

(۷۶)اگر دیکھا کہ سورج سیاہ ہو گیا ہے لیکن وجہ معلوم نہیں نیز گرھن بھی نہیں ہے تو مذکورہ افراد میں سے کسی کے ظلم یا کفر یا گمراہی کی دلیل ہے۔(۷۷)اگر اس کو اپنی مٹھی میں پکڑا یا روشنی ہونے کی حالت میں اپنے گھر میں اترتے ہوئے دیکھا تو اس شخص کو عظیم الشان بادشاہت حاصل ہو گی بشرطیکہ وہ اس کا اہل ہوا۔اگر اس گھر (کہ جس میں سورج اترا تھا) کا مالک کہیں سفر میں تھا تو واپس لوٹ آئے گا خواہ یہ خواب اس مالک کے بیٹے، یا غلام یا بیوی میں سے کسی نے بھی دیکھا ہو۔چونکہ وہ مالک ان سب لوگوں کا بادشاہ ہے گھر کا نگران ہے۔اگر مذکورہ خواب دیکھنے والے شخص کی بیوی یا باندی حاملہ ہے تو اولاد جنے گی۔(۷۸)اگر سورج کو مغرب سے طلوع ہوتے ہوئے دیکھے، یا دیکھا کہ وہ دوبارہ طلوع ہو رہا ہے یا سورج اس طرف واپس جا رہا ہے کہ جدھر سے طلوع ہوا تھا تو یہ دلیل ہے، عبدیت کی۔اور بعض مرتبہ اس خواب کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ مذکورہ اشخاص میں سے کوئی سفر پر گیا ہوا ہے تو واپس لوٹ آئے گا۔اور اس کا معاملہ جور و ظلم سے عدل کی طرف لوٹ آئے گا۔اور بعض مرتبہ اس کا طلوع ہو کر غروب ہو جانا خواب دیکھنے والے کی حاملہ بیوی کے ہاں ادھورہ بچہ کی پیدائش کی دلیل ہوتا ہے۔ اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ سفر میں گیا ہوا آدمی عجیب و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



غریب قسم کے اموال لے کر آئے گا۔ بعض مرتبہ سورج کا غروب ہونا رہائی پانے والے قیدی کے قید میں دوبارہ لوٹنے کی دلیل ہوتا ہے۔ اور کبھی اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ کافر اسلام قبول کر کے پھر مرتد ہو جائیگا' یا گناہ گار شخص گمراہی سے توبہ کر کے گمراہی کی طرف واپس لوٹے گا اور جس کی بیوی کی اس رات رخصتی ہوئی اور کوئی باندی خریدی تو یہ دلیل ہے اس بات کی کہ عورت اپنے میکے چلی جائے گی اور باندی اپنے سابق مولیٰ کی طرف رجوع کر یگی۔ بعض مرتبہ اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ اپنی مطلقہ بیوی سے دوبارہ رجوع کرے گا۔ اور حاملہ عورت کے ہاں ولادت ہوگی' اور جس آدمی کو روزی کے معاملے میں تنگی تھی تو کشادگی میسر ہوگی خصوصاً ان افراد کے حق میں کہ جن کے کام میں سورج کا گہرا دخل ہوتا ہے مثلاً دھوبی' اینٹ بنانے والا' اگر رائی (خواب دیکھنے والا) مریض ہے تو اس کی موت کی دلیل ہے اگر مجاہد ہے تو وہ نصرت حاصل کرے گا۔ چونکہ یوشع بن نون علیہ السلام کے لئے جنگ کے موقع پر سورج کو دوبارہ طلوع کیا گیا تھا حتی کہ انہیں فتح ہوئی۔ (۷۹) اگر دیکھا کہ وہ سورج کا پیچھا کر رہا ہے چلتا چلا جا رہا ہے اور تھکتا نہیں تو دلیل ہے کہ یہ شخص بادشاہ کے ہمراہ قید میں جائیگا۔ اگر رائی کو سائے میں ٹھنڈ محسوس ہوئی اور وہ دھوپ میں جا بیٹھا تو اس شخص کا فقر و فاقہ دور ہو جائے گا۔ چونکہ ٹھنڈ فقر کی علامت ہے۔ (۸۰) جس نے دیکھا کہ سورج' چاند اور ستارے ایک جگہ اکھٹے ہو گئے ہیں اور وہ ان کا مالک ہو گیا ہے اور وہ روشن بھی تھا تو یہ شخص بادشاہ امراء' وزیر کے ہاں مقبول القول ہوگا۔ (۸۱) اگر مذکور خواب میں سورج روشن نہیں تھا تو اس خواب میں صاحب خواب کے لئے کوئی خیر نہیں۔ (۸۲) اگر سورج اور چاند کو خود پر طلوع ہوتے ہوئے دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے والدین اس سے راضی ہیں' اگر یہ دونوں بے نور تھے تو دلیل ہے کہ ماں باپ اس سے ناراض ہیں۔ (۸۰) اگر سورج چاند کو اپنے دائیں بائیں یا آگے پیچھے دیکھے" تو دلیل ہے کہ اس شخص کو غم' مصیبت' آفت یا ایسی شکست لاحق ہوگی کہ وہ بھاگ کھڑا ہوگا۔ (۸۳) سورج' چاند اور ستاروں کا پراگندہ سیاہ ہو جانا دنیا کے متغیر ہونے کی علامت ہے۔ (۸۴) اور جس نے دیکھا دو سورج آپس میں رگڑ کھا رہے ہیں تو دلیل ہے کہ دو بادشاہ آپس میں جنگ کریں گے۔ (۸۵) جس نے دیکھا کہ اس نے سورج یا چاند کو سجدہ کیا تو دلیل کہ اس سے کبیرہ گناہ یا بہت بڑا جرم صادر ہوگا۔ (۸۶) اگر خود سے سورج کی شعاعیں نکلتے ہوئے دیکھیں تو دلیل ہے کہ بادشاہت و ریاست حاصل کرے گا۔ (۸۷) اگر سورج کو ستاروں پر غضبناک ہوتے ہوئے دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ اپنے دشمنوں پر غضب نازل کرے گا اور بھرپور قوت و طاقت کا مظاہرہ کرے گا۔ اس کا نصیبہ بلند ہوگا۔ مالداری میں اضافہ ہوگا۔ بعض مرتبہ سورج دیکھنا رزق' معاش' ہدایت' حق ظاہر کی اتباع' بیماریوں سے شفاء کی دلیل ہوتی ہے اس شخص کے لئے جو دھوپ میں بیٹھا یا اس کا مالک ہو گیا۔ (۸۸) موسم سرما میں اگر دیکھے گویا موسم گرما میں دھوپ میں بٹھایا اس کا مالک ہوا تو غموں' فقر' بیماریوں کی دلیل ہے' اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ یہ شخص مشرق یا مغرب کی سمت سفر کرے گا۔ (۸۹) اور سورج کو اس کے طلوع کے بلند مقامات پر دیکھنا قدر و منزلت اور رفعت کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۹۰) غروب ہونے کی جگہوں میں دیکھنا فقر و فاقہ' خسارہ' ہموم' بدقسمتی کی علامت ہے۔(۹۱) اور بہت سے سورج دیکھنا' نئی نئی باتوں خوف' بے روزگاری' اور مندہ کی علامت ہے نیز یہی تعبیر اس صورت میں ہے کہ اگر بہت سارے چاند دیکھے ہوں۔ بعض مرتبہ بہت سے سورج دیکھنا سواری پر دلالت کرتا ہے خصوصاً ان جانوروں پر کہ ان پر سواری نہایت دشوار ہوتی ہے۔ اور بہت سے حسین وجمیل چہروں کے اجتماع کی علامت ہوتا ہے۔(۹۲) اور بعض مرتبہ شمس و قمر کو بدر کی حالت میں دیکھنا ان اشخاص کی دلیل ہے کہ جن کے ناموں کا یہ حصّہ ہیں۔ مثلاً شمس الدین' قمرالدین' بدرالدین۔(۹۳) اگر دیکھا کہ بہت سارے سورج ہیں اور روشنی میں اضافہ نہیں ہوا تو یہ علامت ہے کہ اعلیٰ منزل وقدر والے لوگ مختلف مصلحتوں پر متفق ہوں گے۔(۹۴) اگر روشنی اس قدر بڑھ گئی کہ آنکھیں چکا چوند ہونے لگیں تو دلیل ہے کثرتِ اغراض اور ضیاع مصالح کی۔(۹۵) اگر دیکھا کہ وہ سورج کو کھا رہا ہے تو دلیل ہے کہ سورج سے نفع اٹھائے گا اور بہت زیادہ مال و دولت پائے گا۔ اور بعض مرتبہ یہ علامت ہوتا ہے کہ وہ نجومی یا مؤذن بنے گا چونکہ دونوں کے عمل کا تعلق سورج سے ہوتا ہے۔(۹۶) اگر دیکھا کہ سورج نے اس کو جلا ڈالا ہے تو دلیل ہے کہ کسی حسین چہرے کی محبت میں ہلاک ہوگا یا اس پر کوئی مصیبت آن پڑے گی۔ بعض مرتبہ یہ اس کے گمان کے غلط ہونے کی دلیل ہوتا ہے یا یہ کہ وہ کسی گناہ کی نذر مانے گا۔(۹۷) اگر عورت نے دیکھا کہ وہ سورج کو اٹھائے ہوئے ہے تو دلیل ہے شوہر کی یا اس بات کی دلیل ہے کہ اس کو خوبصورت لڑکا عطا ہوگا۔(۹۸) اگر دیکھا کہ سورج اس سے بامعنی کلام کر رہا ہے تو یہ شخص جنوں کو مسخر کرنے پر قادر ہوگا۔ یا ترجمان ہوگا۔ (۹۹) سورج چاند اور ستاروں کو دیکھنا آزمائش' قید' یا خاص لوگوں سے حسد کرنے کی دلیل ہے اور آخر کار اس کا انجام بادشاہ کی معاونت سے اچھا ہوگا یا دین میں ترقی حاصل کرے گا۔ اس خواب کی تعبیر کی بنیاد حضرت یوسفؑ کا قصہ ہے۔ بعض مرتبہ ان چیزوں کا دیکھنا خوف اور سختی کی علامت ہوتی ہے۔ اور سورج سے چراغ کی تعبیر لینا اللہ پاک کے اس فرمان کے موجب ہے ﴿ وَجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجاً ﴾ ''اور کر دیا سورج کو چراغ جلتا ہوا''۔(۱۰۰) سورج کا مغرب سے طلوع ہونا خوف' گھبراہٹ' بادشاہ کے ظلم اور دشمن کے مقابلے سے واپس لوٹنے کی دلیل ہے۔ بعض مرتبہ اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ مسافر ناکام و رنجیدہ واپس لوٹے گا۔ نیز مرتد ہو جانا' توبہ و تائب ہو جانے کے بعد دوبارہ فسق کا ارتکاب کرنا اور زبردستی ایمان قبول کرنے کی علامت ہوتا ہے۔(۱۰۱) اگر دیکھے کہ سورج نے کھیتیاں' یا باغات جلا ڈالے ہیں یا لوگوں کو نقصان پہنچایا ہے تو دلیل ہے کہ امراض عام ہوں گے۔ وبا' پھوٹ پڑے گی' بڑے لوگ ظلم کریں گے مصیبتوں کا نزول ہوگا' کھانے پینے کی چیزیں مہنگی ہو جائیں گی۔(۱۰۲) اگر دیکھا کہ آسمان پر کئی سورج ہیں جو لوگوں کو نقصان پہنچا رہے ہیں تو دلیل ہے ظالم اقوام کی یا ارباب شرک۔(۱۰۳) اگر یہ سورج لوگوں کو نفع پہنچا رہے ہیں تو دلیل ہے کہ ارباب حل وعقد کے عادل ہونے اور نفع حاصل ہونے اور مالِ تجارت کی' اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر وہ چیزیں ہوتی ہیں جو سورج کی محتاج ہوتی ہیں۔ مثلاً کھیتیاں اور پھل وغیرہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## شعر (شعر)

(۱) جس شخص نے دیکھا کہ وہ شاعری کے ذریعے کمائی کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ یہ شخص جھوٹی گواہی دے گا۔ (۲) اگر رائی نے دیکھا کہ وہ کسی مجلس میں کوئی قصیدہ پڑھ رہا ہے تو نفاق کی طرف میلان کی دلیل ہے۔ (۳) اگر رائی نے شعر سنا تو دلیل ہے کہ وہ ناحق مجالس میں شرکت کرے گا۔ خواب میں شعر گوئی سے کلام باطل مراد ہوتا ہے۔ (۴) جس شخص نے خواب میں کوئی شعر سن کر یاد کر لیا تو اس کی تعبیر اس شعر کا معنی ہے اگر شعر پُر از حکمت ہے یا اللہ کی یاد میں ہے' تو خیر کی دلیل ہے بعض مرتبہ شعر کا سننا اور یاد کر لینا دلیل ہوتا ہے زوال منصب' دین میں نقصان کی' اور بعض مرتبہ کسی بڑی جلیل القدر صنعت غم' بد قسمتی' دشمنوں کی طرف سے عصمت میں بہتان کی دلیل ہوتا ہے۔ (۵) اگر خواب میں کوئی فحش شعر کہا مثلاً کسی انسان کی ہجو کی' تو یہ دلیل ہے تہمت لگانے کی اگر وہ شعر کسی کی مدح میں ہے' اگر رائی غنی ہے تو فقیر ہو جائے گا۔ اگر شعر میں زحاف (علم عروض کی ایک اصطلاح) ہے یا لحن ہے وہ موزون نہیں تو دلیل ہے کہ یہ شخص بے ہودہ گفتگو کرتا ہے۔ اپنے قول و فعل میں کسی بات کی پرواہ نہیں کرتا۔ اور شیاطین کے ساتھ اس کا گہرا تعلق ہے۔

## شاعر

(۱) خواب میں شاعر دیکھنا دلیل ہے عام طور پر کلام میں خلط ملط کرنے' امر بالمنکر' نہی عن المعروف کی۔ نیز یہ شخص جھوٹا دعوی کرے گا۔ اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر زنا' شراب نوشی' اور مال میں تاوان ہوتی ہے۔ (۲) اگر صاحب خواب نے خواب ہی میں شعر سن کر یاد کر لیا تو دیکھا جائے کہ وہ شعر کیسا ہے؟ اگر حکمت' توحید' یا نبی کریم ﷺ کی مدح پر مشتمل ہے تو علم' ہدایت اور منصب جلیل حاصل ہوگا۔ یہی تعبیر اس صورت میں ہے جب رائی خواب میں شاعر بن گیا۔ (۳) خواب میں شاعر دیکھنا ایسے گمراہ شخص کی دلیل ہے جو ایسی باتیں کہتا ہے جن پر خود اس کا عمل نہیں۔

## شعری (بال فروش)

بالوں والے سے مراد وہ شخص ہے جو بالوں کی خرید و فروخت کرتا ہے۔ (۱) اسے خواب میں دیکھنا ایسے شخص کی دلیل ہے جو دین پر دنیا کو ترجیح دیتا ہے جبکہ اس نے دراہم کے عوض میں بالوں کو خریدا ہو۔

## شعر الراس (سر کے بال)

اس کی تعبیر مال اور لمبی عمر ہے۔ (۱) اگر دیکھے کہ سر کے بال لمبے ہو گئے ہیں تو دلیل ہے کہ لمبی عمر پائے گا۔ (۲) اگر دیکھے کہ اس کے بال چھوٹے تھے اور مزید بال سر میں لگائے ہیں اگر صاحب خواب غنی تھا تو اس کا مال اور بڑھ جائے گا۔ قرضہ سے تجارت کرے گا۔ اگر رائی تنگدست ہے تو دلیل ہے اس پر بہت سارا قرض ہے۔ (۳) اور اگر دیکھے کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس کے بال سیدھے ہیں یا گھونگھریالے ہیں تو شرافت وصبر کی دلیل ہے۔(۴) اور اگر دیکھے کہ اس کے سیدھے بال گھونگھریالے ہو گئے ہیں تو ذلیل و عاجز ہوگا اور حالت بدتر ہو جائے گی۔(۵) اور اگر دیکھے کہ اس کے گھونگھریالے بال سیدھے اور لمبے سیدھے ہو گئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا مال بٹ جائے گا۔ اگر بال نرم وملائم ہیں تو اس کے سردار کے مال میں اضافہ ہوگا۔ اگر وہ غنی تھا تو یہ اس کا مال ہے اور اگر وہ تنگدست تھا تو یہ اس کے واجب الاداء قرضے ہیں۔ (۶) اگر دیکھا کہ اس کے بال گھونگھریالے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے سردار کو سیادت وعزت حاصل ہوگی۔(۷) جس نے دیکھا کہ اس کے بال لمبے ہیں اور وہ خوش ہے تو یہ مبارک ہے خاص طور پر عورتوں کے حق میں۔ چونکہ عورتیں دوسروں کے بال زینت کی غرض سے استعمال کرتی ہیں۔(۸) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے سر کے بال بہت زیادہ ہیں اور داڑھی بڑی ہوگئی ہے اور بالوں کی لٹیں بنالیں تو اس کے ذمے واجب الاداء بہت سارے قرضے ہیں۔ بال کی تعبیر اموال سے بھی کی جاتی ہے اس شخص کے حق میں کہ جو ان کا مالک ہے یا ان کو جمع کرتا ہے۔ اور مونچھوں بغلوں کے بالوں کا زائل کرنا قرض سے بری الذمہ ہونے، غم دور ہونے، اتباع سنت کی دلیل ہے، بالوں کی لٹیں بنانا امور کی پختگی کی دلیل ہے۔ عورتوں کی بالوں کے لٹیں خیر کی علامت ہیں اور جو شخص عام طور پر بالوں کی لٹیں بنا کر رکھتا ہے تو دلیل ہے کہ وہ مال حفاظت سے رکھتا ہے اور جمع کرتا ہے۔ فقیر اور نابینا وغیرہ کے حق میں لٹیں تنگی کی دلیل ہیں۔(۹) اگر دیکھے کہ بال غیر معتاد جگہ پر نکل رہے ہیں تو دلیل ہے اس کو صدمہ پہنچے گا۔(۱۰) اگر دیکھے کہ زمانۂ حج میں بال منڈا رہا ہے یا کتر ارہا ہے تو امن کی علامت ہے، بال کترنا اور نوچنا بشرطیکہ خلقت کو بگاڑنے کی حد تک نہ ہو تو غم زائل ہونے کی دلیل ہوتا ہے، بعض معبرین فرماتے ہیں کہ بالوں کو نوچنا دلیل ہے کہ رائی نہ چاہنے کے باوجود قرض کی آدائیگی کرے گا۔(۱۱) اگر ھاشمی نے خواب دیکھا کہ اس کے بال دراز ہو گئے ہیں تو دلیل ہے کہ غلاموں کا مالک بنے گا۔ جب فوجی، سپاہی نے یہی کچھ دیکھا تو دلیل ہے کہ اس کا اسلحہ اور زینت میں اضافہ ہوگا۔(۱۲) اگر دیکھے کہ اس کے بال گھوڑے کے بالوں کی مانند ہیں تو دلیل ہے کہ یہ شخص اگر چور یا بھگوڑا غلام ہے تو گھوڑا ہتھیائے گا، اگر وہ آزاد ہے تو اس کو بچنا چاہئے کہ کہیں وہ غلام نہ بنالیا جائے۔(۱۳) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے بال خنزیر کے بالوں کی مانند ہیں تو سختیاں کے پہنچنے کی دلیل ہے۔(۱۴) بالوں کا زیادہ ہونا غموں کے زیادہ ہونے کی علامت ہے، اور اگر وہ کثرت بالوں پر خوش تھا تو دلیل ہے کہ خوشیوں میں اضافہ ہوگا۔ اور عورت کے بالوں کی سیاہ ہونا دلیل ہے کہ اس کا شوہر اس سے محبت کرتا ہے اور ہر حال میں استقامت کا دامن تھامے رکھتا ہے۔(۱۵) اگر عورت نے دیکھا کہ اس نے اپنے بال کھولے ہوئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کا شوہر کہیں غائب ہو جائے گا۔(۱۶) اگر دیکھا کہ وہ ہمیشہ ننگے سر رہتی ہے تو دلیل ہے کہ شوہر لوٹ کر نہ آئے گا۔ اگر رائی کنواری ہے تو کبھی بھی بیاہی نہیں جائے گی۔(۱۷) اگر عورت نے دیکھا کہ اس کے بال بہت زیادہ ہیں اور لوگ اس کے بال دیکھ رہے ہیں تو دلیل ہے کہ یہ عورت رسوا ہوگی۔(۱۸) اگر کسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آدمی نے دیکھا کہ اس کے سر پر بالوں کی مینڈھیاں ہیں تو یہ اس کے مضبوط وقوی ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۹) اگر دیکھا کہ اس کے سر کے پچھلے حصے کے بال جھڑ گئے ہیں تو اشارہ ہے کہ یہ شخص کسی وقت ذلیل ہوگا۔ (۲۰) اور اگر دیکھا کہ اس کے سر کے پچھلے حصے کے بال گر گئے ہیں تو دلیل ہے کہ بڑھاپے میں ذلت اٹھائے گا۔ (۲۱) اگر دائیں حصے کے بال جھڑے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے اقرباء میں سے مرد اس کو تکلیف پہنچائے گا۔ (۲۲) اگر بائیں جانب کے بال گرے ہیں تو دلیل ہے کہ اپنے اقرباء میں سے کسی عورت سے تکلیف سے پہنچے گی' اگر اس شخص کے قرابت دار نہیں تو اس کا مطلب ہے کہ اس کو خود اپنے آپ سے تکلیف پہنچے گی۔ (۲۳) بغلوں کے بالوں کا لمبا ہونا مقصد برآری کی' دین کی مضبوطی اور اس کی عزت وتوقیر کی علامت ہے۔ (۲۴) اگر دیکھے کہ بغل کے بال بہت کثیر مقدار میں ہیں تو دلیل ہے کہ یہ شخص اپنی مستقل مزاجی کے ذریعے سے بہت سا مال حاصل کرے گا مگر دین اور مروت کی طرف لوٹنا نصیب نہ ہوگا۔ (۲۵) اگر دیکھا کہ بالوں میں بہت ساری جوئیں پڑ گئی ہیں تو کثرت عیال کی دلیل ہے (۲۶) اگر دیکھے کہ اس کے بال عام عادت سے بہت زیادہ بڑے ہو گئے ہیں اور اس کو پسند تھے تو یہ اس کی خواہش اور ارادہ ہیں اسے غنا حاصل ہوگا اور اپنے قرضے چکائے گا۔ گھر والوں پر فراخی کرے گا۔ (۲۷) اگر دیکھا کہ اس کے بال اتنے لمبے ہیں کہ جس کی نظیر نہیں اور لوگوں کے سامنے جا رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس پر قرضہ لاحق ہوگا' اور اس کو چکانے سے قاصر ہے' بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ بالوں کی لمبائی طویل شقاوت کی علامت ہے۔ اور بعض نے فرمایا کہ کثرت اطفال وعیال کی دلیل ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ خوف خدا میں اضافہ ہوگا' اور دنیا میں رنجیدہ ہونے گا۔

(۲۸) جس نے دیکھا کہ اس کے سر کے بال پہلے سے کم ہو گئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے غم میں کمی واقع ہوگی۔

(۲۹) اگر دیکھا کہ کوئی اس کے بال اکھاڑ رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو مال کے حوالے سے مصیبت پیش آئے گی۔

(۳۰) اگر عورت نے دیکھا غیر موسم حج میں کہ مرد اس کے سر کے بال کاٹ رہا ہے تو دلیل ہے کہ میاں بیوی میں لڑائی ہوگی۔ اور شر کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اگر یہ موسم حج میں ہے تو عورت کی دین داری' دیانت' اور دنیاوی زندگی کی بہتری کی دلیل ہے۔ (۳۱) اگر دیکھا کہ کوئی مرد اس کے سر کے پچھلے حصے کے بال کاٹ رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا شوہر اس سے چھپ کر غیر عورتوں سے تعلقات استوار کرے گا۔ (۳۲) اگر دیکھا کہ وہ مناسب مقدار و انداز سے سر میں تیل لگا رہا ہے تو اس کے لئے زینت کی دلیل ہے۔ (۳۳) اگر وہ تیل بہہ گیا تو دلیل ہے کہ غم آوے گا۔ (۳۴) اگر اس کی خوشبو بھلی معلوم ہوئی ہے تو یہ اچھی شہرت کی علامت ہے۔ (۳۵) جس نے دیکھا کہ وہ سر میں جوئیں دیکھ رہا ہے تو دلیل ہے کہ بعض عیوب پر مطلع ہوگا۔ (۳۶) اور جس نے دیکھا کہ وہ اپنے سر میں کنگھا کر رہا ہے اور سر سے کوئی جوں گری ہے تو دلیل ہے کہ وہ میراث میں حاصل ہونے والے مال میں سے خرچ کرے گا۔ یا اس کا کوئی عیب ظاہر ہوگا۔

(۳۷) اگر دیکھا کہ اس کے کچھ بال واپس آ گئے ہیں تو اس کا کچھ مال جا چکا ہے یا جائے گا۔ (۳۸) اگر دیکھا کہ بال

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



چہرے یا غیر معتاد جگہ پر اگ رہے ہیں تو دلیل ہے کہ اس پر بہت سارے قرضے چڑھیں گے۔ (۳۹) اگر کسی نے دیکھا کہ بال اس کی ہتھیلی پر اُگ آئے ہیں تو دلیل ہے کہ نفع پائے گا۔ (۴۰) سینے یا زبان پر بالوں کا اُگنا حکمت' قوت بیان' اور فطانت کی دلیل ہے۔ (۴۱) اگر یہ بال حد سے بڑھ گئے تو دلیل ہے کہ پھر سے غم' صدمات' کا سامنا کرنا پڑے گا۔ (۴۲) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے پیٹ پر بہت زیادہ بال اُگ آئے ہیں تو دلیل ہے کہ غمزدہ اور بہت زیادہ مقروض ہوگا۔ (۴۳) اگر کسی نے دیکھا بازو کے بال جھڑ رہے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کی کمائی ضائع ہو جائے گی۔ (۴۴) اور جس نے دیکھا کہ اس کی پنڈلیوں کے بال گھنے ہو گئے ہیں اور وہ انہیں بٹ رہا ہے (مونڈ رہا ہے) تو اسے مال حاصل ہوگا اور اس سے ایسا کام کرے گا جو کہ لوگ نہیں کرتے اور اللہ سے ڈرنا چاہئے۔ (۴۵) عورت کا اپنے سر کے بالوں کو دیکھنا اوڑھنی کی دلیل ہے۔ بعض مرتبہ سر کے بالوں سے مراد کھیتی' مال' جاہ' کنواری کو شوہر ملنے' اور کنوارے کو بیوی ملنے اور خوبصورت اولاد ہونے کی بشارت ہے۔ (۴۶) بالوں کا دراز ہونا' اور سیاہ ہونا ان کی خوش حالی کی علامت ہے۔ (۴۷) بالوں کا سفید ہونا' چھوٹا ہونا' اور بدبو بدحالی کی دلیل ہے۔ (۴۸) اگر خواب میں دیکھا کہ بالوں کو تیل لگا رہا ہے یا کنگھا کر رہا ہے تو حسن سلوک اور ایفائے عہد کی علامت ہے ایسا آدمی جو بالوں کو پسند نہیں کرتا تو بالوں کو مونڈنا' یا چھوٹا کرتا ہوا خود کو دیکھنا بائیکاٹ' قطع تعلقی فضول خرچی کی دلیل ہے۔ اور بالوں کا چھوٹا ہونا علم وہدایت کی نشانی ہے' موسم حج میں یہ خواب دیکھنا بعض مرتبہ حج کرنے کی علامت ہوتا ہے۔ (۴۹) بالوں کی لٹیں بنانا مال جمع کرنے' غلہ گودام میں جمع کرنے کی دلیل ہے۔ (۵۰) کنگھا کرنا یا جوؤں کو نکالنا مفسدین کو اپنے علاقے سے نکال باہر کرنے کی دلیل ہے۔ (۵۱) اگر دیکھا کہ اپنی بیوی کے بالوں میں کنگھا کر رہا ہے تو بعض اوقات یہ دلیل ہوتا ہے کہ وہ اسے طلاق دے گا۔ (۵۲) بالوں کا طویل ہونا اس شخص کے لئے کہ جس کے شایانِ شایان نہیں غم قرضوں' افکار اور بدنصیبی کی دلیل ہے اور جس پر لمبے بال اچھے لگتے ہوں یہ ان کی خوشحالی اور کثرت اموال کی نوید ہے۔ (۵۳) بالوں کا خلاف عادت طویل ہونا شہوت رانی' قرضوں' افکار' بدنصیبی اور تفرق پر دلالت کرتا ہے۔ (۵۴) بعض مرتبہ اچھے بال دیکھنا اعمال صالحہ کی دلیل ہوتا ہے۔ اور کبھی کبھی خوبصورت' لمبے بال اور لٹیں دلالت کرتی ہیں شعر ونظم پر اور بعض مرتبہ بال دلالت کرتے ہیں نیک فالی پر بشرطیکہ بال خواب میں خوبصورت دکھائی دے رہے ہوں۔ (۵۵) اگر خوبصورت نہ ہوں تو شر کی دلیل ہیں۔ (۵۶) اگر خواب میں دیکھا کہ بال خراب ہیں تو رعشہ طاری ہونے پر دلالت کرتے ہیں۔ (۵۷) اگر عورت نے خواب میں اپنے بالوں کی لٹیں بنائیں تو یہ دلیل ہے کہ اسکا شوہر اس کو تین طلاق دے گا اگر وہ بیمار تھی تو موت واقع ہو جائے گی۔ (۵۸) جس نے دیکھا کہ اس کے چھوٹے بال لمبے ہو گئے ہیں تو یہ علامت ہے کہ اس پر کوئی اژدہا مسلط ہوگا۔ (۵۹) اگر آدمی کے بال کسی حیوان کے بالوں کی طرح ہو گئے تو یہ دلیل ہے مشقت اور تھکاوٹ کی۔ (۶۰) اگر وہ فقیر ہو تو ہو سکتا ہے مالدار ہو جائے۔ (۶۱) بھوؤں' پلکوں' کلائیوں' سینے اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پنڈلی کے بال آدمی کے لئے زینت‘ قوت‘ بچاؤ لباس‘ ڈھال اور ہمیشہ رہنے والا مال کی علامت ہے۔(۶۲) اور ایسے بال کہ جس میں کوئی منفعت نہیں مثلاً زیر ناف اور بغل کے بال‘ تو خواب میں انکا دیکھنا افکار‘ خروج عن السنۃ کی دلیل ہے۔(۶۳) کانوں کے بال علم یا کسی سنے جانے والے کلام کی دلیل ہے۔(۶۴) ناک کے بال بُری خبر کی اطلاع ملنے یا مخفی مال کی دلیل ہے۔(۶۵) عورت کے جسم پر بال دلیل ہیں کہ کنواری کو رشتہ نصیب نہ ہو اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ وہ اپنے اہل خانہ اور بچوں کی دیکھ بھال مرد کی طرح کرے گی۔(۶۶) بچے کے بال اُس کی لمبی عمر کی دلیل ہیں۔(۶۷) اگر بال کسی نامناسب مقام پر اُگ آئے مثلاً ہتھیلی کے اندر کی طرف یا تلوے میں تو یہ دلیل ہے کہ اس کا آرام معطل ہو کر رہ جائے گا اللہ کی ناراضگی والے کام کرے گا۔(۶۸) آدمی کے جسم پر بالوں کا ہونا بیوی کے حاملہ ہونے کی دلیل ہے۔(۶۹) کسی مغموم آدمی کے بالوں کا گھنا ہونا کہ اس کے غم میں اضافہ ہونے کی دلیل ہے۔(۷۰) بالوں کا گرنا دلیل ہے کہ اس کا غم کافور ہو جائے گا۔ کسی مسرور کے جسم پر بالوں کی کثرت دلیل ہے اسے اور خوشی اور تونگری عطا ہوگی۔ اور اس کے بالوں کا زائل ہو جانا تونگری کے زوال کی دلیل ہے۔(۷۱) اگر دیکھا کہ جسم کے بال سفید ہو گئے ہیں وہ اگر غنی ہے تو اسے گھاٹا ہوگا اگر فقیر ہے تو قرض سے چھٹکارا عطا ہوگا۔(۷۲) آدمی کے بالوں کا کسی چوپائے یا درندے کے بالوں کے مشابہ ہونا اشارہ ہے کہ یہ آدمی مشکلات میں گھر جائے گا۔(۷۳) سینے پر بالوں کی کثرت دلیل ہے کہ اس شخص پر قرضہ چڑھے گا۔(۷۴) اور جس شخص نے دیکھا کہ وہ اپنے سر کے بال کاٹ رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ شخص اپنے مذہب و عہدے سے گر جائے گا۔(۷۵) اگر عورت نے دیکھا کہ اس کے بال بہت زیادہ سیاہ ہیں دلیل ہے کہ وہ اپنے شوہر کے مال سے مستغنی ہوگی۔(۷۶) جس شخص نے دیکھا کہ اس کے رخسار پر نہایت حسین بال ہیں تو یہ اس شخص کے سلیم الصدر ہونے کی دلیل ہے(۷۷) اگر دیکھا کہ اس کے گالوں پر بال نہیں ہیں تو یہ اس شخص کے خبیث ہونے کی دلیل ہے جس شخص نے دیکھا اس کے بال گھوڑے کے بالوں جیسے ہیں تو یہ اس کے غلام بننے اور مشقت میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

## شارب (مونچھیں)

خواب میں مونچھیں دیکھنا مال کی علامت ہے۔(۱) جس شخص نے دیکھا کہ وہ اپنے مونچھیں کتر رہا ہے تو یہ سنت کا پابند ہونے کی دلیل ہے۔(۲) اگر دیکھا کہ اس کی مونچھیں بہت زیادہ لمبی اور گھنی ہوگئی ہیں تو یہ ناپسندیدہ امر پیش ہونے کی دلیل ہے۔(۳) جس شخص نے دیکھا کہ اس کی مونچھیں ناقص ہیں یا اس انداز سے کٹی ہوئی ہیں کہ بری معلوم ہوتی ہیں تو یہ دلیل ہے کہ اسی قدر وہ اپنا مال ضائع کرے گا۔(۴) جس نے دیکھا کہ اسکی مونچھیں لمبی لمبی ہیں اور خلاف عادت ہیں اور کھانے میں رکاوٹ ہیں تو یہ عیب اور بدعت کی علامت ہے۔(۵) مونچھوں کا غیر معمولی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بڑھنا غم پر دلالت کرتا ہے۔ بعض مرتبہ اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ وہ حرام مشروبات استعمال کرے گا۔ (٦) مونچھوں کا کاٹنا اور سنوارنا اتباعِ سنت کی دلیل ہے۔ (۷) داڑھی اور مونچھوں کا مونڈھنا راحت حاصل ہونے، غم دور ہونے اور اچھے نصیب کی دلیل ہے اور جو شخص اس کو ناپسند سمجھتا ہو تو اس کا منصب جاتا رہے گا۔ بری شہرت عام ہوگی۔ فقر میں مبتلا ہوگا خسارہ اُٹھائے گا۔ مونچھ کے بالوں کا کم ہونا اچھا اور اس کا بڑھنا مکروہ ہے۔ اور بعض مرتبہ نشہ آور چیز پینے یا زکوٰۃ کی ادائیگی نہ کرنے یا امانت کو روکے رکھنے کی دلیل ہوتا ہے۔

## شیب (بڑھاپا)

(۱) اگر خواب دیکھنے والا نوجوان ہے تو بڑھاپا دیکھنا وقار کی علامت ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ طول عمر ضعف کی علامت ہے اور بعض حضرات فرماتے ہیں کہ داڑھی اور سر دونوں کا سفید ہو جانا فقر پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) اگر دیکھا کہ اس کی داڑھی سفید ہوگئی ہے لیکن مکمل طور پر نہیں تو یہ اس کے قوی ہونے اور باوقار ہونے کی دلیل ہے۔ (۳) اور جس شخص نے دیکھا کہ اس کا سر سفید ہو گیا تو اس کی بیوی اُمید سے ہے تو لڑکے کی ولادت ہوگی۔ (۴) داڑھی سے سفید بالوں کا چننا یا کاٹنا نشانی ہے کہ بوڑھوں کی توقیر کرے گا۔ (۵) اگر عورت نے دیکھا کہ اس کا سر سفید ہو گیا اس کے شوہر کے فاسق ہونے کی دلیل ہے اگر فاسق نہ ہوا تو دلیل ہے کہ وہ اس عورت کی جگہ کسی باندی کو گھر میں لائے گا یا دوسرا بیاہ رچائے گا۔ بعض حضرات نے فرمایا سر کا سفید ہو جانا غائب آدمی کی آمد یا مہمان کی تشریف آوری کی علامت ہے۔ (٦) جسم کے بالوں کا سفید ہو جانا اگر رائی اغنیاء میں سے ہے تو مال میں گھاٹے کی دلیل ہے، اگر فقیر ہے تو اس پر ایسا قرض چڑھ جائے گا کہ جس کی ادائیگی ممکن نہ ہوگی۔ (۷) کسی غیر معروف عورت کے سر کے بال سفید ہو جانا دلیل ہے کھیتی کے خشک ہونے کی۔ (۸) سارے لشکر کے بال سفید ہو جانا سب کے فرار ہونے اور کمزوری کی دلیل ہے۔ (۹) مریض صاحب خواب کے حق میں بڑھاپا دیکھنا اس کی موت اور کفن کی دلیل ہے خاص طور پر جبکہ اس کے جسم کے بال سفید ہو گئے ہوں، سہمے ہوئے کے حق میں بڑھاپا امن کی دلیل ہے کہا گیا۔ (۱۰) اگر عورت بڑھاپا دیکھے تو اشارہ ہے کہ یہ اپنے شوہر کے اقارب میں سے کسی سے قبیح کلام سنے گی۔ اور بعض مرتبہ یہ دلیل ہوتا ہے طلاق کی چونکہ مرد عورت کے بڑھاپے کو ناپسند سمجھتا ہے۔ (۱۱) اگر کسی بوڑھے نے دیکھا کہ زیادہ بوڑھا ہو گیا لیکن بالوں میں کچھ سیاہی بھی ہے تو دلیل ہے اس کو مزید وقار حاصل ہوگا۔ (۱۲) اگر سیاہی نام کی بھی نہیں تو یہ اپنے رئیس یا اپنے سے اوپر والے کسی شخص سے ناپسندیدہ بات کا سامنا کرے گا۔ (۱۳) اگر کسی نے دیکھا کہ اُس کی کالی داڑھی سفید ہو گئی ہے تو ایسے شخص کا دین ضائع ہوگا یا مال ختم ہو جائے گا۔ (۱۴) اگر دیکھا کہ اس کی کالی داڑھی میں ایک دو یا تین بال سفید ہیں تو اشارہ ہے کہ اس کے ہاں نرینہ اولاد ہوگی اگر کوئی سفر پر تھا اور اسے اُس کا شدت سے انتظار بھی ہے تو وہ شخص واپس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لوٹ آئیگا۔(۱۵) جس نے دیکھا کہ اس کے سینے کے بال سفید ہوگئے ہیں تو اس کا کھانا متغیر اور بدبودار ہو جائے گا۔ (۱۶) جس نے دیکھا کہ اس کی داڑھی ہے تو عزت اور جاہ حاصل ہوگی اور اچھی شہرت ہوگی۔(۱۷) امام ابن سیرینؒ غیر بوڑھے کا خواب میں بڑھاپا دیکھتے تو مکروہ قرار دیتے ہوئے فرماتے کہ بڑھاپا مال کے گھاٹے کی دلیل ہے خاص طور پر جب کہ بال بڑھیں بھی۔ اگر دیکھنے والا فقیر ہے تو اس پر فقر و فاقہ کے ساتھ بہت بڑا قرض فکر اور قید مسلط ہوگی۔ (۱۸) اگر دیکھا کہ اپنے سفید بال نوچ رہا ہے تو اس کا مطلب ہے کہ یہ شخص سنت کی مخالفت کرے گا بوڑھوں کی توقیر نہیں کرے گا۔ داڑھی کے بالوں کی سفیدی بعض مرتبہ دوری اور جفا پر دلیل ہوتی ہے۔

## شیب مجہول (نامعلوم بوڑھا)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنا بزرگی اور سعادت مندی کی علامت ہے اگر وہ قوی تھا تو یہ اس کی قوت کی دلیل ہے اور اگر وہ ضعیف تھا تو یہ دلیل ہے کہ وہ اسکی دیکھی ہوئی حالت پر ہوگا۔ اگر اس کا جسم برا تھا تو یہ بھی مذموم ہوگا اگر وہ اچھا تھا تو یہ بھی اچھا ہوگا۔(۲) اگر دیکھا کہ کوئی بوڑھا اُس کی نگرانی کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ اسے خیر حاصل ہوگی۔(۳) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ کسی بوڑھے کے پیچھے جا رہا ہے تو یہ شخص بھلائی کی اتباع کرے گا اور خوشحال ہوگا اگر وہ بوڑھا رُستاقی کا رہنے والا ہے تو تندخُو دوست کی دلیل ہے اگر وہ ترکی تھا تو عام دوست کی علامت ہے۔ اگر وہ کافر تھا تو دلیل ہے عدم ایفاء کی اگر مسلمان تھا تو شر سے محفوظ رہے گا۔ اگر وہ دیلمی تھا تو دلیل ہے سچے امانت دار باوفا دوست کی۔ (۴) اگر کسی نامعلوم بوڑھے کو دیکھا اور اسے غضبناک کیا تو دلیل ہے کہ وہ ناصح دوست ہے اور برھم ہو رہا ہے اور وہ اس کی نصیحت کو قبول نہیں کر رہا ہے۔(۵) اگر دیکھا کہ وہ اسے پسند کرتا ہے تو وہ اسے نصیحت کرے گا اور وہ اس کی نصیحت قبول کرے گا دین اور دنیا کے معاملے میں اس کی موافقت کرے گا۔(۶) جس شخص نے محبت رکھنے والے دوستوں کا اجتماع دیکھا اور یہ معلوم نہیں کہ وہ بوڑھے ہیں یا نوجوان تو دلیل ہے کہ خیر کے دروازے کھلیں گے۔

(۷) اگر کسی بوڑھے کو کسی عورت نے خواب میں دیکھا تو یہ اس کی دنیا ہے۔(۸) اگر کسی نوجوان یا بے ریش نے دیکھا کہ وہ بوڑھا ہوگیا ہے تو یہ علم اور ادب حاصل ہونے کی دلیل ہے اور وہ اچھی حالت میں تھا تو عزت اور جاہ کی نشانی ہے یہودی بوڑھا دیکھنا انسان کی ہلاکت کے درپے انسان کی دلیل ہے۔ نصرانی بوڑھا دلیل ہے ایسے بوڑھے کی کہ اس کی دشمنی نقصان نہ دے گی۔ کافر بوڑھا خواب میں دیکھنا پرانی دشمنی رکھنے والے دشمن کی دلیل ہے۔(۹) اگر بوڑھے نے دیکھا کہ وہ جوان ہوگیا معاملے میں نقصان کی دلیل ہے۔ بعض معبر فرماتے ہیں کہ اس کی موت واقع ہو جائے گی۔ بعض معبرین کی رائے یہ ہے کہ یہ خواب اس کی حرص پر دال ہے۔(۱۰) اگر کسی بوڑھے نے دیکھا کہ اس کی ماں نے اُسے جنا ہے اگر خواب دیکھنے والا مریض ہے تو اشارہ ہے کہ اسکی موت واقع ہوگی اگر صحیح سالم ہے مگر تنگ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دست ہے تو کشادگی حاصل ہوگی اگر غنی ہے تو تنگی کا سامنا کرنا پڑے گا۔اور معاملات اور کمائی کے سلسلے میں رکاوٹ ہوگی۔(۱۲) اگر کسی بوڑھے نے دیکھا کہ وہ بچہ بن گیا ہے تو وہ کسی کام میں جہالت کا مظاہرہ کریگا۔صالح بوڑھا دیکھنا عزت' شرف ورزق برکت اور طویل عمر کی بشارت ہے۔اور بوڑھا کھوسٹ دیکھنا وہم میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔ بعض مرتبہ کسی بوڑھے کو دیکھنا عاجزی ناکامی سستی کمزوری اور بے دست و پا ہو جانے کی علامت ہے۔

## شاب (نوجوان)

(۱) کسی جوان کو خواب میں دیکھنا آدمی کے دشمن کی دلیل ہے (۲) اگر وہ گورا چٹا ہے تو دلیل ہے۔ پوشیدہ دشمن کی (۳) اگر وہ گندمی رنگ کا تھا تو نشانی ہے مالدار دشمن کی (۴) اگر وہ سرخ و زرد زائد رنگت والا ہے تو دلیل ہے بوڑھے دشمن کی (۵) اگر وہ نوجوان دیلمی تھا تو دلیل ہے امانت دار دشمن کی (۶) اگر وہ رُستامی تھا تو اس کی تعبیر سخت دشمن ہے (۷) اگر وہ نوجوان قوی اور نامعلوم تھا تو دلیل ہے سخت عداوت کی (۸) اگر معروف تھ تو یہ قوی ہونے پر دلیل ہے اگر وہ ضعیف تھا تو بیداری کی حالت میں اُس کی قوت کے مضمحل ہونے کی علامت ہے۔(۹) اگر دیکھا کہ وہ کسی نوجوان کے پیچھے پیچھے جا رہا ہے تو یہ دشمن پر فتح مندی کی دلیل ہے۔اگر اس کے برعکس دیکھے تو تعبیر بھی برعکس ہے۔(۱۰) اگر کسی نامعلوم نوجوان کو دیکھا کہ اُس نے اسے غصہ دلایا ہے تو اس کا مطلب ہے کہ اس کے ایک ایسے دشمن کا ظہور ہوگا جو لوگوں کے نزدیک مبغوض ہے اگر وہ اُسے پسند کرتا ہے تو یہ دلیل ہے ایسے دشمن کے ظاہر ہونے کی جسے لوگ پسند کرتے ہوں۔ (۱۱) اگر دیکھا کہ کوئی جوان اس کی نگرانی کر رہا ہے تو اس کا مطلب ہے کہ ایک دشمن ہے جو اس پر قدرت پا چکا ہے اور اس پر غالب ہے۔(۱۲) کسی نے اگر دیکھا کہ وہ پھر سے جوان ہو گیا ہے حالانکہ وہ بوڑھا تھا اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس سے زبردست نقصان پہنچے گا۔خواب میں بالغ نوجوان نظر آئے تو اس کی تعبیر دشمن ہے چونکہ بالغ ہونے کے بعد لڑکا کسی منع کرنے والے یا امر کی بات کی طرف التفات نہیں کرتا۔نوجوان مکر اور دھوکہ یا ناپسندیدہ دشمن کی دلیل ہوتا ہے اسے خواب میں دیکھنا قوت و حرکت اور غلبہ جہل کی دلیل ہوتا ہے اور بعض مرتبہ اس سے مراد اللہ کا شکر ہوتا ہے۔

## شابۃ (دوشیزہ)

(۱) اسے خواب میں دیکھنا بہر صورت دشمن کی دلیل ہے۔(۲) کسی نامعلوم دوشیزہ کو دیکھنا کسی غیر متوقع خوشی کی خبر پانے کی دلیل ہے۔(۳) نوجوان خوبصورت لڑکی خواب میں دیکھنا خیر' کامیابی سرور اور فرحت و طاقت کی نوید ہے تعبیر کے اعتبار سے سب سے اچھی تعبیر عرب گندم گوں عورتوں کو خواب میں دیکھنا ہے۔(۴) غیر معروف عورت معروف سے بہتر ہے۔اور سب سے مضبوط وہ ہیں جو زیب و زینت کئے ہوئے ہوں یہ دوسروں سے بہتر ہیں۔ (۵) اگر نوجوان لڑکی ہے تو اس کی حالت خوبصورتی لباس اور زیور کے بقدر خیر کی علامت ہے۔(۶) اگر وہ مستورہ ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تو مستورات میں دین کے اعتبار سے سب سے بہتر ہے اگر زیب و زینت ظاہر کرنے والی ہے تو مشہور ہے کہ خیر کی دلیل ہے۔(۷) اگر وہ نقاب میں ہے تو بھی خیر کی علامت ہے۔(۸) اور اگر بالکل بے حجاب ہے تو خیر عام ہونے کی اطلاع ہے۔(۹) ابھرے ہوئے پستانوں والی دوشیزہ خیر کی اُمید ہے۔(۱۰) اور جس نے کسی کافر دوشیزہ کو دیکھا تو وہ خوشی کی خبر سنے گا۔(۱۱) اگر ترش رو دوشیزہ کو دیکھا تو دلیل ہے کہ وحشت ناک خبر سنے گا۔(۱۲) اگر کوئی لاغر دوشیزہ دیکھی تو اس کو غم اور فقر لاحق ہوگا۔(۱۳) اگر برہنہ دوشیزہ دیکھی تو تجارت میں گھاٹا ہوگا اور رسوائی ہوگی۔(۱۴) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ کسی کنواری کے ساتھ مبتلا ہے (جماع کر رہا ہے) تو دلیل ہے کہ اُسے زمین حاصل ہوگی یا نفع بخش تجارت کرے گا۔(۱۵) اگر کسی نے دیکھا کہ کوئی دوشیزہ بوڑھی ہوگئی ہے تو اُس دوشیزہ کے دین کی بہتری کی دلیل ہے۔(۱۶) اگر کسی بوڑھی نے دیکھا کہ اس کی جوانی لوٹ آئی ہے اور سابقہ قوت و شہوت بھی اور بیاہ رچا رہی ہے تو دین میں پختگی کی دلیل ہے بشرطیکہ نکاح حلال تھا۔ اگر وہ نکاحِ حرام تھا تو اسی کے بقدر دنیا ملنے کی دلیل ہے۔(۱۷) اگر کسی نے دیکھا کہ کوئی بوڑھی جوان ہوگئی ہے اگر دیکھنے والا فقیر تھا تو مستغنی ہوگا۔ اگر دنیا کے اعتبار سے ہیچ تھا تو دنیا واپس لوٹ آئیگی اگر مریض تھا تو شفایابی پائے گا۔

## شفر العین (پلکیں)

(۱) خواب میں پلکیں دیکھنا دین کی حفاظت کی دلیل ہے۔(۲) اگر دیکھا کہ اس کی پلکیں بہت خوبصورت ہیں تو یہ دین میں اچھائی کی بشارت ہے۔(۳) اور جس نے دیکھا کہ اس کی پلکیں سفید ہوگئی ہیں۔ تو مطلب ہے کہ اس شخص کو ایسا مرض لاحق ہوگا جس کا تعلق سر، آنکھوں یا کانوں یا بہرہ پن سے ہوگا۔

## شفة (ہونٹ)

(۱) خواب میں لب دیکھنا آدمی کی باعث فخر مدّ بیان میں قوت یا ایسے دوست کی دلیل ہے جو اس کے لئے باعث زینت ہو۔ اوپر والا ہونٹ نیچے والے ہونٹ سے تعبیری لحاظ سے بہتر ہے اوپر والا ہونٹ ایسے دوست کی علامت ہے کہ جس پر تمام باتوں میں بھروسہ کیا جا سکے۔ پس کسی بھی ہونٹ میں تبدیلی رونما ہو تو اس کی تعبیر اسی اصول کے مطابق ہوگی، ہونٹوں کا دیکھنا عورت، اولاد اور قرابت داروں کی دلیل ہے۔(۲) اگر کسی آدمی نے دیکھا کہ اس کے ہونٹوں میں درد ہے تو یہ دلیل ہے اسکے دوستوں کا معاملہ اس کی منشاء کے مطابق نہ ہوگا۔(۳) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا ہونٹ کٹا ہوا ہے تو یہ اسکے طعنہ زن ہونے کی دلیل ہے۔(۴) اگر اس کا نیچے والا ہونٹ کٹا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا معاون دوست اُس سے جدا ہو جائے گا۔(۵) اگر دیکھا کہ اس کا اوپر والا ہونٹ نہیں ہے تو زوالِ نعمت کی دلیل ہے اور نیچے والے ہونٹ کا زائل ہونا دیکھے تو اس کی بیوی مر جائیگی یا اسے طلاق دے دے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۶) اگر صاحب خواب نے اپنا اوپر والا ہونٹ چرا ہوا دیکھے تو دلیل ہے ہونٹ جس ایک پر دلالت کرتا ہے وہ دو ہوں گے پس نیچے والے ہونٹ کا پھٹنا دو عورتوں کی دلیل ہے۔ (۷) اگر اوپر والا پھٹا ہے یہ دو دوست ہیں۔ اگر ہونٹ ٹھیک ہو گیا تو دلیل ہے کہ اس کے دونوں دوست اس کے امور میں اس کی موافقت کریں گے۔ (۸) اور اگر کٹ گیا تو اس کا دوست اسے داغ مفارقت دے گا اور قطع تعلق کرے گا۔ ہونٹ آدمی کی قوت اور زینت ہے۔ نیز یہ قرابت اور بیماریوں سے شفایابی کی بھی دلیل ہے۔ حاسدوں کے ذلیل وخوار ہونے اور دل کو قرار دینے والی خبروں کی علامت ہے۔ بعض مرتبہ دونوں ہونٹوں کی دلالت حجاب' لڑکوں' پہرے داروں' دروازوں اور تالوں پر ہوتی ہے اور بعض مرتبہ علم' ہدایت کھانے پینے' کشادگی غم اور کتمانِ راز کی دلیل ہے۔ (۹) جس نے دیکھا کہ اس کے دونوں ہونٹ موجود نہیں ہیں تو ان مذکورہ میں سے کسی ایک کے مفقود ہونے کی یا دروازہ گر جانے کی یا تالا بند کرنے کے متعذر ہونے کی یا چابی گم ہو جانے کی دلیل ہے اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر والدین یا زوجین کی موت ہوتی ہے' ان کا سرخ ہونا فصاحت' ہدایت' پاکیزہ کھانے پینے اور خوشیوں کی دلیل ہے۔ (۱۰) ہونٹوں کا موٹا ہونا' بوجھل ہونا' سیاہ ہونا' نیلا ہونا بے وقوفی' خصومت میں عدمِ قیام دلیل اور پریشان کن کسب کی علامت ہے۔ (۱۱) بعض مرتبہ ہونٹوں کا سیاہ ہونا یا نیلگوں ہونا مریض کے حق میں اس کی موت کی علامت ہے۔ چونکہ یہ علامات موت میں سے ہیں۔ (۱۲) بعض مرتبہ ہونٹوں کا آپس میں ملنا دلالت کرتا ہے آنکھوں پر کھلنے اور بند ہونے میں مشابہت کی بنا پر۔ اور بعض مرتبہ ہونٹ دلالت کرتے ہیں فرج پر دخول اور خروج کی مشابہت کی بناء پر' اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر نہر کے کنارے ہوتے ہیں' اور کبھی دلالت کرتے ہیں چوتڑوں پر' کنواں ڈھکنے اور اس طرح کی دوسری باتوں پر۔

## شفق (غروب آفتاب کے بعد آسمان کے افق پر نظر آنے والی سرخی)

(۱) خواب میں شفق دیکھنا قسم کی علامت ہے' چونکہ قرآن مجید میں شفق کی قسم کھائی گئی ہے ﴿فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ﴾ اور بعض مرتبہ یہ بادشاہ اور اس کے حکام کی طرف سے کسی حرکت پر دلیل ہوتا ہے۔

## شفع و وتر (جفت اور طاق عدد)

(۱) خواب میں شفع دیکھنا عزت اور جاہ کی دلیل ہے۔ خواب میں جفت نماز پڑھنا دو رکعت یا چار رکعت دینی یا دنیاوی امور کے حسن انجام کی دلیل ہے اور کبھی اس کی دلالت وصیت اور سفارش قبول ہونے پر ہوتی ہے۔

## شفاعۃ (سفارش)

(۱) خواب میں سفارش کرنا عزت وجاہ کی دلیل ہے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ ملاوٹ اور کھوٹ کی بھی علامت ہے۔ اور بعض بزرگ فرماتے ہیں کہ یہ علامت ہے اجرت لینے کی (۲) جس شخص نے دیکھا گویا قیامت کا دن قائم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے اور انبیاء کرامؑ طلبِ شفاعت کے لئے تشریف لا رہے ہیں تو یہ دلیل ہے صاحب خواب کے کام رک جائیں گے اس لئے کہ انبیاء کرامؑ شفاعت کے معاملے میں توقف فرمائیں گے۔ اور ہر نبی یہ کہے گا کہ میں شفاعت کا اہل نہیں ہوں چونکہ اللہ تعالیٰ نے شفاعت کا اعزاز نبی کریم ﷺ کو ہی عطا کیا ہے۔ اور قیامت کے دن انہیں ہی شفاعت کا حق دیا ہے۔ قیامت کے دن پڑوسی کی شفاعت کا بھی اعتبار ہوگا۔ (۳) اگر دیکھا کہ اس کا پڑوسی قیامت کے دن اس کی شفاعت کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ رائی اس سے نفع اٹھائے گا اور اپنے ساتھیوں سے راحت حاصل کرے گا۔ یا اپنے جان پہچان والے لوگوں سے ضرورت کے وقت کوئی مددگار حاصل کرے گا۔ (۴) اگر دیکھا کہ اس کا بیٹا اس کی شفاعت کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اپنے بیٹے سے نفع حاصل کرے گا۔ یا بیٹے کی جہت سے نفع اٹھائے گا۔ نیز یہی تعبیر اس صورت میں ہے کہ جب کسی اور کی سفارش کی۔ (۵) اگر دیکھا کہ قرآن مجید شفاعت کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ علم اور بلند مقام حاصل کرے گا۔

## شفعہ (زمین یا مکان کی ہمسائیگی کی وجہ سے حق خرید)

(۱) خواب میں شفعہ، دشمنوں کے ساتھ صلح، غیر شادی شدہ لوگوں کے لئے پیام نکاح اور نمازوں کا اہتمام کرنے کی دلیل ہے۔ اور بعض دفعہ اولاد و اموال کی دلیل ہوتا ہے۔

## شہادۃ (شہادت یعنی گواہی)

(۱) اس کا بیان باب الالف فی اداء الشہادۃ میں گزر چکا ہے۔

## شاھد عدل (عادل گواہ)

(۱) خواب میں اس کی تعبیر دشمنوں پر ظفریابی، اپنے بیان کو واضح کرنے اور شک کو دور کرنے سے کی جاتی ہے۔ شک کی نفی کرتا ہے۔ (۲) اگر دیکھا کہ کسی کے خلاف گواہی لکھ رہا ہے تو تعبیر ہے کہ مشہود علیہ کو ہر حرف کے بدلے میں ایک درہم یا ایک دینار قرضہ دے گا۔ (۳) اگر دیکھا کہ ایک گواہ کی موجودگی میں ایک آدمی کے خلاف گواہی دے رہا ہے تو دلیل ہے کہ حج کرے گا یا مقدمہ لڑے گا۔ اور جو آدمی عادل شاہد ثابت ہوا تو دلیل ہے کہ اپنے دشمنوں پر قہر کرے گا۔

## شراء (خرید و فروخت)

اس کا ذکر پہلے بیوع کے باب میں باب الباء کے تحت گزر چکا ہے۔ (۱) جس نے خواب میں دیکھا کہ ایک باندی خریدی ہے تو دلیل ہے کہ وہ تجارت کرے گا۔ (۲) پھر اگر دیکھا کہ وہ مرگئی ہے تو علامت ہے کہ اسے اس تجارت میں گھاٹے و مشقت کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## شرکۃ (شراکت)

(۱) خواب میں شراکت دیکھنا سرور کی علامت ہے۔ اور بعض مرتبہ شرکت دلالت کرتی ہے اللہ سے ڈرنے پر بیعت' دنیاوی منافع پر۔ اور فقیر آدمی کے غنی ہونے پر بھی دلالت کرتی ہے بشرطیکہ شراکت اپنے سے اونچے آدمی کے ساتھ کی ہو' اگر میراث ملنے کی امید تھی وہ بھی حاصل ہوگی' اور اس کے مال میں بھی شریک ہوگا۔ (۲) اور جس نے دیکھا کہ اس کے ساتھ کوئی معروف آدمی شرکت کر رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ کسی نا معلوم معاملہ میں شرکت کریگا خالص محبت اور ایفائے عہد پر دلالت کرتی ہے۔

## شغل (مشغولیت)

(۱) جس شخص نے دیکھا کہ وہ مشغول ہے تو دلیل ہے کسی باکرہ سے شادی کریگا اور اس کا پردۂ بکارت زائل کریگا چونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿إِنَّ أَصْحَابَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِي شُغُلٍ فَاكِهُونَ﴾ ''اور تحقیق بہشت کے لوگ آج ایک مشغلہ میں ہیں باتیں کرتے'' فرماتے ہیں کہ اس کے معنی ہیں پردۂ بکارت زائل کرنا' آدمی کا خواب میں اپنے اصل مشغلہ کو چھوڑ کر کسی اور مشغلے میں مصروف ہونا تو یہ تجدید رزق' ازواج' اولاد اور عبادت کی دلیل ہے۔

## شرب (پینا)

خواب میں پینا دلیل ہے نامعلوم مشروب یا میٹھے پانی کی یہ علم وہدایت پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۱) جس نے صبح کے وقت ٹھنڈا میٹھا پانی پیا تو یہ حلال مال پانے کی دلیل ہے یہ خواب تمام لوگوں کے حق میں خیر ہے سوائے اس آدمی کے کہ جس کی عادت گرم پانی پینے کی ہے۔

## شح (بخل)

خواب میں بخل کرنا کسی ناجائز کام میں ملوث ہونے کی دلیل ہے۔

## شک

شریعت کی تصریحات میں یا کلام اللہ میں شک کرنا نفاق' مکر' دھوکہ کی دلیل ہے اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر دوزخی' منافق آدمی ہوتی ہے اللہ ایسے شخص کی طرف نظر اٹھا کر نہ دیکھے گا جو کبھی اس آدمی کے پاس آتا ہے اور کبھی اس کے پاس۔

## شعوذۃ (مداری کا تماشا کرنا)

خواب میں اس کی تعبیر غرور' جعلسازی' اور فتنہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## شمم (غرور وتکبر)

خواب میں اس کی تعبیر حقیر ہونا اور منصب سے نزول ہے اس کی یہ تعبیر اس آدمی کے حق میں ہے جو ترقی اور لوگوں میں وجاہت کا خواہاں ہے۔

## شہوۃ (خواہش)

خواب میں شہوت کا پورا ہونا اھل نار کے کاموں پر دلالت کرتا ہے۔ چہرے اور جسم پر شہوت کا ظہور دلالت کرتا ہے کہ وہ شخص کسی دوسرے آدمی کی جنایت کی پاداش میں دھر لیا جائے گا یا اس کی تعبیر اچھی شہرت ہے۔

## شم (سونگھنا)

جس شخص نے خواب میں خوشبو سونگھی اسے ہلکا پھلکا کوئی مرض لاحق ہوگا۔ اور بدبو سونگھنا گھٹیا کلام کرنے یا غم لاحق ہونے کی دلیل ہے۔

## شرر (چنگاریاں)

خواب میں چنگاری دیکھنے کی تعبیر قبیح کلام ہے۔ (۱) جس شخص نے دیکھا کہ چنگاریاں اس پر آ آ کر گر رہی ہیں تو دلیل ہے کہ یہ شخص کسی مرتبہ والے آدمی سے قبیح کلام کہے گا۔ (۲) اگر آگ بھڑک اٹھے تو دلیل ہے کہ کلام قبیح طول پکڑے گا۔ (۳) اگر چنگاریوں سے دھواں اٹھتے ہوئے دیکھے تو کسی بہت بڑے حادثے کے وقوع کی دلیل ہے۔ دھواں خوف کی بھی علامت ہے کہیں بھی ظاہر ہو۔ (۴) اگر دیکھا کہ چنگاریوں نے اسے تھوڑا سا جلا ڈالا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے دشمن اس سے برا کلام کریں گے جس سے تن بدن میں آگ لگ جائے گی مگر صبر کرے گا۔ (۵) ایک چنگاری دیکھنا ایک بری بات کرنے کی دلیل ہے۔ (۶) جس شخص نے دیکھا کہ اس پر چنگاریاں بکثرت گر رہی ہیں تو دلیل ہے کہ اسے سخت تکلیف پہنچے گی۔ (۷) جس نے دیکھا کہ کوئی چنگاری کسی قوم پر جا گری ہے تو دلیل ہے کہ اس قوم میں عداوت جنم لے گی۔ (۸) اور جس شخص نے دیکھا گویا وہ چنگاری کھا رہا ہے تو یہ کلام کی دلیل ہے چنگاریاں اور منازعت یا دو قوموں کے درمیان جنگ ہے' لوگوں کے لئے نقصان کا باعث ہے' چنگاریاں دلالت کرتی ہیں اولاد پر۔ پس اگر جلا ڈالا یا چہرہ پر جا پڑا تو یہ مسلسل شر و تکلیف پہنچنے کی دلیل ہے اور بعض مرتبہ چنگاری برے اعمال پر دلالت کرتی ہے جو جہنم میں لے جانے والے ہیں۔ اللہ ہمیں اس سے پناہ عطا فرمائے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# شیطان

(۱) خواب میں شیطان کو دیکھنا دشمنِ دین ودنیا' مکار' دھوکہ باز' حریص' مخالف کی دلیل ہے جو کسی بات کی کوئی پرواہ نہیں کرتا بعض مرتبہ اس سے مراد کوئی صاحب امارت وزیر' قاضی' سپاہی' فقیہ' واعظ یا کافر' منافق حاسد یا اہل وعیال ہوتا ہے۔ شیطان کو خواب میں دیکھنا دلیل ہے اتراہٹ زیادتی' شہوت کی' جیسا کہ شہوت خود دلیل ہے ظلم وزیادتی اور شیطان کی۔ (۲) جس شخص نے دیکھا کہ شیطان نے اسے بدحواس کر دیا ہے تو اشارہ ہے کہ وہ سود خور ہے۔ (۳) اگر دیکھا کہ شیطان نے اسے چھوا ہے تو دلیل ہے کہ کوئی دشمن اس کی بیوی پر تہمت لگائے گا اور بہکائے گا۔ اگر صاحب خواب مریض تھا یا محزون تھا تو رزق وثروت میں کفایت عطا ہوگی۔ (۴) دیکھا کہ کسی شیطان نے اسے چھوا ہے حالانکہ وہ خواب میں ذکر اللہ بھی کر رہا تھا تو یہ علامت ہے کہ اسی شخص کے دشمن بہت سارے ہیں جو اسے گمراہ کرنا چاہتے ہیں۔ اور ہلاک کرنا چاہتے ہیں مگر ان کاموں کی وہ (دشمن) استطاعت نہیں رکھتے۔ (۵) جس شخص نے دیکھا کہ شیطان اس کی اتباع کر رہا ہے تو دلیل ہے۔ کہ اس شخص کا دشمن اس کی اتباع کرے گا' دھوکہ دے گا' اور گمراہ کرے گا اور اس کو اس کے منصب' میراث علمی سے گرادے گا۔ (۶) جس شخص نے دیکھا کہ وہ شیطان سے سرگوشی کر رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ رائی اپنے کسی دشمن سے سرگوشی کرے گا اور مگر اسے اس بات کی قدرت نہ ہوگی۔ (۷) جس شخص نے دیکھا کہ شیطان اسے کوئی چیز سکھا رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ لوگوں کو اپنی باتوں کے ذریعے شیشہ میں اتارنے کی کوشش کرے گا۔ یا لوگوں کو دھوکا دے گا۔ یا جھوٹے اشعار پڑھے گا۔ (۸) جس شخص نے دیکھا کہ شیطان اس کے پاس آیا ہے تو دلیل ہے کہ اس شخص کو جھوٹ اور گناہ کا سامنا ہوگا۔ (۹) جس شخص نے دیکھا کہ وہ شیاطین کا سردار بن گیا ہے یا ان کا بادشاہ بن بیٹھا ہے اور وہ شیاطین اس کی اطاعت کر رہے ہیں تو یہ شخص ریاست' شرف' ہیبت' جاہ حاصل کرے گا۔ اپنے دشمنوں پر غالب ہوگا اور وہ اس کے تابع فرمان ہوں گے۔ (۱۰) جس شخص نے دیکھا کہ اس نے شیاطین کو قید کر رکھا ہے اور جکڑ رکھا ہے تو دلیل ہے کہ اس کو مدد ونصرت اور اچھی شہرت حاصل ہوگی۔ (۱۱) جس شخص نے دیکھا کہ شیاطین نے اسے فتنے میں ڈال رکھا ہے اور حیران ومبہوت کر رکھا ہے تو اس شخص کو اس کا کوئی مال یا سامان حاصل ہوگا۔ اگر رائی بادشاہ ہے تو معزول ہو جائے گا۔ (۱۲) اگر دیکھا کہ شیطان نے اس کے کپڑے اتار لئے ہیں تو یہ اشارہ ہے کہ اس کا کوئی دشمن اس پر غلبہ پائے گا یا اس کو بہکائے گا اور وسوسہ ڈالے گا یا یہ شخص اپنے عہدے سے معزول ہو جائے گا۔ (۱۳) جس شخص نے دیکھا کہ وہ شیطان سے جھگڑ رہا ہے تو اس کے صادق' مومن' اللہ کا اطاعت بردار' اور دین پر مضبوطی سے جم جانے کی دلیل ہے۔ (۱۴) جس شخص نے دیکھا کہ شیطان نے اسے گھبراہٹ میں ڈال دیا ہے تو دلیل ہے کہ یہ شخص اولیاء اللہ میں سے ہے اور چنیدہ ہے۔ اللہ نے اس شخص کو خوف سے اور شیطان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے امن عطا فرما دیا ہے۔(۱۵) اگر کسی شخص نے دیکھا کہ شہابِ ثاقب کسی شیطان کا پیچھا کر رہا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس علاقہ میں اللہ اور بادشاہ کا کوئی دشمن رہتا ہے۔ بادشاہ اور قاضی اس کے رازوں پر مطلع ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس پر عذاب نازل ہوگا اور جلانے کے بعد بادشاہ کی طرف سے عذاب مسلط ہوگا۔(۱۶) جس شخص نے شیطان کو مسرور و شاداں دیکھا تو یہ دلیل ہے کہ وہ شہوات نفسانی میں منہمک ہے۔ شیطان کی تعبیر کمزور دشمن بھی ہے۔(۱۷) جس شخص نے دیکھا کہ اس کی دشمنی شیطان سے ہے تو یہ اس شخص کے دیندار ہونے کی اور اللہ کے مطیع ہونے کی دلیل ہے۔(۱۸) جس شخص نے دیکھا کہ شیطان نے اس سے اپنے جسم میں داخل کر دیا ہے یا نگل لیا ہے تو بحری سفر پر گئے مسافر کی ہلاکت کا اندیشہ ہے۔ اور اگر مسافر خشکی کا سفر کر رہا ہے تو حالات برے ہونے کا خوف ہے۔ نقصان اور تکلیف لاحق ہوگی بعض مرتبہ شیطان کو خواب میں دیکھنا دلیل ہوتا ہے جاسوسوں، چوری چھپے راز حاصل کرنے والوں، چغلخوروں اور طعن زنوں کی۔(۱۹) جس شخص نے دیکھا کہ وہ شیطان بن گیا ہے تو یہ شخص لوگوں کے ساتھ ترش روئی کے ساتھ پیش آئے گا۔ لوگوں کو اذیت دینے میں سبقت کرلیگا اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ وہ جل کر مرے گا یا دین کے معاملے میں آزمائش میں مبتلا ہوگا اور اسی حالت میں مرے گا۔

## شرطی (فوجی دستہ، سپاہی)

(۱) سپاہی کو خواب میں دیکھنا ملک الموت کی علامت ہے۔ بعض نے فرمایا کہ غم و دہشت کی دلیل ہے۔(۲) اگر دیکھا کہ شرطی اپنے معاونین کے ساتھ آرہا ہے تو اسے گھبراہٹ، صدمہ، تکلیف، خطر اور کسی مکار و شریر جاگیردار، بری خواہشات اور درندوں کی طرف سے نقصان پہنچنے کی دلیل ہے۔(۳) جس شخص نے دیکھا کہ اس نے شرطی کی مصاحبت اختیار کرلی ہے اگر خواب دیکھنے والا بادشاہ ہے تو اس کے اور اس کی رعایا کے مابین عہد و پیما، اور شرطوں کا ظہور ہوگا۔(۴) اگر اس نے دیکھا کہ اس نے کسی قوم کو محبوس کر رکھا ہے تو اس کے اور رعایا کے درمیان جھگڑا ہوگا۔

## شحناء (کینہ، بغض)

خواب میں دیکھنا بڑے منصب کی دلیل ہے جیسا حکمران بننا وغیرہ۔

## شوّاء (گوشت بھوننے والا)

اس کی تعبیر آزاد و غلام بچے بچیوں کو ادب سکھانے والے سے کی جاتی ہے اور انہیں کوئی صنعت سکھائے گا۔(۲) اگر دیکھا کہ وہ کسی قصاب کے پاس گوشت خریدنے گیا ہے تو اس کے ہاں ایک لڑکے کی ولادت ہوگی جسے وہ کسی شخص کے حوالے کرے گا جو اس بچے کو ادب سکھائے گا اور تعلیم دے گا۔(۳) اور اگر اس نے دیکھا کہ اس نے بھونا ہوا گوشت ایک دانق یا دو دانق میں خریدا ہے یا ایک درہم میں خریدا ہے تو علامت ہے کہ کسی غلام یا باندی کی تربیت کے سلسلے میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اسے اجرت دی جائیگی اور اس کی ہر بات مانی جائیگی کسی شخص نے خود اپنے آپ کو دیکھا گویا وہ گوشت بھوننے والا ہے تو تعبیر ہے وہ لوگوں سے بادشاہ کے اموال حاصل کرنے کے عہدے پر فائز ہوگا اور اس میں ظلم سے کام لیگا اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر طبیب ہوتا ہے اور بعض مرتبہ اسکی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ خوشیاں حاصل ہونگی' کنواروں کی شادی ہوگی اور مزید اولاد حاصل ہوں گی خاص طور پر جبکہ بھنی ہوئی چیز بچھڑا ہو۔

## شواء (گوشت بھوننا)

(۱) معیشت میں بشارت کی دلیل ہے۔ اگر کچا ہے تو دلیل ہے کہ بچہ کی طرف سے غم پہنچے گا۔ (۲) بکری کے بھنے ہوئے بچے کی تعبیر مالِ کثیر ہے۔ (۳) اور اگر وہ لاغر سا ہے تو تھوڑے مال' اور ایسے رزق کی دلیل ہے کہ جس میں مشقت ہوگی۔ (۴) اور جس شخص نے بکری کے بچے کا گوشت کھایا تو دلیل ہے کہ اپنے بیٹے کی کمائی کھائے گا۔ (۵) بھنا ہوا بچھڑا دلیل ہے ہراساں کے حق میں امن کی اور جس کی بیوی حاملہ ہو تو اس کے لئے بچے کی دلیل ہے۔ (۶) ہر وہ چیز جو بیداری کی حالت میں پکائی جاتی ہے خواب میں دیکھنا گناہ کی علامت ہے۔ (۷) اور گائے کا بھنا ہوا گوشت خوف سے امن کی دلیل ہے مگر اس کو اولاد ملنے کی اگر توقع ہے تو وہ لڑکا ہوگا۔ اور خوشی اس بچھڑے کی قیمت کے بقدر ہوگی۔ بھنا ہوا اونٹ نرینہ اولاد کی دلیل ہے۔ (۸) اگر دیکھا کہ وہ بھنا ہوا اونٹ کھا رہا ہے تو دلیل ہے کہ اسے بیٹا عطا ہوگا اور بلوغ کی عمر تک پہنچے گا اور وہ اس کی کمائی کھائے گا۔ بھنا ہوا اونٹ خوف سے امان کی دلیل ہے۔ اور بعض حضرات نے فرمایا کہ اس کی تعبیر کسی شریف آدمی کا مؤدب بچہ ہے جو ہر طرح کے آداب سے واقف ہوگا۔ اسے کسی بات کی پریشانی نہ ہوگی۔ اگر وہ گوشت پکا نہیں تھا تو وہ کاموں میں دانا نہ ہوگا۔ (۹) اگر کسی نے دیکھا گویا اونٹ کا دست اس سے ہم کلام ہے تو اس شخص کو قدرت حاصل ہوگی اور ہلاکت سے نجات ہوگی۔ (۱۰) بھنے ہوئے یا پکے ہوئے پرندوں کا گوشت ایسے رزق کی دلیل ہے جو کسی عورت کی طرف سے بغیر مکر و فریب کے ملے اگر وہ کچا تھا تو وہ اس عورت کی غیبت کرے گا اور اس پر ظلم کرے گا۔ (۱۱) کسی بھی پرندے کا چوزہ بھنا ہوا تلا ہوا گوشت محنت و مشقت سے حاصل شدہ مال کی دلیل ہے۔ (۱۲) اور پہلو کا بھنا ہوا گوشت کھانا بوجھ' فکر اور رنج کی دلیل ہے اس کی تعبیر عورت سے بھی کی جاتی ہے' چونکہ حواءؑ کو حضرت آدم علیہ السلام کے پہلو سے پیدا کیا گیا تھا۔ (۱۳) سر سے لے کر نصف بدن تک بھنا ہوا گوشت کی تعبیر لڑکیاں اور باندیاں ہیں۔ (۱۴) اور پہلو کے نیچے کا نصف حصہ بیٹوں پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۵) اور بھنا ہوا دست دلیل ہے کہ اس کا سابقہ عورت سے ہوگا جسے یہ دھوکہ دے گا اور اگر وہ گوشت کچا تھا تو غیبت کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۶) اور جس شخص نے بھنے ہوئے گوشت کا کوئی پارچہ خریدا تو دلیل ہے کہ وہ کسی آدمی کو اجرت پر رکھے گا۔ (۱۷) اور جس شخص نے دیکھا کہ وہ بھنا ہوا یا پکا ہوا گوشت کھا رہا ہے تو اس شخص کو مشقت سے رزق

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حاصل ہوگا بعض مرتبہ خواب میں بھنا ہوا گوشت کھانا خوف کی دلیل ہوتا ہے اور بعض حضرات نے فرمایا فکر' غم یا مال حرام کی دلیل ہے۔ (۱۸) جس شخص نے دنبہ بھونا وہ بیمار ہوگا۔ یا بادشاہ کی طرف سے تکلیف پہنچے گی یا قید کر لیا جائے گا۔ (۱۹) اور جس شخص نے بھیڑ بھونی اس کی بیوی یا باندی یا گھر کی کوئی خاتون بیمار ہوگی۔ (۲۰) اور جس شخص نے بکری کا بچہ بھنا تو اس کی اولاد یا غلام کو چیچک یا مصیبت لاحق ہوگی۔ (۲۱) اور جس شخص نے بچھڑا بھونا اور رائی کو بچے کی خواہش بھی تھی تو امید ہے کہ لڑکے کی ولادت ہوگی ورنہ خوف لاحق ہوگا۔ بعض مرتبہ بھونا تنگی سے نکلنے' دشمنوں پر فتحیابی' نرینہ اولاد کے حصول کی دلیل ہوتا ہے۔ خاص طور پر جب کہ بھونا گیا جانور بچھڑا ہو۔ (۲۲) اگر اونٹ ہو تو عزت' مرض سے عافیت کی خوشی' کنوارے وکنواریوں کی شادی' مسافر کی واپسی الفت' محبت کی علامت ہے۔ اور بعض مرتبہ اس کو خواب میں دیکھنا سلب نعمت' قید' تعزیر' مال کی لوٹ مار' امراض حارۃ پر دلالت کرتا ہے اگر گوشت بھونا یا مرغ' یا کوئی اور چیز تو رزق کی عزت' دشمنوں پر فتحمندی کی دلیل ہے اگر وہ اس کا اہل ہوا۔

## شرائح لحم (گوشت بننے کے تنور)

(۱) اگر خواب میں دیکھا تو یہ واضح شر یا دور ہو جانے والا شر ہے۔ اور بعض مرتبہ یہ دلالت کرتا ہے فوری رزق پر' شہوت کے بھڑکنے پر' اور پوشیدہ بات وراز کے اظہار پر۔

## شرائحی (پکانے والا)

(۱) خواب میں اسے دیکھنا شرور' جھگڑوں' لڑائی' تفریق بین الناس' حلال حرام کی تمیز مٹانے' سونے' چاندی کی خرید وفروخت' سود خوری اور قضاء الحوائج پر دلیل ہوتا ہے۔

## شعاب (شاخ در شاخ ہونا)

اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس شخص کے لئے نافع و مصلح ہوگا۔

## شعب الجبل (پہاڑی درہ)

دھوکہ اور فریب کی دلیل ہے

## شمعۃ (موم بتی)

(۱) اس کی تعبیر بادشاہ' بلند مرتبت سخی و فیاض بیٹا ہے' موم بتی کا پگھلا ہوا موم خواب میں دیکھنا دلالت کرتا ہے کہ صاحب خواب کو رزق حلال حاصل ہوگا۔ اگر رائی شادی شدہ ہے تو ولایت پر' اگر جاہل ہے تو ہدایت' فقیر ہے تو غناء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پر دلالت کرتا ہے۔

## شمعدان (چراغ دان)

(۱) خواب میں دیکھنا علامت ہے کہ کنوارے کو بیوی مل جائے گی، اگر وہ شادی شدہ ہے تو خوبصورت سا بچہ اس کے ہاں پیدا ہوگا۔

## شماع (مذاق)

(۱) خواب میں دیکھنا اشارہ ہے خوشیوں، مسرتوں کی طرف بیماروں کے لئے پیغام اجل ہے، اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر ہدایت، علم امراض، مالی خسارہ، اور مال کے مٹ جانے اور گریہ وزاری ہوتی ہے۔

## شہد (شہد جو موم سے نچوڑا نہ گیا ہو)

(۱) خواب میں دیکھنا میراث یا مال شرکت یا رزق کی علامت ہے چونکہ آگ نے شہد کو نہیں چھوا ہوتا ہے۔ (۲) جس شخص نے دیکھا کہ اس کے سامنے کسی نے شہد رکھا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے پاس اعلیٰ اور جامع علم ہے اور لوگ اس کی بات سننے کے خواہاں ہیں۔ (۳) اگر صرف شہد دیکھا تو غنیمت میں حاصل ہونے والے مالِ حلال ہے۔ اگر وہ شہد کوزہ میں تھا تو دلیل ہے کہ اس کو غنیمت میں بہت سارا مالِ حلال حاصل ہوگا۔ (۴) اگر اس نے دیکھا کہ لوگ اس کی طمع رکھتے ہیں تو دلیل ہے کہ وہ تلاوتِ قرآن اتنی سریلی آواز میں کرے گا کہ لوگ اُس سے مزید سننے کی خواہش کریں گے۔ (۵) اگر دیکھا کہ وہ شہد کھا رہا ہے۔ اور اس کے اوپر شہد ہے تو تعبیر ہے وہ اپنی ماں کے ساتھ غلط کام کریگا بعض مرتبہ شہد کھانا ملے جلے کاموں پر دلیل ہوتا ہے اور مصفی شہد اعمالِ صالحہ، خالصہ پر اور بعض مرتبہ رزقِ حلال یا لوٹ کے مال یا غصب شدہ مال پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اور بعض مرتبہ دلالت کرتا ہے امراض سے شفایابی پر اور بعض مرتبہ دلالت کرتا ہے کہ کوئی آدمی اس کے حق میں گواہی دیگا یا یہ کسی کے لئے گواہی دے گا۔

## شحم (چربی)

حلال جانوروں کی چربی دائمی رزق اور لباس کی دلیل ہے حرام جانوروں کی چربی مال حرام آنا، ارتداد، منہی عنہ کام کرنے کی دلیل ہے۔ علاج میں استعمال ہونے والی چربی بیماریوں سے شفاء اور کسی مرض میں اس کی بطورِ علاج ضرورت پڑنے پر دلالت کرتی ہے۔ اور بعض مرتبہ چربی دلالت کرتی ہے فرحت، سرور بیماریوں سے شفاء پر۔ چربی کی تعبیر خالص مال بھی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## شراب (مشروب)

ہر زرد رنگ کا مشروب بیماری کی دلیل ہے۔ (۱) جس شخص نے دیکھا کہ وہ گلاب سکنجبین پی رہا ہے یا بنفشہ پی رہا ہے تو علامت ہے صحت یابی کی یا کسی نقصان دہ چیز سے حفاظت یا اجتناب کرنے کی۔ اور یا وہ ایسی دوا استعمال کرے گا جو اسے مرض سے چھٹکارا دلائے گی۔ (۲) اگر اس نے مشروب نہ چاہتے ہوئے اور نہ ہی خوشگوار معلوم ہو پی لی تو وہ شخص کچھ بیمار ہوگا پھر شفایاب ہو جائے گا۔ (۳) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ شہد یا سیب یا ریحان کا شربت پی رہا ہے نیز پسندیدہ شربت کچھ اغنیاء کے حق میں خیر ہے فقراء کے لئے ہلاکت ہے۔ چونکہ یہ لوگ اس طرح کے مشروبات کی طرف رغبت نہیں کرتے۔ مگر کسی شدید مرض کی وجہ سے' سوائے کہ جو اِن کو پینے پر مجبور کردے۔ سیب کا شربت خادموں کی طرف سے منفعت ہے یا کسی سخت آدمی کی طرف سے خدمت کی دلیل ہے اور غم کی بھی علامت ہے۔ (۴) اگر کسی آدمی نے خواب میں کسی بیماری کی وجہ سے مشروب پیا تو یہ دلالت ہے کہ اگر رائی بیمار ہے تو شفایاب ہوگا وگرنہ یہ پینا ہوگا اس بیماری کے پیدا ہونے کا۔ دست کو بند کرنے والی شربت کو دیکھنا بخل رازوں کی حفاظت کی دلیل ہے۔ دردِ سر کو آرام پہنچانے والے مشروب کا استعمال دشمنوں' قرض خواہوں کے ساتھ مہربانی اور مدارات' جھگڑے کو بہتر طریقے سے رفع دفع کرنے کی دلیل ہے نیز یہی تعبیر اُن مشروبات کی ہے جو حرارت کو برودت سے بدلتے ہے البتہ جو دوا جگر کے بندش کو کھولے جیومیٹری یا شرعی ادب کی روک تھام اور کتمان اسرار پر دلالت کرتی ہے اور جس مشروب کا رنگ کھلتا ہوا ہو یہ خوشیوں' مسرتوں اور اچھے مال پر دلالت کرتا ہے اور بعض مرتبہ فواکہتہ کا مشروب دلالت کرتا ہے ان ہی میووں اور پھلوں پر' جن سے اس کو لیا گیا ہے عرقِ گلاب' نیلوفر' شربت عرقِ گلاب دلالت کرتا ہے تبدیلی چاہنے پر اور صاحبِ وعدہ کے وعدے پر عدمِ اعتماد پر چونکہ یہ دونوں چیزیں قلتِ بقا والی ہیں۔ اور بعض مرتبہ گلاب عورتوں کی آزمائش پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۴) جس شخص نے خواب میں کوئی نامعلوم خوشبودار مشروب استعمال کیا تو یہ یقین کی زیادتی اور نذر کو پورا کرنے کی دلیل ہے اگر وہ مشروب بدبودار تھا یا کسی ایسے برتن میں تھا کہ جس کا استعمال حرام ہے تو یہ کفرانِ نعمت اور ارتداد کی دلیل ہے۔ (۵) اگر دیکھا کہ میت' زندہ آدمی کو خوشبودار لذیز مشروب پیش کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اسے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کر رہا ہے نیز یہ خواب میت کے جنتی ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ بعض مرتبہ نامعلوم مشروب کا استعمال دلیل ہوتا ہے اہلِ حق اور اربابِ عنایت کے مشروب پر' اور بعض مرتبہ پیالہ میں مشروب پینا موت کا جام پینے کی دلیل ہوتا ہے۔

## شراباتی (شربت بنانے والا)

خواب میں دیکھنا اقبال اور سرور کی یا معزول ہونے' حاکم بننے' مال اور اونچے مراتب کی علامت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## شرابی (سقّہ)

خواب میں دیکھنا علامت ہے ایمان، توحید، گناہوں سے توبہ اور طالب علم کے لئے علم کی۔

## شراریب (ٹوپی میں لٹکائے ہوئے دھاگوں کا مجموعہ)

خواب میں اسکی تعبیر اتباع، عزت، مختلف الانواع اموال ہوتی ہے اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر شک ریب اور شر یہ ہوتی ہے۔

## شرافۃ الجدار (دیوار کا اونچا ہونا)

خواب میں اونچی دیوار یا مکان دیکھنا بیداری میں شرافت پر دلالت کرتا ہے اور شہر پناہ کی تعبیر اگر حکمران ہو تو اس کی اونچائی کی تعبیر اس کے حزم واتباع ہوتے ہیں اور کبھی اس کی دلالت دشمنوں سے مطلع ہونے پر بھی ہوتی ہے۔ اور اگر شہر پناہ کی تعبیر مال ہو تو اس کی بلندی اس کی حفاظت ہے۔ اور اگر سورِ بلد کی تعبیر ملک ہو تو اس کی بلندی اس کی فوج اور اسلحے اور ذخائر ہیں

## شفرۃ (چھری)

اسکی تعبیر زبان اور چست خادمہ ہوتی ہے اور بعض مرتبہ رزق کی فراوانی اور معیشت پر اس کی دلالت ہوتی ہے قلم کے نوک کی تعبیر زیرک لڑکا ہے لوگ اس لڑکے پر حسد کریں گے جس شخص اس کو اپنے ہاتھ میں دیکھے تو اس کی روٹھی ہوئی بیوی لوٹ آئیگی، وسعت حاصل ہوگی یا دشمن سے نجات پائے گا۔

## شراع (کشتی بان)

خواب میں اس کی تعبیر بادشاہ ہے جس نے دیکھا کہ اس کے لئے کشتی چلائی گئی تو اس شخص کو بادشاہت عزت، رفعت اور شرف حاصل ہوگا۔ اگر دیکھنے ولا بادشاہ ہے تو دلیل ہے کہ اس کا لشکر قوی ہوگا۔ طاقتور دشمن سے محفوظ رہے گا۔ اس کی سلطنت، عزت اور ہیبت میں اضافہ ہوگا۔

## شطرنج (شطرنج)

(۱) خواب میں شُطرنج کی تعبیر مختلف قسم کے لوگوں کے ساتھ مل جل کر رہنا ہے۔ اگر وہ بادشاہ ہے تو بڑے شُہر کی خوشیوں وشادمانی کی دلیل ہے شطرنج، نرد، نرد کے مہرے اور دھوکہ فریب اور منازعہ پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) جس شخص نے دیکھا کہ وہ شطرنج کے ساتھ کھیل رہا ہے تو اس کی تعبیر ہے کہ اس کا دشمن ہے نہایت کمینہ شخص ہے۔ (۳) شطرنج کے وہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مہرے کہ جن کے ساتھ کھیلا نہیں جاتا معزول آدمیوں پر دلالت کرتا ہے۔ اور وہ مہرے کہ جو مسلسل حرکت میں رہتے ہیں حکام پر دلالت کرتے ہیں۔ شطرنج کے کھلاڑیوں میں سے خواب میں جیتنے والا' بیداری میں دوسرے پر غالب آئے گا ہے۔ اگر اپنے مقابل سے بیدق شکاری پرندہ لیا تو بیداری میں پیدق کو پکڑے گا اور اگر گھوڑا حاصل کیا تو بیداری میں گھوڑسوار کو پکڑے گا اگر ہاتھی پایا تو دلیل ہے کہ کوئی عجمی ملک حاصل کرے گا۔ (۴) جس شخص نے دیکھا کہ وہ شطرنج کھیل رہا ہے تو علامت ہے کہ یہ شخص قتال اور مخاصمت میں بھرپور جدوجہد کرے گا۔ لیکن یہ معلوم نہیں کہ وہ غالب ہوگا یا مغلوب۔ بعض حضرات نے فرمایا شطرنج کھیلنا علامت ہے کہ یہ شخص لوگوں سے بات چیت کا تبادلہ کریگا تو اسے چاہئے کہ ان سے بچے اور ان کے مکر وفریب سے بچے۔ خواب میں شطرنج کلام باطل کی علامت ہے۔ اور لڑائی پر دلالت کرتا ہے۔ اگر دیکھا کہ وہ شطرنج کھیل رہا ہے اور غلبہ حاصل کر لیا ہے تو دلیل ہے کہ حالت بیداری میں بھی اپنے مقابل سے اسی قسم کے حالات کا سامنا کرنا ہوگا۔ شطرنج علامت ہے جنگ' عداوت' رازوں پر اطلاع پانے' آثار کی اتباع' حالات کے بدلنے' اور اسفار کی۔

## شاہ الشطرنج

خواب میں دیکھنا علامت ہے بادشاہ کی

## شاۃ الغنم (بکری)

(۱) خواب میں بکری دیکھنا عورت پر دلالت کرتا ہے۔ چنانچہ اگر دیکھا کہ اسے بکری حاصل ہوئی تو اسے عورت حاصل ہوگی۔ (۲) جس شخص نے دیکھا کہ بکری اس کے آگے چل رہی ہے اور وہ اس کے پیچھے پیچھے چلا جا رہا ہے اور اسے پکڑنے میں کامیاب نہیں ہوا تو علامت ہے کہ وہ کسی عورت کے چکر میں پڑے گا مگر وہ اسے پا نہ سکے گا۔ (۳) جس شخص نے دیکھا کہ وہ بکری کا دودھ دوہ رہا ہے تو دلیل ہے کہ اسے اس سال خیر و برکت حاصل ہوگی۔

## شبکۃ (شکاری کا جال)

(۱) خواب میں شبکہ دیکھنا مکر وفریب' رزق' علم اور امیدوں کے برآنے اور دشمن پر فتحیابی کی دلیل ہے۔ اگر صاحب خواب جال یا شکاری کے جال میں جا پڑا تو خوف ہے کہ شاید اسے قید کیا جائے' یا مرض میں مبتلا ہو جائے' یا غیر موافق بیوی' یا بیٹا عطا ہو۔ یا ایسا مال جس کی وجہ سے قید کیا جائیگا۔ جال دیکھنا پریشان لوگوں کے حق میں سختی' اور غلاموں کے حق میں اس بات پر دلالت ہے کہ انہیں بھرپور مشقت کا سامنا کرنا پڑے گا۔ نیز غلاموں کے ساتھ جن لوگوں کی معیشت وابستہ ہے انہیں بھی پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ مسافر کے حق میں سفر سے واپس لوٹ آنے کی دلیل ہے۔ خاص طور پر بحری سفر کرنے والے کے حق میں جال' غموں کی زیادتی پر بھی دلالت کرتا ہے۔ شکاری کے حق میں خیر ومنفعت کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پہلو ہے۔ نیز یہ خواب اس شخص کے حق میں باعثِ خیر ہے کہ جس کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو۔

## شص (مچھلی پکڑنے کا کانٹا)

خواب میں کانٹا دیکھنا مکروفریب کی دلیل ہے۔ نیز یہی تعبیر دوسرے آلاتِ شکار کو خواب میں دیکھنے کی ہے۔ اور تعبیری نقطہ نگاہ سے افضل یہ ہے کہ انسان خواب میں یہ دیکھے کہ اس نے کانٹا پکڑا ہوا ہے۔

## شحرور (چڑیا سے بڑا ایک خوش آواز سیاہ پرندہ)

خواب میں شحرور دیکھنے کی تعبیر بادشاہ کے سیکٹریوں میں سے کوئی نحوی ادیب ہے۔ اور دلالت کرتا ہے تیز فہم والے فصیح لڑکے پر یا خوبصورت طفل مکتب پر۔

## شقراق (فاختہ سے بڑا ایک پرندہ)

حسن و جمال والی عورت پر دلالت کرتا ہے۔

## شاہین (شاہین)

خواب میں شاہین دیکھنا بدعہد ظالم بادشاہ پر دلالت کرتا ہے۔ تعبیری لحاظ سے شاہین کا رتبہ باز سے کم ہے۔ جس شخص نے دیکھا کہ وہ شاہین بن گیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ حکمران بنے گا اور پھر جلد معزول ہو جائے گا۔

## شقرة اللون (سرخ وزرد رنگ)

خواب میں یہ رنگ دیکھنا گھٹیا پن اور رذلت کی دلیل ہے۔

## شتم (گالی دینا)

(۱) خواب میں گالی دینا مشتوم کے حق میں ذلت ہے اور شاتم کے حق میں عزت' سوائے اس صورت کے کہ جب گھٹیا آدمی کسی بڑے آدمی کو گالی دے تو گالی دینے والے پر مصیبت نازل ہوگی۔ (۲) جس شخص نے دیکھا کہ کوئی آدمی اسے گالی دے رہا ہے تو دلیل ہے کہ شاتم کی طرف سے اس کو تکلیف پہنچے گی پھر ان سے بدلہ لے گا اور ظفریاب ہوگا۔ اور بعض حضرات نے فرمایا کہ اگر گالی دینے والا بادشاہ ہے تو دلیل ہے کہ مشتوم کی حالت شاتم سے افضل ہے۔ چونکہ مشتوم پر زیادتی ہوئی ہے اور مظلوم آدمی کی نصرت کی جاتی ہے۔

## شباک الاصابع (انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کرنا)

(۱) خواب میں اشتباک دیکھنا شرکت' مصاہرت و معاقدت کی دلیل ہے۔ اور بعض مرتبہ یہ دلالت کرتا ہے نماز سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



غفلت پر۔ (۲) جس نے دیکھا کہ وہ اشتباک کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ اسے اپنے قرابت داروں سے تنگی کا سامنا کرنے پڑے گا۔اور بعض مرتبہ اس کی دلالت اپنے مقصد کے مجتمع ہونے پر ہوتی ہے۔

## شق القماش (کپڑے میں پھٹن)

دلالت کرتا ہے طلاق اور دوسرا نکاح کئے بغیر حلالہ پر۔

## شقۃ (ایک قسم کا گرم لباس)

جس نے دیکھا کہ وہ اس کو لپیٹ رہا ہے یا خرید رہا ہے یا اس کو ھبہ کیا جا رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ لمبا سفر کرے گا اللہ تعالیٰ کا فرمان ہ ﴿وَلٰكِنْ بَعُدَتْ عَلَيْهِ الشُّقَه﴾

## شروال (شلوار)

خواب میں شلوار دیکھنا دلیل ہے کہ ولایت حاصل کرے گا۔

## شلل (شل ہونا)

(۱) جس شخص نے دیکھا کہ اس کے دونوں ہاتھ شل ہو گئے ہیں تو دلیل ہے کہ اس سے گناہ عظیم کا ارتکاب ہوگا۔(۲) اگر دیکھا کہ دایاں ہاتھ شل ہوا ہے تو دلیل ہے کہ وہ بے گناہ کو مارے گا۔اور ضعیف پر ستم ڈھائے گا۔(۲) اگر بایاں ہاتھ شل ہوا ہے تو اس کا بھائی یا بہن فوت ہوگی۔ (۴) اگر دیکھا کہ انگوٹھا سوکھ گیا ہے تو دلیل ہے کہ بیٹے کی طرف سے تکلیف پہنچے گی۔(۵) اگر شہادت کی انگلی سوکھ گئی تو بہن کی طرف سے تکلیف پہنچ جائیگی۔(۶) اگر بڑی انگلی خشک ہوگئی تو بھائی۔(۷) اگر چھنگلیاں سوکھ گئی تو اپنی بیٹی۔(۸) اگر چھنگلیاں کی برابر والی انگلی سوکھ گئی تو اپنی ماں یا اہل خانہ سے تکلیف پہنچے گا۔بعض معبرین نے فرمایا کہ ہاتھ میں آفت دلیل ہے بھائیوں پر مصیبت آنے کی' اور انگلیوں میں نقص' بھائیوں کی اولاد میں کسی پر مصیبت کے آن پڑنے کی دلیل ہے۔بعض حضرات نے فرمایا کہ جس نے دیکھا کہ اس کا دایاں ہاتھ شل ہو گیا ہے تو دلیل ہے اس کا روزگار جاتا رہے گا۔

## شری (پتی اچھلنے کی بیماری)

یہ دموی بیماری ہے۔اور خوشی کے ساتھ جلد ملنے والی مالداری' پر دلالت کرتی ہے۔

## شعث فی الرأس (بالوں کا پراگندہ ہونا)

سر کا پراگندہ ہونا مال میں بخیلی پر دلالت کرتا ہے نیز یہی تعبیر اس صورت میں ہے کہ جب اپنے جسم کو پراگندہ دیکھا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## شرک الصید (شکاری کا جال/ پھندا)

دلیل ہے دھوکہ وفریب کی کہ وہ تو اسے دھوکہ ہوگا۔ خواب میں کسی جال میں پھنسنا کسی سازش کا شکار ہونے کی دلیل ہے کہ حیلہ اور تدبیر کے ذریعے رزق حاصل کرے گا۔

## شبع (شکم سیر ہونا)

خواب میں اکتاہٹ کی دلیل ہے (۱) جس شخص نے دیکھا کہ شکم سیر ہے یا دیکھا کہ اس کا منہ کھانے سے بھرا ہوا ہے اور مزید کی بالکل گنجائش نہیں ہے تو دلیل ہے کہ اس کے کام میں تبدیلی آئے گی۔ دنیاوی زوال آئے گا یا موت واقع ہوگی۔ (۲) اگر دیکھا کہ تھوڑی سی گنجائش منہ میں باقی ہے تو دلیل ہے کہ اس قدر رزق عطا ہوگا۔ شبع تحصیلِ معاش، مال کی واپسی کی دلیل ہے۔ بعض نے فرمایا کہ خواب میں بھوک دیکھنا سیر ہونے سے بہتر ہے اور سیرابی پیاس سے بہتر ہے۔

## شمل (محبوب کے ساتھ یک جا ہونا)

(۱) خواب میں محبوب کے ساتھ اکٹھا ہونے کی تعبیر شادی ہے۔ (۲) جس نے دیکھا کہ وہ کسی بچے کے ساتھ بیٹھا ہوا ہے اور وہ بچہ اسے محبوب بھی ہے تو دلیل ہے کہ وہ بیاہ کرے گا۔ اگر یہ خواب کوئی عورت دیکھے تو وہ ایسے شخص سے شادی کرے گی کہ جس سے محبت والفت ہوگی۔ جس شخص نے دیکھا کہ وہ لوگوں سے مجتمع ہوا اور دنیا پر قدرت حاصل کی تو اس کا معاملہ ناقص ہوگا حالت متغیر ہوگی۔ جس شخص نے دیکھا کہ اس کے محبوب نے اس کی زیارت کی ہے تو دلیل ہے کہ فرحت وسرور حاصل ہوگا۔

## شبہ (پیتل)

جس شخص نے خواب میں دیکھا کہ وہ شبہ پگھلا رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ کسی دنیاوی معاملہ میں جھگڑا کرے گا۔ بعض معبرین نے فرمایا کہ شبہ یا پیتل دیکھنا اس بات کی دلیل ہے کہ اسے برا کلام سننے کو ملے گا۔ یا اپنی دشمن قوم سے بہتان کا سامنا کرے گا۔

## شبر (بالشت)

خواب میں اس کی تعبیر جیومٹری اور سفر ہے۔ بالشت دلالت کرتا ہے پرکار پر اور پرکار دلالت کرتا ہے بالشت پر اور بعض مرتبہ شبر دلالت کرتا ہے آلہ تناسل پر۔ جس شخص نے نیزہ کے ساتھ مقابلہ کیا تو علامت ہے کہ باکرہ سے مجامعت کرے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## شہر (المحرم ماہ محرم)

اس مہینے میں دیکھے گئے خواب صحیح ہوتے ہیں خطا نہیں جاتے۔ (۱) خواب میں ماہ محرم الحرام دیکھنا کشادگی' قید سے رہائی و بیماریوں سے شفاء پر دلالت کرتا ہے۔ اگر رائی اپنی قوم سے جدا تھا یا شہر سے باہر تھا' تو دلیل ہے کہ واپس لوٹ آئے گا۔ اس کی یہ تعبیر حضرت یونسؑ کے قصہ پر قیاس کے نتیجے میں ہے چونکہ وہ اس مہینے میں مچھلی کے پیٹ سے باہر آئے تھے۔ اور بعض مرتبہ یہ دلیل ہوتا ہے کہ اس کو کسی بڑی آزمائش کا سامنا ہوگا یا امام عادل کی موت یا کسی عالم کا ظہور ہوگا۔ چونکہ اللہ تعالیٰ نے اس مہینے میں حضرت آدم وحوا علیہما السلام کو پیدا کیا تھا۔ اگر رائی عاصی ہے تو گناہ سے توبہ نصیب ہوگی۔ چونکہ اللہ تعالیٰ نے اسی مہینے میں حضرت آدمؑ کی توبہ قبول کی تھی۔ اگر اس کو کسی منزلت کی امید ہو تو خواہش پوری ہوگی۔ چونکہ اللہ تعالیٰ نے اسی مہینے میں حضرت ادریسؑ کو مکانِ رفیع وعالی تک پہنچایا تھا۔ اگر رائی بحری مسافر ہے جسے طوفانی ہواؤں کا سامنا ہے یا غرق ہونے کا ڈر ہے تو وہ اپنے ساتھیوں سمیت نجات پائے گا۔ چونکہ حضرت نوحؑ کی کشتی اسی مہینے میں جودی پہاڑ پر آکر رکی تھی۔ اگر صاحب خواب کو لڑکے کی امید ہے تو اولاد صالح عطا ہوگی۔ چونکہ حضرت ابراہیم وحضرت عیسیٰ علیہما السلام کی پیدائش اسی مہینے میں ہوئی۔ تو اس کو کشادگی ہوگی۔

چونکہ اللہ جل شانہ نے حضرت ابراہیمؑ کو آتش نمرود سے اس مہینے میں نجات عطا فرمائی تھی۔ اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ رائی اگر بدعتی ہے گویا گمراہ ہے تو توبہ کی توفیق عطا ہوگی۔ اور گناہوں کو دھوئے گا۔ چونکہ اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤدؑ کی توبہ اسی مہینے میں قبول فرمائی تھی۔ اگر صاحب خواب اپنے عہدے سے معزول تھا تو دلیل ہے کہ منصب واپس مل جائے گا چونکہ اللہ تعالیٰ نے حضرت سلیمانؑ کو منصبِ بادشاہت اسی مہینے میں عطا کیا تھا۔ اگر رائی فقیر ہے تو مالدار ہو جائے گا۔ بیمار ہے تو صحت یابی ہوگی۔ چونکہ اللہ عزوجل نے حضرت ایوبؑ کو اسی مہینے میں شفاء عطا فرمائی تھی۔ اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ رائی بادشاہوں اور ان کے متعلقین کے پاس قاصد بھیجتا ہے یا ان سے حصہ حاصل کرتا ہے چونکہ حضرت موسیٰؑ سے اللہ تعالیٰ نے کلام اسی مہینے میں فرمایا تھا۔ اور کبھی اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ بلادِ کفار میں سے کسی پر مسلمانوں کو فتح حاصل ہوگی۔ اور مسلمانوں کو بہت سا مال غنیمت ہاتھ آئے گا۔

## ماہِ صفر

صفر کا مہینہ خواب میں دیکھنا محمود نہیں۔ (۱) صاحب خواب نے اگر یہ مہینہ خواب میں دیکھا اگر وہ غم یا سختی میں ہے تو دلیل ہے کہ کوئی نقصان نہ ہوگا۔ اگر رائی بیمار تھا تو شفایاب ہوگا۔ اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر وسعت بھی ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ماہِ ربیع الاول

اس مہینے میں خواب دیکھنا تجارت میں نفع پانے کی دلیل ہے۔ نیز برکت حاصل ہوگی' خوشیاں اور مسرتیں پائے گا۔
(۳) ربیع الاول کا مہینہ خواب میں دیکھنا بعض مرتبہ دلیل ہوتا ہے کہ ولدِ صالح عطا ہونے کی۔ لوگ اگر سختی میں تھے تو سختی دور ہوگی' اگر مظلوم تھے تو منصور امانت دار ہوں گے' امر بالمعروف' نہی عن المنکر کرنے والے حاکم کی خوشخبری حاصل ہوگی۔ چونکہ نبی ﷺ کی ولادت اسی مہینے میں ہوئی اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ لوگ بابرکت جہاد کریں گے۔ چونکہ (غزوہ دومۃ الجندل) اسی مہینے میں ہوا تھا۔

## ماہِ ربیع الآخر

اس مہینے میں دیکھے گئے خواب اگر خیر کے ہیں تو دیر سے پورے ہوں گے اگر شر کے ہیں تو جلدی تعبیریں ظاہر ہوگی' جس شخص نے یہ مہینہ خواب میں دیکھا تو دشمن پر فتح پائے گا یا عالم بہادر بیٹا عطا ہوگا' چونکہ حضرت علیؓ اسی مہینے میں پیدا ہوئے تھے۔

## ماہِ جمادی الاولیٰ

اس مہینے میں اگر ایسا خواب دیکھا کہ جس کی تعبیر اچھی ہے تو رائی کو چاہئے کہ وہ خرید و فروخت میں رغبت نہ کرے' اگر یہ مہینہ خواب میں دیکھا تو دلیل ہے کہ بیوی بیٹی فوت ہوگی چونکہ فاطمۃ الزہراءؓ کا انتقال اسی ماہ ہوا تھا۔

## ماہِ جمادی الآخرۃ

اس مہینے میں دیکھے گئے مبارک خواب دیر سے پورے ہوتے ہیں مگر پورے ضرور ہوتے ہیں۔ یہ مہینہ خواب میں دیکھنا رفع منزلت کی دلیل ہے۔ چونکہ نبی کریم ﷺ کو معراج اسی مہینے کرائی گئی تھی۔

## ماہِ شعبان

اس مہینے میں دیکھے گئے خیر کے خواب صحیح ہوتے ہیں۔ اور خیر میں اضافہ ہوتا ہے اس مہینے میں دیکھے گئے خوابوں کی تعبیر اگر شر ہے تو دیر سے پورے ہوں گے۔ یہ مہینہ خواب میں دیکھنا دلیل ہے کہ حکام معزول ہوں گے' چونکہ اس مہینے میں ہر حکمت والے کام کا فیصلہ ہوتا ہے۔

## ماہِ رمضان

(۱) اس مہینے میں تنگی' فواحش و بخل کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں' اور خیر کے خواب جلد پورے ہوتے ہیں'

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خواب اگر گھٹیا ہیں تو ٹھیک نہیں۔ قصہ مختصر خیر کے خواب جلد پورے ہوں گے۔ اور گھٹیا خواب دیر سے پورے ہوں گے۔ اور گھٹیا خوابوں کی تعبیر بھی نہیں بتانی چاہئے چوں کہ یہ ملے جلے خواب ہوتے ہیں۔ اس مہینے میں کافر کے خواب مسلمان کے خواب سے بالکل برعکس ہیں چونکہ کافر کے لئے شر کے سوا کچھ بھی نہیں۔ اسے نہایت حسین وجمیل بیٹا عطا ہوگا۔ (۲) جس شخص نے خواب میں ماہِ رمضان دیکھا تو یہ خواب برکت' خیر اور امر بالمعروف' نہی عن المنکر پر دال ہے۔ اگر وہ طالبعلم ہے یا قرآن کریم پڑھنے والا ہے تو اس کو (علم اور قرآن مجید کی دولت) عطا ہوگی چونکہ قرآن کریم اسی مہینے میں نازل ہوا ہے اگر وہ شخص مرگی کا مریض تھا تو اسے افاقہ ہوگا چونکہ اس مہینہ میں شیاطین جکڑ دیے جاتے ہیں۔ اور شوال کا مہینہ اگر کسی نے خواب میں دیکھا سختیوں سے نجات حاصل ہوگی خوشی اور سرور حاصل ہوگا۔ چونکہ یہ مہینہ عید اور خوشی لے کر طلوع ہوتا ہے۔ چونکہ اسی مہینے میں کعبۃ اللہ کی تعمیر ہوئی۔ اور اسی مہینے میں غزوہ خندق ہوا۔ (۴) اگر دیکھا کہ وہ ذوالقعدہ میں سفر کر رہا ہے تو اسے چاہئے کہ سفر پر نہ جائے بلکہ اپنی جگہ پر ہی رہے۔ اور اپنی حفاظت کرے اور دیکھ بھال رکھے تو شہر ذولحجہ میں اگر خود کو سفر میں دیکھا تو چاہئے کہ سفر کے لئے نکلے' اور امور میں کشادگی کرے چونکہ یہ مبارک مہینہ ہے اور اسی میں عید اور قربانی ہوتی ہے۔ (۵) جس شخص نے دیکھا کہ اس پر دو مہینے گزر گئے ہیں ہوسکتا ہے بطور کفارہ یا کسی اور سبب سے اس شخص پر ان دونوں مہینوں کے روزے واجب ہوں۔ (۶) کسی شخص نے دیکھا کہ ذی الحجہ کا مہینہ ہے یا قربانی کرتے ہوئے دیکھا یا عید کی نماز پڑھتے ہوئے دیکھا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس شخص کا قرض ادا ہو جائے گا۔ نذر پوری ہو جائیگی۔ توبہ کی توفیق ہوگی' اور ہدایت حاصل ہوگی اور بعض مرتبہ اس خواب کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ علماء مفقود ہو جائیں گے۔ اعلیٰ حکام معزول ہو جائیں گے' چونکہ ذی الحجہ میں ہی عمر بن خطابؓ کی وفات ہوئی نیز حضرت عثمانؓ اسی ماہ شہید کئے گئے۔ اسی مہینے میں غزوات اور مباہلہ ہوا۔

## شعیر (جَو)

(۱) خواب میں جَو دیکھنا اس بات کی علامت ہے کہ اسے رزق حلال طیب' جلد اور معمولی محنت سے حاصل ہوگا۔ (۲) اور جس نے دیکھا کہ وہ گندم جَو کے بدلے میں بیچ رہا ہے تو ایسا شخص قرآن بھول جائے گا اور شعر گوئی کا مشغلہ اختیار کرے گا۔ اور جس نے دیکھا کہ وہ جَو لے رہا ہے تو اس شخص کو عالم اولاد عطا ہوگی۔ لیکن اس کی عمر کم ہوگی' کہا گیا ہے کہ جَو جسمانی صحت کی علامت ہے۔ اور اس کا خریدنا عظیم مملکت حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ اور اس کو اس کے قرض پر کاٹنے کی تعبیر اس شخص کو ایسا مال حاصل ہونے سے کی جاتی ہے' جس میں زکوٰۃ واجب ہوگی۔ (۴) اور جس نے خواب میں دیکھا کہ وہ جو کاشت کر رہا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ شخص کوئی ایسا عمل کرے گا جس سے اللہ راضی ہوں گے۔ (۵) جو شخص جَو کی فصل میں یا کسی اور کھیتی میں چلا تو جہاد کرے گا۔ کھیتی کی تعبیر بندوں کے اعمال ہیں اگر شعیر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بوئے تو اس کو تجارت میں نفع ہوگا یا جسمانی صحت کے ساتھ ساتھ سرسبز و شاداب آباد علاقے کی حکومت یا بادشاہ کی طرف سے خیر حاصل ہوگی۔ اور تر جو شادابی کی علامت ہے۔ اور علامت ہے کہ اس کو صحت و عافیت حاصل ہوگی۔

## شلجم

خواب میں شلجم دیکھنا دیہاتی مظبوط اور فضول گو عورت پر دلالت کرتا ہے کہا گیا کہ یہ غم کی بھی علامت ہے اگر اس کو اُگتے ہوئے دیکھا تو رنجور اولاد ہوگی۔

## شبت (خوشبودار پتے)

خواب میں دیکھنا اس بات کی علامت ہے کہ وہ مستقبل میں کوئی بڑی بات دیکھے گا۔ جس نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں شبت ہے تو اس شخص کو بھی مستقبل میں کوئی بڑا واقعہ پیش آئے گا۔

## شوک (کانٹا)

(۱) خواب میں کانٹا دیکھنا اکھڑ، تنگدست آدمی پر دلالت کرتا ہے۔ کہا گیا ہے کہ کانٹا سے مراد دین ہے اس کو لازم پکڑے گا۔ یا اس سے مراد کوئی فتنہ ہے۔ جس شخص کو کانٹا ملا اسے کوئی فتنہ لاحق ہوگا۔ یا اس کو کوئی نہایت ناپسندیدہ معاملہ پیش آئے گا گویا کہ اس کو کوئی کانٹا لگ گیا ہے۔ (۲) اگر کسی شخص نے دیکھا کہ وہ کانٹوں پر چل رہا ہے تو دلیل ہے وہ اپنے ذمے واجب قرضوں کی ادئیگی میں ٹال مٹول کرے گا۔ اس سے مراد ایسے جاہل آدمی بھی لئے جاتے ہیں کہ جن کا نہ دین اور نہ دنیا ہو، کہا گیا کہ کانٹا درد پر دلالت کرتا ہے کبھی اس کی دلالت رنج و غم پر بھی ہوتی ہے اس کی سختی کے باعث، اور اس سے مراد عشق بھی ہوتا ہے اور لوگوں پر ظلم بھی، اور کبھی کانٹا ان تکالیف و نقصانات پر دلالت کرتا ہے جو عورتوں کی طرف پہنچی ہوں۔

## شیح (ایک خاص قسم کی گھاس)

خواب میں دیکھنا ایسے مال کی علامت ہے جو مشتبہ ہو یا ایسا دوست ہے جس کے نسب میں شبہ ہو۔ اگر یہ خواب کسی حاملہ عورت دیکھے تو یہ مذکر اولاد جنے گی۔

## شجرۃ (درخت)

(۱) اگر بیداری کی حالت میں دیکھا پھر خواب میں بھی نظر آیا تو یہ اس کی حالت بیداری پر دلالت ہے۔ درخت عورتوں پر اور مختلف اخلاق والے مردوں پر دلالت کرتے ہیں اور درختوں کا دیکھنا لڑائی جھگڑے کی بھی علامت ہے، اور نامعلوم درخت دیکھنا غم، اور گھبراہٹ کی علامت ہے خاص طور پر اگر اس نے یہ خواب رات کو دیکھا ہے۔ سوائے یہ کہ اس شخص

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے گرمی سے بچنے کے لئے اس درخت کا سایہ لیا ہو یا بارش سے بچنے کے لئے درخت کے نیچے جا کھڑا ہو یا تو یہ رزق ملنے اور قدر و منزلت والے لوگوں سے مدد پر دلالت کرتا ہے اور اگر یہ صاحب بدعت تھا تو باز آ جائے گا۔ اگر کافر تھا تو اسلام لے آئے گا۔ خاص طور پر جبکہ اس پر پھل لگا ہوا ہو۔ اگر اس پر پھل نہیں تھا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ راحت حاصل نہ ہوگی نہ علم۔ جاننا چاہئے کہ بعض درخت سونگھے جاتے ہیں اور بعض ایسے ہیں کہ سونگھے بھی جاتے ہیں اور کھائے بھی جاتے ہیں اور بعض ایسے ہوتے ہیں جو کھائے تو جاتے ہیں مگر سونگھے نہیں جاتے۔ اور بعض ایسے ہوتے ہیں کہ نا سونگھے جاتے ہیں اور نہ کھائے جاتے ہیں۔ اول الذکر کی مثال جیسا کہ مہندی اور گلاب' بان' اس کا خواب میں دیکھنا ارباب صلح پر' ارباب علم بغیر عمل پر' ارباب قول بلا فعل پر دلالت کرتا ہے' یہ تعبیرات ان پھلوں کے بارے میں جو کھائے جاتے ہیں اور وہ درخت جو صرف مشموم ہو یا مطعوم ہو جیسا کہ نارنجی' لیمون' سنگترہ' چونکہ اس کا پھل نہایت نافع ہوتا ہے۔ تو اس کو خواب میں دیکھنا ظاہر و باطن کی اصلاح' علم و عمل' قول و فعل پر دلالت کرتا ہے۔ مطعوم غیر مشموم جیسا کہ کھجور' اخروٹ' گولر اور اس جیسی دوسری چیزیں' ان کو خواب میں دیکھنا ان سرداروں پر دلالت کرتا ہے کہ جن سے ان کے پاس موجود چیز حاصل کرنا بغیر محنت اور مشقت کے ناممکن ہوگا۔ غیر مطعوم و غیر مشموم کو دیکھنا جیسا کہ چنار کا درخت' سرو' جھاؤ' اور وہ درخت کہ جس سے کھالوں کی دباغت کا کام لیا جاتا ہے دلالت کرتا ہے بخل اور حرص پر جیسا کہ قرظ کا درخت۔ (۲) درخت کے پتے گرتے ہوئے دیکھنا فقر' وغنیٰ' حفظ و نسیان' خوشی غمی کی علامت ہے' اور جس درخت کے پتے نہ گرتے ہوں تو طویل عمر' دوام رزق' غنیٰ اور دین پر ثابت قدمی کی دلیل ہے۔ (۳) جس شخص نے دیکھا کہ وہ درختوں پر لیٹا ہوا ہے۔ تو اس شخص کی اولاد بکثرت ہوگی۔ (۴) جس نے دیکھا کہ وہ کسی درخت پر چڑھ گیا ہے تو اسے کسی چیز کے خوف سے امن حاصل ہوگا۔ (۵) اور جس نے درخت دیکھا کہ جس کے خواص سے وہ واقف نہیں تو وہاں آگ اکٹھی ہو جائیگی یا اس گھر میں آگ لگ جائے گی۔ یا کسی اور آدمی سے اس کی لڑائی ہو جائیگی۔ اور مشہور درخت علامت ہے ایسے مردوں کی جو رزقِ حلال طلب کرتے ہیں۔ (۶) جس شخص نے دیکھا کہ اس نے درخت لگایا ہے تو اس کی قوم سے شرف حاصل ہوگا۔ اور وہ درخت کہ جن کا پھل نہیں ہوتا مثلاً چنار' سرو' جھاؤ تو اس سے مراد ایسے لوگ ہوتے ہیں جن کے پاس نہ کوئی مال ہوتا ہے' اور نہ کوئی خیر۔ (۷) کانٹے دار درخت سے مراد ایسا شخص ہوتا ہے جو سخت مزاج ہو۔ (۸) جس شخص نے کوئی درخت کاٹا تو اس کی بیوی وفات پا جائے گی یا اسکے معاملہ میں وعدہ خلافی کرے گی۔ یا وہ خود قسم کھا کر توڑیگا۔ اگر دیکھا کہ درخت سوکھا ہوا ہے تو وہاں کسی بیمار یا کسی غائب آدمی کی موت واقع ہوگی۔

(۹) اگر دیکھا کہ بادشاہ نے درخت کو کلہاڑی سے کاٹا ہے تو دلیل ہے وہ کوئی ایسا قانون بنائے گا جس میں لوگوں کو ہلاکت واقع ہوگی۔ (۱۰) اگر کسی نے درخت درانتی سے کاٹا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ لوگوں سے ایسے مال کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مطالبہ کرے گا جو لوگوں میں ادا کرنے کی طاقت نہ ہوگی۔ (۱۱) اگر دیکھا کہ کسی درخت سے مال حاصل کر رہا ہے تو وہ مال حاصل کرے گا ان لوگوں سے مال حاصل کریگا جو اس درخت سے معتبر ہیں یا اس کی طرف منسوب ہیں۔ (۱۲) اور جس شخص نے دیکھا کہ وہ اپنے باغ میں درخت لگا رہا ہے تو اس شخص کی اولادیں ہونگی۔ کسی کی عمر مختصر ہوگی اور کسی کی دراز ہوگی اس درخت کی عمر کے بقدر کہ جو اس نے خواب میں لگایا تھا۔ مثلاً چنار کا درخت کہ اس کی عمر لمبی ہوتی ہے۔ اور جیسے شفتالو کا درخت کہ اس کی عمر کم ہوتی ہے۔ (۱۳) اگر بہت سارے درخت اُگے ہوئے دیکھے اور ان کے درمیان کوئی خوشبودار پودا اُگا ہوا دیکھا۔ تعبیر ہے ان مقامات میں جہاں یہ اُگے ہیں لوگ کسی مصیبت یا غم کی وجہ سے رونے کے لئے داخل ہوں گے درختوں کے پتوں کی تعبیر قابل اعتبار درا ہم ہیں۔ (۱۴) اگر کسی نے دیکھا کہ درختوں نے کسی پہاڑ کا احاطہ کیا ہوا ہے تو اس ملک کے بادشاہ کی نسل بہت زیادہ ہوگی۔ یا اس کے متبعین اس کے پاس اکٹھے ہوں گے۔ (۱۵) گھر میں موجود درخت اگر گھر کے سامنے ہیں تو اس کی دلالت موالی پر ہے۔ (۱۶) اگر گھر کے اندر ہیں تو نر درخت مردوں پر دلالت کرتے ہیں اور مادہ درخت عورتوں کی علامت ہیں اور وہ درخت بڑے ہوں۔ (۱۷) چھوٹے بڑے درخت قرابت داری کی علامت ہیں' چھوٹا درخت مثلاً آس (ایک خاص قسم کا درخت) غلام پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۸) اس درخت کو خواب میں دیکھنا کہ جس کے کھانے سے حضرت آدمؑ کو منع کیا گیا تھا۔ کوئی خیر نہیں ہے۔ (۱۹) اور جس درخت سے حضرت موسیٰؑ نے اللہ کا کلام سنا تھا اسے دیکھنا اللہ کے قرب حاصل ہونے کی علامت ہے۔ (۲۰) ہرا بھرا سبز درخت اللہ کی نعمت پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۱) اور خشک درخت ہدایت اور رزق ہے چونکہ یہ ایندھن کا منبع ہے۔ اور ہر عجیب وغریب درخت کسی مرد یا عورت' یا مشتبہ شئی یا کسی علم قدیم پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۲) لوگوں کے ساتھ درخت کے نیچے بیٹھنا کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ ﷺ کو مضبوطی سے تھامنے والے کے لئے اللہ کی رضامندی کی علامت ہے۔ (۲۳) اگر خواب دیکھنے والا شخص کافر ہے تو ایمان کی دولت سے مالا مال ہوگا۔ (۲۴) اگر گناہ گار ہے تو حقیقی توبہ نصیب ہوگی۔ اور ہوسکتا ہے کہ بادشاہ وقت سے سمع اور طاعت پر بیعت کرے گا۔ (۲۵) اگر وہ اس کا اہل ہوا۔ (۲۶) اگر وہ شخص اللہ کا ذکر کرنے والی جماعت کے ساتھ تھا یہ طوبی نامی درخت ہے' قیامت کے دن اس کے سامنے میں ہوگا۔ (۲۷) شجرۂ طوبی خواب میں دیکھنا بایں طور کہ اس کے سائے تلے بیٹھا ہے یا اس سے ٹیک لگائے ہوئے ہے تو آخرت میں اچھا ٹھکانہ ملنے کی علامت ہے۔ اور بعض مرتبہ اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اس شخص کو اللہ کی عبادت کے لئے یکسوئی اور تبتل نصیب ہوگا۔ اپنے دوستوں اور ارباب جاہ سے نفع حاصل ہوگا۔ (۲۸) پہاڑی درختوں نیز وادیوں میں پائے جانے والے درختوں کو دیکھنا علامت ہے کہ اس شخص کو نفلی اعمال کی توفیق عطا ہوگی۔ اور بلا گمان جگہوں سے رزق عطا ہوگا۔ (۲۹) پاکیزہ درخت کو دیکھنا مثلاً کھجور وغیرہ تو کلمہ طیبہ نصیب ہونے کی علامت ہے۔ (۳۰) شجرہ خبیثہ کو دیکھنا کلمۂ خبیثہ کی علامت ہے۔ مثلاً لہسن' پیاز' ایلوا وغیرہ'۔ (۳۱) جس شخص

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے خواب میں دیکھا کہ درخت سے ایسے پھل توڑ رہا ہے جو اس طرح کے درخت پر نہیں لگتے (مثلاً سیب کے درخت سے مالٹے توڑ رہا ہے) تو یہ شخص مال حرام حاصل کرے گا۔ (۳۲) جس شخص نے دیکھا کسی درخت اس پر لگنے والے پھل کے علاوہ کوئی اور پھل لگا ہوا ہے تو دلیل ہے کسی ایسی عورت پر جس کے پیٹ میں غیر شوہر کی اولاد ہے۔ (۳۳) اگر درخت پر پھل اسی درخت کے ہیں تو یہ اس کی عورت پر دلالت کرتا ہے۔ (۳۴) جس شخص نے خواب میں کسی درخت کو کاٹا تو دلیل ہے کہ وہ کسی انسان کو قتل کرے گا۔ اور اس کی تعبیر یہ بھی بتلائی گئی کہ درخت کاٹنے والے اور اس کے گھر والوں کو مرض لاحق ہوگا۔ (۳۵) اگر کسی درخت پر چڑھا تو دلیل ہے کہ کسی آدمی کو روکے گا۔ (۳۶) اور اگر کسی درخت سے اترا تو دلیل ہے کہ کسی شخص سے جدا ہوگا۔ (۳۷) اور اگر دیکھا کہ وہ کسی درخت سے گر کر مر گیا تو دلیل ہے کہ یہ آدمی کسی سے لڑائی میں مارا جائیگا۔ (۳۸) اگر دیکھا کہ درخت سے گر کر اس کا ہاتھ ٹوٹ گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا بھائی یا بہن کسی آدمی سے لڑائی میں مارے جائیں گے۔ (۳۹) اگر گر کر اس کے پاؤں ٹوٹے تو دلیل ہے کہ مخاصمت میں اس کا مال چلا جائے گا۔ (۴۰) اگر کوئی ایسا درخت ہو جو شریعت و دین کی نگاہ میں قدرے ممتاز ہو جیسا کہ زیتون' تو اگر دیکھا کہ وہ درخت کانٹے دار ہے تو دلیل ہے کہ اس کا کانٹا اسے فواحش سے روکے گا۔ (۴۱) اور جس شخص نے دیکھا کہ کھجور کے درختوں کا جھنڈ ہے تو دلیل ہے کہ وہ اسی قدر افراد کا مالک بنے گا۔ (۴۲) اگر دیکھے کہ ایسی جگہ میں کھجور کے درخت ہیں جہاں کھجور نہیں ہوتے ہیں۔ پس اگر وہ کسی باغ یا زمین میں ہے تو ان درختوں کے مالک کو جاگیر حاصل ہوگی۔ (۴۳) اگر دیکھے کہ اسے ان درختوں سے پھل حاصل ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اسے مردوں سے مال حاصل ہوگا یا کسی جاگیر کی ملکیت حاصل ہوگی۔ (۴۴) اگر وہ درخت اخروٹ کا ہے تو اس کی تعبیر حریص' درشت' بدخو غیر فصیح آدمی ہے نیز یہی تعبیر ان درختوں کی ہے جو کوشش اور مشقت کے بعد اگتے ہیں اور بعض مرتبہ درخت دلالت کرتا ہے دکانوں مصیبتوں' غلاموں' خدام' چوپایوں' اور کھانے سے متعلقہ مشہور جگہوں' اموال' تہہ خانوں اور گوداموں پر اور بعض مرتبہ دلالت کرتا ہے ادیان و مذاہب پر۔ (۴۵) جس شخص نے دیکھا کہ درخت گر گیا ہے یا کٹ گیا ہے یا جل گیا ہے یا آندھی کی وجہ سے ٹوٹ گیا ہے تو یہ علامت ہے کہ کوئی آدمی یا عورت ہلاک ہوگا۔ یا قتل کیا جائے گا۔ (۴۶) اگر وہ درخت اس کے گھر میں ہے اور گھر میں کوئی آدمی بیمار ہے تو دلیل ہے اس کی موت کی یا قتل کرنے کی وجہ سے قید ہو جانے کی یا مجاہد یا مسافر بننے کی۔ (۴۷) اگر وہ درخت کسی بڑے علاقے میں ہے تو دلیل ہے اس شہر کا کوئی مشہور آدمی' یا عورت قتل ہوگا یا اس کی موت کا زمانہ دیکھے گا۔ (۴۸) درخت کھجور کی دلالت بادشاہ کے نزدیک کسی اعلیٰ رتبہ والے آدمی پر یا عالم یا ملکہ یا سردار کی ماں پر ہوتی ہے۔ (۴۹) اگر درخت زیتون ہے تو عالم یا واعظ یا راہ گیر یا حاکم یا طبیب اس سے معبر ہے۔ کسی بھی درخت کی تعبیر کا دارومدار اس درخت کے قیمتی' نفع بخش' ضرر رساں ہونا اس کی طبیعت کے اعتبار سے ہے۔ (۵۰) جس شخص نے دیکھا کہ اس نے درخت لگایا دلیل ہے اسے بلند رتبہ حاصل ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور اس درخت کی قدر و قیمت کی بقدر کسی آدمی کو اپنا مصاحب بنائے گا۔ (۵۱) انگور درخت لگانا دلیل ہے کہ شرافت حاصل کرے گا۔ (۵۲) کہا گیا کہ اگر سردی کے موسم میں انگور لگے ہوئے دیکھے یا کسی اور درخت کو ثمر بار دیکھے تو دلیل ہے کہ کسی عورت یا مرد سے دھوکہ کھائے گا' اس کا سارا مال ختم ہو جائے گا اور یہ آدمی اس مرد یا عورت کو غنی سمجھتا ہوگا۔ (۵۳) (بہی) کے درخت کی تعبیر ایسے عقل مند آدمی ہے جو خود اپنی عقل سے فائدہ نہیں اٹھاتا۔ (۵۴) بادام کے درخت کی تعبیر پردیسی آدمی ہے۔ (۵۵) (بید) کے درخت کی تعبیر کی ایسا آدمی ہے کہ اپنے متعلقین کی مخالفت اور اپنے اعداء سے مخالطت رکھتا ہے۔ (۵۶) انار کے درخت کی تعبیر صاحب دین و دنیا آدمی ہے۔ (۵۷) اور اس کا کانٹا گناہوں سے رکاوٹ ہے' اور اس کو کاٹنے کی تعبیر قطع رحمی ہے۔ (۵۸) اور ہر وہ بڑا درخت جو بادام کے درخت کے قائم مقام ہو' اور خواص میں اس کے مشابہ ہو' مثلاً اہل عجم کے ہاں اخروٹ' بیری کا درخت تو اس کی تعبیر حسب و شرف والا شریف و حسیب و فاضل آدمی ہے۔ (۵۹) اور ایلوا کی تعبیر نہایت بزدل و بے صبر بے دین غنی آدمی ہے (۶۰) اور (ساھو) کے درخت کی تعبیر بادشاہ' یا عالم یا شاعر یا نجومی ہے (۶۱) اور کھجور کے درخت کی تعبیر عرب عالم آدمی ہے یا اس کی اولاد (۶۲) اور اس درخت کو کاٹنے کی تعبیر اس آدمی کی موت ہے۔ اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر بادشاہ کی طرف سے سرزنش ہے (۶۳) (کیلے) کے درخت کی تعبیر غنی' مدبر' صاحبِ دین و دنیا آدمی ہے (۶۴) عناب کے درخت کی تعبیر صاحب سرور و عزت و سلطنت ہے (۶۵) اور انجیر کے درخت کی تعبیر ایسا آدمی ہے جو اپنے گھر والوں کے لئے نافع ہے اور جس کے دشمن اس کے پاس آ کر پناہ لیتے ہوں۔ (۶۶) شہتوت کے درخت کی تعبیر لوگوں پر سخاوت کرنے والا' اپنے گھر والوں کے لئے سخی' ضعفاء کا دوست' کثیر المال کثیر اولاد والا آدمی ہے (۶۷) پستہ کے درخت کی تعبیر ایسا آدمی ہے جو غنی ہے' مال و دولت والا ہے اپنے گھر والوں کے سخی ہے صاحب سرور ہے (زرد آلو) کے درخت کی تعبیر ایسا مستقیم آدمی ہے جس سے نفع نہیں اٹھایا جاتا' اس کی کچھ اور تعبیرات بھی ہیں مثلاً خندہ پیشانی سے پیش آنے والی' منافق' مالدار عورت وغیرہ' (۶۸) اور جس شخص نے اس درخت سے کوئی پھل چنا تو علامت ہے کہ اس کی شادی ہوگی۔ (۶۹) سیب کے درخت کی تعبیر ہمت والا شخص ہے (۷۰) آڑو کے درخت کی تعبیر غنی' شجاع' بہت زیادہ مال و دولت والا آدمی ہے (۷۱) امرود کے درخت کی تعبیر ایسا عجمی آدمی ہے جو اپنے گھر والوں سے مدارات کرتا ہے۔

طرفاء (ایک خاص قسم کا درخت) (۱) اس کی تعبیر ایسا منافق آدمی ہے جو فقراء کے لئے نہایت نافع اور اغنیاء کے لئے ضرر رساں ہے جنگلی آلو بخارا کے درخت سے مراد ایسا آدمی ہے جو سب لوگوں کے لئے نفع مند ہے (۲) (گولر) کا درخت نفع بخش' نہایت دلیر' کثیر المال خیر میں ثابت قدم آدمی پر دلالت کرتا ہے۔

الخرنوب (خاص درخت) کی تعبیر قلیل المنفعت و قلیل الخیر آدمی ہے' اور لیمون کے درخت سے مراد ایسا آدمی ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جو بہت زیادہ نافع ہے۔ بعض معبرین فرماتے ہیں کہ اس کی تعبیر بہت زیادہ مال والی' خیر کے کاموں میں مشہور اور تمام حالات میں نفع بخش عورت ہے

## شقیق (سرخ رنگ کی مچھلی)

اس کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر آگ ہے سرخی کی مشابہت کی وجہ سے' یا اونٹ یا گلاب نمار خسار' اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر سگی بہن یا بھائی ہوتے ہیں یا اس کی دلالت دردِ شقیقہ پر بھی ہوتی ہے یا کوئی بیمار ہوگا۔

## شاذروان

خواب میں دیکھنا کسی مناسب وشایانِ شان مقام پر' دلیل ہے' عزت ورفعت غم کے خاتمہ اچھی خبروں کی آمد کی اور بعض مرتبہ یہ دلیل ہے فضول خرچی کی۔

## شیرج (تلوں کا تیل)

خواب میں شیرج دیکھنا دنیا وآخرت کو جمع کرنے کی علامت ہے۔ اس کے تیل میں پکی ہوئی چیزیں دلالت کرتی ہیں جلالتِ قدر پر' شیرج کھانا' اور اس کا تیل لگانا رزق وراحت اور رفعت کی دلیل ہے۔ اور بعض مرتبہ اس کی دلالت ہوتی ہے عملِ صالح اور علمِ نافع پر۔

## شنق (لکڑی شہد کی مکھی کے چھتے میں ڈالنے والی)

اس کی تعبیر شماتت اور شہرت ہے۔ اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر علوقدر ہوتی ہے بشرطیکہ خواب میں اس کی حالت ابتر نہ ہوئی ہو۔ اور بعض مرتبہ اس کی دلالت ہوتی ہے تہمت اور عصمت پر بہتان لگانے پر اور اگر تیز ہو تو اداء قرض کی نشانی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب الصاد

## صحف

خواب میں صحف دیکھنے کی تعبیر شہود اور مقتدیٰ ائمہ ہیں۔ اللہ جل شانہ کا فرمان ہے ﴿ اِنَّ هٰذَا لَفِی الصُّحُفِ الْاُوْلٰی صُحُفِ اِبْرٰهِیْمَ وَ مُوْسٰی ﴾ صحف کی دلالت علم و ہدایت اور سچی و صحیح باتوں پر بھی ہوتی ہے۔

## صحیفہ (لکھا ہوا کاغذ، ورق)

جس آدمی نے دیکھا کہ وہ صحیفہ کا مالک ہوا یا اس نے صحیفہ لیا تو یہ اس آدمی کے لئے بشارت اور فرحت کی علامت ہے۔ (۱) اگر کسی نے دیکھا کہ کوئی عورت صحیفہ لے رہی ہے تو تعبیر یہ ہے کہ اسے متوقع امر میں وسعت نصیب ہوگی۔ (۲) اگر عورت نقاب ڈالے ہوئے تھی اور صحیفہ کھلا تھا تو یہ کسی بات کے مشہور ہونے کی دلیل ہے۔ اس سے بچنا چاہئے۔ (۳) جس شخص نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں لپٹا ہوا صحیفہ ہے تو اس کی موت کا اندیشہ ہے۔ (۴) جس شخص نے صحیفہ اپنے بائیں ہاتھ میں دیکھا تو علامت ہے کہ اسے اپنے کسی کام پر شرمندگی ہوگی۔ (۵) جس شخص نے اپنے بائیں ہاتھ سے صحیفہ میں کچھ لکھا تو وہ منظوم کلام کہے گا اور افعال قبیحہ کا ارتکاب کرے گا۔ یا پھر اس کے ہاں حرام اولاد ہوگی اگر وہ شاعر نہ ہو۔ (۶) اگر کسی مسلمان نے اپنے ہاتھ میں فارسی زبان میں لکھا ہوا صحیفہ دیکھا تو اسے ذلت اور دکھ پہنچے گا۔ (۷) جس شخص نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں صحیفہ ہے اور اس صحیفہ میں لپٹا ہوا کوئی رقعہ بھی ہے تو اسے کوئی لونڈی ہبہ کریگا جو حاملہ ہوگی۔ (۸) جس آدمی نے صحیفہ دیکھا مگر اس کو پڑھا نہیں تو علامت ہے کہ میراث پائے گا۔ (۹) جس شخص نے دیکھا کہ وہ صحیفہ کا سرورق پڑھ رہا ہے تو میراث حاصل کرے گا۔ (۱۰) اگر اس نے صحیفہ کا ظاہر حصہ پڑھا تو دلیل ہے کہ اس پر قرضہ اکٹھا ہو جائیگا۔ (۱۱) کسی نے خواب دیکھا کہ قیامت قائم ہوگئی ہے اور وہ اپنے صحیفوں کو کھلا ہوا دیکھتا ہے تو یہ اس کے حسن یقین کی دلیل ہے، اور نبی کریم ﷺ کی لائی ہوئی تعلیمات کی تصدیق کی علامت ہے، اور رسالت اور معاد پر مکمل یقین کی بشارت ہے۔

## صحفہ (بڑا پیالہ جو پانچ آدمیوں کو سیراب کر سکے)

(۱) خواب میں اسے دیکھنے کی تعبیر رزق حاصل ہونے سے کی جاتی ہے (۲) کسی نے دیکھا کہ صحفہ کو چاٹ رہا ہے تو اشارہ ہے کہ اسکا دانہ پانی پورا ہو چکا ہے اور پیغام اجل آن کھڑا ہے (۳) اگر کسی نے دیکھا کہ کسی بہت بڑے صحفہ پر بہت سارے لوگ اکٹھے ہیں، اگر وہ دیہاتی ہیں تو اپنی زمینوں کو پانی دینے کی جگہ جمع ہوں گے (۴) اگر وہ اہل حرب ہیں تو دلیل ہے کہ جنگ کے لئے اکٹھے ہوں گے (۵) اگر وہ کوئی پیشہ ور ہیں تو اپنے اس پیشے کے لئے اکٹھے ہونگے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(٦) جس آدمی نے دیکھا کہ وہ کسی صحفہ یا مٹکے میں پیشاب کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اپنے گھر والوں پر کشادگی کرے گا اور اپنی اہلیہ سے وطی کرے گا۔ صحفہ کی تعبیر آدمی کی جیب بھی ہے (٧) جس آدمی نے اپنے ہاتھ میں صحفہ دیکھا تو دلیل ہے کہ اس کے چاہنے والے اکٹھے ہوں گے۔

## صدیقون علیہ السلام (خوابوں پر مامور فرشتہ)

(١) ان کو دیکھنا بشارت اور خوشیوں کی علامت ہے۔ زندگی' موت' وعدے پورے ہونے' سفر' اور سفر سے واپسی کی دلیل ہے۔ نیز یہ پیغام ہے اولاد' شادی' سلطنت' عزت اور نصرت کا۔ (٢) خواب میں اگر صاحب خواب کو کوئی چیز دی یا کسی واقعہ کے ہونے کی خبر دی تو لامحالہ وہ ہو کر رہے گا' اس لئے کہ وہ انہی امور کو انجام دینے پر مامور ہیں۔ اور اس کی دلالت بادشاہوں کے ترجمانوں اور ان کے اسرار سے واقف اشخاص پر ہوتی ہے۔ اور بعض مرتبہ شریف النسل ہونے' علمِ مکاشفہ سے بہرہ مند ہونے اور تختیاں پڑھنے کے عادی شخص پر دلالت کرتا ہے۔

## صالح علیہ السلام

(١) جس شخص نے حضرت صالح علیہ السلام کو خواب میں دیکھا تو علامت ہے کہ اسے کسی بے وقوف و گھٹیا قوم سے پریشانی و فکر لاحق ہوگی۔ پھر آخر کار اسے کامیابی ہوگی۔ اور مخالفت کے بعد ان سے جدائی اختیار کرے گا (٢) جس شخص نے حضرت صالح علیہ السلام کو دیکھا تو دلیل ہے کہ اس کا معاملہ صالح ہوگا اور وہ اپنی بات میں سچا ہوگا۔ بعض نے فرمایا کہ دشمن اس پر مسلط ہوں گے پھر اسے کامیابی ہوگی۔

## صالحون (صلحاء)

خواب میں اللہ تعالیٰ کے ولیوں میں سے کسی ولی کو دیکھنا سنت کو زندہ کرنے کی بشارت ہے۔ صالحین اپنے اصحاب کے لئے ناصح ہیں اور مبارک ہیں' خواہ وہ معروف ہوں یا مجہول (٢) جس شخص نے دیکھا کہ وہ معروف صلحاء میں سے ہو گیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ ان کے طریقے کی پیروی کرے گا۔ ان کی جماعت میں شریک ہوگا۔ نیز ان صلحاء کی منزلت کے موافق اسے شر' فکر و غم' اور دنیا سے وحشت ہوگی۔ پھر آخر کار اپنے دشمنوں پر کامیابی پالے گا (٣) جس شخص نے دیکھا کہ فوت شدہ صلحاء میں سے کوئی ایک کسی شہر میں ہے تو دلیل ہے کہ اس شہر والے شادابی' فرحت و عدل پائیں گے اور ان کے سردار کی حالت بہتر ہوگی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## صحابہ رضی اللہ عنہم

دیکھئے باب الالف ''اصحاب'' کے تحت۔

## صور

(۱) حضرت اسرافیلؑ کا صور پھونکنا صلحاء کی علامت اور نجات کی دلیل ہے۔ صور میں پھونکنے کی آواز کا سننا برحق ہے۔ (۲) خواب میں اس کا سننا لرزا دینے والی خبروں کی دلیل ہے۔ (۳) اگر صرف اس آدمی نے ہی آواز سنی تو دلیل ہے کہ صرف اس آدمی کے حق میں کوئی خاص بات پیش آئے گی۔ (۴) اگر سب لوگوں نے سنی تو سب لوگوں کے متعلق کوئی واقعہ ہوگا۔ (۵) اگر کسی آدمی نے صور سنا اور دیگر لوگ بھی کہتے ہیں کہ انہوں نے بھی سنا تو علامت ہے کہ اس جگہ طاعون کی وباء پھوٹے گی۔ چونکہ پہلا صور سارے عالم کی موت کا پیغام ہے۔ (۵) اگر دوسرا صور سنا تو وہ زندگی کی دلیل ہے۔ اگر وہ مریض ہے تو شفایاب ہوگا۔ اگر شہر میں طاعون ہے تو دور ہو جائے گا۔ اگر قحط تھا تو اس کا خاتمہ ہوگا۔ ارزانی ہوگی، عمومی کشائش ہوگی۔ اور جس شخص نے دوسرا صور سنا تو خفیہ خبروں کے وجود، راز طشت از بام ہونے، بیماروں کی شفایابی یا قیدیوں کی رہائی یا مسافروں کے اکٹھا ہونے کی دلیل ہے۔

## صراط (قیامت کے دن قائم ہونے والا پل صراط)

(۱) جس شخص نے دیکھا کہ وہ اس پر چل رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ بحری سفر کرے گا۔ (۲) اگر وہ پل زائل ہو گیا یا ٹوٹ گیا تو خسارہ اور ہلاکت کی دلیل ہے۔ اور بعض مرتبہ اس پر چلنے والے آدمی کے حق میں اس کی تعبیر علم، توحید اور اتباع سنت ہوتی ہے۔ یہ پُل درحقیقت ایک راستہ ہے۔ (۳) جس شخص نے دیکھا کہ وہ پل پر ڈگمگا رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ حق راستے سے بھٹک جائے گا۔ (۴) جس شخص نے دیکھا کہ وہ پل صراط پر ہے تو دلیل ہے کہ وہ دین پر استقامت اختیار کئے ہوئے ہے۔ (۵) جس شخص نے دیکھا کہ وہ پل صراط پر چل رہا ہے اور قدم ڈگمگائے نہیں تو دلیل ہے کہ وہ عظیم کام سرانجام دے گا اور سلامتی کے ساتھ رہے گا۔ اور خوف سے مامون رہے گا۔ (۶) جس شخص نے دیکھا کہ پل صراط پر آیا اور اس کے قدم ڈگمگا گئے تو دلیل ہے کہ وہ معصیت میں گھر جائے گا اور حق سے پھر جائے گا۔ (۶) جس شخص نے پل صراط کو عبور کیا اور وہ حجاز میں تھا تو صحیح سالم لوٹ آئے گا۔

## صلوٰۃ (نماز)

(۱) فرض نماز کی تعبیر مصلی کے حق میں ریاست، امارت، ادائے امانت، یا اللہ کے فرائض میں سے کسی فرض کی ادائیگی کی دلیل ہے۔ (۲) امن کی علامت ہے، جس شخص نے دیکھا کہ اس نے فرض نماز اس کے معلوم وقت میں باوضو ہو کر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ٹھیک ٹھیک قیام‘ سجدہ‘ رکوع کے ساتھ قبلہ رخ ہوکر ادا کی تو دلیل ہے کہ وہ اللہ کے فرائض میں سے کسی فریضے کی ادائیگی کرے گا‘ مثلاً حج۔ یا پھر قرضہ‘ فواحش اور منکرات سے اجتناب کرے گا۔ خواب میں فرض نماز دلالت کرتی ہے وفائے عہد‘ پہلوانوں کی خدمت کرنے‘ ناراض آدمیوں کے ساتھ صلح پر۔ اگر امام ہے تو ضامن ہوگا یا قرضہ لے گا۔ اگر مقتدی ہے تو دوسروں پر بوجھ ہوگا۔ جس شخص نے دیکھا کہ وہ ظہر کی نماز ادا کر رہے ہے تو اپنی حاجت پوری کرے گا۔ تمام امور دنیا و آخرت پر غالب ہوگا بشرطیکہ نماز پوری کر لی ہو۔ چونکہ نماز مکمل کرنا دلیل ہے کہ آدمی کی مراد پوری ہوگی۔ اگر کسی قرضہ کی عدم ادائیگی کے باعث قید میں تھا تو رہائی ہوگی اور رزق میں کشادگی ہوگی۔ (۳) جس شخص نے دیکھا کہ وہ بے غبار دن میں نمازِ ظہر ادا کر رہا ہے اور نماز پر بہت خوشی محسوس کر رہا ہے تو علامت ہے کہ کوئی اہم کام کرے گا اور اس میں اعتدال سے کام لے گا۔ (۴) اگر وہ ابر آلود دن تھا تو دلیل ہے کہ کوئی پریشانی والا کام کرے گا۔ (۵) عصر کی نماز کی تعبیر یہ ہے کہ وہ حلف برداری کرے گا یا کسی دوسرے کی خاطر حلف اٹھائے گا۔ (۶) اگر دیکھا کہ وہ عصر کی نماز ادا کر رہا ہے تو علامت ہے کہ اس کا مطلوبہ کام تنگی اور مشقت کے بعد پورا ہوگا۔ (۷) اگر وہ نماز عصر مکمل نہیں کر پایا تو کام میں دقت و تنگی ہوگی۔ (۸) جس شخص نے دیکھا کہ وہ نماز مغرب ادا کر رہا ہے اور سورج بھی غروب ہو چکا ہے تو علامت ہے کہ اس کا وہ کام کہ جس میں وہ لگا ہوا ہے۔ یا اس کا جو مطلوبہ کام ہے وہ مکمل ہو جائے گا۔ (۹) اگر نماز مکمل ہوگئی تو اس کا مطلوبہ کام بھی مکمل ہو جائے گا۔ حالتِ جنگ میں ہو تو اسے مدد و نور حاصل ہوگا۔ اگر دیکھا کہ وہ فرض نماز دو رکعت ادا کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ اسے سفر پیش آئے گا۔ (۱۰) بعض مرتبہ عشاء کی نماز دلالت کرتی ہے بوجھ کے تمام ہونے اور عمر پوری ہو جانے پر‘ چونکہ نمازِ عشاء آدمی کے دن کی آخری مصروفیت ہوتی ہے۔ (۱۱) جس شخص نے دیکھا کہ وہ صبح کی نماز پڑھ رہا ہے اور صبح بھی ہو چکی ہے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ کوئی خیر کا یا شر کا وعدہ جلد پورا ہوگا۔ (۱۲) جس شخص نے دیکھا کہ وہ عشاء کی نماز ادا کر رہا ہے تو وہ گھر والوں کی دیکھ بھال کرے گا اور ان کے سامان راحت کا انتظام کرے گا۔ (۱۳) اگر اس نے دیکھا کہ وہ عشاء کی نماز پڑھ رہا ہے تو یہ علامت ہے کہ وہ اپنی دنیا کی معیشت میں سے لازمی چیز کے ساتھ ابتدا کرے گا مثلاً طعام‘ لباس۔ یا گھر بار کے لئے کوشش کرے گا۔ (۱۴) اگر دیکھا کہ عصر کی نماز ادا کر رہا ہے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ وہ جس کام میں لگا ہوا ہے اس کا تھوڑا سا کام کر رہا ہے۔ (۱۵) اگر اس نے دیکھا کہ وہ عصر کے وقت ظہر کی نماز ادا کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اپنے قرض کو ادا کرے گا۔ (۱۶) اگر ظہر یا عصر کی نماز درمیان میں منقطع ہوگئی تو دلالت ہے کہ وہ اپنے لازم چیز میں سے آدھا ادا کرے گا۔ نماز مغرب دلالت کرتی ہے کاموں سے فراغت پر‘ تھکے ہاروں کے لئے راحت پر‘ عشاء کی نماز دلالت کرتی ہے پوشیدہ امور پر‘ نماز ظہر دلالت کرتی ہے توبہ یا عہدے سے معزولی پر‘ چونکہ کعبہ کی طرف رخ بیت المقدس سے ہٹا کر نمازِ ظہر میں کیا گیا تھا اور بعض مرتبہ دلالت کرتی ہے شیطان اور دشمنوں سے لڑائی پر۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱۷) اگر خواب میں عصر کی نماز پڑھی تو ظفر ونصرت پر دلالت کرتی ہے۔ اور بعض مرتبہ ہدایت خیر اور محافظت پر بھی دلالت کرتی ہے۔ نماز مغرب والدین میں سے کسی ایک کی جدائی یا اس شخص سے جدائی ہے جو اپنے فضل وجاہ کے سبب اس کے ساتھ پردہ پوشی کا معاملہ کرتا ہے۔ یا پھر ان لوگوں سے جدا ہوگا جو سورج سے معتبر ہیں۔ (۱۸) جس شخص نے دیکھا کہ وہ نماز عشاء ادا کر رہا ہے تو یہ بعض مرتبہ علامت ہوتی ہے سفر کے لئے تیاری' یا شادی یا ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے' ضعف نظر' موت کی تاخیر کی (چونکہ عشاء سے نمازِ فجر تک کافی وقت ہوتا ہے)۔ (۱۹) جس شخص نے صبح کی نماز پڑھی تو یہ وہ حلف ہے جو وہ اٹھائے گا۔ (۲۰) جس نے نماز عصر پڑھی تو تنگی کے بعد راحت پائے گا۔ (۲۱) جس نے مغرب پڑھی تو علامت ہے کہ اس کا کام پورا ہوگیا ہے اور فوری طور پر مقصود حاصل کرے گا۔ (۲۲) جس نے دیکھا کہ وہ عشاء کی نماز پڑھ رہا ہے تو یہ مکر وفریب ہے۔ (۲۳) جس نے دیکھا کہ وہ نماز جمعہ ادا کر رہا ہے تو علامت ہے کہ اس کی مراد وتمنا پوری ہوگی۔ (۲۴) جس نے دیکھا کہ وہ باغ میں نماز پڑھ رہا ہے تو وہ اللہ سے مغفرت طلب کرے گا۔ (۲۵) اگر دیکھا کہ عذر کی وجہ سے بیٹھ کر نماز پڑھ رہا ہے تو علامت ہے کہ اس کا عمل مقبول نہیں۔ (۲۶) اگر دیکھا کہ پہلو پر لیٹ کر نماز پڑھ رہا ہے تو بیمار ہوگا۔ (۲۶) اگر نماز پڑھ کر مسجد سے نکلا تو فضل وخیر حاصل ہوگی۔ (۲۴) جس نے دیکھا کہ سوار ہو کر نماز ادا کر رہا ہے تو اسے شدید خوف لاحق ہوگا اور صاحب خواب قتال میں شریک ہوگا۔ (۲۵) اگر امام نے نماز سوار ہو کر پڑھائی اور لوگ رکوع کی حالت میں سوار ہیں اور بعض لوگ سواری کی حالت میں سجدے میں ہیں اور کچھ سواری کی حالت میں کھڑے ہیں اگر یہ لوگ میدان جنگ میں ہیں تو ان کی مدد کی جائیگی اور دشمنوں پر غالب آئیں گے۔ (۲۶) جس شخص نے دیکھا کہ وہ نماز کی حالت میں شہد کھا رہا ہے تو دلیل ہے کہ یہ شخص روزے کی حالت میں اپنی بیوی سے جماع کرے گا۔ (۲۷) اگر عورت نے دیکھا کہ وہ فرض نماز دو رکعتیں ادا کر رہی ہے تو دلیل ہے کہ اسے اُسی روز حیض آئے گا۔ اگر کسی شخص نے دیکھا کہ اُس کی فرض نماز کا وقت ختم ہو چکا ہے اور نماز پڑھنے کے لئے اسے کوئی جگہ میسر نہیں تو علامت ہے کہ وہ اپنے کسی دینی یا دنیاوی معاملے میں تنگی کا شکار ہوگا۔ (۲۸) اگر کسی شخص نے نماز کا عمداً' انکار کیا' یا ارادہ ترک صلوٰۃ کیا اور یہ نیت بھی ہے کہ وہ اس کی قضا کرے گا تو دلیل ہے کہ یہ شخص شریعت مطہرہ کو ہلکا سمجھ رہا ہے اور امید ہے کہ وہ اس بات کی اصلاح کرلے گا۔ اور جمعہ کی نماز خواب میں دیکھنا دلیل ہے فرحت' سرور' عید' حج' دین کی محض چند باتوں پر عمل پیرا ہونے کی۔ (۲۹) صلوٰۃ عید الفطر خواب میں دیکھنا ادائے قرض' شفاءِ مریض' تنگی کے بعد راحت' اور غموں کے زائل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۳۰) عید الاضحیٰ کی نماز دلیل ہے بڑے بڑے کام سپرد ہونے' نذر کو پورا کرنے کی' اور بعض مرتبہ یہ دونوں نمازیں دلالت کرتی ہیں دشمنوں اور ان سے مڈبھیڑ پر۔ عید الاضحیٰ کی نماز دلالت کرتی ہے شرک سے بری ہونے' قسم پورا کرنے پر' اور بعض مرتبہ دلالت کرتی ہے سردر یا وعدہ خلافی پر۔ (۳۱) اگر دیکھے کہ صحت مند ہونے کے باوجود

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مریضوں والی نماز پڑھ رہا ہے تو بخت کی کمی اور قول وعمل میں تردد کی دلیل ہے۔ (۳۲) جمع بین الصلوٰتین کی تعبیر نماز قصر کی تعبیر کی طرح ہے، بعض مرتبہ دشمن کی طرف سے کسی آزمائش میں مبتلا ہونے پر دلالت کرتی ہے، زمین پر نماز پڑھنا بغیر کسی حائل کے اغلام بازی کرنے اور حالت حیض میں بیوی کے ساتھ جماع کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ خصوصاً اگر زمین ناپاک تھی تو دلیل ہے ایام حیض میں عورتوں سے وطی کی۔ اور بعض مرتبہ یہ دلالت کرتا ہے فقر و احتیاج پر۔ (۳۳) اگر دیکھا کہ برہنہ نماز پڑھ رہا ہے تو دلیل ہے کہ روزہ کی حالت میں کسی فحش کام کا مرتکب ہوگا۔ یا حرام مال کا صدقہ کرے گا۔ یا کسی بدعت و فواحش نفسانی میں مبتلا ہوگا اور اپنے آپ کو حق پر سمجھتا ہوگا۔ (۳۴) اگر صلوٰۃ الخوف پڑھتے ہوئے دیکھے تو نماز میں کلام کرنے کسی سے کاروبار کے سلسلے میں شراکت کے معاملے میں معاہدہ کرنے، جدا ہونے اور کسی کے ساتھ جھگڑا کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ نیز رجوع فی الھبۃ پر یا سکوت عنہ یا متصدقہ چیز سے رجوع کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۳۵) اگر دیکھا کہ جہر کی جگہ سراً قراءت کرتا ہے یا برعکس، تو صاحبِ خواب اگر حاکم ہے تو ظالمانہ فیصلہ کرے گا اور بدعت و نام نمود کی طرف مائل ہوگا، یا حق بات یا مال کو چھپائے گا۔ (۳۶) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ ارکان کی ادائیگی میں اپنے امام سے رکوع یا سجدے میں آگے بڑھ گیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ والدین کی مخالفت کرے گا۔ یا ایسے آدمی کی نافرمانی کرے گا کہ جس کی اطاعت اس پر واجب تھی، اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر سہو، نسیان، عدم ذکاء اور حافظہ کی کمزوری پر ہوتی ہے۔ (۳۷) خواب میں صلوٰۃ التراویح پڑھنا دلالت کرتا ہے مشقت ادائے قرض، ہدایت یافتہ ہونے پر اور صلوٰۃ الاستسقاء خوف، معاشِ قلیل، قیمتوں میں زیادتی، کھیتوں اور زمینوں کے باعث کساد بازاری اور کم داد و دہش پر دلالت کرتی ہے۔

(۳۸) صلوٰۃ کسوف اُن لوگوں کو راحت پہنچانے کی کوشش پر دلالت کرتی ہے جو سورج اور چاند سے معبّر ہیں۔ اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر فاسق آدمی کے لئے توبہ کرنے، کافر کے لئے اسلام قبول کرنے سے کی جاتی ہے، اور بعض مرتبہ یہ علامت ہوتی ہے کہ بادشاہ یا وزیر کی طرف سے خوف اور سختی کا سامنا ہوگا، اور دلالت ہے کسی عام نشانی کے ظہور کی، صلوٰۃ الخوف پڑھنا دلالت کرتا ہے الفت، اتفاق، خوف سے مامون ہونے پر۔ (۳۹) صلوٰۃ الجنازۃ دلالت کرتی ہے ان لوگوں کی سفارش پر جو میت سے معبّر ہیں اگر میت غیر معروف ہے تو پہلوانوں کی خدمت پر، یا پھر صاحب خواب کو شرکت کے نتیجے میں مال عطا ہوگا، اور بعض مرتبہ نماز جنازہ دلالت کرتا ہے فرض نمازوں میں کمی پر یعنی سہو وغیرہ پر۔ (۴۰) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ نماز جنازہ ادا کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اس کے لئے کثرت سے دعا و استغفار کرے گا۔ (۴۱) اگر دیکھا کہ نماز جنازہ مکمل کر لی ہے تو اس کی دعا بھی مکمل ہو جائے گی۔ (۴۲) اگر صاحب خواب نماز جنازہ کا امام تھا تو دلیل ہے کہ اسے کسی منافق بادشاہ کی طرف سے سلطنت حاصل ہوگی۔ (۴۳) اگر دیکھا کہ خواب میں وہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یوں کہہ رہا ہے صلی اللہ علی فلان تو دلیل ہے کہ اس کی مغفرت ہوگی۔ (۴۴) اگر دیکھا کہ وہ مقتدی کی حیثیت سے نماز جنازہ ادا کررہا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کسی ایسی مجلس میں پہنچے گا جہاں مردوں کے لئے دُعا ہوگی۔ (۴۵) اگر کسی شخص نے دیکھا کہ میت کی نماز پڑھ رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ کسی فاسق آدمی کی شفاعت کرے گا۔ (۴۶) جس شخص نے دیکھا کہ جمعہ کا دن ہے یا جمعہ کی نماز ادا کررہا ہے تو علامت ہے کہ اسے جلد وسعت حاصل ہوگی' دوست اکٹھے ہوں گے' اور اس کی حاجت پوری ہوگی۔ (۴۷) جس شخص کی کوئی چیز گمشدہ تھی اور دیکھا کہ عید کے دن وہ چیز واپس آگئی ہے۔ اگر وہ عید عید الفطر ہے تو دلیل ہے کہ اسے کشائش حاصل ہوگی۔ اور اگر عید الاضحیٰ ہے اور صاحب خواب غلام ہے تو اسے آزادی حاصل ہوگی' اگر قیدی ہے تو رہائی پائے گا۔ اگر صاحب خواب پر قرضہ ہے تو ادائیگی ہو جائے گی۔ غم دور ہوں گے اور حالات سنور جائیں گے۔ (۴۸) جس شخص نے دیکھا کہ وہ صلاۃ الخسوف پڑھ رہا ہے تو یہ دلیل ہے کہ حکام' اور مقتدیٰ لوگوں پر مصیبت نازل ہوگی' یا کسی عالم کی وفات ہوگی۔ اور سب لوگ اس کی نماز جناہ ادا کریں گے۔ (۴۹) جس شخص نے دیکھا کہ وہ صلوٰۃ الاستسقاء ادا کررہا ہے تو دلیل ہے اس جگہ کوئی واقعہ پیش آئے گا حاکم یا بادشاہ کی طرف سے' اور لوگ بادشاہ کے سامنے اس حادثہ کو دور کرنے کے سلسلے میں جمع ہوں اور ان کے سامنے زاری کریں گے۔ (۵۰) اگر لوگوں نے نماز استسقاء مکمل ادا کی اور اپنے اپنے گھروں کو واپس لوٹ گئے تو دلیل ہے کہ ان کی پریشانی دور ہوگی۔ (۵۱) اگر کسی شخص نے دیکھا کہ صلوٰۃ نافلہ یا تطوع ادا کررہا ہے تو دین میں ترقی کی اور اتباع سنت کی دلیل ہے۔ (۵۲) اگر کسی عورت نے دیکھا کہ وہ مردوں کی امامت کررہی ہے تو دلیل ہے کہ وہ عورت مر جائے گی۔ چونکہ عورت امامت کی اہل نہیں۔ لہذا اس کے علاوہ کوئی تعبیر ممکن نہیں کہ عورت کی موت واقع ہو اور اسے آگے رکھ کر اس کی نماز جنازہ ادا کی جائے۔ (۵۳) نیز یہی تعبیر اس صورت میں ہے کہ کوئی غیر فصیح آدمی جو نماز اور قرأت کو اچھی طرح نہیں جانتا امامت کرائے۔ (۵۴) جس شخص نے دیکھا کہ وہ سنت ادا کررہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ شخص نبی کریم ﷺ کی سنت کو تھامنے والا ہے' نجاستوں سے پاک ہے اور اس شخص میں اچھی عادت ہے۔ (۵۵) جس شخص نے دیکھا کہ وہ نوافل ادا کررہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ آخرت کی تیاری میں مشغول ہوگا اور اسی کے بقدر اپنے اہل خانہ کی ضروری دیکھ بھال کرے گا۔

(۵۶) جس شخص نے دیکھا کہ وہ لوگوں کے ہمراہ نماز تراویح ادا کررہا ہے تو دلیل ہے کہ ان لوگوں کی وحشت دور ہوگی اور دل صاف ہو جائیں گے۔ (۵۷) جس شخص نے دیکھا کہ جماعت کی نماز میں شریک ہے اور ان کی صف بالکل سیدھی ہے تو دلیل ہے کہ یہ لوگ کثرت کے ساتھ تسبیح کریں گے۔ (۵۸) خواب میں نفل نماز ادا کرنا دلیل ہے کہ لوگوں کے دلوں میں مال اور خدمت کے ذریعے اپنے لئے محبت اور الفت پیدا کرے گا۔ اگر صاحب خواب کنوارہ ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تو اسے رشتہ دستیاب ہوگا۔ اگر شادی شدہ ہے تو بچے عطا ہوں گے۔ چونکہ اللہ تعالیٰ نے آیت مذکورہ میں حضرت ابراہیمؑ کو بیٹوں کی خوشخبری دی ہے﴿وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحٰقَ وَ يَعْقُوبَ نَافِلَةً﴾ ''اور عطا کیا ہم نے ان کو اسحاق اور یعقوب بھی'' (۵۹) اگر خواب میں خلوص دل کے ساتھ نوافل ادا کئے تو اگر صاحب خواب فقیر ہے تو غنی ہو جائیگا اور خیر پائے گا۔ اگر دیکھا کہ تہجد پڑھ رہا ہے تو دلیل ہے کہ اعلیٰ منصب حاصل کرے گا۔ (۶۰) خواب میں نفل پڑھنا دلیل ہے وعدہ پورہ ہونے کی۔ (۶۱) خواب میں قضاء نماز کی ادائیگی' ادائے قرض یا فاسق آدمی کے تائب ہونے کی دلیل ہے۔ (۶۲) بعض مرتبہ یہ دلالت کرتا ہے کافر کے اسلام قبول کرنے پر اور نذر پوری ہونے پر۔ بیٹھ کر نماز ادا کرنا دلالت کرتا ہے عاجز ہونے' بزدلی' حاصل شدہ رزق پر قناعت کرنے پر' اور بعض مرتبہ دلالت کرتا ہے صاحب خواب کے باپ یا استاذ یا جس کے ساتھ حسن سلوک کرنا اس پر واجب تھا اس کے بیمار ہونے پر۔ (۶۳) صلوٰۃ التوبہ پڑھنا گناہوں کی بخشش کی دلیل ہے۔ (۶۴) اگر دیکھا کہ سب لوگ صلوٰۃ التوبہ پڑھ رہے ہیں تو علامت ہے کہ بارش ہوگی۔ (۶۵) اگر صاحب خواب فقیر ہے تو مالدار ہو جائے گا۔ اگر بانجھ ہے تو اولاد نرینہ حاصل ہوگی۔ اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ کھیتی یا زمین سے رزق عطا ہوگا۔ (۶۶) صلوٰۃ التسبیح دلالت کرتی ہے تحفہ اور ہدیہ خیر پر۔ (۶۷) صلوٰۃ الاستخارہ دلیل ہے اپنے مقصود کو حاصل کرنے میں حیرت میں واقع ہونے اور اپنوں سے جدا ہونے کی۔ اور دلالت کرتی ہے اپنے مطلوبہ کام کے اچھے انجام پر' اگر صلوٰۃ الاستخارہ ادا کرنے والا اہل طریقت میں سے ہے تو طریقت میں نقص واقع ہوگا۔

(۶۸) قبر پر نماز پڑھنا غیر اہل کو ہدیہ دینے پر دلالت کرتا ہے اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ وہ مستحقین اور قیدیوں اور تنگدستوں پر خرچ کرے گا۔ (۶۹) نماز تحیۃ المسجد دلالت کرتی ہے قرابت داروں اور مساکین پر خرچ کرنے پر۔ (۷۰) جس شخص نے دیکھا کہ وہ دن یا رات میں نفل پڑھ رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ کوئی ایسا نیک عمل کرے گا کہ جس کے نتیجے میں اسے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل ہوگا۔ اور بعض مرتبہ اس کی دلالت متفرق خواہش رکھنے والی قوم کے درمیان محبت پیدا کرنے پر ہوتی ہے۔ (۷۱) جس شخص نے دیکھا کہ وہ نماز میں ہنس رہا ہے تو یہ دلیل ہے کہ وہ شخص نماز میں اکثر لاپرواہی کرتا ہے۔ (۷۲) جس شخص نے دیکھا کہ وہ نشے کی حالت میں نماز پڑھ رہا ہے تو وہ جھوٹی گواہی دے گا۔ (۷۳) جس شخص نے دیکھا کہ وہ جنابت کی حالت میں نماز ادا کر رہا تو دلیل ہے کہ اس آدمی کے دین میں فساد ہے۔ (۷۴) جس شخص نے دیکھا کہ وہ مشرق یا مغرب کی طرف منہ کر کے نماز پڑھ رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس شخص نے اسلام کو پسِ پشت ڈال دیا ہے اور بعض مرتبہ یہ دلیل ہوتا ہے کہ وہ اپنی بیوی سے وطی فی الدبر کا خواہاں ہوگا۔ یا پھر سے حج کی سعادت حاصل ہوگی۔ (۷۵) کہا گیا ہے کہ جس شخص نے دیکھا کہ اہل مسجد غیر قبلہ کی طرف رخ کئے نماز پڑھ رہے ہیں تو دلیل ہے کہ حاکمِ شہر یا قاضی شہر معزول ہو جائے گا۔ (۷۶) اگر کسی شخص نے دیکھا کہ عالم غیر قبلہ کی طرف رُخ کئے نماز پڑھ رہا ہے یا اہل سنت کے طریقہ سے ہٹ کر کوئی کام کر رہا ہے تو دلیل ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شریعت کی مخالفت کی اور خواہشات نفسانی کے اتباع کی۔(۷۷) غیر جہت قبلہ رُخ کر کے نماز ادا کرنا دلیل ہے کہ یہ شخص عنداللہ یا عندالناس تقرب حاصل کرنے کی کوشش کرے گا ایسے عمل کے ذریعے جو جائز نہیں۔ یا دلیل ہے کہ اسی سمت میں سفر کرے گا۔(۷۸) جس شخص نے دیکھا کہ وہ مشرق کی سمت رخ کئے نماز ادا کر رہا تو دلیل ہے کہ یہ آدمی دین کے معاملہ میں نہایت گھٹیا ہے۔ لوگوں پر بہت زیادہ بہتان تراشی کرتا ہے اور گناہوں پر جرأت کرتا ہے۔ (۷۹) جس شخص نے خواب میں دیکھا کہ اسے قبلہ کا پتہ نہیں یا اس کو تلاش کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ یہ آدمی اپنے دین میں متحیر ہے۔ اور جس شخص نے دیکھا کہ وہ کعبہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھ رہا ہے تو دلیل ہے اس شخص کے مستقیم ہونے کی اور جس شخص نے دیکھا کہ وہ غیر قبلہ کی طرف رخ کر کے نماز پڑھ رہا ہے اور سفید کپڑے پہنے ہوئے قرآن کی ٹھیک ٹھیک تلاوت کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ یہ شخص حج کرے گا۔

## صوم (روزہ)

(۱) اس کی تعبیر روزے کی نذر سے کی جاتی ہے۔(۲) جس نے دیکھا کہ کسی روزے دار نے روزہ نہیں رکھا تو دلیل ہے کہ وہ بیمار ہوگا یا سفر کرے گا۔ بعض حضرات نے اس خواب کی تعبیر یہ بتلائی ہے کہ وہ کسی مسلمان کی غیبت کرے گا۔ (۳) جس شخص نے دیکھا کہ اس نے بھولے سے روزہ توڑ ڈالا تو اسے پاکیزہ رزق حاصل ہوگا۔(۴) جس شخص نے دیکھا کہ وہ روزہ کی حالت میں ہے تو عزت پائے گا اور توبہ کی توفیق عطا ہوگی۔ یا کفارۂ قسم ادا کرے گا یا حج کرے گا۔ بعض نے اس خواب مذکور کی تعبیر یہ بیان فرمائی کہ اس کو اولاد نرینہ حاصل ہوگی۔ (۵) جس شخص نے دیکھا کہ وہ رمضان میں روزہ رکھے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ کوئی ایسا کام واضح ہوگا کہ جس کے بارے میں اُسے شک تھا۔ اگر وہ لکھنا پڑھنا نہیں جانتا تھا تو قرآن حفظ کرے گا۔ اور اس کا کام پایہ تکمیل تک پہنچے گا۔ اور بشارت وخیر حاصل کرے گا۔(۶) جس شخص نے دیکھا کہ ماہ رمضان ہے اور صرف اس نے ہی روزہ رکھا ہے' یا لوگوں نے بھی روزہ رکھا ہے تو دلیل ہے اس شخص کے مومن' صالح' اور دیندار و نیک ہونے کی۔ اگر صاحب خواب غمزدہ ہے تو مشکل دور ہوگی۔ اگر مریض ہے تو شفا عطا ہوگی۔ اگر گمراہ ہے تو ہدایت حاصل ہوگی' اگر مقروض ہے تو قرض ادا ہوگا۔(۷) جس شخص نے دیکھا کہ وہ ماہ رمضان میں روزہ جان بوجھ کر توڑ رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ کسی آدمی کو جان بوجھ کر قتل کرے گا۔ جیسا کہ کسی شخص نے دیکھا کہ اس نے کسی آدمی کو عمداً قتل کیا تو دلیل ہے کہ وہ رمضان میں عمداً روزہ توڑے گا۔ (۸) جس شخص نے دیکھا کہ وہ رمضان کے روزوں کی قضاء کر رہا ہے' یا کفارہ کے طور پر دو ماہ کے روزے رکھ رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ بیمار ہوگا اور توبہ تائب ہوگا۔(۹) جس شخص نے دیکھا کہ اس نے ماہ رمضان کا روزہ عمداً انکار کرتے ہوئے چھوڑ دیا تو دلیل ہے کہ شرائع اسلام میں کسی کو ضائع کرے گا۔ اگر یہ روزہ کی فرضیت کا اقرار کرتے ہوئے روزہ ترک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرے اور ادا کرنے کی نیت بھی ہو تو دلیل ہے کہ اس شخص کو بے گمان جگہ سے نہایت عمدہ رزق جلد حاصل ہوگا۔ (۱۰) جس شخص نے دیکھا کہ ماہ رمضان میں وہ روزہ افطار کرنے والا ہے تو دلیل ہے کہ یہ شخص فطرت پر ہے۔ اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ اللہ کی طاعت میں یہ آدمی کوئی سفر کرے گا۔ (۱۱) مجہول روزہ رکھنا دشمنوں سے ڈھال ہے اور ایذاؤں سے بچاؤ ہے۔ اور بعض مرتبہ روزہ دلیل ہوتا ہے بیمار آدمی کی موت کی۔ اور بعض مرتبہ دلیل ہوتا ہے خاموشی کی۔ اور بعض مرتبہ دلالت کرتا ہے فرحت و سرور پر' اور بعض مرتبہ علامت ہے کسی عمل یا قول کے اللہ کے لئے خالص ہونے کی۔ (۱۲) اگر دیکھا کہ لوگ بلا کسی سبب کے روزہ رکھ رہے ہیں تو دلیل ہے قحط کی اور معیشت کی تنگی کی۔ (۱۳) اگر دیکھا کہ روزہ دار مریض ہے تو دلیل ہے کہ شفایاب ہوگا۔ (۱۴) اگر دیکھا کہ ایام صوم میں کھا' پی رہا ہے تو یہ دلیل ہے کہ محرمات کا ارتکاب کرے گا یا مقروض ہوگا یا بیمار ہوگا۔ اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ اسے ایسی جگہ سے رزق حاصل ہوگا جہاں سے ملنے کا گمان تک نہ ہوگا۔ ماہ رمضان کا روزہ خوف سے امن حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۵) اگر دیکھا کہ روزہ دار مرگی کا مریض ہے تو اسے شفا ہوگی چونکہ اس مہینے میں شیاطین کو جکڑ دیا جاتا ہے (اس بیماری کا سبب شیطان ہوتے ہیں)۔ اور بعض مرتبہ دلیل ہوتا ہے کہ قرض ادا ہوگا یا پھر فاسق کو توبہ کی توفیق ہوگی۔ (۱۶) خواب میں ماہ شوال کے چھ روزہ دلیل ہیں نماز کی اصلاح کی یا ادائے زکوٰۃ یا کسی زیادتی پر ندامت کی۔ پیر اور جمعرات کا روزہ دلیل ہے صلہ رحمی' اور شادیوں میں یک جا ہونے کی۔ (۱۷) ایام بیض کے روزے (چاند کی ۱۲' ۱۳' ۱۴' یا ۱۳' ۱۴' ۱۵' تاریخ کے روزے) دلیل ہیں کہ قرض کی قسطیں ادا ہونے یا علم کی۔ (۱۸) محرم کا روزہ دلیل ہے زہد و ورع اور حج کی۔ (۱۸) یوم عرفہ کا روزہ رکھنا دلیل ہے قبول صدقات اور صدقات لینے کی۔ (۱۹) دس ذی الحجہ کا روزہ دلیل ہے کہ اس کا خاتمہ بالایمان ہوگا۔ اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ صاحب خواب سے کیا گیا وعدہ پورا ہوگا۔ یوم عاشورہ کا روزہ دلیل ہے نیکی کے کاموں کی' فتنوں کا سامنا کرنے اور اس سے محفوظ ہونے کی۔ اگر صاحب خواب کی بیوی حاملہ ہے تو اولاد صالحہ عطا ہوگی اور مال حلال ملے گا۔ (۲۰) خواب میں رجب کا روزہ رکھنا دلیل ہے مراتب عالیہ والوں کی خدمت کرنے کی اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ بحری سفر کے نتیجے میں بحری منافع حاصل ہوں گے۔ (۲۱) ماہ شعبان کے روزہ رکھنا (۲۲) اور شک کے دن کا روزہ رکھنا دلیل ہے گناہوں کے ارتکاب کی۔ (۲۳) قضاء روزہ دلیل ہے کہ قیدی رہا ہوگا عاصی گناہوں سے توبہ کرے گا اور قرضے ادا ہوں گے۔ (۲۴) نذر کا روزہ رکھنا دلیل ہے کہ حاجات پوری ہوں گی اور خوشیاں حاصل ہونگی۔ (۲۵) بغیر چھوڑے مسلسل روزے رکھنا دلیل ہے کہ وہ کسی نہایت پرمشقت سنت کو اختیار کرے گا۔ کوئی ایسا عمل کرے گا جو کھلم کھلا بدعت ہوگا' اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ وہ اکثر خاموش رہے گا اور بھلی بات کے علاوہ زبان سے کوئی دوسری بات نہ کہے گا۔ (۲۶) اگر دیکھا کہ ایک دن روزہ رکھا اور دوسرے دن روزہ نہیں رکھا تو بعض مرتبہ یہ دلالت کرتا ہے کہ وہ آزاد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور باندی یا ذمیہ اور مسلمہ کو نکاح میں اکٹھا رکھے گا۔ (۲۷) اگر دیکھا کہ ایسا کوئی کام کیا جو روزہ کو فاسد کر دیتا ہے تو دلیل ہے نقضِ عہد، حبِ دنیا کو حبِ آخرت پر ترجیح دینے کی، اور ایسے کاموں کا ارتکاب کرنے کی کہ اس پر کفارہ واجب ہو مثلاً کفارۂ یمین وغیرہ یا دلیل ہے کہ بیماری سے شفایاب ہوگا۔ اور بہت سی خوشیاں حاصل ہوں گی۔ (۲۸) جس شخص نے دیکھا کہ وہ صائم الدھر ہے اگر وہ اہل صلاح و خیر میں سے ہے تو معاصی سے اجتناب کرے گا۔ اگر وہ اہل خیر میں سے نہیں تو اپنے مقصد میں ناکام ہوگا۔ (۲۹) اگر دیکھا کہ صائم الدھر نے افطار کر لیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ کسی کی غیبت کرے گا۔ یا گناہ عظیم کا ارتکاب کرے گا۔ یا شدید بیماری میں مبتلا ہوگا۔ یا پھر کسی آزمائش میں مبتلا ہوگا۔ (۳۰) جس شخص نے دیکھا کہ ماہ رمضان آ گیا ہے۔ تو دلیل ہے کہ چیزیں مہنگی ہو جائیں گی۔ اور بعض نے فرمایا کہ صاحب خواب کے دین کی صحت کی علامت ہے۔ بے چینیوں اور غموں کا خاتمہ ہوگا، بیماریوں سے شفایابی اور قرضے اداء ہوں گے۔ (۳۱) جس شخص نے دیکھا کہ وہ ماہ رمضان کی قضا کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ بیمار ہوگا۔ (۳۲) جس شخص نے دیکھا کہ وہ نفل روزے رکھ رہا ہے تو علامت ہے کہ وہ آدمی اس سال بیمار نہ ہوگا۔ (۳۳) جس شخص نے دیکھا کہ اس نے غیر اللہ کے لئے روزہ رکھا ہے یا نام و نمود کی خاطر روزہ رکھا ہے تو علامت ہے کہ اس شخص کا مقصد پورا نہ ہوگا۔ (۳۴) جس شخص نے دیکھا کہ وہ روزے سے ہے لیکن یہ نہیں جانتا کہ روزہ نفلی ہے یا فرض؟ تو دلیل ہے کہ اس شخص کے ذمے نذر کی قضاء ہے۔ اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ یہ شخص چُپ سادھ لے گا۔ چونکہ روزہ میں اصل خاموشی و سکون ہے۔

www.KitaboSunnat.com

## صدقۃ التطوع (نفلی صدقہ)

(۱) اس کی تعبیر دفع بلاء ہے۔ نیز یہ دلالت کرتا ہے مریض کی عافیت، رزق اور حصول خیر پر۔ صدقہ دلالت کرتا ہے صدقات، سچائی پر، چونکہ لفظ صدق، صدقۃ سے بنا ہے آخر سے ''ۃ'' ہٹائی گئی تو صدق ہو گیا۔ (۲) اگر ناجائز چیز بطور صدقہ دی، مثلاً مردار یا شراب یا سڑی مردہ لاش تو دلیل ہے کہ یہ آدمی اپنے مال مین یا غیر کے مال میں بُرا تصرف کرے گا۔ اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ یہ آدمی پے در پے برائیاں کرے گا۔ دھڑا دھڑ گناہ کرے گا۔ (۳) اگر خواب میں کوئی پاکیزہ چیز بطور صدقہ دی تو اس شخص کے مویشی میں برکت ہوگی۔ اور یہی تعبیر اس صورت میں ہے اگر صاحب خواب باغ والا تھا۔ (۴) اگر دیکھا کہ کسی چور کو صدقہ دے رہا ہے تو علامت ہے کہ وہ چوری سے باز آ جائے گا۔ کیونکہ صدقہ بعض مرتبہ حاسدین کے ذلیل و خوار ہونے پر دلالت کرتا ہے اور یہ دشمنوں کی ہلاکت کی علامت ہے چونکہ صدقہ سے شیطان خوار ہوتا ہے۔ (۵) خواب میں خفیہ طور پر صدقہ کرے تو اگر صدقہ دینے والا عاصی ہے تو اس کے گناہوں کی بخشش ہوگی اور اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرمائیں گے۔ اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر یہ ہوتی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے کہ بادشاہ یا علماء کا تقرب حاصل ہوگا۔ جس آدمی نے دیکھا کہ اس سے کوئی آدمی سوال کر رہا ہے تو اسے چاہئے کہ صدقہ کرے۔ اگر وہ عالم ہے تو لوگوں کو علم سکھائے چونکہ سائل درحقیقت طالب علم ہے۔ (۶) اگر وہ بادشاہ ہے تو بہت ساری قوموں پر حکمرانی کرے گا۔ اگر وہ تاجر ہے تو بہت سے لوگ اس سے بیع میں نفع اٹھائیں گے یا کسی معاملے میں رہنمائی حاصل کریں گے۔ اگر وہ کاریگر ہے یا بازاری آدمی ہے تو کسی اجیر کو کوئی صنعت اور کام سکھائے گا۔ (۷) اگر کسی مسکین کو کھانا کھلایا اور وہ خوف زدہ ہے' اسے امن حاصل ہوگا۔ اور غموں سے چھٹکارا ملیگا۔ (۸) اگر کافر کو کھانا کھلایا تو دلیل ہے کہ کسی دشمن کو قوی کرے گا۔ (۹) مسکین کو اگر خواب میں دیکھا تو اس سے مراد صدقہ ہے مسکین کو دیکھنا کبھی دلالت کرتا ہے تسبیح پر اور زیارت قبور پر اور نیک اعمال پر۔ (۱۰) صدق کی تعبیر ایمان ہے اور ایمان صدق ہے۔ (۱۰) اگر کسی نے دیکھا کہ کوئی کافر سچ بول رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ ایمان قبول کرے گا۔ (۱۱) جس شخص نے دیکھا کہ کوئی مؤمن ایمان قبول کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ سچ بولے گا۔ اس کی تعبیرات بالکل برعکس ہیں۔ خواب میں صدق کی تعبیر مکر و فریب سے نجات ہے اور بعض حضرات نے فرمایا کہ صدق کی تعبیر قلعہ ہے۔

## صداق (مہر)

(۱) جس شخص نے دیکھا کہ وہ مہر ادا کر رہا ہے تو وہ اپنے ذمہ ثابت فریضہ' صوم یا نماز یا حج ادا کرے گا۔

## صبر

خواب میں صبر کی تعبیر رفعت و بشارت ہے نیز مصائب کے وقوع کی اطلاع ہے۔ بعض مرتبہ دلیل ہوتا ہے کہ جس کام میں اسے خوف ہے اس کا انجام اچھا ہوگا۔ جس شخص نے دیکھا کہ وہ کسی ضرر یا سختی پر صبر کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ اسے رفعت' خیر اچھی حالت' سلامتی' عافیت اور فتح حاصل ہوگی۔

## الصبر (ایلوا)

(۱) یہ وہ مشہور کڑوی چیز ہے جو دواؤں میں شامل کی جاتی ہے۔ ایلوا غم' رنج' فراق' مکدر زندگی پر دلالت کرتا ہے اس شخص کے حق میں کہ جس نے اسے سونگھا یا کھایا اور یہ تعبیر اس کے کڑوا ہونے کی وجہ سے ہے۔

## صلح

شریعت کے لازم کی جانے والی صلح پیام الفت ہے۔ گناہوں سے توبہ تائب ہونے کی علامت ہے۔ اللہ کی مرضیات کی طرف ہدایت ہے۔ اور دلالت کرتی ہے خیر اور خصوصیت پر۔ (۲) جس شخص نے دیکھا کہ اس نے مدمقابل کے ساتھ صلح کر لی ہے تو دلیل ہے کہ مخاصمت کرے گا اگر صلح قتل نفس پر تھی تو فساد اور لوگوں کے درمیان عداوت پر دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۳) جس شخص نے دیکھا کہ وہ مقروض کو صلح کی طرف بلا مطالبہ اداءِ قرض بلا رہا ہے تو یہ علامت ہے کسی گمراہ کو ہدایت کی طرف بلانے کی۔(۴) مقروض سے مصالحت کرنا مال کے کسی حصے پر خیر پانے کی نشانی ہے۔(۵) جنگ کے دو دھڑوں کے درمیان صلح کرانا علامت ہے امن کی۔ نیز پیغام نکاح کی کوشش، شادی، شرکت یا عقدِ بیع وشراء کی دلیل ہے۔(٦) اگر دیکھا کہ دو مختلف جماعتوں کے درمیان صلح ہوگئی ہے تو علامت ہے کہ بدعتوں اور فتنوں کا ظہور ہوگا۔

## صفع فی القفاء (گدی پر تھپڑ مارنا)

(۱) اس کی تعبیر جھڑکنا، حقیر چیز دے کر جتلانا اور اس کی نمائش کرنا ہے۔(۲) جس شخص نے دیکھا کہ وہ کسی آدمی کی گدی پر مذاقاً مار رہا ہے۔ تو یہ علامت ہے کہ اس کا اس پر احسان ہوگا۔(۳) اگر دیکھا کہ اس نے مذاق میں کسی آدمی کی گدی پر مارا ہے تو اس کا اس پر احسان ہوگا۔ اگر ایک بادشاہ دوسرے بادشاہ کی گدی پر مارے حالانکہ دونوں کے درمیان عداوت تھی تو مصفوع (جس کی گدی پر مارا گیا) کو صافع (گدی پر مانے والا) پر کامیابی حاصل ہوگی چونکہ صافع نے زیادتی کی ہے اور یہ بادشاہوں کی عادات میں سے ہے۔

## صراع (کشتی لڑنا)

جس شخص نے دیکھا کہ کسی آدمی نے اسے پچھاڑ دیا ہے تو دلیل ہے وہ اس کے مال کو تلف کریگا۔ اور یہی خواب میں زمین پر گرا ہوا مغلوب شخص بیداری میں غالب آئیگا۔(۲) خواب میں جنگ کے خواہشمند دو بادشاہوں کی آپس کی کشتی میں مغلوب بیداری میں غالب ہوگا۔ اور یہی تعبیر خصم کی آپس میں کشتی یا مخاصمت کرنے کی ہے (یعنی خواب میں مغلوبیت بیداری میں غالبیت کی دلیل ہے)۔(۳) کبھی کسی دلیل کی وجہ سے خواب میں غالب آنے والے کی بیداری میں بھی غالب آنے پر دلالت ہوتی ہے مثلاً خواب میں غالب آنے والا نئے کپڑا پہنے ہوئے ہو اور مغلوب پھٹے پرانے کپڑے پہنے ہوئے ہو اور اگر لباس کے اعتبار سے تو برابر ہیں مگر غالب آنے والے کا قد مغلوب ہونے والے کے قد سے بڑھا ہوا ہے یا اس کا جسم مغلوب کے جسم سے موٹا ہوا ہے اور مغلوب کا جسم چھوٹا ہے یا اس کے بدن میں کوئی نقص واقع ہوا ہے۔ یا اس کا رنگ پیلا پڑ گیا ہے (تو دلیل ہے کہ خواب میں غالب ہی بیداری میں غالب ہوگا)
(۴) کبھی دلیل کے بغیر بھی خواب میں غالب آنے والا بیداری میں بھی غالب ہوگا۔ کیونکہ بسا اوقات خواب صریح بھی ہوا کرتے ہیں۔(۵) اگر کشتی کرنے والوں کی جنس مختلف ہو اور پچھاڑنے والا پچھاڑے جانے والے کے مقابلے میں طاقتور ہو تب بھی یہی تعبیر ہوگی۔(٦) خواب دیکھا کہ دو آدمی آپس میں کشتی لڑ رہے ہیں تو ان میں سے پچھاڑا جانے والا پچھاڑنے والے سے افضل ہوگا۔(۷) کسی عورت نے خواب دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ اس کے ساتھ کشتی لڑ کر اس کو نیچے گرا کر اس کے سینے پر بیٹھ گئے ہیں تو تعبیر ہے اس کے شوہر کا انتقال ہوگا اور اس عورت کا کسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دوسرے شخص سے نکاح ہوگا۔(۸) کبھی کشتی لڑنا مغلوب ہونے والے کے مریض ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی یہ خواب مریض کو مرض سے عافیت پہنچنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ مگر انسانوں میں اکثر یہ موت کی دلیل ہوتا ہے۔ (۹) خواب میں کسی حیوان سے کشتی لڑ کر اس کو قتل کرنا مشکل سے بچ نکلنے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۰) کسی مسلمان ملک کے کافر باشندے کے ساتھ کشتی کرنا دشمنوں پر غالب آنے کی علامت ہے۔

## صرع الجن الانسان (جن زدہ ہونا)

(۱) انسان کے ساتھ خواب میں پری لگنا اس کے سود خور ہونے اور سحر کا عمل کرنے اور مال کے ختم ہونے اور غم وحزن میں مبتلا ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

## صلب (سولی چڑھانا)

(۱) سولی چڑھنا مصلوب کے لئے رفعت وبلندی کی دلیل ہے (۲) کسی حکمرانی کی استعداد کے حامل شخص کا خواب میں خود کو سولی پر چڑھتا دیکھنا اس کے حکمران بننے کی علامت ہے (۳) اگر سولی چڑھتے ہوئے دنیا سے جدا ہوا تو دلیل ہے کہ اس کی حکمرانی میں اس کا دین کمزور ہوگا۔(۴) تختہ دار پر چڑھ کر بھی موت واقع نہ ہوئی تو دلیل ہے کہ اس کو ایسی حکمرانی ملے گی جس میں اس کا دین محفوظ ومضبوط ہوگا اور وہ اپنے زیر تسلط علاقوں میں عدل قائم کریگا (۵) اگر عام لوگوں میں سے کوئی شخص تختہ دار پر خود کو دیکھے تو اس کی ذلت اور مغلوب ہونے کی خبر ہے۔(۶) سمندر پر سفر کرنے والوں میں کوئی شخص خواب میں خود کو تختہ دار پر اگر دیکھے تو یہ اس کے لئے خیر کی دلیل ہے۔ اس لئے اس کی سواری بھی لکڑی کی ہے (۷) مصلوب شخص کا گوشت کھانا رئیس قسم کی قوم سے خیر ملنے کی علامت ہے۔(۸) قاضیوں اور علماء کے لئے سولی رفعت اور خیر کی دلیل ہے۔(۹) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے کسی مردے کو تختہ دار پر چڑھایا ہے تو تعبیر ہے کہ دینی فساد کے ساتھ دنیاوی رفعت پائے گا۔(۱۰) کسی زندہ انسان کو سولی چڑھانا دنیاوی رفعت وشرف و قوت ملنے کے ساتھ ساتھ دین کے بھی محفوظ ہونے کی علامت ہے۔(۱۱) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ سولی پر چڑھا ہے لیکن یہ نہیں معلوم ہے وہ کب سے اس حالت میں ہے اور اگر اس سے بخیریت نکل آیا تو دلیل ہے اس کا دور پڑا ہوا مال اسے ملے گا۔ اور اگر خود کو مرتے دیکھے تو اس ولایت میں اس کی تکذیب کی جائیگی۔(۱۲) خواب دیکھا کہ وہ مصلوب شخص کا گوشت کھا رہا ہے تو تعبیر ہے بادشاہ کے خبر رساں خچر پر سوار ہوگا۔ اور خچر پر سوار ہونا موت کی علامت ہے۔ (۱۳) کسی نے دیکھا کہ وہ شہر پناہ پر چڑھ بیٹھا ہے اور لوگ اس کی طرف دیکھ رہے ہیں تو تعبیر ہے کہ اس کو رفعت اور حکومت نصیب ہوگی اور قوی قسم کے لوگ اس کے ماتحت ہوں گے اور خود سے خون نکلتا دیکھے تو دلیل ہے اس کی رعیت اس سے منقطع ہوگی۔(۱۴) خواب دیکھا کہ اس کو کسی شہر میں تختہ دار پر چڑھایا جاتا ہے تو سولی کے مقام کے اعتبار سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ریاست ملنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے (۱۵) سولی کی تعبیر فقراء کے لئے بہتر ہے اور اشیاء خفیہ کے ظہور کی بھی دلیل ہے (۱٦) اغنیاء کے لئے ان کے فسادِ امور پر دلالت کرتا ہے اور غیر شادی شدہ کے لئے یہ خواب دلیل شادی ہے اور غلاموں کے لئے ان کی آزادی کی بشارت ہے۔ (۱۷) اپنے گھر میں اقامت کے خواہشمند کے لئے اپنے مکان سے نکلنے اور کسی جگہ میں کسی سے ڈرنے والے کے لئے اس جگہ سے نکلنے کی دلیل ہے۔ (۱۸) خواب میں سولی پر الٹا لٹکنا ذلیل ہونے اور سفر سے لوٹنے پر دلالت کرتا ہے (۱۹) اسی طرح سولی اغنیاء کے لئے فقر اور فقراء کے لئے دلیل غنٰی ہے۔ اور سمندر میں سفر کرنے والے کے لئے اپنے مقصود کو پانے اور غموں سے نجات پانے پر دلالت کرتی ہے۔

## صلب الانسان (پیٹھ)

(۱) اس کی تعبیر مضبوط معتمد آدمی سے کی جاتی ہے (۲) خواب میں اپنی پشت کو مضبوط پانا عزت وقار ملنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) کبھی نیت میں قوت وضعف دیکھنا اولاد کے قوت وضعف پر دلالت کرتا ہے (۳) اسی طرح اپنے پیٹھ کو مضبوط وقوی دیکھنا عقل کی دولت سے سرفراز ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے (۴) بعض کے قول کے مطابق اس خواب کی تعبیر مضبوط بیٹا ہے۔ کبھی صلب کی دلالت قوت ومضبوطی پر ہوتی ہے۔ اور کبھی پیٹھ کا مضبوط ہونا غیر شادی شدہ کے لئے باکرہ بیوی پر اور شادی شدہ کے لئے اولاد پر دلالت کرتا ہے۔ (۵) خواب میں اپنے پیٹ میں درخت اُگا دیکھنا بیوی پر قوی ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (٦) اگر کسی کی پیٹھ میں بیماری ہو اور وہ خواب دیکھے کہ اس کی پیٹھ لوہے کی ہے تو تعبیر ہے کہ اسے بیماری سے افاقہ ہو جائے گا۔

## صدور (سینہ)

(۱) خواب میں سینے کا کشادہ ہونا کافر کے لئے اسلام کی بشارت ہے اور عاصی و گناہگار کے لئے توبہ کی خوشخبری ہے۔ اور اطاعت گذار کے لئے انشراح قلب اور مشکل کے آسان ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۲) خواب میں اپنے محبوب کو اپنے سینے میں دیکھنا اس کے ساتھ شکایت کرنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ اور اگر اس محبوب کی وجہ سے کسی بیماری میں مبتلا ہو تو اس سے صحت یاب ہونے کی بھی علامت ہے۔ (۳) کبھی سینے کا خوبصورت ہونا ایثار پر دلالت کرتا ہے (۴) کبھی سینے کا بڑھنا خرچ کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے (۵) کبھی سینے کی دلالت سینے میں چھپے ہوئے علم، مال کی محبت و گمراہی وغیرہ پر بھی ہوتی ہے۔ (٦) کبھی سینے کی دلالت مہمان پر اور کبھی زوجہ پر اور کبھی ایسے منصب پر ہوتی ہے جس میں بہت سے صدور جمع ہوں۔ (۷) خواب میں سینے کا تنگ ہونا گمراہی کی علامت ہے۔ کافر کا خواب میں اپنے سینے کو تنگ دیکھنا اس کے مالی نقصان پر دلالت کرتا ہے۔ (۸) بعض علماء تعبیر کا کہنا ہے کہ انسان کے سینے کا کشادہ ہونا اس کی سخاوت پر اور تنگ ہونا بخل پر دلالت کرتا ہے۔ (۹) کسی نے خواب میں دیکھا کہ اس کا سینہ پتھر ہو گیا تو یہ اس کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قساوتِ قلبی اور بدبختی کی علامت ہے' اور سینے کا کشادہ ہونا کبھی ظلم پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۱۰) سینہ چونکہ غموں اور خوشیوں کا مسکن ہے چنانچہ سینے کو کشادہ دیکھنا سرور ملنے پر اور تنگ ہونا تنگی اور غم پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۱) کافر کا خواب میں اپنے سینے کو کشادہ دیکھنا اس کے مسلمان ہونے اور تجارت میں نفع پانے کی علامت ہے۔ (۱۲) خواب دیکھا کہ اس کے سینے میں درد ہو رہا ہے تو دلیل ہے وہ کوئی گناہ کر کے اس کی سزا بھگتے گا۔ بعض نے کہا یہ دلیل ہے کہ وہ اپنے مال کو اللہ تعالیٰ کی مرضی کے خلاف فضول مقامات پر خرچ کریگا اور اس پر اس کو سزا ہوگی۔ (۱۳) مرد کا خواب میں اپنے سینے پر درد سے بھرے پستان دیکھنا اس کی شادی کی علامت ہے اگر وہ غیر شادی شدہ ہو۔ وگرنہ دلیل ہے کہ وہ کسی سے عشق کریگا اور اس میں اس کو شرمندگی ہوگی۔

## صدغ (کنپٹی)

(۱) دونوں کنپٹیوں کی تعبیر دو بابرکت شریف بیٹے ہیں چنانچہ کنپٹیوں میں کچھ ہونا اچھا یا برا بیٹوں میں کچھ ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۲) کبھی کنپٹی کی دلالت بیماری سے شفایاب ہونے پر بھی ہوتی ہے۔ (۳) کسی کے کانوں میں بیداری میں درد ہوتا ہو وہ خواب میں اپنی کنپٹیوں کو لوہا ہوتے دیکھے تو دلیل ہے کہ کان کی اس بیماری سے شفایاب ہوگا۔ (۴) کبھی اس کی تعبیر مال سے بھی کی جاتی ہے (۵) خواب دیکھا کہ وہ کسی کی کنپٹی اکھیڑ رہا ہے۔ تو تعبیر ہے کہ اکھاڑنے والا اکھاڑے جانے والے کے ایسے عظیم مال کو ضائع کرنا چاہتا ہے جس پر اسے فخر ہو۔ (۶) خواب میں کنپٹی کے بال اکھاڑنا غنی کے لئے مال کے چلے جانے اور غریب کے لئے قرض کی ادائیگی پر دلالت کرتا ہے۔

## صلع (سر کے بالوں کا گر جانا)

(۱) خواب دیکھا کہ اس کے سر کے بال جھڑ گئے یہاں تک کہ گنجا ہو گیا تو اس کے مال ختم ہونے اور لوگوں کی نظروں سے گر جانے کا اندیشہ ہے (۲) خواب میں گنجی عورت دیکھنا فتنہ کے ساتھ کام کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## صداع (درد سر)

(۱) خواب دیکھا کہ اس کے سر میں درد ہو رہا ہے تو اس کو چاہئے کہ توبہ کرے یا صدقہ کرے یا خیر کا کام کرے اور جس گناہ میں مبتلا ہے اس سے رجوع کرے۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿أَوْ بِهِ أَذًى مِّن رَّأْسِهِ فَفِدْيَةٌ مِّن صِيَامٍ أَوْ صَدَقَةٍ أَوْ نُسُكٍ﴾ "یا اس کو تکلیف ہو سر کی تو بدلا دیدے روزے یا خیرات یا قربانی" (۲) کبھی درد سر ان لوگوں میں تکلیف واقع ہونے کی علامت ہے جن پر سر دلالت کرتا ہے۔ یعنی سربراہ و سرپرست وغیرہ۔ چنانچہ درد سر رئیس کے اندر کچھ ہونے کی علامت ہے۔ (۳) بعض علماء تعبیر کی رائے ہے کہ صداع ایسے گناہ کی علامت ہے جس سے توبہ بہت ضروری ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## صمم الاذنین (بہرہ ہونا)

(۱) اس کی تعبیر فسادِ دین ہے اور حق سے روگردانی ہے اور ڈرائے جانے کی بھی علامت ہے۔ (۲) کبھی اس کی دلالت ان لوگوں سے راحت ختم ہونے پر بھی ہوتی ہے جن پر کان اور آنکھ دلالت کرتے ہیں (یعنی کان و آنکھ سے معبّر ہیں)۔

## صفرۃ اللون (رنگ کا زرد ہونا)

(۱) خواب میں اپنے چہرے کی رنگت کو زرد دیکھنا مرض لاحق ہونے کی علامت ہے (۲) خواب میں چہرے کا بہت زیادہ زرد ہونا روزِ قیامت چہرے کے خوبصورت ہونے اور عنداللہ مقرب ہونے کی دلیل ہے۔ (۳) چہرے کی زردی ذلت اور حسد پر بھی دلالت کرتی ہے۔ (۴) کبھی چہرے میں زردی دیکھنا منافقت کی علامت ہوتا ہے۔ (۵) کبھی اس کی دلالت عبادت اور رات کو اٹھ کر تہجد کی نماز پڑھنے پر ہوتی ہے (۶) چہرے کا پیلا ہونا عشق و محبت کی علامت ہوتا ہے اور خشوع و مراقبہ پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی خوف کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ (۷) خواب دیکھا کہ اس کا چہرہ سفید اور باقی سارا بدن پیلا ہوگیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کا ظاہر باطن سے اچھا ہے اور اگر سارا بدن سفید اور چہرہ پیلا ہوگیا تو دلیل ہے اس کا باطن ظاہر سے اچھا ہے۔ (۸) چہرہ اور بدن دونوں کا زرد ہونا مرض پر دلالت کرتا ہے۔ اور صرف چہرے کا پیلا ہونا غم پر دلالت کرتا ہے۔ ریشم اور دیباج کے جبے کے علاوہ باقی تمام کپڑوں کی زردی بیماری کی علامت اور جبہ اور ریشمی کپڑوں کی زردی فسادِ دین کی دلیل ہے۔

## صنان (بغل کی بدبو)

(۱) خواب میں بغل کی بو سونگھنا یا دیکھنا دردِ سر، نزلہ زکام، بری خبریں، رازوں کے فاش ہونے، کھوٹ اور بغض کے زائل ہونے پر دلالت کرتا ہے اور تھکاوٹ کے بعد راحت اور قرضوں کی ادائیگی کی بھی علامت ہے۔ کبھی اس کی دلالت فضول مشوروں پر بھی ہوتی ہے۔ (۲) بچے کا خواب میں اپنے بغل میں بدبو دیکھنا اس کے بالغ ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ کبھی اس کی دلالت پھوڑے یا کسی دوسری آفت کی وجہ سے اس کے مرنے پر بھی ہوتی ہے۔

## صماخ الاذنین (کان کا سوراخ)

(۱) خواب میں اپنے یا کسی دوسرے انسان کے کان میں سوراخ کرنا دلیل ہے کہ اس کے ہاتھ زہر کا تریاق آئے گا۔ یا دلیل ہے کہ سرکشوں کے سازشوں سے بچنے کا گر ہاتھ لگ جائے گا۔ (۲) خواب میں اپنے کانوں کے سوراخ سے گندگی یا پیپ کو صاف کرنا کسی طرف سے خوش کرنے والی خبر آنے کی علامت ہے۔ (۳) بعض اہل تعبیر کا قول ہے کہ خواب میں اپنے کان کے سوراخ کا گند کھانا اغلام سے دلچسپی رکھنے کی طرف اشارہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## صفیر (سیٹی بجانا)

(۱) خواب میں سیٹی بجانا مشرکین کے اخلاق کو اپنانے پر دلالت کرتا ہے۔ اسی طرح تالی بجانے کی بھی یہی تعبیر ہے۔
(۲) کبھی اس کی دلالت ایسے امراض لاحق ہونے پر ہوتی ہے جو بدن کے زرد ہونے کا باعث ہوں۔ یا مکانات کے معطل اور خالی ہونے کی دلیل ہے اس لئے کہ اس سے لوگ بدفالی لیتے ہیں۔

## صُفر (پیتل)

(۱) اس کی دلالت یہود کی طرف سے مال ملنے پر ہوتی ہے' خواب دیکھا کہ وہ پیتل پگھلا رہا ہے تو تعبیر ہے کہ وہ کسی سے دنیاوی معاملے میں جھگڑے گا اور زبان زد عام ہوگا۔ (۲) بعض علماء کے قول کے مطابق خواب میں پیتل دیکھنا بری بات سننے اور بہتان لگنے کی علامت ہے (۳) پیتل کی دلالت متاع دنیا پر فخر کرنے والے آدمی پر بھی ہوتی ہے۔
(۴) خواب میں پیتل سے مارا جانا متاع طلبی کی علامت ہے۔ کبھی اس کی دلالت بدن میں پھوڑے نکلنے یا کسی اور آفت کی وجہ سے مرنے پر ہوتی ہے۔

## صوت (آواز)

(۱) اس کی دلالت نقصان کی شہرت پر ہوتی ہے۔ چنانچہ خواب میں اپنی آواز کو قوی دیکھنا لوگوں میں اس کی شہرت اور تذکرے ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ اور آواز کا کمزور ہونا عدم شہرت کی دلیل ہے (۲) خواب دیکھا کہ اس کی آواز بلند ہو رہی تو دلیل ہے بقدر آواز کسی قوم پر تسلط اختیار کریگا یا کسی ناپسندیدہ کام میں مبتلا ہوگا۔ (۳) خواب دیکھا کہ وہ کسی انسان کی آواز سن رہا ہے تو دلیل ہے کہ آواز کی صفائی اور جسم کی صحت اور نرخرہ کی خوبی کے بقدر ولایت پائے گا۔
(۴) کسی حیوان سے انسانی آواز سننا بہت عظیم منافع ملنے پر دلالت کرتا ہے خصوصاً جب وہ اس سے میٹھا اور پسندیدہ کلام کرے۔ (۵) خواب میں کسی عالم کی آواز سے اونچی آواز میں بولنا معصیت کے مرتکب ہونے کی علامت ہے
(۶) کمزور آواز خوف اور ہراس پر دلالت کرتی ہے۔ اور آواز کو دبانا دین اور تواضع کی دلیل ہے۔ (۷) حکمران اور پولیس والوں کا خواب میں اپنی آواز کا آہستہ اور کمزور دیکھنا عہدے سے معزول کیئے جانے اور کمزور اور ذلیل ہونے پر دلالت کرتا ہے (۸) کبھی اس کی آواز سننا وعدہ پورا کرنے اور راحت کے قریب ہونے پر دلالت کرتا ہے۔
(۱۰) دنانیر کی آواز سننا خوش کن خبر سننے کی دلیل ہے (۱۱) پیسوں کی آواز تکلیف وغم کی علامت ہے۔ (۱۲) بعض کی رائے کے مطابق دراہم ودنانیر کی آواز اچھی باتوں پر دلالت کرتی ہے (۱۳) غیر منقش دراہم پرہیزگاری وتقوی کی باتوں کی علامت ہے اور کھرے دراہم اور دنانیر کی آواز ایسی اچھی خبر ایسی جگہ سے آنے کی دلیل ہے جہاں سے زیادہ خوشخبریاں پسند کی جاتی ہوں اگر دراہم صدقے کے ہیں۔ اگر مہر زدہوں تو دلیل ہے کہ دشمن سے منازعت کی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱۴) بھڑ کی آواز کمینہ وخسیس اور طعنہ دینے والے آدمی پر دلالت کرتی ہے جس سے چھٹکارا کسی فاسق قسم کے آدمی سے مدد لئے بغیر حاصل نہ ہو۔ (۱۵) خواب میں بکری کی آواز سننا اپنی بیوی کی طرف سے لطافت پر دلالت کرتا ہے یا کسی شریف آدمی کی طرف سے کوئی نیکی ملنے کی علامت ہے (۱۶) بکری کے بچے اور مینڈھے کی آواز سرور' خوشحالی اور خیر کی دلیل ہے (۱۷) گھوڑے کی آواز کسی شریف آدمی یا کسی بہادر فوجی کی طرف سے ہدیہ ملنے پر دلالت کرتی ہے۔ (۱۸) گدھے کی آواز کسی بے وقوف دشمن کی طرف سے برائی پہنچنے کی علامت ہے۔ (۱۹) خچر کی آواز کسی سخت آدمی کی طرف سے صعوبت پہنچنے پر دلالت کرتی ہے (۲۰) خواب میں بچھڑے' بیل' گائے کی آواز سننا کسی فتنے میں پڑنے کی علامت ہے (۲۱) اونٹ کی آواز کی سماعت عظیم کام حج یا جہاد کے لئے سفر کرنے کی دلیل ہے اور تجارت کی بھی علامت ہے (۲۲) شیر کی آواز سخت ظالم بادشاہ کی طرف سے خوف وہیبت پہنچنے کی دلیل ہے۔ (۲۳) عام چوپایوں کی آواز تکلیف اور ڈر کی علامت ہے (۱۴) گھوڑے کی آواز کبھی عزت وقوت کی علامت ہوتی ہے۔

(۲۴) کتے کی آواز فضول کاموں اور باتوں میں منہمک ہونے پر دلالت کرتی ہے۔ (۲۵) چیتے کی آواز اترانے اور دلالی کرنے پر دلالت کرتی ہے (۲۶) کبوتر کی آواز رونے یا نکاح کرنے پر دلالت کرتی ہے (۲۷) ابابیل نامی پرندے کی آواز مفید کلام یا قرآن کریم کی سماعت نصیب ہونے کی علامت ہے۔ (۲۸) مینڈک کی آواز خوشی یا محافظوں کی صوتوں پر دلالت کرتی ہے (۲۹) سانپ کی آواز سننا جھگڑے اور ڈرانے پر دلالت کرتا ہے (۳۰) کبھی گدھے کی آواز سننا ظالموں کے لئے بددعا کرنے کی علامت ہوتا ہے (۳۱) خچر کی آواز کبھی شبہات میں پڑنے اور اس پر کلام کرنے پر دلالت کرتی ہے۔ (۳۲) اونٹ کی آواز تعب اور تکلیف کی علامت ہے (۳۳) شیر کی آواز کی تعبیر حیرانگی' تہدید اور دھمکانے سے کی جاتی ہے (۳۴) بلی کی آواز چغلخوری کرنے والے لوگوں کی عیب جوئی کرنے پر دلالت کرتی ہے (۳۵) چوہے کی آواز آپس میں محبت واجتماع اور رزق کی علامت ہے (۳۶) ہرن کی آواز شوقِ وطن پر دلالت کرتی ہے (۳۷) بھیڑیئے کی آواز چوری ہونے کے خطرے کی علامت ہے اور لومڑی کی آواز سننا بھاگنے اور ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے کی علامت ہے (۳۸) گیدڑ کی آواز اہم کاموں کی علامت ہے خیر ہو یا شر۔ (۳۹) کبھی بلی کی آواز چوری کرنے کبھی فاجر خادم کی طرف سے تکلیف پہنچنے کی دلیل ہے۔ (۴۰) چوہے کی آواز کبھی نقب لگانے والے فاسق قسم کے ضرر رساں آدمی پر ہوتی ہے (۴۱) کبھی ہرن کی آواز عجمی خوبصورت عورت ملنے پر دلالت کرتی ہے (۴۲) بھڑیے کی آواز درشت چور قسم کے آدمی کی طرف سے خوف پہنچنے کی علامت ہے (۴۳) لومڑی کی آواز کی دلالت کبھی کدورت اور کبھی بغض وکینہ کسی کاذب یا کسی خبیث مرد کی طرف سے تکلیف ملنے کی دلیل ہے۔

(۴۴) کتے کی آواز ندامت' نافرمانی اور ظلم میں سعی کرنے کی علامت ہے۔ (۴۵) سور کی آواز سننا مالدار احمق قسم کے دشمنوں پر غلبہ پانے اور ان سے مال پانے کی دلیل ہے۔ (۴۶) چیتے کی آواز سننا لالچی قسم کے تنگی مزاج شخص کی طرف

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے وعدہ پورا ہونے اور اس پر کامیابی حاصل کرنے کی علامت ہے۔(۴۷) شتر مرغ کی آواز سننا ایک بہادر اور تدبر والے خادم ملنے پر دلالت کرتا ہے۔ اور اس کو ناپسند سمجھنا عار میں مبتلا ہونے کی نشانی ہے۔(۴۸) کبوتر کی آواز باپردہ شریفہ قاریہ مسلمان عورت کی علامت ہے۔(۴۹) ابابیل پرندے کی آواز نصیحت کرنے والے کی طرف سے نصیحت کی دلیل ہے۔(۵۰) مینڈک کی آواز سننا کسی رئیس یا بادشاہ یا عالم کے کام میں داخل ہونے کی علامت ہے۔ اور بعض کا کہنا ہے کہ یہ بری بات سننے کی طرف اشارہ ہے۔(۵۱) سانپ کی آواز خفیہ دشمنی کرنے والے دشمن کی طرف سے دھمکانے اور بغاوت کرنے اور پھر اس پر قابو پانے کی دلیل ہے۔(۵۲) مرغی اور مور کی آواز کو اہل تعبیر ناپسند سمجھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ان کی آواز غم واندوہ پر دلالت کرتی ہے۔(۵۳) کوے کی آواز جدائی اور موت کی خبر سننے کی علامت ہے۔(۵۴) قبیح آواز سننا غم اور ناپسندیدہ امر پیش ہونے کی دلیل ہے اور اچھی آواز سننا سرور وراحت کی علامت ہے۔

## صیاح الانسان (چیخ مارنا)

(۱) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ خواب میں کسی قوم کے سامنے چیخ رہا ہے تو تعبیر ہے وہ حکومت پائے گا اس لئے کہ اہل عرب کے نزدیک چیخنا دلیل حکومت ہے۔(۲) اکیلا چیخنا ہیبت اور قوت کے ختم ہونے اور کمزور ہونے کی دلیل ہے۔

## صحۃ البدن (تندرستی)

خواب میں صحتمند ہونا بیداری میں بیماری کی دلیل ہے اس لئے کہ صحت بیماری کی ضد ہے۔ اور کبھی خواب میں تندرست ہونا نعمت پر دلالت کرتا ہے۔

## صعود السماء (آسمان پر چڑھنا)

(۱) صعود ہبوط کی ضد ہے تو جو شخص بلندی کی انتہاء کو پہنچ جائے تو بیداری میں اسی قدر نیچے آئے گا۔ اور کبھی صعود الی السماء سے اپنے نفس پر ظلم کرنے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔(۲) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ آسمان پر چڑھ گیا حتی کے آسمان کے ستاروں تک پہنچ گیا اور ایسا ستارہ بن گیا جس سے لوگ رہنمائی حاصل کرتے ہیں تو تعبیر ہے وہ بہت بڑی معظم ولایت وریاست پائے گا۔(۳) پہاڑ پر چڑھنا غم اور سفر کی دلیل ہے۔ اور کبھی چڑھنا رفعت وبلندی پر اور اترنا عزت سے گرنے پر دلالت کرتا ہے(۴) کسی گھاٹی پر چڑھنا مشقت کے ساتھ بلند سلطنت حاصل کرنے پر دلالت ہے۔(۵) خواب میں پہاڑ پر چڑھنا چڑھنے کی بقدر اپنے مطلوب کو پانے کی طرف اشارہ ہے۔ تاہم اگر اس کی آخری چوٹی تک پہنچ جائے تو یہ اپنے مقصود کو مکمل پانے کی دلیل ہے۔(۶) خواب میں پہاڑ یا گھاٹی یا ٹیلے یا چھت پر چڑھنا اپنی مطلوبہ ضرورت کو حاصل کرنے کی دلیل ہے۔(۷) سیدھا چڑھنا تعبیر کے لحاظ سے کوئی بہتر نہیں ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## صعلکۃ (تنگ دست ہونا)

خواب میں تنگ دست ہونا بیداری میں سخت تنگ دستی اور کفر کی دلیل ہے۔

## صھوبۃ اللحیۃ (ڈاڑھی کا بھورا ہونا)

خواب میں ڈاڑھی کو بھورا دیکھنا فتنہ میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔خصوصاً اگر داڑھی میں کچھ بال سفید بھی دیکھے۔

## صلات (عطایا)

ضرورتمندوں کے لئے خواب میں عطایا دشمن کو ذلیل کرنے اور اللہ تعالیٰ کے غضب سے بچنے کی علامت ہے۔اس لئے کہ پوشیدہ خیرات کرنا اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کو دور کرتا ہے۔اور گناہ کے مرتکب لوگوں کو پہنچ جائے تو تعبیر کے لحاظ سے کوئی اچھا نہیں۔

## صدمہ (ٹکرانا' آمنے سامنے آنا)

ناپسند چیز کے ساتھ ٹکرانا اپنے مال یا بیٹے سے جدائی کی علامت ہے۔

## صریر الباب (دروازہ بجنے کی آواز)

(۱) خواب میں دروازے بجنے کی آواز کو سننا دربانوں کی طرف سے تکلیف پہنچنے یا میاں بیوی کے درمیان چپقلش ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔اور کبھی راز کے فاش ہونے کی بھی علامت ہے۔(۲) کاغذ یا کسی اور چیز پر لکھتے وقت قلم سے آواز آنا صاحب علم لوگوں کی حسن ثنا کی علامت ہے۔(۳) غیر اہل علم کے لئے یہ خواب ان کے رازوں کے فاش ہونے اور مشقت میں پڑنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔

## صک الوجہ (ملے ہوئے دانتوں والا ہونا)

خواب میں ایسا ہونا ناامیدی کے بعد اولادِ نرینہ سے بہرہ ور ہونے پر دلالت کرتا ہے۔بفرمان الٰہی ﴿فَصَكَّتْ وَجْهَهَا﴾

## صفوف (لائنیں)

خواب میں صفوں کو دیکھنا دشمنوں سے لڑنے کے موقع پر آپس میں دلوں کے ملنے اور ادائیگی حقوق کی دلیل ہے۔اور کبھی نمازیوں کے ساتھ نماز کی صفوں میں پابندی کے ساتھ حاضر ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔

## صنج (چنگ بجانا)

(۱) خواب میں اپنے دروازے میں چنگ بجتے ہوئے سننا غیر عرب ممالک میں کسی جگہ عہدہ ملنے کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۲) چنگ کی دلالت نکاحِ فاسد' تکلیف اور عجمی شخص پر بھی ہوتی ہے۔

## صغار (پیتل کے برتن بنانے والا)

(۱) اس کی دلالت متاع دنیا سے بہرہ مند شخص پر ہوتی ہے۔ (۲) پتیل کو سندان میں رکھتا ہوا خود کو دیکھنا کسی جھگڑے میں پڑنے کی علامت ہے۔ شادی کے خواہش مند شخص کا خواب میں پتیل دیکھنا زبان دراز عورت سے شادی کرنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ اور پتیل کے اوزار بنانے والے کی دلالت دھوکہ باز بلیک میلر شخص پر ہوتی ہے۔ اور بعض کے نزدیک اس کی دلالت جھگڑالو مرد پر بھی ہوتی ہے۔ (۳) شادی کے خواہشمند کسی شخص کا خود کو پتیل کے کاروبار کرنے والوں کی طرح دیکھنا خوبصورت مگر زبان دراز عورت سے نکاح کرنے کی دلیل ہے۔

## صرام (چمڑا فروش)

اس کی دلالت میراث کے متعلق لوگوں کے درمیان مصالحت کرانے والے شخص پر ہوتی ہے۔

## صباغ (رنگریز)

(۱) اس کی دلالت بہتان تراش آدمی پر ہوتی ہے۔ اور کبھی اشارہ ہوتا ہے کہ اس کے ہاتھ سے خیر کا کام انجام پائے گا۔ (۲) خواب میں رنگریز کو دیکھنا کسی عالم یا بادشاہ سے اپنی ضرورت پوری کرنے کی دلیل ہے۔ (۳) رنگریز کو سفید رنگ کو سبز رنگ میں تبدیل کرتا ہوا دیکھنا گناہوں سے توبہ کرنے کی علامت ہے۔ (۴) سفید کو سیاہ رنگ دیتا ہوا دیکھنا دین سے مرتد ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۵) گھر میں کسی رنگنے والے کو رنگ کرتا دیکھنا اپنے اس گھر میں اس سال کسی شخص کے انتقال کی دلیل ہے۔

## صائغ (سنار)

(۱) خواب میں اسے دیکھنا ریا' جھوٹ دھوکہ فراڈ اور تلبیس پر دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی اشعار منظوم کرنے پر دلالت کرتی ہے۔ اور کبھی سنار کی رؤیت علم وہدایت' خوشی' اولاد اور ازواج کی بھی علامت ہوتا ہے۔ (۲) سونے اور چاندی کو آگ سے گرم کر کے نکالتا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ کذاب ہے اور لوگوں کو فتنوں میں ڈالنے والا ہے۔ (۳) کسی کو دیکھا کہ وہ سونے اور چاندی پر جواہر لگا رہا ہے تو تعبیر ہے کہ وہ لوگوں کو کسی ایسے پرخطر کام پر جمع کریگا۔ جس کی ابتداء شر اور اختتام خیر ہوگا۔

## صیرفی (منی چینجر)

(۱) اس کی تعبیر ایسا عالم ہے جو اپنے علم پر عمل نہیں کرتا سوائے دنیاوی غرض کے۔ (۲) اس کی دلالت ایسے شخص پر بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوتی ہے جس کا پیشہ کلام میں ہیر پھیر کرنا لڑائی جھگڑا کرنا سوال و جواب کرنا ہے' مثلاً جج وغیرہ جو اپنے کلام کے ذریعے عدل قائم کرتا ہے اور حکم نافذ کرتا ہے۔ منی چینجر کے میزان کی دلالت اس قسم کے شخص کی ذات اور زبان پر اور اس کے ترازوں کے باٹ کی دلالت اس کے حکم اور عدل پر ہوتی ہے' دراھم و دنانیر کی دلالت لوگوں کے خصومات پر ہوتی ہے اور بعض اہل تعبیر کے بقول صیرفی کی دلالت ایسے عالم پر ہوتی ہے جو لوگوں کے سوالات کا جواب موازنہ و عدل کے ساتھ دیتا ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت خوابوں کی تعبیر بتلانے والے پر بھی ہوتی ہے۔ (۳) خواب دیکھا کہ وہ صراف کو دینار دیکر دراہم لے رہا ہے' اگر اس کی کسی کے ساتھ خصومت ہے تو اس میں کمی آئیگی اور اگر اس کے پاس سامان موجود ہے تو فروخت ہوگا یا اس کے ساتھ ایسا واقعہ پیش آئیگا جس میں کسی عالم سے مسئلہ پوچھنے کی حاجت ہوگی۔ یا خواب دیکھے گا جس کی تعبیر کے لئے کسی معبر سے رجوع کرنا پڑیگا اور اس کا انجام غم اور حزن کی صورت میں ہوگا۔ (۴) اسی طرح دراہم دیکر سونا حاصل کرنا تاوان اور ناپسندیدہ امور میں واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۵) غنی شخص کے لئے منی چینجر کو دیکھنا وسعت رزق پر دلالت کرتا ہے جو مشتبہ ہو اور کبھی منی چینجر کی دلالت علم الفرائض اور حساب کتاب کے ماہر پر ہوتی ہے۔

## صبان (صابن ساز یا فروش)

اس کی دلالت قرآن' ذکر اور زوال ہجوم و ہموم پر ہوتی ہے خواب میں کسی گھر میں کسی صابن ساز یا صابن فروش کو دیکھنا اس گھر میں کسی کے مرنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔

## صیدلانی (دوا فروش)

اس کی دلالت صاحب علم اور صاحب تصنیف شخص پر ہوتی ہے اس لئے کہ دوا بدن کی صحت کا ذریعہ ہے جس طرح علم دین کی درستگی کا سبب ہے۔

## صیاد (شکاری)

(۱) اس کی تعبیر عورتوں کی طرف میلان رکھنے والے اور ان کو طلب کرنے کے لئے سازش کرنے والے شخص سے کی جاتی ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت حمام والے شخص پر اور کبھی کتاب کی تعلیم دینے والے شخص پر ہوتی ہے۔ اور یہ اس شخص پر بھی دلالت کرتا ہے جو لوگوں کے پاس جو کچھ ہے اس کی تاک میں رہتا ہے۔ (۲) دریا میں یا خشکی میں جائز شکار کرنے والے کے ساتھ شکار میں شامل ہونا یا اس کی اعانت کرنا تعبیر کے لحاظ سے بہت بہتر ہے۔ (۳) لیکن حرم میں شکار کرنا یا ناجائز شکار کرنا تعبیری لحاظ سے اچھا نہیں۔ (۴) درندوں کو شکار کرنا ایسی طاقت کی علامت ہے جس کے ذریعے بڑے ظالم مضبوط بادشاہوں کے ساتھ سازش اور خداع کیا جائے۔ (۵) اسی طرح باز' شاہین شکرہ وغیرہ کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شکار بھی بڑے سلطان اور قوت پر دلالت کرتا ہے۔(۶) پرندوں اور چڑیوں کا شکاری شریف لوگوں کے ساتھ مکرو خداع کرنے والا تاجر ہے۔(۷) وحشی جانوروں کو شکار کرنے والے کی تعبیر عجمیوں کے ساتھ مکروخداع کرنے اوران پر غالب آنے والا شخص ہے۔(۸) مچھلیوں کا شکار کرنے والے کی دلالت عورتوں کے ساتھ زیادہ جماع کرنے والے شخص پر ہوتی ہے۔خصوصا باندیوں کے ساتھ۔(۹) خواب میں درندوں کے شکاری کو دیکھنا قرض خواہوں پر کامیابی حاصل کرنے پر دلالت کرتا ہے۔اور بولنے والے پرندوں کو شکار کرنے والا جوانوں کو گانا سکھانے والے پر دلالت کرتا ہے۔

## صواف (اون فروش)

سردی کے زمانے میں ان کو دیکھنا منافع وفوائد اور گرمی کے موسم میں اس کی رویت غموم وتکالیف پر دلالت کرتی ہے۔

## صیقل (چمکدار، پالش شدہ)

خواب میں صاف ستھرا چمکدار ہونا ایسا ذمہ دار ہونے کی علامت ہے جس کے پاس اچھے برے لوگوں کی معلومات آتی ہوں اور وہ عادل اور بارعب ہو۔اور چمکدار چیز کی رویت زوال غموم وہموم اور جہالت کے بعد علم سے بہرہ ور ہونے اور ایسے صالح لوگوں کی صحبت اٹھانے کی علامت ہے جو اپنے نفس کی مکاریوں اور عیوب کو خوب جانتے ہیں۔

## صبی (بچہ)

(۱) خواب میں چھوٹا بچہ اٹھانا غم اور حزن کی علامت ہے۔(۲) محاصرے میں آئے ہوئے اور سختی میں مبتلا لوگوں کے لئے خواب میں قریب البلوغ بچے کو اٹھانا اس تکلیف سے نکلنے کی بشارت ہے۔(۳) اسی طرح محصور یا شدت میں مبتلا لوگوں میں سے کسی نے خواب میں کسی خوبصورت بچے کو شہر میں داخل ہوتا ہوا یا آسمان سے اترتا ہوا یا زمین سے نکلتا دیکھا تو دلیل ہے کہ خوشخبری قریب تر ہے۔اور اس علاقے کے لوگوں کے لئے خوش حالی ہے۔اور بالغ بچہ عزت و قوت کی دلیل ہے۔ (۴) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ بچہ ہے اور مکتب میں بیٹھ کر قرآن کی تعلیم حاصل کر رہا ہے۔تو دلیل ہے جس گناہ میں وہ مبتلا ہے اس سے تائب ہوگا۔(۵) اگر کسی بادشاہ یا حاکم نے دیکھا کہ وہ مکتب میں علم حاصل کر رہا ہے۔تو تعبیر ہے اس کا علم محو ہوگا یا دلیل ہے وہ عزت سے ذلت کی طرف آئے گا۔(۶) خواب میں کسی نے خود کو بے ریش لڑکا دیکھا تو وہ اپنی ماں کی میراث کا مالک ہوگا۔(۷) کسی نادار نے خواب دیکھا کہ وہ بچہ ہے اس کی ماں نے اس کو ابھی جنا ہے۔تو اس کو رزق نصیب ہوگا۔اور وہ غنی اور مالدار ہوگا۔ (۸) نوجوان کا خود کو خواب میں بچہ دیکھنا تعبیر کے لحاظ سے اچھا نہیں ہے۔(۹) بیمار کا خواب میں خود کو بچہ دیکھنا اس کے مرنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۰) کسی سے مقدمہ لڑنے والا خود کو صبی پائے تو یہ اس کے مغلوب ہونے کی دلیل ہے(۱۱) کسی ایسے شخص نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خواب دیکھا جس کی بیوی حاملہ ہے کہ وہ شیشے میں اپنے چہرے کو بچے کے چہرے کی طرح دیکھ رہا ہے تو اس کی بیوی اولاد نرینہ جنے گی جو صاحب خواب کا ہمشکل ہوگا۔ (۱۲) بچہ کی تعبیر ایسے کمزور دشمن سے بھی کی جاتی ہے جو اظہار دوستی کرتا ہو مگر بعد میں اس کی دشمنی ظاہر ہو۔ (۱۳) خواب دیکھا کہ اس کے ہاں بہت سارے بچے پیدا ہوئے تو دلیل غم وحزن ہے۔ مگر پیدا ہونے والے بچے مذکر ہوں تو انجام کار درست ہوگا اور اگر مؤنث ہوں تو انجام برا ہوگا۔ (۱۴) کسی شخص نے خواب دیکھا کہ وہ دودھ پیتا بچہ بن گیا تو تعبیر ہے کہ اس کے اندر جہالت سرایت کر آئے گی جس کی وجہ سے اس کی مروت ختم ہو جائیگی۔ اور اگر کسی سخت غم میں مبتلا ہے یا کسی تنگی میں ہے تو اس سے نکل جائے گا اور خوشحال ہو جائیگا اور اپنے گناہوں سے ایسا پاک ہوگا جیسا کہ پیدائش کے وقت تھا۔ (۱۵) چھوٹے چھوٹے بچوں کی دلالت چھوٹے چھوٹے غموں پر ہوتی ہے۔ (۱۶) خواب میں اپنے گود میں بچے کو چیختا دیکھنا لکڑی سے مارے جانے کی دلیل ہے اور کبھی چھوٹے بچوں کو خواب میں دیکھنا جرم کرنے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ بفرمان الٰہی ﴿سَيُصِيبُ الَّذِينَ أَجْرَمُوا صَغَارٌ عِندَ اللَّهِ وَعَذَابٌ شَدِيدٌ﴾ ''مجرمین کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ذلت وعذاب پہنچے گا'' اور کبھی بچوں کی رویت' زینت اور خوشی کی علامت ہوتی ہے۔ (۱۷) خواب میں اپنے چھوٹے بچوں کو دیکھنا کبھی فتنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ اور کبھی ادنیٰ عیش یا عجز کی بنا پر کلفت کو چھوڑنے پر بھی دلالت کرتے ہیں۔

## صبية (بچی چھوٹی)

(۱) خواب میں چھوٹی بچی دیکھنا خوشحالی' تنگی کے بڑھنے کے بعد عزت وامیری کی علامت ہے' دودھ پیتی بچی کی رویت نئی آنے والی ایسی بھلائی پر دلالت کرتی ہے جو اچھی شہرت اور خیر کی حامل ہو۔ (۲) کسی محبوس یا محصور یا کسی مقدمہ میں زیادتی کا شکار یا مدیون یا فقیر شخص کا خواب میں چھوٹی بچی کو دیکھنا کشادگی اور مذکورہ امور سے نجات پانے کی بشارت ہے۔ (۳) اگر مذکور چیزوں میں سے کوئی بھی نہ ہو تو چھوٹی بچی کی رویت غم واندوہ اور حزن کی علامت ہے۔ (۴) کسی مریض یا مریضہ کے ہاں بچی کی پیدائش اس بیماری سے چھٹکارے کی دلیل ہے' بشرطیکہ معمول کے مطابق پیدائش ہو۔ اور اگر پیدائش منہ کے راستے سے ہو تو اس مریض شخص کی موت کی علامت ہے جس کے منہ سے پیدا ہوئی ہے۔ (۵) چھوٹی بچی کی رویت کبھی دنیا ملنے کی بھی علامت ہے۔ (۶) خواب میں کسی کنواری کا مالک ہونا دنیا کے متوجہ ہونے کی دلیل ہے۔ (۷) کسی عورت کا خواب میں خود کو بچی ہوتی ہوئی دیکھنا اس کے پیشے اور دنیا کے اس کی طرف متوجہ ہونے کی علامت ہے۔ مگر کبھی بھی بچہ نہیں جنے گی اس لئے کہ چھوٹی بچی حاملہ نہیں ہو سکتی۔ (۸) اگر حاملہ عورت خواب میں خود کو چھوٹی بچی دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ ایسی بچی جنے گی جو اس کی ہمشکل ہوگی۔ (۹) خواب میں لڑکا (غلام) خریدنا غم اور لڑکی (باندی) خریدنا خیر کی علامت ہے۔ (۱۰) کسی کی بیوی حاملہ ہو اور خواب میں اس کے ہاں بیٹا پیدا ہو تو تعبیر ہے کہ بیداری میں بچی پیدا ہوگی۔ (۱۱) اگر اپنی بیوی کو بچی جنتی ہوئی دیکھے تو یہ بچہ ہونے کی دلیل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے۔(۱۲) کسی نے دیکھا کہ وہ دوبارہ بچہ بن گیا اگر وہ رسی سے بندھا ہوا ہو تو قید خانہ جائے گا یا مریض ہوگا۔ اور اگر آزاد مالدار آدمی یہ خواب دیکھے تو اس کی عقل چلی جائے گی یا اس کا مال اس کو نہیں ملیگا۔(۱۳) صاحب خواب اگر فقیر ہو تو اس کی عمر اتنی دراز ہوگی کہ ارذل عمر تک پہنچ جائے گا۔

## صھر الانسان (سسر)

ایسا شخص جسکا سسر موجود نہ ہو خواب میں صاحب سسر بن جائے تو یہ دشمنوں کے مقابلے میں مدد ملنے اور خوف سے مامون ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

## صولجان (گیند)

(۱) اس کی دلالت احمق بہادر بیٹے پر ہوتی ہے۔ بعض کے نزدیک اس کی دلالت منافق قسم کے ٹیڑھے مزاج والے آدمی پر ہوتی ہے۔(۲) خواب میں گیند سے کھیلنا کسی منافق آدمی سے مدد لینے کی دلیل ہے جس کو ایسے آدمی پر مسلط کریگا جو گیند کی ایک قسم کی طرف منسوب ہو۔(۳) اسی طرح گیند فٹ بال سے کھیلنا مناظرہ و مباحثہ میں کامیاب ہونے کی دلیل ہے اس لئے کہ گیند کی تعبیر زبان بھی ہے۔(۴) چنانچہ خواب میں گیند میں کمی زیادتی دیکھنا بیداری میں اولاد یا اپنی زبان میں کمی زیادتی دیکھنے کی دلیل ہے۔(۵) خواب میں خود کو بیڈ سے گیند مارتا ہوا دیکھنا کسی عورت یا منافق سے جھگڑنے پر دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی یہ جنگ اور ضرر و نقصان پر دلالت کرتا ہے اور کبھی اس کی رویت خیر کی علامت بھی ہوتی ہے۔(۶) کسی نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں موٹھ دار ڈنڈا ہے جس سے وہ مارتا ہے تو دلیل وہ اپنے مطلوب کو غیر سنجیدگی سے طلب کرتا ہے۔ اور اطمینان کے ساتھ مارنے کے بقدر اپنے مقصود کو پائے گا۔

## صندوق (بکس)

اس کی تعبیر عورت یا خوبصورت باندی ہے۔ اور صندوق کی دلالت گھر پر بھی ہوتی ہے۔ اور بیوی یا دکان پر بھی دلالت کرتا ہے اور غیر شادی شدہ کے لئے شادی اور فقیر کے لئے غنٰی ہے۔ اور بریف کیس سفر یا سفیر کی دلیل ہے۔

## صریمہ (رات کا ایک حصہ)

مریض کے لئے اس کی عمر کی انتہاء کی خبر ہے۔ یا مہجور کے ہجر کے ایام کے ختم ہونے کی علامت ہے، اور جن پر اس کی دلالت ہے ان کی حفاظت کی بھی علامت ہے۔

## صاع (تولنے کا پیمانہ)

اس کو خواب میں دیکھنا تکلیف، اموال کے ضیاع، تہمت و شر اور دشوار سال پر دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## صرة (تھیلا)

یہ راز پر دلالت کرتا ہے۔(۱) کسی نے خواب میں دیکھا کہ اس نے کسی کے پاس ایسا تھیلا یا بٹوہ بطورِ امانت رکھا ہے جس میں دراہم ودنانیر ہیں تو دلیل ہے کہ وہ اس شخص کو اپنا راز بتائے گا۔(۲) چنانچہ اگر دراہم ودنانیر کھرے ہوں تو وہ راز بھی اچھا ہوگا اور اگر وہ کھوٹے ہوں تو راز بھی برا ہوگا۔(۳) وہ شخص اس کو کھول کر دیکھ لے تو تعبیر ہے کہ وہ اس راز کو چھپا نہ سکے گا۔

## صراحیة (صراحی)

اس کی دلالت لڑکی یا لڑکے یا رفیع الشان گھریلو عورت پر ہوتی ہے۔خواب میں اس کی دلالت کذب' کبر اور ہلاکت پر ہوتی ہے۔اور کبھی اس کی دلالت ہدایت اور اسلام پر بھی ہوتی ہے۔

## صومعه (گرجا' راہب کی جھونپڑی)

(۱) اس کی دلالت' خلوت' حسن سیرت' عزلت وانقطاع پر ہوتی ہے۔لذات کو ترک کرنے' بیویوں کو طلاق دینے اور بھائیوں سے جدائی اختیار کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔اور کبھی گرجا دیکھنا امراض' ماکولات ومشروبات میں سے پسندیدہ چیزوں کو ترک کرنے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔(۲) مریض کا خواب میں گرجا دیکھنا اس کے مرنے اور لذات کو ترک کرنے پر دلالت کرتا ہے۔(۳) خواب میں گرجا بنانا مرتبہ کے بلند ہونے کی دلیل ہے۔(۴) خواب میں نیا اور خوبصورت گرجا دیکھنا بیوی پر دلالت کرتا ہے۔اور قلعے پر بھی دلالت کرتا خصوصا اگر بادشاہ دیکھے۔اور کبھی اس کی رویت بادشاہ کے لئے اپنے دشمن پر غالب ہونے کی بشارت ہوتی ہے۔کبھی گرجا دیکھنا سفر اور وحشت اور دوستوں سے جدائی کی علامت ہوتا ہے۔اور صومعہ کی دلالت رئیس اور سلطان پر بھی ہوتی ہے۔اور گرجے کا گرنا' منہدم ہونا یا کسی اور طرح حادثہ واقع ہونا اس شخص کے ان حادثات کا شکار ہونے کی دلیل ہے جو گرجے سے معتبر ہیں۔

## صنم (بت)

(۱) اس کی دلالت ایسے غدار شخص پر ہوتی ہے جو صورت کے لحاظ سے خوبصورت اور سیرت کے لحاظ بد خلق ہو۔(۲) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ بت پرستی کر رہا ہے' تو تعبیر ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں اپنی طرف سے گھڑ کر غلط باتیں کہے گا۔(۳) اگر معبود بت لکڑی کا ہے تو وہ اپنے دین کے ذریعے منافق قسم کے ایک ظالم بادشاہ کا تقرب حاصل کرنے کی دلیل ہے۔(۴) اگر بت جلائے جانے والی لکڑی کا ہو تو تعبیر ہے کہ وہ اپنے دین کے ذریعے جدال طلب کریگا۔(۵) اگر بت چاندی کا ہو تو دلیل ہے کہ وہ اپنے دین میں ایسا عمل کریگا جس کے ذریعے وہ کسی ایسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عورت یا لڑکی کا تقرب حاصل کریگا جو اترانے والی خیانت کار ہوگی۔(۶) اگر سونے سے بنے ہوئے بت کی پرستش کرے تو تعبیر ہے کہ اپنے دین میں کسی منکر کا ارتکاب کریگا اور ایسے شخص کے قریب ہوگا جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک مبغوض ہے اور اس سے ناپسندیدہ شی حاصل کریگا' اور اندیشہ ہے وہ شخص اس کے مال کو ہڑپ کر جائے۔(۷) اگر پیتل یا لوہے' یا سیسہ سے بنے ہوئے بت کی عبادت کرے تو دلیل ہے وہ اپنے دین کے ذریعے دنیا کمائے گا اور اپنے رب کو بھول جائیگا۔ اور بعض دفعہ خواب میں کسی بت کو دیکھنا کسی بعید جگہ کے لئے سفر کرنے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ (۸) سونے چاندی کی کوئی صورت دیکھنا دنیا ملنے کی دلیل ہے۔(۹) کسی انسان کے مشابہ چھوٹی مورتیوں کو متحرک دیکھنا خوشحالی اور حالت کے بہتر ہونے اور سفر کرنے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۰) اگر وہ حرکت کرنے والی مورتیاں بڑی بڑی ہوں تو یہ شدت وخوف کی علامت ہے۔اور کبھی مورتیاں انسان کی ان اولاد پر دلالت کرتی ہیں جو اس کے خواہش کے مطابق ہو۔(۱۱) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کسی بت کی پرستش کر رہا ہے تو دلیل ہے وہ اللہ تعالیٰ کے مرضی کے خلاف اپنے نفسانی خواہش کی وجہ سے کسی باطل عمل میں مشغول ہے۔(۱۲) اگر وہ بت جس کی وہ عبادت کرتا ہے سونے کا بنا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ وہ ایک ایسے شخص کا قرب حاصل کریگا جو اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہے اور اس کی طرف سے اس کو ناپسندیدہ امر پیش ہوگا۔اور اس کا یہ خواب اس کے دین کی کمزوری کے ساتھ ساتھ مال کے ہاتھ سے چلے جانے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۳) بت کی دلالت کسی عورت سے عشق کرنے پر بھی ہوتی ہے۔اور کبھی بتوں کی دلالت عجمی لوگوں پر اور کبھی گونگوں پر اور کبھی احمقوں پر بھی ہوتی ہے۔اور کبھی بت دیکھنا دلالت کرتا ہے اس چیز پر جو انسان کو اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے نہیں دیتی مثلاً جاہ' مال بیوی اولاد اور اسی طرح دوسری چیزیں۔(۱۴) خواب میں اپنے پاس بت دیکھنا احمق یا گونگی عورت سے شادی کرنے پر دلالت کرتا ہے۔اور اس خواب کی تعبیر بیٹے ملنے سے بھی کی جاتی ہے۔اسی طرح بت میں کوئی حادثہ کمی یا زیادتی کی صورت میں ہوجائے تو ان لوگوں میں کمی زیادتی ہونے کی دلیل ہے جن لوگوں پر بت از روئے تعبیر دلالت کرتا ہے۔اور کبھی بت زمانے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ چنانچہ بت کے اعضاء میں کوئی نقص وزیادتی زمانے کے لوگوں میں کمی زیادتی کی علامت ہوتی ہے۔اور خواب میں بت کو توڑنا بلند مرتبہ حاصل کرنے' اپنے دشمنوں پر غالب آنے اور ان کی سازشوں سے محفوظ رہنے کی بشارت ہے۔

## صلیب

(۱) اس کی دلالت کذب' چغلی' زنا کی تہمت اور جھوٹی گواہی پر ہوتی ہے۔اور کبھی اس کی تعبیر بڑی شان والے فرائض کو بجالانے والے اور دین پر قائم رہنے والے شخص پر ہوتی ہے۔(۲) کسی نے خواب میں دیکھا کہ اس کے پاس صلیب موجود ہے تو تعبیر ہے کہ نکاح کریگا یا اس کو بیٹا نصیب ہوگا۔اور کبھی صلیب نکاح فاسد پر بھی دلالت کرتی ہے۔اور کبھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



صلیب کی رویت غموں اور فتنوں میں مبتلا ہونے پر دال ہوتی ہے۔

## صخرۃ (چٹان)

(۱) اس کی دلالت صبر کرنے والی عورتوں پر ہوتی ہے۔ اور کبھی مضبوطی اور درازی عمر اور عقل پر دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت چوپایوں اور کبھی عمارت پر ہوتی ہے۔ اور کبھی چٹان کی رویت نسیان کی علامت ہوتی ہے۔ لقولہ تعالیٰ ﴿اِذْاَوَیْنَا اِلَی الصَّخْرَۃِ فَاِنِّیْ نَسِیْتُ الْحُوْتَ﴾ ''جب ہم نے جگہ پکڑی اس پتھر کے پاس سو میں بھول گیا مچھلی'' چٹان زنا اور فسق و فجور پر دلالت کرتی ہے۔ کبھی اس کی تعبیر اس کے ہم نام (صخرہ شخص) پر بھی ہوتی ہے۔ اور کبھی وہ شخص بھی صخرۃ سے معبّر ہوتا ہے جس کی اصلیت میں کمینگی ہو۔ خواب میں شہر میں بہت ساری چٹانیں دیکھنا شہر میں ارزانی ہونے کی دلیل ہے۔ اگر چٹان کی تعبیر منصب سے کی جائے تو وہ منصب طویل المدت ہوگا۔ اور اگر تعبیر زوجہ ہو تو وہ صابرہ قانعہ ہوگی۔ اور کبھی چٹان کی دلالت اس چیز پر بھی ہوتی ہے جو اس سے بنائی جاتی ہے مثلاً بت اور مورتی وغیرہ۔ (۲) پہاڑ کے آس پاس چٹانوں کی تعبیر مرتبے والے سخت دل لوگوں سے کی جاتی ہے۔ (۳) خواب میں خود کو کسی چٹان پر اترتا ہوا دیکھنے کی تعبیر پہاڑ پر اترنے کی تعبیر کی طرح ہے۔ (۴) خواب میں چٹان یا اس قسم کی کسی اور چیز میں سوراخ کرنا کسی کام کے بارے معلومات حاصل کرنے اور بقدر سوراخ اس مقصد میں کامیاب ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ پہاڑ کی تعبیر بادشاہ بھی ہے۔ (۵) اگر پہاڑ سے بادشاہ مراد لیا جائے تو اس کے آس پاس چٹانوں اور درختوں سے اس کے کارندے مراد ہوتے ہیں' پہاڑ سے توڑ کر پھینکے ہوئے بڑے بڑے پتھر مُردوں پر دلالت کرتے ہیں کیونکہ ان کو اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرنے والے زندہ پہاڑ سے علیحدہ کیا گیا ہے گویا وہ مردے ہیں۔ اور ان پتھروں کی دلالت سخت' اللہ کی یاد سے غافل جاہل قسم کے لوگوں پر بھی ہوتی ہے۔

## صدف (سیپی)

خواب میں سیپی دیکھنا حاملہ کے لئے اسقاط حمل کی علامت ہے۔

## صرتج (حوض کی لیپی ہوئی ٹینکی)

(۱) یہ بیوی پر دلالت کرتی ہے۔ اس لئے کہ اس میں پانی رکھا جاتا ہے۔ کبھی حوض کی تعبیر ہر وہ چیز ہوتی ہے جس میں کچھ رکھا جاتا ہے۔ مثلاً بٹوہ' الماری' صندوق اور اس قسم کی دوسری چیزیں۔ اور اس کی دلالت ان لوگوں پر ہوتی ہے جو انسان کے راز سے اکثر باخبر رہتے ہیں مثلاً بیوی' اولاد اور شریک کار وغیرہ۔ (۲) تیل کی ٹینکی میں پانی دیکھنا اس میں کمی واقع ہونے اور اس کے ختم ہونے کی دلیل ہے۔ جس طرح پانی کی ٹینکی یا حوض میں تیل دیکھنا اس علاقے کے لوگوں کے غنی ہونے کی علامت ہے۔ مسافر خانوں اور مساجد کے حوض (ٹینکی) اس کے منتظمین اور اماموں پر دلالت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرتے ہیں۔ (۳) کسی نے خواب میں کسی نامناسب مقام میں حوض (ٹینکی) دیکھا تو تعبیر ہے کہ اس کے اہل کے پیچھے جنات پڑے ہوئے ہیں۔ (۴) کسی کنواں کا پانی بیداری میں کھارا ہو اور خواب میں اس کو حوض میں تبدیل ہوتا ہوا دیکھنا صاحب خواب کے اہل وعیال کے متوسط الحال ہونے کی دلیل ہے۔ (۵) خواب دیکھا کہ حوض میں پانی کی بجائے شہد یا گھی یا دودھ ہے تو دلیل ہے کہ اس کی بیوی حاملہ ہوگی یا وہ مزید دولت مند ہوگا۔ لیکن اگر اس خواب میں اپنے اہل کو پیاسا دیکھے تو مذکورہ تعبیر نہیں ہوگی بلکہ تعبیر یہ ہوگی کہ وہ اپنے مال کو جمع کریگا اور اس میں سے زکوۃ ادا نہیں کریگا۔ اور اس کے اہل وعیال ان لوگوں کی طرح ہوں گے جو دنیا کو آخرت پر ترجیح دیں گے۔ یا علم بغیر عمل کے نصیب ہونے کی دلیل ہے۔ اور کبھی مذکورہ خواب کی تعبیر بارش کی بندش اور اس سبب سے مال خرچ کرنے سے ہوتی ہے۔ اور کبھی حوض دیکھنا مشکل کے آسان ہونے عزت اور منصب جلیل نصیب ہونے کی دلیل ہوتا ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت خوف سے مامون ہونے پر بھی ہوتی ہے۔

## صمغ (گوند)

اس کی تعبیر ایسے شخص سے فائدہ حاصل کرنے سے کی جاتی ہے جو درخت کی طرف منسوب ہے۔

## صنوبر (درخت)

(۱) اس کی تعبیر شہرت یافتہ رفیع القدر اور کم مال والا بابرکت شخص ہے چونکہ (صنوبر میں پھل کم لگتے ہیں) اور دوسروں کو کم فائدہ پہنچانے والے بخیل قسم کے شخص پر بھی دلالت کرتا ہے' اور ایسے شخص پر بھی دلالت کرتا ہے کہ جس کے پاس چور وغیرہ پناہ لیتے ہیں' اس لئے صنوبر کے درخت میں چیل وغیرہ پناہ لیتے ہیں۔ (۲) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے صنوبر کے درخت کو چھیل کر دروازہ بنایا تو تعبیر ہے کہ وہ بدخلق اور بدمزاج چوکیدار رکھے گا۔ (۳) اس طرح اگر یہی خواب بادشاہ دیکھے تو وہ ایک بدمزاج ظالم قسم کے شخص کو اپنا محافظ رکھے گا۔ (۴) اگر تاجر یہ خواب دیکھے تو وہ ظالم اور چور کو اپنا محافظ بنائے گا۔

## صابون

اس کی تعبیر حاصل ہونے والا مال ہے۔ (۱) صابن کا ٹکڑا غموم سے تسلی دینے والے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) خواب میں صابن سے کپڑے کو دھونا اور میل کچیل کو صاف کرنا بیماری سے شفایاب ہونے یا گناہوں سے توبہ کرنے غم کے دور ہونے اور قرض کے ادا ہونے کی بشارت ہے۔ کبھی صابن کا ٹکڑا دیکھنا بادشاہ یا حاکم کے پاس کسی واقعے کو لکھ کر پیش کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی غموں کے زائل ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے کیونکہ اس سے میل ڈھل جاتا ہے اور میل غم ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## صاعقہ (آسمانی بجلی)

(۱) س کی تعبیر عذاب سے کی جاتی ہے اگر کسی جگہ پر گر جائے۔(۲) اگر انسان پر گر جائے تو اس کی موت کی علامت ہے اور اس کی دلالت امراض، اور گھڑی ہوئی باتوں پر ہوتی ہے۔ اگر کسی منفعت بخش چیز پر گر کر اس کو جلا دے تو اس چیز کے ختم ہونے اور نقصان میں پڑنے کی دلیل ہے۔(۵) گناہوں کے مرتکب شخص کے لئے خواب میں بجلی دیکھنا اس کو ڈرانے کی علامت ہے۔(۴) بہت سی بجلیاں گرنا مصائب و آلام اور آزمائش خداوندی میں مبتلا ہونے کی خبر ہے مثلاً ٹڈیوں کی کثرت، سخت سردی، تند و تیز ہوائیں، بیماریاں، پھوڑے پھنسی مختلف وبا وغیرہ۔ اور بجلی سخت چیخ کے عذاب جو بادشاہ کی طرف سے آئے جس میں نقصان و ہلاکت ہو پر بھی دلالت کرتی ہے۔(۵) کبھی زمین میں بجلی گرنا اس علاقے پر ظالم بادشاہ مسلط ہونے کی دلیل ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت حادثاتِ معروفہ مثلاً بری موت، جل جانا، مکانات کے منہدم ہونے اور چوریوں کے زیادہ ہونے پر بھی ہوتی ہے۔(۶) کسی مریض شخص نے خواب میں اپنے گھر پر بجلی گرتی دیکھی تو دلیل ہے کہ وہ مر جائیگا۔(۷) اگر گھر کا کوئی فرد گھر سے غائب ہو اور وہ مذکورہ خواب دیکھے تو تعبیر ہے کہ اس کی موت کی خبر آئیگی۔(۸) اگر یہی خواب ایسا آدمی دیکھے جس کے گھر میں کوئی فساد ہو تو تعبیر ہے حکومتِ وقت اس کے اندر دخل انداز ہوگی اور پولیس اس پر مسلط ہوگی۔(۹) کسی نے خواب دیکھا کہ آسمانی بجلی گھروں پر گر رہی ہے۔ تو دلیل ہے لوگوں پر باغی لوگ آئیں گے۔ یا حاجیوں یا مجاہدین کی آمد کی دلیل ہے۔ (۱۰) شتربانوں اور باغوں پر بجلی گرنا تکالیف و مصائب اور اصحاب عشور کی آمد کی دلیل ہے اور اس مکان پر ظلم و جور اور فساد چھا جانے کی علامت ہے۔(۱۱) کسی زمین پر بجلی گری اور اسے جلا دیا تو دلیل ہے کہ کوئی ایسا بادشاہ مسلط ہوگا جس کی وجہ سے فساد پھیلے گا یا تعبیر ہے اس سرزمین میں لڑائی لڑی جائیگی یا دلیل سخت گرانی کی ہے۔ اور بعض اہل تعبیر کی رائے ہے کہ بغیر آگ کے بجلی گرنا بادشاہ کی آمد کی نشانی ہے۔

## صبح

اس کی تعبیر وعدہ کا پورا ہونا ہے۔(۱) خواب میں صبح کو بری حالت میں دیکھنا صاحب خواب کے کفر یا کسی معصیت میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔(۲) خواب دیکھا کہ اس کی کوئی چیز گم ہوگئی اور طلوع فجر کے وقت اس کو مل گئی تو تعبیر ہے وہ گواہوں کے ذریعے اپنے قرض خواہ کے مقابلے میں مضبوط ہوگا۔(۳) کسی مریض نے خواب دیکھا کہ صبح ہوئی تو وہ اس مرض سے مرنے کی صورت میں یا اس کے ٹھیک ہونے کی صورت میں نجات پائیگا۔(۴) خواب میں اگر لوگوں کے ساتھ فجر کی نماز ادا کی تو تعبیر ہے وہ سفر کریگا یا حج کے لئے نکلے گا۔ اگر فجر کی تعبیر موت ہو تو نماز ادا کرنا قبر کے روشن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہونے اللہ کے ولی ہونے کی اور جنت میں جانے کی بشارت ہے۔(۵) اگر کوئی قیدی شخص خواب میں صبح ہوتی دیکھے تو یہ قید سے چھٹکارے کی دلیل ہے۔ایسا شخص جو خشکی یا سمندر میں سفر کرنے سے روکا گیا ہو خواب میں صبح دیکھے تو اس کی بندش کے دور ہونے کی دلیل ہے۔(۶) اگر ایسا شخص کہ جس کی بیوی نافرمان ہے خواب میں صبح ہوتی دیکھے تو دلیل ہے کہ ان دونوں کے مابین جدائی ہوگی۔اس لئے کہ دن زوجین کو جدا کرتا ہے۔اور اگر گناہوں کا مرتکب غافل یا کافر خواہشات نفس کا رسیا شخص مذکورہ خواب دیکھ لے تو یہ اس کے توبہ کرنے اور اپنی غفلت سے بیدار ہونے اور کفر کے اندھیروں سے نکل کر اسلام کی روشنی میں داخل ہونے کی دلیل ہے۔(۷) اگر کوئی محروم شخص یا ایسا تاجر جس کی تجارت بند ہو اور کساد بازاری کا شکار ہو خواب میں صبح ہوتی دیکھے تو دلیل ہے کہ ان کی تجارت میں حرکت آئیگی اور رزق میں قوت پیدا ہوگی۔(۸) کوئی ایسا شخص جو اپنے کسی کافر دشمن کے طلب میں ہے یا اپنے کسی ظالم مقابل سے مخاصمت کر رہا ہے مذکورہ خواب دیکھے تو وہ اپنے دشمن پر غالب ہوگا اور حق کے ساتھ اس پر غلبہ پائے گا۔محصور قوم یا ظلم و جور قحط وفتنہ میں مبتلا لوگ خواب میں صبح ہوتی دیکھیں تو ان مصائب سے نجات پائیں گے۔

## صید (شکار)

اس کی تعبیر غنیمت ہے۔(۱) چنانچہ خواب میں ہرن یا پہاڑی بکرا یا خرگوش یا جنگلی گائے شکار کرنا مال غنیمت حاصل کرنے کی دلیل ہے۔(۲) کوئی شخص شکار کے قصد کے بغیر کسی پرندے یا گائے کو مار دے تو دلیل ہے کہ وہ کسی عورت یا کسی لڑکی پر تہمت لگائے گا۔(۳) خواب دیکھا کہ وہ کتے کے ذریعے شکار کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اپنی آرزو کو پورا کریگا اور اپنے مقصد کو حاصل کریگا۔(۴) خواب میں شکاری کتوں کا شکار کے لئے جاتے ہوئے دیکھنا سب لوگوں کے لئے بہتر ہے۔اور ان کتوں کو شکار سے واپس آتے ہوئے دیکھنا بہادری اور خوف کے دور ہونے کی دلیل ہے اور ان کو شہر کے اندر داخل ہوتے ہوئے دیکھنا بہادری پر دلالت کرتا ہے۔(۵) کسی آلہ شکار سے سمندر سے تازی مچھلی نکالتا ہوا خود کو دیکھنا رزق حلال کے اسباب اختیار کرنے پر اور اس میں سعی کرنے اور اس کو حاصل کرنے پر دلالت کرتا ہے۔(۶) کبھی شکار کرنا مرد کے لئے اپنی رائے سے تدبیر اختیار کرنے پر بھی ولالت کرتا ہے اور کبھی غیر شادی شدہ کے لئے شکار کرنا کسی عورت سے شادی کرنے پر دلالت کرتا ہے اور شادی شدہ کے لئے اولاد نرینہ نصیب ہونے کی بشارت ہے۔(۷) عورت کا خواب میں شکار کرنا والد یا شوہر سے حاصل شدہ چیز کی حفاظت کرنے کی علامت ہے۔(۸) غلام کا شکار کرنا اپنے آقا کے مال کی حفاظت کی طرف اشارہ ہوگا۔(۹) چھوٹے بچے کا خواب میں شکار کرنا جو کچھ از قبیل علم حاصل کر رہا اس کو محفوظ کرنے یا اپنے والدین سے میراث پانے کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## صقر (شکرا)

(۱) اس کی تعبیر مذکر اولاد اور رفیع القدر ہیبت ناک شریک اور بادشاہ ہے۔ (۲) شکرے کا بچہ بلند پایہ بیٹا نصیب ہونے کی علامت ہے۔ (۳) کسی نے خواب دیکھا کہ شکرا اس کا پیچھا کر رہا ہے تو دلیل ہے کوئی بہادر اور شجاع آدمی اس پر غضب ناک ہے۔ (۴) شکرے کی دلالت قوت ومضبوطی والے ظالم آدمی پر بھی ہوتی ہے۔ (۵) کسی منازعت کے بغیر شکرا کو دیکھنا مالِ غنیمت سے بہرہ مند ہونے کی علامت ہے۔ یہی تعبیر اس حیوان کی ہے جس سے شکار کا کام لیا جاتا ہے۔ اس لئے کہ اس کی پیدائش ہی شکار کے لئے ہے۔ (۶) کسی نے دیکھا کہ اس کو ایک شکاری شکرا مل گیا یا اس کا تابع ہوا تو دلیل ہے اس کو حکومت ملیگی البتہ اس میں وہ ظالم اور بدمزاج اور فاسد الدین ہوگا۔ (۷) غیر شکاری شکرا ملنا یا شکرا کا فرمانبردار نہ ہونا ایسا بیٹا نصیب ہونے کی طرف اشارہ ہے جو جوانی کے مقام کو پہنچ جائے گا۔ (۸) کبھی شکرا کی دلالت عزت وقوت، دشمنوں پر غلبہ، اپنے مقاصد میں کامیابی، صحت، قیمتی اموال غلام، باندیوں اور ازواج واولاد سے مزین ہونے اور غموم وہموم سے خلاصی پر بھی ہوتی ہے۔ (۹) کبھی اس کی دلالت موت پر بھی ہوتی ہے۔ اور کبھی قید خانہ اور قیدی کے کھانے پینے کے اشیاء میں کمی واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۰) سدھایا ہوا شکرا غیر سدھائے ہوئے کے مقابلے میں تعبیری لحاظ سے بہتر ہے۔

## صافر (سیٹی بجانے والا)

اس کی رویت حیرت، پوشیدگی، صاحب قدر لوگوں کی طرف میلان اور دشمنوں سے خوف زدہ ہونے کی علامت ہے۔

## صرد (پرندہ جو چڑیوں کو شکار کرتا ہے)

اس کی دلالت بدکلام دو رنگے غیر دلچسپ شخص پر ہوتی ہے۔

## صفرد (چکادک پرندہ)

اس کی دلالت ایک مالدار شریف محبت والی خوبصورت عورت یا لڑکی پر ہوتی ہے۔ (۱) چنانچہ خواب میں اس پرندے کا مالک ہونا مذکورہ صفات سے متصف عورت سے نکاح کرنے کی بشارت ہے۔

## صعوۃ (ممولہ)

اس کی دلالت کبھی غلام پر کبھی باندی پر کبھی عورت اور کبھی مال پر ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## صیان القمل (چھوٹی چھوٹی جوئیں)

اس کی تعبیر مفسد قوم ہے۔ چنانچہ خواب میں چھوٹی چھوٹی جوئیں دیکھنا اوران کو ہٹا نہ سکنا دلیل ہے کہ اس کی بیوی کے پیچھے فاسد قسم کے لوگ پڑے ہوئے ہیں اور وہ ان کو منع نہیں کرسکتا۔

## صداء (زنگ)

اس کی دلالت ایسا دکھلاوا کرنے والے آدمی پر ہوتی ہے جو دن کو خشوع خضوع اور احکامات کے بجالانے کو ظاہر کرتا ہوا ور رات کے وقت چوری اور لوگوں کو تکلیف پہنچانے کے عمل میں مصروف ہو۔ بعض علماء تعبیر کے نزدیک اس کی دلالت ڈاکو پر ہوتی ہے جو بہت سارا مال جمع کرنے والا ہو۔

## صوف (اون)

(۱) خواب میں اونی لباس پہننا بہت سارے قیمتی مال ملنے کی دلیل ہے۔ کبھی چاندی کے ٹکڑے پر بھی دلالت کرتا کیونکہ لوگوں کو فائدہ پہنچانے کے لحاظ سے بہتر اور فائدہ بخش ہے اور اونی لباس تمام لباسوں سے بہتر ہے۔ (۲) خواب میں اون کے اوپر سونا بیوی کی طرف سے مال عظیم ملنے کی علامت ہے۔ اس کا سونا بمنزلہ فراش ہے اور فراش کی تعبیر عورت ہے۔ (۳) خواب میں اون کو جلتا دیکھنا فسادِ دین اور ذہاب مال کی دلیل ہے۔ (۴) کسی عالم کا خواب میں اونی لباس پہننا زہد اختیار کرنے اور لوگوں کو بھی دنیا سے بے رغبت کرنے کی اور دنیا و آخرت کے لئے اعمال کرنے کی ترغیب دینے کی دلیل ہے۔ (۵) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے بکری کی کھال پہنی ہوئی ہے اور اس کے اوپر اون لگی ہوئی ہے اور اس کے اوپر یا نیچے اور کوئی لباس نہیں پہنا ہوا ہے۔ تو دلیل ہے اس کو کسی شریف آدمی کی طرف سے مال ملیگا۔ (۶) خواب میں کتے کو اونی لباس پہنتا ہوا دیکھنا دلیل ہے کہ کوئی کمینہ آدمی شریف آدمی کے مال سے مالدار ہوگا۔ (۷) شیر کو اون کا لباس پہنتا دیکھنا دلیل ہے کہ کوئی بد خلق قسم کا بادشاہ لوگوں کے اموال ان سے چھین لے گا۔ (۸) خواب میں اون دیکھنا تعبیر کے لحاظ سے بہتر ہے۔ لیکن کھردرا اور پہننے کے لائق نہ ہونا فقر و ذلت کی علامت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب الضاد

## ضوء (روشنی)

خواب میں روشنی دیکھنا علم یا پیغام رساں کو دیکھنے کی علامت ہے۔ اور کبھی اسکی دلالت روشنی میں انجام دیئے جانے والے کام پر قادر ہونے پر ہوتی ہے۔ اور کبھی روشنی یا سورج یا چاند اور اس جیسی چیزوں کی تعبیر ان اشیاء کے ہمنام انسان بھی ہوتے ہیں۔

## ضباب (دھند)

(۱) خواب میں دھند دیکھنا انجام دیا جانے والا کام دنیاوی ہو یا دینی کے مشتبہ ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) کسی نے خواب دیکھا کہ اس پر دھند پڑ رہی ہے تو دلیل ہے کہ وہ کوئی باطل کام کرنا چاہتا ہے۔ اس کو چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کا خوف رکھے اور جو غلط کام وہ کر رہا ہے اس کو چھوڑ دے۔ اور دھند پڑنا لوگوں پر معاملہ مشتبہ ہونے اور فتنے ان کو گھیرنے اور آپس میں قتل و قتال میں واقع ہونے کی بھی دلیل ہے۔

## ضمان (تاوان، ضمانت دینا)

خواب میں کسی کام کو کرنے کی ضمانت دینا اس چیز کو لازم پکڑنے پر دلالت کرتا ہے جو مضمون علیہ سے معبر ہے۔ (۱) چنانچہ کسی طرف سے صدقہ دینے یا کسی کی ضرورت پوری کرنے یا کسی مجبور کی مدد جیسے نیک کاموں کی ضمانت دینا خود نیکی کرنے اور نیکی پر کسی کی مدد کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) شراب، یا حرام مال کی ضمانت دینا تاوان، مال میں کمی اور فاقہ کی علامت ہے اس لئے کہ ضامن تاوان دینے والا ہوتا ہے۔ (۳) خواب میں کسی آدمی کی ضمانت دینا اس شخص سے ادب اور علم سیکھنے کی دلیل ہے اور کبھی اس کی دلالت ندامت پر بھی ہوتی ہے۔

## ضجیع (ساتھ سونے والا)

اسکی دلالت کسی اہم کام جس میں بہت سارے لوگ شریک ہوں یا موسم حج یا کسی فتنے کا مشاہدہ کرنے پر ہوتی ہے۔

## ضم (ملانا)

(۱) کسی نے دیکھا کہ خواب میں کھانے کی حلال چیز اس کو ملی تو یہ آسانی سے ملنے والے رزقِ حلال کی دلیل ہے اگر حلال چیز نہ ملے تو تعبیر بھی ایسی نہیں ہوگی۔ (۲) اگر غیر شادی شدہ شخص نے اپنے ساتھ لباس کو ملایا تو اس کی شادی ہوگی اور اگر کسی سواری کو ملایا تو یہ کسی منصب پر قدرت حاصل کرنے اور اس پر فرحت نصیب ہونے کی علامت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ضلال (راستے سے بھٹکنا)

سیدھے راستے سے بھٹک جانا حق اور ہدایت سے پھر جانے پر دلالت کرتا ہے۔ اور کسی ٹیڑھے راستے سے بھٹکنا غناء کو چھوڑ کر رشد و استقامت طلب کرنے کی دلیل ہے۔ کسی نے خواب دیکھا کہ وہ راستہ سے ہٹ گیا تو دلیل ہے وہ باطل میں منہمک ہوگا اور اگر دوبارہ سیدھے راستہ پر چلا آیا تو دلیل ہے کہ فلاح پائیگا۔

## ضرب (مارنا)

(۱) خواب میں کوڑے مارنا بدکلامی کرنے کی دلیل ہے۔ (۲) اگر اس مارنے سے زمین پر خون بہہ گیا تو یہ مالی خسارے کی علامت ہے۔ (۳) زور سے مارنا کسی مردہ معاملے کے دوبارہ زندہ ہونے کی دلیل ہے اور مشکل کے حل ہونے کی علامت ہے۔ (۴) تلوار سے مارنا دشمنوں پر فتح پانے اور ان کے دلائل کو باطل کرنے کی دلیل ہے۔ (۵) اگر اسکی تلوار ٹوٹ جائے تو اس کی دلیل قائم ہوگی اور اگر تلوار نہ ٹوٹے تو اسکے دشمن کی حجت غالب ہوگی۔ (۶) بغل یا پہلو میں مارنا اس کی طرف سے رشتے داروں کو تکلیف پہنچنے کی دلیل ہے اور کبھی اس کی تعبیر ایسے کام کرنے سے کی جاتی ہے جو پہلو پر مارے جانے کا سبب و موجب ہو حتی کہ خود اپنے آپ کو مارنے والے کے مانند ہو۔ اور کبھی یہ خواب نمونیہ کے مرض میں مبتلا ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اور مارا جانے والا مارنے والے کے ہاتھ سے کوئی خیر اور بھلائی پائے گا۔ (۷) لیکن اگر مارنے والا مضروب کو لکڑی سے مارے تو دلیل ہے کہ مارنے والا مارے جانے والے سے وعدہ کر کے اس کو پورا نہیں کرے گا اور اس سے جھوٹ بولے گا۔ (۸) اگر بادشاہ خواب میں لکڑی سے مارے تو اس کو اپنے اطراف سے ڈرنا چاہئے۔ (۹) کسی نے خواب دیکھا کہ بادشاہ اسکو مار رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اسکو کپڑا پہنائے گا۔ (۱۰) اگر بادشاہ اسکی پیٹھ پر مارے تو تعبیر ہے کہ بادشاہ اسکے قرض کو ادا کرے گا۔ (۱۱) اگر اسکی سرین پر مارے تو علامت ہے اسکی شادی کرائے گا۔ اور ضرب کی تعبیر وعظ بھی ہے۔ (۱۲) کسی نے دیکھا کہ وہ کسی آدمی کے سر پر ہتوڑے سے مار رہا ہے اور زخم ٹھیک ہوا مگر اثر باقی رہا تو تعبیر ہے کہ وہ شخص کے رئیس کے ختم ہونے کا خواہشمند ہے۔ (۱۳) اگر اس کی آنکھ میں مارے تو دلیل ہے کہ وہ اسکے دین کو خراب کرنا چاہتا ہے۔ (۱۴) خواب میں کسی کے ابرو کو اکھاڑنا اس کو بدعت میں مبتلا کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۵) خواب میں کسی کی کھوپڑی پر مارے تو دلیل ہے کہ وہ علم تعبیر کا ماہر ہوگا اور مارنے والا اپنی آرزو پورا کریگا۔ (۱۶) کان کے لو کو مار کر اس کو چیر ڈالا اور اس سے خون نکل آیا تو تعبیر ہے کہ مارنے والا مارے جانے والے کی بیٹی کی بکارت زائل کرے گا۔ اور کبھی ضرب کی تعبیر دعا بھی ہوتی ہے۔ (۱۷) چنانچہ کسی نے خواب دیکھا کہ وہ گدھے پر سوار ہے اور اس کو مار رہا ہے تو دلیل ہے وہ ایسا شخص ہے کہ اللہ سے دعا کئے بغیر کھانا تناول نہیں کرتا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱۸) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کسی شخص کو مار رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اس کے لئے بددعا کریگا۔ (۱۹) اپنے ماتحت کی عورت کو مارنا اس عورت کے ساتھ زنا کرنے کی دلیل ہے اور اگر مارا جانے والا ماتحت مرد ہے تو تعبیر ہے کہ اس مارے جانے والوں کو مارنے والے کی طرف سے کوئی فائدہ پہنچے گا۔ (۲۰) اپنے غیر ماتحت والوں کو مارنے کی تعبیر بہتر نہیں ہے بلکہ اس کے نقصان میں پڑنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۲۱) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ مارا جارہا ہے تو تعبیر کے لحاظ سے اس میں خیر کی دلیل ہے کہ مارنے والا فرشتہ یا کوئی مردہ یا اسکا کوئی ماتحت نہ ہو بلکہ ان کے علاوہ ہو۔ لاٹھی یا ہاتھ سے مارے جانے کی تعبیر اچھی ہے۔ (۲۲) باریک چمڑے اور بانس سے مارا جانا اچھی علامت نہیں۔ (۲۳) خواب میں دوسرے کو مارنا خود مر جانے سے از روئے تعبیر بہتر ہے اور بعض علماء کے قول کے مطابق کسی کو کوڑا مارنا یا کسی اور چیز سے مارنا دلیل ہے کہ ضارب مضروب کو ادب کی تعلیم دے گا۔ کبھی خواب میں مارنا سفر کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۲۴) چنانچہ کسی نے خوب دیکھا کہ وہ زمین پر مار رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ سفر کرے گا۔ (۲۵) اگر خواب دیکھا کہ اس کو سو کوڑے لگائے گئے تو اشارہ ہے کہ اس نے زنا کیا ہے۔ (۲۶) کسی صاحب زوجہ شخص نے خواب دیکھا کہ اس کو رجم کرنے کے لئے گڑھا کھودا گیا تو دلیل ہے اس نے زنا کیا ہوگا یا ارادہ زنا کیا ہوگا۔ (۲۷) خواب میں چالیس کوڑے کھانا شراب پینے کی علامت ہے۔ (۲۸) کبھی کوڑے کھانا کسی پاکدامن پر تہمت لگانے کی طرف اشارہ ہے۔ (۲۹) خواب دیکھا کہ کسی مردے نے غضبناک ہوکر اس کی پٹائی کی تو تعبیر ہے کہ صاحب خواب نے کسی گناہ کا ارتکاب کیا ہے یا اس کا ارادہ کیا ہے اس لئے کہ میت دارِ حق میں ہے وہ اس چیز سے راضی ہوگا جس سے اللہ تعالیٰ راضی ہو۔ (۳۰) کسی زندہ شخص کا خواب میں کسی مردے کو مارنا اور مردے کا اس پر راضی ہونا مارنے والے کی دینی قوت کی علامت ہے۔ (۳۱) بعض اہل تعبیر نے کہا ہے کہ خواب میں مردے سے مار کھانا سفر سے خیر پانے یا اسکے کسی معدوم شئی کو دوبارہ حاصل کرنے کی دلیل ہے۔ (۳۲) بعض کہتے ہیں کہ مردہ اگر کسی کو مارے تو اس کا قرض ادا ہو جائیگا۔ (۳۳) بعض دفعہ سردی کے زمانے میں مارنا اسکو کپڑا پہنانے کی علامت ہے ورنہ غلط بات کہنے کی دلیل ہے۔ (۳۴) ان جانوروں کو مارنا جن کو عموماً مارا جاتا ہے علامتِ تادیب اور ان کے غیر کو مارنا جہالت وظلم میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

## ضرب العنق (گردن پر مارنا)

(۱) غلام کے لئے اس کی گردن پر مارا جانا اسکی آزادی کی دلیل ہے اور کبھی یہ نماز چھوڑنے یا مرتد ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۲) کسی غلام نے خواب دیکھا کہ اسکی گردن ماری گئی اور سر گردن سے جدا ہو گیا تو تعبیر ہے کہ وہ آزادی کی نعمت کو حاصل کرے گا۔ (۳) اگر کوئی غم زدہ شخص یہ خواب دیکھے تو اسکے غم کے دور ہونے کی دلیل ہے۔ (۴) مقروض

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے لئے یہ خواب قرض کی ادئیگی کی بشارت ہے۔(۵) اگر ایسا نہیں ہے تو مال عظیم ملنے پر دلالت کرتا ہے۔(۶) اگر مارنے والے کو پہچان لیا تو دلیل ہے کہ اسکے ہاتھوں یا اس کے سبب سے اس کو خیر کثیر نصیب ہوگا۔(۷) اگر مریض ہے تو مرض سے شفا پائیگا۔اور گر حج نہیں کیا ہوا ہے تو اسے حج نصیب ہوگا۔(۸) اگر مارنے والا نابالغ بچہ ہو تو تعبیر ہے کہ وہ جس مرض کی وجہ سے کرب میں مبتلا ہے اس سے خلاصی پائے گا۔(۹) اگر ایسے شخص نے خواب میں اپنی گردن پر مارتا دیکھا جو مذکورہ آلام میں مبتلا نہیں ہے تو دلیل ہے کہ وہ جس نعمت سے سرفرز ہے اس سے جدا ہوگا اور اسکی قوت ختم ہو جائے گی۔اس کے تمام معاملات میں تبدیلی آئے گی۔(۱۰) کسی نے دیکھا کہ کسی ولایت کا والی یا سلطانِ وقت اس کی گردن پر مار رہا ہے تو والی کی تعبیر اللہ تعالیٰ ہے جو اس کو غموں سے نجات دے گا اور اسکے معاملات میں اس کی نصرت فرمائیں گے۔(۱۱) خواب دیکھا کہ بادشاہ اپنے رعایا کی گردنوں میں مار رہا ہے تو دلیل ہے وہ مجرموں کو معاف کریگا یا تعبیر ہے کہ بیداری میں انسان کی گردنوں کو مارے گا۔

(۱۲) خواب دیکھا کہ کسی حاکم کے حکم سے یا ڈاکہ زنی کی بنا پر یا جنگ میں اسکی گردن ماری جارہی ہے تو تعبیر ہے اگر اس کے والدین زندہ ہوں تو وہ مرجائیں گے یا اسکی اولاد مرجائے گی۔(۱۳) کوئی خوف زدہ شخص یا وہ شخص جس کے قتل کا حکم ہوا ہے مذکورہ خوب دیکھ لے تو یہ اسکی نجات کی دلیل ہے۔(۱۴) صراف یا دوسرے تجار کے لئے یہ خواب ان کے راس المال کے ہاتھ سے چلے جانے کی علامت ہے۔(۱۵) مسافروں کے لئے یہ خواب سفر سے واپس لوٹنے اور کسی کے ساتھ جھگڑنے والے کے لئے غلبہ کی دلیل ہے۔(۱۶) خواب دیکھا کہ بادشاہ اپنی رعیت کے متوسط طبقہ کے لوگوں کی گردنیں مار رہا ہے تو تعبیر ہے وہ اپنی رعیت کے ساتھ انصاف کا معاملہ کرے گا۔ (۱۷) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کو مار کر دو حصے کر کے ہر ایک حصہ مختلف جگہ میں رکھا گیا ہے تو تعبیر ہے وہ دو شادیاں کرے گا مگر معروف طریقے سے رکھ نہیں سکے گا اور بخوشی جدا کرنے پر بھی قادر نہیں ہوگا۔اور بعض اہل تعبیر اس خواب کی تعبیر صاحب خواب اور اسکے اموال میں جدائی سے کرتے ہیں۔

## ضراب الدنانیر و الدرھم (سکہ ڈھالنے والا اور ٹھپا لگانے والا)

اسکی دلالت ایسے آدمی پر ہوتی ہے جو خوبصورت کلام کرتا ہو مگر اسکے کلام میں مکر ہو۔اور بعض اہل تعبیر کے نزدیک اپنے عمل پر اجرت لینے والے ریا کرنے والے شخص پر اور اجرت نہ لینے والا خوش خلق مجلسی آدمی پر دلالت کرتا ہے۔بعض نے کہا اسکی تعبیر چغلی کرنے والا آدمی ہے بعض نے کہا کہ اس کی تعبیر شاعر ہے۔(۱) حکومت چلانے کی صلاحیت رکھنے والا شخص خواب میں دراہم و دنانیر کو سانچے میں ڈھالتے ہوئے اس پر ٹھپہ لگاتے ہوے خود کو دیکھے تو تعبیر ہے کہ اسکو حکومت ملے گی۔اور درہموں پر ٹھپہ لگانے والے کی رویت دلالت کرتی ہے بادشاہ کے نائب پر جو اسکے معاملے کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نگران ہے یا خطیب پر جو اسکے نام کو پھیلانے کی علامت ہے۔
(۲) کبھی اسکی دلالت ڈیزائنر' نقشہ ساز اور نقل نویسوں پر اور زبردستی اور شر وظلم سے مال چھڑانے والوں پر بھی ہوتی ہے۔(۳) کبھی اسکی رویت ان لوگوں کی رویت کی علامت ہے جن پر حد واجب ہوگی۔(۴) بعض کے بقول دنانیر پر ٹھپہ لگانے والا محافظ صلوۃ اور امانتوں کو ادا کرنے والا اور کھوٹے دراہم پر ٹھپہ لگانے والا باتیں بنانے والا فضول گو شخص ہے۔اور کبھی ضراب الدنانیر کی دلالت فقیہ سے معبر پر بھی ہوتی ہے۔

## ضارب المندل (خوشبودار لکڑی سے مارنا)

اسکی دلالت صاحب علم یا کلام کی تعبیر کرنے والے پر ہوتی ہے اور کبھی اسکی دلالت خواب کی تعبیر بتلانے والے یا ذخائر سے باخبر شخص پر ہوتی ہے۔

## ضحک (ہنسنا)

(۱) ہنسنا چت لیٹ کر یا قہقہ کی صورت میں نہ ہو تو اسکی تعبیر سرور وخوشی ہے اور اگر ہنسنا قہقہ لگا کر یا چت لیٹنے کی حالت میں ہو تو بیداری میں رونے کی علامت ہے۔(۲) اگر خواب میں ہنسنا مزاح کی بنا پر ہو تو یہ بے مروتی کی علامت ہے یہی تعبیر حکایت سنکر ہنسنے کی ہے۔(۳) کبھی ضحک حزن پر دال ہوتا ہے۔(۴) بقول بعض خواب میں ہنسنا بیٹے کی بشارت ہے۔(۵) خواب میں اپنے ہنسنے کو تبسم خیال کرنا نیکی اور سرور کی علامت ہے۔(۶) خواب دیکھا کہ زمین ہنس رہی ہے تو دلیل ہے کہ اس علاقے میں سرسبزی ہوگی۔(۷) مردے کو ہنسنے کی حالت میں دیکھنا آخرت میں نعمتوں میں مسرور ہونے کی دلیل ہے۔صاحب اقتدار لوگوں کے لئے خواب میں ہنسنا خفت ورعونت کی علامت ہے۔

## ضفر الشعر (بال گوندھے ہوئے ہونا)

(۱) خواب میں بالوں کی پٹیاں بنانا عورتوں کے لئے اور ان مردوں کے لئے جو بیداری میں ایسا عمل کرتے ہیں تعبیر کے لحاظ سے بہتر ہے۔(۲) ان کے علاوہ دوسرے تمام لوگوں کے لئے معاملات کے الجھنے اور زیادہ قرض لینے کی دلیل ہے۔کبھی اسکی دلالت جال یا کیچڑ میں پھنسنے پر بھی ہوتی ہے۔

## ضیاع (ضائع ہونا)

خواب میں لوگوں کے درمیان سے کسی اہل علم کا ضائع ہونا اسکے علم سے دوسروں کو فائدہ پہنچنے اور اسکے علم کے پھیلنے اور اسکی شہرت کی دلیل ہے۔(۲) کبھی کسی چیز کا ضائع ہونا حصہ میں کمی واقع ہونے سے بھی معتبر ہوتا ہے(۳) کسی نے دیکھا کہ اسکے کچھ کپڑے یا اس کا گھر ضائع ہوا تو بعض ماتحت میں کمی ہوگی، مکمل ختم نہیں ہوں گے۔(۴) خواب دیکھا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کہ اسکے سارے کپڑے چھین لئے گئے تو دلیل ہے کہ جو تکلیف اس کو پہنچنے والی ہے وہ ختم ہو جائے گی۔

## ضیعة (زمین، جائیداد)

(۱) جائیداد و زمین کی دلالت رزق اور خیر پر ہوتی ہے اس لئے کہ شہر کا بڑھنا زمین سے ہے اور کبھی زمین سے اگنے والی اشیاء مثلاً کھجور، انگور، گندم وغیرہ پر اسکی دلالت ہوتی ہے۔ (۲) چنانچہ خواب میں اس زمین میں کوئی حادثہ غرق و حرق کی صورت میں آنا مذکورہ اشیاء میں حادثہ واقع ہونے کی دلیل ہے۔ کبھی اسکی دلالت انسان کی معیشت، رزق یا مدد گار بیوی یا عیال کے لئے مشکلات پر صبر کرنے والی زوجہ پر ہوتی ہے (یعنی اس میں حادثہ واقع ہونا ان میں حادثہ واقع ہونے کی علامت ہے) اور کبھی زمین کی دلالت غفلت میں عمر ضائع کرنے اور لذت کے کم ہونے اور علم حاصل کرنے سے روگردانی کرنے پر ہوتی ہے۔

## ضر (ضرر و نقصان)

خواب میں ضرر پہنچنا بیداری میں خوف میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے خواب میں ضرر کا شکوہ شکایت کرنا بیداری میں امید کے بر آنے اور مقصود کو پانے کی دلیل ہے۔

## ضغث (خشک و تر لکڑی یا گھاس کا گٹھا)

اس کی دلالت کفارۂ قسم پر ہوتی ہے اور کبھی اسکی دلالت، مال جمع کرنے پر بھی ہوتی ہے۔

## ضرة (سوکن)

خواب میں سوکنوں کو دیکھنا امراض، ضرر اور اندھے پن کی دلیل ہے کبھی سوکن دیکھنا بدعملی، رازوں کے فاش ہونے اور غم و فکر میں مبتلا ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

## ضرس (دانتوں سے کاٹنا)

اسکی دلالت ان لوگوں کی طرف سے خیانت ہونے پر ہوتی ہے جن پر دانت دلالت کرتے ہیں مثلاً اہل، اولاد، شرکاء، ازواج وغیرہ، کبھی اہل کے اندر ایسے غم داخل ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے جسکی وجہ سے اسکی حالت میں بھی تغیر آجائے۔

## ضرس الانسان (انسان کی ڈاڑھ)

(۱) ڈاڑھ کی دلالت صاحب خواب کی قوم کے بڑے بڑے لوگوں یا عام معزز لوگوں پر ہوتی ہے۔ (۲) ڈاڑھ یا دانت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کا گر جانا مالی نقصان کی علامت ہے۔ڈاڑھ کی دلالت انسان کے دور کے رشتہ دار یا وہ لوگ جوان کے لئے باعث زینت ہیں یا چھوٹے بچوں پر ہوتی ہے۔ چنانچہ اوپر کے ڈاڑھ مردوں پر اور نیچے کے ڈاڑھ عورتوں پر دال ہیں۔ (۳) چنانچہ ڈاڑھ میں زیادتی یا قوت وطاقت یا سفیدی اور چمک پیدا ہونا ان لوگوں میں سرور وفرحت ہونے کی دلیل ہے جن پر یہ دلالت کرتے ہیں۔ (۴) خواب میں ڈاڑھ کا اکھڑ جانا ان لوگوں میں سے کسی ایک کے مرنے کی دلیل ہے جو اس سے معبر ہیں' اور بقول بعض اسکی تعبیر یہ ہے کہ اگر وہ مقروض ہو تو اللہ تعالیٰ اس قرض کی ادائیگی کا سبب بنا دے گا یا دلیل ہے کہ اسکے پاس جو امانت ہے اسکو صحیح سالم واپس کریگا یا تعبیر ہے کہ اس شخص سے قطع رحمی کرے گا جس پر ڈاڑھ دلالت کرتا ہے۔خواب میں ڈاڑھ یا دانت میں درد ہونا اس شخص کی طرف سے کلام قبیح سننے کی دلیل ہے جو دانت سے معبّر ہیں یا اس کے ساتھ وہ بقدر درد شدت کا معاملہ کرے گا۔

## ضلع (پسلی)

پہلو کی تعبیر عورت ہے۔(۱) چنانچہ پہلو میں کچھ ہونا عورتوں میں کچھ ہونے کی دلیل ہے اس لئے کہ عورت کی پیدائش پسلی سے ہے۔پسلیاں ان چیزوں کی ایسی محافظ ہیں جن پر پیٹ حاوی ہے۔جیسا کہ خیمہ اور اسکے ستون و پردے اور گھر اور چھت جو اس کے نیچے ہیں اس کے محافظ ہیں۔اور کبھی پسلیوں کی دلالت ان رشتے داروں پر بھی ہوتی ہے جو مرتبے اور عمر کے لحاظ سے مختلف مگر الفت ومحبت ومساعدت کے لحاظ سے برابر ہوں۔اور کبھی پسلیوں کی دلالت خفیہ کاموں پر بھی ہوتی ہے اور اسکی دلالت ان مشکلات اور نعمتوں پر بھی ہوتی ہے جو پسلی کے ذریعے برداشت کئے جاتے ہیں۔ (۲) خواب میں پسلیوں کا کھال کے نیچے سے ظاہر ہونا اس پر عقوبت آنے کے اندیشے کی طرف مشیر ہے۔ (۳) پسلیوں کا خواب میں طویل یا پر گوشت ہونا بیداری میں موٹی ہونے اور رزق ملنے اور بیماری سے شفایاب ہونے کی دلیل ہے۔(۴) اسی طرح خواب میں خود کو بے پسلی دیکھنا بیداری میں ان لوگوں کے گم ہونے کی دلیل ہے جن پر پسلیاں دلالت کرتی ہیں مثلاً رشتے دار' مال' اولاد وغیرہ۔اور کبھی اس خواب کی تعبیر ایسا کام کرنا ہے جسکے صحیح ہونے کا اعتقاد رکھتا ہو حالانکہ وہ غلط ہو۔کبھی اسکی دلالت تکبر یا بیماری کی وجہ سے ایک طرف ہونے پر بھی ہوتی ہے۔(۵) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ اپنی پسلیوں کو کھا رہا ہے تو تعبیر ہے وہ اپنے اہل وعیال اور رشتہ داروں پر بوجھ بن جائے گا یا دلیل ہے وہ اپنے گھر یا اس چیز کی لکڑیوں اور میٹریل کو بیچ ڈالے گا جو اسکے لئے گرمی وسردی سے بچاؤ کے ذرائع ہیں۔

## ضعف (کمزوری)

(۱) خواب میں کمزوری بیداری میں قوت کی علامت ہے' چنانچہ کسی نے خواب میں خود کو کمزور پایا تو تعبیر ہے کہ بیداری میں مضبوط ہوگا۔(۲) بقول بعض معبرین خواب میں خود کو کمزور دیکھنا دینی کمزوری اور اللہ تعالیٰ کے فرض کردہ احکامات

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں سستی کرنے کی دلیل ہے۔اور بعض اہل علم کا کہنا ہے خواب میں بدنی کمزوری بیداری میں نکاح پر صبر نہ کر سکنے کی علامت ہے بقول اللہ تعالی ( خلق الانسان ضعیفا ) ''انسان کو کمزور پیدا کیا گیا ہے''۔بعض دفعہ خواب میں ضعیف ہونا بیداری میں غم وحزن میں مبتلا ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔

## ضیق النفس (تنگ دلی)

خواب میں تنگ دل ہونا بیداری میں بور ہونے اور اکتاہٹ میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

## ضراط (گوز مارنا)

(۱) اسکی تعبیر فضول گوئی یا گوز مارنے والے پر نزولِ عذاب کی دلیل ہے۔(۲) اور گوز مارنا جماعتوں کے متفرق ہونے' بری خبر آنے پر بھی دلالت کرتا ہے اور اسکی دلالت حماقت پر بھی ہوتی ہے اور کبھی اسکی دلالت جھوٹ' فحش گوئی یا پچھتے وقت کی آواز پر بھی ہوتی ہے۔(۳) خواب میں آواز کے ساتھ ہوا خارج کرنا بیداری میں بری بری باتیں کرنے پر دلالت کرتا ہے۔(۴) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ لوگوں کے مجمع میں ہے اور بلا ارادہ اس سے ہوا خارج ہوئی تو تعبیر ہے کہ غم وتنگی سے کشادگی کی طرف آئے گا مگر اس میں کچھ مشقت ہوگی۔(۴) اگر بارادہ جان بوجھ کر زوردار آواز سے ہوا خارج کی اور اس سے بدبو بھی پھیل گئی تو تعبیر ہے وہ کوئی قبیح کلام بکے گا۔یا دلیل ہے وہ ایسا ناشائستہ کام کرے گا جس سے اسکو بقدر بدبو بدنامی ہوگی اور بقدر آواز اسکی برائی ہوگی۔(۵) اگر اس میں بدبو بغیر آواز کی ہو تو یہ دلیل ہے بغیر تشنیع کے بری شہرت کی۔(۶) کسی غم میں مبتلا قوم کے درمیان خواب میں ہوا خارج کرنا اس غم سے نجات پانے کی طرف اشارہ ہے۔(۷) اگر صاحب خواب تاجر ہو تو تجارت میں منافع کمائیگا اور گر تنگی میں ہو تو آسانی ہوگی۔(۸) بمشکل ہوا خارج کرنا ایسا کام کرنے کی طرف اشارہ ہے جو اس کے بس سے باہر ہو۔(۹) سہولت کے ساتھ ہوا خارج کرنا کسی کام کو آسانی سے سرانجام دینے کی دلیل ہے۔(۱۰) کسی نے دیکھا کہ وہ ہوا خارج کرنا چاہتا ہے اور ہوا اسکے ارادے کے مطابق خارج بھی ہوگئی تو تعبیر ہے وہ اپنے سفر میں عزت ورفعت پائے گا مگر اس کے کام متفرق ہوں گے اور اسکے غم دور ہوں گے اور صحیح سالم سفر سے واپس آئے گا۔خواب میں براستہ منہ ہوا خارج کرنا کلام میں لغزش کرنے یا اسکے منہ میں کوئی آفت آنے کی دلیل ہے جسکی وجہ سے وہ بدنما لگے۔

## ضیف (مہمان)

(۱) خواب میں مہمان آنا بیداری میں بشارتِ ولد کی جس کے ہاں کوئی حاملہ ہو۔(۲) اگر اسکے ہاں کوئی حاملہ نہ ہو تو آمد مہمان' جلدی پہنچنے والے رزق کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ضیافت (میز بانی کرنا)

اسکی تعبیر خیر پر مجتمع ہونے سے کی جاتی ہے۔(۱) چنانچہ کسی نے دیکھا کہ اس نے کسی قوم کو دعوت کے لئے بلایا ہے اور قوم نے کھانا مکمل تناول کیا تو تعبیر ہے وہ ان پر جری ہوگا اور بقول بعض خواب میں کسی کی دعوت کرنا کسی غائب کی آمد کی دلیل ہے۔

## ضب (گوہ)

اسکی دلالت ایک عربی دیہاتی شخص پر ہوتی ہے جو مال کے سلسلے میں لوگوں کے ساتھ فراڈ کا معاملہ کرتا ہو اور اس کو دیکھنے والا مریض ہوگا۔ بقول بعض اسکی دلالت ایک خبیث ملعون شخص پر ہوتی ہے اس لئے کہ گوہ مسخ شدہ جانور ہے۔ اور کبھی اسکی رویت کمائی کے مشتبہ ہونے یا نسبت کے مجہول ہونے کی بھی علامت ہے۔

## ضبع (لگڑ بگڑ)

(۱) اسکی تعبیر سازشی قسم کا ظالم دشمن یا ساحرہ بوڑھی عورت ہے۔ چنانچہ کسی نے دیکھا کہ وہ لگڑ بگڑ کا گوشت کھا رہا ہے تو تعبیر ہے وہ مسحور ہوگا اور اس کا سبب معلوم نہیں ہوگا البتہ سحر ہی کے ذریعے اس کا حل ہونے کی امید ہوگی۔(۲) خواب میں اس پر سواری کرنا مذکورہ صفت کی عورت کے ساتھ نکاح کرنے کی دلیل ہے۔ لگڑ بگڑ کی دلالت عورتِ ساحرہ یا کسی غیر معروف شخص کی بیوی پر ہوتی ہے جو صاحب حسب نہ ہو۔(۳) کبھی اس پر سواری کرنا حکومت پانے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی ضبع دیکھنا رازوں کے فاش ہونے اور فضول کاموں میں مشغول ہونے پر دلالت کرتا ہے یہی تعبیر مادہ لگڑ بگڑ دیکھنے کی ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت خنثیٰ مشکل پر بھی ہوتی ہے۔(۴) کسی لگڑ بگڑ کو خواب میں تیر مارنا بدصورت دھوکہ باز عورت کے ساتھ مراسلت کرنے کی دلیل ہے اور اس کو بندوق یا پتھر سے مارنا اس قسم کی عورت پر تہمت لگانے کی علامت ہے۔ (۵) اسکو تلوار سے مارنا اس قسم کی زبان دراز عورت کرنے کی علامت ہے۔ (۶) خواب میں لگڑ بگڑ کا دودھ نوش کرنا مذکورہ صفات والی عورت کے اس کے ساتھ خیانت اور غداری کا معاملہ کرنے کی دلیل ہے۔(۷) خوب میں اسکی کھال یا اس کی ہڈیوں یا بالوں میں سے کچھ ملنا صفات مذکورہ سے متصف عورت کی طرف سے مال پانے کی دلیل ہے اور مذکورہ لگڑ بگڑ دیکھنا غم گین قسم کے آدمی دیکھنے کی دلیل ہے۔

## ضأن (بھیڑ' دنبہ)

(۱) گھر میں کھال اتری ہوئی بھیڑ' دنبہ دیکھنا اس گھر میں کسی انسان کے مرنے کی دلیل ہے۔(۲) خواب میں بھیڑ چرانا عربوں پر حکمرانی کرنے کی دلیل ہے۔(۳) بہت سی بھیڑیں مالِ غنیمت کثیرہ ملنے کی علامت ہے اور اس کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گوشت کھانا خیر کثیر نصیب ہونے کی بشارت ہے۔

## ضفدع (مینڈک)

(۱) اس کی تعبیر مجاہدہ کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے والا شخص ہے۔ (۲) خواب دیکھا کہ اسکے پاس بہت سارے مینڈک ہیں تو تعبیر ہے کہ اس کے رشتہ داروں کے ساتھ اس کی معاشرت اچھی ہوگی۔ خواب دیکھا کہ وہ مینڈک کا گوشت کھا رہا ہے تو دلیل ہے وہ اپنے رشتہ داروں یا پڑوسیوں سے قلیل مال پائے گا۔ اور کبھی ان کی دلالت دھوکہ دینے والی اور سحر کرنے والی اقوام پر بھی ہوتی ہے جنکی معیشت پانی سے متعلق ہے ان لوگوں کے لئے خواب میں مینڈک دیکھنا تعبیر کے اعتبار سے بہتر ہے۔ (۳) اسی طرح خواب میں مینڈک کھانا ملک حاصل کرنے کی بشارت ہے۔ (۴) خواب میں شہر سے مینڈکوں کو نکلتے ہوئے دیکھنا نماز و دعا کے سبب سے شہر پر آنے والا عذاب کے ٹلنے کی دلیل ہے۔ (۵) مینڈکوں کا شکار کرنا ہم منصبوں اور ہمعصروں پر غالب آنے کی علامت ہے۔ کبھی ان کی دلالت بادشاہوں کے دربانوں اور کبھی صوفیوں پر بھی ہوتی ہے۔ اور کبھی ان کی تعبیر ایک مقام سے دوسرے مقام کی طرف نقل مکانی کرنے پر ہوتی ہے اور کبھی اس کی دلالت شور وغوغا کرنے والے لوگوں پر بھی ہوتی ہے۔ (۶) خواب میں مینڈکوں کا ملنا کسی نیک، شریف اور فاضل شخص کی صحبت اختیار کرنے پر دال ہے۔ کسی زمین یا شہر پر مینڈکوں کی جماعت کو اترتا دیکھنا اس مقام پر اللہ تعالیٰ کے عذاب آنے کی خبر ہے۔ اور بعض اہل تعبیر کے نزدیک مینڈک کی تعبیر ایک شریفہ پاکدامن و پاکیزہ، دیندار اور بے ضرر عورت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب الطاء

## طواف

(۱) اگر غلام خواب میں خود کو بیت اللہ کا طواف کرتا دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ آزاد ہوگا' اور گناہ گار کا یہ خواب دیکھنا گناہ کے عذاب سے بچنے کی دلیل ہے اور غیر شادی شدہ کے لئے یہ خواب شادی کی علامت ہے اور آگے ترقی کرنے کی صلاحیت رکھنے والے کے لئے ترقی کرنے اور بلند مرتبہ پانے کی دلیل ہے کبھی طواف کرنا اپنی نذر کو پورا کرنے پر دلالت کرتا ہے لقولہ تعالیٰ ﴿ وَلْيُوفُوا نُذُورَهُمْ وَلْيَطَّوَّفُوا بِالْبَيْتِ الْعَتِيقِ ﴾ (الآیہ) ''اور چاہئے کہ وہ اپنی نذروں کو پورا کریں اور کعبے کا طواف کریں'' (۲) کسی نے خواب دیکھا گویا اس نے حج کیا اور طواف کیا تو یہ اسکے دین کی درستگی اور دین پر استقامت اور اس پر اللہ کیطرف سے اجر ملنے' خوف سے مامون ہونے اور قرض کی ادائیگی کی علامت ہے اور مسلمانوں کی امانتوں کی ادائیگی کی بھی دلیل ہے۔ اسی طرح طواف کبھی قسم کا کفارہ ادا کرنے یا نذر کو پورہ کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے کبھی طواف بیت اللہ کرنا کسی شریف حکمران کے معاملے میں شامل ہونے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔

## طعان بالرماح (نیزہ بازی)

(۱) خواب میں نیزہ بازی کرنا اترنے والی مصیبت کا مقابلہ مالی اور افرادی قوت سے کرنے کی دلیل ہے۔ اور کبھی خواب میں نیزہ مارنا بیداری میں طعن فی الدین اور اہل خیر کا استہزا کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) کسی نے دیکھا گویا وہ کسی انسان کو اپنے نیزے یا تلوار یا لاٹھی سے مار رہا ہے۔ تو تعبیر ہے کہ مارنے والا مارے جانے والے کو باتوں سے مطعون کریگا۔ اور نیزہ مارنے والا سرکش ہے اور سرکش ذلیل ہوگا۔ (۳) اور اگر مذکورہ اشیاء میں سے کسی طرف مارنے کے لئے اشارہ کیا لیکن مارا نہیں تو تعبیر ہے وہ بات کرنے کا ارادہ کرتے ہوئے بھی بات نہیں کر سکے گا۔
(۴) خواب میں لوگوں کو آپس میں اسلحہ لڑاتے ہوئے دیکھنا اس علاقے میں وباء و مرض پھیلنے کی دلیل ہے۔
(۵) خواب میں آپس میں قتل وقتال کرتے ہوئے دیکھنا اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں میں گرانی کی علامت ہے اور بادشاہ سے لڑنے کی تعبیر قیمتوں میں ارزانی سے کی جاتی ہے۔

## طلاق

(۱) غیر شادی کا خواب میں طلاق کا لفظ استعمال کرنا جس عمل میں ہے اس کو چھوڑنے کی علامت ہے۔ (۲) اور متزوج کا خواب میں طلاق دینا معیشت کے ختم ہونے یا مرجانے پر دلالت کرتا ہے خصوصاً اگر مریض ہو تو مرنے پر ہی دلالت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرتا ہے۔ (۳) خواب میں اپنی بیوی کو طلاق دینا کبھی مستغنی ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ لقول تعالیٰ ﴿وَاِنْ یَتَفَرَّقَا یُغْنِ اللّٰهُ کُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ﴾ ''اور اگر دونوں جدا ہو جاویں تو اللہ ہر ایک کو بے پرواہ کر دے گا اپنی کشائش سے (۳) خواب میں بیوی کو طلاقِ رجعی دینا اپنے پیشے کو چند ایام کے لئے دوبارا کرنے کی نیت سے چھوڑنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۴) اور طلاق بائنہ دینا اپنے پیشے کو ترک کرنے اور دوبارہ نہ کرنے کی نیت سے چھوڑنے پر دلالت کرتا ہے (۵) اور طلاقِ سنت دینا حتی کہ تین حیض مکمل ہوئے تو مستغنی ہونے کے بعد اپنے کام کو چھوڑنے کی دلیل ہے (۶) بعض نے کہا طلاق دینا بادشاہ کو چھوڑنے کی دلیل ہے۔ بعض نے کہا اس کی تعبیر اپنی سلطنت سے جدائی ہے اور کبھی طلاق دینا فقر میں مبتلا ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے اس لئے کہ عورت مرد کی قوت اور اس کی دنیا ہے۔ (۶) کسی کی بیوی مریضہ ہو اور وہ خواب میں اس کو طلاقِ بائن دے تو اس عورت کے مرنے کی دلیل ہے۔ یہی تعبیر اس کو بیچنے اور ازاد کرنے کی ہے اور مریضہ کو طلاقِ رجعی دینا اس کے صحت یاب ہونے کی طرف اشارہ ہے۔

## طغیان (سرکشی)

خواب میں نافرمانی کرنا بیداری میں نفسی خواہشات کے پیروی کرنے اور جہنم کے قریب ہونے کی دلیل ہے۔ سرکشی کی تعبیر شرمندگی اور فقر ہے۔ اور کبھی اس کی تعبیر غم اور ایسی بیماری جسمیں مال ضائع ہوسے کی جاتی ہے۔ کبھی سرکشی فوائد کے حصول کے بعد فقیر ہونے کی دلیل ہوتی ہے۔

## طرد (تھتکارنا)

اس کی تعبیر روکنا ہے۔ (۱) چنانچہ خواب میں اپنے شہر سے تھتکار دیا جانا قید ہونے کی دلیل ہے۔ (۲) خواب میں جنت سے تھتکارا جانا بیداری میں فقیر محتاج ہونے کی علامت ہے۔ (۳) کسی نے دیکھا کہ وہ عالم کو تھتکارا ہے یا اس پر رعب ڈالا یا چیخا تو اس کو دھوکا باز دشمن بادشاہ کی طرف سے سخت امر پیش آنے کے بعد راستہ نکل آئے گا۔ (۴) دیندار اور صلاحیت والے لوگوں کو تھتکارنا اہلِ طاعت اور مقبول اور شریف لوگوں سے اعراض کرنے کی دلیل ہے بعض دفعہ یہ تھتکارنا تھتکارنے والے کے انفرادی نقص کی دلیل ہوتا ہے۔

## طلب (تلاش کرنا)

(۱) خواب میں تلاش کیا جانا اچانک موت کی دلیل ہے۔ (۲) خواب میں اپنے خصم کو پانا مرنے کی علامت ہے۔ اور کبھی طلب کرنا اس چیز پر دلالت کرتا ہے جس کے ذریعے انسان شرف حاصل کرتا ہے مثلاً علم وعمل۔ (۳) خواب دیکھا گویا کوئی آدمی اس کو ڈھونڈ رہا ہے تو یہ غم پہنچنے کی علامت ہے۔ (۴) اگر مطلوب بھگوڑا نہ ہو تو خواب میں تلاش کرنا مطلوب کے ملنے پر دلالت کرتا ہے اور خوف سے مامون ہونے کی بھی علامت ہے۔ (۵) کسی بدصورت شخص کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دیکھا گویا وہ اس کو تلاش کررہا ہے تو یہ ناپسندیدہ معاملہ پیش ہونے اور خوف پہنچنے کی دلیل ہے۔(۶) تلاش کرتے کرتے اس کو پانا خوف میں مبتلا ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۷) خواب میں کسی چیز کے تلاش میں ہونا مال پانے کی دلیل ہے چنانچہ کہا جاتا ہے(مَنْ طَلَبَ شَيْئًا نَالَهُ اَوْ بَعْضَهُ) انسان کسی چیز کے پیچھے پڑ جائے اس کو پا ہی لیتا ہے۔

## طول (لمبا ہونا)

(۱) خواب میں لمبا ہونا علم اور مال میں زیادتی کی علامت ہے' اگر حکمران یہ خواب دیکھے تو دلیل ہے اس کی حکومت مضبوط ہو جائیگی اور اس کی سیرت اچھی ہوگی۔(۲) اگر تاجر دیکھے اپنی تجارت میں منافع کمائے گا۔(۳) کسی نے دیکھا گویا اس کا قد عام معمول سے بڑھ گیا ہے تو تعبیر ہے وہ اپنے مرتبے سے گریگا اور اس کا اجل قریب آ گیا ہے۔(۴) بادشاہ کا خواب میں اپنے قد کو لمبا دیکھنا اس کی حکومت کے طویل المدت ہونے اور اپنے دشمنوں کے مقابلے میں منصور ہونے پر دلالت کرتا ہے اور کسی ملک کا طالب ہے تو اس کو حاصل کریگا۔ اور کبھی طولِ قامت طولِ حیات پر دلالت کرتا ہے۔ لیکن حد سے بڑھ کر طویل ہونا دلیلِ موت ہے۔(۵) اسی طرح حد سے زیادہ قصیر ہونا بھی مرنے کی علامت ہے اس لئے کہ اس کا قد زمین کے قریب ہو گیا۔(۶) اور قصیر البدن کی قامت کا خواب میں طویل القامت ہونا فتنے پر دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی یہ خواب بخل پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۷) طویل قامت کا خواب میں قصیر القامت ہونا تعبیر کے اعتبار سے کوئی اچھا نہیں ہے اس لئے کہ یہ اپنے مرتبے سے گرنے اور وقت موت کے قریب آنے پر دلالت کرتا ہے۔

## طبخ بالنار (آگ میں پکانا)

(۱) خواب میں آگ پر کوئی چیز پکانے کی تعبیر مراد کو پالینا ہے بشرطیکہ پکائی ہوئی چیز پک گئی ہو۔(۲) اور جس نے دیکھا کہ اس نے آگ پر کوئی چیز پکائی اور وہ چیز پک گئی تو بے شک وہ اپنے مراد کو پالیگا اور زبان زد خاص و عام ہوگا۔(۳) اگر وہ چیز نہیں پکی تو وہ اپنے مراد کو نہیں پائیگا۔ پکانے کی تعبیر نفع بخش کام کا حرکت میں آ جانا ہے۔ اور اگر پکائی گئی چیز پک گئی تو یہ دلیل ہے کہ اس کو رزق حاصل ہوگا۔(۴) اور جس نے کچی شراب پکائی تو یہ دلیل ہے کہ اس کو کوئی معاملہ پیش آئیگا سوائے اس کے کہ اگر وہ پک جائے اور چلو بھر کے پی لے اور کھالے۔(۵) تمام کھانے والی چیزیں رزق کی دلیل ہے سوائے ہریسہ اور حلوہ نما کھانے کے۔(۶) اگر پکی ہوئی چیز بکری کا گوشت ہو تو یہ علامت ہے اچھی زندگی کی شرافت و عزت کے ساتھ جو حلال طریقے سے نصیب ہوگی۔(۷) اور اگر گائے کا گوشت ہو تو یہ اچھی زندگی و منفعت والے عاملین کی طرف سے حاصل ہونے کی علامت ہے۔(۸) اگر وہ کسی درندے کا گوشت کھایا تو دلیل ہے کہ وہ ظالم قوم پر خوف اور ناپسندیدگی کے ساتھ حکومت کریگا۔(۹) اور اگر وہ کتے کا گوشت تھا تو دلیل ہے کہ اس کو گھٹیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حکومت حاصل ہوگی۔ (١٠) اگر اس کے ساتھ چکنائی بھی ہو تو یہ مالِ حرام ملنے کی دلیل ہے۔ (١١) اگر چربی نہیں تھی تو فقر اور محرومی کے ساتھ گھٹیا کمائی حاصل ہوگی۔ (١٢) اور اگر وہ کسی پرندے کا گوشت تھا تو یہ دلیل ہے کہ اس کو حکومت حاصل ہوگی یا اغنیاء اور عزت والے لوگوں کے ساتھ تجارت کریگا یا کسب حلال کریگا۔ (١٣) اگر وہ چیر پھاڑ کر کھانے والا پرندے کا گوشت تھا تو یہ دلیل ہے کہ وہ تجارت کریگا یا اس کو حکومت حاصل ہوگی۔

## طعام (کھانا)

(١) زرد رنگ کا ہر کھانا بیماری پر دلالت کرتا ہے سوائے پرندوں کے گوشت کے۔ (٢) سفید رنگ کے کھانے کی تعبیر کھٹے کے مقابلے میں بہتر ہے۔ اور اگر وہ گوشت موٹا ہو تو کوئی حرج نہیں اور جس نے کھانے کو پیا جیسے کہ پانی کو پیا جاتا ہے تو یہ زیادتی عیش کی دلیل ہے۔ (٣) خوشی کے مواقع کے کھانے خوشی کی بشارت ہیں۔ (٤) اور ماتم کے مواقع کے کھانے غم و تکالیف کی علامت ہیں۔ (٥) اور وہ کھانا جو کسی زمانے کے ساتھ مقید نہ ہو تو یہ روزی کی اور مستقل کھانوں کی علامت ہے۔ (٦) اور وہ کھانے جو کسی زمانے کے ساتھ مقید ہو جیسے کہ گوشت بینگن اور کدو کے ساتھ تو یہ ایک خاص وقت میں روزی کی علامت ہے۔ (٧) اور بادشاہوں کا کھانا عزت اور بلندی کا باعث ہے۔ یہ ہدایت اور اتباع سنت کی دلیل ہے۔ (٨) اور علماء کا کھانا علم' ہدایت' اور برکت ہے۔ (٩) اور فقراء اور زہد و تقوی والوں کا کھانا' کھانے والے کے لئے ہدایت ہے۔ (١٠) اور گاؤں والوں کا کھانا سفر کی دلیل ہے ایک حال سے دوسرے حال کی طرف منتقل ہونا ہے۔ (١١) اور گوشت کے ساتھ پکی ہوئی چیز فقیر کے لئے امیری کی دلیل ہے۔ (١٢) اور بغیر گوشت کے پکی ہوئی چیز فاقہ اور عبادت کی علامت ہے۔ (١٣) اگر کھانا کسی اور بہتر کھانے سے تبدیل ہوگیا تو یہ پیٹ کے درستگی پر دلالت کریگا۔ (١٤) اور اگر کھانا کڑوے یا کھٹے کھانے سے تبدیل ہوگیا تو یہ تغیر ازواج یا تغیر اعمال پر دلالت کریگا۔ (١٥) اور اگر خود اچھا کھانا پکایا تو یہ اس کے بقدر اعلی منصب پائیگا اور فقر کے بعد مستغنی ہو جائیگا۔ (١٦) اور اگر اس کے لئے کسی اور نے پکایا تو بعض مرتبہ اس کی تعبیر ہوتی ہے اس کو دھوکا دیا جائیگا اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے اس کے مقصد کے حصول پر اس کی مدد کی جائیگی۔ (١٧) اور جس نے دیکھا کہ گرم کھانا نگل گیا تو اس کی معیشت میں کمی آئیگی۔ (١٨) جس نے دیکھا کہ اس کے منہ میں بہت زیادہ کھانا ہے جبکہ منہ میں وسعت بھی ہو تو اسکا معاملہ گڈمڈ ہو جائیگا۔ اور کبھی کبھار اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ خواب دیکھنے والے کی عمر اس کھانے کے بقدر کم ہوگی اور جو اس کے منہ میں ہے منہ میں گنجائش کے بقدر اس کی عمر باقی ہے۔ (١٩) جس نے دیکھا کہ اس نے کھانے کے ساتھ علاج کیا یہاں تک کہ اس نے بیماری سے چھٹکارا پالیا تو اس کی تعبیر ہے کہ تندرست ہو جائیگا اور اگر اس نے بیماری سے چھٹکارا نہیں پایا تو تعبیر ہے کہ وہ مر جائیگا۔ (٢٠) اور وہ کھانا جو انتہاء درجے کا کھٹا ہے یہاں تک کہ وہ اس کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کھانے پر قادر نہیں تو یہ تکلیف دہ بیماری پر دلالت کرتا ہے اور ایسی بیماری پر جس کے ساتھ وہ نہیں کھا سکتا۔ اور کسی انسان سے کھٹے کھانے کا لینا اس شخص سے کلام کے سننے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۱) جس نے دیکھا کہ کھٹے کھانے تو وہ لے رہا ہے اور اس کو کھا کوئی دوسرا آدمی رہا ہے تو یہ اگر اس کو کھالیا تو اس کو غم اور بیماری پہنچے گی۔ (۲۲) جس نے دیکھا کہ اس نے اس کھانے پر صبر کیا اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا تو دلیل ہے کشادگی پائے گا۔

## طیران (اڑنا)

(۱) خواب میں اڑنا بیداری میں سفر کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) اور الٹا لیٹ کر اڑنا راحت کی علامت ہے۔ (۳) مقیم کے لئے اڑنا کوئی بہتر نہیں ہے۔ (۴) ایک چھت سے دوسری چھت کی طرف پرواز کرنا ایک بڑے آدمی کی طرف سے دوسرے بڑے رفیع القدر آدمی کی طرف منتقل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ اور چھتوں میں سے جو چھت اونچی ہو وہ اس شخص کے ارفع واعلیٰ ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ اور بعض اہل تعبیر کے نزدیک چھت کی تعبیر عورت ہے چنانچہ ایک چھت سے دوسری چھت کی طرف اڑنا ایک عورت سے دوسری عورت کی طرف جانے کی دلیل ہے اگر کسی عورت نے کسی جاننے والے آدمی کے گھر کی طرف گئی تو دلیل ہے وہ اس شخص سے نکاح کرے گی۔ (۶) خواب میں ایک معروف گھر سے کسی بعید غیر معروف گھر کی طرف پرواز کرنا مرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۷) قیدی کے لئے خواب میں اڑنا قید سے خلاصی اور غلام کے لئے آزادی کی دلیل ہے۔ (۸) غلام کا دیوار کے روشن دان سے اڑنا اس کے بھگوڑا ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۹) پروں کے ساتھ اڑنا زیادہ سفر کرنے کی علامت ہے۔ (۱۰) بے پر اڑنا ایک حال سے دوسری حالت کی طرف منتقل ہونے یا ایک مکان سے دوسرے مکان میں شفٹ ہونے پر دلیل ہے۔ (۱۱) اور مسافر کے لئے اڑنا اپنے وطن کی طرف آنے کی دلیل ہے۔ اور بقول بعض یہ خواب بھی کثرتِ اسفار کی علامت ہے۔ (۱۲) خواب میں پرندوں کے ساتھ اڑنا مسافروں کے ساتھ مصاحبت کی دلیل ہے۔ (۱۳) لالچی آدمی کے لئے اڑنے کی کوئی اچھی تعبیر نہیں ہے۔ (۱۴) خواب میں کسی انسان کے ساتھ اڑنے میں مقابلہ کرنا اس سے آگے نکلنا اس پر غالب آنے کی دلیل ہے۔ اور آگے نکلنے والا رفیع انسان ہوگا۔ (۱۵) پہاڑوں کے اوپر پرواز کرنا حکومت ملنے اور اس حکومت کے ذریعے دوسرے بادشاہوں پر بغیر مشقت کے غالب آنے اور ان بادشاہوں کے ان کے مطیع ہونے کی بشارت ہے۔ (۱۶) سلطنت کے اہل کے لئے پرواز کرنا سلطنت ملنے کی دلیل ہے۔ (۱۷) اور اڑتے وقت کسی چیز پر گرنا اس چیز کے مالک ہونے کی علامت ہے۔ (۱۸) اور اگر حکومت کرنے کا اہل نہ ہو تو دین میں خطا واقع ہونے اور بیمار ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۹) اڑ کر اپنے منزل مقصود تک پہنچنا سفر میں خیر پانے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۰) اڑ کر آسمان کی فضا میں چھپ جانا اور واپس نہ آنا بھی موت کی علامت ہے۔ (۲۱) ہوا میں اڑنا شدید بیماری میں مبتلا ہوکر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



صحت یاب ہونے کی دلیل ہے۔ (۲۲) نیچے سے اوپر کی طرف پرواز کرنا اپنی تمنا کو حاصل کرنے اور بقدر اڑان عزت و رفعت حاصل کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۳) خواب دیکھا گویا وہ کبوتری کی طرح ہوا میں اڑ رہا ہے اور زمین والوں پر مکمل تصرف نفع نقصان پہنچانے کی صورت میں کرنے پر بھی قادر ہے تو دلیل ہے وہ حکومت پائے گا' عزت و رفعت کی دولت سے مالا مال ہوگا۔ (۲۴) گر دیکھا وہ گھروں اور گلی کوچوں کے اوپر اڑ رہا ہے تو اضطراب پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۵) اگر دیکھا کہ وہ آسمان کی طرف اڑ رہا ہے اگر صاحب خواب غلام ہے تو بڑے لوگوں کی طرف منتقل ہو جائے گا۔ (۲۶) اگر دیکھا کہ اس کے ساتھ کوئی اور پرندہ بھی اڑ رہا ہے تو یہ دلالت کرتا ہے کہ وہ اجنبی لوگوں میں جائے گا۔ یہ خواب شریر لوگوں کے حق میں گھٹیا ہے۔ (۲۷) نیز پانی کے وہ جانور کہ جنکا شکار کیا جاتا ہے ان کے لئے آفت کی اطلاع ہے۔ (۲۸) اگر دیکھا کہ وہ زمین سے تھوڑا سا بلند ہو کر اڑ رہا ہے تو یہ علامت ہے اس بات کی کہ وہ سفر کرے گا اور سفر سے بخیر و عافیت واپس لوٹ آئے گا۔ (۲۹) اگر کسی آدمی نے دیکھا کہ وہ فضا میں اپنے ارادہ سے اڑ رہا ہے اور پھر اپنے ارادے سے ہی اڑنا چھوڑ دیتا ہے تو یہ علامت ہے کہ اسے خیر کثیر حاصل ہوگا اور اس کے کام آسان ہو جائیں گے۔ (۳۰) اگر غلام نے دیکھا کہ وہ اپنے مولی کے گھر میں اڑ رہا ہے تو یہ علامت ہے کہ وہ اس گھر کے تمام مکینوں سے افضل ہے۔ (۳۱) اگر کسی غلام نے دیکھا کہ وہ اسی دوران گر گیا ہے تو یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اسے اس فضیلت کے بعد گھر سے نکال دیا جائے گا۔ (۳۲) اگر اس غلام نے دیکھا کہ وہ اڑتے ہوئے اپنے مولی کے گھر میں سے نکلا ہے تو دلیل ہے اسے فروخت کر دیا جائے گا۔ (۳۳) اگر دیکھا کہ وہ اڑتے ہوئے روشندان سے نکلا ہے تو علامت ہے کہ وہ بھاگ جائے گا۔ (۳۴) جس شخص نے دیکھا کہ وہ اڑ رہا ہے اور گدی کے بل لیٹا ہوا ہے اگر وہ بحری سفر کر رہا ہے یا اس کا ارادہ ہے تو یہ خیر کی دلیل ہے اور باقی تمام لوگوں کے حق میں بیکاری و بے روزگاری کی علامت ہے اور مریضوں کے حق میں موت پر دلالت کرتا ہے۔ (۳۵) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ اڑنا چاہ رہا ہے مگر اڑنے کی قدرت نہیں پا یہ کہ وہ اڑ رہا ہے مگر اس کا سر زمین کی طرف ہے اور پاؤں اوپر کی طرف ہیں تو یہ دلالت کرتا ہے کہ اسے بہت زیادہ شر کا سامنا ہوگا۔ (۳۶) اگر مریض نے دیکھا کہ وہ اڑ رہا ہے تو وہ اس کی موت کی دلیل ہے۔ (۳۷) اگر یہ خواب کسی شاہسوار نے دیکھا ہے تو عمدہ شہسواری کی دلیل ہے نیز وہ مستقل پڑاؤ کسی ایک جگہ نہ ڈالے گا۔ قیدیوں کے حق میں آزادی و رہائی کی علامت ہے۔ (۳۷) اور جس شخص نے دیکھا کہ وہ اسٹریچر (یا ڈولی) اڑ رہا وہ اس پر سویا ہوا ہے یا کسی اور چیز پر سویا ہوا ہے تو یہ علامت ہے کہ اس کو شدید مرض کا سامنا کرنا پڑیگا یا موت واقع ہوگی یا مصیبت آن پڑے گی یا اس کی ٹانگوں میں کچھ خرابی واقع ہو جائیگی۔ (۳۸) جس شخص نے دیکھا کہ آسمان و زمین کے درمیان میں اڑ رہا ہے تو یہ علامت ہے اس شخص کے کثیر تمنائیں ہوں گی۔ (۳۹) اور جس شخص نے دیکھا کہ وہ کسی ایک جگہ سے دوسری جگہ اڑ کر گیا ہے اور اس کی اڑان آسمان میں عرضاً تھی تو علامت ہے کہ وہ سوار ہو کر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



چلے گا یا پیدل چل کر کسی خاص جگہ پہنچے گا۔ یا سفر کرے گا یا زمین سے بلندی کی بقدر رفعت حاصل کرے گا۔ (۴۰) کثرت کے ساتھ اڑتے ہوئے دیکھنا کثرت کے ساتھ تمنائیں اور امیدیں رکھنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۴۱) اور بعض مرتبہ اڑنا علامت ہوتا ہے طالبعلم کے لئے طلب علم کی۔ (۴۲) اہل شر کے لئے شر و فسق کی' اور خوشیوں و مسرتوں کی بھی دلیل ہے۔ (۴۳) اگر اپنے آپکو پروں کے ساتھ اڑتے ہوئے دیکھے تو باعزت سفر کرنے کی دلیل ہے۔ (۴۴) اگر دیکھے کہ پروں کے بغیر اڑ رہا ہے تو علامت ہے ایسا سفر کرے گا جس میں مشقت زیادہ اور راحت کم ہوگی۔ (۴۵) اگر دیکھے کہ کسی اعلیٰ جگہ سے اڑ کر کسی فضول سی جگہ پر گیا ہے تو دلیل ہے کہ خود پر زیادتی کرتا ہے۔ (۴۶) اگر قبیح جگہ سے اڑ کر کسی اچھی جگہ پہنچا ہے مثلاً کھیت' مسجد وغیرہ تو تعبیر مذکورہ بالا کے برعکس ہوگی۔

## طیر (پرندہ)

(۱) اگر کوئی نامعلوم پرندے کو خواب میں دیکھے تو اس کی تعبیر ملک الموت ہے۔ (۲) اگر دیکھا کہ پرندہ نے گٹھلی یا کاغذ یا کپڑا یا اور کوئی اس طرح کی دوسری چیز اٹھائی اور لے کر آسمان کی طرف اڑ گیا اگر یہ چیز کسی ایسے مکان سے اٹھائی ہے کہ جس میں کوئی بیمار تھا تو یہ اس بیمار کی موت کی دلیل ہے۔ (۳) اگر کسی نے دیکھا کہ پرندہ اس پر آ گرا ہے تو سفر پر دلالت کرتا ہے۔ (۴) اگر پرندہ کو اپنے سر' کاندھے' گود یا گردن پر دیکھے تو یہ کوئی خاص کام کرنے کی دلیل ہے۔ (۴) اگر پرندہ سفید تھا تو دلیل ہے وہ کام صاف ہے اور اگر وہ پرندہ مٹیالہ رنگ کا ہے تو یہ اس عمل کے مختلف ہونے اور صاف نہ ہونے کی دلیل ہے۔ (۵) اگر یہی خواب ایسا شخص دیکھے جس کے ہاں حاملہ عورت ہو اور اگر وہ پرندہ نر تھا تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا۔ اور اگر وہ پرندہ مادہ ہے تو لڑکی پیدا ہوگی۔ (۶) اگر اس پرندے کے پروں کو کاٹا تو دلیل ہے وہ بیٹا زندہ رہیگا اور باقی رہیگا اور اگر وہ پرندہ اڑ کر چلا گیا تو تعبیر ہے نومولود قلیل مدت زندہ رہ سکے گا۔ (۷) بڑے پرندوں کی تعبیر بادشاہ' وزراء' علماء' اہل کسب و غِنا ہوتی ہے۔ اور پانی کے پرندوں کی تعبیر ایسے اشراف ہوتے ہیں جو دو اطراف کی سلطنت کے مالک ہوتے ہیں۔ اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر بحری اور بری مسافر بھی ہوتے ہیں۔ (۸) اگر دیکھے کہ پرندہ نے کوئی آواز نکالی تو یہ علامت ہے کہ وہاں نوحہ' گریہ وزاری آہ و بکا ہوگا۔ (۹) چھوٹے پرندوں' چڑیوں' چنڈول' بلبلوں کی تعبیر چھوٹے بچے ہیں۔ (۱۰) بہت سے پرندوں کو کھانا' کھانے والے کے حق میں یا کسی نے انہیں پکڑ لیا تو یہ دلالت کرتے ہیں اموال و دنانیر و سلطنت پر خاص طور پر جبکہ اس شخص نے دیکھا کہ اس کے سر پر پرندے اڑ رہے ہیں تو دلیل ہے کہ ریاست و سلطنت حاصل ہوگی اگر اس کے محلے میں اڑ رہے ہیں تو اس کی تعبیر فرشتے ہیں۔ (۱۲) اور جس نے دیکھا کہ آسمان سے کوئی پرندہ اڑ کر آیا اور اس کے سامنے آ بیٹھا یا گر گیا تو یہ علامت ہے کہ اسے کوئی بشارت حاصل ہوگی جس سے وہ بہت زیادہ خوش ہوگا۔ اور وہ پرندہ اس کا عمل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱۳) بعض مرتبہ نامعلوم پرندہ موعظہ کی نشانی ہوتا ہے۔ (۱۴) خواب میں خوبصورت پرندہ دیکھنا حسن عمل کی دلیل ہے یا علامت ہے کہ کوئی قاصد خیر کی خبر لے کر آئے گا۔ (۱۵) اور جس شخص نے اپنے ہمراہ کوئی خلقتاً بدہئیت پرندہ دیکھا تو بعض مرتبہ اس سے مراد اس کا برا عمل ہوتا ہے یا دلیل ہے اس کے پاس کوئی قاصد شر کی خبر لیکر آئے گا۔ (۱۶) نامعلوم پرندہ رزق کی نشانی ہوتا ہے۔ (۱۷) اور بعض حضرات نے فرمایا کہ سیاہ پرندہ گناہوں پر دلالت کرتے ہیں۔ (۱۸) اور سفید پرندے نیکیوں پر دلالت کرتے ہیں اور رنگ دار پرندے ملے جلے اعمال پر دلالت کرتے ہیں۔

## طاوس (مور)

(۱) خواب میں مور دیکھنے کی تعبیر کوئی خوبصورت عجمی عورت اور منحوس مال ہے۔ (۲) مور کا جمال اس عورت کا رنگ اور اس کے مال پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) اس کا ذبح کرنا عورت کی موت اور اس کو کھانا میراث حاصل ہونے کی علامت ہے، مور کی تعبیر عجمی بادشاہ بھی ہے۔ (۴) جس شخص نے دیکھا کہ وہ مور سے دوستی کر رہا ہے تو علامت ہے کہ وہ عجمی بادشاہوں سے دوستی کرے گا۔ روشن و مسکراتے چہروں پر بھی دلالت کرتا ہے۔ بعض حضرات نے مور دیکھنے کی تعبیر غیر مسلم عجمی عورت بتلائی ہے۔ (۵) جس شخص نے دیکھا کہ اسے مور ملا ہے یا وہ مور کا مالک بن گیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ کسی عجمی بادشاہ سے سلطنت حاصل کرے گا۔ (۶) مور اور کبوتر کو اکھٹا کرنے والا مرد و عورتوں کا قائد ہوتا ہے۔ (۷) جو شخص مورنی کا مالک ہوا تو دلیل ہے کہ اسے مال و اولاد ملے گی، مور عجب خود پسندی اور جمال پر بھی دلالت کرتا ہے اور بعض مرتبہ چغلی، غرور، جھوٹ، دشمنوں کی طرف میلان نعمتوں کے زوال، نعمتوں سے نکل کر بدبختی کی زندگی پر، کشادگی سے تنگی پر، زیورات نئے کپڑوں، تاج، خوبصورت عورتوں سیاہ و سفید اولاد پر دلالت کرتا ہے۔ (۸) جس شخص نے دیکھا کہ وہ مور کا گوشت کھا رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی بیوی کی موت واقع ہوگی اور وہ اس کی میراث پائے گا اور بعض حضرات نے فرمایا کہ وہ کسی عجمی عورت سے مال حاصل کرے گا۔ (۹) جس شخص نے دیکھا کہ اسے کسی مور کا پر ملا ہے تو دلیل ہے کہ وہ کسی عورت سے یا کسی عورت کے سبب سے مال پائے گا۔ (۱۰) اور جس شخص کو مور کا بچہ ملا تو دلیل ہے کہ وہ اس عورت کی اولاد سے مال پائے گا۔ اور بعض حضرات نے خوابِ مذکور کی تعبیر یہ بیان فرمائی ہے کہ اس کے ہاں اولاد ہوگی۔

## طیطوی (پرندہ آبی)

(۱) اس کی تعبیر عورت ہے جس شخص نے خواب میں دیکھا اس نے اس آبی پرندے کو پکڑ لیا ہے تاکہ اس کو ذبح کرے اور پھر چھری اس پر ۳ مرتبہ رکھی مگر وہ چھوٹ گیا اور پھر چوتھی مرتبہ میں ذبح کرنے میں کامیاب ہوا تو یہ علامت ہے کہ وہ کسی باکرہ کے ساتھ طبع آزمائی کریگا۔ اور چوتھی مرتبہ میں اس باکرہ پر قدرت پا سکے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## طیوری (پرندے بیچنے والا)

خواب میں اس کو دیکھنے کی تعبیر غلام اور باندیوں کی خرید وفروخت کرنے والا ہے۔اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر خوشی کے مواقع میں جمع ہونے سے کی جاتی ہے۔

## طرائفی (بیوٹی پارلر)

اس کی دلالت اچھی باتیں کرنے والے اور علم و گہری نظر رکھنے والے شخص پر ہوتی ہے اور کبھی اس کی دلالت خوبصورت لباس فروخت کرنے والے پر ہوتی ہے۔

## طباخ المهمات (اہم کھانوں کا باورچی)

(۱) اسکی رویت خوشیوں اور مسرتوں کی علامت ہے۔(۲) بازار کے باورچی کی دلالت فائدہ کے درپے شخص پر ہوتی ہے۔خواب میں اس کو دیکھنے کی تعبیر علم وحکمت اور رزق ہے۔(۳) تارکول پکانے والے کی تعبیر لباس اور سمندری سفر ہے۔(۴) سفری باورچی ایک جگہ سے دوسری جگہ یا ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف منتقل ہونے کی علامت ہے۔(۵) طباخ اور دیگر آگ سے تعلق رکھنے والے پیشوں کے آدمیوں کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر اصحاب کلام و خصومت وشر سے کی جاتی ہے۔طباخ کو خواب میں دیکھنا ہر آن آدمی کے حق میں باعث خیر ہے جو شادی کا ارادہ رکھتا ہے مگر بیمار آدمی کے حق میں طباخ دیکھنا کوئی اچھی تعبیر نہیں۔(۶) گھروں میں طباخ دیکھنا شادی کے خواہاں شخص کے لئے خیر کی علامت ہے۔

## طرار (جیب کترا)

اس کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر مکار عالم ہے۔اگر طرار کو کسی آدمی نے خواب میں دیکھے تو علامت ہے کہ وہ کسی عالم سے علم کی بات دھوکے سے سنے گا۔طباع السیوف کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر ایسا آدمی ہے جو علم وادب کے فنون سیکھتا ہے۔

## طبیب

(۱) طبیب کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر عالم ہے' جیسا کہ مفتی اور فقیہہ طبیب ہوتے ہیں۔(۲) اگر دیکھے کہ کوئی طبیب اس کا علاج کر رہا ہے تو علامت ہے کہ وہ شفا پائے گا۔(۳) اگر دیکھے کہ کوئی عالم وعظ کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ شک و نفاق کو اس کے سینے سے نکالے گا اور اس کے دین کو ٹھیک کرے گا۔(۴) طبیب کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر فقیہہ بھی ہوتی ہے۔(۵) ہر وہ آدمی کہ جسے کسی مخاصمت کا سامنا تھا تو اگر اس نے خواب میں اطباء کو دیکھا تو یہ دلالت کرتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



صاحب خواب کے مدمقابلوں، دلیلوں پر جیسا کہ کسی مریض نے خواب میں کسی مخاصم کو دیکھا تو دلیل ہے بیداری میں کسی ڈاکٹر کی خدمات حاصل کریگا، طبیب کی تعبیر انسان کی ماں بھی ہوتی ہے۔(۶) پس جس شخص نے دیکھا کہ اس کا معالج مر گیا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی ماں کی وفات ہوگی۔(۷) اگر کسی نے دیکھا کہ طبیب بیمار کے پاس آیا ہے تو علامت ہے کہ وہ بیمار شفا پا جائے گا۔(۸) اگر دیکھے کہ طبیب کسی صحت مند آدمی کے پاس آیا ہے تو وہ (صحت مند آدمی) بیمار ہو جائے گا۔(۹) اگر دیکھے کہ طبیب نے کوئی نافع چیز بتلائی ہے تو یہ علامت ہے وہ لوگوں کو نصیحت کرے گا اور اس کے علم کی علامت ہے نیز لوگوں کو اس سے نفع ہوگا اور بعض مرتبہ خواب میں طبیب دیکھنے کی تعبیر پوشیدہ چیزوں کو نکالنے والے مثلاً سپیرا و مداری وغیرہ پر دلالت کرتا ہے۔اور بعض مرتبہ طبیب کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر جاڑو دینے والے، چغلخور، طعنہ زن، لوگوں کی خبروں کو ٹوہ لگانے والا، جنگ کے لئے تیار، یا محارب شخص ہوتا ہے۔پس کبھی وہ غالب آتا ہے اور کبھی مغلوب ہوتا ہے۔(۱۱) اور جس شخص نے دیکھا کہ وہ طبیب بن گیا ہے تو یہ دلیل ہے کہ اسے اعلیٰ منصب حاصل ہوگا اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ وہ سپاہی بنے گا اور طبی کی دلالت مصلح، اور دین و دنیا کے امور کو درست کرنے والے شخص پر ہوتی ہے جیسا کہ فقیہ، حاکم اور وہ واعظ کہ جس کا وعظ مرہم اور تریاق کا کام دیتا ہے جیسا کہ مؤدِب، سید، حیوانات کی کھال کو دباغت دینے والا، پچھنے لگانے والا، چونکہ پچھنے لگانے سے بھی شفا حاصل ہوتی ہے۔(۱۲) جس شخص نے دیکھا کہ قاضی طبیب بن گیا ہے تو علامت ہے کہ اس کی رفاقت میں اضافہ ہوگا اور اس کا نفع بڑھے گا۔ (۱۳) جس شخص نے دیکھا کہ طبیب قاضی یا فقیہہ ہو گیا ہے پس اگر وہ سوجھ بوجھ رکھنے والا مسلمان آدمی ہے تو اس کی شہرت ہوگی، مرتبہ بلند ہوگا، اور پیشے میں اس کا مقام اونچا ہوگا۔اور اگر معاملہ اس کے برعکس ہے تو علامت ہے کہ آزمائشوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔اور شاید کہ کوئی آدمی اس کی طبابت کے نتیجے میں ہلاک بھی ہو جائے چونکہ خواب میں، وہ ایسے پیشہ سے منسلک نظر آیا ہے جو اس کا پیشہ نہیں۔(۱۴) اور جس شخص نے دیکھا کہ طبیب کفن بھیج رہا ہے تو اس سے بچنا چاہئے چونکہ وہ اپنے پیشے میں خائن ہے۔خاص طور پر جبکہ وہ کفن نیا ہو تو اس میں دلیل ہے کہ وہ گڑ بڑ کرتا ہے۔عام لوگوں کو دھوکا دیتا ہے۔(۱۵) جس شخص نے دیکھا کہ طبیب دباغ بنا بیٹھا ہے تو یہ علامت ہے اس کی مہارت اور اس کے ذریعے شفاء حاصل کرنے والوں کی کثرت کی۔اگر وہ دباغت اچھے طور پر نہیں دے رہا تو دلیل ہے کہ وہ جاہل ہے اور لوگوں کو دھوکا دے رہا ہے۔

## طحان (پیسنے والا)

(۱) اس کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر اپنے نفس اور اپنی دنیا کو درست کرنے والے آدمی سے کی جاتی ہے۔اور اس کو آٹا پیسنے کے بقدر دنیا حاصل ہوگی۔(۲) اگر کسی بوڑھے طحان کو دیکھا تو یہ اس کی کوشش اور دوست ہے اور اس کو دنیا اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی محبت اور بوڑھے کی قوت کے بقدر حاصل ہوگی۔ (۳) اگر دیکھے کہ طحان جوان ہے تو یہ علامت ہے کہ اس کو دشمن کی معاونت سے رزق حاصل ہوگا۔ (۴) اگر رائی طحان نے خود اپنے آپکو خواب میں اٹا پیستے دیکھا تو دلیل ہے کہ وہ اپنا خرچہ اپنی چکی سے حاصل کریگا۔ (۵) اگر طحان نے خواب میں دیکھا کہ وہ بقدر کفایت آٹا پیس رہا ہے تو یہ نشانی ہے کہ اس کو معاش بھی بقدر کفایت حاصل ہوگا۔ (۶) اگر آٹا ۲، ۳، ۴ یا کم وبیش آدمیوں کی کفایت کے بقدر پیسا ہے تو رزق بھی اسی قدر حاصل ہوگا اور اسی قدر گھر والوں پر خرچ کرے گا۔ (۷) اگر طحان جوان ہے تو دلیل ہے کہ اس کا رزق اس کے دشمن کی مدد سے حاصل ہوگا۔ (۸) اور اگر بوڑھا ہے تو اس کا رزق اس کی کوشش یا دوست کی معاونت سے حاصل ہوگا۔ اور طحان لوگوں کو معیشت پر ابھارتا ہے۔ طحان کو خواب میں دیکھنا دلالت کرتا ہے تکلیف، غم، سود، کام کے ذمے دار آدمی پر۔ (۹) زعفران پیسنے والے شخص کو دیکھنا رازوں کے طشت از بام ہونے اور امراض پر دلالت کرتا ہے اور بعض مرتبہ پوشیدہ کاموں، علم حاصل کرنے، تکرارِ علم وغیرہ پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۰) اگر عورت نے دیکھا کہ وہ زعفران پیس رہی ہے تو دلیل ہے اپنی طرح کسی عورت سے مساحقت کریگی۔ (۱۱) اناج اور دانوں کو پیسنے والے شخص کو خواب میں دیکھنا پریشانی کے خاتمہ اور طہارت پر دلالت کرتا ہے۔

## طلاع (خبر دینے والا)

اسے خواب میں دیکھنا سفر کی دلیل ہے اور بعض مرتبہ اس کی دلالت لوگوں کے سروں کے بالوں کو منڈ کران کو مزین کرنے والے پر ہوتی ہے اور کبھی لوگوں سے عشر وصول کرنے اور اموال حاصل کرنے والے پر دلالت کرتا ہے اور کبھی اس کی دلالت پیغام پہنچانے والے پر اور کبھی لوگوں کے سامان کو ایک شہر سے دوسرے شہر کی طرف منتقل کرنے والے پر ہوتی ہے۔

## طواف (گلیوں میں گشت کرنے والا)

اس کو خواب میں دیکھنا اس ناصح پر دلالت کرتا ہے جس نے اپنی خیر کو خرچ کرڈالا اور شر کو سنبھال کر رکھا۔

## طسوتی (طشت بنانے والا)

عورتوں کی نیلامی کرنے والے پر دلالت کرتا ہے، نیز یہی تعبیر اس صورت میں ہے کہ اگر توشہ دان بنانے والے یا کوزہ بنانے والے کو خواب میں دیکھا۔

## طست (ہاتھ دھونے والا برتن)

(۱) خواب میں طست دیکھنا لڑکی یا خادم کی علامت ہے۔ (۲) جس شخص نے دیکھا کہ وہ تانبے کا طست استعمال کررہا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے تو تعبیر ہے وہ ترک علاقہ کی لونڈی خریدے گا۔ (۳) اگر وہ طست شیشے کا ہے تو قسطنطنیہ کی لونڈی خرید لے گا۔ (۴) اگر سونے کا ہے تو عورت کے خوبصورت ومحبت کرنے والی ہونے کی علامت ہے نیز یہ عورت اس سے ایسی چیز کا مطالبہ کرے گی جس مطالبہ کو پورا کرنے کی طاقت اس مرد میں نہ ہوگی اس کے باوجود کرھا خرچ کریگا۔ (۵) اگر طست صاف شفاف پتھر کا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ آزاد عورت سے شادی کرے گا اور لذت حاصل کرے گا۔ اور بعض مرتبہ طست کی تعبیر عیوب سے پاک عورت ہوتی ہے یعنی وہ اس سے شادی کرے گا۔ (۶) اور جس شخص نے دیکھا کہ وہ طست خرید رہا ہے تو دلیل ہے ایک لونڈی یا غلام خریدے گا۔ طست دیکھنا عزت ورفعت و مال اور رزق میں اضافے کی بھی دلیل ہے۔

## طیان (گارا بنانے والا)

اس کی تعبیر یہ ہے کہ لوگوں کی باعث رسوائی باتوں کو چھپائے گا۔ اگر دیکھے کہ وہ خود مٹی کا کام کر رہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ نیک اعمال کرے گا۔ طیّان کو خواب میں دیکھنا سخت جان کاموں اور غیروں کی خاطر پریشانیاں جھیلنے پر دلالت کرتا ہے اور کبھی کبھار اس کی تعبیر غمگین اور تنگ دستی بھی ہوتی ہے۔

## طین (مٹی)

(۱) خواب میں مٹی دیکھنا مرض کی علامت ہے۔ اگر اس آدمی کا پیشہ مٹی سے متعلق ہے تو یہ خواب اس کے حق میں باعث خیر ہے۔ (۲) اگر وہ مٹی کے ذریعے عمارت تعبیر کرتا ہے تو مٹی سے مراد دین اور یقین ہے۔ (۳) اور خشک مٹی مال کے ختم ہونے پر دلالت کرتی ہے۔ (۴) جس شخص نے نبی کریم ﷺ کی قبر مبارک کی مٹی دیکھی تو دلیل ہے وہ شخص حج کرے گا۔ (۵) جس شخص نے دیکھا کہ اس کا گھر مٹی کا ہے اور مٹی خشک ہے تو اس شخص کے نیکوکار ہونے کی علامت ہے۔ (۶) جس شخص نے دیکھا کہ وہ مٹی کھا رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اسی اندازے سے مال خرچ کرے گا جس قدر مٹی کھائی ہے۔ (۷) مٹی کی عمارت دیکھنا رزق اور نافع ہے۔ اور یہ بھی کہا گیا کہ مٹی دیکھنے کی تعبیر یہ ہے کہ موت کی غشی طاری ہوگی۔ (۸) جس نے دیکھا کہ وہ مٹی میں داخل ہوا ہے یا اس کو قید کیا گیا ہے تو اس شخص کو مرض وذلت لاحق ہوگا۔ کثیف خشک مٹی دراہم پر دلالت کرتی ہے۔ (۹) تر مٹی صلاحیت کی دلیل ہے۔ بھنی ہوئی مٹی کھانا غیبت وبہتان کی علامت ہے۔ مٹی بیمار کے حق میں موت کی نشانی ہے۔

## طوب اللبن (اینٹ کا سانچہ)

کچی اینٹ دیکھنا مال حلال کی علامت ہے۔ اگر اس سے مراد لڑکا ہو تو دلیل ہے کہ وہ ادھورا پیدا ہوگا۔ یا قصیر العمر ہوگا۔ پکی اینٹ بنانے والے کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر غم اور تنگ دستی ہے، دوستوں کے لئے مال اکٹھا کرنے کی دلیل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے۔ نیز اس کی تعبیر وہ آدمی بھی ہے جس کی اولاد زندہ نہیں رہتی۔

## طبال (ڈھول بجانے والا)

طبال سے مراد صاحب خبر آدمی ہے۔ بعض مرتبہ اس کی تعبیر قولنج وغیرہ امراض ہوتے ہیں۔ طبال کی تعبیر آدمی کی دبر ہے جس شخص نے طبال دیکھا تو علامت ہے کہ وہ دبر دیکھے گا اور بعض نے کہا کہ اسکی تعبیر جھوٹی خبروں والا ہے اور بعض نے کہا اس لئے کہ چونکہ وہ لوگوں کو باطل باتوں کے لئے جمع کرتا ہے۔

## طبل (ڈھول)

خواب میں اگر ڈھول دیکھے تو اس کی تعبیر جھوٹی خبر ہے۔ ڈھول بجانے والا' کمزور' قائد اور شراب بیچنے والے پر دلالت کرتا ہے' ڈھول کے ساتھ رقص و بانسری وغیرہ دیکھنا اس شخص کے حق میں مصیبت کی دلیل ہے۔

## طبول (دو رخا ڈھول)

(۱) اس کی تعبیر لوگوں کے امور اور باطل کام ہیں' نیز زنا' شطرنج' نرد کے مہرے' جادو وغیرہ بھی ہیں۔ (۲) اور جنوں کی تسخیر جو اپنے گھر میں اسے دیکھے اور اس طرح کے دوسرے باطل کاموں پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) خود کو ڈھول بنتا ہوا دیکھنا باطل خواب پر دال ہے۔ (۴) ہجڑے کا ڈھول زیادہ غیبت والی عورت پر دلالت کرتا ہے۔ (۵) عورتوں کے ڈھول ناجائز تجارت' طعن و تشنیع' کم نفقہ کثیر دشمن کی علامت ہے۔ (۶) ڈھول کی آواز جھوٹ کی بھی علامت ہے۔

## طنبور (ستار)

غلط کام کرنے والے رئیس قسم کے آدمی پر دلالت کرتا ہے۔ اس کی تعبیر جگر انتڑیوں کو پیٹ میں ملنے والے غم و حزن بھی ہے اور کبھی اس کو بجانا وعظ و نصیحت پر دلالت کرتا ہے اور اس کی دلالت صرّاف پر بھی ہوتی ہے اور ستار بجانے کی دلالت مصیبت و غم پر بھی ہوتی ہے۔

## طبق (پلیٹ)

(۱) خواب میں اس کو دیکھنا بیداری میں استاذ کی طرف سے کھانے کی میٹھی چیز پیش کرنے کی علامت ہے۔ (۲) اس کی دلالت کبھی لونڈی پر اور کبھی تکلیف پر ہوتی ہے۔ (۳) اور عورت کے لئے پلیٹ دیکھنا کسی مرد کے سینے سے استمتاع کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۴) اور مرد کے لئے عظیم بیوی ملنے کی بھی بشارت ہے کبھی اس کی دلالت بقدر اس کی قیمت کے مال ملنے پر ہوتی ہے۔ (۵) کسی مریض کے گھر سے ڈھکنہ رکھا ہوا پلیٹ آنا نفس اس مریض کے آنے کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## طنجیر (کڑاہی/دیگچی)

سمندر میں سفر کرنے والے کے لئے اسے دیکھنا اس کے غرق ہونے کی علامت ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت گھر کے سربراہ اور کبھی ملک کے سربراہ اور کبھی عام منتظم پر ہوتی ہے۔

## طاسہ (نیزہ پیٹ تک پہنچنے والا)

اس کی دلالت اولاد' بیوی' نفع بخش باندی پر ہوتی ہے اور اس کی اچھائی بقدر قیمت نیزہ ہوگی۔

## طرطور (بڑی نوک دار ٹوپی)

اس کو دیکھنا سفر پر جانے کی علامت ہے۔ اور حاملہ عورت پر بھی دلالت کرتا ہے' اور بوجھ اٹھانے والے مرد کی بھی علامت ہے۔

## طرارہ (جنگی جہاز)

(۱) اس کی دلالت بلند مرتبہ اور رفعت عزت پر ہوتی ہے اور کبھی مقصود سے ہٹائے جانے پر بھی دلالت کرتا ہے' اس کی دلالت جادو کرنے پر بھی ہوتی ہے۔ (۲) خواب دیکھا گویا وہ اس کے ساتھ کھیل رہا ہے تو دلیل ہے وہ جادو کا عمل کریگا یا اور کوئی باطل کام میں مبتلا ہوگا۔ اس کا ہوا میں اڑان جلانے کے عذاب میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

## طنفسہ (قالین)

اس کی تعبیر دنیا ہے۔

## طوق

(۱) خواب میں اپنے گلے میں طوق دیکھنا بیداری میں بخیل ہونے کی علامت ہے۔ (۲) اور کبھی عورت کے گلے میں طوق دیکھنا اپنے شوہر کے ساتھ احسان کا معاملہ کرنے اور اس کے ساتھ عزت و احترام کا برتاؤ کرنے اور شوہر کے مال سے کچھ ہاتھ آجانے پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) کبھی عورت کے گلے میں طوق دیکھنا اس کے شوہر پر دلالت کرتا ہے۔ (۴) طوق کا مضبوط کشادہ چاندی والا ہونا شوہر کے سخی' بردبار' اور غنی ہونے کی دلیل ہے۔ (۵) اس کا نرم ہونا شوہر کے بدحال ہونے کی علامت ہے۔ (۶) لوہے کا ہونا شوہر کے مضبوط ہونے کی دلیل ہے۔ (۷) لکڑی کا ہونا شوہر کے منافق ہونے کی علامت ہے۔ (۸) کسی شاہی آدمی کا سفید یا سبز خلعت کے ساتھ اپنے گلے میں طوق دیکھنا سرداری ملنے کی بشارت ہے۔ (۹) تاجر کے لئے یہ خواب منافع ملنے' دولت ملنے اور شوہر ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور بازاری آدمی کے لئے صاحب مرتبہ ہونے کی علامت ہے۔(۱۰) اپنے گلے میں کمزور طوق دیکھنا دین کے معاملے میں بخل کرنے اور کسی کو فائدہ نہ پہنچانے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۱) اور عالم کے لئے یہ خواب اپنے علم کو چھپانے پر دال ہے۔(۱۲) بادشاہ کے لئے اپنے فیصلہ اور حکم کے سلسلے میں بخل سے کام لینے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۳) کسی نے خواب دیکھا گویا اس نے ایک باندی خریدی اور اس کے گلے میں موتی کا طوق ہے تو دلیل ہے وہ اس تجارت کے ذریعے قوت وغلبہ حاصل کریگا اور کبھی اس تجارت کے ذریعے باندی حاصل کریگا' بقول بعض طوق کسی بھی قسم کا ہو دینی فساد کی علامت ہے۔

## طلیسان (سبز چادر جس کو علماء استعمال کرتے ہیں)

(۱) خواب میں طلیسان دیکھنا زندگی' عزت' مروت' سلطنت' حرفت' سفر' بھائی اور اولاد پر دلالت کرتا ہے۔(۲) جس شخص نے خواب میں دیکھا کہ وہ طیلسان زیب تن کئے ہوئے ہے یا کوئی سفید چیز پہنی ہوئی ہے یا ریشم پہنا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ طیلسان کی عمدگی کی بقدر وہ لوگوں یا لشکروں کی قیادت کرے گا۔(۳) اگر وہ اس کا اہل نہ ہوا تو دلیل ہے کہ اپنے گھر میں بڑا رتبہ حاصل کرے گا اپنے اہل خانہ کی معاش کی کفایت کرے گا۔ اور گھر والوں کی ضروریات کی دیکھ بھال کرے گا اور بعض معبرین نے فرمایا کہ طیلسان کی تعبیر کوئی ایسا اعلیٰ قسم کا پیشہ ہے جو اس پیشہ ور کو غموں' دکھوں سے نجات دلائیگا جیسا کہ طیلسان سردی اور گرمی سے بچاتا ہے۔ اور طیلسان کی تعبیر ادائے قرض بھی ہے۔

## طی (لپیٹنا)

عفو' غصہ پینے' یا رزق اور موت پر دلالت کرتا ہے۔

## طفی (آگ بجھانا)

(۱) جس شخص نے خواب میں دیکھا کہ وہ آگ بجھا رہا ہے تو دلیل ہے کہ فتنہ کا خاتمہ کرے گا یا بدعت کی سرکوبی کرے گا یا جنگ ختم کروائے گا۔(۲) اور اگر آگ بجھی ہوئی دیکھی اگر وہ بحری سفر پر ہے تو علامت ہے غرق ہوگا اور اگر خواب دیکھنے والے کا کوئی شناسا مسافر ہے تو سفر سے واپس لوٹ آئے گا یا اس کی کوئی خیر خبر موصول ہوگی۔

## طرب (خوشی)

اور بعض مرتبہ دلالت کرتا ہے سرعت فہم پر' بے وقوفوں اور بعض مرتبہ جھوٹی سچی خبروں کے موصول ہونے پر' بیماریوں سے شفایابی' گناہوں پر برانگیختی شراب نوشی' زنا کاری' اللہ کی محبت اور خدا کی طرف دھیان کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## طیب (خوشبو)

(۱) اس کی تعبیر اچھی تعریف ہے' اور جب دیکھے کہ دھواں سے بو آ رہی ہے تو حسن ثناء کے ساتھ ساتھ خوف کی علامت ہے۔ (۲) اور بیماروں کے حق میں ان کی موت کی دلیل ہے۔ (۳) عورت نے خواب میں دیکھا کہ وہ خوشبو لگا رہی ہے تو علامت ہے کہ وہ کوئی اچھا کام کرے گی۔ (۴) اگر وہ عورت کنواری ہے تو بیاہی جائے گی۔ (۵) نیز خوشبو استعمال کرنا مردوں کے حق میں تعریف' حسن اور ذکرِ جمیل ہے۔ (۶) اگر کسی لیٹرے یا دھوکہ باز نے خوشبو استعمال کی تو دلیل ہے کہ وہ تائب ہوگا یا باز آ جائے گا۔ چونکہ اچھی خوشبو اپنے استعمال کرنے والے کے اچھا ہونے کی علامت ہوتی ہے۔

## طرش (بہرا پن)

اس کی تعبیر دین میں نقص ہے چونکہ اللہ جل شانہ نے کفار کے حق میں فرمایا صم بکم عمی

## طفل (بچہ)

(۱) خواب میں بچہ دیکھنے کی تعبیر غم' کھیل تماشہ کے رسیا لوگوں کے ساتھ مدارت میں مشقت سے کی جاتی ہے۔
(۲) اگر خواب میں چھوٹی بچی کو اٹھایا یا لاوارث سمجھ کر اٹھا لیا' یا بچی کی ولادت ہوئی اگر محبوس یا محصور ہے' یا مقدمات میں عاجز آ چکا ہے یا مقروض ہے یا تہی دست ہے تو کشادگی حاصل ہوگی' غم زائل ہوگا' خوشیاں حاصل ہونگی اگر وہ فقیر و غیرہ نہیں ہے تو خواب میں بچی دیکھنے کی تعبیر فکر اور غم ہے۔ اگر بچہ یا بچی ولادت کے وقت بیمار تھے تو دونوں کے حق میں وسعت ہوگی انکی پیدائش منہ کے راستے سے ہوئی ہے تو موت پر دلالت کرتا ہے۔

## طرۃ (طرہ عمامے کا)

خوبصورت طرہ کی تعبیر مال' منفعت' عزت وقوت ہے اور بعض حضرات نے اس کی تعبیر میں فرمایا کسی نے اپنے سر پر طرہ دیکھا تو اس کی شادی کی دلیل ہے طرے کی خوبصورتی کے بقدر کسی خوبصورت حسین و جمیل عورت سے شادی کرے گا۔ نیز دلالت کرتا ہے بخل اور کرم ہر دو پر۔

## طِحال (تلی)

جس شخص نے خواب میں تلی کو بہت قوی دیکھا تو دلیل ہے کہ اس کے خزانہ کا مال محفوظ رہے گا۔ خوشی حاصل ہوگی۔ (۲) اور جس شخص نے دیکھا کہ اس کی تلی بہت بڑی ہوگئی ہے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ وہ نامراد ہوگا۔ (۳) نیز جس شخص پر امراض سوداویہ کا غلبہ ہے اس کی حالت بدل جائے گی۔ (۴) اور جس شخص نے خواب میں دیکھا کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس کی تلی میں درد ہے تو دلیل ہے کہ بہت سارا مال برباد ہو جائے گا کہ جس پر اس کی اور اس کے اہل خانہ کی معیشت کا دارومدار تھا۔

## طلع النخل (کھجور کا خوشہ)

(۱) اس کی تعبیر رزق' زوجہ کا حاملہ ہونا ہے۔ (۲) اگر کوئی مریض ہے تو شفایاب ہوگا اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ مریض کی وفات ہو جائے گی یا قید ہوگا یا ذخیرہ اندوزی کرے گا۔ (۳) جس شخص نے دیکھا گویا اس کو دو تین یا اس سے زیادہ کھجور کے خوشے ملے تو یہ دلیل ہے کہ اس کو اولاد حاصل ہوگی۔ (۴) اگر اس میں سے کچھ کھائے تو اپنی اولاد کی کمائی کھانے کی دلیل ہے۔ (۵) کھجور کا خوشہ دیکھنا اس کے حق میں خیر کی علامت ہے۔ (۶) اگر وہ خوشہ زرد تھا اور کھایا نہیں تو علامت ہے کہ حاکم صاحب طلع پر غضبناک ہوگا پھر وہ اس سے راضی ہو جائے گا۔ اور طلع کی تعبیر حاصل ہونے والا مال بھی ہے۔

## طاعون (طاعون کی بیماری)

خواب میں طاعون دیکھنے کی تعبیر خارش ہے (۱) جس شخص نے خواب میں دیکھا کہ اسے طاعون لاحق ہو گیا ہے تو اس شخص کو خارش لاحق ہوگی۔ (۲) اور جس شخص نے دیکھا کہ اسے خارش ہوگئی ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کو طاعون لاحق ہوگا۔ (۳) اگر دیکھے کہ شہر میں طاعون پھیل گیا ہے تو دلیل ہے کہ بادشاہ کا قہر نازل ہوگا۔ اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر قبر یا حرب یا بدعت ہوتی ہے چونکہ یہ چیزیں بھی موجب ہلاکت وموت ہیں۔ اور بعض مرتبہ اس کی تعبیر سفر یا بادشاہ کی طرف سے تاوان ہے۔ جس شخص نے دیکھا کہ شہر میں طاعون پھیل گیا ہے تو علامت ہے کہ شہر میں لڑائی ہوگی۔

## طریق (راستہ)

(۱) خواب میں راستہ دیکھنے کی تعبیر شریعت ہے۔ اور مختلف راستوں کی تعبیر بدعت ہے۔ (۲) جس شخص نے دیکھا کہ وہ راستے سے ہٹ کر چل رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ شخص دین کے معاملے میں گمراہی کا شکار ہے۔ (۳) بادشاہ کا کشادہ راستے میں چلنا علامت ہے کہ اس علاقے میں بادشاہ کا عدل عام ہوگا۔ (۴) سیدھا راستہ کتاب اللہ اور سنت کے معاملے میں مقتدیٰ' یا شیخ پر دلالت کرتا ہے اور اگر گناہ گار تھا تو توبہ تائب ہوگا۔ (۵) اگر کافر تھا تو اسلام قبول کرے گا۔ مختلف راستے حیرت پر دلالت کرتے ہیں۔ اور مشتبہ راستے ضلالت' بدعت اور کفر پر دلالت کرتے ہیں' اور اس کی دلالت کسی صنعت پر بھی ہوتی ہے۔ (۶) بحری راستہ سختی سے نجات کی دلیل ہے' اور راستہ کی تعبیر بعض مرتبہ مملوک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عورت‘ کسب حلال‘ نجات دینے والی سچائی اور موت سے کی جاتی ہے۔(۷) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ راستے پر سیدھا چلا جا رہا ہے اگر وہ صاحب تجارت ہے تو اس کے لئے نفع بخش تجارت کی راہیں ہموار ہونے کی دلیل ہے اور خفیہ راستہ غرور و بدعت کی دلیل ہے۔

## طاقة (دیوار میں چراغ رکھنے کے لئے محراب)

(۱) وسیع طاقچہ عورت کا حسن خلق اور تنگ طاقچہ عورت کی بدخلقی کی دلیل ہے۔(۲) خواب میں طاقچے میں بیٹھنا اپنی بیوی کو کھلم کھلا طلاق دینے پر دلالت کرتا ہے۔(۳) کسی کو طاق میں جگہ ملنا بیوی کے خفیہ طلاق ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۴) گھر کے طاقچوں کی دلالت رازوں سے باخبر رقیبوں پر بھی ہوتی ہے‘ اور روشندان کی دلالت تکالیف‘ غموم سے نجات اور راحت و سرور کی تجدید پر ہوتی ہے۔ اور کبھی کوئی خبر سننے اور کبھی بچوں اور عورتوں پر بھی اس کی دلالت ہوتی ہے۔(۵) خواب میں اپنے پاس رنگین شیشوں کے بہت سارے روشن دان دیکھنا شجر کاری کرنے‘ پھلوں کے پکنے رنگین لباس میں تجدید کرنے اولاد اور علوم سے بہرور ہونے کی بشارت ہے۔ اور صاحب تاج کے لئے تاج ملنے کی بھی دلیل ہے۔

## طاحون (چکی/فلور مل)

(۱) گندم پیسنے کی چکی کی دلالت مرکزِ علم جہاں حق و باطل کے درمیان فرق کا درس دیا جاتا ہو یا دار حاکم جہاں لوگوں کی امد و رفت ہو اور اشیاء کے کیل و وزن ہو اور عدل و انصاف پر ہوتی ہے‘ اور رزق و منافع پر اس کی دلالت ہوتی ہے اور اس کی تعبیر میاں بیوی بھی ہیں اور چکی سے گرتا ہوا اٹا میاں بیوی پر دلالت کرتی ہے۔(۲) چکی کو انسان پستی ہوئی دیکھنا لوگوں کے مر جانے اور فتنے پھیلنے پر دلالت کرتا اور کبھی اس کی دلالت راحت پر بھی ہوتی ہے‘ غیر ماکولات کو پیسنے والی چکی قحط اور مہنگائی کی علامت ہے۔ اور اٹا کا زیادہ ہونا ارزانی کی علامت ہے سبزیوں کو پیسنے والی چکی غم و تکالیف کے دور ہونے پر دلالت کرتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب الظاء

## ظہور (ظاہر ہونا)

(۱) خواب میں خفیہ شئی کا ظاہر ہونا وحشت کے بعد انس اور تاوان کے بعد فائدے یا بچے کی پیدائش سے ناامید ہونے کے بعد بچہ پیدا ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) تمام کھانے کی اشیاء کے اپنے اوقات ہوتے ہیں۔ چنانچہ ہر چیز کا اپنے وقت اور موسم میں دیکھنا وعدہ وفا کرنے، ضروریات کے پورا ہونے اور قرض کے ادا ہونے، گھر سے غائب شخص کے گھر واپس آنے، قیدی کے قید سے اور حاملہ کے حمل سے خلاصی پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) ان اشیاء کو بے وقت اور بے موسم دیکھنا قرض کی دلیل ہے۔

## ظہار (بیوی سے ظہار کرنا)

(۱) خواب میں بیوی سے ظہار کرنا موجب تکلیف اور رازوں کے ظاہر ہونے کی دلیل ہے۔ (۲) کبھی بیوی کے ساتھ ظہار کرنا قسم کھانے پر دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی دبر میں دلچسپی لینے کی طرف اشارہ ہوتا ہے اور کبھی اس کی دلالت میدان جنگ سے بھاگنے اور کبھی عورتوں کے ساتھ دبر میں جماع کرنے پر ہوتی ہے۔

## ظہر (پیٹھ)

(۱) اس کی دلالت اس پر ظاہر ہونے والی اشیاء یا ان چیزوں پر جس کا اظہار چاہتا ہے ہوتی ہے۔ (۲) کبھی اس کی دلالت لباس پر ہوتی ہے یا جس کے ظاہر ہونے کو چاہتا ہے مثلاً ذخیرہ کیا ہوا مال یا ایسی مصلحت پر دلالت کرتی ہے جس کے ظہور کو چاہتا ہے۔ (۳) کبھی پیٹھ کی دلالت گھر کے ظاہری حصے پر بھی ہوتی ہے۔ اور کبھی شہر اور مذہب کے ظاہر ہونے پر ہوتی ہے۔ (۴) پیٹھ کا تقسیم ہونا خوف یا حزن کی دلیل ہے۔ (۵) کبھی پیٹھ کی دلالت لفظی اشتراک کی بنا پر نماز ظہر پر ہوتی ہے۔ (۵) خواب میں پیٹھ کا سرخ یا سیاہ ہونا اس پر مار پڑنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۶) خواب میں پیٹھ کا موٹا اور چمکدار ہونا پر رونق لباس پہننے کی علامت ہے۔ (۷) کبھی پیٹھ کی دلالت علم یا ولد یا اپنی پشت کو مضبوط کرنے والی قوت یا رہنے کی جگہ اور گھر پر بھی ہوتی ہے۔ اور کبھی پیٹھ کی رویت بیوی کی ظاہری حالت پر دلالت کرتی ہے۔ (۸) خواب میں پیٹھ کو آگ سے داغا جانا اس کے بخل اور حقوق اللہ کو روکنے کی علامت ہے۔ (۹) کبھی اس کی دلالت غلام کے لئے اس کے آقا پر ہوتی ہے۔ (۱۰) خواب میں اپنی پیٹھ کا جھک جانا مصیبت میں مبتلا ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۱۱) خواب میں اپنے کسی دوست کی پیٹھ کو دیکھنا اس کا اس سے روٹھ جانے اور روگردانی کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۲) دشمن کی پیٹھ کو دیکھنا اس کے شر سے مامون ہونے کی علامت ہے۔ (۱۳) خواب میں اپنی بیوی کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پیٹھ کو دیکھنا اگر وہ بوڑھی ہو اور عورت کی تعبیر دنیا لی جائے تو یہ اسکی دنیا کے اس سے منہ موڑنے کی علامت ہے۔(١٤) اگر معتدل حالت میں ہو تو تعبیر ہے کہ جس کام کے درپے ہے وہ اس سے نہ ہوگا۔(١٥) اگر اس کی بیوی جوان ہو تو دیر سے آنے والا قلیل خیر کے منتظر ہونے کی نشانی ہے۔(١٦) کبھی پیٹھ بڑھاپے پر بھی دلالت کرتی ہے اور یہی تعبیر پشت کی جانب تمام اعضاء کی ہے۔(١٦) درد کے باعث پیٹھ کا جھکنا بڑھاپے اور فقیری کی طرف اشارہ ہے۔(١٧) کبھی پیٹھ کا درد کرنا بھائی کی موت کی علامت ہوتا ہے۔(١٨) پیٹھ کی دلالت اس شخص پر بھی ہوتی ہے جس کے ہاں پناہ لی جاتی ہے اور صاحب مال وجاہ ہے۔(١٩) چنانچہ پیٹھ درد یا کسی اور وجہ سے نقص واقع ہونا اس کے معتمد سربراہ رئیس کے اندر نقص واقع ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(٢٠) بعض علماء تاویل کے قول کے مطابق پیٹھ کی دلالت' لحاف اور کپڑے کے اوپر کے حصے پر بھی ہوتی ہے چنانچہ اس میں تبدیلی لحاف اور کپڑے میں تبدیلی کی علامت ہے۔(٢١) خواب میں پیٹھ میں درد ہونا اس کے قابل اعتماد سرپرست کے محبوس ہونے کی بھی علامت ہے۔(٢٢) خواب میں پشت پر بڑا بوجھ اٹھانا بہت بڑے قرض میں دبنے کی طرف اشارہ ہے (٢٣) بعض اہل التعبیر کا کہنا ہے کہ بھاری بوجھ برے پڑوسی پر دلالت کرتا ہے۔(٢٤) خواب میں پشت کا ٹوٹ جانا قوت واقتدار کے ختم ہونے' خود صاحب خواب یا اس کے سرپرست وسردار کے ہلاک ہونے کی دلیل ہے۔(٢٥) پشت پر بھاری بوجھ ہونا غم' خطا وگناہ پر دلالت کرتا ہے۔

(٢٦) خواب دیکھا کہ اپنی پشت پر تابوت اور سامان اٹھایا ہے تو یہ قرض میں مطلوب ہونے کی علامت ہے۔

(٢٧) خواب میں پیٹھ پر لکڑیاں رکھ لانا غیبت' چغلخوری اور جھوٹی باتیں نقل کرنے کی علامت ہے۔(٢٨) خواب میں پیٹھ کا ٹوٹنا سرپرست اور معتمد شخص اگر بیمار ہو' اس کے مرنے کی دلیل ہے' یا علامت ہے اس کے فقیر ہونے اور قبضہ میں موجود مال میں کمی آنے کی۔(٢٩) بعض اہل تعبیر کے قول کے مطاق پیٹھ پر بھاری بوجھ ہونا کثرتِ عیال اور قلتِ مال کی علامت ہے۔(٣٠) کبڑا شخص دیکھنا زیادتِ مال اور طولِ عمر پر دلالت کرتا ہے۔ اور اس کی دلالت کثرتِ عیال اور کثرت نسل پر بھی ہوتی ہے۔

## ظفر (ناخن)

(١) ناخن کی دلالت دشمنوں پر کامیابی حاصل کرنے پر ہوتی ہے۔(٢) ناخن کا طویل ہونا ضرورت کے وقت رزق میں وسعت کی علامت ہے اور ناخن کا کٹ جانا تعبیر کے لحاظ سے اس کے خلاف ہے۔(٣) کبھی ناخن کا طویل ہونا رافضی ہونے کی علامت ہوتا ہے اس لئے کہ ناخن کا طویل ہونا خلاف سنت ہے اور رافضی بھی مخالف سنت ہوتا ہے (٤) ناخن مرد کی قوت ہے چنانچہ کاٹے جانے کی حد کو پہنچے بغیر اس کا بڑھنا مال اور قوت میں زیادتی کی علامت ہے۔ اور دشمن کے مقابلے میں اسلحہ ملنے اور دشمنوں سے محفوظ ہونے کی بھی دلیل ہے (٥) خواب میں ناخن کا زائل ہونا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قوت کے ختم ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے (۶) خواب میں معروف طریقے کے مطابق ناخن قلم کرنا جو حد سے تجاوز نہ ہو تبع سنت ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۷) اسلحہ والوں کے لئے ناخن کا بڑھنا اسلحہ اور قوت میں زیادتی کی علامت ہے اور معمول سے زیادہ طویل ہونا عیب کی علامت ہے۔ (۸) خواب میں اپنے ناخنوں کا دشمن کے ناخنوں سے بڑھا ہوا دیکھنا دشمن پر کامیابی حاصل کرنے کی دلیل ہے۔ (۹) ناخن کا نیچے گرنا مالی خسارے اور مقصد میں ناکامی پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۰) ناخن قلم کرنا سنت کا اتباع کرنے یا قرض میں مال خرچ کرنے کی علامت ہے۔ (۱۱) رنگا ہوا ناخن سونے کے مقروض ہونے کی علامت ہے۔ (۱۲) ناخن سفید ہونا حفظ اور فہم کی علامت ہے۔ (۱۳) خواب میں ناخن کو اپنی مقدار کے مطابق دیکھنا دین و دنیا کی درستگی کی دلیل ہے۔ (۱۴) اپنے ناخنوں کے ساتھ لڑنا دنیا کمانے میں مکر سے کام لینے کی طرف اشارہ ہے (۱۵) خوبصورتی کے ساتھ ناخن کا بڑھنا مال' لباس' دشمن کے مقابلے میں اسلحہ تیار کرنے اور حجت قائم کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ یا ایسے مال کی علامت ہے جس کے ذریعے شر سے بچا جا سکے۔ (۱۶) کبھی خواب میں ناخن قلم کرنا صدقہ فطر ادا کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۱۷) خواب دیکھا کہ اس کے ناخن ناقص ہیں یا ٹوٹے ہوئے ہیں تو یہ مال کے ختم ہونے اور دنیوی طاقت کے کمزور ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۸) خواب دیکھا کہ اس کے ناخن پنجوں میں بدل گئے تو دلیل ہے اپنے مقابل پر کامیاب ہوگا اگر لڑائی میں ہو تو دشمن پر غالب آئے گا۔ (۱۹) خواب دیکھا کہ اس کے ناخن ہی نہیں ہیں۔ تو دلیل ہے کہ وہ مفلس ہوگا اور اس کی توانائی ختم ہو جائیگی۔

## ظفر بالمراد (اپنے مقصد میں کامیاب ہونا)

(۱) خواب میں اپنے مقصد کو پانا علم میں زیادتی' سلوک الی اللہ یا رزق کی دولت سے بہرہ ور ہونے کی دلیل ہے۔

(۲) غیر شادی شدہ کے لئے یہ خواب دیکھنا شادی کرنے اور کامیابی کی علامت ہے۔

## ظفار الحوض (کھجور کے درخت پر پتے نکلنا)

اس کی دلالت مندرجہ ذیل پر ہوتی ہے محبت و الفت زہد و عبادت' علم اور پرہیزگاری وغیرہ۔

## ظلم

(۱) صاحب اقتدار لوگوں کا خواب میں ظلم کرنا لوگوں کو ہلاک کرنے اور گھروں کو برباد کرنے میں تعجیل کرنے کی علامت ہے۔ (۲) اہل علم اہل قرآن کا خواب میں ظلم کرنا اللہ تعالیٰ کی طرف سے گناہوں کے معاف ہونے کی دلیل ہے۔ (۳) بعض اہل تعبیر کا کہنا ہے کہ خواب میں خود کو ظالم پانا محتاجی کی علامت ہے (۴) خواب میں اپنے نفس کے ظلم کا اعتراف کرنا اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگنے کی دلیل ہے۔ (۵) خواب دیکھا کہ وہ شخص اس کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لئے بد دعا کر رہا ہے جس پر اس نے ظلم کیا ہے تو صاحب خواب کو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے ڈرنا چاہئے۔(۶) خواب دیکھا کہ وہ مظلوم ہے اور اپنے اوپر ظلم کرنے والے پر بد دعا کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ ظالم پر غلبہ پائے گا۔(۷) کسی نے خواب دیکھا کہ اس پر ظلم کرنے والا شخص اسکے لئے بد دعا کر رہا ہے۔تو یہ صاحبِ خواب کے لئے بشارت ہے۔اس لئے کہ بد دعا خود اس پر لوٹ جائیگی۔

## ظلمة (اندھیرا)

(۱) خواب میں اندھیرا ہونے کی دلالت بیداری میں گمراہی اور حیرانگی پر ہوتی ہے۔(۲) خواب میں کسی کافر کا اندھیرے سے روشنی کی طرف آنا اس کے مسلمان ہونے کی علامت ہے۔اور گناہگار کے لئے یہ گناہوں سے توبہ کرنے کی دلیل ہے۔اور قیدی کے لئے یہ خواب دلیل خلاصی ہے۔(۳) ظلمت کی دلالت ظلم پر بھی ہوتی ہے چنانچہ خواب میں اندھیرے میں داخل ہونا ظالم ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۴) کبھی اندھیرا دیکھنا ظلمت قلب و بصر پر دلالت کرتا ہے۔(۵) کبھی تستر چاہنے والے کے تستر اور انفرادیت کی علامت ہوتی ہے۔(۶) بھی خواب میں ظلمت دیکھنا مزاج پر سوداء کے غلبے کی بھی علامت ہوتا ہے۔(۷) سانولے اور کالے رنگ کے لوگوں کو ان کے علاوہ لوگوں پر ترجیح دینے پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۸) کبھی ظلمت وسودان کی دلالت صفرا پر بھی ہوتی ہے۔

## ظمأ (پیاس)

(۱) خواب میں پیاسا ہونا اصحاب مال و جائداد اور فصلوں والوں کی حالت کے مالی لحاظ سے کمزور ہو جانے کی علامت ہے۔اور کبھی اسکی دلالت فقر پر بھی ہوتی ہے۔اور گھر سے غائب شخص کے لئے اس کی مالی کے رک جانے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔

## ظل (سایہ)

(۱) گرمی کے موسم میں خواب میں سایہ میں جانا راحت اور فائدہ اور ایسا صاحب عزت ہونے کی دلیل ہے جس کے زیر سایہ لوگ رہیں گے۔(۲) سردی کے موسم میں سایہ میں جانا غم واندوہ' تکلیف و بدعت کے ذریعے پناہ لینے پر دلالت کرتا ہے۔اور کبھی اس کی دلالت اہل بدعت پر بھی ہوتی ہے۔(۳) کبھی سایہ کی دلالت بادشاہ وقت پر ہوتی ہے اس لئے کہ وہ زمین میں اللہ کا سایہ ہوتا ہے۔ جیسا کہ حدیث میں بھی ہے۔(۴) سایہ کی دلالت ایک عابد زاہد حافظ عالم شخص پر بھی ہوتی ہے۔(۵) خواب دیکھا کہ گرمی سے بچنے اور راحت حاصل کرنے کے لئے سایہ میں گیا تو غم سے نجات پانے کی دلیل ہے اور رزق سے سرفراز ہونے کی خوشخبری ہے۔(۶) عورت کے لئے سایہ کی تعبیر اس کے شوہر سے کی جاتی ہے۔(۷) بے شوہر عورت کا خواب میں خود کو سایہ میں دیکھنا ایک معزز صاحب مال شخص سے نکاح کرنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پر دلالت کرتا ہے۔ (۸) خواب میں سورج کی گرمی محسوس کر کے سایہ میں جانا غم سے نجات پانے کی علامت ہے۔ (۹) خواب میں سایہ میں سردی محسوس کرتے ہوئے دھوپ میں بیٹھنا تنگدستی کے ختم ہونے کی دلیل ہے۔ اس لئے کہ سردی علامت فقر ہے۔

## ظرف (برتن)

(۱) برتن اپنے مقصد میں کامیاب ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ اور اس کی دلالت ظریف پر بھی ہوتی ہے۔ (۲) کبھی مال اور علم کے برتن پر بھی اس کی دلالت ہوتی ہے۔

## ظبة السف (تلوار کی باڑ)

(۱) اس کی دلالت طالب مال کے لئے اس کی حفاظت کی علامت ہے۔ اور تلوار کچھ مال خرچ کرنے کی بھی علامت ہوتی ہے۔ اور کبھی رازوں اور بھیدوں کی حفاظت کرنے پر دلالت کرتی ہے۔

## ظبیة (ہرنی)

(۱) خواب میں اس کو دیکھنے کی دلالت عربی نژاد خوبصورت عورت پر ہوتی ہے۔ (۲) خواب دیکھا کہ شکار کے ذریعہ ہرنی کا مالک بنا تو تعبیر ہے کہ وہ کسی باندی یا لڑکی کے ساتھ سازش کرے گا۔ یا کسی عورت سے شادی کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) خواب میں ہرنی کو پتھر مارنا کسی لڑکی کے ساتھ جماع کرنے یا عورت کو طلاق دینے اور مارنے کے معاملے میں غلطی کرنے کی علامت ہے۔ (۴) شکار کی غرض سے ہرنی کو مارنا مال غنیمت ملنے کی طرف اشارہ ہے (۵) تیر سے اس کو مارنا کسی لڑکی پر تہمت لگانے کی دلیل ہے (۶) اس طرح اس کو ذبح کرنا اور اس سے خون بہنا کسی لڑکی کی بکارت کو چاک کرنے کی دلیل ہے۔ (۷) خواب دیکھا کہ وہ ہرنی بن گیا تو تعبیر ہے کہ دنیا کے مزے چکھے گا۔ (۸) اگر دیکھا کہ اس نے ہرن کا بچہ پکڑ لیا ہے۔ تو تعبیر ہے کہ خیر کثیر پائے گا اور ہرن پکڑنا بیٹے پر دلالت کرتا ہے۔ (۹) ہرنی کا خواب میں گھر کے اندر داخل ہونا بچے کی شادی ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۰) خواب میں ہرنی کی کھال اتارنا کسی عربی عورت سے زنا کرنے کی علامت ہے۔ (۱۱) خواب دیکھا کہ ہرن کا بچہ اس پر حملہ آور ہوا تو تعبیر ہے کہ اس کی بیوی ہر معاملے میں اس کی نافرمانی کریگی۔ (۱۲) خواب میں ہرن کے نشاناتِ قدم پر بھاگنا قوت ملنے کی علامت ہے۔ (۱۳) خواب میں ہرن بن جانا جانی و مالی زیادتی کی دلیل ہے۔ (۱۴) خواب میں ہرن کا مالک بننا مالِ حلال کے مالک بننے ایک شریف معزز عورت سے نکاح کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۱۵) خواب میں ہرنی کے ساتھ نکاح کرنا کسی عورت کے ساتھ زبردستی زنا کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۶) ہرن کا گوشت کھانا کسی خوبصورت کی طرف سے مال ملنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۷) خواب میں ہرنی کا بچہ پانا خوبصورت عورت کے بطن سے بیٹا پیدا ہونے پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دلالت کرتا ہے۔(۱۸) بعض علماء تعبیر کہتے ہیں کہ خواب میں ہرن بننا مسلمانوں کی جماعت سے نکلنے کی علامت ہے (۱۹) خواب دیکھا کہ اس نے ہرن کو مار دیا یا خود اس کے ہاتھوں مر گیا تو دلیل ہے اس کو عورت کی طرف سے غم و تکلیف پہنچے گی۔

## ظلف (کھر/سم)

اسے خواب میں دیکھنا محنت ومشقت اور بیوی بچوں اور والدین کے ساتھ یک جا ہونے کی علامت ہے۔

## ظلیم (نر شتر مرغ)

(۱) اس کی دلالت دیہاتی شخص، خادم اور خصی پر ہوتی ہے۔(۲) شتر مرغ کو گردن سے ذبح کرنا اپنے خادم کے ساتھ لواطت کا معاملہ کرنے کی طرف اشارہ ہے۔(۳) کسی عالم فقیہ شخص کے لئے کسی حکمران پیشوا کے شتر مرغ کو پانا حکم اور عہدہ قضاء ملنے کی دلیل ہے۔اور اگر صاحب خواب فقیہ نہیں ہے تو دلیل ہے کہ قاضی (جج) اس کے زیردست آئے گا۔یا تعبیر ہے کہ صاحب خواب ولایتِ حکمرانی پائے گا۔

## ظن (گمان کرنا)

خواب میں گمان کرنا بیداری میں گناہ کے مرتکب ہونے کی علامت ہے۔اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿ انّ بعض الظن اثم ﴾ الایۃ ”بے شک بعض گمان گناہ ہیں“۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب العین

## عرش اللہ (اللہ تعالیٰ کا عرش)

(۱) خواب میں اللہ تعالیٰ کا عرش خوبصورت حالت میں دیکھنا صاحب خواب کے عقیدے کی سلامتی کی بشارت ہے۔ (۲) اور اس کو کسی طرح نقصان کی حالت میں دیکھنا صاحب خواب کے گمراہی اور بدعت میں مبتلا ہونے کی علامت ہے (۳) کبھی عرش الٰہی کی دلالت خیر یا شر پر ہوتی ہے جس پر انسان مسلط ہوتا ہے۔ (۴) کبھی منصب عظیم کے اہل لوگوں کا عرش الٰہی کو دیکھنا منصبِ جلیل پر فائز ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۵) اور کبھی عرش الٰہی کی دلالت مندرجہ ذیل پر ہوتی ہے۔ زوجہ' گھر' سواری' دشمنوں پر کامیابی' لفظی اشتراک کی وجہ سے رعشہ کی بیماری اور شعر کہنے پر بھی دلالت کرتا ہے' اور عرشِ الٰہی کو خوبصورت ہیئت میں دیکھنا نیک عمل کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۶) کسی نے خواب دیکھا گویا اللہ تعالیٰ عرش پر ہے۔ تو یہ صاحبِ خواب کے یقین کے صحیح ہونے اور نیت کے درست ہونے کی دلیل ہے۔ (۷) خواب دیکھا گویا عرش الٰہی میں کوئی خلل واقع ہوا ہے۔ تو یہ دلالت کرتا ہے اس کے خواہشِ نفس اور بدعت میں مبتلا ہونے پر تو اس کو چاہئے اللہ کے حضور توبہ کرے۔ (۸) بادشاہت کی صلاحیت رکھنے والا شخص کا خواب میں خود کو اللہ تعالیٰ کے عرش پر اور اللہ کو اس سے نیچے دیکھنا بادشاہِ وقت کے ساتھ بغاوت اور زمین میں اپنے آپ کو بڑا سمجھنے کی علامت ہے۔ (۹) اور اگر صاحب خواب مذکورہ صفت سے متصف نہیں ہے تو تعبیر ہے کہ وہ والدین یا اساتذہ یا کسی بزرگ کا نافرمان اور عاق کردہ ہوگا۔ (۱۰) اور اگر کوئی قاضی یہ خواب دیکھے تو جہالت یا ظلم کے ساتھ فیصلہ کریگا۔ (۱۱) اور غلام کے لئے آقا کی نافرمانی کی علامت ہے۔

## حضرت عزرائیل علیہ السلام

(۱) اچھی خبر کے خواہشمند کے لئے شہادت کی علامت ہے (۲) حضرت عزرائیل علیہ السلام کو غصّے کی حالت میں دیکھنا بغیر توبہ کے مرنے کی علامت ہے۔ (۳) خواب میں حضرت عزرائیل علیہ السلام کو پچھاڑ دینا یا اس پر غلبہ پانا مرض سے نجات پانے کی دلیل ہے۔ (۴) عزرائیل علیہ السلام کا غالب آنا صاحب خواب کے مرنے کی علامت ہے۔ (۵) بعض علماءِ تعبیر کہتے ہیں خواب میں حضرت عزرائیل علیہ السلام کی رویت درازیِ عمر کی دلیل ہے اس لئے کہ تمام مخلوقات میں طویل عمر پانے والے صرف حضرت عزرائیل علیہ السلام ہیں (۶) بعض کی رائے ہے کہ ان کی رویت اس کام میں داخل ہونے کی علامت ہے جسے کرنا ضروری ہے (۷) اور بعض کا قول ہے ان کا دیدار خوف عظیم کی دلیل ہے (۸) خواب میں حضرت عزرائیل علیہ السلام کی صورت میں ہونا لوگوں پر غالب آنے' قدر و منزلت کے بڑھ جانے یا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بادشاہ کی طرف سے سزا دینے والا مقرر ہونے یا اس کے ہاتھوں امور عظیمہ انجام دیئے جانے پر دلالت کرتا ہے۔ (۹) خواب میں ملک الموت (عزرائیل علیہ السلام) کو بوسہ دینا میراث پانے کی علامت ہے (۱۰) کبھی حضرت عزرائیل علیہ السلام کو دیکھنا کسی مجمع کے متفرق ہونے' محفوظ چیز کے معدوم ہونے' بیماروں کے مرجانے' مکانات کے منہدم ہونے اور جل جانے' ہلا دینے والی خبریں یا اس قسم کے واقعات پیش ہونے جو رونے' چیخنے اور گریبان چاک کرنے کا سبب ہو آنے کی دلیل ہے۔ (۱۱) کبھی رویتِ عزرائیل علیہ السلام تاوان میں پڑنے' معاش کے ٹھپ ہونے' تحریک کے ختم ہونے' کمائی سے رہ جانے پر دلالت کرتی ہے۔ (۱۲) اسی طرح ان کی رویت قید خانہ میں جانے اور وعدہ خلافی کرنے' علم کو بھول جانے' نماز چھوڑ دینے' زکوۃ ادا کرنے سے رک جانے اور حقوق واجبہ کی ادائیگی میں کوتاہی کرنے پر بھی دلالت کرتی ہے۔ (۱۳) کبھی اس کو دیکھنا دلالت کرتا ہے گوشہ نشینی اختیار کرنے' قیمتوں کے بڑھ جانے' پھلوں اور فصلوں کے پورے ہونے پر (۱۴) کبھی رویت ملک الموت اپنی رعیت پر زبردستی کرنے والے بادشاہ یا ان کے دربان کی علامت ہوتی ہے۔ (۱۵) شیشہ اور عام برتن درست کرنے والا شخص کا حضرت عزرائیل علیہ السلام کو دیکھنا اس کے صنعت وکاروبار کے کمزور ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۶) برخلاف حضرت اسرافیل علیہ السلام کو دیکھنے کے چنانچہ حضرت اسرافیل علیہ السلام کو دیکھنا خوشی اور اللہ کے حکم سے روحوں کا اپنے جسموں کی طرف رجوع کرنے پر دلالت کرتا ہے (۱۷) کبھی ان دونوں حضرات کو دیکھنا دشمنوں اور قیامت کے منکرین کو ذلیل کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۸) کبھی حضرت عزرائیل علیہ السلام کو دیکھنا اللہ تعالیٰ کے ساتھ محبت کرنے والوں کے لئے ان کی امیدیں بھر آنے اور مقاصد میں کامیاب ہونے' وعدوں کو پورا کرنے اور تنگ دستی سے خوشحالی کی طرف آنے اور بشارت دھندہ رسائل آنے پر دلالت کرتا ہے۔

## حضرت عیسیٰ علیہ السلام

(۱) خواب میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دیدار سے مشرف ہونے والا شخص کثیر خیر والا مبارک اور اللہ تعالیٰ کے لئے کثرت سے سفر کرنے والا' اللہ تعالیٰ کے احکام کو بجالانے والا' تھوڑا رزق پر راضی ہونے والا اور طب کو جاننے والا ہوگا۔ (۲) بعض اہل تعبیر کے قول کے بموجب خواب میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا دیدار کرنے والے کو اسی سال کوئی ناپسندیدہ امر پیش نہ ہونے اور اپنے مطلوب کو پانے اور اس میں مہارت حاصل کرنے کی دلیل ہے۔ (۳) کسی نے خواب میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھا تو اس کے زاہد ہونے' زمین میں سیاحت کرنے اور خوف وہراس سے نجات پانے کی دلیل ہے۔ (۴) خواب میں بار بار حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھنا طب میں ایسی مہارت حاصل کرنے کی علامت ہے کہ جس کی برابری اس کے ہمسروں میں سے کوئی بھی نہیں کرسکے۔ (۵) غم وتکلیف میں مبتلا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لوگوں کا خواب میں حضرت عیسی علیہ السلام کو کسی شہر یا جامع مسجد میں اپنی طرف دیکھتے ہوئے دیکھنا اس غم و تکلیف سے نجات پانے پر دلالت کرتا ہے۔ اس لئے کہ حضرت عیسی علیہ السلام اللہ تعالیٰ کی روح اور رحمت ہے۔ اور اگر وہ سلامتی اور رحمت میں ہیں خواب مزید نزولِ رحمت و سلامتی کی دلیل ہے۔ (۶) حضرت عیسی علیہ السلام اور ان کی والدہ حضرت مریم علیہا السلام کو کسی مقام میں دیکھنا اس مقام میں عظیم معاملہ یا نشانی پیش آنے کی اطلاع ہے۔ (۷) خواب دیکھا گویا وہ حضرت عیسی علیہ السلام کی صورت میں ہوا یا ان کا لباس زیب تن کیا تو تعبیر صاحب خواب کے مطابق ہوگی چنانچہ اگر صاحب خواب بادشاہ ہے تو اس کی سلطنت عظیم ہوگی اگر عالم ہے اس کا نفع کثیر ہوگا اور فضیلت زیادہ ہوگی۔ اور اگر طبیب (حکیم/ ڈاکٹر) ہے تو اس کی شہرت ہوگی اور توفیق و فضیلت میں زیادتی ہوگی۔ (۸) خوف زدہ آدمی کا خواب میں حضرت مسیح کا دیدار کرنا خوف سے مامون ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۹) کسی مقام میں حضرت عیسی علیہ السلام کو دیکھنا اس مقام پر نزولِ برکت اور عزت کی علامت ہے۔ (۱۰) مریض کا خواب میں حضرت مسیح علیہ السلام کا دیدار کرنا مرض سے شفایاب ہونے اور نجات پانے کی علامت ہے۔ (۱۱) خواب میں حضرت عیسی علیہ السلام کو بیمار دیکھنا صاحب خواب کے مرنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۲) کبھی ان کی رویت ایسا تعجب خیز شئی کے ظاہر ہونے کی علامت ہے جس سے لوگ تعجب کرنے لگیں اور کبھی دیدارِ مسیح علیہ السلام عدل و انصاف اور کشادگی کی بھی علامت ہوتا ہے۔ (۱۳) حاملہ عورت کا خواب میں عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھنا طبیب بچہ جننے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۴) کبھی ان کی رویت دین میں شک کرنے کی علامت ہوتی ہے چنانچہ یہودیوں نے کہا ''ہم نے عیسیٰ علیہ السلام کو قتل کیا اور سولی پہ چڑھا دیا اور اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں (وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ) ترجمہ نہ ان کو قتل کیا نہ سولی پر چڑھایا۔ اور عیسائیوں نے کہا ''مسیح اللہ کا بیٹا ہے'' اور اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں (مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَلَدٍ) ''اللہ تعالیٰ کسی کو اپنا بیٹا نہیں بناتا''۔ (۱۵) بعض کے نزدیک ان کی رویت عیسائیوں کے ظاہر ہونے کی علامت ہوتی ہے۔ (۱۶) کاریگر یا طب کا عمل کرنے والا شخص خواب میں اگر عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھے تو دلیل ہے اس کے متعلق امور اس کے لئے آسان ہوں گے اور اس سے استفادہ کریگا۔ (۱۷) کبھی حضرت مسیح علیہ السلام کی رویت تہمت لگنے پھر اس سے بری ہونے کی طرف بھی اشارہ ہے۔ (۱۸) کبھی ان کو خواب میں زیارت کرنا غموم و ھموم' تکلیف' کسی پر تہمت لگانے اور ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۱۹) اور کبھی اس کی رویت عجائب کے ظہور اور کبھی کسی خوشخبری آنے کی علامت ہوتی ہے۔ اس لئے انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی تشریف آوری کی خوشخبری دی ہے۔ (۲۰) اور دیدار عیسیٰ علیہ السلام دعا کی قبولیت کی بشارت ہوتا ہے (۲۱) اور زیارت ابن مریم علیہا السلام بڑوں پر غصہ کرنے کی دلیل ہوتی ہے۔ (۲۲) کبھی دوستوں اور شاگردوں کی طرف سے حظ وافر ملنے پر دلالت کرتا ہے (۲۳) خواب میں کسی بچے کا حضرت ابن مریم علیہ السلام کو دیکھنا اس کے یتیم ہو کر والدہ کے زیر تربیت پرورش پانے' صالح اور عالم ہونے پر دلالت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرتا ہے۔ (۲۴) کبھی ان کی زیارت مصر اور شام کی طرف اور شام سے مصر کی طرف کوچ کرنے پر بھی دلالت کرتی ہے۔ (۲۵) کسی گم نام شخص کا خواب میں حضرت مسیح علیہ السلام کی زیارت کرنا اس کے حسنِ عاقبت پر دلالت کرتا ہے۔ اس لئے کہ قربِ قیامت میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمانوں سے نزول فرمائیں گے اور دجال کو قتل کریں گے اور زمین کو عدل وانصاف سے بھر دیں گے جیسا کہ ظلم وجور سے بھر گئی تھی۔ (۲۶) کسی کام میں حضرت ابن مریم علیہا السلام کا نزول ان میں عدل کے ظہور اور برکات کے نزول اور کفار کی ہلاکت اور مؤمنین کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد شامل حال ہونے کی علامت ہے۔

## حضرت عزیر علیہ السلام

خواب میں حضرت عزیر علیہ السلام کا دیدار کرنا اپنے علم وحکمت کے ذریعے ریاست پانے پر دلالت کرتا ہے۔

## عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۱) خواب میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زیارت کرنے والا بیداری میں طویل العمر اور اچھا کام کرنے والا اور حق گو ہوگا۔ (۲) کبھی ان کی رویت بیت الحرام کی تعمیر کرنے کی خوشخبری ہوتی ہے (۳) خواب دیکھا گویا ان کی ملاقات حضرت عمرؓ سے ہوئی اور ان سے مصافحہ بھی کیا تو دلیل ہے کہ وہ وسیع دنیا مکمل پرہیز گاری' فراست اور صیانت کے ساتھ پائے گا اس لئے ان کی شہرت تذکرہ کا محتاج نہیں ہے۔ (۴) خواب میں حضرت عمرؓ کو ترش رو دیکھنا کام تلاش کرنے اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنے پر دلالت کرتا ہے (۵) کسی قحط زدہ علاقے میں حضرت عمرؓ کو دیکھنا اس علاقے میں بارانِ رحمت اور برکات وفتوحات کے برسنے کی علامت ہے اور انکو اگر ظلم زدہ علاقہ میں دیکھا جائے تو اس میں عدل کی فراوانی کی علامت ہے۔ (۶) خواب دیکھا گویا حضرت عمرؓ اس کو درے سے مار رہے ہیں اور دھمکا رہے ہیں تو صاحب خواب کو چاہئے کہ جو غلط کام کر رہا ہے اس سے توبہ کرے۔ (۷) کبھی ان کی دلالت اس کے ہاں بادشاہ یا کسی عالم کے آمد پر ہوتی ہے۔ کبھی ان کو دیکھنا خیر عظیم کی دلیل ہوتا ہے۔ آپؓ کو خواب میں دیکھنا دینِ حق کے قیام' امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی ترویج اور اعلام بالاذان کا اشارہ ہے کیونکہ اعلام بالاذان کا سبب سب سے پہلے آپ ہی ہیں۔ کبھی آپ کی زیارت سے دشمنی کے بعد صلح' بغض کے بعد عداوت قدرت کے باوجود دنیا سے بے رغبتی بھی مراد ہوتی ہے۔ اگر صاحبِ خواب بادشاہ ہو تو فتوحات اور حسب استطاعت اقامت دین مراد ہوتا ہے۔ نیز ایسے بادشاہ کو دشمنوں اور منافقوں پر ترغیب وتربیت کے ساتھ لوگوں کا تعاون حاصل رہے گا۔

## حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۱) آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خواب میں دیکھنا علم کی جانب توجہ اور اس کی جمع میں لگ جانے' اعزہ کی حفاظت' خلافت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



امارت اور امانت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے کی دلیل ہے۔ کبھی آپ کی روایت صاحبِ خواب پر دشمنوں کے ہجوم انکی کامیابی اور اس کی شہادت کی دلیل ہے کبھی اس سے منصب، رزق کثیر اور اکابرین کی دامادی کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ کیونکہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ذوالنورین یکے بعد دیگرے آنحضرت ﷺ کی دو بیٹیوں کے شوہر تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا زندہ دیکھنا دین داری، مال و نفس کے ساتھ جہاد، حفظ قرآن اور دشمنوں سے حفاظت ہے۔ اپنے گھر میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مقتول دیکھنا آلِ نبی ﷺ پر سب وشتم اور انکی جانب میلان نہ ہونے کی دلیل ہے۔ آپ کو شہر یا بازار میں دیکھنا شہداء اور صالحین کے ساتھ حشر اور حصولِ علم کی دلیل ہے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنے گھر میں محصور دیکھنا کسی بڑے عالم پر ظلم کا اشارہ ہے۔ اگر کوئی شخص دیکھے کہ اس کی شکل وصورت اور لباس آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسا ہے تو اگر بادشاہ ہے تو اس کی رعایا اسے قتل کرے گی۔ اگر عالم ہے تو اس کے ساتھ دھوکہ ہوگا اور لوگ اسے دھوکہ دینے کے سبب گناہ میں مبتلا ہونگے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنا ساتھی دیکھنا یا ان کے ساتھ اکٹھا رہنا تلوار قید کے سبب یا کسی خبیث الباطن آدمی کے ذریعے مصیبت کا اشارہ ہے۔ البتہ مصیبت کے بعد صاحب خواب کا انجام یقیناً اچھا ہوگا۔ آپؓ کو زندہ دیکھنا حیا اور اس کے ساتھ کثرت حاسدین کی دلیل ہے۔

## حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خواب میں دیکھنا دشمنوں کی دلیل ہے۔ (۱) اگر آپؓ کو کسی جگہ لوگوں کو سجدہ کرتے دیکھے یا کندھوں پر اٹھاتا دیکھے تو رفض یا اور کسی فتنہ پر اجتماع کی دلیل ہے۔ (۲) اگر عالم آپؓ کو دیکھے تو علم کے ذریعے مناظرین پر غلبہ پانے کی دلیل ہے۔ کبھی آپؓ کو دیکھنے والے کی قید یا مصیبت کے سبب ایک جگہ سے دوسری جگہ ہجرت کا بھی خطرہ ہوتا ہے۔ اکثر اوقات خلفاء راشدین کی زیارت کرنے والے کو جام شہادت حاصل ہوتا ہے۔ اگر صاحب خواب بادشاہ ہے تو کسی قلعہ کے فتح اور پھر ذکر جمیل کی دلیل ہے۔ حضرت علیؓ کی زیارت اولاد پوتوں اور شریف نسل کی دلیل بھی ہوتی ہے۔ آپؓ کی زیارت ذمیوں خاص کر یہودیوں کو ختم کرنے، خلافت، امانت، کرامتوں کا اظہار کی بشارت ہے جس شخص کو آپؓ کی زیارت نصیب ہوئی اسے علم، رزق سخاوت، شجاعت اور زھد کی دولت حاصل ہوگی۔ (۳) آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو زندہ دیکھنا نیکی، حکمت، اللہ کے دین کو قائم کرنے، تقویٰ اور اتباع سنت کی دلیل ہے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ہتھیار پہنے دیکھنا بادشاہ کے ذریعے رفعت و منفعت پانے کی دلیل ہے۔ (۴) آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بوڑھا دیکھنا بادشاہت کے امور میں قوی ہونے کی دلیل ہے۔ (۵) اگر کوئی فقیہ آپؓ کو سفید سر اور سفید داڑھی والا دیکھے تو دلیل ہے وہ فقہ میں کمزور ہے۔ (۶) آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مسلمانوں کے شہر میں لڑائی کی حالت میں دیکھنا لوگوں میں تلوار و زبان کے فتنے کا اشارہ ہے۔ (۷) اگر آپؓ کو کسی ایسی جگہ دیکھے جہاں بڑے رہتے ہوں تو ان تمام کے ہلاک ہونے کا اشارہ ہے۔ (۸) جو شخص آپؓ کے دونوں ہاتھوں کو خضاب سے رنگے ہوئے دیکھے تو اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی اولاد اس کے مقابلے میں دوسروں کی مدد کرے گی۔(۹) آپؐ کے جسم میں زخم دیکھنا صاحب خواب پر طعن اور اپنی ولایت سے نکلنا ہے۔(۱۰) اگر دیکھے آپؐ نے اپنے نیام سے تلوار نکالی ہے تو صاحبِ خواب اپنی اولاد کو طلب ولایت کا حکم دے گا۔(۱۱) اگر آپؐ کو لڑتے ہوئے دیکھے تو صاحبِ خواب کی اولاد کی امداد ہوگی۔ کبھی آپؐ کو کسی جگہ دیکھنا اس جگہ فتنہ واقع ہونے کا اشارہ ہے۔

## حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

(۱) آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو خواب میں دیکھنا خیر و برکت کی دلیل ہے۔(۲) اگر آپؓ کو کوئی عورت دیکھے تو اچھی شہرت بلند درجہ اور خاندان والوں میں بڑے مقام پائے گی۔

## عالم

(۱) متقدمین یا متاخرین میں سے کسی بھی عالم کو خواب میں دیکھنا بلند مرتبہ' ذکر خیر' علم پر عمل اور ترقیِ علم کی بشارت ہے۔ کیونکہ علماء حضرات اللہ کے راستے کی طرف عوام کو لگانے والے ہیں۔ حکماء کو خواب میں دیکھنا فرحت و سرور کی نشانی ہے۔(۲) صلحاء کو خواب میں دیکھنا دین میں صلاح کی علامت ہے۔(۳) اگر کوئی شخص خود کو فقیہ بنے دیکھے کہ لوگ اس کی بات مان رہے ہیں اور اس سے مسائل دریافت کر رہے ہیں اور وہ اس کا اہل نہ ہو تو اسے کسی آزمائش کے لئے تیار ہو جانا چاہئے۔ لیکن اس مصیبت کے بارہ میں لوگ اس کی بات کا اعتبار کریں گے۔(۴) لیکن عالم کو قحط یا مصیبت والی جگہ پر دیکھنا وہاں سے مصیبت اور قحط کے خاتمہ کی طرف اشارہ ہے۔(۵) اگر کسی غیر معروف فقیہ یا عالم کو دیکھے تو کوئی فلسفی طبیب اس جگہ وارد ہوگا۔

## عطارد (سیارہ)

(۱) خواب میں عطارد کو دیکھنا نجومیوں کے وزراء کو دیکھنا ہے یا پھر کسی کام کے مکمل ہونے کی دلیل ہے کبھی اس سے ایک جانب سے دوسری جانب ہٹنا' غم اور تنگی بھی مراد ہوتے ہیں۔(۲) اگر بیداری میں عطارد چاند کے ساتھ ہو تو نحوست' جھوٹ' فقر اور ڈرا دینے والے واقعات کا اشارہ ہے۔ یا پھر قافلوں کے ملنے کی دلیل ہے کبھی عطارد سے سپاہی بھی مراد ہوتا ہے۔

## عام (سال)

(۱) خواب میں سال کو دیکھنا خود کو یا کسی اور کو فتنے میں مبتلاء دیکھنا ہے بوجہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے ﴿ اَوَلَا یَرَوْنَ اَنَّهُمْ یُفْتَنُوْنَ فِیْ كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً اَوْ مَرَّتَیْنِ ثُمَّ لَا یَتُوْبُوْنَ وَلَا هُمْ یَذَّكَّرُوْنَ ﴾ ''کیا وہ نہیں دیکھتے ہیں کہ سال میں ایک دو مرتبہ فتنے میں مبتلا کئے جاتے ہیں پھر بھی نہ توبہ کرتے ہیں نہ ہی اللہ کو یاد کرتے ہیں'' اگر لوگ قحط میں مبتلاء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوں تو کثرت خیر کی دلیل ہے۔

## عرس (شادی)

خواب میں اگر دلہن آراستہ و پیراستہ دکھائی دے تو دنیاوی آرام وسکون کی دلیل ہے۔(۱) اگر کوئی شخص خود کو دولہا دیکھے لیکن اپنی بیوی کو نہ تو دیکھتا ہے نہ ہی پہچانتا ہے اور نہ ہی اس کے نام ونسب سے واقف ہے بس صرف اتنا معلوم ہے کہ اس کی بیوی ہے تو دلیل ہے اس کی وفات ہوگی یا پھر وہ کسی کو قتل کرے گا۔(۲) اگر اپنی بیوی کو دیکھتا پہچانتا یا نام جانتا ہے تو یہ شادی کرنے کی بشارت ہے۔(۲) اگر عورت سے شادی کرے تو عورت کی قدر وفضیلت اور حسن و جمال کے مطابق سلطنت حاصل ہوگی۔

## ولیمہ

(۱) ولیمہ اگر گانے والیوں اور گانے کے ساز وسامان کے ساتھ ہو تو ولیمہ کی جگہ کوئی شخص فوت ہوگا۔(۲) اگر کوئی شخص دیکھے کہ اس کا ولیمہ ہو رہا ہے۔لیکن بیوی کو نہیں دیکھا ہے اور نہ ہی اس کا نام وغیرہ معلوم ہو تو اس کی وفات کی علامت ہے۔ (۲) اگر عورت کو دیکھے یا اس کے نام ووصف سے واقف ہو تو دنیاوی منفعت کے حصول کی دلیل ہے۔

## عذراء (کنواری)

(۱) خواب میں کنواری لڑکی اھل منصب کے لئے تنگی کی علامت ہے جیسے کہ شادی شدہ فراخی کی دلیل ہے۔

## عجوز (بڑھیا)

(۱) خواب میں بڑھیا عاجز ہونے کی دلیل ہے' کبھی اس سے دنیاوی شان وشوکت کا خاتمہ اور غم بھی مراد ہوتے ہیں۔ کبھی بڑھیا کو دیکھنا آخرت کو دیکھنا ہے کیونکہ یہ دنیا کی ضد ہے۔کبھی اس سے شراب اور گائے بھی مراد ہوتے ہیں کہ یہ دنیا کی ضد ہے۔ کیونکہ انہیں بھی عربی میں عجوز (بڑھیا) کہا جاتا ہے۔کبھی بڑھیا کو دیکھنا مایوسی کے بعد حمل ہونے کی دلیل ہے۔کبھی اس کی دلالت مکروفریب پر بھی ہوتی ہے۔(۲) مریض بڑھیا عجز پر اور پیاسی بڑھیا قحط پر دلالت کرتی ہے۔(۲) اگر بڑھیا بچی بن جائے تو زوال قحط کی دلیل ہے۔(۳) اگر نامعلوم بڑھیا کسی مریض پر داخل ہو تو اس کی وفات کا ڈر ہے۔(۴) اگر حاملہ ایسا دیکھے تو اس کے لئے بہتری کی دلیل ہے۔(۵) اگر کسی اہم کام میں لگا ہوا شخص بڑھیا کو اپنے ساتھ لیٹے ہوئے یا اپنا ساتھی دیکھے تو وہ اپنا کام اور مقصد سے عاجز ہوگا۔ بڑھیا بنجر زمین پر بھی دلالت کرتی ہے جس سے کوئی پیداوار نہ ہو۔(۶) خارشی بڑھیا دیکھنا تنگی اور ندامت کی علامت ہے۔ بری شکل وصورت والی بڑھیا کو دیکھنا فتنہ اور لڑائی کو دیکھنا ہے۔کافر بڑھیا حرام مال جبکہ مسلمان بڑھیا خوشی کے ساتھ حلال مال ہے۔(۶) اگر کوئی عورت بڑھیا بن جائے تو اسے وقار حاصل ہوگا۔(۷) نامعلوم بڑھیا قحط سالی کی دلیل ہے۔(۸) اگر بڑھیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آسمان سے اترے اور لوگ اس پر تعجب کریں تو یہ بھی قحط سالی ہے۔ بھی بدشکل بڑھیا لڑائی اور قحط کے زوال کی بشارت ہے۔ لاغر بڑھیا بھی قحط سالی کی علامت ہے۔ اگر وہ موٹی ہو جائے اور خوش شکل بن جائے تو قحط سالی ختم ہو جائے گی۔ بناؤ سنگھار کرنے والی بڑھیا دنیاوی بشارت ہے اور عنقریب اسے خوشخبری حاصل ہوگی۔ غم کے ساتھ دنیا کا حصول اور زوال جاہ ہے۔ بدشکل بڑھیا ایک حالت سے دوسری حالت میں تبدیلی ہے۔ ننگی بڑھیا دنیاوی رسوائی ہے۔ (۹) اگر دیکھے کہ بڑھیا گھر میں داخل ہوئی تو دنیا کے آنے اور اگر بڑھیا گھر سے نکلے تو دنیا کے جانے کی دلیل ہے۔ نامعلوم بڑھیا کی تعبیر بہ نسبت معلوم بڑھیا کے زیادہ صحیح ہوتی ہے۔ بڑھیا کے ساتھ مل کر باہم کوشش کرنا دنیا ملنے کی دلیل ہے۔ (۱۰) اگر ایسی بڑھیا دیکھے جس سے نکاح کی شہوت ختم ہو چکی کہ اس میں نکاح کی قوت لوٹ آئی اور اس نے نکاح کر لیا تو اسے دین اور دنیا دونوں حاصل ہوں گی۔ اگر نکاح حلال ہوا اور اگر حرام تو اسے صرف دنیا حاصل ہوگی۔ (۱۱) اگر کوئی عورت خود کو بڑھیا بنے دیکھے تو دنیاوی بھلائی پانے کی دلیل ہے۔

## عبد (غلام)

(۱) اگر کوئی آزاد خواب میں غلام بن جائے تو جس کا غلام بنا ہے اس کے احسانات کا غلام ہوگا یا پھر اس کے سامنے صاحب خواب کی برائیاں ظاہر ہونگی یا پھر اس سے قرض لے گا کہ گویا اس کا غلام بن جائیگا یا پھر اس سے مراد مرض ہے۔ (۲) اگر دیکھے کہ مولیٰ نے اسے فروخت کیا ہے تو عزت اور مرتبہ کی دلیل ہے۔ بعض اوقات اس سے مراد ذلت بھی ہوتی ہے۔ کیونکہ غلام کو بیچنا اس کی تذلیل ہے۔ یا پھر حضرت یوسفؑ کے قصہ پر قیاس کرتے ہوئے یہ تعبیر بیان کی جائے گی کہ اسے خیر کثیر عطا ہوگی۔ (۳) اگر غلام خواب میں آزاد ہو جائے تو تنگی کے بعد آسانی' مشکلات سے چھٹکارا' امراض سے شفاء اور حصولِ مقصد کی دلیل ہے یا پھر اللہ تعالیٰ کے حقوق ادا کرے گا' امر بالمعروف نہی عن المنکر' اقامت صلوٰۃ' ایتاء الزکوٰۃ اور خشیتِ الٰہی جیسے صفات سے مزین ہوگا۔ غلام خواب میں غم ہوتا ہے۔ (۴) اگر خود کو غلام بنا دیکھے تو غم لاحق کی دلیل ہے۔ (۵) اگر دیکھے اسے فروخت کر دیا گیا۔ تو تنگی کی دلیل ہے الا یہ کہ اسے کوئی عورت خریدے کیونکہ یہ اس کی عزت کی دلیل ہے جتنی قیمت زیادہ ہوگی اسی قدر اسے عزت نصیب ہوگی۔ (۶) غیر شادی شدہ عورت اگر خواب میں کسیکی لونڈی بنے تو اس کے ساتھ اس کی شادی کی دلیل ہے۔ (۷) اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو بیچے تو اسے طلاق دے گا۔ (۸) اگر کوئی اپنے دشمن کا غلام بن جائے تو ایسا شخص ذلیل ہوگا کیونکہ غلام اپنے سرداروں کے ہاں ذلیل ہی ہوتے ہیں۔

## عتق (آزادی غلامی سے)

خواب میں آزادی قربانی کرنے کی دلیل ہے۔ (۱) اگر کوئی شخص خود کو آزاد کرتے ہوئے دیکھے تو وہ قربانی کرے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اپنی بیوی کو آزاد کرنا طلاق دینا ہے۔ (۲) اگر غلام خود کو آزاد ہوتے دیکھے تو اس کی یا اس کے آقا کی موت کا خوف ہے۔ (۳) اگر غلام خود کو ہوا دیکھے تو آزاد ہوگا۔ (۴) اگر ایسا خواب مریض دیکھے تو وفات پائے گا۔ یا اگر وہ غلام ہے تو پھر حصول منافع میں اسے مشکلات پیش آئیں گی۔ اگر گناہگار خود کو آزاد شدہ دیکھے تو توبہ کرلے گا کافر ہے تو اسلام لائے گا اور جہنم سے آزاد ہوگا۔ (۵) اگر آزاد مقروض شخص دیکھے تو اس کا قرضہ ادا ہوگا۔ اگر گناہگار ہے تو توبہ کی توفیق نصیب ہوگی۔

## علم

خواب میں علم کسی علوی عورت سے شادی کرنا ہے۔ (۱) اگر دیکھے کہ خواب میں علم حاصل ہوا ہے تو اس کی شادی کسی علوی خاندان کی عورت سے ہوگی یا پھر یہ خواب اس کے لئے اچھی شہرت کی دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے علم کے ذریعے لوگوں کو ہدایت دیں گے۔ اور اس کے علم کو وسیع فرمائیں گے۔ (۲) غیر عالم اگر خواب میں علم باللہ یا بالسنّت کے ساتھ متصف دیکھے اللہ کی رحمت اور اس کے لطف کی دلیل ہے۔ اگر جادو یا اس طرح کے اور علوم سیکھے تو بدعت اور گمراہی کی دلیل ہے۔

## علم (جھنڈا)

(۱) خواب میں جھنڈا عالم زاہد مالدار اور سخی مرد ہے جس کی لوگ اقتداء کرتے ہیں۔ سرخ جھنڈے لڑائی کی' زرد جھنڈے لشکر میں وبا واقع ہونے کی' سبز جھنڈے سفر میں خیر وخوبی کی' سفید جھنڈے بارش کی جبکہ کالے جھنڈے قحط کی دلیل ہیں' پریشان آدمی اگر خواب میں جھنڈا دیکھے تو اس کی پریشانی ختم ہوگی۔ عورت کے لئے جھنڈا اس کا خاوند ہے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ سیاہ جھنڈے کثیر بارش پر دلالت کرتے ہیں۔

## علوشان

(۱) خواب میں علوشان بیداری میں عزت کے کم ہونے کی دلیل ہے۔ بعض معبرین فرماتے ہیں کہ لوگوں پر برتری کی محنت ذلت کا سبب ہے۔ لوگوں پر بلند شان کا ارادہ کرنے والا اگر خود کو خواب میں بلند دیکھے تو وہ تکبر کرے گا اور لوگوں میں ذلیل ہوگا۔ اگر اس کا کوئی ارادہ نہ ہو تو اسے رفعت وسرور حاصل ہوگا۔

## عز (عزت)

(۱) خواب میں عزت بیداری میں ذلت ہے جو شخص خواب میں خود کو عزت والا دیکھے بیداری میں وہ ذلیل ہوگا۔

## عظم (عظیم ہونا)

(۱) اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کا جسم بڑا ہوتا ہوتا عام معمول سے بڑھ گیا تو اس کی موت کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## عظم (ہڈی)

(۱) خواب میں ہڈی دیکھنا ہڈی سے معتبر لوگوں کی طرف سے حصولِ مال کی دلیل ہے اور ہڈی تعبیر لباس بھی ہے جیسے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ﴿ فَكَسَوْنَا الْعِظَامَ لَحْمًا ﴾ ''ہم نے ہڈیوں پر گوشت کا لباس چڑھایا'' ہڈی رأس المال پر بھی دلالت کرتی ہے اور اہم کاموں پر بھی۔ (۲) اگر کوئی شخص بہت سی ہڈیوں کا مالک بنا تو وہ ہڈیوں کی بمقدار سواریوں یا گھروں کا مالک بنے گا۔ اس لئے کہ ہڈیوں سے مراد بنیاد بھی ہوتی ہے۔ (۳) انسانی ہڈی اس کے اصل مال پر دلالت کرتی ہے۔ جیسے کہ غلام۔ اونٹ گائے کھیتی اور درخت وغیرہ اگر کوئی ایسا آدمی خواب میں ہڈی دیکھے جس کا اصل مال نہ ہو تو پھر اس ہڈی سے مراد اس کا دین اور بنیادی فرائض ہونگے ہڈی گواہوں پر مال اور قوت اور ان افراد پر بھی دلالت کرتی ہے جن سے انسان قوت حاصل کرے جیسے اولاد اور غلام وغیرہ۔ (۴) بڑی ہڈیوں سے اکابر قوم جبکہ چھوٹی ہڈیوں سے غلام اولاد اور خدام مراد ہوتے ہیں۔ (۵) اگر خواب میں ہڈی ٹوٹ گئی تو جس پر ہڈی دلالت کرتی ہے اگر وہ مریض ہے تو فوت ہوگا اور اگر تندرست ہے تو مریض ہوگا۔ کبھی ہڈی عظمت کی بھی دلیل ہوتی ہے۔ (۶) ہڈی کا کھردرا یا بڑا ہونا صاحبِ خواب کی عظمت کی نشانی ہے۔ (۷) اگر مریض ننگی ہڈی کو دیکھے تو اس کے تندرست ہونے کی دلیل ہے کبھی ہڈیوں سے بنیادوں کے ساز وسامان کا اشارہ ہوتا ہے۔ کبھی ہڈیوں کا دیکھنا رازوں کے جاننے اور خفیہ امور پر اطلاع پانے کی جانب اشارہ ہے۔ (۸) اگر کسیکی ہڈی لوہے کی بن جائے تو طویل بیماری میں مبتلا ہوگا۔ یا اسے بہت سی تکالیف آئیں گی۔ لیکن وہ ان پر صبر کرے گا۔ اگر اس کی ہڈی عاج کی ہو جائے تو حرام سے پُر ہونے کی دلیل ہے۔ کبھی ہڈیوں سے مراد پھلوں والے درخت بھی ہوتے ہیں کیونکہ پھل بھی اپنے چھلکے میں چھپا ہوا ہوتا ہے اور پھلوں سے مراد انسان کے محاسن یا جو اس سے صادر ہو مثلاً علم وغیرہ مراد ہوتے ہیں کبھی ہڈی صحت یا بیماری کی بھی دلیل ہوتی ہے۔

## عصب (پٹھے)

اس کی تعبیر معاملے کو جوڑنے والا شخص ہے (۱) اگر کوئی شخص اپنے پٹھوں میں درد محسوس کرے غم وحزن میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔ (۲) پٹھے ختم ہو جانا کام کے نہ ہونے کی دلیل ہے۔ (۳) اگر مریض ہو تو اس کی وفات کی دلیل ہے۔ پٹھے انسانی جسم کے رئیس ہیں اس سے پرہیزگاری خرید وفروخت اور دیگر معاملات میں گواہی اور اسباب رزق وغیرہ پر دلالت مقصود ہوتی ہے۔ خواب میں گھریلو عصبات (باپ کی طرف سے رشتہ دار) اور ان میں کمی زیادتی کی تعبیر وہی ہوگی جس پر وہ دلالت کرتے ہیں۔

## عرق (رگ)

(۱) رگ سے مراد گھر والے ہوتے ہیں۔ رگ کا اچھا یا برا ہونا گھر والوں کا اچھا یا برا ہونا ہے۔ (۲) اگر کوئی دیکھے کہ اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے رگ کو عرضا کاٹا ہے تو وہ کسی قریبی رشتہ دار کی موت ہے' انسانی رگیں اس کا خاندان ہیں اگر کوئی ایک بھی منقطع ہو تو بعض رشتہ داروں سے جدائی ہے خواہ موت کی صورت میں ہو خواہ قطع رحمی کی صورت میں ہو۔ رگوں کی تعبیر چھوٹے چھوٹے نالے ہیں اور انسان کی تعبیر درخت ہے رگیں ایسی ہی ہیں جیسے کہ باغ کے لئے ندی نہریں وغیرہ۔ چنانچہ رگ کا کٹنا جانا باغ کے پانی کی بندش ہے اگر رگوں کو ظاہر دیکھے تو مقصود کے حصول میں مشکل پیش آئے گا۔ وہ رگیں جن پر پچھنے لگواتے ہیں اور وہ شریانیں جو ہمیشہ متحرک ہی رہتی ہیں زندگی رزق اور خاندان کے بڑوں پر دلالت کرتی ہیں۔ (۳) اگر کوئی شخص اپنے ہاتھوں کی رگوں سے خون بہتا دیکھے اگر غنی ہے تو اس کا مال بقدر خون ضائع ہوگا۔ اگر فقیر ہے تو اتنا مال حاصل ہوگا۔

## عرق (پسینہ)

(۱) مریض کے لئے خواب میں پسینہ مرض سے چھٹکارا ہے اگر صحت کی امید ہو وگرنہ موت کی علامت ہے۔ (۲) اگر صاحب خواب تندرست ہو تو محنت اور مشقت والے کام کی یا پھر دنیاوی نقصان کی دلیل ہے۔ (۳) اگر کوئی دیکھے کہ اس کا پسینہ بہا ہے تو اس کی ضرورت مکمل ہوگی۔ (۴) بغل کے پسینہ کی بو رعیت کے لئے وبا اور والی کے لئے بری تعریفوں کے بعد حصولِ مال ہے۔ اسی طرح تاجر اور کاریگر کے لئے پسینہ مال بھی ہوتا ہے۔ (۵) اگر کوئی دیکھے کہ پسینہ اس کے جسم سے گرا ہے تو پسینہ کی بقدر اس کا مال ضائع ہوگا کبھی پسینہ دیکھنے والے کے لئے مصیبت بھی ہوتا ہے۔

## عانہ (زیرناف بال)

(۱) خواب میں زیرناف بال کاٹنا یا کسی اور طریقہ سے انہیں زائل کرنا دین میں کمی اور غم کی علامت ہے۔ (۲) عورت کی' زیرناف بال باغ کی کھیتی پر دلالت کرتی ہے۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ حیض کی طرح اس کی طلاق کا اشارہ ہے۔ اس لئے کہ نفس ان چیزوں کو اچھا نہیں سمجھتا۔ (۳) اگر کوئی اپنی زیرناف جگہ پر بال نہ دیکھے تو ایسی حماقت کا کام کرے گا جس کے سبب سے اس کا مال اس سے دور کر دیا جائیگا۔ اگر بہت زیادہ بال دیکھے تو فسادِ دین اور سنت کے ساتھ مال کثیر مراد ہے کبھی زیرناف سے مراد سنت اور اسکی اتباع ہے اور اقامت صلوٰۃ مراد ہوتی ہے۔ گاہے اس کی دلالت بے فائدہ کھیتی پر بھی ہوتی ہے۔

## عین الانسان (انسانی آنکھ)

(۱) خواب میں آنکھ آدمی کا دین اور اس کی وہ بصیرت ہے جس کے ذریعے وہ ہدایت اور گمراہی کو دیکھتا ہے جو شخص اپنے بدن پر جتنی زیادہ آنکھیں دیکھے اس میں اتنا ہی زیادہ دین اور نیکی پائی جاتی ہے۔ (۲) اگر کوئی شخص اپنے دل کی آنکھ یا بہت زیادہ آنکھیں دیکھے تو بھی اس کی نورانیت کی دلیل ہے۔ (۳) اگر کسی کی آنکھوں کو غصہ سے سرخ دیکھے تو وہ آدمی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس کے ساتھ کینہ رکھتا ہے۔اور کسی تدبیر میں مشغول ہے۔(۴) اگر دیکھے کہ کسی آدمی نے اس پر آنکھیں کھولیں تو وہ آدمی اس کے کاموں کی نگرانی کر رہا ہے۔(۵) اگر دیکھے کہ اس کی آنکھ لوہے کی ہے تو اس کی پردہ دری ہوگی۔اور اسے لوگوں سے شدید غم پہنچے گا۔(۶) اگر آنکھ کو زنا کرتے دیکھے تو وہ عورتوں کو بری نظر سے دیکھتا ہے۔(۷) اگر کسی نے آنکھ کو دیکھا اور وہ اسے بھلی لگی تو وہ ایسا کام کرے گا جو اس کے دین کے لئے وبال ہوگا۔(۸) اگر اپنے پیٹ کو پھاڑ کر دیکھا اور اس میں کئی آنکھیں نظر آئیں تو ایسا آدمی زندیق ہے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ﴿مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ﴾ الاحزاب) ''اللہ نے رکھے نہیں کسی مرد کے دو دل اس کے اندر'' (۹) اگر اپنے کندھے پر کسی آدمی یا جانور کی آنکھ دیکھے تو اسے غیبی مال حاصل ہوگا۔(۱۰) اگر اپنے آنکھ سرخ دیکھے تو اپنے دوست کی بیوی کو شک کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔(۱۱) کالی آنکھ دین۔(۱۲) سیاہ سرخی مائل آنکھ دین کی مخالفت' نیلی آنکھ بدعت پر دلالت کرتی ہے۔(۱۳) سبز آنکھ ایسا دین ہے جو دیگر ادیان کا مخالف ہو۔(۱۴) آنکھ کا گہرا ہونا ہر ایک کے لئے اچھا ہے۔جبکہ کمزور ہونا مالی محتاجی کی دلیل ہے۔کیونکہ مال بمنزلہ آنکھ ہے۔اگر صاحب اولاد یہ خواب دیکھے تو اسکی اولاد مریض ہوگی۔(۱۵) اگر آنکھوں کو ختم ہوتے دیکھے تو اسکی اولاد فوت ہوگی۔اگر فقیر اور قیدی یہ خواب دیکھے تو ان کا فقر اور قید ختم ہوگا۔اگر مقہور آدمی یہ خواب دیکھے تو اسے کوئی دستگیر ملے گا جو اس کی مصیبت کو دور کرنے کے لئے اس کا سہارا بنے گا جیسا کہ نابینا کا ہاتھ بہت سے لوگ پکڑتے ہیں اس کی خدمت کرتے اور اسے آرام پہنچاتے ہیں۔اگر آنکھ کو مسافر یا وہ آدمی جو سفر کا ارادہ رکھتا ہے دیکھے تو اس کے وطن نہ لوٹنے کی دلیل ہے۔(۱۶) اگر خواب میں لوگوں کو لڑتے ہوئے اور خود کو نابینا دیکھے تو اپنے دشمنوں سے جاہل رہے گا۔(۱۷) اگر دیکھے کہ اس کی آنکھیں اجنبی کی آنکھی بن گئی ہیں تو اس کی بینائی ختم ہونے کی علامت ہے۔نیز یہ دیگر حضرات سے رہنمائی حاصل کرے گا۔(۱۸) اگر صاحب خواب اس اجنبی کو جانتا ہو تو پھر اس اجنبی سے اپنی بیٹی کی شادی کرنے یا اس سے نفع حاصل کرنے کا اشارہ ہے۔(۱۹) اگر دیکھے کہ اس کی آنکھیں اس کی گود میں گر گئی تو اس کا بیٹا یا اس کا بھائی فوت ہوگا۔(۲۰) اگر خواب میں دیکھے کہ خوبصورت آنکھوں والی عورت کا مالک بنا ہے تو کسی جاہل احمق عورت سے شادی کرے گا۔انسانی آنکھ کی تعبیر لڑکا یا دوست یا دین ہے۔(۲۱) خواب میں آشوب چشمی دیکھنا دین کا نقص ہے۔(۲۲) اندھا پن دین میں زیادہ نقص کی دلیل ہے۔(۲۳) اگر دیندار دیکھے کہ اس کی آنکھوں کی بینائی ختم ہوگئی تو وہ ترک نماز وزکوٰۃ یا کسی اور معصیت کا ارتکاب کرے گا۔(۲۴) اگر انسان اپنی سو آنکھیں دیکھے تو وہ سو درہم ہیں جو اسے ملیں گے۔(۲۵) بادشاہ کی آنکھ کی تعبیر جاسوس ہے آنکھ سے رقیب بھی مراد ہوتا ہے۔(۲۶) اگر اپنی آنکھ میں نقص دیکھے تو اس کے مال اور اولاد میں نقص ہوگا۔(۲۷) اگر دیکھے کہ اس کی آنکھیں ظاہرِ قدم پر منتقل ہوگئی ہیں اور وہ ان سے چل رہا ہے تو وہ دو یا تو غلام ہیں ان سے یہ اپنی بیٹیوں کی شادی کرے گا۔(۲۸) اگر نیک آدمی اپنی آنکھ میں نقص دیکھے اور اس کی اولاد بھی نہ ہو تو اس کے مال کو نقصان پہنچے گا۔بعض اوقات آنکھوں کا ختم ہونا مرض کی دلیل ہے۔(۲۹) اپنی آنکھوں کا علاج کرنا دین کی اصلاح کرنا ہے۔بعض

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرات کہتے ہیں کہ مال کی اصلاح ہے بعض حضرات کہتے ہیں کہ اس کا لڑکا مراد ہے۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ اس کا غائب بھائی واپس آئے گا اور اسے راحت نصیب ہوگی۔(۳۰) اگر دیکھے کہ اس کی بینائی لوگوں کے گمان سے زیادہ ہے تو دین میں اس کی باطنی حالت ظاہری حالت سے بہتر ہوگی۔(۳۱) اگر بینائی لوگوں کے گمان سے کم دیکھے تو دین میں اس کی باطنی حالتِ ظاہری حالت سے خراب ہوگی۔(۳۲) اپنی آنکھ میں سفیدی دیکھنا غم ہے یا پھر اپنے عزیز سے جدا ہوگا۔(۳۳) اگر دیکھے کہ آنکھ کی سفیدی ختم ہوکر آنکھیں صحیح ہوگئی ہیں تو کوئی لمبی جدائی والا واپس آئے گا۔ اگر غمگین ہے تو اللہ اس کا غم دور فرمائے گا۔(۳۴) اپنی آنکھوں کو نیلگوں دیکھنا جرم کرنے کی دلیل ہے۔ دل کی آنکھ دین کی اصلاح اور اس قلبی حکمت کی دلیل ہے جو وہ بیان کرتا ہے۔(۳۵) اگر دیکھے کہ اس کی ایک آنکھ دوسری میں داخل ہو رہی ہے تو اگر اس کا بیٹا اور بیٹی ہے۔ تو انہیں الگ الگ کر دے۔(۳۶) کسی آدمی کی آنکھ کھانا اس کا مال کھانا ہے۔(۳۷) اگر دیکھے کہ آنکھوں کی پلکیں نہیں ہیں تو دین کی ضیاع کی دلیل ہے پلکوں کو اکھاڑنا دشمن کے ہاتھوں ذلت کی علامت ہے۔ پلکوں کا سفید ہونا سر' آنکھ اور کان کے مرض کی دلیل ہے۔ بدن میں ایک آنکھ یا کئی آنکھوں کا دیکھنا اگر عام آنکھ جتنی ہو تو مال ہے کبھی خوبصورت آنکھ جادو اور موت وحیات کی دلیل ہوتی ہے۔ آنکھیں اہل واقارب اولاد اور خادموں کی دلیل ہے۔(۳۸) کبھی آنکھیں کھانا ابلے ہوئے انڈے کھانا ہے' اپنی آنکھوں کو خوبصورت دیکھنا ہدایت' علم اور بصیرت کی دلیل ہے۔ اگر اس کا بیٹا بیوی یا کوئی دوست بیمار ہو تو وہ تندرست ہوگا۔ اگر کافر ہو مسلمان ہوگا۔ فقیر ہو غنی ہوگا وگرنہ اسے اپنی قدر ومنزلت کے مطابق بڑا عہدہ نصیب ہوگا۔(۳۹) ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا شدت کا اشارہ ہے۔(۴۰) اگر انسانی آنکھ کسی اور جگہ منتقل ہو جائے یا جسم میں اور آنکھیں ابھر آئیں تو بدن میں کسی ایسے زخم کا اشارہ ہے جس میں خون یا پیپ ہے۔(۴۱) پیاس کی شدت کے خوف والا مسافر اگر اپنے جسم پر بہت سی آنکھیں دیکھے یا زمین سے انہیں چنے تو اسے پانی حاصل ہوگا کبھی بہت بڑی آنکھ اللہ تعالیٰ کی خاص عنایت ہوتی ہے۔(۴۲) بے نور آنکھیں اللہ تعالیٰ کا عذاب ہیں۔(۴۳) اگر کسی شخص کی آنکھیں کسی اور پر پڑیں اور وہ اس سے پوشیدہ رہنا چاہتا ہو تو اسے دیکھ لے گا۔ کبھی کبھار آنکھ میں تکلیف پاؤں میں شکایت ہوتی ہے کیونکہ بہت سے محبت کرنے والے محبوب کی زیارت میں غلط اور بہت کوششیں کر کے پاؤں زخمی کر لیتے ہیں۔(۴۴) دائیں آنکھ بیٹے اور بائیں آنکھ بیٹی پر دلالت کرتی ہے۔(۴۵) آنکھ میں خس وخاشاک یا کیچڑ شب بیداری اور باعثِ فخر دوست سے دوری ہے۔(۴۶) اگر کسی کی آنکھیں کان کی جگہ چلی جائیں تو وہ نابینا ہوگا کیونکہ اندھا آدمی سن کر ہی معلومات حاصل کرسکتا ہے۔

(۴۷) آنکھوں میں سرخی کسی بات پر غصہ آنے کی دلیل ہے۔(۴۸) آنکھ کا پھوٹنا کسی چیز سے تجاوز کرنا ہے یا اس کی اولاد منقطع ہوگی۔(۴۹) آنکھ اکھاڑنا کسی ایسی مصیبت کی دلیل ہے جو آنکھ پر نازل ہوگی کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ جو کام انسان خواب میں دوسرے کے ساتھ کرتا ہے وہی بیداری میں اسکے ساتھ ہوتا ہے۔(۵۰) خواب میں کانا ہونا نصف مال یا نصف دین کا نقص ہے یا پھر کسی بہت بڑے گناہ میں اس کی نصف عمر ضائع ہوگی اسے اللہ سے ڈرنا چاہیئے اور اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے توبہ کرنی چاہیئے اور باقی نصف عمر نیکی میں گزارنی چاہیئے' بعض حضرات کہتے ہیں کہ اسے کہیں سے نفع کی امید ہے بعض حضرات کہتے ہیں کہ اس کا بھائی یا بیٹا فوت ہوگا۔ اگر نیک آدمی خود کو کانا دیکھے تو اس کی سچی گواہی کی دلیل ہے اگر گناہ گار ایسا دیکھے تو اس کا نصف دین ہوگا اور اسے غم مصیبت یا ایسا مرض لاحق ہوگا جو اسے موت تک لے جائیگا۔ یا پھر اسے یا ایک ہاتھ یا ہونٹ یا اس کی بیوی بھائی یا شریک کو کوئی مصیبت لاحق ہوگی یا پھر اس سے نعمت زائل ہوگی۔

## عور (اندھاپن' کانا ہونا)

خواب میں اندھاپن دین میں گمراہی کی دلیل ہے یا پھر اسے رشتہ داروں میں بہت بڑی میراث ہاتھ آئیگی۔ (۱) اگر دیکھے کہ کسی شخص نے اسے کانا کیا ہے تو وہ شخص اسے گمراہ کریگا۔ اگر صاحب خواب کافر ہو تو اندھا کرنے والا شخص اسے اس کی رائے سے بہلائے گا۔ کبھی اندھاپن مالداری پر بھی دلالت کرتا ہے۔ کبھی اندھے پن سے قرآن بھولنا بھی مراد ہوتا ہے۔ اندھا ایسا شخص بھی ہوتا ہے جو فقر کے سبب کے لئے نقصان دہ ہوتا ہے۔ (۲) اگر خواب میں کافر اندھا ہوجائے تو اسے غم تکلیف مصیبت یا کوئی تاوان وغیرہ لاحق ہوتا ہے۔ (۳) اگر خود کو اندھا اور نئے کپڑوں میں لپٹا دیکھے تو اس کی موت کی علامت ہے۔ کبھی اندھا ہونا بات کے قابل اعتبار نہ ہونے کی دلیل ہے یا پھر اسے حضرت اسحاق علیہ السلام اور حضرت یعقوب علیہ السلام کے قصہ پر قیاس کرتے ہوئے علم وحکمت عطاء ہونے سے تعبیر کی جائیگی۔ (۴) اگر اندھا خواب میں قبلہ سے پھر جائے تو اسکی گمراہی کی علامت ہے۔ (۵) اگر کوئی دیکھے کہ اس کی دونوں آنکھیں اندھی ہوگئی ہیں تو اس کے اور اللہ کے درمیان کوئی پردہ بنا ہوا ہے۔ آنکھوں سے اندھا ہونا غنی کے لئے فقر اور فقیر کے لئے غناء ہے یا پھر اپنی عزیز چیز مال واولاد کا ضیاع ہے۔ یا کنویں کا منہ بند ہوگا یا محافظ وجاسوس ہلاک ہوں گے یا پھر ایسا آدمی نیکیوں سے منع کریگا۔ (۶) اگر مریض دیکھے کہ اس کی آنکھیں چمکی ہیں تو اسکی موت کی دلیل ہے کبھی اندھا ہونے کی دلالت بہرا پن پر یا نیک لوگوں کے دنیا کو حقیر جاننے اور دنیا کو ناقص آنکھ سے دیکھنے پر بھی ہوتی ہے یا پھر اس کی دلالت راز چھپانے پر بھی ہوتی ہے۔ مسافر کا اندھا ہونا وطن دوبارہ نہ پہنچنا ہے قیدی کا اندھا ہونا قیدی سے رہائی ہونا ہے اس لئے کہ لوگ اندھے پر رحم کرتے ہیں اور جہاں وہ چاہتے ہیں اس کا ہاتھ پکڑ کر پہنچا دیتے ہیں۔ کسی مقصد کے پیچھے پڑا ہوا اگر خود کو اندھا دیکھے تو اسے مقصد حاصل نہ ہوگا کیونکہ اندھا اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوتا۔

## عین الماء (چشمہ)

(۱) خواب میں پانی کا چشمہ دیکھنا اگر صاحب خواب پاکدامن ہو تو نعمت بھلائی برکت اور حصول مقصد کی دلیل ہے۔ (۲) اگر دیکھے کہ اس کے گھر سے چشمہ پھوٹا ہے جبکہ صاحب خواب پاکدامن نہیں تو ایسی مصیبت کا خطرہ ہے جس پر گھر والے روئیں گے۔ چشمہ کے پانی سے وضوء کرنا بہتری کی دلیل ہے خواہ پانی صاف ہو یا میلا' ٹھنڈا ہو یا گرم لیکن اتنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



صاف ضرور ہو کہ اس سے وضوء کرنا جائز ہو کیونکہ وضوء کی تعبیر بنسبت چشمہ کے زیادہ قوی ہے۔ (۹) اگر دیکھے کہ پانی کا چشمہ گھر وغیرہ سے بہا اور بہہ کر گھر سے باہر نکل گیا تو معاشی استحکام' بھلائی منفعت حاصل ہوگی۔ گھر میں چشمہ پھوٹنا عورتوں کی طرف سے غم پہنچنے کی دلیل ہے۔ (۱۰) جبکہ دیوار سے چشمہ پھوٹنا گھر میں رہنے والے مردوں کی طرف سے غم کی دلیل ہے۔ (۱۱) اگر چشمہ پھوٹا اور گھر سے سارا پانی نکل گیا تو ان تمام کا غم بہت جلد ختم ہو گا اگر پانی گھر سے نہ نکلا تو یہ نہ ختم ہونے والا غم ہے۔ (۱۲) اگر پانی صاف ہو تو غم جسمانی صحت کے ساتھ پہنچے گا۔ (۱۳) چشمے کا وہ پانی زیادہ بری تعبیر والا ہے جو اتنا گہرا ہو کہ بہہ نہ سکے۔ (۱۴) اگر چشمے کا مالک دیکھے کہ چشمہ کا پانی چھوٹی نالیوں میں بہہ رہا ہے خواہ وہ زندہ ہو خواہ مردہ تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کا دینی عمل قیامت تک جاری رہے گا۔ (۱۵) اگر کسی محلّہ میں پانی کا چشمہ پھوٹے اور بہے تو غم اور چیخ و پکار کی دلیل ہے اس طرح چشمے کا پانی پینا غم کی علامت ہے۔ اگر پانی گہرا ہو تو اس کی اور زیادہ بری تعبیر ہے بعض حضرات کہتے ہیں گھر یا پانی کی جگہ پر چشمہ پھوٹنا خادم خریدنا ہے' زمین سے چشموں کا پھوٹنا اس زمین والوں کے لئے فسادی طریقہ سے پھل و دولت کا حصول ہے۔ (۱۶) چشمیں اور وہ پانی جو وادیوں وغیرہ سے نکلتے ہیں اگر وہ صاف ہوں تو تمام لوگوں کے لئے بھلائی کی دلیل ہے خاص طور پر بیماروں اور فقیروں کے لئے' اس لئے کہ اس سے مالداری اور صحت مراد ہے کیونکہ یہ پانی سب پانیوں میں زیادہ لذیذ ہوتا ہے۔ (۱۷) اگر وادیوں کے چشمے خشک دیکھے تو اس کی تعبیر اوّل کے خلاف ہے' چشمے کے پانی سے وضوء کرنے سے غمگین کو غم سے نجات مریض کو شفاء مقروض کو قرض سے نجات' گناہ والوں کو گناہوں سے نجات توبہ کے ذریعے حاصل ہوگی' صاف چشموں کا مالک ہونا مال ملنے کی نوید ہے چشموں کو گھروں میں چلتے دیکھنا عام وباء کی دلیل ہے۔ (۱۹) اگر صاف چشموں کو اپنے گھروں کی طرف بہتا دیکھے اتنی مقدار میں جتنا انسان خود اپنے ہاتھوں سے روک سکتا ہے تو رزق اور خیر ہے جو اس کے گھر آ رہی ہے۔ خواب میں کمزور بینائی بیداری میں محارم سے نظر ڈھانپنے کی دلیل ہے جرائم والوں کو نہ دیکھنے کی دلیل ہے' کبھی کم بینائی کی دلالت حمل سے رحم کو مشغول کرنے پر بھی ہوتی ہے۔

## عذار الخد (رخسار)

(۱) ڈاڑھی والا خواب میں اپنے رخسار دیکھے تو خوف ہے کہ اس کے گردن میں زنجیر پڑے گی۔ (۲) کبھی بے ریش رخسار کی دلالت ایمان وغیرہ ہوتی ہے جیسے ایمان کی دلالت بے ریش رخسار پر ہوتی ہے۔ کبھی بے ریش رخسار زیادتی رزق' غائب کی واپسی یا جسے خط کے ذریعے بلایا ہے اس کی آمد کی دلیل ہے۔ (۳) اگر بے ریش رخسار صاحب خواب کو اچھے لگیں تو اس کے لئے بستان کی اور اگر اچھے نہ لگیں تو سختی کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## عنفقہ (داڑھی بچہ)

(۱) داڑھی بچہ سے مراد بیوی یا لونڈی ہوتی ہے۔ داڑھی بچہ مرد کا ایسا مددگار ہے جس پر فخر کیا جائے اور جس کے بغیر زندگی نہ گذاری جاسکے داڑھی بچہ میں کچھ دیکھنا اس مددگار میں کچھ دیکھنا ہے۔

## عضد (بازو)

(۱) خواب میں بازو دیکھنا بھائی بیٹا یا سہارا ہے اس میں کوئی نقص دیکھنا ایسی مصیبت کی علامت ہے جو انہیں زندگی یا موت کی صورت میں یا کسی بھی صورت میں لاحق ہو۔ اگر اس میں زیادتی دیکھے تو انہیں مذکورین میں ہوگی۔ (۲) اگر دیکھے کہ اس کا بازو ٹوٹ گیا ہے تو وہ صاحب خواب کی موت' مصیبت شدت غم یا کس آزمائش میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے بازو اس پر دلالت کرتا ہے جس سے انسان دین یا دنیا کی مضبوطی اور سہارا حاصل کرے جیسے بیوی لونڈی وغیرہ' اپنے بازو میں قوت دیکھنا بھائی' مال یا صنعت میں قوت دیکھنا ہے۔ اپنے ہاتھ میں بٹوہ دیکھنا ایسے پیسہ کی علامت ہے جس کے ذریعے فقر سے حفاظت ہو سکے۔ بعض حضرات کہتے ہیں وہ بالغ لڑکا ہے جو باپ کا ہاتھ بٹا سکے اور مصیبت میں سہارا بنے۔ خواب میں ناقص بازو والا ہونا کم عقلی اور فضول کاموں میں ملوث ہونے کی دلیل ہے۔

## چوکھٹ کے بازو

(۱) خواب میں چوکھٹ کے بازو رئیس اور گھر کا والی ہے چوکھٹ کے بازو اکھاڑنا گھر کے والی کا معذور ہونا ہے۔ چوکھٹ کے دروازے کا آنکھ سے اوجھل ہونا اس والی کی موت ہے۔

## چوکھٹ

(۱) خواب میں چوکھٹ بیوی ہے گھر کی چوکھٹ کو اکھاڑنا دوست ختم کرنے کی دلیل ہے جبکہ اس کو اکھاڑنا بیوی کو طلاق دینا ہے۔ (۲) چوکھٹ کا آنکھ سے اوجھل ہونا بیوی کی موت ہے۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ چوکھٹ کی تعبیر بیوی ہے۔ گھر کے دروازہ کی چوکھٹ پر چڑھنا کسی عورت سے شادی کرنا ہے۔ بعض حضرات کے نزدیک چوکھٹ سے مراد گھر کا والی ہے چوکھٹ کو اکھاڑنا اس کا معزول ہونا اور چوکھٹ کا آنکھ سے اوجھل ہونا اس کی موت ہے۔ (۳) اگر چوکھٹ کو اکھاڑا لیکن وہ آنکھ سے اوجھل نہیں ہوئی تو وہ بیمار تو ہوگا لیکن انشاء اللہ شفاء ہو جائیگی۔ (۴) چوکھٹ بنانا شادی کرنا ہے یا پھر نئی چوکھٹ کسی عورت کی طرف اشارہ کرتی ہے۔

## عتاب

(۱) خواب میں کوئی سچا ولی یا دوست عتاب کرے تو توبہ اور برائی سے بچنے کا اشارہ ہے۔ عتاب محبّ اور محبت کی بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دلیل ہے۔(۲) خواب میں خود کو عتاب کرنا ایسے عمل کرنے کی دلیل ہے جس میں بعد میں ندامت ہو خود کو ملامت پر۔ (۳) اگر خواب میں کسی خطاء کار کی خطاء معاف کرے تو ایسا عمل کرنے کی بشارت ہے جس کے سبب اللہ تعالیٰ اسے بخش دیں گے۔ خواب میں جس کو معاف کیا جائے اس کی درازی عمر اور حفاظت کی دلیل ہے۔ خواب میں معاف کرنا مغفرت ہے۔(۴) اگر خواب میں ایسے شخص کو معاف کرے جس پر کوئی حق یا قصاص واجب تھا تو اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت فرمائیں گے اگر کوئی اور اسے معاف کرے تو درازی عمر رفعت اور اللہ تعالیٰ کے تقوی اور حیثیت کی طرف اشارہ ہے۔ خواب میں اللہ تعالیٰ یا نبی ﷺ کی طرف سے معافی توبہ ہدایت اور اچھے انجام کی دلیل ہے۔

## عبوس الوجہ (ترش روئی)

خواب میں ترش روئی بیٹی کی پیدائش کی دلیل ہے۔

## عثور الرجل (پاؤں پھسلنا)

خواب میں پاؤں پھسلنا قرض کی دلیل ہے اگر خون بھی نکلے تو حرام مال ہے یا پھر اسے کوئی مصیبت لاحق ہوگی۔

## عمل ناقص (ناقص عمل)

(۱) خواب میں ناقص عمل بے کاری اور کام مکمل نہ ہونے کی دلیل ہے یا پھر امید سے مایوسی ہے جبکہ مکمل کام زندگی کا اشارہ ہے خواب میں اچھے کام کرنا آزاد بیویوں سے بچے پیدا کرنا ہے اور یہ مالداروں اور قوی لوگوں میں خیر کی دلیل ہے کیونکہ اس کی دلالت ملک اور بڑی ریاست پر ہوتی ہے۔

## عداوت (دشمنی)

(۱) خواب میں کسی سے دشمنی اس سے محبت اس کا ساتھ نبھانا ہے۔ کبھی اس کے کام کا افشا اور جو وہ چھپانا چاہتا ہے اس کا اظہار ہے۔ اللہ کے دشمنوں کی عداوت ایمان کی دلیل ہے ان سے محبت کتاب اللہ کی مخالفت اور سنت رسول اللہ ﷺ سے رجوع ہے۔(۲) اگر خواب میں کوئی شخص اس سے دشمنی رکھے تو وہ بیداری میں اس سے دوستی کرے گا خواب میں دشمنی پوشیدہ چیز کا اظہار ہے۔

## عدو (دشمن)

(۱) خواب میں دشمن مخالف اور سرکش سے قدرت ختم ہونے کی دلیل ہے کبھی اس سے مراد دشمن کے مقابلے میں اللہ تعالیٰ کی خصوصی مدد نصرت حاصل ہوتی ہے۔ اگر کوئی خواب میں اس سے دشمنی رکھے تو وہ بیداری میں دوستی کرے گا۔ خواب میں دھمکیاں دیا جانا بشارت اور خیر کی دلیل ہے۔(۲) خواب میں اچھائی کے وعدے شر ہیں اور نصیحت دھوکا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے۔اگر زمیں میں دشمن داخل ہو وہاں سیلاب آئے گا۔اگر خواب میں دشمن کے ہاتھوں قید ہو تو شدید غم کی دلیل ہے۔
(۳) اگر دیکھے کہ دشمن کے ہاتھوں میں بطور رہن رکھا گیا ہے تو وہ اتنے گناہ کرے گا۔جن کے سبب رہن بن جائے گا
اگر دشمن کے گھوڑے شہر میں دوڑیں وہ بارشیں اور سیلاب وغیرہ ہیں۔

www.KitaboSunnat.com

## عیب

خواب میں عیب برے اخلاق اور گندی عادتوں کی دلیل ہے۔

## عجب (خود پسندی)

(۱) خواب میں خود پسندی کی تعبیر ظلم ہے اور ہر خود پسند ظالم ہے' مردہ کے لئے خود پسندی اس بات کا خطرہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے دن نظر رحمت سے نہیں دیکھے گا بالخصوص اگر اس کی حالت بھی تبدیل ہو۔(۲) اگر کوئی شخص خواب میں اپنی دولت یا قوت پر عجب کرتا ہے تو وہ بیداری میں کسی پر ظلم کرے گا۔

## عطش (پیاس)

خواب میں پیاس دین میں فساد ہے۔(۱) اگر کسی شخص کو خواب میں پیاس محسوس ہوئی اور اس نے نہر سے پانی پینا چاہا لیکن نہیں پیا تو غم سے نجات کی نوید ہے۔(۲) اگر کوئی آدمی خواب میں پانی پینا چاہے لیکن اسے کوئی پینے کی چیز میسر نہ ہو یا وہ نہر' چشمے یا کنویں کے کنارے کھڑا ہو لیکن اسے پانی حاصل نہیں ہو رہا۔تو وہ اپنی وہ ضرورت پوری نہیں کر سکے گا جس کی اسے امید ہے۔پیاس فتنہ پرداز لوگوں کی عادت اپنانے کی بھی علامت ہے۔اس لئے کہ انہیں قیامت کے دن اپنے کرتوتوں کے سبب حوض کوثر سے دھتکار دیا جائے گا۔بعض اوقات خود کو پیاسا دیکھنا نکاح کے محتاج ہونے کی دلیل ہے۔

## عطاس (چھینک)

(۱) خواب میں چھینکنا اپنے کام کا ظاہر ہونا ہے جس میں صاحب خواب کو تردد ہو کہ اس کا تردد ختم ہو کر اسے یقین حاصل ہو جائے گا۔ چھینک بیمار کی موت ہے یا بے قراری کے سبب غم اور سختی ہے۔اگر صاحبِ خواب سختی میں مبتلاء ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی سختی کو آسانی میں تبدیل فرمائیں گے اگر فقیر ہے تو اس کی اعانت ہوگی۔اس لئے کہ لوگ اسے طعنہ تو دیتے ہیں لیکن اس کے لئے دعاءِ خیر بھی کرتے ہیں۔کبھی چھینک کی تعبیر یہ بھی ہوتی ہے کہ لوگ اس کی خدمت کریں گے۔ اگر چھینکنے والا مقروض ہے تو وہ ادائیگی قرض کی صورت نکالے گا۔اور اگر مزکوم ہے تو زکام سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔بعض اوقات چھینک سے زکام' غصہ یا ترش روئی مراد ہوتی ہے۔خواب میں بہت زیادہ چھینکنے والے کو دشمنوں سے بچا رہنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


چاہیے۔ کیونکہ اس سے لڑائی جھگڑے کی صورت میں اس کے غلبے اور نقصان پہنچانے کا اندیشہ ہے۔

## عزل (معزول ہونا)

(۱) خواب میں منصب سے معزولی بیوی کی طلاق یا ایک پیشہ سے دوسرے پیشہ کی طرف منتقل ہونا ہے۔ خواب میں عورت سے عزل کرنا مال کے خوچ اور اولاد سے محرومی کی دلیل ہے۔ (۲) بعض حضرات فرماتے ہیں کہ معزول ہونا عہدہ پر فائز ہونا ہے۔ جیسے کہ عہدہ پر فائز ہونا معزول ہونا ہے اور معزولی ولایت کا حصول ہے اور اگر کوئی شخص ایسی ولایت سے معزول ہو جس کی اسے امید ہو تو وہ ولایت اسے حاصل ہوگی۔ (۳) اگر معزول آدمی خواب میں دیکھے کہ بادشاہ اس کی طرف قاصد بھیج کر اسے معزول کرتا ہے تو اسے ولایت سپرد کی جائے گی۔ اگر کوئی شخص دیکھے کہ اسے معزول کر کے اس کی جگہ کسی بوڑھے کو ولایت سونپ دی گئی تو اس کا کام قوی ہوگا اور اس کی جگہ کسی جوان کو حکمرانی سونپی گئی تو اسے بعض دشمنوں کی جانب سے ناپسندیدہ امور پیش آئیں گے۔

## عدل

(۱) خواب میں ظالم بادشاہ کی تعبیر رعایا کی خوشی اور مسرت ہے جو انہیں اس مال کی حفاظت اور آبادیوں کے بسنے کی صورت میں حاصل ہو رہی ہے۔ کبھی اس سے مراد وہ مساوات بھی ہوتی ہے جو انسان اولاد اور بیویوں یا جنکے درمیان مساوات ضروری ہو ان کے درمیان مساوات قائم کرے اگر گناہ گار عدل سے کام لے تو اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے کی دلیل ہے۔

## عدل (زادِسفر)

(۱) زادِسفر اور دیگر سامان وغیرہ جو سفر کی تیاری کے لئے ضروری ہو۔ خواب میں اس کا دیکھنا سفروں اور ایک جگہ سے دوسری جگہ پر آنے جانے کی دلیل ہے۔ جس کا زادِ سفر اچھا ہو اس کا سفر آرام دہ ہوگا۔ (۲) اگر زادِ سفر پھٹا پرانا ہو تو وہ سفر پر مشقت اور قلیل نفع والا ہوگا۔

## عطاء (عطاء کرنا)

(۱) خواب میں عطاء کرنا جس کو دیا ہے اس کی حیثیت کے مطابق ہو اگر اس آدمی کو جو زیادہ کا مستحق ہے کم دیا گیا تو اللہ تعالیٰ اور سنتِ رسول ﷺ سے اعراض ہے۔ (۲) اگر کسی نے خواب میں کچھ مانگا اسے کسی نے کچھ نہیں دیا بلکہ اس پر ناراضگی کا اظہار کیا تو دینی مخالفت اور فتنہ پرداز لوگوں کے راستہ پر چلنے کی دلیل ہے۔ (۳) اگر دیکھے کہ قرض خواہوں نے اسے اس کے مال سے عطاء کیا تو اگر مریض ہے تو اس کی موت اور مال کے فضول خرچی میں ضائع ہونے کا اشارہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے اگر صاحبِ خواب تندرست ہو تو اسے پریشانی لاحق ہوگی۔ یہ خواب صرف فقراء کے لئے خیر اور منفعت کی دلیل ہے۔ خواب میں ہر وہ چیز جو انسان بادشاہ کے حکم اس کو حاصل کرے تو اس کی تعبیر ہے اس نفع کا حصول ہے جو انسان بادشاہ سے اس کام کے عوض حاصل کرتا ہے۔

## عقوق الوالدین (والدین کی نافرمانی)

(۱) خواب میں والدین کی نافرمانی بڑے گناہوں مثلاً شرک اور قتل وغیرہ کا مرتکب ہونا گناہگاروں کی نافرمانی اور ان سے علیحدگی، تقویٰ اور اس تقرب کی دلیل ہے جس سے اللہ تعالیٰ راضی ہوتے ہوں۔

## عقدالشی (گرہ)

(۱) خواب میں عقدِ نکاح یا قمیص موٹی وغیرہ کے عقد، عقدِ تجارت ہیں۔ رسی کا عقد قرض اور رومال کا عقد نوکروں کو فائدہ پہنچانا ہے۔ شلوار کا عقد بیوی اور سینے کا عقد اس کام کی تاکید کرتا ہے جس کا ارادہ ہو مثلاً ولایت تجارت اور شادی وغیرہ یا پھر عقد آسانی کا حصول ہے۔ اگر عقد منعقد نہ ہو تو مشکل ہے، عقد کو پورا کرنا اس کام کو پورا کرنا ہے جس کا ارادہ ہو۔ (۲) اگر دیکھے کہ رسی سینے یا تھیلے وغیرہ پر باندھتا ہے اور اسے کھولنا چاہتا ہے لیکن کامیاب نہیں ہو رہا جس کے سبب تنگ دل ہو رہا ہے پھر اسے نامعلوم انسان کھولتا ہے تو وہ بادشاہ کی طرف سے تنگی اور غم ہے۔ اگر خواب میں اسے کھول لے تو اللہ تعالیٰ اس انداز میں اس کی مشکلات کو دور فرمائیں گے کہ اسے اس کا گمان بھی نہیں ہوگا۔ کبھی عقد سے مراد پکے وعدے اور عہد ہوتے ہیں۔

## عِقد (ہار)

(۱) خواب میں موتی عورتوں کا جمال و زینت ہے۔ وہ ہار جو موتیوں اور مرجان سے بنایا گیا ہو تو وہ موتیوں کی کثرت خوبصورتی اور صفائی کی بقدر اللہ کی خشیت اور حفظ قرآن ہے۔ (۲) ہار میں جواہر عمل کے جواھر اور اس کے منتہاء ہوتے ہیں عورت کا ہار اس کا خاوند یا بیٹا ہے۔ (۳) مرد اگر اپنی گردن میں ھار دیکھے تو اگر طالب قرآن ہو تو قرآن، اگر طالبِ فقہ ہو تو فقہ میں مضبوطی، اگر ذمہ میں کوئی عہد ہے تو اسے پورا کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ اگر ان تمام میں کچھ نہ ہو اور صاحبِ خواب غیر شادی شدہ ہو تو اچھا قرآن پڑھنے والی عورت سے شادی ہوگی اور اللہ تعالیٰ ایسا لڑکا عطاء فرمائیں گے جو عالم اور حاکم ہوگا۔ (۳) اگر خواب میں ہار کا دھاگہ ٹوٹ گیا اور اس کے موتی بکھر گئے تو اس کی یہ مذکورہ تعبیر نہ ہوگی۔ بلکہ اگر اس کے ذمہ کوئی عہد ہو تو اسے توڑے گا۔ اگر حافظ قرآن ہے تو اسے غفلت کی وجہ سے بھلائے گا اور اپنے علم کو ضائع کریگا۔ (۴) اگر کئی ہار جمع ہو جائیں تو جواھر قرآن، موتیاں، سنتیں اور تمام حکم اور فقہ اور اچھے کلام کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دلیل ہے۔(۵) اگر دیکھے کہ ایک یا دو ہار پہنے ہوئے ہیں تو لولو پروئے ہونے کی تعبیر قرآن اور اچھی بات ہے صاحب خواب حافظ قرآن صاحب امانت وحیثیت اور بقدر موتیوں کے جمال وچمک کے دین پر چلنے والا ہوگا۔ یا پھر اس کی تعبیر یہ ہوگی کہ اس کے ذمہ کوئی امانت عہد یا وعدہ ہوگا۔(۶) اگر کوئی خود کو بہت سے ہار پہنے ہوئے دیکھے اور ان کے اٹھانے میں ضعف محسوس کرے تو اس کا اپنے علم پر عمل ناقص ہے۔(۷) اگر عورت اپنے گلے میں ہار دیکھے تو ہار میں جو اچھائی یا برائی ہوگی وہ اس کے خاوند یا ولی پر ہوگی یا پھر ایسی عورت امانت کا قلادہ پہنے گی۔

## عقیق

(۱) خواب میں عقیق دیکھنا فقر کا خاتمہ ہے۔ جو شخص خواب میں اسے جمع کرے تو اس کا فقر ختم ہوگا کیونکہ حضور ﷺ فرماتے ہیں عقیق فقر کو ختم کرتے ہیں یہی پہلا پتھر ہے جس نے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا اقرار کیا۔(۲) عقیق کی انگوٹھی پہننا ایسی مبارک چیز کا مالک بننا ہے جس کے سبب حرفت وغیرہ کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی نعمتیں نازل ہونگی۔ عقیقی نسل دین اور نیکی کی دلیل ہے۔ تعبیر کے اعتبار سے سفید عقیق سرخ عقیق سے بہتر ہوتا ہے۔

## عقیقہ

(۱) عقیقہ غائب کے آنے' مریض کی تندرستی اور قیدی کے قید سے چھٹکارے کی دلیل ہے کبھی زیادتی ایمان اور قیام سنت کی نوید بھی ہوتی ہے۔(۲) اگر خواب میں حلال جانور ذبح کیا یا کوئی مناسب کام کیا تو دنیا وآخرت میں اچھے عمل کی خوشخبری ہے۔(۳) اگر لوگوں کے لئے خنزیر ذبح کیا یا باوجود اس کی حرمت کے علم کے اسے لوگوں کے سامنے پیش کیا تو یہ والدین یا اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی دلیل ہے۔

## عمرۃ الحج (عمرہ' حج کا عمرہ)

(۱) خواب میں عمرہ حج عمر کی انتہاء کی دلیل ہے بالخصوص مریض کے لئے۔ کبھی عمرہ زیادتی مال یا زیادتی عمر کی بشارت ہوتا ہے۔ اگر کوئی شخص خواب میں حج یا عمرہ کرے تو درازی عمر اور مقبولیت کی دلیل ہے۔

## عرفہ

(۱) خود کو عرفہ کے دن میں دیکھنا اگر اس کا کوئی متعلق غائب ہے تو یہ خوشی خوشی واپس آئے گا۔ اگر رشتہ داروں نے قطع رحمی کی ہوئی ہے تو وہ صلہ رحمی کریں گے اور اگر کسی سے جھگڑا ہوا وہ صلح کرے گا۔ عرفہ کی دلالت حج پر ہوتی ہے۔ نیز کبھی اس سے مراد جمعہ بازار اور نفع مند تجارت بھی ہوتی ہے۔ عرفہ میں کھڑا ہونا اچھائی سے برائی یا برائی سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اچھائی کی جانب مرتبہ کی تبدیلی ہے۔ کبھی اس سے مراد اپنے عزیزوں' بیوی' گھر وغیرہ سے جدا ہونا بھی ہوتا ہے۔ کبھی اپنے خلاف دشمن کی نصرت بھی اس سے مراد ہوتی ہے۔ وقوف عرفہ عزت' فراست کے حصول' جدا ہونے والوں کی قربت' دشمن پر مدد' گناہگار کی توبہ کی قبولیت پر بھی دلیل ہوتا ہے۔ کبھی اس سے مراد راز کا ظہور ہوتا ہے۔ کبھی وقوف عرفہ جدا دوست کے ملنے اور پہلوتہی کرنے والے کی الفت کی دلیل ہوتا ہے۔ (۲) جس نے رات کو فجر سے پہلے وقوف عرفہ کیا اسے اس کا مقصد اور حاجت حاصل ہوگی۔ (۳) اگر کسی نے فجر کے بعد وقوف کیا تو اسے اس کا مطلوب حاصل نہ ہوگا۔

## عیدالاضحیٰ

(۱) خواب میں عیدالاضحیٰ گذشتہ خوشی کے لوٹنے اور ہلاکت سے نجات پانے کی نوید ہے۔ کیونکہ اس دن حضرت اسماعیل علیہ السلام کو ذبح ہونے سے خلاصی ہوئی تھی۔ (۲) خود کو عیدالفطر میں دیکھنا غموں سے نجات' آسانی' مسرت کا حصول اور توبہ کی قبولیت ہے۔ اگر صاحبِ خواب کے مال میں خسارہ ہوا ہو تو اللہ تعالیٰ اسے اس کا عوض عطاء فرمادیں گے۔ خواب میں عیدالاضحیٰ میں دیکھنا غلام کے لئے آزادی' قیدی کے لئے چھٹکارا اور مقروض کے لئے اداء قرض ہے۔ خواب میں عید دیکھنا فرحت و مسرت ہے' روزِ عید میں اپنی گم شدہ چیز دیکھنا اس چیز کے ملنے کا اشارہ ہے' عید معیشت میں وسعت اور نفقہ کی کثرت کی علامت ہے۔

## عاشورا

نبی کریم ﷺ کے اہل بیت کو عاشورہ کے دن دیکھنا مصیبت اور ان کے دشمنوں کو اس روز میں دیکھنا راحت ہے۔

## عاریت

(۱) اگر کوئی شخص خواب میں کوئی قیمتی چیز عاریت کے لئے لے تو صاحبِ خواب پر اس کی قیمت کے مطابق تاوان لازم ہوگا۔ (۲) خواب میں عاریت پر کچھ دینا اس کی قیمت کے مطابق فائدہ کا حصول ہے۔ (۳) مجہول عاریت سے مراد دنیاوی اقبال ہوتا ہے۔ کبھی عاریت اس عار پر بھی دلالت کرتی ہے جس سے تحفظ ضروری ہوتا ہے تاکہ انسان فتنہ سے محفوظ رہے۔ (۴) اگر خواب میں خود کو عاریت پر کچھ لیتے یا دیتے دیکھے تو اگر وہ چیز اسے پسند ہے تو ایسی خیر کی دلیل ہے جو فنا ہو جائیگی اور اگر وہ چیز پسند نہ ہو تو اس فناء ہونے والا کوئی رنج پہنچے گا۔ اس لئے کہ عاریت کبھی باقی نہیں رہتی۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کسی شخص سے کوئی سواری وغیرہ عاریت پر لینا اس بات کی دلیل ہے کہ عاریت پر دینے والا لینے والے کا بوجھ اٹھائے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## عدة الشئی (وعدہ)

(۱) خواب میں کسی چیز کا وعدہ کرنا وعدہ کرنے والے کے ذمہ کچھ لازم ہونے کی دلیل ہے۔ اگر خواب میں وعدہ پورا کرے تو ایمان اور حسن یقین کی دلیل ہے۔

## عدت

(۱) خواب میں اگر عورت خود کو حالت عدت میں دیکھے تو غم تنگی رکاوٹ مرض اور اس طلاق کی دلیل ہے جس سے عدت لازم ہو۔ مگر یہ کہ عورت خواب میں وفات کی عدت دیکھے کیونکہ اس سے مراد طلاق بائنہ لڑکے یا والدہ کی وفات یا اس شوہر کی وفات ہے، جس کے سبب وہ سوگ مناتی اور جس کے لئے وہ راحتیں آسائشیں اور عمدہ لباس قربان کرتی ہے۔

## عدّ (گنتی)

(۱) خواب میں، پانچ ہزار ۵۰۰۰ یا بیس ہزار ۲۰۰۰۰ یا سو ۱۰۰ تک گننا دشمنوں پر مدد حاصل کرنے کی دلیل ہے۔
(۲) خواب میں سات ۷ یا آٹھ ۸ تک گننا غم ہے۔ (۳) جبکہ نو ۹ تک گننا مشکل کام میں وقوع اور فسادی لوگوں کی معیت کی دلیل ہے۔ (۴) بعض حضرات فرماتے ہیں کہ دس تک گننا حج کے لئے جانا ہے۔ (۵) جو شخص خود کو چالیس تک گنتے ہوئے دیکھے تو وہ اپنے کسی وعدہ کے کام میں لگا ہوا ہے۔ (۶) خواب میں تیس تک گننا ایسے جھوٹے وعدے کی دلیل ہے جو دس کے بعد ہی مکمل ہو سکتا ہو۔ خواب میں ''ایک'' علم، مال شادی یا اولاد میں منفرد ہونے کی دلیل ہے۔ کبھی اس سے مراد کمزوری اور میل جول کا ختم ہونا ہے۔ (۷) خواب میں ''۱'' حق جس جیسا کوئی اور نہ ہو۔ دو ''۲'' کا عدد دشمنوں پر مدد، تین ''۳'' وعدہ پورا کرنا، چار ''۴'' حجت قائم کرنا پانچ ''۵'' اور چھ ''۶'' کے عدد دین میں شک کرنا ہے۔ کبھی چھ ''۶'' سے مراد دشمنوں پر مدد یا دشمنوں پر حجت کا قیام ہے۔ البتہ سات ''۷'' کے عدد میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔ آٹھ ''۸'' اور دس ''۱۰'' کا عدد کفارہ یمین ہے یا پھر اس آدمی کا کفارہ ہے جسے حج میں ہدی نہ ملے۔ اگر کوئی شخص دیکھے کہ وہ ایسے دراہم گن رہا ہے جس میں اللہ تعالیٰ کا نام لکھا ہوا ہے تو دلیل ہے وہ تسبیحات کرے گا۔ (۸) اگر خواب میں اللہ تعالیٰ کا نام لکھے ہوئے دینار گنے تو استفادہ علم کی دلیل ہے۔ (۹) اگر درہم یا دیناروں کی کتابت تصویر کی طرز پر کی ہو تو باطل کے ساتھ امور دنیا میں مشغولیت ہے۔ (۱۰) خواب میں لولو (موتی) گننا تلاوت قرآن۔ (۱۱) جواہر گننا مذاکرۂ تعلیم و تعلم۔ (۱۲) ٹھیکریاں گننا بدزبانی اور فضول باتوں میں مشغولی ہے۔ (۱۳) اگر کوئی شخص خواب میں موٹی گائے گنے تو ان سالوں میں بہترین کاشت کرے گا۔ (۱۴) اگر اونٹ بمع بوجھ گنے تو اگر کسان ہے تو اس کی کھیتی میں بارش ہوگی اگر والی ہے تو دشمنوں سے مال حاصل کرے گا۔ لیکن جس قدر اونٹ پر بوجھ ہے اسی قدر اسے خطرات

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بھی لاحق ہونگے۔(۱۵) خواب میں بھینس گننا زندگی میں شدت اور مشکلات کی دلیل ہے۔

## عرض (پیش کیا جانا)

(۱) اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ اسے شکر پیش کیا گیا اور جس نے پیش کیا وہ اس پر ناراض ہے تو یہ اس کے گناہوں کی طرف اشارہ ہے۔(۲) اگر پیش کرنے والا اس سے خوش ہو تو اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہونگے۔(۳) اگر اسے پیش کر کے عدالت میں رکھا گیا تو اس کا ایسا کام زائل ہوگا جس سے اسے کفایت کی توقع تھی۔(۴) اگر دیوان میں رزق دیا گیا تو وہ کام حاصل ہوگا۔ خواب میں پیش کرنے والا ایسا مرد ہے جو دوستوں کو تلاش کر کے ان کی تکالیف اور غموں کو دور کرے۔(۵) اگر کسی کو عدالت میں جائز طور سے پیش کیا گیا تو اس جگہ اس کی موت کا خطرہ ہے خواب میں عدالتیں دنیاوی مصائب ہیں۔

## عسکر (لشکر)

(۱) اگر لشکر میں فرشتہ یا عالم ہو تو موحدین کی نصرت کی دلیل ہے۔(۲) اگر دیکھے کہ لشکر شہر گلی یا محلے میں آرہا ہے تو موسلا دھار بارش ہونے کی دلیل ہے۔(۳) اگر خود کو چھوٹے لشکر میں دیکھے تو یہ جنگ کرے گا اور کامیاب ہوگا۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ لشکر مومنین کے لئے نصرت اور ظالمین کے لئے انتقام کی علامت ہے۔

## عس (رات کا چوکیدارہ)

خواب میں چوکیدارہ ترک نماز سے ڈرانا ہے۔(۱) اگر دیکھے کہ چوکیدار سے بھاگا اور چوکیدار نے اسے پکڑ کر اس سے تفتیش کی پھر اس نے چھوڑ دیا تو صاحب خواب عشاء کی نماز میں اول کوتاہی کرے گا پھر توبہ کرے گا۔

## عون الحاکم (بادشاہ کے خدام)

خواب میں بادشاہ کا خادم ایسا آدمی ہے جو لوگوں کی باطل پر مدد کرتا ہے۔(۱) اگر کوئی شخص اپنے گھر میں بادشاہ کے خدام کو سفید لباس میں ملبوس دیکھے تو اس کے لئے غم، مرض اور شدت وغیرہ سے نجات ہے اگر سیاہ کپڑے پہنے دیکھے تو غم کی دلیل ہے۔

## عراف (معاملات کی دیکھ بھال کرنے والا)

خواب میں نجومی عمل باطل کی دلیل ہے۔(۱) اگر کوئی شخص خواب میں نجومی کے پاس جائے اور اس سے کچھ دریافت کرے تو یہ شدید غم ہے جس میں وہ مبتلا ہوگا کیونکہ نجومیوں کے پاس زیادہ غمگین لوگ ہی آتے ہیں۔(۲) اگر دیکھے کہ نجومی نے اسے سچی بات بتلائی ہے تو مناسب ہے کہ اس کی بات مان لے۔ اگر نجومی خاموش ہو جائے اور کچھ نہ کہے تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہر فعل پر ارادہ کے باطل ہونے کا اشارہ ہے۔

## علاف (چارہ بیچنے والا)

(۱) خواب میں چارہ بیچنے والا کثیر ایمان' سخی اور فضیلتوں والا مرد ہے۔ چارہ بیچنے والا اچھے کام کرنے والا اور فقراء اور مساکین کو رزق بہم پہنچانے والا ہے۔

## عطار (عطار)

(۱) خواب میں عطر فروش عالم' زاھد' عابد یا ادیب ہے۔ جو بھی اسکا قرب حاصل کرے گا ادب میں اچھی تعریف و اچھا ذکر اور فرحت و سرور حاصل کرے گا مگر یہ کہ وہ گندہ ذہن شخص ہوگا۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ عطر فروش کو دیکھنا کنگھی کرنے والی عورت کو دیکھنا ہے۔ خواب میں عطر فروش دیکھنا علم' ہدایت' مدح اور اچھی تعریف کا حصول ہے۔

## عصار (تیلی)

(۱) خواب میں تیلی مال والا مرد ہے۔ اگر تل کا یا اخروٹ کا تیل نکالے تو مال بڑھنے کی دلیل ہے۔ (۲) کسی چیز کا تیل نکالنا وطن میں رہنا ہے۔ سرکہ بنانے والا یا تل کا تیل نکالنے والا ایسا آدمی ہے جو متقین کے پاس رہتا ہے اور لوگوں کو دنیاوی آسائشوں سے بچے رہنے کی ترغیب دیتا رہتا ہے۔ اخروٹ کا تیل نکالنے والا صاحب دولت تو ہوگا مگر اسے رنج اور تکلیف بھی پہنچے گی' تل کا تیل نکالنا کبھی بادشاہ بننے کی بھی دلیل ہوتا ہے۔ (۳) انگور کا رس فساد فی الدین' فتنوں اور سرور کی علامت ہے۔ (۵) زیتون کا رس غم اور تنگی کا خاتمہ اور علماءِ محققین کی زیارت ہے' کبھی اس سے مراد اہلِ بدعت و اھل خواہش اور گناہ گار لوگوں کے ساتھ ملاپ ہوتا ہے' اکثر اوقات اس کو دیکھنا ہدایت' ظلمات سے نورانیت کی طرف آنے' رزق میں کشائش اور دیگر فوائد کی بشارت ہے۔

## عشار (عشر وصول کرنے والا)

(۱) خواب میں عشر وصول کرنے والا ایسا آدمی ہے جو دوسروں کے کاموں میں دخل دیتا ہو۔ کبھی اس سے وہ مصائب اور تکالیف بھی مراد ہوتی ہے جن کے سبب اللہ تعالیٰ گناہوں اور لغزشوں کو معاف فرماتے ہیں۔

## عتال (قلی)

(۱) خواب میں قلی دیکھنا گناہوں اور دیگر بوجھوں تلے دبنا ہے۔ کبھی اس سے مراد قلی بننا بھی ہوتا ہے۔ البتہ مریض اگر قلی کو دیکھے تو اس کی عافیت و سلامتی کی نوید ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## عوام (تیز رفتار گھوڑا)

(۱) خواب میں تیز رفتار گھوڑا ایسا آدمی ہے جو قلیل نفع کے عوض اپنی جان و مال کو بادشاہ کی خدمت کے لئے وقف کر دے گا۔

## عکام (گھڑی)

(۱) خواب میں گھڑی دیکھنا درازی عمر اور کبڑا پن کی دلیل ہے۔

## عیار

(۱) خواب میں کسی عیار آدمی کو دیکھنا ایسے کو دیکھنا ہے جو اپنے کلام اور حیلوں سے لوگوں پر جادو کر دیتا ہو۔ کبھی اس سے مراد شعبدہ بازی چوری اور تفریط فی المال بھی ہوتی ہے۔

## عجان الدقیق (آٹا گوندھنے والا)

(۱) خواب میں آٹا گوندھنے والے کو دیکھنا رزق اور رفاہی کاموں میں مشغولیت ہے۔ یا ایسے بادشاہ کی خدمت گذاری کی دلیل ہے جو اپنی زبان اور ہاتھ سے لوگوں کی مدد کرتا ہے اور لوگ بھی اس سے محبت کرتے ہیں خواب میں عنبر گوندھنا اچھی تعریف اور عمدہ انجیئر نگ کی علامت ہے۔

## عجین (گندھا ہوا آٹا)

(۱) خواب میں گندھا ہوا آٹا کاموں کے ہونے' راحت کے قریب آنے اور قیدی کے لئے قید سے رہائی یا حمل کی پیدائش کی علامت ہے۔ گندھا ہوا آٹا وہ مال ہے جو انسان کو حاصل ہوتا ہے۔ (۲) گھر میں گندھا آٹا دیکھنا مال تجارت سے فائدہ حاصل کرنے کی دلیل ہے۔ (۳) اگر گندھا ہوا آٹا خمیرہ اور ترش ہو تو تجارت میں خسارہ کی علامت ہے۔ (۴) جو شخص خواب میں آٹا گوندھے اس کے ہاں کوئی مہمان آئے گا۔ (۵) تنگ جگہ میں آٹا گوندھنا لواطت کرنے کی دلیل ہے۔ (۶) کشادہ مکان میں آٹا گوندھنا شادی کرنا ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے حلال محل کو کشادہ اور حرام محل کو تنگ رکھا ہے۔ (۷) آٹے کا خمیرہ ہونا مال کی تنگی کی دلیل ہے۔ (۸) جو کا آٹا گوندھنے والا کامل مومن ہے۔ اسے ولایت اور دشمنوں پر کامیابی حاصل ہوگی۔

## عاقد الانکحۃ (نکاح خواں)

(۱) غیر شادی شدہ کے لئے نکاح رجسٹرار دیکھنا شادی کی علامت ہے اور شادی شدہ کے لئے طلاق ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## عقادالازرار (بٹن ٹانکنے والا)

(۱) بٹن ٹانکنے والے کو خواب میں دیکھنا غیر شادی شدہ کے لئے شادی اور شادی شدہ کے لئے طلاق ہے۔

## عواد (مزاج پرسی کرنے والا)

(۱) خواب میں مزاج پرسی کرنا غم، تنگی کے خاتمہ اور خوشی و مسرت کی دلیل ہے۔ کبھی اس سے مراد شکوہ شکایت اور نوحہ بھی ہوتا ہے۔

## عود (سارنگی)

(۱) خواب میں سارنگی بیماریوں سے صحت اور اپنی پہلی حالت کی طرف لوٹنے کی دلیل ہے۔ خواہ وہ پہلی حالت اچھی ہو یا بری۔ کبھی اس سے علم ابدان اور علم نجوم بھی مراد ہوتا ہے۔ سارنگی کو خواب میں دیکھنا غیر شادی شدہ کے لئے شادی جبکہ شادی شدہ کے لئے اولاد کی بشارت ہے۔ (۲) امام کے دروازہ پر سارنگی بجانا اگر اہل ہے تو ولایت وسلطنت کا حصول ہے۔ وگرنہ اس سے بات چیت کی علامت ہے۔ خواب میں سارنگی کو دیکھنا یا لینا برا نہیں ہے جب تک کہ اس کی آواز نہ سنے۔ سارنگی بجانا یا سننا جھوٹی بات کی علامت ہے۔ (۳) اگر دیکھے کہ اس کے گھر میں سارنگی بجائی جا رہی ہے تو کسی مصیبت کے پیش آنے کا اشارہ ہے۔ بعض حضرات فرماتے ہیں سارنگی بجانا بجانے والے کے لئے حصول ریاست ہے۔ بعض حضرات اس سے غم بھی مراد لیتے ہیں۔ (۴) اگر دیکھے کہ سارنگی بجاتے ہوئے اس کا وتر (دھاگہ) ٹوٹ گیا تو غموں کے خاتمہ کی دلیل ہے۔ بعض حضرات اس سے وہ شریف بادشاہ مراد لیتے ہیں جسے اپنے ملک اور عزت سے ہٹا دیا گیا ہو۔ سارنگی ظالم کا ظلم بھی ہوتی ہے جو وہ لوگوں پر ڈھاتا ہے۔

## عودالبخور (عود، خوشبودار لکڑی)

(۱) خواب میں عود اچھی تعریفوں کا مالک انسان پر دلالت کرتا ہے اگر کسی شخص کی کوئی چیز گم ہو جائے پھر وہ اپنے ہاتھ میں عود دیکھے تو اس کی گم شدہ چیز دوبارہ مل جائے گی اور اسے اچھا کلام سننے کو ملے گا۔ (۲) جو شخص عود کی خوشبو سونگھے یا اس کا دھواں دیکھے تو وہ مصیبت کے ساتھ ساتھ اچھی بات سنے گا۔ (۳) اگر کسی کے گھر میں عود اُگا ہو تو اس کے گھر میں ایسا بچہ پیدا ہو گا جو قوم کا سردار بنے گا۔

## عنبر

(۱) خواب میں عنبر بلند مرتبہ شخص سے مال ونفع کا حصول ہے۔ (۲) اگر عنبر استعمال کرنے تو اچھی تعریف کی علامت ہے۔ کبھی عنبر سے مراد وہ بڑی بڑی املاک ہوتی ہیں جس سے خوب نفع حاصل ہو گا۔ اس سے مراد پھل دار باغات بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوتے ہیں یا اس سے وہ علمِ نفیس مراد ہوتا ہے جو علماء سے حاصل کیا جائے۔ نیز اس سے سمندر سے حاصل ہونے والے منافع بھی مراد ہوتے ہیں۔ (۳) خواب میں عود وعنبر کو آگ لگانا دین میں بدعت' مال وجاہ کا خاتمہ یا چیز کا غیر محل میں استعمال ہے۔ کبھی اس سے خدمتِ سلطان بھی مراد ہوتی ہے۔

## عجوہ (عجوہ کھجور)

(۱) خواب میں عجوہ حلال وطیب مال کی دلیل ہے۔ یہ اور دیگر کھجوریں ہر مرض کی دواء کی علامت ہیں خاص طور سے مدنی کھجوریں۔

## عجہ (انڈے اور گھی سے تیار شدہ کھانا)

(۱) خواب میں عجہ عزت فرحت ومسرت' رزق کثیر اور غیر شادی شدہ کے لئے شادی کی دلیل ہے۔

## عصیدہ (آٹے اور گھی سے تیار شدہ کھانا)

(۱) گرمیوں میں اس کو دیکھنا غم اور تنگی کی علامت ہے۔ عصیدہ عمال کی جانب سے تنگی کی دلیل ہے۔ (۲) اگر دیکھے کہ نماز بھی پڑھتا ہے اور عصیدہ بھی کھاتا ہے تو اپنی بیوی سے روزہ کی حالت میں تقبیل کرے گا۔

## عدس (مسور کی دال)

(۱) خواب میں مسور کی دال مالِ حلال ہے۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ یہ غم اور گھٹیا رزق کی دلیل ہے۔

## عسل (شہد)

(۱) خواب میں شہد میراث' غنیمت یا حصہ داری کے ذریعے حاصل شدہ حلال مال ہے۔ غیر اہل دین کے لئے ملاوٹ دین' تلاوت قرآن اور نیک اعمال ہیں۔ جبکہ اہل دنیا کے لئے بغیر مشقت کے مالِ غنیمت کا حصول ہے۔ کبھی اس سے مراد مشکل کے بعد رزقِ قلیل کا حصول ہے۔ (۲) اگر دیکھے کہ آسمان سے شہد برسا ہے تو صلاح دین اور عمومی برکت کی نوید ہے۔ کبھی شہد سے مراد میاں بیوی کا ملاپ ہوتا ہے جیسے کہ حدیث شریف میں ہے کہ (حتی تذوقی عسیلته و یذوق عسیلتک) کہ وہ تیرا شہد چکھے اور تو اس کا شہد چکھے۔ کبھی شہد سے غم' سختی' حسد اور پھران کے مکر سے محفوظ ہونا مراد ہوتا ہے۔ اس لئے کہ شہد پر بھڑیں چیونٹیاں اور مکھیاں جمع ہوتی ہیں۔ وہ شہد جس کو آٹا پر صاف کیا گیا ہو شدت کے بعد آسانی' مہینے مکمل ہونے کے بعد پیدائش۔ عدت کے بعد بیوی سے رجوع' وہ مال جو زکوۃ کے ذریعے پاک کیا گیا ہو وہ علم جو بدعت اور شبہات سے پاک ہو اور وہ ہدایت ہے جس کے بعد گمراہی نہ ہو۔ صاف شہد مال کی دلیل ہے۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ کیونکہ اسے آگ پر صاف کیا جاتا ہے اس لئے مال کے حصول میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مشقت بھی پیش آئے گی۔ شہد مرض سے شفاء ہے بعض حضرات کہتے ہیں کہ شہد کھانا دوست سے ملنا اور اس کا بوسہ لینا ہے۔ خواب میں شہد چاٹنا شادی کی علامت ہے۔ خواب میں شہد کے ساتھ روٹی کھانا مال غنیمت کے ذریعے معیشت کا حصول ہے۔

## عنب (انگور)

خواب میں انگور کسی وسیع ذخیرہ شدہ اور دیر تک رہنے والا رزق ہے۔ (۱) انگور کو اس کے موسم میں دیکھنا دنیاوی تروتازگی اور بے موسم دیکھنا قبل از وقت خیر کا حصول ہے یا پھر اسے قبل از وقت حرام مال حاصل ہوگا۔ (۲) خواب میں انگور توڑنا عورت سے حصولِ مال ہے۔ (۳) خواب میں انگور کا گچھا ہزار درہم ہوتے ہیں۔ (۴) سیاہ انگور باقی نہ رہنے والا رزق ہے۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اپنے موسم میں انگور دیکھنا غم کی اور بے موسم میں مرض کی دلیل ہے۔ (۵) اگر انگور لٹکے ہوئے ہوں تو خوف شدید کی علامت ہے۔ (۶) بادشاہ کے دروازہ سے سیاہ انگور توڑنا جبکہ اس کی تعداد کا بھی علم نہ ہو تو اسے اتنے ہی تعداد میں کوڑے لگیں گے۔ (۷) سفید انگور خیر اور شفاء کی دلیل ہیں' اس لئے کہ حضرت نوح علیہ السلام کو بیماری پہنچی تو آپ کو اللہ تعالیٰ نے انگور کھانے کا حکم فرمایا' آپ نے انگور کھائے تو آپ شفاء یاب ہوگئے۔ (۸) سیاہ انگور قلیل نفع کی علامت ہے۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کم سیاہ انگور کم غم کی اور زیادہ سیاہ انگور زیادہ غم کی دلیل ہیں۔ (۹) انگور توڑنا کم نفع ہے۔ (۱۰) اگر کوئی دیکھے کہ اس نے انگور توڑے اور اس کی ڈنڈی پکڑی اور انگور پھینک دیئے تو بیوی سے جھگڑنے اور مشکل میں مبتلاء ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۱) موسمی انگور عورتوں کی جانب سے نفع کی علامت ہے۔ نیز اس سے مراد الفت' محبت اور رزق طیب بھی ہوتا ہے۔ (۱۲) کبھی خواب میں انگور کھانا شراب پینے کی دلیل ہوتے ہیں جیسے کہ شراب پینے کی تعبیر انگور کھانا ہے۔ (۱۳) کبھی انگور کسی سخی آدمی سے حصول رزق پر بھی دلالت کرتے ہیں۔ (۱۴) کبھی انگور سے مراد عیب بھی ہوتا ہے۔ (۱۵) سیاہ انگور رات اور سفید انگور دن پر دلالت کرتے ہیں۔

## عصیر (رس)

(۱) خواب میں انگور یا گنے وغیرہ کا رس نچوڑنا تروتازگی کی نوید ہے۔ اور اگر صاحب خواب فقیر ہے تو غنی بنے گا۔ (۲) اگر دیکھے کہ لوگ ہر جگہ انگور اور زیتون وغیرہ کا رس نکال رہے ہیں اور لوگ شدت میں گھرے ہوں تو انہیں تروتازگی حاصل ہوگی اور ان کی مشکلات دور ہونگی۔ اور اگر یہ خواب مریض یا قیدی دیکھے تو انہیں مرض وقید سے نجات حاصل ہوگی۔ (۳) اگر مقروض یہ خواب دیکھے تو ادائیگی قرض کے اسباب پیدا ہوں گے۔ اگر طالب علم اور طالب سنت یہ خواب دیکھے تو اسے تفقہ حاصل ہوگا اور اس کا سینہ علوم سے لبریز ہوگا۔ (۴) اگر یہ خواب غیر شادی شدہ دیکھے تو اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی شادی ہوگی اور اللہ تعالیٰ اولاد عطا فرمائیں۔ اگر رس بہت زیادہ ہو اور اس کے ساتھ انجیر شراب یا دودھ ہو تو سلطنت کے حصول کا اشارہ ہے۔ (۵) اگر دیکھے کہ انگور کا رس نکال کر شراب بنا رہا ہے تو اسے دربار میں بڑا مرتبہ اور حرام مال حاصل ہوگا۔ جیسے کہ حضرت یوسف علیہ السلام کے قصہ سے معلوم ہوتا ہے۔

## عناب

(۱) خواب میں عناب کی تعبیر شریف، نفع مند، سلطنت، عزت اور سرور کا مالک شخص ہے، جو کہ مصائب میں ثابت قدم رہتا ہے۔ (۲) خواب میں عناب چوسنا، ولایت کا حصول ہے جیسے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ﴿ اَلَّذِیْ جَعَلَ لَکُمْ مِنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَاراً ﴾ (یٰسین) ''کیا جس نے بنا دی تمہارے لئے سبز درخت سے آگ'' بعض مفسرین نے فرمایا ہے کہ اس سے عناب کا درخت ہی مراد ہے۔ خواب میں آگ سے مراد سلطان ہوتا ہے۔ (۳) بے موسمی عناب دیکھنا حادثات اور مصائب کے خطرے کی علامت ہے۔ (۴) عناب کے درخت سے مراد کامل العقل، خوبصورت آدمی مراد ہے کبھی عناب سے مراد عورت کی مہندی سے رنگی ہوئی انگلیاں ہوتی ہیں۔

## خربوزہ عجور (کھیرا کی ایک قسم)

(۱) خواب میں خربوزہ سے مراد ایسی اولاد ہے جو والدین کے مشابہ ہو۔

## عفص (زرد رنگ)

زرد رنگ سرخ رنگ سے تیار کیا جاتا ہے۔ (۱) خواب میں زرد رنگ کسی کام کے لئے تیاری کی دلیل ہے۔ (۲) کبھی اس سے حیلے کا افشاء، لڑائی اور گھر والوں کی رسوائی بھی مراد ہوتی ہے۔ (۳) کبھی اس کی دلالت خوشی، مسرت اور ایسے کاموں میں عورتوں کی شرکت پر بھی ہوتی ہے۔ (۴) اگر زرد رنگ لگایا تو اسے ایسی جگہوں سے فوائد حاصل ہونگے جہاں سے اسے گمان بھی نہ ہو۔

## مازو

مازو خواب میں ایسا مال ہے جس سے مال میں زیادتی ہوتی ہے۔

## عنصل (جنگلی پیاز)

(۱) خواب میں جنگلی پیاز گناہگار فضول اور ایسا آدمی ہے جس کے بارے میں کوئی بھی اچھی رائے قائم نہ کرے۔
(۲) اگر کوئی شخص اپنے ہاتھ میں جنگلی پیاز دیکھے تو وہ ایسا کام کرے گا جس کے سبب لوگ اس کی برائی کریں گے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## عصا (لاٹھی)

(۱) لاٹھی خواب میں عمدہ حسب والا آدمی ہے جس کے بہت سے مددگار ہوں۔ (۲) اپنے ہاتھ میں لاٹھی دیکھنا کسی ایسے شریف وحسب والے مطلبی آدمی سے مدد لینا ہے جس میں نفاق ہو جو اپنے مال کے بڑھانے کے چکر میں ہو اور دشمنوں پر کامیاب بھی ہوتا ہو۔ (۳) اگر دیکھے کہ کھوکھلی لاٹھی پر سہارا لیا ہوا ہے تو مال ضائع ہونے کا خطرہ ہے۔ (۴) اگر خواب میں لاٹھی ٹوٹ جائے اگر صاحب خواب ''والی'' ہے تو معزول ہوگا اور اگر تاجر ہے تو تجارت ختم ہو جائیگی۔ (۵) اگر دیکھے کہ لاٹھی زمین پر ماری ہے تو اس زمین پر یا اس زمین کے مالک پر غالب آئیگا۔ (۶) خواب میں لاٹھی ٹوٹنا ایسے شدید مرض کی علامت ہے جس میں قویٰ جواب دے جائیں۔ لاٹھی سے مراد ایسا قوی آدمی ہوتا ہے جس پر اعتماد کیا جا سکے۔ (۷) جو شخص خواب میں خود کو لکڑی کے سہارے پر چلتا دیکھے تو وہ کشتی کا سفر کرے گا۔ لاٹھی امر نہیٔ دشمنوں پر مدد اور حصول مقصد کی دلیل ہے۔ (۸) اگر لاٹھی کھجور کی ٹہنی کی ہے تو عریانی کی دلیل ہے۔ (۹) اگر لاٹھی بادام کی ہو تو اچھائی یا برائی جو حالت بھی ہے اس کی یہ حالت ختم ہوگی۔ (۱۰) اور اگر لاٹھی شفتالو کی ہو تو کبھی اس سے مراد ''نفاق فی الدین'' ہوتا ہے۔ (۱۱) کبھی لاٹھی سے مراد سانپ اور جادو بھی ہوتا ہے۔ (۱۲) اگر دیکھے کہ کسی کو لاٹھی سے مارا ہے تو اس پر زبان درازی کرے گا۔ (۱۳) اگر دیکھے کہ پتھر پر لاٹھی ماری اور اس سے چشمہ جاری ہو گیا تو اگر فقیر ہے تو غنی ہوگا۔ اگر غنی ہے تو غنا میں مزید ترقی ہوگی۔ اس کی تعبیر بہر صورت رزق کثیر ہے۔ (۱۴) کبھی عصاء سے مراد خبیث الذہن مرد بھی ہوتا ہے اس لئے کہ عصا لکڑی ہے اور لکڑی کی تعبیر منافق مرد ہے۔

## عجلۃ (سامان لادنے کی گاڑی)

(۱) خواب میں سامان لادنے کی گاڑی صاحب خواب کی زندگی کی تدبیر کی علامت ہے اس لئے کہ اس پر بہت سی چیزیں لدی ہوئی ہوتی ہے جنہیں وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتی ہے۔ (۲) اگر خود کو اس سواری پر سوار دیکھے اور اس سواری کے نیچے بہت سے افراد ہوں تو صاحب خواب بہت سے افراد کی دیکھ بھال کرے گا یا اس کی نیک صالح اولاد پیدا ہوں گی۔ (۳) اگر اس کو مسافر دیکھے تو سفر میں سستی کی علامت ہے۔ (۴) یہ گاڑی سوار کے لئے عجمی بادشاہ کی جانب سے عزت شرافت اور باعث کرامت ہے۔ (۵) اگر دیکھے کہ اس گاڑی پر سوار ہے اور گاڑی اسے لے جا رہی ہے تو ایسا شخص بادشاہ کی اتباع کرے گا اور اس گاڑی پر قدرت کے بقدر بادشاہ سے نفع حاصل کرے گا۔ (۶) اگر دیکھے کہ ایسی گاڑی پر سوار ہے اور سامان اُٹھایا ہوا ہے اور اس پر اس انداز میں نہیں بیٹھا کہ جیسے دیگر سواریوں پر بیٹھتا ہے تو غم اور پریشانی لاحق ہونے کی علامت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## عجال (جلدی)

خواب میں جلدی ندامت کی علامت ہے۔(۱) اگر دیکھے کہ کسی کام میں جلدی کر رہا ہے تو اس میں ندامت اُٹھائیگا۔ (۲) اگر خواب میں ندامت اُٹھائے تو کام میں جلدی کی دلیل ہے۔

## عجل (بچھڑا)

(۱) خواب میں بچھڑا مذکر اولاد ہے جبکہ اسے گائے جنے یا اسے کوئی ہبہ کرے اسی طرح ہر پرندہ بھنا ہوا۔(۲) بچھڑا خوف سے امن ہے جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قصہ میں ہے۔(۳) بچھڑا اولاد ہے جس سے انسان کو بھلائی حاصل ہو۔ کبھی بچھڑا غم، تنگی معصیت اور اللہ تعالیٰ کی اطاعت سے خروج ہے۔(۴) اگر عورت سونے کا زیور یا عمدہ لباس دیکھے تو فرحت اور سرور کی دلیل ہے۔ کبھی اس سے فتنہ بھی مراد ہوتا ہے۔(۵) موٹا بچھڑا مذکر لڑکے کی بشارت اور دشمنوں پر مدد ہے۔ (۶) اگر دیکھے کہ کوئی بچھڑا یا بچھڑی کا گوشت کھاتا ہے تو اسے مرد یا عورت کی جانب سے مال حاصل ہوگا۔(۶) اگر دیکھے کہ بچھڑے یا بچھڑی پر وزن لادا ہے اور اسے گھر میں داخل کیا ہے تو اسے شدید غم لاحق ہوگا۔

## عنز (ہرنی)

خواب میں ہرنی کا حصول کبھی کبھار موٹی ہرنیاں امیری، کمزور ہرنیاں فقیری کی علامت ہیں۔(۱) عموماً ہرنی سے مراد تروتازگی اور خیریت ہے۔ خواب میں ہرنی ملنا وسعت رزق تروتازگی اور خیریت کی دلیل ہے۔(۲) اگر عورت خواب میں ہرنی کو اپنے گھر میں آتے دیکھے تو اس کے گھر میں ایک سال فقر گھسا رہے گا۔(۳) ہرنی سے مراد ذلیل، عاجز اور نکمّی عورت ہے۔

## عنقاء

خواب میں عنقاء بلند مرتبہ بدعتی آدمی ہے جو ملت اسلامیہ کے ساتھ مکمل نہیں چلتا۔(۱) اگر دیکھے کہ عنقاء اس سے بات چیت کر رہا ہے تو اسے خلیفہ کی طرف سے مال حاصل ہوگا بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اسے وزارت ملے گی۔(۲) اگر دیکھے کہ عنقاء نے اس کی طرف کوئی چیز پھینکی ہے تو اللہ تعالیٰ بادشاہ کے ہاتھوں اسے رزق عطا فرمائیں گے۔(۳) اگر خود کو عنقاء پر سوار دیکھے تو بلند مرتبہ اور مملکت پر بے مثال غلبہ کی دلیل ہے۔(۴) اگر خواب میں عنقاء شکار کرے تو کسی عظیم المرتبہ کے ساتھ دھوکہ بازی کرے گا۔(۵) اگر عنقا بیچ دے تو عظیم المرتبہ آدمی پر ظلم کرے گا۔(۶) اگر بغیر کسی حیلہ کے عنقاء شکار کرے تو بہادر بیٹے کی دلیل ہے۔(۷) عنقاء پر گرفت خوبصورت حسین عورت سے شادی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۸) عنقاء کی دلالت کبھی عجیب وغریب باتوں اور لمبے اشعار پر بھی ہوتی ہے۔ کبھی غلط صحیح اور بے ہودہ کلام بھی اس سے مراد ہوتا ہے۔

## عقاب

خواب میں عقاب قوی سلطنت اور سخت پکڑ' رعب و دبدبہ والے اور ایسے جھگڑالو آدمی کی دلیل ہے جس سے قریبی اور دور والے سبھی خائف ہوں۔ (۱) اگر عقاب کو کسی گھر کی چھت پر یا صحن میں دیکھے تو وہ ملک الموت ہے۔ (۲) خواب میں عقاب کا حصول کسی قوت والے بادشاہ کا قرب ہے۔ (۳) اگر اس کی مخالفت کی جائے تو اس سے خوف لاحق رہے۔ (۴) عقاب کے پر بہادر بیٹے کی دلیل ہیں جو بادشاہ کا قرب حاصل کرے گا۔ (۵) اگر دیکھے کہ عقاب نے اسے چونچ سے مارا ہے تو اس پر شدید آفت نازل ہوگی اور اس کے محلہ داروں کو بھی مصیبت لاحق ہوگی۔ (۶) خواب میں عقاب کا گوشت کھانا لالچی آدمی کی علامت ہے۔ (۷) عقاب کی تعبیر گندی شہرت کا حاصل ایسا بادشاہ بھی ہے جس کے ہاتھوں بہت سے بادشاہ تباہ ہوتے ہوں۔ عقاب کو درخت پر بیٹھا دیکھنا برکت' خیریت اور نعمت کی دلیل ہے۔ (۸) اگر عقاب کو سیدھا اڑتا دیکھے تو تمام دشمنوں پر کامیابی اور تمام ضرورتوں کا پورا ہونا مراد ہے۔ (۹) عقاب کو کسی چٹان' درخت یا بلند جگہ پر بیٹھا دیکھنا اس آدمی کے لئے بہت اچھا ہے جو کسی کام کی ابتدا چاہتا ہو۔ لیکن مسافر اور کسی انجام سے ڈرنے والے کے لئے اچھا نہیں ہے۔ (۱۰) اگر دیکھے کہ عقاب اس کے سر پر گرا ہے تو اس کی موت کی دلیل ہے۔ (۱۱) عقاب پر سوار ہونا بلند بادشاہوں اور مالداروں کے لئے موت جبکہ غریبوں کے لئے خیر کی دلیل ہے کہ وہ مالدار بنیں گے اور انہیں کثیر منافع حاصل ہونگے۔ (۱۲) اگر مسافر یہ خواب دیکھے تو سفر سے واپسی کی دلیل ہے۔ (۱۳) اگر دیکھے کہ عقاب اسے ڈرا رہا ہے تو کوئی بڑا آدمی اسے ڈرائیگا۔ (۱۴) اگر دیکھے کہ عقاب قریب آکر اسے کوئی چیز دے رہا ہے اور اس سے ایسی باتیں کر رہا ہے جو بخوبی سمجھ میں آرہی ہیں تو خیر و منفعت کی دلیل ہے۔ (۱۵) اگر دیکھے عورت نے عقاب جنا ہے تو اس کے ہاں ایسا بیٹا پیدا ہوگا جو سچا ہے اور اپنی قوم کا بڑا رئیس یا پھر بادشاہ بنے گا۔ (۱۶) اگر غلام مردہ عقاب دیکھے تو اس کے آقا کی وفات کی دلیل ہے۔ (۱۷) اگر دیکھے کہ عقاب نے اس کی آنتیں اپنی چونچ سے باہر نکال دیں تو اس کے ہاں مشہور اور قابل تعریف بیٹا پیدا ہوگا۔ (۱۸) چور اور دھوکہ باز اگر خواب میں عقاب دیکھیں تو ان کی پکڑ مراد ہے۔ (۱۹) اگر دیکھے کہ عقاب نے اسے اُٹھایا اور عرضاً اسے لے اُڑا تو اس کی شرافت یا لمبے سفر کرنے کی علامت ہے۔ (۲۰) خواب میں عقاب سے لڑنا بادشاہ یا بادشاہ کے مصاحبین سے لڑنا ہے۔ (۲۱) خواب میں عقاب کو دیکھنا جنگ میں لڑنے والے کے لئے نصرت اور دشمن پر کامیابی ہے۔ اس لئے کہ حضور ﷺ کے جھنڈے پر عقاب بنا ہوا تھا۔ (۲۲) کبھی اس سے مراد مال کثیر یا لڑائی بھی ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## عقعق (کوے کی مانند ایک پرندہ)

خواب میں عقعق دیکھنے کی تعبیر بے وفا اور غیر امانت دار آدمی ہے جو کسی سے محبت نہ رکھتا ہو، ذخیرہ اندوز ہو اور ہر وقت گرانی کی خواہش کرتا ہو۔ کبھی اس سے مراد مالدار بھی ہوتا ہے۔ (۱) خواب میں اگر عقعق اس سے بات کرے تو غیبی خبر کی دلیل ہے۔ (۲) خواب میں عقعق کا حصول دھوکہ باز فاسق سے ملنا ہے۔ (۳) عقعق کے پیچھے لگنا کسی ایسے کام میں مبتلا ہونا ہے جو کبھی مکمل نہ ہو۔

## عندلیب (بلبل)

(۱) خواب میں بلبل دیکھنا قاری یا گلوکار یا عمدہ کلام والی عورت کو دیکھنا ہے۔ (۲) اگر بادشاہ اپنے پنجرہ میں خوبصورت آواز والی بلبل دیکھے تو اسے کامل العقل اچھے مشوروں والا وزیر میسر آئے گا۔

## عنکبوت (مکڑی)

(۱) خواب میں مکڑی ایسی ملعون عورت ہے جو اپنے خاوند کے بستر کو چھوڑ دیتی ہو۔ (۲) خواب میں مکڑی دیکھنا کمزور اور تھکا ہارا آدمی دیکھنا ہے۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ خواب میں مکڑی کی تعبیر بُننے والا آدمی دیکھنا ہے۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس سے مراد عابد زاہد آدمی ہے۔ (۳) مکڑی کا جالا دیکھنا کمزوری اور بزدلی کی علامت ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ ﴿اِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ﴾ "بے شک تمام مکانوں میں سے کمزور ترین مکڑی کا ہے" مکڑی سے مراد جادوگر عورت بھی ہوتی ہے کبھی اس سے بُننے کی مہارت بھی مراد ہوتی ہے۔ (۴) اگر خواب میں مکڑی کو چھت سے گرتا دیکھے تو سخت سردی واقع ہوگی۔

## عقرب (بچھو)

خواب میں بچھو ایسے چغل خور کے سبب سے غم اور سختی پہنچنے پر دلالت کرتا ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے کوئی محفوظ نہ ہو۔ بچھو سے مراد چغل خور ہوتا ہے۔ کبھی اس کی دلالت قرابت دار دشمنوں پر بھی ہوتی ہے۔ (۱) اگر دیکھے کہ ہاتھ سے بچھو پکڑ کر اپنی بیوی پر ڈالا ہے تو اپنی بیوی کے پچھلے راستہ میں مشغول ہوگا۔ (۲) لوگوں پر بچھو چھوڑنا لواطت کرنے کی علامت ہے۔ (۳) زرد رنگ کے بچھو کی بھی یہی تعبیر ہے۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس سے مراد مال کا حصول ہے اور اسے قتل کرنا مال کا ہاتھ سے نکلنا ہے۔ (۴) بچھو کا اپنی طرف آنا اور ڈنگ مارنا فضل ہے جو اسے حاصل ہوگا لیکن جلدی ختم ہو جائے گا۔ (۵) اگر بچھو اسے ڈنگ مارے تو دشمن اس کی غیبت کرے گا اور اسے ڈنگ کی بقدر نقصان پہنچائے گا۔ (۶) گھر میں بچھو کو جلانا دشمن کی موت کی دلیل ہے۔ (۷) شلوار میں بچھو کا گھسنا اس بات کی دلیل ہے کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس کا دشمن اس کی بیوی سے بدکاری کرے گا۔ (۸) اگر بچھو کا گوشت پکا کر بھون کر کھائے تو اسے چغل خور دشمن کی جانب سے مال حاصل ہوگا۔ مثلاً برات کا مال۔ (۹) اگر بچھو کا گوشت کچا ہو تو حرام مال کی دلیل ہے۔ (۱۰) اگر خواب میں بچھو کو نگل لے تو دشمن کی عزت پر ہاتھ ڈالے گا اور اس کے رازوں سے واقف ہوگا۔ (۱۱) اگر اپنی قمیض یا اپنے کمرہ میں بچھو دیکھے تو وہ دشمن ہے جو اسے معاشی نقصان پہنچائے گا۔ (۱۲) اگر بچھو کو اپنے بستر پر دیکھے تو دشمن اور اس کے گھر میں تکلیف کی دلیل ہے۔ (۱۳) اگر اپنے پیٹ میں بچھو دیکھے تو وہ اس کے اعمال میں دشمن ہیں۔ (۱۴) اگر خواب میں بچھو پچھلے راستہ سے نکلتے دیکھے تو اولاد کی اولاد میں سے دشمن ہیں اور وہ دشمنی ہے جو انہیں واقع ہوگی۔ (۱۵) خواب میں کچا بچھو کھانا گناہگار کی غیبت کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۶) اسی طرح کی تعبیر کسی بھی جانور کا کچا گوشت کھانے ہے' بچھو ایسے آدمی کی دلیل ہے جس کی دل کی باتیں اس کی زبان سے ظاہر ہو جائیں اور جس کے دشمنوں اور دوستوں کا کچھ علم نہ ہو۔ بچھو کمزور ہمت والا غیبت کرنے والا دشمن ہے۔ (۱۷) اگر بچھو کو دیکھ کر ڈرے اور بچھو نے اُسے ڈنگ نہ مارا ہو تو دشمن اس کی غیبت کرے گا اور اسے نقصان پہنچانے کی کوشش کرے گا۔ (۱۸) اگر بچھو سے نہ ڈرے تو دشمن نہ اس کی غیبت کرے گا اور نہ ہی اسے نقصان پہنچا سکے گا۔ (۱۹) خواب میں بچھو کو قتل کرنا دشمن پر کامیابی کی دلیل ہے۔ (۲۰) اگر خواب میں اپنے ہاتھوں میں بچھو دیکھے جو لوگوں کو ڈنگ مار رہا ہو تو صاحب خواب لوگوں کی غیبت کرے گا اور دیگر لوگوں میں غیبت کو فروغ دے گا۔ (۲۱) اگر خواب میں بچھو کے مشابہ کوئی اور جانور ہو تو وہ ایسا آدمی ہے جسے دشمن سمجھا جاتا ہے لیکن درحقیت وہ دشمن نہیں ہے۔ (۲۲) بچھو کا ڈنگ چغل خور انسان کی زبان ہے۔

## علق (جونک)

(۱) خواب میں جونک وہ کیڑے ہیں جو انسانی جسم کو کھا جائیں۔ (۲) اس سے اہل وعیال کا غم بھی مراد ہوتا ہے۔ (۳) اگر خواب میں جونک کو اپنی ناک' پیشاب یا پاخانہ کے راستے' پیٹ یا منہ سے نکلتا دیکھے تو اس کی بیوی حمل کے دن مکمل ہونے سے پہلے بچہ جن دے گی۔ (۴) کبھی جونک سے مراد گھٹیا اعضاء بھی ہوتے ہیں۔

## عصفور (چڑیا)

(۱) خواب میں چڑیا دیکھنا کسی ایسے آدمی کو دیکھنا ہے جو اپنے کھیل اور حکایات سے لوگوں کو خوب محظوظ کرتا ہو۔ (۲) کبھی اس سے مذکر اولاد بھی مراد ہوتی ہے۔ (۳) خواب میں چڑیا کو ذبح کرنا ضعیف بچے کی پیدائش کی دلیل ہے جس کی موت کا خوف ہو۔ (۴) بعض حضرات فرماتے ہیں کہ خواب میں چڑیا ایسے آدمی کی جانب اشارہ ہے جو جھگڑالو' مالدار' صاحب حکومت اور حیلہ باز ہو۔ (۵) کبھی چڑیا سے مراد خوبصورتی بھی ہوتی ہے۔ چڑیوں کی آوازیں اچھی باتیں اور علمی مذاکروں کی دلیلیں ہیں۔ (۶) خواب میں بہت سی چڑیاں مال کثیر ہیں جو بلا مشقت حاصل ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۷) چڑیوں کی تعبیر کبھی بچوں سے بھی بیان کی جاتی ہے۔ (۸) اگر کوئی شخص خواب میں اپنے ہاتھ میں چڑیا دیکھے تو اسے دس دینار حاصل ہونگے۔ (۹) کبھی چڑیا سے مراد عظیم المرتبہ شخص بھی ہوتا ہے۔ (۱۰) خواب میں چڑیا کو حاصل کرنا یا اس کا مالک بننا کسی بلند مرتبہ شخص کا قرب حاصل کرنا ہے۔ اسی طرح اسے شکار کرنا۔ (۱۱) اگر خواب میں چڑیا ذبح کردے تو عظیم المرتبہ شخص سے اپنا کام نکالے گا۔ (۱۲) اگر خواب میں چڑیا کے بال یا پر نوچے یا اس کا گوشت کھائے تو مال کے حصول کی دلیل ہے۔ (۱۳) بعض اوقات چڑیا ذبح کرنے کی تعبیر اپنی لونڈی سے جدا ہونا ہے۔ (۱۴) خواب میں چڑیا کے پر کا حصول ایسے لڑکے کی ولادت ہے جو بڑے لوگوں کے درجہ پر فائز ہوگا۔ (۱۵) اگر چڑیا کو اپنے ہاتھ یا پنجرے میں دیکھے پھر وہ چڑیا اُڑ جائے اور واپس نہ آئے تو اس کا مریض بیٹا فوت ہوگا۔ (۱۶) خواب میں چڑیا کی آنکھیں بچوں سے دھوکہ بازی اور مکر کی دلیل ہے۔ (۱۷) خواب میں چڑیوں کے پر حاصل کرنا بہت سی اولاد کی دلیل ہے۔ (۱۸) اگر دیکھے کہ چڑیا اس کے حلق میں داخل ہوگئی اگر اس کا کوئی بیٹا ہو تو وہ کنویں میں گرے گا۔ (۱۹) اگر بہت سی چڑیوں کا مالک بن جائے تو وہ مالدار بنے گا اور اسے والدیت حاصل ہوگی (۲۱) چڑیا اجتماع اور اھل واقارب کے ساتھ خوشی کے موقع پر اکٹھا ہونے کی بھی دلیل ہے تاہم کبھی کبھی گناہ اور تفرقہ بازی کے اجتماع پر بھی دلالت کرتی ہیں۔

## عش (گھونسلا)

(۱) خواب میں گھونسلہ اس آدمی کا گھر ہے جس پر پرندہ ولادت کرتا ہے۔ (۲) کبھی گھونسلے سے مراد بیوی ہوتی ہے۔ (۳) حاملہ عورت کے لئے گھونسلا دیکھنا ولادت کی علامت ہے گھونسلا سے مراد وہ گھونسلا ہے جو درختوں پر ہوتا ہے نہ کہ وہ جو دیوار، پہاڑ کے دامن میں یا پہاڑ پر ہو کیونکہ اس گھونسلے کی تعبیر یہ نہیں ہوتی۔

## عشاء

خواب میں عشاء دیکھنا جھوٹ دھوکہ دہی اور قیامِ فتنہ کی علامت ہے بوجہ اللہ تعالیٰ کے فرمان: ﴿وَجَاءُوا أَبَاهُمْ عِشَاءً يَبْكُونَ﴾ (یوسف) ''اور آئے اپنے باپ کے پاس اندھیرا پڑے روتے ہوئے'' کبھی خواب میں عشاء سے مراد تسبیح اور ذکر واوراد بھی ہوتا ہے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ﴿وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ﴾ ''اور صبح و شام اپنے رب کی پاکی وحمد بیان کرو''۔

## عمود (ستون)

خواب میں ستون دیکھنا دین کی دلیل ہے۔ (۱) اگر دیکھے کہ آسمان سے ستون اترا ہے تو اللہ تعالیٰ کسی عادل بردبار اور نرم خو بادشاہ کو سلطنت عطا فرما کر لوگوں پر احسان کریں گے۔ (۲) اگر دیکھے اسے ستون سے مارا گیا تو یہ ایسی بات ہے جو ستون سے مارنے والا اس کے بارہ میں کہے گا۔ (۳) اگر یہ ستون سے زخمی ہوا تو اس آدمی کے ذریعے اسے نقصان پہنچے گا۔ بعض حضرات اس کی تعبیر یہ کرتے ہیں اگر مارا جانے والا غلام ہے تو اسے بیچ کر اس کی قیمت رکھ لی جائیگی اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اگر مارا جانے والا آزاد ہوتو خطرہ ہے کہ اسے گرفتار کر کے غلاموں کی طرح بیچ دیا جائیگا۔(۴) اگر ستون کے ساتھ سہارا لے یا اسے خریدے یا اسے ہبہ کیا جائے تو وہ کسی بڑھیا کا سہارا لے گا یا کسی بڑھیا سے شادی کرے گا۔اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ﴿وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَاءِ﴾ (۵) ستون کی تعبیر وہ آدمی ہے جس پر اعتماد کیا جائے اور اس کا سہارا لیا جائے۔(۶) اگر دیکھے کہ ستون اپنی جگہ سے ہٹ گیا تو اس کا عامل اس سے اختلاف کرے گا اور منافقت سے پیش آئے گا اور اس کی اطاعت کا حلقہ گردن سے اتار پھینکے گا۔اگر صاحب خواب عامل ہے تو بادشاہ اس سے بدل جائے گا اور اس کے ساتھ اچھے انداز سے پیش نہیں آئے گا۔اگر یہ خواب غلام دیکھے تو اس کا سردار اس سے بدسلوکی کرے گا یا اسے بیچ دے گا۔(۷) ستون ایسے آدمیوں پر دلالت کرتے ہیں جن پر شر کے خاتمے اور اہم کاموں میں اعتماد کیا جا سکے۔اگر خود کو بہت سے ستونوں کا مالک دیکھے یا خود کو بھی ستون دیکھے تو اگر بادشاہت کا اہل ہے تو اسے سلطنت حاصل ہوگی یا پھر سبھی لوگوں کے لئے قابل اعتماد ہوگا۔اگر عالم دین ہو تو ارباب علم اس کے گرد جمع ہوں گے۔ستون کی تعبیر والد' بیٹا' شریک' سواری' بیوی یا اپنی ملکیت کی چیزیں ہوتی ہیں۔

## عقبة (دشوار گذار گھاٹی)

(۱) خواب کے اندر جو شخص گھاٹی کی طرف وارد ہوا گویا اس نے اپنے نفس کو دنیا و آخرت کے حصول میں لگایا ہے اس مقدار کے مطابق جس کا نائم نے خواب میں ارادہ کیا ہوا ہو۔(۲) بسا اوقات عقبۃ دلالت کرتی ہے کسی دشوار عورت یا سخت جھگڑالو آدمی پر جس کو نرمی کے سوا حاصل نہیں کیا جا سکتا اور کبھی ایسے رفیق یا شریک پر دال ہوتی ہے جس کو مال اور جان پر امن نہ دیا جا سکتا ہو اور کبھی ایسے عمل پر دال ہوتی ہے جس کے ذریعہ خطرات سے نجات حاصل ہو۔وقال تعالیٰ ﴿فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ وَمَا اَدْرٰکَ مَا الْعَقَبَةُ﴾ ''سو نہ دھمک سکا گھاٹی پر اور تو کیا سمجھا کیا ہے وہ گھاٹی'' (۳) کبھی گھاٹیاں تنگدستی مصائب اور خطرات کی علامت ہوتی ہیں لہٰذا ان پر وارد ہونا بھی ایسا ہی ہے اور گھاٹی سے واپس اترنا ان خطرات سے سلامتی ہے۔(۴) کبھی گھاٹیاں سزا اور تادیب پر دال ہوتی ہیں۔(۵) بسا اوقات گھاٹی اس سواری یا بیوی یا باندی یا پل یا بلند عمارت پر دال ہوتی ہے جس کو وہ روندے گا۔(۶) کبھی گھاٹی پر چلنا دال ہوتا ہے بلندی مرتبہ پر علم کے ذریعہ یا اچھی سیاست یا اعلیٰ دانائی یا حسن سیرت یا وعدہ وفائی یا حسنِ سلوک کے سبب۔(۷) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ بلندی سے پستی کی طرف آ رہا ہے تو وہ مرتبے سے ہٹ گیا یا اس کی حالت سلب ہوگئی یا وہ دین سے مرتد ہوگیا یا وہ اُس حالت کیطرف لوٹ گیا جس پر وہ تھا۔(۸) ہر چڑھنا جس کو انسان دیکھے گھاٹی یا ٹیلہ یا چھت وغیرہ پر گویا وہ حاصل کرنے والا ہے کسی ضرورت کو جس کا وہ ارادہ کر رہا ہے۔(۹) اور گھاٹی میں سیدھے چڑھنا مشقت ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔(۱۰) جس نے دیکھا کہ وہ اتر رہا ہے ٹیلہ یا محل یا پہاڑ سے تو وہ معاملہ جس کو وہ طلب کر رہا ہے وہ ناقص اور ناتمام رہیگا۔

## عقب (ایڑی)

(۱) ایڑی خواب میں اولاد کے ساتھ تعبیر کی جاتی ہے۔جس نے خواب دیکھا کہ اُس کی ایڑی ہی نہیں تو وہ اولاد نہیں چھوڑیگا۔(۲) اور جس نے دیکھا کہ اُس کی ایڑی ٹوٹ گئی یا کٹ گئی تو اُسکا بیٹا مریگا دائیں ایڑی بیٹوں اور بائیں بیٹیوں کی علامت ہے۔(۳) ایڑی انسان کی دین و دنیا اور اس کی عاقبت پر دلالت کرتی ہے اور ایسے ہی انسان جو کچھ اپنے بعد اولاد یا مال میں سے چھوڑیگا اُس کی بھی علامت ہوتی ہے۔(۴) خوبصورت ایڑی اعمال صالحہ پر دال ہے۔(۵) اور ایڑی کا سیاہ ہونا یا متغیر ہونا گمراھی اور فرمان برداری سے نافرمانی کی طرف لوٹنے کی دلیل ہے۔(۶) اور بسا اوقات ایڑیاں اس شخص کے لئے سزا پر دلیل ہوتی ہیں جو وضو مکمل نہیں کرتا اور اپنے اعضاء کو پانی کے ساتھ اچھی طرح نہیں دھوتا۔جیسا کہ ارشاد رسول ﷺ ہے کہ خشک ایڑیوں کے لئے آگ میں ہلاکت ہے ۔(۷) جس نے اپنے پاؤں کی ایڑی کو شکستہ پایا گویا وہ ندامت اٹھانے والے کام کی کوشش کریگا۔

## عورۃ (ستر)

(۱) جس نے خواب دیکھا کہ اس کے ستر سے کپڑے ہٹ گئے اور ستر ظاہر ہو گیا اور اپنا ستر کھلا ہوا دیکھ کر حیاء کر رہا ہے تو وہ کسی غلطی میں واقع ہوگا۔اور اس کے ذریعہ اپنے دشمنوں کو خوش کریگا۔(۲) جس نے دیکھا کہ اس کا ستر ظاہر ہے اور وہ اس سے حیاء بھی نہیں کر رہا ہے اور نہ ہی کوئی اس کی طرف متوجہ ہو رہا ہے تو وہ کسی ایسے معاملہ میں سلامت رہیگا جس میں تکلیف یا مرض ہوگا اور اگر مقروض ہے تو اللہ تعالیٰ اسکا قرض ادا کروادینگے اور اگر خائف ہے تو مامون ہوگا۔

## عاتق (کندھا' شانہ)

(۱) جب کندھے موٹے ہوں بہترین گوشت والے ہوں تو وہ بہادری اور قوت کی دلیل ہے کاموں کے اندر اور محبوسین' قیدیوں کے لئے لمبی قید پر دلیل ہوتے ہیں یہاں تک کہ ممکن ہے کہ وہ اٹھائیں قیود کے بوجھ کو۔(۲) اور جس نے کندھے میں کوئی مرض دیکھا تو یہ بھائی کی بیماری یا موت کی علامت ہے۔(۳) کندھا اس بات پر دلیل ہے کہ انسان کوئی بوجھ اٹھائیگا۔اگر کسی نے کندھے پر بھاری بوجھ دیکھا تو وہ بوجھوں کے اٹھانے پر دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## عنق (گردن)

خواب میں گردن کی تعبیر امانت کا محل ہے۔(۱) جس نے اپنی گردن کو مضبوط دیکھا تو وہ امانت قائم کرنے والا ہے۔ اور عاجز ہے۔(۲) جس نے گردن میں سانپ لپٹا ہوا دیکھا تو وہ مال کی زکوٰۃ نہیں دیتا ہے۔(۳) اگر حاکم موٹی گردن دیکھے تو وہ طاقتور ہے اپنے عدل اور غضب میں اپنے دشمنوں کے لئے۔(۴) جس نے گردن میں درد محسوس کیا تو وہ معاشرہ میں یا امانت کی ادائیگی میں بُرا ہے۔(۵) جب گردن میں جوڑا یا ھار دیکھے تو اُس کے ذمّہ جمع شدہ مرض سے ٹھیک ہو جائیگا۔(۶) اگر کسی کی گردن پر امرد (بے ریش) لڑکے نے مارا تو خواب دیکھنے والا مر جائیگا کیونکہ بے ریش لڑکا مشابہ فرشتہ ہے۔(۷) اگر غمزدہ شخص نے اپنی گردن پر ضرب لگائے تو اللہ تعالیٰ اُس کے غم کو دور فرمائیگا اور اگر غلام ہے تو وہ آزاد ہوگا اور اگر قرض اُس کے ذمّہ ہے تو اُس کو ادا کر دیگا اور اُس سے چھٹکارا پائیگا اور ایسا ہی قیدی قید سے نکل جائیگا اور گردن' ولایت' شہادت اور وصیّت اور زکوٰۃ اور دین جو اُس سے متعلق ہے کا محل ہے۔(۸) جس نے اپنی گردن کو خوبصورت موٹا اور اپنے بدن کے ساتھ موزوں مناسب دیکھا تو یہ اس کے منصبِ جلیل پر فائز ہونے کی دلیل ہے اور وہ لوگوں کے درمیان اُس منصب پر اپنی گردن کے ذریعہ طویل مدت تک برقرار رہیگا۔(۹) اگر شاہد ہو تو اس سے بری الذمّہ ہوگا جس کی ادائیگی کے لئے کوشاں ہے۔اور اگر اُس کے پاس کوئی ودیعت کی چیز ہے اس سے بھی چھٹکارا پائیگا۔اسی طرح وصیت یا زکوٰۃ کا مال ادا کر دیگا۔یا قرض ادا کر دیگا جو اُس کے ذمّہ ہے یا اس کے برعکس۔ (یعنی اگر اس کا کسی نے قرض دینا ہو وہ بھی اس کو ادا کر دیگا)۔(۱۰) جس نے اپنی گردن میں پھوڑے یا پیپ یا بہنے والا خون دیکھے تو جتنی چیزیں ہم نے ماقبل ذکر کیں ان میں مشغول ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۱) اگر اپنی گردن پر کتاب دیکھے تو وہ اپنی ذمّہ داریاں جو اس کے اور اللہ تعالیٰ کے مابین ہیں پوری کریگا۔(۱۲) میّت کی گردن کا خوبصورت ہونا اُن تمام چیزوں سے برأت کی دلیل ہے جو اُوپر ذکر کی گئی ہیں۔(۱۳) جیسا کہ مسافر کی گردن کا خوبصورت ہونا اُسکے سلامتی کے ساتھ واپس آنے پر دلیل ہے۔(۱۴) عورتوں کی گردن اُن چیزوں پر دلیل ہے جو وہ اپنی گردن میں بناتی ہیں ہاروں وغیرہ میں سے اور ایسے ہی بچہ کی گردن۔(۱۵) جس نے اپنی گردن میں رسی یا لڑی جواہر اور موتیوں کی دیکھی تو یہ اس کے فضل اور علم اور قائم بالحق ہونے کی علامت ہے۔(۱۶) اگر نبی کریم ﷺ کو دیکھا کہ وہ اس کی گردن پر چٹکی لگا رہے ہیں تو بری تقلید اور غلط اتباع کرنے کی وجہ سے یہ ڈانٹ پڑ رہی ہے۔اور کبھی یہ خواب ادائیگی قرض اور شفاءِ مرض کی علامت بھی ہوتا ہے۔(۱۷) جس نے اپنی گردن کو دیکھا نہ زیادہ لمبی نہ زیادہ چھوٹی ہے اگر برے اخلاق والا ہے تو اخلاق اچھا کرلے گا۔اور اگر بہادر ہے تو اس کی بہادری میں مزید اضافہ ہوگا اور اگر بدمزاج ہے تو کریم وسخی بن جائیگا۔اور گردن اور دونوں کندھے امانت اور قرض کے محل ہیں کندھے کی تعبیر عورتوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی امانات ہیں اور گردن کی تعبیر مردوں کی امانت ہیں۔(۱۸) جس نے اپنی گردن پر سفید پرندہ دیکھا تو اس کا اچھا عمل ہے۔(۱۹) اگر سیاہ ہے تو برا عمل ہے۔(۲۰) اگر دیکھا گردن میں مصحف تو وہ قائم بالحق ہے اور وعدہ کے ساتھ بھی قائم ہے اور علم پڑھانے اور قرآن کی تلاوت کی بھی دلیل ہے۔

## عناق (معانقہ کرنا، بغل گیر ہونا)

(۱) جس نے خواب میں کسی زندہ شخص سے معانقہ کیا اگر اُس نے اُس سے ملاقات، معانقہ کی بقدر طویل کی تو یہ اُس شخص کے حق میں باعثِ محبت ہوگی۔(۲) اور اگر معانقہ کسی مردہ شخص کے ساتھ کیا اور اُس سے ملاقات مختصر ہوئی تو اس کی زندگی لمبی ہوگی۔(۴) اور اگر میت سے معانقہ ہوا اور مردہ شخص اُس سے چمٹا رہا تو خواب دیکھنے والا شخص جلد وفات پا جائیگا کیونکہ معانقہ مختصر وخفیف تھا اور التزام دائمی تھا۔(۵) جس نے خواب میں عورت سے معانقہ کیا تو گویا وہ آخرت سے مایوس ہو کر دنیا کو حاصل کر رہا ہے۔

## عشق (محبت)

خواب میں عشق ومحبت کرنا بیداری میں مصیبت اور بلا ہے۔(۱) جس شخص نے کسی سے عشق کیا بیداری میں وہ آزمائش میں ڈالا جائے گا اور عاشق مشتاق ہوتا ہے نیکی یا برائی کا اور دل میں محبت باعثِ فتنہ ہوتی ہے چنانچہ اگر کسی نے اپنے دل میں فتنہ دیکھنا ہو تو وہ فتنہ محبت ہے۔(۲) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ ایسا عمل کر رہا ہے جو اُس کا دل چاہتا ہے تو وہ ایسے فعل کریگا جس کی کوئی انتہاء نہ ہوگی۔(۳) اگر خواب میں کوئی ایسے مرد دیکھا جو کہہ رہا تھا کہ میں تم سے محبت کرتا ہوں تو دلیل ہے وہ اُس سے ناراض ہوگا۔(۴) جس نے دیکھا کہ وہ اپنی ہر اس خواہش کو پورا کرتا ہے جس کا وہ ارادہ کرتا ہے اور اس کو کوئی روکنے والا روکتا بھی نہیں ہے تو وہ ہر مصیبت کو پہنچے گا اور اپنے دل کو فاسد اور خراب کریگا۔(۵) عشق غم اور رنج کی بھی دلیل ہے۔جس نے اپنے آپ کو عشق کرتے دیکھا تو اُسے نے غم اور رنج کو حاصل کر لیا اس لئے کہ عشق کرنے والے مغموم اور رنجیدہ رہتے ہیں۔(٦) عشق ایسے کلام کے اظہار پر دلالت کرتا ہے جس کے چھپانے پر قدرت نہیں ہوتی اور مریض کے لئے فقر اور موت پر دلالت کرتا ہے۔ اور بسا اوقات خواب میں موت بیداری میں عشق پر دلالت کرتی ہے اور محبوب سے بُعد اور دوری پر بھی۔(۷) عاشق کا خواب میں مرنے کے بعد زندہ ہونا اپنے معشوق کے ساتھ وصل کی بشارت ہے۔(۸) اور بیداری میں جلنا عشق ہے۔(۹) خواب میں جنت میں داخل ہونا بیداری میں محبوب کے ساتھ وصال ہے۔(۱۰) جیسا کہ آگ میں داخل ہونا محبوب سے فرقت اور جدائی کا باعث ہے، محبت غفلت، لا پرواہی، اور دین میں نقص ہے اور عشق دین میں فساد اور مال میں نقصان کا باعث ہے، اور اس کی تفصیل (باب الحاء) کی بحث ''حُب'' کے عنوان کے تحت گذر چکی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## عض (دانتوں سے کاٹنا)

(۱) خواب میں کاٹنا مکر کرنے کی علامت ہے اور بعض نے کینہ سے تعبیر کیا ہے۔ اور بعض نے کہا کاٹنا زیادتی محبت پر دال ہے جس کو بھی کاٹا جائے خواہ آدمیوں میں سے ہو یا انسانوں کے علاوہ میں سے ہو اور آزمائش پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) اور جس شخص نے اپنا گوشت کاٹا اور زمین پر پھینک دیا تو دلیل ہے وہ شخص معیوب ہے۔ (۳) کسی انسان کو اپنے پورے کاٹتے ہوئے دیکھنا دلیل ہے کہ وہ کینہ رکھنے والا ہے۔ (۴) اور جس شخص نے اپنی انگلیاں کاٹتے ہوئے دیکھا تو اُسے ندامت ہوگی۔ اور کہا گیا ہے کہ وہ ظالم ہوگا۔ کیونکہ فرمان باری تعالیٰ ہے ﴿ وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ الخ ﴾ "اور جس دن ظالم اپنے ہاتھوں کو کاٹے گا"۔ (۵) اور کاٹنے سے جب خون نکلے تو یہ دال ہے گناہ میں آزمائش پر اور کاٹنا زیادتی غصہ پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۶) اور جس شخص نے کسی انسان کو دیکھا کہ وہ اُسے کاٹ رہا ہے تو وہ خوشی حاصل کریگا اوّل عمر میں لیکن اس کے ساتھ تکلیف یا دلی رنج بھی اس کو پہنچے گا۔

## عرج (لنگڑاپن)

(۱) خواب میں لنگڑاپن ایسے معاملہ سے عاجزی پر ہے جس کا اُس نے ارادہ کیا ہے (۲) اور کہا گیا ہے جس شخص نے اپنے آپ کو لنگڑا دیکھا اس کو علم، فقاہت اور دین میں زیادتی حاصل ہوگی اور لنگڑاپن سفر پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۳) جس شخص نے اپنا دایاں پاؤں بیمار یا ٹوٹا ہوا یا نکلا ہوا دیکھا پس اگر اس میں زخم بھی ہو تو اُسکا بیٹا مریض ہو جائیگا۔ (۴) اگر زخم بائیں پاؤں میں دیکھے تو اس کی بیٹی کے لئے پیغام نکاح آئیگا۔ اور اگر بیٹی نہیں ہے تو اس کے ہاں بیٹی پیدا ہو جائیگی۔ (۵) اگر بایاں پاؤں ٹوٹ گیا اور اس نے سفر کا ارادہ بھی کیا ہوا ہے تو اس کو چاہئے کہ ٹھہر جائے اور ظاہر نہ ہو۔ (۶) اگر پاؤں نکل گیا تو اس کی بیوی بیمار ہوگی۔ (۷) اگر ایک پنڈلی دوسری پنڈلی سے بڑی ہوگئی تو وہ سفر کریگا اور وہ سفر میں ہی مر جائیگا۔ (۸) جس شخص نے اپنے آپ کو لنگڑا، اپاہج یا بوجھل پاؤں والا دیکھا یا اکڑوں چلتا رہا تو اپنے مقصد کے حصول میں کمزور ہوگا، اور کبھی لنگڑاپن عمر میں زیادتی، دین میں قوت اور علم میں پختگی پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اور اگر قسم کھائی ہے تو اس کو پورا کریگا۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿ وَلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ ﴾ "اور نہ ہی لنگڑے پر کوئی حرج ہے"۔ مرد اگر لنگڑی عورت دیکھے تو اس کو ناقص کام ملیگا۔ اسی طرح عورت لنگڑا مرد دیکھے تو اس کو بھی ناقص عمل سے دوچار ہونا پڑیگا کسی بوڑھے لنگڑے کی دلالت دادے اور ایسے دوست پر ہوتی ہے جس میں نقص ہو۔

## عقر (زخم)

(۱) خواب میں اگر قدم کا زخم ہو تو اس کو غم اور مصیبت پہنچے گی۔ (۲) اگر خواب دیکھنے والے کو کوئی انسان زخمی کرے تو جس کو زخمی کیا گیا اس کو زخمی کرنے والے کی طرف سے مصیبت پہنچے گی اور زخمی کرنے والا زخم زدہ پر کینہ رکھنے والا بھی ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## عنۃ (جماع پر قادر نہ ہونا)

(۱) خواب میں جماع پر قادر نہ ہونا بیداری میں گناہوں سے محفوظ ہونے اور زہد اختیار کرنے اور گمنام ہونے کی دلیل ہے۔ (۲) کمزوری کا زائل ہونا حکومت اور شہرت ملنے کی نوید ہے۔ (۳) اور جس شخص نے دیکھا کہ اُس نے کسی عورت سے شادی کی یا کوئی باندی خریدی اور اُس میں عورت سے جماع پر قدرت نہیں ہے تو اصل سرمایہ کے بغیر تجارت کرنے کی دلیل ہے۔

## عمۃ الانسان (پھوپی)

اس کی دلالت کھجور کے درخت پر ہوتی ہے۔ (۱) چنانچہ خواب میں پھوپھی میں کچھ تغیر ہونا بیداری میں اس کے کھجور کے درخت میں تغیر ہونے کی دلیل ہے۔ (۲) اگر صاحب خواب کا کوئی درخت کھجور کا نہ ہو تو اس کی تعبیر چچا' والد وغیرہ سے کی جاتی ہے اور کبھی اس کی دلالت نعمت پر ہوتی ہے۔ مادہ اشتقاق ایک ہونے کی وجہ سے عمامہ پر بھی اس کی دلالت ہوگی۔

## عمامۃ (پگڑی)

پگڑی خواب میں آدمی کا تاج ہے اور اس کے مرتبہ' طاقت' ولایت اور اس کی بیوی پر دلالت کرتا ہے۔ (۱) اگر کسی والی نے دیکھا کہ اس کی پگڑی بل کھاتے ہوئے اس کی گردن میں اٹکی یا چھن گئی یا اچک لی گئی تو اس کی ولایت ختم ہوگی۔ (۲) اور اگر غیر والی نے دیکھا تو علامت ہے اس کی بیوی کے مطلقہ ہونے کی یا دلیل ہے اس کا مال و مرتبہ چلا جائیگا۔ (۳) اگر پگڑی کو پھسلتے ہوئے دیکھے تو ولایت کے ختم ہونے یا بیوی' مرتبہ اور مال جانے پر دال ہے۔ (۴) جس شخص نے دیکھا کہ کسی والی نے اُس کو پگڑی پہنائی تو اس سے ولایت حاصل ہوگی یا پرہیز گار عورت سے شادی کریگا۔ (۵) جس شخص نے دیکھا کہ کسی نبی (علیہ السلام) نے اس کو پگڑی پہنائی یا موجودہ یا سابقہ بادشاہ نے پہنائی تو ولایت حاصل ہوگی۔ پگڑی نصرت و مدد پر دلالت کرتی ہے۔ (۶) جس شخص نے اپنے آپ کو پگڑی پہنتے ہوئے دیکھا تو اس کے فن اور ریاست میں ترقی ہوگی۔ (۷) اور پگڑی اگر ریشم کی ہو تو مال میں زیادتی ہوگی اور اگر پگڑی اُون کی ہو یا روئی کی تو اُس کی ولایت اور دین میں درستگی ہوگی۔ (۸) اور اگر ریشم کی پگڑی ہو تو یہ دین میں فساد کے ساتھ ولایت کی بھی دلیل ہے۔ (۹) جس نے اپنی پگڑی کے اوپر پگڑی باندھی تو اُس کی وجاہت زیادہ ہوگی اور اپنی ولایت میں مضبوط ہوگا۔ (۱۰) جس شخص نے اپنے سر پر پگڑی لپیٹی تو وہ اپنی پگڑی کی لمبائی کی بقدر سفر کریگا۔ (۱۱) زرد پگڑی درد سر کی علامت ہے۔ (۱۲) کالی پگڑی بزرگی کی دلیل ہے۔ (۱۳) اور جب بادشاہ نے دیکھا کہ اسکی پگڑی کمرہ نما ہے یا اس کی انگوٹھی پازیب کی طرح ہے تو وہ اپنی سلطنت سے معزول ہوگا۔ (۱۴) اور اگر والی ہو تو وہ اپنی ولایت سے معزول ہوگا کیونکہ وہ حد سے تجاوز کر گیا تو وہ قرار نہیں پکڑ سکتا۔ اور پگڑیاں اہلِ عرب کے تاج ہیں۔ اور بسا اوقات عمامہ کا لفظ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اندھے پن یا عام پریشانی پر بھی دال ہوتا ہے۔(۱۵) جس شخص نے خواب میں بغیر پگڑی کے نماز پڑھی تو وہ اپنے وضو میں شک کرنے والا ہوگا۔ یا اپنے رکوع اور سجدہ کو ناقص ادا کرتا ہے۔(۱۶) جس شخص نے کسی مشرک کے سر پر پگڑی دیکھی تو یہ مشرک کے اسلام لانے پر دلالت کرتا ہے۔ چونکہ حدیث مبارک میں آیا ہے کہ ''ٹوپیوں پر پگڑی باندھنا ہمارے اور مشرکین کے درمیان فرق کرتا ہے''۔(۱۸) جو شخص بادشاہ سے ڈرتا ہو اور وہ بادشاہ کو خواب میں اچھی پگڑی کے ساتھ دیکھے تو بادشاہ اس پر بردبار ہوگا۔ اور بادشاہ کے شر سے بھی محفوظ ہوگا۔(۱۹) ایسے ہی اپنے سر پر اچھی پگڑی دیکھی تو وہ اپنے غیر پر بردباد ہونے اور غیر کا اس کے شر سے محفوظ ہونے کی دلیل ہے۔(علامہ نابلسیؒ فرماتے ہی) ایک شخص نے میرے سامنے خواب بیان کرتے ہوئے کہا کہ میں نے اپنے سر پر اچھی پگڑی دیکھی اور دیکھا ایک راہبہ عورت پر جامع مسجد میں لوگ نمازِ جنازہ پڑھنے کا ارادہ کر رہے ہیں اور مؤذنین اُس جنازہ کے آگے کلمہ شہادت پڑھ رہے ہیں پھر اس کی چادر ہٹائی گئی تو اُس کا کفن سیاہ تھا۔ اور میں اس عورت پر کہے جانے والے کلمۂ شہادت کے بارے میں جھگڑا کر رہا تھا تو میں نے تعبیر بتاتے ہوئے اس سے کہا کہ تو ایسا آدمی ہے کہ تیری بیوی تجھ سے محبت رکھنے والی ہے اور تیرا سُسر تجھ پر ناراض ہے اور بعض مؤذنین نے حکم دیا تیرے اور تیری بیوی میں فراق کا اور تو موذنین سے اس بارے میں جھگڑا کر رہا ہے۔ تو خواب دیکھنے والے نے کہا کہ معاملہ ایسا ہی ہے جیسے تو نے کہا پھر خواب دیکھنے والے نے کہا میں نے اپنی آنکھوں میں اُس راہبہ عورت کو شیشہ کی مانند دیکھا۔ تو میں نے کہا اس کا باپ دنیا کے متعلق دھوکے میں مبتلا ہے۔ تو خواب دیکھنے والے نے کہا جی ہاں معاملہ ایسا ہی ہے پھر کچھ دنوں بعد ہی اُس عورت کا باپ وفات پا گیا۔

## عروۃ (کڑا)

عروہ کی تعبیر دین ہے۔(۱) جس نے کڑے کو مضبوطی کے ساتھ پکڑا تو اُسنے دین کو مضبوطی سے تھامے رکھا کیونکہ باری تعالیٰ کا فرمان ہے اور جو شخص ایمان لایا اللہ تعالیٰ پر تحقیق اُسنے ایسے مضبوط کڑے کو تھام لیا جس کے لئے ٹوٹنا نہیں ہے۔
(۲) جو شخص اپنے ہاتھ کڑے میں داخل کئے ہوئے کڑے کے ساتھ لٹک گیا تو وہ شخص اگر کافر ہے تو مسلمان ہوگا اور دین کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رکھے گا اور اس حال میں اگر بیدار ہوا کہ اُس کے ہاتھ کڑے میں ہی تھے تو وہ شخص اسلام پر فوت ہوگا۔(۳) کاج اور بٹن آدمی کی بیوی پر دال ہے جس شخص نے دیکھا کہ وہ کاج میں بٹن لگا رہا ہے اگر کنوارہ ہے تو شادی کریگا یا بکھرے ہوئے اُمور و معاملات کو مجتمع کریگا۔ اور اس کی تفصیل زاء کی بحث میں گذر چکی ہے۔

## عیال الانسان (انسان کی اولاد)

(۱) یہ خواب میں مالداری پر دال ہے اس شخص کے لئے جس نے خواب میں اپنے بچوں کو دیکھا کیونکہ فرمان باری تعالیٰ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے۔﴿ اِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ﴾ ''اگر تم کو تنگ دستی کا خوف ہے تو عنقریب اللہ تعالیٰ تمہیں غنی کر دیگا''۔

## عرب (اہل عرب)

خواب میں اہل عرب کا دیکھنا مشکل امور کے آسان ہونے پر دال ہے۔ فرمان باری تعالیٰ ہے ﴿وَهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ﴾ قرآن مجید واضح عربی زبان ہے۔

## عجم (غیر عرب)

اہل عجم کو خواب میں دیکھنا مشکل امور کی دلیل ہے کیونکہ باری تعالیٰ کا قول ہے ﴿ وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ﴾ کہ اگر ہم ''قرآن مجید کو عجمی زبان میں نازل کرتے تو لوگ کہتے اس کی آیات میں تفصیل اور وضاحت کیوں نہیں کی''۔ (۱) جس شخص (عربی) نے دیکھا کہ وہ عجمی ہوا تو وہ ذلت اور اہانت کا سامنا کریگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب الغین

## غفران الذنب (گناہ کی بخشش)

خواب میں سزا کے مستحق کو معاف کرنا بیداری میں صدقہ کرنے اور کفارہ ادا کرنے پر دلالت کرتا ہے کیونکہ باری تعالیٰ کا فرمان ہے: ﴿قُلْ لِلَّذِيْنَ آمَنُوْا يَغْفِرُوْا لِلَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ أَيَّامَ اللّٰهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ﴾ ﴿قُلْ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا إِنْ يَنْتَهُوْا يُغْفَرْ لَهُمْ مَا قَدْ سَلَفَ﴾ آپ کہہ دیجئے اُن لوگوں کو کہ جنہوں نے کفر کیا اگر وہ باز آجائیں تو سابقہ گناہوں کو اللہ تعالیٰ معاف فرمائیں گے۔

## غض البصر (نظر جھکانا)

خواب میں آنکھوں کا جھکا ہوا دیکھنا اللہ تعالیٰ کے اوامر ونواہی پر عمل کرنے دلیل ہے اوران کی حفاظت کرنے کی علامت ہے' فرمان باری تعالیٰ ہے ''مؤمنین سے کہہ دیجئے کہ وہ اپنی نگاہوں کو نیچے رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں''۔

## غسل (دھونا)

(۱) خواب میں پاک پانی کے ساتھ صرف جنابت کو یا پورے جسم کو دھونا گناہوں سے توبہ کرنے کی دلیل ہے اور والدین اور دوستوں کے ساتھ بھلائی کرنے کی علامت ہے لیکن مذکورہ صورت اس وقت ہے جبکہ ٹھنڈے پانی سے سردی کے زمانے میں غسل کیا ہو۔ بسا اوقات سردیوں میں ٹھنڈے پانی سے غسل کرنا پریشانیوں' کینہ اور بیماریوں پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) سردی میں گرم پانی سے غسل کرنا منافع' فوائد اور بیماریوں سے شفا پر دلیل ہے۔ (۳) جو شخص عیدین میں سے کسی عید کے لئے غسل کرے اگر وہ کنوارہ ہے تو شادی کریگا۔ (۴) سورج گرہن یا چاند گرہن میں سے کسی ایک کے لئے غسل کرنا دلیل ہے کہ غسل کرنیوالے کو مہمل کام یا کینہ میں سے کسی کا سامنا ہوسکتا ہے۔ (۵) استسقاء کے لئے غسل بھی کسی مہمل کام یا کینہ میں مبتلا ہونے کی دلیل ہوتا ہے۔ (۶) خواب میں میت کو غسل دینے پر غسل کرنا معاشرہ سے ارباب غفلت کو ختم کرنے کی علامت ہوتا ہے۔ (۷) خواب میں غسل کرنے والا کافر ہو تو یہ اس کے مسلمان ہونے کی خوشخبری ہے۔ (۸) اگر غسل کرنے والا جنون کی بیماری میں مبتلا تھا تو یہ اس کے بیماری سے صحیح ہوجانے کی دلیل ہے۔ (۹) خواب میں احرام یا دخول مکہ کے لئے غسل کرنا فرحت وسرور' اور غائبین کے واپس آجانے' اور قرضہ کی ادائیگی پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۰) خواب میں رمی جمار اور طواف کے لئے غسل کرنا بھی مذکورہ بالا چیزوں پر دلالت کرتا ہے۔ بسا اوقات رمی کے لئے غسل کرنا دشمنوں کے خلاف مدد حاصل کرنے پر بھی دلالت کرتا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے۔(١١) خواب میں طواف کے لئے غسل کرنا حصول رزق کی کوشش' یا بادشاہوں اوران کے علاوہ اکابر کی خدمت کی دلیل ہے' طواف کے لئے غسل کرنا بیوی یا والدین کے پاس بار بار آنے کی علامت ہوتا ہے۔(١٢) اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے غسل بھی کیا اور نئے کپڑے بھی پہنے اگر وہ مریض ہے تو اللہ تعالیٰ اسے شفا دیگا۔ اور اگر وہ مقروض ہے تو اللہ تعالیٰ اس کا قرضہ ادا کر دیں گے۔اور اگر وہ قیدی ہے تو اسے قید سے نجات ہوگی۔ اور اگر وہ پریشان ہے تو اللہ پاک اس کی پریشانی کو دور فرما دیں گے' اور اگر ابھی تک حج نہیں کیا تو اللہ تعالیٰ حج کی توفیق عطا فرمائیں گے۔ اور اگر وہ فقیر ہے تو اللہ پاک اسے غنی کر دیں گے۔ اور اگر وہ ایسا تاجر یا پھیری لگانے والا ہے کہ جس کی تجارت اور کمائی میں کافی خسارہ ہے تو اللہ پاک اس کی تجارت اور کمائی کو بڑھا دیں گے۔اور پریشانیوں کو اس سے دور کرتے ہوئے دولت اس کی طرف لوٹا دیں گے۔اور اگر اسے کسی عہدہ سے معزول کر دیا گیا تھا تو اللہ پاک اسے ولایت دوبارہ عطا فرمائیں گے۔فرمان باری تعالیٰ ہے ﴿هَـٰذَا مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّ شَرَابٌ﴾ الایۃ )''یہ چشمہ نکلا نہانے کو ٹھنڈا اور پینے کو'' چنانچہ حضرت ایوب علیہ السلام نے جس وقت غسل کر کے نئے کپڑے پہنے تو اللہ پاک نے اس کے اہل اولاد اوران کی ہلاک ہونے والی ہر چیز کو دوبارہ لوٹا دیا۔(١٣) خواب میں دیکھا کہ صرف غسل کیا ہے' نئے کپڑے نہیں پہنے تو اس کی پریشانی ختم ہو جائیگی اور اس کا جسم بھی صحیح ہو جائیگا۔(١٤) اور اگر خواب میں غسل کر کے پرانے کپڑے پہنے تو یہ پریشانی کے ختم ہونے کے ساتھ غربت کا سامنا کرنے کی دلیل ہے۔(١٥) خواب میں غسل کا مکمل ہونا اس کام کے مکمل ہونے کی علامت ہے جسکا اس نے ارادہ کیا ہوا ہے۔(١٦) اور غسل کا مکمل نہ ہونا اس کام کے ادھورہ رہ جانے کی دلیل ہے جس کا قصد کیا ہوا ہے۔(١٧) خواب میں اگر کسی نے دیکھا گویا وہ غسل کے لئے حوض یا بڑے مٹکے یا اس جیسی کسی چیز کے پاس آیا ہے اگر غسل کرنے والا کنوارہ ہے تو دلیل ہے اس بات پر کہ وہ شادی کریگا۔(١٨) خواب میں اگر کوئی دیکھے کہ وہ جاری پانی میں غسل یا وضو کر رہا ہے تو یہ دلیل ہے اس بات پر کہ اس کی چوری شدہ چیز اس کو مل جائیگی۔(١٩) اگر کوئی خواب میں گرم پانی سے غسل کرے تو اسے پانی کی حرارت کی بقدر غم حاصل ہوگا۔

(٢٠) خواب میں گرم پانی پینا تعبیری نقطہ نظر سے اچھا نہیں ہے فرمان خداوندی ہے ﴿وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآئَهُمْ﴾ (محمد)''اور پلایا گیا ان کو کھولتا ہوا پانی'' جو ان کے انتڑیوں کو کاٹ ڈالے گا۔(٢٢) یہ بھی کہا گیا ہے کہ غسل شادی بیاہ پر دال ہے۔(٢٣) خواب میں نامعلوم عورت کا غسل آسمان سے نازل ہونے والی بارش پر دلالت کرتا ہے۔(٢٤) خواب میں اگر کوئی دیکھے کہ اس نے اپنے دونوں ہاتھوں کو اشنان سے دھویا ہے اور اس کی کسی سے دشمنی بھی ہے' دونوں میں محبت اور دشمنی ختم ہو جائیگی۔اور خوف سے نجات حاصل ہو جائیگی۔(٢٥) اور اگر کسی انسان کو امید دلائی ہوئی ہے تو وہ اس سے مایوس ہو جائیگا۔(٢٦) اور اگر اس سے گناہ سرزد ہو گیا تو توبہ کی توفیق ہوگی۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ اشنان' صابون وغیرہ سے غسل کرنا قرض کی ادائیگی' پریشانی اور کینہ کے زائل ہونے کی دلیل ہے' خواب میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کسی چیز سے ہاتھ دھونا' اس چیز سے مایوس ہو جانے کی علامت ہے۔(۲۷) خواب میں کپڑوں کا دھونا بیداری میں دین کی درستگی کی دلیل ہے۔(۲۸) خواب میں اگر کوئی دیکھے کہ زرد رنگ کے کپڑے کو دھو رہا ہے' یہاں تک کہ اس کی زردی ختم کردی تو یہ بیماری سے شفایاب ہو جانے پر دلیل ہے۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ کپڑوں کا دھونا قرض کی ادائیگی کی نوید ہے۔ بقولِ بعض کپڑوں کا دھونا چھپی ہوئی چیزوں کے ظاہر ہونے کی علامت ہے۔(۲۹) خواب میں میت کو غسل دینا قرض کی ادائیگی کی دلیل ہے۔(۳۰) خواب میں میت کا اپنے آپ کو غسل دینا' ادائیگی دین کی بشارت ہے' پریشانیوں سے چھٹکارا حاصل کرنے کی بھی علامت ہے' اور ہر خیر کی طرف جانے' اور مال اور اولاد میں زیادتی کی بھی دلیل ہے۔

(۳۱) خواب میں اگر کوئی دیکھے کہ کسی انسان نے اسے غسل دیا تو اس کے دین میں فساد پیدا کرنے والا کوئی آدمی ظاہر ہوگا اور خواب دیکھنے والے آدمی کے ہاتھ پر توبہ کریگا۔(۳۱) اگر کوئی خواب میں یہ دیکھے کہ میت کسی انسان سے یہ مطالبہ کررہی ہے کہ وہ اس کے کپڑوں کو دھوئے' تو یہ دلیل ہے کہ میت کو خواب دیکھنے والے کی طرف سے دعاؤں کی ضرورت ہے یا قرض کی ادائیگی' یا وصیت پورا کرنے' یا تاریکی دور کرنے کی یا ایسی چیز کی ضرورت ہے' جس کا میت سے سوال کیا گیا ہے۔

## غالیۃ (مہنگا / چربی دار گوشت)

(۱) چربی دار گوشت کا خواب میں دیکھنا مال پر دال ہوتا ہے۔ بعض حضرات نے کہا کہ یہ عظمت اور حاصل ہونے والی بزرگی کی دلیل ہے۔(۲) خواب میں اگر کوئی دیکھے کہ اس نے مہنگی خوشبو لگائی ہے تو یہ دلیل ہے کہ اسے لوگوں کی جانب سے اچھی تعریف حاصل ہوگی۔ بسا اوقات خواب میں اچھی خوشبو لگانا حج کرنے اور اولاد نرینہ حاصل ہونے کی بھی علامت ہوتا ہے۔(۳)۔ جو شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے مہنگی خوشبو لگائی ہے بادشاہ کے گھر میں ہے تو علامت ہے تہمت کی وجہ سے اسے غم کا سامنا کرنا پڑیگا اور یہ تہمت ایسے آدمی کی طرف سے لگے گی جو مرتبہ میں اس سے بلند ہے فرمان خداوندی ہے ﴿ مَنْ يَغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ﴾ الایۃ ) جو خیانت کریگا وہ قیامت کے دن اس خیانت کے ساتھ آئیگا۔

## غیم (بادل)

(۱) خواب میں بادل دیکھنا سمندر میں سفر کرنے پر دلالت کرتا ہے' اس لئے بادل پانی کو اٹھا کر زمین و آسمان کے درمیان چلتا ہے۔(۲) خواب میں بادلوں کا دیکھنا مومنین کی مدد اور اللہ تعالیٰ کے نیک بندے کی موت پر دلیل ہے۔ فرمان خداوندی ہے ﴿ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ ﴾(البقرہ) ''کیا وہ اسی کی راہ دیکھتے ہیں کہ آوے ان پر اللہ ابر کے سائبانوں میں اور فرشتے اور طے ہو جائے قصہ''(۳) جو شخص بادلوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں سے کسی بادل پر سوار ہوا اس کا مرتبہ بلند ہوگا' اور اگر وہ حضر میں ہے تو سفر کریگا۔ کنوارہ ہے تو بڑے مرتبے والی عورت سے شادی کریگا۔ بسا اوقات بادلوں کا خواب میں دیکھنا غم پر دلیل ہوتا ہے' چونکہ غمامۃ کا لفظ ''غمۃ'' سے مشتق ہے۔ غمام کی مزید تفصیل باب السین میں ''سحاب'' کے عنوان کے تحت گذر چکی ہے۔

## غزو (جنگ کے لئے چلنا)

(۱) خواب میں اگر کوئی دیکھے کہ وہ سمندر میں جنگ کے لئے جا رہا ہے تو یہ محتاجگی کی دلیل ہے۔ بزدلی پر' خطرناک جگہوں میں واقع ہونے پر' اور دشمن کے تاوان کے بوجھ تلے آنے پر دلالت کرتا ہے یا سمندر جس پر دلالت کرتا ہے (نہر وغیرہ) اس سے رزق طلب کرنے کی علامت ہے۔

اس کی بقیہ تفصیل باب الجیم میں جہاد کے عنوان کے تحت اور باب الحاء میں حرب کے عنوان کے تحت گذر چکی ہے۔

## غبار

(۱) خواب میں اگر کوئی شخص دیکھے کہ وہ غبار پر سوار ہے تو یہ مال ملنے پر دلالت کرتا ہے' اس لئے کہ غبار مٹی ہے اور مٹی کی تعبیر مال ہے۔ (۲) اگر کوئی شخص دیکھے کہ غبار آسمان اور زمین کے درمیان میں ہے تو یہ دلیل ہے اس مشتبہ کام کے اوپر کہ جس سے نکلنے کا راستہ معلوم نہ ہو۔ (۳) جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ اپنے ہاتھوں یا کپڑوں کو غبار سے جھاڑ رہا ہے تو یہ دال ہے کہ خواب دیکھنے والا محتاجگی کا سامنا کریگا۔ بعض حضرات نے یہ تعبیر بیان کی ہے کہ خواب دیکھنے والا لمبی زندگی پائیگا۔ (۴) خواب میں اگر کوئی اپنے آپ پر غبار دیکھے تو یہ دیکھنے والے کے سفر کرنے پر دلالت کرتا ہے' اور بعض حضرات نے اس کی یہ تعبیر بیان کی ہے کہ دیکھنے والے کو جہاد کے ذریعہ سے مال حاصل ہوگا۔ (۵) اگر کوئی خواب میں ہوا' کڑک اور بجلی کے ساتھ غبار کو دیکھے تو اس علاقے میں شدید قحط پڑیگا۔ (٦) اگر کوئی شخص یہ خواب دیکھے کہ وہ گھوڑے پر سوار ہوا اور گھوڑے کو دوڑایا جس سے غبار اڑی تو دلیل ہے اس بات پر کہ اس کا مرتبہ بلند ہوگا اور وہ نعمت میں پڑ کر اترانے لگیگا اور باطل راستے پر چلتے ہوئے فتنہ میں پڑ جائیگا۔

## غبیراء (چینا کی شراب/ایک قسم کا پودا)

(۱) مذکورہ درخت کا خواب میں دیکھنا تھوڑی روزی پر دال ہوتا ہے یہ درخت خواب میں دیکھنا عجمی آدمی پر بھی دال ہوتا ہے' بعض حضرات نے یہ تعبیر بیان کی ہے کہ اس سے مراد لوگوں کو ایسا نفع دینے والا وہ آدمی ہے جو تنگ دست اور تھوڑی روزی کا مالک ہو۔ (۲) خواب میں اگر کوئی دیکھے کہ اس درخت کا پھل اس کے پاس ہے یا اس نے اسے کھایا تو یہ مال حاصل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## غضاۃ (جھاؤ کا درخت' جھاڑی)

(۱) خواب میں جھاؤ کا درخت دیکھنا بخیل' کمینے آدمی دیکھنے کی دلیل ہے اگر کوئی خواب میں اپنے آپ کو جھاؤ کے درخت پر دیکھے تو وہ کسی کمینے بخیل آدمی سے ملے گا۔ بعض علماء کے بقول خواب میں جھاؤ کا درخت دیکھنے سے اشارہ شریف آدمی کی طرف ہوتا ہے۔

## غراء (تجربہ کار)

خواب میں اس سے مراد ایسا سمجھدار آدمی ہوتا ہے جس کو مشکل امور کا کافی تجربہ ہو چکا ہو' اور یہ آدمی صاحبِ محبت اور لوگوں کو جوڑنے والا ہوتا ہے۔

## غراب (کوا)

(۱) کوے کا خواب میں نظر آنا بلند' موٹے اور بردبار آدمی پر دلالت کرتا ہے۔

## غربال (چھلنی)

(۱) چھلنی کا خواب میں دیکھنا علم' اچھے برے میں تمیز کرنے' عزت' مرتبہ' حق و باطل میں فرق پر دلالت کرتا ہے۔
(۲) چھلنی دراہم کو پرکھنے والے پر' اچھی بات اور اچھے اعمال کرنے والے' اچھائی اور برائی میں تمیز کرنے والے' چھوٹی اور بڑی چیز میں فرق کرنے والے پر دلالت کرتی ہے مذکورہ بالا آدمی کمائی میں تقوی اور پرہیز گاری سے کام لینے والا ہے۔

## شعر (بال)

(۱) بالوں کی تعبیر اگر جو سے کی جائے تو چھلنی کی تعبیر کنگھی سے کی جاتی ہے' جیسے کنگھی بالوں کو صاف کرتی ہے ایسے ہی چھلنی ''جو'' کو صاف کرتی ہے۔ (۲) اگر کسی شخص نے کسی سے وعدہ کیا ہو اور وہ خواب میں چھلنی دے تو یہ علامت ہے کہ وعدہ کرنے والا اپنے وعدے پر قائم نہ رہتے ہوئے وعدے کی خلاف ورزی کریگا۔ جیسے چھلنی پانی کو نہیں روک سکتی ایسے ہی چھلنی دینے والا اپنے وعدے پر قائم نہیں رہ سکتا۔

## غاشیۃ (پردہ)

یہ خواب میں اللہ تعالیٰ کی اطاعت سے نکل کر اور عذاب کے مستحق ہونے پر دلالت کرتا ہے فرمان خداوندی ہے ﴿اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ﴾ ''کیا وہ مامون ہو گئے کہ آئے اللہ کی طرف سے ڈھانپنے والا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عذا آنے سے" خواب میں پردہ مال یا خادم یا عورت پر بھی دلالت کرتا ہے۔ خواب میں کسی چیز کا شاہی خاندان میں سے کسی کو ڈھانپنا اسے بادشاہت ملنے کی دلیل ہے۔

## غلاف

(۱) خواب میں غلاف دیکھنا ایسے مرد اور عورت پر دلالت کرتا ہے جن کا نکاح نہ ہوا ہو بسا اوقات غلاف ایسے بے وقوف لڑکے پر دال ہوتا ہے جس میں کوئی حس وحرکت نہ ہو۔

## غل (ہاتھ میں ہتھکڑی یا گلے میں طوق ڈالنا)

(۱) ہتھکڑی یا گلے کا خواب میں دیکھنا حرام کمائی پر دلالت کرتا ہے' فرمان خداوندی ہے ﴿ مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَغُلَّ وَمَنْ يَغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ﴾ نبی کے لئے خیانت نہیں اور جو خیانت کریگا وہ قیامت والے دن خیانت شدہ مال کے ساتھ آئیگا۔ (۲) اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ وہ طوق ڈالے ہوئے قید میں ہے تو اسے اسلام کی طرف دعوت دیجائیگی اس حال میں کہ وہ کافر ہے۔ (۳) اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کے ہاتھ گردن پر بندھے ہوئے ہیں تو اسے ایسا مال حاصل ہوگا' جس میں سے اللہ تعالیٰ کا حق ادا نہیں کیا گیا۔ (۴) اگر کوئی خواب میں یہ دیکھے کہ اس کے دونوں ہاتھ بندھے ہوئے ہیں تو یہ اس کے بخیل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

(۵) اگر کوئی خواب میں اپنا ایک ہاتھ گردن پر بندھا ہوا دیکھے تو یہ خواب دیکھنے والے کے گناہوں سے رکنے کی علامت ہے۔ (۶) اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اسے گرفتار کرکے ہتھکڑی پہنائی گئی ہے' تو دیکھنے والے کے قید میں ڈالے جانے یا کسی مصیبت میں پڑنے کی دلیل ہے۔ (۷) خواب میں طوق ہتھکڑی کا دیکھنا شادی پر بھی دال ہوتا ہے۔ خواب میں طوق یا ہتھکڑی کا دیکھنا عمل غیر صالح پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۸) اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ وہ ایسا طوق پہنے ہوئے ہے جس کے اردگرد لوہا اور درمیان میں لکڑی ہے تو یہ اس کے نفاق کی دلیل ہے۔

## غضب (غصہ کرنا)

(۱) خواب میں بغض اور غصے کی حالت کا ہونا قید ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ وہ اپنے گھر سے غصے کی حالت میں نکلا ہے تو دلیل ہے کہ اسے قید میں ڈالا جائیگا۔ (۳) خواب میں اگر کوئی دیکھے کہ اس کے دل میں بغض دنیا کی وجہ سے ہے تو یہ اشارہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے دین کو خفیف سمجھتا ہے۔ (۴) اور اگر اس کا بغض اللہ تعالیٰ کی وجہ سے ہے تو یہ علامت ہے کہ اسے قوۃ اور ولایت حاصل ہوگی۔ (۵) خواب میں اگر غیظ بغیر وجہ کے ہو تو یہ اچانک موت ہے بسا اوقات خواب میں غصہ ہونا بیداری میں رسوائی اور امراض کے آنے پر دلالت کرتا ہے (یعنی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حالت بدلنے پر) چونکہ غصہ والے آدمی کی غصہ کے وقت حالت بدل جاتی ہے۔(۶) اگر کوئی خواب میں اپنے آپ کو کسی انسان پر غصہ کرتا دیکھے تو یہ علامت ہے کہ اس کا معاملہ اس پر الٹا ہو جائیگا اور اس کا مال بھی اس کے ہاتھ سے چلا جائیگا۔ فرمان خداوندی ہے۔﴿وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا﴾ ''لوٹا دیں گے اللہ تعالیٰ کافروں کو ان کے غیظ کے سبب بھلائی نہیں پائیں گے خواب میں غصہ ضرور تمندی اور مال کے ضائع ہونے پر بھی دلالت ہے۔

## غم

(۱) خواب میں غمگین ہونا بیداری میں پریشانی کے بعد خوشی آنے کی دلیل ہے۔(۲) اگر کوئی اپنے دوستوں کو خواب میں تنگی اور غم کی حالت میں دیکھے تو دلیل ہے کہ اسے تنگی اور غم کا سامنا کرنا ہوگا۔ خواب میں غم ہونا بیماری، اپنے اہل کی طرف سے حاصل ہونے والی پریشانی، یا الزام کا سامنا کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ بسا اوقات غم فوائد کے ختم ہونے اور چلنے سے معذور ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ جبکہ بیداری کی حالت میں غم کا ہونا بھلائی کی دلیل ہے۔ کبھی غم کی تعبیر مذکورہ تعبیرات کے برخلاف بھی ہوتی ہے بعض حضرات نے غم کی تعبیر بعینہ غم سے بھی بتائی ہے۔

## غیرہ (غیرت کھانا)

غیرت کی تعبیر حرص سے کی جاتی ہے خواب میں خود کو غیور دیکھنا بیداری میں حرص کرنے کی علامت ہے۔ اگر کسی نے خواب دیکھا گویا اسے کسی بات پر غیرت دلائی جارہی ہے تو وہ دنیا کے معاملے میں حرص سے کام لے گا۔

## غی (سرکشی)

یہ دین کے معاملے میں فتنہ میں پڑنے اور ہدایت اور بیان حق سے روگردانی پر دلالت کرتا ہے۔

## غدر (خیانت کرنا، عہد توڑنا)

خواب میں کسی کے ساتھ خیانت کرنا اور عہد توڑنا دینی و دنیاوی دونوں لحاظ سے نقص پر دلالت کرتا ہے بسا اوقات اس کی تعبیر چوری اور خیانت شدہ چیز سے بھی کی جاتی ہے، یوسف علیہ السلام کے واقعہ پر قیاس کرتے ہوئے۔

## غش (ملاوٹ)

خواب میں ملاوٹ کرنا بیداری میں مرتد ہونے کی علامت ہے چنانچہ جناب رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے(من غشنا فلیس منا) جس نے ملاوٹ کی وہ ہم میں سے نہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## غیبۃ (چھپ جانا)

خواب میں زمین میں چھپنا لمبا سفر کرنے کی دلیل ہے اس سے یا یہ محبت یا شادی وغیرہ کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ خواب میں زمین میں چھپنا مریض کے لئے موت کا پیغام ہوتا ہے۔ اہل محبت کے لئے زمین میں چھپنا نگرانی پر دلالت کرتا ہے۔ اگر کوئی خواب میں دیکھا کہ وہ زمین کھودے بغیر زمین میں چھپا اور یہ چھپنا اتنا لمبا ہوا کہ اس کو یہ گمان ہوا کہ اب وہ باہر نہ نکل سکے گا' تو وہ دنیا کی طلب میں مغرور ہے اور وہ اسی میں مریگا۔

## غیبۃ اللغیر (غیبت کرنا)

(۱) خواب میں غیبت کرنا بیداری میں برکات کو ختم کرنے پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ غیبت حسنات کو اس طرح کھا جاتی ہے جیسے لکڑی کو آگ کھا جاتی ہے۔ (۲) اگر کوئی خواب میں دیکھا کہ وہ کسی انسان کی غیبت کر رہا ہے' اگر وہ غیبت محتاجی کے بارے میں ہے تو یہ علامت ہے کہ محتاجگی اس کی طرف لوٹے گی۔ (۳) اور اگر وہ غیبت کسی عیب کے بارے ہے تو یہ دلیل ہے کہ عیب اس کی طرف لوٹے گا۔ (۴) اسی طرح اگر محتاجی اور عیب کے علاوہ کسی اور کے ساتھ غیبت ہو تو غیبت کرنے والے کو اسی چیز کا سامنا کرنا ہوگا۔ خواب میں غیبت کرنا بیداری میں نقصان میں پڑنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اگر کوئی انسان کسی کی غیبت کسی وجہ سے کرے تو یہ علامت ہے کہ اس بندے کو اسی چیز کے ساتھ آزمایا جائیگا۔

## غصب الانسان مال غیرہ (انسان کا غیر کے مال کو چھیننا)

خواب میں دوسرے کے مال چھیننا شادی یا مالِ حرام کا ارادہ کرنے والے کے عقدِ فاسد پر دلالت کرتا ہے۔ غیر کے مال کو چھیننا سود کھانے پر بھی دلالت کرتا ہے اور سود باطل ہے۔ فرمان خداوندی ہے ﴿وَلَا تَأْكُلُوْا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ﴾ اور تم اپنے مالوں کو باطل طریقے سے مت کھاؤ۔ اور دوسرے کے مال کو چھیننا بھی باطلوں میں سے ایک باطل ہے۔

## غشاوۃ (پردہ)

(۱) اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کی آنکھوں پر سفید پردہ ہے تو اسے بڑی پریشانی کا سامنا کرنا ہوگا تاہم وہ اس حالت میں بھی صبر کا مظاہرہ کریگا یہ تعبیر یعقوبؑ کے قصہ پر قیاس کی گئی ہے۔

## غشیان (بے ہوشی)

اگر کوئی خواب میں خود کو بے ہوشی میں دیکھے تو علامت ہے کہ اسے پریشان کن امر کا سامنا کرنا پڑیگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## غطیط النائم (سونے والے کا خراٹے لینا)

(۱) خواب میں خراٹے لینا دشمن کی گرفت میں آنے کی دلیل ہے اور علامت ہے جس چیز کو خراٹے لینے والا چھپانا چاہتا ہے اس کو چھپا نہ سکے گا بلکہ وہ راز ظاہر ہو جائیگا۔ خواب میں خراٹے لینا خوف سے امن پر بھی دلالت کرتا ہے اس لئے کہ خراٹے گہری نیند کی علامت ہیں اور نیند راحت ہے۔ (۲) اگر کوئی خواب میں کسی انسان کو خراٹے لیتا دیکھے تو یہ علامت ہے کہ خراٹے لینے والا غافل ہے۔ اور جو آدمی چاہے اس کو خادم بنا سکے گا۔

## غنیٰ (مالداری)

(۱) خواب میں مالداری بیداری میں محتاجی کی دلیل ہے۔ (۲) اگر کوئی خواب میں اپنے آپ کو غنی دیکھے تو یہ اس کے محتاج ہونے کی علامت ہے۔ یا خواب دیکھنے والے کے قانع ہونے کی علامت ہے' اس لئے کہ مالداری اور قناعت ایک دوسرے کو لازم ملزوم ہیں۔

## غناء (گیت)

(۱) خواب میں گیت باطل کلام اور مصیبت پر دلالت کرتا ہے۔ اگر خواب میں گیت کی آواز اچھی ہو تو یہ نفع مند تجارت کی علامت ہے' اور اگر آواز اچھی نہیں تو یہ خسارہ والی تجارت کی طرف اشارہ ہے۔ اور گانا گانے والے کے حکیم' یا عالم یا ذاکر یا خطیب ہونے پر بھی دال ہو سکتی ہے۔ (۲) خواب میں کسی جگہ میں گانا اس جگہ میں جھوٹ بولے جانے کے ساتھ حاسد کے مکر کی وجہ سے محبت کرنے والوں میں تفریق ہوگی۔ خواب میں گانا شر اور جھگڑے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ یہ مذکورہ تعبیر رقص میں حرکات کی تبدیلی کے قبیل سے ہے۔ (۳) اگر کوئی خواب میں دیکھا کہ وہ اچھی اور بلند آواز کے ساتھ قصائد پڑھ رہا ہے' تو یہ گانا گانے والوں کے لئے اچھی آوازوں کے لئے اور موسیقی والوں کے لئے اپنے ساتھیوں کے ساتھ اچھائی کی دلیل ہے۔ (۴) اگر کوئی اپنے آپ کو خواب میں فضول گانا گاتے ہوئے دیکھے تو یہ اس کی کمزوری' فقیری اور تمسخر کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۵) اگر کوئی اپنے آپ کو راستے میں چلتا ہوا گاتے دیکھے تو یہ اس کے لئے بھلائی کی علامت ہے' اس لئے کہ راستے میں گانا گانا' خواب دیکھنے والے کی اچھی زندگی اور اس کے نفس کے خوش ہونے پر دلیل ہے۔ (۶) اگر کوئی خواب میں خود کو حمام میں گاتا دیکھے تو یہ اس کے کلام کے غیر واضح ہونے پر دلیل ہے۔ (۷) اگر کوئی خواب میں اپنے آپ کو بازار یا کھلی جگہ میں گاتا ہوا دیکھے تو دلیل ہے امیر لوگوں کی نظروں میں اس کا کوئی خاص مقام نہیں ہے' اور یہ عیب دار اور قبیح امور میں پڑنے پر بھی دلالت کرتا ہے' جبکہ فقیروں کے لئے ان کے عقلوں کے ختم ہونے پر دلالت کرتی ہے۔ بعض دفعہ خواب میں اپنے آپ کو حمام میں گاتا ہوا دیکھنا جھگڑا کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے' اس لئے کہ حمام میں گانے کا مطلب غیر واضح ہے۔ (۸) اگر کوئی متقی شخص خواب میں اپنے آپ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کو بازار میں گاتا دیکھے' تو بازار میں اسے فتنہ کا سامنا کرنا پڑیگا۔(۹) معاشرے میں گھٹیا مقام رکھنے والے کا خواب میں بازار میں گانا اس کی عقل کے ناقص ہونے کی طرف اشارہ ہے۔

## غداء (ناشتہ)

خواب میں ناشتہ کی تعبیر مشقت ہے۔فرمان خداوندی ہے﴿ اٰتِنَا غَدَاءَ نَا لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا ﴾ ہمارا ناشتہ لائیے' ہمیں اس سفر سے کافی مشقت پہنچی ہے۔اگر کوئی خواب میں دیکھا کہ وہ ناشتہ طلب کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ اسے مشقت اور تھکن کا سامنا کرنا پڑیگا۔

www.KitaboSunnat.com

## غائط (پائخانہ)

(۱) خواب میں پاخانہ دیکھنا بیداری میں مال پر دلالت کرتا ہے۔(۲) اگر کسی نے خواب میں اپنے آپ کو خشک و سخت پاخانہ کرتا دیکھے تو یہ دلیل ہے کہ وہ صحت مند ہونے کی حالت میں مال خرچ کریگا۔(۳) خواب میں بہنے والے پاخانہ دیکھنا بڑے نفقہ پر دلالت کرتا ہے۔(۴) کسی نے خواب دیکھا گویا وہ پاخانہ کر رہا ہے اور لوگ اس کی طرف دیکھ رہے ہیں تو اسے اپنے سے ظاہر ہونے والے عیب اور بری بات کے ظہور سے بچنا چاہئے۔(۵) اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ اس نے بغیر ارادہ کے پاخانہ کر کے اس کو پکڑ بھی لیا اور اٹھا بھی لیا تو وہ پاخانے کی بقدر دنانیر حاصل کریگا۔ (۵) اگر کوئی خواب میں خود کو شہد اور روٹی کھاتا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ روٹی اور شہد کھائیگا۔بعض حضرات نے کہا ہے کہ یہ سنت کے خلاف عمل کرنے کی طرف اشارہ ہے۔(۷) اگر کوئی خواب میں اپنے آپ کو بستر پر پاخانہ کرتا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ اپنی بیوی کو طلاق دیگا' یا لمبی بیماری میں مبتلا ہو جائیگا۔(۸) پاخانہ اپنی بدبو کی بناء پر مال حرام پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۹) اگر کسی نے خواب میں خود کو پاخانہ میں دیکھے تو یہ پریشانی میں واقع ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۰) خواب میں پاخانہ میں گرنا قید ہونے کی علامت ہے۔(۱۱) اگر کوئی خواب میں خود پر پاخانہ کرے تو یہ غلطی' یا ذلت والے کام یا مرتبہ کو گرا دینے والی بات میں واقع اور مبتلا ہونے کی علامت ہے۔

خواب میں پاخانہ کا نکلنا گناہوں سے نجات پانے کی دلیل ہے پاخانہ کا نکلنا خواب میں' مہمان کے کوچ کرنے پر بھی دال ہوتا ہے۔پاخانہ آدمی کے اس مال یا اس راز پر بھی دلالت کرتا ہے' جس کو وہ ظاہر نہیں کرنا چاہتا۔اس کی دلالت سفر پر بھی ہوتی ہے چنانچہ فرمان خداوندی ہے﴿ اَوْ جَاءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَائِطِ ﴾ یا تم میں سے کوئی قضائے حاجت سے فراغت حاصل کر کے آئے'' خواب میں پاخانہ لڑائی کے لئے مقابلہ پر نکلنے پر بھی دال ہوتا ہے۔آدمی کا پاخانہ ضروریات کی تکمیل پر دلالت کرتا ہے۔خواب میں پاخانہ دیکھنا افکار و وساوس' امانتوں کے واپس کرنے اور مطلب کے پورا ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۱۲) خواب میں اگر پاخانہ کی بو ظاہر ہو جائے' یا پاخانہ اس کے کپڑوں کو لگ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جائے' یا زور لگا کر پاخانہ کرے تو پریشانیوں' کینہ' بیکار شہرت' تکلف' تاوان' اور حاملہ کے لئے اسقاطِ حمل کی دلیل ہے۔ (۱۳) خواب میں پاخانہ کا پتلا ہونا ضرورت مند کے لئے تنگی سے کشادگی کی طرف جانے پر دلیل ہے۔ اگر خواب میں آدمی کو دوسرے آدمی کا پاخانہ لگ جائے تو دلیل ہے خواب دیکھنے والا اسی شخص کا مقروض ہوگا یا مقلد' بعض اوقات خواب میں پاخانہ ظلم فاحش سے حاصل ہونے والے رزق پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۱۴) سفر کا ارادہ کرنے والے کے لئے خواب میں بہت زیادہ پاخانہ کرنا دلیل ہے وہ سفر نہ کر سکے گا جس راستے پر وہ جانا چاہتا ہے وہ راستہ ہی اس سے کٹ جائیگا۔ (۱۵) خواب میں پاخانہ کھانا اور اس کو محفوظ کر کے رکھنا اشارہ ہوتا ہے ندامت کے ساتھ مالِ حرام حاصل کرنے کی طرف' جبکہ یہ بسا اوقات ایسے کلام کی طرف اشارہ ہوتا ہے جس پر آدمی کو ندامت ہو۔ (۱۶) خواب میں اگر کوئی اپنے آپ کو پاخانہ کرتا ہوا دیکھے تو یہ اس کے غم کے ختم ہونے پر دلیل ہے۔ (۱۷) اگر وہ بندہ مال دار ہے تو وہ اپنے مال کی زکوۃ ادا کریگا۔ (۱۸) اگر کوئی شخص خشک پاخانہ کرے تو دلیل ہے وہ اپنا کچھ مال عافیت میں خرچ کرے گا۔ (۱۹) اور اگر پاخانہ بہنے والا تھا تو یہ بندہ اپنا سارا مال خرچ کر دیگا۔ (۲۰) اگر خواب میں خرچ کرنا مشہور اور اچھی جگہ میں تھا جیسا کہ وضوء خانہ وغیرہ بنانے میں' تو اس کا نفقہ بھی معروف ہوگا۔ (۲۱) اگر خواب میں خرچ کی جگہ غیر معروف تھی تو یہ بندہ بھی اپنا حرام مال غیر معروف جگہ میں خرچ کریگا' اس کے لئے اجر ہوگا اور نہ ہی اس کی قدردانی کی جائیگی' اور اس کے نفس کی رضامندی شاملِ حال ہوگی۔ (۲۲) خواب میں کپڑوں میں پاخانہ کرنا بیداری میں فحش کام کرنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ اگر لوگ اس سے مرتبہ میں بلند ہوں تو مذکورہ کی طرف اشارہ ہوتا ہے' اور اگر قضاءِ حاجت بیت الخلاء میں کی تو یہ اشارہ ہوتا ہے پریشانی کے ختم ہونے کی طرف' قرضہ یا واجب الاداء نفقہ کی ادائیگی کی طرف۔ (۲۳) خواب میں خود کو شلوار میں پاخانہ کرتا ہوا دیکھے تو یہ اپنی بیوی پر غضبناک ہونے کی دلیل ہے' اور عورت کا مہر ادا کرنے اور شوہر کا بیوی سے لیا ہوا مال واپس کرنے کی دلیل ہے۔ (۲۴) شلوار میں بغیر ارادہ کے پاخانہ کرنے کے بعد ہاتھ سے اٹھا لیا ہے تو حرام مال سے پاخانہ کی بقدر دنانیر حاصل کریگا۔ یہ تعبیر اس بناء پر ہے کہ پاخانہ سے کوئی چیز زیادہ ملوث نہ ہو۔ (۲۵) اگر کوئی خواب میں اپنی قمیص میں پاخانہ کرے تو یہ دلیل ہے اس کے خود اپنے اوپر غضبناک ہونے پر۔ (۲۶) اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ وہ کسی جگہ میں پاخانہ کر رہا ہے درانحالیکہ اس کا خیمہ مٹی میں لگا ہوا ہو تو یہ دلیل ہے کہ وہ مال دفن کریگا۔ (۲۷) اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ وہ عام بازار' یا حمام یا جماعت میں پاخانہ کر رہا ہے تو یہ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں کے غضب' اور بڑے خسارہ' اور پوشیدہ چیزوں کے ظہور' اور اس کو پیش آمدہ ذلت پر دلالت کرتا ہے۔ اگر کوئی خواب میں کوڑا خانہ میں یا دریا کے کنارے یا ایسی جگہ جہاں کوئی اعتراض نہ کرے' پاخانہ کرے تو یہ بھلائی کی دلیل ہونے کے ساتھ ساتھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پریشانی اور تکلیف کے ختم ہونے کی بشارت بھی ہے۔
(۲۹) کسی نے خواب دیکھا گویا اس کے ہاتھ میں ایک لکڑی ہے اس سے وہ اس گندگی کو منتشر کر رہا ہو تو وہ عہدہ قضاء پر فائز ہوگا اور لوگوں کے اموال کے ساتھ آزمائش کا سامنا کرنا ہوگا۔ (۳۰) اگر کوئی خواب میں اپنے آپ کو دسترخوان پر پاخانہ کرتا ہوا دیکھے تو وہ لذیذ کھانوں میں مال خرچ کریگا' یا اپنی بیوی سے دبر میں وطی کریگا۔ (۳۱) اگر کوئی خواب میں کپڑے یا گھڑے یا برتن وغیرہ میں پاخانہ کرے تو وہ خادم خریدنے میں مال خرچ کریگا۔ (۳۲) اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ وہ اپنے نیچے پاخانہ کر رہا ہے اور اسے اردگرد کا بالکل شعور نہیں تو یہ اس کے مال کے کم ہونے کی طرف اشارہ ہے حالانکہ اس کے اہل اور اس کے شرکاء کو اس کا احساس تک نہیں ہوگا۔ (۳۳) اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے تر یا خشک پاخانہ کو جمع کیا تو اگر وہ باغ والا ہے تو مال کو جمع کرنے کے ساتھ اس کے باغ کی فصل اچھی ہوگی۔ (۳۴) اور اگر وہ زمیندار ہے تو غلہ سے مال جمع کریگا اور اگر مذکور آدمی فقیر تھا تو صدقہ کا اتنا مال جمع کریگا کہ جس سے غنی ہو جائیگا۔ اور اگر مذکورہ آدمی پیسے کی تجارت کرنے والا تھا تو یہ سود کا مال جمع کریگا۔
اگر خواب میں کسی نے جنگل میں پیشاب' پاخانہ کیا اور پرندے نے اس پاخانہ کو اٹھالیا' یا زمین نے اس پاخانہ کو پھینک دیا تو خواب دیکھنے والا اگر مسافر ہے تو اس کے لوٹ جانے کی دلیل ہے' اور اشارہ ہے اس کے مال کو چور لے جائیں گے۔ (۳۵) اور اگر خواب میں پاخانہ سے کوئی بڑی چیز نکلی جو کیچڑ یا بہنے والی چیز کے مشابہ تھی تو کو پریشانی یا بادشاہ کا خوف ہوگا۔ (۳۶) اگر خواب میں َ یا :وا پاخانہ گرم ہو تو سخت مرض میں مبتلا ہونے کے بعد اس سے شفا بھی پائیگا یا اس بندے پر چوری کے حوالہ سے تہمت لگے گی۔ اگر کوئی خواب میں خود کو عادت سے زیادہ پاخانہ کرتا ہوا دیکھے اور وہ پاخانہ سانپ کے مشابہ تھا تو اس کی اولاد زیادہ ہوگی اور اولاد میں سے کچھ اس کی دشمن بھی ہوں گے۔

## غرق (ڈوبنا)

خواب میں اگر کوئی اپنے آپ کو غرق ہوتا دیکھے تو انجام کار آگ میں ہونے کی طرف اشارہ ہے فرمان خداوندی ہے:
﴿ مِمَّا خَطِيئَاتِهِمْ أُغْرِقُوا فَأُدْخِلُوا نَارًا ﴾ وہ اپنی غلطیوں کی بنا پر غرق کیے گئے اور جہنم میں داخل کیے گئے۔ غرق ایسا معاملہ ہے جس میں اللہ کی رضا نہیں ہے۔ (۲) اگر کوئی خواب میں اپنے آپ کو غرق دیکھے تو وہ بہت زیادہ گناہوں کے ارتکاب کی غلطی کریگا۔ (۳) اگر کوئی خواب میں ڈوبنے کی حالت میں مر جائے تو اسکے کفر یا بدعت میں پڑ جانیکا خطرہ ہے۔ (۴) اگر کوئی خواب میں سمندر میں غرق ہونے کے بعد پانی کے اوپر تیرنے لگا اس حال میں کہ اس کے ہاتھ پاؤں حرکت کر رہے تھے' کبھی وہ پانی میں گھس جاتا ہے اور کبھی تیرنے لگ جاتا ہے تو دنیا میں مگن ہو کر غناء کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کوشش کرتے ہوئے کافی مال و دولت جمع کریگا۔ اگر خواب میں سمندر میں داخل ہونے کے بعد باہر نکل آیا' غرق نہیں ہوا تو دنیا کے معاملے سے دین کی درستگی کی طرف آنے کا اشارہ ہے۔ (۵) اور اگر خواب میں سمندر میں داخل ہونے والے آدمی پر سبز لباس ہو تو وہ علم اور پرہیز گاری حاصل کریگا۔ (۶) اگر کوئی خواب کے اندر سمندر میں ڈوبا اور سمندر میں نیچے ہی چلا گیا تو اس میں دلیل ہے کہ بادشاہ اس پر غضبناک ہوگا یا پھر ایسا عذاب دیگا جس میں یہ بندہ مر جائیگا۔ (۷) کافر اگر خود کو خواب کی حالت میں سمندر میں غرق ہوتا دیکھے تو وہ مسلمان ہوگا' فرمان خداوندی ہے:

﴿حَتّٰى اِذَا اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ قَالَ آمَنْتُ اَنَّهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا الَّذِیْ آمَنَتْ بِهٖ بَنُوْا اِسْرَائِیْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ﴾

یہاں تک کہ جب اس کو غرق نے پالیا تو کہنے لگا کہ میں ایمان لایا کہ کوئی خدا نہیں سوائے اس خدا کے جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے اور میں بھی مسلمانوں میں سے ہوں۔ (۷) اگر کوئی خواب میں پانی میں غرق ہونے کی وجہ سے خود کو مرا ہوا دیکھے تو اس کے دشمن کے اس کے ساتھ مکر کرنے پر دلالت ہے۔ خواب میں صاف پانی میں غرق ہونا مال کثیر میں غرق ہونے کی طرف اشارہ ہے۔

## غوص (پانی میں غوطہ لگانا)

(۱) اگر کوئی خواب میں خود کو سمندر کے پانی میں غوطہ لگاتے ہوئے دیکھے' غوطہ لگانے کی وجہ سے سمندر کی گہرائی سے اس کے جسم کو بھی لگ گیا تو اشارہ ہے بادشاہ کی جانب سے اسے غم کا سامنا کرنا پڑیگا۔ (۲) اگر سمندر سے غوطہ لگانے کے وقت موتی وغیرہ بھی نکالے تو بادشاہ کی طرف سے لونڈی حاصل ہوگی یا سمندر سے نکالے گئے موتیوں کی بقدر علم یا خزانہ ملے گا۔ (۳) اگر کوئی خواب میں خود کو نہر میں غوطہ لگاتے ہوئے دیکھے درانحالیکہ اسے نہر سے نکلنے پر بھی قدرت نہیں ہے تو اشارہ ہے کہ اسے تکلیف کا سامنا ہوگا جس پر تحمل اور صبر کا پیمانہ لبریز ہو جائیگا اگر کوئی خواب میں خود کو موتی وغیرہ کے حصول کے لئے سمندر میں غوطہ لگاتا ہوا دیکھے تو اس میں علم' مال یا اس جیسی کسی چیز کے طلب کرنے کی طرف اشارہ ہے اور سمندر سے حاصل کئے جانے والے موتیوں کی بقدر مطلوبہ چیزیں حاصل کر سکے گا۔

## غدیر (تالاب' نہر)

خواب میں تالاب میں داخل ہونا بیداری میں دھوکہ اور سازش کا شکار ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔

## غار

خواب میں غار دیکھنا غار ذرنے والے کے لئے امن کا پیغام ہوتا ہے۔ (۱) اگر کوئی خواب میں خود کو دشمن سے بھاگتا ہوا دیکھے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یہاں تک کہ وہ غار میں داخل ہو جائے تو اس میں اشارہ ہے کہ وہ دشمن سے امن میں ہوگا۔ فرمان خداوندی ہے ﴿ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ﴾ "دو میں سے دوسرا جبکہ وہ دونوں غار میں تھے" (الایۃ) غار کا لفظ غیرۃ سے ہے جیسا کہ راغ کا لفظ روغان سے ہے جبکہ اس کے حروف کو الٹ کر دیا جائے۔ بسا اوقات خواب میں غار دیکھنا دوستوں کے نصیبے پر دلالت کرتا ہے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قصے پر قیاس کرتے ہوئے۔ (۲) اگر کوئی آدمی خود کو پہاڑ کی غار میں داخل دیکھے تو وہ بادشاہ یا کسی بڑے آدمی کے ساتھ مکر کریگا۔

## غاب (شیر کا بیشہ)

(۱) خواب میں شیر دیکھنا وحشت اور گھبراہٹ پر دلالت کرتا ہے۔ اور فاسق اور فاسدین کے گشت کرنے پر بھی دلالت ہوتی ہے۔

## غرفہ (بالا خانہ)

(۱) خواب میں بالا خانہ خوف سے امن پر دلالت کرتا ہے' فرمان خداوندی ہے ﴿وَهُمْ فِي الْغُرُفَاتِ آمِنُونَ﴾ اور وہ بالا خانوں میں امن سے ہونگے۔ (۲) خواب میں بالا خانہ دیکھنے والا اگر کنوارہ ہے تو شادی کریگا۔ (۳) اگر شادی شدہ ہے تو اسے بیٹا عطا کیا جائے گا یا بیوی پر باندی عطا کی جائیگی۔ خواب میں بالا خانہ دیکھنا دیندار عورت ملنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۴) اگر کوئی خواب میں دور سے بالا خانہ دیکھے تو یہ بلندی' بزرگی اور خوشی کی طرف اشارہ ہے۔ (۵) اور اگر وہ بالا خانہ مٹی کا ہے تو یہ خوشی اور دین میں زیادتی ہے۔ (۶) اگر خواب میں اپنے لئے دو یا دو سے زیادہ بالا خانے دیکھے اور وہ خود بھی ان بالا خانوں میں ہو تو وہ جس سے خوف کر رہا ہے اس سے امن میں ہوگا۔ (۷) اگر کوئی خواب میں گھر کے اوپر بالا خانہ بنائے اور وہ اپنی بیوی کو اس نے ایک طرف دیکھے تو اس میں اشارہ ہے کہ وہ دوسری شادی کریگا۔ اور اگر اس کی بیوی اس سے راضی ہے تو پھر اشارہ ہے کہ اس کے لئے دنیا میں ایک بالا خانے کے اضافے کے ساتھ مرتبہ میں بھی زیادتی ہوگی۔ (۸) خواب میں اگر کوئی نامعلوم بالا خانے کی طرف چڑھے یہ بندہ اگر خوف میں گرفتار ہے تو اسے امن ہوگا۔ اور اگر مریض ہے تو اس کا ٹھکانہ جنت ہوگا۔ اور اگر مذکورہ دونوں صورتیں نہیں (خوف' مرض) تو پھر اسے ترقی اور خوشی' سرداری یا علم یا محراب کی امامت حاصل ہوگی۔ (۹) اگر کوئی خواب میں نئے بالا خانے کو دیکھے' اگر وہ فقیر ہے تو وہ غنی بننا چاہتا ہے۔ اور اگر وہ پہلے سے غنی ہے تو وہ مزید مال حاصل کریگا۔ (۱۰) اگر کوئی غریب خواب میں پرانے بالا خانے دیکھے تو اس کی غربت میں زیادتی ہوگی۔ (۱۱) اور اگر غنی دیکھے تو غِنا میں زیادتی ہوگی۔ (۱۲) اگر کوئی خواب میں اپنے آپ کو بالا خانہ بناتے ہوئے دیکھے تو وہ کسی عورت کے ساتھ آزمائش

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں مبتلا ہوگا۔ (۱۳) اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ بالا خانہ پر بالا خانہ بنا رہا ہے تو اس میں دلالت ہے کسی دوسری عورت سے شادی کرے گا۔

## غلق (بند کرنا)

(۱) اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس نے نیا دروازہ بند کیا ہے' اگر وہ کنوارہ ہے تو نیک عورت کے ساتھ شادی کریگا۔ اور اگر شادی شدہ ہے تو اس کی بیوی اس سے جدا ہو جائیگی۔ (۲) خواب میں اگر تالا ایک دروازے میں ہو یا اس کے علاوہ کسی چیز میں ہو تو اس میں اشارہ ہے کہ وہ چیز صاحبِ خواب کے لئے باقی رہے گی۔ (۳) اگر کسی نے خود کو خواب میں تالا بند کرتے ہوئے دیکھے تو اس میں دلالت ہے کہ وہ کسی عورت سے شادی کریگا۔ (۴) خواب میں تالا ایسی فتح پر بھی دلالت کرتا ہے جس میں مکر ہو۔ (۵) اگر کوئی خواب میں اپنا دروازہ بند دیکھے تو اس میں اشارہ ہے کہ وہ دنیا کی حفاظت کی طرف لوٹ جائیگا۔ (۶) اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ وہ اپنے گھر کا دروازہ بند کرنا چاہتا ہے لیکن بند نہیں کر پاتا' تو وہ ایسے کام سے باز رہیگا جس سے وہ عاجز ہے۔

## غزل (اون کاتنا)

(۱) اگر عورت خواب میں جلدی جلدی اون کاتتے ہوئے خود کو دیکھے تو اس کی غائب شدہ چیز واپس اس کو مل جائیگی۔ (۲) اگر خواب میں اون کاتنے کے وقت وہ عورت اِدھ اُدھ بھی کرے تو وہ سفر بھی کریگی یا پھر اس کا شوہر سفر کریگا۔ (۳) اگر عورت خواب میں دیکھے کہ چرخے کا ڈمر کا ٹوٹ گیا ہے تو اشارہ ہے کہ وہ سفر سے اقامت اختیار کریگی' یا اپنے سفر کے ارادے کو ختم کر دیگی۔ (۴) اگر عورت خواب میں روئی کاتے تو اس میں دلالت ہوتی ہے کہ عورت شوہر پر پہلے مہر کو چھوڑ دیگی تاہم پھر دوبارہ مطالبہ کریگی۔ (۵) اگر عورت خواب میں سوت کاتے تو دلیل ہے وہ حکمت کی مجالس میں جانیکی کوشش کریگی۔ (۶) اگر آدمی خود کو خواب میں روئی یا سوت کاتتے ہوئے دیکھے اور وہ اس کاتنے میں عورتوں کے ساتھ مشابہ ہو تو اشارہ ہے کہ وہ یا تو ذلت حاصل کریگا' یا ایسا کام کریگا جو محمود نہیں ہوگا۔ (۷) اگر باریک باریک اون کات رہا ہے۔ تو گھٹیا اور عیب دار کام کرنے کی طرف اشارہ ہے۔ اور اگر موٹی اون کات رہا ہے تو اس میں ایسے سفر کی طرف اشارہ ہے جس میں مدد بھی شامل حال ہو۔ (۸) اگر کوئی خواب میں عورت کو روئی کاتتے دیکھے تو اس میں دلالت ہے کہ مذکورہ عورت اپنے شوہر سے خیانت کریگی۔ (۹) اگر کوئی شخص خود کو خواب میں اون یا بال یا ان دونوں جیسی کوئی ایسی چیز جس کو مرد کاتتے ہیں' کاتتے ہوئے دیکھے تو وہ سفر بھی کرے گا اور اسے خیر بھی حاصل ہوگی۔ (۱۰) اگر کوئی خواب میں خود کو اون کاتتا ہوا دیکھے تو اس میں دلالت ہے کہ صاحبِ خواب اپنے وعدوں کو توڑیگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## غزال (ہرن کا بچہ)

(۱) ہرن کا بچہ خواب میں عورتوں اور خوبصورت اولاد مذکر مؤنث دونوں پر دلالت کرتا ہے۔(۲) اگر کسی نے خواب میں ہرن کے بچے کا شکار کیا یا ہرن کا بچہ اس کو ہدیہ میں دیا گیا یا اس نے ہرن کا بچہ خریدا تو اشارہ ہے اسے رزق حاصل ہوگا۔ اگر وہ کنوارہ ہے تو اس کی شادی ہو جائیگی۔' یا اسے اولاد حاصل ہوگی۔ یا اپنے مخالف پر کامیابی حاصل کریگا۔(۳) اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ اس نے ہرن کا بچہ پکڑا ہے تو اس میں دلالت ہے کہ اسے میراث اور خیر کثیر حاصل ہوگی۔(۴) اور اگر خواب میں ہرن کے بچے کو بچہ خیال کر کے لے لیا تو یہ غلام لینے کی طرف اشارہ ہے۔(۵) خواب میں ہرن کے بچے کو ذبح کرنا اپنی باندی کو کھونے کی طرف اشارہ ہے۔(۶) خواب میں ہرن کے بچے کو اپنے گھر میں داخل کرنا اپنے بیٹے کی شادی کرنے کی دلیل ہے۔(۷) اور اگر ہرن کے بچے کی کھال اتاری تو اس میں عربی عورت کے ساتھ زنا کرنے کی طرف اشارہ ہے۔(۸) اور اگر خواب میں ہرن کے بچے کو اپنے اوپر کودتا ہوا دیکھا تو اس میں اشارہ ہے کہ اس کی بیوی تمام چیزوں میں اس کی نافرمانی کرتی ہے۔(۹) خواب میں اگر ہرن کا مالک ہوا بیداری میں حلال مال کا مالک ہوگا یا پھر آزاد شریفہ عورت کے ساتھ شادی کریگا۔

## غلام

(۱) خواب میں بچہ دیکھنے سے خوشخبری کی طرف اشارہ ہوتا ہے فرمان خداوندی ہے ﴿یا بُشْریٰ هٰذا غُلامٌ﴾۔
(۲) خواب میں اگر کسی نے خود کو اپنے پاس بچہ رکھتے ہوئے دیکھے تو اسے پریشانی یا بیماری کا سامنا کرنا پڑیگا۔
(۳) اور اگر لڑکی کو دیکھے تو اس سے کشادگی حاصل ہوگی' لڑکی کے میں پائے جانے والی کشادگی پر قیاس کرتے ہوئے۔(۴) خواب میں اگر کسی نے چھوٹے بچے کو اٹھایا تو اسے پریشانی لاحق ہوگی۔(۵) اور اگر حاملہ عورتوں میں سے کسی عورت نے بچے کو جنا تو اس عورت کو لڑکی کی خوشخبری حاصل ہوگی۔ (۵) اور اگر لڑکی کو جنا تو لڑکے کی خوشخبری ملے گی۔

## غماز (چغلی کرنے والا/افترا پردازی کرنے والا)

اس کی دلالت زیادہ بغض رکھنے والے آدمی پر ہوتی ہے' خواب میں خود کو کسی پر افترا پردازی یا چغلی کرتا دیکھنا کام آسان ہونے اور انجام کار غم میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

## غواص (بہت زیادہ غوطہ لگانے والا)

(۱) خواب میں زیادہ غوطہ لگانا بادشاہ' اقتدار یا اسکے ہم مثل پر دلالت کرتا ہے اگر کوئی خواب میں سمندر کے پانی میں خود

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کو غوطہ لگاتے ہوئے دیکھے اگر تو غوطہ لگانا موتیوں کو نکالنے کے لئے تھا تو اشارہ ہے کہ وہ بادشاہ کے کام میں مشغول ہو کر بادشاہ سے ایسی باندی حاصل کرے گا جس سے خوبصورت بیٹا پیدا ہوگا' یا دلیل ہے وہ کسی عالم سے علم حاصل کرے گا یا کسی خطرہ کے مقام سے مال یا خزانہ وغیرہ حاصل کرے گا اور مذکورہ مطلوبہ چیزوں میں سے سمندر سے موتی نکالنے کی بقدر حاصل کر پائے گا۔ (۳) خواب میں زیادہ غوطہ لگانے والا مشکل امور میں داخل ہونے والا ہوتا ہے۔ خواب میں زیادہ غوطہ لگانا دلالت کرتا ہے کہ صاحب خواب بڑے عالم اور متقی پیشواء کے اندر ہدایت کے آثار و علامات دیکھنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور محققین کے حقائق کے مظہر کو بھی دیکھ سکتا ہے۔

## غطاس (دریا کی گہرائی تک غوطہ لگانے والا)

خواب میں دریا کی گہرائی تک غوطہ لگنا جاسوسی' فوائد' اور رزق پر دال ہوتا ہے۔

## غاسل (نہلانے والا)

خواب میں غاسل ارباب جہل اور ان لوگوں کے لئے جو نصیحت کو قبول نہیں کرتے ادب سکھانے والے پر دلالت کرتا ہے۔
خواب میں غاسل کو دیکھنا پریشانی اور کینہ کے ختم ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ ایسے ہی سفر کی تیاری پر بھی دال ہوتا ہے۔

## غزال القطن ونحوه من رجل او امرأة (آدمی یا عورت کا روئی یا اس جیسی کسی چیز کا کاتنے والا)

خواب میں روئی کاتنے والا مسافر پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ اون کاتنا سفر پر دال ہوتا ہے۔ اگر کوئی خواب میں روئی کو ایک جگہ سے دوسری جگہ تبدیل کرتے ہوئے دیکھے تو یہ ایک حال سے دوسرے حال کی طرف انتقال کی علامت ہے۔

## غزولی (اون بیچنے والا)

غزولی وہ آدمی ہوتا ہے جو اون کی بیع کرتا ہے خواب میں اون بیچنے والے کو دیکھنا مضبوط کام اور اعمال صالحہ شروع کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ اون بیچنے والے کو خواب میں دیکھنا عشق میں مشغول ہونے اور عورتوں کی فرمان برداری کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## غضایری (چمڑہ فروش)

مذکورہ آدمی کا خواب میں دیکھنا غلام' باندی یا جانوروں کی خرید و فروخت کرنے والے پر دلالت کرتا ہے۔ اون کی بیع کرنے والے کا خواب میں دیکھنا خیر و شر کے جمع کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ اون کی بیع کرنے والے کو خواب میں دیکھنا بسا اوقات ایسے آدمی پر بھی دال ہوتا ہے جو لوگوں کے اموال پر قبضہ کر لیتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## غلافی (کور چڑھانے والا)

خواب میں غلاف دیکھنا کنوارے کے شادی ہونے اور حاملہ نہ ہونے والی عورت کے لئے حاملہ ہونے کی دلیل ہے اس لئے کہ نیام میں تلوار ایسی ہے جیسے کہ پیٹ میں لڑکا۔ خواب میں غلاف دیکھنا امور کی حفاظت' راز کو چھپانے اور مال کی حفاظت کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## غنیمت

خواب میں غنیمت پانا کشادگی' خوشی رزق' مطلوب میں کامیابی' مال میں برکت پر دلالت کرتا ہے' جس قسم کی غنیمت حاصل ہوئی ہے اس میں خاص طور پر زیادتی بھی ہوگی بشرطیکہ اس مال غنیمت میں خمس اللہ تعالیٰ کے لئے نکال دیا گیا ہو۔

## غنم (بکری)

(۱) خواب میں بکری نیک فرمان بردار اولاد پر دلالت کرتی ہے۔ (۲) بکری' مال غنیمت' جوڑے' ملکیت' اولاد' کھیتی' پھل سے لدے ہوئے درخت پر دلالت کرتی ہے۔ خواب میں بھیڑیں مہربان' خوبصورت مال اور پوشیدہ مال کی مالک عورتوں پر دلالت کرتی ہیں۔ (۳) اگر کوئی خواب میں خود کو زیادہ بکریاں چراتے دیکھے تو اس میں دلالت ہے کہ وہ عرب اور عجم سے ملے گا۔ سفید بکریوں سے مراد عجم اور کالی بکریوں سے مراد عرب ہیں۔ اگر کوئی خواب میں بکریوں کے اون یا دودھ حاصل کرے تو ان بکریوں سے حاصل ہونے والے مال سے جرم کرے گا۔ اگر خواب میں بکریوں کا مالک ہو تو یہ اس غنیمت کی طرف اشارہ ہے جس کو وہ پائے گا۔ (۴) اگر وہ خواب میں بکریوں کے ریوڑ کے قریب سے گزرے تو اس ریوڑ سے ان آدمیوں کی طرف اشارہ ہے جن میں عقل نہیں۔ (۵) اگر بکریوں کو خواب میں کہیں ٹھرا ہوا دیکھے تو اس جگہ میں لوگ کسی بات پر جمع ہونگے۔ (۶) اگر خواب میں ان بکریوں کی طرف آتا ہوا دیکھے تو ان بکریوں سے اشارہ ایسی قوم کی طرف ہے جو کسی جھگڑے اور قتال میں اس کے سامنے ہوگی لیکن کامیابی صاحب خواب کی ہوگی۔ بعض کے نزدیک خواب میں زیادہ بکریوں سے اکتا جانے والی قوم کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۷) اگر کوئی خواب میں خود کو دیکھے کہ اس نے بکری کو حاصل کیا ہے تو اس کو ولایت' ریاست' ملک' حکمت' عہدہ اور نعمت حاصل ہوگی۔ (۸) اگر کوئی خواب میں خود کو بکریوں کے بال کاتتا دیکھے تو اس میں دلالت ہے کہ صاحب خواب تین دن اپنے آپ کو بچا کے رکھے گا اور وہ اپنے گھر سے بھی باہر نہ نکلے گا۔ (۹) خواب میں سفید اور کالی بکری خیر پر دال ہوتی ہے لیکن سفید بکری زیادہ خیر کی علامت ہے۔ (۱۰) خواب میں بکریوں کا ریوڑ دیکھنا دلیل ہے اس کو لمبی خوشی حاصل ہوگی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خواب میں بکریوں کے سر اور پائے دیکھنا دلیل ہے کہ اس کی عمر لمبی ہوگی۔ (۱۱) خواب میں اگر کوئی اپنی صورت کو بکری کی صورت میں تبدیل ہوتے دیکھے تو اس کو غنیمت حاصل ہوگی۔

## غراب ابقع (سیاہ سفید داغوں والا کوا)

(۱) خواب میں سیاہ سفید کوا، خود پسند، بخیل اور وعدہ خلاف شخص پر دلالت کرتا ہے۔ جو کوا شکار کرے وہ ظلم و تنگی سے حرام مال حاصل کریگا۔ کوے کو کسی سبزہ یا درخت پر دیکھنا کوئی اچھا نہیں ہے۔ اپنے گھر کے دروازے پر کوا بیٹھا دیکھنا اشارہ ہے کہ کوئی فاسق شخص اس کی بیوی کے معاملے میں اس سے خیانت کر رہا ہے۔ (۲) اگر کوئی خواب میں کوے کو خود سے باتیں کرتا دیکھے تو اسے فاسق بیٹا حاصل ہوگا۔ اور امام ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے اس خواب کی تعبیر میں کہا ہے کہ صاحب خواب کو شدید غم لاحق ہوگا پھر اس غم سے اس کو نجات بھی حاصل ہو جائے گی۔ (۳) خواب میں کوا اہل محبت میں تفریق اور دوری پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۴) اگر کوئی خواب میں خود کو کوّے کا گوشت کھاتے دیکھے تو یہ چور کی طرف سے مال لینے پر دال ہے۔ (۵) اگر کوئی خواب میں بادشاہ کے دروازے پر کوے کو دیکھے تو وہ ایسا جرم کرے گا جس پر اس کو ندامت کا سامنا کرنا پڑے گا یا وہ اپنے بھائی کو قتل کر کے شرمندگی اٹھائے گا۔ (۶) اگر کوئی خواب میں کوے کو زمین کریدتا دیکھے تو اس میں قوی دلالت ہے بھائی کے قتل کرنے پر۔ (۷) اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ کوے نے اسے خراش لگائی ہے تو سخت سردی میں ہلاک ہوگا اور بوڑھی عورتیں اس کے مرنے پر نوحہ بھی کریں گی اور اسے دکھ اور تکلیف کا سامنا بھی کرنا پڑے گا۔ (۸) کوے کو خواب میں دیکھنا خوشی حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
(۹) سیاہ و سفید کوے کا خواب میں آنا لمبی زندگی اور سامان کے باقی رہنے پر بھی دال ہوتا ہے۔ ایسے ہی کوا بوڑھی عورتوں پر دلالت کرتی ہے اس لئے کوّے کی عمر لمبی ہوتی ہے۔ اسی کیساتھ یہ کوا ٹھنڈی ہوا اور اضطراب پر دلالت کے ساتھ موسم سرما کا پیغام بھی دیتا ہے۔ (۱۰) اگر کوئی خواب میں کوّے کو کعبہ کے دروازے پر گراد یکھے تو اشارہ ہے کہ صاحب خواب فاسق آدمی ہے مگر شریف عورت کے ساتھ شادی کرے گا۔ (۱۱) اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ سیاہ وسفید کوا اس کے پاس پیدا ہوا تو یہ صاحب خواب کو حاصل ہونے والی آنکھوں کی ٹھنڈک کی طرف اشارہ ہے۔ خواب میں سیاہ وسفید کوے کا مالک ہونا فاسق بیٹے ملنے پر دال ہوتا ہے۔
(۱۲) اگر کسی نے کوے کو خواب میں خود سے باتیں کرتا ہوا دیکھا تو اشارہ ہے اسے خبیث لڑکا دیا جائے گا۔
(۱۳) اگر کوئی خواب میں اپنے گھر میں زیادہ کوے دیکھے تو اس میں آخری عمر تک مال اور عزت حاصل ہونے پر دلالت ہے۔ خواب میں گھر میں کوّوں کی زیادتی، زیادہ کلام اور باتیں کرنے والی زبان کے مالک انسانوں پر بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دلالت ہوتی ہے۔خواب میں کوا زیادہ لڑائی کرنے والے، غدار، اور مفاد پرست آدمی پر بھی دلالت کرتا ہے۔خواب میں کوا معاش میں لالچ سے کام لینے والے آدمی پر بھی دلالت کرتا ہے ایسے ہی گورکن اور نفس کے قتل کو حلال سمجھنے والے آدمی پر بھی دلالت کرتا ہے ایسے ہی زمین میں خیمے لگانے اور مردوں کے دفن پر بھی دال ہوتی ہے فرمان خداوندی ہے ﴿ فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا يَّبْحَثُ فِي الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِيْ سَوْءَةَ اَخِيْهِ ﴾ ''اللہ پاک نے کوے کو بھیجا کہ زمین کو کریدے تا کہ وہ دکھا سکے کہ وہ اپنے مقتول بھائی کو کیسے چھپا سکے''۔خواب میں کوا وطن سے دوری اور باتوں سے بدفالی لینے کی بھی علامت ہے اسی طرح پریشانیوں، کینہ اور لمبے سفر پر بھی دلالت کرتا ہے ایسے ہی اہل وعیال، رشتہ دار، اور بادشاہ کی طرف سے حاصل ہونے والی دعا اور بری تدبیر کی بھی دلیل ہے۔(۱۴) خواب میں جنگلی کوا زنا سے پیدا ہونے والی لڑکے پر اور خیر وشر پر برانگیختہ کیے ہوئے آدمی پر دلالت کرتا ہے کیونکہ بعض اسکے کھانے اور بعض نہ کھانے کے قائل ہیں اگر کوئی خواب میں کسی کھیتی پر کوے کو دیکھے تو اس کھیتی کو بلا یا بڑی مصیبت پہنچے گی۔

(۱۵) اگر کوئی خواب میں اپنے گھر میں کوا دیکھے تو یہ بادشاہ کے آدمیوں کے اس کے گھر پر ہجوم کرنے کی طرف اشارہ ہے۔کوا فاسق اور جھوٹ بولنے والے آدمی پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۱۶) اگر کوئی خواب میں خود کو کوے کا علاج کرتا دیکھے تو وہ اسی طرح انسان کا علاج کرے گا۔(۱۷) اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ وہ کوے کے پاس پہنچا کوے کو اپنے ہاتھ سے پکڑا تو دلیل ہے کہ وہ اپنے معاملے میں مغرور ہے اور جس چیز کو طلب کر رہا ہے اس میں وہ باطل پر ہے۔(۱۸) اگر کسی گھر یا محلہ میں کوے کو دیکھے تو دلیل ہے اس جگہ میں کوئی فاسق انسان رہتا ہے۔(۱۹) اگر کوئی خواب میں ایسے کوے کو دیکھے جو اسکے لئے شکار کیا گیا ہے تو اسے باطل اور جھوٹ سے مال غنیمت حاصل ہوگا۔(۲۰) اگر کوئی خواب میں سیاہ وسفید کوے کو دیکھے تو صاحب خواب بیداری میں ایسی چیز کو دیکھے گا جو اسے تعجب میں ڈالے گی تاہم اس میں خیر نہ ہوگی (۲۱) اگر کوئی خواب میں کسی جگہ میں کوے کو دیکھے تو وہ اس جگہ میں کوئی مسافر آدمی انتقال کرے گا۔(۲۲) اگر کوئی خواب میں کوے کو زمین کریدتا دیکھے تو وہ ایسا کام کرے گا جس پر اسکو ندامت کا سامنا ہوگا۔بعض کے نزدیک جس کام میں اسے التباس لاحق ہے اس سے نکلنے کا راستہ معلوم ہوگا جیسا کہ ابن آدم کو اپنے مقتول بھائی کے بارے میں معلوم ہوا تھا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## غداف (کوا پہاڑی جس کے بازو لمبے ہوتے ہیں)

غداف ایک چھوٹا پرندہ ہے جسکا رنگ راکھ کے رنگ کی طرح ہے جسکی چونچ اور پاؤں سرخ رنگ کے ہوتے ہیں اور اسکے کھانا اسکی حلت وحرمت میں علماء کا اختلاف ہے۔ خواب میں غداف پرندہ لڑکے یا غلام پر دلالت کرتا ہے۔ (۱) اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کو غداف پرندہ مل گیا ہے یا اس کا مالک ہوا ہے تو اسے ولایت اور بادشاہت حقدار ہونے کی بنا پر حاصل ہوگی تاہم اگر وہ اسکا اہل نہیں تو اہل ہو جائے گا۔ (۲) اگر خواب میں کسی نے غداف پرندے کو اپنے اوپر گرتا دیکھے تو اس میں چوروں کے اس سے خوف کھانے کی طرف اشارہ ہے۔

## غضابة (آنکھ کا تنکا)

خواب میں آنکھ کے تنکا کا دیکھنا التباس اور شریروں کے اخلاق اپنانے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب الفاء

## حضرت فاطمہؓ بنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی لخت جگر حضرت فاطمہ کو خواب میں دیکھنا' شوہر' والدین اور زینت کے لئے لٹکائی جانے والی اشیاء کے گم ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ اسکی مزید تفصیل باب الالف میں ''ازواج النبی صلی اللہ علیہ وسلم'' کی بحث میں بھی گزر چکی ہے۔

## فقیہ

(۱) خواب میں فقیہ دیکھنا ذکاوت' مہارت' علم اور اس چیز میں خرچ کرنے پر دلالت کرتا ہے جسکا اس نے ارادہ کیا ہو۔ فقیہ کو دیکھنے والا اگر گناہ گار ہے تو وہ اللہ تعالی کی طرف رجوع کرے گا' اگر جاہل ہے تو ہدایت پائے گا' اور اگر کافر ہے تو اسلام لائے گا۔ فرمان رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے (من یرد اللّٰہ به خیرا یفقه فی الدین الحدیث) ''جسکے ساتھ اللہ بھلائی کا ارادہ فرماتے ہیں اسے دین کی سمجھ عطا فرما دیتے ہیں''(۲) شافعی المذہب شخص اگر خواب میں اپنے مذہب کے سوا کسی اور مذہب کی طرف منتقل ہو تو عزیمت کو چھوڑ کر رخصت قبول کرنے یا قرض لینے یا اپنے عہدوں سے کوتاہی برتنے کی دلیل ہے۔ اسی طرح یہ خواب فتنہ میں مبتلا ہونے یا اپنے معاملہ میں نفاق سے کام لینے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ یا ایک جگہ سے دوسری جگہ کی طرف منتقل ہونے یا ایک بیوی سے دوسری بیوی کی طرف منتقل ہونے کی علامت ہے۔

## فعل الخیر (اچھا کام)

(۱) ہر وہ آدمی جو خواب میں خود کو اچھا کام کرتے دیکھے وہ اپنی امیدوں کو پالے گا۔ (۲) خواب میں اگر کوئی اللہ کی اطاعت میں خود کو مال خرچ کرتا دیکھے تو اسے مال دیا جائے گا۔ فرمان خداوندی ہے ﴿وَمَا تُنفِقُوا مِنْ خَيْرٍ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ ۔الایۃ ﴾ ''بھلائی کی جگہ جو تم خرچ کرتے ہو وہ تمہیں پورا پورا دیا جائے گا''۔ (۳) اگر خواب میں اچھا کام نہ کیا تو پھر صاحب خواب اگر حالتِ جنگ میں ہے تو بے یارو مددگار رہو گا۔ اور اگر وہ تاجر ہے تو اس کو نقصان کا سامنا ہو گا۔

## فقر (محتاجی)

(۱) خواب میں فقر بیداری میں مالداری ہے۔ اگر کوئی خواب میں خود کو فقیر دیکھے تو وہ بہت زیادہ کھانا پائے گا۔ فرمان خداوندی ہے ﴿رَبِّ إِنِّي لِمَا أَنزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ ﴾ ''اے مرے رب آپ نے جو مجھ پر اتارا میں اس کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



محتاج ہوں'' بعض مفسرین کے نزدیک ''خیر'' سے مراد جو کی روٹی ہے۔(۲) خواب میں اگر کوئی خود کو لوگوں سے سوال کرتا دیکھے تو وہ دعا میں کثرت کرنے والا ہوگا' اس لئے کہ سائیلین بھی دعا میں کثرت کرنے والے ہوتے ہیں۔(۳) بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ خواب میں کسی جگہ فقراء کا ہونا' مالدار آدمی کی موت اور نکالے جانے والے صدقہ پر دال ہوتا ہے۔ (۴) خواب میں سوال کرنے والے کو کچھ عطا کر بلا مشقت مال حاصل کرنے کی دلیل ہے' اس لئے کہ سوال کے ذریعہ روزی طلب کرنا اصل مال کے بغیر نفع کے لینا ہوتا ہے۔خواب میں خود کو فقیر دیکھنا خیر حاصل کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## فاقہ (بھوک)

خواب میں اللہ تعالیٰ سے مانگنے کے اظہار کے ساتھ فاقہ' اس آدمی کی دعا قبول ہونے پر دال ہوتا ہے جو عزت اور طاقت کے حامل ہونے کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کی ذات سے قبولیت کی امید بھی رکھتا ہو۔

## فناء (معدوم ہونا)

خواب میں فنا ہونا' بیماری یا کٹائی یا فصلوں میں یا مال مویشیوں پر آسمانی آفت کی وجہ سے ان سے حاصل شدہ فوائد کے باطل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔صوفیاء کے نزدیک فنا دلیل بقاء ہے۔

## فزع (دہشت زدہ ہونا)

(۱) خواب میں دہشت زدہ ہونا بیداری میں خوشی کی دلیل ہے۔بعض کے نزدیک خواب میں دہشت اپنے کئے ہوئے مظالم سے ہونے والے شر اور فساد پر دلالت کرتی ہے۔(۲) خواب میں اگر کوئی خود کو گھبراہٹ میں دیکھے تو وہ محتاج ہوگا اور حق والوں کے حقوق بھی ادا نہیں کریگا۔(۳) اگر آدمی کو اپنے خوف یا اپنی گھبراہٹ سے دہشت ہوئی تو یہ دہشت خاص طور پر امن پر دال ہوتی ہے۔فرمان خداوندی ہے ﴿لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ﴾ ''کوئی بڑی دہشت انہیں پریشان نہ کرے گی''۔

## فتنہ

خواب میں فتنہ مال اور اولاد پر دلالت کرتا ہے۔فرمان خداوندی ہے ﴿اِنَّمَا اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ﴾ ''تمہارے مال اور اولاد فتنہ ہیں''۔خواب میں اگر کوئی اپنے لئے اور اولاد دیکھے تو صاحب خواب فتنہ میں پڑے گا۔

## فتک (دھوکہ سے مارڈالنا)

خواب میں دھوکہ سے مار ڈالنا بیداری میں قتلِ دشمن پر دلالت کرتا ہے۔جبکہ بسا اوقات ہلاک کرنے والی ٹڈیوں یا فساد پیدا کرنے والی آگ یا غرق کرنے والے سیلاب پر بھی دلالت کرتا ہے۔یا اس سے دنیا کے احوال میں تبدیلی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مراد ہوتی ہے۔ اگر ان مذکورہ تعبیرات میں سے کوئی تعبیر نہ ہو تو صاحب خواب ایسے ہی قتل ہوگا جیسے کہ دشمن نے اسے اپنی تلوار کے ساتھ قتل کیا ہے۔

## فجور (گناہ کرنا)

خواب میں گناہ کرنا بیداری میں کفر کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ فرمان خداوندی ہے ﴿وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا﴾ ''نہیں جنیں گے مگر گناہ کرنے والے' ناشکرے''۔

## فجر

(۱) خواب میں فجر کے وقت کو دیکھنا ہدایت اور نور کے ظہور کی علامت ہے۔ (۲) اگر کوئی خواب میں فجر کے طلوع ہونے کو دیکھے تو اس کو لمبے زمانے تک پے در پے خوشیاں حاصل ہونگی' اس لئے کہ فجر تاریکی کے بعد روشنی لاتی ہے۔ (۳) اگر خواب میں دیکھے کہ اس نے تاریک رات میں کوئی چیز گم کی' پھر فجر کے طلوع ہونے کے وقت وہ چیز مل گئی تو دلیل ہے کہ اسکے مقروض کے پاس کوئی چیز ہے' جسکا وہ منکر ہے اس پر دو گواہ گواہی دیں گے۔ پھر وہ مقروض اسکو تسلیم کرلے گا۔
فرمان خداوندی ہے ﴿وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا﴾ (بنی اسرائیل) ''بے شک قرآن پڑھنا روبرو''

## فلک (اجرام سماوی)

(۱) خواب میں اگر کوئی خود کو پہلے آسمان پر یا پہلے آسمان کے ساتھ لگا ہوا دیکھے تو وہ کسی ظالم امیر یا جھوٹے وزیر کا مصاحب ہوگا۔ یا پھر ڈاک خانہ کے ساتھ متعلق ہوگا۔ (۲) خواب میں دوسرا آسمان بادشاہ کے محرر پر دال ہوتا ہے۔ (۳) اگر کوئی خود کو تیسرے آسمان میں دیکھے تو وہ کسی عورت کے ساتھ شادی کریگا۔ یا عورتوں کے ساتھ شرف حاصل کرے گا اور ان سے اپنا مقصود پائے گا۔ (۴) اگر کوئی خواب میں چوتھے آسمان کو دیکھے تو وہ خلیفہ کا مصاحب ہوگا یا زمین کے بڑے بادشاہوں میں سے کسی بادشاہ کا مصاحب ہوگا۔ اگر وہ اس کا اہل نہیں تو پھر وہ کسی خوبصورت عورت کے ساتھ شادی کرے گا۔ (۵) اگر چوتھے آسمان کو دیکھنے کے ساتھ اس میں چلے بھی تو وہ بادشاہ کی طرف سفر کرے گا۔ (۶) اگر خواب میں کوئی پانچویں آسمان کو دیکھے تو وہ بادشاہ کے فوجی کو دیکھے گا' یا پھر کسی پرہیزگار آدمی کو دیکھے گا' یا کسی بڑے آدمی کا ساتھی ہوگا۔ (۷) چھٹے آسمان کو خواب میں دیکھنا علم و فضل پانے کی دلیل ہے۔ نیز صاحب خواب کی امور میں دور اندیشی سے کام لینے پر بھی دلالت ہوتی ہے۔ (۸) ساتویں آسمان کو خواب میں دیکھنا اشارہ ہے کہ وہ بادشاہ کے کسی آدمی سے ملے گا۔ (۹) آٹھویں آسمان کو خواب میں دیکھنا دلیل ہے کہ صاحب خواب کی نظر بڑے بادشاہ کی طرف ہے اور اس کا صاحب بھی بنے گا۔ (۱۰) نویں فلک کو خواب میں دیکھنا کسی بڑے آدمی کے مصاحب ہونے کی علامت ہے۔ (۱۱) دسواں فلک جو کہ احاطہ کرنے والا ہے سارے آسمانوں کا اسے خواب میں دیکھنا دال ہے' کہ اگر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



صاحب خواب دارالاسلام میں ہے تو سب سے بڑے خلیفہ کو دیکھے گا۔ اگر کسی صوبہ میں مقیم ہے تو بڑے بادشاہ کو دیکھے گا یا اسکا قرب حاصل کرے گا۔ (۱۲) خواب میں اگر کوئی خود کو آسمان میں گھومتا دیکھے یا آسمانوں میں سے کسی آسمان کو دیکھے تو اس کی شان بلند ہوگی اور جاہ ودولت میں زیادتی کے ساتھ اپنی آرزوؤں کو بھی حاصل کرے گا۔ (۱۳) سب آسمانوں کا خواب میں دیکھنا دلیل ہے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل ہوگا اور اسکا مرتبہ بھی بڑھے گا یا وہ زمین کے بڑے بادشاہوں میں سے کسی بادشاہ کا صاحب ہوگا۔ (۱۴) خواب میں اگر کوئی آسمانوں کو اپنی جگہ سے ہٹا ہوا دیکھے تو حاکم ہونے کی صورت میں اپنے حکم میں ظلم کے راستے پر چلنے کی دلیل ہے۔ اسی طرح بادشاہ کی اشیاء کو انکی جگہ سے تبدیل کرنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۵) خواب میں اگر عورت خود کو نیچے والے آسمان کے نیچے دیکھے تو بادشاہ کے سیکرٹری سے یا بادشاہ کے متعلقین میں سے کسی سے شادی کرے گی۔

## فلكة المغزل (چرخے کا ڈمرکا)

(۱) خواب میں عورت جب خود کو دیکھے کہ اسنے چرخے کا ڈمرکا حاصل کیا ہے تو یہ اس کے شادی کرنے کی دلیل ہے۔ (۲) اگر شادی شدہ عورت اسے توڑ دے تو اسکا شوہر اسے طلاق دیگا۔ (۳) اور اگر اس عورت کی بیٹی شادی شدہ تھی تو اسے طلاق ہوگی۔ (۴) اگر خواب میں کسی عورت نے چرخا الٹا چلایا تو اس میں اس کے شوہر کے لوٹنے پر دلالت ہے۔ (۵) خواب میں عورت خود کو سوت توڑتی ہوئی دیکھے تو وہ اپنا وعدہ توڑ یگی۔ (۶) چرخے کا ڈمرکا امور میں ثابت قدم رہنے پر مسافر کے لئے راہنمائی پر نفع والے مال پر اور کنوارے کے لئے شادی پر دلالت کرتا ہے۔

## فن

مختلف فنون صاحب فن کے حال کے مطابق کبھی بیماری سے صحت پانے، کبھی خوف سے مامون ہونے پر اور کبھی وحشت کے بعد انسیت حاصل کرنے پر دلالت کرتے ہیں۔ اور ان کی رویت خوبصورت مقامات اور حسین چیزوں کو دیکھنے پر بھی دلالت کرتی ہے۔

## فُش الاورام (سوجن کا ختم ہونا)

(۱) خواب میں سوجن کا ختم ہونا وطن سے غائب کے وطن آنے، ناراضگی سے محبت کی طرف آنے اور نفرت سے الفت کی طرف عود کرنے پر دلالت کرتا ہے اسی طرح یہ کسی چیز سے مایوس ہونے کے بعد ملنے پر دوبارہ اسے حاصل کرنے کی دلیل ہے۔

## فصد (رگ کھولنا)

(۱) خواب میں کسی ماہر سے ضرورت کے تحت پچھنے لگوانا راحت اور بیماری سے شفا پانے پر دلالت کرتا ہے جبکہ بغیر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ضرورت کے پچھنے لگوانا اس عضو میں پیش آنے والی بیماری سے ڈرانے کی دلیل ہے۔ (۲) خواب میں پچھنے لگوانے والا آدمی اس آدمی کی طرح ہے جس کو بیداری کی حالت میں بازو کی ''اکحل'' نامی رگ میں پچھنے لگوانے کی ضرورت ہو جبکہ وہ کہنی کے قریب ''باسلیق'' نامی رگ میں پچھنے لگوائے گا۔ یا مذکورہ خواب دیکھنے والا اس آدمی کی طرح ہوگا جس کو بیداری میں کہنی کے قریب ''باسلیق'' نامی رگ میں پچھنے لگوانے کی ضرورت تھی لیکن پچھنے لگانے والے نے ہاتھ کی ایک ''قیفال'' نامی رگ میں پچھنے لگائے مشہور رگوں میں پچھنے لگانے کو اسی پر قیاس کرلیا جائے۔ (۳) اگر خواب میں کسی عضو میں پچھنے لگوائے تو بیداری میں کسی عارض کی وجہ سے اس عضو میں پچھنے لگوانے کی احتیاج کی طرف اشارہ ہے ۔(۴) اگر خواب میں کسی نے جوان آدمی کو دیکھا کہ اس نے لمبائی میں رگ کھلوائی ہے تو اس میں اشارہ ہے کہ فصد لگوانے والا دشمن کی جانب سے اثر والا کلام یا طعنہ سنے گا اور اس کا مال بھی دوگنا ہوجائیگا۔ (۵) لیکن اگر فصد چوڑائی میں لگوایا جس سے اس کی رگ بھی کٹ گئی تو اس میں دلالت ہے کہ جیسے اس کی رگ ختم ہوگئی' وہ بھی عنقریب فوت ہوجائیگا۔ بسا اوقات اس سے صاحب خواب کی اپنی موت کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ (۶) خواب میں دائیں ہاتھ میں فصد ہو تو معیشت اور مال کے معاملے میں کامیابی کے ساتھ مال کے بھی دوچند ہونے کی دلیل ہے۔

(۷) خواب میں بائیں ہاتھ میں فصد علامت ہے کہ اس کے شریک اور دوست کے معاملے میں کامیابی کے ساتھ اس کے شریک اور دوستوں میں بھی اضافہ ہوگا۔ صاحب خواب کی اگر بیوی بھی ہو تو وہ عورت موٹی ہونے کے ساتھ ساتھ عورتوں میں بہتری پائے گی۔ (۸) اگر خواب میں سر کی رگوں میں سے کسی رگ میں فصد لگوایا تو وہ کسی دوسرے سردار سے استفادہ کریگا۔ (۹) اگر خواب میں کسی کو دیکھا کہ اس نے صاحب خواب کو پچھنے لگوایا تو اس کے دوستوں کی جانب سے بات سننے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۰) پھر اگر رگ سے خون نکلا تو اس کو اس پر اجر ہوگا۔ (۱۱) اگر خون نہ نکلا تو اسے اس سلسلے میں حق بات کہی جائیگی۔ اور پچھنے لگانے والا گناہ سے اعراض کریگا۔ (۱۲) اگر صاحب خواب کو کسی نے چوڑائی میں پچھنا لگایا اور اس سے رگ کٹ گئی تو اس کے اور پچھنا لگانے والے میں قطع کلامی ہوگی۔ اور اگر فصد لمبائی میں لگایا تو پھر دونوں کے درمیان تعلق اور زیادہ ہوگا۔ (۱۳) اگر دیکھے کہ جوان آدمی نے فصد لگایا جس سے خون بھی نکلا تو دلیل ہے کہ وہ بادشاہ کے نائب کو ملے گا اور نکلنے والے خون کی بقدر بادشاہ کے نائب سے مال حاصل کریگا۔ (۱۴) اگر چوڑائی سے رگ کھولی جس میں رگ کٹ گئی تو بادشاہ اسے تکلیف نہ پہنچا سکے گا۔ (۱۵) اگر اس نے لمبائی سے فصد لگایا تو بادشاہ دوبارہ اس کی طرف لوٹیگا۔ (۱۶) اگر خواب میں کسی عالم نے صاحب خواب کو فصد لگایا اور رگ کھلنے سے نکلنے والی چیز طشتری وغیرہ میں نکلی تو صاحب خواب بیمار ہوگا اور اس کا مال بچوں کے پاس جانے کے ساتھ ڈاکٹروں پر بھی خرچ ہوگا۔ (۱۷) اگر خون اور خراش نہ دیکھی گئی تو وہ اپنی بیوی کی جانب سے بات سنے گا' اور اسے اس فصد میں حاصل ہونے والی تکلیف کے بقدر تکلیف کا سامنا بھی ہوگا۔ (۱۸) اگر کسی نے خواب میں پچھنے لگوایا لیکن اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے خون نکلنے کو ناپسند کیا تو دلیل ہے کہ وہ بیمار ہوگا۔ اور اسے مالی اعتبار سے بھی ضرر کا سامنا ہوگا۔ (۱۹) اگر خواب میں فصد نے نفع دیا اور خون بھی مناسب مقدار میں نکلا تو جسم اسی سال ٹھیک ہو جائیگا اور دین بھی صحیح ہوگا۔ (۲۰) اگر خواب میں غیر سے فصد لگانے کے لئے نشتر لیا پھر اس سے بیوی کو فصد لگایا' اگر فصد لمبائی میں لگایا اس کی بیوی بیٹی جنے گی۔ (۲۱) اگر فصد چوڑائی میں لگایا جس سے رگ بھی کٹ گئی تو اس عورت اور اس کے رشتے داروں میں سے کسی کی موت یا حیات کی وجہ سے قطع تعلق ہو جائیگا۔

(۲۲) اگر خواب میں کسی نے دیکھا کہ وہ فصد کا ارادہ کر رہا ہے تو اشارہ ہے کہ وہ گناہ سے توبہ کا ارادہ رکھتا ہے۔ (۲۳) اگر خواب میں خون کے غالب ہونے کا گمان ہو تو یہ اس کے خواہشات اور گناہوں میں مبتلا ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۴) خواب میں اگر پچھنا لگوایا جس سے خون بھی نکلا تو توبہ کرنے کے ساتھ گناہوں سے رجوع کریگا۔ (۲۵) اگر خوں کا رنگ کالا تھا تو دلیل ہے کہ صاحب خواب بڑے گناہوں پر مصر ہے' تاہم عنقریب اس سے توبہ کریگا۔ (۲۶) اگر کسی نے خواب میں خود کو فصد لگواتے دیکھا اور فصد سے خون بھی نکلا تو وہ گناہوں سے نکل جائیگا۔ یا اس کے ہاتھ سے کوئی چیز ضائع ہو جائیگی لیکن پھر اسے مل بھی جائیگی۔ اس لئے کہ نشتر قلم اور سیاہی کی طرح ہوتا ہے۔ باکرہ عورت کا خواب میں فصد لگوانا اس کے شادی کرنے پر جبکہ بچہ کے لئے فصد ختنہ کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ خواب میں قیدی کا فصد قید سے نکلنے کی بشارت ہے کیوں کہ خون بھی رگوں میں قید ہے۔ حاملہ عورت کا فصد وضع حمل اور نفاس پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۷) اگر فصد مشہور جگہ کے علاوہ کہیں اور ہو تو احتمال ہے کہ عورت حمل ساقط کر دیگی۔ خواب میں فصد بدن کی دیکھ بھال میں مال خرچ کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ بعض اہل تعبیر کے نزدیک فصد وطی پر دال ہوتا ہے کیونکہ منی خون اسی سے بنتی ہے۔ خواب میں مالدار آدمی کا فصد اس کے مال کی زکوۃ کی طرف مشیر ہوتا ہے۔

## فتق الشئی (شی پھاڑنا)

خواب میں کسی شئے کو پھاڑنا جدائی یا باکرہ بیوی پر دلالت کرتا ہے۔

## فتح الاقفال و الا ماکن المغلقة (تالوں اور بند جگہوں کو کھولنا)

خواب میں تالوں اور بند جگہوں کو کھولنا مشکل میں آسانی اور رزق میں سہولت پر دلالت کرتا ہے۔

## فتل (رسی وغیرہ بٹنا)

(۱) اگر خواب میں کسی نے دیکھا کہ وہ رسی یا دھاگہ بٹ رہا ہے یا رسی کو اپنے بانس وغیرہ پر لپیٹ رہا ہے تو وہ ہر حال میں سفر کریگا۔ (۲) خواب میں جو بٹ رہا ہے اگر وہ باریک ہے تو یہ اس کی تھوڑی قوت پہ دلالت کرتا ہے۔ (۳) جس کو بٹا جا رہا ہے اگر وہ چیز موٹی ہے تو سرسبز جگہ کی طرف سفر کرنے کی علامت ہے۔ (۴) بٹنے کا کام خواب میں آسان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



معلوم ہو تو سفر کے آسان ہونے کی دلیل ہے۔ (۵) اگر خواب میں کوئی دیکھے کہ اپنی داڑھی اکھیڑ کر بٹ رہا ہے تو جھوٹی شہادت پر رشوت لینے کی دلیل ہے۔ خواب میں رسی بٹنا کبھی مضبوط کام یا شرکت یا نکاح کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## فتیلة (بتی)

(۱) خواب میں فتیلہ کی تعبیر گھر کی منتظمہ ہے۔ (۲) خواب میں اگر کوئی سارے کا سارا فتیلہ جلا ہوا دیکھے تو اس میں تو گھر کی منتظمہ و مربیہ کا انتقال ہوگا۔ (۳) خواب میں فتیلہ سے کوئی چنگاری روئی میں گری جس سے روئی جل گئی تو صاحب خواب غلطی میں مبتلا ہوگا یا ذلت اٹھائیگا۔ (۴) خواب میں چراغ یا قندیل کی بتی بجھی ہوئی دیکھی تو اس جگہ مریض فوت ہوگا۔ یا غائب کی موت کی خبر آئیگی۔

## فحم (کوئلہ)

(۱) خواب میں کوئلہ کا درخت خطرناک آدمی پر دلالت کرتا ہے۔ بعض علماءِ تعبیر کے نزدیک خواب میں کوئلہ کی تعبیر مال حرام ہوتی ہے جبکہ بعض حضرات کے نزدیک بادشاہ کی طرف سے حاصل ہونے والے رزق کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۲) خواب میں ایسا کوئلہ دیکھنا جس میں آگ کا اثر بھی ہو آزمائش میں مبتلا ایسے آدمی پر دلالت کرتا ہے جس پر بادشاہ نے ظلم بھی کیا ہو اور اس کا مال بھی چھین لیا ہو۔ (۳) جلا ہوا کوئلہ جس سے فائدہ نہ اٹھایا جا سکتا ہو یا راکھ کی طرح کا ہو تو باطل امر پر دلالت کرتا ہے۔ (۴) خواب میں بڑا کوئلہ دیکھنا جبکہ اس کو چھوٹے کرنے کی ضرورت ہو، پریشانی تھکاوٹ اور احوال کی تبدیلی پر دلالت کرتا ہے۔ (۵) خواب میں چھوٹا کوئلہ جبکہ احتیاج بڑے کوئلہ کی ہو، مال کی کمی کی دلیل ہے۔ بسا اوقات خواب میں کوئلہ گرم طبیعت کے سر اٹھانے پر دال ہوتا ہے۔ سردیوں کے زمانے میں کوئلہ دیکھنے کی تعبیر مال کے ساتھ بھی کی جاتی ہے۔ (۶) اگر کوئی کسی آدمی کو دیکھے کہ اس نے صاحبِ خواب کو غلام ہدیہ میں دیا تو وہ اس کو بوری کی گون ہدیہ میں دیگا۔ بعض کے نزدیک آگ میں جلائی جانے والی ہر چیز فسق کی دلیل ہوتی ہے۔

## فرن (تنور)

(۱) خواب میں گھر کا تنور دیکھنا گھر کے مالک اور اہل وعیال کی ضرورت کے لئے رکھے گئے غلام پر دلالت کرتا ہے۔ بسا اوقات تنور صاحب خواب کے مظہر، یا خزانہ یا اس کی کمائی، یا اس کے مال کی حفاظت والے صندوق یا پھر اس کے راز پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) بازار کا تنور حاکم کے گھر پر، اور اس درسگاہ پر دلالت کرتا ہے جس میں بچوں کو ادب سکھایا جاتا ہے، ایسے ہی یہ خواب قید اور ضرورتوں کے پورے ہونے کی بھی دلیل ہے۔ خواب میں بازار کا تنور بسا اوقات

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فوائد' رزق اور بیماری سے شفا پانے اور ضروریات پوری ہونے اور قید سے خلاصی پانے پر دلالت کرتا ہے۔(۳) اگر صاحب خواب تنور کی جگہ میں آٹے کے ساتھ داخل ہوا تو اس آٹے سے بننے والی روٹی ضروریات کے پورا ہونے پر' اور صاحب خواب کے بیماری سے شفاء پانے پر دلالت کرتی ہے۔ بسا اوقات یہ خواب کوئی کام سونپے جانے کے وقت دشمن یا مد مقابل کے مقابلے میں مدد حاصل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ یا بچے کی کاریگری' یا مدرسہ کے حوالے کئے جانے پر' یا فراخ زندگی اور نفع اور رزق میں وسعت حاصل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۴) خواب میں تنوروں کا متعدد ہونا لشکر' مددگار یا بچوں پر دلالت کرتا ہے' جن سے وہ اپنے پیشہ میں مدد حاصل کریگا۔(۵) مشہور تنور ساتھی کی معیشت' غلبہ اور کمائی کی جگہ پر پر دلالت کرتا ہے جیسے دوکان اور کھیتی وغیرہ۔ بسا اوقات خواب میں تنور خود اپنی ذات سے جاری ہونے والی خیر وشر یا زیادتی یا نقصان' یا اس کے پاس آنے والے قبیلہ یا صاحب خواب کی کمائی اور غلہ کی جگہ پر دلالت کرتا ہے۔(۶) غیر معروف تنور بادشاہ یا حاکم کے گھر پر دلالت کرتا ہے۔ اس لئے کہ تنور میں آگ روشن ہوتی ہے' اور آگ سے مراد نفع اور نقصان دینے والا بادشاہ ہوتا ہے۔ بسا اوقات تنور بازار پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۷) گندم یا جو کے ساتھ خواب میں کوئی نامعلوم تنور کی طرف گیا اگر وہ مریض تھا تو فوت ہوگا اور اس کا مال قاضی کی طرف جائیگا' اور اگر وہ مریض نہ تھا لیکن اس کے ذمہ بادشاہ کا عشر یا قرضہ وغیرہ کا بقیہ حصہ یا اس جیسی کوئی چیز ادا کرنی باقی تھی تو صاحبِ خواب اس واجب الادا کو ادا کریگا۔

## فج فی الجبل (دو پہاڑوں کے درمیان کشادہ راستہ)

خواب میں دو پہاڑوں کے درمیان کشادہ راستہ مصائب سے چھٹکارے یا سفر پر دلالت کرتا ہے۔ فرمان خداوندی ہے ﴿وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ بِسَاطًا ☆ لِتَسْلُكُوْا مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا﴾ ''اور اللہ نے بنادیا تمہارے لئے زمین کو بچھونا تاکہ چلو اس میں کشادہ راستے''

## فخ الصائد (شکاری کا جال)

(۱) خواب میں شکاری کا جال' دین داری میں پیچھے رہنے والے' حیلہ اور مکر کرنے والے آدمی پر دلالت کرتا ہے۔
(۲) اگر خواب میں کسی نے خود کو چڑیا کے شکار کے لئے جال لگاتے دیکھا تو وہ کسی مضبوط آدمی سے مکر کریگا۔
(۳) خواب میں عورت نے خود کو جال لگاتے ہوئے دیکھا' اور جب بھی جال لگایا اس میں پرندہ آکر اڑ گیا تو دلیل ہے کہ یہ عورت اپنے شوہر سے حمل چاہتی ہے لیکن حمل نہیں ٹھہرتا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## فرار (بھاگنا)

(۱) خواب میں بھاگنا اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے پر دال ہے۔ فرمان خداوندی ہے ﴿ ففروا الی اللّٰہ انی لکم منہ نذیر مبین ﴾ "تم اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرو میں تمہیں اسی سے واضح طور پر ڈرانے والا ہوں"۔
(۲) خواب میں بھاگنا ولایت' امن اور توبہ اور موت پر دلالت کرتا ہے۔ خود کو دشمن کے خوف سے بھاگتا ہوا دیکھے تو اس سے امن میں ہوگا۔ اگر عالم خود کو خواب میں بھاگتا دیکھے تو اسے عہدہ قضاء حاصل ہوگا۔ اس لئے کہ حضرت موسیٰ بھاگنے کے بعد حاکم بنے۔ (۳) اگر کوئی خواب میں خود کو بغیر خوف کے بھاگتا دیکھے تو اس میں دلالت ہے کہ بھاگنے والا مر جائیگا۔ فرمان خداوندی ﴿ قل لا ینفعکم الفرار ان فررتم من الموت أو القتل ﴾ "تمہیں بھاگنا کوئی فائدہ نہیں دے سکتا اگر تم موت یا قتل کے ڈر سے بھاگتے ہو"۔ (۴) اگر کوئی خواب میں خود کو بھاگتا ہوا دیکھے اور جس جگہ کی طرف بھاگ رہا ہے اس جگہ پہنچ بھی جائے تو اس میں بھاگنے والے کے گناہوں سے توبہ کرنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۵) لشکر کا بھاگنا مدد اور نصرت کی طرف اشارہ ہے۔ (۶) کفار کا بھاگنا بعینہ بیداری میں ان کے بھاگنے کی طرف اشارہ ہے۔ فرمان خداوندی ہے ﴿ وقذف فی قلوبھم الرعب ﴾ "اور ان "کفار" کے دل میں رعب ڈال دیا ہے"۔

## فرنج (فرنگی)

خواب میں اس کو دیکھنا' بھاگنے اور نجات حاصل کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## فرعون

(۱) فرعون کی تعبیر دین کا دشمن ہے۔ (۲) فرعون کو خواب میں اچھی حالت میں دیکھنا' امام اور اس کی قوم کی بدحالی کی طرف اشارہ ہے' جیسا کہ فرعون کا خواب میں بری حالت میں دیکھنا امام اور اس کی قوم کی اچھی حالت پر دلالت کرتا ہے۔ جو تعبیر فرعون کے خواب میں دیکھنے کی ہے وہی تعبیر آدمی کے ہر دشمن کے خواب میں آنے کی ہے۔ (۳) اگر خواب میں کسی نے دیکھا کہ وہ دنیا کے شریر اور سرکش لوگوں میں بدل گیا ہے تو اسے قوت حاصل ہونے کے ساتھ اس کی بات کی شہرت بھی حاصل ہوگی اور اس کے دین میں فساد بھی پیدا ہوگا۔ (۴) اگر خواب میں بعض مرے ہوئے فرعونوں' بادشاہوں اور ظالموں کو کسی شہر یا کسی جگہ میں یا اس جگہ جہاں اس کو ولایت حاصل ہے' دیکھے تو اس کی سیرت کا ظہور ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## فظ (بدخلق)

اگر کسی کو خواب میں بدخلق کے لفظ کے ساتھ پکارا گیا تو اگر وہ والی تھا تو اس عہدۂ ولایت سے معزول ہوگا فرمان خداوندی ہے۔ ﴿وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيظَ الْقَلْبِ لَا نْفَضُّوا مِنْ حَوْلِكَ﴾ ''اگر ہوتا تندخو سخت دل تو متفرق ہوجاتے تیرے پاس سے''۔

## فخر

خواب میں فخر کرنا مال، رزق، طاقت اور زبان کے زیادہ ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

## فراست

خواب میں اگر کوئی خود کو گہری نظر سے نظر جما کر دیکھا اور خود کو غیب دان جانا تو اس کے لئے خیر زیادہ ہوگی اور برائی اس کے قریب بھی نہ ہوگی۔ فرمان خداوندی ہے ﴿لَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْءُ﴾ ترجمہ: ''اگر میں غیب کو جانتا تو خیر میرے لئے زیادہ ہوتی اور برائی مجھے چھوتی تک نہ''۔ خواب میں فراست سے خیر اور نجات کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔

## فصاحت

(۱) خواب میں اگر کسی نے دیکھا کہ وہ غیر فصیح تھا مگر پھر فصیح ہوگیا تو بیداری میں بھی فصیح ہوگا۔ اس کو شرف، عزت اور حکومت عطا ہوگی یہاں تک کہ اس کی نظیر دنیا میں نہ ہوگی۔ (۲) اگر صاحب خواب پہلے سے حکمران تھا تو اسے دنیا حاصل ہوگی، اور اگر وہ تاجر تھا تو دنیا میں اس کا دل لگے گا۔ یہی تعبیر ہر پیشہ اور فن والے کے لئے ہے۔ (۳) اگر خواب میں کوئی خود کو ہر زبان میں بات کرتا دیکھے تو دنیا کے بڑے حصے کا مالک ہوکر عزت حاصل کریگا۔ فصاحت سے عزت اور حکومت کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔

## فرح (خوشی)

(۱) خواب میں ایسی فرحت جس پر دل خوش نہ ہو غم اور پریشانی پر دلالت کرتی ہے۔ فرمان خداوندی ہے ﴿لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ﴾ بسا اوقات خواب میں فرحت اللہ کی اطاعت سے اعراض کرنے کی بھی علامت ہوتی ہے۔ اگر فرحت خیر کی خبر سے ہو جیسا کہ قیدی کی آزادی اور مریض کا تندرست ہونا تو یہ حالات کے صحیح سمت چلنے اور خوشیوں کے سبب بننے کی دلیل ہے۔ (۲) اگر خواب میں کوئی خبر موجب فرحت دی گئی لیکن حقیقت میں وہ خبر پریشان کن تھی، مثلاً انتقال کر جانے والے آدمی کی خبر اس طرح دی گئی کہ وہ سفر سے واپس آ گیا ہے تو یہ نفع پر تاوان یا تاوان پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نفع کی وجہ سے ہونے والے کینہ کے ختم ہونے پر دلالت کرتا ہے۔خواب میں فرحت بیداری میں پریشانی پر بھی دلالت کرتی ہے۔(۳) خواب میں اگر کوئی خود کو خوش دیکھے تو اس کو بیداری میں تنگی کا سامنا ہوگا۔

## فرج (شرمگاہ)

خواب میں فرج دیکھنا سختی میں مبتلا شخص کے لئے آسانی' کوشش کرنے والے کی ضرورت کے پورا ہونے' کنوارے کے لئے شادی' سفر پر جانے' مشترکہ معاملہ کرنے' پوشیدہ امور کے واضح ہونے' اور معدنیات پر اطلاع پانے کی دلیل ہے۔(۲) شرمگاہ کی تعبیر ایسی امانت ہے جس میں تصرف کرنے کی اجازت صرف اس کے مالک ہی کو ہے۔ایسے ہی فرج کو خواب میں دیکھنا قید پر اور گھر کے اس دروازے پر دلالت کرتا ہے' جس کے بارے میں اللہ پاک نے فرمایا کہ صرف اسی سے آیا جائے۔فرمان خداوندی ہے ''اور تم اپنے گھروں میں دروازوں سے داخل ہو'' فرج سے مراد کبھی جنگجو اور کبھی عورت کی طرف متوجہ کر دینے والا بوسہ ہوتا ہے۔اور فرج خواب میں کبھی انسان کے راز کے محافظ پر اور کبھی حمام پر بھی دلالت کرتی ہے' اس لئے کہ حمام میں بھی پانی اور حرارت ہوتی ہے۔فرج پہاڑوں کے درمیان وادی اور گھاٹی پر بھی دلالت کرتی ہے۔بسا اوقات فرج بیماری اور علاج پر دلالت کرتی ہے جس سے زندگی ملتی ہے یا پھر موت پر دلالت کرتی ہے اس لئے ذکر کے فرج کے ساتھ لگنے سے انتشار پیدا ہو جاتا ہے اور منی جس نے ذکر کو تقویت دی ہوئی تھی کے نکلنے سے ذکر کا انتشار ختم ہو جاتا ہے۔(۳) کبھی آدمی کی شرمگاہ عورت کی شرمگاہ پر دلالت کرتی ہے۔فرج کبھی قبر' اور ایسے تنور پر بھی دلالت کرتی ہے جس میں آٹا داخل کیا جاتا ہے اور پکی ہوئی روٹی نکلتی ہے۔بسا اوقات فرج کی دلالت غم پر بھی ہوتی ہے' بسا اوقات فرج اس آدمی پر بھی دلالت کرتی ہے جو اس کی حفاظت میں ہے' بسا اوقات فرج اور ذکر آگ یا آگ میں داخل ہونے کے سبب پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ فرج اور ذکر شہوت کی جگہیں ہیں' فرج وطی بالشبہ سے حمل ٹھہرنے پر بھی دلالت کرتی ہے۔(۴) اگر کوئی آدمی سختی میں ہو اور خوبصورت فرج دیکھے تو سختی سے خلاصی کے ساتھ حاجت بھی پوری ہوگی۔اگر یہی بندہ سفر کی طرف متوجہ ہوا تو سفر میں راحت حاصل ہوگی۔اور اگر شرکت کا عزم کیا تو شرکت سے بھی راحت حاصل ہوگی۔اور اگر ایسا بندہ یہ خواب دیکھے جو معدنیات اور پوشیدہ چیزوں کی خبر رکھتا ہے تو اس کو حصولِ مقصود میں کامیابی حاصل ہوگی۔(۵) اگر فرج سے فائدہ بھی حاصل کیا تو ودیعت والے مال میں خیانت کریگا۔(۶) خواب میں وطی سے بسا اوقات قید پر دلالت ہوتی ہے۔اور اگر صاحب خواب پر کوئی کام مشکل ہو' درانحالیکہ جس میں وہ بھلائی کو بھی جانتا ہے تو بھلائی اور ہدایت والی جگہ میں وقوع کے ساتھ محل میں صحیح راستے سے آنے پر دلالت کرتا ہے۔اگر فرج دیکھنے والا گناہ گار ہے تو توبہ کرنے کی طرف اشارہ ہے۔اور اگر نماز کو چھوڑنے والا ہے تو نماز کی پابندی کرنے یا نصیحت قبول کرنے کی طرف اشارہ ہے۔اور اگر دیکھنے والا مریض ہے تو قریب المرگ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہونے پر دلالت ہے یا پھر صاحب خواب اپنی قبر اپنی زندگی میں ہی کھود لیگا۔ فرج میں وطی بسا اوقات کسی موٹی چیز کے تنور میں لٹکانے یا آٹے کو تنور میں داخل کرنے یا عجیب پھل یا لذیذ چیز کھانے پر دلالت کرتی ہے۔ (۷) خواب میں مشہور عورت کی فرج کو دیکھنا اس کے راز پر مطلع ہونے کی علامت ہے۔ (۸) اگر فرج کو اچھی حالت میں دیکھے تو یہ اس عورت کے شوہر یا اس کے لڑکے کی اچھی حالت میں ہونے کی دلیل ہے۔ (۹) خواب میں مرد کے لئے فرج اور عورت کے لئے ذکر دیکھنا مرد کی بری حالت کے ساتھ ذلت اور عورت کے مرتبے اور مرد کی طرح بننے پر دلالت کرتا ہے۔

(۱۰) بعض حضرات نے کہا ہے کہ خواب میں اگر کوئی مرد عورت کی طرح اپنے لئے فرج دیکھے درانحالیکہ وہ قید وغیرہ میں تھا تو قید سے چھٹکارے کے ساتھ نجات حاصل ہوگی۔ (۱۱) اگر خواب میں کوئی فرج دیکھے درانحالیکہ اس کا کسی کے ساتھ جھگڑا ہے یا اس کا کوئی دشمن ہے جو اس پر غلبہ چاہتا ہے تو اس کا دشمن ذلیل ہوگا، خصوصاً اگر اس نے جماع بھی کیا تو دشمن کی ذلت کی طرف زیادہ واضح اشارہ ہے۔ (۱۲) اپنی بیوی کے فرج کو کوتاہ دیکھنا دشمن پر غلبہ پانے اور بڑا دیکھنا دشمن کے اس پر غلبہ حاصل کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۳) تاجر اگر بوڑھی عورت کی شرمگاہ دیکھے تو خسارے میں پڑیگا اور فرج کی تعبیر شہد فروش یا کھجوروں کا کاروبار کرنے والا یا شراب فروش بھی ہوتی ہے۔

(۱۴) خواب میں اگر کوئی خود کو عورت کی فرج میں داخل دیکھے تو اس میں اس کے مر جانے کی طرف اشارہ ہے۔ بعض حضرات کے نزدیک اس خواب میں فرج کی تعبیر سفاک قسم کا آدمی ہے۔ فرج سے ایسے دھوکہ دینے والے اور مکر کرنے والے پر دلالت ہوتی ہے جو دن کے وقت عاجزی ظاہر کرتا ہے اور رات کے وقت گناہ کا ارتکاب کرتا ہے۔ فرج کی تعبیر بیوقوف غلام بھی ہے۔ بیوقوف کا اعراض وطی پر دال ہوتا ہے، اور چھڑی وغیرہ سے مارنا بھی وطی پر دلالت کرتا ہے۔ فرج کی تعبیر بچہ والے پرندے کے گھونسلے سے بھی کی جاتی ہے۔ (۱۵) اگر خواب میں کسی نے پرندے کو دیکھا یا اس کا مالک ہوا تو اس میں دلالت ہے کہ وہ عورت کا نکاح کے ذریعہ مالک بنے گا۔ (۱۶) فرج کے بالوں کی تعبیر آنے والے حیض ہیں یا ایسے شعر ہیں جن پر قبیح ہجو کی گئی ہو۔ (۱۷) اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اس کا ذکر فرج میں تبدیل ہوگیا ہے تو قوت و صبر، عاجزی، کمزوری اور ڈرنے میں تبدیل ہو جائے گی۔ (۱۸) اگر خواب میں کسی نے دیکھا کہ اس نے اپنے ہاتھ کے ساتھ عورت کی فرج کو پکڑ لیا ہے جس سے وہ ذکر میں تبدیل ہوگئی، تو دلیل ہے وہ اس عورت کی خلقت کو بدل دے گا۔ اگر آدمی کا گمان ہو کہ اب ہمیشہ عورت کی فرج ذکر رہے گی، تو اس میں دلالت ہے کہ وہ عورت زبان کے ذریعہ ہمیشہ شوہر پر مسلط رہتے ہوئے ہر بات اور کام میں شوہر کی برابری کرے گی۔

(۱۹) اگر کوئی خواب میں خود کو عورت کی شرمگاہ چوستا دیکھے تو اسے کچھ کشادگی نصیب ہوگی۔ (۲۰) اگر کوئی خواب میں خود کو نا معلوم عورت کی فرج کو کاٹتا دیکھے تو اس میں خوشی اور وسعت حاصل ہونے پر دلالت ہوتی ہے۔ (۲۱) خواب میں بوڑھی عورت کی فرج کو دیکھنا دنیا کے معاملے میں کشادگی حاصل ہونے کی علامت ہے۔ (۲۲) خواب میں عورت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی فرج کو پیچھے سے دیکھنا دلیل ہے خیر یا بغض اور لمبی دشمنی کے بعد ہونے والی محبت کی امید کریگا۔ (۲۳) خواب میں عورت اگر اپنی شرمگاہ میں پانی داخل ہوتا دیکھے تو اسے اولاد نرینہ عطا کی جائے گی۔ (۲۴) عورت کی فرج کو لوہے یا زرد رنگ کا دیکھنا، مقصود کے حصول میں ناامیدی پر دلالت کرتا ہے۔

## فخذ (ران)

خواب میں ران آدمی کے قبیلہ پر دلالت کرتی ہے۔ (۱) خواب میں جو اپنی ران میں کمی دیکھے تو اس پر دلالت ہے کہ صاحب خواب کا خاندان نہیں اور وہ وطن سے دور ہے۔ (۲) خواب میں ران میں درد محسوس کرنا اپنے خاندان سے رویہ درست نہ ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) خواب میں اگر کوئی اپنی ران کو اپنے سے جدا دیکھے تو وہ عاجز ہوگا اور اسے کامیابی حاصل نہ ہوگی اور اس کا کام بھی پورا نہ ہوگا۔ (۴) خواب میں اگر کوئی گوشت کا ٹکڑا اپنی ران سے متصل دیکھے تو اسمیں دلالت ہے کہ صاحب خواب کی طرف ایسا بیٹا منسوب ہوگا جو اس سے نہ ہوگا، ران گھر کے افراد پر بھی دلالت کرتی ہے۔ بسا اوقات خواب میں ران بندہ کے معتمد علیہ مال یا آقا، یا والد، یا بیٹے یا بیوی یا کمائی یا سواری یا کام کے اوزار وغیرہ پر بھی دلالت کرتی ہے۔ ران کی تعبیر قبیلہ بھی ہے لہذا اس میں اچھائی یا برائی دیکھنا قبیلے میں اچھائی یا برائی دیکھنے پر دلالت کرتا ہے، کبھی ران کا کام نہ کرنا بیوی یا سواری سے فائدہ حاصل نہ کرسکنے کی دلیل ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت نماز پر بھی ہوتی ہے۔ (۵) کسی نے دیکھا کہ اس کی ران کٹ گئی ہے تو وہ اپنی قوم سے جدا ہوگا اور اس جدائی کی حالت میں مرجائے گا۔ (۶) اپنی ران پیتل کی دیکھنا اپنے خاندان کو گناہوں میں جری دیکھنے کی علامت ہے۔

## فم (منہ)

خواب میں مریض کا اپنے منہ کو بڑا اور اچھا دیکھنا مریض کی سلامتی اور زندگی پر دلالت کرتا ہے۔ اگر صاحب خواب کا پیشہ آواز سے متعلق تھا اور خواب میں اپنے منہ کو معدوم دیکھے تو اس کے احوال کی بندش اور حالات کے الٹ ہونے کی دلیل ہے۔ جبکہ بسا اوقات مسکن کے خراب ہونے، برتن کے ٹوٹنے یا چرواہے کے توشہ دان کے ٹوٹنے اور قید سے چھٹکارے پر بھی اس کی دلالت ہوتی ہے۔

## فالوزج (فالودہ)

(۱) خواب میں فالودہ دیکھنا لطیف کلام اور معیشت کے معاملے میں بہتری پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) فالودہ کی کثرت سلطنت میں رزق اور غنیمت کی کثرت پر دلالت کرتی ہے۔ (۳) اگر کوئی خواب میں خود کو فالودہ کھاتے دیکھے تو اسے لالچ پیدا ہونے کے ساتھ، خوشی اور بزرگی کے ساتھ شکار یا مال غنیمت حاصل ہوگی۔ (۴) خواب میں کسی آدمی کو فالودہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حاصل ہونا یا فالودہ کا اس کے پاس لایا جانا اچھا نہیں۔ اس لئے کہ بسا اوقات یہ فالج کی تکلیف پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## فقاع (جو کی شراب)

(۱) جو کی شراب کی تعبیر کسی بخیل آدمی سے مشقت کے ساتھ ملنے والا رزق یا محبوب کے ساتھ ملنے یا خوشی کے اظہار کے ساتھ رزق ہے۔ (۲) جو اور ہر قسم کی زرد رنگ کی شراب پینے والے کے لئے بیماری کی دلیل ہے۔ جبکہ بسا اوقات خادم کی طرف سے حاصل ہونے والے رزق پر بھی دلالت کرتی ہے۔

## فستق (پستہ)

(۱) پستہ کا درخت مہربان آدمی پر دلالت کرتا ہے۔ پستہ کا درخت مبارک مال ہے۔ (۲) اگر کوئی خود کو پستہ کھاتے دیکھے تو یہ مبارک مال کھانے پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) سبز رنگ کا پستہ مشقت اور کینہ پر دلالت کرتا ہے۔ (۴) خشک پستہ شر اور جھگڑے کی علامت ہے۔ نمکین کی تعبیر بھی مبارک رزق ہے جو سمندر اور خشکی سے حاصل ہو' بسا اوقات یہ بچہ کی پیدائش کے وقت کے قریب ہونے کی بھی دلیل ہوتا ہے۔

## فرصاد (توت یا توت کا درخت)

(۱) خواب میں توت لوگوں کے اموال یعنی دراہم اور دنانیر وغیرہ کے قرضوں پر دلالت کرتا ہے' توت کا درخت زیادہ دراہم اور زیادہ بچوں والے مہربان شخص پر بھی دلالت کرتا ہے' اگر کوئی خود کو توت کھاتا دیکھے تو وہ وسیع کمائی کا مال کھائیگا۔ کالے رنگ کا توت دنانیر پر اور سفید رنگ کا توت دراہم پر دلالت کرتا ہے' مزید تفصیل (باب التا) ''توت'' کی بحث میں گذر چکی ہے۔

## فقوس (خربوزہ کی ایک قسم)

خواب میں خربوزہ' دیکھنے والے کے لئے مبارک رزق پر دلالت کرتا ہے۔

## فجل (مولی)

مولی کی تعبیر دیہاتی آدمی ہے' مولی حج اور رزقِ حلال پر بھی دلالت کرتی ہے۔ بعض حضرات نے کہا ہے کہ اگر کوئی خواب میں اپنے ہاتھ میں مولی دیکھے تو صاحب خواب ایسا کام کریگا جس میں خیر ہوگی لیکن اس کا انجام شرمندگی ہے۔

## فوۃ (درخت کی جڑ جو رنگائی اور امراض کے علاج میں استعمال ہوتی ہے)

درخت کی جڑ خواب میں' مرض کے ساتھ مال پر دلالت کرتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## فول (لوبیا)

باقلا کے باب میں اس کی تفصیل گذر چکی ہے

## فلفل (مرچ)

(۱) مرچ ایسے مال پر دلالت کرتی ہے جس سے اموال کی حفاظت کی جاتی ہے۔ (۲) خواب میں کوئی خود کو مرچ کھاتا دیکھے تو وہ زیادہ پانی یا کڑوی چیز پیئے گا' یا فضول غم میں مبتلا ہوگا۔ بعض حضرات نے کہا ہے کہ مشقت سے مال حاصل کریگا۔ (۳) زیادہ مرچ جب تک کہ نہ کھائی جائے مال پر دال ہوتی ہے۔ لیکن اگر مرچ میں سے کچھ کھالیا تو یہ پریشانی پر دال ہے اس لئے کہ اس میں تکلیف اور حلق کا خشک ہونا ہے۔

## فاکہۃ (پھل)

پھل کی تعبیر شادی ہے' فرمان خداوندی ہے ﴿ فاکھون ھم وازواجھم ﴾ ''وہ ان کے ازواج خوش ہوں گے'' (۲) بعض حضرات نے کہا ہے کہ تر پھل جلدی ختم ہونے والے رزق پر دلالت کرتا ہے' اس لئے کہ تر پھل جلدی خراب ہوجاتے ہیں۔ اور خشک پھل باقی رہنے والے رزق کثیر کی دلیل ہے۔ بعض حضرات کا کہنا ہے کہ پھل فقیروں کے لئے مالداری اور مالداروں کے لئے مال کی زیادتی پر دلالت کرتا ہے۔ جو پھلوں کو اپنے اوپر منتشر دیکھے تو درستگی اور خیر کے ساتھ شہرت حاصل کریگا۔

## فاکہانی (میوہ فروش)

میوہ فروش کی تعبیر لوگوں کے مالوں اور رازوں پر امین شخص ہے' میوہ فروش کی تعبیر میں اس وقت تک بہتری ہے جب تک کہ پھلوں پر قیمت وصول نہ کرے۔ میوہ فروش کو دیکھنا مفید دستاویزات یا اس آدمی پر دلالت کرتا ہے جس کے پاس بادشاہوں کی خبریں آتی ہیں۔ بسا اوقات خواب میں پھل دیکھنا بیوی بچوں' جلدی حاصل ہونے والے مال اور تاخیر سے حاصل ہونے والے نفع پر دلالت کرتا ہے۔

## فتال (بٹنے والا)

(۱) خواب میں زیادہ بٹنے والے کو دیکھنا مکر' دھوکہ اور جادو پر دلالت کرتا ہے بسا اوقات زیادہ بٹنے والے کا دیکھنا امور کے آسان ہونے' اور کنوارے کے لئے شادی پر دلالت کرتا ہے۔ زیادہ بٹنے والا آدمی کپڑا بننے والے پر اور مسافر پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) بسا اوقات اسباب کے حکم کے ساتھ کسی بات کے فیصلہ کو معلّق کرانے والے پر دلالت کرتا ہے جیسا کہ مفتی اور صاحب رائے آدمی۔ (۳) خواب میں کوئی خود کو رسی بٹتا دیکھے' تو اگر وہ سفر کا اہل ہے تو سفر کریگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## فحام (کوئلہ بیچنے والا)

(۱) خواب میں کوئلہ بیچنے والے کو دیکھنا برائی' کینہ' فتنہ' کالے چہرے' اور جھوٹ پر دلالت ہوتا ہے' کوئلہ بیچنے والے کی تعبیر کبھی اس ظالم بادشاہ سے کی جاتی ہے جو لوگوں کے مالوں پر قبضہ کر کے اس کو جلا دیتا ہے' اس لئے کہ درخت آدمی پر دال ہے اور کوئلہ اسی سے ہے۔ (۲) اگر کوئلہ کو بازار میں بکتا دیکھے تو یہ ایسی قوم ہے جس کو بادشاہ کی وجہ سے احتیاج کا سامنا ہے لیکن اللہ پاک اس کے مال اور مرتبہ کو ان پر لوٹا دیگا۔

## فران (روٹی پکانے والا)

روٹی پکانے والے کو خواب میں دیکھنا لوگوں کی مصلحتوں کو جاننے والے پر دلالت کرتا ہے۔ روٹی پکانے والے کی تعبیر استاذ اور جیلر ہے' کبھی اس کو دیکھنا فرار اختیار کرنے اور دور ہونے کی علامت ہوتا ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت کثیر النسل شخص پر ہوتی ہے' اور کبھی اس کی رویت کنوارے کے لئے شادی اور شادی شدہ کے لئے اولاد پر دلالت کرتی ہے۔ یا پھر اس کی تعبیر تہ خانہ کا مالک ہے۔ بسا اوقات روٹی پکانے والے کی تعبیر بادشاہ کے خادم سے کی جاتی ہے۔ اور کبھی نماز چھوڑنے پر اور طاعات سے غفلت برتنے پر اور پریشانی وغیرہ اور محتاجگی پر بھی دلالت ہوتی ہے۔

## فقاعی (جو کی شراب بیچنے والا)

جو کی شراب بیچنے والے کی تعبیر شرابی آدمی ہے اس لئے کہ اس کے پاس مختلف قسم کے برتن ہوتے ہیں۔ اور ان برتنوں میں میٹھی' کڑوی' گرم' سرد اور خشک شراب ہوتی ہے۔ بسا اوقات مکتب میں یا پیشہ ور شخص کے اپنی دکان میں بچوں کے ساتھ آراستہ ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ جو کی شراب بیچنے والے کے دیکھنے سے بسا اوقات طالب کے لئے رازوں اور کینہ کے ظاہر ہونے پر اور پیغام رساں کے لئے راز کی حفاظت کرنے پر دلالت ہوتی ہے۔

## فاعل (کام کرنے والا)

(۱) خواب میں فاعل محتاجگی اور مالداری دونوں پر دلالت کرتا ہے۔ بسا اوقات سفر پر' طلب معاش میں تردد پر اور غیر کے غم پیش آنے والی مشکلات پر صبر کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ فاعل کی رویت بسا اوقات کلام کو جھوٹ سے مزین کرنے والے پر دلالت کرتی ہے اور اس شخص پر بھی دلالت کرتی ہے جو حلال کو حرام کے ساتھ ملا دیتا ہے۔ فاعل سے ایسے آدمی پر بھی دلالت مراد ہے جو لوگوں میں سے بعض کو بعض پر نفع کی غرض سے ابھارنے کے ساتھ خود نفع اٹھاتا ہے' یہ اس وقت ہے کہ اس نے خود کچھ نہ کیا ہو۔ اور اگر کچھ کیا تو اس کا فعل اللہ کے فعل پر دال ہوتا ہے۔ (۲) فاعل کے اوپر غبار کا ہونا فاعل کے لئے غبار کی بقدر نفع حاصل کرنے کی دلیل ہے۔ (۳) اگر غبار نہیں تو نفع نہ اٹھانے کی علامت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۴) خواب میں اگر فاعل کو دیکھے کہ وہ گھروں اور دیواروں کو اکھیڑ کر بعض کو بعض کے ساتھ ملا رہا ہے تو اس جگہ کے لوگوں میں خوف واقع ہوگا یا وہ فوت ہو جائیں گے۔ (۵) خواب میں اپنے ہاتھ کے ساتھ کوئی کام کرتا دیکھے مثال کے طور پر کدال سے کھود رہا ہے تو اس کا فعل اللہ کے فعل پر دال ہے چاہے وہ خیر سے متعلق ہو یا شر سے۔ خواب میں بھروسہ کیئے جانے والا آدمی اس شخص پر دلالت کرتا ہے جو لوگوں کو اپنی طرف کھینچتا ہے اور ہر چیز میں دخل اندازی کرتا ہے۔

## فامی (سبزی فروش)

(۱) خواب میں سبزی فروش امین آدمی پر دلالت کرتا ہے جو لوگوں کے رازوں کو جانتا ہے اور اس کے پاس خطرہ کے خوف سے لوگوں کے مال جمع ہوتے ہیں۔ (۲) خواب میں سبزی فروش کے پاس جراب یا اون یا بال کی بوری میں خشک میوے ہوں تو یہ آدمیوں کے مال یا راز کی طرف اشارہ ہے جن کا یہ محافظ ہے' اس لئے کہ جراب' بوری اور تھیلی کی تعبیر راز سے کی جاتی ہے۔ (۳) اگر تھیلی وغیرہ میں سے کوئی چیز خواب میں ظاہر ہوئی تو اس پر دلالت ہے کہ صاحب خواب راز کی حفاظت نہ کریگا اور خائن ہوگا اور اس میں مکر بھی ہوگا۔ (۴) اگر خواب میں سبزی فروش سے پھل خریدا تو ودیعت والے مال میں سے نفع طلب کیا جائیگا۔ (۵) خواب میں سبزی فروش کا دیکھنا امور میں کامیابی' اور وعدہ نبھانے' عجیب وغریب فنون' غموں' کینہ اور بیماری کے ختم ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

## فراء (پوستین فروش)

موسم گرما میں اس سے دیکھنا غموں' کینہ اور بیماروں پر دال ہوتا ہے۔ جبکہ موسم سرما میں عافیت' خوشی اور غموں کے ختم ہونے پر اس کی دلالت ہوتی ہے۔

## فرو (پوستین)

(۱) خواب میں سردیوں کے زمانے میں پوستین پہننا' پہننے والے کے لئے خیر کا حصول اور محتاجی سے دور رہنے پر دلالت کرتا ہے' اس لئے کہ سردی کی تعبیر محتاجی ہے۔ (۲) موسم سرما میں خواب میں کھال کی پوستین پہننا پہننے والے کو غم اور پریشانی میں خیر حاصل ہونے کی علامت ہے۔ (۳) ''سمور'' اور سنجاب'' نامی جانوروں کی پوستین ظالم و غاصب آدمی کی علامت ہے۔ (۴) لومڑی کی کھال مکار اور فریب کرنے والے آدمی پر دلالت کرتی ہے۔ (۵) چیتے کی کھال کی پوستین ظالم و غاصب آدمی پر دلالت کرتا ہے۔ بکری کی پوستین قوی فرمانبردار اور شریف آدمی کی دلیل ہے۔ بعض حضرات کے نزدیک ''سمور'' نامی جانور کی پوستین سرداری' خباثت' قلت دین اور دشمنوں کے ظہور پر دلالت کرتی ہے۔ (۶) ''سنجاب'' نامی جانور کی پوستین عزت' فخر' مرتبہ اور بغیر دین کے زینت کی دلیل ہے۔ (۷) اگر کوئی خود کو الٹی پوستین پہنے دیکھے تو یہ اسراف کے ساتھ بامقصد مال خرچ کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۸) اگر کوئی خواب میں خود کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پوستین یا کھردرا کپڑا درست کرتا دیکھے تو اس میں اشارہ ہے کہ اسے خلافِ توقع ناپسندیدگی کا سامنا کرنا ہوگا۔
(۹) خواب میں درندے کی پوستین کی تعبیر ''سمور'' لومڑی۔ ''سنجاب'' جانوروں کی پوستین کی تعبیر کی طرح ہے جو ظالم لوگوں پر دال ہوتی ہے۔ بعض اہلِ تعبیر کے نزدیک مذکورہ پوستین سرداری پر دلالت کرتا ہے۔

## فصاد (فصد لگانے والا)

(۱) فصد لگانے والے آدمی کی تعبیر باتوں پر طعنہ دینے والا آدمی ہوتا ہے۔ (۲) اگر کسی نے چوڑائی میں پچھنا لگوایا جس سے رگ کٹ گئی تو اس میں اشارہ ہے کہ وہ طعنہ دیگا' نیز قطع تعلق کرنے کے ساتھ ساتھ دشمنوں سے بھی ملیگا۔ (۳) اگر لمبائی میں رگ کو کھلوایا تو وہ خوبصورت کلام سے لوگوں میں جوڑ پیدا کریگا۔

## فخاری (ٹھیکری بیچنے والا کمہار)

ٹھیکری بیچنے والے کمہار کی تعبیر برتن ٹھیک کرنے والا آدمی ہوتا ہے۔ خواب میں ٹھیکری بیچنے والے کمہار کو دیکھنا نسب' مال اور جمال کی وجہ سے فخر کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## فلکی (کشتی ساز)

اس کی تعبیر باندیوں اور عام عورتوں کی دلالی کرنے والا آدمی ہے۔

## فلاس (منی چینجر)

خواب میں صراف جبکہ اچھی حالت میں ہو تو اس میں دلالت ہے کہ مال کمائیگا۔ اور اگر صراف بری حالت میں ہو تو مال کی کمی کی طرف اشارہ ہے۔ اگر خواب میں کسی کو ''اے فلاس'' کے ساتھ پکارا گیا تو اچھی حالت میں ہونے کی صورت میں پیسے حاصل ہونے پر دلالت ہے' اچھی حالت نہ ہونے کی صورت میں مال کی کمی کی طرف' یا فحش گوئی کرنے والی زبان کی طرف یا مردانگی میں کمی پر دلالت کرتا ہے۔ اس لئے کہ فلس خرید وفروخت کیئے جانے والی چیزوں میں سب سے گھٹیا چیز ہے۔

## فلس (پیسہ)

(۱) خواب میں پیسہ ریاء اور جھگڑے کے ساتھ ہونے والے کلام پر دال ہوتا ہے۔ (۲) خواب میں کسی کا خود کو درہم نگلتے ہوئے اور پیسہ نکالتے ہوئے دیکھنا اس کے زندیق ہونے کی دلیل ہے۔ (۳) خواب میں پیسے ردی' شور اور شر والے کلام پر دلالت کرتے ہیں۔ (۴) اگر فلوس فاقہ کی حالت میں دیکھے تو یہ ضرورت کے پوری ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۵) خواب میں کسی نے ایسا پیسہ دیکھا جس پر اللہ کا نام لکھا ہوا تھا تو اس میں دلالت ہے کہ گیت اور قرآن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے بدلے شعر کے استعمال کرنے کی اس کے لئے رخصت ہوگی۔(۶) خواب میں کسی نے منہ سے دینار نگل کر دبر سے پیسہ نکالا تو اس میں اسلام لانے کے بعد کفر اختیار کرنے پر دلالت کرتا ہے۔اس لئے کہ دینار سے دین کی طرف اور پیسہ سے ملاوٹ اور کفر کی طرف اشارہ ہے۔(۷) خواب میں پیسوں کا حاصل ہونا مشقت اور اکتاہٹ پر دلالت کرتا ہے۔(۸) خواب میں پیسے پریشانی، تنگی اور ایسی بات پر جس کے وجہ سے غم کا سامنا ہو دلالت کرتے ہیں۔

## فضة (چاندی)

(۱) خواب میں چاندی جمع شدہ مال پر دلالت کرتی ہے۔(۲) چاندی کا پگھلایا ہوا ٹکڑا خوبصورت سفید باندی کی علامت ہے۔ اس لئے کہ چاندی عورتوں کے زیورات میں سے ہے۔(۳) اگر خود کو کوئی کان سے چاندی کا ٹکڑا نکالتے دیکھے تو وہ خوبصورت عورت کے ساتھ مکر کریگا۔(۴) اگر چاندی کی کان سے نکالی ہوئی چاندی زیادہ تھی تو وہ خزانہ حاصل کریگا۔(۵) خواب میں کسی نے خود کو چاندی پگھلاتے دیکھا تو وہ کسی عورت سے جھگڑا کریگا اور لوگوں کی زبان کے زد میں آئیگا۔(۶) چاندی سے معمول کے مطابق بنائے جانے والے برتن یا زیورات خواب میں ملنا اپنے پاس امانت رکھے جانے پر دلالت کرتا ہے۔ یہی تعبیر خواب میں چاندی کا شیشہ دیکھنے اس میں اپنا چہرہ نہ دیکھنے کی ہے۔(۷) لیکن اگر شیشہ میں دیکھا بھی تو پھر دلالت ہے کہ اسے لوگوں کی طرف سے ناپسندیدگی کا سامنا کرنا پڑے گا۔(۸) خواب میں چاندی کے آئینے میں دیکھنا بھلائی کی طرف اشارہ نہیں ہوتا۔(۹) خواب میں کسی نے خود کو چاندی کی غار میں داخل دیکھا اور وہاں سے چاندی بھی حاصل کی تو اس میں دلالت ہے کہ اس کی بیوی اس کے ساتھ اپنے معاملے میں یا غیر کے معاملے میں سازش کریگی۔خواب میں سونے چاندی کے لوٹے، بڑے پیالے اور عام پیالے اجر پر دلالت کرتے ہیں۔ یا ان اعمال صالحہ کی طرف اشارہ ہوتا ہے جو دخول جنت کا ذریعہ ہیں۔
فرمان خداوندی ہے ﴿ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِنْ ذَهَبٍ وَّ اَكْوَابٍ﴾ ''لئے پھریں گے ان کے پاس رکابیاں سونے کی اور آبخورے'' وقال تعالیٰ ﴿ وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ بِاٰنِيَةٍ مظن فِضَّةٍ﴾ ''اور لوگ لیئے پھرتے ہیں ان کے پاس برتن چاندی کے'' وقال تعالیٰ ﴿ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُخَلَّدُوْنَ بِاَكْوَابٍ وَّاَبَارِيْقَ وَكَاْسٍ مِنْ مَّعِيْنٍ﴾ ''اور لیئے پھریں گے ان کے پاس لڑکے سدا رہنے والے آبخورے اور کوزے اور پیالہ صاف شراب کے''
(۱۰) خواب میں خوبصورت برتنوں کو حقیر برتنوں کے ساتھ دیکھنا فساد، بدعت اور اس شبہہ پر دلالت ہے کہ جسکو دیکھنے والا اس میں مبتلا ہو جائیگا۔تلوار، زین اور نیزے کی اطراف کو مزین کرنا دشمنوں کے بھاگنے اور حاسدوں کے ذلیل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۱) اگر خواب میں خود کو چاندی کے کسی برتن کی صورت میں دیکھے یا ڈھالی ہوئی چاندی یا نامعلوم درہموں کو برتن میں ڈالے ہوئے دیکھے تو اس میں دلالت ہے کہ وہ عنقریب کسی بات کو چھپائیگا۔ یا مال یا سامان کو امانت رکھے گا۔اس کو چاہیئے کہ اللہ پاک سے ڈرے اور امانت ادا کرے۔اگر خواب میں کسی کو چاندی دیتے ہوئے دیکھے تو اس میں دلالت ہے کہ صاحب خواب اس کے پاس راز یا مال امانت رکھے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## فیروزج (ایک قسم کا قیمتی پتھر)

خواب میں فیروزہ پتھر مدد، نصرت، نصیبہ اور لمبی عمر پر دلالت کرتا ہے۔ اگر کوئی عورت اپنے ہاتھ میں فیروزہ پتھر کے دستے والی چھری دیکھے تو وہ بچہ جنے گی جس کی عمر طویل ہوگی۔

## فراش (بستر بنانے والا)

فراش کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر وہ آدمی ہے جو عورتوں کے امورِ زینت وغیرہ انجام دیگا بستر نرمی پر بھی دال ہوتا ہے۔

## فراش (بستر)

(۱) خواب میں بستر عورت پر لالت کرتا ہے۔ (۲) خواب میں اپنا بستر بیچنا اپنی بیوی کو طلاق دینا ہے اور اگر بیوی بیمار تھی تو وہ فوت ہو جائیگی۔ (۳) اگر کوئی اپنے بستر پر کتے یا خنزیر کو دیکھے تو اس میں دلالت ہے کہ فاسق آدمی اسکی بیوی کے معاملے میں خیانت کریگا۔ (۴) بستر باندی اور راحت پر بھی دلالت کرتا ہے۔ بستر کا نرم ہونا عورت کے اپنے شوہر کی مطیع اور فرمانبردار ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۵) بستر کا وسیع ہونا عورت کے اچھے اخلاق، بستر کا نیا ہونا عورت کی جوانی اور بستر کا نرم ہونا عورت کے باکرہ ہونیکی دلیل ہے۔ (۶) خواب میں بالوں یا اون یا روئی کا بستر خوشحال عورت پر دلالت کرتا ہے۔ (۷) ریشم کے بستر کی تعبیر مجوسی عورت ہے۔ (۸) سفید بستر دین اختیار کرنے والی عورت کی علامت ہے۔ (۹) کالے بستر سے اشارہ ہوتا ہے کہ صاحب خواب کی بیوی ایسا کام کریگی جس میں اللہ کی رضا نہ ہوگی۔ (۱۰) سبز رنگ کا بستر دین دار، عابدہ، زاہدہ، اور اپنی حفاظت کرنے والی عورت پر دلالت کرتا ہے۔ خواب میں بستر رازوں کی حفاظت پر بھی دال ہوتا ہے۔ ایسے ہی خادم کی طرف سے حاصل ہونے والے عطر پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۱۱) خود کو بستر خریدتے دیکھنا کسی عورت کے ساتھ شادی کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۲) اگر بستر نیا تھا تو بیوی بھی خوبصورت ہوگی۔ (۱۳) اگر بستر پھٹا ہوا تھا تو یہ فاسد غیر صالح اور غیر دیندار عورت کی علامت ہوگی۔ (۱۴) اگر بستر کو اس کی جگہ سے تبدیل کرتا دیکھے تو اس میں اپنی بیوی کو طلاق دینے کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۵) اگر خود کو ایسے بستر پر دیکھے جس پر نیند نہیں آرہی تو اس میں دلالت ہے کہ یہ کسی عورت سے جماع کا ارادہ کریگا تاہم اس میں کامیاب نہ ہوگا۔ اور ہوسکتا ہے کہ یہ ناکامی نامرد ہونے کی وجہ سے ہو۔ (۱۶) اپنے بستر کو پھاڑنا دلیل ہے کہ وہ کسی عورت کے ساتھ زنا کریگا۔ (۱۷) اپنا بستر بادشاہ کے دروازے پر دیکھنا علامت ہے کہ صاحب خواب کو بڑی ولایت حاصل ہوگی۔ (۱۸) نامعلوم جگہ میں نامعلوم بستر دیکھنا دلیل ہے بستر کی وسعت کے بقدر زمین حاصل ہوگی۔ بستر لڑکے پر بھی دلالت کرتا ہے جناب رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے کہ (الولد للفراش) الحدیث ''لڑکا بستر والے کے لئے ہے'' (۱۹) خواب میں اپنے بستر میں درستگی یا فساد، یا زیادتی یا کمی دیکھنے کی تعبیر اپنی بیوی کو چھوڑ کر دوسری عورت سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شادی کرنے کی دلیل ہے۔(۲۰) اپنے بستر کے ساتھ دوسرا بستر دیکھنا دوسری عورت سے شادی کرنے پر دلالت کرتا ہے۔(۲۱) اپنا بستر اگر کوئی اپنی جگہ سے ہٹا ہوا دیکھے تو اس میں دلالت ہے کہ اس کی بیوی اپنے حال میں تغیر پیدا کر یگی اور دوسری جگہ چلی جائیگی۔ پہلی اور دوسری جگہ میں اتنا فاصلہ ہوگا جتنا کہ دونوں بستروں میں۔(۲۲) بستر ایک جگہ سے دوسری جگہ تبدیل کرتے دیکھے تو اس میں اس کی بیوی کے بھاگنے پر دلالت ہے۔(۲۳) اگر کوئی دیکھے کہ اسنے اپنا بستر لپیٹ کر ایک کونے میں رکھ دیا تو اس کی بیوی اس سے غائب ہو جائیگی یا وہ اپنی بیوی سے غائب ہو جائیگا۔ یا وہ بیوی سے ایک طرف ہو جائیگا یا اس کے مشابہ کوئی دوسری تعبیر ہوگی' خواب میں کوئی ایسی حالت جو مکر پر دلالت کرے' دال ہوتی ہے میاں بیوی میں طلاق واقع ہونے پر' یا دونوں میں سے کسی ایک کی موت پر۔(۲۴) خواب میں کوئی خود کو معلوم یا نامعلوم بستر پر بیٹھا دیکھے وہ بستر لوہے' وغیرہ کی چارپائی پر ہو تو صاحب خواب لوگوں کے معاملے میں بادشاہ کے پاس جائیگا۔(۲۵) خواب میں کوئی خود کو بستر پر سویا دیکھے تو وہ اپنے دین سے غافل ہونے کے ساتھ خوف سے امن میں ہوگا' اس لئے نیند غفلت پر دال ہوتی ہے۔

## فراش (پروانہ)

پروانے کو خواب میں دیکھنا جہالت اور بادشاہوں کی خدمت اور سیاست میں ناتجربہ کاری پر دلالت کرتا ہے۔ بسا اوقات اسے دیکھنا محبت اور نفس کو ہلاکت میں ڈالنے کی طرف مشیر ہوتا ہے۔ پروانہ دیکھنا جہنمی یا خوف اور ڈرنے پر دلالت کرتا ہے۔ فرمان خداوندی ہے ﴿يَوْمَ يَكُونُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوثِ﴾ ''جس دن ہوئے لوگ جیسے پروانے بکھرے ہوئے'' فراش کا خواب میں دیکھنا کمزور' ذلیل دشمن اور برے کلام پر دلالت کرتا ہے۔ کامیابی حاصل کرنے والوں کے لئے خواب میں پروانہ بہادری و سختی جبکہ شریروں کے لئے بری عورتوں کی موافقت کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ ریشم کے کیڑے بھلائی پھیلانے اور برائی سے رکنے والے بہترین لوگوں پر دلالت کرتے ہیں' یا ان کی دلالت کم عمر اولاد پر ہوتی ہے' یا اچھے طریقہ چھوڑنے والوں پر ہوتی ہے۔ جبکہ بسا اوقات موت کے قریب اور کام کی انتہاء پر بھی دلالت ہوتی ہے۔ اسی طرح کپڑے وغیرہ بننے والے مردوں اور عورت پر بھی اس کی دلالت ہوتی ہے۔

## فاختہ

فاختہ کی دلالت جھوٹے لڑکے پر ہوتی ہے۔ بعض حضرات کے نزدیک فاختہ محبت نہ کرنے والی' غیر صالح' جھوٹی' زبان دراز' بکواس کرنے والی اور دین میں ناقص عورت پر دلالت کرتی ہے۔ فاختہ گھر کے مالک پر یا آداب نفسانیہ اور ناز و انداز رکھنے والی عورت پر دلالت کرتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## فیل (ہاتھی)

(۱) اگر کوئی شخص ہاتھی پر سوار ہوا یا اس کا مالک بنایا اسکو اپنی چاہت کے مطابق چلایا تو وہ بادشاہ کا قرب حاصل کرے گا' اور بڑا مرتبہ پائے گا' اور عزت و رفعت کے ساتھ لمبی زندگی بسر کرے گا۔ (۲) اگر ایسی کوئی چیز اس کو چیر پھاڑ ڈالے تو بادشاہ کی طرف سے اس پر آفت نازل ہوگی۔ اگر صاحب خواب مریض ہے تو مر جائے گا۔ (۳) اگر کسی نے دن کے وقت ہاتھی پر سواری کی تو وہ اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے گا۔ اور یہ خواب کبھی کبھار غداری اور مکر پر بھی دلالت کرتا ہے لیکن اسکا مکر اور غداری کرنا اس کے خلاف ہوگا۔ جیسا کہ اللہ تعالی کا قول ﴿اَلَمۡ تَرَ کَیۡفَ فَعَلَ رَبُّکَ بِاَصۡحٰبِ الۡفِیۡلِ﴾ الی آخر السورۃ) ''کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا معاملہ کیا'' ہاتھی کی تعبیر ملعون آدمی بھی ہے۔ (۴) اگر کوئی شخص رات کے وقت ہاتھی پر اپنے آلات سمیت سوار ہوا اور ہاتھی اسکا مطیع اور تابعدار ہو تو وہ اگر بادشاہت کی صلاحیت رکھتا ہے تو موٹے اور حریص بادشاہ پر غلبہ حاصل کرے گا۔ اگر بادشاہ بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا تو اسکو جنگ درپیش ہوگی جس میں وہ کامیاب نہیں ہوگا۔ اس لئے کہ اس کا سوار ہمیشہ فریب میں ہوتا ہے۔ اگر وہ زین کے ساتھ اسپر سوار ہوا ہے اور ہاتھی اسکا مطیع ہے تو یہ ایک عجمی موٹے آدمی کی بیٹی سے شادی کرے گا اگر صاحب خواب تاجر ہے تو اسکی تجارت بڑھیگی۔ (۵) اگر کسی نے خواب میں بہت سے ہاتھیوں کو بلایا تو وہ عجمی بادشاہوں پر حملہ کریگا اور وہ ہاتھیوں کی تابعداری کے بقدر اس کے تابع ہونگے۔ (۶) اگر کسی نے خواب میں ہاتھی کو کھینچ لیا تو وہ ایک موٹے بادشاہ کو فریب دے کر اسکا حلال مال اس کے سامنے حاصل کرے گا۔ (۷) اسی طرح اگر ہاتھی کے سونڈ سے کچھ حصہ لے لیا تو اسکو حلال مال حاصل ہوگا۔ بعض نے کہا ہے کہ ہاتھی خواب میں دیکھنا زیادہ نعمتوں والا' سخی' کرم والا' صبر والا' خاطر مدارت کرنے والا' نرم بادشاہ دیکھنا ہے۔ (۸) اگر کسی نے اسے سونڈ مارا تو فخر اور نعمت پائے گا اور اگر اس پر سواری کی تو وزارت اور ولایت اسکو نصیب ہوگی۔ (۹) اگر ہاتھی کا گوبر لے لیا تو وہ بقدر گوبر مال سے بے پرواہ ہو جائے گا۔ ہاتھی خواب میں دیکھنا نیک قدموں اور علماء اور اشراف الناس دیکھنے پر دلالت کرتا ہے۔ کبھی ہاتھی دیکھنا شدائد اور زیادہ مشقت اور تھکن میں مبتلا ہو کر پھر ان سختیوں سے نجات پانے کی علامت ہے۔ اس لئے کہ ہاتھی سخت مشقت سے بچہ جنتی ہے۔ (۱۰) اگر کسی نے خواب میں ہاتھی دیکھا مگر اسپر سواری نہیں کی تو وہ اپنے جان اور مال میں نقصان اور خسارہ اٹھائے گا۔ (۱۱) اگر اس نے دیکھا کہ اس نے سواری بھی کی تو وہ حکمران ہوگا۔ (۱۲) اگر ہاتھی کو کسی شہر یا ملک میں قتل کیا ہو یا تو اس ملک کا بادشاہ مرے گا یا جو لوگوں میں شریف مشہور رہا ایسا شخص قتل ہوگا۔ (۱۳) اگر کسی نے دیکھا کہ ہاتھی اسکو دھمکا رہا ہے یا اسکو واپس کر رہا ہے تو یہ اسکی بیماری پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۴) اگر اس نے ہاتھی کو دیکھا کہ اس نے اس شخص کو اپنے نیچے ڈالا ہوا اور خود اس کے اوپر ہے تو یہ صاحب خواب کی موت کی دلیل ہے۔ اگر اسکو نیچے نہیں ڈالا تو یہ سختی پر دلالت کرتا ہے جسکی طرف یہ آدمی جاتا ہے اور پھر اس سختی سے نجات پائے گا۔ (۱۵) اگر کوئی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عورت خواب میں ہاتھی دیکھے تو کسی بھی حالت میں یہ خیر کی دلیل نہیں ہے۔(۱۶) اگر کسی نے خواب میں ہاتھی سے باتیں کی تو یہ بادشاہ سے بہت بھلائی حاصل کرے گا۔(۱۷) اگر ہاتھی چلنے میں اسکی اتباع کرے تو بادشاہ کی جانب سے نقصان و مضرت پائے گا۔(۱۸) اگر کسی کو خواب میں ہاتھی نے پکڑ لیا تو اس کے دشمن کی طرف سے اسکو ضرر پہنچے گا۔(۱۹) اگر کسی عورت نے خواب میں ہاتھی پر سواری کی تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے۔اور کبھی ہاتھیوں کی تعبیر سالوں سے بھی کی جاتی ہے۔

(۲۰) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ میدانِ جنگ میں ہاتھی پر سوار ہے تو وہ ہلاک ہو جائے گا۔(۲۱) اگر کسی نے خواب میں ہاتھی کا گوشت کھایا تو بادشاہ سے مال حاصل کرے گا۔(۲۲) یہی تعبیر ہے اگر اسکے اعضاء میں سے یا اسکی کھال میں سے یا اسکی ہڈیوں میں سے کچھ لے لیا' صلاحیت والوں اور پرہیز گاروں کیلئے اس میں بھلائی نہیں ہے لیکن دنیا داروں کے لئے عجمی بادشاہ کے تعلق پر دلالت کرتا ہے۔(۲۳) جس شہر میں طاعون ہو اور ہاتھی کو اس شہر سے باہر دیکھے تو طاعون ختم ہونے کی دلیل ہے۔(۲۴) اگر کسی نے خواب میں ہاتھی کو مارا تو وہ عجمی بادشاہ پر غلبہ حاصل کرے گا۔(۲۵) اگر کسی نے خواب میں ایسی قوموں کو دیکھا جو جنگ میں ہاتھیوں پر سوار ہیں اور انکو اپنی منشا کے مطابق چلا رہی ہیں تو وہ مغلوب ہو جائیں گی۔کبھی خواب میں ہاتھی دیکھنا ظلم اور جھوٹ پر دلالت کرتا ہے اور کبھی اسکی تعبیر عجمی بیوی ملنے سے کی جاتی ہے یہ اس وقت ہے جب کہ اس پر سوار ہونے کے طریقے پر سوار نہ ہوا اور نہ یہ حالتِ جنگ میں ہو۔(۲۶) اگر کسی نے دیکھا کہ ایک ہاتھی ایک شہر سے دوسرے شہر کی طرف جا رہا ہے تو یہ بادشاہ کا ایک ملک سے دوسرے ملک کی طرف حرکت کرنا ہے

## فیل الشطرنج (شطرنج کا مہرہ)

خواب میں اسکی رویت کھیل کود اور اپاہج ہونے پر دلالت کرتی ہے اور جو اسکی حرکت کا متمنی ہو ضرورت کے وقت حرکت نہ کر سکنے پر بھی دلالت کرتی ہے۔

## فرزان الشطرنج (مہرہ)

خواب میں اسکی رویت منصب جلیل پر دلالت کرتی ہے۔

## فرس الشطرنج

خواب میں اسکی رویت مال سے ہاتھ دھونے کی دلیل ہے۔اور کبھی اسکی دلالت قبضہ کرنے کے لئے حیلہ کرنے پر ہوتی ہے۔اور مریض کے لئے نزع اور موت پر دلالت کرتی ہے۔

## فرس (گھوڑا)

اس کے بارے میں مفصل گفتگو حرف خاء کے بحث ''خیل'' کے تحت گذر چکی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## فصیل (گائے کا بچہ، بچھڑا)

(۱) خواب میں گائے کا بچہ دیکھنا شریف لڑکے کی دلیل ہے۔ (۲) اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ اس کے پاس گائے کا بچہ ہے تو اسکے ہاں لڑکا پیدا ہوگا۔ بعض نے کہا کہ اگر وہ بچھڑا یا کسی بھی جانور کی اولاد اسکو چھوئے تو یہ غم اور حزن میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

## فہد (چیتا)

خواب میں چیتا دیکھنا عزت اور رفعت کی دلیل ہے باوجود غصہ اور جھگڑے کے۔ خواب میں چیتا دیکھنا ایسے دشمن کی دلیل ہے جو مذبذب ہو اور نہ دشمنی کو ظاہر کر سکتا ہو نہ سچائی کو۔ اور اگر کسی نے اسکے ساتھ لڑائی کی مذکورہ صفات سے متصف انسان کے ساتھ لڑائی کرے گا۔ اس طرح کسی کے پاس خواب میں چیتا ہو اور اس کے ذریعہ شکار کر رہا ہو تو یہ رزق اور عزت ہے۔

## فارۃ (چوہا)

(۱) خواب میں چوہا دیکھنا فاسقہ عورت ہے، بعض نے کہا ہے خواب میں چوہا دیکھنا نوحہ کرنے والی ملعون یہودیہ عورت ہے، یا پھر یہودی مرد ہے یا نقب لگانے والے چور کی دلیل ہے۔ (۲) خواب میں بہت سے چوہے دیکھنا رزق پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) اگر کسی نے دیکھا کہ چوہا اس کے گھر میں کھیل رہا ہے تو اسکے رزق میں اضافہ ہوگا اس لئے کہ چوہا اس گھر میں ہوتا ہے جہاں رزق ہو۔ (۴) اگر کسی نے اپنے گھر سے چوہا نکالا تو اسکی برکت اور نعمت کم ہوگی۔ (۵) اگر کوئی چوہے کا مالک ہوا تو وہ خادم کا مالک ہوگا اس لئے چوہا وہ چیز کھاتا ہے جو انسان کھاتا ہے اسی طرح خادم بھی وہی کھاتا ہے جو آقا کھاتا ہے۔ (۶) اگر کسی نے دیکھا کہ چوہا اس کے گھر میں کھیل رہا ہے تو وہ اس سال سر سبزی پائے گا اس لئے کہ کھیل پیٹ بھرنے کی حالت میں ہوتیا ہے۔ (۷) کالا اور سفید چوہا دیکھنا دن اور رات پر دلالت کرتا ہے۔ (۸) اگر کسی نے دن کو خواب دیکھا کہ چوہا صبح جاتا ہے شام کو آتا ہے تو یہ اسکی زندگی کی لمبی ہونے کی دلیل ہے۔

(۹) اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ چوہا نقب لگا رہا ہے تو یہ چور کی آمد کی دلیل ہے جو نقب لگائے گا اس سے بچنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ (۱۰) چوہیا کی تعبیر بدباطن عورت بھی ہوتی ہے۔ (۱۱) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے ان میں سے کچھ کو شکار کیا یا اس کا مالک بن گیا تو مذکورہ صفت والی عورت ملنے کی دلیل ہے۔ اور ایک الگ چوہے کی دلالت عورتوں پر ہوتی ہے۔ (۱۲) اگر کسی نے دیکھا کہ چوہا سفید اور کالے رنگ میں آجارہا ہے تو دلیل ہے صاحب خواب کی عمر لمبی ہوگی۔ سفیدی دن پر اور سیاہی رات پر دلالت کرتی ہے۔ بعض معبرین نے کہا ہے کہ چوہا اہل وعیال پر دلالت کرتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۔(۱۳)اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے چوہے کو مارا تو ذلیل ہے کہ بری عورت پر غلبہ پائے گا۔(۱۴)اگر کسی نے خواب میں چوہے کو تیر سے یا پتھر سے یا بندوق سے مارا تو دلیل ہے وہ کسی بری عورت کی غیبت کرے گا' یا اسکو خط لکھے گا۔(۱۵)اگر کسی نے خواب میں چوہے کو شکار کیا تو دلیل ہے کہ وہ کسی عورت کے ساتھ مکر کرے گا یا اسکے ساتھ ہم بستری کرے گا۔(۱۶)اگر کسی نے خواب میں بہت سے کالے اور سفید چوہے نیچی یا اونچی جھگوں میں یا کنویں میں دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی عمر میں کمی ہوگی۔اگر چوہا اسکی ناک یا ذکر سے نکلا ہے تو صاحب خواب کو بری بیٹی نصیب ہوگی جس میں بھلائی نہیں ہوگی۔(۱۷)اگر اسکی دبر سے نکلے تو وہ بری عورت سے خلاصی پائے گا۔(۱۸)اگر کسی نے خواب میں اپنے گھر کے اندر بہت سے چوہے دیکھے تو دلیل ہے کہ اسپر ایسی عورتیں داخل ہونگی جس میں بھلائی نہیں ہوگی۔(۱۹)اگر کسی نے خواب میں اپنے کپڑوں یا بستر پر چوہا دیکھا تو اسپر ایسی عورت داخل ہوگی جس میں بھلائی اور خیر نہیں ہوگی۔(۲۰)اگر کسی کو خواب میں چوہے کی کھال مل جائے تو اسکو بری عورت کی طرف سے کم مقدار میں مال ملے گا۔

## فرات (دریائے فرات)

(۱)اگر کسی نے خواب میں دریائے فرات سے پانی پیا تو اسکو اللہ تعالی کی طرف سے برکت اور نفع ملے گا۔(۲)اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ فرات کا پانی خشک ہوگیا ہے تو یہ خلیفہ کی موت اور اسکی مملکت کے ختم ہونے پر دلیل ہے' یا اسکے ہاتھوں وہ ہلاک ہوگا۔اور کبھی کبھار خلیفہ کے وزیر پر بھی دلالت کرتا ہے۔اگر کسی نے خواب میں فرات کا پانی پیا تو یہ اسکی کثرت عبادت اور کثرت نماز اور قناعت کی دلیل ہے۔

## فاس (کلہاڑی)

(۱)خواب میں کلہاڑی دیکھنے کی دلالت اعانت اور رزق پر ہوتی ہے۔کبھی سر کے درد کے زائل ہونے یا گردن میں پچھنا لگانے کی ضرورت پڑنے پر اس کی دلالت ہوتی ہے' اس لئے کہ فاس اس ہڈی کو بھی کہا جاتا ہے جو گردن میں ابھری ہوئی ہے۔اور کبھی کلہاڑی ایسے مریض پر دلالت کرتی ہے جو اپنے شکایات دور کرنے میں کھانے کا محتاج نہ ہو۔کلہاڑی کی تعبیر لڑکا بھی ہے۔(۲)اگر کسی نے خواب میں اپنے ہاتھ میں کلہاڑی دیکھی تو وہ وکیل یا وصی یا امانت دار ہوگا اپنا دین درست کرے گا اور اپنے دشمنوں پر غلبہ پائے گا۔بعض معبرین نے کہا ہے کہ کلہاڑی مضرت اور تفریق کی دلیل ہے۔اور خواب میں کلہاڑی خادم اور مرد کی قوت کی دلیل ہے۔اور کبھی کلہاڑی کی تعبیر نفع دینے والی چیز سے کی جاتی ہے اس لئے کہ کلہاڑی لوہے سے بنی ہوتی ہے۔بعض معبرین نے کہا ہے کہ کلہاڑی دیکھنا بیٹے کی دلیل ہے۔اور بعض نے کہا کہ کلہاڑی امانت اور دین میں قوت کی علامت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## فسطاط (اون کا خیمہ)

(۱) اگر کسی نے خواب میں اپنے اوپر خیمہ لگایا تو اسکو بادشاہت ملے گی اور اس کا کام پختہ ہوگا۔ (۲) اگر کسی نے اپنے پاس خیمے دیکھے تو وہ شہداء کی قبروں کی زیارت کرے گا اور ان کے لئے دعا کرے گا۔ کبھی اسکی دلالت صاحب خواب کی شہادت کی موت مرنے پر ہوتی ہے۔ (۳) اگر کسی نے جنگل یا میدان یا باغ میں خیمہ وغیرہ دیکھا تو دلیل ہے وہ اسی جگہ شہید ہوگا۔ خیمہ کی تعبیر بادشاہ بھی ہے۔ (۴) اگر خواب میں خیمہ لپیٹ دیا جائے تو بادشاہ کی ہلاکت کی دلیل ہے۔ اور اسکی عمر کی کمی کی علامت ہے۔ (۵) اگر کسی بادشاہ نے دیکھا کہ وہ خیمہ سے باہر نکلا تو اسکے بعض مملکت سے دست بردار ہونے کی دلیل ہے۔ (۶) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ بہت سے خیموں کا مالک ہوگیا یا ان میں سے کسی کے نیچے سایہ حاصل کیا تو ایسی نعمت ملنے کی دلیل ہے جسکا وہ شکر ادا نہیں کرسکتا۔ (۷) بہت سے مجہول سبز یا سفید رنگ کے خیموں اور شامیانوں کو یا گنبدوں کو دیکھنا عبادت کے ذریعہ نیکی حاصل کرنے یا شہادت کی موت مرنے کی دلیل ہے کبھی خیمہ بیت المقدس کی زیارت پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## فئی (سایہ)

خواب میں سایہ دیکھنا ایسا مال غنیمت ہے جو جلد آنے اور جانے والا ہو۔ اللہ تعالیٰ کا قول ہے ﴿ مَا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ ﴾ الاية "جو مال لوٹایا اللہ نے اپنے رسول پر بستیوں والوں سے" اس کے بارے میں تفصیلی کلام "ظاء" کے باب میں "ظل" کی بحث میں گذر چکا ہے۔

## فوطہ (ازار پہنا)

خواب میں ازار پہنا خادم پر دلالت کرتا ہے اور کبھی ازار حج اور احرام پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## فتی (نوجوان)

(۱) خواب میں نوجوان کو دیکھنا اچھے نصیب اور قبولیت اور دشمنوں پر مدد کی دلیل ہے۔ حضرت ابراھیم علیہ السلام کے قصہ پر قیاس کرتے ہوئے آپ نے بتوں کو توڑا انکو سزا دی اور ان کو جوڑوں سے جدا کیا اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿ قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًى يَّذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهٗۤ اِبْرٰهِيْمُ ﴾ "وہ بولے ہم نے سنا ہے ایک جوان بتوں کو کچھ کہا کرتا ہے اس کو کہتے ہیں ابراہیم" کبھی اسکی رویت باغیوں کے ساتھ دشمنی کرنے پر دلالت کرتی ہے اور ان پر فتح پانے کی بھی علامت ہے۔ اور کبھی بے ریش اور خوبصورت نوجوان کو دیکھنا اچھے معاملے کرنے کی دلیل ہے کبھی یہ رویت حوائج کے پورے ہونے پر دلالت کرتی ہے اس لئے کہ حدیث میں آیا ہے (استعینوا علی قضاء حوائجکم بالوجوہ الصباح) (۲) اگر کوئی شخص بے ریش نوجوان دیکھے تو اس کی زراعت اچھی ہوگی۔ (۳) کسی غیر مناسب مقام میں سبزہ دیکھنا داڑھی کو ناپسند کرنے کی علامت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے۔(۴) کسی نے خواب دیکھا کوئی بے ریش لڑکا اس کے ساتھ کھیل رہا ہے تو وہ سازش کا شکار ہوگا یا کسی ناجائز کام میں مبتلا ہوگا۔(۵) اگر دیکھے کہ وہ کسی بے ریش لڑکے سے کھیل رہا ہے یا اس کے ساتھ غلط کام کرنے کا خواہش کر رہا ہے تو کسی امرِ قبیح میں ملوث ہونے کا خطرہ ہے۔ یا نماز میں وضوء ٹوٹنے یا لڑکے کے حسن وقبیح کے بقدر خیر وشر میں واقع ہونے کی دلیل ہے۔

## فہاق (گردن کی ہڈی کا سر سے ملنا)

اس کی تعبیر غصہ ہونا ہے۔ خواب میں خود کو ایسا دیکھنا بیداری میں غصہ کرنے، غیر مناسب بات چیت کرنے یا سخت بیماری میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے، مریض کے لئے دلیلِ مرض اور غیر مریض کے لئے رزق کی علامت ہے۔

## فساء (بلا آواز ریح خارج کرنا)

(۱) خواب میں پھسکی مارنا، ہوا خارج کرنے، بری بات اور ذلت میں واقع ہونے کی علامت ہے۔(۲) اگر کسی نے خواب میں کسی غیر کی ریح کی بدبو سونگی تو اس کو غم درپیش ہوگا۔ اگر کسی نے خواب میں ریح خارج کی تو اسکو غم نصیب ہوگا۔ اگر یہ لوگوں کے درمیان ہو تو اسے اور جس جس نے بھی بدبو محسوس کی ہے اسے غم نصیب ہوگا۔(۳) اگر کوئی خواب میں نماز کے اندر بلا بدبو کے ہوا خارج کرے تو وہ حاجت مند ہے۔ اس حاجت کو پورا کرنے کے لئے پکارے گا اور بات کرے گا لیکن ذلت اٹھائے گا اور یہ معاملہ اسکے لئے مشکل ہوگا۔(۴) ہوا خارج کرنا راز کے افشاء ہونے اور باطن سے کینہ اور حسد کے ختم ہونے پر دلالت کرتا ہے اور مشقت کے بعد راحت ملنے پر دلالت کرتا ہے۔ اور قرض کے ادا کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ کبھی اسکی بو سونگنا سر میں درد اور نزلہ اور بے فائدہ خبروں پر دلالت کرتا ہے۔(۵) اگر کسی نے دیکھا کہ پاک ہونے کے بعد ہوا نکلی ہے اگر اس نے وعدہ کیا ہے تو وہ وعدہ خلاف ہوگا اور قسم میں حانث ہوگا۔ الا یہ کہ وہ دوبارہ پاکی حاصل کرے تو وہ وعدہ کی پاس داری کریگا یا اپنی قسم کا کفارہ ادا کرے گا۔(۶) اگر کسی نے بغیر پاکی کے ہوا خارج کی تو کلام کرنے کی دلیل ہے یا ایسا مال ہے جس میں خیر نہیں ہوگا۔(۷) اگر کسی نے اپنے گھر میں ریح خارج کی تو ان کے اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ بات جاری ہوگی۔ جب بھی اس سے بدبو آئے یہ دل کے برے ارادوں کی طرف نشاندھی ہے۔

## فسیقہ (حوض/فوارہ)

(۱) فوارہ کی تعبیر فسق وغیرہ سے بچاؤ کے ذرائع سے کی جاتی ہے اور کبھی اس کی دلالت خوبصورت عورت پر ہوتی ہے۔ اور اگر اس میں مال بھی ہو تو وہ عورت مالدار ہوگی، اور اس کے آس پاس املاک اور جائداد موجود ہوں تو وہ عورت مال، خدام اور اولاد والی ہوگی۔ اور کبھی اس کی دلالت ان افراد پر ہوتی ہے جن سے ضروریات کی تکمیل ہوتی ہے مثلاً گھر والے، خدام، مال، علم، عزت وغیرہ، اور اگر اس میں پانی موجود نہ ہو، تو اس کی دلالت فقیر، بے فائدہ، بانجھ عورت پر ہوتی ہے، اور کبھی حوض اور اس گھر والوں کی تکلیف پر دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب القاف

## قرآن کریم

(۱) خواب میں قرآن پاک تلاوت کرنا امر بالمعروف اور نہی عن المنکر' شرافت وسرور اور نصرت حق کی دلیل ہے۔
(۲) بعض معبرین نے کہا ہے کہ خواب میں قرآن کریم سمجھ کر کسی اور چیز کی تلاوت کرنا ایسے آدمی پر دلالت کرتا ہے جو حق کے بارے میں جھگڑتا ہے اور حق کا مدعی ہے اور امانت کو سپرد کرنے والا ہے۔ نیز خشوع وخضوع والا' امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنے والا ہے۔ (۳) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کو قرآن پاک میں سے کچھ حصہ یا حروف دئے گئے ہیں جو اسکے ہاتھ میں ہیں' اور وہ اسکو دل میں یاد کررہا ہے تو اگر ان آیتوں میں رحمت یا بشارت کا تذکرہ ہے تو اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ صاحب خواب کو فائدہ پہنچائے گا اگر یہ شخص ان پر عامل ہے۔ اور اگر وہ آیات وعید اور عذاب کے بارے میں ہیں تو یہ صاحب خواب کو ارتکاب گناہ کی سزا سے ڈرانا ہے۔ اور اگر وہ آیات پہلی امتوں کے قصے اور امثال ہیں تو یہ اسکے لئے نصیحت کی دلیل ہے۔ (۴) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ قرآن پاک تلاوت کررہا ہے اور ان کے معانی کو بھی جانتا ہے تو یہ اس کی عقلمندی کی دلیل ہے' کہ اللہ تعالیٰ اس کو مزید عقل ودانش عطاء فرمائیں گے۔ (۵) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ اس پر قرآن پڑھا جارہا ہے یا اسکو خیر اور حکمت کی تلقین کی جارہی ہے اور وہ ان کو قبول نہیں کررہا ہے تو اسکو بادشاہ کی طرف سے یا اللہ تعالیٰ کی طرف سے سزا دی جائے گی۔ اگر ان پڑھ آدمی خواب میں اپنے آپ کو قرآن پڑھتا دیکھے تو یہ اسکی موت کی دلیل ہے۔ (۶) اگر کوئی شخص خواب میں ننگا ہو کر قرآن پاک پڑھے تو یہ اسکی خواہشات کے پورا کرنے کی دلیل ہے۔ (۸) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ قرآن کو کھا رہا ہے تو قرآن کے ذریعہ مال کمانے کی دلیل ہے۔ (۹) اگر کسی نے دیکھا کہ انہوں نے قرآن پاک ختم کیا تو اسکو اللہ تعالیٰ کے ہاں زیادہ ثواب ملنے اور اسکی آرزو پوری ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۰) اگر کوئی شخص خواب میں مٹی کے برتن وغیرہ پر قرآن پاک کی آیت لکھ رہا ہے تو یہ اپنی رائے سے قرآنِ پاک کی تفسیر کرنے پر دلالت کرتا ہے۔
(۱۱) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ زمین پر قرآن پاک کی آیت لکھ رہا ہے تو یہ اسکے زندیق ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۲) بعض معبرین نے کہا ہے کہ قرآن پاک کی خواب میں تلاوت کرنا ضروریات پوری ہونے اور حالت درست ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۳) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ چادر پر قرآن پاک کی آیت لکھ رہا ہے تو وہ اپنی طرف سے قرآن کی تفسیر بیان کریگا۔ (۱۴) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے قرآن حفظ کیا تو یہ صاحب خواب کو بادشاہت ملنے کی دلیل ہے۔
(۱۵) اگر کسی نے دیکھا کہ لوگ ننگے ہو کر قرآن پڑھ رہے ہیں تو یہ انکے خواہشات پسند ہونے کی طرف اشارہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱۶) اگر کسی نے خواب میں قرآن پاک سنا تو یہ اس کی سلطنت کے مضبوط ہونے اور حسن خاتمہ کی اور مکر کرنے والوں کے مکر سے پناہ ملنے کی دلیل ہے۔(۱۷) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ خواب میں قرآن پاک کی تلاوت کر رہا ہے، جس مقام سے تلاوت کر رہا ہے اس کو پہچانتا ہو یا نہ پہچانتا ہو، تو اگر وہ مریض ہے تو منجانب اللہ اسکو شفاء ملے گی جیسا کہ اللہ تعالی کا فرمان ہے ﴿شفاء لما فی الصدور﴾ (۱۸) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ قرآن پاک کو زبان سے چاٹ رہا ہے تو یہ کے گناہ عظیم کے مرتکب ہونے کی دلیل ہے۔(۱۹) قرآن پاک کی تلاوت کرنا اعمال صالحہ اور بلند درجات کی دلیل ہے۔

## قراءت (قرآن پاک وغیرہ پڑھنا)

(۱) کسی نے خواب میں دیکھا کہ قرآن پاک پڑھ رہا ہے تو رفعت اور عزت حاصل کریگا۔ اگر گناہ گار ہے تو اللہ تعالی اس کے گناہ معاف فرمائیں گے اور اسکی توبہ قبول ہوگی، اگر فقیر ہے تو مالدار ہوگا اور مقروض ہے تو اسکے قرضہ کی ادائیگی کی کوئی صورت بنے گی۔ اگر وہ گواہ ہے تو حق کی گواہی دے گا یا امانت کو ادا کرے گا۔ (۲) اگر قرآن پاک اچھی آواز میں پڑھ رہا ہے تو عزت و رفعت اور اچھی شہرت حاصل کریگا۔(۳) اگر قرآن پاک کو تحریف کرتے ہوئے پڑھ رہا ہو تو کے حق سے پھر جانے اور وعدہ خلافی کرنے کی دلیل ہے۔(۴) اگر صاحب خواب یہ نہ سمجھے کہ کیا پڑھ رہا ہے تو جھوٹی گواہی دینے کی دلیل ہے۔ اور ایسے معاملہ میں گھسنے کی علامت ہے جس کا اس کو علم نہ ہو۔(۵) اگر لوگ اسکی قراءت سن لیں تو ایسا معاملہ اس کے سپرد ہوگا جس میں اس کی قرأت سننے کے بقدر اس کا حکم مانا جائے گا۔(۶) خواب میں ایسی سورتیں پڑھنا جو اکثر مُردوں پر پڑھی جاتی ہیں مریض کی موت کی دلیل ہے۔(۷) کسی مکان میں جمع ہو کر قوم کا قرآن پاک کی تلاوت کرنا اس جگہ معزز لوگوں کے اکٹھے ہونے کی دلیل ہے۔

(۸) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ خوب میں اپنا نامۂ اعمال پڑھ رہا ہے حالانکہ وہ بیداری میں اچھی طرح نہیں پڑھ سکتا تو دلیل ہے کہ اسے فقیری سے نجات ملے گی اور مالدار ہوگا اور جس چیز سے ڈرتا ہے اس سے اس کو امن ملے گا۔ یہ اس وقت ہے جبکہ صاحب خواب صحیح طریقہ سے پڑھ رہا ہو ورنہ غم و تنگ دستی اور مقروض ہونے کی دلیل ہے۔(۹) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے نامۂ اعمال کا سرورق کو پڑھا یا کوئی دنیاوی کتاب پڑھی تو اس کو وراثت ملے گی، اور اگر اس صحیفہ کے ظاہر کو پڑھے تو مقروض ہونے کی دلیل ہے۔(۱۰) اگر کسی نے دیکھا کہ خواب میں کوئی کتاب پڑھ رہا ہے تو میراث ملنے کی دلیل ہے اور اگر وہ پڑھنے میں ماہر ہے تو اس کو والایت ملے گی۔(۱۱) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ اپنی کتاب کو پڑھ رہا ہے تو کے اپنے گناہوں سے توبہ کرنے اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے کی دلیل ہے۔(۱۲) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ غیر عربی کتاب بڑے فصیح انداز میں پڑھ رہا ہے تو وہ ملک عجم کی طرف سے سفر کریگا اور کسی جگہ جا کر ایسا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کام کرے گا جس سے وہ مشہور ہوگا۔ اگر اس عجمی کتاب کو وہ اچھی طرح سے نہیں پڑھ رہا تو دلیل ہے کہ وہ ملک عجم سے نجات حاصل کرے گا' یا مریض ہوگا۔ یا اگر وہ مریض ہے تو وہ صحت یاب ہوگا

## قاری (پڑھنے والا)

(۱) جو شخص کسی کی نصیحت قبول نہیں کرتا اس کا خواب میں مقبرہ میں کسی کو قرآن پڑھتا دیکھنا نصیحت' امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ اہم مجالس میں پڑھنے والے کو دیکھنا اس کے لئے عزت و رفعت اور اچھی شہرت کی دلیل ہے۔ اور جنازوں پر پڑھنے والے کی دلالت احسان جتلانے والے ریا کار شخص پر ہوتی ہے' اور کتاب دیکھ کر پڑھنے والے کی دلالت امراض اور وساوس میں مبتلا شخص پر ہوتی ہے۔

## قنوت (اطاعت کرنا)

(۱) خواب میں اطاعت کرنا سوال کی قبولیت' ہدایت' رزق اور اکابر علماء کے نزدیک تعریف و ثنا کی دلیل ہے۔
(۲) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ اطاعت کر رہا ہے تو صاحب خواب کے فرماں بردار ہونے کی دلیل ہے۔

## قابیل (ابن آدم)

(۱) اگر کسی نے خواب میں قابیل کو دیکھا تو وہ سرکشی کریگا' اور ناحق قتل کریگا۔ جیسا کہ اللہ تعالی کا قول ہے ﴿فطوعت له نفسه قتل اخيه فقتله فاصبح من الخاسرين﴾ (۲) اسی طرح قابیل کو دیکھنا اپنے کیے ہوئے پر نادم ہونے کی دلیل ہے جیسا کہ اللہ تعالی کا قول ہے ﴿فاصبح من النادمين﴾ ''پس ہو گیا پشیمانوں میں سے''

## قیامت (قیامت قائم ہونا)

(۱) خواب میں قیامت قائم ہونا صاحب خواب کو ان گناہوں سے ڈراتا ہے جس کا وہ مرتکب ہے۔ (۲) خواب میں قیامت قائم ہونا' عدل وانصاف پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۳) اگر کسی نے دیکھا کہ قیامت صرف اس پر قائم ہوئی تو اسکی موت کی دلیل ہے۔ (۴) اگر کسی نے دیکھا کہ قیامت قائم ہوئی ہے اور وہ اس میں کھڑا ہے تو یہ صاحب خواب کے سفر پر جانے کی دلیل ہے۔ (۵) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کو اور اسکی بیوی کو دونوں کو قیامت میں جمع کیا گیا ہے تو یہ صاحب خواب کے ظالم ہونے کی دلیل ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالی کا قول ہے ﴿احشروا الذين ظلموا وازواجهم﴾ ''ظالموں اور ان کے ازواج کو جمع کرو'' (۶) لڑنے والی جماعتوں میں سے کسی ایک شخص نے خواب دیکھا کہ قیامت قائم ہو چکی ہے تو دلیل ہے کہ اللہ کی مدد سے فرقۂ ظالم ہلاک ہو جائیگا۔ (۷) قیامت' شریف عورت یا مرد اور بہت زیادہ فائدہ پہنچانے والے پر بھی دلالت کرتی ہے۔ (۸) خواب میں صور پھونکنا نیک لوگوں کے لئے نجات کی دلیل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے۔(۹) اگر کسی نے دیکھا کہ ایک مکان یا ایک ملک یا ایک گاؤں میں قیامت قائم ہوگئی ہے۔ یا سورج مغرب سے طلوع ہوا ہے' یا دیگر علامت قیامت ظاہر ہو چکی ہیں اور ہر ایک کو سزا و جزا کے لئے اکٹھا کیا جا چکا ہے تو اچھے عمل والے کیلئے آسانی اور نیک عمل میں اضافہ کی دلیل ہے اور گناہ گار آدمی کے لئے وعید ہے تا کہ وہ توبہ کر لے۔(۱۰) اگر کسی نے خواب میں قیامت قائم ہوتی دیکھی تو علامات قیامت میں سے کچھ علامات کے ظاہر ہونے پر دلالت ہے۔ مثلاً خون بہانا' فتنہ فساد اور منکرات کا ظہور وغیرہ۔(۱۱) خواب میں قیامت قائم ہونا بڑی علامت کے ظہور اور کثرتِ وقوع کی دلیل ہے۔ جیسا کہ حدیث میں آیا ہے۔ دنیا میں یا تو وہی ظاہر ہوگا جو خواب میں دکھائی دیا ہے یا اسکی مثل ظاہر ہوگی۔ ورنہ یہ خواب صاحب خواب کے لئے نصیحت کی دلیل ہے۔(۱۲) اگر کسی نے دیکھا کہ قبریں پھٹ رہی ہیں اور لوگ قبروں سے نکل رہے ہیں تو دلیل ہے کہ اس علاقہ میں عدل پھیلے گا۔(۱۳) اگر کسی نے دیکھا کہ قیامت قائم ہو چکی ہے' نیز اس نے ان احوال کو بھی دیکھا پھر اچانک وہ حالت دنیا کی زندگی میں بدل گئی تو دلیل ہے کہ ایسی قوم سے عدل کے بعد ظلم کا وقوع ہوگا جس سے ظلم کی توقع نہیں ہوگی' بعض معبرین نے کہا ہے کہ یہ صاحب خواب کے محال چیز کا طالب ہونے کی دلیل ہے۔ یا مرتکب معصیت ہونے اور توبہ کا متلاشی ہونے یا جھوٹ پر اصرار کرنے کی دلیل ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا قول ہے ﴿ولو ردوا لعادوا لما نهوا عنه و انهم لكذبون﴾ ''اگر ان کو واپس لوٹا دیئے جائیں تو دوبارہ گناہوں کے مرتکب ہوں گے اور بے شک یہ جھوٹے ہیں'' (۱۴) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ وہ حساب و کتاب کے قریب ہوا ہے تو یہ خیر سے غفلت اور حق سے اعراض پر دلالت کرتا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا قول ہے ﴿ اقترب للناس حسابهم و هم في غفلة معرضون ﴾ (۱۵) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ اس کے ساتھ آسانی سے حساب کتاب کا معاملہ ہوا ہے تو اس کی بیوی کے اس پر مہربان ہونے اور اس کی اصلاح اور دینداری کی دلیل ہے۔(۱۶) اگر کسی نے دیکھا کہ اس سے حساب سختی کے ساتھ لیا گیا ہے تو یہ نقصان میں واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

(۱۷) اگر کسی نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ اس کا حساب لے رہے ہیں اور اس کے اعمال ترازو میں رکھے گئے' اس کی نیکیاں اس کی برائیوں پر غالب آئی ہیں تو صاحبِ خواب کی طاعت گزاری پر اور اللہ تعالیٰ کے ہاں بڑے اجر کی دلیل ہے۔

(۱۸) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کی برائیاں اس کی نیکیوں پر غالب آ گئی ہیں تو اس کو دین کے معاملے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرنا چاہیئے۔(۱۹) اگر کسی نے دیکھا کہ ترازو اس کے ہاتھ میں ہے تو دلیل ہے کہ وہ سیدھے راستہ پر ہے۔(۲۰) اگر کسی نے دیکھا کہ فرشتے نے اسکو کتاب دی اور کہا کہ اپنی کتاب پڑھ تو دلیل ہے کہ وہ صرط مستقیم پر ہے اور دین پر ثابت قدم ہے۔(۲۱) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ پل صراط پر یا میزان پر یا نامہ اعمال کے پاس ہے اور رو رہا ہے اس کو امید کرنی چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ آخرت کے معاملے میں اس کے لئے آسانی فرمائیں گے۔(۲۲) بعض معبرین نے کہا ہے کہ اگر کسی نے دیکھا کہ قیامت قائم ہو چکی ہے تو دلیل ہے کہ وہ اپنے دشمنوں کے شر سے نجات پائے گا' یا اس ملک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں لوگوں کے اندر فتنہ وفساد برپا ہوگا' یا اس علاقہ میں فساد واقع ہوگا جہاں وہ خواب دیکھا گیا ہے۔ (۲۳) اگر کوئی شخص خواب میں قیامت کی علامات میں سے کچھ دیکھے' مثلاً صور پھونکنا یا لوگوں کا قبروں سے اٹھنا یا مغرب سے سورج کا طلوع ہونا یا دابۃ الارض کا خروج' ان سب کی تعبیر بھی قیامت کے دن کی تعبیر کی طرح ہے۔ (۲۴) بعض معبرین نے کہا ہے کہ خروج دابۃ الارض فتنہ ظاہر ہونے کی دلیل ہے۔ اس فتنہ میں ایک قوم ہلاک ہوگی اور دوسری قوم نجات پائے گی۔ (۲۵) خروج دجال کی تعبیر بدعتی اور گمراہ آدمی سے کرتے ہیں جو لوگوں میں ظاہر ہوگا۔ (۲۶) صور پھونکا جانا طاعون اور وبا اور بادشاہ کی طرف سے دھمکی کی دلیل ہے۔ کبھی اسے دیکھنا حج کرنے کے لئے سفر کرنے یا عرفات کی طرف جانے کی علامت ہے۔ (۲۷) اگر کسی نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو فیصلہ کے لئے دوبارہ پیدا کیا ہے' یا مخلوق کو حساب کے لئے جمع کیا ہے تو یہ لوگوں میں اللہ تعالیٰ کے عدل کی دلیل ہے' یا عادل امام کی علامت ہے جو لوگوں کے پیشوا ہوگا' یا کوئی عظیم دن رونما ہونے کی دلیل ہے کہ لوگ اس کو دیکھیں گے اور خوش ہوں گے۔ (۲۸) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا نامہ اعمال اسکے دائیں ہاتھ میں ہے تو کامیابی مالداری اور عزت کی دلیل ہے۔ (۲۹) اگر اعمال نامہ اپنے بائیں ہاتھ میں پکڑا ہوا ہے تو گناہوں کی وجہ سے ہلاک ہونے اور فقر ومحتاجی کی دلیل ہے۔ (۳۰) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ پل صراط پر سے صحیح سالم گزر گیا تو وہ سختی اور فتنہ اور بلا ومصیبت سے نجات پائے گا۔ (۳۱) کبھی خواب میں پل صراط دیکھنا کسی گھاٹی سے گذرنے کی دلیل ہے۔

## قبض الروح (جان قبض ہونا)

(۱) خواب میں روح کا قبض ہونا امانتوں کو واپس کرنے پر یا مریض کی بیماری سے خلاصی پانے یا قیدی کو قید خانہ سے خلاصی حاصل کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ کبھی گھر سے غائب شخص کے لوٹ آنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## قبر

(۱) خواب میں قبر دیکھنا قید خانہ کی دلیل ہے اور قید خانہ دیکھنا قبر کی علامت ہے۔ (۲) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ خواب میں قبر میں زندہ ہے اور رو رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ قید ہوگا۔ (۳) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ خواب میں قبر بنا رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ گھر تعمیر کرے گا۔ (۴) اگر کوئی شخص جنازہ دیکھے بغیر قبر میں داخل ہوا تو خالی گھر خریدنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۵) اگر کسی نے خواب میں قبر کھودی اگر صاحب خواب کنوارہ ہے تو وہ مکر وفریب کے ذریعہ عورت سے شادی کریگا۔ (۵) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کسی قبر کے پاس کھڑا ہے تو دلیل ہے کہ وہ کسی گناہ کا مرتکب ہوگا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿ولا تصل علی احد منهم مات ابدا ولا تقم علی قبره﴾ "ان (منافقین) میں کسی کی نماز جنازہ نہ پڑھایئے اور نہ ہی اس کی قبر پر کھڑا ہوا" (۷) کسی نے خواب میں ایسی جگہ قبر کھودی کہ جہاں دیوار نہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے تو یہ اس کی آخرت کا گھر ہے۔(۸) اگر وہ اس قبر میں داخل بھی ہوا تو اس کی موت قریب ہے۔(۹) اگر داخل نہیں ہوا تو کوئی بات نہیں(۱۰) کسی نے خواب میں قبر خریدی اور اس میں داخل نہیں ہوا تو صاحب خواب کسی عورت کی شرم گاہ کا نکاح کے ذریعے مالک ہوگا' یا دلیل ہے کوئی باندی خریدے گا۔(۱۱) اگر کسی نے خواب میں قبر کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتے دیکھا تو دلیل ہے کہ کوئی شخص صاحب قبر کے بعد اسی جگہ مکان بنائے گا(۱۲) خواب میں قبور معروف دیکھنا حق بات کی دلیل ہے۔اور قبر مجہول کو دیکھنا منافق قوم پر دلالت کرتا ہے۔جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿وما انت بمسمع من فی القبور﴾ ''آپ مردوں کو سنانے والے نہیں ہیں''(۱۳) خواب میں خود کو چھت پر قبر کھودتے دیکھنا لمبی عمر پانے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۴) اگر کسی نے خواب میں قبروں کی زیارت کی تو دلیل ہے کے وہ محبوس قوم سے ملاقات کریگا۔(۱۵) خواب میں قبروں پر بارش ہونا اللہ تعالیٰ کی رحمت کی دلیل ہے(۱۶) اگر کسی نے خواب میں قبر بنائی تو شادی کرنے کی دلیل ہے۔(۱۷) اگر کسی نے خواب میں قبر کو گھر بنایا تو موت اور اللہ کو زیادہ یاد کرے گا۔

(۱۸) خواب میں کسی مکان میں دفن کرنا یا ہونا اس مکان میں اقامت کرنے کی دلیل ہے (۱۹) کبھی خواب میں قبروں کو دیکھنا دور کے سفر' تنہائی' بیویوں اور قید خانوں پر دلالت کرتا ہے۔(۲۰) اگر کسی نے خواب میں دیکھا وہ اپنے لئے یا کسی دوسرے کیلئے قبر کھود رہا ہے' یا صاحب خواب کے لئے قبر کھودی جا رہی ہے تو صاحب خواب اس ملک میں گھر بنائے گا یا اس میں مقیم ہوگا۔

(۲۱) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ قبر کا دہانہ بند کر رہا ہے تو اس کی زندگی لمبی ہوگی اور ہمیشہ صحت مند رہے گا۔(۲۲) اگر کسی نے خواب میں اپنے آپ کو زندہ درگور ہوتے دیکھا تو دلیل ہے کہ اس کو غم نصیب ہوگا یا اس کے کام میں تنگی ہوگی یا وہ قیدی ہوگا۔(۲۳) اگر کسی نے اپنے آپ کو حنوط لگے ہوئے کفن میں زندہ درگور کیئے ہوئے دیکھا اس کی شادی ہونے کی دلیل ہے۔(۲۴) اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ وہ کسی مردہ کی قبر کو کھود رہا ہے تو صاحب خواب مردے کے طریقہ کی تلاش میں ہے اور اسکی چھوڑی ہوئی چیزوں کے درپے ہے۔اگر مردہ عالم ہے تو اس کے علم سے اس کو حصہ ملے گا' اگر مردہ مالدار تھا تو وہ اس کا مال حاصل کریگا۔اگر وہ اس کی قبر تک پہنچا اور اس کو وہاں زندہ پایا تو مال حرام ملنے پر دلالت کرتا ہے۔اگر اسکو مردہ پایا تو اس کو مطلب حاصل نہیں ہوگا۔(۲۵) اگر کسی نے خواب میں رسول ﷺ کی قبر مبارک کو کھودا تو وہ آپ ﷺ کے سنتوں کی تجدید کریگا۔الا یہ کہ آپ ﷺ کے جسم اطہر تک پہنچا اور اس کو موڑنا بدعت کا متلاشی کی علامت ہے۔(۲۶) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ غیر معروف مردے اپنی قبروں سے باہر نکل کر اپنے گھروں کو جا رہے ہیں تو مسجدوں سے لوگوں کو باہر نکالے گا۔(۲۷) اگر کسی نے خواب میں کسی کافر یا بدعتی یا ذمی کی قبر کو کھودا تو دلیل ہے کہ گمراہوں کے مذہب کی تلاش میں ہے' یا حرام مال سے علاج کر رہا ہے' اگر یہ کھودنا مردار' بدبودار' کیچڑ یا بہت زیادہ گندگی تک پہنچا تو مفید مطلب تک پہنچنے میں قوی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## قنطرة (پل)

(۱) خواب میں پل دیکھنا شہادت کی دلیل ہے (۲) کبھی خواب میں پل دیکھنا دنیا پر دلالت کرتا ہے۔ جیسا کہ حدیث میں آیا ہے (الدنیا قنطرة فاعبروھا ولا تعمروھا) ''دنیا ایک پل ہے۔ اس کو عبور کرو نہ کہ اس کو آباد کرو''۔
(۳) کبھی پل بیوی پر دلالت کرتا ہے اس کو روندنے کی اور اسکی راحت کی اور قریب مسافت کی بنا پر (۴) کبھی خواب میں پل دیکھنا غم اور تنگ دستی کے ختم ہونے پر دلالت کرتا ہے (۵) خواب میں پل پر سوار ہونا جانور پر سواری کرنے کی دلیل ہے۔ (۶) اگر خواب میں بہت سے پل اینٹ سے بن جائیں تو یہ خواب اس ملک کے لوگوں کے احوال میں بسبب ظلم و غلو کے فساد واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے (۷) کبھی پل مالدار آدمی' لمبی زندگی' بیماری یا وعدہ کو توڑنے پر دلالت کرتا ہے (۸) کبھی پل ایسے آدمی پر دلالت کرتا ہے جسکی وجہ سے لوگوں کی حاجتیں پوری ہوتی ہوں۔ کبھی یہ آدمی خود بادشاہ ہوسکتا ہے یا اسکے مصاحبین میں سے کوئی ہوگا' یا حکماء میں سے کوئی ہوگا' الا یہ کہ پل کی گزرگاہ گندی جگہ ہو تو اس خواب میں کوئی خیر نہیں ہے۔ (۹) اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ وہ بادشاہوں کے پل سے گزر رہا ہے تو بہت سا مال دولت حاصل ہونے اور شادی کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۰) خواب میں مجھول پل دیکھنا دنیا پر دلالت کرتا ہے خاص کر وہ پل جو شہر اور صحراء کے درمیان میں ہو (۱۱) کبھی پل کشتی پر دلالت کرتا ہے (۱۲) کبھی پل پل صراط پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۳) اگر کسی مریض نے پل عبور کیا اور اس کی ملاقات مُردوں سے ہوئی' یا مجھول عمارتوں یا مجھول لوگوں یا مجھول جگہوں میں اترا' یا پرندہ اسکو اڑا کر لے گیا یا کوئی جانور اسکو نگل گیا یا کنویں میں گر گیا یا کسی گڑھے میں گر گیا یا آسمان پر چڑھ گیا تو تعبیر ہے کہ اس مریض کا انتقال ہوگا۔ اور اگر صاحب خواب مسافر ہے تو اسکے سفر کے ختم ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۴) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ پل عبور کرنے کے بعد کسی سرسبز زمین یا بھس یا جَو یا کھجوروں یا کسی بوڑھی عورت کے پاس اتر گیا تو تعبیر ہے وہ بہت بڑے فوائد اور مال حاصل کرے گا۔ (۱۵) پل عبور کر کے کسی مسجد میں اترے تو سفر میں اپنا مقصود حاصل کریگا' حج کی صورت میں ہو یا جہاد کی صورت میں یا مجاہدین کی حفاظت کی صورت میں۔ (۱۶) اگر پل بن گیا تو اسکو بادشاہت ملے گی۔ لوگ اسکے اور اسکے مرتبے کے یا اور جو کچھ اس کے پاس ہے اس کے محتاج ہونگے (۱۷) اگر کوئی شخص خواب میں لکڑی کا پل عبور کر رہا ہے تو منافق قوم کے اس کے گھر میں داخل ہونے کی دلیل ہے۔

## قناة (نہر)

(۱) خواب میں نہر دیکھنے کی تعبیر عورت یا مال یا عالم ہے۔ (۲) اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ وہ نہر کھود رہا ہے تو صاحب خواب نکاح کریگا اور اس کو مال حاصل ہوگا' اور اسکی زندگی اچھی ہوگی۔ یا کوئی ایسا عمل اپنے لئے خاص یا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عوام الناس کے لئے کریگا جو دین اور دنیا دونوں کے واسطے فائدہ مند ہوگا۔ (۳) بعض معبرین نے کہا ہے خواب میں نہر دیکھنا صاحب خواب کے گھر والوں کی طرف سے اس کو ضرر پہنچنے کی دلیل ہے۔ (۴) خواب میں بہت نہریں دیکھنا نوکروں اور غلاموں یا مختلف قسم کے جانوروں پر دلالت کرتا ہے جو کہ رہائش کے لئے ہوتے ہیں۔ (۵) کبھی خواب میں نہر دیکھنے کی دلالت رزق کی تلاش کرنے کی جگہوں پر ہوتی ہے مثلاً بازار' ہوٹل وغیرہ۔ (۶) اگر کسی نے خواب میں کھیتوں کے لئے نہر نکالی تو مالداری' وسعت رزق اور اہل وعیال پر خرچ کرنے کی دلیل ہے۔ (۷) اگر کھیتوں یا زمینوں کی نہر بند دیکھے تو اچھے کام ان کے اہل سے منقطع ہونے کی دلیل ہے۔ اگر صاحب خواب شادی شدہ ہے تو بیوی کو طلاق دیگا یا اپنی باندی کو اپنے خاندان اور قبیلہ سے نکالے گا۔ (۹) کبھی یہ خواب اس کی خدمت کو ختم کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے' یا غلام کو آزاد کرنے یا اپنے کام میں مصروف آدمی کو کام سے نکالنے پر دلالت کرتا ہے اور اسکو فائدہ ہوگا (۱۰) اگر کسی نے خواب میں اپنے گھر کے اندر یا باغ کے اندر جاری نہر دیکھی تو اگر صاحب خواب غمگین ہے تو اللہ تعالی اسکے غم کو دور فرمائیں گے' یا اس کو بھلائی حاصل ہوگی (۱۱) اگر کسی نے خواب میں نہر کے پانی کو گدلا دیکھا تو صاحبِ خواب کے مذہب میں خرابی آئے گی۔ یا اسکی نوکرانی اس سے حاملہ ہوگی اور تہمت اسکے سر آئے گی (۱۲) اگر کسی نے خواب میں کسی انجان نہر میں پیشاب کیا یا اس میں گرا یا اسکی نجاست کے ساتھ ملوث ہوا تو صاحب خواب حرام کام کا ارتکاب کرے گا اور خادم یا عورت کی وجہ سے کسی مشکل میں پھنس جائیگا (۱۳) کبھی نہر گھر کے نوکر پر بھی دلالت کرتی ہے (اس لئے کہ نہر لوگوں کی گندگی بہا کر لے جاتی ہے)۔ (۱۴) کبھی نہر کنائس پر بھی دلالت کرتی ہے۔ (۱۵) کبھی نہر حرام شرم گاہ پر دلالت کرتی ہے خاص کر محلوں اور راستوں میں جاری نہریں۔ (۱۸) اگر کسی نے خواب میں نہر کھودی اور پانی اس میں نہیں آیا تو وہ کسی مکر وفریب میں داخل ہوگا۔ ہر کھدائی جس میں پانی نہ ہو مکر کی دلیل ہے۔

## قِربة (مشکیزہ)

(۱) خواب میں مشکیزہ دیکھنا سفر پر دلالت کرتا ہے (۲) کبھی اسکی رویت حاملہ عورت کے اسقاط حمل کی علامت ہے۔ (۳) کبھی اسکی رویت فقر پر اور مالداری دونوں پر دلالت کرتی ہے۔ (۴) کبھی مشکیزہ مشکلات میں داخل ہونے کی دلیل ہوتا ہے۔ (۵) اگر کسی نے دیکھا کہ اسکے گھر میں پانی سے بھرا ہوا مشکیزہ ہے تو اسکی بیوی کے حاملہ ہونے کی دلیل ہے۔ اس کا پانی لڑکے پر دلالت کرتا ہے اور مشکیزہ ماں کے پیٹ پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۶) اگر ماشکی نے اپنے پیٹ کو پھٹا ہوا دیکھا تو وہ اپنی رشتہ داروں کی طرف لوٹے گا۔ (۷) اگر خواب میں کسی کا مشکیزہ ٹپک رہا ہو تو اس کو اسہال کی بیماری لاحق ہوگی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## قرابۃ (پانی پر پہنچنے کے لئے سفر)

خواب میں اسکی رویت کی تعبیر ایسی بوڑھی عورت سے کی جاتی ہے جو امانت دار ہو اور اسکے پاس مال جمع رہتا ہو۔

## قارورۃ (شیشی، بوتل)

(۱) خواب میں اسکو دیکھنا لونڈی یا غلام کی دلیل ہے (۲) بعض نے کہا ہے کہ عورت کی دلیل ہے۔ جیسا کہ آپ ﷺ کا فرمان (رفقاء بالقواریر) (۳) شیشہ کی بوتل ایسی عورت کی دلیل ہے جو اپنے راز کی حفاظت نہیں کر سکتی یا اس کی تعبیر چغلخور دوست ہے (۴) شیشی مرض پر بھی دلالت کرتی ہے (۵) کبھی شیشے کی بوتل ایسی زانیہ پر دلالت کرتی ہے جس کو ہر کوئی استعمال کرتا ہو (۶) اگر کوئی شخص شیشی دیکھے کہ اس میں تیل ہے تو شیشی عورت کی دلیل ہے اور تیل اسکی زینت ہے۔ اگر انہوں نے یہ تیل سر کو لگایا تو بقدر تیل زینت کی دلیل ہے، اگر وہ تیل بہہ پڑا تو غم کی نشانی ہے۔ (۷) خواب میں ٹوٹی ہوئی شیشی اموال کی علامت ہے۔ (۸) اگر کوئی شخص خواب میں شیشے سے کوئی چیز اٹھائے تو مال ملنے کی دلیل ہے۔ (۹) خواب میں پیشاب کی بوتل دیکھنا زانیہ عورت کی دلیل ہے اگر اس میں پیشاب کیا تو زنا میں پڑنے کا اندیشہ ہے۔ (۱۰) خواب میں شراب کی بوتل دیکھنا اموال میں ہیرا پھیری کرنے والی خادمہ کی دلیل ہے۔ (۱۱) بعض دفعہ خواب میں بہت سی شیشیاں دیکھنا مختلف جنس کے آدمیوں پر دلالت کرتا ہے۔ کبھی شیشے کی بوتلیں چغل خوری اور راز فاش کرنے پر دلالت کرتی ہیں، اور ایسی قوم پر دلالت کرتی ہیں جو بے وفا اور محبت نہ کرنے والی ہو۔

(۱۲) اگر کسی نے دیکھا کہ شیشے کی بوتل ٹوٹ گئی تو اسکے گھر سے فتنہ دور ہونے کی دلیل ہے (صاحب کتاب فرماتے ہیں کہ) مجھ سے ایک آدمی نے اپنا خواب بیان کیا کہ "میں نے خواب دیکھا کہ میرے رشتہ داروں میں سے ایک فوت شدہ آدمی مجھ سے کہہ رہا ہے کہ شراب کی بوتل مجھے دے دو۔ میں نے ان کو دیدی تو انہوں نے اس سے شراب پی اور دوبارہ مجھے دے دی تو (صاحب کتاب فرماتے ہیں کہ) میں نے اسکی تعبیر یہ بیان کی کہ اللہ تعالی کے حکم سے ایک حاملہ عورت موت کے منہ میں جا کر پھر صحت یاب ہوگی، تو انہوں نے کہا جی ہاں میری بہن ولادت کی سختی کی وجہ سے موت کے منہ میں گئی تھی پھر صحت یاب ہوگئی۔

## قدح (پیالہ)

(۱) خواب میں پیالہ دیکھنا عورت پر دلالت کرتا ہے (۲) نیز خادم پر بھی دلالت کرتا ہے (۳) سونے اور چاندی کے پیالے باقی رہنے کی وجہ سے شیشے کے پیالوں سے از روئے تعبیر بہتر ہیں۔ (۴) کبھی شیشے کے پیالے پوشیدہ چیزوں کے ظاہر ہونے پر دلالت کرتے ہیں (۵) بھرا ہوا پیالہ حاملہ عورت پر دلالت کرتا ہے۔ (۶) اگر اسکا پانی بکھر جائے تو اس کا حمل ضائع ہوگا۔ اور اگر پیالہ ٹوٹ جائے تو اسکی بیوی مر جائے گی (۷) اگر کسی نے دیکھا کہ اسکے ہاتھ سے پیالہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گر گیا اور ٹوٹ گیا اور پانی اس کے ہاتھ میں باقی رہا تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ اسکی بیوی لڑکا جنے گی اور خود مر جائے گی جبکہ بچہ زندہ رہے گا۔ (۸) گر پیالہ سالم رہا اور پانی گر گیا تو اسکی بیوی زندہ رہے گی اور بچہ مر جائیگا (۹) پیالہ لونڈی اور رزق پر بھی دلالت کرتا ہے (۱۰) جوہر کے بنے ہوئے پیالے عورتوں پر دلالت کرتے ہیں اس میں سے پانی پینے کی دو تعبیریں ہیں۔ بعض نے کہا ہے لونڈیاں یا بے ریش لڑکے (۱۱) کبھی بہت سے پیالے شدت اور سختی پر دلالت کرتے ہیں۔ ان میں جلدی ٹوٹنے کے سبب (۱۲) کسی نے دیکھا کہ وہ پیالوں کو کھا رہا ہے تو وہ سختی میں پڑے گا (۱۳) اگر کسی کا پیالہ ٹوٹ جائے تو پلانے والا مر جائے گا۔

www.KitaboSunnat.com

## قدر (ہانڈی)

(۱) خواب میں ہانڈی دیکھنا کرسی پر بیٹھنے والے عالم پر دلالت کرتا ہے اور اس میں گوشت اور مصالحہ کا ہونا اس سے تناول کرنے والے کے فائدے کی دلیل ہے (۲) کبھی خواب میں ہانڈی دیکھنا طلاق شدہ عورت پر بھی دلالت کرتا ہے اور اس کا جوش مارنا اسکی طلاق ہے (۳) ہانڈی ایسے آدمی پر بھی دلالت کرتی ہے جو نعمت کا اظہار لوگوں کے لئے عام طور پر کرے اور اپنے پڑوسیوں کے لئے خاص طور پر کرے۔ (۴) ہانڈی کی دلالت گھر کے سربراہ پر بھی ہوتی ہے۔ اگر اس میں کوئی خرابی ہوئی تو گھر کے سربراہ کی طرف لوٹے گی جو کہ اپنی اولاد کی سربراہی کرتا ہے (۵) خواب میں مریض کے گھر میں ہانڈی دیکھنا کہ وہ جوش مار رہی ہے اور اسکے نیچے آگ ہے اور اسکو علم نہیں ہے کہ اسکے اندر کیا پک رہا ہے تو اسکی تعبیر حسب ذیل ہے۔ انگیٹھی' مریض کا بستر' آگ کے شعلہ کی تعبیر اس کی تکلیف ہے' اسکا جوش مارنا اس کی بے چینی ہے آگ کا ختم ہونا یا بجھ جانا مرض کا ختم ہونا ہے جبکہ ہانڈی اسکی ذات پر دلالت کرتی ہے (۶) اگر کسی نے آگ جلائی یا اس آگ کے اوپر ہانڈی رکھی اور اس میں گوشت یا اور کوئی کھانے کی چیز ہے تو وہ ایک آدمی کو نفع دے گا اس لئے کہ ہانڈی کی تعبیر گھر کا سربراہ ہے۔ (۷) اگر وہ گوشت پک گیا اور اس نے اس سے کھایا تو فائدہ اور مال حلال کی دلیل ہے اور اگر وہ گوشت پکا ہوا نہیں ہے تو یہ حرام منفعت ملنے کی دلیل ہے۔ اسکو حرکت دینا عیب کی دلیل ہے۔ اگر اس سے کھایا تو اسکو رزق ملنے کی دلیل ہے۔ اگر اس سے کچھ اٹھایا تو اس سے فائدہ اٹھائے گا اور اسکو مال مل جائے گا اور وہ اس کو ذخیرہ کرے گا اگر ہانڈی میں گوشت ہو اور نہ کھاتا ہو تو وہ ایک فقیر آدمی کو تکلیف دے گا جس کی وہ طاقت نہیں رکھے گا۔ (۸) ہانڈی مدمقابل پر قدرت کی بھی دلیل ہے (۹) کبھی ہانڈی اپنی مقدر پر راضی ہونے پر دلالت کرتی ہے۔ (۱۰) ہانڈی کی تعبیر عجمی عورت بھی ہوتی ہے (۱۱) اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ اس نے ہانڈی میں کچھ نہیں پکایا تو وہ سلطان سے یا عجمی بادشاہ سے بہت بڑی دولت حاصل کرے گا (۱۲) ہانڈی میں گوشت اور شوربہ اچھے رزق کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## قصعۃ (لکڑی کا بڑا پیالہ)

(۱) خواب میں لکڑی کا بنا ہوا پیالہ دیکھنا دنیا اور مال ہے جو سفر میں حاصل ہوگا (۲) مٹی کا بنا ہوا پیالہ وطن میں ملنے والا مال ہے (۳) بہت سے پیالے اور پلیٹیں دیکھنا انسان کے معاش کے تدبیری احوال پر دلالت کرتا ہے۔ (۴) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ پیالہ کو چاٹ رہا ہے تو اسکے رزق کے ختم ہونے اور اسکی موت کے حاضر ہونے کی دلیل ہے (۵) پیالہ کی دلالت عورت یا خادم پر بھی ہوتی ہے (۶) پیالہ اس جگہ پر بھی دلالت کرتا ہے جہاں وہ رہائش پذیر ہے اور اس کا رزق اسی جگہ میں اس کو ملے گا (۷) اگر کسی نے دیکھا کہ لوگ ایک بڑے پیالے یا ایک بڑے برتن پر جمع ہیں اگر وہ لوگ دیہات والے ہیں تو ان کی زمین ہے' اگر وہ لڑائی والے ہیں تو اس کے پاس چکر لگانا ان کے اندر نفاق ہے' اور ان کے ہاتھوں کی حرکت آپس کی جنگ و جدال ہے۔

## قعب (دودھ دوہنے کا پیالہ)

خواب میں اسکی رویت ایسی لونڈی پر دلالت کرتی ہے جس کے ہاتھ سے خیر کثیر جاری ہوگی۔

## قمقمہ (پیتل کی صراحی/گول برتن)

(۱) خواب میں اس کی رویت لونڈی یا بیوی یا غلام پر دلالت کرتی ہے (۲) بعض نے کہا ہے کہ یہ ایسے خزانچی پر دلالت کرتی ہے جس کو مال صحیح طریقہ پر خرچ کرنا آتا ہو۔

## قمقم (سماوار)

خواب میں اسکی رویت ولی کے لئے معزول ہونے اور مریض کے لئے صحت یابی' سفر کا ارادہ کرنے والے کے لئے سفر کرنے اور جھگڑنے والے کے لئے غلبہ پانے کی علامت ہے۔

## قندیل (لالٹین' چراغ)

(۱) یہ اگر ٹونٹی والی ہو تو اس کی تعبیر بیٹا یا عورت کے لئے شوہر ہے' اور اگر بند منہ والی ہو تو اس کی تعبیر بے اولاد میاں بیوی ہے۔ قندیل کی تعبیر علم' عاصی کے لئے توبہ' کافر کے لئے ہدایت' خوابوں کی تعبیر بیان کرنے والا اور قافلہ کا رہنما ہے۔ (۲) ضرورت کے موقع پر قندیل جلانے کی تعبیر ایسا بیٹا ہے جو شہرت و رفعت کے ساتھ منفعت کا بھی حامل ہو' مساجد کی قندیلوں کی تعبیر مالی لحاظ سے مستحکم علماء' نیک و صالح لوگ اور قاری حضرات ہیں (۳) کسی مسجد کی قندیل کا بجھ جانا اس مسجد سے متعلق عالم کے مرنے کی دلیل ہے۔ اور قندیل کی تعبیر عورت' اس کی بتی کی تعبیر اولاد ہے اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قندیلوں کی تعبیر ستارے بھی ہیں (۴) قندیل کا گل ہونا یا ٹوٹ جانا مریض کے مر جانے کی دلیل ہے (۵) خواب میں آسمان سے ستارہ پکڑنا مسجد سے قندیل اٹھانے کی علامت ہے۔

## قماط (ہاتھ باندھنے کی رسی)

(۱) حاملہ عورت کے لئے رسی کی تعبیر بچہ ہے اور کبھی دشمن کے غلبہ پر بھی دلالت کرتی ہے۔ (۲) خواب دیکھا کہ اس کی بیوی اس سے بندھی ہوئی ہے اور وہ اس کو کھول رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اپنی بیوی کو طلاق دیگا۔ (۳) بیمار، مسافر اور بھگوڑے کے لئے رسی دیکھنا اچھا نہیں ہے۔

## قبان (بھاری اشیاء تولنے کا کانٹا)

اس کی تعبیر والدہ عورت کے لئے ناقص الخلقت یا زائد الخلقت شوہر ہے۔ اور کبھی اس کی رویت علم وہدایت اور اتباع حق کی دلیل ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت محافظوں والے حاکم پر بھی ہوتی ہے اس کی دلالت عظیم بادشاہ پر اور اس کے کانٹے کی دلالت اس کی مملکت کی قوت پر اور اس کی زنجیر کی دلالت اس کے خدام پر اور پلڑے کی دلالت اس کے عدل وانصاف اور ظلم وجور میں شہرت حاصل کرنے پر ہوتی ہے۔ اور ترازو پر لگا گوا حکم میں عدل وانصاف سے کام لینے پر دلالت کرتا ہے۔

## قفل (تالا)

(۱) تالے کی تعبیر امانت دار آدمی ہے (۲) بعض نے کہا ہے کہ خواب میں تالا دیکھنا صاحب خواب کے لئے باکرہ عورت سے شادی کرنے کی دلیل ہے۔ (۳) کسی قیدی نے دیکھا کہ اس نے تالا کھولا تو اس کا غم دور ہوگا اور اس کا معاملہ آسان ہوگا (۴) خواب میں تالا دیکھنا حجت کی اور قوت کی دلیل ہے (۵) اگر کسی نے خواب میں تالا کھولا تو صاحب خواب کو ایسی قسم کھانے سے بچنا چاہئے جس میں بیوی کی طلاق ہو کہ اگر وہ تالا کھل گیا تو میاں بیوی میں جدائی ہوگی۔ (۶) تالا ایسے معتمد آدمی پر بھی دلالت کرتا ہے جس کے پاس امانت رکھی جاتی ہے (۷) اگر کسی نے دروازہ کو تالا لگایا تو وہ کسی آدمی کو کفیل بنائے گا یا اس سے کفیل کا مطالبہ کیا جائے گا (۸) اگر کسی نے تالا کھول دیا تو وہ غم سے نجات پائیگا اور کفالت سے بری ہوگا (۹) ہر بند چیز غم کی دلیل ہے اور ہر کھلی چیز غم سے نجات کی علامت ہے (۱۰) خواب میں تالا دیکھنا شادی کے ارادہ کرنے والے کے لئے امانت دار مدبرہ اور محتاط عورت پر دلالت کرتا ہے (۱۱) تالا دلالت کرتا ہے موافق لونڈی ملنے پر جو لونڈی خریدنا چاہتا ہے (۱۲) سفر کرنے والے کے لئے سلامتی اور نگہبانی پر دلالت کرتا ہے (۱۳) بہت سے لوہے کے تالے دیکھنا معاملات کے کھلنے اور علم کے دروازے پر دلالت کرتے ہیں (۱۴) لکڑی کے تالے ازواج پر دلالت کرتے ہیں یعنی آزاد عورتوں اور باندیوں کے نکاح پر اور اولاد پر علم اور حکمت پر اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مشکل کے آسان ہونے پر۔ (۱۵) کبھی تالا وعدہ کے پورے کرنے پر دلالت کرتا ہے (۱۶) تالے غفلت پر بھی دلالت کرتے ہیں۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿ام علی قلوب اقفالها﴾ ''یا ان کے دلوں پر قفل لگ رہے ہیں'' (۱۷) تالا کفیل وضامن پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۱۹) کبھی تالا عزت ورفعت پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اگر وہ لکڑی والے تالوں جیسا ہو (۲۰) لکڑی کا تالا نفاق کی بھی علامت ہے اور قول میں تردد اور رشوت قبول کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## قید (بیڑی)

(۱) خواب میں بیڑی دیکھنا دین پر ثابت قدمی کی دلیل ہے (۲) کبھی یہ اہل وعیال پر اور قرض' اور سفر نہ کرنے پر اور مرض پر بھی دلالت کرتی ہے۔ (۳) خواب میں بیڑی دیکھنا بیڑی ڈالنے والے کے احسان کرنے پر دلالت کرتا ہے (۴) خواب میں چاندی کی بیڑی دیکھنا نکاح کے معاملہ میں ثابت قدم رہنے پر دلالت کرتا ہے (۵) اگر بیڑی پیتل وغیرہ کی ہو تو مکروہ کام میں ثابت قدم رہنے پر دلالت کرتی ہے (۶) اگر بیڑی سیسہ کی ہو تو کمزور معاملہ میں ثابت قدم رہنے کی دلیل ہے (۷) اگر بیڑی رسی کی ہو تو دین میں ثابت قدمی کی دلیل ہے (۸) اگر لکڑی کی ہو تو نفاق پر ثابت قدمی کی علامت ہے۔ (۹) اگر وہ کپڑے کے ٹکڑوں یا دھاگہ سے بنی ہو تو معاملات میں اس کے عارضی مقام کی نشانی ہے (۱۰) اگر مقید آدمی دیندار یا مسجد والا ہو تو وہ اپنی سلطنت اور ولایت میں ثابت قدم رہے گا (۱۱) اگر وہ مقید دنیادار ہو تو اسکی آسودہ حالی اور دولتمندی برقرار رہنے کی نوید ہے۔ سفر کا ارادہ کرنے والے کے سفر سے رہ جانے پر اور تاجر کیلئے بندش متاع پر دلالت کرتا ہے۔ اور غمگین آدمی کے لئے غم کے ہمیشہ رہنے کی خبر ہے اور مریض کے لئے مرض طویل ہونے کی دلیل ہے (۱۲) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں مقید ہے تو صاحب خواب اپنے اہل وعیال کے معاملہ میں کوشش کرنے والا ہے (۱۳) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ کسی ملک یا بستی میں مقید ہے تو تعبیر ہے کہ اس علاقہ کو اپنے لئے وطن بنائے گا (۱۴) اگر کسی نے اپنے آپ کو گھر میں مقید پایا تو وہ عورت کے معاملے میں راز فاش کرنے والا ہے۔ اگر قید تنگ ہے تو معاملہ اسپر مشکل ہوگا (۱۵) خوش آدمی کے بیڑی خوشی کے دوام پر دلالت کرتی ہے (۱۶) اگر مقید آدمی نے دیکھا کہ اس پر ایک بیڑی کا اور اضافہ کیا گیا ہے تو اگر وہ مریض ہے تو مر جائیگا اگر قیدی ہے تو اس کی قید طویل ہوگی (۱۷) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ مقید ہے اور سبز لباس پہنا ہوا ہے تو صاحب خواب کا مقام دین میں اور ثواب حاصل کرنے میں عظیم ہے۔ اگر سفید کپڑا پہنا ہوا ہے تو اس کا مقام علم کے معاملہ میں سمجھداری اور رونق اور خوبصورتی پر دال ہے۔ (۱۸) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ مقید ہے اور سرخ رنگ کا لباس زیب تن کیا ہوا ہے تو اس کے لہولعب کے شوقین ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۹) اگر وہ براون رنگ کے کپڑے زیب تن کیئے ہوئے ہے تو یہ مرض کی علامت ہے۔ (۲۰) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ سونے کی بیڑی میں مقید ہے تو وہ ایسے مال کے حصول کا منتظر ہے جو اس سے چھینا گیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے۔(۲۱) اگر کسی نے اپنے آپ کو شیشے کے محل میں مقید پایا تو وہ ایک ایسی شریف اور جلیل القدر عورت کا ساتھی بنے گا جسکی صحبت دیرپا ہوگی۔(۲۲) اگر کسی نے خود کو کسی دوسرے آدمی کے ساتھ بیڑی میں دیکھا تو وہ گناہِ کبیرہ کا ارتکاب کرے گا اور اس سے بادشاہ کے انتقام لینے کا اندیشہ ہے۔جیسا کہ اللہ تعالی کا فرمان ہے ﴿ وَتَرَى الْمُجْرِمِينَ يَوْمَئِذٍ مُّقَرَّنِينَ فِي الْأَصْفَادِ ﴾ ''اور دیکھے گا تو گنہگاروں کو اس دن باہم جکڑے ہوئے زنجیروں میں'' قید اصل میں غم اور فقر کی دلیل ہے۔

## قفس (پنجرہ)

(۱) خواب میں پنجرہ دیکھنا قید خانہ کی دلیل ہے(۲) کبھی بچے کے جھولے پر بھی دلالت کرتا ہے(۳) پنجرہ گھر پر بھی دلالت کرتا ہے(۴) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے مرغی اور پنجرہ خریدا ہے تو لونڈی خریدے گا اور اس کو رہائش کے لئے گھر بھی دے گا(۵) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے اپنے سر کو پنجرے میں داخل کیا ہے اور بازار میں چل رہا ہے تو وہ اپنے خود گھر کو بیچے گا اور اس پر وہ گواہ بھی قائم کرے گا(۶) پنجرہ معالات کے الجھنے پر بھی دلالت کرتا ہے(۷) پنجرہ شادی پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## قمع (اونچا کوہان)

خواب میں اس کو دیکھنا محتاط اور مدبر حکیم آدمی کی دلیل ہے، جو مال کو لوگوں میں معروف طریقہ پر خرچ کرے گا، فضول اور بے جا استعمال نہیں کریگا۔

## قوس (کمان)

(۱) خواب میں کمان دیکھنا سفر، بھائی، عورت، لڑکے اور اللہ تعالی کی قربت پر دلالت کرتا ہے۔جیسا کہ اللہ تعالی کا فرمان ہے ﴿ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنَى ﴾ ''پھر رہ گیا فرق دو کمان کے برابر یا اس سے بھی نزدیک''(۲) اگر کسی نے کمان غلاف میں دیکھا تو اسکی بیوی حاملہ ہے(۳) اگر کسی نے خواب میں اپنی بیوی کو کمان پکڑایا تو اسکی بیوی حاملہ ہے اور لڑکی جنے گی(۴) اگر کسی نے دیکھا کہ اسکی بیوی نے اس کو کمان پکڑایا تو اسکا حمل لڑکا ہے۔اس لئے کہ لڑکے کی نسبت باپ کی طرف ہوتی ہے، وہ باپ کے ساتھ دکان میں ہوتا ہے۔اور لڑکی کی تربیت ماں کرتی ہے، اور وہ اس کے ساتھ گھر میں ہوتی ہے۔(۵) اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ وہ کمان کو کھینچ رہا ہے تو اس کی عمر لمبی ہوگی۔(۶) بعض نے کہا ہے کہ بغیر تیر کے کمان کو کھینچنا سفر کرنے پر دلالت کرتا ہے(۷) اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ اس کا کمان ٹوٹ گیا ہے اور اسکے پاس کوئی اسلحہ نہیں ہے تو اسکا بھائی یا بیٹا یا شریک یا دوست مر جائیگا(۸) اگر کسی نے دیکھا کہ اسکے کمان کا قبضہ ٹوٹ گیا ہے تو کے ہاتھ ٹوٹ جانے پر دلالت کرتا ہے۔جیسا کہ ہاتھ ٹوٹ جانے کی دلالت کمان کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ٹوٹ جانے پر ہوتی ہے (۹) اگر کسی نے خواب میں اپنے کمان کو ٹوٹا ہوا اپنے ہاتھ میں دیکھا تو صاحب خواب ولایت سے معزول ہوگا اگر وہ والی ہے۔ اور اگر تاجر ہے تو تجارت میں نقصان واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے (۱۰) اگر کسی نے خواب میں نوجوان کو کمان کا تانت لگائے ہوئے دیکھا تو دلیل ہے صاحب خواب کے دشمن نے اس کے خلاف زبانی مواد حاصل کرلیا ہے' جسکو وہ اسکے خلاف استعمال کرے گا (۱۱) خواب میں عربی کمان دیکھنا عرب سرزمین کی طرف سفر کرنے کی دلیل ہے (۱۲) فارسی کمان دیکھنا فارس کی طرف سفر کی علامت ہے (۱۳) اگر کسی نے خواب میں کمان کو تانت لگائی تو یہ اس کی شادی کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۴) اسکی تانت کو کھولنا بیوی کو طلاق دینے کی دلیل ہے۔

(۱۵) اگر کسی نے دیکھا کہ بادشاہ نے اس کو دو کمان عطاء کیئے' یا صاحب خواب اور بادشاہ کے درمیان دو کمان کا فاصلہ ہے تو صاحب خواب مرتبہ پائے گا' اور ایک قوم پر اسکو امارت ملے گی۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿**فکان قاب قوسین او ادنیٰ**﴾ (۱۶) دو کمانوں کو دیکھنا دو چوکیداروں پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۷) اگر کسی نے خواب میں اپنے کمان کو توڑ دیا تو وہ سفر کرے گا' اور صحیح سلامت واپس لوٹ آئے گا (۱۸) اگر تانت ٹوٹ جائے تو سفر کی جگہ میں کوئی ناپسند چیز پیش آئے گی۔ کبھی اسکی رویت سفر کے نامکمل ہونے پر دلالت کرتی ہے (۱۸) کبھی اس کمان کے ذریعہ تیر چلانا باطل کلام پر دلالت کرتا ہے' اور کبھی حق کلام پر۔ تیر چلانے کے بقدر وہ کلام نافذ ہوگا (۱۹) اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ وہ کمان بنا رہا ہے اور اس کو چھیل رہا ہے تو اس کو بادشاہت ملے گی' یا شادی کریگا' یا اسکو مذکر اولاد نصیب ہوگی (۲۰) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ کمان کو کھینچ رہا ہے اور وہ کھینچا نہیں جا رہا ہے تو جس کی طرف وہ کمان منسوب ہے اس پر معاملہ مشکل ہوگا اور وہ مغلوب ہوگا (۲۱) اگر کسی نے خواب میں کمان کا تانت لگایا اور وہ ٹوٹ گیا تو صاحب خواب اپنی بیوی کو طلاق دے گا۔ کبھی اسکی تعبیر ولایت سے معزول ہونے سے بھی کی جاتی ہے۔ (۲۲) اگر کسی نے کمان کھینچا اور اس سے آواز نکلی پھر اس سے تیر چلایا اور تیر چل گیا تو اسکو ایک خطرناک حکومت ملے گی اور اس کا حکم انصاف ساتھ قائم ہوگا۔ اگر اس کمان سے تیر چلایا تو اس کا حکم اور نہی نافذ ہوگا۔ اگر وہ تیر ہدف کو لگا تو وہ حق اور انصاف کے ساتھ حکم چلا رہا ہے' اگر وہ تیر ہدف کو نہیں لگا تو وہ اس میں ظلم کر رہا ہے' اور حکومت کرنے سے قاصر ہے (۲۳) اگر کوئی کمان کو تانت لگا رہا ہے مگر وہ اس پر مشکل ہو رہا ہے' اگر صاحب خواب مسافر ہے تو سفر میں اسکو مشقت ملے گی۔ اگر تاجر ہے تو تجارت میں خسارہ ہوگا۔ اگر اس کا کوئی لڑکا ہے تو وہ نافرمان ہے۔ اگر شادی شدہ ہے تو اسکی بیوی نافرمان ہے۔ اگر کمان کو تانت آسانی سے لگی ہے تو اس کی تعبیر مندرجہ بالا کے برعکس ہوگی۔

(۲۴) اگر کسی نے کمان سے تیر چلایا اور وہ ہدف کو لگا تو صاحب خواب کی آرزو پوری ہوگی۔ اگر صاحب خواب پرہیزگار آدمی ہے تو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کریگا۔ اور امانت کو ادا کریگا۔ (۲۵) بعض معبرین نے کہا ہے کہ اگر کسی نے خواب میں عربی کمان سے تیر چلایا تو بادشاہ کی طرف عزت کے ساتھ کسی کے معاملہ میں سفر کریگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۲۶) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے فارسی کمان سے تیر چلایا تو وہ عجمی قوم کی طرف سفر کرے گا۔ اور اسے ان کی طرف سے عزت وشرف حاصل ہوگا (۲۷) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں تانت لگی ہوئی کمان ہے تو اس کے ہاں ایک قوی لڑکا ہوگا۔ (۲۸) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے اپنی کمان کو بیچا ہے تو وہ دین اور دنیا کو اپنے لئے مخصوص کرے گا۔ (۲۹) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے اللہ تعالی کے راستہ میں تیر چلایا تو اس کو عزت اور شرف نصیب ہوگا اور لوگوں میں ذکر خیر کی بھی دلیل ہے۔ (۳۰) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ خواب میں تیر اندازی میں مقابلہ کر کے غالب آیا تو مغلوب سے صاحب خواب کی حاجت پوری ہوگی (۳۱) اگر کسی نے خواب میں بندوق چلائی تو وہ کسی انسان پر تہمت لگائے گا (۳۲) جنگل میں بندوق چلانا شکار اور غنیمت کے حصول کی دلیل ہے۔ اور شہر میں بندوق چلانا جھوٹی گواہی دینے کی علامت ہے (۳۳) اگر کسی نے شہر میں چڑیا کی طرف بندوق سے فائر کیا تو وہ ایک موٹے آدمی پر جھوٹ باندھے گا اور جھوٹی گواہی کا مرتکب ہوگا (۳۴) اگر صاحبِ خواب کو بندوق کی گولی لگی تو اس کے گناہ گار ہونے کی دلیل ہے۔ (۳۵) بادشاہ کے دروازے پر بندوق سے فائر کرنا' لوگوں کی غیبت کرنے اور ان کے مذاق اڑانے پر دلالت کرتا ہے (۳۶) اگر بندووق سے کبوتر پر فائر کیا تو وہ کسی عورت پر تہمت لگائے گا (۳۷) اگر کسی نے خواب میں بندوق کے ذریعہ تیر چلایا' تو وہ بے وجہ گفتگو کرنے پر دلالت کرتا ہے' اگر تیر نشانہ پر لگا تو اس بات پر مقبولیت حاصل ہوگی اگر خطا ہوا تو وہ بات اس پر وبال بنے گی (۳۸) بندوق کی کمان صاحب کمان کے لئے بغاوت کی دلیل ہے (۳۹) گیروالی کمان دیکھنا لمبی عمر کی دلیل ہے (۴۰) اگر کسی نے اپنی کمان کو توڑ دیا تو تھوڑا خسارہ ہونے اور زیادہ نفع ملنے کی دلیل ہے۔

## قوس وقزح (بادل میں سورج کی شعاعوں کے رنگ)

یہ کمان کی شکل کا بادل ہے جو آسمان میں نمودار ہوتا ہے۔ خواب میں اسکی رویت خوف سے مامون ہونے کی دلیل ہے۔ (۲) اگر کسی نے خواب میں سرخ رنگ کا دھنگ دیکھا تو خون زیادہ بہنے کی بنا پر صاحب خواب کو زخم لگنے کا اندیشہ ہے۔ (۳) اگر اس کا رنگ زرد ہے تو یہ بیماری کی دلیل ہے (۴) اگر اسکا رنگ سبز ہے تو بادشاہ کے ظلم سے اور قحط سے امان کی علامت ہے (۵) بعض معبرین نے کہا ہے کہ اگر کسی نے قوس قزح دیکھی تو اسکی شادی ہوگی۔ اس لئے کہ شعراء عورت کو دھنگ کے ساتھ تشبیہ دیتے ہیں (۶) بعض نے کہا ہے کہ اگر کسی نے خواب میں دائیں طرف دھنگ دیکھا تو یہ خیر کی دلیل ہے اگر بائیں طرف دیکھا تو سرسبز ہونے کی علامت ہے۔ اگر اسکو شمالا اور جنوبا دیکھا تو فقیر کے لئے سرسبز ہونے کی دلیل ہے' اور دولت مند کے لئے سختی اور مال کے زوال کی نشانی ہے۔ اس لئے کہ یہ جلد زائل ہوتا ہے' برقرار نہیں رہتا ہے (۷) خواب میں قوس وقزح دیکھنا عجیب معاملہ کے ظہور پر دلالت کرتا ہے' جس سمت اس کو دیکھا ہے وہ عجیب معاملہ اس سمت ظاہر ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## قمر (چاند)

(۱) خواب میں چاند دیکھنے کی تعبیر مندرجہ ذیل چیزوں سے ہوتی ہے۔ عادل بادشاہ‘ بڑا عالم‘ خوبصورت لڑکا‘ ظالم بادشاہ‘ جھوٹا آدمی وغیرہ (۲) اگر کسی نے آسمان پر چاند اصلی حالت میں دیکھا تو بادشاہ کے وزیر ہونے پر دلالت کرتا ہے (۳) اگر کسی نے خواب میں اپنے گھر میں چاند دیکھا تو شادی کرنے کی دلیل ہے۔ مرد ہو یا عورت وہ اس چاند کی روشنی کے بقدر خوبصورت ہونگے (۴) اگر اس چاند کی روشنی کم ہے تو غیر کفو میں شادی کرنے کی لیل ہے (۵) اگر کسی عورت نے دیکھا کہ چاند اس کے گھر میں پڑا ہے‘ اور وہ اس سے کچھ لے کر کپڑے میں لپیٹ رہی ہے تو وہ ایک لڑکا جنے گی جو فوت ہوگا اور وہ اس پر غمگین ہوگی (۶) اگر کسی نے چاند کو ہلال میں تبدیل ہوتا ہوا دیکھا تو بادشاہ کا وزیر معزول ہوگا۔ (۷) اگر کسی نے دیکھا کہ چاند سورج سے آگے چل رہا ہے اور تیز چل رہا ہے‘ تو بادشاہ کا وزیر بادشاہ کے ساتھ بغاوت کریگا۔ (۸) اگر کسی نے دیکھا کہ چاند غائب ہوگیا ہے تو صاحب خواب جس کام کا طالب ہے خیر ہو یا شر وہ پورا ہوگا۔ (۹) اگر خواب میں چاند طلوع ہوا تو یہ اسکا مطلوبہ کام ہے (۱۰) اگر کسی نے آسمان میں چاند کو اپنی جگہ پڑا ہوا روشن دیکھا تو دلیل ہے کہ بادشاہ کا وزیر صاحب خواب کے گھر سے نفع اٹھائے گا (۱۱) اگر کسی نے اپنے گود میں یا ہاتھ میں چاند دیکھا تو شادی کرے گا (۱۲) اگر کسی کافر عورت نے چاند دیکھا تو وہ اسلام قبول کریگی۔ (۱۳) اگر کسی نے چاند کو اپنے گھر میں دیکھا تو اس کے رشتہ داروں میں سے کوئی گم شدہ شخص واپس آئے گا۔ (۱۴) اگر کسی نے چاند کو زمین پر دیکھا تو وہ اسکی ماں کی موت کی دلیل ہے۔

(۱۵) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ خواب میں چاند پر چل رہا ہے تو اسکی ماں اس پر مہربان ہوگی (۱۶) خواب میں چاند اور سورج کی تعبیر ماں باپ ہیں (۱۷) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا چہرہ چاند میں نظر آرہا ہے تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے۔ اگر اسکی بیوی حاملہ ہے تو یہ اس کے لئے بیٹے کی خوشخبری ہے (۱۸) اگر کوئی شخص خواب میں چاند دیکھ رہا تھا اور اچانک چاند نظر آ گیا تو صاحب خواب کے دشمن اس پر نظر رکھے ہوئے ہیں اور وہ اسکے کسی معاملہ میں جھگڑا کریں گے۔ (۱۹) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ چاند کے ساتھ لٹکا ہوا ہے تو وہ بادشاہ سے کوئی بھلائی حاصل کریگا (۲۰) اگر کسی نے دیکھا کہ چاند اندھیر ہوا ہے تو صاحب خواب بادشاہ ہوگا۔ اسکی رعیت اور ساتھی لوگ اسکو تکلیف دیں گے اور اس کے حکم کے منکر ہوں گے (۲۱) اگر کسی نے دیکھا کہ چاند سورج بن گیا ہے تو دلیل ہے کہ صاحب خواب اپنے والد کی طرف سے یا بیوی کی طرف سے عزت و خیر پائے گا۔ اسی طرح یہ خواب بہنوں پر‘ مال و متاع پر‘ تجارت پر اور اعمال صالحہ پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۲) چاند کی دلالت صاحب خواب کی بیوی پر اور والدین پر اور اسکی بیٹی اور بہنوں‘ مال و متاع‘ تجارت اور اعمال پر ہوتی ہے (۲۳) چاند کی دلالت کشتی پر بھی ہوتی ہے۔ اس لئے کہ کشتی چاند کے چلنے کے حساب سے چلتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۲۴) چاند سفر پر بھی دلالت کرتا ہے یہ اس لئے کہ چاند ہمیشہ حرکت میں ہوتا ہے (۲۵) چاند صاحب خواب کی آنکھوں پر بھی دلالت کرتا ہے (۲۶) مریض کیلئے چاند دیکھنا یا سمندر پر چلنا ہلاکت کی دلیل ہے (۲۷) اگر کسی نے چاند کو دیکھا کہ وہ بادلوں میں چھپ گیا تو وزیر کے بیمار ہوکر پھر صحت یاب ہونے پر دلالت کرتا ہے (۲۸) اگر کسی نے چاند کو بادلوں میں دیکھا تو صاحب خواب بادشاہ کے کام سے معزول ہوگا (۲۹) اگر چاند کو بادلوں نے ڈھانپ لیا ہے تو مال اور کے مال ختم ہونے کی دلیل ہے (۳۰) اگر کسی نے خواب میں چاند کو اپنے سے باتیں کرتے ہوئے دیکھا تو اس وزارت یا عہدہ ملنے کی دلیل ہے۔ (۳۱) اگر حاملہ عورت نے دیکھا کہ چاند اسکی گود میں ہے تو وہ لڑکا جنے گی۔

(۳۲) اگر اس عورت نے چاند کو کسی مکان میں دیکھا اور اسکی طرف ہاتھ بڑھا رہی ہے لیکن اسکا ہاتھ وہاں نہیں پہنچتا تو وہ عورت لڑکے کی خواہش رکھتی ہے لیکن لڑکا پیدا نہیں ہوتا۔ اگر وہ حاملہ ہے تو لڑکی جنے گی (۳۳) اگر کسی نے مکمل چاند طلوع ہوتے دیکھا تو وزیر کی معزولی پر دلالت کرتا ہے۔ اس لئے کہ جب چاند مکمل ہو جاتا ہے تو اسکی روشنی مکمل ہو جاتی ہے پھر اسکے بعد اس میں کمی ہوتی رہتی ہے۔ (۳۴) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ سورج یا چاند کو سجدہ کر رہا ہے تو وہ کسی گناہ عظیم کا مرتکب ہوگا یا کسی باطل کام میں بادشاہ یا وزیر کی اتباع کرے گا (۳۵) اگر کسی نے دیکھا کہ سورج اور چاند اس کو سجدہ کر رہے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کے ماں باپ اس سے راضی ہیں۔ (۳۶) اگر کسی نے دیکھا کہ چاند اور آسمان اپنی حالت پر ہیں لیکن اندھیرا ہے تو دلیل ہے کہ وزیر کے ساتھ یا عامل کے ساتھ کوئی حادثہ پیش آنے والا ہے۔ (۳۷) اگر کسی نے چاند کو لوٹتے دیکھا تو یہ وزیر یا بادشاہ کی ہلاکت کی دلیل ہے۔ (۳۸) اگر کسی نے دیکھا کہ چاند نے کسی آدمی کی صورت اختیار کر لی ہے تو یہ بھی وزیر کے معزول ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۳۹) اگر کسی نے چاند کو خواب میں دیکھا تو دلیل ہے کہ وہ اپنے کسی معاملہ کو خفیہ رکھنا چاہتا ہے لیکن وہ ظاہر ہو رہا ہے۔

(۴۰) اگر کسی نے دیکھا کہ چاند گرہن ہوا ہے یا اس پر اندھیرا چھایا ہوا ہے یا سرخی مائل ہو رہا ہے تو یہ خواب چاند کی طرف منسوب چیزوں میں نقص اور تغیر کی دلیل ہے۔ (۴۱) خواب میں چاند دیکھنا سفر میں جلدی کرنے پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ یہ آسمان میں جلدی جلدی چلتا ہے۔ (۴۲) کبھی چاند دیکھنا ایسے امراض پر دلالت کرتا ہے جو سردی اور رطوبت کی وجہ سے ہوں جیسا کہ سورج کو دیکھنا گرمی اور حرارت پر دلالت کرتا ہے۔ (۴۳) کبھی چاند انس رکھنے والے نامحرم کی پر دلالت کرتا ہے۔ کبھی چاند دیکھنا وزارت، ظالم، کتابت اور ظالم لشکر ان پر دلالت کرتا ہے۔ چاند ظلمت کا ضد ہے اور ظلم مشتق ہے ظلمت سے۔ (۴۴) کبھی چاند دیکھنا جوا کھیلنے، قسم کھانے اور حلف اٹھانے پر دلالت کرتا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿کَلَّا وَالْقَمَرِ﴾ ''سچ کہتا ہوں اور قسم ہے چاند کی'' (۴۵) کبھی اس کی رویت آنکھوں کے درد سے شفایاب ہونے پر دلالت کرتی ہے۔ (۴۶) اگر کسی نے چاند کو ٹکڑے ہوتے ہوئے دیکھا تو یہ قیامت کی نشانیوں کے ظاہر ہونے کی دلیل ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



القمر ﴾ ''پاس آ گئی قیامت اور پھٹ گیا چاند'' (۴۷) ہلال کی رات میں چاند کو مکمل دیکھنا اچھائی کی دلیل ہے۔اور قمر کی رات میں ہلال دیکھنا اچھا شگون نہیں ہے (۴۸) اگر کسی نے چاند کو اترنے کی جگہ میں دیکھا تو یہ اس کی نامقبولیت کی دلیل ہے (۴۹) کبھی خواب میں چاند دیکھنا علم النجوم پر اور علم التعبیر کے حصول پر بھی دلالت کرتا ہے۔اس لئے کہ چاند کے ذریعہ اندھیرے میں راستہ حاصل کیا جاتا ہے۔(۵۰) چاند کو برجِ حمل میں دیکھنا اس شخص کے لئے اچھائی کی دلیل ہے جو بڑے بادشاہوں سے ملاقات کا متمنی ہے۔(۵۱) چاند کو برجِ ثور میں دیکھنا خشکی کے راستہ سفر کرنے والے کے لئے اچھا نہیں ہے۔(۵۲) چاند کو برج جوزاء میں دیکھنا غلاموں کے سوداگر کے لئے اچھا نہیں۔جانورں کے سوداگر کے لئے اچھا خواب ہے۔(۵۳) اس کو برج سرطان میں دیکھنا شادی کرنے والے کیلئے اچھا ہے اور دخول النساء کے لئے اچھا ہے۔(۵۴) اسکو برج اسد میں دیکھنا شرکت اور ضمان اور اختلاط مال کیلئے اچھا نہیں بلکہ مذموم ہے۔(۵۵) اگر اس کو برج سنبلہ میں دیکھا تو استفراغ البدن کیلئے اچھا ہے۔(۵۶) اگر اس کو برج میزان میں دیکھا تو یہ بھی صاحب خواب کے لئے اچھا نہیں ہے۔(۵۷) اگر کسی نے سورج' چاند اور ستاروں کو ان کے چلنے کے راستوں پر جمع دیکھا اور ان میں روشنی بھی ہے تو اشارہ ہے اسکی بات بادشاہ اور وزیر کے نزدیک قابل قبول ہے۔اور یہ اشراف الناس میں سے ہے۔(۵۸) اگر ان کی روشنی نہیں ہے تو یہ صاحب خواب کے لئے مصیبت کی علامت ہے۔(۵۹) اگر کسی نے دیکھا کہ چاند اور سورج اسکے اوپر طلوع ہو رہے ہیں تو بشارت ہے اس کے والدین اس سے راضی ہیں۔

(۶۰) اگر سورج اس پر شعاعوں کے بغیر طلوع ہو تو والدین کے ناراض ہونے کی دلیل ہے۔(۵۸) سورج اور چاند کو اپنے دائیں بائیں یا سامنے دیکھنا غم' مصیبت' شکست اور ایسی آزمائش میں مبتلا ہونے کی علامت ہے' جس کی وجہ سے بھاگنے پر مجبور ہو۔اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ☆ يَقُولُ الْإِنسَانُ يَوْمَئِذٍ أَيْنَ الْمَفَرُ ﴾ الاية )اور اکٹھے ہوں گے سورج اور چاند' کہے گا انسان اس دن' کہاں چلا جاؤں بھاگ کر؟''۔

## قمار (جوا)

(۱) خواب میں جوا کھیلنا بیداری میں کسی باطل کام میں مبتلا ہونا ہے۔(۲) اگر مدِ مقابل پر غالب آجائے تو بیداری میں اس پر غالب آئیگا۔جوئے کی دلالت لڑائی جھگڑے پر بھی ہوتی ہے۔

## قار (تارکول)

تارکول کی دلالت گرمی سے بچاؤ کی چیز پر ہوتی ہے۔اور کبھی اس کی دلالت مال پر بھی ہوتی ہے۔حضرت امام ابن سیرینؒ ہر سیاہ چیز کی تعبیر مال سے کرتے ہیں۔اور منافع اور توبہ پر بھی اس کی دلالت ہوتی ہے۔اور تارکول کی دلالت ثابت قدمی پر بھی ہوتی ہے چنانچہ اہلِ عرب کہتے ہیں (المقير لا يغير ) ترجمہ: تارکول لگی چیز میں تغیر نہیں ہوتا' اور اس کی دلالت کشتیوں اور نقشوں پر بھی ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## قرن (سینگ)

اس کی تعبیر قوت ومنفعت ہے (۱) جو دیکھے کہ اس کے سینگ نکلے ہوئے ہیں تو وہ اپنے دشمن پر غالب آئیگا۔ (۲) بادشاہ نے دیکھا کہ اس کے دو سینگ لگے ہیں تو دلیل ہے کہ وہ مشرق ومغرب کا مالک بنے گا۔ اور کبھی سینگ کی دلالت کسی قریبی رشتہ دار پر بھی ہوتی ہے جس سے اس کو قوت ومنفعت حاصل ہوگی۔ کسی نے خواب دیکھا کہ بیل یا کسی اور حیوان کے سینگ کی طرح اس کے سر پر بھی دو سینگ نکل آئے ہیں تو یہ اس کے مرنے کی علامت ہے۔ اور سینگ کی دلالت مساکوں اور اسلحوں اور ان چیزوں پر بھی ہوتی ہے جس سے تجمّل اختیار کیا جاتا ہے۔ مثلاً مال واولاد عزت وجاہ وغیرہ۔

## قلادہ (ہار)

عورت کے لئے قلادہ کی تعبیر اس کا حسن وجمال اور زینت ہے۔ (۱) کسی نے دیکھا کہ اس کے اوپر سونے، موتی اور یاقوت کا ہار ہے تو تعبیر ہے کہ مسلمانوں کے معاملات میں سے کسی معاملے کا ذمہ دار ہوگا۔ یا دلیل ہے کہ کوئی امانت اس کے سپرد کی جائیگی۔ (۲) ہار کے ساتھ چاندی کی نقدی پاس ہونا خوبصورت عورت کے ساتھ شادی کرنے کی دلیل ہے۔ (۳) اس ہار کے ساتھ یاقوت وجواہر دیکھنا بہت ہی حسین ہونے کی علامت ہے۔ (۴) جواہر اور چاندی سے مرصع ہار حکمرانی کے ساتھ عورت پر دلالت کرتے ہیں۔ (۵) لوہے کا ہار مضبوط حکمرانی کی علامت ہے۔ (۶) پیتل کا ہار متاع دنیا پر دلالت کرتا ہے۔ (۷) دوسرے جواہر سے بنا ہوا ہار کمزور حکمرانی کی دلیل ہے، اور ہار عورت کے لئے مال اور حاملہ کے لئے مذکر اولاد کی دلیل ہے اگر وہ ہار کسی مذکر چیز کا بنا ہوا ہو۔ ورنہ مونث اولاد کی دلیل ہے۔ (۸) ہار ٹوٹ جانا یا گم جانا اس حکمران کے معزول ہونے کی علامت ہے جو ہار کی تعبیر ہوتا ہے۔ (۹) کبھی سرخ ہار عورت کے لئے سرخ دو پٹہ کی علامت ہے۔ (۱۰) خواب دیکھا کہ اس کے اوپر بہت بڑا بار ہے جو اس سے اٹھایا نہیں جارہا تو یہ اپنے علم پر عمل نہ کر سکنے کی دلیل ہے، کبھی عورت کے لئے ہار کے اندر تغیر آنا اس کے شوہر کے اندر تغیر وتبدل آنے پر دلالت کرتا ہے۔

## قرط (بالی، کان کا زیور)

(۱) خواب میں اپنی بیوی یا لونڈی کے کان میں بالی دیکھنا تجارت پر دلالت کرتا ہے (۲) اگر کسی نے خواب میں اپنے کانوں میں دو بالیاں دیکھیں، دونوں موتیوں سے جڑی ہوئی ہیں تو اس کی تعبیر دنیا کی زیب وزینت اور جمال اور مال و دولت اور قرآن کریم اچھی آواز میں یاد کرنے سے کرتے ہیں (۳) اگر حاملہ عورت اپنے کانوں میں دو بالیاں دیکھے تو اس کا لڑکا ہے اگر وہ بالی چاندی کی ہے تو وہ لڑکا نصف قرآن یاد کریگا۔ اگر سونے کی ہے تو وہ پورا قرآن یاد کریگا۔ اگر وہ موتی کی ہے تو وہ لڑکا خوش آواز ہوگا (۴) اگر غیر شادی شدہ عورت اپنے کانوں میں ایسی کوئی چیز دیکھے تو وہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شادی کریگی (۵) چھوٹے بچہ کے کان میں بالی زینت کی علامت ہے (۶) بالی بالغ لڑکے اور مرد کے لئے اچھی نہیں سمجھی جاتی ہے۔ ان کے لئے یہ عیب اور بری بات ہے۔ یا دلیل ہے کہ اس کی عقل میں کمی آئے گی (۷) اگر کوئی شخص خود کو بالیاں پہنے ہوئے دیکھے تو تعبیر ہے کہ وہ قرآن یاد کریگا' اور ایسا علم حاصل کریگا جس کے سبب اس کو لوگوں پر خوبصورتی حاصل ہوگی (۸) عورت کے لئے بالی اس کا شوہر ہے۔ اور اوپر کی بالی اولاد ہے (۹) بالی کی تعبیر کبھی کبھی چراگاہ سے بھی کی جاتی ہے (۱۰) یا ایسی چیز سے جس کو کھایا جائے۔ (۱۱) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ اس کے کان میں بالی ہے تو دلیل ہے کہ وہ گانا سننا چاہتا ہے یا گانے کی محفل میں شرکت کرنا چاہتا ہے (۱۲) اگر کسی نے عورت یا لونڈی کے کان میں بالی یا چھوٹی بالیاں دیکھیں تو سے اچھی آبادی والے علاقے میں تجارت نصیب ہوگی اور اس آبادی میں لونڈیوں اور غلاموں کے ساتھ تفریح کریگا۔

## قباء (ایک خاص کپڑا ہے جو کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے)

(۱) قباء خواب میں دیکھنا قوت کی دلیل ہے۔ (۲) کسی نے خواب میں دیکھا کہ اس نے اون یا ریشم یا دیباج کا قباء پہنا ہوا ہے تو یہ بقدر اس قباء کی باریکی اور جدت کے بادشاہت ملنے کی دلیل ہے۔

## قناع (دوپٹہ)

اس کی رویت قناعت نصیب ہونے کی دلیل ہے۔

## قرطق (کرتا)

خواب میں کرتا دیکھنا معاملے کے حل ہونے کی دلیل ہے۔ بیٹے کی امید رکھنے والے کا خواب میں کرتا دیکھنا بیٹی کی پیدائش کی دلیل ہے۔ اور بعض کے نزدیک کرتے کی تعبیر بیٹا ہے۔

## قمیص

(۱) خواب میں قمیص دیکھنا آدمی کی دینداری کی علامت ہے یا اس کی زندگی اور اس کے تقویٰ یا علم کی دلیل ہے۔ جیسے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا﴾ "میری یہ قمیص لے کر (میرے والد کے پاس) جاؤ" (۲) اگر مرد نے دیکھا کہ وہ قمیص پہنے ہوئے ہے تو دلیل ہے کہ وہ کسی عورت سے شادی کریگا۔ اگر عورت نے دیکھا کہ اس نے قمیص پہنی ہے تو دلیل ہے وہ کسی مرد سے شادی کریگی۔ لقولہ تعالیٰ ﴿هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ﴾۔ "وہ (عورتیں) تمہارے لباس ہیں اور تم ان کے" (۳) اگر کسی آدمی نے قمیص پہنی اور وہ پھٹ گئی تو وہ عورت سے مستغنی ہوگا اگر وہ قمیص سلائی سے جدا ہوئی تو اپنی بیوی کو اپنے سے جدا کریگا یا دلیل ہے کہ وہ اپنے شریک کو جدا کریگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۴) قمیص آدمی کی دین ودنیا کے لحاظ سے شان وشوکت ہے (۵) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ وہ بغیر بازوؤں کے قمیص پہن رکھی ہے تو اس کی تعبیر بغیر مال و دولت، دینداری ہے۔ (۶) کسی نے دیکھا کہ اس کی قمیص کا گریبان تنگ ہے تو یہ فقیری کا دروازہ کھلنے کی علامت ہے (۷) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کے پاس بہت سے قمیصیں ہیں تو اس کو آخرت میں اجر نصیب ہوگا اور نیکیاں زیادہ ہونگی (۸) سفید قمیص دینداری کی علامت ہے (۹) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کو کسی نے تحفہ میں قمیص دی ہے تو یہ اچھی خبر کی علامت ہے (۱۰) کسی نے اپنی قمیص پھٹی ہوئی، میلی کچیلی دیکھی تو یہ فقر کی دلیل ہے اور اس کو غم ومصیبت پہنچے گی (۱۱) کسی عورت نے دیکھا کہ اس نے ایک نئی اور کشادہ قمیص پہنی تو یہ اس کی اچھی حالت کی دلیل ہے۔ قمیص پہننا پہننے والے کی شان کی دلیل ہے۔ اسی طرح اس کے گریبان کا اچھا اور خراب ہونا اس کے پہننے والے کی حالت کی طرف اشارہ ہوتا ہے (۱۲) سبز اور سفید قمیص دین ہے (۱۳) نیلی قمیص اچھی نہیں سمجھی جاتی ہے (۱۴) سرخ قمیص شہرت کی دلیل ہے (۱۵) زرد رنگ کی قمیص بیماری کی علامت ہے (۱۶) کپڑوں میں تری دیکھنا سفر سے واپسی کی دلیل ہے (۱۷) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے بغیر گریبان تنگ اور بغیر بٹن کی قمیص پہنی ہے تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے (۱۸) کسی نے دیکھا کہ اس نے نشانی والی قمیص پہنی ہوئی ہے تو وہ حج کریگا یا سفر کریگا۔ (۱۹) کسی نے دیکھا کہ اس نے اتنی چھوٹی قمیص پہنی ہوئی ہے کہ اس سے اس کا ستر بھی ڈھکا ہوا نہیں ہے اور اس کی پنڈلی بھی ننگی ہے تو یہ اس کی دینداری میں نقصان کی علامت ہے (۲۰) کسی نے دیکھا کہ اس نے لکڑی کی قمیص پہنی ہوئی ہے تو یہ آدمی سمندر کا سفر کریگا اور کشتی میں سوار ہوگا۔ اگر مریض ہے تو اس کی موت کا خطرہ ہے (۲۱) کسی نے دیکھا کہ اس کی قمیص میں آیت قرآنی لکھی ہوئی ہے تو یہ قرآن پر مضبوطی سے عمل کریگا (۲۲) کالے رنگ سے رنگی ہوئی قمیص غم اور پریشانی کی دلیل ہے (۲۳) کسی نے دیکھا کہ اس نے الٹی قمیص پہنی ہوئی ہے اس کی حالت میں خلاف عادت تغیر ہوگا (۲۴) کبھی کبھار الٹی قمیص پہننا اپنی بیوی کے ساتھ دبر میں وطی کرنے کی طرف اشارہ ہے۔ کبھی یہ خواب دلالت کرتا ہے گھر پر، کیونکہ گھر بھی آدمی کو چھپاتا ہے اور قمیص بھی، قمیص کے بھی چار رکن ہوتے ہیں اس طرح گھر کی بھی چار دیواری ہوتی ہیں (۲۵) کسی نے دیکھا کہ اس کی قمیص کا گریبان تنگ ہے تو اس پر فقر کا دروازہ کھلے گا (۲۶) کسی نے دیکھا کہ قمیص لمبائی میں چیری گئی ہے تو اس سے غم دور ہوگا۔ اگر عرضاً چیری گئی ہے تو اس کی عزت میں فرق آئے گا (۲۷) کسی نے اپنی قمیص پیچھے سے پھٹی ہوئی دیکھی تو عزت و آبرو کے بارے الزام سے بری ہوگا (۲۸) اگر اپنی قمیص آگے کی طرف سے پھٹی ہوئی دیکھے تو جو بات اس کے بارے میں کہی گئی ہے صحیح ہے، حضرت یوسفؑ کی قمیص کی طرح۔ (۲۹) کسی نے دیکھا کہ اس کی قمیص بادل کی ہے تو دلیل ہے اللہ کی نعمت اس کے ساتھ شامل ہوگی۔ (۳۰) خواب میں یوسف علیہ السلام کی قمیص دیکھنا شہر کی طرف سے خیر کی خبر لانے والے کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## قلنسوۃ (ٹوپی)

(۱) خواب میں ٹوپی دیکھنا ریاست یا سفر یا شادی یا لونڈی کی دلیل ہے (۲) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کو کسی نے ٹوپی تحفہ میں دی تو دلیل ہے کہ وہ دور دراز کا سفر کریگا۔ اگر اس نے ٹوپی کو اپنے سر پر پہنا تو دلیل ہے اس کو بادشاہت ملے گی (۳) کسی نے خواب میں ایسی ٹوپی پہنی جو عام بیداری کی حالت میں پہنتا ہے تو اس کی دلالت اس کے سربراہ یا بادشاہ یا بڑے بھائی یا والد یا عالم پر ہوتی ہے۔ اور اس کا مرتبہ ان بڑوں کے پاس ٹوپی کی خوبصورتی اور ہیئت کی بقدر ہوگا۔ چنانچہ ٹوپی اگر گندی یا پھٹی ہوئی تھی تو مذکورہ افراد میں سے کسی کی طرف سے بقدر گندگی اور پھٹن تکلیف اور غم پہنچے گا۔ (۴) ٹوپی کا گرنا یا اٹھایا جانا اس کی سربراہ سے جدائی یا اپنی حالت کے تغیر کی دلیل ہے۔ (۵) کسی غیر معروف جوان یا بادشاہ نے اس کے سر سے ٹوپی ہٹادی تو یہ اس کے سربراہ کی موت کی دلیل ہے۔ (۶) اگر کسی نے بادشاہ، لوگوں میں ٹوپیاں تقسیم کرتے دیکھا تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ لوگوں پر حکمران بنے گا اور اس کو وزارت عطا ہوگی۔ (۷) خلاف عادت اُلٹی ٹوپی پہننا سربراہ کی عادت اس کے متعلق بدلنے کی دلیل ہے یا اس کے کام کے متغیر ہونے کی علامت ہے۔ (۸) کسی امام کی ٹوپی میں آفت دیکھنا اسلام اور مسلمانوں پر آفت آنے کی دلیل ہے۔ (۹) کسی نے اپنی ٹوپی گندی دیکھی تو یہ مرتکب گناہ ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۰) عورت کا خواب میں اپنے سر پر ٹوپی دیکھنا شادی کرنے کی دلیل ہے۔ اگر وہ حاملہ ہے تو لڑکا پیدا ہونے کی علامت ہے۔ (۱۱) کالی ٹوپی دیکھنا فیصلہ کو پورا کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۲) اگر کسی کو بادشاہ نے ٹوپی عطا تو دلیل ہے اس کو گورنر بنائے گا۔ (۱۳) بعض نے کہا ہے کہ اگر کسی نے اپنی سر پر سفید بالوں والی ٹوپی دیکھی تو وہ بادشاہ بن جائے گا۔ (۱۴) اگر کسی نے سمور یا لومڑی یا سنجاب کی کھال سے بنی ہوئی ٹوپی دیکھی تو اگر اس کا سربراہ بادشاہ ہے تو وہ ظالم ہے۔ اگر وہ فقیہہ ہے تو اس کے دینداری میں نقص ہے۔ اگر وہ تاجر ہے تو وہ خبیث تاجر ہے۔ (۱۵) ٹوپی دنیا سے بے رغبتی کی بھی علامت ہے۔

## قلانسی (ٹوپی بنانے والا)

خواب میں ٹوپی بنانے والا ہونا اتنے لوگوں پر حکومت کرنے کی دلیل ہے جتنے لوگ اس کی بنائی ہوئی ٹوپیوں کو پہنیں اس لئے کہ ٹوپی کی تعبیر رئیس ہے۔

## قواریری (شیشہ ساز یا شیشہ فروش)

خواب میں اس کی رویت صاف زندگی گذارنے اور جاہلوں کے ساتھ مدارت کرنے پر دلالت کرتی ہے۔ اور اس سے اسرار و رموز صادر ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## قدوری (دیگ بنانے والا)

اس کی دلالت دراز عمر والے شخص پر ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿وَ قُدُوْرٍ رّٰسِیٰتٍ﴾ ''اور دیگیں چولہوں پر جمی ہوئیں''۔

## قبا قیبی (گھڑاوں فروش)

خواب میں اس کو دیکھنا دنیا سے بے رغبت اور پاکیزہ ہونے توبہ کرنے اور فتنہ باز لوگوں میں شادی کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## قصاب (قصائی)

اس کی دلالت ملک الموت پر ہوتی ہے (۱) کسی نے خواب میں قصاب سے اس کی چھری لے لی تو بیمار ہو کر پھر تندرست ہوگا اور اپنی زندگی میں قوت پائے گا (۲) کسی نے دیکھا کہ اس نے اپنے والد کو ذبح کیا مگر خون نہیں نکلا تو یہ فرمانبرداری اور صلہ رحمی کی دلیل ہے۔ (۳) کسی نے بادشاہ کو دیکھا کہ وہ اپنے رعیت کو ذبح کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ ان پر ظلم کریگا۔ (۴) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے بغیر حاجت کسی جانور کو ذبح کیا تو یہ اللہ اور اس کے درمیان امر کو ملتبس کرنے والا ہے (۵) اگر کسی نے بہت سے قصابوں کو بازار میں گوشت کاٹ کر بیچتے ہوئے دیکھا تو یہ شدت اور مضرت کی دلیل ہے۔ مالداروں میں سخت تکالیف پر دلالت کرتا ہے۔ ڈرے ہوئے لوگوں میں ڈر کے زیادہ ہونے کی علامت ہے۔ مقروض اور بندش والے آدمیوں کے لئے قرض سے خلاصی اور بندش کے کھلنے کی بشارت ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ قصاب کو دیکھنا سفاک کو دیکھنا ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ قصاب کو دیکھنا صاحب تلوار کو دیکھنا ہے۔ (۶) قصاب کو خواب میں دیکھنا غزوہ بیماروں کے لئے جلدی مرنے اور قیدیوں کے لئے خیر کی دلیل ہے۔ اس لئے کہ قصاب اعضاء کو ایک دوسرے سے جدا کرتا ہے (۷) کسی نے خواب میں قصاب کو قتل کیا تو مرض سے نجات پائے گا (۸) قصاب کی دلالت کشتی بان اور یتیموں اور ورثاء کے درمیان مال تقسیم کرنے والے پر بھی ہوتی ہے۔

## قصارثوب (دھوبی)

(۱) خواب میں دھوبی کو دیکھنا غم اور سینہ کے کھوٹ دور ہونے کی دلیل ہے (۲) کبھی دھوبی کو دیکھنا گانے اور خوشی اور نکاح پر دلالت کرتا ہے (۳) کبھی دوسرے کی مصلحت کی وجہ سے خود کو تھکا دینے والے پر بھی دلالت کرتا ہے (۴) خواب میں دھوبی کی تعبیر واعظ سے بھی کرتے ہیں۔ اور اس کے ہاتھ سے کپڑے کے میلے پن کی بقدر لوگ توبہ کرینگے۔ جبکہ میلا پن گناہ کی دلیل ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ دھوبی کی تعبیر وہ آدمی ہے جو صدقہ دیتا ہے یا غموں کو دور کرتا ہے اس لئے میلے پن کی تعبیر غم ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## قاص الاخبار (کہانی سنانے والا)

خواب میں قصہ گوکو دیکھنا کسی نئی خبر پر مطلع ہونے کی دلیل ہے۔ اور سقیم احادیث اور صحیح احادیث نقل کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ کبھی اس کی دلالت واعظ' حدیث سنانے والوں' قراء اور عارفین پر بھی ہوتی ہے۔

## قصاص (بدلہ لینا)

خواب میں قصاص دیکھنا لمبی عمر کی دلیل ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيَاةٌ﴾ ''قصاص میں تمہارے لئے حیوۃ ہے'' قصاص غم کے دور ہونے پر بھی دلالت کرتا۔ کبھی قصاص کی دلالت ان اعمال پر مجبور کرنے پر ہوتی ہے جو گناہوں کے اثرات کو پاک کرتے ہیں۔ مثلاً نماز' روزہ وغیرہ۔

## قصاص الاثر (حدیث نقل کرنے والا)

خواب میں رازوں کے فاش ہونے اور علم پر اور علماء کے نقش قدم پر چلنے پر دلالت کرتا ہے۔

## قصاص الدواب

اسے خواب میں دیکھنا جلاوطن ہونے پر اور نائی دیکھنے پر اور شرور و جھگڑے اور فضول خرچی پر دلالت کرتا ہے۔

## قزاز (ریشم بیچنے والا)

خواب میں ریشم بیچنے والے کو دیکھنا مندرجہ ذیل باتوں پر دلالت کرتا ہے۔ ڈاک' مخبر' مولف القلوب لوگوں میں اصلاح کرنے والا' غیر شادی شدہ کی شادی۔

## قواس (کمان بنانے والا)

خواب میں اس کو دیکھنا مندرجہ ذیل امور پر دلالت کرتا ہے۔ لمبی عمر' سخت تکلیف' دشمن کے مقابلہ میں مدد' کمان اور لوگوں کو جہاد کے لئے نکلنے پر ابھارنے والا شخص' بعض نے کہا ہے کہ کمان ساز یا کمان فروش فوج کا کمانڈر یا بادشاہ ہوگا۔

## قطان (روئی بیچنے والا)

خواب میں روئی بیچنے والے کو دیکھنا مالداری اور تھکاوٹ کی دلیل ہے۔

## قفال (تالا بنانے والا)

خواب میں گھر کے دروازے کو تالا لگانا نکاح کرانے والے کی دلیل ہے' اور اپنی کوٹھڑی کو تالا لگانا سامان بیچنے کے لئے دلالی کرنے کی علامت ہے۔ اور کبھی تالا بنانے والے کو دیکھنا رازوں کو چھپانے اور غیر شادی شدہ کے لئے نکاح

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ اور لکڑی کا تالا بنانے والا منافقین کو جھڑکنے والے پر اور لوہے کا تالا بنانے والا مشکل کو آسان سمجھنے والے پر دلالت کرتا ہے۔

## قلاع (اکھاڑنے والا)

خواب میں قلاع کو دیکھنا امور کے متغیر ہونے اور انسان کے ایک صنعت سے دوسری صنعت کی طرف انتقال کرنے یا ایک جگہ سے دوسری جگہ کی طرف نقل مکانی کرنے کی دلیل ہے۔

## قلاع (بادبان' بان بیچنے والا)

خواب میں اس کو دیکھنا سفر کرنے' کام کی تیاری کرنے' رزق کی تلاش اور نکاح کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## قلاء (چنے بھوننے یا کڑاہی بنانے والا)

خواب میں اس کا دیکھنا شرور وتکالیف' اور نمازوں کو ضائع کرنے' اور شہوات کے اتباع پر دلالت کرتا ہے۔

## قفاض (ٹوکری بیچنے والا)

خواب میں اس کا دیکھنا مکان بنانے' درزیوں کے کام' نکاح' اور نسل پر دلالت کرتا ہے۔ کبھی اس کی دلالت استاذ اور جولاہے پر بھی ہوتی ہے۔

## قیم فی الحمام (سقاوے کا منتظم)

خواب میں اس کو دیکھنا طہارت اور قرض کی ادائیگی پر دلالت کرتا ہے۔ کبھی اس کی رویت لوگوں کے کام کو نمٹانے کے لئے بادشاہ کے دروازہ پر کھڑے آدمی پر دلالت کرتی ہے۔ کبھی اس کی رویت جیلر پر بھی دلالت کرتی ہے۔ مسجد کے منتظم کی دلالت مسجد سے معتبر شخص کے خادم پر ہوتی ہے۔ کبھی اس کی رویت گناہوں سے توبہ کرنے اور اپنی حالت کو درست کرنے پر بھی ہوتی ہے۔

## قہرمان (وکیل)

خواب میں وکیل دیکھنا یا بننا حافظ عالم آدمی کی دلیل ہے

## قاضی (فیصلہ کرنے والا)

(۱) کسی نے خواب دیکھا کہ عہدہ قضاء پر فائز ہوا ور اس میں عدل کیا۔ اگر وہ تاجر ہے تو منصف ہوگا اور اگر دوکاندار ہے تو ناپ وتول میں برابری کریگا (۲) اگر کسی نے خواب میں اپنے آپ کو لوگوں کے درمیان فیصلہ کرتے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دیکھا اور وہ فیصلہ کرنے کو اچھا نہیں سمجھتا تو وہ اپنے فیصلہ میں صلح کریگا اور عدل نہیں کریگا۔ اگر وہ حکمران ہے تو معزول ہوگا' اگر مسافر ہے تو لوٹ لیا جائیگا' اگر مسافر نہیں تو نعمت کے متغیر ہونے اور مصیبت میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔ (۳) معروف قاضی کو اپنے فیصلہ میں ظلم کرتے ہوئے دیکھا تو دلیل ہے کہ اس علاقے کے لوگ اپنے ناپ وتول میں کمی کرتے ہیں۔ (۴) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ قاضی کے پاس مقدمہ پیش کیا اور قاضی نے اس کے ساتھ انصاف کیا تو تعبیر ہے کہ صاحبِ خواب اپنے خصم سے انصاف کرے گا' اگر وہ غمگین ہے تو اس سے غم دور ہوگا۔ اگر قاضی نے اپنے فیصلہ میں ظلم کیا تو صاحبِ خواب اپنے خصم سے خلاصی نہیں پائے گا۔ (۵) اگر کسی نے خواب میں قاضی کو دیکھا کہ اس نے ترازو قائم کیا ہے اور ترازو بوجھل ہے تو صاحبِ خواب کے لئے اللہ تعالیٰ کے ہاں بڑا اجر اور ثواب ملے گا۔ اور اگر ترازو ہلکا ہے تو صاحبِ خواب کے لئے گناہوں سے ڈرانا ہے۔ (۶) اگر کسی نے دیکھا کہ قاضی کھوٹے سکوں کا وزن کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ جھوٹی گواہی سنے گا اور اس کے ذریعہ فیصلہ ہوگا۔ (۷) اجنبی قاضی کو دیکھنا اللہ تعالیٰ کو دیکھنے کی دلیل ہے۔ اگر کسی نے خواب دیکھا کہ وہ قاضی یا حکیم یا عالم بن گیا ہے تو اس کو رفعت' زہد اور علم نصیب ہوگا۔ اگر صاحبِ خواب اس کا اہل نہیں ہے تو وہ کسی باطل امر میں مبتلا ہوگا۔ اگر مسافر ہے تو لوٹا جائے گا۔ (۸) قاضی کے چہرے کو خوش دیکھنا خوش خبری اور سرور نصیب ہونے کی بشارت ہے۔

اگر کسی نے قاضی کے بیٹھنے کی جگہ کو خواب میں دیکھا تو اس کو غم اور جھگڑے درپیش ہونگے۔ بعض نے کہا کہ حکام اور قضاۃ اور احکامات میں گفتگو کرنے والے اور سنن اور فرائض اور شرائع کے اساتذہ کی جگہ کو خواب میں دیکھنا اضطراب اور غم اور لوگوں کے مال کثیر کے تلف ہونے اور حقیقی چیزوں کے ظہور پذیر ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۹) یہ خواب حالت مرض میں دیکھنا غم اور بحران کی دلیل ہے۔ (۱۰) اگر کسی مریض نے دیکھا کہ فیصلہ اس کے حق میں ہوا ہے تو اس کا رجحان خیر کی طرف ہوگا اور وہ بیماری سے صحت یاب ہوگا۔ (۱۱) اگر مریض نے دیکھا کہ فیصلہ اس کے خلاف ہوا ہے تو وہ مر جائیگا۔ اگر کسی جھگڑنے والے آدمی نے خواب دیکھا کہ وہ قاضی کی جگہ بیٹھا ہوا ہے یا وہ حاکم ہے تو اس کی مدد ہوگی اور مغلوب نہیں ہوگا' کیوں کہ قاضی اپنے خلاف فیصلہ نہیں کرتا۔ خواب میں جان پہچان والے قاضی کو دیکھنا طبیب کی دلیل ہے اور کبھی بعینہ اسی قاضی کو دیکھنے کی علامت ہے۔

## قواد (مویشی ہنکانے والا)

خواب میں اس کی رویت اچھی جگہ سے بری اور گندی جگہ کی طرف منتقل ہونے کی دلیل ہے۔ مویشی ہنکانے والی عورت کو دیکھنا فراخی اور عیش کی دلیل ہے' اور غیر شادی شدہ کے لئے نکاح کا پیغام ہے۔ کبھی اس کی دلالت جانوروں کی بیع اور کبھی منگنی کرانے والے پر ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## قائد الجیش (فوج کا کمانڈر)

خواب میں فوج کے کمانڈر کی دلالت مشہور آدمی پر ہوتی ہے' جس کو یہ منصب سونپا جائے اور وہ اس کا متحمل ہو اور اکتا نہ جائے۔ اگر کسی نے خود کو فوج کی کمان کرتے دیکھا تو اس کو بھلائی اور مالِ کثیر اور مرتبہ نصیب ہوگا' بشرطیکہ اس کا اہل ہو۔ اگر وہ اس کا اہل نہیں ہے تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے۔ اگر صاحبِ خواب فقیر ہے تو وہ پریشان ہوگا۔ اگر یہی خواب غلام نے دیکھا تو اس کی آزادی کی طرف اشارہ ہے۔

## قرّاد (بندر والا)

خواب میں اس کی رویت کھیل کود اور عجائب دیکھنے کی دلیل ہے' کیونکہ کھیلنے والے کی تعبیر بندر والا ہے۔

## قرد (بندر)

(۱) خواب میں بندر دیکھنے کی تعبیر عیب دار آدمی سے کرتے ہیں۔ (۲) اگر صاحبِ خواب بندر سے لڑائی کر کے اس پر غالب آیا تو اس کو بیماری لاحق ہوگی پھر وہ اس سے صحت یاب ہوگا۔ (۳) اگر بندر اس پر غالب آیا تو دلیل ہے وہ لا علاج مرض میں مبتلا ہوگا۔ بعض نے کہا ہے کہ اس کی دلالت گناہِ کبیرہ کے مرتکب شخص پر ہوتی ہے۔ (۴) اگر کسی نے خواب میں بندر سے جماع کیا تو دلیل ہے کہ اس سے گناہ سرزد ہوگا۔ (۵) اگر کسی نے خواب میں بندر کا گوشت کھایا تو وہ ایسے عیب میں مبتلا ہوگا جس سے ٹھیک نہیں ہوگا۔ (۶) اگر کوئی شخص اس کا بندر لے گیا تو وہ اپنے دشمن پر غالب ہوگا۔ (۷) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ بندر کا گوشت کھا رہا ہے تو اس کو نیا کپڑا ملے گا۔ (۸) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کو بندر نے دانتوں سے کاٹا ہے تو اس کے اور دوسرے انسان کے درمیان جھگڑا واقع ہوگا۔ اور بندر کی تعبیر مکار دھوکا باز اور جادوگر آدمی ہے۔ اور بندر مرض پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۹) اگر کسی نے بندر کا شکار کیا تو دلیل ہے کہ وہ جادو کے ذریعے مال کمائے گا۔ اور بندر مغلوب دشمن پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۱۰) کسی نے دیکھا کہ وہ بندر پر سوار ہوا اور اپنے مرضی کے مطابق اس کو چلا رہا ہے تو اشارہ ہے کہ وہ اپنے دشمن پر غلبہ حاصل کرے گا۔ (۱۱) کسی نے دیکھا کہ اس نے بندر کا گوشت کھایا تو اس کو سخت غم اور مرض لاحق ہوگا' جس کی وجہ سے اس کی موت آئے گی۔ (۱۲) کسی کو خواب میں بندر ہبہ کیا گیا تو اس کا کوئی دشمن اس پر فتح پائے گا۔ دوسری تعبیر اس کی یہ ہے کہ وہ امانت میں خیانت کرنے والا ہے۔

(۱۳) کسی نے دیکھا کہ اس نے اپنے کندھے پر بندر کو اٹھایا ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس کے گھر سے چوری شدہ مال برآمد ہوگا اور وہ اس کی وجہ سے مشہور ہوگا۔ بعض نے کہا ہے کہ بندر اس آدمی کے لئے نحوست کی دلیل ہے جس نے اسکو اٹھایا ہوا ہے یا اس کا مالک ہے۔ کبھی اس کو دیکھنا نعمت کی فراوانی کی دلیل ہے۔ اور کبھی گناہ کبیرہ کا ارتکاب کرنے کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



علامت ہے۔ (۱۴) اگر کسی نے خواب میں بندر سے نکاح کیا تو وہ زنا کا ارتکاب کریگا یا کسی انسان سے جھگڑے گا۔ (۱۵) اگر کسی نے خواب میں خود کو بندر بنا دیکھا تو اس کو جادو کے ذریعے کثیر مال و دولت ملے گا۔ کبھی اس کی رویت زنا کاری کی طرف میلان زیادہ ہونے کی دلیل ہوتی ہے۔ جیسے عربوں کا ضرب المثل میں (فلان ازنی من قرد) کہ فلاں آدمی بندر سے زیادہ زنا کار ہے۔ بندر کی دلالت کبھی دشمنوں اور معصیت پر اور کبھی عذاب میں مبتلا ہونے پر ہوتی ہے' جیسا کہ خنزیر دیکھنے کی تعبیر ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت یہود پر بھی ہوتی ہے۔ (۱۶) اس کا گوشت کھانا حاجتمندی اور فقیری کی دلیل ہے۔ (۱۷) خنزیر کا گوشت کھانا رزق اور فائدے کی علامت ہے۔ (۱۸) بندر کے گوشت کو حلال سمجھنے والے فرقوں کے لئے بندر کا بھنا ہوا گوشت کھانا سرور و فائدہ کی علامت ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت شراب نوشی اور زنا کرنے پر بھی ہوتی ہے اور بندر کی دلالت مسلوب النعمت محروم فقیر پر بھی ہوتی ہے۔

## قراد (چچڑی)

خواب چچڑی دیکھنے کی تعبیر ذلیل دشمنوں سے کی جاتی ہے۔

## قنفذ (چوہا)

اس کی تعبیر تنگ دل اور غصیلا' ڈانٹ ڈپٹ کرنے والا اور کم رحم' جلدی غصہ ہونے والا آدمی ہے۔ خواب میں چوہا دیکھنا' ساز' دھوکا بازی' جاسوسی چھپانے اور شر اور اسلحہ کی صفائی پر دلالت کرتا ہے۔

## قمل (جوں)

(۱) خواب میں جوویں دیکھنا مال و دنیا کی دلیل ہے' اور اگر نئی قمیص میں جوویں دیکھے تو حکمران کے لئے تجدید عہدہ کی دلیل ہے۔ یا ایسا مال ملنے کی علامت ہے جس کی زیادتی کی امید کی جاتی ہو۔ (۲) اگر جوویں پرانی قمیص میں ہیں تو اس قرض کی دلیل ہے جس کی زیادتی سے ڈر ہو۔ (۳) خواب میں زمین پر جوویں دیکھنا کمزور قوم کی دلیل ہے۔ اگر وہ جوویں صاحب خواب کے آس پاس چل رہی ہیں تو کمزور لوگوں کے ساتھ اس کا رہن سہن ہوگا۔ اگر یہ ان کو ناپسند کرتا ہے تو ایسے دشمن کی دلیل ہے جو اس کو تکلیف پہنچانے پر قادر نہیں ہے۔ (۴) جوویں اگر اس کو کاٹیں تو دلیل ہے کہ وہ کمزور لوگوں پر طعن کریگا۔ (۵) اگر کسی نے خواب میں جوویں دیکھیں کہ وہ اس کے سینے سے گر رہی ہیں تو اس کا مزدور یا غلام یا لڑکا بھاگ جائے گا۔ (۶) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے جسم سے ایک بڑی جوں جدا ہوئی ہے تو اسکی زندگی ختم ہونے کی دلیل ہے۔ بعض نے کہا ہے جووں کی تعبیر عورت' خدام' نوجوان لڑکی' لڑکا' مرض' فوج اور فوجی' دشمن' بادشاہ اور غلمان سے کرتے ہیں۔ بادشاہوں کے لئے جوویں غلام اور فوج اور وزراء کے لئے خدام' پولیس کے لئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مددگار علماء کے لئے شاگرد اور تاجروں کے لئے لالچ کی دلیل ہیں۔ اور مریضوں کے لئے طویل بیماری کی علامت ہے۔ (۷) اگر کسی نے ایک جوں کو کاٹا تو وہ اپنے اہل وعیال کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے والا ہے۔ (۸) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے زندہ جوں کو پھینک دیا ہے تو وہ خلاف سنت کام کریگا۔ کیونکہ آپ ﷺ نے ایسا کرنے سے منع فرمایا ہے۔ (۹) اگر کسی نے خواب میں جوؤں کو کھایا تو وہ مذکورہ افراد کی غیبت کریگا۔ (۱۰) زیادہ جوویں دیکھنا عذاب کی علامت ہے۔ اور جوؤں کی تعبیر اہل وعیال اور پست درجہ قوم، چغل خور اور ایسے فاسد لوگ ہیں جو رشتہ داروں اور بھائیوں کے درمیان پھوٹ ڈالتے ہیں۔ (۱۱) اگر کسی نے اپنے کپڑوں پر بہت سے جوویں دیکھیں تو اس کی تعبیر بھلائی اور نعمت اور برکت اور تمام غموں سے خلاصی سے کی جاتی ہے۔ اور بہت سے جوویں دیکھنا طویل مرض اور نفاق اور فقر کی دلیل ہے۔ اور ان کو قتل کرنا غموں سے نجات اور جس سختی میں مبتلا ہے اس سے خلاصی کی دلیل ہے۔

(۱۲) کسی نے خواب میں کپڑوں سے جوؤں کو گرایا تو دلیل ہے کہ اس کی طرف فحش قسم کا جھوٹ منسوب ہوگا۔ (۱۳) اگر کسی کو خواب میں جوؤں نے کاٹا تو ایک کمزور قوم اس پر تہمت لگائیگی۔ جوویں کسی کو کاٹیں تو دلیل ہے کہ اس سے قرض کا مطالبہ کیا جائیگا۔ اور خواب میں جوویں دیکھنا عذاب ہے۔ اس لئے کہ یہ حضرت موسیٰ کے معجزات میں سے ہے۔

## قط (بلا)

خواب میں بلا دیکھنا حساب کتاب کی دلیل ہے۔ اور کبھی بلا عذاب پر بھی دلالت کرتی ہے۔ جیسا کہ فرمان الٰہی ہے ﴿عَجِّلْ لَنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ﴾ کبھی کسی کی باتوں کو سننے اور آنکھ سے اشارہ پر اور غیبت کرنے پر بھی دلالت کرتی ہے۔ اور کبھی دلالت کرتی ہے ولد زنا اور راستے سے لاوارث بچہ اٹھانے پر۔ اور نرم گفتگو کرنے والے پر بھی دلالت کرتی ہے۔

## قطاۃ (تیتر)

خواب میں تیتر دیکھنا سچائی، فصاحت، الفت ومحبت کی دلیل ہے۔ اور اس کی دلالت خود پسند مگر الفت نہ کرنے والی عورت پر بھی ہوتی ہے۔

## قمری (فاختہ)

(ا) خواب میں قمری دیکھنے کی تعبیر قصیدہ گو اور اچھی آواز والے آدمی سے کرتے ہیں۔ خواب میں قمری دیکھنے کی تعبیر مندرجہ ذیل چیزیں بھی ہیں (الف) اس کو بھلائی نصیب ہوگی (ب) اگر کسی کا انتظار ہے تو وہ آجائے گا (ج) اگر اس کی کوئی حاجت ہے تو وہ پوری ہوگی (د) اگر غمگین ہے تو غم دور ہوگا (ر) اگر موسم ربیع میں دیکھے تو اس کی حاجت پوری ہوگی (ز) اگر موسم ربیع کے علاوہ دیکھے تو اس کی حاجت ربیع تک موخر ہوگی۔ اور حاملہ کے لئے بچے جننے پر بھی دلالت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرتا ہے۔(۲) خواب میں مادہ قمری دیکھنا دیندار عورت ملنے کی دلیل ہے۔اور بعض معبرین نے کہا ہے کہ صاحب خواب کے لئے نعمتِ اولاد کی دلیل ہے۔

## قنبرۃ (چنڈول)

خواب میں اس کی رویت چھوٹے لڑکے کی علامت ہے۔

## قبجه (چکور)

چکور بے محبت حسینہ کی دلیل ہے۔(۱) خواب میں چکور کو پکڑنا حسینہ عورت سے شادی کرنے کی علامت ہے۔(۲) اگر کسی نے خواب میں بہت سے چکور شکار کیئے تو بادشاہ کے ہم نشینوں کی طرف سے بہت سا مال و دولت پائے گا۔اور بہت سے چکور، عورتیں ہیں۔اور چکور کی رویت ہنس مکھ لوگوں کی رویت پر بھی دلالت کرتی ہے۔(۳) اگر کسی نے خواب میں چکور کا گوشت کھایا تو دلیل ہے کہ وہ لباس پائے گا۔

## قرش (سمندری جانور)

خواب میں اس کی رویت بلند ہمتی اور شریف النسب ہونے کی دلیل ہے۔اس لئے کہ یہ کبھی مغلوب نہیں ہوتا۔اسی بہادری کی وجہ سے قریش کو قریش (سمندری جانور) کہا جاتا ہے۔

## قصب (بانس)

(۱) خواب میں بانس دیکھنا رزیل انسان اور اس کی بری بات پر دلالت کرتا ہے۔(۲) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں بانس ہے اور اس نے اس پر سہارا لگایا ہوا ہے تو اشارہ ہے کہ اس کی عمر تھوڑی رہ گئی ہے اور وہ فقیر ہو جائے گا۔اور فقر کی حالت ہی میں مر جائے گا۔خواب میں بانس کی دلالت بے وفا آدمی پر ہوتی ہے۔(۳) خواب میں ایرانی بانس دیکھنا تشبیہ اور محاکمات اور عمل میں ریاکاری پر دلالت کرتا ہے۔کبھی اس کی دلالت سزا و تکلیف سے حاصل شدہ خسیس مال پر ہوتی ہے۔بانس سامان اور ایرانی تحفہ پر دلالت کرتا ہے۔ایرانی بانس یا اس سے بنائی ہوئی چیزوں کا دیکھنا غم کے دور ہونے اور خوش حالی کی دلیل ہے۔اور کبھی اس کی دلالت اسراف کے ظاہر ہونے، غیر شریفوں اور جھوٹی بات کی طرف مائل ہونے اور دکھلاوے کے کام کرنے پر ہوتی ہے۔(۴) خواب میں بانس کا سونے یا چاندی یا زمرد کی شاخ یا لاٹھی بن جانا جنت میں لے جانے والے اعمال، اور جنت کے بالاخانوں میں داخلے اور اس کے گنبدوں کے تحت نشست کے ساتھ ساتھ دنیاوی راحت کی بھی علامت ہے اور بانس کی دلالت منافق قوم پر بھی ہوتی ہے۔

(۵) گنے کو خواب میں دیکھنا مشقت سے حاصل کیئے ہوئے رزق سے تعبیر کرتے ہیں۔کبھی اس کی دلالت بازار میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شور وشغب اور ایسی جگہوں پر ہوتی ہے جہاں ریا کاری ہو۔کبھی اس کی دلالت شریف النسب ہونے اور علم توحید پر ہوتی ہے جو تمام بھلائی کی بنیاد ہے یا ایسی عورتوں پر اس کی دلالت ہوتی ہے جو پاک دامن ہوں یا ایسے مردوں پر دلالت کرتا ہے جو احکام شرعیہ کے مکمل پابند ہوں۔ نیز یہ خواب بادشاہ کی خدمت پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۶) غیر مناسب جگہ پر بانس بونا اس جگہ کی تباہی اور اس کے نشانات تک مٹ جانے پر دلالت کرتا ہے اور اس کے اہل خانہ کی حالت کی آگاہی پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی کبھی اس کو پھیلا ہوا دیکھنا قید سے خلاصی پر، قیدیوں کی زنجیروں کے کھلنے پر، مریض کی صحت یابی پر اور مردوں کے کفن چرانے پر دلالت کرتا ہے۔(۷) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ گنا چوس رہا ہے تو وہ ایسے امر کی طرف پھرے گا کہ اس میں کلام زیادہ ہوگا اور وہ اس میں متردد ہوگا۔

## قطن (روئی)

خواب میں روئی دیکھنا مال و دولت کی علامت ہے بخلاف اون کے۔ اور اس کو دھننا گناہوں سے صاف ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ روئی کی تعبیر سال ہے اور روئی کے پودے متواضع آدمی کی دلیل ہے۔

## قثاء (ککڑی)

خواب میں ککڑی دیکھنا ناپائیدار خسیس رزق کی علامت ہے۔ اسے دیکھنا حمل کی بھی دلیل ہے۔ اگر کوئی شخص خواب میں کچھ ککڑ اٹھا کر اپنے گھر لے گیا تو دلیل ہے کہ اس کی عورت حاملہ ہوگی۔ کبھی کھیرا اور خربوزہ دیکھنا مبارک رزق کی دلیل ہے۔

## قت (ایک قسم کا جنگلی دانہ)

خواب میں اس دانہ کو دیکھنا یا جانوروں کی کھائے جانے والی چیز کو دیکھنا رزقِ کثیر کی دلیل ہے۔

## قنبیط (گوبھی)

خواب میں گوبھی دیکھنا فائدہ مند لیکن تند مزاج دیہاتی آدمی کی علامت ہے۔ اگر کوئی شخص خواب میں اپنے ہاتھوں میں گوبھی دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ ایسے قرض کا خواہاں ہے جو اس کو ملنے والا نہیں ہے۔

## قرع (کدو)

(۱) خواب میں کدو کی دلالت عالم یا بلند پایہ کم فیس والے ڈاکٹر اور حکیم پر ہوتی ہے اور ایسے طبیب پر بھی ہوتی ہے جو لوگوں کے زیادہ قریب ہو۔(۲) اگر خواب میں مریض نے کدو دیکھا تو اس کی شفاء کی دلیل ہے۔ کدو تعبیر کے اعتبار سے پکائی جانے والی چیزوں میں سب سے افضل ہے۔(۳) اگر کوئی شخص خواب میں پکا ہوا کدو کھائے تو اس کی گم کردہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



متاع دینی یا دنیاوی، مالی ہو یا جانی، دوبارہ اس کو مل جائے گی۔ (۴) اگر کسی نے خواب میں کچا کدو کھایا تو اس کو جنوں کی طرف سے خوف پہنچے گا یا جھگڑا کرنے والے انسان کی طرف سے خوف پہنچے گا۔ (۵) اگر کوئی شخص کدو کے سائے میں بیٹھا تو اس کی وحشت دور ہوگی اور وہ مانوس ہوگا۔ بعض نے کہا ہے کہ کدو کا پودا ایسے فقیر آدمی کی علامت ہے جسکے پاس کچھ بھی نہ ہو۔ (۶) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ خواب میں تربوز کے کھیت سے کدو چن رہا ہے تو دلیل ہے وہ مرض سے نجات پائے گا۔ (۷) اگر کوئی شخص پکا ہوا کدو کھائے تو دلیل ہے کہ کدو کھانے کے مقدار میں علم حاصل کریگا۔ یا متفرق خبروں کو جمع کریگا۔ اور کدو دیکھنا غم اور مصیبت، زندگی کے تنگ ہونے، مرض میں مبتلا ہونے اور قید خانہ پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی اس کا کھانا ذہن کی اصلاح اور فطین ہونے کی دلیل ہے۔ (۸) کدو کے برتنوں کی دلالت جلیل القدر، نفع مند پاکدامن، صاف دل، خوبصورت عورتوں پر ہوتی ہے۔ خواب میں کدو کھانا آپس میں جھگڑنے اور شرارت کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۹) اگر کسی نے خواب میں مسالے میں پکا ہوا کدو کھایا تو غم اور حزن کی دلیل ہے۔ (۱۰) اگر بغیر مسالے والے کدو کھائے تو حصولِ رزق کی دلیل ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت گم شدہ چیز کے ملنے پر بھی ہوتی ہے۔

## قراع الرأس (گنجا ہونا)

سر کا گنجا ہونا بے فائدہ مال ہے جو مشقت اور تھکاوٹ کے ساتھ کسی رئیس کی طرف سے مل جائے۔ گنجی عورت دیکھنا قحط سالی کی دلیل ہے۔

## قولنج (ایک بیماری)

اگر کسی کو خواب میں یہ بیماری لاحق ہو جائے تو دلیل ہے اس کے اہل وعیال پر روزی تنگ ہوگی، اور اس پر سختیاں آئیں گے۔ اور یہ بیماری اگر کسی عورت کو لگی ہے تو اس کی تعبیر حمل اور شریر ہمسایہ اور تکلیف دہ کلام بھی ہو سکتا ہے۔

## قوباء (انڈے کا چھلکا)

خواب میں انڈے کا چھلکا دیکھنا ایسا مال ہے جس کے مطالبہ کا صاحبِ خواب کو ڈر ہو۔

## قطار البول (پیشاب کے قطرے)

اس کی دلالت مقروض کے قرض کو بالاقساط ادا کرنے پر ہوتی ہے۔

## قطع الید وغیرھا (ہاتھ وغیرہ کاٹنا)

(۱) خواب میں کٹا ہاتھ دیکھنا نماز چھوڑنے پر دلالت کرتا ہے۔ یا دلیل ہے کہ مقطوع الید سوال سے بے پرواہ ہوگا اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ویسے ہی مالدار بنے گا۔ یا اشارہ ہے کہ گناہوں سے توبہ کریگا۔ (۲) ایک طرف کا ہاتھ دوسری طرف کی ٹانگ کٹنا دین میں فساد واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) مذاکیر کا ٹنا نسل نہ ہونے یا اہل وعیال کی طرف سے قطع تعلق پر دلالت کرتا ہے۔ (۴) ناک اور کان کٹنا جرم پر۔ اور کبھی فقر پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۵) خواب میں زبان کا ٹنا حجت کے باطل ہونے یا اس پر احسان کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۶) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ اس کے اعضاء کاٹے گئے تو دلیل ہے کہ وہ سفر کریگا اور اس کے بعض اہل یا بیٹا اس سے جدا ہونگے۔

## قطیعۃ (قطع تعلق کرنا)

جن لوگوں کے ساتھ صلہ رحمی کا حکم ہے ان کے ساتھ قطع تعلق کرنا گمراہی کی دلیل ہے۔ کبھی اس کی دلالت جزیہ ادا کرنے پر ہوتی ہے۔ اور کبھی تفرق وتہاجر کے اسباب پر دلالت کرتا ہے۔ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے (**لا تقاطعوا ولا تدابروا**) ''آپس میں مقاطعہ نہ کرو اور پیٹھ مت پھیرو''۔

## قتل (قتل کرنا)

(۱) خواب میں قتل کرنا بیداری میں گناہ کے مرتکب ہونے کی دلیل ہے۔ (۲) خواب میں خودکشی کرنا سچی توبہ کرنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۳) خواب میں کسی انسان کو قتل کرنا بیداری میں بہت بڑا گناہ کرنے کی دلیل ہے۔ جیسا کہ خواب میں بڑے گناہ کا مرتکب ہونا بیداری میں کسی کو قتل کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۴) خواب دیکھا کہ اس کو قتل کر دیا گیا ہے تو دلیل ہے کہ وہ طویل عمر پائے گا اور قبائل کی طرف سے خیر کثیر اس کو حاصل ہوگی۔ (۵) خواب دیکھا کہ اس نے کسی انسان کو بغیر ذبح کے قتل کیا تو دلیل ہے کہ مقتول کو خیر نصیب ہوگی۔ اور ذبح کرنا ظلم کی دلیل ہے۔ اور کبھی کسی کو قتل کرنا غم سے نجات پانے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ چنانچہ فرمان تعالیٰ ہے ﴿**وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ**﴾ ''تو نے ایک جان کو قتل کیا پھر ہم نے غم سے تجھ کو نجات دی'' اور کبھی خواب میں خودکشی کرنا بیداری میں خیر دیکھنے کی علامت ہوتا ہے۔ (۶) کسی غلام نے خواب دیکھا کہ اس کے آقا نے اس کو مار ڈالا تو دلیل ہے کہ وہ اس کو آزاد کرے گا۔ (۷) کسی نے دیکھا کہ وہ قتل ہوا مگر اپنے قاتل کو نہیں پہچان رہا تو دلیل ہے کہ شریعت کے معاملے میں سست ہے اور اہمال سے کام کر رہا ہے۔ (۸) اگر اپنے قاتل کو پہچان لیا تو دلیل ہے کہ اپنے دشمن پر غلبہ پائے گا۔ (۹) خواب دیکھا کہ اس نے کسی انسان کو مار ڈالا اور اس کی رگوں سے خون پھوٹ رہا ہے تو تعبیر ہے کہ مقتول قاتل کی زبان سے ناپسندیدہ کلام سنے گا۔ اور بعض نے کہا ہے کہ مقتول کو قاتل کی طرف سے کوئی بھلائی نصیب ہوگی۔ (۱۰) خواب میں کسی کے قتل کا اقرار کرنا ولایت پانے کی نشانی ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿**قَالَ رَبِّ اِنِّيْ قَتَلْتُ مِنْهُمْ نَفْسًا**﴾ ''اے میرے رب میں نے ان میں کا ایک نفس کو مار ڈالا ہے'' کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے اس اقرار کے بعد ولایت پائی۔ بعض علماء تعبیر نے کہا ہے کہ خواب میں قتل ہونا نماز کو ترک کرنے اور اس کے انکار کی علامت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱۱) خواب میں اپنے بچے کو قتل کرنا بیداری میں رزق ملنے کی دلیل ہے۔ (۱۲) خواب دیکھا کہ اس نے دو سوافراد کو مار ڈالا تو تعبیر ہے کہ اس کے دو سو درہم قرض میں سے ادا ہوں گے۔ اور اس کا غم دور ہوگا۔ (۱۳) خواب میں اللہ تعالیٰ کے راستے میں مارا جانا تجارت سے منافع کمانے اور وعدوں کو پورا کرنے کی دلیل ہے۔ کبھی اس کی دلالت صاحب خواب کے مطعون ہو کر غرق ہونے کی صورت میں یا درد شکم میں مرجانے پر ہوتی ہے۔ اور کبھی مارا جانا ظاہر نعمت اور طویل دنیا ملنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## قتال اہل البغی (باغیوں کے ساتھ لڑنا)

(۱) خواب میں باغی کو قتل کرنا بیداری میں دین کی یا ماں باپ کی یا بیوی کی غیرت پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ خواب میں باغیوں کے گروہ میں سے ہو گیا تو ڈر ہے کہ وہ دین سے پھر جائے گا یا دین کا مخالف ہوگا اور ان لوگوں کی اطاعت سے نکلے گا جن کی اطاعت اس پر واجب ہے اور نماز وغیرہ کو چھوڑ دیگا۔

## قسامہ (قسم کھا کر کسی چیز کو حاصل کرنا)

اس کی دلالت غموم وہموم اور تہمتوں اور سخت قسم کی قسم کھانے پر ہوتی ہے۔ کبھی اس کی دلالت صوم اور کبھی عتق پر بھی ہوتی ہے۔

## قرض

(۱) قرض دینا خواب میں قرض دینے والے کے لئے صدقہ ہے اور قرض لینے والے کے لئے محتاج ہونے کی دلیل ہے۔ اور کبھی اس کی تعبیر نازل ہونے والی مصیبتیں ہیں۔ (۲) قرض لینا گناہ گار کے لئے توبہ پر اور کافر کے لئے اسلام لانے، اور فقیر کے لئے غنی ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) اگر کسی نے ایسی چیز کو قرضہ میں دیا جس کی سائل کے نزدیک قیمت ہے تو یہ اس کے اللہ تعالیٰ کے ساتھ حسن معاملہ کی دلیل ہے۔ (۴) خواب میں قرض دینا بیداری میں ایثار اور سخاوت پر دلالت کرتا ہے۔ (۵) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے لئے قرضہ دیا ہے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں مال خرچ کریگا یعنی جہاد میں۔ (۶) کسی مریض نے دیکھا کہ وہ مقروض ہے تو یہ اس کے مرض کی شدت پر دلالت کرتا ہے۔ (۷) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے کسی سے قرض لیا ہے اور اسے مل گیا تو یہ اس کی موت پر دلالت کرتا ہے۔ (۸) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا قرض خواہ مر گیا ہے تو دلیل ہے کہ غم سے نجات پائے گا۔ اگر غلام نے دیکھا کہ اس کو کوئی قرضہ دے رہا ہے تو اس کا مرتبہ اسکے آقاء کے نزدیک بلند ہوگا۔

## قرص (سانپ وغیرہ کا کاٹنا، چٹکی لینا)

(۱) خواب میں کسی انسان کی چٹکی لینا اس کے مال پر لالچ کرنا ہے اور بقدر چٹکی اس کو مال حاصل ہوگا۔ (۲) اگر کسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے کسی کی گردن پر چٹکی لی تو دلیل ہے کہ وہ اس کی بیوی کے ساتھ بدنام ہوگا۔(۳) اگر کسی کے پیٹ پر چٹکی لی تو اس کے خزانہ کے مال پر طمع کرے گا۔(۴) اگر اس نے کسی کے ران پر چٹکی لی تو وہ اس کے قبیلہ کے مال کا ضرورتمند ہے۔(۵) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کو زہریلے جانور نے کاٹا ہے تو اس کی طرف بری بات منسوب ہوگی نیز اسی طرح کی تعبیر ہاتھ پر کاٹنے کی ہے۔کبھی خواب میں سانپ اور بچھو کا کاٹنا حرام مال کی کمائی اور اس کی جزاوسزا پر دلالت کرتا ہے۔

## قُبلۃ (بوسہ دینا)

(۱) خواب میں بوسہ دینا ضرورت کے پورا ہونے اور دشمن پر فتح یاب ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۲) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے کسی آدمی کو بوسہ دیا ہے یا اس کے ساتھ شہوت سے سویا اور ملاپ کیا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا۔(۳) اگر بوسہ شہوت کے ساتھ ہے تو فاعل مفعول بہ سے کوئی بھلائی حاصل کریگا۔یعنی احسان، تعلیم وغیرہ۔(۴) اگر بوسہ بغیر شہوت کے ہو تو مفعول فاعل سے کوئی فائدہ حاصل کریگا۔(۵) اگر کسی نے کسی بچہ کو بوسہ دیا تو صاحبِ خواب اور بچے کے والد کے درمیان محبت ہے۔(۶) اگر کسی نے کسی کی لونڈی کو بوسہ دیا تو دلیل ہے کہ اس کی آقا کے ساتھ دوستی ہوگی۔(۷) اگر آزاد عورت کو بوسہ دیا تو اس کے شوہر کے ساتھ دوستی ہوگی۔(۸) اگر کسی بادشاہ کو بوسہ دیا تو وہ اس کی جگہ لے گا۔(۹) اگر قاضی کو بوسہ دیا تو وہ اس کی بات کو قبول کریگا۔(۱۰) اگر قاضی نے صاحبِ خواب کو بوسہ دیا تو وہ قاضی سے خیر حاصل کریگا۔یہی تعبیر پیش امام اور والد وسرپرست کی ہے۔

(۱۱) اگر والد نے دیکھا کہ اس نے اپنے بیٹے کو بوسہ دیا تو اگر بیٹا بالغ ہے تو باپ بیٹے سے نفع حاصل کریگا یا بیٹا باپ سے نفع حاصل کریگا۔(۱۲) اگر والد نے اپنے بیٹے کو شہوت کے ساتھ بوسہ دیا تو والد نے جو مال جمع کیا ہے اپنے بیٹے کو دینا چاہتا ہے۔(۱۳) اگر بوسہ بغیر شہوت کے ہو تو والد اپنے بیٹے سے یا اس کی ماں سے مال، خوشی اور رشک سے حاصل کریگا۔(۱۴) اگر کسی مرد نے دیکھا کہ اس کی دونوں آنکھوں پر کسی شخص نے بوسہ دیا ہے تو اس کا نکاح ہوگا۔(۱۵) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کی آنکھ کو کسی انسان نے بوسہ دیا تو وہ عورتوں اور مردوں کو جمع کریگا۔اس کو چاہیے کہ اللہ سے ڈرے۔(۱۶) خواب میں اپنے محبوب کے ہونٹوں پر بوسہ دینا بیداری میں دینار ملنا ہے۔

(۱۷) رخساروں کو بوسہ دینا درہم ملنے کی دلیل ہے۔(۱۸) خواب میں عورت کو بوسہ دینا محبوب کی طرف سے قبولیت سلام کی دلیل ہے۔(۱۹) بوڑھی عورت کو بوسہ دینا بری بات سے معذرت کرنے کی دلیل ہے۔(۲۰) نوجوان لڑکیوں کو بوسہ دینے کی تعبیر شراب کی تلاش ہے۔(۲۱) اگر خواب میں عالم آدمی کسی خوبصورت کو بوسہ دے تو وہ قرآن پاک کی تلاوت کریگا۔اگر وہ دنیا سے محبت کرتا ہے تو وہ دنیا ہے۔(۲۲) اگر کسی نے اللہ تعالیٰ کے دائیں ہاتھ کو بوسہ دیا ہے وہ حج کریگا اور حجر اسود کو بوسہ دیگا۔(۲۳) اگر کسی نے دیکھا اس نے اللہ تعالیٰ کو بوسہ دیا ہے تو وہ قرآن پاک کو بوسہ دیگا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یا اللہ تعالیٰ کے نام کو بوسہ دیگا۔ (۲۴) اگر کسی نے دیکھا اللہ تعالیٰ نے اس کو بوسہ دیا ہے تو اس کے اعمال اللہ تعالیٰ کے نزدیک مقبول ہیں۔ (۲۵) کسی نے دیکھا کہ اس نے کسی زانیہ عورت کو بوسہ دیا ہے یا اس سے ہم بستری کی ہے تو دلیل ہے کہ کسی بیوہ عورت سے نکاح کریگا۔ اور اس سے مال اور اولاد حاصل ہوگی۔ اور اسی سال خیر دیکھے گا۔ (۲۶) اگر کسی نے خواب میں کسی معروف مردہ کو بوسہ دیا تو اس کے چھوڑے ہوئے مال اور علم سے فائدہ اٹھائے گا۔ (۲۷) اگر اس نے کسی انجان مردہ کو بوسہ دیا تو اس کو ایسی جگہ سے مال ملے گا جہاں سے ملنے کی امید نہ ہو۔ (۲۸) اگر کسی مردہ نے اس کو بوسہ دیا تو اس مردہ کی طرف سے یا اس کے بیٹے کی طرف سے کوئی بھلائی حاصل ہوگی۔ (۲۹) اگر کسی نے معروف یا مجہول مردہ کو شہوت کے ساتھ بوسہ دیا تو وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا۔ (۳۰) اگر کسی مریض نے کسی مرد کو بوسہ دیا تو وہ اس کی موت پر دلالت کرتا ہے۔ اگر وہ صحت یاب ہے تو اس کا اس وقت کلام کرنا صحیح نہیں ہے' اس لئے کہ اس نے مردہ کو بوسہ دیا جو ختم ہو چکا ہے۔

## قضاء اللہ وقدرہ (اللہ کا فیصلہ اور اس کی قدرت)

خواب میں اپنے جان و مال میں اللہ تعالیٰ کا فیصلہ کو جاری ہوتے دیکھنا' دلیل ہے کہ وہ اجر کثیر کا مستحق ہوگا یا خوف کا سامنا کریگا مگر اس کا انجام اس کے حق میں اچھا ہوگا۔ بفرمان رسول اللہ ﷺ (**واللہ ما یقضی اللہ بعدہ بقضاء الاو کانت خیرة له فیه**) الحدیث)

## قضاء الدین فی المنام (قرض ادا کرنا)

اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے کسی صاحبِ حق کو قرضہ ادا کیا تو دلیل ہے کہ صلہ رحمی کریگا یا مسکین کو کھانا کھلائے گا۔ اور اللہ تعالیٰ اس کی مشکل کو آسان کر دیں گے۔ یا پھر صاحبِ خواب لوگوں کی اعانت کرے گا' گواہی دیگا یا کفارہ ادا کریگا یا زکوٰۃ ادا کریگا۔ بعض نے کہا ہے کہ حق ادا کرنا سفر سے واپس لوٹنے پر دلالت کرتا ہے۔ جیسا کہ خواب میں سفر سے واپس آنا حق کے ادا کرنے کی علامت ہے۔

## قیام الانسان للّٰہ تعالیٰ فی فعل خیر ولا زالة منکر (اللہ کی رضا کے لئے نیک کام کرنے اور برائی مٹانے کے لئے کمربستہ ہونا)

(۱) اگر صاحبِ خواب اس کا اہل ہے تو دلیل ہے کہ اس سے لوگوں کو نفع ہوگا۔ اگر وہ مریض ہے تو یہ اس کے مرض کے طویل ہونے کی علامت ہے۔ (۲) اس طرح خواب میں کسی چھوٹے بچے سے یہ عمل انجام پانا بیداری میں چلنے میں تاخیر کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## قعود (بیٹھنا)

خواب میں بیٹھنا بیداری میں عاجزی اور کمزوری ہے۔عورت کا بیٹھنا شادی سے رہ جانا ہے۔

## قصد (ارادہ کرنا)

(۱) خواب میں قصد کرنا دنیاوی امور میں میانہ روی اختیار کرنے کی علامت ہے۔غیر شادی شدہ کے لئے خواب میں قصد کرنا مناسب بیوی ملنے کی دلیل ہے' یا اسکی معاشی حالت کی بہتری کی علامت ہے۔یا دین ومذہب کی دلیل ہے جس کے ساتھ وہ مزین ہوتا ہے۔(۲) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ وہ درمیانی چال چل رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ متواضع ہوگا۔

## قوت (طاقت)

(۱) خواب میں کمزوری کے بعد قوت آنا بیماری لمبی ہونے اور زیادہ ہونے کی دلیل ہے۔لیکن اللہ تعالیٰ سے خیر اور لمبی عمر کی امید رکھنی چاہیئے۔(۲) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ اس کی قوت بڑھ گئی ہے تو یہ اسکی دنیاوی یا دینی قوت کے بڑھنے کی علامت ہے۔اور یہ قوت اعمال پر یا دنیاوی سامان پر بھی دلالت کرتی ہے۔ اگر کسی نے دیکھا کہ وہ قوی ہے تو یہ اسکے ضعف کی دلیل ہے۔

## قبض النفس (کسی چیز کو پکڑنا یا تنگ دل ہونا)

خواب میں تنگ دل ہونا بیماری پر دلالت کرتا ہے یا موت پر' جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿ثُمَّ قَبَضْنَاهُ إِلَيْنَا قَبْضاً يَّسِيْــــرًا﴾ ''پھر کھینچ لیا ہم نے اس کو اپنی طرف سہج سہج سمیٹ کر'' خواب میں کسی چیز کو ہاتھ میں پکڑنا تجدید مملکت یا شادی یا لڑکے کی دلیل ہے۔

## قنص (شکار)

خواب میں شکار کرنا غفلت کی دلیل ہے۔بعض عارفین نے کہا ہے کہ جو شکار کے پیچھے چلا وہ غافل ہوگیا۔کبھی خواب میں شکار کرنا بے پردہ عورتوں کے ساتھ اتباع الشہوت کی دلیل ہوتی ہے۔

## قنوط (مایوسی)

خواب میں اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس ہونا بیداری میں شرک کرنے کا اشارہ ہے' یا کسی کو قتل کرنے کی دلیل ہے' یا کسی منع کی ہوئی چیز پر وقوع کی علامت ہے۔البتہ اس کا انجام اچھا ہے۔

## قسوۃ (سخت دل ہونا)

اگر کسی نے خواب میں اپنے دل میں اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے وقت' یا حدیث پڑھتے وقت' سختی پائی تو گناہ کے باجود فائدہ پہنچنے کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## قلیل الشئ (کسی چیز کا کم ہونا)

خواب میں کسی چیز کا زیادہ ہونے کے بعد کم ہونا حرام کمائی پر دلالت کرتا ہے یا سود یا مقروض ہونے کی علامت ہے۔ کبھی کسی چیز کے کم یا زیادہ ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اس لئے کہ قلیل کثیر کی ضد ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ﴿کَمْ مِنْ فِئَةٍ قَلِیْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً کَثِیْرَةً بِاِذْنِ اللّٰهِ﴾ ''بارہا تھوڑی جماعت غالب ہوئی ہے بڑی جماعت پر اللہ کے حکم سے''

## قفر (بے آب وگیاہ میدان)

اس کی دلالت گھر والوں کے برقرار نہ رہنے پر ہوتی ہے۔ جیسا کہ فرمان رسول ﷺ ہے (اقفر بیت لیس فیه خل)

## قفز (کودنا)

(۱) خواب میں ایک ٹانگ کے ساتھ کودنا نقل مکانی کی دلیل ہے' اگر یہ کودنا طویل ہو جائے تو دلیل ہے صاحب خواب سفر کریگا۔ (۲) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ فٹ بال کو ٹانگ مار رہا ہے یا چھریوں کے ساتھ کھیل رہا ہے تو اس کام کے عادی کے لئے یہ خیر کی دلیل ہے اور اگر اس کا عادی نہیں تو سخت مشکل میں پڑنے کی علامت ہے۔

## قفیز (ایک پیمانہ)

خواب میں اسکی رویت غم اور خوشی دونوں پر دلالت کرتی ہے یا اس پیمانہ پر جس سے چیزیں' گندم وغیرہ' وزن کی جاتی ہیں۔

## قربان (قربانی کرنا)

خواب میں قربانی کرنا بیوی پر یا ایسے لڑکے پر دلالت کرتا ہے جس کی وجہ سے اس کو عزت ملے یا ایسی چیز پر دلالت کرتا ہے جس کے ذریعے وہ عمل صالح کر سکے۔ کبھی اس کی دلالت غم اور رشتہ داروں میں جھگڑے پر۔ اور جہاد وشکار سے فائدہ حاصل کرنے پر ہوتی ہے۔ اس کا بیان باب ''الف'' ''الاضحیہ'' میں یعنی قربانی کے تحت گزر چکا ہے۔

## قدوم القطع (تیشہ)

جس حالت میں ہے اسی حالت میں برقرار رہنے سے اس کی تعبیر کی جاتی ہے۔ اور قدوم کی دلالت مندرجہ ذیل پر بھی ہوتی ہے۔ معیشت' رزق' غلاموں' بچوں یا بیوی کیطرف سے فائدہ وغیرہ' اور اس کی دلالت کبھی محتسب پر اور کبھی ادب سکھانے والے استاذ اور بدمزاجوں کی اصلاح کرنے والوں پر بھی ہوتی ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت مصاحب کے منہ' خادم اور غلام پر بھی ہوتی ہے۔ بقول بعض اس کی تعبیر مفاد پرست' لالچی شخص ہے۔ اور بعضوں کے نزدیک اس کی تعبیر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



زبان دراز عورت ہے۔ کبھی اس کی دلالت غائب کے گھر آنے پر بھی ہوتی ہے۔

## قدوم الغائب من السفر (غائب کا سفر سے آنا)

(۱) خواب میں غائب کا سفر سے آنا غم کے دور ہونے اور بیماری کے بعد صحت یاب ہونے یا کسی چیز کے ٹوٹنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) اگر صاحب خواب مشقت کرتا، اور اس کے آنے کا اہتمام کرتا ہے تو غائب کا خواب میں آنا طلب یا جس چیز سے ڈرتا ہے اس کے وقوع پر دلالت کرتا ہے۔

## قدم (پاؤں)

(۱) خواب میں پاؤں آدمی کے مال کی رونق اور اسکی پائداری اور اسکے نیک اعمال اور امور پر اسکے اعتماد کی دلیل ہے۔ (۲) پاؤں کی انگلیاں آدمی کی لڑکیوں کی خوبصورتی اسکی لونڈیاں اور خدمت گار لڑکے ہیں۔ (۳) پاؤں کی ہڈیاں وہ مال ہے جس پر اسکی معیشت کا دارومدار ہے۔ (۴) ان میں سے کسی چیز کو دیکھا کہ وہ آسمان پر چڑھ رہی ہے تو دلیل ہے کہ مر جائے گا۔ خواب میں دونوں پاؤں پر بال آجانا دین غالب ہونے کی دلیل ہے۔ اور دونوں پاؤں اسکی سواری اور مال پر دلالت کرتے ہیں اور خوبصورتی کی دلیل ہے۔ (۵) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ اسکے دونوں پاؤں کٹ چکے ہیں تو دلیل ہے کہ اسکی سواری ہلاک ہوگی اور مال ختم ہو جائیگا۔ (۶) اگر کسی نے دیکھا کہ اسکے دو زائد پاؤں ہیں تو اسکی معیشت زیادہ ہوگی۔ (۷) خواب میں پاؤں کی خوبصورتی صاحب خواب کے لئے دین و دنیا کی اچھائی ہے۔ (۸) اگر خواب میں کسی مردہ کے پاؤں خوبصورت ہو گئے تو اسکے اہل جنت میں سے ہونے کی دلیل ہے۔ (۹) اگر گناہ گار آدمی نے دیکھا کہ اسکے پاؤں خوبصورت ہیں تو یہ اسکے گناہوں سے توبہ کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۰) اگر کافر نے دیکھا کہ اسکے پاؤں خوبصورت ہیں تو یہ اسلام قبول کرنے کی بشارت ہے۔ کبھی یہ معاملات میں آگے بڑھنے اور حسن عافیت پر بھی دلالت کرتا ہے۔ کبھی پاؤں کی خوبصورتی نمازوں کو پورا کرنے پر دلالت کرتی ہے۔ کبھی پاؤں ان چیزوں پر بھی دلالت کرتا ہے جو اس کے معین و مددگار ہیں مثلاً سردار، لڑکے، والدہ، جانور، سواری، پیشہ اور مال وغیرہ۔

## قفا (گدی)

(۱) گردن کی دلالت ان چیزوں پر ہوتی ہے جو انسان کے دین و دنیا، ذلت و عزت، آگے بڑھنے یا پیچھے رہنے، تعریف کرنے یا شکریہ ادا کرنے کے اسباب ہیں۔ اور کبھی گدی کی دلالت کسی کے نقش قدم پر چلنے پر بھی ہوتی ہے۔

(۲) خواب میں گردن کا اچھی صفات کے ساتھ متصف ہونا مثلاً مضبوط ہونا یا سفید و چمکدار ہونا یا اس سے خوشبو آنا یا اس سے نور چمکنا یا لوہے کی ہونا اس چیز کے ہونے کی دلیل ہے جس کے وہ درپے ہے۔ جیسا کہ دشمنوں سے جنگ کے وقت آگے پیچھے جانا، لڑائی کے وقت پیٹھ نہ پھیرنا۔ صاحب خواب اگر متولی ہو تو اس کا مرتبہ بلند ہوگا۔ یا دلیل ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کہ اس کا قرض ادا ہوگا۔(۳) اپنی گردن کو جھکا ہوا یا اس پر پھوڑے پھنسی دیکھنا اس کی ذلت' قدم اکھڑنے اور قرض تلے دب جانے کی دلیل ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت اس کے نقش قدم پر چلنے اور پردے پر مطلع ہونے پر ہوتی ہے۔(۴) اسی طرح گردن کا موٹی ہونا اللہ تعالیٰ کے مقرر کردہ احکامات کے بجالانے کے لئے قوی ہونے کی علامت ہے۔(۵) گدی کا پیشانی کی طرح ہونا بھاگنے کی دلیل ہے۔(۶) خواب دیکھا کہ کسی انسان نے اس کے گردن پر مارا تو دلیل ہے کہ وہ اپنے رئیس کے لئے سیاست کریگا۔(۷) اپنی گردن پر بال دیکھنا مالدار ہونے کے ساتھ مقروض ہونے کی دلیل ہے۔(۸) بال نہ ہونا مفلس ہونے کی علامت ہے۔ خواب میں گدی کے بالوں کو نہ مونڈنا امانت کو ادا کرنے اور قرض سے سبکدوش ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

## قامت الانسان (انسان کا قد)

(۱) خواب میں انسان کے قد کا لمبا ہونا فتنہ ہے۔ نیز کبھی یہ بخل پر بھی دلالت کرتا ہے اور ایک دوسرے کے مقابلے میں مالی برتری اور آگے بڑھنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۲) خواب میں لمبے قد کا چھوٹا ہونا کوئی اچھا شگون نہیں ہے۔ یہ قدر کی پستی یا موت کے قریب ہونے کی دلیل ہے۔(۳) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ اسکا قد اپنی حد سے بڑھا ہوا ہے یہ بھی اسکی موت کی دلیل ہے یا اپنے مرتبے سے گرنے کی دلیل ہے۔(۴) اگر کسی نے اپنے قد کو چھوٹا پایا تو اسکا عہدہ اس سے چھن لیا جائیگا یا وہ جس عہدہ کا امیدوار ہے اسکو نہیں ملے گا۔(۵) پست قد ہونا مخاصمت اور مخاصمت میں شکست کھانے کی دلیل ہے۔ اسی طرح چھوٹا ہونا جنگ میں مغلوب ہونے اور مخاصمت کی علامت ہے اس لئے کہ چھوٹا ہونا ذلت ہے۔ طالب ولایت کے لئے لمبا قد والا ہونا ولایت ملنے کی بشارت ہے۔ بادشاہ کے لئے اپنی امید کے پورا ہونے کی علامت ہے۔

## قلب (دل)

(۱) دل کو دیکھنا مندرجہ ذیل امور پر دلالت کرتا ہے' بہادری معاملہ میں نرمی' ہوشیاری' سخاوت' اخلاق' عادت وغیرہ اور کبھی قلب کی دلالت دشمنوں پر کامیابی سے ہوتی ہے۔(۲) دل کا گھبرانا حق کی طرف راہ پانے کی دلیل ہے۔ لقولہ تعالیٰ ﴿حتی اذا فزع عن قلوبھم﴾ الایۃ) ''یہاں تک کہ جب گھبراہٹ دور ہو جائے ان کے دل سے'' دل بدن کا بادشاہ ہے' اس سے دینی اور دنیاوی امور کو سرانجام دینے والا اور اس کے باطن وظاہر کا محافظ ہے' چنانچہ خواب میں دل میں صلاح وفساد پیدا ہونا بیداری میں مذکورہ اشیا میں صلاح وفساد کی دلیل ہوتا ہے۔(۳) خواب دیکھا کہ اس کا دل اس کے پیٹ سے نکل گیا تو دلیل ہے کہ اس کا دین اچھا ہوگا۔ بعض اہل تعبیر کے نزدیک دل کی تعبیر عورتیں ہیں۔(۴) کسی مریض نے اگر دل دیکھا تو اس کا دین اچھا ہوگا۔(۵) کسی مریض نے دیکھا کہ اس کا دل ٹوٹ گیا تو دلیل ہے کہ وہ اپنی بیماری سے تندرست ہوگا۔ اور کبھی اس کی دلالت خواب دیکھنے والی عورت پر ہوتی ہے۔(۶) دل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



انسان کا دین اور اس کی ذکاوت ہے۔ چنانچہ خواب میں دل کو آنکھوں والا دیکھنا اس کے فہم وفراست اور دینی درستگی پر دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی دل کی دلالت انسان کے سربراہ، امیر اور معاملات کی تدبیر کرنے والے پر بھی ہوتی ہے۔(۷) خواب دیکھا کہ اس کا دل پیٹ سے اچک لیا گیا ہے یا اس کو اٹھالیا گیا ہے تو دلیل ہے کہ دین میں فساد پیدا ہونے کی وجہ سے یا عقل کے چلے جانے کی وجہ یا کسی اور وجہ سے دل پر خوف طاری ہوگا۔(۸) خواب میں دل کو سیاہ یا بخیل پانا ایسے گناہ کے ارتکاب کی دلیل ہے جو اس کے دل کو ہدایت سے اندھا کریگا۔ اور اگر صاحب خواب متقی، پرہیزگار و خشیت الٰہی کا حامل ہو تو اللہ تعالیٰ کا خوف رکھنے کی وجہ سے کوئی چیز اس کو نہیں روک سکتی۔ کبھی اس کی تعبیر کسی معزز انسان کی حالت کی تبدیل کی وجہ سے ٹوٹ جانے سے کی جاتی ہے۔ اور دل تدبیر کا بھی محل ہے۔ چنانچہ خواب میں دل میں درد محسوس کرنا سوءِ تدبیر پر دلالت کرتا ہے۔(۹) اپنے دل میں مرض دیکھنا منافقت کی علامت ہے۔ اور بادشاہ کا قلب اس کی فوج سے عبارت ہے۔

www.KitaboSunnat.com

## قلق (بے قرار ہونا، مضطرب ہونا)

(۱) خواب میں بے قراری، پشیمانی اور استغفار کی دلیل ہے۔(۲) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ بے قرار ہے تو دلیلِ ندامت ہے اور گناہ کے صدور کی وجہ سے استغفار کرنے والا ہے اور اپنے نفس کو ملامت کرے گا۔

## قلم

(۱) خواب میں قلم دیکھنا علم امر اور نہی اور اولاد پر دلالت کرتا ہے۔(۲) جو بھی پیشہ والا آدمی خواب میں اپنے پیشہ کے تمام اوزاروں کو جمع کر کے کامل طور ان سے فائدہ اٹھاتا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے پیشہ سے بڑا فائدہ اٹھائے گا۔(۳) اگر اس نے دیکھا کہ وہ اپنے پیشہ کے ایک آلہ سے فائدہ اٹھاتا ہے تو وہ اپنے اس پیشہ کی وجہ سے فقر سے محفوظ رہے گا۔(۴) اگر کاتب خواب میں اپنے آپ کو زرہ پہنے ہوئے دیکھے یا اپنے ہاتھ میں قلم یا کوئی ورق دیکھے تو تعبیر ہے بادشاہ کی خدمت کی وجہ سے فقر سے بچ جائے گا۔ قلم ہر چیز کو درست کرنے والا ہے۔ قلم کی تعبیر ایسا آدمی ہے جو نان نفقہ کا ذمہ دار ہے۔ اگر ایسا نہ ہو تو وہ ایک حسین، کریم، دیندار، آزاد عورت سے نکاح کریگا۔ بعض نے کہا ہے کہ قلم کاتب بیٹے کی دلیل ہے۔(۵) اگر کسی کو خواب میں قلم ملا تو دلیل ہے کہ اس کو علم حاصل ہوگا۔(۶) اگر اس قلم سے لکھا بھی تو وہ اس قلم کے ذریعے علم حاصل کریگا۔ قلم ولایت کی بھی دلیل ہے۔(۷) اگر کسی نے اپنے ہاتھ میں قلم دیکھا اور اس کے ساتھ ایک اور قلم ہے تو دلیل ہے کہ بھائی اس کے ساتھ رہے گا۔ اگر اس کی والدہ حاملہ ہے تو اس کا ایک اور بھائی پیدا ہوگا۔(۸) بہت سے قلم دیکھنا رزق کے آمد کی دلیل ہے۔(۹) اگر کسی والی نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں قلم ہے اور اس نے قلم بادشاہ سے لیا ہے تو دلیل ہے کہ بلند رتبہ اور نافذ ہونے والا معاملہ حاصل کریگا۔ اگر وہ معزول ہوا ہے تو اپنے عہدہ پر دوبارہ فائز ہوگا۔(۱۰) قلم دوات کے ساتھ دیکھنا حاملہ کے لئے لڑکا ہے۔(۱۱) اپنے ہاتھ میں قلم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دیکھنا قسم پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿ن والقلم﴾ (۱۲) اگر کاتب نے خواب دیکھا کہ اس کے قلم کے ساتھ کوئی حادثہ پیش آیا ہے تو دلیل ہے اس کے پیشے اور معیشت میں کوئی حادثہ پیش آئیگا۔ (۱۳) اگر کسی نے اپنے آپ کو دوات میں قلم ڈالتے ہوئے دیکھا تو اشارہ ہے کہ فاشی میں مبتلا ہوگا۔ قلم ایسی چیز پر دلالت کرتا ہے جس کے ذریعہ یا جس کے سبب سے وہ حکموں کی تنفیذ کرے۔ مثلاً بادشاہ، عالم اور حاکم، زبان اور تلوار وغیرہ۔ کبھی قلم کی دلالت ذکر پر ہوتی ہے اور سیاہی کی نطفہ پر اور لکھا ہوا منکوحہ پر دلالت کرتا ہے۔ کبھی قلم کی دلالت ہل پر بھی ہوتی ہے اور انگلیاں اس کے بیل ہیں اور سیاہی اس کے بیج ہیں۔ اور قلم کی دلالت سخاوت اور کرم پر بھی ہوتی ہے اور کبھی قلم کی دلالت صاحبِ راز آدمی کے رازدان پر ہوتی ہے اور کبھی قلم کی دلالت دشمنوں پر غلبہ پانے پر ہوتی ہے۔ خواب میں قلم القدرت دیکھنا اپنے لئے یا کسی دوسرے کے لئے قسم کھانے کی دلیل ہے۔ (۱۴) قلم کامل صفت کے ساتھ دیکھنا اچھی قسم کی علامت ہے اور ناقص حال میں دیکھنا بری قسم کی نشانی ہے۔ اور کبھی قلم کی دلالت علم پر اور کبھی حفظ پر اور کبھی اچھے پیشے پر اور کبھی درازی عمر اور کبھی رزق پر ہوتی ہے۔

## قرطاس (کاغذ)

(۱) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ وہ ورق پر لکھ رہا ہے تو وہ اس چیز کا منکر ہے جو اسکے اور لوگوں کے درمیان ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ کاتب کی تعبیر غمگین، مصیبت زدہ اور حیران آدمی ہے۔ اللہ تعالیٰ اسکو اپنی طرف راستہ دکھائے گا اور اسکو اس غم سے نجات دے گا۔ (۲) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں ورق ہے تو اسکی حاجت پوری ہوگی۔

## قلقاس (اروی، ترکاری کی ایک قسم)

خواب میں اروی دیکھنا سختی کی علامت ہے۔

## قنو النخل (کھجور کا خوشہ)

اس کی دلالت مال جمع کرنے پر ہوتی ہے۔ اور اس کی دلالت انسان کی قوم اور قبیلے کے ایک فرد پر بھی ہوتی ہے۔

## قشر الجوز واللوز وغیرہ (اخروٹ اور کیلے وغیرہ کا چھلکا)

خواب میں چھلکا دیکھنا صاحب خواب کے لئے کپڑوں کا جوڑا ہے۔ بعض نے چھلکے کی تعبیر حمل کے گرنے سے بھی کی ہے اس لئے کہ چھلکا اپنے اندر والی چیز سے خالی ہوتا ہے۔ جیسا کہ جنین سے عورت خالی ہوتی ہے۔ اور چھلکا ریاء اور فخر اور نفاس پر بھی دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## قراصیاً (درخت جسکا پھل کالے انگور کی طرح ہوتا ہے)

خواب میں اسکی رویت آسانی سے جلدی ملنے والے فائدے کی دلیل ہے۔ نیز مرض کے زائل ہونے اور خوشی وفرحت نصیب ہونے پر بھی دال ہے۔

## قند (شکر)

خواب میں شکر دیکھنا تھکاوٹ سے حاصل کیا ہوا رزق ہے۔ اور اس کی غم سے بھی تعبیر کرتے ہیں۔ کبھی اسکی دلالت قید سے رہائی، مرض سے شفا اور خادم کیلئے سختی سے نرمی ہوتی ہے۔ کبھی اسکی دلالت علم یا قرآن یا کوئی اور صناعت شروع کرنے پر ہوتی ہے۔ کبھی شکر کی دلالت نقد مال پر بھی ہوتی ہے۔

## قرص الخبز (روٹی کا ٹکیا)

خواب میں اسکی دلالت مالِ قلیل پر ہوتی ہے۔

## قدید (سوکھے اور بھنے گوشت کا ٹکڑا)

خواب میں اسے دیکھنا سفر یا معاملات میں ٹال مٹول کرنے یا وضعِ الشئی فی غیر محلّہ یا اداءِ نماز وغیرہ پر دلالت کرتا ہے۔

## قئی (اُلٹی کرنا)

(۱) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے روزہ کی حالت میں قئی کی، اور زبان سے اس کو چاٹا تو دلیل ہے قرض ادا کرنے کی، کبھی دلیل ہے کہ گنجائش کے باوجود قرض ادا نہ کر کے گناہگار ہوگا۔ (۲) اگر اس نے برتن میں قئی کی تو گناہ اور فحاشی سے توبہ کریگا اور اسکی بیوی اس سے حرام مال حاصل کرے گی۔ (۳) اگر قئی سہولت کے ساتھ آئی اور ذائقہ اچھا اور خوشبودار تھا تو صاحبِ خواب دل جمعی کے ساتھ اپنی سرکشی سے توبہ کرے گا۔ (۴) اگر قئی مشکل کے ساتھ آئی اور ذائقہ بدبودار تھا تو وہ کسی مصیبت میں مبتلا ہو کر مجبوراً توبہ کریگا۔ (۵) اگر قئی خون کی ہو تو وہ گناہ اور مال حرام سے توبہ کرے گا۔ (۶) اگر شراب پی کر پھر قئی کی تو وہ مال حرام حاصل کر کے اس کو واپس لوٹائیگا اور اس سے توبہ کرے گا۔ (۷) اگر وہ نشہ میں ہے اور قئی کی تو وہ بہادر آدمی ہے اور اپنے اہل وعیال رکھتے ہوئے مال خرچ کرتا ہے۔ (۸) اگر دودھ پی کر شہد قئی کرے تو وہ توبہ کرے گا۔ (۹) اگر کسی نے خواب میں موتی نگل لیا اور شہد قئی کیا تو وہ قرآن پاک کی درست تفسیر بیاں کریگا۔ (۱۰) اگر دودھ کی قئی کیا تو وہ اسلام سے پھرے گا۔ (۱۱) اگر کسی نے خون پیا اور قئی دودھ یا شہد کیا تو دلیل ہے کہ گناہ اور ظلم سے توبہ کریگا۔ اس کے پاس کسی آدمی کا مال ہے تو اسے لوٹائے گا۔ (۱۲) اگر کسی نے منہ بھر کر زرد رنگ کا کڑوا پانی ایک مرتبہ قئی کیا تو دلیل ہے کہ گناہوں سے سزا کی ڈر سے رجوع کریگا۔ (۱۳) اگر بلغم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قئی کیا تو وہ خود اپنی طرف سے توبہ کریگا۔ (۱۴) اگر کھانا قئی کرے تو کسی کو کوئی چیز ہبہ کریگا۔ (۱۵) اگر اس نے قئی کو نگل لیا تو کوئی چیز ہبہ کر کے واپس لے گا۔ (۱۶) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ قئی کھا رہا ہے تو اس کو مال حاصل ہوگا اور اسکا ذکر خیر ہوگا۔ (۱۷) اگر کسی نے جلدی جلدی بہت سے قئی کیا تو دلیل ہے کہ مرجائے گا یا ہلاکت کی طرف جائے گا۔ (۱۸) اگر کسی نے کھانا یا بلغم یا خون قئی کی تو یہ خیر اور آسانی کی دلیل ہے۔ (۱۹) اگر کسی نے دیکھا اس نے بہت زیادہ قئی کی ہے تو وہ فقیر کے لئے مال کی دلیل ہے اور صاحب خواب کے لئے بچے کی دلیل ہے یا اس کا کوئی رشتہ دار سفر سے واپس آئے گا۔ (۲۰) اگر قئی کسی برتن میں کی تو اس کا بچہ زندہ رہیگا اور اچھی زندگی گزارے گا اور واپسی کے بعد مسافر ٹھہرے گا۔ (۲۱) اگر قئی زمین پر بہہ پڑی تو والد اور اولاد دونوں جلدی مرجائیں گے۔ (۲۲) اگر کسی نے دیکھا کہ قئی کے ساتھ اس کی انتڑیاں اور جگر وغیرہ نکل آئے ہیں تو دلیل ہے کہ صاحب خواب کا لڑکا مرجائے گا۔ یہ خواب مریض کی موت پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۳) اگر کسی نے خواب میں سانپ قئی کیا تو وہ اگر مریض ہے تو مرجائے گا۔ اگر تندرست ہے تو اپنے دشمن سے جدا ہوگا۔ بعض نے کہا کہ قئی کرنا بے جا مال استعمال کرنے کی علامت ہے قئی کی تمام صورتیں فقیر کے لئے خیر اور بھلائی کی دلیل ہے اور مالدار کے لئے اچھی نہیں سمجھی جاتیں۔ بلکہ ان کے اموال کے لئے نقصان دہ ہیں۔ (۲۴) اگر بادشاہ نے دیکھا کہ اس نے قئی کی ہے تو وہ مظلوموں پر ٹیکس نہیں لگائے گا۔ اور قئی مندرجہ ذیل امور پر دلالت کرتی ہے۔ امانت کو واپس کرنا، راز کو افشاء کرنا، پیٹ کے درد کا زوال، اگر صاحب خواب مریض ہے تو اس کی موت پر۔

## قیح (پیپ)

خواب میں پیپ دیکھنا مال کا بڑھنا ہے کہ صاحب خواب اسکے ذریعہ مدد حاصل کریگا۔ یا بعض نے کہا ہے کہ اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے جسم کے زخم وغیرہ سے پیپ نکلی تو دلیل ہے کہ کسی پر تہمت لگائے گا۔ پیپ یا زرد آب جو زخموں سے یا پھنسیوں سے نکلتا ہے مال حرام کی علامت ہے۔ اور پھوڑے کی پیپ خوشحالی کی دلیل ہے۔

## قرقرۃ (پیٹ کی آواز)

خواب میں پیٹ سے آواز آنا رشتوں کی آپس کی چپقلش اور مقابلے کی علامت ہے

## قشعریرۃ (کپکپی، لرزہ)

اس کی دلالت اللہ تعالیٰ سے ڈرنے پر ہوتی ہے۔

## قنطار (مال کثیر)

خواب میں مال کثیر دیکھنا فقیر کے لئے مال کثیر ہے۔ دلیل اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿وَالْقَنَاطِيرِ الْمُقَنطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ﴾ الآیۃ) ''اور خزانے جمع کیے ہوئے سونے اور چاندی کے''۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## قیراط (نصف دانق)

خواب میں اس کی رویت قرض کی وجہ سے غم میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

## قطران (چیڑ کا تیل، تارکول)

خواب میں چیڑ کے تیل کی تعبیر ایسے آدمی سے کی جاتی ہے جو مفسدین کو فساد سے روکتا ہے اس لئے کہ یہ تیل کیڑوں کو مارتا ہے۔ اگر کسی نے خواب میں اس تیل کو لگایا یا اس کے کپڑے پہنے تو اشارہ ہے کہ گناہوں میں داخل ہوگا۔ دلیل اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿ سرابیلھم من قطران ﴾ ''کرتے ان کے ہیں گندھک کے''۔

## قرمۃ (لکڑی کا تیر)

اس کی دلالت اپاہج ہونے، حرکت سے عاجز آنے پر ہوتی ہے۔ موچی اور قصاب کے لئے رزق وفوائد کی علامت ہے جبکہ تیز کیا گیا ہو۔ اور اگر ایسا نہیں ہے تو کاریگری میں کجی آنے اور فوائد کے معطل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

## قمین (اینٹیں پکانے کی بھٹی)

اس کی دلالت غموم، مقصد میں ناکامی اور شبہات میں پڑنے پر ہوتی ہے۔ اور خاص قسم کے پتھروں کی بھٹی علماء کے بارے میں بری باتیں کرنے کی دلیل ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ﴾ الآیۃ) ''اوران (پتھروں) میں ایسے بھی ہیں جو گر پڑتے ہیں اللہ کے ڈر سے'' پکی اینٹوں کی بھٹی، بغاوت، ظلم اور ناشکری کرنے پر دلالت کرتی ہے، اس لئے کہ یہ فرعونوں کی ایجاد کردہ ہیں۔ اور کبھی بھٹی کی دلالت جہنم اور اہل جہنم پر اور کبھی قیدی اور قید خانہ پر بھی ہوتی ہے۔

## قاعدۃ الاحجار (سنگ بنیاد)

اگر کسی نے خواب میں سنگ بنیاد دیکھا تو اس کی تعبیر علماء یا علماء کے سواریاں اور ان کی مجالس اور وہ کشتیاں ہیں جس پر علماء سفر کریں گے۔ کبھی بنیادوں کی رویت عورت کے نکاح سے رہ جانے پر دلالت کرتی ہے۔ دلیل اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿ والقواعد من النساء ﴾ ''اور جو بیٹھ رہی ہیں گھروں میں تمہاری عورتوں میں سے'' کبھی سنگ بنیاد کی دلالت مرد کے زیر کنٹرول عورت پر ہوتی ہے کبھی یہ سنگ بنیاد اعلیٰ پختگی یا فنی مہارت جس پر اس کا اعتماد ہے یا دین کی بنیاد کی دلیل ہوتی ہے۔ اگر کوئی آدمی خواب میں بنیاد کا مالک بن گیا تو یہ ازواج اور اولاد اور علم پر دلالت ہوتی ہے۔ کبھی یہ خواب صاحب خواب کی بیماری پر دلالت کرتا ہے۔ جامع مسجد کی بنیادوں کی تعبیر نیک قوم ہے، کبھی اس کی بنیادیں نیک اور پاک دامن عورت ہیں۔ گھر اور گرجوں کی بنیادیں گمراہ اور غافل اور ہوا پرست لوگ ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب الکاف

## کوثر (حوضِ کوثر)

(۱) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ حوضِ کوثر سے سیراب ہو رہا ہے تو وہ عالمِ باعمل ہوگا اور اس کو صحیح یقین حاصل ہوگا اور نبی ﷺ کی سچی اتباع کرنے والا ہوگا۔ اگر کافر ہے تو وہ مسلمان ہوگا اگر گناہ گار ہے تو وہ گناہوں سے تائب ہوگا اور اگر بدعتی ہے تو سنت کی طرف لوٹے گا۔ یا دلیل ہے کہ فاجرہ بیوی سے خلاصی ہوگی اور نیک بیوی ملے گی اور کسبِ حرام سے کسبِ حلال کی طرف لوٹ جائے گا۔ (۲) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ آبِ کوثر پی رہا ہے تو اس کو ریاست ملے گی اور کامیاب ہوگا اور دشمن پر فتح یاب ہوگا۔ دلیل اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ﴾ ''ہم نے آپ کو کوثر عطا کیا''۔

## کعبہ

(۱) خواب میں کعبہ دیکھنے کی تعبیر خلیفہ اور وزیر اور رئیس ہے۔ یا دلیل تزویج ہے۔ (۲) کبھی خواب میں کعبہ میں داخل ہونا بیداری میں اسمیں داخل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ خواب میں کعبہ دیکھنا پیش ہونے والی خیر یا آنے والے شر کے دفع ہونے کی دلیل ہے۔ (۳) اگر کسی نے خواب میں کعبہ میں نماز پڑھی تو اس کو رئیس یا شریف امام کا قرب حاصل ہوگا اور دشمن سے مامون رہے گا۔ اور خیر نصیب ہوگی۔ (۴) اگر وہ بیت اللہ میں داخل بھی ہوا تو دلیل ہے خلیفہ کے پاس جائے۔ (۵) اگر اس سے کوئی چیز لی تو وہ خلیفہ سے کچھ حاصل کریگا۔ (۶) خواب میں کعبہ کے دیواروں میں سے کسی دیوار کا گرنا خلیفہ کی موت پر دلالت کرتا ہے۔ (۷) اگر کوئی کعبہ میں جا کر کچھ بھی مناسک ادا نہیں کیا تو تعبیر ہے وہ اللہ تعالیٰ کے مقرر کردہ فرائض قائم کرنے کی حالت میں مریگا' یا تعبیر ہے کہ اپنی قسم کا کفارہ ادا کریگا۔ (۸) خواب میں کعبہ کی طرف نظر کرنا ڈر سے مامون ہونے کی دلیل ہے۔ اگر اس کو خواب میں مکہ کا حاکم بنایا گیا تو بیداری میں اس کو امام کے معاملہ کا آمر بنایا جائے گا۔ (۹) اگر کسی نے خواب میں کعبہ سے انار چرایا تو وہ اپنی کسی ذی محرم کے ساتھ بدنام ہوگا۔ (۱۰) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ کعبہ کی طرف جا رہا ہے یا اس کے سامنے آگیا تو وہ اپنی اصلاح کریگا۔ (۱۱) اگر صاحب خواب مکہ میں مُردوں کے ساتھ ہے اور وہ اس سے سوال کر رہے ہیں تو دلیل ہے وہ شہادت کی موت مر جائے گا۔

(۱۲) اگر کوئی خواب میں کعبہ کو اپنے گھر کے اندر دیکھے تو وہ مرتے دم تک لوگوں میں قوت و شہرت اور خداموں والا رہیگا۔ (۱۳) لیکن اگر کعبہ کو بری شکل میں دیکھے تو یہ صاحب منزل کے لئے اچھا شگون نہیں ہے۔ (۱۴) اگر کسی نے اپنے گھر کو کعبہ پایا تو وہ امام کے ساتھ رہے گا کیونکہ کعبہ مسلمانوں کا امام ہے۔ (۱۵) اگر کسی نے خواب میں کعبہ کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اوپر نماز پڑھتا ہوا خود کو دیکھے تو اشارہ ہے وہ اسلام سے مرتد ہوگا۔(۱۶) اگر کسی نے حرم میں داخل ہو کر کعبہ کی چھت پر نماز پڑھی تو وہ خیر پائے گا اور ولایت پائے گا۔اور ہر جگہ سے ٹیکس حاصل کرے گا مگر بد مذہبی کے ساتھ۔(۱۷) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کعبہ کے اوپر سے چھلانگ لگا رہا ہے تو دلیل ہے وہ سنت کی مخالفت کریگا۔اور اہل ہوا کے مذہب میں داخل ہوگا۔(۱۸) اگر کسی نے دیکھا کہ فرشتے نے آسمان سے اتر کر کعبہ کے ستون کو اٹھا کر دوسرے شہر میں رکھدیا تو اگر شہر میں فتنہ واقع ہو تو حاکم وقت بھی اسی میں موجود ہوگا۔(۱۹) اگر کسی نے خواب میں کعبہ کو ویران دیکھا تو دلیل ہے وہ بے نمازی ہے۔(۲۰) اگر کسی نے کعبہ میں کمی زیادتی یا اس کو اپنی جگہ سے ہٹا ہوا یا اس کو اپنے حال سے متغیر دیکھا تو اس کی تعبیر امام کے اندر ان حادثات کے وقوع پذیر ہونے سے کی جاتی ہے۔ (۲۱) اگر کسی نے اپنے آپ کو کعبہ کا طواف کرتے یا کوئی بھی نسک کو ادا کرتے دیکھا تو بقدر مناسک اس کے دین کی اصلاح ہوگی۔(۲۲) اگر کسی نے خود کو کعبہ کی طرف متوجہ دیکھا تو دلیل ہے کہ وہ اپنے دین اور دنیا کی اصلاح کے لئے کوشاں ہے۔یا دلیل ہے کہ بادشاہ کی حکومت میں شمولیت کے لئے کوشاں ہے۔(۲۳) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے حج کے مناسک میں سے کچھ کمی کی اور سنت کے خلاف کیا تو یہ اس کے دین کی تحریف کی علامت ہے جیسا کہ نماز میں قبلہ سے ہٹ جانے کی تعبیر بھی دینی تحریف ہے۔ (۲۴) اگر کسی نے اپنے گھر کے اندر کعبہ کو دیکھا اور وہ بادشاہ کا خادم بھی نہیں ہے تو دلیل ہے کہ وہ ایک شریف اور اہل خیر عورت سے شادی کریگا۔اور کعبہ نماز پر بھی دلالت کرتا ہے اس لئے کہ وہ نمازیوں کا قبلہ ہے اور کعبہ مسجد یا جامع مسجد پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ وہ اللہ کا گھر ہے اور ان چیزوں پر بھی دلالت کرتا جس کی اقتداء کی جائے' ان کے ذریعہ ہدایت ملے جیسا کہ اسلام اور قرآن پاک اور سنن' مصحف اور عالم' والد' سردار' شوہر' والدہ وغیرہ۔اور کعبہ جنت پر بھی دلالت کرتا ہے اس لئے کہ وہ بیت اللہ ہے اور اس کو جنت میں لے جایا جائے گا کبھی اس کی دلالت حج کے موسم اور جماعت پر اور استقبال کرنے پر بھی ہوتی ہے۔(۲۵) کسی نے خواب دیکھا کعبہ اس کا گھر بن گیا تو تعبیر ہے کہ بادشاہت یا علم و عمل کی وجہ سے لوگ اس کے دروازے کی طرف دوڑیں گے اور اس میں لوگوں کا ازدحام ہوگا۔یہی خواب اگر غلام دیکھے تو اس کی آزادی کی دلیل ہوگا۔

## کعب (پنڈلی)

(۱) اس کی دلالت جوا باز بیٹے پر ہوتی ہے خواب میں پنڈلی کا ٹوٹ جانا مرنے یا غم اور مصیبت پہنچنے یا سخت شدت والم میں مبتلا ہونے پر دلالت کرتا ہے پنڈلی کو ننگے دیکھنا قوت وشجاعت اور جرأت حاصل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) غیر شادی شدہ لوگوں کے لئے شادی کی دلیل ہے اور ابھرے ہوئے پستانوں کے ساتھ کھیلنا فضول کلام کرنے کی علامت ہے۔کسی مریض کا اپنی پنڈلی کو ٹوٹتی دیکھنا اس کی موت کی علامت ہے۔اور پنڈلی انسان کے مال پر دلالت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرتی ہے۔ چنانچہ پنڈلی کا ضائع ہونا مال کے ضیاع کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔(۳) پنڈلی کا خوبصورت مناسب شکل میں ہونا نیک فال ہے کہ جس کام کا قصد کیا ہے وہ مبارک ہے مثلاً شادی کی سواری یا غلام خریدنا وغیرہ۔(۴) پنڈلی کو زخمی یا سیاہ یا ٹوٹی ہوئی دیکھنا مذکورہ کاموں کے انجام میں نادم ہونے کی دلیل ہے۔(۵) اپنے پاس پنڈلی دیکھنا کئی کنواریوں سے نکاح کرنے کی دلیل ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿ وَكَوَاعِبَ أَتْرَابًا ﴾ ہم عمر ابھرے ہوئے پستانوں والیاں''

## کف الید (ہتھیلی)

(۱) خواب میں اس کو دیکھنا قوت ہے اور ہتھیلی کی کشادگی دنیا کی کشادگی ہے اور اس کی تنگی دنیا کی تنگی ہے۔ چنانچہ ہتھیلی میں کچھ حادثہ ہونا اس کی قوت اور دنیا میں کچھ ہونے کی دلیل ہے۔(۲) اگر کسی نے اپنی ہتھیلی پر بال اُگے دیکھے تو اس کو غم نصیب ہوگا اور مقروض ہوگا۔ بعض نے کہا کہ اس کی تعبیر مال ہے جو اس کے ہاتھ میں بڑھے گا۔(۳) اگر کسی نے اپنی ہتھیلی کے اوپر بال اُگے ہوئے دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کی حالت مضبوط وقوی ہوگی یا تعبیر ہے کہ اس کا مال ختم ہوگا۔ (۴) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کی ہتھیلی آسمان کے ساتھ لٹکی ہوئی ہے اگر صاحب خواب بادشاہ کا ہمنشین ہے تو اس سے نفع حاصل کریگا۔(۵) اگر شکاری ہے تو اس کا شکار زیادہ ہوگا اگر زمیندار ہے تو اس سے نفع حاصل کریگا اور اگر کسی نے دیکھا کہ اس کی ہتھیلی چھوٹی اور نرم ہے تو وہ اپنے نفس میں کمزور اور بزدل ہوگا۔ اور ہتھیلی کی تعبیر دنیا بھی ہے۔ ہتھیلی کی تعبیر معاملات سے رکنا بھی ہے۔(٦) اگر کسی نے ہتھیلی دیکھی تو دلیل ہے کہ وہ کسی معاملہ سے ڈرنے والا ہے اور اس سے باز رہے گا۔(۷) اگر کسی نے اپنی ہتھیلی کشادہ اور خوبصورت دیکھی تو وہ اس کے رزق کی وسعت اور سخاوت کی دلیل ہے۔ (۸) اگر کوئی شخص اپنی ہتھیلی کو بند دیکھے تو یہ اس کے بخل اور قلت خیر کی دلیل ہے۔(۸) اگر ہتھیلی خوبصورت ہے تو یہ شرور سے باز آنے کی دلیل ہے یا اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے رکنے کی علامت ہے۔ یا صدقہ سے رکنے کی خبر ہے۔ (۹) کبھی ہتھیلی کا اچھا ہونا دعاء کی قبولیت پر بھی دلالت کرتا ہے۔ ہتھیلی کو راحۃ بھی کہا جاتا ہے کیونکہ اس کا دیکھنا مشقت سے آرام ملنے پر دلالت کرتا ہے یا دوسرے کے لئے راحت پیدا کرنے کی دلیل ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ ہتھیلی کی دلالت چھ چیزوں پر ہوتی ہے۔ زندگی' مال' ریاست' لڑکا' بہادری' حرام سے دوری۔

## کف عن الشر (برائیوں سے رکنا)

خواب میں برائی سے باز رہنا بیداری میں اللہ تعالیٰ کے اوامر کی بجا آوری اور دشمن پر فتح اور نصرت پر دلالت کرتا ہے۔

## کتف (کندھا)

(۱) خواب میں کندھا دیکھنے کی تعبیر عورت ہے بعض نے دونوں کندھوں کو دیکھنے کی تعبیر قوت سے کی ہے۔ اور اس میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پیدا ہونے والا نقص اور زیادتی انسان کی قوت اور عورت کی طرف منسوب ہے۔(۲) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ اپنے شانے کی طرف دیکھنا چاہتا ہے لیکن دیکھ نہیں پاتا تو تعبیر ہے کہ اس جانب کی آنکھ خراب ہوگی جس جانب سے دیکھنا چاہتا ہے اگر کسی نے خواب میں اپنے کندھے پر بھاری بوجھ دیکھا اور وہ اس کے متحمل بھی نہیں ہے تو یہ اس کے گناہ کے وزن اٹھانے کی دلیل ہے۔

## کبد (جگر)

جگر کی دلالت بہادری کے مقامات پر ہوتی ہے۔(۱) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ اس کا جگر بڑا ہے تو دلیل ہے وہ مہربان اور بہادر آدمی ہے۔(۲) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا جگر زخمی ہو گیا ہے تو دلیل ہے اسکا مدفون مال ظاہر ہوگا۔ جگر غصہ اور رحم کی جگہ ہے۔(۳) کسی نے خواب میں اپنے جگر کی طرف دیکھا اور اس میں اپنا چہرہ نظر آیا تو دلیل ہے وہ مر جائے گا۔(۴) اگر کوئی شخص خواب میں انسان کا جگر کھائے تو ذخیرہ کیا ہوا مال اس کو نصیب ہوگا اور وہ اس کو کھائے گا۔(۵) اگر کسی نے بہت سے جگر بھنے ہوئے یا کچے یا پکے ہوئے کھائے تو وہ خزینہ ہیں جو اس کے لئے کھل جائیںگے۔ اسی طرح دوسرے جانوروں' بکریوں' گائیوں وغیرہ اور مویشی اور درندوں وغیرہ کو خواب میں دیکھنا بھی اس پر دلالت کرتا ہے۔جگر اولاد اور زندگی پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۵) جگر میں چربی دیکھنا عورتوں کی طرف سے مال ملنے کی دلیل ہے۔(۷) اگر کسی نے خواب میں جگر کھایا تو بیٹے کی طرف سے مال اور منفعت حاصل کریگا۔(۸) خواب میں جگر میں درد ہوتے ہوئے دیکھنا اپنے بیٹے یا دوست کے ساتھ بدسلوکی کرنے اور انہی افراد کی طرف سے تکلیف پہنچنے کی دلیل ہے۔(۹) جگر پر پھوڑا نکلنا صاحب جگر کے فاسق ہونے کی دلیل ہے۔خواب میں جگر ٹوٹ جانا صاحب خواب یا اس کے کسی دوست کے مرنے کی دلیل ہے۔(۱۰) خواب میں جگر دیکھنا بادشاہ یا امیر یا کسی مالدار کا باورچی ہونے کی علامت ہے۔ چنانچہ اس میں تغیر ہونا باورچی میں تغیر ہونے کی طرف اشارہ ہے۔اپنے جگر کو اندر سے باہر نکلتا دیکھنا ظلم کرنے پر دلالت کرتا ہے اس کو اچھا نہیں سمجھا گیا ہے۔اور جگر باطل مال ہے۔اگر کوئی نے اپنے جگر کو کھاتا دیکھے اس کو مال نصیب ہوگا جس کو وہ کھائے گا یا اپنی کمائی کا مال کھائے گا۔

## کلیہ (گردہ)

اس کی دلالت معین و مددگار پر ہوتی ہے۔(۱) ایک گردہ کا گم ہونا معین کے گم ہونے کی علامت ہے۔(۲) دونوں گردوں کا لیل ہونا قساوت قلبی کی علامت ہے۔(۳) دونوں گردوں کی دلالت مقام غنی و مقام صواب اور مقام بیان و خطاء پر ہوتی ہے(۴) خواب دیکھا کہ اس کے دونوں گردوں پر چربی ہے۔تو دلیل ہے کہ صاحب خواب مالدار خوب بولنے والا اور درست رائے رکھنے والا مکار شخص ہے۔(۵) دونوں گردوں کا کمزور ہونا اس کے فقیر ہونے اور صائب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الرائے نہ ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۴) گردے کی دلالت بھائیوں' تمام رشتہ داروں اور اولاد پر بھی ہوتی ہے اور اسی طرح اس کی دلالت انگلیوں پر اور انگلیوں کی دلالت گردوں پر ہوتی ہے چنانچہ انگلیوں میں کچھ ہونا گردوں میں کچھ ہونے کی دلیل ہے۔

## کراع (پائے)

پائے کی تعبیر یتیم کا مال ہے۔(۱) اگر کسی نے خواب میں پائے کی ہڈیوں کو چوسا تو دلیل ہے وہ یتیم کا مال کھائے گا۔ بعض نے کہا ہے کہ اگر کسی نے خواب میں پائے کھائے تو وہ معزز لوگوں کا مال کھائے گا اس لئے کہ بکری بنی آدم کے بعد تمام چوپایوں سے افضل ہے۔

## کلام (بات کرنا)

(۱) خواب میں مختلف زبانوں میں بات کرنا بڑی حکومت کے مالک ہونے کی دلیل ہے۔(۲) اسی طرح مردے یا پرندے کا بات کرنا صاحب خواب کے لئے بڑی حکومت' علم اور سمجھداری پانے کی خوشخبری ہے۔(۳) اگر کسی نے دیکھا کہ اونٹ یا اونٹنی یا مینڈھا یا اور کوئی چوپایہ صاحب خواب سے ہم کلام ہو کر کہہ دے کہ ''میں نے خواب دیکھا ہے'' مگر وہ خواب بیان نہیں کر پاتا ہے تو صاحب خواب کے لئے جنگ' جھگڑے' ہلاکت اور ملک ہاتھ سے نکل جانے کی دلیل ہے۔(۴) کسی نے خواب دیکھا کہ کتا' چیتا یا باز اس سے کہہ رہا میں نے خواب دیکھا' یہ حصول غنیمت اور سرور کی بشارت ہے۔ پرندہ کی ہر بات نیک اور خیر ہے۔(۵) کسی کے ساتھ خواب میں پرندہ بات کرے تو یہ صاحب خواب کے بلند مرتبہ ہونے کی دلیل ہے۔(۶) اگر کسی کے ساتھ خواب میں سانپ نرم لہجہ میں بات کرے تو اس کو اپنے دشمن کی طرف سے سرور اور خیر نصیب ہوگی اور لوگوں کو اس سے تعجب ہوگا۔(۷) اگر کسی کے ساتھ چوپائے بات کرے تو وہ مر جائے گا اللہ تعالیٰ کا قول ہے ﴿وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ﴾۔ ''اور جب پڑ چکے گی ان پر بات' نکالیں گے ہم ان کے آگے ایک جانور زمین سے باتیں کریگا''۔(۸) اگر کسی کے ساتھ اس کا سر یا ناک بات کرے تو اس عضو کے مناسب وہ محتاج ہوگا یا اس کو سخت مشکلات درپیش ہوں گی۔ (۹) کسی کے ساتھ درخت یا کوئی ایسی چیز جو صاحب خواب کے موافق ہو' گفتگو کریں اس سے ایسی چیز حاصل ہونے کی دلیل ہے جس سے لوگوں کو حیرانگی ہوگی۔(۱۰) خواب میں بچہ کا بات کرنا خواہ جس کیفیت سے بھی ہو جو کچھ کہا ہو حق ہونے کی دلیل ہے۔ کبھی خواب میں بچہ کا بولنا ناجائز کاموں میں مبتلا ہونے کی علامت ہوتا ہے۔(۱۱) اگر یہی خواب کوئی صاحب خیر دیکھے تو لوگ اس سے عجیب معاملات دیکھیں گے۔ یا وہ خود عجیب خبر سے واقفیت حاصل کریگا۔ یا وہ شہر میں عجیب معاملہ دیکھے گا یا سنے گا۔

(۱۲) جمادات کا بولنا صلح اور نصیحت پر دلالت کرتا ہے۔(۱۳) حیوان کا بولنا کبھی عذاب پر بھی دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱۴) درخت کا بولنا بلند مرتبہ ہونے کی علامت ہے۔(۱۵) مردوں کی باتیں فتنہ ہیں۔(۱۶) درندوں کا باتیں کرنا تنگ دستی کی علامت ہے۔(۱۷) اعضاء و جوارح کا بولنا تکلیف اور گناہ سرزد ہونے پر دلالت کرتا ہے' کسی بھی چیز کا کلام کرنا اللہ یا کتاب سنت رسول ﷺ یا عقل کے مطابق ہوتو یہ محل تعبیر ہے اور اس کلام کو سننے والے کے لئے بہتر ہے اور اس کے مطابق عمل کرنا ضروری ہے۔ اور اگر کتاب اللہ اور سنت رسول کے مخالف ہوتو اسکی کوئی تعبیر ہے اور نہ ہی اس پر عمل کرنا ضروری ہے۔(۱۸) اعضاء میں سے کسی عضو کا ہمکلام ہونا صاحب خواب کے لئے رشتہ داروں' دوستوں اور شریکوں کی طرف سے نصیحت ہے' اس پر عمل کرنا ضروری ہے اس لئے کہ یہ اعضاء قیامت کے دن اس کے خلاف گواہی دیں گے۔(۱۹) حیوان کا کلام کرنا یقین کرنے' بھائیوں کے ساتھ رہائش اختیار کرنے اور اہل الطاعت کے ساتھ مانوس ہونے کی دلیل ہے۔(۲۰) دیوار کا کلام کرنا بھائیوں سے جدائی سے ڈراتا ہے۔ کبھی اس کا کلام کرنا آپس میں مشاجرت پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی اس کا کلام کرنا صاحب خواب کے رفع قدر کی دلیل ہوتا ہے اس لئے کہ یہ نبی ﷺ کے معجزات میں سے ہے یا اس کے مذہب کی سلامتی کی دلیل ہے یا اس کے لئے ہدایت کا ذریعہ ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ موسیٰ علیہ السلام سے درخت کے ذریعے مخاطب ہوا تھا۔(۲۱) دشمن کا خواب میں کلام کرنا مدتِ ہجر ختم ہونے کی دلیل ہے۔(۲۳) خواب میں کلام کرنے میں سبقت کرنا بیداری میں مسبوق ہونے کی علامت ہے۔ یا پھر ایسا ہوگا جیسا کہ دیکھا ہے۔ (۲۴) اگر کسی نے خواب میں غیبی آواز سنی جس میں امر یا نہی یا کوئی زجر یا بشارت ہوتو ایسا ہی ہوگا جیسا دیکھا ہے۔

## کذب (جھوٹ)

(۱) خواب میں جھوٹ بولنا بیداری میں جھوٹی گواہی دینے' دوسروں پر افتراء باندھنے اور مقصد میں کامیاب نہ ہونے کی دلیل ہے۔ جیسا کہ فرمان الٰہی ہے ﴿اِنَّ الَّذِیْنَ یَفْتَرُوْنَ عَلَی اللّٰهِ الْکَذِبَ لَا یَعْلَمُوْنَ﴾ ''جولوگ اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھتے ہیں وہ نہیں جانتے'' اور کبھی جھوٹ بولنا فضول گوئی میں مبتلا ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔(۲) خواب دیکھا کہ کسی نے اس کے کلام کو سن کر آگے نقل کر دیا اور وہ مشہور ہوگیا تو دلیل ہے اس کی غلطیاں بہت ہوں گی۔(۳) اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھنا عقل میں نقص واقع ہونے کی دلیل ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿یَفْتَرُوْنَ عَلَی اللّٰهِ الْکَذِبَ وَاَکْثَرُهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ﴾ ''اور اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھتے ہیں اور اکثر ان میں نہیں جانتے''

## کتاب (خطاط)

(۱) خواب میں کتاب دیکھنا حیلہ اور کاتب حیلہ کرنے والا ہے۔(۲) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا خط خراب ہے تو دلیل ہے وہ لوگوں کو فریب دینے سے باز آئے گا اور توبہ کریگا۔(۳) اگر کسی نے دیکھا وہ کسی صحیفہ پر لکھ رہا ہے تو کسی کی میراث کا وارث ہوگا۔(۴) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ ایک ورق پر لکھ رہا ہے تو وہ اس چیز کا منکر ہے جو اس کے اور لوگوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے درمیان ہے۔ ابن سیرینؒ نے فرمایا ہے۔ (۵) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کتاب لکھ رہا ہے تو تعبیر ہے کہ اس کو مال حرام نصیب ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کا قول ہے ﴿ فَوَيْلٌ لَّهُم مِّمَّا كَتَبَتْ أَيْدِيهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُم مِّمَّا يَكْسِبُونَ ﴾ ''سو خرابی ہے ان کو اپنے ہاتوں کے لکھے سے اور خرابی ہے ان کو اس کمائی سے'' (۶) اگر کسی نے اپنی قمیص پر آیت قرآنی لکھی دیکھی تو دلیل ہے کہ وہ شخص قرآن پر مضبوطی سے عمل کرنے والا ہے۔ (۷) بائیں ہاتھ پر لکھنا برے افعال اور گمراہی کی دلیل ہے کبھی اس کی تعبیر ہوتی ہے کہ اس کا لڑکا زنا کے ذریعہ ہوگا۔ یا وہ شاعر ہوگا۔ (۸) کسی نے دیکھا کہ اس کے بارے میں کوئی دستاویز لکھ دی گئی تو تعبیر ہے کہ اس کو پچھنے لگوانے کا حکم دیا جائے گا۔ (۹) دیکھا کہ اس کو خط لکھا گیا مگر وہ اس کو سمجھ نہیں پا رہا تو تعبیر ہے وہ اللہ تعالیٰ کے فرض کردہ احکامات میں سستی کر رہا ہے۔ اور خط لکھنے والے کو پہچاننا دلیل ہے کہ وہ اس کو دین کے معاملے میں فتنے میں ڈالے گا اور اس کے ساتھ دھوکہ کریگا اور گمراہ کریگا۔ (۱۰) خواب دیکھا کہ وہ صحیح طریقے سے نہیں لکھ پا رہا ہے تو اشارہ ہے کہ وہ جس مصیبت میں مبتلا ہے اس سے نکلنے کے لئے اللہ تعالیٰ اس کو کوئی راہ بتائے گا جس کے ذریعے وہ اس سے نکل جائے گا۔ (۱۱) اگر خط کو مکمل کرنا مشکل ہوا تو اس کا معاملہ مشکل ہوگا۔ (۱۲) کسی نے دیکھا کہ وہ خط لکھ رہا ہے تو وہ بیمار ہو جائے گا اور اس کے مال میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔ (۱۳) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کتابت سیکھ رہا ہے اور اس کی لکھائی اچھی نہیں ہو رہی ہے تو یہ ایسے اچھے کام کرنے پر دلالت کرتا ہے جو اس کو خوف اور مشقت اور تھکاوٹ کے ذریعہ نصیب ہوگا اور وہ اس میں واقع ہوگا۔ (۱۴) کسی کا بیداری میں خط اچھا ہے لیکن خواب میں اس کا خط خراب ہوگیا تو یہ امور کی تعطیل اور خوف اور مشقت پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۵) اگر کسی نے کتاب لکھ کر مکمل کی تو اس کا معاملہ مکمل ہوگا اور اس کی حاجت پوری ہوگی۔ (۱۶) اگر مکمل نہیں کر پایا اور معاملہ مشکل ہوا تو اس کا معاملہ مشکل ہوگا۔

## کِتاب

(۱) خواب میں کتاب دیکھنا قوت ہے۔ (۲) اگر کسی نے اپنے ہاتھ میں کتاب دیکھی تو اس کو قوت اور طاقت ملے گی۔ (۳) کھلی ہوئی کتاب دیکھنا مشہور خبر ہے۔ اگر بند کتاب ہے تو خفیہ خبر ہے اگر وہ کتاب کسی بچہ کے ہاتھ میں ہے تو وہ بشارت ہے۔ کسی لونڈی کے ہاتھ میں دیکھنا خوشخبری ہے۔ کسی عورت کے ہاتھ میں کتاب دیکھے تو اس کا معاملہ حل ہوگا۔ (۴) اگر وہ کتاب کھلی ہوئی ہے اور اس عورت نے نقاب لیا ہوا ہے تو وہ خبر ڈراؤنی اور مشہور ہے۔ اگر وہ عورت خوبصورت اور خوشبو لگائی ہوئی ہے تو ایک اچھی خبر کی دلیل ہے اور اچھی شہرت کی علامت ہے۔ (۵) اگر کسی نے اپنے ہاتھ میں لپٹی ہوئی کتاب دیکھی تو یہ اس کے مرنے کی دلیل ہے۔ (۶) اپنے سامنے کھلی کتاب دیکھنا قابل رشک ہونے' طاقت اور نعمت ملنے کی دلیل ہے۔ (۷) کسی بادشاہ نے خواب دیکھا کہ اس نے ایک سربمہر کتاب (یا خط) کسی انسان کو دیا اور اس نے اس کو واپس کر دیا تو اس کی بھیجی ہوئی فوج کو شکست ہوگی۔ (۸) یہی خواب کوئی تاجر دیکھے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تو اپنی تجارت میں خسارہ اٹھائے گا۔(٩) اگر کسی کو پیغام نکاح دیا ہے تو اس میں کامیابی نہیں ہوگی۔(١٠) خواب میں اپنے دائیں ہاتھ میں کتاب دیکھنا کسی کے ساتھ مخاصمت کرنے یا اس کے بارے میں شک میں مبتلا کے لئے وضاحت کی دلیل ہے۔(١١) تنگ دست اور غمزدہ کے لئے کشادہ دستی اور غم دور ہونے کی بشارت ہے۔(١٢) اپنے وطن سے غائب شخص کے لئے خوش وخرم اپنے وطن کی طرف لوٹنے کی علامت ہے۔(١٣) بائیں ہاتھ میں کتاب دیکھنا اپنے کئے پر نادم ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(١٤) دائیں ہاتھ میں کتاب ہونا خوشحال سال کی علامت ہے۔(١٥) اگر کتاب کسی شخص نے اس سے اپنے دائیں ہاتھ میں لی ہے تو یہ شخص اس سے یا اس کی وجہ سے کوئی قیمتی ترین چیز لیگا۔
(١٦) کسی کافر نے خواب دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں قرآن یا کوئی عربی کتاب ہے تو دلیل ہے کہ وہ ذلیل ہوگا اور غم و حزن میں مبتلا ہوگا۔ یا شدت و تکلیف کا شکار ہوگا۔(١٧) خواب میں کتاب پھاڑنا غم کے ختم ہونے فتنے اور شرور کے دفع ہونے یا بھلائی ملنے پر دلالت کرتا ہے۔ اسی طرح کسی مسلمان کا اپنے ہاتھ میں فارسی کتاب دیکھنا ذلت و مشقت میں پڑنے سے معتبر ہے۔(١٨) خواب میں سر بمہر خط ملنا بادشاہ کے اطاعت گذار ہونے کی دلیل ہے۔ اور بعض اہل تعبیر کے نزدیک خیر ملنے یا ایسی عظیم ریاست ملنے کی بشارت ہے جس میں قریب و بعید سب مطیع ہوں۔ (١٩) اگر کسی عورت کو خطبہ نکاح دینے کے بعد یہ خواب دیکھے تو مہر زدہ ہونا اس کے ساتھ نکاح کے یقینی ہونے کی دلیل ہے۔
(٢٠) خواب دیکھا کہ اس پر آسمان سے کتاب نازل ہوئی اور وہ اس کو سمجھ رہا ہے تو اگر اس میں خیر کی باتیں ہیں تو خیر اور اگر شر کی باتیں ہیں تو شر کی علامت ہے۔ اور کبھی کتاب کی دلالت ہم نشین پر بھی ہوتی ہے اور کبھی کتاب کی دلالت بیماری سے ٹھیک ہونے پر ہوتی ہے۔(٢١) ایسی مجلد کتاب دیکھنا جس کی مندرجات کو سمجھا نہیں جا رہا ہے اپنے پیشے میں خیانت کرنے کی دلیل ہے۔ اور بیع مجہول کی علامت ہے۔ (صاحب کتاب ایک واقعہ نقل کرتے ہیں' فرماتے ہیں) ایک شخص نے مجھ سے کہا کہ میں نے خواب میں تمہیں دیکھا کہ تم بہت ساری کتابیں اٹھا کر میرے گھر میں آئے اور ان کو میرے پاس چھوڑ کر کہا کہ ان کو لے لو۔ تو میں نے اس کی تعبیر بتاتے ہوئے کہا کہ مجھ جیسے شخص کی طرف سے مختلف خبریں تمہیں ملیں گی۔ چنانچہ اس نے کہا بالکل صحیح ہے رات ایسا ہی ہوا ہے۔

## کاتب (لکھنے والا)

(١) خواب میں کاتب دھوکہ باز اور چال باز آدمی پر دلالت کرتا ہے اگر خواب میں کسی کاتب نے دیکھا کہ وہ ان پڑھ ہے تو یہ اس کی عقل اور دین اور تدبیر ختم ہونے کی دلیل ہے اور محتاجی کی علامت ہے۔(٢) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ وہ پڑھا لکھا بن گیا تو دلیل ہے کہ وہ اپنے خلاف سازش کرنے والے کے خلاف تدبیر کرنے پر قادر ہوگا۔
(٣) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کا خط خراب ہے تو وہ گناہوں سے تائب ہوگا اور حیلہ بازی چھوڑ دیگا۔(٤) کسی نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خواب دیکھا کہ وہ کاتب ہے تو وہ غیروں کے کاموں کا اہتمام کریگا مگر اپنا نہیں اور ان سے اس کو مشقت پہنچے گی اور کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔(۵) بیمار کے لئے یہ خواب موت کی دلیل ہے۔خواب میں کاتب ہونا غلام کے لئے اس کی امانتداری اور صلاحیت کی دلیل ہے اور اشارہ ہے کہ عنقریب وہ گھر کا سربراہ بن جائے گا۔اور کاتب کی دلالت پیشہ پر بھی ہوتی ہے۔مثلاً جوتا' قلم' سوئی' تسمے وغیرہ کے پیشے والے پر۔اور کبھی اس کی دلالت سینگ لگانے والے پر بھی ہوتی ہے' اسکے قلم کی دلالت نشتر پر اور سیاہی کی دلالت اس سے نکلنے والے خون پر ہوتی ہے۔قلم رفو کرنے والا کی رقم گننے والے پر دلالت کرتا ہے۔اور کبھی اس کی دلالت کسان پر بھی ہوتی ہے اس کے قلم کی دلالت اس کے کنویں پر اور سیاہی کی دلالت پانی پر ہوتی ہے۔(۶) خواب میں بادشاہ کے منشیوں کو دیکھنا یا اس کی صفت سے متصف ہونا رفع منزلت اور حالات کی درستگی کی دلیل ہے۔(۷) بادشاہ کے کاتبوں کی تحقیر کرنا اور ان کو راستوں میں دیکھنا اس کے مرتبے کے کم ہونے اور بدحالی میں مبتلا ہونے کی علامت ہے جیسا کہ ان کو اچھی حالت میں دیکھنا اصلاح احوال اور عزت کی نشانی ہے۔(۸) انشاء لکھنے والوں کی دلالت عزت و رفعت' ضروریات کی تکمیل اور بادشاہوں کی طرف سے عطایا ملنے' ارباب حکومت' علم اور فہم' فصاحت' ارزاق و فوائد ازواج' اولاد اور اباء' غلام وغیرہ پر ہوتی ہے۔اور رازوں کے لکھنے والوں کی دلالت آنے والی خبروں' زیادت و نقصان اور خفیہ رازوں پر مطلع ہونے پر ہوتی ہے۔(۹) اور کاتب کو راستے میں دیکھنا پولیس والوں کو دیکھنے کی دلیل ہے۔(۱۰) پرہیزگاروں کے لئے کراماً کاتبین کو دیکھنا دنیا و آخرت میں کامیابی اور دخولِ جنت کی بشارت ہے۔

## کتبی (کتب فروش)

خواب میں اسے دیکھنا مندرجہ ذیل امور پر دلالت کرتا ہے' غموں کے دور ہونے' مشکلات کے حل ہونے' عجیب و غریب خبر پر مطلع ہونے اور غیر شادی شدہ کے لئے نکاح کرنے' فاسق کے لئے توبہ کرنے اور کافر کے اسلام قبول کرنے وغیرہ پر۔

## کاغذی (کاغذ فروش)

اس کی دلالت سازشیوں کی مدد کرنے والے پر ہوتی ہے۔

## کوفی

خواب میں کوفہ کے رہنے والے کو دیکھنا بیماریوں سے بچاؤ کی دلیل ہے مثلاً نفع دینے والی دوائیاں کھانا وغیرہ۔کبھی اس کی رویت شرور سے بچاؤ کی علامت ہوتی ہے کوئی خود اور عمامہ پر بھی دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## کداش (ٹکڑے اور ورق وغیرہ جمع کرنے والا)

اس کی دلالت خادم وحلال مال جمع کرنے والے پر ہوتی ہے اور خفیہ رازوں کو اگلنے والے اور بے مقصد سوال کرنے والے پر بھی ہوتی ہے۔

## کعکی (کیک بیچنے والا)

خواب میں اس کی رویت سفر کرنے اور مال جمع کرنے' شر اور جھگڑنے والے پر دلالت کرتی ہے۔

## کتانی (کتان فروش)

خواب میں کتان فروش کی دلالت ذلت اور عورت کی آزمائش میں مبتلا ہونے پر ہوتی ہے۔ کبھی اس کی دلالت غم' تنگ دستی اور مشقت پر بھی ہوتی ہے۔

## کتان

اگر کسی نے خواب میں سوتی قمیص پہنی تو اس کو حلال اور معزز معیشت ملے گی اور اس کے ذریعہ مال جمع کریگا۔ اس لئے کہ کتان گوشت اور گوشت مال کی علامت ہے اور کتان نعمت ہے۔

## کامخی (سرکہ بیچنے والا)

اس کی دلالت بے شمار بیماریوں میں مبتلا شخص پر ہوتی ہے۔

## کامخ (سالن کے طور کھانے کی چیز)

اس کو خواب میں دیکھنا غم اور آپس کی مخاصمت کی علامت ہے۔ اس کو سالن کے طور پر کھانا غم میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔ اور کھائے اور ہاتھ لگائے بغیر صرف دیکھنا مالی خسارے کی علامت ہے۔

## کحال (سرمہ فروش)

(۱) خواب میں سرمہ فروش دیکھنے کی تعبیر ایسے آدمی ہے جو دین کی اصلاح کرتا ہو اور اس کے سبب گمراہ لوگ ہدایت پر آجاتے ہوں۔ اور سرمہ فروش کی دلالت مندرجہ ذیل پر بھی ہوتی ہے۔ علم کی طرف رہنمائی کرنے والا' انجام پر غور و تدبر کرنے والا' باریک بین' تیراکی کا ماہر' کنواں بنانے والا' اور چشموں کو صاف کرنے والا' اور کبھی اس کی دلالت کھرے کھوٹے کو جدا کرنے والے پر بھی ہوتی ہے۔ کبھی مشورہ طلب کرنے والوں کو خیر خواہی کے ساتھ مشورہ دینے والے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اور اس کی دلالت بہت ساری خبروں والے پر بھی ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## کحل (سرمہ)

(۱) سرمہ کی دلالت مال پر ہوتی ہے اور اصلاح دین کے سلسلے میں زیادہ بصیرت رکھنے کی دلیل ہے۔ (۲) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں سرمہ دیا گیا ہے وہ تھوڑا ہو یا زیادہ مال کی علامت ہے۔ (۳) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کو کسی نیک آدمی نے سرمہ لگایا ہے تو یہ خیر کی دلیل ہے۔ (۴) اگر سرمہ لگانے والا شخص کالا آدمی ہے تو تعبیری لحاظ سے اچھا نہیں۔ (۵) اگر کسی نے سرمہ جمع کیا ہوا دیکھا تو اس کو مال و دولت ملے گی۔ (۶) اگر کوئی شخص خواب میں سرمہ لگانے کے واسطے سرمہ لایا تو وہ اپنے دین کو درست کریگا۔ اگر وہ اندھا ہے تو یہ اس کی بدبختی کی علامت ہے۔ (۷) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے اثمد (ایک قسم کا پتھر) کا سرمہ لگایا تو دلیل ہے کہ وہ دو شادیاں کریگا۔ (۸) اگر بغیر اثمد کے سرمہ لگایا (مثلاً مکھن دودھ کے جھاگ وغیرہ کا) تو وہ دبر اور فرج کا استعمال حرام طریقہ پر کریگا۔ (۹) اگر کسی نے بچوں کو خواب میں اثمد کے علاوہ سرمہ لگایا تو وہ ان کے ساتھ مذاق کریگا اور کھیل کود کریگا۔ (۱۰) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ وہ سرمہ لگا رہا ہے تو اگر اس کا ارادہ اس سرمہ لگانے سے آنکھوں کی اصلاح ہے تو وہ دین پر ثابت قدم رہے گا۔ اگر اس سے زینت حاصل کرنا مقصود ہے تو وہ ایسا کام کریگا جس سے اس کے دین کو زینت حاصل ہوگی۔ (۱۱) اگر کسی نے خواب میں کسی کو دیکھا کہ اس نے صاحبِ خواب کو سرمہ لگایا اور اس کو اندھا کیا تو اشارہ ہے کہ اس کے مال کو حیلہ اور مکر سے حاصل کریگا۔ باکرہ لڑکی کا اپنی آنکھوں میں سرمہ لگانا نکاح کرنے کی دلیل ہے یہی تعبیر بیوہ کے سرمہ لگانے کی ہے۔ (۱۲) خواب میں خون اور راکھ سے سرمہ لگانا فسق کی علامت ہے اور باطل نکاح کرنے کی دلیل ہے۔

## کیال (ناپنے والا)

(۱) خواب میں ناپنے والے کو دیکھنا بادشاہ دیکھنا ہے۔ (۲) اگر ناپ میں برابری کی تو وہ عادل ہے۔ (۳) اگر کمی کی تو ظالم ہے۔ (۴) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ ناپ پورا پورا کر رہا ہے۔ اور برتن خالی کرتا اور پھر ناپتا ہے تو دلیل ہے فیصلہ کرنے میں عدل کریگا اور اپنی رعیت کے ساتھ انصاف کریگا۔ ناپنے والا شخص حاکم ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

(۵) چنانچہ اگر کسی نے خواب میں کسی ناپنے والے کو دیکھا کہ وہ ناپنے میں انصاف نہیں کرتا ہے تو وہ بادشاہ ہے اور اس کی صلاحیت پر دلالت کرتا ہے۔ (۶) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کو ناپنے والا دیا گیا یا وہ خود کیال بننے کی اہلیت رکھتا ہے تو دلیل ہے کہ وہ عہدہ قضا پر فائز ہوگا۔ اور اگر مذکورہ عہدوں کا اہل نہ ہو تو وہ اپنے معاملات میں خیر خواہ اور اپنے قول میں صادق اور حق کا متبع ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## کیل (ناپنا)

خواب میں ناپنا ہدایت، علم، زوجہ، رزق، غم، تنگدستی اور فاقہ پر دلالت کرتا ہے۔

## کیزانی (برتن فروش)

خواب میں کوزہ فروش کی دلالت نسل پر اولاد کی محبت، علم اور اس کی حفاظت پر ہوتی ہے۔

## کوز (ڈونگہ)

(۱) خواب میں اسے دیکھنا لونڈی یا خادم یا غلام پر دلالت کرتا ہے۔ اور بہت سے ڈونگے ایسے خدام پر دلالت کرتے ہیں جو نکاح اور وطی کو جلدی قبول کرنے والے اور نرم ہوں۔ (۲) خواب میں اس برتن سے پانی پینا ان کی طرف سے مال حاصل کرنے کی علامت ہے۔ (۴) اگر کسی نے دیکھا کہ کوز ٹوٹ گیا تو خدام اور لونڈی اور بچوں کی موت کی دلیل ہے۔

## کرۃ (فٹ بال)

خواب میں فٹ بال دیکھنا جھگڑے پر اور دنیا پر اور کبھی ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل مکانی پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اس کی دلالت کبھی آدمی پر بھی ہوتی ہے۔ اگر وہ فٹ بال چمڑے کا ہو تو وہ رئیس یا عالم ہے۔ فٹ بال کھیلنا آپس میں جھگڑے کی دلیل ہے اس لئے کہ جو اس کے ساتھ کھیلتا ہے وہ جب اس کو پکڑتا ہے تو اس کو زمین پر مارتا ہے۔

## کیر الحدادین (لوہار کی دھونکنی)

(۱) اگر کسی نے خواب میں لکڑی کی دھونکنی پائی تو دلیل ہے اس کا مرتبہ کم ہوگا اور اس کا ملک ہاتھ سے نکل جائے گا۔ (۲) اگر وہ خواب میں دھونکنی کا مالک ہوا تو اس کو بادشاہت اور ولایت ملے گی بشرطیکہ وہ اس کا اہل ہو۔ اگر نہ ہو تو اس کو منفعت اور بھلائی حاصل ہوگی۔ (۳) اگر اس بھٹی میں آگ بھی موجود ہو تو حاجتوں کو پورا کرنے، اور رزق حاصل کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۴) اگر اس میں آگ نہیں ہے تو غم اور تنگ دستی کی دلیل ہے۔ (۵) خواب میں سونے اور چاندی کی بھٹی دیکھنا توحید میں اخلاص اور تجرد للعبادات کی دلیل ہے۔ (۶) شیشہ کی بھٹی مکر اور دھوکہ پر دلالت کرتی ہے۔ اور کبھی بھٹی زیادہ حمل والی اور جلدی اسقاط کرنے والی عورت پر بھی دلالت کرتی ہے۔ اور ایسے مرد پر بھی دلالت کرتی ہے جو زیادہ کام کرنے والا اور جلدی نفرت کرنے والا ہو۔ اور کبھی بھٹی دیکھنا قید خانہ پر اور پولیس اسٹیشن، عقوبت خانہ پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اگر لوہے کی ہو تو وہ معاملات کے آسان ہونے کی علامت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## کانون الحدید (لوہے کی انگیٹھی)

(۱) خواب میں انگیٹھی دیکھنے کی تعبیر قوت اور سخت قوت والے گھرانے کی عورت سے کی جاتی ہے۔(۲) اگر وہ انگیٹھی پیتل کی ہو تو عورت دنیاوی ساز وسامان اور زینت والے گھرانے کی ہوگی۔(۳) اگر وہ لکڑی کی انگیٹھی ہے تو سامان والے ہونگے مگر ان میں نفاق ہوگا اگر چونہ کی انگیٹھی ہو تو وہ ایسے گھرانے کی ہوگی جو مصر کے فرعون کے ساتھ مشابہت رکھتے ہونگے۔(۴) اگر وہ مٹی سے بنی ہوئی ہے تو دلیل ہے کہ وہ ایسے گھرانے کی ہے جو مقروض ہے۔ انگیٹھی مملکت کی بھی دلیل ہے اور بیکاری اور منہ پھیرنے پر بھی دلالت کرتی ہے۔(۵) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ انگیٹھی یا تنور میں آگ شعلہ مار رہی ہے تو یہ صاحبِ خواب کے صاحبِ اولاد ہونے کی دلیل ہے۔اور انگیٹھی دیکھنا گھر کے سرپرست پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۶) کوئی شخص خواب میں انگیٹھی میں بغیر کھانا پکائے آگ سلگا رہا ہے تو وہ گھر کے افراد میں سے کسی کی غیبت یا چغل خوری کی وجہ سے آگ بھڑکائے گا۔آگ کی دلالت عورت پر ہو تو انگیٹھی اس کا شوہر ہے جو گناہوں کا ارتکاب کر رہا ہے اور کمائی کے لئے مشکل مقامات پر گھس جاتا ہے۔اور کبھی انگیٹھی کی دلالت بیوی پر اور ہانڈی کی شوہر پر ہوتی ہے گویا وہ عورت اپنے شوہر کو اپنی بدکلامی سے ہمیشہ چلاتی رہیگی اور اس سے ہمیشہ اپنے نفقہ کا مطالبہ کرتی رہیگی اور شوہر اسی پریشانی میں مبتلا رہیگا۔(۷) آگ سے خالی انگیٹھی غم و تکلیف کی علامت ہے۔اور آگ والی انگیٹھی ضروریات کے پورے ہونے کی نشانی ہے۔اور کبھی انگیٹھی کی دلالت اس چیز پر ہوتی ہے جس پر انسان حاوی ہوتا ہے۔مثلاً بیوی، سواری، مجلس، منصب وغیرہ، اور کبھی اس کی دلالت شمع پر اور کبھی منبر پر اور نفاس والی عورتوں کے نشت گاہ پر ہوتی ہے اور کبھی کاموں کو سرانجام دینے اور مشکلات کے آسان ہونے پر بھی اس کی دلالت ہوتی ہے۔بسا اوقات اس کی دلالت والد یا والدہ پر ہوتی ہے، اور حاملہ کے لئے اس کے ولد پر اور کبھی اس دکان پر دلالت کرتی ہے جس میں اس کے پسند کی چیزیں بنتی ہیں اور کبھی انگھیٹی کی دلالت ماہِ جنوری پر بھی ہوتی ہے۔ (۸) کسی غیر شادی شدہ کا خواب میں بھٹی یا انگیٹھی کا مالک ہونا شادی کرنے کی دلیل ہے اور اگر اس میں ہانڈی بھی دیکھے تو حمل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔یہی خواب کافر کے لئے مشرف باسلام ہونے اور فاسق کے لئے گناہوں سے تائب ہونے کی بشارت ہے اس لئے کہ انگیٹھی آگ کی جگہ ہے اور آگ تنبیہ اور ہدایت پر دلالت کرتی ہے۔ (صاحب کتاب فرماتے ہیں) مجھ سے ایک شخص نے خواب بیان کیا کہ میں نے ایک بھٹی دیکھی جس میں آگ اور بہت ساری لکڑیاں دیکھی تو میں نے تعبیر بیان کرتے ہوئے کہا کہ بھٹی کی تعبیر تیرا پیٹ اور لکڑیاں گذشتہ رات کھائی ہوئی ثقیل غذا ہے، تو اس نے کہا بالکل ایسا ہی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## کرسی

(۱) خواب میں کرسی بادشاہ کی طرف سے ملنے والے مرتبہ و بلندی کی علامت ہے یا پھر عورت کی علامت ہے۔ (۲) اگر دیکھے کہ کرسی لوہے کی ہے تو قوت اور کامیابی کی دلیل ہے۔ (۳) اگر وہ کرسی لکڑی کی ہے تو اس کے برعکس نفاق کی علامت ہے۔ (۴) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ کرسی پر بیٹھا ہوا ہے تو وہ کسی کا وکیل یا وصی ہوگا۔ اگر وہ بادشاہت و حکمرانی کی صلاحیت رکھتا ہے تو اس عہدے پر فائز ہوگا اور ولایت اور بلندی پائے گا اگر وہ غائب ہے تو گھر لوٹ آئے گا اور اس کی مراد پوری ہوگی۔ (۵) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ کرسی یا چارپائی پر بیٹھا ہوا ہے اور اس کے اوپر کپڑا ہے تو دلیل ہے اس کو علم حاصل ہوگا اور جلدی بھلائی حاصل ہوگی اور تیزی سے نیکی حاصل ہوگی اور اس کو غیرت اور بلندی ملے گی اور کرسی بلند منصب والوں کے لئے علومرتبہ کی دلیل ہے۔ اور ازواج' اولاد' اچھی رہائش گاہوں' چوپائیوں اور لباس پر بھی دلالت کرتی ہے۔ (۶) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کو کرسی مل گئی اور وہ اس پر بیٹھ گیا تو دلیل ہے کہ اس کو بادشاہت ملے گی یا کسی عورت سے شادی کریگا' کرسی کے شکل وصورت کے اعتبار سے اس میں حسن ہوگا۔ بعض نے کہا کہ اگر اس کی بیوی حاملہ ہے تو لڑکا ہوگا۔ بعض نے کہا کہ اس کو شہادت کی موت نصیب ہوگی۔ (۷) اگر کسی نے خواب میں اپنی کرسی کو توڑ دیا تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے یا اس کی بیوی کی موت کی علامت ہے' اس کی بیوی کی جدائی یا اس کے مرتبہ کی گرنے یا قوت میں کمی کی علامت ہے۔ کرسی پر بیٹھنے والے کے لئے جلد ملنے والی خوشی اور مرتبہ کی دلیل ہے اور کرسی پر بیٹھنے والے کے لئے کرسی آخرت میں اس کی خوبصورتی اور اس کی بلندی اور جدت کے بقدر کامیابی کی دلیل ہے۔ اور بیمار کے لئے اچھا شگون نہیں ہے۔ کسی حاملہ عورت کا کرسی پر بیٹھنا اشارہ ہے کہ اس کے بچہ جننے کے وقت دائی اس کے پاس بلند کرسی پر بیٹھے گی۔ (۸) کرسی پر بیٹھنے کی حالت میں اپنے سر میں تاج دیکھنا بیٹا تولد ہونے کی بشارت ہے' اور سر پر کوئی جال یا تلوار وغیرہ کا دیکھنا بیٹی کی پیدائش کی طرف اشارہ ہے۔ (۹) اہل علم کیلئے اللہ تعالیٰ کی کرسی کو دیکھنا بلند درجات اور مناصب عالیہ پر فائز ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۰) اگر کوئی شخص خاص کرسی کو مکمل صفات کے ساتھ متصف دیکھے تو کبھی اس کی دلالت حاملہ کے لئے حمل کی شدت سے خلاصی اور غیر متزوج کے لئے تزوج اور متزوج کے لئے اولاد پر بھی ہوتی ہے اور کبھی سفر پر بھی دلالت کرتی ہے' اور مریض کے لئے مردوں کے چارپائی پر محمول ہونے یا کسی سواری پر سوار ہونے یا کسی گھر میں رہنے پر دلالت کرتی ہے۔

## کیس (تھیلی' بٹوہ)

خواب میں تھیلی کی تعبیر انسانی بدن ہے۔ (۱) کسی نے اس کو خالی دیکھا تو اس کے مالک کی موت کی دلیل ہے۔ (۲) اگر کسی نے اپنے کمر میں تھیلی دیکھی تو ایسا علم حاصل ہونے کی دلیل ہے جس سے اپنی زندگی میں فائدہ اٹھائے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۳) اگر اس تھیلی میں کھرے دراہم ہیں تو وہ علم صحیح کی دلیل ہے اگر وہ دراہم ٹوٹے ہوئے ہوں تو وہ علم کی حفاظت کریگا اور اس کا محتاج ہوگا۔ (۴) بعض نے کہا ہے کہ تھیلی اپنے مالک کا راز ہے۔ چنانچہ اگر وہ تھیلی پھٹ گئی تو اس کا راز ظاہر ہوگا۔ (۵) اگر کسی نے خواب دیکھا اس کی تھیلی پھٹ گئی ہے اور اس میں موجود چیزیں گر گئیں تو تھیلی کی تعبیر اس کا بدن ہے اور اس میں مال کی تعبیر اس کی روح ہے یہ خواب اس کی موت پر دلالت کرتا ہے۔ (۶) اگر کسی نے اپنی تھیلی میں دیمک دیکھے تو وہ اس کی موت کی دلیل ہے جیسا کہ سلیمانؑ کی موت پر جنوں کو اطلاع ہوئی تھی۔ تھیلی انسان پر دلالت کرتی اور کبھی تھیلی مالک کے لئے فوائد کی دلیل ہوتی ہے۔

## کساء (چادر)

چادر کی تعبیر لباس ہے۔ (۱) گرمی کے بہ نسبت سردی میں چادر دیکھنا تعبیر کے لحاظ سے بہتر ہے۔ (۲) ایسے آدمی کے لئے جو بیداری میں چادر اوڑھنے کا عادی نہیں ہے خواب میں چادر اوڑھنا فقر کی دلیل ہے۔ اور چادر رئیس آدمی پر بھی دلالت کرتی ہے۔ چادر تاجر، امام، فقیہ کے لئے ایسے بیٹے کی علامت ہے جس سے ان کا فقر سے بچنا متعلق ہے۔ اور دیگر مصائب سے بچاؤ ہے۔ (۳) خواب میں چادر میں میل کچیل دیکھنا معیشت کی کمزوری اور نقصِ جاہ کی دلیل ہے۔ گرمی کے موسم میں چادر پہننا غم میں مبتلا ہونے کی طرف اشارہ ہے۔

## کسوۃ (لباس)

خواب میں لباس کی تعبیر اس کی جنس اور رنگ اور جوہر کے اختلاف سے مختلف ہوگی۔ (۱) اگر کسی عورت نے خواب دیکھا کہ اس نے مرد کا لباس پہن رکھا ہے تو وہ اس کے دین اور دنیا کے لئے اچھا ہے۔ (۲) اگر اس نے جنگی لباس زیبِ تن کیا ہے تو وہ اس کا شوہر یا اس کا سرپرست ہے۔ (۳) اگر مرد نے دیکھا کہ اس نے عورت کا لباس پہن رکھا ہے تو اس کو غم اور سخت خوف اور ذلت نصیب ہوگی پھر فتح یاب ہوگا۔

## کوۃ (روشندان)

(۱) خواب میں اندھیرے گھر میں کسی جگہ روشندان بنانا یا دیکھنا عزت اور آرزو کے پوری ہونے کی دلیل ہے اگر وہ غمگین ہے تو اس کو غم سے نجات ملے گی اگر مریض ہے تو مرض سے شفاء یاب ہوگا اگر کنوارہ ہے تو اس کی شادی ہوگی۔ (۲) یہی خواب اگر عورت دیکھے تو اس کی شادی ہوگی۔ ایسے گھر میں روشندان دیکھنا جس میں کوئی روشندان نہ ہو بادشاہ کے لئے ولایت اور تاجر کے لئے تجارت کی علامت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## کمر (اترنے کے بعد پکی ہوئی کھجور)

خواب میں اس کی رویت سامان اور اولا د والی بیوی پر دلالت کرتی ہے۔ مخدوموں کے لئے خدمت ہے غیروں کے لئے بقدر قیمتِ کھجور زینت اور مال ہے۔

## کبۃ من الغزل (سوت یا دھاگے کا کٹا ہوا گولا)

خواب میں دھاگے کا گولا دیکھنا ارباب معاش کیلئے فائدہ اور رزق ہے اور کبھی اس کی رویت عقلمند مزدور پر اور کبھی غلام پر دلالت کرتی ہے اور لمبی عمر پر بھی دلالت کرتی ہے۔

## کستبان (کشتبان)

(۱) اس کی دلالت مندرجہ ذیل پر ہوتی ہے۔ رزق' ولد' زوجہ' چالاک غلام' سواری سفر یا سر پر سوار قرض خواہ' اور کبھی اس سے تنگی اور تکلیف کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ (۲) اس کو غیر مقام پر رکھنا زنا کرنے یا نماز چھوڑنے پر بھی دلالت کرتا ہے اور جو لوگ انگلیوں سے معبر ہیں ان کے لئے مرض کی دلیل ہے اور مردے کی انگلی میں کشتبان دیکھنا اس کے عذاب میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿لَهُمْ مَقَامِعُ مِنْ حَدِيدٍ﴾ ''اور ان کے واسطے ہتوڑے ہیں لوہے کے''۔

## کلیتان (گردے)

خواب میں گردہ کو دیکھنا اچھا ہے۔ اور کبھی غم اور تنگدستی کے ختم ہونے اور خطرات سے سلامتی پر دلالت ہے اور کبھی دو بیویوں اور ماں' باپ اور دوستوں پر بھی دلالت کرتا ہے دونوں گردے ایسا طاقتور سخت آدمی ہے جو سرکاری امور میں جری اور بادشاہ سے مال نکال کر لوگوں میں تقسیم کرتا ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ بادشاہ کے معاونین میں سے ہے۔

## کلب (کتا)

(۱) کتا گناہوں پر بے باک شخص کی دلیل ہے۔ (۲) خواب میں کتا بھونکا بری خصلت والا کمینہ آدمی ہے۔ (۳) اگر کسی کو خواب میں کتے نے کاٹا یا اس کو خراش لگی تو اس کے دشمن کی طرف سے بقدر درد نقصان پہنچے گا۔ کبھی یہ مرض پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اور کتیا کی دلالت ایسی کمینی عورت پر ہوتی ہے جو بری دشمنی رکھنے والی قوم سے ہوگی۔ (۴) کتے کا بچہ دیکھنا مقطوع ذکر بیٹے کی علامت ہے اگر وہ کتا سفید ہے تو وہ بیٹا مومن ہے اگر کالا ہے تو وہ اپنے گھر والوں کی قیادت کریگا۔ اور بعض نے کہا ہے کہ کتے کی دلالت راستے سے اٹھائے ہوئے ایسے بچے پر ہوتی ہے جس کی تربیت کوئی کم عقل آدمی کرتا ہو۔ (۵) چرواہے کا کتا بادشاہ کی طرف سے کوئی فائدہ ملنے پر دلالت کرتا ہے اور پالتو کتا ظالم دشمن کی نشانی ہے۔ (۶) سلجوقی کتا دیکھنا بادشاہ کے لئے ایسی قوت کی دلیل ہے جو کسی دوسرے سے مدد طلب کرنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے مستغنی کر دے۔ (۷) خواب میں چینی کتا دیکھنا غیر مسلم عجمی قوم کے ساتھ اختلاط کی دلیل ہے۔ (۷) اگر کسی نے خواب میں کتا پکڑا تو خدمت گاروں میں سے ایسے آدمی کا مصاحب بنے گا جو وہ اس کے ساتھ انتہائی محبت کریگا۔ (۸) اگر کسی کو کتے نے کاٹا تو اس کو دوست یا خادم کی طرف سے مصیبت اور سخت تکلیف پہنچے گی۔ (۹) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ کتوں کے ساتھ شکار کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ اس کی آرزو اور اس کی خواہشیں پوری ہونگی۔ (۱۰) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کتوں کو مار رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ اپنے دشمن پر فتح پائے گا۔ (۱۱) اگر کسی نے دیکھا کہ شکاری کتے شکار کے لئے نکل چکے ہیں تو تمام انسانوں کے لئے خیر ہے۔ اور انسان کے فعل پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۱۲) اگر اس کو شکار سے واپس آتے ہوئے دیکھے تو یہ گھبراہٹ دور ہونے اور بہادری پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۳) اگر ان کو شہر میں داخل ہوتے دیکھے تو یہ بہادری پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۴) وہ کتے جو گھروں کی حفاظت پر مامور ہیں ان کو خواب میں دیکھنا بیوی اور اس کے سامان کی حفاظت پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۵) ان کو بیمار دیکھنا مرض اور نقصان پر دلالت کرتا ہے اور بعض نے کہا کہ سامان کے ختم ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ خواب میں کتیا بھونکتی دیکھے تو یہ تکلیف اور برے لوگوں اور دھوکہ پر دلالت کرتا ہے۔ اور کتا بخار پر بھی دلالت کرتا ہے۔ کتے کے ہر جنس خسیس ذلیل قوم پر دلالت کرتی ہے۔

(۱۶) کھیل اور مقابلہ والا کتا عیش و عشرت اور لذت پر دلالت کرتا ہے اور اس کتے کو کوئی عارضہ لاحق ہو جائے تو یہ خوشی کے ختم ہونے اور غم لاحق ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۷) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کتے کا گوشت کھا رہا ہے تو دلیل ہے کہ اپنے دشمن پر فتح پائے گا اور اس کا مال اس کو ملے گا۔ (۱۸) کسی نے دیکھا کہ وہ کتا بن گیا ہے تو تعبیر ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو کسی علم عظیم سے نوازا اور اس پر اترانے کے پاداش میں اس علم کو اس سے سلب کر لیا۔ کتے کی تعبیر پولیس کے بچے بھی ہوتے ہیں۔ اور کتا کمزور دشمن کی بھی علامت ہے اور بخیل پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۱۹) خواب میں کتے کو بھونکتے دیکھنا کمینے انسان سے ناپسندیدہ کلام سننے کی دلیل ہے اور کتا چوکیدار پر بھی دلالت کرتا ہے اور بدعتی پر بھی دلالت کرتا ہے۔ خواب میں کتیا کا دودھ پینا خوف ہے۔ (۲۰) اگر کسی نے خواب میں کتے پر سہارہ لگایا تو کتا اس کا دوست ہے وہ اس کی مدد کریگا اور کتا غلام یا دربان ہے۔ اور کبھی کتے کی دلالت کمینگی، ذلتِ نفس پر بھی ہوتی ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت مال جمع کئے بغیر دنیا کے حریص ہونے پر بھی ہوتی ہے۔ اور کتوں کی دلالت اہل دنیا پر بھی ہوتی ہے۔ (۲۱) شکاری کتا عزت ہے اور رفعت ہے۔ بھیڑ بکریوں کی حفاظت پر مامور کتا نیک اور غیرت والے پڑوسی پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۲) کبھی خواب میں کتے کو پکڑنا یا اس سے دوستی کرنا کجروی اور مقروض ہونے اور عمل کے باطل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ کتے کی صحبت اختیار کرنا چھپ جانے پر دلالت کرتا ہے اصحابِ الکہف کے قصہ کی طرح ہے۔ خواب میں کتیا کی دلالت ایسی عورت پر ہوتی جو اپنے خاوند کی عزت و حفاظت کرنے والی اور زیادہ بچے جننے والی ہو۔ کبھی خواب میں کتا دیکھنا کفر اور اللہ کی رحمت سے ناامیدی پر اور جھوٹ بولنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۲۳) خواب میں اصحاب کہف کے کتے کو دیکھنا خوف اور قید خانہ اور بھاگنے پر دلالت کرتا ہے۔ اس کتے کو شہر میں دیکھنا تجدید ولایت کی علامت ہے۔

## کافر

(۱) خواب میں کافر کو دیکھنا دشمن کو دیکھنا ہے۔ (۲) خواب میں بوڑھا کافر دیکھنا پرانی دشمنی رکھنے اور بغض رکھنے والا دشمن ہے۔ (۳) اگر کسی نے خواب میں کافرہ لونڈی دیکھی تو وہ شرور میں مبتلا ہوگا۔ (۴) گر کسی نے دیکھا کہ وہ کافر ہوا ہے اور اس کے سامنے شہد رکھا ہوا ہے اور وہ اس سے نہیں کھا رہا ہے تو اشارہ ہے وہ اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کرتا ہے۔ (۵) اگر کوئی شخص خواب میں کافر ہو گیا تو اس کے عقائد اس جنس کے کافر کے اعتقاد کے موافق ہوں گے۔ (۶) خواب میں بہت سے کافر دیکھنا اہل و عیال کی کثرت پر دلالت کرتا ہے۔ (۷) اگر کسی نے خواب میں اپنے آپ کو کافر دیکھا اور توبہ بھی نہیں کی تو اشارہ ہے کہ قتل کیا جائے گا۔ اور اگر صاحبِ خواب کسان ہو تو وہ زمین میں بیج ڈالے گا اور اس کو چھپائے گا اسی لئے کسان کو بھی عربی میں ''کافر'' کہا جاتا ہے۔

## کفر کرنا

(۱) خواب میں کفر کرنا مالداری ہے اور کفر کی تعبیر مرض بھی ہے۔ جس سے وہ نجات نہیں پائے گا۔ اور کفر کی تعبیر ظلم بھی ہے۔ (۲) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ اسکا دین فاسد ہو گیا تو وہ بے وقوف ہے جیسے اگر کوئی خواب میں جاہل یا بے وقوف ہے تو بیداری میں اسکا دین خراب ہوگا۔ (۳) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ گمراہ ہو گیا تو اس سے بڑی غلطی سرزد ہوگی جیسا کہ اگر کسی نے خواب میں غلطی کی تو بیداری میں وہ گمراہ ہوگا۔ (۴) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ اس کے سرداروں کے دین میں خرابی آ گئی تو دلیل ہے کہ اس کے پاس جا کر جھوٹی گواہی دیگا۔ بعض معبرین نے کہا ہے کہ خواب میں کفر کرنا بیداری میں حق کا انکار کرنا ہے جیسا اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿قُتِلَ الْإِنسَانُ مَا أَكْفَرَهُ﴾ (۵) کفر منعم کی نعمتوں کا انکار کرنا یا اسکی صحبت کو ترک کرنا ہے۔ بعض اوقات خواب میں کفر مریض کی صحت یاب ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ اس کے موت کے قریب ہونے کی بھی دلیل ہے۔ اور کبھی کفر دین میں فتنہ کی دلیل ہوتا ہے یا پھر کسی انسان کو قتل کرنے کی علامت ہے۔

## کافور (ایک خوشبودار گھاس)

خواب میں کافور دیکھنا اچھی تعریف اور رونق کی دلیل ہے اور کافور خواب میں پوشیدہ صدقہ اور اولاد کے اٹھانے کی دلیل ہے۔ اگر کسی میت یا زندہ کے پاس کافور دیکھنا اعمال صالحہ کرنے اور نیک لوگوں کے ساتھ حشر ہونے کی دلیل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے۔

## کتمان الاسرار (رازوں کو چھپانا)

خواب میں راز کو چھپانا کبھی اپنے اہل وعیال پر علم چھپانے اور کبھی اچھی نسل پر دلالت کرتا ہے۔

## کد (محنت کرنا)

خواب میں محنت کرنا راحت کی دلیل ہے۔(۱) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ محنت کررہا ہے تو وہ آرام پائے گا اور محنت کرنا بیع تولیہ پر حیلہ کرنے اور باطل طریقہ سے لوگوں کے مال کھانے پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۲) اگر خواب دیکھنے والا مالدار ہو یا فقیر تو یہ تنگ دستی اور تعفف اور راحت کے حصول پر دلالت کرتا ہے۔اور کبھی محنت کرنا ممنوعات میں پڑ جانے کی دلیل ہے۔

## کر (پلٹ کر حملہ کرنا)

خواب میں دوبارہ پلٹ کر حملہ کرنا ثابت قدمی کی علامت ہے۔کبھی یہ ندامت اور توبہ اور خیر کی طرف لوٹنے کی دلیل ہوتا ہے۔

## کل اللسان (زبان کا کند ہونا)

خواب میں زبان کا کسی کی تعریف یا مذمت سے عاجز ہونا اپنے مقدمے میں شکست کھانے اور دلیل کے مرجوح ہونے پر دلالت کرتا ہے۔اور اگر محاکم ومخاصم نہیں ہے تو فقیر ہو کر دوسروں پر بوجھ ہونے اور لاولد ہونے کی علامت ہے۔

## کی (لوہا وغیرہ سے داغ دینا)

(۱) خواب میں پیشانی یا پہلو میں داغ دیکھنا زکوۃ روکنے پر دلالت کرتا ہے۔کبھی یہ داغ بادشاہ کی طرف سے آنے والی مصیبت کی طرف مشیر ہوتا ہے یا اپنے کسی عزیز سے فرقت کی دلیل ہے۔(۲) اگر سونے یا چاندی سے داغ دیا گیا ہو تو یہ بخل یا اللہ تعالیٰ کے حق کو روکنے پر دلالت کرتا ہے۔(۳) اگر لوہے سے داغا گیا ہو تو یہ گناہ اور نافرمانی پر دلالت کرتا ہے۔(۴) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کسی انسان کو آگ کے ساتھ دردناک طریقہ سے داغ رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ داغ دیئے جانے والے سے بدکلامی کریگا۔یا بادشاہ سے امن میں رہے گا۔(۵) اگر داغ گول ہے تو یہ بادشاہ کے کام پر ثابت قدم رہے گا۔(۶) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ وہ اپنی رگ یا اپنے گھٹنے داغ رہا ہے تو دلیل ہے اس کے ہاں بچی پیدا ہوگی یا دلیل ہے کہ شادی کرے گا یا اس کی بیوی کسی اجنبی مرد پر تہمت لگائے گی۔(۷) اگر کسی نے خواب میں اپنے سینہ پر دو داغ دیکھے تو دلیل ہے وہ لوگوں پر دو سال تک ولایت کریگا۔داغ ولادت پر بھی دلالت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرتا ہے اور داغ تکلیف دہ باتوں پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## کب علی الوجہ (منہ کے بل گرنا)

خواب میں منہ کے بل گرنا ہدایت سے روگردانی کی دلیل ہے۔ جیسا اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿ وَمَنْ جَاءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوهُهُمْ فِي النَّارِ ﴾ ''گناہ کرنے والوں کو منہ کے بل جہنم میں ڈالا جائے گا''۔

## کظم الغیظ (غصہ پینا)

خواب میں غصہ کو دبانا اچھی شہرت اور اپنے اہل اور غیر پر احسان کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿ وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ﴾ ''وہ لوگ غصہ پینے والے اور لوگوں کو معاف کرنے والے ہیں اور اللہ تعالیٰ مخلصوں کو محبوب رکھتے ہیں''۔

## کثرۃ العدد (رش)

خواب میں رش دیکھنا فوج کی زیادتی' بڑے مرتبہ اور نام کی بلندی کی دلیل ہے اگر صاحب خواب تاجر ہے تو اس کے گاہک زیادہ ہونگے اگر داعی ہے تو اس کی بات کو قبول کرنے والے بہت ہونگے۔

## کفالۃ (ضامن بننا)

(۱) اگر کوئی شخص خواب میں کسی آدمی کا ضامن بنا تو یہ رزق اور اللہ کے دشمنوں پر نصرت حاصل کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ اور کفالۃ معاملہ میں کافل اور مکفول دونوں کے لئے ثابت قدم رہنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۲) بعض نے کہا ہے کہ اگر کوئی شخص کسی انسان کا ضامن بنا تو دلیل ہے کہ وہ اس کے ساتھ برائی کریگا۔ (۳) اگر کسی نے دیکھا کہ کوئی شخص اسکا ضامن بن گیا تو اس کو اچھا رزق ملے گا۔ اگر کوئی شخص کسی بچہ کا ضامن بنا تو وہ اپنے دشمن کے ساتھ خیر خواہی کریگا۔

## کفارہ

خواب میں کفارہ ادا کرنا قرض کی ادائیگی کی دلیل ہے یعنی جو روزہ یا حج غلام کی آزادی یا صدقہ کی وجہ سے لازم ہو گیا ہو' کبھی کھلانے یا پلانے کی صورت میں تاوان ادا کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## کنس (جھاڑو دینا)

(۱) گندے عمل والے کے لئے جھاڑو دینا خیر کی دلیل ہے۔ (۲) کسی دوسرے کے گھر جھاڑو دینا صاحب بیت کے مال کو حاصل کرنے کی علامت ہے۔ (۳) اغنیا کے لئے جھاڑو دینا فقر اور مالی نقصان کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## کناسة (کوڑا کرکٹ)

(۱) خواب میں کوڑا کرکٹ دیکھنا اس شخص کے لئے بہتر ہے جس کے اعمال گندے اور خسیس ہوں یہ خواب فقیروں کے لئے آسانی اور مال کی کثرت ہے۔ مالداروں کے لئے ان کی ریاست اور کثرتِ مال کی علامت ہے۔ اور ایسی شرافت پر بھی دلالت کرتا ہے جس کے ذریعے عام لوگ ان کا اکرام کرینگے۔

## کنیسة (گرجا یا یہود و نصاریٰ کا عبادت خانہ)

(۱) خواب میں گرجا دیکھنا اہل گرجا کے نزدیک علم و عمل اور دنیا سے بے رغبتی کی دلیل ہے اور خشیت اور رونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی خواب میں گرجا دیکھنا غم اور تنگ دستی اور جھوٹ اور بہتان اور خوف پر دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی گرجے کی دلالت بدعت 'ظلم کے مقامات' کھیل کے مقام' شرکی چاہت' گندی جگہوں' گندگی' زوجہ اور لونڈی پر بھی ہوتی ہے۔ اور کبھی حاکم کے ظالم ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۲) اگر کوئی کنوارہ شخص گرجا میں داخل ہوا تو وہ شادی کریگا یا اس کے ہاں بیٹا پیدا ہوگا یا ہدایت کے بعد گمراہ ہوگا' خصوصاً اگر اس میں رکھے گئے بتوں کو سجدہ کیا اس کو بوسہ دیا یا قربانی میں اس کے ساتھ شریک ہوا یا اگر اس کے گلے میں زنار ہو۔ (۳) اگر اس میں اللہ کا ذکر کیا اور ان کے افعال کو ناپسند کیا تو وہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اپنے قدر اور مرتبہ کے لحاظ سے کریگا۔ اور کبھی خواب میں گرجا دیکھنا شیاطین کے رہنے کی جگہ دیکھنے پر دلالت کرتا ہے مثلاً کوڑا خانہ اور حمام وغیرہ۔ (۴) گرجا کا نیا اور بلند ہونا دین میں کمزوری اور مسلمانوں کی مدد چھوڑنے کی دلیل ہے۔ (۵) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ گرجا گر گیا یا جل گیا اور اس پر بلا نازل ہوئی تو یہ کلمہ ایمان کی بلندی اور مشرکین کی ناکامی اور نفاق کی دلیل ہے۔ اور کنیسہ کی دلالت اس کے منتظمین پر بھی ہوتی ہے۔ (۶) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ گرجا کلیسا میں تبدیل ہوگیا یا کلیسا گرجے میں بدل گیا تو تعبیر ہے مسلمان ملکوں کے کافر باشندوں پر کوئی حادثہ واقع ہوگا جو ان کی ذلت کا باعث بنے گا۔ (۷) اگر کسی نے اپنے آپ کو یہودیوں کی عبادت گاہ میں دیکھا تو دلیل ہے اس شخص کا مذہب ان کے مذہب کی طرح ہے۔ (۸) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا گھر گرجا ہے تو اس کا قول عیسائیوں کے قول کے مشابہ ہوگا۔ یہ اپنے گھر کو اہل ہوا کا ٹھکانا بنائے گا اور وہ اہل بدعت اور نافرمانوں کا مسکن ہوگا۔ کبھی اس کی تعبیر بادشاہ کے غصہ سے کی جاتی ہے اور گرجا کی دلالت مندرجہ ذیل پر بھی ہوتی ہے قبرستان' قحبہ خانہ' شراب خانہ' بدعت کا اڈہ' موسیقی ہال' نوحہ گھر' سوگ منانے کے مقامات' عدل' حج' اور قید خانہ وغیرہ۔ (۹) اگر کسی نے اپنے آپ کو گرجا گھر میں دیکھا اگر وہ اس میں اللہ کا ذکر کر رہا ہے اور رو رہا ہے یا کعبہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھ رہا ہے تو اس کے اندر اموات دیکھنے کی وجہ سے بزدلی ہوگی یا پھر نمازِ جنازہ پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۰) کسی مردے کو گرجے میں دیکھنا دلیل ہے کہ وہ اہل عصیان کے ساتھ آگ میں محبوس ہوا ہے۔ (۱۲) خواب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں گرجے میں داخل ہو کر اہل گرجا کی طرح عبادت کرنا مرد کے لئے کفر' معصیت زنا یا شراب یا کسی گناہ کبیرہ میں مبتلا قوم کے ساتھ اختلاط کرنے کی دلیل ہے۔ اور عورت کے لئے کسی ایسی شادی میں شریک ہونے کی دلیل ہے جس میں گانا بجانا ہو یا کسی ایسے جنازے میں شامل ہونے کی علامت ہے جس میں جزع فزع' نوحہ اور شور وغوغا ہو۔

## کاہن (غیب دانی کا مدعی)

(۱) خواب میں کاہن کو دیکھنا ایمان یا شبہات سے علیحدہ ہونے پر دلالت کرتا ہے اور ایسے امام پر بھی دلالت کرتا ہے جس کے علم کی وجہ سے اس کی اقتداء کی جائے یا ایسے دانا شخص پر دلالت کرتا ہے کہ رائے میں اس کی کوئی برابری نہیں کرسکتا' یا کاہن ایسا شخص ہے جو ناحق کام کرنے والا ہے اور دھوکہ باز ہے اپنے حیثیت کو نہ دیکھے۔ (۲) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کاہن ہو گیا تو یہ تمام لوگوں کے بہتری کی علامت ہے نیز رفعت اور شہرت کی بھی دلیل ہے۔ (۳) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ خواب میں کاھنوں یا نجومیوں جیسی بات کر رہا ہے یا ان کے ساتھ بات چیت کر رہا ہے تو یہ دنیا میں ناحق ہونے اور دھوکہ باز ہونے پر دلالت کرتا ہے اور خواب میں اس کی تصدیق کرنا بیداری میں دین سے ناواقف ہونے کی دلیل ہے۔

## کستیج الکفار (زنار کے علاوہ ایک دھاگا' جسکو ذمی اپنے لباس پر باندھتے تھے)

(۱) خواب میں اس کو دیکھنا' لڑکے کی دلیل ہے۔ (۲) اگر کسی نے خواب میں اپنے گلے میں اس دھاگہ کو دیکھا تو وہ پرہیز گار رہو گا اور اللہ کے دین کا مددگار رہو گا۔ (۳) اگر اس دھاگہ کو نئے جوڑے کے ساتھ دیکھا تو دلیل ہے کہ اس کے ہاں فرمانبردار بیٹا پیدا ہو گا۔ اگر اس دھاگہ کو ٹوٹا ہوا دیکھا تو تعبیر ہے اس کا لڑکا مر جائے گا یہ اس وقت ہے جب کہ اس دھاگہ کو کپڑوں کے اوپر دیکھے اگر کپڑوں کے نیچے دیکھے تو یہ دین اور دنیا دونوں میں فساد کی دلیل ہے۔

## کبل (قید کرنا)

خواب میں قید ہونا شریر قسم کے لوگوں کے لئے مقید ہونے اور ان کے علاوہ عام لوگوں کے لئے وطن سے دوری اور سفر پر دلالت کرتا ہے۔ اس لئے کہ بیڑیوں کی وجہ سے چال میں تبدیلی آتی ہے۔

## کلۃ (باریک پردہ)

خواب میں اس کو دیکھنا ایسی بیوی پر دلالت کرتا ہے جس سے اپنی حاجت پوری کریگا کبھی یہ پوشیدہ ہونے پر دلالت کرتا ہے اس لئے پردہ اپنے نیچے والی چیز کو ڈھانپتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## کأس (پیالہ)

اس کی تعبیر عورتوں کے ہیرے جواہرات ہیں۔(۱) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ اس کو پیالہ میں پانی دیا گیا تو اس کی تعبیر لڑکا ہے۔(۲) اگر پانی مجہول اور موٹے اور سخت برتن میں ہو تو اس کی تعبیر وہ لڑکا ہے جو رحم مادر میں ہے۔(۳) اگر کسی نے دیکھا کہ پیالہ ٹوٹ گیا اور پانی باقی رہا تو ماں مر جائیگی اور لڑکا زندہ رہے گا جو اس کے پیٹ میں ہے۔(۴) اسی طرح اگر پانی چلا گیا پیالہ باقی رہا تو ماں سلامت رہے گی اور اس کے پیٹ کا بچہ مر جائے گا۔ اور کبھی پیالہ کا ٹوٹ جانا پلانے والے کی موت کی دلیل ہوتا ہے۔(۵) اگر کسی مریض نے خواب دیکھا کہ اس کو پیالہ دیا گیا اور اس میں موجود چیز شراب یا پانی یا ایلوا یا برف کو اس نے پی لیا تو یہ اس کے مرنے اور زندگی سے فارغ ہونے کی دلیل ہے۔

## کنز (خزانہ)

خواب میں خزانہ دیکھنا علم ہے۔(۱) اگر کسی نے خواب میں خزانہ پایا تو اگر وہ طالب علم ہے تو علم حاصل کریگا اگر تاجر ہے تو اس کی تجارت میں ترقی ہوگی اور اگر خواب میں خرچ کیا تو سخاوت کریگا اگر مملکت والا ہے تو اس کو ولایت اور انصاف حاصل ہوگا اس طرح ہر فن والا اپنے فن میں ترقی کریگا۔(۲) بہت خزانے دیکھنا مختلف ملکوں میں کام کرنے کی علامت ہے۔(۳) اگر خواب میں خزانہ پایا لیکن اس میں تھوڑا مال ہے تو اس کو سخت مشقت حاصل ہوگی۔(۴) اگر اس میں مال زیادہ ہو تو یہ غم اور بلاء پر دلالت کرتا ہے۔(۵) اگر بار بار زیادہ دیکھا تو اس کی موت پر دلالت کرتا ہے۔ (۶) اگر کسی نے خواب میں خزانہ دیکھا تو وہ بے پرواہ ہو جائے گا اور حاکم اس کے خلاف فیصلہ کرے گا۔(۷) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے بہت بڑا مال حاصل کیا تو دلیل ہے دنیا سے شہادت کی حالت میں جائے گا۔(۸) اگر بادشاہ نے خواب میں بہت سا خزانہ دیکھا اور بہت ہی خوش حالت میں ہے تو یہ اسکی مملکت کے زوال کی دلیل ہے۔ اور خزانہ معاملات کے آسانی پر بھی دلالت کرتا ہے اس لئے کہ جو کچھ اس خزانہ میں ہوتا ہے اس کی وجہ سے عام طور پر مشقت و کلفت نہیں ہوتی۔ کبھی خزانہ میراث اور غم اور تنگ دستی پر بھی دلالت کرتا ہے۔ شادی کے خواہشمند پر خزانہ کی دلالت باکرہ عورت اور کان کی دلالت ثیبہ عورت پر ہوتی ہے۔ کبھی خزانہ اس مال پر دلالت کرتا ہے جو انسان دفن کرے اور اس کی زکوٰۃ ادا نہ کرے اور خزانہ منافع بخش سرمایہ ہے اور کبھی خزانہ صراف یا جوہری پر بھی دلالت کرتا ہے اور کبھی کنز ضائع چیز کے موجود ہونے اور بھولنے کے بعد یاد آنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۹) اگر خواب میں خزانہ پایا اور اس خزانہ تک پہنچنے میں کوئی رکاوٹ موجود ہو تو یہ ایسے شخص پر دلالت کرتا ہے جو بخیل مالدار ہو اور زکوٰۃ کو روکتا ہو۔ (۱۰) اگر عالم ہے تو اپنے علم میں بخل کر رہا ہے اگر وہ ذمہ دار ہے تو وہ اپنے رعایا کے ساتھ انصاف نہیں کر رہا ہے اگر صاحب خواب عورت ہے تو اس کی صیانت اور بخیلی پر دلالت کرتا ہے۔(۱۱) اگر اس خزانہ پر کوئی رکاوٹ نہیں ہے تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اپنے مال کو بے جا استعمال کرنے اور اپنے عزت کو بے محل استعمال کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ اور یہ خواب عورت کے علاوہ دوسروں کے لئے اچھا ہے۔ (۱۲) اگر بادشاہ نے خواب میں خزانہ پایا اور اس میں دنانیر تھے اور لوگ اس خزانہ سے لے رہے تھے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کی فوج اس کو دھوکہ دیگی دوسرا بادشاہ اس پر حکم چلائے گا اور اس کو اپنی طرف مائل کریگا خاص طور پر اگر ان دنانیر میں اجنبی نام ہو۔ (۱۳) خزانہ شریف لڑکے پر بھی دلالت کرتا ہے اور مال پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## کفن

خواب میں کفن ستر عورت پر دلالت کرتا ہے اور کبھی یہ پوشیدہ اعمال پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۱) کنوارے کے لئے غیر مناسب رشتہ کی دلیل ہے۔ (۲) اگر کسی نے دیکھا کہ کفن پہنا ہوا ہے تو اشارہ ہے وہ زنا کی طرف مائل ہے۔ (۳) اگر اس نے کفن مکمل طور پر نہیں پہنا ہے تو اسے زنا کی طرف مدعو کیا جاتا ہے اور وہ اس کو قبول نہیں کرتا ہے۔ (۴) اگر کسی نے اپنے آپ کو مردہ کی طرح کفن میں لپٹا ہوا دیکھا تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے۔ (۵) اگر اس کفن میں اس کا سر اور پاؤں ننگے ہیں تو یہ اس کے دین میں فساد کی دلیل ہے اگر میت پر کفن کم ہے تو یہ توبہ کے قریب ہونے کی دلیل ہے اگر کفن زیادہ ہے تو یہ توبہ سے دور ہونے کی علامت ہے۔

## کرب (غمگین ہونا)

(۱) اگر کسی نے خود کو خواب میں غمگین دیکھا تو یہ اپنے گناہوں پر نادم ہونے کی دلیل ہے۔ (۲) اگر کسی نے اپنے آپ کو دیکھا کہ غم اس سے دور ہوا تو یہ خواب گناہوں سے توبہ کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## کرنب (کرم کلا)

خواب میں کرنب موٹا، سخت مزاج اور بد خلق دیہاتی آدمی ہونے کی دلیل ہے۔ کسی نے خواب میں اپنے ہاتھ میں کرنب کا گچھا دیکھا تو صاحبِ خواب ایسی چیز کا طالب ہے جس کا حصول ناممکن ہے ہاں مگر سختی اور بد خلقی سے حاصل کرسکتا ہے۔

## کراث (ایک بدبودار قسم کی ترکاری)

(۱) خواب میں کراث دیکھنا بہرے آدمی کی طرف سے رزق ملنے کی دلیل ہے۔ (۲) بعض معبرین نے کہا ہے کہ اگر کسی نے خواب میں اس کو کھایا تو وہ مال حرام کھانے کا مرتکب ہوگا مثلاً چوری یا ظلم کے ذریعے سے۔ (۳) اگر کسی نے اس کو پکا ہوا کھایا تو حرام مال سے توبہ کرے گا۔ (۴) اگر کسی نے خواب میں اس کو پکڑا تو وہ ایسی بات کریگا جس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پر اس کو شرمندگی ہوگی۔

## کزبرۃ (دھنیے کا پودہ)

خواب میں اسکی رویت دین اور دنیا میں نافع آدمی ہونے کی دلیل ہے۔ خشک دھنیا مال کی اصلاح کی دلیل ہے اور بعض نے کہا ہے کہ خشک اور تر دونوں خواب برابر ہیں۔

## کماۃ (سانپ کی چھتری)

(۱) خواب میں اسکو دیکھنا وفادار آدمی کی دلیل ہے جو بڑے لوگوں کی نظروں میں محبوب ہوگا۔ بعض نے اس کی تعبیر ایسی عورت سے کی ہے جس میں کوئی بھلائی نہ ہو۔ (۲) اگر وہ بڑی ہے تو عورتوں کی طرف رزق ہے۔ (۳) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ سانپ کی چھتری کھا رہا ہے تو وہ حلال طریقے سے مال کمائے گا۔

## کرفس (روئی، جوشن)

خواب میں روئی دیکھنا بادشاہ کی طرف سے حلال لائق تحسین مال ملنے کی دلیل ہے کبھی اسکی دلالت کفر پر بھی ہوتی ہے وہ اس سے مشتق ہونے کی وجہ سے۔ اور کبھی رازوں کے ظاہر ہونے اور اعمال میں ریا کاری کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## زیرہ رومی

خواب میں زیرہ رومی دیکھنا پاک مال کی دلیل ہے۔

## کمون (زیرہ)

خواب میں اس کی رویت کی تعبیر کروایا تعبیر کی طرح ہے۔

## کرم (انگور کا درخت)

(۱) خواب میں انگور یا کوئی دوسرا درخت عزت اور شرافت کی دلیل ہے اور انگور کی بیل کی تعبیر دولت مند عورت سے بھی کی جاتی ہیں۔ (۲) اگر کسی نے خواب میں انگور کی ٹہنی پکڑی تو شریف عورت کی طرف سے مال ملنے کی دلیل ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ انگور کی بیل کی دلالت کریم آدمی پر ہوتی ہے۔ (۳) اگر کسی نے خواب میں انگور کی بیل سردی کے موسم میں انگور سے لدی ہوئی دیکھی تو اس کی تعبیر ایسی عورت سے کی جاتی ہے جس کا مال ختم ہوا ہو۔ اور وہ گمان کرتی ہو کہ وہ دولت مند ہے۔ (۳) اگر صاحبِ خواب نے اس انگور سے کچھا چن لیا تو چننے کے بقدر وہ اپنا مال کسی عورت پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خرچ کریگا۔(۴)اگر کسی نے خواب میں انگور کی بیل اور اس کے پتے دیکھے تو وہ کسی دیندار کی دینداری سے فائدہ اٹھائے گا۔(۵)خواب میں انگور دیکھنا شادی کا ارادہ کرنے والے شخص کے لئے اچھا ہے۔(۶)اگر کسی نے خواب میں انگور کا سائبان دیکھا تو اسکی تعبیر خوب صورت مالدار نوکر چاکر والی عورت سے کی جاتی ہے۔(۷)اسی طرح خواب میں انگور کا باغ دیکھنا بھی عورت ملنے کی دلیل ہے۔(۸)اگر کسی نے دیکھا کہ اس کے سر کے اوپر انگور کا درخت اگا ہے تو اس کے سر میں پھوڑا نکل آئے گا۔

## کباد (چکوترہ' درد جگر)

خواب میں چکوترہ دیکھنا بیماری' غم اور تنگ دستی کی علامت ہے۔

## کمثری (ناشپاتی' املوٹ)

(۱)اگر کسی نے خواب میں ناشپاتی دیکھی تو ملنے والے متوقع مال کی دلیل ہے۔(۲)اگر کسی نے خواب میں ناشپاتی کھائی تو اس کو مال اور نعمت ملے گی بعض نے ناشپاتی دیکھنا مرض کہا ہے۔(۳)خواب میں ناشپاتی کی جڑ دیکھنا بیماری کی دلیل ہے بعض نے کہا ہے کہ ناشپاتی بہتری کی دلیل ہے۔اس لئے کہ ناشپاتی دیر تک تازہ رہتی ہے اس میں تغیر نہیں آتا۔(۴)خواب میں ناشپاتی کھانا اچھائی کی دلیل ہے۔

## کبریت (گندھک' ماچس)

(۱)خواب میں گندھک دیکھنا جھوٹا آدمی ہے اس لئے کہ گندھک چاندی کے ساتھ اگر مل جائے تو اس کا رنگ بدل جاتا ہے اور گندھک خواب میں مال حرام کی دلیل ہے۔(۲)اگر اس کے ذریعے چراغ یا قندیل جلایا جائے یا کھانے میں استعمال کیا جائے تو یہ ہدایت کی دلیل ہے۔

## کمیت (گھوڑے کا کمیت رنگ ہونا)

خواب میں کمیت رنگ کا گھوڑا دیکھنا عزت اور بلندی کی دلیل ہے بعض نے کہا ہے کہ یہ دولت مند عورت کی علامت ہے۔

## کرکدن (گینڈا)

خواب میں گینڈا دیکھنا بڑے بادشاہ کی دلیل ہے کسی نے گینڈے کو خواب میں خود کو کھینچتے دیکھا تو بڑے ظلم اور غالب بادشاہ کی طرف سے مال ملنے کی دلیل ہے۔اگر کسی نے خواب میں اپنے آپ کو گینڈے پر سوار دیکھا تو بادشاہ پر غالب آنے یا اس کے ساتھ دھوکہ کرنے کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## کرک (پوستین کا لباس)

خواب میں اس کی رویت صاحب خواب کے حقیر کنگلے اور کمینے ہونے کے سبب جنگ اور دھوکا بازی کرنے پر دلالت کرتی ہے کبھی بادشاہ کی اولاد اور مال، دولت پر بھی دلالت کرتی ہے۔

## کرکی (سارس آبی جانور)

(۱) خواب میں سارس دیکھنے کی تعبیر مسکین اور کمزور شخص سے کی جاتی ہے۔ (۲) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے سارس کو پکڑا تو صاحب خواب برے اخلاق والی قوم کا داماد بنے گا۔ سارس ایسے لوگوں پر دلالت کرتا ہے جو اجتماع اور مشارکت کو پسند کرتے ہیں۔ (۳) اگر کسی نے خواب میں سارس دیکھا تو وہ دور کا سفر کریگا اگر مسافر ہے تو اپنے اہل کی طرف صحیح سالم لوٹ آئے گا۔ (۴) اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ اس شہر کے آس پاس سارس اڑ رہا ہے تو اس سال سخت سردی ہوگی اور سیلاب کا ہجوم ہوگا۔ (۵) اگر کوئی شخص خواب میں سارس کا گوشت کھایا تو وہ چور سے یا نوکر سے نفع حاصل کریگا۔ (۶) اگر کسی نے خواب میں موسم سرما میں سارسوں کو جمع ہوتے دیکھا تو یہ خواب چوروں، ڈاکوؤں، دشمنوں پر، سردی پر اور خواہشات کے اضطراب پر دلالت کرتا ہے۔ (۷) اگر کسی نے خواب میں سارسوں کو متفرق طور پر دیکھا تو صاحب خواب کے لئے اچھا ہے۔ سفر کا ارادہ رکھنے والوں اور شادی کے ارادہ کرنے والے یا لڑکے کی خواہشمندوں کے لئے خیر کی دلیل ہے۔ (۸) اگر کوئی شخص خواب میں سارس پر سوار ہوا تو اس کی محتاجی کی دلیل ہے۔ (۹) اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ اس کے پاس بہت سے سارس ہیں تو اس کو ریاست اور مال ملے گا اور سارس کا گوشت کھانا مسکین آدمی کی طرف سے مال ملنے کی دلیل ہے۔ (۱۰) اگر کوئی شخص خواب میں دیکھا کہ وہ سارس چرا رہا ہے تو وہ غریب لوگوں پر حکومت کریگا۔ (۱۱) اگر کوئی شخص خواب میں سارس کا علاج کرے تو وہ کسی غریب آدمی کا علاج کریگا۔ (۱۲) اگر کسی نے خواب میں سارس کی آواز سنی تو اس غم سے چھٹکارے کی دلیل ہے جس میں وہ مبتلا ہے اور خیر کی طرف اشارہ ہے۔

## کبش (مینڈھا)

(۱) خواب میں مینڈھا، شریف اور قوی مرد کی دلیل ہے اگر کسی نے خواب میں مینڈھے کے سینگوں کو پکڑا تو کسی شریف آدمی کے معاملہ میں حمایت کرے گا۔ (۲) اگر کسی نے اس کے بالوں کو پکڑا تو شریف آدمی کے واسطے سے مالدار ہوگا۔ (۳) اگر کسی نے خواب میں مینڈھے کی دم پکڑی تو وہ کسی شریف آدمی کے تمام مال و دولت کا مالک ہوگا اور اس کے مرنے کے بعد اس کے مال کا وارث بنے گا یا اس کی بیٹی سے شادی کریگا۔ (۴) اگر صاحب خواب نے اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے پیٹ سے کچھوے لئے تو اس کو خزانہ ملے گا۔(۵) خواب میں مینڈھے کو کھانے کے سوا کسی اور غرض سے ذبح کرنا کسی بڑے شریف آدمی کو قتل کرنے یا دشمن کو قتل کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۶) اگر یہ خواب لڑائی کے دوران دیکھے تو اسے لڑائی میں کامیابی ہوگی۔(۷) اگر کسی نے خواب میں قصاب سے مینڈھا خریدا تو دلیل ہے کہ ایک شریر آدمی محتاج ہو کر اس کے پاس آئے گا اور اپنے کسی کام کے بارے میں اس سے گفتگو کریگا اور صاحب خواب اس کو ہلاکت سے بچائے گا۔ اگر بیمار نے یہ خواب دیکھا تو وہ قریب الموت بیماری سے دوا کے ذریعے نجات پائے گا۔

(۹) جو دیکھے کہ اس نے اپنے سر پر مینڈھا اٹھایا ہوا ہے تو وہ کسی سخت قسم کے آدمی کی ذمہ داری اپنے سر لیگا۔(۱۰) اگر دیکھے کہ وہ مینڈھے پر سوار ہے اور مینڈھے کو اپنی مرضی کے مطابق چلا رہا ہے اور وہ اسکی تابعداری کرتا ہے تو وہ کسی مضبوط قسم کے آدمی پر غالب آئیگا اور اس کو اپنی مرضی کے مطابق چلائے گا۔ اگر مینڈھا اس کا مطیع نہیں ہوا اور اس کو چلانا دشوار ہوا تو اس آدمی کو وہ اپنی مرضی کے موافق نہیں چلا سکے گا۔ اگر مینڈھے کو اپنے اوپر سوار دیکھے تو سخت قسم کا آدمی کوئی ناپسندیدہ کام اس کے ذمے لگا دیگا۔

(۱۱) اگر کسی نے مینڈھے کے دونوں سینگ یا ایک توڑ دیئے تو وہ کسی بڑے آدمی کو زیر کرے گا جو اس کے مال و منفعت اور قوت کو ختم کر دیگا۔(۱۲) خواب میں مینڈھے سے لڑنا بیداری میں سخت مضبوط آدمی سے لڑنے کی دلیل ہے اور جو بھی اس میں سے غالب آئیگا بیداری میں وہی غالب ہوگا۔ (۱۳) مینڈھا سخت مضبوط بڑے آدمی کے مرنے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۴) خواب دیکھا کہ مینڈھا ذبح کر کے اس کا گوشت تقسیم کیا گیا تو اس علاقہ میں کوئی بڑا آدمی مریگا اور اس کی میراث تقسیم ہوگی۔(۱۵) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے قربانی یا ویسے کھانے کی غرض سے مینڈھا ذبح کیا اگر وہ غلام ہے تو آزاد ہوگا اگر قیدی ہے تو قید سے خلاصی ہوگی اور خوف زدہ ہے تو مامون ہوگا۔ اگر وہ مقروض ہے تو قرض سے چھٹکارا پائے گا۔ اور اگر حج نہیں کیا ہے حج کریگا۔ اور اگر مریض ہے تو تندرست ہوگا۔(۱۶) مینڈھا ذبح کر کے اس کی کھال اتارنا دشمن کے مال حاصل کرنے اور اس کے گوشت سے کھانا دشمن کے مال سے کھانے کی دلیل ہے۔(۱۷) اگر کوئی اپنے گھر میں کھال اترا ہوا مینڈھا دیکھے تو یہ اپنے کسی رشتے دار کے مرنے کی دلیل ہے چنانچہ اگر گوشت مینڈھے کی ران ہے۔ تو اس کا قریبی رشتہ دار مریگا۔(۱۸) اگر دیکھے کہ وہ مینڈھے کا گوشت بھون رہا ہے تو وہ مریض ہوگا یا بادشاہ کی طرف سے عذاب میں مبتلا ہوگا یا قید کر دیا جائے گا۔ اور کبھی مینڈھے کی دلالت حکومت و طاقت پر ہوتی ہے۔ چنانچہ خواب میں مینڈھا ملنا ایک سال کی ولایت ملنے کی دلیل ہے۔ اور زیادہ ملنا زیادہ سالوں کی ولایت ملنے کی علامت ہے۔(۱۹) اگر کسی خاص کام میں مصروف ہونے کی حالت میں مذکورہ خواب دیکھے تو جتنے مینڈھے ہیں اتنے سال کام کرے گا۔(۲۰) کسی کے پاس بہت سارے مینڈھوں کے سروں کو لایا جانا دشمنوں کے سروں کو لائے جانے کی دلیل ہے۔(۲۱) مینڈھے کا اون مال کی دلیل ہے، مینڈھے کی دلالت مندرجہ ذیل پر بھی ہوتی ہے۔ مؤذن،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



چرواہا' کمانڈر' فوج کا ہراول دستہ وغیرہ۔ اور لگام دیا ہوا مینڈھا معزول حکمران اور ذلیل یا خصی شخص پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۲) اگر دیکھے کہ مینڈھا اس پر چھلانگ رہا ہے تو دشمن کی طرف سے ناپسندیدہ امر درپیش ہوگا۔ (۲۳) مینڈھے کا سینگ سے مارنا تکلیف پہنچنے کی علامت ہے۔ (۲۴) بھیڑ کا مینڈھا بن جانا بیوی کو حمل نہ ٹھیرنے کی طرف اشارہ ہے اگر شادی نہ ہو تو یہ قوت' عزت' طاقت اور دشمن کے مقابلے میں مدد کے حصول پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۵) کسی نے دیکھا کہ دو مینڈھے اس کی بیوی کی شرم گاہ کے اوپر ایک دوسرے کو سینگ سے مار رہے ہیں تو تعبیر ہے اس کی بیوی اپنی شرمگاہ کے بال قینچی سے کاٹتی ہے۔ (۲۶) کالے مینڈوں کی تعبیر عرب اور سفید کی تعبیر اہل عجم ہیں۔

## کشک (کھانا۔ دودھ آٹے کا خشک آمیزہ)

یہ اور ہر سفید رنگ کا طعام سوائے ہریسہ کے غم واندوہ کی علامت ہے۔ بعض نے کہا کہ اس کی تعبیر تھوڑی تکلیف سے ملنے والا رزق ہے۔ اور اس کی ثرید جس میں چکناہٹ بھی ہو اس کی تعبیر گھٹیا چیز کی تجارت ہے جس میں مال ومنفعت حاصل ہو۔

www.KitaboSunnat.com

## کندر (لوبان)

اس کی تعبیر علم اور فقہ ہے۔

## کنیف (بیت الخلاء)

(۱) اس کی تعبیر بیت المال ہے اور اس کو جاڑو دینا محتاجی ہے' کنیف میں داخل ہو کر اس سے باہر نہ نکلنا قید ہونے کی دلیل ہے۔ (۲) اس میں دودھ ڈالنا یا پیشاب دودھ یا شھد کی صورت میں کرنا دبر میں جماع کرنے کی دلیل ہے۔ اور کنیف کی دلالت بیوی پر اور گھر کے محافظ خادم پر بھی ہوتی ہے۔

## کُم الانسان (آستین)

(۱) اس کی تعبیر بھی مال ہے اور کشادہ آستین وسیع مال کی علامت ہے۔ (۲) یہی تعبیر طویل آستین کی ہے۔ (۳) آستین کا پھٹنا فقر ہے۔

## کوکب (ستارہ)

اس کی تعبیر معزز شخص ہے۔ (۱) جس نے ستاروں کو اپنے گھر میں مجتمع دیکھا تو اس کے گھر میں قوم کے سرداروں کا اجتماع ہوگا۔ (۲) اگر ستاروں کا جمع ہونا روشنی کے بغیر ہو تو سرداران قوم کسی مصیبت کے سلسلے میں اس کے گھر جمع ہوں گے۔ (۳) اپنے ہاتھ میں ستارہ دیکھنا شریف بیٹا نصیب ہونے کی نوید ہے۔ (۴) ستارہ چوری کرنا قیمتی چیز چوری

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرنے کی دلیل ہے' اور کبھی ڈھال چوری کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۵) آسمان سے کسی جگہ میں ستارہ گرنا اس جگہ میں کسی شریف آدمی پر کوئی مصیبت آنے کی دلیل ہے۔ (۶) اپنے گھر میں بہت سارے ستارے دیکھنا کثرتِ اولاد کی علامت ہے۔ (۷) سات مشہور سیاروں کو دیکھنا صنائع' تجارت اور علم وسلطنت کے حصول کی دلیل ہے۔ ہر ایک کی مقدار کے مطابق اس کو حصہ ملے گا۔ (۸) چمکتا ہوا شہابِ ثاقب دیکھنا خوشی وفرحت سے سرفراز ہونے اور لوگوں کے اپنی ضروریات کے سلسلے میں اس کی طرف متوجہ ہونے کی بشارت ہے۔

(۹) جس نے دیکھا کہ آسمان سے سارے ستارے غائب ہو گئے تو اگر غنی ہے تو اس کا سارا مال ختم ہوگا۔ اگر فقیر ہے تو اس کا انتقال ہوگا۔ (۱۰) اگر بڑے بڑے ستاروں کو چمکتے دیکھے تو اس کو بھلائی' نیکی معرفت نصیب ہوگی۔ (۱۱) کسی بڑے ستارے کو اپنی جگہ سے گرنا اس علاقے کے کسی بڑے رئیس کے مرنے کی دلیل ہے۔ (۱۲) اگر اپنے ہاتھ میں چھوٹے چھوٹے ستارے دیکھے تو شہرت وقوت پائے گا۔ (۱۳) ستاروں کو اپنے سر کے قریب دیکھنا اپنے ہمعصروں سے کسی بڑے کی خدمت کی بنا پر فوقیت لے جانے کی دلیل ہے۔ (۱۴) اگر دیکھے کہ بہت ستارے ساتھ یکجا ہو کر چمک رہے ہیں تو اگر مسافر نہیں ہے تو سفر کر کے اس سے خیر پائے گا اور اگر مسافر ہے تو اپنے وطن کی طرف مسرور ہو کر لوٹے گا۔ (۱۵) اگر دیکھے کہ اس نے ستارے پر سوار ہوا تو بادشاہت' حکمرانی وقوت وخیر پائے گا۔ (۱۶) ستاروں کو گھر کے اندر چھتوں کے نیچے دیکھنا گھر کے برباد ہونے یا صاحب گھر کے مرنے کی دلیل ہے۔ (۱۷) اگر دیکھے کہ وہ ستاروں کو کھا رہا ہے تو وہ لوگوں کے مالوں کو کھائے گا اور لوگوں کو ہلاک کرے گا۔ (۱۸) اگر بغیر چبائے ستاروں کو نگلے تو معزز لوگ اس کے معاملے اور اس کے رازوں میں دخیل ہوں گے اور کبھی ایسا خواب دیکھنے والا' صحابہ کو گالیاں دیگا (نعوذ باللہ من ذالک) (۱۹) ستاروں کو چوسنا علماء سے علم حاصل کرنے کی دلیل ہے۔ (۲۰) کاہن یا فلکیات پر نظر رکھنے والا شخص اگر خواب میں خود کو ستارے کھاتے دیکھے تو یہ اس کے عظیم کام سرانجام دینے اور حالت کی بہتری کی علامت ہے اور ان کے علاوہ باقی لوگوں کے لئے یہ خواب دلیل موت ہے۔ (۲۱) ستاروں کو بکھرتے دیکھنا بادشاہوں کی موت کی علامت ہے۔ اور ایسی جنگ پر دلالت کرتا ہے جس میں فوج کی ایک بڑی جماعت ہلاک ہوگی۔ (۲۲) اگر دیکھے کہ ستارے یکے بعد دیگرے گر رہے ہیں اور گر کر ختم ہو رہے ہیں تو یہ ایک کثیر قوم کی ہلاکت کی دلیل ہے۔ بڑے بڑے ستارے رؤساء کے مرنے پر دلالت کرتے ہیں' اور چھوٹے ستارے کمزوروں کے مرنے پر دلالت کرتے ہیں۔ کبھی تمام ستاروں کا گرنا صاحب خواب کے تمام بال گرنے اور گنجا ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۲۳) خواب میں دن کو ستارے دیکھنا شرمندگی' شہرت' بڑے بڑے حادثات رونما ہونے' مصائب وآلام کا شکار ہونے کی دلیل ہے۔ (۲۴) صبح کے ستارے شب زفاف پر دلالت کرتے ہیں۔ (۲۵) کسی نے اپنے محل میں خواب دیکھا کہ سخت اندھیری رات میں صبح کا ستارہ طلوع ہوا تو اس جگہ میں دلہن سے زفاف کریگا۔ (۲۶) کم روشنی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



والے چھوٹے چھوٹے ستارے غلاموں' باندیوں اورعوام الناس پر دلالت کرتے ہیں۔(۲۷) خواب میں خود کو ستارہ بنتا دیکھنا مالدار ہونے کی بشارت ہے۔(۲۸) سردیوں پر دلالت کرنے والے ستارے غم وتکلیف پر اور گرمیوں پر دلالت کرنے والے کواکب معیشت اور بھلائی پر دلالت کرتے ہیں۔

## کسوف الشمس والقمر (چاند' سورج کا گرہن ہونا)

(۱) سورج گرہن ہونا بڑے بادشاہ کو حادثہ پیش ہونے کی دلیل ہے۔(۲) اور چاند گرہن ہونا وزیر کو حادثہ پیش ہونے کی علامت ہے۔ بقول بعض خسوف قمر بیوی یا والد کی موت کی علامت ہے۔(۳) بادل کو سورج کو ڈھانپتے دیکھنا بادشاہ کے علیل ہونے کی خبر ہے۔اور اگر سورج اس بادل میں حرکت تو کرتا ہے مگر باہر نہیں نکلتا تو موت بادشاہ کی دلیل ہے۔ کبھی سورج کی دلالت کسی بڑے عالم پر بھی ہوتی ہے۔(۴) اور بعض علماء تعبیر نے کہا ہے کہ اگر سورج کو دیکھا کہ بادل اس کو ڈھانپ رہا ہے تو تعبیر ہے کہ رعایا پر ظلم کے پاداش میں بادشاہ اپنی حکومت سے معزول ہوگا۔

## کہف (غار)

(۱) اس کی تعبیر وہ انسان ہے جس کے پاس پناہ لی جاتی ہے مثلاً سردار' والد' بادشاہ' استاذ' بیوی' کاروبار وغیرہ۔
(۲) معاملات کو چھپانے کی خواہش رکھنے والے کے لئے غار دیکھنا اس کے معاملات کے پوشیدہ رہنے کی دلیل ہے۔ پہلوانوں کے لئے خدمت کرنے' بادشاہ کا قرب حاصل کرنے' شدائد سے چھٹکارا پانے کی دلیل ہے۔ اگر مریض ہے تو اس کے لئے شفاء حاصل کرنے' اور قیدی کے لئے قید سے خلاصی کی نوید ہے۔ اور کبھی طول عمر پر بھی دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب اللام

## لوط علیہ السلام

خواب میں لوط علیہ السلام کو دیکھنا قوم اور بیوی کی طرف سے تکلیف اور غم پہنچنے کی دلیل ہے۔ اور کبھی اپنے دشمنوں پر نصرت حاصل ہونے' دشمنوں کو عذاب میں مبتلاء دیکھنے پر دلالت کرتا ہے۔ اور ان کی رویت مسخ اور زمین میں دھنس جانے اور ہلاک ہونے کی دلیل ہے۔ جبکہ لوط علیہ السلام کے قوم کی طرح غلط کاری میں ملوث ہوں۔(۲) اگر کسی عورت نے خواب میں لوط علیہ السلام کی بیوی کو دیکھا تو تعبیر ہے وہ اپنے شوہر کی اطاعت سے نکلے گی اور شوہر کی حالت کو خراب کرنے کی کوشش کرے گی اور ہلاک ہونے کا بھی خدشہ ہے۔ اگر سارے لوگ خواب میں لوط علیہ السلام کو دیکھ لیں تو دلیل ہے اس علاقے کی عورتوں میں فساد ظاہر ہوگا۔ خواب میں لوط علیہ السلام کو دیکھا تو یہ لواطت کے عمل پر اس کو تنبیہ ہے اور دلیل ہے اسکی بیوی بے فائدہ اور فاسقہ ہوگی۔

## لوح (لوح محفوظ' تختی)

(۱) خواب میں لوح محفوظ کی زیارت اعمال کے لئے ستر کی دلیل ہے۔ شدت میں مبتلاء شخص کے لئے اس کی زیارت بشارت اور مریض کے لئے عافیت کی علامت ہے اس لئے کہ وہ نقائص سے پاک اور اللہ تعالی کے ودیعت کردہ اشیاء کا محافظ اور اللہ تعالی کی نظروں میں ہے اور محفوظ ہے۔ جرم کرنے والوں کے لئے اس کو دیکھنا ممنوعات میں مبتلاء ہونے کی دلیل ہے اور اہل طاعت کے لئے ہدایت اور اس میں محفوظ اوامر و نواہی سے باخبر ہونے کی علامت ہے۔ مالی لحاظ سے کمزور لوگوں کے لئے لوح محفوظ کا دیدار رزق کی نوید ہے اس لئے کہ لوگوں کے رزق اور اجل لوح محفوظ میں موجود ہیں۔

اہل علم کے لئے علم کی حفاظت اور اصحابِ مال کے لئے مال کی حفاظت ہے اور کبھی اسکی دلالت اموال' امانتوں اور رازوں کی حفاظت کرنے پر بھی ہوتی ہے اور کبھی خوف سے مامون ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۲) اگر بادشاہ خواب میں لوط علیہ السلام کو دیکھے تو اسکی مملکت وسیع ہوگی یا دلیل ہے اسکو بہت بڑا خزانہ ملے گا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل شدہ تختیوں کو خواب میں دیکھنا گواہی دینے' حق کی طرف رہنمائی کرنے والے لوگوں کی علامت ہے۔

## لوءلوء (موتی)

(۱) پروئے ہوئے موتی دیکھنا قرآن' علم' ولد اور غلاموں پر دلالت کرتا ہے(۲) چنانچہ خواب میں موتیوں کو سوراخ کرنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قرآن کریم کی صحیح تفسیر کرنے کی دلیل ہے (۳) موتی نگلنا یا اسکو فروخت کرنا قرآن یاد کر کے بھولنے کی علامت ہے (۴) موتیوں کی تعبیر چونکہ علم بھی ہے چنانچہ خواب میں موتی فروخت کرنا کثیر علم حاصل کرنے اور لوگوں میں بڑے ہونے پر دلالت کرتا ہے (۵) اسی طرح اپنے منہ میں موتی داخل کرنا دینی بہتری کی دلیل ہے (۶) کسی نے خواب دیکھا گویا وہ اپنے منہ سے موتی نکال کر پھیلا رہا ہے اور لوگ ان کو لے رہے ہیں مگر وہ خود ان کو نہیں پکڑ رہا ہے تو وہ لوگوں میں فیصلہ کرنے والا ہوگا اور لوگوں کو نصیحت کرے گا اور لوگ اس سے مستفید ہوں گے (۷) خواب میں موتی ملنا کسی رشتہ دار کے ہاں بچی کے تولد کی دلیل ہے یا باندی ملنے کی علامت ہے (۸) کسی سے عاریۃً موتی لینا جلد مرنے پر دلالت کرتا ہے (۹) خواب دیکھا کہ اس نے وہ دریا یا نہر سے بہت ساری موتیاں نکالے جو ترازوؤں یا پیمانوں میں تولے جا رہے ہیں تو بادشاہ کے خزانوں سے حلال مال ملنے کی بشارت ہے یا ایسی شخصیت کی طرف سے مال ملنے کی علامت ہے جو بادشاہ سے متعلق ہے (۱۰) بہت سارے موتیوں کی دلالت خادموں، میراث کے متوقع شخص کے لئے کثیر میراث ملنے، عالم کے لئے علم نصیب ہونے، حکمران کے لئے مزید حکمرانی ملنے، تاجر کے لئے تجارت میں اضافے اور صنعت کار کے لئے اسکی صنعت پر ہوتی ہے۔(۱۱) خواب میں لکڑی سے موتیوں میں سوراخ کرنا اپنے کسی محرم سے نکاح کرنے پر دلالت کرتا ہے (۱۲) اور کبھی موتی نگلنا گواہی چھپانے پر بھی دلالت کرتا ہے (۱۳) موتی کو چبانا لوگوں کی غیبت کرنے اور چبا کر نگلنا غیبت کرنے کے ساتھ سازش بھی کرنے کی دلیل ہے (۱۴) کنویں یا نہر میں موتی پھینکنا لوگوں کے ساتھ نیکی کا معاملہ کرنے کی طرف اشارہ ہے (۱۵) موتی کے اوپر کے حصے کو چھید کر کے موتی کو پھینک کر چھلکے کو اپنے پاس رکھنا صاحب خواب کے کفن چور ہونے کی طرف اشارہ ہے۔

(۱۵) خواب میں کسی خزانے کو چابی سے کھول کر اس سے موتی نکالنا کسی عالم سے مسئلہ دریافت کرنے کی دلیل ہے۔(۱۶) خواب میں موتی گننا محنت و مشقت میں مبتلاء ہونے کی خبر دیتا ہے (۱۷) کبھی موتیوں کی رویت بے حد خوش ہونے اور ریاست ملنے پر بھی دلالت کرتی ہے (۱۸) اور موتی کو نگل کر دوبارہ اگلنا قرآن کے کچھ حصے یاد کرنے کے بعد بھول جانے پر دلالت کرتا ہے۔کبھی موتیوں کی دلالت اموال اور باندیوں پر ہوتی ہے اور کبھی اچھی باتوں پر ہوتی ہے۔(۱۹) موتیوں کے ہار کی دلالت عقد نکاح یا مالی معاہدے یا ختم قرآن پر ہوتی ہے (۲۰) اگر موتیوں کو حمام میں پھینکے تو دلیل ہے۔ وہ وسط راہ میں قرآن پڑھے گا (۲۱) موتی کو نگل کر منہ کو بند کرے تو وہ قرآن یاد کرے گا مگر کسی کو اسکی تعلیم نہیں دے گا (۲۲) موتیوں کے بڑے بوجھ اٹھانا غم میں مبتلاء ہونے پر دلالت کرتا ہے (۲۳) کبھی موتی نگلنا علم و حکمت حاصل کر کے اس کی حفاظت کرنے کی دلیل ہے (۲۴) موتیوں کو گندے مقامات میں یا راستے میں یا ایسی جگہ میں پھینکنا جہاں پھینکنا عام طور پر اچھا نہیں سمجھا جاتا ہے نااہلوں کو علم سکھانے اور علم کی تعظیم نہ کرنے کی علامت ہے۔

(۲۵) بڑے بڑے موتی چھوٹے موتیوں کے مقابلے میں تعبیری لحاظ سے بہتر ہیں (۲۷) اور کبھی بڑے موتے قرآن کریم کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



طویل سورتوں پر بھی دلالت کرتے ہیں (۲۸) غیر سوراخ دار موتی باکرہ باندیوں پر دلالت کرتے ہیں اور سوراخ دار بلا مشقت ملنے والے رزق کی علامت ہے (۳۰) کبھی موتیوں کی دلالت آنکھوں سے بہنے والے آنسوؤں پر بھی ہوتی ہے اس لئے کہ آنسوؤں کو موتیوں کے ساتھ تشبیہ دیتے ہیں۔

## لواء (جھنڈا)

(۱) خواب دیکھا کہ اس کے لئے جھنڈا باندھا گیا ہے اور وہ اس کا اہل بھی ہے تو دلیل ہے اسکو بھلائی ملے گی۔ (۲) اور اگر جھنڈا اٹھانے کی اہلیت نہیں رکھتا تو اس کے مشہور ہونے کی دلیل ہے (۳) خواب میں اپنے ہاتھ میں جھنڈا دیکھنا عقد نکاح کی دلیل ہے (۴) بعض اہل تعبیر نے کہا ہے کہ کسی صاحب خصومت کا جھنڈا دیکھنا اپنے کیس کی پیروی نہ کر سکنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۵) خواب میں اپنے نیزے کے اوپر جھنڈا دیکھنا اسکی یا اسکی اولاد میں سے کسی کی موت کی علامت ہے (۶) اپنے گھر کے اوپر جھنڈا دیکھنا اس گھر میں کسی مرد کے مرنے کی خبر ہے۔ بڑے پرچم کی تعبیر عورت ہے (۷) چنانچہ سرخ پرچم بری عورت کی علامت ہے (۸) سفید رنگ کا پرچم نیک گھرانے کی صالح خاتون پر دلالت کرتا ہے (۹) کالے رنگ کے پرچم کی دلالت سچ اور جھوٹ کو ملانے والی عورت پر ہوتی ہے (۱۰) رنگدار جھنڈے کی دلالت فاسقہ عورت پر ہوتی ہے۔ (۱۱) خواب دیکھا کہ اسکے ہاتھ میں جھنڈا دیا گیا وہ اسکے ہاتھ میں بہت سارے چھوٹے بڑے جھنڈے ہو گئے تو دلیل ہے کہ اس کو قوت و طاقت ملے گی اور اچھے مرتبے پر فائز ہوگا۔ (۱۲) خواب دیکھا گویا اس کا جھنڈا نیچے اتارا گیا تو دلیل ہے اسکی طاقت ختم ہوگی (۱۳) کبھی جھنڈوں کی دلالت بادشاہوں و قاضیوں، عالموں اور امراء پر بھی ہوتی ہے۔

## لجام (لگام)

اسکی دلالت ہر کام میں تدبیر کرنے اور مالی قوت پر ہوتی ہے (۱) لگام کی دلالت بادشاہوں کے وفادار اور محافظ پر بھی ہوتی ہے (۲) کسی چوپائے یا تاتاری گھوڑے پر لگام ڈال کر سوار ہونا ایسی حکومت ملنے کی دلیل ہے جسمیں اس وقت تک کوئی دخیل نہیں ہو سکتا جب تک سخت مضبوط قسم اس سے نہ لی جائے (۳) کسی سواری پر بغیر بناؤ سنگھار کے لگام کے ساتھ سوار ہونا اسکی تواضع اور اسکے باطن کے ظاہر کے مقابلے میں بہتر ہونے کی بشارت ہے اور لگام کی دلالت سلامتی پر بھی ہوتی ہے (۴) خواب میں اپنے منہ میں لگام ڈال دیکھنا فضول ولایعنی باتوں سے بچنے اور سلامتی کی علامت ہے (۵) اگر مذکورہ خواب ایسا شخص دیکھے جس کا عدالت میں کیس چل رہا ہو تو یہ اس کیس کے کمزور ہونے کی دلیل ہے۔ (۶) گھوڑے کے لگام کو کٹا ہوا دیکھنا گھوڑے کی حفاظت کرنے والے خادم کی دلیل ہے (۷) گھوڑے سے جو لوگ معبر ہیں ان کے لئے لگام عصمت کی علامت ہے (۸) کبھی اسکی دلالت اموال کی زکوۃ پر بھی ہوتی ہے۔ (۹)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خواب میں لگام کا سرے سے یا ہاتھ سے گرنا معاملات کے الجھنے اور حالات میں فساد واقع ہونے یا بیوی کے اس پر حرام ہونے یا اس کے نکاح میں غیر محفوظ ہونے کی دلیل ہے (۱۰) لگام ڈالنا کبھی گناہوں سے رکنے پر اور روزہ رکھنے پر دلالت کرتا ہے (۱۱) ٹوٹی ہوئی لگام بادشاہ کے لئے بہتر ہے مگر اس کے مالک کے لئے اس کی تعبیر اچھی نہیں ہے۔

## لکن (طشت' بڑا برتن)

(۱) خواب میں آئینہ میں دیکھنے کی طرح طشت میں دیکھنا باندی کے بطن سے بہت ساری اولاد پیدا ہونے پر دلالت کرتا ہے (۲) کسی غلام کا بڑے برتن میں اپنی صورت کو دیکھنا اس غلامی کے برقرار رہنے کی دلیل ہے اور بعض معبرین کے نزدیک کشادہ برتن کی دلالت کبھی بیوی پر اور کبھی خدمت گزار باندی پر ہوتی ہے۔

## لحاف

اسکی دلالت بیوی پر ہوتی ہے (۱) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ رات کو لحاف اوڑھ کر سو گیا تو دلیل ہے۔ وہ نکاح کرے گا یا سکون وراحت میں ہوگا۔ لحاف کی دلالت راحت وطاقت پر بھی ہوتی ہے۔

## لباد (نمدہ ساز)

اسکی دلالت صبر کرنے اور کاموں میں کوشش کرنے پر ہوتی ہے۔ بعض اہل تعبیر کے نزدیک پیشہ ور شخص پر اسکی دلالت ہوتی ہے اور اسکو اپنے پاس دیکھنا معیشت' رزق اور فوائد پر دلالت کرتا ہے۔

## لیف النخلہ (کھجور کے درخت کی چھال)

(۱) خواب میں اسکو دیکھنا بیداری میں کپڑوں کا جوڑا ملنے کی دلیل ہے (۲) اور کبھی اس کی دلالت ثقیل مال پر ہوتی ہے۔

## لیمون

(۱) لیمون ملنا ملامت ہونے کی دلیل ہے (۲) اور ایک لیموں مؤنث کی دلیل ہے (۳) پیلے رنگ کا لیموں کھانا مرض کی دلیل ہے (۴) خواب دیکھا کہ وہ لیموں کا مالک بنا مگر اس سے کھایا نہیں تو یہ مال ملنے کی دلیل ہے (۵) پیلے رنگ کے مقابلے میں سبز رنگ کا لیموں تعبیر کے لحاظ سے بہتر ہے۔ سبز رنگ کی تعبیر پیلے رنگ سے بہتر ہے چاہے میوے ہوں یا کپڑے۔ اور لیموں کی دلالت ملامت کرنے والے کی ملامت پر بھی ہوتی ہے (۶) چنانچہ کسی انسان کو لیموں پکڑ ادینا اسے ملامت کرنے کی دلیل ہے (۷) لیموں کا درخت ایک کثیر النفع شخص پر دلالت کرتا ہے (۸) بعض اہل تعبیر کے نزدیک اسکی دلالت تیز مزاج کی مالدار کثیر النفع خاتون پر ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## لوز (بادام)

(۱) بادام کی دلالت بیماریوں کے زائل ہونے، عہدے کے ختم ہونے اور حکومت سے معزول ہونے پر ہوتی ہے اور کبھی اسکی دلالت کفن میں لپٹی میت پر اور کبھی قبر میں رکھی ہوئی میت پر ہوتی ہے۔ اگر بادام سبز ہو یہ تعبیر نہیں ہوگی۔ (۲) باداموں کے موسم میں بادام دیکھنا خیر پر دلالت کرتا ہے (۳) میٹھا بادام بقدر مٹھاس حلال مال ملنے پر دال ہے (۴) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ بادام کھا رہا ہے کہ تو دلیل ہے خصومت کے ساتھ اس کو مال ملے گا (۵) درخت سے بادام چننا ایک سخت بخیل قسم کے آدمی کی طرف سے مال ملنے کی علامت ہے (۶) درخت بادام کی دلالت ایسے شخص پر ہوتی ہے جو اپنے گھر والوں کے لئے سخی اور غیروں کے لئے بخیل ہو (۷) کبھی شریں بادام کی دلالت ایمان کی شرینی پر بھی ہوتی ہے (۸) کڑوے بادام حق بات پر دلالت کرتا ہے (۹) کبھی بادام کھانا تندرستی کے ساتھ مال ملنے پر دلالت کرتا ہے (۱۰) کبھی بادام کی دلالت مسافر آدمی پر ہوتی ہے (۱۱) خواب دیکھا اس کے اوپر بادام کے چھلکے ڈالے جارہے ہیں تو دلیل ہے کہ اس کو کپڑوں کے جوڑے ملیں گے۔ اور بقول بعض معبرین خشک بادام کی دلالت تکلیف اور شریر پر ہوتی ہے اور غم پر بھی دلالت کرتا ہے (۱۲) بادام کے پتے کھانا کسی شاہی آدمی سے پاک اور حلال مال ملنے کی بشارت ہے۔

## لقام (چیچک کا ٹیکہ)

(۱) اسکی دلالت بیماریوں اور دنانیر پر ہوتی ہے (۲) زمین سے اسکو اٹھانا بیوی کے بیمار ہونے اور اس سے مال کثیر ملنے پر دلالت کرتا ہے۔

## الفت (شلغم)

اسکی دلالت ایک دیہاتی عورت پر ہوتی ہے اور زمین سے اُگے ہوئے کی دلالت اولاد کے مرنے پر ہوتی ہے۔ لفظی اشتراک کی وجہ سے الفت سے بھی تعبیر کی جاتی ہے۔

## لبلاب (پودہ جس کی بیل کھیتی پر چڑھتی ہے)

اسکی تعبیر خوشبو ہے اور برے اخلاق پر بھی اسکی دلالت ہوتی ہے اور بے کار غم کی بھی علامت ہے۔

## لباب الشیء (خلاصہ)

اسکی دلالت علم نافع قول وفعل اور ظاہر و باطن ہر لحاظ سے مخلص ہونے پر ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## لینوفر (ایک قسم کا پھول)

اسکی دلالت چھپ جانے' زندہ رہنے اور سمندروں میں سفر کرنے پر ہوتی ہے۔(۱) چنانچہ خواب میں سفر کرنے والے شخص کا خواب میں اسے دیکھنا غرق ہونے یا ہوا کی بندش کی علامت ہے اور نیکی کے کاموں میں خرچ کئے جانے والے مال پر بھی دلالت کرتا ہے اور کبھی اسکی دلالت بیماریوں اور غموم پر بھی ہوتی ہے اور متلون مزاج آدمی پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۲) خواب میں اسے جمع کرنا بیداری میں رنگین مزاج ہونے یا غموں اور بیماریوں میں مبتلاء ہونے کی علامت ہے۔

## لبن (دودھ)

(۱) اسکی دلالت فطرت اسلام پر ہوتی ہے اور بلا محنت و مشقت ملنے والے مال پر بھی دلالت کرتا ہے (۲) دہی کی دلالت اسکی کھٹا پن کی بناء پر مال حرام پر ہوتی ہے (۳) کسی مرد یا عورت کے پستان پر دودھ آتا دیکھنا اسکے مال جمع کرنے پر دلالت کرتا ہے۔(۴) پستانوں سے دودھ جاری ہونا دنیا کی فراوانی کی دلیل ہے (۵) کسی عورت نے خواب دیکھا کہ اس کے پستانوں میں دودھ آ گیا ہے اور بیداری میں اس میں کوئی دودھ نہیں تھا یا دیکھا کہ وہ کسی بچے کو یا کسی مرد کو یا عورت کو اپنے پستانوں سے دودھ پلا رہی ہے تو دلیل ہے دودھ پلانے والی اور دودھ پینے والے پر دنیا کے دروازے بند ہو جائیں گے (۶) انسان کے دودھ کی دلالت پینے اور پلانے والے کے لئے حبس و تنگی پر ہوتی ہے۔ (۷) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے وہ اپنے بچے کو دودھ پلانے کے لئے کسی عورت کی خدمات حاصل کی تو دلیل ہے وہ اپنے بچے کی ترتیب اپنے اخلاق کے مطابق کر سکے گا (۸) بعض معبرین نے کہا کہ عورت کے پستان سے منہ لگا کر چوسنا مال و متاع ملنے کی علامت ہے (۹) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے گھوڑے کا دودھ پیا ہے تو دلیل ہے بادشاہ اس کے ساتھ محبت کرے گا اور اس سے بہت سارا مال ملے گا (۱۰) گدھی کا دودھ پینا بادشاہ کے ساتھ ٹکراؤ کی دلیل ہے (۱۱) چوپایوں کا دودھ بادشاہ کی طرف سے ملنے والے پاک وصاف رزق بقدر دودھ ملنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۲) اونٹنی کا دودھ دودھنا عرب میں حکمرانی کرنے اور بختی اونٹنی کو دوھنا عجم میں سنت اور فطرت اسلامیہ کے مطابق حکومت کرنے کی علامت ہے (۱۳) چنانچہ اونٹنی دوھنے سے دودھ کے بجائے خون نکل آئے تو یہ اپنی حکومت میں ظلم کرنے پر دلالت کرتا ہے اور دوہتے وقت تھنوں سے زہر نکل آنا مال حرام جمع کرنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۴) کسی تاجر نے خواب دیکھ کہ وہ اونٹنی کا دودھ دودھ رہا ہے تو تعبیر ہے رزق حلال پائے گا اور اپنی تجارت میں خوب نفع کمائے گا اور تھنوں سے دودھ کی آمد کی طرح اس پر دنیا کی بارش ہوگی اونٹنی کا دودھ فطرت پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۵) چنانچہ اونٹنی کے تھنوں سے منہ لگا کر دودھ چوسنا فطرت اسلام پر برقرار رہنے نماز' روزہ' تزکیہ اور صدقہ کرنے کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بشارت ہے (۱۶) اس کا دودھ کو پینا تزکیہ اور صدقہ کرنے کی بشارت ہے اور اس دودھ کو پینا مال و دولت علم و حکمت ملنے کی بھی خوشخبری ہے اور دوھنے کی تعبیر مال اور مال کے مالک ہونے پر دلالت کرتا ہے (۱۷) بعض معبرین نے کہا ہے کہ خواب میں اونٹ کا دودھ دوھ کر پینا نیک و صالحہ عورت سے نکاح کرنے پر دلالت کرتا ہے (۱۸) شادی شدہ کے لئے یہ خواب بابرکت بچے کی پیدائش کی بشارت ہے (۱۹) گائے کا دودھ دوھ کر پینا غلام کے لئے آزادی‘ فقیر کے لئے امیری کی علامت ہے (۲۰) بھیڑ‘ بکری کا دودھ پینا بیداری میں خیر و راحت اور سرور ملنے کی علامت ہے۔

(۲۱) شیرنی کا دودھ پینے والے کے لئے مال و دولت‘ دشمنوں پر حصول غلبہ کی علامت ہے اور بادشاہ کے لئے لوگوں کے ساتھ دشمنی کرنے کی دلیل ہے (۲۲) چنانچہ شیرنی کا دودھ پینا جابر بادشاہ سے مال حاصل کرنے پر دلالت کرتا ہے (۲۳) چیتے کا دودھ پینا اظہار عداوت کی دلیل ہے (۲۴) بھیڑیا کا دودھ پینا تاوان‘ خوفِ شدید‘ معاملے کی پختگی اور معیشت میں کمی واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے اور بقول بعض اسکی دلالت مال و قوت پر بھی ہوتی ہے۔ (۲۵) خواب میں بھیڑیا کا دودھ پینا عہدہ‘ ریاست پر فائز ہو کر اہل شہر کے اموال کو ہڑپ کرنے اور خود اپنے اموال کو خرچ کرنے پر دلالت کرتا ہے (۲۶) سور کا دودھ پینا عقل میں فطور آنے بلکہ عقل چلی جانے کی علامت ہے (۲۷) اس سے قلیل مقدار پینا مال ملنے پر بھی دلالت کرتا ہے (۲۸) کثیر مقدار میں خنزیر کا دودھ پینا حرام مال ملنے پر دلالت کرتا ہے۔

(۲۹) کتی کا دودھ پینا سخت شدید خوف میں مبتلاء ہونے اور کسی ظالم کے ہاتھوں مال ملنے پر دلالت کرتا ہے (۳۰) بقول بعض جس نے خواب میں اس کا دودھ پیا وہ بیداری میں اپنے علاقے کی ریاست پر فائز ہوگا۔ بعض اہل تعبیر کے نزدیک تمام وحشی جانوروں کا دودھ دین میں شکوک و شبہات پیدا ہونے کی دلیل ہے (۳۱) جنگلی گدھے کا دودھ ایسی بیماری کی علامت ہے جس کے بعد تندرستی ہو (۳۲) ہرنی کا دودھ قلیل مال کی علامت ہے (۳۳) ان جانوروں کا دودھ حاصل کرنا جن کا دودھ ہی نہیں ہوتا ہے اپنی امید کے برآنے کی خوشخبری ہے (۳۴) ڈسنے والے جانوروں کا دودھ حاصل کرنا دشمنوں کے ساتھ صلح کرنے کی دلیل ہے (۳۵) سانپ کا دودھ پینا ایسا کام کرنے کی دلیل ہے جس میں اللہ تعالی کی رضا مندی ہو (۳۶) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے وہ سانپ کا دودھ پیا تو وہ فرحت اور مصائب سے نجات پائیگا (۳۷) لومڑی کا دودھ تھوڑی سی بیماری جو بعد میں ٹھیک ہو اور قلیل مال جو کسی پر قرض کی صورت کی دلیل ہے بقول بعض اسکی دلالت مرض سے شفایابی پر ہوتی ہے (۳۸) پالتو گدھے کا دودھ پینا بھلائی حاصل کرنے کی دلیل ہے (۳۹) بلی کا دودھ قلیل مرض اور خصومت میں مبتلاء ہونے کی علامت ہے (۴۰) کسی نے خواب دیکھا کہ زمین سے دودھ نکل رہا ہے تو تعبیر ہے کہ سخت ظلم و جور اور فتنوں کا ظہور ہوگا جس سے بقدر نکلے ہوئے دودھ خونریزی ہوگی (۴۱) خچر کا دودھ دلیلِ تنگ دستی اور علامت خوف ہے (۴۲) مریض کے لئے انسان کا دودھ دلیل شفاء ہے اس لئے کہ اس کی نشونما ہی اسی دودھ سے ہے۔ اور دودھ کی دلالت مندرجہ ذیل پر بھی ہوتی ہے مال‘ زیادت عمر‘ حمل‘ اسرار

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رامور کا ظہور، علم، توحید، دواء، کسی حیوان کا مالک بننا اس کے اخلاق وغیرہ اپنانا ہے۔ اسی طرح گائے، بکری، اونٹنی اور بھینس کے دودھ جمع شدہ اموال پر دلالت کرتے ہیں (۴۳) دہی غم کی علامت ہے (۴۴) وحشی جانوروں اور پرندوں کا دودھ حاصل کرنا مال حاصل کرنے کی علامت ہے خصوصاً خرگوش کا دودھ تو قلیل مال پر ہی دلالت کرتا ہے (۴۵) گھوڑے کا دودھ صالح نام اور قوت کی علامت ہے (۴۶) بلی اور لومڑی کے دودھ فسق پر بھی دلالت کرتے ہیں (۴۷) غیر معروف وحشی جانور کا دودھ مریض کے لئے نشاط، قیدی کے لئے خلاصی اور مغصوب عنہ کے لئے مال کی واپسی کی دلیل ہے۔

## لبا (پیوسی)

اسکی دلالت حاملہ عورت کے حمل سے چھٹکارے پر ہوتی ہے۔

## لبن الطین (کچی اینٹ)

(۱) اسکی دلالت حاصل ہونے والے مال پر ہوتی ہے ہر اینٹ کی تعبیر صاحب خواب کی حیثیت کے بقدر سو درہم یا ہزار درہم دس دراہم سے کی جاتی ہے۔ اس کے سانچے کی دلالت حسن دین اور حسن عمل پر ہوتی ہے اور اینٹ کی تعبیر خادم سے بھی کی جاتی ہے (۲) مکان سے اینٹ پھینکنا اور اس کا ریزہ ریزہ ہونا خادم کے ہلاک ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) کسی جگہ اینٹ بنتا ہوا خود دیکھنا اولاد کے زیادہ ہونے کی طرف اشارہ دیتا ہے (۴) کچی اینٹوں سے مکان بنانا ریاست وولایت کے منصب پر فائز ہونے پر دلالت کرتا ہے اور کبھی اینٹ بنانا مرنے کی بھی علامت ہوتا ہے (۵) کسی مکان سے کسی کو اینٹ اکھاڑتا ہوا دیکھنا اس کے مکینوں میں سے کسی کے گم ہونے پر دلالت کرتا ہے (۶) بہت سارے اینٹوں کا ایسا ڈھیر دیکھنا جو کسی مصرف میں استعمال ہوتے ہیں، دنانیر ملنے کی دلیل ہے۔

## لابن (اینٹ ساز)

(۱) اسکی دلالت مال جمع کرنے والے شخص پر ہوتی ہے چنانچہ اینٹ بنا کر ان کو خشک کر کے جمع کرنا مال جمع کرنے کی دلیل ہے (۲) خواب دیکھا کہ وہ اینٹ بنا کر خشک ہونے سے پہلے استعمال میں لایا یا اس کے اوپر چلا تو یہ غم اور تکلیف اور مال میں فساد واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے اور ایک طرف کوئی خادم ملنے کی دلیل ہے۔

## لبّان (دودھ فروش)

خواب میں دودھ فروش کو دیکھنا علم، رزقِ حلال، ہدایت اور فطرتِ اسلام پر چلنے کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## لحام (گوشت فروش)

اسکوخواب میں دیکھنا بے خوف ہونے، عصمت، شہرت دشمنوں پر کامیابی حاصل کرنے کی دلیل ہے۔

## لحم (گوشت)

(۱) پکا ہوا گوشت مال پر دلالت کرتا ہے۔ کچا گوشت کی تمام قسمیں رازوں، بیماریوں پر دلالت کرتے ہیں چنانچہ قصاب سے کچا گوشت خریدنا مبتلاء مصیبت ہونے کی علامت ہے۔ (۲) تازہ گوشت موت اور غائب ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے (۳) خواب میں کسی انسان کا گوشت کھانا بیداری میں اسکی غیبت کرنے پر دلیل ہے (۴) اپنے بدن کا گوشت کھانا اپنی کمائی کھانے کی علامت ہے (۵) کسی عورت کا دوسری عورت کا گوشت کھانا اسکے ساتھ مساحقت کرنے کی دلیل ہے (۶) عورت کا اپنے بدن کا گوشت کھانا زنا میں مبتلاء ہونے کی علامت ہے (۷) لاغر گائے کا پیلے رنگ کا گوشت کھانا بیمار ہونے کی دلیل ہے (۸) سانپ کا گوشت دشمن کی طرف سے مال ملنے پر دلالت کرتا ہے (۹) سانپ کا کچا گوشت کھانا دشمن کی غیبت کرنے کی دلیل ہے (۱۰) درندوں کا گوشت بادشاہ کی طرف ملنے والے مال کی علامت ہے (۱۱) اور یہی تعبیر گوشت کھانے والے پرندوں کے گوشت کی ہے (۱۲) خنزیر کا گوشت حرام مال پر دلالت کرتا ہے اور کٹے ہوئے گوشت کی دلالت مُردوں کی غیبت کرنے پر ہوتی ہے (۱۳) لاغر جانور کا گوشت کھانا نقصان اٹھانے کی علامت ہے (۱۴) اونٹ کا گوشت ہاتھ لگائے بغیر صرف دیکھنا منجم قسم کے دشمن کی طرف سے مال ملنے پر دلالت کرتا ہے اور دیکھنے کے ساتھ ہاتھ لگانا اس قسم کے آدمی کی طرف غم پہنچنے کی دلیل ہے (۱۵) پکا ہوا گوشت کھانا کسی مرد کی طرف سے مال ملنے اور بیمار ہو کر صحت یاب ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے (۱۶) بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ اونٹ کا گوشت کھانا بادشاہ سے مال ملنے اور مشقت پانے کی دلیل ہے (۱۷) گائے کا گوشت تعب اور قلتِ عمل کی علامت ہے (۱۸) کسی نے خواب دیکھا کہ اسکے گھر میں بھیڑ کی کھال اتری ہوئی اور ٹکڑے کئے ہوئے گوشت موجود ہے۔ دلیل ہے ان جان لوگوں سے ملے گا اور ان جان لوگوں کی دعوت کریگا یا اپنے بھائی سے استفادہ کرے گا۔ (۱۹) کھال اتری ہوئی بھیڑ کا ثابت گوشت اچانک آنے والی مصیبت کی دلیل ہے اور اگر گوشت موٹا ہو تو یہ کسی میت سے بطور میراث مال ملنے کی دلیل ہے اور اگر وہ گوشت لاغر ہو تو میت کی میراث سے محروم ہوگا۔ (۲۰) کچا گوشت کھانا اچھا ہے، کھائے بغیر صرف دیکھنا کوئی بہتر نہیں ہے۔ (۲۱) اگر پکا ہوا گوشت کھائے تو اس کا مال بڑھ جائیگا۔ (۲۲) کسی بوڑھے کے ساتھ مل کر گوشت کھانا بلندی شان کی علامت ہے۔

(۲۳) گائے کا بھنا ہوا گوشت بے خوف ہونے کی دلیل ہے۔ بچے کی امید رکھنے والے کے لئے بچہ کی پیدائش کی بشارت ہے۔ (۲۴) بعض نے کہا ہے کہ گائے، بیل کا گوشت کھانا کسی بادشاہ کے پاس جانے کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۲۵) مرغی کا گوشت عورتوں سے ملنے والی منفعت ہے اور غصہ کرنے والوں کے لئے لحم (گوشت) دلیل حلم (بردباری) ہے اور کبھی اس کی دلالت بیماری سے شفا پانے' غموں کے دور ہونے پر بھی ہوتی ہے۔(۲۶) حرام گوشت کی تعبیر حرام مال ہے۔(۲۷) مشتبہ گوشت کی تعبیر مال مشتبہ یا نکاح مشتبہ ہے۔(۲۸) پرندے کا گوشت سفر سے حاصل شدہ منفعت کی علامت ہے اور کبھی پرندوں کا گوشت جنت پر بھی دلالت کرتا ہے' اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُونَ﴾ الآیۃ) ''ان کے لئے ان کے پسندیدہ پرندے کے گوشت ہیں''۔

(۲۹) جنگلی جانور کا گوشت حلال رزق پر دال ہوتا ہے اور بسا اوقات ایسی چیز پہ بھی دال ہوتا ہے جس میں مشقت اور خطرہ ہو۔(۳۰)' مچھلی کا گوشت حلال اور جلدی حاصل ہونے والے مبارک رزق پر دلالت کرتا ہے بسا اوقات سمندر یا بادشاہ کی طرف سے حاصل ہونے والے فائدہ پر بھی دالالت کرتا ہے۔(۳۱) خواب میں آدمی کا گوشت دیکھنا دشمن پر کامیابی حاصل کرنے پر دال ہوتا ہے۔(۳۲) نامعلوم گوشت اور خون دیکھنا غلبہ اور فتنہ پر دال ہوتا ہے۔(۳۳) پرندہ کا گوشت جبکہ بھنا ہوا یا پکا ہوا دیکھا جائے تو یہ مکر کے ذریعہ حاصل ہونے والے رزق اور مال پر دال ہوتا ہے' ایسے ہی عورت کی طرف سے حاصل ہونے والے دھوکہ کی بھی علامت ہے۔(۳۴) خواب میں پرندے کا ایسا گوشت دیکھا جائے جو پکا ہوا نہیں تو یہ دال ہے کہ یہ اپنی عورت پہ ظلم کرنے کے بعد اس کی غیبت کریگا۔(۳۵) اگر خواب میں خود کو حرام پرندے کا گوشت کھاتا ہوا دیکھے تو صاحب خواب ظالم مکار قوم کے مال سے کھائیگا۔(۳۶) بطخ کا گوشت کھائے تو مقروض آدمی کی جانب سے اسے کچھ نفع حاصل ہوگا۔(۳۷) پرندہ کے بچہ کا بھنا ہوا گوشت کھانا یا چھوٹا یا بڑا کھڑا ہوا دیکھنا مشقت سے حاصل ہونے والے مال پر دلالت کرتا ہے۔(۳۸) خواب میں انسان کا اپنا گوشت آدمی کی کمائی' عافیت اور مال یا مال تجارت یا دین اور تقوی اور ورع اور حلال وحرام میں نظر رکھنے یا آدمی کی بیماری' غصہ' غم اور خوشی پر دال ہوتا ہے۔(۳۹) خواب میں آدمی کا گوشت ان چیزوں پر بھی دال ہوتا ہے جن کی وجہ سے بلاء اور مصیبتیں نازل ہوتی ہیں۔(۴۰) خواب میں اگر کوئی اپنا گوشت بڑھا ہوا دیکھے تو اس کی روزی میں زیادتی ہوگی' اگر صاحب خواب مریض تھا تو اس کے تندرست ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

(۴۱) خواب میں کم گوشت دیکھنا صاحب خواب کے احوال یا بیماری میں ٹھہراؤ پر دلالت کرتا ہے صاحب خواب کی حالت کے کرنے' غلاموں یا تجارت میں کمی واقع ہونے پر بھی دلالت ہوسکتی ہے۔(۴۲) عبادت گذار آدمی کا خواب میں اپنے گوشت کو بڑھا ہوا دیکھنا عبادت کے معاملہ میں جھوٹ بولنے پر دلالت کرتا ہے ایسے ہی عبادت گذار کا دنیا اور اس کی لذتوں میں مشغول ہونے پر بھی دال ہوسکتا ہے۔(۴۳) خواب میں عبادت گذار کا اپنے گوشت کو کم دیکھنا ذکر کردہ تعبیروں کے برعکس ہے۔(۴۴) نامعلوم گوشت دیکھنا حرص کے ختم ہونے کی دلیل ہے۔خواب میں آدمی کا گوشت خریدنا ردی سامان خریدنے پر دلالت کرتا ہے۔(۴۵) خواب مین حکمران کا اپنے گوشت کو بڑھا ہوا دیکھنا دلالت کرتا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے کہ اس کی حکومت کو شہرت حاصل ہونے پر ایسے ہی اس کے مال میں زیادتی پر بھی دلالت ہوسکتی ہے۔ بسا اوقات مذکورہ خواب صاحب خواب کے بد خلق اور اس کے غصہ کی زیادتی پر بھی دلالت کرتا ہے۔ خواب میں انسان کا گوشت کو بڑھا ہوا دیکھنا بسا اوقات فرحت اور سرور پر دال ہوتا ہے۔ اور گوشت کا کم دیکھنا پریشانیوں اور کینے پر دلالت کرتا ہے۔

(۴۶) خواب میں اگر کوئی دیکھے کہ اس نے بڑھے ہوئے گوشت کو کھالیا ہے تو یہ صرف منافع کے کھانے اور اصل مال کے باقی رہنے پر دلالت کرتا ہے۔ اور جسم کا ایسا حصہ کھایا جو بڑھا ہوا نہیں تو یہ اصل مال میں زیادتی پر دلالت ہے ایسے ہی مذکورہ خواب اس بات پر بھی دال ہوسکتا ہے کہ صاحب خواب کو کسی کام پر ندامت کا سامنا کرنا پڑیگا۔

## لسان (زبان)

(۱) زبان خواب میں صاحب خواب کی ترجمان ہوتی ہے ایسے ہی صاحب خواب کے امور کی طرف نشاندہی کرنے والی ہوتی ہے زبان غلطی کی جگہ ہے زبان کو حرکت دینا گویا کہ غلطی کرنا ہے۔ (۲) خواب میں اگر کوئی اپنی زبان کو لمبائی یا چوڑائی سے لمبا دیکھے یا صاحب خواب حجت کے وقت بات کرنے میں بے تکلفی محسوس کرے تو یہ صاحب خواب کے لئے قوت اور کامیابی کی دلیل ہے۔ (۳) اگر کوئی خواب میں اپنی زبان لمبی دیکھے بشرطیکہ لڑائی جھگڑے کی حالت نہ ہو تو یہ زبان کی فحش گوئی پر دلالت ہے۔ (۴) خواب میں زبان لمبی ہونا بسا اوقات صاحب خواب کی فصاحت اور ادب کے میدان میں کامیابی پر دال ہوتا ہے۔ (۵) صاحب خواب کا اپنی دو زبانیں دیکھنا دلیل ہے کہ اسے اپنے علم کے علاوہ کوئی اور علم حاصل ہوگا' اور اپنے دلائل کے علاوہ دیگر دلائل حاصل ہوں گے' ایسے ہی مذکورہ خواب قوت اور دشمن پر حاصل ہونے والی کامیابی پر بھی دلیل ہے۔ (۶) خواب میں دیکھا کہ زبان باہر نکلی ہوئی ہے لیکن بولا نہیں جارہا تو صاحب خواب فقر کی حالت میں بغیر کام کے ہی رہیگا۔ (۷) خواب میں زبان پر کالے بال اُگے ہوئے دیکھنا جلدی حاصل ہونے والی برائی پر دال ہوتا ہے' سفید بال کا اگا ہوا دیکھنا دیر سے حاصل ہونے والی برائی کی دلیل ہے۔ زبان کی دلالت کمال' خوبصورتی' حجت' زندگی اور ذکر پر بھی ہوتی ہے۔ (۸) خواب میں بادشاہ کا اپنی زبان کٹی ہوئی دیکھنا اس کے ترجمان کے مرنے یا معزول ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ خواب میں آدمی کی زبان بمنزلہ قلم کے بھی ہوتی ہے۔ (۹) خواب میں بادشاہ کی زبان کا لمبا ہونا بادشاہ کی حکومت اور حکمرانی میں زیادتی پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۰) خواب میں بادشاہ کی زبان کا آسمان تک طویل ہونا بادشاہ کے ظلم کے ختم ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ زبان کی تعبیر دودھ پینے والے بچے' غار والے شیر اور مکار شاہ سوار سے بھی کی جاتی ہے۔

خواب میں شیر کا غار چھوڑنا آدمی کی اپنی زبان پر دال ہوتا ہے۔ (۱۱) خواب میں صاحب خواب کا اپنی زبان کو گم شدہ دیکھنا دلالت کرتا ہے کہ اس کا دودھ پینے والا بچہ فوت ہوجائیگا۔ (۱۲) خواب میں شاہ سوار کا گھوڑے کو چھوڑنا بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دلالت کرتا ہے کہ اس کا چھوٹا بچہ فوت ہو جائیگا۔ (۱۳) صاحب خواب کا اپنی زبان کو کٹا ہوا دیکھنا دارانحالیکہ صاحب خواب کا کسی کے ساتھ جھگڑا ہے تو اس میں اشارہ ہے کہ اس کی حجت باطل ہو جائیگی اور وہ مقہور ہوگا۔ اپنی زبان کو کٹا ہوا دیکھنا اس حال میں کہ صاحب خواب کا کوئی گواہ تھا تو اس میں اشارہ ہے کہ صاحب خواب اپنے گواہ کے متعلق شک کریگا۔ صاحب خواب اگر تاجر تھا تو اسے تجارت میں خسارہ ہوگا' اور اگر طالب علم ہو تو اسے علم حاصل نہ ہوگا۔ (۱۴) بعض حضرات کے نزدیک اپنی زبان کو کٹا ہوا دیکھنا بردباری پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۱۵) اپنی بیوی کی زبان کٹی ہوئی دیکھنا بیوی کے پاکدامن اور باپردہ ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۶) خواب میں اگر کسی آدمی نے دیکھا کہ اس کی بیوی نے اس کی زبان کاٹ دی ہے تو یہ میاں بیوی کے آپس میں محبت کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۷) فقیر کی زبان کو کاٹنا دلیل ہے کہ وہ بیوقوف کو کوئی چیز دیکر اسے خاموش کر دیگا۔ (۱۸) اگر کوئی فقیر دیکھے کہ اس نے دوسرے فقیر کی زبان کو کاٹ دیا ہے تو دوسرے فقیر پر غصہ کریگا۔ (۱۹) خواب میں زبان کا تالو کے ساتھ ملا ہوا دیکھنا حق سے انکار کرنے کی علامت ہے۔ ایسے ہی یہ خواب صاحب خواب کے پاس بطور امانت رکھے ہوئے جوہر سے انکار پر بھی دال ہوتا ہے۔ اپنی زبان پر اگے ہوئے بال دیکھنا کبھی ان اشعار پر دال ہوتا ہے جن کو صاحب خواب ترتیب دیگا۔ خواب میں کوئی عام آدمی خود کو اپنی زبان کھاتا ہوا دیکھے تو وہ کوئی ایسی بات کریگا جس پر اس کو ندامت کا سامنا کرنا پڑیگا۔ اور اگر اپنی زبان کھانے والا حکمرانوں میں سے ہے تو اس میں دلالت ہے کہ وہ اپنی زبان کے ذریعہ لوگوں کے مالوں کو کھائیگا۔ بعض حضرات کے نزدیک صاحب خواب کا اپنی زبان کو کھانا دلیل ہے کہ صاحب خواب خاموش رہنے والا' غصہ کو پی جانے والا اور نرمی اختیار کرنے والا ہے۔ (۲۰) حاکم کی زبان کا کٹنا معزول ہونے پر دال ہوتا ہے۔ (۲۱) کسی نے دیکھا کہ ایک غار ہے اور غار میں شیر ہے' تو غار سے مراد اس کا منہ ہے اور شیر سے مراد صاحب خواب کی زبان ہے' پھر اگر دیکھا شیر کو لوگوں کے مالوں پر چھوڑ دیا ہے تاکہ لوگوں کے مالوں سے کھائے تو اس میں دلالت ہے کہ صاحب خواب لوگوں کو اپنی زبان کے ذریعہ تکلیف پہنچائیگا۔ (۲۲) خواب میں شاعر کا اپنی زبان کٹی ہوئی دیکھنا کاٹنے والے کی طرف سے حاصل ہونے والے مال پر دلالت ہے۔ (۲۳) خواب میں اگر کوئی زبان کو کالا دیکھے تو وہ اپنی قوم پر سردار ہوگا۔ اور اگر مذکورہ خواب دیکھنے والا گھٹیا لوگوں میں سے ہے تو اس میں جھوٹا ہونے یا شاعر ہونے پر دلالت ہوتی ہے۔

(۲۴) صاحب خواب خوف کی حالت میں اپنی زبان کو دیکھے تو وہ مقہور و ذلیل ہوگا' اور صاحب خواب کے پاس چغلی کھانے والے پر معاملہ پوشیدہ نہ رہیگا۔ (۲۵) اپنی زبان کو دانتوں سے کاٹنا غصہ پی جانے کی دلیل ہے۔ (۲۶) زبان کا کاٹنا بسا اوقات کھانے میں حریص ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۷) خواب میں اپنی زبان کو دو حصوں میں پھٹا ہوا دیکھنا جھوٹا ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۸) ایسا آدمی جو بلند مرتبہ والا نہیں خواب میں اپنی زیادہ زبانیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دیکھے تو اس کو اولاد حاصل ہوگی۔ (۲۹) اگر زبانوں کے رنگ مختلف تھے اور وہ ایک جیسی بھی نہ تھی تو اس کے کلام میں اور حجت میں اختلاف پائے جانے پر دلالت ہے۔ بسا اوقات مذکورہ خواب عام غلطی پر یا قرأت میں پائی جانی والی غلطی پر بھی دال ہوتا ہے۔ (۳۰) اگر کوئی خواب میں لوگوں کو اپنی زبان چاٹتے ہوئے یا اس کو چھوٹا ہوا دیکھے تو اس میں دلالت ہے کہ یہ لوگ اس سے علم حاصل کریں گے۔ کبھی زبان کی دلالت بادشاہ یا اس کے نائب یا اس کے دربان یا شاہی کلرک پر ہوتی ہے۔ ایسے ہی مذکورہ خواب دال ہوتا ہے دفن شدہ خزانے پر مرتبہ پر اور صاحب علم پر ایسے ہی یہ خواب دال ہوتا ہے فاصلہ گھر والوں کے لئے رکھے گئے غلام پر یا پھل دار درخت پر یا حاملہ نہ ہونے والی بری بیوی پر یا صاحب خواب سے نکلنی والی بات پر رزق پر راستہ میں ہرن کے پناہ لینے والی جگہ پر قصاص پر۔ ایسے ہی پولیس والے پر یا قیدیوں کے خادم پر بسا اوقات جاندار کی زبان جاندار کی آواز یا اس کی زندگی پر دال ہوتی ہے اس لئے کہ زبان انسان کے لئے بمنزلہ ہاتھ ہے جس سے انسان حاصل کرتا ہے۔ (۳۱) خواب میں اگر بادشاہ اپنی زبان کٹی ہوئی دیکھے تو اس میں بادشاہ کے نائب چوکیدار وزیر منشی میں کسی ایک کے معزول ہونے پر دلالت ہوتی ہے۔ ایسے ہی قدرت کی طرف سے حاصل ہونے والے مال پر بھی دلالت ہوتی ہے۔ ایسے ہی دشمن کے شہروں پر غالب آنے یا بادشاہ کی عادات کے ختم ہونے پر بادشاہ کے مرتبہ یا نام میں کمی آنے پر بھی دلالت ہوتی ہے۔ (۳۲) عالم اگر خواب میں اپنی زبان کٹی ہوئی دیکھے تو مناظرہ میں غالب آنے پر دلالت کرتا ہے۔ بسا اوقات خادم شاگرد یا لڑکے میں سے کسی کے انتقال پر بھی دلالت ہوتی ہے۔ خواب میں کاریگر کا اپنی زبان کٹی ہوئی دیکھنا اپنے مزدور یا اپنا شریک کار کو دھوکہ دینے کی دلیل ہے۔ بسا اوقات گھر کے بیچنے یا گھر کرایہ پر دینے یا سواری کے ہلاک ہونے پر دلالت ہوتی ہے۔ (۳۳) خواب میں اگر کوئی اپنی زبان کو گم پائے تو یہ اہل وعیال یا پڑوسیوں میں کسی تکلیف پر دشمنوں کی خوشی پر دلالت کرتا ہے ایسے ہی محبوب کے فوت ہونے پر بھی دلالت ہوتی ہے پڑوسی اور اہل وعیال سے احسان کے قطع کرنے پر بھی دلالت ہوتی ہے ایسے ہی بسا اوقات پھل دار درخت کے قطع پر بھی دلالت ہوتی ہے۔

(۳۴) خواب میں زبان کا گم پانا یا کٹی ہوئی دیکھنا بیوی کی طلاق پر رہائشی علاقہ میں قطع کلامی پر یا رزق کے ختم ہونے پر دلالت ہوتی ہے۔ (۳۵) خواب میں اگر کوئی اپنی زیادہ زبانیں دیکھے تو یہ مال یا اہل وعیال یا علم میں زیادتی کی علامت ہے بسا اوقات یہ مختلف زبانیں بولنے پر دال ہوتا ہے۔ (۳۶) اگر خواب میں دیکھا کہ اس کی اپنی زبان کے ساتھ ایک اور زبان لگی ہوئی ہے تو یہ چغلی اور لوگوں میں بات کے مشہور ہونے پر دال ہوتا ہے اس لئے کہ کہا جاتا ہے (فلان بلسانين و وجهين) کہ فلاں آدمی دو زبانوں والا ہے اور فلاں دو چہروں والا ہے۔ خواب میں ایسی لمبی زبان جو بات کرنے اور نفع اٹھانے سے مانع نہ ہو سچائی اور محبت پر دال ہے۔ فرمان خداوندی ہے: ﴿وَاجْعَل لِّي لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْآخِرِينَ﴾ اور کبھی اس چیز پر دلالت کرتی ہے جس کی انسان حفاظت کرتا ہے۔ اہل معروف کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لئے زبان کا کٹ جانا خاموشی لازم پکڑنے اور اللہ تعالیٰ کا شکر بجالانے کی علامت ہوتا ہے۔ خواب میں اگر اپنی زبان پر بال اُگے دیکھے تو اگر اس کی معیشت کا مدار بولنے پر ہے تو اس کا نظام برباد ہوگا۔ اور اگر اس کا کاروبار بولنے پر موقوف نہیں ہے تو اس کے کھانے پینے کا معاملہ انتہائی مشکل ہوگا۔ اور کبھی زبان کی دلالت قیدی پر اور کبھی سانپ پر ہوتی ہے۔ خواب میں اپنی زبان کی طرف دیکھنا اس کی حفاظت کرنے کی دلیل ہے

## لہاۃ (حلق کا کوّا)

جس نے خواب میں دیکھا کہ اس کے حلق کا کوّا اتنا بڑا ہوگیا ہے کہ اس سے گلہ بھیؒ بند ہونے لگا ہے تو یہ اس کے مال جمع کرنے کی لالچ اور اپنے اوپر مال خرچ کرنے میں کنجوسی اختیار کرنے پر دلالت کرتا ہے نیز موت کے قریب ہونے کی بھی علامت ہے۔

## لحیۃ (ڈاڑھی)

(۱) ڈاڑھی مرد کے لئے خواب میں مالداری اور عزت و شرافت کی نشانی ہے۔ (۲) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کی ڈاڑھی اتنی لمبی ہوگئی ہے کہ پیٹ تک پہنچ گئی ہے تو وہ ایسا مال اور جاہ پائے گا جس میں اتنا تھکے گا جتنی ڈاڑھی بڑھی ہوئی ہوگی۔ (۳) اگر دیکھے کہ برابر برابر اور اچھی کٹی ہوئی حالت میں بڑھی ہے تو وہ عزت، جاہ، جمال، مال، سلطنت اور آسودگی پائے گا، اور اگر دیکھے کہ ڈاڑھی کے کنارے تو بڑھ گئے ہیں لیکن درمیان سے بال نہیں بڑھے تو وہ ایسا مال پائیگا جو دوسروں کے کام آئیگا۔ (۴) اگر اندازہ سے زیادہ بڑھ جائے تو یہ دیکھنے والے کے لئے قرض، غم و پریشانی کی علامت ہے۔ (۵) اگر اسقدر بڑھ جائے کہ زمین پر گر جائے تو یہ مرنے کی نشانی ہے۔ (۶) بعض حضرات یہ بھی کہتے ہیں کہ جس کی ڈاڑھی لمبی ہو جائے اور بال بھی اصل سے زیادہ گھنے ہو جائیں تو یہ اس کی عمر اور مال سے زیادتی کی نشانی ہے۔ (۷) اگر ناف تک پہنچ جائے تو وہ آدمی اللہ کی نافرمانی کرنے والا ہوگا۔ (۸) اگر مشت سے بڑھ جائے تو وہ آدمی بدکار ہوگا۔ (۹) اگر دیکھے کہ ڈاڑھی کے بال سخت سیاہ ہو گئے ہیں تو وہ مالدار ہو جائیگا۔ (۱۰) اگر یہ دیکھا کہ سیاہ سبزی مائل ہیں تو وہ بہت بڑی سلطنت حاصل کریگا اور سرکش ظالم بھی ہوگا کیونکہ فرعون کی بھی سبزی مائل سیاہ ڈاڑھی تھی۔ (۱۱) اگر دیکھا کہ اس کا رنگ زردی مائل ہے تو فقر و ذلت کا سامنا کریگا۔ (۱۲) اگر گہرا سرخ و زرد رنگ دیکھا تو اس کو کوئی پریشانی لاحق ہوگی۔ (۱۳) اگر دیکھا کہ اس نے ڈاڑھی کو پکڑا تو کچھ بال ہاتھ آگئے اور اس نے پھینکے نہیں تو اس کا کچھ مال چلا جائیگا اور پھر اس کو حاصل ہو جائیگا۔ (۱۴) اگر ان کو پھینک دیا تو پھر مال ہاتھ نہیں آئیگا۔ (۱۵) اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں کسی آدمی کی ڈاڑھی ہے اور وہ اس کو کھینچ رہا ہے تو یہ اس کے مال سے وراثت پائیگا اور کھائے گا۔ (۱۶) اگر کسی نابالغ لڑکے نے دیکھا کہ اس کی ڈاڑھی نکل آئی ہے تو وہ بلوغ سے پہلے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مر جائیگا۔ (۱۷) اگر اس کی ڈاڑھی نکلنے والی ہو اور اس قسم کا خواب دیکھے تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ وہ اپنی ذات پر اعتماد کر کے خود پاؤں پر کھڑا ہوگا۔ (۱۸) اگر کسی نے اپنی ڈاڑھی ہلکی پھلکی اور بدشکل سی دیکھی تو اگر اس پر قرض ہو تو وہ ادا کر دیگا اور کوئی مشکل کام ہو تو آسان ہو جائیگا' اور اگر غمزدہ ہوا تو اس کا غم جاتا رہیگا۔ (۱۹) اگر دیکھا کہ ڈاڑھی بالکل گنجی اور بدشکل ہوگئی ہے تو اس کا جاہ و مرتبہ جاتا رہیگا اور لوگوں میں اس کی ہوا اُکھڑ جائے گی۔ (۲۰) اگر دیکھا کہ آدھی ڈاڑھی چلی گئی ہے تو اس کا آدھا مرتبہ اور آدھا مال جاتا رہیگا۔ (۲۱) اگر کسی نے آدھی ڈاڑھی مونڈی ہوئی دیکھی تو وہ فقیر ہو جائیگا اور اس کا اقبال جاتا رہیگا۔ (۲۲) اگر کسی نامعلوم نوجوان نے اس کو مونڈ دیا تو اس کا جاہ کسی ایسے دشمن کے ہاتھوں جاتا رہیگا جس کو وہ جانتا ہوگا یا اس کے مثل ہوگا' اور اگر وہ بوڑھا ہوا تو اس کا اقبال کسی جابر کے ہاتھوں برباد ہوگا۔ (۲۳) اگر کسی نے اپنی ڈاڑھی کٹی ہوئی دیکھی تو اس کے مال میں سے اتنا کم ہو جائیگا جتنی اس کی ڈاڑھی کٹی ہوگی۔ (۲۴) اگر کسی نے ڈاڑھی کو پکڑا اور مشت سے زیادہ پر گرہ لگا دی تو وہ آدمی اپنے مال میں سے زکوٰۃ ادا کرتا ہوگا۔ (۲۵) اگر کسی نے کسی اور کی ڈاڑھی کاٹی تو وہ اس کی میراث کھائیگا اور اگر کچھ ہی کاٹ سکا تو اس کی وراثت میں سے اتنا ہی حصہ پا سکے گا۔

(۲۶) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کی ڈاڑھی سفید ہوگئی ہے تو وہ عزت و جاہ اور شہرت پائیگا۔ (۲۷) اگر دیکھا کہ ڈاڑھی سفید ہوگئی ہے اور کچھ بال سیاہ رہ گئے ہیں تو یہ وقار کی نشانی ہے۔ (۲۸) اگر ایک بال بھی سفید نہ رہے تو وہ فقیر ہو جائیگا اور اس کی عزت و جاہ جاتی رہے گی۔ (۲۹) جس نے دیکھا کہ اس کی بیوی کی ڈاڑھی ہے تو یہ اس کے مال یا بیٹے کے مال میں اضافہ اور عورت کے لئے بیماری کی علامت ہے۔ (۳۰) بعض نے کہا کہ عورت کی ڈاڑھی بیٹے نہ ہونے کی نشانی ہے' اور اگر پہلے سے ہی اس کا بیٹا ہو تو وہ گھر والوں پر راج کریگا۔ (۳۱) اگر کسی شادی شدہ عورت نے ڈاڑھی دیکھی تو وہ اپنا خاوند گنوا دے گی اور غیر شادی شدہ نے دیکھی تو یہ کسی عمل کرنے والے موافق اور مناسب آدمی سے شادی کرنے کی علامت ہے۔ (۳۲) اگر حاملہ اس قسم کا خواب دیکھے تو وہ لڑکا جنے گی' اگر اس کا کسی سے جھگڑا ہوا تو کامیاب ہوگی اور مردوں کی نیابت کرے گی۔ (۳۳) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ ڈاڑھی کے بال اُکھیڑ رہا ہے تو یہ وہ مال ہے جو وہ اپنے ہاتھ سے ضائع کر رہا ہے۔ (۳۴) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کا سر اور ڈاڑھی اکھٹے مونڈ دیئے گئے ہیں تو اگر بیمار ہو تو بیماری جاتی رہے گی اور اگر مقروض ہو تو قرض ادا ہو جائیگا اور اگر غمزدہ ہو تو غم ختم ہو جائیگا۔ (۳۵) اگر کسی نے دیکھا کہ اس کی ڈاڑھی اتنی بڑی ہوگئی ہے کہ اس نے اس کو کات کر بُنا اور اس کا کپڑا بنا کر بازار میں بیچ دیا تو دلیل ہے وہ جھوٹی گواہی دیتا ہے۔ (۳۶) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے اپنی ڈاڑھی میں سے ایک یا دو مشت کاٹ لی لیکن وہ کم نہیں ہوئی تو وہ کسی جاہ والے سے مال حاصل کریگا۔ ڈاڑھی ہیبت اور دبدبہ کی بھی نشانی ہے' بعض دفعہ ڈاڑھی سے مراد اس کی دکان' مال' لباس' قرض اور منافع بھی ہوتا ہے۔ (۳۷) اگر کسی نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ڈاڑھی کے بال منہ سے کاٹے تو اس کے غم و پریشانی لمبی ہوگی' ایسے ہی یہ سچ' جھوٹ' کنجوسی اور سخاوت پر بھی دلالت کرتی ہے' بعض دفعہ ڈاڑھی بیوی پر بھی دلالت کرتی ہے۔(۳۸) اچھی اور نفیس چیز پر دلالت کرتی ہے۔کسی نے ڈاڑھی میں سفید بال دیکھے تو یہ کسی کیلئے جانے والے کام سے ڈرانے اور باز رکھنے کی نشانی ہے' بعض دفعہ ڈاڑھی کھیتی پر بھی دلالت کرتی ہے۔(۳۹) اگر کسی نے اپنی سیاہ ڈاڑھی کو دیکھا کہ سفید ہوگئی ہے تو یہ کھیتی کے پکنے اور کٹنے پر دال ہے۔بعض دفعہ ڈاڑھی کی سفیدی بیماری اور عجز پر بھی دلالت کرتی ہے۔(۴۰) تو اگر بیداری میں کسی کی ڈاڑھی سفید ہو خواب میں اس نے سیاہ دیکھی تو یہ چستی' طاقت' عزم اور کاموں میں مصروفیت پر دلالت کرتی ہے۔(۴۱) اگر خلافِ عادت ڈاڑھی بڑھ گئی تو یہ کھیل کود' بے جا مال اُڑانے کی علامت ہے' یا جس پر دلالت کرے اس سے اس کو تکلیف اور مشقت پہنچے گی' یا دیکھنے والا بہت دھوکہ باز ہوگا۔

(۴۲) گنہگار کے لئے ڈاڑھی توبہ ہے اور گمراہ کے لئے راہِ ہدایت ہے بالخصوص اگر اس میں سفیدی بھی دیکھے' عورت کے لئے ڈاڑھی مردانہ پن' حرامزدگی اور گناہ کے ارتکاب کے مترادف ہے' بچہ کے لئے ڈاڑھی لمبی عمر کی دلیل ہے' باقی ڈاڑھی کے متعلقات جیسے خشکی وغیرہ دیکھنا گھٹیا مؤثر کلام یا عورت کے لئے ناقص بچہ ہونے کی علامت ہے۔

## لبس (لباس)

(۱) یہ خواب میں آدمی کی دینی حالت کو ظاہر کرتا ہے کیونکہ حضور ﷺ کا ارشاد ہے" رازوں کے بارے میں اللہ سے ڈرو کیونکہ آدمی جو راز چھپاتا ہے اسی کے مطابق اللہ تعالیٰ اس کو حالات کے کپڑے پہنا دیتے ہیں اگر خیر ہو تو خیر ورنہ شر۔

(۲) اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے پاؤں پر عمامہ باندھا ہے یا سر پر دھنسا کر باندھا ہے تو اس پر مشکلات آئیں گی' مردوں کے کپڑے مردوں پر اور عورتوں کے ملبوسات عورتوں پر دلالت کرتے ہیں' اور یہ عموماً دیکھنے والے کے لئے اس کے آزاد کرنے والے آقا سے خیر کی علامت ہوتی ہے۔کنواروں کے لئے عورتوں کا لباس پہننا کپڑوں کے مطابق عورتیں نکاح میں آنا ہے' ایسے ہی غیر شادی شدہ عورت کے لئے بھی مردوں کا لباس پہننا شادی کی علامت ہے۔

(۳) تہبند والا لباس سختی' غائب کے لئے مشکلات اور کنوارے کے لئے شادی کی نشانی ہے' بادشاہوں' وزیروں اور امیروں کے لباس عزت و رفعت کی علامت ہوتے ہیں' فوجیوں کی وردیاں جنگ' عالموں کے لباس علم وعمل' صوفیاء کا زہد پر دلالت کرتا ہے۔پھیری والوں اور پہلوانوں کا تکلیف و تھکاوٹ پر دلالت کرتا ہے کیونکہ ان کو کام میں سختی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔(۴) سفید لباس ہیبت' وقار اور فخر' ریشم کا لباس عزت' مرتبہ اور منصب پر دلالت کرتا ہے' میت پر ریشم کا لباس جنت کے ریشم ہونے کی علامت ہے۔(۵) سونے میں رنگا ہوا لباس دشمنوں پر غلبہ' سیاہ لباس حکمرانی اور بلندی' سبز لباس شہادت کی علامت ہے کیونکہ یہ جنتیوں کا لباس ہے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے" انہوں نے سبز ریشم کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کپڑے پہنے ہونگے۔(۶) کاٹن کا لباس سنت' اون کا لباس صفاء کی نشانی ہے الا یہ کہ کھردرا اور پہننے والے کے لائق نہ ہو تو یہ فقر و ذلت ہے۔(۷) سوتی لباس نعمت اور نقش و نگار والا لباس عزت و بلندی' مال و اولاد میں خوشی کی نشانی ہے' لمبا لباس پہننے والے کے لئے نافرمانی ہے۔(۸) چھوٹا لباس عفت و پاکیزگی ہے جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے''اور اپنے کپڑوں کو پاک صاف رکھ۔(۹) اگر کسی نے کسی دوسری قوم کا لباس پہنا تو ان کے اخلاق اپنائے گا یا انکی قید میں ڈالا جائیگا۔(۱۱) کوفی لباس پہننا کفارہ اور جبہ پہننا لمبی عمر اور کھلا لباس پہننا فراخی اور خوشحالی اور زیب و زینت کے کپڑے پہننا ذخیرہ کیئے ہوئے اموال یا خوبصورت اور پاکدامن عورتوں کی علامت ہے' جنگوں کے لباس غموں و پریشانیوں یا علماء میں جھگڑوں کی علامت ہے اور عجمیوں کے لباس غلاموں کی نشانی ہے۔

## لطم (تھپڑ مارنا)

یہ خواب میں غفلت سے متنبہ کرنے اور فائدہ کی علامت ہے' عورت کا اپنے چہرہ پر تھپڑ مارنا نا امید ہونے کے بعد لڑکا ہونے کی خوشخبری ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے''اور اس کو ایک ہوشیار لڑکے کی خوشخبری دی پھر اس کی عورت سامنے سے آئی اور اپنا ماتھا پیٹتے ہوئے کہنے لگی کیا بڑھیا بانجھ لڑکا جنے گی'' اگر کسی کے ساتھ دشمنی نہ ہو تو پھر تھپڑ مارنے والے کا تھپڑ ظلم کی نشانی ہے' بعض دفعہ رخساروں اور دیگر اعضاء پر مارا جانے والا تھپڑ اُن جگہوں کو لگنے والی بیماری کی طرف اشارہ کرتا ہے' اگر کسی نے دیکھا کہ اس نے کسی انسان کو یا کسی نے اس کو تھپڑ مارا ہے تو یہ غفلت سے آگاہ کرتا ہے۔

## لکم (طمانچہ مارنا' گھونسہ مارنا)

یہ خواب میں زبان کی درازی اور ہاتھ کی تنگی پر دلالت کرتا ہے' بعض دفعہ روزے رکھنے اور نماز چھوڑنے پر بھی دلالت کرتا ہے' یہ فحش کلام پر بھی دال ہے' بعض دفعہ فتنہ انگیزی' دین کے طالب اور اُن چیزوں پر بھی دلالت کرتا ہے جن کے ذریعہ حاکم تک پہنچا جاتا ہو۔

## لعق (چاٹنا)

پانی' دودھ اور اس جیسی چیزوں کو چاٹنا مالی کمی اور آسان روزی پر دلالت کرتا ہے' بعض دفعہ اچھی چیز چاٹنا قیمتی جواہرات حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

## لفافہ (لپیٹنے کی چیز)

یہ خواب میں مال کی علامت ہے جب تک لپیٹی نہ جائے اور اگر لپیٹی گئی تو یہ سفر کی علامت۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## لف (گنجان ہونا)

یہ خواب اعضاء اور پھیلے ہوئے کلام کو سمیٹنے پر دال ہے۔

## لق (زمین کی پھٹن اور دراڑ)

مسافر کا اس کو خواب میں دیکھنا سفر میں ناپسندیدہ چیز کا سامنا کرنے کی علامت ہے۔

## لحس الاصابع (انگلیوں کا چاٹنا' پونچھنا)

خواب میں جس چیز کو چاٹتا ہے اس قسم کے رزق کے آسان ہونے کی علامت ہے۔

## لجاجۃ (کوئی چیز کھٹکنا)

(۱) یہ خواب میں اُس برائی کی نشانی ہے جو وہ کریگا یا دیکھے گا' کیونکہ حضور ﷺ کا ارشاد ہے ''خیر عادت ہے اور شر کھٹکا ہے۔ (۲) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ کسی کام کے بارے میں کھٹک رہا ہے تو وہ اس سے بھاگتا ہوگا' خواہ وہ لڑائی ہو یا جھگڑا یا تجارت وغیرہ۔ یا دلیل ہے وہ متکبر اور سرکش آدمی ہوگا جس سے لوگ بھاگتے ہونگے۔ جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ﴿بَلْ لَجُّوْا فِیْ عُتُوٍّ وَّ نُفُوْرٍ﴾ ''بلکہ یہ لوگ سرکشی اور نفرت میں حد سے بڑھ گئے ہیں''۔ (۳) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ کھٹکے میں ہے تو وہ کسی معاملہ میں تنگ دل رہے گا یا لوگ اس سے نفرت کریں گے۔

## لوم (ملامت)

(۱) یہ خواب میں ضروری کاموں میں شیطان کی اتباع پر دلالت کرتی ہے' ایسے ہی خلاف ورزی پر بھی دلالت کرتی ہے۔ (۲) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ اپنے نفس کو ملامت کر رہا ہے تو وہ ایسے کام میں مبتلا ہوگا جس پر ملامت کیا جائیگا پھر اللہ تعالیٰ اس کو اس سے بری کر دیں گے اور وہ دشمنوں پر غالب آ کر لوگوں کی ملامت سے نکل آئیگا اور دارین میں بھلائی پائیگا۔ (۳) اگر اس نے دیکھا کہ کسی اور کو کسی چیز پر ملامت کر رہا ہے تو وہ بھی اس جیسا کام کریگا جس پر ملامت کیا جائیگا۔

## لت (مِلانا)

اگر کسی چیز کو ایسی چیز میں ملائے ہوئے دیکھا جو مناسب نہ ہو تو یہ شبہات اور اختلاطِ مال پر دلالت کرتا ہے۔

## لم (جمع کرنا)

خواب میں جمع کرنا شہوت کے بڑھنے اور مال کے جمع کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## لمم (گناہ کے قریب ہونا)

یہ خواب میں اھلِ سوء کے قریب ہونے کی نشانی ہے' ایسے ہی گناہوں کی معافی پر بھی دلالت کرتا ہے۔ جیسے کہ اللہ کا ارشاد ہے﴿اِلَّا اللَّمَمَ اِنَّ رَبَّکَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ﴾سوائے توبہ کرنے کے بیشک تیرا رب بڑی مغفرت والا ہے''۔

## لی (الفاظ کو بگاڑ کر بولنا)

اس کی تعبیر نفاق' کتاب اللہ میں تحریف ہے فرمان الٰہی ہے﴿وَاِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيْقًا يَّلْوٗنَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالْكِتَابِ﴾ ''ان میں ایک فریق ہے کہ زبان مروڑ کر پڑھتے ہیں کتاب''۔

## اغلام بازی کرنا

(۱) اگر کسی نے خواب میں کسی لڑکا کے ساتھ غلط کاری کی تو صاحب خواب کا مزدور بننے اور اس کی دشمن کے ہاتھوں اس کے راس المال ختم ہونے کی دلیل ہے۔ بعض نے کہا ہے صاحب خواب اپنے دشمن پر فتح یاب ہوگا۔ (۲) اگر کسی نے خواب میں کسی جان پہچان والے نوجوان سے جماع کیا تو فاعل مفعول کے ساتھ بھلائی کریگا۔ (۳) اگر کسی نے خواب میں چھوٹے بچے سے یہ کام کیا تو وہ غیر مناسب کام کا مرتکب ہوگا یا ایسا عمل کریگا جو اس کے لئے درست نہیں ہے۔ (۴) اگر کسی نے خواب میں مجہول آدمی سے یہ کام کیا تو صاحب خواب کا دشمن اس پر قدرت پائے گا۔ اگر اس کا کوئی دشمنی نہ ہو تو یہ اس کی عزت اور مرتبہ ختم ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۵) اگر کسی نے خواب میں جان پہچان والے کسی بڑے آدمی سے یہ کام کیا تو صاحب خواب اور مفعول کے درمیان رشتہ قائم ہونے کی دلیل ہے' یا دونوں کسی کام میں شریک ہونگے یا دونوں کسی غلط کام میں جمع ہونگے۔ (۶) اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ بادشاہ نے اس کے ساتھ جماع کیا تو مفعول کو بادشاہ کی طرف سے مال و دولت اور بڑے مرتبہ ملنے کی دلیل ہے (۷) اگر کسی نے خواب میں بادشاہ کے ساتھ یہ کام کیا تو صاحب خواب کی تمام مال و دولت ختم ہو جانے کی دلیل ہے۔

## لعان (میاں بیوی کا ایک دوسرے پر لعنت کرنا)

(۱) اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ وہ اپنی بیوی سے لعان کیا تو حانث ہونے اور نکاح کے معاملہ میں شبہ میں پڑنے اور کسب میں مشکلات کا شکار ہونے کی دلیل ہے۔ (۲) خواب میں لعان کرنا غلام پر اور دور کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## لقطہ (گری پڑی چیز جو اٹھائی جائے)

(۱) خواب میں اس کا دیکھنا نفیس غلام یا لونڈی پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) برکت والے لڑکے پر بھی دلالت کرتا ہے اور غیر معتدل رات پر بھی دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## لقیط (زمین سے اٹھایا ہوا بچہ)

نومولود بچہ جوزمین پر پڑا ہوا ور اسے اٹھالیا جائے۔(۱) اس کو خواب میں دیکھنا دشمن پر دلالت کرتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا قول ہے ﴿فَالْتَقَطَهٗ آلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَّحَزَنًا﴾ ''فرعونیوں نے اس (موسیٰ) کو اٹھایا تا کہ وہ ان کے لئے دشمن اور غم ہو'' (۲) اور کبھی اس کی دلالت ہاتھ سے گئی ہوئی چیزوں کے لوٹ آنے پر اور غم اور پریشانی کے ختم ہونے پر ہوتی ہے۔جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا قول ہے ﴿فَرَدَدْنَاهُ اِلٰی اُمِّهٖ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ﴾ ''ہم نے ان کے بیٹے کو ان کی طرف لوٹا دیا تا کہ اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہو جائیں اور غمزدہ نہ ہو'' پھر فرمایا ﴿فَرَجَعْنَاكَ اِلٰی اُمِّكَ﴾ ''ہم نے تم کو تمہاری والدہ کی طرف لوٹا دیا''۔

## لعب (کھیل)

(۱) خواب میں کھیل دیکھنا غرور اور استہزا اور دین میں نقصان پر دلالت کرتا ہے۔(۲) خواب میں نرد کے ساتھ کھیلنا بلند اور رفعت اور مرتبہ اور عزت کی دلیل ہے۔(۳) کبھی اسکی دلالت بیداری میں جس کام کا ارتکاب کرتا ہے اس پر بھی ہوتی ہے۔یعنی استہزا اور مخالفت وغیرہ پر۔ (۴) لائن لگا کر کنکریوں سے کھیلنا اپنی دلیل کو مضبوط کرنے کی دلیل ہے اور نرد کے مہرے کے ساتھ کھیل حوالہ کرنے کی دلیل ہے اور فٹ بال کے ساتھ کھیلنا دشمنوں کے ساتھ صلح کرنے کی دلیل ہے اگر وہ مریض ہو تو ٹھیک ہوگا۔

## لغو (لایعنی باتیں کرنا یا سننا' بکواس کرنا)

(۱) خواب میں لغو بات سننا معصیت اور عدم قبول نصیحت پر دلالت کرتا ہے۔جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا قول ہے ﴿وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ﴾ (۲) خواب میں لغو قسم کھانا گناہ گار کے لئے توبہ اور کافر کے لئے اسلام قبول کرنے پر دلالت کرتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا قول ہے ﴿لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْ اَيْمَانِكُمْ﴾ ''تمہاری لغو قسموں میں اللہ تعالیٰ مؤاخذہ نہیں کریں گے''۔

## لغوی (لغت جاننے والا)

اس کی دلالت لغوبات کرنے والے پر ہوتی ہے۔خواب میں لغوی بننا بیداری میں ترجمان بننے' راستوں سے واقف ہونے' ماہر انساب ہونے کی علامت ہے' اور کبھی اس کی دلالت تاریخی واقعات معلوم کرنے کی کوشش کرنے پر بھی ہوتی ہے۔

## لص (چور)

(۱) خواب میں چور دیکھنا مرض پر دلالت کرتا ہے اگر چور کالا ہے تو سوداوی بیماری پر اگر سرخ ہے تو خون کی بیماری پر وہ پیلے رنگ کا ہے تو صفروی بیماری پر اگر وہ سفید ہے تو بلغمی بیماری پر دلالت کرتا ہے۔(۲) اگر کسی نے دیکھا کہ چور کوئی چیز اٹھائی ہے تو بیماری اپنے جوہر کی طرف منسوب ہوگا۔(۳) اگر اس چور نے کوئی چیز نہیں اٹھائی تو صاحب خواب بیمار

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوگا اور جلد صحت یاب ہوگا۔(۴) اگر کوئی خواب میں چور کو چمٹ گیا تو وہ اس بیماری کی دوا جانتا ہے۔(۵) اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ چور نے کوئی چیز چرائی تو یہ قاتل اور دھوکہ باز آدمی کی آمد پر دلالت کرتا ہے۔(۶) خواب میں چور دیکھنا ملک الموت پر مسافر کے واپس آنے پر اور خطبہ دینے والے آدمی پر دلالت کرتا ہے۔(۷) اگر کسی نے دیکھا کہ چور اس کے گھر داخل ہوا اور کوئی چیز اٹھالی تو اگر اس گھر میں کوئی بیمار ہے تو اس بیمار کی موت کی دلیل ہے۔(۸) اگر کسی نے خواب میں چور کو دیکھا کہ گھر میں داخل ہوا اور کوئی چیز نہیں اٹھائی تو اس گھر میں اگر مریض ہو وہ اس مرض سے نجات پائے گا۔(۹) اگر کسی نے خواب میں چور کو قتل کیا تو وہ بیماری سے نجات پائے گا۔(۱۰) اگر کسی گھر میں چور داخل ہوا اور اس گھر میں غیر شادی شدہ لڑکی ہو تو یہ خطبہ دینے والے آدمی پر دلالت کرتا ہے۔(۱۱) چور کی دلالت مکر باز اور دھوکہ باز آدمی پر بھی ہوتی ہے۔(۱۲) چور کی دلالت زانی مرد پر بھی ہوتی ہے۔(۱۳) چور کی دلالت مرغیوں اور کبوتر وغیرہ کے شکاری پر بھی ہوتی ہے۔(۱۴) کبھی چور کی دلالت درندہ اور سانپ اور شیطان اور نفس پر ہوتی ہے۔(۱۵) اگر کسی نے اہل علم میں سے کسی کو چوری کرتے ہوئے دیکھا تو اس کی طرف سے صاحب خواب کو کوئی اچھی چیز حاصل ہوگی۔(۱۶) کبھی چوری زنا اور چاپلوسی پر بھی دلالت کرتی ہے۔

## لیل (رات)

اس کی تعبیر بطالت عمل ہے(۱) روشنی کے بغیر اندھری رات دیکھنا معاش کے ٹھپ ہونے کی علامت ہے۔(۲) ایسی رات دیکھنا جس میں چاند کی روشنی بھی ہو بادشاہ کے اپنے تمام کاموں کو اپنے وزیر کے سپرد کرنے، چوروں اور ڈاکوؤں کے اس کی طرف متوجہ ہونے کی دلیل ہے۔(۳) رات ختم ہو کر دن ظاہر ہوتا دیکھنا غمزدوں کے لئے غم سے خلاصی اور محصورین کے لئے حصار ٹوٹ جانے، اور مہنگائی کا شکار لوگوں کے لئے ارزانی اور مظلومین کے لئے ظلم سے چھٹکارہ حاصل کرنے کی بشارت ہے۔(۴) رات زوجین کے یک جا ہونے کی اور دن ان کے درمیان تفریق کی علامت ہے۔(۵) اندھیری راتیں کالی باندیوں پر دلالت کرتی ہیں اور ظلمت کی دلالت گمراہی پر ہوتی ہے۔(۶) رات کی اندھیری کے ساتھ گرج، کڑک بجلی اور سخت تیز ہوا بھی ہو تو اس علاقے میں گمراہی کا دور دورہ ہوگا۔(۷) اپنے گھر میں اندھیرا دیکھنا دور سفر کرنے کی دلیل ہے۔(۸) دن رات کی تعبیر متضاد ہیں چنانچہ دن کی تعبیر مسلمان اور رات کی کافر ہے۔ کبھی دن رات کی تعبیر دو خصم بھی ہو سکتے ہیں اور دو سوکنیں بھی، کبھی رات کی تعبیر نکاح اور دن کی تعبیر طلاق ہوتی ہے۔ اور کبھی رات کساد بازاری صنائع کی بربادی اور سفروں پر دلالت کرتی ہے۔ اور دن کی دلالت نفاق، بازار کی چہل پہل پر ہوتی ہے اور کبھی رات کی دلالت موت پر اور دن کی دلالت بعث بعد الموت پر ہوتی ہے اور کبھی دن، رات دونوں کی دلالت دو عادل گواہوں پر ہوتی ہے۔(۹) خواب میں طلوع فجر دیکھنا مریض کے لئے بیماری سے خلاصی یا موت کی دلیل ہے قیدی کے لئے قید سے چھٹکارے کی علامت ہے، گناہ گار کے لئے توبہ اور کافر کے لئے اسلام کی بشارت ہے اور جس کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کاروبار بند ہو اس کے لئے کاروبار چلنے کی نوید ہے۔(۱۰) دن کے بعد رات داخل ہونے کی تعبیریں مذکورہ تعبیریں کے برعکس ہوں گی۔(۱۱) پورے زمانے کو اور علاقے کو رات کے لپیٹ میں آتے دیکھنا اس علاقہ میں فقر و فاقہ، غم و اندوہ اور موت کے وقوع کی دلیل ہے۔کبھی دن رات بعید خیر ہو یا شر قریب ہونے پر دلالت کرتے ہیں اور کبھی ان دونوں کی دلالت نصیحت کی باتیں سننے اور ندامت کے شکار ہونے پر ہوتی ہے، اور کبھی رات زمانے کے انقلابات پر دلالت کرتی ہے، اور رات کالی عورت پر اور دن گوری عورت پر دلالت کرتا ہے اور رات لباس پر اور دن معاش پر دلالت کرتا ہے۔غیر مسافر کے لئے رات پردہ پوشی اور خوف سے مامون ہونے پر دلالت کرتی ہے اور مسافر کے لئے رات ظلم کے گھیرے میں آنے کی علامت ہے۔اور رات یمین پر بھی دلالت کرتی ہے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿والليل اذا يغشى﴾ اور تہجد پڑھنے والوں کے لئے رات اپنے مقصد میں کامیاب ہونے، ضروریات کے پورے ہونے اور غائب شدہ دوستوں کے ساتھ یکجا ہونے پر دلالت کرتی ہے(۱۳) چمکتی راتیں مثلاً لیلۃ القدر وغیرہ خیر کے آمد کی بشارت ہوتی ہے یہی تعبیر شب برات، شب معراج اور شب جمعہ کی ہیں۔

## لقوہ

اس کی تعبیر دینی فساد ہے، خواب میں لقوہ زدہ ہونا تقوی چھوڑنے، بدعت میں مبتلا ہونے اور عذاب نازل ہونے کی علامت ہے

## لدع (سانپ یا بچھو کا ڈسنا)

اس کی تعبیر ممنوعات کا مرتکب ہونا ہے

## لبوۃ (شیرنی)

(۱) اس کی تعبیر شریر قسم کی ترش رو بچوں کے ساتھ محبت کرنے والی عورت ہے اور اس کی تعبیر بادشاہ کی بیٹی بھی ہے۔
(۲) کسی نے دیکھا کہ وہ شیرنی کے ساتھ جماع کر رہا ہے تو وہ سخت شدت سے نجات پائے گا اور اپنے کاموں پر حاوی ہوگا اور اپنے دشمنوں پر غلبہ حاصل کرے گا۔اور اگر حالتِ جنگ میں شیرنی دیکھے تو بہت سے شہروں پر فتح حاصل کرے گا۔(۳) جو شیرنی کا دودھ پیئے تو وہ بادشاہ سے مال پائے گا اور اپنے دشمن پر غالب ہوگا۔(۴) شیرنی کا گوشت کھانا عظیم ملک وقوت حاصل کرنے کی دلیل ہے۔

## لقلق (ایک آبی جانور)

(۱) اس کی دلات مجلس لگانے اور یکجا ہونے کو پسند کرنے والوں پر ہوتی ہے، سردی کے موسم میں ایک جگہ میں بہت سارے سارس دیکھنا چوروں، ڈاکوؤں، دشمنوں اور سخت سردی اور ہوا میں اضطراب کی دلیل ہے، اور ان کو متفرق دیکھنا مسافر اور سفر کا ارادہ کرنے والے کے لئے بہتر ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب المیم

## مستشفٰی (ہسپتال)

(۱) خواب میں ہسپتال حمام کی دلیل ہے' کیونکہ وہ جن وشیاطین کا مقام ہے' نیز ستر کھلنے اور ناپسندیدہ کاموں کے ظہور کی جگہ ہے' ہسپتال تعلیم گاہ کی بھی دلیل ہے' کیونکہ اس میں ادب کی تعلیم اور عمدہ بیانی کی تعلیم دی جاتی ہے' ہسپتال اور شفاخانہ لہو ولعب کے مقامات شوروغل اور بیہودہ کلامی کی بھی دلیل ہے' نیز عیال واولاد کی جدائی پر بھی دلالت کرتا ہے۔
(۲) اگر ہسپتال میں کوئی مردہ دیکھا گیا ہو تو وہ آگ میں ہے جو زنجیروں اور طوقوں کا مقام ہے۔ (۳) اگر خواب میں اپنے آپ کو دیگر مریضوں کے ساتھ ہسپتال میں دیکھے تو یہ قید خانہ میں جانے کی دلیل ہے۔ دیوانوں اور مجرموں کے ہمراہ جیل خانہ جانے کی دلیل ہے۔ اگر تندرست ہو تو بیمار ہوگا' یا پھر مرض اس کا طویل ہوگا یا حالت مسافرت میں شہادت کی موت آئیگی اور نادار شخص کے لئے یہ خواب خوشحالی اور آسودہ حال لوگوں کے لئے مستغنی و بے نیاز ہونے پر دلیل ہے۔

## الماشطة (کنگھی کرنے والی خادمۃ)

(۱) خواب میں اس خادمہ کے قریب ہونا لوگوں کی نظروں میں عزت وجاہ کے حصول کی دلیل ہے' اگر وہ خادمہ غیر شادی شدہ کے پاس آئے تو اس کی شادی ہونے کی دلیل ہے۔ کنگھی کرنے والی مالدار عورت پر دال ہے' اور عطر فروش کی بھی دلیل ہے۔

## مالک (داروغہ جہنم)

(۱) خواب میں جہنم کے داروغہ (مالک) کو دیکھنا پولیس کے افسر کے ساتھ مقابلہ کرنے کی دلیل ہے۔ (۲) اگر مالک (جہنم کا داروغہ) کو مسکراتے دیکھے تو قید سے نجات کی علامت ہے۔ (۳) اگر یہ خواب مریض دیکھے تو اس پر موت کا خدشہ ہے' اس کو دیکھنا اللہ اور اس کے رسول ﷺ' مسلمانوں اور سلطان سے محبت کی دلیل ہے' نیز نفاق سے دوری' معاصی اور گناہوں کے چھوڑنے اور دینی غیرت کی بھی علامت ہے۔

## الماء (پانی)

خواب میں پانی خوشگوار زندگی کی دلیل ہے۔ (۱) لہذا جو اپنے گھر میں پانی دیکھے تو یہ سعادت مندی' مال کثیر' غنیمت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور شادی کی بشارت ہے' کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ﴿وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَرًا فَجَعَلَهُ نَسَبًا وَصِهْرًا﴾ (الفرقان:۵۴)

یعنی وہ ایسا ہے جس نے پانی سے (یعنی نطفہ سے) آدمی کو پیدا کیا پھر اس کو خاندان والا اور سسرال والا بنایا۔ (۲) جو دیکھے کہ پانی صاف شفاف اور کثیر ہے تو دلیل ہے اشیاء کے نرخ کم ہوں گے' عدل وانصاف پھیلے گا۔ (۳) پانی کو چھپانا مال ومعیشت میں سخت محنت وکاوش کرنے کی دلیل ہے' پانی پینا دشمن سے امن وسلامتی اور پینے والے کے لئے سال کی خوشحالی کی علامت ہے۔ (۴) اگر خواب میں بیداری کی حالت سے زیادہ پانی پیا ہے تو یہ درازیٔ عمر کی دلیل ہے' ابن سیرینؒ فرماتے ہیں: خواب میں پانی دیکھنا دینی فتنہ ہے کیونکہ ارشاد الٰہی ہے ﴿ماءً غدقاً لنفتنهم فيه﴾ (الجن)

یعنی وافر پانی (ان کو پلاتے ہیں) تاکہ اس میں ان کا امتحان کریں' اور پانی بلاء وآزمائش ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا' ﴿إِنَّ اللَّهَ مُبْتَلِيكُم بِنَهَرٍ فَمَن شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّي وَمَن لَّمْ يَطْعَمْهُ فَإِنَّهُ مِنِّي إِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً بِيَدِهِ﴾ (البقرہ) یعنی تحقیق اللہ تعالیٰ تمہارا جو امتحان کریں گے ایک نہر سے سو جو شخص اس سے پانی پی لے گا وہ میرے ساتھیوں میں نہیں اور جو اس کو زبان پر بھی نہ رکھے وہ میرے ساتھیوں میں ہے لیکن جو شخص اپنے ہاتھ سے ایک چلو بھر لے تو اتنی رخصت ہے۔ (۵) جو دیکھے کہ اسے ایک پیالہ میں پانی دیا جاتا ہے تو یہ لڑکے کی دلیل ہے۔ (۶) جو دیکھے کہ وہ ایک پیالہ یا کسی اور برتن میں صاف پانی پیتا ہے تو دلیل ہے اسے اپنی اولاد اور زوجہ سے خیر حاصل ہوگی' اس لئے شیشہ کی تعبیر عورت ہے اور پانی کی تعبیر جنین (پیٹ کا بچہ) ہے۔ (۷) اور جو دیکھے کہ وہ گرم پانی پیتا ہے تو وہ شدید غم سے دوچار ہوگا۔ (۸) جو خواب میں اپنے آپکو پانی میں دیکھے تو یہ فتنہ وآزمائش اور غم ہے۔ (۹) جو دیکھے اس کے پاس صاف پانی کی مشک ہے تو یہ مال وراحت کی دلیل ہے۔ (۱۰) جو دیکھے کہ وہ پانی مانگتا ہے' دلیل ہے وہ لوگوں میں جھوٹ پھیلاتا ہے۔ (۱۱) ٹھہرا ہوا پانی' بدبودار پانی ناخوشگوار زندگی ہے۔ (۱۲) گرم پانی جو ن کے وقت استعمال کیا گیا ہو عقوبت عذاب ہے۔ (۱۳) رات کو اگر استعمال کیا گیا ہو تو یہ جنات کی طرف سے خوف وگھبراہٹ ہے۔ (۱۴) نمکین پانی مال ومعیشت میں محنت ومشقت ہے۔ (۱۵) گدلا پانی مالِ حرام ہے' سیاہ پانی ویرانی ہے' زرد پانی مرض ہے۔ (۱۶) جو شخص دیکھے کہ وہ دریا کا پانی پیتا ہے تو اسے بادشاہ کی طرف سے پریشانی یا مرض لاحق ہوگا بعض کہتے ہیں کہ گدلا پانی سلطانِ جابر ہے۔ (۱۷) جو خواب میں گدلے پانی میں غسل کرے تو وہ کسی سختی میں مبتلا ہو کر اس سے نجات پائے گا' اگر مریض ہو تو اللہ تعالیٰ اسے شفاء دیں گے اگر قید ہو نجات ملے گی' نمکین پانی غم کی نشانی ہے۔

(۱۸) جو دیکھے کہ وہ پانی کے اوپر چلتا ہے تو یہ ایمانی قوت اور اور اللہ تعالیٰ پر یقین کرنے کی دلیل ہے' بعض کہتے ہیں کہ اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ سفر کرے گا یا جان کو خطرے میں ڈالے گا۔ (۱۹) خواب میں دیکھا گہرے پانی میں گر گیا تو دلیل ہے اسے دنیا ملے گی اور مالدار ہوگا کیونکہ دنیا بحرِ عمیق ہے' بعض کہتے ہیں کہ اسے سرور نعمت ملے گی۔ (۲۰) جو دیکھے کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس نے صاف شفاف پانی دیکھا تو اسے اس میں اپنا خوبصورت چہرہ نظر آیا ہے تو وہ اپنے گھر والوں اور ہمسایوں سے اچھا برتاؤ کرتا ہے۔ (۲۱) جو دیکھے کہ اس نے دریا میں پانی انڈیلا ہے تو وہ کسی عورت پر خرچ کرتا ہے' زیادہ پانی فکرو پریشانی' عذاب اور فتنہ کی دلیل ہے۔ (۲۲) جو دیکھے کہ پانی شہر وعلاقہ میں زیادہ ہو گیا ہے اور حد سے تجاوز کر گیا ہے تو اس جگہ عظیم فتنہ وفساد رونما ہو گا اور شریر لوگ مریں گے۔ (۲۳) شیریں پانی رزق حلال' دل کی خوشی' علم اور قریب الموت کے لئے زندگی کی دلیل ہے' اس لئے کہ فرمانِ الٰہی ﴿وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ﴾ (الانبیاء) یعنی اور ہم نے (بارش کے) پانی سے ہر جاندار چیز کو بنایا ہے' یا کنوارے کے حق میں زوجہ اور کنواری کے لئے شوہر کی دلیل ہے' پانی پینا فقراء کے مشروب کی بھی دلیل ہے۔ (۲۴) شیریں اور میٹھا پانی کو خواب میں نمکین اور کھارا ہونا دین سے مرتد ہونے کی دلیل ہے یا اس کے امور دشوار ہونے کی علامت ہے۔ (۲۵) اگر کسی برتن میں پانی اٹھایا ہے تو اس کی بیوی حاملہ ہوگی' اور کمی کے وقت میں پانی کی زیادتی اور زیادتی کے وقت میں پانی کی قلت جور وظلم اور مہنگائی کی دلیل ہے۔ (۲۶) اور کسی جگہ سے پانی کا پھوٹنا غم وفکر کی نشانی ہے' سبز رنگ کا پانی طویل مرض کی دلیل ہے۔ (۲۷) جو سیاہ پانی پیئے تو اس کی نظر جاتی رہے گی۔ (۲۸) جو دیکھے کہ اس پر گرم پانی بہایا گیا ہے' تو وہ قید ہو گا۔ (۲۹) کپڑے پانی سے بھیگ گئے ہیں تو سفر پر برقرار رہے گا یا جس کام کا ارادہ کیا ہے اس سے رکے گا۔ (۳۰) اور جو دیکھے کہ اس نے تھیلی میں یا کپڑے میں یا ایسی چیز میں پانی اٹھایا ہے جس میں پانی کا اٹھانا ممکن نہیں تو وہ اپنے مال یا حیات کے غرور گھمنڈ میں مبتلا ہے۔ (۳۱) جو دیکھے کہ اسے ایک گلاس یا پیالہ میں پانی دیا گیا ہے اور حال یہ ہے کہ اس کی بیوی حاملہ ہے اور خواب میں وہ پیالہ ٹوٹ گیا ہے تو وہ عورت وفات پائے گی۔ (۳۲) اگر پانی گر گیا ہے اور پیالہ نہیں ٹوٹا ہے تو بچہ مرے گا اور عورت سلامت رہے گی۔ (۳۳) ٹھنڈے پانی سے غسل کرنا توبہ وتائب ہونے قید سے رہائی پانے' قرض کی ادئیگی اور خوف سے امن وامان ہونے کی دلیل ہے۔ (۳۴) جو شخص دیکھے کہ وہ کنویں سے پانی لیتا ہے تو دلیل ہے اسے حیلہ ومکر سے مال ودولت ملے گا۔

## المائدة (دستر خوان)

(۱) دستر خوان کی تعبیر نعمت' قبولیت دُعا اور خوشحال زندگی ہے' نیز دستر خوان دشمنوں پر نصرت حاصل ہونے کی بھی دلیل ہے' اور صاحب معیشت کے لئے دستر خوان اس کی معیشت پر دلالت کرتا ہے' دستر خوان کی تعبیر نیک اور سخی آدمی ہے۔ (۲) اگر دستر خوان میں بہت زیادہ روٹیاں اور اچھے عمدہ کھانے دیکھے تو یہ بھائیوں کی محبت ومودّت کی کثرت کی علامت ہے۔ (۳) اگر دیکھے کہ اس نے دستر خوان سے بہت زیادہ کھانا کھایا ہے تو یہ اس کی عمر کی درازی کی دلیل ہے (۴) اگر دیکھے کہ دستر خوان اٹھا لیا گیا ہے' تو دلیل ہے اس کی عمر ختم ہونے کو ہے۔ (۵) دستر خوان پر رش کثرت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عیال پر دلیل ہے۔(۶) اگر دستر خوان پر مخالف لوگ جمع ہوں تو یہ لڑائی کی دلیل ہے خصوصاً طعام بھنی ہوئی سریاں یا ہریسہ کی صورت میں ہو اس صورت میں دستر خوان کی تعبیر لڑائی اور مقابلہ کا میدان ہے۔(۷) باھم کھانا ہاتھوں سے نیزہ بازی اور مقابلہ بازی ہے، دستر خوان دین کی بھی دلیل ہے۔(۸) خواب میں دستر خوان پر اگر اس کے ہمراہ اور لوگ بھی ہوں تو دلیل ہے وہ شخص کسی خوشی کی بات پر ان لوگوں سے بھائی چارہ قائم کرتا ہے۔

## المبازرہ (مقابلہ کرنا)

(۱) خواب میں مقابلہ کرنا انسان کی قوت یا خصوصیت یا اختلاف یا کسی سے لڑنے کی دلیل ہے۔(۲) اور جو تلوار سے مقابلہ کرے تو اسے اللہ کے راستہ میں تلوار زنی کے سبب شرف ومقام ملے گا۔(۳) جو اپنے ہاتھ میں مشہور تلوار دیکھے تو وہ کسی عمل کے سبب مشہور ہوگا۔

## المبایعۃ (بیعت کرنا)

(۱) جو دیکھے کہ وہ نبی کریم ﷺ کے اہل بیت اور آپ ﷺ کی جماعت کے ہاتھ پر بیعت کر رہا ہے تو اشارہ ہے وہ ہدایت کی اتباع کریگا اور اسلامی شریعت اور راہِ مستقیم کی حفاظت وخیال رکھے گا۔(۲) اگر دیکھے کہ اس نے سرحدوں کے کسی امیر کے ہاتھ پر بیعت کی ہے تو یہ دشمنوں پر فتحیابی کی بشارت ہے اور وہ توبہ تائب، عابد وزاھد اور رکوع سجدہ کرنے والا ہوگا۔(۳) اگر فاسق کے ہاتھ پر بیعت کی ہے تو تعبیر ہے وہ فاسق قوم کی اعانت کرتا ہے۔(۴) اگر درخت کے نیچے بیعت کی ہے تو اسے اللہ تعالیٰ کی رضاء وخوشنودی کے ساتھ مالِ غنیمت حاصل ہوگی۔

## المبرد (ریتی)

(۱) اس کی تعبیر زبان ہے، اور ریتی حاجت روائی اور اہلِ کلام کے حُسنِ عبادت کی بھی دلیل ہے، نیز ریتی معین ومددگار اور ہوشیار غلام اور شادی کرنے کی دلیل ہے۔

## المبقلۃ (کھیت)

(۱) خواب میں سبزی کی جگہ یعنی کھیت کی تعبیر غمزدہ آدمی ہے، لہٰذا جو شخص دیکھے کہ اس نے اپنے باغ سے سبزیوں کی گٹھڑی یا گٹھا جمع کیا ہے تو دلیل ہے اس کی عورتوں کے قرابتداروں کی طرف سے سارا شر وفساد اسی پر جمع ہوگا۔(۲) اور خشک سبزی کی تعبیر مال ہے، بعض اہلِ تعبیر سبزی کو غم وحزن قرار دیتے ہیں۔

## المبلّط (فرشی پتھر لگانے والا)

(۱) خواب میں فرشی پتھر یا ٹائلیں لگانے والا معاملات کو درست کرنے والا کپڑے کو کاٹنے والا یا درزی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## المبلۃ (تر کرنے کی جگہ)

خواب میں اس کا حکم وہی ہے جو چمڑا رنگنے کی جگہ ہے۔(۲) اگر چمڑا رنگنے کی جگہ آزاد عورت پر دلیل ہے تو ترک کرنے کی جگہ باندی کی دلیل ہے کیونکہ وہ میلی کچیلی ہوتی ہے۔(۳) اگر چمڑا رنگنے کی جگہ کی تعبیر شہری عورت ہے تو ہمیشہ تر رہنے والی جگہ دیہاتی عورت کی علامت ہوگی' تر کرنے کی جگہ حمام یا موت یا غرقیابی یا منہدم ہونے کی دلیل ہے۔

## المبیض (قلعی کرنے والا)

(۱) سوت کو قلعی کرنے والے کی تعبیر دھوبی کی تعبیر کی طرح ہے۔(۲) اور دیواروں کی سفیدی کرنے والا اس درزی پر دلالت کرتا ہے جو لوگوں کو نئے کپڑے پہنا تا ہے' نیز عزت وجاہ' رفعت وبلندی' اچھی شہرت اور امور کی درستگی کی دلیل ہے۔(۳) تانبے کی چیزوں کو قلعی کرنے والا خواب میں دیکھنا ظاہر وخفیہ نیک اعمال کرنے والا ہے۔

## المتعۃ (متعہ کرنا)

(۱) خواب میں متعہ کرنا بیداری میں راحت ومنفعت حاصل ہونے کی دلیل ہے' متعہ ان اعمال پر دلالت کرتا ہے' جو عذابِ خداوندی کا سبب ہیں جیسے بدکاری' سود اور بیع فاسد وغیرہ' اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے' ﴿وَجَعَلُوا لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلُّوا عَنْ سَبِيْلِهٖ قُلْ تَمَتَّعُوْا فَاِنَّ مَصِيْرَكُمْ اِلَى النَّارِ﴾ (ابراہیم) یعنی اور ان لوگوں نے اللہ کے شریک قرار دیئے تاکہ اس کے دین سے گمراہ کریں آپ کہہ دیجئے کہ چند دن عیش کرلو کیونکہ اخیر انجام تمہارا دوزخ میں جانا ہے' متعہ مال وجان پر غرور وگھمنڈ کی بھی دلیل ہے۔

## المثقال

(۱) خواب میں مثقال کا وزن امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اور وعظ وتنبیہ کی دلیل ہے' مثقال ہدایت وصدق اور اچھے قول کی بھی دلیل ہے یا پھر گناہ کی علامت ہے۔

## المثقب (دشوار راستہ)

(۱) خواب میں سخت اور دشوار گذار راستہ سخت گو اور برا مکار آدمی پر دلالت کرتا ہے دشوار راستہ حاجات کے پورا ہونے اور مقاصد میں تعاون کرنے والے یا جبراً سفر کرنے کی بھی دلیل ہے۔ دشوار راستہ کنوئیں کھودنے اور زرحیوان پر دلالت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## المجاعة (قحط سالی)

(۱) خواب میں قحط سالی رعایا کی ذلت اور ان کے اموال کی حرص وطمع رکھنے کی دلیل ہے، علماء کے لئے قحط سالی علم میں ان کے حریص ہونے کی دلیل ہے۔

## المجامعه (جماع کرنا)

(۱) کسی نے خواب میں دیکھا کہ وہ اپنے آپ سے جماع کرتا ہے تو یہ فضول خرچی اور گھر کی محرم عورت سے صحبت کرنے کی دلیل ہے۔ (۲) اگر دیکھے کہ وہ کسی بچہ سے جماع کرتا ہے تو دلیل ہے وہ مصیبت سے دوچار ہوگا۔ (۳) اگر دیکھے کہ کسی عورت سے جماع کرتا ہے اور وہ اس عورت کو پہچانتا ہے اور وہ عورت حسین وجمیل اور زینت کرنے والی ہے تو یہ خیر کثیر ملنے کی دلیل ہے۔ (۴) جو دیکھے کہ وہ اپنے بھائی یا دوست سے جماع کرتا ہے تو یہ دوست کی دشمنی کی دلیل ہے، اور بھائی وغیرہ سے اُسے مضرّت پہنچنے کی علامت ہے۔ (۵) جو دیکھے کہ وہ اپنی والدہ سے جماع کرتا ہے تو یہ باپ کی عداوت ودشمنی کی دلیل ہے۔ (۶) کسی میّت سے جماع کرنا اس کی موت کی دلیل ہے۔

## المجبّر (ہڈیاں جوڑنے والا)

(۱) خواب میں جراح دیکھنا اس بادشاہ کی دلیل ہے جو حقوق اور میزانوں کو جوڑتا ہے۔ (۲) اس کی تعبیر تکبر و بڑائی یا پریشانیوں یا حساب دان یا فقیر و نادار کو عطا کرنے والا جابر آدمی ہے۔ (۳) خواب میں اگر جراح سیاہ فام آدمی کا علاج کرے اور اس کی ہڈیاں جوڑے تو اشارہ ہے وہ ظالموں کی ان کے ساتھ ظلم کرنے کے لئے مدد کرتا ہے۔

## المجرفه (بیلچہ)

(۱) خواب میں بیلچہ غیر شادی شدہ کے لئے ایسی عورت سے شادی کرنے کی دلیل ہے جو راز کی حفاظت کر سکتی ہے نہ مال کی، کبھی بیلچہ زوالِ غم وفکر اور ادائے قرض کی علامت ہوتا ہے، بیلچہ کی تعبیر قابلِ اعتماد آدمی ہے جس سے تعاون حاصل کیا جائے۔ (۲) جو اپنے ہاتھ میں بیلچہ دیکھے تو دلیل ہے تمام خیر و فضل اس کی طرف لوٹیں گی، بیلچہ عورت اور عمل کی حرکت کی بھی علامت ہے۔

## المُجلّد (جلد ساز)

(۱) جلد ساز کی تعبیر مُردوں کو غسل دینے والا اور ان کے عیوب چھپانے والا ہے یا درزی ہے، یا پھر اس کو دیکھنا راز وں کو مخفی رکھنے اور محبت کی حفاظت کرنے پر دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## المجلد (جلد والی کتاب)

(۱) جو شخص خواب میں عام علوم کی یا تفسیر کی مجلد کتاب دیکھے تو دلیل ہے اس کے معاملات صحیح ہوں گے۔ (۲) اور جو فقہ کی مجلدات (کتب) دیکھے تو اسے خیر حاصل ہونے کی بشارت ہے' اور جو تاریخ کی کتب دیکھے وہ بادشاہوں کا مقرب ہوگا' اور منطق کی کتب ومجلدات دیکھنا عجیب قسم کے امور میں مشغول ہونے کی علامت ہے۔

## المجلس (مجلس)

(۱) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ وعظ کی مجلس لگائے ہوئے ہے اور اس میں لوگوں کو وعظ ونصیحت کرتا ہے اگر وہ اس کا اہل نہیں ہے تو وہ کسی فکر یا مرض میں مبتلا ہوگا۔ (۲) اگر مجلس میں نیکی اور حکمت ودانائی کی باتیں کی ہیں تو تعبیر ہے کشادہ حالی ہوگی اور مرض سے نجات پائے گا اور تنگی سے کشادگی کی جانب جائے گا یا اس کے ذمہ جو قرض ہے اس سے بری ہوگا یا ظالم پر غالب آئے گا۔ (۳) اور خواب میں کسی جگہ پر ذکر اللہ ہوتا دیکھنا اس جگہ کی حکمت ودانائی کے ساتھ تعمیر پر دلیل ہے۔ (۴) اور خواب میں علماء کی مجلس میں ان کے روبرو بیٹھا ہو اور وہ اس کا مستحق بھی ہے تو یہ اس کو علم اور مزید رفعت وبلندی نصیب ہونے کی علامت ہے۔ (۵) اگر مجلس وعظ میں وعظ کر رہا ہو تو اگر اپنا وعظ مکمل کیا ہے تو اس کے کام پورے ہوں گے۔ (۶) اور خواب میں مجلس کی تعبیر اس کا وہ منصب ہے جس پر وہ فائز ہے اور اس کی وہ سواری ہے جس پر وہ بیٹھتا ہے' اور مجلس کی تعبیر زوجہ' ولد اور خادم ہے۔ (۷) اور اگر اسے کسی نامعلوم مجلس کی طرف بلایا گیا ہے جس مجلس میں پھل میوے اور مشروبات ہیں تو اشارہ ہے اسے جہاد اور حصول شہادت کی طرف بلایا جاتا ہے۔

## المجرۃ (انگیٹھی)

(۱) انگیٹھی کی تعبیر باندی یا ادیبہ ہے یا مہذب لڑکا ہے' اور اچھی تعریف کے حصول کی بھی دلیل ہے۔ (۲) جو اپنی انگیٹھی دیکھے کہ اس کی آگ بجھ گئی ہے یا اس میں کوئی عیب ونقص پیدا ہوا ہے تو یہ خادم یا اس کی زوجہ کے اندر نقص پیدا ہونے کی دلیل ہے۔

## المجوس (مجوسی)

(۱) خواب میں بوڑھے آتش پرست کو دیکھے تو یہ ایسا دشمن ہے جو اپنے مخالف کو ہلاک کرنا نہیں چاہتا ہے۔ (۲) اگر اپنے آپ کو مجوسی دیکھے تو وہ کبیرہ گناہوں کا ارتکاب کر کے اسلام کو پس پشت ڈال دے گا۔ (۳) اگر دیکھے کہ اس کا ہاتھ کسریٰ کے ہاتھ جیسا ہوگیا ہے تو جو کچھ ان جابروں اور ظالم لوگوں کے ہاتھوں ہوا وہ کچھ اس کے ہاتھ سے ہوگا پھر کفر پر موت آئے گی مگر اللہ تعالیٰ اس کے لئے خیر چاہتے ہوں تو اور بات ہے۔ (۴) اگر دیکھے کہ اس کا ہاتھ حالتِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سابقہ میں واپس لوٹ آیا ہے تو وہ گناہوں سے توبہ تائب ہوگا۔(۵) اگر کسی مجوسی کو دیکھے کہ وہ یہودی یا عیسائی بن گیا تو وہ پہلے سے بہتر حالت کی طرف لوٹے گا۔(۶) اگر خود کو خواب میں مجوسی دیکھے تو دلیل ہے وہ دنیا کا طالب ہے۔(۷) جو دیکھے کہ وہ آتش پرستی کرتا ہے تو وہ سلطان کی خدمت کا طالب ہے' کیونکہ آگ کی تعبیر سلطان سے کی جاتی ہے' اگر وہ آگ بجھی ہوئی ہے تو تعبیر ہے وہ مالِ حرام کا طالب ہے۔

## المحاسب (حساب کرنے والا)

(۱) خواب میں محاسب کی تعبیر صاحب حیثیت شخص ہے' بادشاہ کے محاسب کی تعبیر اس کی اقسام کے اعتبار سے ہوتی ہے۔(۲) چنانچہ اگر عامل (بادشاہ کا مقرر کردہ کارندہ) دیکھے کہ وہ ٹیکس' زکوٰۃ' چونگی وغیرہ وصول کنندہ بن گیا ہے تو دلیل ہے اس کا مرتبہ بلند ہوگا اور رزق میں وسعت ہوگی۔(۳) جیسے ناظر اگر خواب میں خود نگران بنا دیکھے تو تعبیر ہے اس کا مقام و مرتبہ کم ہوگا اور اسے خسارہ اور فکر و غم لائق ہوگا۔ (۴) اگر انسان غیر معروف رجسٹر دیکھے اور وہ اس کا حساب کتاب لیتے ہوں تو دلیل ہے کہ وہ شخص کسی بدعتی یا گمراہی کے کام میں مبتلا ہے اور تحریر شدہ اعمال کے سبب اس کا مواخذہ ہوگا۔

## المحاکاۃ (نقل اتارنا)

(۱) خواب میں انسان کا کسی حیوان یا پرندے کی نقل اتارنا نرم کلامی اور لوگوں کے درمیان صلح و صفائی سے دلوں کو مائل کرنے کی دلیل ہے۔(۲) خواب میں ہاتھ اور انگلیوں سے نقل اتارنا کسی کی عیب گیری اور طعنہ زنی کی علامت ہے۔(۳)' عورتوں یا سوڈانیوں کی نقل اتارنا ترجمان بننے کی علامت ہے۔(۴) بہت زیادہ بیہودہ گوئی سے نقل اتارنا صنعت و پیشہ میں دھوکہ دینے یا لوگوں کی چاپلوسی اور خوشامدی کرنے کی دلیل ہے۔

## المحتسب (محتسب)

(۱) خواب میں محتسب کو دیکھنا عوام کی صلاح و بہبود کی دلیل ہے' کیونکہ محتسب کا عام طور پر لوگوں سے تعلق رہتا ہے۔
(۲) اگر کوئی شخص محتسب کو اچھی حالت میں دیکھے یا اس کے جسم پر عمدہ خوشبو محسوس کرے تو یہ اس کی حُسن سیرت کی دلیل ہے۔(۳) اگر محتسب کو بری حالت میں دیکھے یا اس سے بدبو محسوس کرے یا اس کی آنکھیں آندھی ہوگئی ہوں تو دلیل ہے کہ وہ جس کام میں لگا ہوا ہے اس میں اس کی تدبیر اچھی نہیں ہے' محتسب با ادب لڑکے' استاد اور حاکم کی بھی دلیل ہے۔(۴) اگر محتسب بن گیا ہو تو دلیل ہے اس پر مصیبت کا نزول ہوگا اور وہ اس مصیبت پر اللہ تعالیٰ سے حصولِ ثواب کا طالب ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## محراب

(۱) خواب میں محراب کی تعبیر رئیس یا امام ہے۔(۲) جو دیکھے کہ وہ محراب میں نماز پڑھتا ہے تو یہ خواب اس کے لئے بشارت ہے اگر یہ خواب عورت دیکھے تو تعبیر ہے اس کے ہاں بیٹا ہوگا۔(۳) فقراء کے محراب خواب میں دیکھنا تہجد' اخلاص اور لوگوں سے یکسوئی اور علیحدگی اختیار کرنے کی دلیل ہے۔(۴) اور ٹیڑھے محراب کجروی اور قول وعمل میں لغزش وخطا کھانے پر دلالت کرتا ہے۔محراب رزق حلال اور نیک صالح زوجہ کی بھی دلیل ہے' اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے﴿ كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا ﴾(العمران) یعنی جب بھی زکریا علیہ السلام محراب میں ان کے پاس آتے تو ان کے پاس رزق پاتے۔(۵) اگر مسجد کا محراب قبلہ سے ہٹا ہوا ہو یا وہ بدبودار ہو یا اس کے اندر سڑی ہوئی لاش پڑی ہو تو یہ صاحب خواب کے کفر یا بدعت یا نفاق کی دلیل ہے۔

## المحراک (کریدنی)

(۱) خواب میں آگ حرکت دینے کا آلہ (کریدنی) کی تعبیر فتنہ وآزمائش سے کی جاتی ہے۔

## المحشی (گوشت سے کھال اتارنا)

(۱) خواب میں مچھلی یا مرغ کی کھال اگر گوشت سے اتری ہوئی دیکھے تو مریض کے لئے شفاء کی دلیل ہے۔(۲) اور جس میں چربی ہو تو وہ عورتوں سے حاصل کیا ہوا مال ہے۔

## المحفة (بیمار اٹھانے کی چارپائی' اسٹریچر)

(۱) خواب میں اسٹریچر دیکھنا سفر کی اور ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقلی کی دلیل ہے' اسٹریچر عظیم المرتبت عورت کی بھی دلیل ہے۔

## المحلاج (روئی دھننے کا آلہ)

(۱) خواب میں روئی دھننے کی مشین دیکھنا امر و نہی' حاجت روائی' نیک نسل اور نفع بخش مال ملنے پر دلالت کرتا ہے' غیر شادی شدہ کے لئے شادی کی دلیل ہے۔ نیز ظہورِ حق کی بھی علامت ہے۔(۲) روئی دھننے کا آلہ اور چھوٹی گھنٹیا کی تعبیر ایسے شریکِ کار ہیں جن میں سے ایک منافق اور دوسرا سنگدل ہے' اور وہ دونوں حق و باطل کے درمیان فرق کرتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## المحلب (محلب پودا)

(۱) خواب میں محلب پودا خوشگوار رزق کی علامت ہے۔ (۲) موجود صوالب کا پودا یا اس کی کوئی شاخ ٹہنی اگر دیکھے تو وہ نیک اور خوبصورت فرزند ملنے کی بشارت ہے۔

## محمد ﷺ

حدیث صحیح میں وارد ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جس نے خواب میں مجھے دیکھا وہ عنقریب مجھے بیداری میں دیکھے گا کیونکہ شیطان میری صورت اختیار نہیں کرسکتا (رواہ البخاری)۔ ایک دوسری روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے مجھے دیکھا اس نے حق کو دیکھا' حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے خواب میں مجھے دیکھا وہ جہنم میں داخل نہیں ہوگا۔ اور ایک روایت میں یوں الفاظ ہیں' وہ شخص جہنم میں ہرگز داخل نہیں ہوگا جس نے خواب میں میرا دیدار کیا''۔ اور ایک روایت میں اس طرح آیا ہے۔ جس نے مجھے اپنی خواب میں دیکھا اس نے یقیناً مجھ ہی کو دیکھا ہے۔ شیطان کے لئے میری صورت اختیار کرنا ممکن نہیں ہے۔ اور بھی بہت سی روایات ہیں۔ علماء کے اقوال حدیثِ مذکور کے معنی ومطلب کے متعلق مختلف ہیں' علماء کی ایک جماعت کہتی ہے کہ اس کا مطلب یہ ہے خواب میں نبی ﷺ کو دیکھنا واقعۃً ایسی صورت وشکل میں دیکھنا ہے جو آپ ﷺ کی تھی' ابن سیرینؒ فرماتے ہیں کہ اس کا مطلب آپ ﷺ کو اس صورت میں دیکھنا ہے جس صورت میں آپ ﷺ کی روحِ مبارک قبض ہوئی تھی اس مطلب کی تائید حدیثِ عاصم بن کلیب سے بھی ہوتی ہے مسند حاکم میں اس کے الفاظ سندِ جید کے ساتھ اس طرح آتے ہیں کہ میں نے ابن عباسؓ سے کہا کہ میں نے خواب میں آنحضرت ﷺ کو دیکھا تو انہوں نے فرمایا کہ میرے سامنے آپ ﷺ کا حلیہ بیان کرو چنانچہ میں نے حسن بن علیؓ کا ذکر کیا' یعنی حضور ﷺ کو میں نے ان کے (حضرت حسن کے ساتھ تشبیہ دی تو ابن عباسؓ نے فرمایا تو نے حضور ﷺ ہی کو دیکھا یہ حدیثِ عاصم کے متعارض نہیں ہے وہ حدیث جس میں یہ ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا جس نے مجھے خواب میں دیکھا تحقیق اس نے مجھ ہی کو دیکھا ہے کیونکہ میں ہر صورت میں دیکھا جاتا ہوں' کیونکہ یہ حدیث ضعیف ہے۔ علماء کی دوسری جماعت کہتی ہے کہ یہ بات نہیں ہے ان میں سے ابن العربیؒ بھی ہیں' حاصلِ کلام یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کو ان کی اصلی صورت میں دیکھنا حقیقت کا ادراک ہے اور اس کے علاوہ دیکھنا صورت مثالیہ کا ادراک ہے۔ کیونکہ یہ بات ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام کے اجسام کو زمین متغیر نہیں کرتی ہے' ابن ابی کہتے ہیں کہ حضور ﷺ کو خوبصورت شکل وصورت میں دیکھنا صاحب خواب کے حسن کی دلیل ہے' کیونکہ آنحضرت ﷺ کی ذاتِ مبارکہ صاف شفاف آئینہ کی طرح ہے جو بھی چیز اس کے مقابل آتی ہے اس میں ڈھل جاتی ہے' رسولِ کریم ﷺ کی زیارت کا یہ بہت بڑا فائدہ ہے کیونکہ اس سے صاحبِ خواب کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حال معلوم ہوتا ہے' یہ بات ابنِ حجر الھیثمیؒ نے شمائل ترمذی کی شرح میں ذکر کیا ہے' یہی حال اور تمام انبیاء علیھم السلام کا ہے' کیونکہ شیطان نہ اللہ تعالیٰ کی صورت وشکل اختیار کرسکتا ہے نہ اس کی آیات کی اور نہ انبیاء کی اور نہ ھی فرشتوں کی (۱) جوخواب میں محمد ﷺ کی زیارت کرے تو اس کی پریشانی دور ہوگی اگر قید ہوتو قید خانہ سے رہائی ہوگی' قیمتوں میں ارزانی ہوگی' مظلوم ہوتو مدد ہوگی' خائف ہوتو امن ملے گا' آنحضرت ﷺ کی زیارت صاحبِ خواب کے لئے دین ودنیا میں حسنِ عاقبت کی بشارت ہے۔ (۲) اگر حضور ﷺ کو اپنے پاس تشریف لاتے دیکھے یا نماز میں ان کی اقتداء کرتے دیکھے تو حضور ﷺ اس کو کوئی اچھی چیز کھلائیں گے یا بہترین لباس پہنائیں گے۔ اگر صاحب خواب عالم ہوتو اپنے علم پر عمل کرے گا' عابد وصوفی ہوتو اہل کرامات کے درجات ومراتب کو پہنچے گا اگر خواب دیکھنے والا عاصی وگنہگار ہو تو تائب ہوگا' اگر کافر ہوتو ہدایت ملے گی' اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشادِ پاک ہے ﴿فامنوا باللہ ورسولہ النبی الامّی﴾ (الاعراف)

یعنی سوایسے اللہ اور اس کے نبی امی ﷺ پر ایمان لاؤ' رسول اکرم ﷺ کی زیارت اظہار حجت ودلیل' راست گوئی اور وعدہ کے مطابق عمل کرنے کی علامت ہے' ہوسکتا ہے کہ عزیز واقارب اور اہل کی طرف سے حسد' بغض اور عداوت پیش آئے' یا پھر اپنے اہل واولاد سے جدا ہوگا' کسی دوسرے وطن منتقل ہوگا' یا یتیم ہوگا' حضور اکرم ﷺ کی زیارت کرامات کے ظہور کی بھی دلیل ہے' اس لئے کہ (ایک مرتبہ) ہرن نے حضور ﷺ کو سلام کیا تھا' اونٹ نے آپ ﷺ کے قدم چومے تھے اگر صاحبِ خواب آنکھوں کا معالج ہوتو اس کے کام وپیشہ میں ترقی ہوگی۔ اس لئے کہ آنحضرت ﷺ نے حضرت قتادہؓ کی آنکھ (جوکہ باہر نکل آئی تھی) اپنی جگہ واپس رکھ دی تھی' اگر لوگ پیاسے ہوں تو بارش کا نزول ہوگا' اس لئے کہ حضور ﷺ کی انگلیوں سے پانی کا چشمہ پھوٹ پڑا تھا' اگر یہ خواب عورت دیکھے تو اسے عظیم مرتبہ ملے گا' اور نیک شہرت اور عفت وامانت بھی' یا پھر وہ عورت سوکنوں والی ہوگی اور وہ نیک اولاد سے نوازی جائیں گی۔ اگر وہ عورت مال دار ہے تو وہ مال اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں خرچ کرے گی' حضور علیہ السلام کی خواب میں زیارت کرنا تکلیفوں پر صبر کرنے کی بھی دلیل ہے' یا پھر مسلمانوں کی نصرت ومدد اور کافروں کی ہلاکت وتباہی کی علامت ہے۔ (۲) اگر حضور ﷺ کو خواب میں مقروض دیکھے تو اس کا قرض ادا ہوگا۔ (۳) مریض دیکھے تو شفاء ہوگی' اگر دشمنوں سے لڑنے کی حالت میں دیکھے تو اللہ تعالیٰ اس کی مدد فرمائیں گے۔ (۴) اگر زیارت حضور ﷺ کسی بنجر زمین ہوتو وہ زمین سرسبز ہوجائے گی۔ (۵) جوخواب میں رسول اللہ ﷺ کا جنازہ دیکھے تو اس جگہ پر خوفناک مصیبت پیش آئے گی۔ (۶) اگر آپ ﷺ کے جنازہ کے ہمراہ چلے تو دلیل ہے وہ بدعت کی طرف مائل ہے۔ (۷) اگر خواب میں روضۂ اقدس کی زیارت کرے تو عظیم مال حاصل ہوگا۔ (۸) اگر دیکھے وہ رسول اللہ ﷺ کا بیٹا ہے تو یہ اس کے خلوص ایمان ویقین کی دلیل ہے۔ (۹) جوحضور ﷺ کی صورت وشکل میں متشکل ہوا ہو اور وہ بادشاہت کا طالب بھی ہوتو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بادشاہت حاصل ہوگی اور زمین اس کی فرمانبردار ہوگی' اگر ذلت کا شکار ہے تو اللہ تعالیٰ عزت عطا فرمائیں گے' اگر علم کا طالب ہے تو علم حاصل ہوگا' فقیر ہے تو مستغنی ہوگا' غیر شادی شدہ ہو تو شادی ہوگی' اگر منہدم مکان میں ہو تو حضور ﷺ کی برکت سے تعمیر ہوگی۔ (۱۰) حضور ﷺ کو کسی ایک جگہ پر اذان دیتے ہوئے دیکھے تو دلیل ہے خوشحال ہوگا اور کام کرنے والے زیادہ ہوں گے۔ اگر حاملہ یا اس کا شوہر یہ خواب دیکھے تو دلیل ہے حمل میں لڑکا ہے۔ (۱۱) جو حضور ﷺ کو خوبصورت دیکھے تو یہ صاحب خواب کے دین میں زیادتی و اضافہ ہے جو حضور ﷺ کی داڑھی مبارک سیاہ دیکھے اسے خوشی اور آسودہ حالی حاصل ہوگی۔ (۱۲) اگر آپ ﷺ کی گردن مبارک موٹی دیکھے تو تعبیر ہے وقت کا امام مسلمانوں کے امانت کا محافظ ہے۔ (۱۳) جو آنحضرت ﷺ کو کسی لشکر میں مسلح دیکھے اور وہ لوگ ہنس رہے ہیں تو مسلمانوں کے لشکر کو شکست ہوگی۔ (۱۴) اگر دیکھے کہ حضور ﷺ اپنے سر مبارک اور داڑھی مبارک میں کنگھی فرمارہے ہیں تو یہ زوالِ فکر و غم کی دلیل ہے۔ (۱۵) جو دیکھے کہ حضور ﷺ صحابہ کرامؓ کے درمیان سلسلۂ مواخات قائم فرما رہے ہیں تو اشارہ ہے اسے علم وفقہ نصیب ہوگا۔ (۱۶) تاجر اگر آپ ﷺ کی قبر مبارک دیکھے تو اسے تجارت میں نفع ہوگا اگر دیکھے کہ وہ نبی علیہ السلام کے والد ہے تو یہ اس کے دین کی خرابی اور یقین و ایمان کی کمزوری کی دلیل ہے۔ (۱۷) اگر دیکھے کہ نبی علیہ السلام کی ازواج مطہرات میں سے کوئی زوجہ مطہرہ اس کی والدہ ہے تو تعبیر ہے اس کے ایمان میں اضافہ ہوگا۔ (۱۸) اگر دیکھے کہ وہ نبی علیہ الصلوۃ والسلام کے پیچھے چلتا ہے تو بشارت ہے وہ آپ ﷺ کی سنت کا پیروکار ہے۔ (۱۹) جو دیکھے کہ آپ ﷺ اکیلے کھاتے ہیں تو صاحب خواب سائل کو منع کرتا ہے اور صدقہ خیرات نہیں دیتا۔ (۲۰) اگر دیکھے کہ حضور ﷺ جوتے کے بغیر ہیں تو دلیل ہے صاحب خواب جماعت کے ساتھ نماز کا تارک ہے۔ (۲۱) جو حضور ﷺ کو موزے پہنے ہوئے دیکھے تو اشارہ ہے آپ ﷺ اس کو جہاد فی سبیل اللہ کا حکم دے رہے ہیں۔ (۲۲) جو دیکھے کہ اس کا خون نبی ﷺ کے خون کے ساتھ مخلوط ہے تو شریف لوگوں سے رشتہ دامادی قائم ہوگا۔ (۲۳) اگر حضور ﷺ نے اس کو کوئی پسندیدہ چیز جیسے کھجوریں' شہد وغیرہ عطا کیا ہے تو وہ قرآن حفظ کرے گا اور جس قدر وہ چیز وصول کی ہے اس قدر علم حاصل ہوگا۔ (۲۴) جو آنحضرت ﷺ کو جوان اور دراز قد صورت میں دیکھے تو دلیل ہے لوگوں کے درمیان فتنہ وقتل برپا ہوگا۔ (۲۵) اگر آپ ﷺ کو بہت بوڑھا دیکھے تو تعبیر ہے لوگ عافیت میں ہوں گے۔ (۲۶) اگر حضور ﷺ کو سفید رنگ میں دیکھے تو وہ اللہ تعالیٰ سے توبہ کرے گا اور اپنے عمل اچھے کرے گا۔ (۲۷) اور جو آنحضرت ﷺ کو دیکھے کہ اس کی سرزنش فرما رہے ہیں اور اس سے جھگڑتے ہیں تو اشارہ ہے اس نے دین میں کوئی بدعت ایجاد کی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## المحمل (پالکی)

(۱) پالکی کی تعبیر دیہاتی عورت ہے۔ (۲) خواب میں حاجی کی پالکی دیکھنا خوشی اور حج نصیب ہونے کی بشارت ہے۔

## المخ (ہڈی کا گودا)

(۱) خواب میں مخ کی تعبیر مدفون خزانے اور وراثت میں حاصل شدہ ذخیرے ہیں۔ (۲) جو خواب میں گودے والی ہڈی دیکھے تو یہ اس چیز کی دلیل ہے جو وہ خزانہ جمع کرتا ہے اگر وہ مریض ہو تو شفاء ہوگی اور بیماری سے عافیت ملے گی۔

## المخاط (ناک کی ریزش)

(۱) خواب میں ناک کی ریزش رینٹ کی تعبیر ولد ہے۔ (۲) اگر دیکھے کہ اس نے ناک صاف کیا تو دلیل ہے اس کی بیوی بیٹی جنے گی۔ (۳) اگر کسی شخص کے گھر میں ناک صاف کیا ہے تو اس گھر سے شادی کرے گا' بعض کہتے ہیں کہ جو دیکھے کہ اس نے ناک صاف کیا ہے تو وہ اپنا قرض ادا کرے گا یا کسی قوم کی لغزش سے درگزر کرے گا۔ (۴) اگر اپنے رومال میں ناک صاف کیا ہے تو وہ اپنے خادم سے خیانت کرے گا۔ (۵) اگر اپنی ناک میں ریزش (رینٹ) دیکھے تو دلیل ہے اس کی بیوی حاملہ ہے۔ (۶) خواب دیکھا کہ اس نے ناک صاف کیا تو ناک سے جانور یا پرندہ نکلا ہے تو باندی سے فرزند حاصل ہوگا۔ (۷) اگر ناک سے بلی نکلی ہے تو یہ چور فرزند کی دلیل ہے۔ (۸) اگر کبوتری نکلی ہے تو یہ دیوانی لڑکی سے معبّر ہے اور ناک کی ریزش کسی مرض پر یا نزلہ وغیرہ پر تنبیہ ہے۔

## المخدع (چھوٹا کمرہ)

(۱) خواب میں بڑے گھر کے اندر چھوٹا کمرہ دیکھنا دوسروں کو دھوکہ دینے کی علامت ہے' یا دوسروں کو غلبہ کے خوف سے اپنے کلام کے ساتھ دھوکہ دینے کی دلیل ہے' یا دوسروں کو غلبہ کے خوف سے اپنے کلام کے ساتھ دھوکہ دینا ہے۔ (۲) چھوٹا کمرہ پیٹ اور باطن کی اچھی اور بری صفت پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) اگر اپنے گھر میں چھوٹا کمرہ دیکھے جس کی وہ دیکھ بھال نہیں کرتا ہے تو اس کی توقعات اور نیتوں کی تجدید ہوگی۔

## المخدہ (سرہانہ)

خواب میں سرہانہ زوج' محفوظ مال' راز دار عورت اور تعب وتکاں سے راحت حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

## المخلب (جانور کا پنجہ)

(۱) خواب میں جانور کا پنجہ مقابل کے لئے نصرت کی دلیل جیسے پرندے کا پنجہ ڈھال اور حفاظت کی چیزوں کی دلیل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوتا ہے۔

## المخلل (اچار)

(۱) خواب میں اچار دیکھنا دین سے مرتد ہونے یا برے لوگوں کے اخلاق و عادات اپنانے یا اسراف کرنے یا عہد شکنی کرنے کی دلیل ہے۔

## المخنقة (گلے کی ہار)

(۱) خواب میں گلہ کا ہار اور مالا کی تعبیر عورت کی زینت و آرائش ہے۔ (۲) اگر گلے کے ہار سے موتی، زمرد اور جواھرات الگ کیے گئے ہوں تو وہ عورت بلند شان والے مرد سے شادی کرے گی اور اس کے ہاں بیٹے ہوں گے۔ (۳) اگر وہ ہار پیتل کا ہو تو وہ غیر عرب شخص سے شادی کی علامت ہے' اگر وہ ہار گھونگھے کا ہو تو وہ خسیس آدمی ہے' گلے کی ہار مردوں کے لئے مرض خناق میں مبتلا ہونے کی دلیل ہو سکتا ہے۔

## المد (مد پیمانہ)

(۱) مد اور صاع (خاص پیمانے) دونوں کی تعبیر طہارت ہے' اس لئے کہ نبی کریم ﷺ ایک مد مقدار پانی سے وضو اور ایک صاع مقدار پانی سے غسل فرماتے تھے۔

## المداد (سیاہی)

(۱) سیاہی کی تعبیر رفعت و بلندی اور کرامت و عزت ہے' سیاہی سیادت اور لکھائی قوت ہے۔

## المداھنة (خاطر مدارت کرنا)

(۱) خواب میں کسی کے ساتھ مدارت کا معاملہ کرنا ایثار و قربانی اور نیکی و صدقہ ہے' حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ مؤمن کی مدارت اس کی آبرو کی طرف سے صدقہ ہے۔

## المدبغة (چمڑا دباغت دینے کی جگہ)

(۱) جو تعبیر کھال اتارنے کی جگہ کی ہے وہی چمڑا صاف کرنے کے کارخانہ کی ہے' کیونکہ ان جگہوں میں گندا پانی' گندی غلیظ اشیاء اور اتری ہوئی کھالیں ہوتی ہیں۔ دباغت کی جگہ علم کے مرکز اور خانقاہ کی بھی دلیل ہے اسی طرح ان جگہوں پر دلالت کرتا ہے جہاں نفوس کا تزکیہ اور تہذیب کی تعلیم دی جاتی ہے' چمڑا صاف کرنے کی جگہ بہت زیادہ محنتی عورت کی بھی دلیل ہے جو تکلیفوں پر صبر کرنے والی ہو' یا باندی کی دلیل ہے' دباغت کی جگہ سخت لڑنے والی بداخلاق

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عورت یا ایسی گندی عورت پر دلالت کرتا ہے جو گندگیوں سے اجتناب نہیں کرتی' دباغت کی جگہ مال و دولت کی بھی دلیل ہوسکتی ہے۔

## مدراۃ المرکب (سواری پر کنگھی نما نشان)

(۱) خواب میں اس کو دیکھنا علم اور صحیح مستند کی دلیل ہے۔

### مدرسۃ

(۱) مدرسہ کی تعبیر مدرسہ کے مدرس اور اس کے علماء فقہاء مسلک ہے جس کی اس میں تعلیم دی جاتی ہے' یا مدرسہ کے بانی ہے۔ مدرسہ بیویوں کو طلاق دینے اور پھر اس سے رجوع کرنے کی بھی دلیل ہے یا مدرسہ کے حدود کے قیام' خرید و فروخت اور حرمت کی دلیل ہے' نیز فتنہ انگیزی کی بھی علامت ہے۔

## المدری (دیہاتی)

(۱) خواب میں دیہاتی دیکھنا علم و بیان کی دلیل ہے' یا اس کا دیکھنا فکر و تکلیف دانتوں کی بیماری اور سینہ کی تنگی پر دلالت کرتا ہے۔

## المدینۃ (شہر)

(۱) خواب میں شہروں میں سے کسی شہر میں داخل ہونا بے خوف ہونے کی دلیل ہے۔ ابن سیرینؒ شہر میں داخلہ کو پسند کرتے تھے اور خروج کو ناپسند کرتے تھے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ ﴿فَخَرَجَ مِنهَا خَائِفاً يَتَرَقَّبُ قَالَ رَبِّ نَجِّنِي مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِيْن﴾ (القصص ۲۱) ''یعنی پس موسیٰ وہاں سے نکل گئے اور وحشت کی حالت میں اور یہ کہنے لگے کہ اے میرے پروردگار مجھ کو ان ظالم لوگوں سے بچا لیجئے'' بعض کہتے ہیں کہ شہر کی تعبیر عالم آدمی سے بھی کی جاتی ہے' کیوں کہ حضور ﷺ کا ارشاد ہے (انا مدینۃ العلم وعلی بابها) ''میں علم کا شہر ہوں اور علیؓ اس کے دروازہ ہیں''۔ (۲) خواب میں شہر میں داخل ہو کر اسکو ویران دیکھنا اس شہر سے علماء کے ناپید ہونے کی دلیل ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ شہر اس شہر کے حاکم کی موت ہے یا اس کا اس شہر میں ظلم کرنا ہے۔ (۳) خواب میں کسی بھی شہر کو حاکم کے بغیر دیکھنا غلہ کے مہنگا ہونے کی دلیل ہے۔ (۴) معلوم و معروف شہر کی تعبیر دنیا ہے۔ (۵) اور نا معلوم شہر کی تعبیر آخرت ہے۔ (۶) خواب میں شہر کو منہدم دیکھنا اس کے اہلیان کے دین و مذہب ختم ہونے پر دلالت کرتا ہے' اور انسان کا وہ شہر جس کی طرف وہ منسوب ہے اس کے والد کی دلیل ہے۔ (۷) جو دیکھے کہ شہر زلزلوں سے ویران ہوا ہے تو اسکے والد مقتول ہوں گے۔ (۸) اور جو دیکھے کہ شہر صعید میں ہے تو اس کی زندگی تنگ ہوگی اور محروم ہوگا یا اس کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



امانت زیادہ ہوگی۔(۹) خواب میں خود کو کسی شہر میں دیکھنا نعمت سے نوازے جانے کی دلیل ہے۔(۱۰) جو دیکھے کہ وہ حبشہ کے شہر و علاقہ میں ہے تو دلیل ہے ہیبت و رعب کم ہوگا۔(۱۱) جو دیکھے کہ وہ مصر میں ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی زندگی خوشگوار اور اچھی بنا دیں گے اور اس کی عمر طویل فرما دیں گے۔(۱۲) جو دیکھے کہ وہ عرش کے شہر و ملک میں ہے تو یہ کثرتِ خیر کی دلیل ہے۔(۱۳) جو دیکھے کہ وہ قسطنطنیہ میں ہے تو یہ مالی خسارہ کی علامت ہے۔(۱۴) اور جو دیکھے کہ وہ قدس کے علاقہ اور طورِ سینا کے پہاڑ میں ہے خوشحالی ہوگی' تو سختی زیادہ ہوگی مگر دین میں قوت آئے گی۔(۱۵) جو دیکھے کہ وہ بلادِ مشرق میں ہے تو اسے خیر حاصل ہوگی۔(۱۶) اور جو دیکھے اس نے بغداد کو سامنے سے دیکھا ہے تو وہ حاکم کے پاس آئے گا' کیونکہ بغداد امام کا گھر ہے اور جو دیکھے کہ وہ اردن میں ہے تو سفر یا ذلت ہوگی۔(۱۷) جو خود کو دمشق میں دیکھے تو اللہ تعالیٰ اس کو رزق عطا فرمائیں گے۔(۱۸) جو اپنے آپ کو خواب میں بلادِ روم میں دیکھے تو وہ اللہ تعالیٰ پر اعتماد و بھروسہ کرنے والا ہے' بلادِ ارمن کی بھی یہی تعبیر ہے۔(۱۹) جو دیکھے کہ وہ انگریزوں کے علاقہ یا ملک میں ہے تو دلیل ہے بصیرت ختم ہوگی۔(۲۰) جو دیکھے کہ وہ بلادِ عجم میں ہے تو بے حیائی سیکھے گا۔(۲۱) اور جو خود کو بلادِ ھند میں دیکھے تو دشمن پر غلبہ اور حاسدین پر کامیابی ملے گی (۲۲) جو دیکھے کہ وہ ویران و بے آباد جگہ میں ہے تو ایسی قوم کے ساتھ مبتلا ہوگا جن کے ساتھ مقابلہ کی اس میں طاقت نہیں ہوگی۔(۲۳) جو دیکھے کہ وہ نمک کی کان میں یا گندھک کی جگہ میں ہے' تو وہ بیمار ہوگا کہ بلد (شہر) قصبہ کی بھی دلیل ہے' جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ﴿لَا أُقْسِمُ بِهَٰذَا الْبَلَدِ﴾ (البلد) یعنی میں اس شہر کی قسم کھاتا ہوں' شہر خوف سے امن کی دلیل ہے۔(۲۴) خواب میں شہر دیکھنا توبہ و مغفرت کی بھی علامت ہے' اقلیم دیکھنا اس کے والی و حاکم و سلطان یا اس کے عالم کی دلیل ہے۔(۲۵) اگر خواب میں انسان شہر کا مالک ہوا ہو تو ملک و ولایت حاصل ہوگی' اگر غیر شادی شدہ ہے تو شادی ہوگی' بیمار ہے تو تندرست ہوگی' فاسق ہے تو تائب ہوگا' گمراہ ہے تو ہدایت ملے گی۔(۲۶) اگر خواب میں کوئی مردہ کسی شہر میں دیکھا گیا ہے تو ممکن ہے کہ وہ مردہ جنت میں ہو' جیسا کہ اگر مردہ کسی دیہات میں دیکھا جائے تو یہ اس کے جہنم میں ہونے کی دلیل ہوتا ہے' کیونکہ دیہاتی لوگ تعب و شقاوت کا شکار ہوتے ہیں۔(۲۷) اگر کسی شہر کا اچھا نام ہو جیسے شہر صنعاء تو یہ صنعت کاری کی دلیل ہے' یا شہر ظفار دشمن پر ظفریابی کی علامت ہے' اور شہر سر سرور کی دلیل ہے۔(۲۸) اگر باغیہ شہر سے نکلا ہے تو ظلم و جور چھوڑے گا۔(۲۹) مشہور شہر کے دروازے اس شہر کے حکام متولی اور پہرے داروں پر دلالت کرتے ہیں۔(۳۰) جو دیکھے کہ وہ کسی نامعلوم شہر میں ہے تو یہ نیک لوگوں کی علامت ہے۔(۳۱) جو خواب میں شہر کی فصیل گری ہوئی دیکھے تو اس کا گورنر وفات پائے گا یا اپنے عہدے سے معزول ہوگا۔(۳۲) خواب دیکھا گویا کہ شہر کی فصیل میں رخنہ اور شگاف پڑ گیا ہے حتی کہ پھر اس شہر میں شیر یا سیلاب یا چور ڈاکو داخل ہو گئے ہیں تو اس شہر میں اسلام کا حکم کمزور ہوگا یا علم کا بازار ویران اور اجڑے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## مدینہ منورہ

(۱) جو خواب میں مدینہ منورہ دیکھے اور اس میں جائے تو یہ دین و دنیا کی بھلائیاں حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ (۱) جو دیکھے کہ وہ باب الحرم باب الحجرۃ کے پاس کھڑا ہے تو یہ اس کی توبہ و مغفرت کی بشارت ہے بعض کہتے ہیں کہ مدینہ منورہ کو دیکھنا ان وجوہات کی نشاندہی کرتا ہے امن، مغفرت، رحمت، نجات، فکر و غم کے زوال اور خوشگوار زندگی۔

## مذلة (حقیر و ذلیل ہونا)

(۱) خواب میں ذلت و حقارت کا علماء یا مجاہدین کے متعلق ظہور دین و اسلام کی کمزوری اور کافروں کی قوت و طاقت کی زیادتی پر دلالت کرتا ہے۔

## المذّهب (سونے کو ملمع کرنے والا)

(۱) خواب میں اس کو دیکھنا گھروں کی تزئین و آرائش کرنے والے اور کلام کو خوبصورت بنانے والے کو دیکھنے کی دلیل ہے۔ یا پھر لہو لعب اور فسق و فجور کی جگہوں پر دلیل ہے۔

## مذی (مباشرت سے پہلے والے قطرات)

(۱) خواب میں مذی کی تعبیر منی کی تعبیر جیسی ہے، یعنی مال یا راحت یا مالی تفریط، راز کا افشاء یا اولاد کی موت یا زوجہ کو ترک کرنا ہے، اور مذی کی تعبیر وہ مال بھی ہے جس کے آسانی کے ساتھ بڑھنے کی دلیل ہے یا باقی نہ رہنے والے مال کی دلیل ہے۔

## المرار (صفراء کا غلبہ ہونا)

اس کی تعبیر خیر کا حصول ہے۔

## المرارة (پتّا)

(۱) کسی نے خواب دیکھا گویا کہ اس نے اپنے دانتوں سے کسی انسان کا پتا کاٹا ہے جس سے وہ مر گیا ہے تو دلیل ہے کاٹنے والا اس سے کینہ و حسد رکھتا ہے۔ (۲) اگر کاٹنے پر اس کا خون نکلا ہو اور کاٹنے والے نے اس خون کو پیا ہو تو وہ شرارت اور جہالت کے سبب اس کو مال حلال سمجھتا ہے، پتا غضب و غصہ، لذت اور ہنسنے پر دلالت کرتا ہے۔ نیز انسان کا پتا اس کا راز دار ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## المراسلة (خط وکتابت)

(۱) خواب میں جنگ کے دوگروہوں کے مابین خط وکتابت اجل کے قریب ہونے، فتنہ کی آگ بجھنے، اتباع حق، مریض کی موت یا مظلوم کی مدد کی علامت ہے۔ (۲) اگر کوئی شخص خواب میں قاصد بن گیا ہے، تو یہ اس کے مقام ومرتبہ کے بلند ہونے کی بشارت ہے۔

## المراة (عورت)

(۱) خواب میں خوبصورت عورت خیر وراحت کے ساتھ آنے والا سال کی علامت ہے، عورت صندوق، خزانہ یا قید خانہ اور شراکت دار پر بھی دلالت کرتی ہے، اس لئے کہ یہ چیزیں مال ولذت میں انسان کے شریک ہیں، عورت کی تعبیر پھلدار درخت اور اس کی سواری اور بیٹھنے کی جگہ سے بھی کی جاتی ہے۔ (۲) خواب میں خوبصورت عورت کو گھر میں داخل ہوتے دیکھنا سرور اور خوشی نصیب ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) اور خوبرو عورت کی تعبیر عارضی مال ودولت ہے۔ (۴) خواب میں نامعلوم عربی نوجوان اور مزین عورت کی تعبیر وصفِ خیر کی کثرت سے کی جاتی ہے۔ (۵) موٹی عورت سال کی خوشحالی اور لاغر عورت خشک سالی ہے۔ (۶) عربی اور نامعلوم عورتیں تعبیر کے لحاظ سے افضل ہیں۔ (۷) اگر عورت خواب میں جوان عورت دیکھے تو وہ اس کی دشمن ہے۔ (۸) اور بوڑھی عورت کی تعبیر دنیا ہے۔ (۹) جو عورت کو دیکھے کہ وہ لوگوں کو اللہ کے لئے حکم دیتی ہے اور منع کرتی ہے۔ تو وہ دین کا اچھا حکم ہے۔ (۱۰) جو شخص خواب میں آزاد سیاہ فام عورت دیکھے تو اس میں کوئی خیر نہیں ہے مگر یہ کہ وہ عورت باندی ہو۔ (۱۱) جو دیکھے کہ عورت کی بیع ہورہی ہے تو اس کی قوت زوال پزیر ہوگی پھر حالت درست ہو جائے گی۔ (۱۲) جو دیکھے کہ اس کی بیوی نے اسے اُٹھایا ہوا ہو تو اس شخص کو کوئی عیب لگے گا، بعض کہتے ہیں کہ مالداری حاصل ہوگی۔ (۱۳) جو دیکھے کہ اس نے عورت کو قتل کیا ہے تو اس کے مال کا ایک حصہ جاتا رہے گا۔ (۱۴) اور جو دیکھے کہ اس کی بیوی کسی دوسرے کو ہدیہ بھیجتی ہے کسی اور خاوند کی بیوی دیکھے تو اس کا دین ختم ہوگا۔

## المِرآة (شیشہ)

خواب میں شیشہ غرور تکبر کی علامت ہے۔ بعض کہتے ہیں شیشے کی تعبیر عورت ہے۔ (۲) جو دیکھے کہ اس نے شیشہ میں اپنی داڑھی سیاہ دیکھی حالانکہ اس کی داڑھی بیداری میں سیاہ نہیں ہے تو وہ لوگوں کی نظر میں مکرم ومحترم ہوگا اور دنیا کے معاملہ میں اس کی جاہ ومنزلت کی تشہیر ہوگی مگر دینی لحاظ سے مشہور نہیں ہوگا شیشہ میں دیکھنا شادی کی علامت ہے، اگر اس کی بیوی غائب ہو تو اس کے پاس آجائیگی اگر وہ سلطان ہو تو معزول ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ شیشہ آدمی کا مقام ومرتبہ پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۳) چاندی کا شیشہ دیکھنا جاہ ومنزلت کے ختم ہونے کی نشانی ہے۔ (۴) اگر خواب میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شیشہ ٹوٹ گیا ہے تو اس کی بیوی وفات پائے گی۔ (۵) اگر صاف شیشہ دیکھے تو اس کی پریشانیاں دور ہوں گی۔ (۶) زنگ آلود شیشہ آدمی کی بری حالت کی علامت ہے۔ (۷) اگر شیشہ میں کھوٹ ہو تو وہ ایک بڑی پریشانی میں ہے۔ (۸) اور جو دیکھے کہ وہ شیشہ میں دیکھتا ہے تو اشارہ ہے اللہ تعالیٰ اس سے ناراض ہیں' وہ اللہ تعالیٰ کا ہر حال میں نافرمان ہے۔ (۹) سونے کا شیشہ دینی قوت' محتاجی کے بعد استغناء اور عزت کے بعد متولی ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۰) خواب میں مریض اگر شیشہ میں دیکھے تو یہ اس کی موت کی دلیل ہے۔ شیشہ سفر اور حمل کی بھی دلیل ہے۔ اور اس میں دیکھی ہوئی شے کی تعبیر اس چیز کے اعتبار سے ہوگی۔ (۱۱) چنانچہ شیشہ میں دیکھی جانے والی چیز عورت' تو اس کے ہاں لڑکی ہوگی۔ (۱۲) اگر وہ منظور چیز مرد ہو تو اس کے ہاں نرینہ اولاد ہوگی۔ (۱۳) اگر آدمی شیشہ میں اپنی شکل کے سوا کوئی اور صورت دیکھے تو یہ مالی یا عقلی نقصان ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۴) اگر خواب میں خود کو عورت پائے تو بیٹی عطا ہوگی اور شادی کرے گا یا باندی خریدے گا۔ (۱۵) اگر قیدی اپنا چہرہ شیشہ میں دیکھے تو قید خانہ سے رہائی ہونے کی خوشخبری ہے۔ (۱۶) اور جو دیکھے وہ خود شیشہ بن گیا ہے' تو اسے اپنی عزت و وجاہت کے متعلق ناگوار صورتِ حال پیش آئے گی۔

## المرو (چراگاہ)

(۱) خواب میں چراگاہ کی تعبیر بلا تعب حاصل ہونے والا رزق ہے یا کم محنت زوجہ ہے یا علامت ہے صدقہ جاریہ ہے چراگاہ حقیقت میں دنیا' اس کا مال اور زینت و آرائش ہے' نیز اسلام کی بھی دلیل ہے۔ (۲) جو دیکھے کہ وہ چراگاہ میں ہے اور وہ فقیر ہے تو مستغنی ہوگا' مالدار ہو تو مالداری میں اضافہ ہوگا' اگر دنیا سے بے رغبت ہے تو دنیا کی رغبت ہوگی۔ (۳) اگر ایک چراگاہ سے دوسری چراگاہ منتقل ہوا ہے تو دلیل ہے دنیا کی طلب میں سفر کرے گا اور ایک بازار سے دوسرے بازار اور ایک صنعت سے دوسری صنعت کی طرف منتقل ہوگا۔

## المرجان (مونگا)

(۱) خواب میں مونگا مال کثیر اور حسین و سرخی مائل سفید رنگ کی باندی ہے۔

## المرجل (دیگچی)

(۱) دیگچی کی تعبیر عیسائیوں کی نسل میں سے گھر کا سربراہ اور منتظم ہے۔ (۲) تانبے کی دیگچی کی تعبیر یہودیوں کی نسل میں سب سے زیادہ طاقتور اور مالدار شخص ہے دیگچی کی تعبیر وہ متولی ہے جس کے ہاتھ سے مشکل اور دشوار کام سرانجام پاتے ہیں جیسے بادشاہ اور اس کی رعایا کے مابین رابطہ کرانے والا شخص۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## المرجوحة (جھولا)

(۱) جو خواب میں دیکھے کہ وہ جھولے میں سوار ہے تو وہ دینی اعتبار سے گمراہی میں ہے اور اسے معلوم نہیں ہے کہ وہ کیا کر رہا ہے۔

## المرحاض (بیت الخلا)

(۱) بیت الخلاء کی تعبیر گھر کے افراد کی کشادہ حالی اور ان کی شدتِ حال ہے یا اس زوجہ کی دلیل ہے جس کے ساتھ اس کا زوج خلوت کرتا ہے یا اس کی دلالت خفیہ بھیدوں اور موافقت کرنے والی خادمہ پر ہوتی ہے۔ (۲) بیت الخلاء میں قے کرنا مالِ حرام ہے' اگر اس کی بو ظاہر نہ ہو تو دلیل ہے اس کی بیوی حسن معاشرت رکھتی ہے' اس کی نظافت اس عورت کی صلاح و بہبود کی طرف اشارہ ہے۔ (۳) اگر بیت الخلاء گندگی سے بھرا ہو تو دلیل ہے وہ بیوی نافرمان ہے۔ (۴) اگر وہ بدبودار ہے تو تعبیر ہے وہ عورت زبان دراز ہے اور وہ زبان درازی میں شہرت پائے گی۔ (۵) اور کنوئیں کا گہرا ہونا' اس عورت کا اپنے امور بجالانا ہے۔ اگر کنواں بھرا ہوا ہو' تو اس کی بیوی حاملہ ہے۔

## المرخم (سنگِ مرمر لگانے والا)

(۱) خواب میں اس کو دیکھنا چٹائی بُننے والا یا ریشم بننے والا یا بچھونے بنانے والا ہے' اسی طرح اس کو دیکھنا عزت ورفعت اور الفت ومحبت کی دلیل ہے۔

## المرزنجوش (مرزنگوش' ایک خوشبودار بوٹی)

(۱) مرزنگوش بوٹی کو خواب میں جو سونگھے اس کو اس سال جسمانی صحت حاصل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) زمین اگر مرزنگوش بوٹی لائی ہے تو اس کے ہاں صحت مند لڑکا پیدا ہوگا۔ (۳) اگر عورت دیکھے کہ وہ مرزنگوش بوٹی سونگھتی ہے تو دلیل ہے اس کے ہاں مومن لڑکا پیدا ہوگا۔ مرزنگوش شادی کرنے کی بھی دلیل ہے۔

## المرض (بیماری)

(۱) خواب میں بیماری نفاق کی علامت ہے' کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللَّهُ مَرَضًا﴾ (البقرة) یعنی ان کے دلوں میں بیماری ہے پس اللہ نے ان کی بیماری بڑھادی۔ (۲) جو دیکھے کہ وہ مریض ہے تو اس کے دین میں نقص وکمی آئے گی اور جسم تندرست ہوگا۔ (۳) اور جو دیکھے کہ اس کی بیوی بیمار ہے تو اس کے دین میں نقص آئے گا اور جسم تندرست ہوگا۔ (۴) مریض اگر دیکھے کہ وہ اونٹ یا خنزیر یا بیل پر سوار ہے اس کے متعلق موت کا خدشہ ہے۔ (۵) بیمار بچہ اگر خواب میں بیماری سے شفاء پائے تو وہ فوت ہوگا۔ (۶) خواب میں خود کو بیمار دیکھنا دشمنوں پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



غالب آنے اور عظیم مال حاصل ہونے اور عمر طویل ہونے کی بشارت ہے' اور خوشیاں حاصل ہونے کی نوید ہے۔ (۷) اور شدت میں مبتلا شخص خواب میں خود کو مریض دیکھے تو مرض سے نجات پائے گا۔ (۸) مریض اگر دیکھے کہ اس نے غلام آزاد کیا ہے تو وہ وفات پائے گا اس لئے کہ میت کسی چیز کا مالک نہیں ہوتا۔ (۹) اگر خواب میں کسی نامعلوم شخص کو مریض دیکھے تو مرض صاحب خواب کی طرف لوٹے گا' مرض عشق کی اور عشق مرض کی دلیل ہے' نیز مرض انفاق کا توبہ و دعا اور عاجزی کے اظہار کی دلیل ہے' بعض کہتے ہیں کہ جو خود کو مریض دیکھے تو اسے صحت ملے گی۔ (۱۰) جو دیکھے کہ اس کے دو بیٹے بیمار ہوئے ہیں تو اس کی آنکھیں دکھیں گی۔ (۱۱) جو دیکھے کہ اس کے والد بیمار ہیں تو صاحبِ خواب دردِ سر میں مبتلا ہوگا' کیونکہ سر کی تعبیر باپ ہے۔ (۱۲) اور جو دیکھے کہ وہ مریض ہے تو دلیل ہے وہ بہت زیادہ فساد اور خرابی والا ہے' بعض کہتے ہیں کہ جو خود کو مریض دیکھے کہ اس کا مرض طویل ہو گیا ہے اور اس کے گناہ جھڑ گئے ہیں تو وہ وفات پائے گا' بعض کہتے ہیں کہ مرض فکر و غم کی دلیل ہے جو اسے بقدرِ مرض پہنچے گا۔ (۱۳) جو دیکھے کہ سلطانِ وقت بیمار ہے تو اشارہ ہے وہ دینی مرض میں مبتلا ہے ورنہ وہ اسی سال وفات پا جائے گا۔ (۱۴) مرد کا بیمار ہونا اپنی بیوی سے الگ ہونے اور علماء کا بیمار ہونا دین کے کمزور ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۵) ادب سکھانے والے کا بیمار ہونا اس کے بچوں کا متفرق و منتشر ہونا ہے۔ (۱۵) بچہ کا بیمار ہونا اس کے والدین کا فکر و غم میں مبتلا ہونا ہے' جس مرض میں موت کی تمنا کی جائے وہ کشادہ حالی کی دلیل ہے۔ اور لوگوں میں پھیلی عام بیماری قحط سالی اور کساد بازاری کی دلیل ہے۔

## مرض الثعلب (بال جھڑے کی بیماری)

(۱) خواب میں بال جھڑنے کا مرض زوالِ منصب کی دلیل ہے۔

## مرض الفیل (پاؤں سوجے کی بیماری)

اس کی تعبیر دنیا کی محبت ہے۔

## المرقّع (پیوندکار)

(۱) خواب میں بوسیدہ پرانے کپڑوں کی پیوند کاری کرنے والا شخص دیکھنا مداہنت اور احوال کے سدھرنے کی دلیل ہے' یا پھر دائمی فقر کی علامت ہے۔

## المروحۃ (پنکھا)

(۱) خواب میں پنکھا راحت و سکون اور مشکلات سے نجات کی دلیل ہے۔ اور فقر کے بعد مالداری کی بھی علامت ہے خصوصاً جب پنکھا یمنی ہو' پنکھا زوجہ اور ولد پر بھی دلالت کرتا ہے' اگر پنکھا کھجور کے درخت کے پتوں کا ہو تو یہ سفر سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حاصل شدہ مال کی علامت ہے' پنکھا ایک ایسا آدمی ہے لوگ جس سے راحت پاتے ہیں۔

## المروِّض (سائس)

(۱) خواب میں سائس کی تعبیر امور کا متولی ہے۔

## المرئی (کھانے پینے کی نالی)

اس کی تعبیر شکست و مرض ہے۔

## المریخ (مریخ ستارہ)

(۱) خواب میں مریخ شور و تکالیف' خونریزی اور خوف کی دلیل ہے۔(۲) اگر مریخ کو نیچے اترنے اور منحوس یا آتش زدہ دیکھے تو یہ آتشزدگی' تلوار ظلم و جور قفلوں کا کھلنا یا عورتوں کی طلاق یا منزلوں کا گرنا ہے' مریخ کی دلالت بادشاہ کی لڑائی کا کمانڈر اور اس کے لشکر کا ذمہ دار ہے۔

## المزبلة (کوڑا خانہ)

(۱) کوڑا خانہ کی تعبیر دنیا ہے' اور گوبر لید وغیرہ مال پر دلالت کرتے ہیں۔(۲) چنانچہ جو شخص خود کو کوڑے خانہ پر دیکھے یا اس کو خریدے یا اس کا وارث بنے اور وہ مریض یا خائف ہو تو نجات ہوگی' یا فقر کے بعد مستغنی ہوگا۔ یا پھر وارثت حاصل ہوگی' اگر غیر شادی شدہ ہے تو شادی ہوگی' بادشاہ کے لئے کوڑا خانہ اس کا بیت المال ہے۔(۲) اگر کوڑے خانہ کے اوپر برہنہ ہوا ہے اور وہ والی ہے تو معزول ہوگا' مریض ہے تو وفات پائے گا' مال دار ہے تو فقیر و زاھد ہوگا۔

## مزدلفہ

(۱) جو شخص خود کو مقامِ مزدلفہ میں دیکھے تو دلیل ہے اس کی نیک کام میں سعی کرنے کے سبب اچھی تعریف ہوگی . یا جو قرض یا وعدہ وغیرہ ہو وہ پورا ہوگا۔

## المزراق (نیزہ چھوٹا)

(۱) خواب میں چھوٹے نیزے میں اگر ہتھیار یا لوہا لگا ہوا ہو تو وہ قوت و سلطنت کی دلیل ہے۔ وگرنہ وہ طاقتور سخت لڑکا یا نفع بخش تجارت کی علامت ہے' چھوٹا نیزہ اگر فقیر دیکھے تو وہ مستغنی ہوگا' مالدار دیکھے تو مالداری میں اضافہ ہوگا' سلطان دیکھے تو اس کی سلطنت قوی ہوگی اور اسے دشمنوں پر فتح حاصل ہوگی' خنجر اور برچھی کی بھی یہی تعبیر ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## المزمار (بانسری)

(۱) خواب میں بانسری وغیرہ لہو ولعب اور فتنہ انگیزی کی دلیل ہے' یا فرحتوں اور مسرتوں کی علامت ہے۔ (۲) جو شخص اپنے پاس بانسری دیکھے اور وہ شخص اہل قرأت میں سے ہو تو اسے قراء میں مقام حاصل ہوگا' اس لئے کہ حضور ﷺ نے حضرت ابی موسیٰؓ کے شان میں فرمایا کہ انہیں داؤدؑ جیسا خوش الحانی عطا کیا گیا ہے' بانسری کی تعبیر نوحہ یا عورت بھی ہے۔ (۳) جو دیکھے کہ بادشاہ نے اس کو بانسری دی ہے تو اگر حکومت کا اہل ہے تو ولایت ملے گی۔ اور اگر اس کا اہل نہ ہو تو فرحت حاصل ہوگی۔ (۴) اور جو دیکھے کہ وہ بانسری بجاتا ہے تو دلیل ہے وہ قرآن اور اس کے معانی سیکھتا ہے اور اچھی قراءت کرتا ہے۔ (۵) اور جو دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں سونے کی بانسری ہے تو اگر وہ حکیم ہے تو اس کی حکمت منتشر ہوگی' اور یہ خواب مریض کے لئے اس کی موت کی علامت ہے اور اولاد کے طالب کے لئے اولاد کی دلیل ہے۔

## المسابقه (مقابلہ)

(۱) خواب میں دوڑ کا مقابلہ لہو ولعب میں تیز حرکات کرنے یا سفر کرنے کی دلیل ہے۔ (۲) اگر صاحبِ خواب مریض ہے تو وفات ہوگی' فقیر ہے تو مستغنی ہوگا' کوئی گھر سے غائب ہو تو اس کی سفر سے واپسی ہوگی' اور جانوروں کے ساتھ مقابلہ کرنا ناجائز کام کا ارتکاب کرنے اور لوگوں کے درمیان فتنوں کے پھیلنے کی دلیل ہے۔

## المسّاح (پیمائش کرنے والا)

(۱) خواب میں زمین کی پیمائش کرنے والے کی تعبیر وہ شخص ہے جو لوگوں کے احوال سے باخبر نہیں ہے مگر ان کے احوال کا جائزہ لیتا ہے۔ (۲) اگر دیکھے کہ اس نے زراعت والی زمین کی پیمائش کی ہے تو وہ صالحین کے احوال تلاش کرتا ہے۔ (۳) اگر انگوروں کی بیل کی پیمائش کرتا ہے تو وہ کسی عورت کے معاملہ کی تلاش میں ہے۔ (۴) اگر درختوں والی زمین کی پیمائش کی ہے تو وہ دیندار لوگوں کے حالات کا جائزہ لیتا ہے۔ (۵) اگر سڑک کی پیمائش کی ہے تو دلیل وہ سفر کرے گا۔ اگر وہ حج کے راستہ میں ہے تو حج کرے گا۔ (۶) اگر جنگل بیابان کی پیمائش کی ہے۔ تو غم سے نجات ہوگی' اگر سرسبز زمین کی پیمائش کی ہے جس کے مالک کو نہیں پہچانتا ہے تو وہ عبادتگزار بنے گا' اگر کسی انسان کے گھر کی پیمائش کی ہے تو اس انسان کے احوال کو معلوم کرے گا۔

## المساقاة (آب پاشی)

(۱) خواب میں آب پاشی ایسا احسان ہے جو قریب بعید اور اعلیٰ ادنیٰ سب کو شامل ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## المسالخی (کھالوں والا)

اس کی تعبیر مالدار آدمی ہے۔

## المسبّحة (تسبیح)

(۱) خواب میں دانوں والی تسبیح کی تعبیر نیک عورت یا حلال معیشت یا نفع مند لشکر ہے' خواہ خواب میں اس تسبیح کا مالک بنا ہو یا اس تسبیح کے ذریعہ تسبیح پڑھی ہو۔

## المستقطر من المیاہ (عرقیات)

(۱) خواب میں عرق جات دیکھنے کی تعبیر خوب رو اولاد ہے یا معززین ہیں' یا باعمل علماء کے علم یا حکماء عارفین کی عظیم القدر حکمتوں اور معرفتوں کی علامت ہے' خوشبودار چیزوں کا عرق جیسے گل سوتی اور گلاب کا عرق وغیرہ یہ سرور وفرحت اور ثناءِ جمیل ہے' عرقیات' برآمدہ کردہ امانتوں کی دلیل ہے اور پینے کے عرقیات جیسے درخت بید' لسان الثور اور نیلوفر کے عرقیات وغیرہ شفاء بخش ادویات' فوائد وارزاق اور فرحتیں ہیں۔

## مسجد

(۱) مسجد کی تعبیر عالم آدمی ہے۔ (۲) جو دیکھے کہ وہ مسجد تعمیر کرتا ہے تو یہ خیر وسنت' صلہ رحمی وعہدہ قضاء کے حصول کی دلیل ہے بشرطیکہ اس عہدہ کا مستحق ہو۔ (۳) جو خواب میں آباد اور مضبوط مسجد دیکھے تو وہ ایسا شخص ہے جس کے پاس لوگ جمع ہوتے ہیں' اور وہ لوگوں کو خیر وبھلائی کے کاموں میں جوڑتا ہے اور اس مقام پر رئیس' عالم اور دیندار عابد کی وفات ہونے کی بھی دلیل ہے۔ (۴) اگر دیکھے کہ مسجد میں ایک نامعلوم شخص نے نماز پڑھی ہے اگر مسجد کا امام مریض ہے تو وفات پائے گا۔ (۵) اگر دیکھے کہ اس کا گھر مسجد کی شکل کا ہوگیا ہے تو دلیل ہے نیکی' عبادت وغیرہ کی توفیق ہوگی۔ (۶) اگر دیکھے کہ مسجد کی صورت حمام کی سی ہوگئی ہے تو دلیل ہے کوئی آدمی پوشیدہ طور پر گناہ کرتا ہے' مسجد بازار اور تجارت کی بھی دلیل ہے۔ (۷) جو شخص خواب میں مسجد بنائے محض رضائے خداوندی کے لئے تو تعبیر ہے وہ حق کو قائم کرے گا اور نیکی کا حکم اور برائی سے منع کرے گا اگر بنانے والا عالم ہو تو وہ کتب تصنیف کرے گا اور لوگ اس کے علم سے فائدہ اٹھائیں گے۔ اگر وہ مالدار ہے تو مال کی زکوٰۃ ادا کرے گا' اگر وہ غیر شادی شدہ ہو تو اس کی شادی ہوگی۔ شادی شدہ ہو تو اولاد نصیب ہوگی' اور وہ نیک نامی میں شہرت پائے گا۔ فقیر ہو تو مالدار ہوگا' بصورت دیگر وہ لوگوں کو خیر پر جمع کریگا اور اطاعتِ خداوندی میں لوگوں سے تعاون کرے گا۔ (۸) اگر مسجد ایسی تعمیر کی جس طرح کی تعمیر جائز نہیں ہے یا اس کا محراب قبلہ کی جانب نہ ہو تو یہ شر کی دلیل ہے۔ (۹) جو دیکھے کہ وہ مسجد تعمیر کرتا ہے تو وہ دین کا فہم حاصل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرے گا یا حج بیت اللہ کی سعادت نصیب ہوگی' یا ایسی چیز تعمیر کرے گا۔ جو ہمیشہ رہتی ہے جیسے حمام دکان ہوٹل وغیرہ۔ (۱۰) جو دیکھے کہ وہ مسجد کی چھت ڈالتا ہے تو وہ یتیموں کی پرورش کرے گا۔ (۱۱) اگر مسجد میں توسیع کی ہے تو یہ عمل صالح یا اخلاقِ حسنہ میں زیادتی کی دلیل ہے۔ (۱۲) اگر دکان کی صورت اختیار کر گئی ہو تو یہ کسبِ حلال یا حلال حرام کا اختلاط یا آزاد اور غلام عورتوں کو (ملکیت میں) جمع کرنا ہے' متروکہ مساجد علماء کے غافل ہونے' امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو ترک کر دینے اور ان زاہدان کی دلیل ہے جو دنیا سے قطع تعلق کر چکے ہیں۔ (۱۳) جو دیکھے کہ وہ مسجد کے دروازہ سے داخل ہو کر سجدہ ریز ہو گیا ہے تو اسے توبہ نصیب ہوگی۔ اللہ تعالیٰ فرمایا ﴿وَادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَقُولُوا حِطَّةٌ نَغْفِرْ لَكُمْ خَطَايَاكُمْ﴾ (البقرہ) (۱۴) یعنی' اور دروازے میں داخل ہونا سجدہ کرتے ہوئے اور کہتے جانا کہ توبہ ہے ہم معاف کر دیں گے تمہاری خطائیں۔ (۱۵) خواب دیکھا گویا وہ مسجد پہنچا ہے اور مسجد کو بند پایا ہے پھر اس کو کھولا ہے تو تعبیر ہے وہ کسی مقروض کی قرض سے خلاصی کے سلسلہ میں مدد کرے گا۔ اور لوگوں کی نظر میں قابل تعریف ہوگا۔ (۱۶) اور جو دیکھے کہ وہ مسجد میں سواری کی حالت میں داخل ہوا ہے تو وہ عزیزوں سے قطع تعلق کرے گا اور ان کا حق ان کو نہیں دے گا۔ (۱۷) جو دیکھے کہ وہ مسجد میں مرتا ہے تو وہ مقبول توبہ کے ساتھ مرے گا۔ (۱۸) مسجد کی تعمیر دشمنوں پر غلبہ کی بھی دلیل ہے' اس لئے کہ فرمانِ الٰہی ہے ﴿قَالَ الَّذِينَ غَلَبُوا عَلَىٰ أَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِم مَّسْجِدًا﴾ (الکہف) یعنی جو لوگ ان کے معاملات پر غالب تھے انہوں نے کہا کہ ہم تو ان کے پاس ایک مسجد بنا دیں گے۔ (۱۹) اور حرم شریف کی مسجد میں داخل ہونا خوف سے امن اور وعدہ کے مطابق عمل کرنے کی نوید ہے۔

## المسحاة (کدال)

(۱) خواب میں کدال دیکھنے کی تعبیر خادم اور منفعت ہے' کیونکہ کدال مٹی وغیرہ کو کھودتا ہے' کدال غیر شادی شدہ کے لئے شادی کی دلیل ہے۔ (۲) کدال اور بیلچہ سے مٹی کھودنا کھانے پر متوجہ ہونے کی دلیل ہے یا بڑے چمچہ کی علامت ہے۔ (۳) بعض کہتے ہیں کہ کدال سے اگر کام نہ کیا گیا ہو تو یہ فرزند نصیب ہونے کی بشارت ہے۔ (۴) اگر اسے کام میں استعمال کیا گیا ہو تو پھر وہ خادم پر دلالت کرتا ہے۔ بیلچہ اور کدال خوشگوار دنیا کے حصول کی بھی دلیل ہے' بیلچہ تعب و مشقت پر صبر کرنے والی عورت ہے' یا پھر رزق فائدہ اور امراض سے شفاء کی علامت ہے۔

## المسدّی (کپڑے کو تانا ڈالنے والا)

(۱) تانا تننے یا ڈالنے والے کی تعبیر ایسا شخص ہے جس کا ٹھکانہ یا جگہ مقرر نہ ہو' اور اس کا گزر بسر کرایہ پر دینے والے اور آوازیں لگانے والے شخص کی طرح ہے یا اشارہ ہے یہ شخص چغلخور اور دورُخا ہے' اس کا دیکھنا برائی چھوڑ کر اچھائی اختیار کرنے کی دلیل ہے۔ (۲) اگر وہ مسجد میں ہو اور جس کپڑے کا تانا تنتا ہے وہ کپڑا کتان کا ہو یا کاٹن ہو یا اون کا ہو تو یہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خواب اچھا ہے لیکن اگر وہ چیز سونے کی تاریں یا ریشم ہو تو پھر یہ خواب اچھا نہیں ہے۔

## المسرجة (چراغ دان)

(۱) خواب میں چراغ اربابِ معیشت کی معیشت ہے اور وہ چراغ جسے لیکر گھر میں چکر لگاتے ہیں وہ صاحب خانہ پر دلالت ہے جو خود اپنے گھر کی ضروریات و مصالح کو انجام دیتا ہے اور خیال رکھتا ہے۔ (۲) چراغ دان اگر پیتل کا ہو تو یہ دائمی خیر کی علامت ہے۔ (۳) اگر چراغ دان ٹھیکری کا ہو تو وہ اس سے کم درجہ کی خیر ہے' خواب میں چراغ انسانوں کی زندگی اور ان کی طبیعتیں ہیں' چنانچہ چراغ دان انسان کا جسم اور اس میں بتی اس کی روح کے مثل ہے' اور انسان میں خون کی تعبیر چراغ کا تیل ہے' لہذا اگر بتی اور تیل جسم سے ختم ہو جائے تو انسان اللہ کے حکم اور فیصلہ کے مطابق مر جاتا ہے۔ (۴) اگر اس کی بتی اور تیل دونوں صاف ہوں تو انسان کی زندگی صاف اچھی خالص ہوگی۔ (۵) اگر میلی ہوں تو زندگی مکدر رہوگی۔ (۶) اگر دیکھے کہ چراغ ٹوٹا ہوا ہے اس میں تیل ٹھہرتے نہیں ہے تو اس کے جسم میں علت بیماری ہے۔ جو اصلاح کو قبول نہیں کرتی اور نہ کرے گی حتی کہ فوت ہوگا۔

## المسرحة (کنگھی)

جو تعبیر کنگھے کی ہے وہی کنگھی کی ہے' نیز کنگھی غیر شادی شدہ کے لئے شادی کی دلیل ہے کہ اس کی شادی شریف اور تکالیف پر صبر کرنے والی عورت سے ہوگی اسی طرح کنواری کے لئے شوہر کی علامت ہے۔

## المِسک (مُشک)

(۱) خواب میں مشک کی خوشبو پوشیدہ صدقہ اور اولاد کے حمل کی دلیل ہے' اور میت کے متعلق مشک کی خوشبو اس کے جنتی ہونے کی علامت ہے یا نفع بخش تجارت یا اس باغ کی دلیل ہے جس سے پھول چنے جاتے ہیں یا علماء سے حاصل کردہ نفیس علم ہے۔ (۲) اگر خواب میں عود اور عنبر کی طرح مشک خوشبو کو آگ پر ڈالا ہے تو دلیل ہے وہ دین میں بدعت ایجاد کرے گا یا اپنا مال برباد کرے گا اور بے محل لگا دے گا' اور مشک کی تعبیر خوشبو دوست یا باندی بھی ہے' بعض کہتے ہیں کہ مشک خوشبو عورت پر دلالت کرتا ہے' خواب میں اگر چور وغیرہ مشک خوشبو کو اٹھا کر جائے پھر گرفتار ہو جائے تو یہ عورت کے اٹھانے والے پر دلالت کرتا ہے' کیونکہ مشک کی بہت پاکیزہ اور عمدہ خوشبو ہوتی ہے' مشک خوشبو عقل کی بھی دلیل ہے' کیونکہ مشک سونے سے بھی زیادہ گراں قیمت ہوتی ہے۔ (۳) مشک خواب میں سونگھنا یا اس کا مالک ہونا پاکیزہ زندگی اور خیر و برکت کی دلیل ہے' مشک تہمت زدہ شخص کی برأت کی دلیل بھی ہے' مشک اور ہر سیاہ رنگ کی خوشبو جیسے لونگ اور جائفل کی تعبیر سیادت و سرور اور ان کے سفوف کی ثنا جمیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## المسکر (نشہ آور چیز)

(۱) خواب میں نشہ آور چیز مال واولاد اور ازواج میں شبہ کی دلیل ہے۔ (۲) نشہ آور چیز کا خواب میں پینا حالتِ بیداری میں پٹنے کی دلیل ہے' کیونکہ نشہ آور چیز کے پینے پر حد اور کوڑے لگتے ہیں نیز دین کے فساد یا زوجہ سے جدائی یا اسلام سے ارتداد یا توبہ شکنی کی دلیل ہے۔

## المسلخ (کھال اتارنے کی جگہ)

(۱) خواب میں بوچڑ خانہ (مذبح) دیکھنے میں کوئی خیر نہیں ہے' کیونکہ بوچڑ خانہ میں جانیں نکالی جاتی ہیں اور جسموں سے کھالیں اتاری جاتی ہیں اور خون بہایا جاتا ہے' قصاب خانہ دیکھنا مسرّتوں اور خوشیوں کی بھی دلیل ہے' اس لئے یہ مذبح اس کے لئے معاون ہے' یا اہلِ ظلم کے دور پر دلیل ہے۔ (۲) مریض کا قصاب خانہ میں آنا اس کے وفات پانے پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) تندرست آدمی کا اس میں آکر کسی گندی غلاظت سے ملوّث ہونا تکلیف یا مرض میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے' مذبح خانہ ظلم وعذاب کی دلیل اور قید خانہ کی علامت ہے۔

## المسلة (بڑی سوئی)

(۱) خواب میں بڑی سوئی سینے کا سوا عورت پر دلالت کرتا ہے' کیونکہ اس بڑی سوئی میں دھاگہ ڈالا جاتا ہے۔ (۲) چنانچہ جو دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں بڑی سوئی ہے اور حال یہ ہے کہ اس کی بیوی حاملہ ہے تو اس کے ہاں بیٹی ہوگی' اگر کسی کو حمل نہ ہو تو یہ اس کے سفر کرنے کی علامت ہے۔

## المسلوق (جوش دی ہوئی چیز)

(۱) خواب میں اُبلی ہوئی اور جوش دی ہوئی چیز کی تعبیر جلد حاصل ہونے والے رزق ہیں اور نفع بخش تجارت ہے' اور اُبلی ہوئی سبزی ادائے قرض' مؤخر چیز کے مقدم ہونے' مسرت وخوشی یا غم وحزن اور فقر وفاقہ کی دلیل ہے۔

## المسمار (کیل)

(۱) خواب میں کیل کی تعبیر امیر یا خلیفہ ہے' خواب میں کیل دیکھنا لشکر اور مددگار اور دراہم ملنے کی دلیل ہے' کیل کی تعبیر وہ آدمی ہے جس کے ذریعہ لوگوں کے مسائل حل ہوتے ہیں' نیز کیل شادی کرنے کی بھی دلیل ہے۔ (۲) جو دیکھے کہ اس نے کسی ایسی جگہ کیل لگایا ہے جو عورتوں پر دال ہو تو اس کی شادی ہوگی۔ (۳) اور بہت زیادہ کیل قوت و منفعت کی علامت ہے۔ (۴) کیلوں کا نگلنا غصہ کو ضبط کرنے کی دلیل ہے اور کیل کی دلالت فسادی لوگوں پر ہوتی ہے' کیل کی تعبیر لوگوں میں محبت والفت پیدا کرنے والا آدمی بھی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## المسن (عمر رسیدہ)

(۱) خواب میں عمر رسیدہ شخص راہِ ہدایت اختیار کرنے پر دلالت کرتا ہے' یا اس کی تعبیر وہ عالم ہے جس کے ذریعہ لوگ ہدایت پاتے ہیں' عمر رسیدہ شخص کی تعبیر وہ آدمی بھی ہے جو دوسروں کو امور پر ابھارتا ہے' بعض کہتے ہیں کہ عمر رسیدہ آدمی کی تعبیر عورت ہے یا وہ آدمی ہے جو زوجین کے درمیان تفریق ڈالتا ہے یا دوستوں کے درمیان تفریق ڈالتا ہے' عمر رسیدہ شخص عمل وحرکت اور خوش دلی کی بھی دلیل ہے' جو عمر رسیدہ شخص کو دیکھے اس کی شدت بڑھے گی۔

## المُشاتمة (گالی گلوچ)

(۱) کسی نے خواب دیکھا گویا وہ کسی آدمی کو گالی دیتا ہے یا اسے گالی دی گئی ہے تو وہ گالی دینے والے پر غالب آئے گا۔
(۲) اگر دیکھے کہ کسی نے اس سے بغاوت کی ہے تو جب تک اس کی بغاوت کا ظاہر نشان نہ ہو وہ باغی پر غلبہ پائے گا' کیونکہ اللہ جل جلالہ کا ارشاد ہے ﴿ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ﴾ یعنی پھر اس شخص پر زیادتی کی جائے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کی ضرور امداد کریگا۔

## المشاعلی (لالٹین جلانے والا)

(۱) خواب میں اس کو دیکھنا ایسے ہادی ورہبر کی دلیل ہے جس سے لوگ ہدایت حاصل کرتے ہیں نیز خیر وصلاح اور علم کی بھی دلیل ہے نیز اس شخص کی دلیل ہے۔ جو مرجع خلائق ہو کم نصیب اور گمنام ہو

## المشبّب (جوانی کے ایّام کا ذکر کرنے والا)

(۱) خواب میں اس کو دیکھنا لہو ولعب تنگی دلی اور آہ وبکاء کی علامت ہے۔

## مشتری (سیارہ)

(۱) مشتری سیارہ کی تعبیر بادشاہ کے بیت المال کا ذمہ دار ہے' مشتری کو چاند کے ساتھ دیکھنا بیع وشراء' رزق اور بلند مرتبہ ملنے کی دلیل ہے۔ (۲) اگر مشتری چاند سمیت نیچے اترنے والا یا منحوس یا جلا ہوا ہو تو یہ قاری یا قصہ گو' یا محدث یا خوابوں کا معبّر یا رات کے وقت قصّے کہانیاں کرنے والے پر دلالت ہے' یا نماز' عبادت اور حج کی دلیل ہے۔

## المشتری (خریدار)

(۱) خریدار کی تعبیر مضطر مجبور شخص ہے' چنانچہ جو دیکھے کہ وہ کوئی شے خریدتا یا بیچتا ہے تو دلیل ہے وہ مجبور محتاج ہے' کیونکہ انسان مجبوری کے وقت ہی بیع وشراء کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## المشد (کمر پر باندھنے والا کپڑا)

(۱) خواب میں اسے دیکھنا معاملات کی دشواری کی علامت ہے' مگر یہ کہ صاحب خواب ایسے مسئلہ میں مبتلا ہو جس میں اسے معاون کی ضرورت ہو تو ایسی صورت میں یہ خواب اس کی آرزو اور حاجت کے پورا ہونے کی دلیل ہے۔

## المشط (کنگھی)

(۱) کنگھی کی تعبیر مفید آدمی ہے' شراکت اور کسی کام کا جو ارادہ رکھتا ہے اس کے دینے کی دلیل ہے یہ خواب خیر کی بھی دلیل ہے' کیونکہ اس کے دندانے ایک جیسے ہوتے ہیں۔ (۲) بالوں میں کنگھی کرنا مال کی زکوۃ ہے' کنگھی کی تعبیر عادل آدمی سے بھی کی جاتی ہے' اور اس شخص کی بھی دلیل ہے جس کے کلام سے نفع اٹھایا جاتا ہو جیسے حاکم' طبیب اور واعظ' بعض کہتے ہیں کہ بالوں میں کنگھی کرنا اس چھلنی کی دلیل ہے جو خود کو صاف کرتی ہے۔ جیسے کنگھی بالوں سے میل کچیل کو صاف کر دیتی ہے' بعض کہتے ہیں کہ خواب میں بالوں میں کنگھی کرنا بیداری میں چٹائی بُننے کی دلیل ہے' بعض کہتے ہیں کہ کنگھی کے دندانے کی تعبیر بڑھئی کی آری ہے' اور کنگھی فرحت و سرور پر بھی دلالت کرتی ہے۔ (۳) اگر دیکھے کہ وہ سر کے اور داڑھی کے بالوں میں کنگھی کرتا ہے تو بہت جلد اس کا غم و فکر دور ہوگا' کنگھی مساوی اور غیر احباب والا آدمی ہے۔ (۴) اگر کنگھی لوہے کی ہو تو وہ منفعت والا اور نیک مسلمان بھائیوں والا ہے' کنگھی عمرِ طویل' مالِ کثیر اور دشمنوں پر غلبہ حاصل ہونے کی بھی دلیل ہے' لوہے کی کنگھی کی دلالت کتاب کی امر و نہی والے پر ہوتی ہے۔

## المشعّب (برتن مرمّت کرنے والا)

(۱) خواب میں اسے دیکھنا حالات کے سنور جانے مریضوں کی سلامتی اور شکستہ چیز کو جوڑنے کی دلیل ہے۔

## مشعر حرام

خواب میں مشعر حرام مقام کو دیکھنا وصیتوں کی حفاظت اور احکام کی بجا آوری اور اگر انسان خوف محسوس کرتا ہو تو اسے امن حاصل ہونے کی علامت' اور ہدایت نصیب ہونے کی بھی دلیل ہے۔

## المشعوذ (شعبدہ باز)

خواب میں اس کو دیکھنا لہو و لعب اور استہزاء والے اور جھوٹ بولنے والے آدمی کو دیکھنے کی دلیل ہے' شعبدہ باز بدکار عورت یا خادم پر بھی دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## المشمش (خوبانی)

(۱) اپنے وقت اور موسم میں خوبانی دیکھنا دنانیر ملنے کی دلیل ہے۔ (۲) بے موسم دیکھنا مرض کی علامت ہے۔ (۳) سبز خوبانی دراھم کی دلیل ہے۔ (۴) خوبانی کی درخت کی تعبیر ایسا آدمی ہے جس سے دوسروں کو نفع حاصل نہ ہوتا ہو' بعض کہتے ہیں کہ یہ خندہ اور بہادری اور اپنے اہل کے ساتھ بخل کرنے کی دلیل ہے۔ (۵) جو دیکھے کہ اس نے درخت کی ٹہنی جو پھلدار نہیں تھی توڑی ہے تو وہ اپنے عزیزوں یا دوستوں سے جھگڑے گا' بعض کہتے ہیں کہ خوبانی کا درخت منافق آدمی پر دلالت کرتا ہے' کیونکہ زرد رنگ مرض کی علامت ہے' اور مرض کی تعبیر نفاق ہے۔ (۶) بعض کہتے ہیں کہ خوبانی کا درخت مالدار عورت کی علامت ہے جو میراث کی مالک ہے۔ (۷) اور جو شخص خواب میں خوبانی کے درخت کی پھلدار ٹہنی توڑے تو وہ کسی آدمی کا مال ضبط کرے گا یا نماز یا روزے ترک کرے گا۔ (۸) اور جو پھل اور میوے زرد رنگ کے ہوں وہ مرض کی علامت ہیں۔ (۹) اور جو ترش ہوں وہ غم والم کی دلیل ہے۔ (۱۰) اور سبز رنگ کا پھل مرض نہیں ہے۔ (۱۱) سبز خوبانی خوف کی دلیل بھی ہے' یا اشیاء کا اپنی پہلی حالت میں واپس لوٹنے کی علامت ہے' یا پھر خوبانی خوشگوار رزق کی بشارت ہے۔

## المشی (چلنا)

(۱) خواب میں سیدھا چلنا شریعت کے احکام کا طالب ہونے اور خیر سے مالا مال ہونے کی علامت ہے۔ (۲) اگر بازاروں میں چلتا ہے تو اس کے ہاتھ میں وصیت کی کوئی چیز ہے' اگر ننگے پاؤں چلتا ہے تو یہ غم کے دور ہونے اور حسن دین کی دلیل ہے۔ (۳) میانہ روی اور اعتدال سے چلنا اللہ تعالیٰ کی رضاء کے لئے تواضع و عاجزی اختیار کرنے کی دلیل ہے' نیز چلنا طلب رزق کی بھی دلیل بھی ہے' اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ﴿ فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا وَ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِهٖ ﴾ (الملک) یعنی سو تم چلو اس کے راستوں میں اور اس کے رزق میں سے کھاؤ۔ اور لیکن دشمن پر غلبہ کی دلیل ہے' اور پیچھے کی جانب چلنا اس کام سے رجوع کرنے کی علامت ہے جس کام کو شروع کیا ہے' یا صاحب خواب کے دین میں فساد اور اس کے حالات میں تبدیلی کی خبر ہے۔ (۴) اگر دیکھے کہ وہ اکڑ اکڑ کر چلتا ہے تو یہ اس کے حالات کی قباحت و فساد کی علامت ہے۔ (۵) اگر دیکھے کہ وہ چلا اور منہ کے بل گر پڑا ہے تو یہ دنیا و آخرت کا خسارہ ہے' اس لئے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ ﴿ اِنْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ خَسِرَ الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةَ ﴾ (الحج) یعنی وہ اپنے منہ کے بل پلٹا (جس سے) دنیا و آخرت دونوں کھو بیٹھا۔ (۶) اگر کسی آدمی سے ٹھوکر کھا کر گر گیا ہے تو جس سے ٹھوکر کھایا ہے' وہ کسی بری صورت حال سے دوچار ہو کر رسوا و خوار ہوگا۔ (۷) اور دوڑ کر جانا عملِ صالح کرنے کی دلیل ہے۔ (۸) خواب میں چلنا پر خطر سفر کرنے کی دلیل ہے۔ (۹) الٹے سر ہو کر چلنا عمر طویل ہونے' یا مرض سے نجات پانے پر دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱۰) ایک پاؤں پر چلنا نصف مال اور نصف عمر کے چلے جانے کی اطلاع ہے۔(۱۱) اور انسان کا حیوان کی طرح چلنا جاہل لوگوں کی عادات اپنانے کی دلیل ہے' مگر یہ کہ وہ حیوان حلال ہو' تو پھر تعبیر ہے وہ لوگوں میں خیر بھلائی کے ساتھ چلتا ہے' اگر وہ حیوان حلال نہ ہو تو اشارہ ہے وہ منافقت کے ساتھ چلتا ہے اور ایسے کام کی دوڑ دھوپ کی بھی دلیل ہے جو اسے حاصل نہیں ہوگا۔

## المص (چوسنا)

(۱) جو شخص خواب میں دیکھے کہ کوئی انسان اس کو چوستا ہے تو وہ اس سے مال اخذ کرتا ہے۔(۲) اگر اس کی چھاتی چوستا ہے تو وہ اس کی بیوی سے مال لیتا ہے۔(۳) اگر اس نے اس کا ناک چوسا ہے تو اس کے دوست سے مال لے گا۔ (۴) اگر اس کی ران اس نے چوسی ہے تو اس کے خاندان سے مال حاصل کرتا ہے۔

## المصاحبة (مصاحبت)

(۱) اگر مریض خواب میں دیکھے کہ وہ کسی سے مصاحبت کرتا ہے تو یہ اس کے لئے شفاء کی دلیل ہے۔ (۲) اگر دیکھے کہ وہ اپنے گھر کے افراد سے معیت و مصاحبت رکھتا ہے تو یہ خرابی کی علامت ہے۔ (۳) اگر کسی اجنبی مسافر سے مصاحبت کی ہے تو یہ ضرر رساں امر کی طرف اشارہ ہے۔

## المصارعة (کشتی لڑنا)

(۱) خواب میں کشتی لڑنا بیداری میں لڑائی و جھگڑا کرنے کی دلیل ہے' اگر دو جنسیں مختلف ہوں (کشتی میں) تو پچھاڑنے والا پچھاڑے جانے والے سے زیادہ اچھی حالت میں ہے' جیسے انسان اور درندہ آپس میں مقابلہ کریں۔(۲) اگر کشتی دو آدمیوں کے درمیان ہو تو پچھاڑنے والا مغلوب ہے۔

## مصافحہ کرنا

(۱) خواب میں کسی سے مصافحہ کرنا فائدہ' بیعت اور خیر کے کاموں کا التزام کرنے کی دلیل ہے۔

## المصالحة (مصالحت کرنا)

(۱) خواب میں صلح کا معاہدہ کرنا بیداری میں جھگڑا کرنے کی دلیل ہے۔(۲) خواب دیکھا گویا کہ اس نے اپنے دشمن و مخالف سے مصالحت کی ہے تو دلیل ہے اس سے خصومت کریگا۔(۳) اگر دیکھے کہ وہ کسی شخص کو قرض کی ادائیگی کے بغیر صلح واَمن کی دعوت دیتا ہے تو اشارہ ہے وہ ایک گمراہ شخص کو ہدایت کی طرف دعوت دیتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## المصحف (قرآن کریم)

(۱) خواب میں قرآن شریف بادشاہ یا مسلمانوں کے قاضی سے معتبر ہے' لہذا جو دیکھے کہ مصحف جل گیا ہے تو دلیل ہے بادشاہ یا قاضی فوت ہوگا۔ (۲) سلطان کو خواب میں مصحف شریف لکھتا دیکھنا ان کے عدل وانصاف کی اشاعت کرنے اور شریعت کی نصرت کرنے کی دلیل ہے۔ (۳) اگر قاضی دیکھے کہ وہ مصحف لکھتا ہے تو وہ علم ومرتبہ میں بخیل ہے۔ (۴) عالم اگر دیکھے کہ وہ مصحف شریف لکھتا ہے تو وہ تجارت میں کمائی کرتا ہے۔ (۵) اگر بادشاہ دیکھے کہ وہ مصحف کو نگلتا ہے تو وہ وفات پائے گا۔ (۶) قاضی اگر مصحف کو نگلے تو دلیل ہے وہ رشوت لیتا ہے۔ (۷) اگر بادشاہ دیکھے کہ اس نے مصحف کو مٹایا ہے' تو تعبیر ہے وہ اپنے علاقہ سے نکلے گا۔ (۸) اگر قاضی مٹائے تو وہ فوت ہوگا۔

(۹) قرآن پاک اٹھانا یا خریدنا اس کے احکام پر عمل کرنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۰) اور جو دیکھے کہ وہ نبی کے سامنے مصحف شریف پڑھتا ہے تو دلیل ہے وہ اس کو حفظ کرے گا۔ (۱۱) اور جو خواب میں مصحف کے اوراق کھائے تو اشارہ ہے وہ رشوت کھاتا ہے۔ اور مصحف شریف حصولِ حکمت کی بھی دلیل ہے۔ (۱۲) اور جو شخص دیکھے کہ وہ اپنے ہاتھ سے مصحف شریف لکھتا ہے تو وہ دین' علم اور عمل سب کو جمع کرتا ہے اور لوگوں کو نفع پہنچاتا ہے۔ (۱۳) اور جو دیکھے کہ اس نے مصحف کو اپنے ہاتھ سے پھاڑا ہے تو دلیل ہے وہ منکر آدمی ہے۔ (۱۴) جو دیکھے کہ اس نے کوئی چیز مصحف شریف میں ایجاد کی ہے جسے وہ بیداری میں پسند نہیں کرتا تو یہ اس کے دین کے برباد ہونے کی علامت ہے۔

(۱۵) اور جو اپنے پاس مصحف دیکھے تو اسے غلبہ اور علم حاصل ہوگا' مصحف زوج یا زوجہ یا اولاد کی دلیل ہے اگر صاحبِ خواب مریض ہو تو مرض سے نجات ملے گی یا پھر دشمن پر غلبہ ہوگا اگر وہ گنہگار ہو تو تائب ہوگا یا وارث ہوگا۔ (۱۶) اگر صاحب خواب کسی بدعت وضلالت والے کام پر کاربند ہو تو اللہ تعالیٰ نے اسے اپنی کتاب کے ذریعہ ڈرایا ہے' مصحف شریف دیکھنا عجیب اوقات اور متعجب چیزوں سے واقفیت حاصل کرنے کی دلیل ہے' اور مصحف کی ورق طولِ عمر اور خوش کن خبروں کے آمد کی علامت ہے' مصحف چرا گاہوں' باغات اور سبزہ زاروں کی دلیل ہے' نیز عبادت کے مقامات پر دلالت کرتا ہے' نیز واجب الاطاعت لوگوں کی اطاعت کی بھی دلیل ہے وہ بادشاہ' والد' معلم ومؤدب' نیز سچی قسم کی کھانے پر بھی دلیل ہے۔ (۱۷) اگر دیکھے کہ وہ مصحف شریف کے اوراق کھاتا ہے تو اشارہ ہے وہ اجرت لیکر مصحف لکھتا ہے۔ (۱۸) اگر دیکھے کہ اس نے مصحف کو بیچا ہے تو دلیل ہے وہ برے کاموں سے اجتناب کرتا ہے' اور مصحف میراث' امانت' رزقِ حلال اور قوت کی بھی علامت ہے۔ (۱۹) اگر دیکھے کہ اس نے مصحف خریدا ہے تو اسے خیر و وسعت حاصل ہوگی اور لوگوں میں اس کے علم کا ظہور ہوگا۔ (۲۰) اور مصحف شریف کو جلانا دین میں فساد وخرابی کی دلیل ہے۔ (۲۱) اگر دیکھے کہ مصحف اس سے لے لیا گیا ہے تو دلیل ہے اس سے علم سلب کر لیا جائے گا' اور دنیا میں اس کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عمل منقطع ہوگا' جو دیکھے کہ وہ مصحف کی ذمہ داری لیتا ہے تو وہ متولی ہوگا یا امانت کی ذمہ لے گا یا حاملین قرآن میں سے ہوگا' اور جو خواب میں مصحف کے اوراق کھانے کا ارادہ کرتا ہے وہ کثرت تلاوتِ قرآن کریم کرتا ہے۔

## المصفاۃ (چھلنی)

اس کی تعبیر عظیم خادم ہے۔

## مصلی العید (عیدگاہ)

(۱) خواب میں عیدگاہ دیکھنا فرحتوں اور مسرتوں کی دلیل ہے نیز زوالِ غم وفکر' آسودہ حالی' شفاء مریض اور قیدی کے لئے جیل سے رہائی کی بھی دلیل ہے۔ (۲) عیدگاہ کی تجدید فاسق کی توبہ' کافر کے اسلام لانے' بارش کے نزول' دشمنوں پر فتحیابی ایفاے عہد اور غیر شادی شدہ کی شادی کی دلیل ہے۔ (۳) بسا اوقات عیدگاہ دیکھنا کساد بازاری' منہ' اونٹ' گائے اور بکریوں میں کسی آفت کے آنے پر دلالت کرتا ہے۔

## مصلی الاموات (جنازہ گاہ)

(۱) خواب میں جنازہ گاہ غم والم وحزن' طلاقِ زوجہ اور دور دراز کے سفر کی دلیل ہے یا متولی ہونے' منصب دار کے معزول ہونے' قید سے رہائی پانے' تعب سے راحت پانے اور ادائے قرض کی دلیل ہے کیونکہ میت نے اپنی زندگی اور رزق مکمل کرلیا ہوتا ہے اگر وہ مقروض ہو تو اس کے ذمہ جو قرض ہے' اس کا اس سے مطالبہ ہوگا۔

## المصور (تصویر بنانے والا)

(۱) خواب میں تصویر سازی علم وہندسہ شعر بنانے اور غزل کہنے کی دلیل ہے۔ (۲) خواب میں مصور دیکھنا جھوٹ' سخن سازی اور بےحقیقت امور میں پڑنا ہے یا پھر اس کا دیکھنا فسق وفجور شراب نوشی اور جنون عشق کی دلیل ہے' یا اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھنے والا ہے' نیز مصور کا گانا گانے والا' شاعر اور ان جیسے لوگوں پر بھی دلالت ہوتی ہے اور مصور غلط اور باطل کا مدون والا ہے لوگوں کو دھوکا فریب دیتا ہے۔

## المضحک (ہنسانے والا)

(۱) خواب میں اس کو دیکھنا دھوکہ وفریب اور اس آدمی پر دلیل ہے جس کا مذاق اڑایا جاتا ہو۔

## المضغ (چبانا)

(۱) خواب میں گوند کے علاوہ کوئی چیز چبانا مرض میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے جو دیکھے کہ وہ گوند چباتا ہے تو اسے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



متنازع مال حاصل ہوگا۔اور بڑھے گا حتی کہ جھگڑے کا باعث بن جائے گا۔

## المطر (بارش)

(۱) خواب میں اگر بارش سے نقصان پہنچے تو یہ خیر ورزق اور رحمت کی دلیل ہے' بارش انسان کی حیات اور یا وعدہ وفائی کی دلیل ہے۔ (۲) اگر بارش صرف متعین جگہ میں ہوئی تو یہ اس کے اہل کے غم حزن میں مبتلا ہونے یا خود صاحب خواب کو پریشانی لاحق ہونے کی دلیل ہے۔ (۳) اور اگر بارش عام اور نقصان دہ ہو جیسے آسمان سے خون یا پتھر برس رہے ہوں تو یہ معاصی اور گناہوں کی دلیل ہے' اگر صاحب خواب مسافر ہو تو اس کا سفر تعطل کا شکار ہوگا۔ (۴) نفع دینے والی بارش دشمنوں سے صلح صفائی یا مصیبت زدہ شخص کی امداد کی دلیل ہے' اور بارش کی تعبیر اونٹوں کا قافلہ بھی ہے جیسے اونٹوں کے قافلہ کی تعبیر بارش ہے۔ (۵) خواب میں عام بارش دیکھنا معطل کام کے کرنے پر دلیل ہے اور اسے خیر ونعمت اور برکت حاصل ہوگی۔ (۶) اور اگر وہ غم زدہ یا مقروض ہو تو اس کا غم وقرض دور ہوگا۔ بارش اس سال کی کشادہ حالی اور مدد کی دلیل ہے۔ (۷) صرف اپنے گھر میں بارش کا نزول نہ دوسرے لوگوں پر تو اسے خیر ومنفعت اور کرامت حاصل ہوگی۔ (۸) جو دیکھے کہ بارش کا پانی ہر جانب بہتا ہے اور درختوں کو اکھاڑ رہا ہے تو یہ بادشاہ کی طرف فتنہ وفساد برپا کرنے کی دلیل ہے۔ (۹) اگر زمین پر خون کی بارش ہو تو یہ عذاب کی علامت ہے۔ (۱۰) کسان اگر خواب میں بارش دیکھے تو یہ بشارت اور خوشحالی ہے جو اسے حاصل ہوگی' بعض کہتے ہیں۔ (۱۱) بارش اگر مٹی کی ہو یعنی مٹی برستی ہو مگر گردوغبار نہ ہو تو بھی دلیل خوشحالی ہے۔ (۱۲) اور شہد کی بارش ہر طرح کے آدمی کے لئے خیر کی دلیل ہے گھی دودھ اور روغن زیتون کی بارش کی بھی یہی تعبیر ہے' بارش اللہ تعالیٰ کی رحمت' اس کے دین اور انسان کی کشادگی اور مدد کی دلیل ہے' بارش کبھی نازل شدہ آفات پر دلیل ہے جیسے ٹڈیاں' اولے اور آندھی' خصوصاً جب اس میں آگ اور اس کا پانی گرم ہو' بارش فتنوں اور خون ریزی پر بھی دلالت کرتی ہے۔ (۱۳) اور بے وقت کی بارش امراض و بیماریوں کی دلیل ہے۔ (۱۴) اور اپنے وقت پر ہونے والی بارش سفر یا عمل ترک کرنے یا مرض' یا فقر کے سبب اس کے کام ملتوی ہونے یا جیل میں قید ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۵) اگر بارش میں غسلِ جنابت کیا ہے یا بارش کے پانی سے نماز کے لئے وضو کیا ہے یا اس سے نجاست کو دھویا ہے جو نجاست اس کے جسم یا کپڑے پر تھی تو اگر صاحب خواب کافر ہے تو مسلمان ہوگا گنہگار ہے تو توبہ کرے گا' فقیر ہو تو اللہ تعالیٰ اسے غنی کر دیں گے' اگر بادشاہ کے پاس اس کی کوئی حاجت ہو تو پوری ہوگی۔ (۱۶) آسمان سے تلواریں برستی دیکھنا لوگوں کے لڑائی وفساد میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۷) اور جو دیکھے کہ وہ بارش کا پانی پیتا ہے تو اگر پانی صاف وشفاف ہو تو خیر حاصل ہوگی' اگر میلا اور گدلا ہو تو جس قدر پانی پیا ہے اس قدر مرض لاحق ہونے کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## المطران (لاٹ پادری)

(۱) جو خود کو خواب میں لاٹ پادری دیکھے تو دلیل ہے وہ صاحبِ قوت آدمی ہے لوگوں کو بدعت کی طرف دعوت دیتا ہے چنانچہ لوگ جتنے اس کے تابع ہوئے ہوں اس قدر اس کی دعوت کو قبول کریں گے۔ (۲) اگر اسے لاٹ پادری کے طور پر بلایا گیا اور وہ اس کو پسند نہیں کرتا ہے تو بدعت یا جھوٹ اس کے ذمہ لگایا جائے گا جبکہ وہ اس سے بری ہوگا۔

## المطرز (کشیدہ کاری کرنے والا)

(۱) خواب میں کشیدہ کار کی تعبیر مکار، سخن ساز عالم ہے کشیدہ کار کو دیکھنا کتاب، شعر و نظم بنانے والے اور شعر گوئی کرنے کی دلیل ہے۔

## المطرقة (ہتھوڑا)

(۱) ہتھوڑے کی تعبیر پولیس کا افسر ہے بعض کہتے ہیں۔ (۲) جو دیکھے کہ اس نے ہتھوڑا پکڑا ہے تو اسے فضل کثیر حاصل ہوگا، ہتھوڑا امداد اور اہل رزق کے لئے رزق کی بشارت ہے، ہتھوڑا شر و فساد اور کلامی پیچیدہ کی بھی علامت ہے۔

## المطمورة (زیر زمین غلہ کا گودام)

(۱) خواب میں گودام دیکھنا تربیت و کفالت کرنے والی ماں پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) چنانچہ جو دیکھے کہ گودام گر گیا ہے اور اس کی ماں مریضہ تھی تو وہ فوت ہوگی۔ (۳) اگر اس گودام کو غلہ سے بھرا ہوا دیکھے تو دلیل ہے اس کی زوجہ حاملہ ہوگی۔ (۴) اگر اس گودام میں کمی دیکھے تو اسی قدر نرخوں میں کمی ہوگی۔ (۵) اگر غلہ کے گودام میں آگ لگی دیکھے اس میں موجود غلے کی قیمت زیادہ ہوگی اور سلطان کی طرف سے کوئی واقعہ ہوگا یا ٹڈیوں کی آمد کی دلیل ہے۔ (۶) مریض کا خواب میں غلہ کے گودام میں یا کسی گڑھے میں گرنا اس کے وفات ہونے کی علامت ہے، اگر کشتی میں ہو تو غرق ہوگا، اگر مسافر ہو تو رہزنی کا شکار ہوگا، اگر لڑنے والا ہو تو قید ہوگا۔

## مظلوم

(۱) مظلوم کی تعبیر دیہاتی آدمی یا خادم یا خصی ہے۔ (۲) جو مظلوم امام وقت دیکھے تو اگر فقیہ ہو تو عہدہ قضا و حکومت حاصل ہوگی یا جس قدر اس کا اہل ہے اسی قدر قدرت و ولایت حاصل ہوگی۔

## المعاصی (گناہ)

(۱) خواب میں معاصی و گناہ نزولِ عذاب کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## معانقہ کرنا

(۱) خواب میں کسی سے معانقہ کرنا زندگی کے طویل ہونے کی دلیل ہے۔(۲) اگر میت سے معانقہ کیا ہے تو اس کی عمر دراز ہوگی۔(۳) اگر میت نے اس سے معانقہ کیا ہے تو زندہ شخص وفات پائے گا۔(۴) جو اپنے دشمن سے معانقہ کرے تو اس سے صلح ہوگی' بعض کہتے ہیں کہ معانقہ کرنا خوش کلامی ہے' یا محبت وسفر ہے' یا سفر سے غائب آدمی کی واپسی کی علامت ہے اور زوالِ فکر کی نشانی ہے۔ معانقہ کرنا شادی و میلاپ کی بھی دلیل ہے۔(۵) جو دیکھے کہ وہ کسی عورت سے معانقہ کرتا ہے تو وہ دنیا کی فکر رکھتا ہے اور آخرت سے مایوس ہے' مرد کا معانقہ کرنا معاونت کی بھی دلیل ہے۔ (۶) اگر دیکھے کہ اس نے کسی انسان سے معانقہ کیا ہے اور اپنا سر اس کی گود میں رکھ دیا ہے تو وہ اُسے اپنا راصل سرمایہ دے گا۔

## المدجنة (پولٹری فارم)

(۱) غیر شادی شدہ کا چوزوں کا کارخانہ دیکھنا اس کی شادی ہونے کی اور شادی شدہ کے لئے نسل' اولاد کی دلیل ہے' یا پھر شبہات یا اس مدرسہ کی دلیل ہے جس میں بچے جمع ہوتے ہیں یا اس جگہ کی دلیل ہے جس میں عورتیں یا [illegible] لئے اکٹھے ہوتے ہیں' نیز چوزوں کا کارخانہ دیکھنا جیل سے رہائی پانے یا اس میں جانے کی دلیل ہے چوزوں کا کارخانہ دیکھنا مفقود شے کے ظاہر ہونے کی بھی دلیل ہے۔

## معبر المنامات (خوابوں کی تعبیر بیان کرنے والا)

(۱) غمزدہ لوگوں کے لئے اس دیکھنا فرحت وخوشی کی' اور خوش باش لوگوں کے لئے غم و پریشانی کی دلیل ہے۔(۲) جو شخص کسی غائب شخص کی خبر کی امید رکھتا ہو تو اس غائب کے بارے میں کوئی پیغام آئے گا' اس کو دیکھنا اسرار و رموز کے جاننے اور مشکلات حل ہونے اور شرعی امور کے عالم بننے کی دلیل ہے' یا اپنے دوست کو نصیحت اور اس سے شفقت کرنے والے کی علامت ہے اور کبھی اس کی دلالت اس شخص پر ہوتی ہے جو راز کو نہیں چھپاتا ہے' معبر' حاکم' فقیہ اور طبیب پر بھی دلالت کرتا ہے' یا مسجد اور قاری قرآن کی دلیل ہے اس لئے کہ وہ خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا ہے' یا وزن کرنے والے شخص کی دلیل ہے' اسی طرح وزن اور ناپ کے کام کرنے والے مراد ہیں جیسے صراف اور دھوبی حجام وغیرہ کی' یا کتب و رسائل پڑھنے والا مراد ہے۔(۳) جو خواب میں معبر بن گیا ہو اور وہ طالب علم و طالب قرآن ہے تو دلیل ہے اس کو حفظ کریگا۔(۴) اگر لکھائی کا ارادہ ہے تو یہ ہنر بھی حاصل ہوگا' بعض کہتے ہیں کہ معبر کی دلالت اس آدمی پر ہوتی ہے جو لوگوں کی لغزشوں کی تلاش میں لگا رہتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## معدہ

www.KitaboSunnat.com

خواب میں انسان کا معدہ عمر' رزق اور معیشت پر دلالت کرتا ہے۔(۱) لہذا جو دیکھے کہ اس کا معدہ قوی اور صحت مند ہے تو یہ خیر اور طولِ حیات کی بشارت ہے۔(۲) بصورت دیگر تعبیر اس کے برعکس ہوگی' معدہ کا خالی ہونا خیر و راحت اور امراض سے شفاء کی علامت ہے۔

## المعروف (نیک کام)

(۱) خواب میں نیک کام کا حکم دینا کہنا اس شخص کی طرح ہے (تعبیر میں) جو لوگوں کو نماز یا شہادتیں کا حکم دیتا ہے یا ان کو وعظ کرتا ہے' یعنی یہ خواب اللہ تعالی پر ایمان اور اس کے حقوق کے بجالانے کی دلیل ہے۔ حکومت کی اہلیت رکھنے والے کے لئے بشارت حکمرانی ہے۔(۲) یہی تعبیر ہوگی اگر خواب میں شراب گرا دی یا بہادی ہے یا نرد کھیل وغیرہ اٹھا پھینکا ہے یہ ایسے امر کی بھی دلیل ہے جو صبر کا باعث ہے۔(۳) خواب میں برائی کا حکم اور اچھائی سے منع کرنا نفاق کی علامت ہے۔

## معصم المراۃ (عورت کی کلائی)

خواب میں عورت کے لئے کلائی اس کے شوہر کی دلیل ہے یا وہ کنگن وغیرہ ہے جو وہ کلائی میں پہنتی ہے۔

## معضد (بازو بند)

خواب میں جو شخص اپنا بازو بند چاندی کا دیکھے تو وہ اپنے بیٹے کی شادی اپنی بھتیجی سے کرائے گا۔(۱) اگر بازو بند گھونگے کا ہو تو اسے اپنے بھائیوں کی طرف سے مسلسل پریشانی لاحق ہوگی۔ عورت جو زیور بھی پہنتی ہے اس کی تعبیر اس کا شوہر ہے۔

## المعلم (استاذ)

(۱) خواب میں معلم صنعت کار سلطان پر دلالت کرتا ہے' متعلمین کی دلالت اس کی قدرت سے واقفیت پر ہوتی ہے' بشرطیکہ اس معلم نے تعلیم پر اجرت نہ لی ہو۔(۲) بچوں کے معلم کو دیکھنا امیر یا حاکم یا فقیہ کو دیکھنے کی دلیل ہے' نیز ہر اس شخص کی دلیل ہے جس کو قوت غلبہ حاصل ہو اور دوسروں کو امر و نہی کرسکتا ہو یا پھر چڑیوں کا شکار کرنے والے اور ان کے بیچنے والے سے معتبر ہوگا' یا پھر اس کی دلالت جہلاء کے رئیس پر ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## المعلاق (جھگڑالو)

خواب میں جھگڑالو ہر قسم کا مال کثیر ہے جسے سونا چاندی موتی وغیرہ۔

## المعلق (چارہ کا سٹور)

خواب میں چارہ کی جگہ اپنے گھر میں دیکھنا عزت وقوت کی دلیل ہے بعض کہتے کہ اس کی تعبیر عورت ہے۔

## معہد (معاہدہ گاہ)

خواب میں عہد کی مجلس اور جگہ جسے وہ مانوس سمجھتا ہے غم والم کی دلیل ہے جو سابقہ لذت کو یاد کرنے کی دلیل ہے یا ذلت کی علامت ہے۔

## المعول (پھاوڑا)

خواب میں پھاوڑا دیکھنا شدت' قوتِ قلب اور نیک کام بجالانا ہے' پھاوڑا کی تعبیر وہ شخص بھی ہے وہ جو اپنی طرف اموال کھینچتا ہے۔

## المغازلی (چرخے بنانے والا)

خواب میں چرخے بنانے والا لوگوں کے راز افشاء کرنے والا ہے۔

## المغربل (غلہ صاف کرنے والا)

خواب میں اس کو دیکھنا اپنے علم اور امر ونہی کے ذریعہ حق وباطل میں فرق کرنے والا شخص ہے۔

## المغرفۃ (چمچہ)

ڈوئی یا چمچہ کی تعبیر ایسی منتظمہ ہے جس کے ہاتھ میں تمام اموال کا خرچہ ہو۔

## المغزل (سوت کاتنے کا چرخہ)

(۱) اگر عورت دیکھے کہ اسے چرخہ ملا ہے تو اشارہ ہے اس کے ہاں بچی پیدا ہوگی۔ (۲) اگر عورت دیکھے کہ اس کے چرخے کا دھاگہ ٹوٹ گیا ہے اور حال یہ ہے کہ اس کا کوئی مسافر ہے تو وہ مسافر اس سے دور رہ کر اندازہ کرے گا۔ (۳) اور جو شخص دیکھے کہ وہ چرخے کے ساتھ دھاگہ بٹتی ہے تو وہ کسی مسافر اجنبی آدمی سے مدد لے گا' چرخے کا دیکھنا قاصد اور مال وصول کرنے والے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## المِغفر (خود)

جو شخص خواب دیکھے کہ اس کے سر پر خود ہے یا لوہے کی کوئی چیز ہے تو وہ مالی نقصان سے مامون ہوگا اور عزت وشرف حاصل کرے گا۔

## المغلاق (تالا)

(۱) خواب میں تالا عذاب میں مبتلا اور بدحال اجیر کی علامت ہے۔ (۲) اپنا دروازہ تالا لگا دیکھنا دنیوی اعتبار سے مضبوط ہونے کی دلیل ہے۔ (۳) اگر اسے تالا نہ لگا ہوا ہو تو اس کا دنیوی معاملہ مضبوط نہیں ہے۔ (۴) اگر دیکھے کہ وہ اپنے گھر کا دروازہ بند کرنا چاہتا ہے مگر وہ بند نہیں ہوتا ہے تو وہ کسی ایسے کام سے رکے گا جو اس کے بس کا نہیں ہے۔ (۵) اگر دیکھے کہ اس نے تالا لگا ہوا دروازہ کھول لیا ہے تو وہ کسی قلعہ پر نقب لگائے گا یا اس کو فتح کرے گا' تالا کی تعبیر مور چہ بھی ہے' کبھی اولاد یا سنت جانور یا زوجہ پر بھی دلالت کرتا ہے' یا خوف سے امان اور دشمن سے محفوظ ہونے کی بھی دلیل ہے' تالا دیکھنا سحر و جادو' رازوں کا اخفاء اور ترک سفر کی علامت ہے۔ (۶) جو اپنے پاس ڈھال دیکھے تو یہ اس کی مالداری کی دلیل ہے یا پھر بچہ کی دلیل ہے۔

## المغنی (گانے والا)

خواب میں اس کو دیکھنا خوشیوں یا سفروں یا نقل مکانی یا واعظ کی دلیل ہے۔

## المفتاح (چابی)

(۱) خواب میں چابی کی تعبیر رزق یا مدد یا باب علم کا کھلنا ہے' چابیاں' اولاد یا جاسوسوں یا غلاموں (بچوں) یا زوجات کے لئے ان کے ازواج کی دلیل ہیں' چابیاں اللہ تعالیٰ کی مخفی شدہ چیز کا پانا جس کی وہ امید رکھتا ہے' عہدیدار کے لئے چابیاں بلاد و ممالک اور بادشاہوں کے لئے ان کی فلاح و کامیابی کی دلیل ہے' نیز چابی دشمن پر نصرت و غلبہ ہے' اس لئے کہ فرمانِ الٰہی ہے ﴿نَصۡرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ فَتۡحٌ قَرِيۡبٌ﴾ یعنی اللہ کی طرف سے مدد اور جلدی فتحیابی کی دلیل ہے۔ (۲) اپنے ہاتھ میں بغیر دندانوں کے چابی دیکھے تو دلیل ہے وہ یتیم پر ظلم کرتا ہے۔ (۳) جو اپنے ہاتھ جنت میں کنجی دیکھے تو اسے علم و عبادت یا خزانہ یا مالِ حلال حاصل ہوگا' چابی مقبول دعا کی بھی دلیل ہے۔ (۴) جو اپنے ہاتھ میں بہت زیادہ کنجیاں دیکھے تو اسے سلطنتِ عظیم حاصل ہوگی' اور چابیوں کی تعبیر الماری وغیرہ بھی ہے کیونکہ چابیوں سے ہی الماریاں کھولی جاتی ہیں چابی کی تفسیر حج سے بھی کی جاتی ہے' لوہے کی چابی کی تعبیر قوت و شدت والا آدمی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۵) جو دیکھے کہ اس نے دروازہ یا تالہ کھولا ہے تو وہ اپنے دشمنوں پر غالب آئے گا' اور جو دروازہ چابی سے کھولے تو خدا تعالیٰ کی نصرت سے جو چاہتا ہے حاصل ہو گا۔ (۶) اگر بغیر چابی کے کھولا ہے تو والدین کی دعا یا احسان کی وجہ سے حاجت پوری ہو گی۔ (۷) جو دیکھے کہ اس نے چابی پکڑی ہے تو اسے خزانہ یا زمینی پیداوار سے مال حاصل ہو گا' اگر وہ مالدار ہو تو اس کے مال میں اللہ تعالیٰ کا حق ہے اسے چاہیئے کہ ڈرے اور حق اللہ مال میں سے نکالے۔ (۸) اگر اس کے ہاتھ میں کعبہ کی کنجیاں ہیں تو وہ سلطانِ عظیم کا دربان بنے گا۔ (۹) جو دیکھے کہ اس کے لئے دروازہ کھولنا مشکل ہوا ہے تو اسے اس کا مطلوب حاصل نہیں ہو گا۔ چابی میت کو قبر میں ڈالنے کی بھی دلیل ہے۔ (۱۰) شہر کی کنجی اس شہر کا والی یا مالک پر بھی دلالت کرتی ہے' عالم کے لئے کنجی اس علم کی دلیل ہے جو اس پر کھولا جاتا ہے۔

## مفارقۃ (جدائی)

(۱) خواب میں جدائی اسباب کی تبدیلی اور ازواج اور چوپاؤں کی دلیل ہے۔

## المفازۃ (جنگل بیابان)

(۱) خواب میں جنگل بیابان تنگ دستی سے خلاصی اور آسودہ حالی کے حصول کی دلیل ہے' یا تنگی کے بعد کشادگی اور گناہ سے توبہ کی طرف رجوع اور خسارہ کے بعد نفع کے حصول اور مرض سے صحت کی طرف عود کرنے کی علامت ہے۔ (۲) چنانچہ جو دیکھے کہ وہ ویران یا بیابان جگہ میں ہے اور وہ فقیر ہے تو موت آئے گی جنگل بیابان میں چلنا بے فائدہ چیز میں غور و خوض کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) جو خود کو خشکی پر دیکھے تو اسے کشادگی اور کرامت حاصل ہو گی۔

## المقارعۃ (قرعہ اندازی کرنا)

(۱) خواب میں قرعہ اندازی تکالیف کی دلیل ہے قرعہ اندازی ایک دوسرے پر غالب آنے کی بھی علامت ہے۔ (۲) چنانچہ جو دیکھے کہ اس نے کسی انسان سے قرعہ اندازی کی اور قرعہ اس کے نام نکلا ہے تو اپنے قرض خواہ پر غالب آئے گا۔ (۳) اگر اس کے قرض خواہ کے نام نکلا ہے تو دلیل ہے صاحب خواب کو قید اور پریشانی پہنچے گی۔

## مقام ابراھیم علیہ السلام (مقام ابراہیم)

(۱) جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ مقام ابراھیم پر آیا ہے اور نماز پڑھی ہے تو دلیل ہے مردِ مؤمن ہے اور شریعت کی پابندی کرتا ہے اور اسے حج بیت اللہ کی سعادت نصیب ہو گی' کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ ﴿فِيهِ ءَايَٰتٌۢ بَيِّنَٰتٌ مَّقَامُ إِبْرَٰهِيمَ﴾ (آل عمران) یعنی اس میں کھلی نشانیاں ہیں اور جو شخص مقام ابراھیم کے پاس آئے اور وہ خوفزدہ ہے تو امن حاصل ہو گا' مقامِ ابراھیم پر آنا منصبِ جلیل پر فائز ہونے یا علمی افادہ پر توجہ دینے کی یا والد یا والدہ کی طرف سے حاصل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہونے والی وراثت پر دلالت کرتا ہے مقام ابراھیم کے پاس بیٹھنا حد کے پاس ٹھہرنے کی دلیل ہے تا آنکہ وہ وہاں سے منتقل ہوا ہے۔

## المقایضۃ (تبادلے کرنا)

(۱) خواب میں شے کا تبادلہ کرنزولِ آفت و مصیبت میں مبتلا ہونے اور اس کے عوض ایسی چیز ملنے کی دلیل ہے جو دنیا و آخرت میں اس سے بہت بہتر ہوگی۔

## المقبرۃ (قبرستان)

(۱) خواب میں قبرستان دیکھنا خائف کے لئے امن کی اور مامون کے لئے خوف کی دلیل ہے' قبرستان خوف و امید اور گمراہی کے بعد ہدایت کی طرف رجوع کرنے کی علامت ہے۔ (۲) مشرکین کا قبرستان دیکھنا فکر و تکلیف خوف اور دین میں شک کی دلیل ہے' اور قبرستان وحشتناک قید خانہ اور آخرت کی دلیل ہے' قبرستان عبادت و زھد اور فقراء کے مسکن اور دنیا سے یکسوئی اور آہ و بکار اور مواعظ پر دلالت کرتا ہے' قبرستان موت کی بھی دلیل ہے' کیونکہ قبرستان مُردوں کا گھر ہے' قبرستان شراب خانے پر دلالت کرتا ہے جس میں نشائی مردوں کی طرح ہوئے ہوتے ہیں' نیز ان غافلوں کی دلیل ہے جو نہ نماز پڑھتے ہیں اور نہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں' قبرستان قید خانہ کی بھی دلیل ہے' اس لئے کہ میت اپنی قبر میں قید ہوتی ہے۔ (۳) اگر کوئی بیمار شخص خواب میں قبرستان میں داخل ہو تو دلیل ہے وہ اسی بیماری میں مرے گا۔ (۴) اگر قبرستان میں داخل ہونے کے وقت عاجزی اختیار کیے ہوئے تھا یا کتاب اللہ کی تلاوت کرتا ہوا داخل ہوا یا قبلہ رو ہو کر نماز پڑھ رہا تھا تو وہ نیک لوگوں میں شمار ہوگا۔ (۵) اگر داخل ہونے کے وقت ہنس رہا تھا یا قبروں پر پیشاب کر رہا تھا یا مردوں کے ساتھ چل رہا ہے تو دلیل ہے وہ بُرے لوگوں میں شمار ہوگا۔ (۶) اگر قبرستان میں اذان دے کر داخل ہوا ہے تو تعبیر ہے اس شخص کو نصیحت اور وعظ کرے گا جو نصیحت قبول نہیں کرتا اور نیکی کا حکم دے گا' مشہور قبرستان کی تعبیر امرِ حق ہے۔ (۷) خواب میں قبرستان وعظ و نصیحت' آہ و بکاء' خشوع' عاجزی اور دنیا سے بے رغبتی کی دلیل ہے' قبرستان علماء' زاھدین' اُمراء اور لشکروں کے قائدین کی دلیل ہے مسلمانوں کے قبرستان ان کے خیموں اور ذمیوں کی قبریں بدعت و غفلت' شرور نافسق و فجور اور کفر و خوف ہیں' اور زمانہ جاہلیت کی قبریں دیکھنا کسب و معاش' قائد کی گرفتاری اور راز کے منکشف ہونے کی دلیل ہیں۔

## المقثاۃ (کھیرے اُگنے کی جگہ)

(۱) خواب میں اس کی تعبیر فوائد اور مسلسل اور لگاتار رزق ہیں' کھیرے اگنے کی جگہ صاحب اولاد عورت پر دلالت کرتی ہے' اور جو شخص ان کا مالک بنا ہوا اور وہ بادشاہت کا اہل ہو تو بادشاہ ہوگا اور دشمنوں پر غلبہ حاصل کرے گا' فقیر ہو تو مستغنی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوگا' اگر کنوارا ہوتو شادی ہوگی' اگر طالبِ علم ہوتو مختلف فنون علم حاصل ہوں گے' اگر عاصی اور گنہگار ہوتو رجوع الی اللہ کرے گا' اور توبہ کا پھل چنے گا۔ (۲) اگر کھیرے درخت پر لگے ہوئے دیکھے تو یہ دین میں بدعت کے ایجاد' ظلم و بخل یا مہنگائی کی دلیل ہے۔

## المقذاف (چپو)

(۱) خواب میں کشتی کا چپو خطرات سے حفاظت اور مشکل کاموں میں رفیق و معاون کی دلیل ہے۔

## المقرعۃ (کوڑا)

(۱) خواب میں کوڑا کی تعبیر ملامت و اذیت ہے' کوڑا کبھی رفعت و بلندی' مال اور خیر و شر میں معین و مددگار پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## المقری (پڑھانے والا)

(۱) خواب میں اس کو دیکھنا نیکی کا حکم اور برائی سے منع کرنے کی دلیل ہے۔

## المقص (قینچی)

(۱) خواب میں قینچی اسباب قرض پر دینے کی دلیل ہے کیونکہ قینچی کا ایک نام مقراض بھی ہے قینچی کی تعبیر کام کا متولی ہے جو حق و باطل میں فرق کرنے والا ہے اور قینچی اولاد میں اور غلاموں بھائی بہن اور سواریوں میں اضافہ کی دلیل ہے' اگر اس کے پاس کوئی سی ایک چیز ہو تو ایک اور اسے حاصل ہوگی' لیکن اگر وہ کنوارا ہے تو اس کی شادی ہوگی۔ (۲) اور جو دیکھے کہ قینچی آسمان سے اُس کے پاس اتری ہے تو اشارہ ہے اس کی عمر اب اختتام کو ہے۔ (۳) خواب میں لوگوں کی داڑھیاں یا کپڑے قینچی سے کاٹنا ان کی غیبت کرنے اور خیانت کا مرتکب ہونے کی دلیل ہے بعض کہتے ہیں کہ قینچی کی تعبیر دو باھم متفق شریک کار ہیں' بعض کہتے ہیں۔ (۴) کہ جو خواب میں اپنے ہاتھ میں قینچی دیکھے تو ماں شریک بھائی پیدا ہوگا۔ (۵) جو دیکھے کہ اس کے ہاتھ میں قینچی ہے اور وہ اس کے ساتھ بال یا اون کاٹتا ہے تو تعبیر ہے وہ مال کثیر جمع کرے گا' بعض کہتے ہیں کہ قینچی لوگوں کے مابین صلح کرانے والا شخص پر بھی دلالت کرتی ہے۔

## المقلاع (پتھر پھینکنے کا آلہ)

(۱) جو خواب میں دیکھے کہ اس نے ایک انسان پر گو پیا پتھر پھینکنے کا آلہ کے ذریعہ پتھر پھینکا ہے تو دلیل ہے صاحب خواب سخت دلی کی وجہ سے کسی امرِ حق میں اس شخص کے خلاف بددعا کریگا ہے۔ (۲) اور جو دیکھے کہ عورتوں نے اس کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پتھر مارا ہے تو دلیل ہے جادوگر اس کو فریب دیں گے، گو یا سخت طریقہ سے کلام حق کہنے پر بھی دلالت کرتا ہے، بعض کہتے ہیں کہ گو یا کے ذریعہ اگر خواب میں پتھر نہ پھینکا گیا ہو تو یہ توبہ اور گناہوں کے چھوڑ دینے کی علامت ہے۔

## المقلاۃ (کڑھائی)

(۱) خواب میں کڑھائی کی تعبیر ایسی عورت ہے جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں غم والم کے سبب اس کے آنسو جاری رہتے ہوں، کہا جاتا ہے کہ غم کے آنسو گرم اور خوشی کے آنسو ٹھنڈے ہوتے ہیں۔

## المقلو (تلی ہوئی چیز)

(۱) خواب میں تلی ہوئی یا بھونی ہوئی چیز دوری ناپسندگی، دور کے قریب ہونے اور حاجات کے پورا ہونے کی دلیل ہے، اور تلا ہوا حلوا فائدہ مند شراکتداری پر دلالت کرتا ہے۔

## المقود (لگام)

(۱) خواب میں لگام خیر یا شر کی تابعداری ہے، جو شخص دیکھے کہ اس کے پاس لگام ہے تو مشکل امور اس کے تابع ہوں گے۔

## مقیاس الماء (پانی کی مقدار معلوم کرنے کا تھرمامیٹر)

(۱) خواب میں یہ آلہ دیکھنا نزولِ بارش ورحمتِ خداوندی کی دلیل ہے، نیز شدت کے بعد آسانی کی نوید ہے۔ (۲) اگر دیکھے کہ پانی اپنی حد کو پہنچ گیا ہے تو یہ بشارت وخوشی اور خوشحالی کی علامت ہے۔ پانی کا آلہ حج اور عید کے مہینوں پر بھی دلالت کرتا ہے، نیز فرحت ومسرت اور دارالحکومت کی دلیل ہے۔

## المکاتبۃ (غلام کو مکاتب بنانا)

(۱) خواب میں اپنے غلام کو مکاتب بنانا غلام وآقا کی عمروں کے طویل ہونے کی دلیل ہے، کیونکہ مکاتب ایک مدت کو دوسری مدت کے ساتھ ملاتا ہے، نیز ایسی راحت کی بھی دلیل ہے، جو دونوں کو حاصل ہوگی۔

## المکاری (کرایہ پر دینے والا)

(۱) خواب میں اس کو دیکھنا امراض سے شفاء، گناہ کرنے اور بوجھ اُٹھانے کی دلیل ہے بسا اوقات اس کا دیکھنا تکالیف برداشت کرنے اور راحت حاصل ہونے کی دلیل ہوتا ہے، کرایہ پر جانور وغیرہ دینے والے کی تعبیر معاملات کا متولی ومنتظم ہے اور لشکر کا قائد اور لوگوں کے معاملات اور امور کا ذمہ دار ہے جیسے پولیس کا افسر اور ساعی صدقات وغیرہ وصول کرنے والا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## المکبّۃ (منہ کے بل گرنا)

(۱) خواب میں منہ کے بل گرنا مخفی رازوں کو چھپانے پر دلیل ہے۔

## المکتب (تعلیم گاہ)

(۱) خواب میں مکتب دیکھنا ذلت وحقارت، بخل اور زندگی کی تنگی ہے، نیز خوف وگھبراہٹ کی بھی علامت ہے، یا پھر اعلیٰ منصب کی دلیل ہے۔

## المکحلۃ (سرمہ دانی)

(۱) خواب میں سرمہ دانی کی تعبیر وہ نیک عورت ہے جو مشکل کاموں اور لوگوں کے دین واموال کی اصلاح کے لئے کوشاں رہتی ہے اس لئے کہ آنکھ کی تعبیر دین کی بنیاد ہے۔(۲) خواب میں جو شخص سرمہ دانی میں سرمہ لگانے کے لئے سلائی ڈالے تو غیر شادی شدہ ہو تو شادی ہوگی۔ جاھل ہو تو علم حاصل کرے گا، فقیر ہو تو مستغنی ہوگا۔(۲) لیکن اگر سرمہ راکھ کا یا گند وغیرہ کا ہو تو پھر وہ حرام کمائی تلاش کرتا ہے یا بدعت میں مبتلا ہے، سرمہ دانی رازوں کی حفاظت کرنے اور مال مفقود کی بھی دلیل ہے۔

## المکنسۃ (جھاڑو)

(۱) لکڑی کا جھاڑو خواب میں دیکھنا خادموں کی نافرمانی کرنے کی علامت ہے، جھاڑو باندی کی بھی دلیل ہے۔ (۲) جو شخص دیکھے کہ اس نے اپنے گھر کو جھاڑو کے ذریعے صاف کیا ہے تو اگر وہ مالدار ہے تو فقیر ہونے کا خدشہ ہے، بعض کہتے ہیں کہ گھر میں جھاڑو دینا اس گھر میں موجود مریض کی موت پر دلالت کرتا ہے یا کسی اور جگہ کی طرف اس کے منتقل ہونے کی علامت ہے، یا اموال میں تفرق کی دلیل ہے۔(۳) اگر کسی زمین پر جھاڑو سے صفائی کی ہے اور اس کا کوڑا جمع کیا ہے تو اسے مالی فائدہ حاصل ہوگا ورنہ وہ وصول کرنے والا فقیر بھکاری اور سائل بنے گا، جھاڑو دیکھنا زوالِ عمر وفکر اور ادائے قرض کی بھی دلیل ہے۔

## مکہ مکرّمہ

(۱) خواب میں مکہ مکرمہ کی تعبیر امام وقت سے کی جاتی ہے لہذا مکہ مکرمہ میں کوئی کمی زیادتی دیکھے تو اسے امامِ وقت کی طرف منسوب کیا جائے گا یا صاحب خواب کے دین کی طرف۔(۲) جو شخص مکہ مکرمہ کو اپنی منزل دیکھے اور وہ غلام تھا تو آزادی ملے گی، اگر (غلامی سے) آزاد تھا تو سلطان سے عزت ملے گی، اور لوگ علم سیکھنے کے لئے اس کے پاس چلے آئیں گے، خواب میں جو شخص مکہ کو اپنی پشت کے پیچھے کرے تو رئیس یا سلطان سے علیحدگی ہوگی، جو دیکھے کہ مکہ مکرمہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



منہدم ہوا ہے تو اشارہ ہے وہ نماز بہت کم پڑھنے والا ہے' مکہ میں داخل ہونا ایسی خوبصورت دلہن کی دلیل ہے جس کا پیغام نکاح دینے والے بہت ہوں۔ گنہگار کے لئے مکہ میں داخل ہونا توبہ کی دلیل ہے۔ کافر کے لئے اسلام قبول کرنے کی بشارت ہے' کنوارے کے لئے شادی کی علامت ہے' اگر صاحب خواب کسی مقدمہ میں پھنسا ہوا ہو تو مدمقابل پر غلبہ حاصل کریگا۔ مکہ میں داخل ہونا خوف سے مامون ہونے کی بھی دلیل ہے۔ (۲) جو شخص دیکھے کہ وہ مکہ کی طرف روانہ ہوا ہے تا کہ حج کرے ان شاء اللہ تعالیٰ اسے حج نصیب ہوگا۔ (۳) اگر وہ مریض ہو تو مرض طویل ہوگا ہوسکتا ہے کہ موت آجائے۔ (۴) جو دیکھے کہ وہ مکہ کا مجاور ہے تو وہ ناقص عمر پائے گا۔ (۵) اگر دیکھے کہ وہ مردوں کے ساتھ مکہ مکرمہ میں ہے تو اسے موت شہادت نصیب ہوگی' اور جو خواب میں صرف تجارت کی غرض سے مکہ کا رُخ کرے تو دلیل ہے وہ دنیا کا حریص ہے۔ (۶) مکہ مکرمہ کو سرسبز دیکھنا خیر کی دلیل ہے۔

## المکیال (پیمانہ)

(۱) خواب میں پیمانہ سلطان یا حاکم ہے' لہٰذا جو دیکھے کہ اسے پیمانہ دیا گیا ہے تو اسے حکومت حاصل ہوگی' یہی تعبیر ہے جب اپنے آپ کو مکیال یا میزان دیکھے خواب میں لوگوں کو ناپ تول میں کمی کرتے دیکھا تو قاضی کے حق بات سے اعراض کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## کشتی کا ملاح

(۱) خواب میں ملاح کی تعبیر جیل کا داروغہ ہے' بعض کہتے ہیں کہ بادشاہ کا وزیر یا مشیر اور اس کے لشکر کا قائد' اور لوگوں میں متوسط کی دلیل ہے' یا پھر خچر اور گدھا فروش کی دلیل ہے۔

## ملاقات الملائکہ (فرشتوں سے ملاقات)

(۱) خواب میں فرشتوں سے ملاقات مشکلات میں مبتلا ہونے اور پھر اس سے خلاصی پانے کی دلیل ہے۔

## الملاینۃ (اپس میں نرم برتاؤ کرنا)

(۱) خواب میں گھٹیا درجہ کے لوگوں کے لئے نرم برتاؤ کرنا بیداری میں ان کے حق میں کمی' زوالِ منصب اور فقر سوال (مانگنا) ہے۔

## الملح (نمک)

(۱) خواب میں نمک کی تعبیر بلا مشقت حاصل ہونے والا مال ہے۔ (۲) خواب میں اگر دو مخالفوں کے درمیان تعلق

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



داری دیکھے تو وہ آپس میں صلح کریں گے۔ (۳) اور جو لوگوں کے تعلقات خراب ہوئے دیکھے تو اس جگہ پر طاعون کا مرض آئے گا' یا وہ جگہ ظلم یا قحط کا شکار ہوگی' نمک مشغولیت اور مرض پر بھی دلالت کرتا ہے نیز دنیا سے بے رغبتی اور خیر و نعمت کی بھی علامت ہے۔ (۴) جو خواب میں نمک کے ساتھ روٹی کھائے تو وہ دنیا کے معمولی مال پر قناعت کرتا ہے' نمک کی کان کی تعبیر خوبرو باندی ہے۔ (۵) جو خواب میں نمک پائے تو اشارہ ہے شدّت و مرض میں مبتلا ہوگا' اور نمک وہ چیز ہے جس کے ساتھ ہر چیز کی اصلاح وابستہ ہے جیسے قرآن و سنت اور سلامتی کے احکام کا عالم' نیز زوجہ مال و اولاد اور رزق حلال ہے۔ (۶) اگر صاحب خواب خوفزدہ ہو اور خواب میں نمک دیکھے تو امن و سکون یا حلم و بردباری حاصل ہوگی' اس لئے کہ لفظ ملح کا عکس حلم ہے' اور نمک لگا کر سکھائی گئی مچھلی خوش کن خبریں اور نمک ملا یا زیتون عہد شکنی کی دلیل ہے۔

## الملحفۃ (اوڑھنے کی چادر)

(۱) خواب میں اوڑھنے کی چادر کی تعبیر صاحب خواب کی بیوی سے کی جاتی ہے۔ (۲) چنانچہ جو دیکھے کہ وہ اس چادر پر سویا ہے تو اسے دیندار عورت ملے گی' جو سرخ چادر اُڑھے تو جدل و قتال سے واسطہ پڑے گا۔ (۳) اور جو دیکھے کہ وہ چادر اس سے چھین لی گئی ہے تو وہ اپنی زوجہ سے ظلم یا موت کے ذریعہ جُدا ہوگا'

## الملحم (لڑائی اور قتل)

(۱) خواب میں لڑائی قتل عورت یا گھمسان جنگ یا مرض کی دلیل ہے۔

## الملحی (نمک فروش)

(۱) خواب میں نمک فروش مالدار آدمی یا لوگوں کے درمیان صلح صفائی کرانے والا شخص ہے۔

## الملقط (دھات کی کان)

(۱) خواب میں دھات کی کان دیکھنا مشقت و تکالیف پر صبر کرنے والا لڑکا ہے۔

## الملک (فرشتہ)

(۱) جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ فرشتہ سے باتیں کرتا ہے یا اس کو کوئی چیز دیتا ہے تو ان شاء اللہ تعالیٰ وہ شخص شہادت سے سرفراز ہوگا۔ (۲) اور جو دیکھے کہ فرشتے ایک جگہ پر ہیں اگر اس جگہ کے رہنے والے کسی لڑائی میں مبتلا ہیں تو غالب ہوں گے۔ (۳) اگر کسی مصیبت میں مبتلا ہیں تو وہ مصیبت دور ہوگی' فرشتوں کا نزول وباء یا طاعون یا امراء عاملین یا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قائدین کی دلیل ہوسکتا ہے۔ (۴) اور جو شخص دیکھے کہ وہ فرشتوں کے ساتھ اڑتا ہے تو اسے شہادت حاصل ہوگی اور وہ اللہ تعالیٰ کی رضامندی اور اکرام سے نوازا جائے گا۔ (۵) جو خواب میں فرشتوں کو ایک جگہ پر دیکھے اور ان سے ڈر بھی رہا ہو تو اس جگہ پر لڑائی فتنہ اور عداوت و دشمنی واقع ہوگی۔ (۶) اگر دیکھے کہ فرشتے اس کو سجدہ کرتے ہیں یا اس کے سامنے رکوع کی حالت میں ہیں تو اس کی حاجات پوری ہوں گی اور وہ صلاح (بھلائی) اور نیک نامی سے نوازا جائے گا۔ (۷) اگر فرشتوں کو عورتوں کی صورت وشکل میں دیکھے وہ اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھتا ہے۔ (۸) اگر دیکھے کہ فرشتے اس کو لڑکے کی خوشخبری دیتے ہیں تو اس کے ہاں نیک صالح متقی عالم بیٹا تولد ہوگا لوگ اس کی پیروی کریں گے۔ (۹) اگر کسی علاقہ میں فرشتوں کی ایک جماعت دیکھے تو اس جگہ کوئی عالم یا زاھد وعابد وفات پائے گا اور مظلوم شخص قتل ہوگا۔ (۱۰) جو دیکھے کہ اس کی صورت بدل کر فرشتہ کی طرح ہوگئی ہے تو اسے شرف وعزت حاصل ہوگی۔ (۱۱) جو دیکھے کہ وہ فرشتہ سے کشتی کرتا ہے تو یہ زوال مقام ومرتبہ کی دلیل ہے اور غم سے بھی دوچار ہوگا۔ (۱۲) اگر دیکھے کہ فرشتے اس کے گھر میں داخل ہوئے ہیں تو اس کے گھر میں چور آئیں گے۔ (۱۳) اگر دیکھے کہ فرشتہ نے اس سے اس کا اسلحہ لیا ہے تو یہ اس شخص کی قوت و مال اور منفعت کے ختم ہونے کی دلیل ہے ممکن ہے کہ وہ اپنی بیوی سے علیحدہ ہو جائے۔ (۱۴) اگر فرشتہ کو بچہ کی شکل میں دیکھے تو یہ زمانہ مستقبل کی دلیل ہے۔ (۱۵) اور اگر اس کو جوان دیکھا ہے تو زمانہ حاضر کی دلیل ہے۔ (۱۶) اور اگر اس کو بوڑھا دیکھا ہے تو یہ زمانہ ماضی کی دلیل ہے۔ (۱۷) جو دیکھے کہ وہ خود فرشتہ بن گیا ہے تو وہ کاھن یا نجومی یا طعنہ زن اور عیب گیر ہے۔ (۱۸) اگر وہ مریض ہو تو یہ اس کا دین وحالات درست ہوں گے اور مال میں کثرت آئے گی۔ (۱۹) جب فرشتوں کا نزول قبرستان میں دیکھے تو وہاں نیک لوگ دفن ہوں گے۔ (۲۰) اگر فرشتوں کو بازار میں دیکھے تو یہ اوزان میں کمی کرنے کی دلیل ہے۔ (۲۱) جو دیکھے کہ وہ فرشتہ سے کشتی کرتا ہے تو عزت کے بعد ذلت اور پریشانی ملنے کی دلیل ہے۔ (۲۲) جو دیکھے کہ اس کی صورت فرشتہ جیسی ہوگئی ہے تو اگر شدت میں مبتلا ہے تو فراخی ہوگی اگر غلامی میں مبتلا ہے تو آزادی ملے گی اگر شریف واعلیٰ درجہ کا ہے تو اس میں زیادتی اور سرداری حاصل ہوگی جو فرشتوں کو دیکھے کہ اسے سلام کہتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اسے اس کی زندگی میں بصیرت عطا فرمائیں گے اور اس کا خاتمہ بالخیر ہوگا۔ (۲۳) اگر کافر خواب دیکھے کہ فرشتے اس کے لئے دعائے رحمت ومغفرت کرتے ہیں تو وہ مسلمان ہوگا فرشتوں کو دیکھنا بیٹوں اور اصحاب عہد کی دلیل ہے عذاب کے فرشتے اگر کسی میت کے پاس آئے ہیں اور وہ ان سے نہیں ڈرا ہے تو یہ امن کی دلیل ہے خصوصاً کہ وہ مسافر ہوں رہزنوں سے مامون ومحفوظ رہے گا۔ فرشتوں کا دیکھنا بادشاہ کے قاصد یا اس کے نائب یا حاکم کی دلیل ہے اگر اس کے ذمہ قرض ہو تو قرض سے نجات ملے گی اگر مریض ہو تو شفاء ہوگی فرشتوں کا دیکھنا ان ترجمانوں کی دلیل ہے جو لوگوں کی زبانیں جانتے ہیں کیونکہ وہ ہر ایک سے ان کی زبان میں سوال کرتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## المماطلة (ٹال مٹول کرنا)

(۱) اگر ٹال مٹول عورت کی طرف سے ہو تو دلیل ہے وہ اپنے لئے جدائیگی اور شادی نہ کرنے میں جلدی کرتی ہے' یا وہ دوسروں سے علیحدگی کو ترجیح دیتی ہے۔

## المن (ترنجبین)

(۱) خواب میں ترنجبین کی تعبیر رزقِ حلال ہے یا دینے والے کا احسان جتانا ہے' جو شخص خواب میں ترنجبین کھاتا ہے تو اسے بلا مشقت رزق حاصل ہوگا۔

## مِنیٰ (مقامِ منیٰ)

جو خواب میں خود کو منیٰ میں دیکھے تو جس چیز سے خوف رکھتا ہے اس سے امن ہوگا اور دنیا و آخرت کی جو بھی آرزو رکھتا ہے وہ پوری ہوگی۔

## مَنی

(۱) خواب میں منی کی تعبیر مال ہے۔ (۲) اگر دیکھے کہ اس کے پاس منی کا گھڑا ہے تو اسے خزانہ ملے گا۔ (۳) جو دیکھے کہ اس کی بیوی کی شرمگاہ سے زرد رنگ کا پانی نکلا ہے تو اشارہ ہے اس کے ہاں بیمار بچہ پیدا ہوگا۔ (۴) اگر سرخ رنگ کا پانی نکلا ہے تو وہ بچہ کم عمر ہوگا۔ (۵) اگر سیاہ رنگ کا پانی نکلا ہے تو وہ بچہ اپنے گھر کے لوگوں کا سردار ہوگا۔ (۶) اگر اس سے آگ نکلی ہے تو وہ بچہ قوت و سلطنت اور ظلم و جور والا ہوگا' بعض کہتے ہیں کہ منی کی تعبیر لفظی اشتراک کی وجہ سے مُنیٰ (آرزو) سے کی جاتی ہے' خواب میں منی کا خروج دیکھنا مال میں کوتاہی افشاءِ راز یا اولاد کی موت ہے۔ (۷) اگر صاحبِ خواب کاشتکار ہو تو بے آباد اور بنجر زمین آباد کرے گا اور اس سے پانی نکالے گا۔

## مناخ الابل (اونٹوں کا باڑہ)

(۱) اونٹوں کا باڑہ کی تعبیر رؤسا (بڑے لوگ) کی مجلس ہے جیسے مسجد' فقراء کا مسکن اور دکان جہاں تاجر آتے ہیں۔

## المناداة (پکارنا ایک دوسرے کو)

(۱) جو خواب میں دیکھے کہ اسے پکارا جا رہا ہے تو دلیل ہے وہ گھٹیا لوگوں سے صحبت رکھتا ہے۔ (۲) اور جو دیکھے کہ اسے وادی کے کنارہ سے پکارا گیا ہے تو اسے ولایت عظیمہ حاصل ہوگی۔ (۳) اگر دور جگہ سے اسے پکارا گیا ہے تو اس نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ﴿اُولٰئک ینادون من مکان بعید﴾ یعنی یہ لوگ دور جگہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے پکارتے جائیں گے۔

## المنادی (پکارنے والا)

(۱) خواب میں منادی کی آواز کو سننا سفر کرنے کی دلیل ہے' جیسا کہ فرمان الٰہی ہے ﴿اُولٰٓئِکَ یُنَادَوْنَ مِنْ مَّکَانٍ بَعِیْدٍ﴾ یعنی یہ لوگ دور جگہ سے پکارے جائیں گے۔ پکارنے والے کو دیکھنا خبر کی اشاعت کی دلیل ہے۔ (۳) لیکن اگر وہ کسی غیر حلال چیز کے لئے پکارتا ہے۔ جیسے سور کھانے کی طرف بلائے' یا کسی حرام شے کے لئے پکارے۔

## المنارة (منارہ)

(۱) خواب میں منارہ کی تعبیر لوگوں کے درمیان الفت پیدا کرنے والا شخص ہے' جو لوگوں کو دینی اصلاح کی طرف دعوت دیتا ہے۔ (۲) اگر کوئی انسان دیکھے کہ منارہ گر گیا ہے تو یہ آدمی کی موت ہے یا دلیل ہے اس کی جماعت اختلاف و افتراق کا شکار ہوگی' جامع مسجد کا منارہ پیام رساں یا اللہ کے دین اور ہدایت کی طرف دعوت دینے والا آدمی پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) جو دیکھے کہ وہ منارہ سے گر کر کنوئیں میں جا گرا ہے تو تعبیر وہ زبان دراز عورت سے شادی کرے گا یا اس کی دولت (حکومت) ختم ہوگی۔ (۴) جو دیکھے کہ وہ لکڑی کے بہت بڑے منارہ پر چڑھا ہے اور اس میں اذان دی ہے تو اسے نفاق کے ساتھ رفعت و بلندی اور قوت و شوکت حاصل ہوگی۔ (۵) جو دیکھے کہ وہ منارہ پر کھڑا تسبیح و تہلیل (لا الہ الا اللہ پڑھنا) کرتا ہے تو اسے دنیا کی رفعت و بلندی حاصل ہوگی' اور اس کا تسبیح کرنا غم و حزن جو اللہ تعالیٰ دور فرمائیں گے۔ منارہ کی تعبیر وزیر ہے' منارہ اس کے مؤذن کی دلیل بھی ہے۔ (۶) خواب میں چراغ لیمپ کا منارہ (اسٹینڈ) گھر کا خادم ہے لہٰذا اس میں جو نقص و زیادتی دیکھی جائے اس کی نسبت خادم کی طرف کی جائے گی' منارہ کا سرا خادم کا سر ہے' منارہ عورت کی بھی دلیل ہو سکتا ہے۔

## المنازعة (جھگڑا کرنا)

(۱) جو خواب میں دیکھے کہ اس نے کسی سے جھگڑا کیا ہے تو وہ شدید غم سے دوچار ہوگا'

## منازل الکواکب (ستاروں کی منزلیں)

(۱) منزل بطین کی تعبیر بطن (پیٹ) ہے ثریا کی تعبیر ثروت (مالداری) ہے۔ (۲) دبران ادبار (پستی) ہے هنعه منزل خوشگواری اور رنج کی دلیل ہے' ذراعِ یمانی برکت کی اور شامی نحوست کی دلیل ہے نثرہ منزل بکھرنے اور پھیلنے کی دلیل ہے' اور طرفاء نادر اور مدہ چیز ہے' جبہہ سامنے کرنے کی علامت ہے صرفہ انصراف (پھرنے) کی دلیل ہے' عواء منزل چیخ و پکار کی علامت ہے' سماکِ رامح حرام شے ہے' اور سماکِ اعزل معزوں پر دلیل ہے' اور غفر مغفرت و امان ہے'

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور قلب انقلاب زمانہ ہے' شولہ منزل بلند نظر ہے' اور نعائم انعام نعمت ہے' سعد الذابح منزل دشمن اور سعد بلع لھو ولعب ہے اور سعد السعو دسعادتمندی ہے' اور سعد الخبایا رسوائی اور عیب ہے' جو شخص ستاروں میں سے کوئی ستارہ دیکھے تو منازل طے کرنے کی دلیل ہے' جیسے بناتِ نعشن' دبِ اصغر' دب اکبر' نسر طائر' جوزا اور سنبلہ اور حمل وغیرہ۔

## المناطحۃ (ٹکر مارنا)

(۱) خواب میں ٹکر مارنا قتال اور لڑائی کی تیاری کرنے کی دلیل ہے' یا پھر بدعت وضلالت کے زمانہ آنے کی دلیل ہے۔ (۲) اور آپس میں سر ٹکرانا دونوں پر آفات ومصائب کے نزول کی دلیل ہے' یا دونوں کے مابین لڑائی کی علامت ہے۔ (۳) اگر دونوں کے دماغوں (سروں) سے خون نکلا ہو اور بہا ہو تو دونوں کا انجام برا اور نقصان دہ ہوگا' یا پھر حسب ونسب (خاندان) پر اظہار فخر کی دلیل ہے۔

## مناقرۃ بالدیوک (مُرغوں کو لڑنا)

(۱) اس کی تعبیر علماءِ خطباء اور موؤذنوں کے مابین لڑائی فساد ہے۔

## منبر

(۱) منبر کی تعبیر سلطان العرب' جماعتِ اسلام اور وہ مقام کریم ہے جس کا اللہ تعالیٰ اپنی کتاب میں ذ[کر] کیا ہے۔ (۲) جو اپنے آپ کو منبر پر بیٹھے نیک باتیں کرتے دیکھے اور اگر وہ منبر پر بیٹھنے کا اہل ہے تو اسے باعز[ت او]ر اعلیٰ سلطنت حاصل ہوگی' ورنہ نیک شہرت ملے گی۔ (۳) اگر والی یا سلطان دیکھے کہ اسے نیچے گرایا گیا ہے یا اسے زبردستی منبر سے اُتار دیا گیا یا اس کا منبر ٹوٹ گیا ہے تو یہ موت کی علامت ہے یا بیداری میں زوالِ سلطنت کی دلیل ہے' منبر ولایت کی نشانی ہے (حکومت) اور دشمن پر غلبہ کی دلیل ہے' سلطان جب خواب میں منبر پر چڑھے تو اس کی مملکت دائمی ہوگی اور وہ اپنے دشمنوں پر غالب رہے گا۔

## المنثور (نثر)

(۱) خواب میں غیر منظوم کلام کی تعبیر مندرجہ ذیل چیزیں ہیں وفات پانے والا لڑکا یا غیر عارضی خوشی' زوال ولایت' منتقل ہونے والی' تجارت یا علحدہ ہونے والی عورت' علوم واسرار وحکم' پسندیدہ کلام یا پھر فاخرہ لباس' نصاریٰ سے معاشرت یا ان کے آثار میں سے کسی شے کا مالک ہونا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## المنجل (درانتی)

(۱) خواب میں درانتی دیکھنا رزق اور سچی خبر کی دلیل ہے' یا اختتامِ عمر کی دلیل ہے۔

## المنجم (نجومی)

(۱) خواب میں نجومی دیکھنا اصحاب منصب و مقام کے ساتھ معاشرت کی دلیل ہے۔ نجومی دیکھنا رازوں کے منکشف ہونے اور فضول چیز کی دلیل ہے' اور جو شخص کسی فکر و پریشانی میں مبتلا ہو تو وہ دور ہوگی' نجومی کو دیکھنا کنوارے کے لئے شادی' شادی شدہ کے لئے میاں بیوی کے درمیان جدائی' مریض کے لئے موت' مقیم کے لئے سفر کی اور حاملہ عورت کے لئے خلاصی پانے کی دلیل ہے۔ نجومی کا دیکھنا بشارت اور تنبیہ یا اتباع سنت اور علم و عمل پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) گم شدہ اشیاء کی خبر دینے والے کو خواب میں دیکھنا صاحب علم یا معبر و سفیر جیسے قاصد ہونے کی علامت ہے' یا خوابوں کی تعبیر بتانے والا یا ذخیروں کی خبر رکھنے والا ہے۔

## منجنیق

(۱) خواب میں منجنیق کی تعبیر بہتان تراشی اور الزام تراشی ہے' منجنیق دھوکہ و فریب' مظلوموں کی مدد اور کافروں کی تباہی ہے منجنیق کا پتھر قاصد ہے۔ (۲) چنانچہ اگر دیکھے کہ سلطان کسی انسان کو پتھر مارا ہے تو سلطان اس کے پاس سخت قسم کا قاصد بھیجے گا۔ (۳) منجنیق کے ذریعہ پتھر پھینکنے کو دیکھنا عہد شکنی اور فریب ہے۔ منجنیق علماء کی تذلیل اور ان پر الزام لگانے کی دلیل ہے' نیز پاکدامن عورتوں پر تہمت لگانے اور دین پر طعن و الزام لگانے کی بھی علامت ہے۔ (۴) منجنیق دیکھنا اس جگہ پر فتنہ انگیزی پھیلنے کی دلیل ہے جس جگہ پر منجنیق کو سنگ باری کے لئے نصب شدہ دیکھا جائے۔

## المنخل (چھلنی)

(۱) چھلنی کا خواب میں دیکھنا ضلالت کے بعد ہدایت' معصیت کے بعد توبہ کرنے پر دلالت کرتا ہے' یا اس کی تعبیر حق و باطل کے درمیان فرق کرنے والا حاکم ہے' یا بے ضرر و شریر انسان کی دلیل ہے۔ چھلنی مضرت و تفریق کی بھی علامت ہے کیونکہ چھلنی کا کام چیزوں کی تقسیم ہے نہ کہ جمع کرنا' بعض کہتے ہیں کہ چھلنی کی تعبیر وہ آدمی ہے جو دوستوں اور گھر والوں کے درمیان فرق کرتا ہے' بعض کہتے ہیں کہ چھلنی کنگھی کرنے والا خادم پر بھی دلالت کرتا ہے کیونکہ چھلنی میل کچیل دور کرتی ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ چھلنی کی تعبیر وہ شخص ہے جس کے ہاتھوں عمر و مال نکلتے ہوں' نیز خادمہ کی بھی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## المندفة (روئی دھننے کی کمان)

(۱) اس کی تعبیر بُری عورت ہے' اور اس کمان کی تانت کی تعبیر مشہور زمانہ آدمی ہے۔ اور روئی دھننے کی کمان کی تعبیر منافق شخص ہے۔

## المندیل (رومال)

(۱) خواب میں رومال نرمی یا زوجہ یا اولاد کی دلیل ہے' خصوصاً جب رومال نقش ونگار والا ہو تو یہ عمدہ معانی اور فضل کثیر کی دلیل ہے' اس لئے کہ رومال گرمی اور سردی سے بچنے کا ذریعہ ہے' اور اسے کندھے یا سر پر رکھا جاتا ہے' اور اس پر نماز بھی پڑھی جاتی ہے' رومال لینا یا دینا امان وامانت (حکومت) ہے' چہروں اور کپڑوں سے گرد وغبار اس رومال کے ذریعہ جھاڑا جاتا ہے۔ رومال خادم پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۲) جو شخص دیکھے کہ وہ جھوٹے لوگوں کا رومال باندھتا ہے تو اس کی کسی بدکار عورت سے شادی ہوگی۔

## المنشار (آری)

(۱) خواب میں آری دیکھنے کی تعبیر وہ آدمی ہے جو لیتا دیتا ہے اور رواداری اور نرمی برتتا ہے' آری حاکم اور نگران پر بھی دلالت کرتا ہے جو فریقین کے درمیان فیصلہ کرتا ہے' آری شادی کی بھی دلیل بن سکتی ہے' کیونکہ آری لکڑی میں داخل کی جاتی ہے۔ (۲) آری تقسیم کرنے والا زوجین میں تفریق کرنے والا شخص کی بھی علامت ہے' آری ترازو' کرایہ پر دینے والے' کپڑے میں تانا ڈالنے والے اور شریر لوگوں کے لئے مقرر جاسوس کی بھی دلیل ہے' آری مدد' قوت اور رزق ہے۔ (۳) عود لکڑی کی آری کاٹنے کی تعبیر رئیس عالم آدمی ہے۔ (۴) ابنوس درخت کی آری وہ آدمی ہے جو سیاہ فام لوگوں کو تابع کرتا ہے۔ (۵) سنگ مرمر کاٹنے کی آری جنت کے محلات کی دلیل ہے۔ (۶) لکڑی کی آری عوام الناس کی دلیل ہے' جیسے آٹا پیسنے والا اور غلہ صاف کرنے والا وغیرہ۔

## المنطقة (پیٹی)

(۱) جو خواب میں کمر پر کمر بند باندھے تو دلیل ہے اس کی نصف عمر باقی ہے۔ (۲) اور بہت زیادہ کمر بند (پٹکے) پہننا طولِ عمر کی دلیل ہے' پیٹی اولاد یا بڑا رئیس پر بھی دلالت کرتی ہے۔ (۳) جو دیکھے کہ اس نے بغیر زیور کے پیٹی باندھی ہوئی ہے تو دلیل ہے وہ شریف طاقتور باعزت آدمی کا سہارا لے گا اس سے خیر یا نعمت حاصل ہوگی جس سے اس کی پشت پناہی ہوگی اور فقر واحتیاج دور ہوگی۔ (۴) جو اپنی کمر پر پیٹی باندھے اور وہ (حقیقت میں) فقیر ہو تو مستغنی ہوگا۔ سلطان ہو تو قوی ہوگا۔ (۵) اگر وہ پیٹی سونے سے مزیّن ہو تو وہ زیور والی کے قائدین سے ہیں۔ (۶) اگر اس میں لگا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوا زیور لوہے کا ہو تو والی کے قائدین (لشکر کے سربراہاں) قوت وطاقت والے ہیں۔ (۷) اگر وہ زیور پیتل کا ہو تو وہ قائدین دنیا کے مال ومتاع سے فائدہ حاصل کرنے والے ہیں۔ (۸) اگر سیسہ کا ہو تو وہ کمزور وضعیف ہیں۔ (۹) اگر پیٹی میں لگا ہوا زیور چاندی کا ہو تو اگر اس پیٹی کی نسبت رئیس کی طرف ہو (یعنی وہ مراد ہو) تو وہ رئیس مال وجاہ والا ہوگا۔ اور اگر وہ پیٹی اولاد سے کنایہ ہو تو وہ ولد سردار ہوگا اور اس میں کچھ جہالت ہوگی۔ (۱۰) اگر خواب میں اسے پیٹی دی گئی اسے اس نے دائیں ہاتھ سے لیا ہے' اس کو پہنا نہیں ہے تو وہ سلطان غلبہ کے لئے سفر کرے گا۔ اور اگر بائیں ہاتھ سے اسے پکڑا اور اس کے ہاتھ میں کھڑا ہے تو یہ ولایت (متولی بننا) ہے۔ (۱۱) اگر خواب میں پیٹی کمر پر باندھی ہے اور پھر وہ ٹوٹ گئی ہے تو اگر سلطان ہو تو معزول ہوگا یا اپنے رئیس سے علحدہ ہوگا یا مر جائیگا۔ (۱۲) اگر اس کی پیٹی ٹوٹی ہوئی تھی اور وہ اولاد کی آرزو رکھتا ہے تو اسے اولاد ملے گی' اگر وہ کسی خوف یا علت (بیماری) میں مبتلا ہے تو وہ دور ہوگی۔ اگر وہ سلطان ہو تو سلطنت میں قوت آئے گی' پیٹی بے کار کے لئے خدمت (کام کاج) کی دلیل ہے یا عورت یا عیال واولاد کی کثرت ہے۔

## المنظرة (منظر)

(۱) خواب میں منظر قدرت منظور نظر آدمی ہے۔ (۲) جو خواب میں قدرت کا منظر دور سے دیکھے تو وہ اپنے دشمن پر غالب آئے گا' اور اس کی خواہش پوری ہوگی' اور رفعت وبلندی حاصل ہوگی' اگر تاجر منظر دیکھے تو اسے نفع حاصل ہوگا اور وہ اپنے ساتھیوں سے بلند وفائق ہوگا' اور منظر کی عمارت گھر کی عمارت کے قائم مقام ہے۔

## المنفاخ (پھونکنی)

(۱) لوہار کی پھونکنی کی تعبیر وزیر ہے' کیونکہ آگ کی تعبیر سلطان (بادشاہ) ہے' پھونکنی دیکھنا یاد کی تازگی شفاءِ مریض' حصولِ رزق اور عورت کا حمل ہے۔

## المنقار (چونچ)

(۱) خواب میں پرندے کی چونچ حاجت روائی اور مقصود پر مدد ہے' یا مجبوراً سفر کرنا ہے' یا وہ شخص ہے جس کے کام شدت حرص کی وجہ سے درست نہیں ہوتے ہیں' چونچ کی دلالت وکیل پر بھی ہوتی ہے' یا پھر چونچ اس کے غلام یا اس کے گدھے یا اس کے منہ کی دلیل ہے۔ (۲) خواب میں پرندے کی چونچ کا مالک ہونا عزت ووجاہت کی دلیل ہے۔

## المنقلة (بیماروں کو اٹھانے کی چارپائی)

(۱) یہ چارپائی خواب میں دیکھنا وہ آدمی ہے جو بڑی محنت ومشقت سے مال حاصل کرتا ہے۔ اس کے دیکھنے میں کوئی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خیر نہیں اور نہ ہی اس کی دلالت میں کوئی بہتری ہے' خصوصاً جب یہ چارپائی مریض کے پاس لائی جائے تو وہ مریض کی موت اور انتقال کی دلیل ہے' یہ چارپائی ایسے گھر کی دلیل ہے جہاں ایک قوم آ کر اجتماع کرتی ہو اور دوسری وہاں سے کوچ کرتی ہو۔

## المنقوع (بھگوئی ہوئی کھجوروں کا شربت)

(۱) خواب میں جو کھجوروں کا یہ شربت دوا کے طور پر پیئے تو یہ جھاڑ پھونک کے استعمال اور علم کی اقتداء یا معتدل راستہ پر چلنے کی دلیل ہے' یا پھر تلاوتِ قرآن کریم کی دلیل ہے' کیونکہ حضور ﷺ نے فرمایا۔(القرآن هو الدوا)''کشف الخفاء' یعنی قرآن پاک ہی دوا ہے۔

## المنکام (ریت گھڑی)

(۱) اسے شیشہ کی گھڑی بھی کہتے ہیں اس میں ریت ہوتی ہے' اس کی تعبیر دو فرد ہیں یعنی دولڑکے یا دو بھائی یا دو شریک ہیں' ریت گھڑی زینت و جمال کی بھی دلیل ہوتی ہے۔

## المنکب (مونڈھا)

(۱) خواب میں مونڈھے کی تعبیر آدمی کا دوست یا اس کا شریک یا اجیر ہے' یا جو اس کے قائم مقام ہے' مونڈھا رزق و خیر اور مریض کے لئے دوڑنے کی دلیل ہے' نیز سفر بعید کی بھی دلیل ہے' اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ﴿ فَامْشُوا فِي مَنَاكِبِهَا وَكُلُوا مِن رِّزْقِهِ ﴾ یعنی زمین کے راستوں پر چلو اور اس کے رزق میں سے کھاؤ' اس سے اطرافِ ارض کا سفر مراد ہے' مونڈھے کا درد اپنے ہاتھ کی محنت سے برا ہونے کی دلیل ہے۔

## المھانۃ (بغاوت)

(۱) نامرادی ہے' اور محنت و مشقت والوں کے لئے راحت و اطمینان کی دلیل ہے۔

## المھاۃ (جنگلی گائے اور بیل)

(۱) نشاط و خوشی والوں کے لئے حقارت و ذلت مخالفین کے مقابلہ میں کمزوری کی علامت ہے۔(۲) خواب میں اسے دیکھنا رئیس' بڑا عابد' گوشہ نشین اور بدعتی آدمی ہے۔(۳) جس کا سر جنگلی گائے کے سر کی طرح ہو جائے تو اسے غریب و مسافر لوگوں پر ریاست و ولایت اور غنیمت حاصل ہوگی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## المھد (جھولا)

(۱) خواب دیکھا کہ اس نے بچہ کا جھولا خریدا ہے یا وہ خود جھولے میں ہے تو دلیل ہے اسے خیر و برکت حاصل ہوگی۔ اور اس کے ہاتھوں نیک کام ہوں گے' کیونکہ فرمان الٰہی ہے ﴿ومن عمل صالحاً فلانفسھم یمھدون ﴾ (الروم) یعنی اور جو نیک عمل کر رہا ہے سو یہ لوگ اپنے لئے سامان کر رہے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ جھولا راحت و سکون اور مشفق عورت کا بیٹا اور چھوٹی بچی ہے' مردوں کے لئے جھولا غم و حزن یا قید ہونا ہے' کنوارے کے لئے جھولا زوجہ ہے' اور عورت کے لئے لڑکا ہے' جھولا دیکھنا فکر و الم' سینہ کی تنگی اور آہ و بکاء کی دلیل بھی ہوسکتا ہے۔ جھولا اور گہوارہ رقص سرور گانے اور لہو و لعب کی محفل کی دلیل بھی ہے' جھولا جدل و جدال (جھگڑے) یا مُردہ کی چارپائی کی دلیل بھی ہوسکتا ہے۔

## المھراس (ھاون دستہ)

(۱) خواب میں ھاون دستہ وہ آدمی ہے جو کام کرتا ہے اور تھک جاتا ہے' ھاون دستہ دیکھنا لڑائی جھگڑے شدت اور طلب میں ظلم کرنا ہے' ھاون دستہ دیکھنا ضروریات پورا ہونے اور معاملات کے آسان ہونے کی بھی دلیل ہے۔

## المھندس (انجینئر)

(۱) خواب میں انجینئر دیکھنا آبادی کے ویران ہونے اور ویران علاقے کے آباد ہونے' فتنہ و فساد برپا کی دلیل ہے۔ (۲) اگر خواب میں انجینئر بن گیا ہے تو وہ اپنے افعال میں سمجھدار ہے۔ (۳) انجینئر دیکھنا فقر کے بعد مالداری اور مرض کے بعد تندرستی کی دلیل ہے۔

## الموازینی (ترازوؤں والا)

(۱) خواب میں ترازوؤں والے کو دیکھنا انصاف پر قائم ہونے اور قول میں سچا ہونے کی دلیل ہے' اسی طرح اس کو دیکھنا علم اور مفید موضوعات کی دلیل ہوتا ہے۔

## الموافقہ (موافق ہونا)

(۱) خواب میں موافق ہونا نیک برادران سے محبت و تعلق اور برے برادران سے ترکِ تعلق کی دلیل ہے۔

## المؤاکلۃ (آپس میں کھانا)

(۱) میت کے ساتھ کھانا خسارہ کی اور کسی غائب شخص کے ساتھ کھانا (اس کے متعلق) خبر آنے کی دلیل ہے' دردمندی کی بھی یہی تعبیر ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## موت

(۱) خواب میں مرنا دینی کمزوری اور فساد اور دنیاوی لحاظ سے عزت وشرف پر دلالت کرتا جبکہ دفن کئے بغیر صرف چارپائی پر رکھ کر اٹھایا جائے اور اس پر رویا جائے۔ اور اگر مٹی میں دفن کر دیا گیا تو دینی درستگی کی کوئی امید نہیں ہوگی۔ بلکہ اس کی دنیا اس پر غالب آجائیگی اور جتنے لوگ اس کی جنازے میں شریک ہوں اتنے اس کے تابع ہوں گے۔ خواب میں مرنا ہر حال میں لوگوں پر غلبہ پانے ان کی گردنوں پر سوار ہونے کی علامت ہے۔ (۲) کسی نے خواب دیکھا گویا وہ مرا ہوا ہے۔ لیکن وہاں کسی کے مرنے کی کوئی ہیئت نہیں ہے۔ نہ رونا دھونا ہے نہ چیخ وپکار اور نہ ہی غسل و کفن نہ جنازے اٹھانے کا بندوبست ہے تو تعبیر ہے اس کے گھر کا کوئی کمرہ منہدم ہوگا یا دلیل ہے گھر کی دیوار گر جائے گی اس کی لکڑی ٹوٹ جائیگی۔ اور بعض معبرین کی رائے ہے یہ خواب اس کے دینی کمزوری اور بے بصیرتی کے ساتھ درازی عمرہ پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) اگر مرنے کے ساتھ اموات ہونے کی ہیئت بھی ہو یعنی غسل، کفن، رونا دھونا ہو تو اس کے دین کے زیادہ کمزور ہونے کی دلیل ہے اور رونا دھونا ہو تو دنیاوی لحاظ سے رفعت ومرتبہ کی علامت ہے۔ بعض کے نزدیک خواب میں مرنا سفر کرنے اور ایک جگہ سے دوسری جگہ کی طرف منتقل ہونے کی دلیل ہے اور بعض کے نزدیک خواب میں مرنا فقر کی دلیل ہے۔ بعض دفعہ خواب میں مر کر مدفون ہونا گناہوں سے تائب ہوئے بغیر مرنے کی علامت ہے۔ مدفون ہونے کے بعد قبر سے نکلتا دیکھنا بعدِ توبہ مرنے کی علامت ہے۔ اور بعض اہل تعبیر کہتے ہیں موت مطلقاً نکاح کرنے کی طرف اشارہ ہے اس لئے کہ نکاح کرنے والے کی طرح مردہ کو بھی نہلا کر خوشبو وغیرہ لگائی جاتی ہے۔ (۴) خواب دیکھا گویا اس کا انتقال ہوا اور لوگ اس کو کندھوں پر اٹھا کر لے جانے لگے مگر دفن نہیں کئے تو دلیل ہے وہ اپنے دشمنوں پر غالب آئیگا اور اس میں حکمران بننے کی اہلیت ہے تو حکمران بھی بن سکتا ہے۔

(۵) خواب دیکھا گویا وہ مرنے کے بعد زندگی گذار رہا ہے تو تعبیر ہے مرنے سے مستغنی ہوگا یا دلیل ہے گناہوں سے تائب ہوگا۔ اور صاحب خواب اگر مسافر ہو تو اشارہ ہے صحیح سالم سفر سے اپنے وطن لوٹ آئیگا۔ (۶) خواب میں کسی مجہول عورت کو مرتے دیکھنا امساک باران کی دلیل ہے اور اس کا زندہ ہونا زمین کے آباد ہونے کی علامت ہے۔

(۷) کبھی عورتوں میں اموات واقع ہونا بچوں میں اموات کے وقوع کی علامت ہوتا ہے جیسے کہ بچوں میں اموات ہونا عورتوں میں موت واقع ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے اس لئے کہ بچے بھی کم عقلی اور دینی کمزوری کے لحاظ سے عورتوں کی طرح ہیں۔ (۸) اگر کوئی مردہ خواب میں یہ خبر دے کہ وہ مرا نہیں ہے تو یہ اس کے شہید ہونے اور آخرت میں نعمتوں میں ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۹) خواب میں کسی مردے کو اٹھانا بے دین قسم کے انسان کا خرچہ برداشت کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۰) اور مردے کو عام اٹھانے کے طریقے کے علاوہ کسی دوسری ہیئت سے اٹھانا مال حرام پانے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۱۱) اور معروف طریقے سے میت کو اٹھانا بادشاہ کے خادم ہونے پر دلالت کرتا ہے۔
(۱۲) خواب میں کسی مردے کو بیماری کی حالت میں دیکھنا علامت ہے دینی معاملات میں اللہ تعالیٰ ان سے پوچھ گوچھ کررہے ہیں اوران معاملات میں مسئول ہے۔ (۱۳) خواب دیکھا گویا اھل قبور قبروں سے نکل کرلوگوں کے کھانے کی ساری چیزیں کھا کرختم کردی اورکچھ بھی باقی نہیں چھوڑا۔ تو یہ اشیاء کی قیمتوں میں مہنگائی ہونے پردلالت کرتا ہے۔ (۱۴) اوراگر مردے شرین سمندر کے پانی پی لئے تو وباءِ عظیم پھیلنے کی دلیل ہے۔ (۱۵) کسی معروف مردے کوخواب میں دیکھا گویا وہ مرگیا اوراس پر رویا جارہا ہے اور چیخ وپکار ہے تو تعبیر ہے اس کی نسل میں یا دوسرے رشتہ داروں میں سے کسی شخص کا انتقال ہوگا۔ (۱۶) اوراگر اس کے مرنے پر رونا دھونا نہیں ہوا اور نہ ہی نوحہ و چیخ وپکار ہوا تو اشارہ ہے اس کے اھل میں سے کسی کی شادی ہوگی اس میں اس کو سرور وفرحت نصیب ہوگی۔ (۱۷) خواب میں اگر اس سے کوئی کلام کرے تو وہ سچا ہوگا اورحق ہوگا۔ اس لئے کہ میت دارالباطل (دنیا) کو چھوڑ کر دارالحق (آخرت) میں منتقل ہوا ہے وہ حق ہی کہیگا۔ (۱۸) اوراگر دیکھے میت غیر واقع شدہ آمر کے وقوع کی بات کررہا ہے تو وہ خواب نہیں بلکہ اضغاث واحلام کہلایا جائیگا۔ (۱۹) خواب میں میت کو اچھی حالت ہیئت وصورت میں دیکھنا یا اس کو سفید یا سبز لباس میں ملبوس خوش وخرم دیکھنا دلیل ہے وہ ایسی ہی خوشی میں ہے۔ (۲۰) اوراس کو پرانے کپڑوں میں یا غبار آلود اور ترش رو حالت میں دیکھنا اس کی بدحالی کی علامت ہے۔ (۲۱) اسی طرح اس کو بیماری کی حالت میں دیکھنا عنداللہ گناہوں میں ماخوذ ہونے کی علامت ہے۔ (۲۲) خواب میں مردوں پر نماز جنازہ پڑھنا ان پر رحم کرنے اوران کی قبور کی کثرت سے زیارت کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ اوراس کی دلالت صاحبِ خواب کی مسافروں کے ساتھ مشابہت اور فقراء کے ساتھ صلہ رحمی کرنے کی بھی دلیل ہے۔ اور بعض معبرین کی رائے کے مطابق خواب میں کسی مردے کی نماز پڑھنا کسی ایسے آدمی کو وعظ ونصیحت کرنے کی دلیل ہے جس میں ماننے والا دل موجود نہ ہو۔ یا دلیل ہے کہ دنیاوی معاملے میں کم سمجھ بوجھ رکھنے والا ہوگا۔ (۲۳) کسی نے دیکھا گویا اس کی بیوی مرگئی اور پھر زندہ ہوگئی تو یہ کھیت کی فصلوں سے فوائد پہنچنے کی دلیل ہے۔ (۲۴) خواب میں کسی میت کو پانا مال پانے کی دلیل ہے۔ (۲۵) خواب میں کسی مردے کے نشاناتِ قدم پر چلتا ہوا خود کو دیکھنا بیداری میں دنیاوی یا دینی معاملے میں اس کے نقش قدم پر چلنے کی علامت ہے۔
(۲۶) خواب میں امام وقت (سربراہ مملکت) کا مرجانا شہر کے اجڑ جانے کی علامت ہے جس طرح خواب میں شہر کا اجڑنا سربراہِ مملکت کے مرنے کی دلیل ہے۔
(۲۷) خواب دیکھا گویا وہ نہیں مررہا ہے تو یہ اس کے اجل کے قریب آنے کی طرف اشارہ ہے اور کبھی خواب میں مرنا بیداری میں کسی بڑے گناہ پر ندامت اختیار کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۸) بعض علماء تعبیر کا کہنا ہے کہ خواب میں بغیر کسی مرض کے اور بغیر ہیئت موت کے مرنا درازی عمر کی نشانی ہے۔ (۲۹) خواب میں خود کو نزع کی وجہ سے موت کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کشمکش میں پانا اپنے اوپر یا کسی دوسرے پر ظلم کرنے کی دلیل ہے۔(۳۰) کسی نے دیکھا وہ مر گیا ہے اور ننگے ہونے کی حالت میں زمین میں پڑا ہوا ہے تو تعبیر ہے وہ فقیر ہوگا۔ اور اگر کسی بچھونے پہ پڑا ہوا دیکھے تو یہ دنیا کا اس کے لئے کشادہ ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۳۱) اگر خود کو کسی تخت پر پڑا دیکھے تو دلیل ہے وہ رفعت پائے گا۔(۳۲) اور فرش پر پڑا دیکھے تو رشتہ داروں کی طرف سے خیر پہنچنے کی علامت ہے۔(۳۳) خواب میں کسی اجنبی آدمی کی موت کی خبر آنا اس کے دینی فساد کی خبر آنے کی علامت ہے۔(۳۴) خواب میں بیٹے کا مر جانا دشمن سے نجات پانے کی دلیل ہے۔ (۳۵) اور بیٹی کا مر جانا کشادگی سے نا اُمید ہونے کی علامت ہے۔(۳۶) کسی غلام کا خود کو مر کر مدفون ہوتا دیکھنا اس کی آزادی کی بشارت ہے۔(۳۷) کسی کی امانت اپنے پاس رکھنے والا شخص یہ خواب دیکھے تو اس امانت کا اس کے ہاتھ سے نکل جانے کی دلیل ہے۔ اور غیر شادی شدہ کے لئے یہ خواب دلیل زوج ہے۔(۳۸) مریض کا خواب میں شادی کرنا اس کی موت کی علامت ہے۔(۳۹) کبھی مر کر مدفون ہونا شادی شدہ کے لئے اپنی بیوی یا شراکت دار یا اپنے بھائیوں یا دوستوں سے جدائی کی دلیل ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت صاحبِ خواب کے سفر پر جانے اور اجنبی ہونے کی بھی علامت ہوتی ہے اور اگر مسافر یہ خواب دیکھے تو یہ اس کے لئے اپنے اہل وعیال کی طرف واپس لوٹنے کی علامت ہے۔(۴۰) کسی خوف زدہ اور غمگین شخص کے لئے موت خیر کی دلیل ہے۔(۴۱) کبھی مریض کے لئے خواب میں مرنا اس کے مرض پر دلالت کرتا ہے۔(۴۲) خواب میں بھائیوں کا مرنا دشمنوں کے مر جانے اور متوقع نقصان سے بچنے کی دلیل ہے۔(۴۳) خواب میں خود کو مردہ قوموں میں پانا بیداری میں منافقین کے درمیان ہونے کی دلیل ہے۔(۴۴) اور کسی مردے کا مصاحب ہونا طویل سفر کرنے اور اس سفر میں خیر کثیر پانے کی دلیل ہے۔(۴۵) خواب میں میت کے ساتھ مواکلت طولِ عمر کی علامت ہے۔(۴۶) کبھی خود کو مردہ دیکھنا خوش اور قابل رشک ہونے کی دلیل ہے۔(۴۷) میت کو کسی چیز کو کھاتا دیکھنا اس چیز کے مہنگی ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۴۸) خواب میں خود کو غسل دینے کے تختے پر دیکھنا معاملہ کے بلند ہونے گناہوں' غموں اور قرضوں سے نجات ملنے کی دلیل ہے۔(۴۹) خواب دیکھا گویا کوئی مردہ کسی انسان سے کپڑے دھونے کی درخواست کر رہا ہے۔ تو تعبیر ہے گویا وہ مردہ دیکھنے والے سے یا اپنے دوست سے دعا کی درخواست کر رہا ہے یا اس کے قرض ادا کرنے یا وصیت کو نافذ کرنے ظلم سے خلاصی دلانے کی درخواست کر رہا ہے۔ اور اگر وہ انسان اس کے کپڑوں کو دھو ڈالے تو اس انسان کے ہاتھوں وہ سب کچھ ہوگا جس کی وہ درخواست کر رہا ہے۔(۵۰) خواب دیکھا گویا وہ مردوں کو قبرستان کی طرف منتقل کر رہا ہے تو یہ کسی حق معاملے کو انجام دینے کی دلیل ہے۔

(۵۱) اور بازار کی طرف مردوں کو منتقل کرنا اپنی حاجت کو پانے اور تجارت کے چلنے کی علامت ہے۔(۵۲) کسی مردے کو خواب میں زندہ ہوتا ہوا دیکھنا کسی کام کے زندہ ہونے کی دلیل ہے۔ اور اگر صاحبِ خواب کسی تنگی میں ہو تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آسانی ملنے کی نوید ہے۔(۵۳) کسی معروف مردے کو کسی گھر یا شہر یا محلہ میں کھڑا ہوتا ہوا دیکھنا ان کے جانشین حضرات یا خود صاحب خواب کا کام زندہ ہونے کی دلیل ہے۔(۵۴) اور ان مردوں کو نئے کپڑے پہنتے ہوئے یا خوش وخرم دیکھنا دلیل ہے ان کے کسی کام میں زندگی پڑ جائیگی جس میں ان کے لئے فرحت وسرور نصیب ہوگا اور ان کے مرتبے میں جدت آئے گی اور ان کی حالت بہتر ہوگی۔(۵۵) اور مردوں کو غمزدہ حالت میں یا پھٹے پرانے کپڑوں میں ملبوس دیکھے ان کے جانشینوں کے احوال فقر اور غم میں بدل جانے اور گناہوں کے مرتکب ہونے کی علامت ہے۔
(۵۶) خواب میں مردے کو کسی کام میں مشغول پانا یا تھکا ہوا دیکھنا یا اپنی شکل وصورت ہیئت وعلامت کے لحاظ سے بد حال دیکھنا حقیقتاً بھی اسی حال میں ہونے کی دلیل ہے۔(۵۷) اور خواب میں مردے کے چہرے کو سیاہ ہوتا دیکھنا اس کے حالت کفر پر مرنے پر دلالت ہے۔(۵۸) خواب دیکھا گویا مردہ شخص اس کے ساتھ مزاح کا معاملہ کر رہا ہے تو یہ صحیح خوابوں میں شمار نہیں ہوگا۔ اس لئے مردہ مزاح سے اعراض کرتا ہے۔
(۵۹) خواب میں اپنے والدین کو زندہ ہوتے دیکھنا خوف زدہ کے لئے خوف سے مامون ہونے اور غمزدہ کے لئے غم سے نجات ملنے کی علامت ہے۔ خصوصا والدہ کو زندہ ہوتی ہوئی دیکھے۔(۶۰) خواب دیکھا گویا اس نے کسی مردے کو زندہ کیا ہے تو دلیل ہے اس کے ہاتھوں کوئی یہودی یا عیسائی مسلمان ہوگا یا کوئی بدعتی راہِ راست پر آئے گا۔(۶۱) اگر دیکھے گویا وہ مردوں کو زندہ کر رہا ہے تو تعبیر ہے وہ گمراہ اور بدعتی قسم کے لوگوں کو راہِ راست پر لائے گا یا اس کے ہاتھوں گناہوں پر اصرار کرنے والا شخص توبہ کریگا۔(۶۲) مردوں کو مرنے کے بعد دوبارہ مرتے دیکھنا ان کے ہم نام لوگوں کے مرنے کی علامت ہے۔(۶۳) کسی نے دیکھا کہ مردے کے سر میں درد ہو رہا ہے تو والدین کے حقوق میں تقصیر کی وجہ سے ماخوذ ہونے کی دلیل ہے۔(۶۴) گردن میں درد ہوتا ہوا دیکھنا عورت کے مہر میں یا وصیت میں کمی کرنے یا امانت کو ضائع کرنے کے پاداش میں مسئول ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۶۵) اور بائیں ہاتھ میں شکایت دیکھنا بہن بھائیوں کے حقوق میں کمی کرنے یا شریک کار کے ساتھ حق تلفی کرنے یا جھوٹی قسم کھانے کی وجہ سے پوچھ گوچھ میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔(۶۶) اور مردے کے پہلو میں درد ہوتا دیکھنا رشتہ داروں کے ساتھ قطع رحمی کے گناہ کی وجہ سے پکڑے جانے پر دلالت کر رہا ہے۔(۶۷) اور پنڈلیوں میں درد دیکھنا زندگی کو باطل کاموں میں برباد کرنے کے پاداش میں سوال جواب کا سامنا کرنے کی دلیل ہے۔(۶۸) اور خواب میں مردے کے پیروں میں درد دیکھنا مال کو باطل طریقوں اور اللہ کے حکم کردہ جگہوں میں خرچ کرنے کے بجائے غلط مقامات پر خرچ کرنے کی وجہ سے احتساب میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔(۶۹) عورت کے لئے بھی یہی مذکورہ تعبیر ہے۔ اور بالکل زندہ شخص کے اعضاء وجوارح میں درد ہونے کی بھی یہی تعبیریں ہیں جو مذکور ہوئیں۔(۷۰) خواب میں کسی مردے کو کھانے یا پینے کی کوئی چیز دینا مالی نقصان میں پڑ جانے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔(۷۱) اور مردے کو کپڑا اعطا کرنا مال یا نفس میں تکلیف واقع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہونے کے بعد پھر درست ہونے کی دلیل ہے۔(۷۲) اور اپنے استعمال کے کپڑوں کو خواب میں کسی مردے کو دینا مر کر اس مردے کے ساتھ ملحق ہونے کی علامت ہے۔(۷۳) اور اسی طرح مردے کو کپڑے حفاظت کرنے یا دھونے کی غرض سے دینا اور کپڑے کا زندہ کی ملکیت سے نہ نکلنا اس کے لئے کوئی نقصان دہ نہیں ہے نہ مال میں نہ ہی جان کے اعتبار سے۔(۷۴) کسی مردے کو دیکھا گویا اس نے صاحب خواب کو کپڑے یا قمیص یا چادر عطا کیا۔تو دلیل ہے صاحب خواب کو بھی وہ چیز میسر ہوں گی جو زندگی میں اس مردے کو میسر تھیں چنانچہ قمیص ملنا اس کی طرح معیشت اختیار کرنے کی علامت ہے اور چادر ملنا دلیل ہے زندگی میں اس مردے کی جو قدر و منزلت تھی وہ اس کو حاصل ہوگی۔

(۷۵) خواب میں میت کی طرف سے کھانے پینے کی کوئی چیز ملنا ایسی جگہ سے معزز رزق ملنے کی دلیل ہے جہاں سے ملنے کی امید بھی نہ ہو۔(۷۶) اور اگر میت اس کو شہد عطا کر دے تو ایسی غنیمت ملنے کی دلیل ہے۔جس کی امید نہ ہو۔

(۷۷) میت کی طرف سے ملنے والی ہر پسندیدہ شے کی تعبیر غیر متوقع خیر ملنے کی دلیل ہے۔(۷۸) خواب دیکھا گویا کسی میت نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا ہے۔تو یہ اس مال کے ملنے کی بشارت ہے جس کے ملنے سے مایوسی ہوئی ہو۔

(۷۹) مردوں سے ہمکلام ہونا درازی عمر کی علامت اور ان سے کوئی چیز لینا رزق کی دلیل ہے۔(۸۰) کسی نے دیکھا گویا وہ کسی مردے سے باتیں کر رہا ہے تو دلیل ہے اس کا لوگوں کے ساتھ جھگڑا ہوگا پھر صلح کی طرف آئے گا۔

(۸۱) کسی نے دیکھا گویا وہ کسی مشہور مردے کو بوسہ دے رہا ہے تو دلیل ہے وہ اس کے چھوڑے ہوئے علم یا مال سے فائدہ حاصل کریگا۔(۸۲) اور کسی غیر معروف مردے کو چومنا غیر متوقع مال ملنے کی بشارت ہے۔(۸۲) اور کسی معروف مردے کو چومنا غیر متوقع مال ملنے کی بشارت ہے۔(۸۳) اگر دیکھا گویا معروف مردہ نے اس کو بوسہ دیا تو دلیل ہے اس مردے یا اس کی نسل میں سے کسی سے خیر ملے گی۔(۸۴) غیر معروف مردے کا صاحب خواب کو بوسہ دینا غیر معلوم سبب سے خیر کو قبول کرنے کی علامت ہے۔

(۸۵) بعض اہل تعبیر کہتے ہیں مریض کا کسی مردے کو بوسہ دینا اس کے مرنے کی دلیل ہے۔(۸۶) اور تندرست آدمی کا مردے کو چومنا اس کے کلام کے باطل ہونے کی علامت ہے۔(۸۷) خواب دیکھا گویا وہ میت کے ساتھ اس کی قبر میں جماع کر رہا ہے تو دلیل ہے صاحب خواب کسی سے زنا کریگا۔(۸۸) اور جماع کی صورت میں منی نکلنا کسی شریر قسم کے منافق آدمی کے مصاحب ہونے اور اس کی وجہ سے غیر شعوری طور پر مالی نقصان اٹھانے کی دلیل ہے۔(۸۹) کسی مشہور و معروف مردے (مرد ہو یا عورت) کے ساتھ خواب میں صحبت کرنا کسی ایسی ضرورت کو حاصل کرنے کی دلیل ہے جس کے حصول کی امید ختم ہوگئی ہو یا مردے کی نسل سے کوئی شخص اس کے ختم شدہ معاملہ کو زندہ کریگا۔

(۹۰) خواب میں اپنے ذی رحم محرم میں سے کسی مردے سے جماع کرنا صدقہ، حج یا دعا کے ذریعے اس مردے کو ثواب پہنچانے کی علامت ہے۔یا اس کی اولاد کو خیر پہنچانے کی دلیل ہے اور کبھی یہ حرام کام کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۹۱) کسی نے خواب دیکھا گویا مردہ عورت زندہ ہوگئی اور صاحب خواب اس عورت کے ساتھ وطی کر لی اور اس کے پانی اور مذی سے ملوث بھی ہوا تو تعبیر ہے کہ وہ کوئی کام کر کے پشیمان ہوگا جس کے سبب سے نقصان اور غم میں مبتلا ہوگا۔(۹۲) کسی مردہ عورت سے نکاح کر کے بغیر ہاتھ لگائے دخول کیا اور اس کے گھر میں منتقل ہو کر مستقل ٹھکانا بنایا تو دلیل ہے وہ زندہ شخص مرجائے گا۔ (۹۳) اسی طرح اگر کوئی عورت کسی مردہ شخص سے خواب میں نکاح کر لے اور دخول بھی ہو اور اس شخص کے گھر میں منتقل ہوگئی تو یہ اس عورت کے مرنے کی دلیل ہے۔ (۹۴) اسی طرح کسی مردے کو دیکھا گویا اس نے زندہ عورت سے نئی شادی کر کے اس کو اپنے گھر میں منتقل کیا تو یہ اس زندہ کے مرنے کی دلیل ہے۔ (۹۵) اسی طرح خواب میں کسی مردے کے پیچھے پیچھے چل کر کسی غیر معروف مکان میں داخل ہو کر اس سے نہ نکلنا مرنے کی علامت ہے۔ (۹۶) اور میت کے پیچھے پیچھے تو چلتا رہا مگر کسی مکان میں داخل ہوئے بغیر واپس لوٹا تو یہ قریب الموت ہو کر اس سے بچ نکلنے کی علامت ہے۔ (۹۷) اور میت کی طرف سے پرانی یا میلی قمیص ملنا احتیاج اور فقر کی علامت ہے۔ چنانچہ پرانی قمیص اس کے فقر پر اور اس کی گندگی اس کے گناہوں پر دلالت کرتی ہے۔ (۹۸) خواب دیکھا گویا کسی زندہ شخص کو کوئی مردہ شخص پٹائی کر رہا ہے تو دلیل ہے کہ زندہ شخص نے اپنے دین میں فساد برپا کیا ہے اس لئے کہ مردہ اس عمل سے راضی ہوتا ہے جس عمل سے اللہ تعالیٰ راضی ہوتا ہے اس لئے کہ وہ دار الحق میں ہے۔

(۹۹) خواب دیکھا گویا وہ کسی مردے کو مار رہا ہے اور وہ اس کا تابع ہے اور جو تکلیف اس کو پہنچ رہی ہے اس پر وہ راضی ہے تو یہ صاحب خواب کی دینی مضبوطی کی علامت ہے اور دلیل ہے وہ اس کو صدقہ' دعا اور نیک عمل کے ذریعے ایصال ثواب کر رہا ہے یا دلیل ہے اس مردے نے اس کو وصیت کی تھی اور وہ اس وصیت پر عمل کر رہا ہے۔ (۱۰۰) اور کبھی خواب میں کسی مردے سے مار کھانا سفر سے خیر حاصل ہونے اور اس کے ہاتھ سے نکلی ہوئی چیز کے واپس آنے کی دلیل ہے۔ (۱۰۱) اور مردے کو سونے کی حالت میں دیکھنا اس کے راحت میں ہونے اور بہتر حالت میں ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۰۲) اس کو ننگا ہونے کی حال میں دیکھنے کی بھی یہی تعبیر ہے۔ (۱۰۳) کسی زندے کو مردے کے ساتھ ایک ہی بستر میں لیٹا دیکھنا اس کی درازی عمر کی دلیل ہے۔ (۱۰۴) میت کا کھانے کی کوئی چیز یا عام سامان خریدنا ان کے مہنگے ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۰۵) مُردوں کو طعام یا سامان فروخت کرتے دیکھنا ان چیزوں میں کساد واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۰۶) اور کھانے میں مردہ پانا یا اس میں چوہا مرا ہوا دیکھنا بیداری میں ان کھانے کی اشیاء میں فساد واقع ہونے کی علامت ہے اور ان کی اصلیت زائل ہونے کی نشانی ہے۔ (۱۰۷) دیکھا کہ مردہ (معروف ہو یا غیر معروف) شرک کی حالت میں مرگیا اور حکمت کی باتیں کر رہا ہے اچھی اور سچی باتیں کر رہا ہے۔ تو یہ خواب بھی اضغاث واحلام میں سے ہے شاید شیطان کی طرف سے دیکھایا جانے والا خواب ہے۔ (۱۰۸) کسی کافر مردے کو پرانے کپڑوں میں ملبوس دیکھنا آخرت میں اس کی بدحالی کی علامت ہے۔ (۱۰۹) کسی یہودی یا عیسائی یا مجوسی نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اپنے مردوں میں سے کسی مردے کو خواب میں سبز لباس اور تاج پہن کر تخت پہ بیٹھا دیکھنا اس کی اولاد کے ارتفاع اور عزت میں ہونے اور دنیا میں عزت و مال اور خیر پانے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۱۰) خواب میں کسی مردے نے اس سے کہا کہ میں کبھی بھی نہیں مروں گا تو دلیل ہے وہ شہداء کے مقام میں ہے اور آخرت کی نعمتوں سے بہرہ مند ہے۔

(۱۱۱) کسی مردے نے کسی زندہ کے متعلق خبر دی کے وہ اس کے ساتھ فلاں متعین وقت میں لاحق ہو جائے گا اب اگر ایک دن کا کہا ہے تو یہ ایک مہینہ پر دلالت کرتا اور اگر ایک مہینہ متعین کیا ہے تو ایک سال پر دلالت کرتا ہے اور اگر سال کہا ہے تو یہ دس دنوں پر دلالت کرتا ہے۔(۱۱۲) خواب دیکھا گویا اس کی والدہ مر رہی ہے۔تو دلیل ہے اس کی دنیا زائل ہوگی اور اس کی حالت بدتر ہوگی اور اگر صاحبِ خواب طالبان آخرت میں سے ہے تو اس کے عمل میں تعطل واقع ہوگا اور فرائض کے ادائیگی سے بھی رک جائیگا۔(۱۱۳) خواب دیکھا گویا اس کے بھائی کا انتقال ہوا اور بیداری میں وہ مریض بھی تھا تو حقیقۃ اس کے مرنے پر دلالت کرتا ہے۔اور اگر وہ مریض نہ ہو بلکہ اس کے متعلقین کے ساتھ بھائی چارے کرنے والوں میں سے کوئی مریض ہو تو یہ اس کی مرنے کی دلیل ہے۔اگر کوئی بھائی ہی نہ ہو اور خواب میں بھائی مرتا دیکھے تو یہ خود اس کے مرنے کی طرف اشارہ ہے۔یا اگر مالدار ہے تو مال ہاتھ سے نکلنے کی علامت ہے اور گر مال دار نہیں ہے تو اس کی آنکھوں میں سے کسی آنکھ کو نقصان پہنچنے یا دونوں ہاتھوں میں سے کسی ایک میں تکلیف پہنچنے کی دلیل ہے۔(۱۱۴) خواب دیکھا گویا اس کی بیوی مر رہی ہے تعبیر ہے اس کی صنعت میں خرابی واقع ہو جائے گی جس پر اس کی معیشت کا مدار ہے۔(۱۱۵) کسی شہر کے والی کا انتقال ہونے کے بعد خواب میں اس کو زندہ ہوتے دیکھنا یا پہلے کی طرح دوبارہ ولایت کے مسند پر براجمان ہوتا دیکھنا اس کی اولاد میں سے کسی شخص کا اس منصب پر فائز ہونے کی دلیل ہے۔ یا اسکی خاندان یا قوم یا اس جیسا عام شخص یا اس کا ہم نام شخص اس مسندِ ولایت پر متمکن ہوگا۔

(۱۶۶) کسی فوت شدہ عالم یا صالح یا فقیہ کو کسی مقام پر آتا دیکھنا اس مقام کے لوگوں سے جنگ کے بادل چھٹ جانے اگر وہ خوف اور قحط میں مبتلا ہوں تو خوشحالی نصیب ہونے کی علامت اور اس علاقے کے سربراہ کی حالت کے دہشت اور ان لوگوں کے اخلاق کے صحیح ہونے کی دلیل ہے۔(۱۱۷) خواب میں کسی شہر کا سربراہ فراعنہ سے کسی فرعون کا ہونا اس شہر میں ظلم و جور کے ظاہر ہونے اور لوگوں میں بدمزگی پھیلنے کی علامت ہے۔(۱۱۸) خواب میں مردے کو جنازہ لے جانے کے معروف طریقے کے مطابق اٹھا کر لے جانا بادشاہ یا اسکے کسی مصاحب کا پیروکار بننے کی نشانی ہے۔ (۱۱۹) یہی تعبیر مردے کو پیٹھ کے بل یا کپڑے یا برتن میں ڈالکر لے جانے کی ہے۔(۱۲۰) خواب میں کسی میت پر نماز پڑھنا کسی بددین شخص کی سفارش کرنے کی دلیل ہے۔(۱۲۱) خواب دیکھا گویا کوئی مردہ اس کو آواز دے رہا ہے اور وہ اس کو نہیں دیکھ رہا مگر جواب دے رہا ہے۔تو دلیل ہے وہ مرے گا اور جلد اس کے ساتھ مل جائیگا۔(۱۲۲) کسی مردے کو خواب میں سمندر میں غرق ہوتا دیکھنا گناہوں میں اس کے غرق ہونے کی علامت ہے۔(۱۲۳) خواب میں مردوں کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اپنی اپنی قبروں سے کود کود کر اپنے گھروں کی طرف جاتے ہوئے دیکھنا قیدیوں کی آزادی کی دلیل ہے اور علامت ہے زمین کے خشک ہونے کے بعد دوبارہ سرسبز وشاداب ہونے کی اور کبھی موت مؤمن کے لئے عزت کی نشانی بھی ہوتی ہے۔ اور کبھی موت کی دلالت اپنی خودرائی یا زھد کی بنا پر لوگوں سے جدائی اختیار کرنے پر بھی ہوتی ہے۔ کبھی خواب میں اچانک موت واقع ہونا غنی کے لئے جلدی فقیر ہونے اور فقیر کے لئے جلدی غنی ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

(۱۲۴) خواب میں انبیاء کو موت واقع ہوتے دیکھنا فساد فی الدین کی علامت ہے اور ان کا زندہ ہونا دینی قوت کی دلیل ہے۔ (۱۲۵) بادشاہ کی موت اس کی فوج کی کمزوری کی دلیل ہے۔ (۱۲۶) اور عالم کی موت صاحب خواب کی حجت کے باطل ہونے کی علامت ہے۔ اور کبھی عالم کی موت دین میں بدعت کے ظہور کی علامت ہوتی ہے۔ (۱۲۷) اور عابد کی موت صاحب خواب کے عبادت سے مردہ ہونے پر دلالت کرتی ہے۔ (۱۲۸) کسی پیشہ ور شخص کی موت اس پیشے کے ختم ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۲۹) والدین کی موت معیشت کی تنگی ہے۔ (۱۳۰) اور بیوی کی موت اس کی دنیا کے ہاتھ سے جانے کی علامت ہے۔ (۱۳۱) اور خواب میں بیٹے کا مرجانا تذکرہ وشہرت کے ختم ہونے کی دلیل ہے۔

(۱۳۲) کاموں کے سلسلے کسی مددگار مثلاً غلام اور سواری کا مرجانا سفر کو باطل کرنے اور ان کی قیمت کے بقدر نقصان اٹھانے کی دلیل ہے۔ (۱۳۳) خواب میں کسی مردے کو مردے کی نماز جنازہ پڑھتا ہوا دیکھنا باطل کاموں میں واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ مرنے کے بعد عمل باطل ہو جاتا ہے دلیل ہے نماز پڑھنے والا مقروض ہے یا ایسے شخص سے سفارش چاہنے کی علامت ہے جو اس کی سفارش نہیں کرتا۔

(۱۳۴) میت سے کوئی اچھی چیز لینا خیر کی دلیل ہے۔ کبھی اللہ تعالیٰ کے اس کو جہنم کی آگ سے بچانے اور اس سے آزادی دینے پہ بھی دلالت کرتا ہے۔ (۱۳۵) خواب میں کسی غیر شادی شدہ عورت کا کسی مردے سے نکاح کرنا اس کی شادی کی دلیل ہے۔ اور شادی شدہ کے لئے طلاق کی علامت ہے۔ اور کبھی نکاح کرنا عنداللہ بہتر حالت میں ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۱۳۶) مشرکین کے اموات کو دیکھنا دشمنوں پر اور اموات اہل کتاب دیکھنا دین میں غلو کرنے غموم وتکلیف کی تجدید پر دلالت کرتا ہے۔

## الموج (پانی موج)

خواب میں موج اور لہر دیکھنا شدت وعذاب کی دلیل ہے' کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ﴿وَإِذَا غَشِيَهُم مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ﴾ (لقمان) یعنی جب ان لوگوں کو موجیں سائبانوں کی طرح گھیر لیتی ہے تو وہ خالص اعتقاد کر کے اللہ ہی کو پکارنے لگتے ہیں' نیز اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿وَحَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِينَ﴾ (ھود) یعنی ان دونوں کے درمیان ایک موج حائل ہوگئی پس وہ بھی ڈوبنے والوں میں سے ہوگیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## المؤدب (ادب سکھانے والا)

اس کی تعبیر اس کی اپنی ذات ہے ادب سکھانے والے کی تعبیر محتسب (احتساب کرنے والا) متولی، شیخ و بزرگ اور استاد یا جیلر یا والدین ہیں، اور نا معلوم مؤدب رحمٰن کی ذات ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿ اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ﴾ (الرحمٰن) یعنی رحمٰن نے قرآن سکھایا، اگر دیکھے کہ وہ مؤدب اور معلم بن گیا ہے تو اسی قدر منصب (عہدہ) حاصل ہوگا، اور خیر کا حصول ہوگا، اور معلم حساب عقل و حکمت، تفریق (علیحدہ کرنا) جمع، اکٹھا کرنا اور ضرب (مارنا) و کسر (توڑنا) کی دلیل ہے، اور معلم قرآن فضل و مرتبہ لھو ولعب اور گانے کی دلیل ہے۔

## مؤذن

(۱) خواب میں مؤذن کی تعبیر نیک کاموں کی دعوت دینے والا یا دلال یا عقدِ نکاح کرانے والا یا بادشاہ کا دربان یا جیل میں آواز لگانے والا ہے۔ (۲) اگر خواب میں مکمل اذان دی ہے اور اذان حج کے کسی مہینہ میں دی ہو تو یہ حج بیت اللہ کرنے کی دلیل ہے، اذان چوری کی بھی دلیل ہو سکتی ہے، اگر عورت نے مسجد کے منارہ پر اذان دی ہے تو اس بلاد (شہر و ملک) میں عظیم بدعت کا ظہور ہوگا۔ (۳) اگر چھوٹے بچوں نے اذان دی ہے تو جاھل لوگ بادشاہت پر غلبہ حاصل کریں گے، خصوصاً جب اذان بے وقت دی گئی ہو، اور نا معلوم مؤذن رعایا کے سلطان کی طرح ہے۔

## الموز (کیلا)

(۱) خواب میں کیلا تعبیر مال و دولت یا آنول میں موجود بچہ یا قبر اور جیل میں موجود انسان یا گزشتہ زمانہ کی خبروں پر مشتمل کتاب یا کسی علم کے موضوع پر مشتمل مجلد کتاب ہے اس لئے کہ کیلا جنت کے پھلوں میں سے ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿ وَطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ﴾ (الواقعہ) یعنی اور تہ بہ تہ کیلے ہوں گے، کیلا لباس، الفت و محبت کی دلیل ہے، کیلا معزز اور خوش اخلاق آدمی ہے، جو دیکھے کہ وہ کیلا کھاتا ہے تو اسے شرکت (تجارت) یا عجمی آدمی سے مال ملے گا، بعض کہتے ہیں کہ کیلا دیندار کے لئے عبادت میں (انتہاء کے مقام پر) پہنچنا ہے، تاجر کے حق میں مال ہے، صوفی زاھد کے حق میں دین و عبادت ہے، مریض کا خواب میں کیلا کھانا اچھا نہیں ہے، اس کی موت کا خطرہ ہے، اس کی وجہ اس کا رنگ اور نام ہے، کیونکہ اگر زیر ایک نقطہ لگا دیا جائے (یعنی موز) تو وہ لفظ موت بن جاتا ہے۔

## الموسیٰ (استرا)

(۱) خواب میں استرا نرینہ اولاد کی دلیل ہے، کیونکہ استرے سے بچہ کا ختنہ کیا جاتا ہے۔ (۲) اگر استرے سے کوئی چیز کاٹی ہے تو وہ جس کام میں مشغول ہے وہ ختم ہوگا۔ (۳) اگر اُسترے سے گوشت کے ٹکڑے کئے ہیں یا کسی حیوان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کو زخمی کیا ہے تو یہ اس کی گندی زبان ہے جو لوگوں کو اذیت پہنچاتی ہے' اُسترے کو دیکھنا کینہ حسد' عداوت اور ضرر رساں زبان ہے۔

## موسیٰ علیہ السلام

(۱) جو شخص حضرت موسیٰ علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھوں ظالم جبار شخص کو ہلاک کریں گے' اور اسے بعدازاں عزت ونصرت حاصل ہوگی' موسیٰ علیہ السلام کی زیارت اہل حق کی قوت اور اہل باطل کے مقہور ہونے کی دلیل ہے' اگر اس جگہ ظالم جابر بادشاہ ہو یا بے دین رئیس ہو تو اللہ تعالیٰ اسے ہلاک کر دیں گے۔ (۲) جو دیکھے اس کی شکل حضرت موسیٰ علیہ السلام کی صورت جیسی ہوگئی ہے تو اگر وہ سلطان ہو اور اس کے دشمن ہوں تو ان پر غالب آئے گا۔ (۳) اگر یہ خواب قیدی دیکھے تو اسے قید سے رہائی ملے گی' موسیٰ علیہ السلام کا دیکھنا جابروں اور ظالموں کی ہلاکت کی دلیل ہے۔ (۴) اگر جنگ میں مصروف آدمی موسیٰ علیہ السلام کو خواب میں دیکھے تو وہ منصور ہوگا' اگر بحری سفر میں ہو تو سمندر کی آفتوں سے نجات اور سلامتی پائے گا' موسیٰ علیہ السلام کی زیارت طفولیت میں کسی آزمائش سے دوچار ہونے' عزیز واقارب سے جدا ہونے بادشاہوں اور جابر لوگوں کی مصاحبت ورفاقت اختیار کرنے اور نیک لوگوں سے دامادی تعلق قائم ہونے کی دلیل بھی ہے۔

اور عجیب قسم کے امور پر مطلع ہونے کی بھی دلیل ہے' اس لئے انھوں نے حضرت خضرؑ کی صحبت اٹھائی تھی' اور موسیٰ نے ان کے ہاتھوں سے کشتی کو توڑنے' لڑکے کو قتل کرنے اور دیوار سیدھی کرنے کا مشاہدہ کیا تھا' موسیٰ علیہ السلام کو دیکھنا بحری سفر اور اس میں انجام بخیر ہونے اور نفع حاصل ہونے کی دلیل ہے۔ (۵) صوفی اور درویش اگر حضرت موسیٰؑ کو خواب میں دیکھے تو یہ خواب اس کے باطنی نور وترقی اور بلندی درجات کی دلیل ہے۔ (۶) جو شخص خواب میں اپنے ہاتھ میں موسیٰ علیہ السلام کا عصا دیکھے تو اسے عظیم مقام ومرتبہ اور دشمن پر غلبہ ونصرت حاصل ہوگی' اگر وہ شخص سحر زدہ ہو تو وہ سحر وجادو ختم ہوگا۔ عصائے موسیٰؑ کا ظہور (خواب میں) مومنوں کی نصرت ومدد اور کافروں کی ہلاکت وتباہی کی دلیل ہے۔

## الموسم (حج کا زمانہ' لوگوں کا بڑا مجمع)

(۱) جو شخص دیکھے کہ وہ لوگوں کے مجمع کی جانب روانہ ہوا ہے تو وہ فکر وغم سے بری ہوگا۔ (۲) جو دیکھے کہ وہ مقام منیٰ میں نماز پڑھتا ہے اور خطبہ دیتا ہے حالانکہ وہ اس مقام کا آدمی نہیں ہے تو اس کے خواب کی تاویل وتعبیر اس کا ہمنام یا ہم مثل آدمی ہے بصورتِ دیگر وہ دنیا کی چند مصیبتوں میں گرفتار رہوگا' اگر اس نے خطبہ اچھا دیا ہے اور دین کے مطابق اس کی تکمیل کی ہے تو اسے ایسی ولایت وحکومت ملے گی کہ لوگ اس ولایت کے تابع ہوں گے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## میدان الفرسان (شہ سواروں کا میدان)

(۱) خواب میں یہ میدان نشاط وخوشی اور دشمنوں پر غلبہ ونصرت کی دلیل ہے۔

## میزاب (پرنالہ)

(۱) خواب میں پرنالہ معروف آدمی ہے' جو دیکھے کہ پانی پرنالے کے بغیر چلتے اور بہتے ہیں تو یہ فتنوں کی دلیل ہے' پرنالے باندیوں کی بھی دلیل ہے' پرنالہ کشادگی کی بھی دلیل ہے کیونکہ پرنالے کے ذریعہ جب پانی گھر سے نکلتا ہے تو گھر کے لوگوں کا غم دور ہوتا ہے۔ (۲) پرنالہ کی تعبیر قاصد یا وہ امانتدار ہے جو امانت رکھوانے والے کے مال میں خیانت نہیں کرتا' بلکہ ہر ایک کو اس کا حق پہنچاتا ہے' اگر پرنالہ سے خون بہا ہو تو یہ دشمن کی دلیل ہے' جو اس علاقہ کے لوگوں کا خون بہاتا ہے۔ (۳) اگر پرنالہ سے صاف پانی بہتا ہے' تو یہ آسودہ حالی اور امن واطمینان کی دلیل ہے۔ (۴) اگر پرنالے سے گدلا پانی بہتا ہو یا اس کی بری بدبو ہو تو یہ پھوڑے دنبل جیسی امراض کی دلیل ہے اگر کسی کا گھر میں میزاب الرحمت دیکھے تو اس کا حکم (تعبیر) چاہِ زمزم دیکھنے جیسا ہے' جو دیکھے کہ وہ خود میزاب الرحمت کے نیچے ہے تو رحمت خداوندی اس کو ڈھانپے گی اور اسے اس کا سایہ حاصل ہوگا۔

## المیزان (ترازو)

(۱) خواب میں ترازو پیمانہ اور ناپ تول ایمان کی اور قول میں عدل وانصاف کی دلیل ہے' اور ادائے قرض اور وفائے نذر کی بھی علامت ہے۔ (۲) خواب میں میزانِ عمل دیکھنا انجینئر اور عمارت بنانے والے پر دلالت کرتا ہے۔ چکی کا پاٹ اپنی ذات میں جلیل القدر اور اپنی حرکت میں متواضع آدمی ہے' ہڈی کا میزان اپاہج لڑکا یا گونگے کی دلیل ہے' مشک کی میزان غفلت سے تنبہ اور نفس کا نذروں پر محاسبہ کی حرص ہے ترازو کی تعبیر قاضی سے بھی کی جاتی ہے' ترازو کا پلڑا قاضی کا سننا ہے' اور سنگِ ترازو ان معتبر گواہوں کی دلیل ہے جن کی وجہ سے مقدمہ کا فیصلہ ہوگا۔ (۳) جو خواب میں ترازو دیکھے کہ اس پر آسمان سے اترا ہے تو وہ حق کا طالب ہے' بعض کہتے ہیں کہ سنگِ ترازو قاضی کے دینی فہم کی علامت ہے چنانچہ ان کا پورا ہونا قاضی کے سمجھدار ہونے اور مکمل نہ ہونا ناسمجھی کی وجہ سے فیصلے سے قاصر ہونے کی دلیل ہے۔ (۴) اپنے ہاتھ میں ترازو دیکھنا سنت پر عمل پیرا ہونے کی بشارت ہے۔ اور میزانِ قیامت پوشیدہ رازوں کے ظاہر ہونے' حجت قائم ہونے اور سرور وفرحت نصیب ہونے کی دلیل ہے۔ اور مکمل ترازو کی تعبیر ایسا آدمی ہے' جس کی پیروی کی جاتی ہے اور اس سے رہنمائی حاصل ہوتی ہے مثلاً عالم' بادشاہ وغیرہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب النون

## نوح علیہ السلام

(۱) خواب میں نوح علیہ السلام کو دیکھنا لمبی زندگی گزارنے' شدت میں مبتلا ہونے' لوگوں کی طرف سے تکلیف پہنچے اور پھر ان پر غالب آنے کی دلیل ہے۔ اور علامت ہے کمینی قسم کی بیوی کے بطن سے اولاد نصیب ہونے کی۔ اور اللہ تعالیٰ کا شکر گزار ہونے کی بھی دلیل ہے۔ (۲) بعض علمائے تعبیر نے کہا ہے اگر کسی نے خواب میں حضرت نوح علیہ السلام کی زیارت کی تو دلیل ہے صاحب خواب اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں محنت کرنے والا عالم زیادہ دشمنوں والا بردبار اور دشمنوں پر غالب ہونے والا ہوگا۔ اور علامت ہے وہ ایک ایسی ولایت عظمیہ پائیگا جسمیں اسکے ساتھی اسکی اطاعت نہیں کریں گے پھر اللہ تعالیٰ کی مدد سے ان پر قابو پائے گا۔ (۳) بعض لوگوں کے نزدیک حضرت نوح علیہ السلام کی رویت اسی سال زیادہ بارشیں ہونے کی علامت ہے کیونکہ ان کے زمانے میں پانی بہت زیادہ ہوا تھا۔ (۴) کسی نے خواب میں حضرت نوح علیہ السلام کی زیارت کی تو دلیل ہے وہ دشمنوں والا ہوگا اور حسد کرنے والے پڑوسیوں والا شخص ہوگا۔ اور اشارہ ہے کہ ان سے عنقریب نجات پانے والا ہوگا اور اللہ تعالیٰ اس کا بدلہ ان سے لیں گے۔ بعض اہل تعبیر کے نزدیک نوح علیہ السلام کی زیارت کفار کی ہلاکت اور مومنین کے لئے امن اور نجات پر دلالت کرتی ہے۔ (۵) قحط سالی کے موسم میں ان کا دیدار دلیل باراں ہے۔ (۶) نوح علیہ السلام کو کسی کشتی میں سوار پانا اس کشتی اور کشتی والوں کی نجات پر دلالت کرتا ہے۔ (۷) کبھی ان کی رویت بدعتوں اور اصحاب فجور کی قوت اور اہل ایمان کے ضعف کی دلیل ہے۔ (۸) اسی طرح ان کی زیارت اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں لمبی زندگی گزارنے اور امر بالمعروف ونہی عن المنکر کرنے پر بھی دلالت کرتی ہے۔

(۹) اگر بادشاہ کی خواب میں حضرت نوح علیہ السلام کی زیارت ہو جائے تو تعبیر ہے اسکی رعیت اسکی نافرمانی کرے گی اور اسکے مقابل اسکے ساتھ دشمنی کریں گی۔ (۱۰) کبھی نوح علیہ السلام کی رویت نوحہ (واویلہ) کرنے پر بھی دلالت کرتی ہے نام کے اشتراک کی وجہ سے۔ (۱۱) رشتہ داروں کے ساتھ معاندات اور ان پر غلبہ پانے کی بھی علامت ہے۔ (۱۲) کبھی ان کی رویت قحط اور قیمتوں میں گرانی پر بھی دلالت کرتی ہے۔ (۱۳) کبھی دیدار نوح غموں سے خلاصی' مخالفین کے تکلیف پہنچانے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۱۴) بسا اوقات دیدار نوح علیہ السلام کی دلالت تجارت' زراعت' صنعت' بحری سفر میں کشتیوں کے درست وصحیح سمیت چلنے اور مختلف النوع کھانے پینے کی اشیاء اٹھانے پر ہوتی ہے۔ (۱۵) کبھی زیارت نوح علیہ السلام انسانوں' جانوروں اور پرندوں کے بارے میں علم الاسباب پر بھی دلالت کرتی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے۔ کیونکہ حضرت نوح علیہ السلام اس کشتی میں اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق تمام نوع کے حیوانوں میں سے ایک ایک جوڑا رکھا تھا۔ (۱۶) کبھی خواب میں حضرت نوح علیہ السلام کو دیکھنا اپنے اہل کے بارے میں کوتاہی پر ندامت کرنے اور مانگی ہوئی چیز کو دور کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۱۷) کبھی ان کو دیکھنا اشارہ ہوتا ہے اولاد میں سے کسی ایک کا اپنے دین ومذہب اور طریقے سے مرتد ہونے اور اسکی وجہ سے کسی آزمائش میں مبتلا ہونے اور گناہ کرنے کی حالت میں دنیا سے انتقال کر جانے کی طرف۔ اور کبھی ان کی دلالت اولاد کی سفارش کرنے پر بھی ہوتی ہے۔ (۱۸) اگر کسی عورت نے خواب میں حضرت نوح علیہ السلام کی زیارت کی تو تعبیر ہے کہ وہ اپنے شوہر کی نافرمانی کرے گی اور رشتہ دار واقارب کی تابعداری کرے گی۔ (۱۹) عورت کے لوط علیہ السلام کو دیکھنے کی بھی یہی تعبیر ہے البتہ خواب میں فرعون کو دیکھنا عورت کے لئے اپنے ایمان کو پوشیدہ رکھنے اور اللہ تعالیٰ کی مطیع وفرمان بردار ہونے کی دلیل ہے۔

## نبی من الانبیاء (کوئی پیغمبر)

خواب میں انبیاء میں سے کسی نبی کو دیکھنا والد پر دلالت کرتا ہے شفقت کی بنا پر۔ اور استاد پر دلالت کرتا ہے اور اسکی دلالت دینی استاد پر بھی ہوتی ہے جو کتاب اللہ کی تعلیم دے۔ خواب میں حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوۃ والسلام کا دیدار انداز وبشارت کی دلیل ہے۔ (۱) کوئی شخص خواب میں حضرات انبیاء علیہم السلام میں سے کسی کو ان کی شان کے مطابق دیکھے یا خواب میں ان کی امامت میں نماز پڑھ لے یا راستہ میں ان کے نقش قدم پر چلے یا ان کے ہاتوں سے کوئی کھانے کی چیز یا ان کے ہاتھوں شریں مشروب پئے یا ان سے کوئی علم یا کوئی اچھی خبر سنے یا ان جیسا کوئی اچھا عمل کرے تو دلیل ہے صاحب خواب ان کی اچھے طریقے سے پیروی کر رہا ہے اور ان کی سنتوں پر عمل پیرا ہے۔ (۲) اور اس کے برخلاف دیکھنا مثلا ان کی تابعداری میں مخالفت کر کے نماز کے لئے آگے ہو کر ان کی امامت کرائے۔ (۳) یا ان حضرات کو کسی تنگ ترین راستہ کی طرف رہنمائی کرے۔ (۴) یا ان کا مذاق اڑائے یا ان کو پتھر وغیرہ مارے۔ (۵) یا نیکی کے کاموں میں ان کی تابعداری نہ کرے تو یہ صاحب خواب کی بدعت وگمراہی میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے اور کبھی یہ خواب حکمرانوں کی طرف سے تکلیف پہنچنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۶) حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوۃ والسلام کی رویت کبھی بادشاہوں پر بھی دلالت کرتی ہے کیونکہ حضرات انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام دنیا وآخرت کے بادشاہ ہیں اور ان کی دلالت علماء پر بھی ہوتی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے احکام کا علم علماء کو بھی ہوتا ہے اور ان کے لائی ہوئی شریعت پر عمل کرنے والوں، حکمرانوں، خطباء اور ان محسنین پر بھی دلالت ہوتی ہے جو لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف بلاتے ہیں۔ (۷) خواب میں کسی نبی کو دیکھنا کبھی قوم کے تابع ہونے یا قوم کی طرف سے ظاہر ہونے والے کسی معاملے کے صحیح ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۸) خواب میں کسی نبی کو بہتر حالت میں دیکھنا ان کی امت کی اچھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تابعداری یا ان کی طرف سے کسی نیک کام کی تجدید کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۹) نبی کو ان کی شان کے خلاف دیکھنا ان کی امت کی طرف سے زیادتی کی دلیل ہے اور اس چیز کی مخالفت کے ظہور کی علامت ہے جس کے بارے ان کو حکم دیا گیا گو یا روکا گیا۔ (۱۰) یہود و نصاریٰ وغیرہ کا خواب میں نبوت کے دعٰوی کرنے کی تعبیر اس کے درجہ کے مطابق واقع ہوگی چنانچہ اگر وہ بادشاہت کا اہل ہے تو بادشاہ بنے گا اگر قاضی بننے کی صلاحیت رکھتا ہو تو قاضی بنے گا۔ (۱۱) اگر اس میں تدریس کی اہلیت ہو وہی اس کو نصیب ہوگی خصوصاً اگر وہ نبوت کے ساتھ ساتھ امر بالمعرف ونہی عن النکر بھی کرے۔

(۱۲) اگر دعوی نبوت کے ساتھ امر بالمعرف نہ ہو تو یہ کسی باطل کام یا بدعت میں مبتلا ہونے کی وجہ سے سرکار کی طرف سے سزا ملنے کی علامت ہوتی ہے۔ (۱۳) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کو رسول بنایا گیا ہے یا اس کو داعی الی اللہ بنایا گیا اور لوگوں میں سے کسی نے اس کو رسول یا داعی قبول بھی کر لیا تو دلیل ہے اپنی منزلت ومرتبہ کے لحاظ سے بڑا درجہ پائے گا۔ (۱۴) اگر لوگوں میں سے کسی نے اسکی دعوت کو قبول نہیں کیا تو دلیل ہے وہ جاسوس یا مؤذن ہوگا یا جس نبی کے نام سے موسوم ہوا اس پر آمد آزمائش ومحنت کے اعتبار سے اس کو بھی رفعت حاصل ہو گی۔ (۱۵) کسی نبی کو کسی جنگ کے مقام میں دیکھنا دشمنوں پر فتحیاب ہونے اور قحط کے علاقے میں دیکھنا خوشحالی آنے اور حالات کے درست ہونیکی علامت ہے۔ (۱۶) کوئی بادشاہت کا اہل شخص خواب میں اگر کسی نبی کے لباس کو زیب تن کرے تو دلیل ہے ریاست و حکمرانی سے سرفراز ہوگا۔ (۱۷) اور اگر کوئی طالب علم یہ خواب دیکھے تو علم کے اعلیٰ درجہ پر فائز ہوگا۔ اور اس کے فضائل و براہین اس سے ظاہر ہوں گے۔ (۱۸) خواب دیکھا کہ وہ انبیاء کی طرح عبادت اور نیکی کا عمل کرتا ہے تو یہ اسکے دین کی درستگی اور یقین کی بہتری کی علامت ہے۔ (۱۹) خواب میں انبیاء میں سے کسی نبی کی طرح بننا امر بالعروف ونہی عن المنکر کرنے اور ان نبی کی حالت کے بقدر دنیاوی شرور وغموم لاحق ہونے' پھر اللہ تعالی کے لطف ومہربانی سے اس سے نجات پانے کی دلیل ہے۔ (۲۰) کسی مفلس یا کسی ضرورت مند کا خواب میں انبیاء علیہم السلام میں سے کسی نبی کو دیکھنا اللہ تعالی کے اسکے معاملے کو آسان کرنے کی دلیل ہے اور اس نبی کی برکت سے اسکی ضرورت کو پورا کرنے کی علامت ہے جس کی اس نے خواب میں زیارت کی۔ (۲۱) حضرات انبیاء کرام کو خواب میں دیکھنے کی دو صورتیں ہیں پہلی صورت پر ان کو ان کی اصلی حالت وہیئت میں دیکھے تو یہ صاحب خواب کی دینی درستگی اسکی عزت اور دشمنوں پر غلبہ کی دلیل ہے۔ (۲۲) دوسری صورت یہ ہے کہ ان کو متغیر الحال ترش رو دیکھے تو یہ صاحب خواب کی بدحالی اور ایسی مصیبت لاحق ہونے کی دلیل ہے جو بعد میں اللہ تعالی اس کو اس سے نجات دلائیں گے۔ (۲۳) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے کسی نبی کو قتل کیا تو تعبیر ہے وہ امانت میں خیانت کرے گا اور وعدہ خلافی کا ارتکاب کرے گا۔ (۲۴) کسی نے دیکھا کہ وہ انبیاء کرام کے زمانے میں ہے اگر وہ بادشاہت کا اہل ہے تو دلیل ہے وہ عزت وشرف اور بادشاہت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پائے گا۔(۲۵) اگر ایسا نہیں تو دلیل ہے شیطان اس کو بہکا رہا ہے۔(۲۶) خواب دیکھا کہ انبیاء کرام میں سے کسی نبی نے اسکو مار رہا ہے اگر صاحب خواب نیک ہے تو اپنی آخرت کے مقصد میں کامیاب ہوگا۔(۲۷) خواب دیکھا کہ انبیاء کرام اس سے باتیں کر رہے ہیں یا یہ ان میں سے کسی ایک سے ہمکلام ہے اور کلام خیر کا ہے تو تعبیر ہے وہ لوگوں میں شہرت عزت و شرف اور منفعت پائے گا۔

## نور (روشنی)

اسکی تعبیر ہدایت ہے۔(۱) چنانچہ کسی کافر نے خواب دیکھا کہ وہ اندھیرے سے روشنی میں آیا تو تعبیر ہے کہ اللہ تعالیٰ اسکو اسلام وایمان کی دولت سے نوازیں گے دنیا اور آخرت میں اس کو سرفراز کریں گے۔(۲) اندھیرے کے بعد روشنی میں آنا غربت کے بعد غنا' ذلت کے بعد عزت اور گناہ کرنے کے بعد توبہ کرنے کی دلیل ہے۔ نابینا ہونے کے بعد بینا ہونے کی بھی علامت ہے۔(۳) روشنی سے اندھیرے میں آنا مالداری کے بعد غربت' عزت کے بعد ذلت اور ہدایت کے بعد گمراہی اور نابینا ہونے کی دلیل ہے۔(۴) اور نور کی دلالت اعمال صالحہ' علم' قرآن کریم' ولد صالح پر بھی ہوتی ہے۔(۵) عالم کے لئے نور دیکھنا محنت ومشقت اور آزمائش میں پڑنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۶) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے نور کی چادر پہنی یا نور کا لباس پہنا تو تعبیر ہے کہ اس کو علم نافع کی دولت ملے گی یا دلیل ہے کہ وہ اپنے رب کی اطاعت کرے گا۔(۷) خواب دیکھا کہ اس کے ذکر یا بدن کے کسی دوسرے حصے سے نور نکلا تو تعبیر ہے اسے ایسا بیٹا نصیب ہوگا جس کے علم سے لوگ منتفع ہوں گے یا نیک ہوگا جسکی دعا سے لوگ بہرہ ور ہوں گے۔

## نار (آگ)

اسکی دلالت بشارت' انداز' لڑائی' عذاب' قوت' حسن' خسارہ' گناہ اور برکت پر ہوتی ہے۔(۱) خواب دیکھا کہ آواز والی بھڑکتی ہوئی آگ درختوں کو جلا رہی ہے تو تعبیر ہے کہ جلانے کے بقدر جلد ایسا فتنہ آئیگا جس سے لوگوں کا ایک جہاں ہلاک ہوگیا۔(۲) خواب دیکھا کہ اس کے دل میں آگ لگی ہے تو تعبیر ہے اسکے محبوب کی جدائی کی وجہ سے اس کے عشق کی آگ اس کے دل میں لگے گی۔(۳) خواب میں دو آگ دیکھی جو ایک دوسری کی طرف چل رہی ہیں تو یہ دو لشکر ہیں جو ایک دوسرے کے مقابلے میں میدان جنگ میں کود پڑیں گے۔ چنانچہ جس آگ میں لکڑیاں زیادہ مضبوط طاقتور ہوں وہ افرادی قوت سے لیس لشکر کی علامت ہے۔ اور وہ آگ جس کے ساتھ ہوا بھی ہو تو وہ غالب آ جائیگی۔ اور ان میں جو بھی روشنی کے لحاظ سے کم ہو اور سیاہ ہو تو وہ کمینے افراد پر مشتمل لشکر پر دلالت کرتی ہے۔(۴) اگر رنگ کے اعتبار سے دونوں متساوی ہوں اور کسی چیز کو جلائے بھی نہ ہو تو یہ دو فتنوں پر دلالت کرتی ہے جو کسی محلے میں واقع ہوں گے۔(۵) جس آگ کے قریب پانی ہو تو اس کی شدت یقینی ہوگی۔(۶) اور پانی ڈال کر آگ کو بجھانا اللہ تعالیٰ کی مدد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے ذریعے دشمن پر غالب آنے کی دلیل ہے۔(۷) اسی طرح آگ پر بارش برسنا دشمن کے لشکر پر غالب آنے کی بشارت ہے۔ کبھی اسکی تعبیر مذکورہ تعبیر کے الٹ بھی ہوتی ہے یعنی آگ پر پانی ڈالکر بجھانے والے کی فوج ہلاک ہو جائیں گی۔(۸) بہت زیادہ دھویں والی آگ سخت ہولناکی اور عذاب کی علامت ہے۔(۹) خواب دیکھا کہ اس نے سخت اندھیری رات میں لوگوں کی رہنمائی کے لئے آگ جلائی ہے تو دلیل ہے کہ اسے ایسا علم نصیب ہوگا جس سے لوگ استفادہ کریں گے۔(۱۰) روشنی میں آگ جلانا بدعت اور سرکشی پر دلالت کرتا ہے۔(۱۱) بعض اصحاب تعبیر کہتے ہیں کہ دن کے وقت آگ جلانا لڑائی اور فتنے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۲) رات کے وقت آگ دیکھنا اُنس کی علامت ہے۔(۱۳) خواب دیکھا کہ وہ آگ کی عبادت کررہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ لڑائی کو پسند کرے گا۔ کبھی اس خواب کی تعبیر شیطان کی تابعداری سے بھی کی جاتی ہے۔(۱۴) موسم سرما میں خواب دیکھا کہ وہ آگ سینک رہا ہے تو تعبیر ہے وہ مالدار ہوگا۔(۱۵) خواب میں آگ کھانا یتیم کے مال کو ظلماً کھانے یا حرام مال کھانے کی علامت ہے۔(۱۶) خواب دیکھا کہ اس کو آگ کی طرف جانے کا حکم دیا جارہا ہے تو یہ قید ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۱۷) خواب دیکھا کہ وہ آگ میں داخل ہوکر پھر اس سے نکل گیا ہے یہ اسکے جنتی ہونے کی علامت ہے۔(۱۸) خواب میں آگ فروخت کرکے جنت خریدنا بیداری میں حمام فروخت کرکے باغ خریدنے کی دلیل ہے کبھی تعبیر اس کے برعکس بھی ہوتی ہے۔

(۱۹) کبھی اسکے دنیاوی عمل کی طرف اشارہ ہے یعنی خیر کے بدلے شر یا شر کے بدلے خیر خریدنے کی علامت ہے۔

(۲۰) خواب میں کسی شخص کو دیکھا کہ اس کو جہنم کی آگ میں ڈالکر عذاب دیا گیا تو تعبیر ہے اس کو مالی خسارہ ہوگا یا ایسے گناہ کرنے کی علامت ہے جو اسے مستحق جہنم بنادے۔(۲۱) خواب میں جہنم کو عیاناً دیکھنے والے کو چاہئے وہ اپنے وقت کے بادشاہ سے ڈرے۔(۲۲) آگ میں داخل ہوکر اسکی تکلیف کو محسوس کرنا فتنہ میں واقع ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔(۲۳) خواب دیکھا کہ آگ روشن ہے اور اس کے اردگرد لوگوں کی ایک جماعت ہے تو تعبیر ہے وہ جماعت برکت پائے گی۔(۲۴) کسی بیابان میں آگ دیکھ کر اس سے اُنس حاصل کرنا بیداری میں وحشت سے انسیت ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۲۵) خواب میں آگ لگ کر نہ جلانا اپنے وعدہ کو پورا کرنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔

(۲۶) خواب دیکھا کہ آگ نے دانوں کو جلا کر ختم کردیا تو یہ ان کی قیمتوں میں گرانی کی علامت ہے اسی طرح دوسرے سامان میں آگ لگنا ان کی قیمتوں میں اضافے اور ڈیمانڈ بڑھنے پر دلالت کرتا ہے۔(۲۷) طعام سے خالی ہانڈی کے نیچے آگ دیکھنا گھر کے سربراہ کے بے فائدہ غصہ کرنے کی دلیل ہے۔(۲۸) کبھی جلانے والی آگ کی دلالت بادشاہ کی طرف سے تکلیف پہنچنے پر ہوتی ہے۔(۲۹) کسی حکمران نے خواب دیکھا کہ وہ آگ جلارہا ہے اور وہ بجھ رہی ہے تو اشارہ ہے وہ معزول ہوگا اور اس کی حکمرانی کی آگ بجھ جائے گی۔(۳۰) خواب میں اپنے دروازے میں بغیر دھواں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے آگ کے شعلے دیکھنا حج کرنے پر دلالت کرتا ہے۔(۳۱) انگلیوں میں آگ لگنا کاتبوں کی طرف سے ظلم واقع ہونے کی دلیل ہے۔(۳۲) ہتھیلی میں آگ لگنا صنعت میں ظلم کرنے کی دلیل ہے۔(۳۳) اور منہ میں آگ دیکھنا غم کی علامت ہے۔(۳۴) کسی مطیعِ شریعت کا خواب میں آگ میں داخل ہونا بیداری میں دنیاوی غم میں مبتلا ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۳۵) ایسی آگ جسکی زبان ہو اور بھڑکنے کے ساتھ ڈراونی آواز بھی ہو ہر سامنے آنے والے کو جلاتی ہو کسی محلہ شہر یا کسی گھر میں لگی ہوئی دیکھنا لڑائی' طاعون یا پھیپڑوں یا پھوڑے پھنسی کی بیماری کی دلیل ہے اور ان جگہوں میں اموات واقع ہونے کی علامت ہے۔(۳۶) اگر اس کے ساتھ آواز زبان اور تیزی نہ ہو تو اس سے بھی ان علاقوں میں موت اور حادثہ واقع ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔(۳۷) آسمان سے آگ نازل ہونے کی تعبیر زیادہ سخت ہے۔(۳۸) اور آسمان سے نازل ہونے والی آگ اگر کسی چیز کو نہ جلائے تو یہ غیر نقصان دہ' سخت زبان اور لڑائی ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔(۳۹) خواب دیکھا کہ کسی علاقے سے آگ آسمان کی طرف چڑھ گئی ہے تو تعبیر ہے اس علاقے کے لوگ گناہ کر کے اللہ تعالی کے ساتھ محاربہ کرتے ہیں اور بہت سخت بہتان لگاتے ہیں۔(۴۰) آگ پر گوشت بھوننا ایسا معاملہ اٹھانے کی دلیل ہے جس میں لوگوں کی غیبت کرنا پڑے یا زبان سے ان کو مطیع کرنے کی دلیل ہے۔(۴۱) اور اس بھنے ہوئے گوشت سے کھانا سخت غم کے ساتھ رزق ملنے پر دلالت کرتا ہے۔(۴۲) خواب دیکھا کہ وہ کھانے سے بھری ہانڈی کے نیچے آگ جلا رہا ہے تو دلیل ہے گھر کے سربراہ کی طرف سے پہنچنے والی منفعت والے کام سے علیحدہ ہو جائیگا۔(۴۳) کسی نے خواب دیکھا کہ آگ نے اس کے بعض کپڑوں کو یا بدن کے کچھ حصے کو جلا دیا تو دلیل ہے اس کو ان چیزوں میں مصیبت پہنچے گی جن کی طرف یہ کپڑے اور بدن منسوب ہیں۔(۴۴) خواب میں کسی جگہ سے آگ اٹھانا بادشاہ کی طرف سے حرام مال ملنے کی دلیل ہے۔(۴۵) خواب میں بادشاہ کے دروازے میں آگ جلانا ملک عظیم اور قوت ملنے کی دلیل ہے۔(۴۶) خواب دیکھا کہ اس کے گھر سے آگ نکل گئی تو دلیل ہے کہ اس کو حکمرانی یا نجات ملے گی یا حرفت میں قوت ملنے کی علامت ہے۔(۴۷) اگر اسکی جلائی ہوئی آگ سے مشرق ومغرب روشن ہو گئے تو ایسے علم ملنے کی دلیل ہے جس سے مشرق ومغرب میں اس کا تذکرہ ہوگا۔(۴۸) خواب میں گھر میں آگ لگنا خوشحالی کی دلیل ہے۔(۴۹) ایسا آدمی نے خواب دیکھا جس کی بیوی حاملہ ہو گویا اس کے سر یا اسکے گھر سے ایسی آگ نکلی جس میں روشنی اور شعاع ہے تو دلیل ہے اس کو ایسا بیٹا نصیب ہوگا جس کے ذریعہ وہ سردار بنے گا۔ یا دلیل ہے اس کی بیوی کی طرف سے اس کو خوشی ملے گی۔(۵۰) کسی نے دیکھا کہ وہ کسی پہاڑ کی چوٹی پر آگ جلا رہا ہے تو دلیل ہے وہ اللہ تعالی کا قرب حاصل کریگا یا دلیل ہے اسکی تمام ضروریات پوری ہو جائیں گی۔ اور اگر وہ اپنے وطن سے دور ہو تو صحیح سالم گھر لوٹ آئیگا۔(۵۱) بعض دفعہ آگ بھڑکنا اس کے برباد ہونے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۵۲) کسی شادی شدہ شخص نے دیکھا کہ اس کے تنور میں آگ جل رہی ہے تو اس کی بیوی کے حاملہ ہونے کی دلیل ہے۔ (۵۳) سر سے آگ نکلنا سخت حرارت کی بیماری یا پھیپھڑوں کے مرض لاحق ہونے کی علامت ہے۔
(۵۴) خواب دیکھا کہ وہ آگ کے بیچ میں ہے اور آگ اس کو نہیں جلا رہی نہ ہی اس کی گرمی محسوس ہو رہی ہے تو دلیل ہے وہ صدق و عدل پائے گا اور یقین اور ملک کی دولت سے سرفراز ہوگا۔ اور دلیل ہے کہ دشمنوں پر غلبہ نصیب ہوگا۔
(۵۵) کسی مقام میں آگ بجھتی ہوئی دیکھنا اس علاقے میں شر اور فتنہ کے دب جانے کی بشارت ہے۔
(۵۶) خواب دیکھا کہ اس کے گھر میں آگ جلائی جا رہی ہے اور اس کے اہل اس سے روشنی حاصل کر رہے ہیں اور آگ بجھ گئی۔ تو تعبیر ہے اس گھر کے سربراہ مر جائیگا۔ (۵۷) بعض دفعہ کسی شہر میں آگ لگنا اس شہر کے سربراہ یا اس کے کسی عالم کے مرنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۵۸) باغ کے اندر آگ کا بجھ جانا صاحب خواب یا اس کے عیال میں سے کسی کے مرنے کی علامت ہے۔ (۵۹) کسی کے گھر میں آگ بجھ گئی اور ہوا اس میں داخل ہو کر اس کو روشن کیا تو دلیل ہے اس کے گھر میں چور گھس جائیں گے۔ (۶۰) خواب میں اپنے برتن کے اندر آگ ڈالنا یا اس کو اپنے لئے محفوظ کرنا حرام مال پانے کی دلیل ہے۔ (۶۱) کبھی آگ کی دلالت جنات پر بھی ہوتی ہے۔ اس لئے کہ جنات ناری مخلوق ہے۔ (۶۲) کبھی اس کی دلالت بادشاہ کی طرف سے مسلط کردہ تاوان اور قحط اور ٹڈیوں کے عذاب آنے پر بھی ہوتی ہے۔ (۶۳) خواب دیکھا کہ اس کے تندور یا چولہے یا اس کی بھٹی یا اس جیسی آگ جلائی جانے والی جگہوں میں سے کسی جگہ پر آگ جل رہی ہے تو یہ مال اور غنا نصیب ہونے کی علامت ہے۔ خصوصاً آگ کے ذریعے حاصل ہونے والی معیشت خصوصاً سردی کے موسم میں ہو۔ (۶۴) خواب میں اس کی آگ کا گل ہونا یا بجھ جانا یا راکھ بن جانا یا پانی بارش کی وجہ سے بجھ جانا اس کے محتاج ہونے اور اپنے کام اور صناعت سے رک جانے پر دلالت کرتا ہے۔ (۶۵) کسی نے دیکھا کہ مٹکے یا مشکیزے یا کسی ایسے برتن کے اندر بولنا جو ذکورو اناث پر دلالت کرتے ہیں۔ تو تعبیر ہے کہ جن لوگوں پر ان چیزوں کی دلالت ہوتی ہے ان پر جنات کا اثر ہوگا اور وہ جن اس کی زبانی بولے گی۔
(۶۶) اذاء پہنچانے والی آگ ظالم بادشاہ پر دلالت کرتی ہے۔ اور اگر اس سے لوگوں کو استفادہ کرتے ہوئے دیکھے تو اس کی دلالت عادل بادشاہ پر ہوتی ہے۔ (۶۷) کسی نے دیکھا کہ اس نے چنگاری اٹھائی اور وہ اس کے ہاتھ سے نکل گئی اور بکھر گئی تو دلیل ہے وہ اپنی یا کسی اور کی مصلحت کے خاطر نہیں اٹھے گا۔ (۶۸) سردیوں میں آگ دیکھنا بعض دفعہ پھل فروٹ پر دلالت کرتی ہے اس لئے کہ اہل عرب کا مقولہ ہے ''النار فاكهة الشتاء'' آگ سردی کا میوہ ہے۔ (۶۹) کبھی آگ دیکھنا سونا چاندی کے برتن میں کھانے پر دلالت کرتا ہے جس میں کھانا حرام ہے۔ (۷۰) کبھی اس کی دلالت فقر و فاقہ پر اور کبھی سوال کرنے پر ہوتی ہے۔ (۷۱) بعض دفعہ آگ بھڑکتی ہوئی دیکھنا کسی چیز کے فوت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہونے یا کسی کے مرنے کی وجہ سے قلب میں ہیجان پیدا ہونے کی علامت ہے۔ (۴۷) کبھی اس کی دلالت گرمی کے بخار پر بھی ہوتی ہے اور کبھی آگ کی دلالت آتش پرستوں پر بھی ہوتی ہے اسی طرح کی تعبیر نور اور ظلمت دیکھنے سے بھی کی جاتی ہے۔

## نہار (دن)

اس کی دلالت غموم سے نجات پانے پر ہوتی ہے اور کبھی اس کی دلالت اعلیٰ قسم کے جدید کپڑوں اور ازواج و اولاد پر ہوتی ہے۔ اور کبھی حجت کے ظہور اور الجھے ہوئے معاملے کے کھلنے' قیدیوں کے آزاد ہونے اور غائب کے لوٹ آنے پر دلالت کرتا ہے۔

## نجم (ستارہ)

اس کی تعبیر باب الکاف ''کوکب'' کے تحت گذر چکی ہے۔

## ندی (تر' نمناک)

خواب میں اس کو دیکھنا بشارت و خوشخبری ملنے کی علامت ہے۔

## نداء (آواز دینا)

(۱) خواب میں آواز سننا سننے والے کی معیصت میں مبتلا ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿ اولئک ینادون من مکان بعید ﴾ دور مقامات سے ان کو پکارا جاتا ہے (۲) خواب دیکھا کہ اس کو آواز دی جارہی ہے تو دلیل ہے وہ رزیل قسم کے لوگوں کی صحبت اختیار کریگا۔ (۳) خواب میں کسی کو کسی وادی کے کنارے سے آواز دیا جانا اس کو ولایت عظیمہ نصیب ہونے کی بشارت ہے۔

## نصیحہ (خیرخواہی)

خواب میں کسی دشمن کی طرف سے نصیحت ہونا دھوکہ میں پڑنے پر دلالت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿ وقاسمھما انی لکما لمن الناصحین فدلٰھما بغرور ﴾ ''شیطان نے حضرت حوا و آدم علیہ السلام کو قسم دیکر کہا بیشک میں تمہارا خیرخواہ ہوں اور دھوکے سے شجر ممنوعہ کی طرف اشارہ کیا۔

## نفی من الارض (زمین سے نکالنا)

(۱) اس کی دلالت قید خانہ پر ہوتی ہے۔ چنانچہ کسی نے خواب میں دیکھا کہ اس کو زمین سے دور کیا گیا تو بیداری میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قیدی ہونے کی علامت ہے۔اور کبھی نفی عن الارض نافی کی حجت کے ثابت ہونے کی علامت ہوتا ہے۔اور کبھی اس کی دلالت قطع ید پر بھی ہوتی ہے۔

## نفقہ (خرچ کرنا)

(۱) خواب میں رشتہ داروں پر خرچ کرنا یا ان کو مالی وسعت دینا بیداری میں مالی وسعت حاصل ہونے، عیال کے محفوظ ہونے اور خرچ شدہ مال کے واپس آنے کی دلیل ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے'' جو چیز اللہ کے راستہ میں خرچ کرو گے اللہ تعالیٰ اس کا نعم البدل عطا فرمانے والے اور بہترین رزق دینے والے ہیں۔(۲) خواب دیکھا کہ وہ اپنا مال ناپسندیدگی کے ساتھ خرچ کرر ہا ہے۔تو دلیل ہے اس کی اجل قریب ہوچکی ہے۔(۳) کبھی نفقہ اور اس میں وسعت سے کام لینا اس کے منافقت کی طرف اشارہ ہے۔

## نکاح (جماع کرنا)

اس کی دلالت منصب جلیل پر ہوتی ہے۔(۱) وہ جماع جس کی وجہ سے منی خارج ہو اور غسل واجب ہو باطل ہے اس کی کوئی تعبیر نہیں ہوتی اس لئے کہ وہ احتلام ہے (اور احتلام شیطان کی طرف سے ہوتا ہے)(۲) خواب میں اپنے دشمن کے ساتھ جماع کرنا اس کے غالب آنے کی دلیل ہے، خواب میں اپنے بھائیوں میں کسی سے یہ معاملہ کرنا نیکی اور احسان کے ساتھ صلائی رحمی کرنے پر دلالت کرتا ہے۔(۳) بعض لوگوں کے نزدیک کسی مردسے خواب میں جماع کرنا جہالت میں اس کے ساتھ لگ جانے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔(۴) اشہر حرم میں خواب کے اندر اپنی ماں یا بہن یا کسی ذی رحم محرم سے یہ معاملہ کرنا حرم میں جانے کی دلیل ہے۔(۵) کسی اجنبی مرد سے جماع کرنا اپنے مال میں اسراف کرنے کی دلیل ہے۔(۶) خواب میں اپنے باپ کے ساتھ یہ معاملہ کرنا اس کے فرمان بردار اور مطیع ہونے کی علامت ہے، اور عاق شدہ بیٹا کبھی ایسا خواب نہیں دیکھ سکتا۔(۷) خواب میں قبر کے اندر اپنی والدہ سے یہ معاملہ کرنا صاحبِ خواب کے مرنے کی دلیل ہے۔(۸) کسی جگہ یا مکان میں کسی دشمن کافر کو کسی مسلمان عورت سے جماع کرتا ہو دیکھنا اس مکان میں غارت کا حادثہ واقع ہونے کی طرف مشیر ہے۔(۹) اسی طرح کسی جگہ کسی مسلمان مرد کا کسی دشمن کافر عورت سے جماع کرتا دیکھنا دشمن پر حملہ کرنے کی دلیل ہے۔(۱۰) نکاح قرض کی ادئیگی پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اور غموم وہموم سے نجات کی بھی علامت ہے۔(۱۱) خواب دیکھا کہ خلیفۂ وقت اس کے ساتھ جماع کررہا ہے تو دلیل ہے اس کو حکمرانی نصیب ہوگی۔(۱۲) پرندے سے مناکحت کا معاملہ کرنا دشمنوں پر کامیابی حاصل کرنے کی دلیل ہے۔(۱۳) اگر اس نے پرندے کو پہچان لیا ہے تو دلیل ہے وہ کوئی اچھا عمل کریگا۔(۱۴) کسی جانور سے صحبت کرنا اپنی امید سے بڑھ کر رزق پانے کی دلیل ہے۔(۱۴) حکمرانی کے امیدوار شخص نے خواب دیکھا کہ وہ کسی عورت کے ساتھ صحبت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرنا چاہتا ہے اور وہ مرد بن گئی تو دلیل ہے کہ اسے وہ حکمرانی نہیں ملیگی اور نہ ہی اس کی امید پوری ہوگی۔ (۱۵) اگر صاحبِ خواب عام لوگوں میں سے ہو تو تعبیر ہے کہ دنیا اس پر تنگ ہو جائیگی۔ (۱۶) خواب میں ننگی عورت سے صحبت کرنا غم سے نجات حاصل کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۷) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے کسی درندہ سے جماع کیا تو دلیل ہے وہ اپنے دشمنوں پر غلبہ پائے گا۔ (۱۸) خواب میں شیرنی سے صحبت کا معاملہ کرنا شدائدِ کثیرہ سے نجات' کام میں کامیابی' معاملے کی بلندی اور لوگوں میں صاحبِ حیثیت ہونے کی علامت ہے۔ (۱۹) کسی جانور کو اپنے ساتھ صحبت کرتا ہوا دیکھنا خیر ملنے پر دلالت کرتا ہے' اور اگر وہ جانور کوئی درندہ ہو تو تعبیر ہے دشمن سے اس کو کوئی ناپسندیدہ امر پیش ہوگا۔ (۲۰) خواب دیکھا کہ ایک ران سے دوسری ران کے ساتھ جماع کا معاملہ کر رہا ہے تو دلیل ہے وہ اپنے قریبی رشتہ داروں میں شادی کریگا۔ (۲۱) خواب میں کسی بچی کے ساتھ جماع کرنا بیداری میں کسی کنواری کے ساتھ جماع کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۲) چیتے کے ساتھ صحبت کرنا ظالم قوم کے کسی عورت پر تسلط حاصل کرنے کی علامت ہے۔ (۲۳) زانی عورت سے صحبت کا معاملہ کرنا حرام دنیا ملنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۴) خواب میں اپنی بیوی سے جماع کرنا اپنی صناعت کے معاملے میں کامیابی حاصل کرنے کی دلیل ہے۔ (۲۵) خواب میں جنت کی عورتوں سے مناکحت کا معاملہ کرنا ان کی جمال وخوبصورتی کے بقدر حصولِ دین پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۶) جنت کی لونڈیوں سے صحبت کرنا دین کے معاملے میں خوشی کی خبر سننے اور خفیہ نیک عمل کرنے کی دلیل ہے۔ (۲۷) اگر وہ مکشوف ہو تو نیکی بھی ظاہر ہونے والی ہوگی مثلاً زکوۃ' جہاد وغیرہ۔ اس کی بقیہ تعبیر باب العین میں ''مجامعت'' کے تحت گذر گئی ہے۔ (وہاں دیکھا جائے)۔

## نظر الانسان الی الفرج (شرمگاہ کی طرف دیکھنا)

(۱) خواب دیکھا کہ وہ اپنی بیوی یا کسی عورت کے شرمگاہ کی طرف شہوت کی نظر سے دیکھ رہا ہے' اس کو چھو رہا ہے تو دلیل ہے کہ وہ ناپسندیدہ تجارت کریگا۔ (۲) کسی ایسی ننگی عورت کی طرف دیکھنا جو دیکھنے والے سے بے خبر ہے عمل کے لحاظ سے غلطی کر جانے اور پھسل جانے کی دلیل ہے۔

## نط من مکان الی مکان (ایک جگہ سے دوسری جگہ کی طرف کودنا)

(۱) خواب میں یہ عمل کرنا بیداری میں بے ہودہ بات کرنے کی علامت ہے۔ (۲) اوپر سے نیچے کی طرف پھلانگنا اچھی حالت سے بری حالت کی طرف مائل ہونے کی دلیل ہے۔ (۳) تیزی کے ساتھ اوپر چلنا یا کودنا علو مرتبہ کی نشانی ہے اور نیچے آنا مرتبہ سے گرنے کی خبر ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## نزول (اترنا)

(۱) خواب میں اوپر سے نیچے کی طرف آنا اپنے منصب یا اپنی بیوی یا دین یا اعتقاد کو چھوڑنے کی دلیل ہے۔ (۲) دیکھا کہ وہ کسی ٹیلہ یا سواری یا کسی قبر یا کسی بڑے اونچے مکان سے نیچے اتر گیا ہے تو بقدر نزول مطلوبہ کام کے مشکل ہونے کی علامت ہے۔

## نبت الحشیش فی البطن (پیٹ میں گھاس اگنا)

اسکی دلالت موت پر ہوتی ہے۔ (۱) خواب دیکھا کہ اس کے سارے بدن پر گھاس اگی ہے مگر پورے بدن کو ڈھانپا نہیں ہے اور اس کو تکلیف پہنچا رہی ہے۔ تو دلیل ہے اسی سال اس کو خوشحالی ملیگی۔ (۲) اگر گھاس نے اس کے کانوں اور آنکھوں کو بھی ڈھانپ دیا ہے تو یہ دینی کمزوری کی دلیل ہے۔ (۳) اسی طرح بدن پہ بال اگنا مال ملنے اور اون سے لباس ملنے کی دلیل ہے۔ اور کبھی یہی خواب سفر کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۴) بدن پر گھاس اگنا کبھی غنی سے استفادہ کرنے کی دلیل ہے۔ (۵) بدن کے ایسے حصے میں گھاس اگنا جس سے تکلیف ہو رہی ہو یہ مریض کے لئے مرنے اور صحت مند کے لئے ناپسندیدہ معاملہ درپیش آنے کی دلیل ہے۔

## نکش فی شی من بدنہ (بدن سے کسی چیز کا نکلنا)

اس کی دلالت دنیا پر حرص اور خرچ کرنے پر ہوتی ہے۔

## نبش (پوشیدہ چیز کو ظاہر کرنا، کفن چوری کرنا)

(۱) حکم نافذ کرنے والوں کے لئے ان کے حکم کے نافذ ہونے کی دلیل ہے اور نفع بخش یا کھانے پینے کی چیزوں کو نکالنا علم و عمل اور رزق میں بے تدبیری پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) کسی معروف میت کی قبر سے کفن چوری کرنا دنیا میں اس میت کے طریقے پر چلنے کی دلیل ہے۔ اور اگر وہ عالم ہے تو اس کے علم سے اگر مالدار ہو تو اس کے مال سے اسکو بقدر نبش حصہ ملیگا۔ (۳) خواب دیکھا کہ وہ قبر کھود کر میت تک پہنچ گیا اور صاحب قبر کو زندہ پایا اور اس کا کفن اٹھا کر لے آیا تو دلیل ہے کہ اسے نیکی، حکمت اور مال حلال ملے گا۔ (۴) اور اگر صاحب قبر کو مردہ حالت میں پایا تو کوئی خیر کی علامت نہیں ہے۔ (۵) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ قبرستان آیا اس میں سے کچھ قبروں کو کھودا تو بعض مردوں کو زندہ حالت میں اور بعض کو مردہ حالت میں پایا تو صاحب خواب کے اس مقام پر خوشحال موذن ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۶) کفن چور کی دلالت سابقہ مٹی ہوئی چیزوں کے تلاش کرنے والے پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ عرب اس کو محقق کے نام سے بھی موسوم کرتے ہیں۔ (۷) چنانچہ کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کسی فقیہ عالم کی قبر کھود کر کفن چرا رہا ہے تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دلیل ہے کہ وہ اپنے مذہب اور جھوٹے ہوئے علم کے بارے تحقیق اور کھود کرید کریگا۔ (۸) اسی طرح حضور ﷺ کی قبر مبارک کو خواب میں کھودنا دین کے بارے تحقیق کرنے کی دلیل ہے۔ (۹) اگر کھودتے کھودتے بوسیدہ ہڈیوں یا پھٹے ہوئے ٹکڑوں تک پہنچ جائے یا میت کے ہڈیاں ٹوٹ رہی ہوں تو دلیل ہے صاحب خواب صحیح عمل سے بدعت اور نئے کام کی طرف لوٹے گا۔ (۱۰) اگر ان کو قبر میں مردہ حالت میں پائے اور ان کی قبر سے کوئی اچھی چیز نکالی تو دلیل ہے ان کی شریعت اور سنت کو زندہ کر کے اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا۔ (۱۱) خواب میں کسی کافر یا بدعتی کی قبر کو کھولنا گمراہوں کے مذہب کو اختیار کرنے یا سازش اور فراڈ سے حرام مال کمانے کی دلیل ہے۔ (۱۲) اگر قبر کھود کر بدبودار جسم یا تخت کیچڑ یا زیادہ گندگی تک پہنچ جائے تو یہ فساد کے یقینی ہونے کی طرف اشارہ ہے۔

## نقب (نقب لگانا' سوراخ کرنا)

اس کی تعبیر سازش سے کی جاتی ہے۔ (۱) کسی چٹان میں سوراخ کرنا حکمرانوں سے کسی کے بارے تفتیش کرنے کی علامت ہے۔ (۲) اور کسی قلعے میں نقب لگانا یا کرہ عورت تلاش کرنے اور مختلف خبروں کے بارے تفتیش کرنے پر دلالت کرتا ہے اور دلیل ہے مال کے فاسد ہونے اور اھل وعیال کی حالت میں فساد آنے کی۔ (۳) کبھی نقب لگانا نشانات قدم کی تحقیق و تفتیش پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۴) خواب دیکھا کہ وہ کسی شہر میں نقب لگا رہا ہے تو دلیل ہے وہ کسی قاسی القلب مضبوط حکمران سے دین کے بارے میں تفتیش کریگا۔ (۵) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کسی گھر میں نقب لگا کر اندر داخل ہوگا تو دلیل ہے کہ جس عورت کے تلاش میں ہے اس تک اس کی رسائی ہوگی اور اس کے ساتھ سازش کا معاملہ کریگا۔

## نقاب

اس کی دلالت طویل العمر بیٹی پر ہوتی ہے۔ اور کبھی دینی معاملات کی معرفت پر دلالت کرتا ہے۔

## نقیب (نگران)

(۱) خواب میں اس کو دیکھنا بشارت اور دشمنوں پر غلبہ کی علامت ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ ﴿ ولقد اخذ اللہ میثاق بنی اسرائیل وبعثنا منھم اثنی عشر نقیبا ﴾ "اور لے چکا ہے اللہ عہد بنی اسرائیل سے اور مقرر کیئے ہم نے ان سے بارہ سردار"

## نقل الاشیا عن محلھا الی ماھو انفس منھا (اشیاء کو اپنی جگہوں سے بہتر جگہوں پر منتقل کرنا)

(۱) خواب میں ایک چیز کو اس کی جگہ سے اس سے بہتر مقام کی طرف منتقل کرنا امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) اس سے کم تر جگہ کی طرف منتقل کرنا برائی کا حکم دینے اور نیکی سے روکنے پر دلالت کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یا پاک چیز کے بدلے خبیث چیز کو اختیار کرنے کی علامت ہے۔

## نفخ فی النار (آگ میں پھونکنا)

(۱) خواب میں آگ میں پھونکنا فتنے میں مبتلا ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔(۲) زمین میں پھونکنا راز کے فاش ہونے یا ایسے شخص کو راز دان بنانے کی علامت ہے جو رازوں کو چھپا نہیں سکتا۔(۳) خواب میں اپنی بیوی کی شرمگاہ میں پھونکنا بیوی کی حاملہ ہونے کی علامت ہے۔(۴) کھانا پکانے کی غرض سے آگ میں پھونکنا کسی منفعت کے لئے کام کو ترقی دینے کی علامت ہے۔ (۵) اگر اس غرض کے لئے نہ ہو تو یہ غم پہنچنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۶) صلحاء کے لئے خواب میں صور کو پھونکنا نجات کی دلیل ہے۔(۷) اور صور پھونکنے کی آواز کو سننا ڈراونی خبریں سننے کی علامت ہے۔(۸) صرف صاحب خواب کا سننا اشارہ ہے اسی خبر کے صرف اس کے ساتھ متعلق ہونے کی۔(۹) اگر دیکھے کہ سارے لوگ اس کو سن رہے ہیں تو دلیل ہے۔ سارے لوگ اس خبر سے پریشان ہوں گے۔(۱۰) خواب میں نفخہ ثانیہ کی آواز کو سننا معاش کی بارش اور یا پوشیدہ چیزوں کے ظہور' رازوں کے کھلنے کی دلیل ہے۔ یا علامت ہے مریضوں کے تندرست ہونے۔ قیدیوں کے قید سے چھوٹ جانے یا مسافروں کے ساتھ یکجا ہونے کی۔

## نشور الناس من قبور هم يوم القيامة (قیامت کے دن لوگوں کا قبروں سے اٹھنا)

خواب میں لوگوں کا قیامت قائم ہونے کی وجہ سے قبروں سے اٹھنا منفعت حاصل کرنے کے لئے بازار میں پھیلنے اور بعضوں کے نفع حاصل کرنے اور بعضوں کے نقصان اٹھانے پر دلالت کرتا ہے۔

## نفث (پھونکنا لعاب کے ساتھ)

خواب میں اس عمل کی دلالت جادو کرنے پر ہوتی ہے۔ بدلیل فرمان الٰہی ﴿وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ﴾ ''میں پناہ چاہتا ہوں اور بدی سے عورتوں کی جو گرہوں میں پھونک مارے''۔

## نجات من شدہ (سختی سے نجات پانا)

خواب میں تکلیف سے خلاصی پانا روزہ' صدقہ جیسے اعمال صالحہ کے نتائج پر دال ہے۔

## نثر الجواہر والیواقیت (جواہر و یاقوت کو پھیلانا)

خواب میں جواہرات کو پھیلانا اور اس کو نہ اٹھانا علمی کمی اور تجارت کے منافع میں کساد بازاری کی دلیل ہے۔ اور اگر ان اشیاء کا اہل شخص کا ان پھیلے ہوئے جواہرات میں سے اٹھانا اشیاء کو اپنے اپنے مقامات پر رکھنے کی دلیل ہے۔

## نظم (پیرونا)

خواب میں اس عمل کی دلالت مال جمع کرنے' علم حاصل کرنے اور آپس میں الفت و محبت اور اللہ تعالیٰ سے خوف کرنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پر ہوتی ہے۔

## نیابہ عن الحاکم (کسی حاکم کی نیابت)

خواب میں کسی حاکم یا متولی یا کسی سربراہ کا نائب ہونا صالحین کے طریقوں اور بندوں کے نشانات قدم پر چلنے کی علامت ہے۔

## نسج (کپڑا وغیرہ بننا)

خواب میں اس کی دلالت عمر کے لپٹ جانے اور اکثر ایام کے بیت جانے پر ہوتی ہے۔(۱) کبھی اس کی دلالت حالت کے معتدل ہونے پر بھی ہوتی ہے۔ یا اس کی دلالت دنیا کے کشادہ ہونے اور کبھی تنگ ہونے پر ہوتی ہے۔(۲) اگر دیکھے کہ وہ کپڑا بن رہا ہے تو دلیل ہے وہ طویل سفر کریگا۔(۳) خواب دیکھا کہ کپڑا بننے کے لئے تانے کس رہا ہے تو اشارہ ہے کہ وہ سفر کا عزم کریگا۔(۴) خواب دیکھا کہ کپڑا بن کر پھر اس کو کاٹا تو تعبیر ہے۔ جس کام کو وہ طلب کر رہا ہے۔ وہ مکمل ہو چکا ہے۔(۵) اگر صاحب خواب قید کی حالت میں ہو تو اس سے خلاصی کی علامت ہے۔(۶) اگر محبوس ہو تو کشادگی پر دلالت کرتا ہے۔(۷) اگر کسی سے جھگڑا ہو تو اس سے صلح کرنے کی علامت ہے۔(۸) روئی' اون' بال اور ریشم وغیرہ سے کپڑا بننے کی تعبیر میں کوئی فرق نہیں۔(۶) لپٹا ہوا کپڑا دیکھنا سفر کی علامت ہے۔(۹) کپڑے کو پھیلانا کسی غائب کے آمد کی دلیل ہے۔

## نوم (نیند)

اس کی دلالت غفلت پر ہوتی ہے۔(۱) خواب میں خود کو سوتا ہوا یا سونے کا ارادہ کرتا دیکھنا اس کی سستی پر دلالت کرتا ہے اور اس کی تعبیر کسی کے لئے بھی بہتر نہیں۔ سوائے اس شخص کے جو کسی شدید' خوف میں مبتلا ہے۔ اس لئے کہ نیند تمام غموم ہموم کو دور کرتی ہے۔(۲) خواب میں کسی قبرستان یا سر راہ یا کسی قبر کے اوپر خود کو سوتا دیکھنا مریض کے لئے موت اور تندرست کے لئے بطالت عمل کی علامت ہے۔ کبھی نیند کی دلالت اللہ تعالیٰ کی طرف سے واجب کردہ فرائض سے غفلت برتنے اور فوائد کے معطل ہونے پر بھی ہوتی ہے۔ اور کبھی نیند کی دلالت ارباب طاعت واجتہاد' مبارک نیک سفر پر ہوتی ہے۔ اور کبھی خلوت اختیار کرنے اور کبھی دنیا کی زیب وزینت سے خود کو سنوارنے پر بھی ہوتی ہے۔ (۳) خواب میں لوگوں کو سوتا دیکھنا عام لوگوں کے ختم ہونے پر دلالت کرتا ہے یا دلیل ہے' اشیاء کی قیمتوں میں اضافے کی اور کبھی معاملات کے الجھنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۴) اور اگر لوگ فناء عام یا قیمتوں میں گرانی کے عذاب میں مبتلا ہوں' اور خواب میں ان کو سوتا دیکھے تو دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس عذاب کو ان سے دور کریں گے۔(۵) خواب میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پنے آپ کو چت لیٹے دیکھنا دنیا سے قوت حاصل کرنے کی علامت ہے۔ اور نیند غم کے دور ہونے پر بھی دلالت کرتی ہے۔ (۶) چہرے کے بل سونے کی کوئی اچھی تعبیر نہیں ہے۔ چنانچہ حکمرانوں کے لئے یہ خواب ان کے معزول ہونے کی علامت ہے ان کے علاوہ لوگوں کے لئے اشیاء کی قلت اور فقر کی دلیل ہے۔ (۷) غیر شادی شدہ عورت کے لئے خواب میں سونا اس کی شادی ہونے کی بشارت ہے۔ بعض علما تعبیر کی رائے ہے خواب میں سونا گناہ کے ختم ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے اس لئے کہ نائم کے عمل کو اعمال لکھنے والے فرشتے نہیں لکھتے۔ اور بعض کہتے ہیں خواب میں نیند کرنا بیداری میں نشہ کرنے کی علامت ہے۔ اور بعض کہتے ہیں مرض میں مبتلا ہونے کی بھی علامت ہے۔ (۸) کسی خوف زدہ شخص کا خواب میں خود کو سوتا دیکھنا خوف سے مامون ہونے کی دلیل ہے اور بعض معبرین کے قول کے مطابق خواب میں سونا بیداری میں مصالح سے غفلت برتنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۹) کبھی چت لیٹ کر سونا معاملہ کے متفرق ہونے' ذلت میں مبتلا ہونے اور مرنے کی دلیل ہے اور کبھی کاموں سے فراغت پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۱۰) پہلو بل لیٹ کر نیند کرنا کبھی کوئی خبر آنے' کبھی بیماری اور کبھی موت پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۱) خواب میں خود کو بہت سارے درختوں کے نیچے لیٹا دیکھنا نسل واولاد میں کثرت کی علامت ہے۔ (۱۲) پیٹ کے بل سونا زینت' مال واولاد کے ذریعے کامیابی حاصل کرنے کی علامت ہے۔

## نعاس (اونگھ)

(۱) خواب میں اونگھنا خوف سے مامون ہونے کی علامت ہے۔ (۲) گناہگار کے لئے توبہ کی توفیق ملنے کی علامت ہے۔ (۳) کافر کے لئے ہدایت کی دلیل ہے۔ اور کبھی تنگدستی کے بعد چارہ دستی نصیب ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۴) مہنگائی اور دشمنوں میں گھرے ہوئے لوگوں کے لئے یہ خواب ارزانی اور دشمنوں پر غلبہ پانے کی بشارت ہے۔

## نحو (علم نحو)

اس کی دلالت بقدر توجہ حسن عمل پر ہوتی ہے۔

## نحوی

(۱) خواب میں کسی نحوی کو دیکھنا باتیں بنانے اور اس میں حسن پیدا کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) کبھی کسی نحوی کی رویت شر' مار دھاڑ کی علامت ہوتی ہے۔ (۳) خواب دیکھا کہ وہ نحوی بن گیا تو اگر اس میں جھوٹ بولنے کی عادت ہو تو سچ بولنے کا التزام کریگا اور اس سے پہچانا جائیگا۔ (۴) اگر کافر ہو تو دولت اسلام سے مشرف ہوگا۔ (۵) اگر گناہوں کا مرتکب ہو رہا ہو تو اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے اور گناہوں کو چھوڑنے کی توفیق ہوگی۔ (۶) خواب میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خود کو نحوی بنا دیکھنا کبھی فقر کے بعد غنی ہونے' مرض سے صحت یاب ہونے اور کبھی مشکل سے چھٹکارا حاصل کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## نزع الموت (جان کنی کی حالت)

خواب میں اس کیفیت کو دیکھنا دین کے بارے میں منازعت اور قرآن کے متعلق شک کرنے کی نشانی ہے۔ اور کبھی خواب میں نزع کی کیفیت طاری ہونا مسافر کے لئے سفر کی تیاری اور غیر شادی شدہ کے لئے شادی کی دلیل ہے اور گھر سے دوسرے گھر میں منتقل ہونے یا ایک پیشے کو چھوڑ کر دوسرا پیشہ اختیار کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت اداء قرض اور استفاء حقوق اور طلاق پر بھی ہوتی ہے۔ (۲) خواب دیکھا کہ وہ نزع کی بنا پر غمرات الموت میں مبتلا ہے تو اشارہ ہے کہ وہ خود پر یا کسی دوسرے پر ظلم کر رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ۞ لو ترى اذا الظّٰلمون في غمرات المَوْتِ ۞ ''اور اگر تو دیکھے جس وقت کہ ظالم ہوں موت کی سختیوں میں''۔

## نواح (نوحہ کرنے والا)

(۱) اس کی دلالت واعظ پر بھی ہوتی ہے۔ (۲) نوحہ کی آواز سننا بیت الخلا کھلنے اور بدبو پھیلنے کی علامت ہے۔ اور بعضوں نے کہا ہے کہ نوحہ کرنا کتوں کی آواز پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) نوحہ کرنے والی عورت کی آواز لوہار کی دھونکنی کی آواز اور دف بجنے کی آواز سننے کی علامت ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت شادی میں ڈھول باجے استعمال ہونے پر بھی ہوتی ہے۔ اور مخنث کا نوحہ کسی صورت میں بھی بہتر نہیں ہے۔ (۴) خواب دیکھا کہ کسی مقام میں نوحہ ہو رہا ہے تو تعبیر ہے کہ اس مقام میں بے تدبیری' حالات میں تغیر واقع ہوگا' ساتھیوں کی جماعت کے منقطع ہونے کی بھی علامت ہے۔ (۵) خواب دیکھا کہ کسی معروف آدمی کی موت پر نوحہ ہو رہا ہے۔ تو دلیل ہے اس معروف آدمی کے مرنے کے بعد وہ مصیبت میں مبتلا ہوگا۔ (۶) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کسی مردے یا کسی اور چیز پر نوحہ کر رہا ہے یا انتہائی سخت غم کی کیفیت میں ہے۔ تو یہ بیداری میں فرحت و سرور ملنے کی بشارت ہے کبھی نوحہ کرنا ہدایت سے گمراہی کی طرف جانے یا اپنے دین سے مرتد ہونے کی بھی علامت ہوتا ہے۔ نوحہ کرنے والے کی دلالت بانسری پر اور بانسری کی نوحہ کرنے والے پر ہوتی ہے۔ (۷) نوحہ کرنے والی عورت کو دیکھنا حالات کے بدل جانے' گھروں کے بے آباد ہونے اور فضول اعمال کرنے کی علامت ہے۔ اس لئے کہ آپ ﷺ کا فرمانِ مبارک ہے (النیاحة من عمل الجاهلية) (الحدیث) ترجمہ نوحہ کرنا زمانہ جاہلیت کا عمل ہے۔

## نشاب (تیر)

(۱) اس کی دلالت ایسے شخص پر ہوتی ہے جو اپنے والد کے علاوہ کسی اور کے ہاتھوں تربیت پائے۔ (۲) کسی نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خواب دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں تیر ہے' تو دلیل ہے اس کے پاس خوش کرنے والی خبر آئیگی۔ اور کبھی تیر کی دلالت حق بات کرنے اور اللہ تعالیٰ کے نافرمانوں پر رد کرنے پر بھی ہوتی ہے۔ (۳) اگر اس کا تیر اپنے صحیح ہدف تک پہنچ جائے تو یہ اس کے حکم نافذ ہونے اور مقبول ہونے کی دلیل ہے۔ (۴) تیر کا ہدف سے خطا کر جانا اس کے حکم کے نہ چلنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۵) سیدھا مضبوط تیر کی دلالت ایسی کتاب پر بھی ہوتی ہے جس میں حق بات ہو۔ (۶) بانس کے تیر کی دلالت کلامِ باطل پر ہوتی ہے۔ (۷) قرعہ یا جوئے کا تیر زبان دراز زیادہ بولنے والے آدمی پر دلالت کرتا ہے۔ (۸) اگر وہ اپنے ہدف پر پہنچ جائے تو اس کے کلام کے نافذ ہونے کی دلیل ہے۔ (۹) اگر ٹوٹ جائے تو دلیل ہے کہ وہ اپنے کلام میں احتیاط سے کام لیتا ہے۔ (۱۰) سونے کا تیر کسی عورت کو خط ارسال کرنے کی طرف اشارہ کرتا ہے یا کسی عورت کی وجہ سے خط ارسال کرنے کی بھی علامت ہے۔ (۱۱) تیر کا پھل (پیکان) قوت و طاقت پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۲) نیزے کا حرکت کرنا پیغام پہنچانے میں پیغام رساں کا اپنی ذات کے بارے خوف میں مبتلا ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۳) خواب میں خود کو تیر اندازی کرتا دیکھنا چغلی کی طرف منسوب ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۴) خواب میں بغیر پر کا تیر دیکھنے کی تعبیر مسخرہ پیغام رساں ہے۔ (۱۵) پھلدار نیزہ دیکھنا کسی عورت کی طرف پیغام پہنچانے کی چاہت کے باوجود کوئی پیغام پہنچانے والا نہ ملنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔

## نصل (پھل' پیکان' نوک)

(۱) خواب میں اس کو دیکھنا کلام یا سفر سے حاصل شدہ فوائد و منافع پر دلالت کرتا ہے (۲) سیسے کا پیکان ضعف و کمزوری کے ساتھ پیغام دینے پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) پیتل سے لگا نوک متاعِ دنیا کی نشانی ہے۔ اور سونے کے پیکان ناپسندیدگی کے ساتھ پیغام بھیجنے کی دلیل ہے۔

## نصاب السیف او السکین (چھری یا تلوار کا دستہ)

اس کی دلالت سونا' چاندی' گائے اور بکریوں کے نصاب جس پر زکوٰۃ واجب ہوتی ہے پر ہوتی ہے۔

## نیر (بیلوں کے کندھے پر رکھنے کا جوا)

اسے دیکھنا غلاموں کے علاوہ سب کے لئے خیر کی دلیل ہے اور غلاموں کے لئے ان کی غلامی کے مشکل ہونے کی علامت ہے۔ غلام کے لئے اسے درست حالت میں دیکھنے کی بجائے ٹوٹا ہوا دیکھنا تعبیر کے اعتبار سے زیادہ فائدہ مند ہے۔ اور اس لکڑی کو جو تاروں والی لکڑی میں داخل ہو دیکھنا نکاح کے خواہشمند کے لئے بچہ کے طالب اور نیک عمل کرنے والے کے لئے بہتر ہے اور کبھی اس کی دلالت تکلیف پر ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## نول (کپڑا بننے کی مشین)

(۱) اس کی دلالت حرکت اور سفر پر ہوتی ہے اور نیچے پڑا ہوا ہو تو محبوس ہونے پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ یہ لکڑی کھڑی ہوتی ہے اور عورتیں کھڑی ہو کر کپڑا بُنتی ہیں۔ (۲) ضرورتمندوں کے لئے اسے دیکھنا کچھ ملنے کی دلیل ہے اور کبھی اس کی دلالت عظیم منصب ملنے پر بھی ہوتی ہے۔ (۳) اگر عورت نے خواب دیکھا کہ کوئی دوسری عورت اس کو اٹھا کر اس کی جگہ بیٹھ کر کپڑا بُننے لگی تو یہ اسکی موت کی دلیل ہے۔

## نخی (شہد اور گھی سے بنا ہوا کھانا)

اس کی دلالت ایسے شخص پر ہوتی ہے جس کو لوگ بڑا زاہد اور عالم سمجھتے ہیں مگر وہ اپنے علم پر عمل نہیں کرتا ہے۔

## نطع (کھال کا فرش)

(۱) اس کی دلالت عورتوں کی خدمت کرنے والے اور ان کے رازوں سے باخبر اور لوگوں سے چھپانے والے پر ہوتی ہے۔ (۲) کبھی اس کی دلالت بیوی پر بھی ہوتی ہے۔ اور سر پر بھی، کبھی اسکی دلالت اس شخص پر ہوتی ہے جن سے راز بیان کیا جاتا ہے مثلاً والدین وغیرہ اور کبھی اس کی دلالت مرد پر بھی ہوتی ہے اور کبھی اس کی دلالت اس مال پر ہوتی ہے جس سے اس کی بیوی اور بچے متمتع ہو سکتے ہیں۔

## نرد (ایک کھیل)

(۱) خواب میں نرد کھیلنا بیداری میں بلند مرتبہ، عزت و جاہ پانے کی علامت ہے۔ اس لئے کہ یہ صاحب اقتدار لوگوں کا کھیل ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت بیداری میں مذاق اور مسخرہ پن کے مرتکب ہونے پر بھی ہوتی ہے۔ اور کبھی فاسقوں کے ساتھ معاشرت اختیار کرنے کی بھی علامت ہوتی ہے۔ اور کبھی نرد کھیل کھیلنا ایسی معصیت میں مبتلا ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے جس میں یہ معلوم نہ ہو کہ شرمندگی ہوگی یا نہیں ہوگی۔ اور بعض علما تعبیر کہتے ہیں کسی بھی چیز سے کھیلنا مکر کرنے کی علامت ہوتا ہے۔ اور کبھی نرد سے کھیلنا ایسی تجارت کرنے کی علامت ہے جس میں معصیت ہو۔ اور نرد امر باطل کی بھی دلیل ہے۔ (۲) نرد کو کھیلے بغیر نصب کرنا بے کار اور معزول ہونے پر دلالت ہے۔ اور حق پر نہ ہونے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ (۳) اسے نصب کر کے اس سے کھیلنا ظلم اور نقصان کرنے والے مردوں کی سرپرستی کرنے کی دلیل ہے۔ یا اس کی تعبیر زیادتی کرنے سے کی جاتی ہے۔ (۴) نرد کو کھیل میں آگے پیچھے کرنا اس علاقے میں ظلم کے ساتھ قتال واقع ہونے کی علامت ہے۔ (۵) خواب میں غالب آنے والا بیداری میں کامیاب ہوگا۔ (۶) خواب دیکھا کہ وہ نرد کے ساتھ کھیل رہا ہے تو رزق کے طلب میں غلبہ کے طالب شخص کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ساتھ لڑائی جھگڑا واقع ہونے کی دلیل ہے۔

## ناقوس (عیسائیوں کی عبادت کے وقت کی گھنٹی)

(۱) اس کی دلالت جاسوس یا بچوں والی بیوی یا مؤذن پر ہوتی ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت شہرت اور فضیحت پر ہوتی ہے۔ (۲) خواب دیکھا کہ وہ ناقوس بجا رہا ہے تو دلیل ہے وہ جھوٹی خبروں کو افشا کر رہا ہوگا۔ اور کبھی ناقوس بجانا ایسے آدمی کے ساتھ مصاحبت اختیار کرنے کی علامت ہے جس میں کوئی خیر نہ ہو اور ناقوس کی دلالت بہت جھوٹ بولنے والا منافق قسم کے آدمی پر ہوتی ہے۔ (۳) خواب دیکھا کہ وہ کسی گرجا گھر میں ناقوس بجا رہا ہے تو دلیل ہے وہ اپنے بیع وشرا اور تجارت میں قسمیں کھاتا ہوگا۔ (یا کھانے والا ہوگا) اور ناقوس میں مارنا جھوٹی قسم کھانے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## ناموسیہ (مچھر دانی)

(۱) خواب میں اس کے اندر میت دیکھنا بہت مال حرام ملنے کی علامت ہے اور میت سے خالی دیکھنا بہت سیاہ یا ایسے بداخلاق آدمی کی علامت ہے جس کے پاس بدخلق قسم کے لوگوں کی آمد ورفت ہو۔

## نصرانی (عیسائی)

(۱) اس کی دلالت مدد پر ہوتی ہے۔ (۲) بوڑھے عیسائی کی دلالت ایسے دشمن پر ہوتی ہے جس کی شر سے نقصان نہ پہنچ سکتا ہو۔ (۳) خواب میں خود کو نصرانی ہوتا دیکھنا عیسائیوں کے عقیدے کے مطابق دین میں نئی چیز گھڑنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۴) خواب میں خود کو عیسائی دیکھنا کبھی ماموں یا خالہ کی میراث کے وارث بننے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۵) اپنے گلے میں عیسائیوں کی زنار دیکھنا بیٹا نصیب ہونے کی دلیل ہے۔ اور اگر خواب دیکھنے والا ولایت و بادشاہت کا اہل ہو تو اس منصب پر فائز ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۶) خواب میں دیکھا کہ اس کو عیسائی کہا جا رہا ہے اور وہ اس کو ناپسند کرتا ہے اور سفید خوبصورت لباس پہنا ہوا ہے۔ تو دلیل ہے اس کو اس معاملے سے امن ملیگا جس معاملہ سے اس کو ڈر لگ رہا ہو۔ (۷) کبھی عیسائی کی تعبیر ایسا آدمی ہوتی ہے جو رئیسوں کو پسند کرنے والا ہو۔ (۸) بادشاہ کے لئے خود کو نصرانی ظاہر کرنا اس کے ساتھ مددہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۹) عیسائی عورت کی دلالت شراب کے مشکیزہ پر یا آگ کے جلے ہوئے ہونے پر ہوتی ہے۔ (۱۰) کبھی خواب میں نصرانی دیکھنا بیداری میں بھی نصرانی دیکھنے کی علامت ہوتا ہے۔ (۱۱) کبھی نصاریٰ کی دلالت دوست نما دشمن پر بھی ہوتی ہے۔ (۱۲) اگر کسی خصومت میں مشغول شخص خواب میں کوئی عیسائی دیکھے تو دلیل ہے کہ وہ اس خصومت کو باطل طریقے سے جیت جائیگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## نوروز (اہل فارس کا تہوار)

(۱) اس کی دلالت سابقہ خوشی کے لوٹنے پر ہوتی ہے۔ اور دلیل ہے کہ اس کا غم ختم ہوگا اور علامت ہے کہ ہاتھ سے نکلا ہوا مال دوبارہ ہاتھ آئیگا۔ (۲) خواب دیکھا کہ نوروز ہے اور دن جمعہ ہے۔ تو تعبیر ہے کہ دریائے نیل درمیانہ درجہ میں بہے گا۔ اور مصر میں فساد اور پریشانی پھیلے گا اور دن ہفتہ کا ہوتو دلیل ہے کہ امن زمین پر برقرار نہیں رہیگا اور وہ سال سخت مشقت میں گذریگا اور وباء پھیل جائیگی۔ (۴) اور اگر دن اتوار کا ہوتو دریائے نیل کے طغیانی میں توسط ہوگا اور موسم سرما سخت ہوگا اور فصلوں میں برکت ہوگی۔ (۵) اور اگر پیر کا دن ہوتو دریائے نیل کے چلنے میں برکت ہوگی۔ اور فصلوں کے خراب ہونے کا اندیشہ ہوگا۔ اور موسم سرما میں بیماریاں زیادہ ہونے کی بھی علامت ہے۔ (۶) اگر دن منگل کا ہوتو دریائے نیل میں توقف کے بعد امتداد آئیگا۔ اور اس میں زیادتی آئیگی اور اس سال موسم سرما میں سخت سردی ہوگی۔ (۷) اور اگر یہ خواب بدھ کے دن ہوتو دلیل ہے دریائے نیل میں درمیانی درجہ کا سیلاب ہوگا اور زمین کے اوپر زیادہ دیر نہیں رہیگا بلکہ جلد ہی اتر جائیگا۔ اور گرمی اور موسم خزان کے درمیان شدید سردی پڑیگی۔ (۸) اگر یہ دن جمعرات ہوتو تعبیر ہے کہ نیل مبارک ہوگا اور سوائے موشیوں کے کسی بھی چیز کی قیمت نہیں بڑھے گی۔ (نوٹ) یہ سب تعبیریں بطلیوس نے خاص طور پر ملک مصر کے لئے کی ہے۔

## نبیذ التمر والزبیب غیر المسکر (کھجور اور کشمش کا شیرہ غیر مسکر)

(۱) اس کی دلالت غم اور تکلیف پر بھی ہوتی ہے اور کبھی تنگی معاش اور فاقہ پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اور کھجور کا شیرہ مال خرچ کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۲) خواب میں کھجور کا شیرہ پینا مال غنیمت ملنے کی علامت ہے۔ (۳) کشمش کا شیرہ پینا صاحبِ استعداد کے لئے اس کے ہاں بارش کے آمد گی دلیل ہے۔ (۴) اگر ایسا نہیں ہے تو بادشاہ کی طرف کی نسبت ہوگی۔ (۵) کبھی ایسے حلال مال پر دلالت کرتا ہے جس میں تکلیف ہو۔ (۶) خواب میں خود کو نبیذ یا دوسری کوئی نشہ آور چیز لیتا دیکھنا مشکل اور تعب سے ملنے والے مال پر دلالت کرتا ہے۔ (۶) حکمران کے لئے شراب پینے کی طرح نبیذ پینا بھی اس کی معزولی کی علامت ہے۔ نیز کھجور خرچ کرنا ایسے مشتبہ مال پر دلالت کرتا ہے جس میں غم و تکلیف ہو۔

## نفط (پٹرول)

(۱) اس کی دلالت زانیہ عورت پر ہوتی ہے جس میں کوئی خیر نہ ہو۔ اور بعض اہل تعبیر کی رائے ہے کہ مطابق اس کی دلالت حرام مال پر ہوتی ہے۔ (۲) خواب میں اس کا کھانا بادشاہ کی طرف سے مال ملنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) خود پر گرتا دیکھنا بادشاہ کی طرف سے مصیبت پہنچنے کی علامت ہے۔ (۴) کبھی اس کی دلالت۔ شرور، تکلیف اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لڑائیوں پر ہوتی ہے۔

## نحاس (تانبا)

(۱) خواب میں تانبا ملنا یہود ونصاریٰ کی طرف سے مال ملنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) اگر خواب میں اپنے ہاتھ میں تانبا دیکھے تو اس چاہئیے اپنے دشمنوں سے ہوشیار رہے۔ (۲) کبھی تانبا دیکھنا جھوٹ بولنے، بہتان باندھنے اور گالی بکنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## نخاس الدواب (چوپائے بیچنے والا)

(۱) اس کی دلالت ایسے شخص پر ہوتی ہے جو شریف لوگوں کو اپنی دنیا پر ترجیح دینے والا ہے اور کبھی معاملات کے سرپرست اور ذمے دار پر بھی اس کی دلالت ہوتی ہے۔ (۲) باندی فروش کی دلالت بھلائی والے آدمی پر ہوتی ہے۔ اس کی باندی کی دلالت خبروں اور غلام کی دلالت دشمنوں پر ہوتی ہے۔ (۳) چنانچہ باندی اور غلاموں کا کاروبار کرنے والا شخص کو دیکھنا ضرر والے آدمی پر دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی سواری فروش کی دلالت خشکی میں شکار کرنے والے مرد پر ہوتی ہے۔ اور غلام فروش کی دلالت بحر میں شکار کرنے والے پر ہوتی ہے۔ اس لئے کہ ان کے ہاتھوں میں مختلف نوع کے جانور آتے جاتے ہیں اور بعض مواقع پر مچھلی کی دلالت باندی پر ہوتی ہے۔

## نحات الخشب (لکڑی تراشنے والا)

اس کی دلالت منافقوں سے معاملات کرنے، ان سے دھوکہ سے مال حاصل کرنے والے شخص پر ہوتی ہے۔

## نجار (بڑھئی کاریگر)

اس کی دلالت لوگوں کو ادب سکھانے والے مؤدب پر ہوتی ہے۔ اس لئے کہ جس طرح بڑھئی بھی لکڑی کو تراش کر درست کر لیتا ہے۔ اسی طرح مؤدب بھی ان لوگوں پر غصہ کرتا ہے جن کے دین میں فساد ہو اور وہ ان کو دینی لحاظ سے مزین کرتا ہے۔ نیکی کی تعلیم دیتا ہے اور کبھی بڑھئی کی دلالت منافقین پر رد کرنے اور واجب کو ان پر لازم کرنے پر بھی ہوتی ہے۔ (۲) اور سواری میں استعمال ہونے والی اشیاء بنانے والے کی دلالت سفر پر ہوتی ہے۔ (۳) نہریں درست کرنے والے کی دلالت زمین سے حاصل شدہ فوائد ومنافع پر ہوتی ہے۔ اور چکی ساز کی دلالت لڑائی جھگڑوں اور شرور پر ہوتی ہے۔ اور تالوں اور دروازوں کو درست کرنے والے کی دلالت ازواج واولاد پر ہوتی ہے اور کھیتی کے سامنے منافع اور درست کرنے والے کی دلالت کھیتی اور فصلوں اور زراعت پر ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## نجاد (فرنیچر فروش)

خواب میں اس کو دیکھنا خود پسند آدمی پر دلالت کرتا ہے۔اور کبھی اس کی دلالت تھکاوٹ کے بعد راحت کے حصول کے متمنی آدمی پر ہوتی ہے۔اور کبھی اس کی دلالت لوگوں کو ادب سکھانے والے اور درستگی کی طرف رہنمائی کرنے والے پر بھی ہوتی ہے۔اور کبھی اس کی دلالت منافق قوم کے ساتھ معاملات کر کے ان سے بذریعہ مکر مال لینے والے مرد بھی ہوتی ہے۔

## نقاش (نقش لگانے والا)

اس کی دلالت علم اور اچھا طریقہ چھوڑنے پر ہوتی ہے۔اور کبھی اس کی دلالت سازش' فراڈ اور حیلہ بازی پر بھی ہوتی ہے۔(۲) پتھر پر نقش لگانے والے کی دلالت جاہلوں کے ساتھ سازش کرنے والے آدمی پر ہوتی ہے۔(۳) تانبے پر نقش لگانے والے کی دلالت امراض اور خصومات پر ہوتی ہے۔(۴) سونے' چاندی پر نقش کرنے والے کی دلالت عظیم حکمت پر ہوتی ہے۔ہر چیز کو اس کے مقام پر رکھنے پر بھی دلالت کرتا ہے اور کبھی نقاش کی دلالت دنیا داری اور دنیا کے دھوکے کی بھی علامت ہے۔

## نجاب (تیر خاص قسم کا)

اس کی دلالت دائی عورت پر ہوتی ہے جس طرح دائی کو خواب میں دیکھنا اس پر دلالت کرتا جو قلعوں اور چھاونیوں اور اس میں فتح کی خبر سنانے والے۔

## نقاد (سکے گننے ' پرکھنے والا)

(۱) خواب میں اس کو دیکھنا ہدایت اور شریروں سے جدا ہونے کی علامت ہے۔نقاد کھوٹے کھرے کو پرکھتا ہے اچھے کو اپنے لئے منتخب کرتا ہے۔(۲) چنانچہ صاحب علم کا خود کو سکوں کو پرکھتا دیکھنا اپنے لئے دینی لحاظ سے اشرف اور بہترین علم منتخب کرنے کی دلیل ہے۔(۳) اگر صاحب خواب دنیادار ہے تو وہ اپنے لئے دنیا میں بہترین شی منتخب کریگا۔ (۴) اور اگر صاحب حکومت ہے تو یہ اپنے لئے بہترین مملکت اختیار کرنے کی علامت ہے۔

## نقاض (توڑنے والا)

خواب میں اس کی رویت میں کوئی خیر نہیں ہے نہ ہی اس کے نام میں خیر ہے اس لئے نقاض وضوء کو وعدے کو اور شرط کو توڑنے والے کو کہتے ہیں' البتہ کسی غلط چیز کو توڑ کر اس کو درست کرنا بیداری میں کسی فاعد چیز اور غلط کام کی اصلاح کی علامت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## نشار الخشب (لکڑی کا برادہ)

اس کی دلالت چکی پر اور اس سے گرنے والے برادے کی آٹے پر ہوتی ہے۔

## نشابی (تیر فروش)

اس کی دلالت اس جاسوس پر ہوتی ہے جو لوگوں کو چغلی کا حکم دیتا ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت غم و تکلیف' سفر' لڑائی مال کو شریعت کے مطابق تقسیم کرنے پر ہوتی ہے۔

## نساج (پرچہ بافی کا کام کرنے والا)

(۱) اس کی دلالت ایک پا بہ رکاب گھوڑ سوار مجاہد کی طرح کاموں کی طرف ابھارنے والے اور کام کے حصول کے لئے زیادہ محنت کرنے والے شخص پر ہوتی ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت دیوار بنانے والے مستری پر اور کبھی خود کپڑے بننے والے اور زمیندارہ کرنے والے پر بھی ہوتی ہے۔ (۲) خواب میں کپڑا وغیرہ بننا مرض' غم' سفر' خصومت یا کتابت میں مبتلا ہونے پر بھی دلالت کرتی ہے۔ (۳) اپنے بُنے ہوئے کو توڑنا اپنے' غم' عمل' سفر وغیرہ سے نکلنے کی علامت ہے۔ (۴) بننے کی لکڑی میں کچھ باقی رہنا اتنی مقدار میں مذکورہ چیز رہنے کی دلیل ہے۔ (۵) کپڑا بننے والی عورت کی تعبیر بھی وہی ہے جو مرد کی ہے۔ (۶) البتہ اگر کسی غیر شادی شدہ شخص خواب میں اس کو دیکھے تو یہ ایک شریف عورت کے ساتھ نکاح کرنے کی علامت ہے۔ اور اگر غیر شادی شدہ عورت اس کو دیکھے تو اپنی طرف منسوب مرد کے علاوہ دوسرے کسی مرد سے نکاح کرنے کی علامت ہے۔

## نباش (کفن چور)

خواب میں اس کو دیکھنا بھولی ہوئی باتوں کی تحقیق کرنے اور کھود کرید کرنے کی طرف اشارہ ہے۔ یا رازوں کے فاش ہونے' ڈاکہ ڈالنے اور حرام کمائی کرنے کی دلیل ہے۔ اور کبھی نباش کی دلالت معاملات میں دخیل ہونے والے مستورات اور مخفی علوم کے متعلق خزانوں کی تحقیق کرنے والے پر بھی ہوتی ہے۔ اور کبھی کمزور اہل بدعت کے ساتھ مداخلت پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۲) خواب دیکھا کہ وہ قبور کو کھول رہا ہے مگر مردوں کو باہر نہیں نکال رہا ہے تو دلیل ہے اس کے مشکلات حل ہوں گے اور خوشخبریاں ملیں گی۔ (۳) خواب میں مردوں سے اپنی ضروریات کے متعلق بات چیت کرنا ضروریات کے پوری ہونے اور مقصود کے حاصل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۴) کبھی کفن چور کی دلالت قصاص لینے والے جلاد پر ہوتی ہے۔ کبھی خواب میں قبر کھولنا دنیا اور دنیا کی رونق اور دکھوں کو طلب کرنے کی علامت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## نداف (دھنیا)

(۱) اس کی تعبیر خصومتوں والا ایسا شخص ہے جس کے ہاتھوں میں بہت سارے مال آتے جاتے ہوں۔ (۲) خواب میں روئی دھنا جھگڑے میں پڑ جانے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۳) اور اگر صحیح طریقے دھن نہ کر سکنا مقابل خصم کے جیت جانے کی علامت ہے۔

## نفاع (فائدہ پہنچانے والا)

خواب میں اس کی رویت غیر شادی کے لئے شادی اور شادی شدہ کے لئے کاموں کو نمٹانے کی بشارت ہے۔

## نحال (شہد کی مکھیاں پالنے والا)

اس کی رویت اس میں لڑائی' انقطاع اموال' تھکاوٹ اور مسلح ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

## نحل (شہد کی مکھی)

خواب میں خطرے کے ساتھ شہد حاصل کرنا امیری اور خوشحالی پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) خواب میں شہد کی مکھیوں کا چھتہ دیکھنا اور اس سے شہد نکالنا حلال مال نصیب ہونے کی بشارت ہے۔ (۳) چھتے سے سارا شہد نکالنا اور چھتے میں کچھ بھی باقی نہ بچانا کسی قوم پر ظلم کرنے کی علامت ہے۔ (۴) اگر صاحب خواب حکمران ہو اور کچھ شہد اس چھتے میں باقی رکھا ہے تو یہ عدل سے کام لینے کی دلیل ہے۔ (۵) خواب دیکھا کہ اس کے سر پر شہد کی مکھیاں گر رہی ہیں تو ریاست ملنے کی بشارت ہے۔ (۶) اگر کوئی بادشاہ یہ خواب دیکھے تو مزید ملک ملنے کی بشارت ہے۔ (۷) اسی طرح ہاتھ میں شہد کی مکھی اتر نا زمینداروں کے لئے خوشی اور خیر کی دلیل ہے۔ (۸) فوجی وغیرہ کے لئے دلیل خصومت ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت فوج اور فوجی پر بھی ہوتی ہے۔ اس لئے کہ شہد کی مکھی فوجی کی طرح اپنے آمر کی تابعداری کرتی ہے۔ (۹) شہد کی مکھی مار ڈالنا دشمن پر غالب آنے کی دلیل ہے۔ (۱۰) زمینداروں کے لئے اس کی تعبیر میں کوئی خیر نہیں ہے۔ اس لئے کہ اس کا رزق اور معاش اسی سے ہے کبھی شہد کی مکھی کی دلالت علماء' مصنفین' تکلیف دہ کمائی وغیرہ پر ہوتی ہے اور کبھی اس کی دلالت اپنے دوستوں کے لئے کثیر نفع والا' خوب کمائی کرنے والا بابرکت شخص پر بھی ہوتی ہے۔ (۱۱) اگر بادشاہ شہد کی مکھی کی جگہ کو پکڑے تو یہ کثیر المنفعت آباد شہر' حلال آمدنی' ماہر' ہوشیار مالدار قوم گنوانے کی دلیل ہے۔

(۱۲) خواب میں شہد کے چھتے میں داخل ہونا بیداری میں چھتے سے فائدہ حاصل کرنے اور اس کے ذریعے سے کامیاب ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۳) خواب میں دیکھا کہ شہد کی مکھیاں جمع ہو کر اس کو ڈس رہی ہیں تو دلیل ہے کہ کوئی قوم آپس میں تعاون کر کے اس کو نقصان پہنچائیں گی۔ (۱۴) اگر مکھیوں کو مارا تو دلیل ہے وہ قوم اس کو نکالے گی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱۵) خواب دیکھا گویا شہد کی مکھیاں کسی شہر کی طرف کوچ کر رہی ہیں تو دلیل ہے۔ اس شہر پر ایسی فوج حملہ آور ہوگی جن میں کوئی بھلائی نہیں ہوگی۔ (۱۶) کبھی اس کی دلالت گرمی کی وجہ سے چلنے اور کبھی شہد کی وجہ سے مرض میں مبتلا ہونے پر بھی ہوتی ہے۔ اور کبھی شہد کی مکھی کی رویت ریاست اور منفعت ملنے کی دلیل ہوتی ہے اور کبھی اس کی دلالت دیہاتیوں اور کبھی اسلامی لشکر پر بھی ہوتی ہے جس طرح ٹڈیوں کی دلالت کفار کی فوج یا خوارج پر ہوتی ہے۔ بھڑوں کی دلالت بھی فوج پر ہوتی ہے۔

## نخل (درخت کھجور)

(۱) اس کی تعبیر عالم شخص یا بیٹے سے کی جاتی ہے چنانچہ اس کا کٹ جانا بیٹے یا عالم کی موت کی دلیل ہے۔ اور کبھی درخت کھجور کی تعبیر لوگوں کو نفع پہنچانے والے صاحب حسب عربی شخص سے کی جاتی ہے۔ (۲) خواب میں بہت ساری کھجور کے درختوں کا مالک بننا بقدر درخت مردوں پر حکمرانی کرنے کی دلیل ہے۔ (۳) یہی خواب اگر تاجر دیکھے تو اس کی تجارت میں زیادتی ہونے کی علامت ہے۔ (۴) عام بازاری آدمی کے لئے کام ملنے کی بشارت ہے۔ (۵) کھجور کے خشک درخت منافق پر دلالت کرتا ہے۔ (۶) کسی جگہ سے کھجور کے درخت کو اکھاڑنا اس جگہ میں وباء پھیلنے کی علامت ہے۔ کبھی بادشاہ کی طرف سے تکلیف پہنچنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۷) خواب دیکھا کہ اس کی کھجور کے درخت کو کاٹا گیا تو دلیل ہے کہ جس کام کے وہ درپے ہے وہ ناپسندیدہ ہے سفر یا جھگڑا وغیرہ کی بھی علامت ہے۔ کبھی درخت کھجور پھوپھی پر دلالت کرتا۔ (یعنی اس میں تغیر وتبدل پھوپھی کے اندر تغیر وتبدل کی علامت ہے) اور کھجور کی دلالت عربی النسل عورت پر ہوتی ہے۔ (۸) خواب دیکھا کہ کھجور کی گٹھلی بڑھ کر بڑا درخت بن گئی تو تعبیر ہے اس کا بچہ بڑا عالم بن جائے گا۔ یا دلیل ہے کمینہ آدمی بڑا درجہ پائے گا۔ اور بعض علماءِ تعبیر کی رائے ہے کہ کھجور کی دلالت درازیِ عمر اولاد ازواج پر ہوتی ہے کبھی گھر اور کبھی زمین اور ملک' مال' لباس' والد' عالم وغیرہ پر بھی دلالت کرتا ہے۔ کسی نے دیکھا کہ درخت کھجور کاٹ رہا ہے تو دلیل ہے جس معاملہ میں مبتلا ہے مثلاً جھگڑا یا حکمرانی یا سفر یا کوئی ناپسندیدہ امر' تو وہ مکمل ہوگا۔

## نخال (بہت سارے کھجور کے درخت والا)

اس کی دلالت مال زکوٰۃ کے ذمے دار ہونے پر ہوتی ہے۔

## نخال الدقیق (آٹا چھاننے والا)

اس کی دلالت حاکم اور حق وباطل کے درمیان فرق کرنے والے پر ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## نبال (تیر ساز)

خواب میں اس کو دیکھنے کی دلالت روح یا مال کے ذریعہ سازش اور حیلہ وساز باز کرنے پر ہوتی ہے۔اور تیر ساز کی دلالت زاہد و عابد شخص پر بھی ہوتی ہے۔

## ناطفی (کان پھیلانے والا)

اس کی دلالت لوگوں کے درمیان چغلی کرنے والے شریر شخص پر ہوتی ہے اور اپنے مفاد کے لئے لوگوں کے درمیان دشمنی اور جدال پیدا کرنے والے پر بھی ہوتی ہے۔

## ناطور (باغ بان)

یہ حکمران اور مالدار سے تعبیر ہے۔چنانچہ اخروٹ کے درختوں کی حفاظت کرنا عجمیوں پر حکومت کرنے کی علامت ہے۔ اور زجاج کی حفاظت کرنا عورتوں کے معاملات کے ذمہ دار ہونے کی دلیل ہے۔

## ناسخ (لکھنے والا)

خواب میں اس کو دیکھنا کلام نقل کرنے کے سبب سے تھکاوٹ اور تعب میں پڑنے کی دلیل ہے۔اور کبھی اس کی دلالت فصلوں کی بیجوں پر بھی ہوتی ہے۔اور کبھی حاصل شدہ چیزوں میں فضول خرچی کرنے' نکاح اور نسل پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## نقش (کالی روشنائی)

(۱) اس کی تعبیر رفعت اور عزت سے کی جاتی ہے۔اور خوشی کی بھی علامت ہے۔(۲) خواب دیکھا کہ اس کی قمیص سیاہی سے لت پت ہوگئی یا کسی اور نے اس کو سیاہی سے لت پت کیا تو دلیل ہے اس پر سیاہی ڈالنے والا شخص اس پر غالب آجائیگا اور اس سے صاحبِ خواب کو مرتبہ اور اچھی شہرت نصیب ہوگی اور کبھی سیاہی سے ملوث ہونا برص کی بیماری لاحق ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔اور کبھی خود کپڑوں کے سیاہی آلودہ ہونے کی طرف بھی اشارہ ہے۔

## نعل (جوتا)

(۱) اس کی تعبیر زوجہ کا لڑکا' سواری' دوست' شریک عمل اور سفر سے کی جاتی ہے۔(۲) خواب دیکھا کہ جوتا خریدا ہے مگر اس کو پہن کر چل پھر نہیں رہا ہے تو دلیل ہے باندی خریدیگا یا علامت ہے کہ آزاد شریف عورت سے نکاح کریگا۔ (۳) خواب میں جوتا خرید کر اس کو پہن کر چلنا خشکی میں سفر کرنے کی علامت ہے۔(۴) جوتے کا رنگ عورت کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رنگ پر دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی سبز رنگ کا جوتا دیندار صالح عورت کی علامت ہوتا ہے۔ (۵) کالے رنگ کا جوتا مالدار عورت پر دلالت کرتا ہے۔ (۶) پیلے رنگ کے جوتے مریض عورت کی نشانی اور سرخ رنگ والا جوتا زینت اور خوبصورت عورت کی علامت ہے۔ (۷) خواب میں جوتے کا تسمہ ٹوٹ جانا سفر سے مقیم ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۸) پیوند لگا جوتا پہننا ایسی عورت سے نکاح کرنے کی علامت ہے جس کے ساتھ بچہ بھی ہو جو اس کے ساتھ اس کے گھر میں داخل ہوگا۔ (۹) خواب میں اپنے جوتے کو ایڑی کے بغیر دیکھنا اشارہ ہے کہ اس کی بیوی آئندہ کبھی بھی حاملہ نہیں ہوگی۔ (۱۰) خواب میں صرف ایک جوتا پہن کر چلنا اپنی بیوی یا شریک کار سے مفارقت کی دلیل ہے۔ (۱۱) خواب میں جوتے کو سینے کے لئے موچی کے حوالہ کرنا کسی عورت کی قیادت کرنے کی علامت ہے۔ (۱۲) خواب دیکھا کہ اس کا جوتا پانی میں گر کر ضائع ہوگیا تو تعبیر ہے اس کی بیوی مرجائیگی۔ (۱۳) پانی سے اس جوتے کو صحیح سلامت پانا یا نکالنا دلیل ہے اس کی بیوی ہلاکت کے قریب ہو کر صحت یاب ہو جائیگی۔ (۱۴) کبھی جوتا اتارنا ولایت ملنے کی طرف بھی مشیر ہوتا ہے بدلیل فرمان الٰہی ﴿فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ إِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى﴾ ترجمہ: ''اپنے جوتے اتارو اس لئے کہ پاک وادی میں ہو'' چنانچہ اس کے بعد حضرت موسیٰؑ کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد ہوئی اور فرعون کے مقابلے میں ان کو طاقت مل گئی۔ (۱۵) کبھی دونوں جوتوں کا گم ہونا سواری کے چوری ہونے کی دلیل ہوتا ہے۔ (۱۶) جوتوں کا گھس جانا بیوی کی حالت کی تبدیلی کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۱۷) تسموں والا جوتا بیٹی پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۸) خواب دیکھا کہ اس نے بالوں والا جدید بغیر تسمہ والا جوتا پہن لیا ہے تو تعبیر ہے باکرہ عورت سے شادی کریگا۔ (۱۹) اگر جوتوں کو پہن کر اپنے محلے میں گھومے تو دلیل ہے کسی عورت سے وطی کریگا اور راستے میں چلنے کا قصد کرے تو یہ حج کرنے اور خشکی کا سفر کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۰) جوتے یا اس کے تسمہ کا کھلنا کسی کی کفالت سے بری ہونے کی علامت ہے۔ (۲۱) خواب میں چاندی کا جوتا پہننا حسینہ و جمیلہ عورت سے نکاح کرنے کی دلیل ہے۔ (۲۲) اور سیسے کا جوتا پہننا کمزور عورت سے شادی کرنے کی نشانی ہے۔ (۲۳) کسی کے جوتا پہننا مرد پر غالب آنے والی عورت سے نکاح کی علامت ہے (۲۴) لکڑی کے جوتے خیانت کار منافق قسم کی عورت پر دلالت کرتے ہیں۔ (۲۵) رنگ دار جوتے خلط ملط کرنے والی بیوی کی نشانی ہے۔ (۲۶) گائے کی کھال کے جوتے پہننا عجمی عورت سے نکاح کرنے کی علامت ہے اور اونٹ کی کھال کے جوتے عربی عورت سے نکاح پر دال ہے۔ (۲۷) اور درندوں کی کھال کے جوتوں کی دلالت ظالم بادشاہوں کے خاندان میں کسی عورت سے شادی کرنے پر ہوتی ہے۔ (۲۸) خواب دیکھا کہ وہ دونوں جوتے پہن کر چل رہا ہے اور ایک جوتا پیر سے اتر گیا۔ تو دلیل ہے وہ اپنے بھائی یا شریکِ کار سے جدائی اختیار کریگا۔ (۲۹) کنانیہ جوتا باپردہ قاریِ قرآن بیوی پر دلالت کرتا ہے اور کبھی جوتے کی دلالت بھائی پر بھی ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## نمش (دھبہ)

خواب میں اپنے چہرے میں داغ دھبے دیکھنا مال کے سبب سے لوگوں کے سامنے کثرت سے گناہ کرنے کی دلیل ہے۔

## نمس (سانپ کو مار ڈالنے والا رینگنے والا جانور)

(۱) اس کی دلالت زنا پر ہوتی ہے۔ اس لئے کہ یہ بھی مرغی چوری کرتا ہے اور مرغی کی دلالت عورت پر ہوتی ہے۔

(۲) اس جانور سے خواب میں لڑنا کسی زانی شخص سے منازعت کی دلیل ہے۔

## نَمِر (چیتا)

(۱) اس کی دلالت ظالم بادشاہ یا مضبوط وقوی دشمن پر ہوتی ہے۔ (۲) خواب میں اس کو مار ڈالنا دشمن پر غلبہ پانے کی بشارت ہے۔ (۳) اس کا گوشت کھانا مال وشرف سے سرفراز ہونے کی دلیل ہے۔ (۴) اس پر سوار ہونا عظیم حکمرانی ملنے کی علامت ہے۔ (۵) خواب دیکھا کہ چیتے اس پر سوار ہوا تو دلیل ہے اس کو بادشاہ کی طرف سے ضرر پہنچے گا۔ (۶) خواب میں مادہ چیتا سے جماع کرنا ظالم قوم میں سے کسی حائضہ عورت کے ساتھ نکاح کرنے کی علامت ہے۔ (۷) خواب میں اپنے گھر کے اندر چیتا دیکھنا فاسق آدمی کے اس کے گھر پر حملہ آور ہونے کی دلیل ہے۔ (۸) خواب میں تیندوا یا چیتا بننا کسی فاسق شخص کی طرف سے مال ملنے کی علامت ہے۔ (۹) اگر خواب میں تیندوا اس کو کاٹے تو کاٹے ہوئے کے بقدر نقصان میں پڑنے کی دلیل ہے۔ کبھی اس کی دلالت مرد پر اور کبھی عورت پر بھی ہوتی ہے کبھی اس کی دلالت عام مرض پر اور آنکھوں کی بیماری پر ہوتی ہے۔ (۱۰) تیندوے کا دودھ پینا دشمنی مول لینے کی علامت ہے۔ اور اس کی دلالت سخت دشمنی کرنے والے دشمن پر بھی ہوتی ہے۔ (۱۱) چنانچہ اس سے خواب میں لڑنا مذکورہ صفت سے متصف شخص سے لڑنے جھگڑنے کی دلیل ہے۔ (۱۲) کبھی خواب میں اس کو دیکھنا اپنے گناہوں سے توبہ کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ دلیل اس کی یہ کہ اس کی مشابہت اہل فرس کے بادشاہوں کے ساتھ ہوتی ہے اور وہ پرہیز گار قسم کے لوگ ہیں۔ اور کبھی نمر کی دلالت ایسی قوم پر ہوتی ہے جن کے ساتھ سارے لوگوں کی مخالفت ہوتی ہے۔ اور کبھی یہ سخت گھبراہٹ میں مبتلا ہونے کی علامت ہے اور اپنے رنگ بدلنے کی بنا پر اس کی دلالت فنکاروں پر بھی ہوتی ہے۔

## نسناس (بن مانس)

اس کی دلالت کم عقل اور اپنے آپ کو اپنی کارکردگی کی وجہ سے ہلاکت میں ڈالنے والے اور لوگوں کی نظروں سے گرنے والے شخص پر ہوتی ہے۔ اور کبھی اس کو دیکھنا اپنے اچھے اخلاق اور چاپلوسی کے سبب سے لوگوں کے محبوب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## نمل (چیونٹی)

(۱) اس کی دلالت حریص وکمزور لوگوں پر ہوتی ہے۔ اور درازیِ عمر اور اہل وفوج سے بھی تعبیر کی جاتی ہے۔ (۲) چیونٹی کو خواب میں کسی گاؤں میں داخل ہوتے ہوئے دیکھنا اس گاؤں پر فوجیوں کے داخلے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۳) کسی نے خواب میں دیکھا کہ اس کے بستر پر بہت ساری چیونٹیاں ہیں تو دلیل ہے اس کی اولادِ کثیر ہوگی اور چیونٹیوں کو اپنے گھر سے نکلتی ہوئی دیکھنا گھر کے افراد میں کمی واقع ہونے کی علامت ہے۔ (۴) کسی مکان میں مریض ہو اور خواب میں اس مکان سے چیونٹی اُڑتی ہوئی دیکھے تو اس مریض کا انتقال ہوگا۔ اگر اس میں مریض نہ ہو تو کسی دوسری جگہ سفر کرنے اور تکلیف میں مبتلا ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ اور چیونٹی کی دلالت خوشحالی اور رزق پر بھی ہوتی ہے۔ اس لئے چیونٹیاں اس جگہ ہوتی ہے جہاں ان کے لئے رزق موجود ہو۔ (۵) کسی مریض نے خواب دیکھا کہ اس کے جسم پر چیونٹیاں رینگ رہی ہیں تو اشارہ ہے کہ اس کا انتقال ہوگا۔ (۶) بعض اہل تعبیر کہتے ہیں کہ اپنے مکان سے چیونٹیوں کو نکلتی دیکھنا اور اس کو ناگوار سمجھنا غم میں مبتلا ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۷) اپنے گھر یا محلے میں بہت ساری چیونٹیوں کو دیکھنا ان جگہوں کے رہنے والوں میں کثرت ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ اور اسی طرح گھر یا محلے سے بہت ساری چیونٹیوں کا نکلنا اس کے رہنے والوں میں اموات واقع ہونے کی خبر ہے۔ (۸) بہت چھوٹی چیونٹیوں کی بھی یہی تعبیر ہے البتہ ان کی دلالت کمزور لوگوں پر بھی ہوتی ہے۔ (۹) خواب میں چیونٹیوں کو پر نکلتا ہوا دیکھنا کثیر فوج میں بہت سارے فوجیوں کے مرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۰) کبھی چیونٹی کی دلالت خود صاحب خواب یا اس کے رشتہ داروں پر ہوتی ہے۔ (۱۱) خواب میں چیونٹیوں کی بولی سمجھنا حکمران بننے پر دلالت کرتا ہے بدلیل قصہ حضرت سلیمان۔ (۱۲) چیونٹیوں کو طعام کے ساتھ گھر میں داخل ہونا اس گھر کے خیر میں اضافہ ہونے کی بشارت ہے۔ (۱۳) چیونٹیوں کو گھر سے کھانے کی چیز لیکر نکلتی ہوئی دیکھنا محتاج ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۱۴) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کے کان یا ناک یا کسی دوسرے عضو سے چیونٹی نکلی اور وہ اس پر خوش ہے تو یہ صاحبِ خواب کے شہادت کی موت مرنے کی بشارت ہے۔ اور ان اعضاء سے چیونٹی نکلنے کو اگر ناپسند کیا تو بغیر توبہ کے موت آنے کی علامت ہے۔ (۱۵) کسی نے دیکھا کہ کسی گھر یا کسی شہر سے چیونٹیاں بھاگ رہی ہیں تو تعبیر ہے ان جگہوں سے چور کچھ چیزیں اٹھا کر لے جائیں گی۔ یا دلیل ہے ان جگہوں پر عمارت ہوگی۔ (۱۶) بہت ساری چیونٹیوں کے کسی کو ضرر پہنچائے بغیر کسی شہر میں دیکھنا شہر والوں کے زیادہ ہونے کی علامت ہے۔ (۱۷) خواب میں چیونٹی مار ڈالنا کسی ضعیف قوم کی وجہ سے گناہ کا ارتکاب کرنے کی دلیل ہے۔ (۱۸) حکمرانی کی اہلیت رکھنے والا شخص اگر خواب میں چیونٹی کی آواز سنے تو امارت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نصیب ہونے کی دلیل ہے۔(۱۹) اگر اس کے اندر امارت کی اہلیت نہ ہو تو خیر اور خوشحالی کی علامت ہے۔(۲۰) بڑی چیونٹیاں غازیوں کے لئے قتل ہونے اور مریضوں کے لئے مرجانے اور سفر کا ارادہ رکھنے والوں کے لئے سفر میں مشقت اٹھانے کی علامت ہے۔(۲۰) کسی نے خواب دیکھا کہ ایک بڑی چیونٹی اس کے گھر سے کسی چیز کو اٹھا کر لے گئی تو دلیل ہے اس کا بیٹا یا بھائی اس کے مال کو چوری کریگا۔

## ناقۃ (اونٹنی)

(۱) اس کی دلالت عورت پر ہوتی ہے۔ چنانچہ بختی اونٹی عجمی عورت پر اور غیر بختی عربی عورت پر دلالت کرتی ہے۔
(۲) خواب میں اونٹنی کا دودھ دوھنا غیر شادی شدہ کے لئے شادی اور شادی شدہ کے لئے بیٹا نصیب ہونے کی علامت ہے اور کبھی اس کا دوھنا محکمہ زکوٰۃ کے حکمران بننے کی علامت ہے۔(۳) اونٹ کا گوشت نذر مان کر پوری کرنا مصیبت میں مبتلا ہونے یا مرض لاحق ہونے یا رزق ملنے پر دلالت کرتا ہے۔(۴) اونٹی پر سوار ہونا کسی عورت کے ساتھ نکاح کرنے کی بشارت ہے۔(۵) اونٹی پر الٹی سواری کرنا کسی عورت کے ساتھ اس کے دبر میں جماع کرنے کی علامت ہے۔(۶) خواب میں کسی کی اونٹی کا مرجانا اس کی بیوی کے مرنے یا سفر کے باطل ہونے کی علامت ہے۔
(۷) بسا اوقات اونٹی کی دلالت اس کے زیادہ شور مچانے کی بنا پر زیادہ جھگڑالو عورت پر ہوتی ہے۔(۸) کسی شہر میں اونٹی کا داخل ہونا اس پر فتنہ آنے کی دلیل ہے بدلیل فرمان الٰہی ﴿ انا مرسلوا لناقة فتنة لهم ﴾ ''ہم انکو آزمانے کے لئے اونٹی بھیج دیں گے''۔(۹) اور خواب میں اونٹنی کو عقر (قابو کرنے کے لئے ٹانگ کو زخمی) کرنا اپنے کئے پر پشیمان ہونے اور مصیبت میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔(۱۰) اور کسی شہر میں اونٹ عقر ہوتا دیکھنا اس شہر والوں پر تکلیف آنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔(۱۱) کبھی اونٹنی کا مالک ہونا نکاح کرنے یا کسی گھر کے مالک ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۱۲) کسی اونٹنی کا دودھ نکالنا کسی عورت کی طرف سے مالِ حلال ملنے کی خوشخبری ہے۔(۱۳) دودھ کے علاوہ کوئی اور چیز مثلاً خون یا پیپ دوھنا مالِ حرام ملنے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۴) خود دودھ نکالے بغیر اونٹنی کا دودھ خواب میں پینا کسی صاحبِ قوت آدمی کی جانب سے مال نصیب ہونے کی دلیل ہے۔(۱۵) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کے ہاتھ سے اونٹنی نکل گئی یا ضائع ہوگئی یا ادھوری ہوگئی تو دلیل ہے وہ اپنی بیوی سے جدائی اختیار کریگا۔(۱۶) کبھی اونٹنی کی دلالت شریف المنزلت محنتی مشکلات پر صابرہ نیک وصالحہ عورت پر بھی ہوتی ہے۔
(۱۷) اس کی دلالت آنے والے مال پر بھی ہوتی ہے۔(۱۸) اونٹنی کے ساتھ اس کا بچہ بھی دیکھنا کوئی نئی چیز پیش ہونے یا عام فتنہ پھیلنے پر دلالت کرتا ہے۔(۱۹) اس کو ذبح ہونے کی حالت میں دیکھنا غموں اور تکلیفوں اور فتنوں پر دلالت کرتا ہے۔(۲۰) کسی غریب شخص کا خواب میں اونٹنی خریدنا کبھی تو چراغ خریدنے اور کبھی مرتبہ پانے اور کبھی جو چیز اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی طرف لائی جاتی ہے اس سے حصہ وافر پانے پر دلالت کرتا ہے۔کبھی اونٹنی کی دلالت درخت، کشتی، کھجور کا تنا اور عورت کے متعلق مالی معاملات پر بھی ہوتی ہے اور کبھی اس کی دلالت سواری، ہودج، قبہ اور ڈولی پر بھی ہوتی ہے اور سب کی دلالت عورت پر ہوتی ہے۔(۲۱) خواب میں اونٹنی کی کسی مسجد یا دسترخوان یا کسی کشادہ جگہ پر دودھ دیتی ہوئی دیکھنا اس سال کے خوشحالی ہونے کی علامت ہے۔

## نعجۃ (مادہ بھیڑ)

(۱) اگر موٹی ہو تو اس کی دلالت ایک شریف النفس، سخی اور مالدار عورت پر ہوتی ہے۔(۲) خواب میں بھیڑ کا گوشت کھانا کسی عورت کا وارث بننے کی طرف اشارہ دیتا ہے۔(۳) اس کے اون اور دودھ مال پر دلالت کرتے ہیں۔ (۴) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کے گھر میں بھیڑ داخل ہوگئی۔تو یہ اسی سال مالی خوشحالی ہونے کی بشارت دیتا ہے۔ (۵) حاملہ بھیڑ دیکھنا خوشحالی اور مالی امید کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔(۶) خواب میں مادہ بھیڑ کا مینڈھا بن جانا بیوی کے ہمیشہ کے لئے بانجھ ہونے کی دلیل ہے۔(۷) اسی طرح خواب میں بھیڑ کا دودھ دوھنا کسی عورت کی طرف سے مال ملنے پر دلالت کرتا ہے۔(۸) کھانے کی غرض سے اس کو ذبح کرنا اس عورت کی طرف سے اس کی ضرورت پوری ہونے اور کھانے کی نیت کے بغیر ذبح کرنا کسی باکرہ عورت سے نکاح کرنے کی علامت ہے۔(۹) خواب میں بھیڑ کو اپنے گھر سے نکلتی ہو دیکھنا یا ضائع ہونا یا چوری ہونا بیوی سے جدا ہونے کی علامت ہے۔(۱۰) اپنے گھر میں اسے دیکھنا آنے والے سال کے خوشحال ہونے کی دلیل ہے۔(۱۱) اور گھر میں حاملہ بھیڑ دیکھنا اس سال مال جمع ہونے کی دلیل ہے۔(۱۲) کسی نے خواب دیکھا کہ بھیڑ نے چھلانگ مار کر اس کو ہلاک کیا تو دلیل ہے کوئی عورت اس کے ساتھ سازش کریگی۔(۱۳) خواب میں بھیڑ سے جماع کرنا خوشحالی اور بلاوجہ ناگواری کی دلیل ہے۔(۱۴) بھیڑ کا بچہ جننا راحت اور فراوانی نصیب ہونے کی علامت ہے۔(۱۵) کالی بھیڑ کی دلالت عربی عورت پر اور سفید کی عجمی پر ہوتی ہے۔(۱۶) بہت ساری بھیڑیں نیک عورتوں کی نشانی ہیں اور کبھی بہت ساری بھیڑیں دیکھنا غموم و ہموم فقدِ ازواج اور زوالِ منصب کی بھی علامت ہوتا ہے۔

## نعامۃ (شترمرغ)

(۱) شترمرغ کی دلالت عربی و دیہاتی عورت پر اور نر کی دیہاتی عربی مرد پر ہوتی ہے۔(۲) کبھی اس کی دلالت نعمت پر ہوتی ہے۔اور شترمرغ پر سوار ہونا پیغام پہنچانے والے گھوڑے پر سوار ہونے کی دلیل ہے۔بعض کے نزدیک کسی خصی سے نکاح کرنے کی علامت ہے۔اور شترمرغ کی دلالت بہرے پر بھی ہوتی ہے اس لئے کہ شترمرغ سنتا نہیں۔اور بعض کے نزدیک نعامہ کی دلالت بوجہ اشتراکِ مادہ نعی (موت کی خبر) پر بھی ہوتی ہے۔(۳) اپنے گھر شتر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مرغ ٹھیرا ہوا دیکھنا طویل عمر اور نعمت پر دلالت کرتا ہے۔(۴) کسی بادشاہ نے خواب دیکھا کہ اس کے پاس شتر مرغ ہے تو دلیل ہے کہ اس کے پاس ایک خصی خادم ہوگا جو خاد ماؤں کی حفاظت کریگا۔(۵) خواب میں شتر مرغ پر سوار ہونا کسی ناجائز سواری پر یا کسی اونٹنی پر سواری کرنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔(۶) شتر مرغ ذبح کرنا کسی لڑکی کے بکارت کو ختم کرنے کی علامت ہے۔(۷) خواب میں شتر مرغ اٹھانا بیداری میں گناہ کا بوجھ اٹھانے کی دلیل ہے۔

## نسر (گدھ)

(۱) خواب میں گدھ سے لڑنا بادشاہ کے ناراض ہونے اور کسی ظالم انسان کے اس پر مسلط ہونے پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے پرندوں پر گدھ کو مقرر کیا تھا۔ اور پرندے اس سے ڈرتے تھے۔(۲) خواب دیکھا کہ تابعدار گدھ کا مالک بن گیا ہے تو دلیل ہے اس کو ملک عظیم ملے گا اور شرف وعزت ملے گی اور حکمرانی ملے گی۔ (۳) خواب میں بے خوف وخطر گدھ کے ساتھ اڑنا اپنے معاملے پر قابو پانے اور بڑے ظالم ہونے کی علامت ہے۔ (۴) خواب میں اس کے بچے کا مالک بننا عظیم بیٹا نصیب ہونے کی بشارت ہے۔(۵) دن کے وقت اس کو دیکھنا بیمار ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے اور اگر اس کو زخمی کر دیا تو یہ مرض کے طویل ہونے کی خبر ہے۔(۶) ذبح شدہ گدھ دیکھنا بادشاہوں میں سے کسی بادشاہ کے مرنے کی علامت ہے۔(۷) حاملہ عورت اگر خواب میں اسے دیکھ لے تو تعبیر ہے اس کی زیارت دیدار اور دودھ پلانے والی سے ہو جائیگی۔ اور کبھی گھر کی تعبیر سب سے بڑے بادشاہ پر اور کبھی نیک لوگوں اور کبھی انبیاء میں سے کسی نبی پر ہوتی ہے۔ اور خواب میں اس کو دیکھ کر اس کی آواز سننا کسی انسان سے جھگڑا کرنے کی علامت ہے۔(۸) خواب میں اس کے گوشت سے کھانا یا اس کے بال یا اسکی ہڈی حاصل کرنا بادشاہ کی طرف سے مال ملنے کی دلیل ہے۔(۹) کسی نے خواب دیکھا گویا گدھ اس کو اٹھا کر اڑ گیا تو دلیل ہے وہ قوت اور مرتبے حاصل کریگا۔(۱۰) اگر گدھ اس کو لیکر سیدھا آسمان کی طرف اڑ گیا تو تعبیر ہے وہ سفر میں مرجائے گا۔ اور کبھی اس کی رویت بدعت وگمراہی اور راہ ہدایت سے بھٹکنے پر ہوتی ہے۔ بفرمان الٰہی ﴿ وَلَا يَغُوثَ وَ يَعُوقَ و نَسْرًا وَ قَدْ أَضَلُّوا كَثِيرًا ﴾ "اور اپنے معبودوں یغوث یعوق اور نسر کو مت چھوڑو اور بہکا دیا بہتوں کو" کبھی اس کی رویت عیال پر غیرت کرنے کی بھی علامت ہوتی ہے۔(۱۱) خواب میں اگر اس کو گدھ آسمان سے نیچے ڈالدے تو تعبیر ہے کہ اس کا کام نامکمل ہوگا اس کی طاقت ختم ہو جائیگی۔(۱۲) اور شتر مرغ کا انڈا ملنا عورت ملنے کی دلیل ہے۔(۱۳) اور اس کا بال ملنا کسی دیہاتی مرد کی طرف سے مال ملنے کی دلیل ہے۔

## نعاب (کوے کا بچہ)

(۱) اس کی رویت فقر وفاقہ اور اھل وعیال اور رشتہ داروں سے دوری کی علامت ہے۔(۲) فقر وفاقہ اور مسافر شخص کا خواب میں اسے دیکھنا ان مصائب سے خلاصی پانے کی علامت اور اپنے اہل وعیال کے ساتھ یک جا ہونے کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دلیل ہے۔ (۳) اس لئے کہ کوا اپنے بچے کو انڈوں سے نکلتے ہی جدا کر دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس کی غذا کے لئے مکھی بھیج دیتا ہے اور یہ رزق اس کے بدن پر بال اور پر نکلنے تک ملتا رہتا ہے۔ جب بال نکلتے ہیں تو اس کو پھر اپنے ساتھ ملا لیتا ہے یہاں تک کہ اڑنے کے قابل ہو جائے۔

## نہر

خواب میں اس کی دلالت ایک عظیم آدمی پر ہوتی ہے۔(۱) خواب میں نہر میں داخل ہونا لوگوں میں سے کسی بڑے شخص کے ساتھ اختلاط اختیار کرنے کی طرف اشارہ ہے اور اس سے پانی پینا اچھا نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿ اِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيْكُمْ بِنَهَرٍ ﴾ ''اللہ تعالیٰ ایک نہر سے انہیں ازمانے والے ہیں'' (۲) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے نہر کی ایک جانب سے دوسری جانب چھلانگ لگادی تو وہ غم اور تکلیف سے نجات پائے گا اور جو اپنے دشمنوں پر غلبہ پائے گا۔ اور بعض علماء تعبیر کی رائے کے مطابق خواب میں نہر کے اندر داخل ہونا سفر کرنے کی علامت ہے اور بعض کے نزدیک بادشاہ کے کاموں میں شامل ہونے کی علامت ہے۔(۳) کسی نے دیکھا کہ پانی بازار میں جاری ہوا اور لوگ اس سے وضوء کررہے ہیں اور فائدہ حاصل کررہے ہیں۔ تو یہ بادشاہ کے اپنے رعایا کے ساتھ عدل وانصاف کرنے کی خوشخبری ہے۔(۴) پانی کا گھروں کی چھتوں کے اوپر جاری ہوکر گھروں میں جاری ہونا اور کپڑوں کا بھیگنا اشارہ ہے دشمن کے لوگوں پر سرکشی کرنے کی طرف۔(۵) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کے گھر سے نہر جاری ہوئی اور لوگوں کو اس سے کوئی نقصان بھی نہ ہوا تو تعبیر ہے اس طرف سے نیکی سے لوگوں کو فائدہ ہوگا۔(۶) خواب میں خود کو نہر بنتا دیکھنا خون کی وجہ سے مرجانے کی علامت ہے۔ اور کبھی خواب میں داخلِ نہر ہونا کسی آدمی کے کام میں مداخلت کرنے پر دلالت کرتا ہے۔(۷) اس نہر کے کیچڑ کو پہنچنا اس آدمی کی طرف سے تکلیف غم وخوف پہنچنے کی دلیل ہے۔ یہی تعبیر اس کے گدلا ہونے کی بھی ہے۔(۸) اُس نہر کے صاف پانی سے پینا جس میں داخل ہوا ہے اس آدمی کی طرف سے خیر ملنے اور بقدر مشروب پاکیزہ زندگی نصیب ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۹) خواب میں خود کو کسی نہر سے پانی پیتا دیکھنا نہر کے چھوٹی بڑی ہونے کے مطابق مال ملنے کی علامت ہے۔(۱۰) کسی نے خواب میں کیچڑ والی یا مسلسل موج مارنے والی نہر کو ایک جانب سے توڑ ڈالا ہے تو غم اور پریشانی کو ختم کرنے اور توڑنے کی دلیل ہے۔(۱۱) اگر کیچڑ یا موج نہ ہو (بلکہ پانی صاف اور معمول کے مطابق چل رہا ہے) تو اس کو ایک جانب توڑنا ان لوگوں کے ساتھ مقاطعہ کرنے کی دلیل ہے جن کے ساتھ معاشرت کو چھوڑ کر کسی دوسرے کی طرف جائے۔(۱۲) نہر کے اندر سے کنارے کی طرف چھلانگ مارنا بادشاہ کے شر سے نجات پانے اور دشمنوں پر کامیابی حاصل کرنے کی علامت ہے۔(۱۳) دیکھا کہ نہر خود اس کو یا اس کی کسی چیز کو اس سے چھین کر بہا لے گئی۔ تو یہ نقصان اور خسارے میں پڑنے کی نشانی ہے۔(۱۴) کسی نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دیکھا کہ اس کے گھر کی طرف صاف وشفاف نہر کا پانی آ رہا ہے۔ تو یہ مالی وسعت کی خوشخبری ہے۔ اور بعض علماء کے نزدیک یہ خواب غنی کے لئے اناج ملنے اور اھل وعیال کو نفع پہنچنے کی نشانی ہے۔ (۱۵) کسی غنی اور صاحب شرف شخص نے خواب دیکھا کہ اس کے گھر سے نہر جاری ہے اور لوگ اس سے پانی پی رہے ہیں تو دلیل ہے اس کی طرف سے علاقے کے لوگوں کو فائدہ ہوگا اور ان کا احترام کریگا اور ان پر خرچ کریگا۔ اور بہت سارے محتاج لوگ اس کے گھر کا رخ کریں گے اور اس سے منفعت حاصل کریں گے۔ (۱۶) اگر فقیر شخص مذکورہ خواب دیکھے تو تعبیر ہے زنا کی وجہ سے اپنی بیوی کو یا کسی اور امر قبیح کی وجہ سے اپنے گھر کے کسی فرد کو تھکا کر دیگا۔ اور کبھی نہر عملِ صالح اور رزق مستمر پر دلالت کرتی ہے۔ (۱۷) نہر کے پانی کا گدلا ہونا یا بدبودار ہونا جہنم پر دلالت کرتا ہے یا جہنم کے قریب لے جانے والی برائی کی علامت ہوتی ہے۔ اور کبھی نہر کی دلالت فتنے پر اور عاصی کے لئے عصیاں پر ہوتی ہے۔ (۱۸) اور دریائے سیحون 'دجلہ' فرات اور اس جیسے دوسرے مشہور دریاؤں کے پانی سے تناول کرنا خیر' رزق اور فوائد پر دلالت کرتا ہے یا زوجہ یا ان اقلیم کی طرف سے تحفہ ملنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۱۹) نہر کا کسی دوسرے شہر میں بہنا حکومتوں کے احوال میں تغیر و تبدل واقع ہونے اور بادشاہوں کے درمیان اختلاف ہونے اور بعض سے بعض کے لئے حرکت کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۰) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ نہر میں پانی کے اوپر چل رہا ہے تو یہ صاحبِ خواب کے حسنِ نیت اور صحتِ یقین کی بشارت ہے۔ (۲۱) خواب میں نہرِ کوثر کو دیکھنا دشمنوں پر کامیابی حاصل کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ﴾ "بے شک ہم نے تجھ کو کوثر دی" (۲۲) نہر کوثر سے پانی تناول کرنا علم وعمل اور حسنِ نیت اور حسنِ واتباعِ رسول ﷺ کی دولت سے بہرہ مند ہونے کی بشارت ہے۔ (۲۳) کافر کے لئے یہ نعمتِ اسلام سے سرفراز ہونے کی علامت ہے۔ (۲۴) گناہگار کے لئے گناہوں سے توبہ کرنے' بدعت سے سنت کی طرف آنے کی علامت ہے یا فاجرہ بیوی کے بدلے نیک وصالحہ بیوی نصیب ہونے کی خوشخبری ہے۔ یا حرام کمائی کو چھوڑ کر حلال کمائی کی طرف آنے کی دلیل ہے۔ (۲۵) اور جنت کے پانی کی نہر دیکھنا رزق پر اور دودھ کی نہر فطرت پر اور شراب کی نہر اللہ تعالیٰ کی محبت میں مدہوش ہونے پر دلالت کرتا ہے اور شہد کی نہر علم اور قرآن پر دلالت کرتا ہے۔

## نیل (دریائے نیل)

خواب میں دریائے نیل سے پانی پینا مشروب کے مقدار میں سونا ملنے کی دلیل ہے اور خواب میں اس کو دیکھنا قوت و حکمرانی کی خبر ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ناعورہ (رہٹ)

اسکی دلالت پوشیدہ طور پر لوگوں کے اموال کی حفاظت کرنے والے خادم پر ہوتی ہے اور رہٹ کی تعبیر تجارت کی گردش' حالات کی تبدیلی اور سفر سے بھی کی جاتی ہے۔

## نرجس (نرگس)

(۱) اس کی تعبیر عورت ہے چنانچہ خواب میں نرگس کا تاج پہننا ایسی عورت سے نکاح کرنے کی دلیل ہے جس کے ساتھ صحبت زیادہ نہیں ہوگی۔ (۲) باغ میں اگنے والا نرجس باقی رہنے والا بیٹا ہے۔ (۳) کٹا ہوا نرجس دیکھنا بچے کے مرنے کی دلیل ہے۔ اور بعض حضرات کے نزدیک نرگس دیکھنا سرور ملنے پر دلالت کرتا ہے اور بعض علماء کے نزدیک نرگس' سونا چاندی پر دلالت کرتا۔ (۴) اس کا پیلا ہونا دنانیر پر۔ (۵) سفید ہونا دراہم پر دلالت کرتا ہے۔ (۶) اگر عورت خواب میں اپنے سر پر نرگس کے تاج دیکھے تو ایسا شوہر کے ساتھ نکاح کرنے کی دلیل ہے جس کے ساتھ زیادہ دیر تک نہیں رہے گی۔ (۷) اگر شوہر والی عورت یہ خواب دیکھے تو تعبیر ہے اس کا شوہر مر جائے گا یا اس کو طلاق دے گا۔ (۸) اور کبھی نرگس کی دلالت طولِ عمر اور بڑھاپے تک پہنچنے کی دلیل ہے۔

## نمام (گھاس ایک خوشبودار)

اس کی دلالت ساتھ رہنے والی بیوی یا باقی اور برقرار رہنے والی حکومت اور تجارت پر ہوتی ہے۔ اور کبھی اس کی تعبیر عورت سے اور کبھی بیٹے سے کی جاتی ہے۔ اور اُگے ہوئے گھاس کی تعبیر اچھی ہے۔ اور تمام پھولوں کو اپنے اگنے کی جگہ سے کٹے ہوئے دیکھنا غم پر دلالت کرتا ہے۔

## نور الخلاف المسکی (بید کا پھول دار درخت)

اس کی دلالت تیز طبیعت والے شخص پر ہوتی ہے جو کمزور اور مصیبت پر صبر نہ کر سکتا ہو۔ بعض کی رائے ہے اس کی دلالت بے منفعت کم خلق شخص پر ہوتی ہے۔

## نارنج (نارنگی)

اس کی دلالت شر یا فتنہ پر ہوتی ہے۔ (۱) خواب میں لوگوں کو ایک دوسرے کو نارنگی سے مارتے ہوئے دیکھنا ان کے آپس میں قتل وقتال کرنے کی علامت ہے اور نارنگی نجات طلب کرنے اور بھاگنے کے اسباب کے نازل ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی اس کو دیکھنا محبت اور عشق میں دیوانہ ہونے کے بھی علامت ہوتا ہے۔ (۲) گھر میں بہت سارے نارنج دیکھنا گھر میں آگ لگنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۳) کبھی نارنگی غیر شادی شدہ کے لئے خوبصورت مالدار

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کنواری عورت سے نکاح کرنے کی دلیل ہے۔

## نبق (درخت بیر)

اس کی دلالت عراق سے آنے والے رزق پر ہوتی ہے۔اور بعض علماء کے نزدیک اس کی دلالت عین دراہم و دنانیر پر ہوتی ہے۔(۱) خواب میں بیر کھانا صحیح دیندار ہونے کی بشارت ہے۔اور حکمرانی کے اہل شخص خواب میں اگر بیر کھائے تو یہ حکمرانی ملنے کی دلیل ہے۔تمام معبرین کے مطابق بیر کی تعبیر اچھی ہے۔البتہ تازہ بیر کی تعبیر خشک کے مقابلے بہتر ہے۔(۲) اس کو پیلا ہونے کی حالت میں دیکھنا بھی کوئی نقصان کی علامت نہیں ہے۔اور دینداروں کے لئے مزید دینی پختگی کی علامت ہے۔(۳) بادشاہ کا خواب میں بیر کھانا اس کی حکومت کی مضبوطی کی بشارت ہے۔(۴) اسی طرح کسی کام کا ذمہ لینے والے کے لئے بھی اس کی یہی تعبیر ہے۔(۵) کبھی خواب میں بیر دیکھنا بیداری میں اپنے کام میں برقرار رہنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔(۶) کسی مصیبت میں مبتلا شخص کا خواب میں بے موسم بیر دیکھنا بیر کے موسم آنے تک اس مشکل میں رہنے کی طرف اشارہ ہے۔(۷) اسی طرح کسی خیر یا خوشحالی میں مسرور شخص کے لئے بیر دیکھنا اس خوشی میں باقی رہنے کی علامت ہے۔

## نعناع (پودینہ)

لغناع کی دلالت لفظی اشتراک کی بنا پر نعی (موت کی خبر) پر ہوتی ہے۔تمام سبزیوں کی تعبیر غم ہے چکناہٹ نہ ہونے کی وجہ سے۔

## نورۃ (چھوارے کی گٹھلی)

خواب میں اپنے پاس کھجور کی گٹھلی دیکھنا اپنے خصم پر دلیل کے زور سے غالب آنے اور کامیاب ہونے پر دلالت کرتا ہے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿ وَلَا یُظْلَمُوْنَ فَتِیْلًا ﴾ ''اور ظلم نہ ہوگا ان پر ایک تاگے کا'' اسی طرح دوسری جگہ ارشاد ہے ﴿ وَلَا یُظْلَمُوْنَ نَقِیْرًا ﴾ ''اور ظلم نہ ہوگا ان پر تل بھر'' اور تیسری جگہ ارشاد ہے ﴿ والذین تدعون من دونہ لا یملکون من قطمیر ﴾ ''اور جن کو تم پکارتے ہو اس کے سوا وہ مالک نہیں کھجور کی گٹھلی کے ایک چھلکے کے'' اور کبھی کھجور کی گٹھلی درازی عمر پر بھی دلالت کرتی ہے۔اور گٹھلیوں کی دلالت گھر کے سامان پر اور کبھی دوست' عقیدے پر بھی ہوتی ہے۔اور جدائی اور بعد پر دلالت کرتی ہے۔

## نساء (عورتیں)

(۱) ان کی رویت دنیاوی زیب و زینت کی علامت ہے۔چنانچہ خواب میں عورتوں کو اپنی طرف آتی ہوئیں دیکھنا دنیا کے متوجہ ہونے کی دلیل ہے۔(۲) عورتوں کو منہ موڑتی ہوئی دیکھنا فقیر و محتاج ہونے کی علامت ہے۔(۳) کسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے خواب دیکھا کہ وہ عورتوں کے درمیان بیٹھا ہوا اور اس پر وہ خوش ہے تو تعبیر ہے وہ سستی و کاہلی کا مظاہرہ کریگا بدلیل فرمان الٰہی ﴿رضوا بأن یکونوا مع الخوالف﴾ ''خوش ہوئے اس بات سے کہ رہ جائے ساتھ پیچھے رہنے والیوں کے''۔

## نقصان

خواب میں اعضاء و جوارح میں نقصان واقع ہونا بیداری میں مالی نقصان کی علامت ہے۔

## نجاستہ (ناپاکی)

(۱) ایسا شخص جس کے پاس کسی کی امانت رکھی ہوئی ہو یا کسی کا گواہ ہو یا کسی کا مقروض ہے یا اس پر ایسی ذمہ داری ہے جس کی عدم ادائیگی کی صورت میں گناہگار ہوتا ہے خواب میں اپنے ساتھ گندگی لگی ہوئی دیکھ کر اس کو دھولے تو دلیل ہے وہ اس ذمہ داری سے عہدہ برآ ہو جائیگا۔ (۲) وضوء کئے بغیر صرف استنجاء کر کے اس گندگی دھویا تو تعبیر ہے وہ اس گناہ سے نکلے گا اور اس کا دین باقی رہ جائے گا۔ اور اپنی ضرورت کو پورا کریگا اور قرض اور امانت کو ادا کرنے کی کوشش کریگا۔ مگر قرض اور ودیعت اسی پر باقی رہیگا مگر گناہگار نہیں ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب الواؤ

www.KitaboSunnat.com

## وضوء

(۱) کسی نے خواب میں صاف پانی سے وضوء پر وضوء کیا تو نور علی نور ہے جیسا کہ حدیث شریف میں فرمایا گیا (الوضوء علی الوضوء نور علی نور) "وضوء پر وضوء کرنا نور علی نور ہے" اور کبھی وضوء پر وضوء کرنا بڑوں کے ہاں سے ضرورت کے پورا ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۲) وضوء کو مکمل کرنا اپنے مقصد تک پہنچنے اور تکمیل نہ کر سکنا اپنے مقصد تک نہ پہنچ سکنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۳) ایسی چیز سے وضوء کرنا جس سے وضوء درست نہیں ہے مثلاً دودھ شہد وغیرہ دین پر دلالت کرتا ہے۔ اور وضوء دین میں محمود اور اللہ تعالیٰ کے عذاب سے امان کا ذریعہ ہے۔ (۳) چنانچہ خواب میں نماز کے لئے وضوء کرنا بیداری میں اپنے دشمن سے اللہ تعالیٰ کے امان میں ہونے کی بشارت ہے۔ چنانچہ (حدیث قدسی ہے) اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا ﴿فاذا تخوفت فتوضأ وامر اھلک بالوضوء فان من توضأ کان فی امان الله مما یخافه ویحذر﴾ ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ سے فرمایا جب ڈر محسوس کرنے لگو تو خود بھی وضوء کرو اور اپنے گھر والوں کو بھی وضوء کرنے کے حکم کرو۔ اس لئے کہ وضوء کرنے سے خوف سے امن میں ہوگا۔ (۴) کسی علاقے سے جاری پانی سے وضوء یا غسل کرنا چوری شدہ مال کے حصول میں کامیابی کی دلیل ہے۔ (۵) وضوء کر کے نماز میں داخل ہونا غم سے نکلنے اور اللہ کی تحمید بیان کرنے کی علامت ہے۔ (۶) ایسے پانی سے وضوء کرنا جس سے وضوء جائز نہیں تو کسی مشقت میں پڑ جانے اور اس سے نکلنے کے انتظار کرنے اور جس کام میں وہ لگا ہوا ہے اس کے پورا نہ ہونے کی دلیل ہے (۷) خواب میں بغیر وضوء کے نماز پڑھنا تاجر کے لئے بغیر سرمایہ کے تجارت کرنے، کسی کاریگر کے لئے بغیر ٹھکانے کام کرنے اور حکمران کے لئے بغیر فوج کے حکومت کرنے کی علامت ہے۔ (۸) بغیر وضوء کے نامناسب مقام مثلاً گندی جگہ میں نماز پڑھنا اپنے معاملے میں مسلسل متحیر ہونے اور طلب کے باوجود اسے حاصل نہ کر سکنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۹) خواب دیکھا کہ وہ مریض ہے اور کھڑا نہ ہو سکنے کی وجہ سے اپنے بستر پر وضوء کر رہا ہے تو تعبیر ہے وہ اپنی بیوی یا اپنے کسی دوست سے جدائی اختیار کریگا۔ (۱۰) اپنے رہنے کے مکان میں وضوء کرنا اس مکان میں نہ رہنے کی طرف اشارہ دیتا ہے۔ (۱۱) خواب میں کسی آباد بازار یا حماموں میں وضوء کرنا اللہ تعالیٰ اور ان کے ملائکہ کے غضب، بہت بڑے نقصان میں پڑنے، بڑی شرمندگی اٹھانے، پوشیدہ راز کے ظاہر ہونے اور کسی سے فضیحت پہنچنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۲) کوڑہ خانہ یا دریاء کے کنارے اس جگہ وضوء کرنا جہاں لوگ وضوء کرتے ہیں غم کے دور ہونے اور چست ہونے کی علامت ہے۔ (۱۳) کسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے خواب دیکھا کہ وہ اپنے کسی ساتھی کے سر پر وضوء کر رہا ہے۔تو تعبیر ہے اس کی میراث حاصل کر کے اس کے مال پر حاوی ہوگا۔(۱۴) اگر دیکھے کہ اس کا ساتھی اس کے اوپر وضوء کر رہا ہے تو دلیل ہے وہ اس کو سخت نقصان پہنچائے گا اور سخت شرمندہ وغم کا سامنا کرنا ہوگا۔اور بقول بعض اہل تعبیر خواب میں وضوء کرنا امانت کو ادا کرنے یا قرض کو ادا کرنے یا کسی لئے گواہی دینے کی علامت ہے۔(۱۵) خواب دیکھا کہ اس نے وضوء کر کے اس کو مکمل کرلیا' اگر وہ غمزدہ ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے غم کو دور کریگا' اگر خوف زدہ ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو اس خوف سے امن دیگا' اگر مریض ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو شفاء دیگا' اگر مدیون ہو اللہ تعالیٰ ادائیگی دین کا سبب بنادے گا' اور اگر گناہگار ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو معاف فرمادیں گے۔(۱۶) خواب میں وضوء کو پایہ تکمیل تک نہ پہنچا سکنا اپنے مطلوبہ کام کو پورا نہ کر سکنے کی دلیل ہے وضوء کیوجہ سے کامیابی کی امید کی جاسکتی ہے۔(۱۷) خواب میں گرم پانی سے وضوء یا غسل کرنا یا اس کو لینا غم یا مرض میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔(۱۸) خواب دیکھا کہ وضوء کرنا چاہتا ہے مگر نہیں کر پاتا ہے تو تعبیر ہے کہ اس کا معاملہ اس کے لئے مشکل ہوگا۔البتہ اگر وضوء کرلے تو اس کا کام آسان ہوگا۔

## وجهة المصلى فى الصلوٰة (سمت نماز)

(۱) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ مشرق کی طرف رخ کر کے نماز پڑھ رہا ہے تو دلیل ہے وہ مذہب کے لحاظ سے غلط سمت چلنے والا' لوگوں پر زیادہ بہتان تراشی کرنے والا اور گناہوں پر بے باک ہے کیونکہ اس نے سمت قبلہ میں یہودیوں کی موافقت کی۔(۲) مشرق کے قریبی سمت کی طرف رخ کر کے نماز پڑھنے والے آدمی دین میں باطل ملا کر بدعت کا ارتکاب کرنے والا ہے۔(۳) کسی نے خواب دیکھا گویا وہ قبلہ کی پشت کے قریب رخ کر کے نماز پڑھ رہا ہے تو دلیل ہے اس نے معاصی کا ارتکاب کر کے یا جھوٹی قسم کھا کر یا کسی پاکدامن عورت پر تہمت لگا کر اسلام کو پس پشت ڈالدیا ہے نہ ہی فواحش کے ارتکاب سے خود کو بچاتا ہے اور نہ ہی احکام الٰہی کی پاسداری کرتا ہے۔(۵) اگر کسی نے دیکھا کہ وہ قبلہ کو نہیں پہچان رہا ہے یا قبلہ کی تلاش میں ہے مگر اس میں کامیابی نہیں ہوتی تو دلیل ہے کہ وہ اپنے دین کے سلسلے میں حیران وسرگردان ہوگا۔(۶) کعبہ کی طرف رخ کر کے نماز پڑھنا اس کے دین کے درست ہونے کی علامت ہے۔(۷) خواب دیکھا کہ غیر قبلہ رخ ہو کر نماز پڑھی اور سفید کپڑے زیب تن کیا ہوا ہے۔اور درست قرآن پڑھ رہا ہے تو تعبیر ہے کہ اس کو حج نصیب ہوگا۔

## وقوف بعرفات (وقوف عرفہ)

(۱) خواب میں خود کو عرفات میں وقوف کی حالت میں دیکھنا بلند مرتبہ سے کم مرتبہ کی طرف منتقل ہونے یا شر سے خیر کی طرف جانے پر دلالت کرتا ہے یا اپنی بیوی یا اپنے مسکن یا کسی اور عزیز شی سے جدائی کی دلیل ہے۔اور کبھی اس کی تعبیر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دشمنوں کے غالب آنے سے بھی کی جاتی ہے۔(۲) اگر کسی عزیز سے مفارقت ہو یا دشمن اس پر غالب ہو اور وہ خود کو عرفات میں وقوف کرتا ہوا دیکھے تو وہ عزت وشرف پائے گا اور جدا عزیزوں کے ساتھ یک جا ہوگا اور دشمنوں پر غالب ہوگا۔(۳) اگر گناہگار شخص خود کو وقوف عرفہ کرتا دیکھے تو یہ توبہ کرنے اور اس کے قبول ہونے کی بشارت ہے۔(۴) اور اگر اس کا کوئی راز لوگوں سے پوشیدہ ہو تو یہ اس راز کے فاش ہونے کی طرف اشارہ ہے۔(۵) چلتے چلتے کسی جگہ پر ٹھر جانا کبھی اپنی حالت پر برقرار رہنے اور کبھی بیمار کے صحت یاب ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۶) کسی مباشرت کے غرض سے ٹھیر جانا اس کی مصلحتوں پر دلالت کرتا ہے۔

## وقف (کوئی چیز وقف کرنا)

(۱) خواب میں کوئی چیز وقف کرنا ایسی نیکی کرنے کی بشارت ہے جو تقرب الٰہی کا ذریعہ ہو۔ اور دنیا اور آخرت میں بلند مرتبہ کا سبب ہو۔(۲) کسی گناہگار کا خواب میں کتاب یا مال یا گھر کسی کو ہبہ کرنا توبہ کرنے کی علامت ہے۔(۳) گم کردہ راہ کے لئے ہدایت کی دلیل ہے۔ اور کبھی ایسا بیٹا نصیب ہونے کی بشارت ہے کہ جو اس کی شہرت کا سبب ہو۔

## وصیت (وصیت کرنا)

خواب میں کسی لئے وصیت، کرنا وصیت کرنے والے اور جس کے لئے وصیت کی جاتی ہے کے درمیان صلہ رحمی ہونے کی دلیل ہے۔ اور ان دونوں کے درمیان دشمنی ہو بوجوہ یہ اپس میں صلح کرنے کی علامت ہے یا دونوں کے ایک ہی شہر میں یک جا ہونے کی طرف اشارہ ہے۔

## ولاء (غلام آزاد کرنا)

خواب دیکھا کہ اس کے آزاد کردہ باندی اور غلام مر گئے اور اسکی میراث کا مستحق بطور ولاء کے صاحب خواب بنا تو دلیل ہے فوائد ورزق کے حصول کی' خصوصا بیداری میں ان سے کوئی ایک موجود ہو۔

## ودیعت (امانت کسی کے پاس رکھنا)

(۱) خواب میں کسی کے پاس امانت رکھنا دلیل ہے کہ جس کے پاس امانت رکھی گئی ہے وہ امانت رکھوانے والے کی پوشیدہ بھید سے باخبر ہوگا۔(۲) کسی میت کے لئے ودیعت رکھنا راز کی پاسداری کرنے والے شخص کو اپنی راز کی بات بتانے پر دلالت کرتا ہے اور کبھی یہی خواب ودیعت کے ہلاک ہونے کی بھی علامت ہوتا ہے یہی تعبیر کسی جانور کے پاس اپنی امانت رکھوانے کی بھی ہے۔(۳) کسی نااہل یا اپنے سے کمتر شخص کے پاس امانت رکھنا کسی کی راز بتانے اور اس کی طرف اس کو فاش کرنے کی دلیل ہے۔(۴) کسی کے پاس تھیلہ امانت رکھنا اس کو اپنا راز دان بنانے کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دلیل ہے۔ بقول بعض معبرین امانت رکھنا امانت رکھنے والے کا موذع اور غالب آنے کی دلیل ہے۔ (۵) چنانچہ خواب دیکھا کہ اس نے کسی انسان کے پاس کوئی چیز بطور امانت رکھوائی تو وہ اس پر غالب آجائے گا اس لئے کہ اس کو اس سے مطالبے کا حق حاصل ہے۔ (۶) خواب میں اپنی بیوی کے پاس کوئی چیز بطور امانت رکھنا اور بیوی کا اس کی حفاظت کرنا اس کے حاملہ ہونے کی دلیل ہے۔ (۷) اور بیوی کا اس امانت کو واپس کرنا یا کوئی حادثہ پیش ہونا اس حمل کے ضائع ہونے کی دلیل ہے۔

## وکالۃ

(۱) خواب میں کسی کا وکیل بننا گناہوں کو جمع کرنے کی علامت ہے۔ اور کبھی وکیل بننا اپنے مملوک میں حکم چلانے اور غنی ہونے کی علامت ہے۔ (۲) مریض آدمی کا کسی کو وکیل بنانا اس کے مرنے کی اور تندرست کا کسی کو وکیل بنانا اس کے مریض ہونے کی علامت ہے۔ اس لئے وکالت تصرف میں نیابت کے تقاضے کو کہتے ہیں۔ اور کبھی یہ خواب منصب کے امیدوار کے لئے منصب کے حصول کی دلیل ہے۔

## ولیمہ

(۱) خواب میں کسی کے ولیمے میں شریک ہونا یا خود ولیمہ کرنا زوالِ غم و تکلیف اور ایسے منصب کے حصول پر دلالت کرتا ہے جس میں لوگوں کا اجتماع ہو۔ اور کبھی ولیمہ غم و حزن اور بدنی ولسانی تکلیف پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## وُد (محبت)

خواب میں آپس میں محبت کا معاملہ کرنا بلند مرتبے اور معاملے کے انجام کے لحاظ سے عقل و فکر سے کام لینے پر دلالت کرتا ہے۔ چنانچہ رسول اکرم ﷺ کا فرمان "**التودد نصف العقل**" آپس میں محبت کرنا آدھی عقل ہے۔

## وحدۃ (اکیلا ہونا)

(۱) خواب میں اکیلا ہونا بیداری میں اپنے پیشے کے لحاظ سے دوسروں سے منفرد ہونے یا اپنے زمانے کے لحاظ سے منفرد شخص کہلائے جانے کی دلیل ہے۔ (۲) کسی بادشاہ یا گورنر نے خواب دیکھا کہ وہ بغیر وزیر و معین کے اکیلا امور مملکت چلا رہا ہے اور وہ ان کو بلا رہا ہے مگر وہ اس کے بلانے کی طرف توجہ نہیں دے رہے۔ تو دلیل ہے وہ معزول کر دیا جائے گا۔ (۳) اگر یہی خواب بادشاہ اور ولی کے علاوہ کسی عام شخص دیکھ لے تو تعبیر ہے کہ محتاج ہوگا یا اپنے محبوب سے جدا ہوگا۔ اور وحدت ذلت کی بھی علامت ہے۔ (۴) چنانچہ خود کو اکیلا پانا شرمندہ اور محتاج ہونے کی طرف اشارہ دیتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## وعد (وعدہ کرنا)

(۱) خواب میں کسی کے ساتھ اچھا وعدہ کرنا بھلائی اور نعمت نصیب ہونے اور عمر کے دراز ہونے کی دلیل ہے۔ (۲) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کے دشمن نے اس کے ساتھ کوئی اچھا وعدہ کیا ہے تو اس دشمن یا کسی کی طرف سے شر میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔ (۳) اگر دشمن اس کے ساتھ کسی بری چیز کا وعدہ کیا تو اس کی طرف سے یا کسی اور کی طرف سے اس کو خیر ملیگا۔ (۴) خواب دیکھا کہ اس کا دشمن اس کو نصیحت کر رہا ہے تو وہ اس کے ساتھ فراڈ کا معاملہ کریگا۔ (۵) کبھی کسی کی طرف سے وعدہ ہونا اس کی طرف سے صاحب خواب کو احسان ملنے کی دلیل ہوتا ہے۔

## وکز (مکہ مارنا)

خواب میں کسی کو مکہ مارنا کسی شیطانی کام میں مبتلا ہونے پھر آخر کار اس سے نجات پانے اور دینی معاملے میں انجام کے اچھے ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿ فَوَكَزَهُ مُوسَىٰ فَقَضَىٰ عَلَيْهِ قَالَ هَٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ ﴾ ''موسیٰ علیہ السلام نے اس (قبطی) کو گھونسا مارا تو وہ مرگیا موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا یہ شیطانی عمل ہے''۔

## ولادت (پیدائش)

(۱) کسی بادشاہ نے خواب دیکھا کہ اس کی بیوی نے بچہ جنا ہے حالانکہ وہ حاملہ نہیں تھی تو یہ اس کو خزانہ ملنے کی بشارت ہے۔ (۲) کسی حاملہ عورت نے خواب دیکھا کہ اس نے بچہ جنا ہے تو تعبیر ہے اس کے ہاں بیٹی پیدا ہوگی۔ (۳) اگر اس کے ہاں خواب میں بیٹی پیدا ہوئی تو بیداری میں بیٹا پیدا ہوگا۔ (۴) خواب میں بیٹی پیدا ہونا کشادگی پر دلالت کرتا ہے۔ اور بیٹا غم پر۔ (۵) کسی بیمار شخص نے خواب دیکھا کہ اس کی والدہ نے بچہ جنا تو یہ اس مریض کے مرنے کی طرف اشارہ ہے۔ اس لئے میت کی طرح بچے کو کپڑے میں لپیٹا جاتا ہے۔ (۶) اگر کوئی پیشہ ور شخص یہی خواب دیکھے تو یہ اس کے پیشہ وصنعت کے سلسلے میں رکاوٹیں حائل ہونے کی طرف اشارہ دیتا ہے۔ (۷) فقیر کے لئے یہ خواب کسی کی طرف سے غذا ملنے اور کسی کے بل بوتے پر قائم ہونے کی علامت ہوتا ہے۔ (۸) مالدار شخص کا مذکورہ خواب دیکھنا دلیل ہے اس کی مالداری کے ختم ہونے اور کسی دوسرے کا زبردستی اس پر مسلط ہونے کی' اس لئے بچہ دوسروں کا دست نگر ہوتا ہے۔ (۹) کسی کی بیوی حاملہ ہو اور وہ مذکورہ خواب دیکھ لے تو بیٹا پیدا ہونے کی علامت ہے۔ اور اگر اس کی بیوی حاملہ نہ اور مذکورہ خواب دیکھے تو تعبیر ہے کہ اس کی ولادت منقطع ہوگی آئندہ بچہ نہیں جن سکے گی۔ (۱۰) اگر خواب مذکور کوئی غلام شخص دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کا آقا اس کے ساتھ محبت کا معاملہ کریگا اور اس کی غلطیوں سے درگذر کریگا۔ مگر اس کو آزاد نہیں کریگا۔ (۱۱) مسافر کے لئے یہ خواب اپنے مقام سے نہ نکل سکنے کی علامت ہے۔ (۱۲) اگر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کسی کا کیس عدالت میں چل رہا ہے اور وہ مذکورہ خواب دیکھے تو دلیل ہے وہ عدالت میں اپنے کیس کو دلیل سے مضبوط نہیں کر سکے گا۔ (۱۳) کسی عورت نے خواب دیکھا کہ اس نے منہ کے راستہ سے بچہ جنا ہے تو تعبیر ہے کہ وہ مر جائیگی اور اس کی روح براستہ منہ نکل جائیگی۔ (۱۴) قیدی کے لئے اس کی ماں کا بیٹی جننا آزادی کی بشارت ہے۔ (۱۵) کسی مرد کا خود کو خواب میں بچہ جنتا ہوا دیکھنا بیداری میں مریض ہونے، غم سے نجات پانے، دشمن پر کامیابی حاصل کرنے اور کمینی بیوی سے چھٹکارہ پانے کی دلیل ہے۔ (۱۶) مرد کا خود کو بچی جنتا دیکھنا تمام مشکلات سے نکلنے اور اس کے نسل سے پورے خاندان پر سرداری کرنے والا بچہ ہونے، اور عظیم خبر آنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۷) اگر کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے حیوان کو جنم دیا ہے اور وہ بلی ہے تو اس کے ہاں چور بیٹا پیدا ہوگا۔ (۱۸) کبھی ولادت شدائد وامراض سے نکلنے، کبھی پڑوسیوں اور رشتے داروں سے جدائی کبھی راحت کشادگی اور قرضوں کی آدائیگی اور توبہ کرنے پر دلالت کرتی ہے۔ (۱۹) کبھی عورت کا خود کو لڑکا جنتی ہوئی دیکھنا آخر کار خوشی، بشارت اور بوجھ سے چھٹکارہ پانے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۰) اور بچی جننا عزت، خوشحالی، تنگی کے بعد آسانی اور خوشی کے ساتھ ساتھ بابرکت وسیع رزق ملنے کی بشارت ہے۔ (۲۱) فقیر کے لئے خواب میں بچہ جننا اس کے غنی ہونے، غنی کے لئے غم میں مبتلا ہونے اور غیر شادی شدہ کے لئے شادی کرنے اور پھر اس عورت کے بطن سے بچہ پیدا ہونے کی دلیل ہے۔ (۲۲) تمام لوگوں کا اس خواب کو دیکھنا ان سب کے مریض ہونے کی علامت ہے۔ (۲۳) اگر مریض خود کو خواب میں بچہ جنتا دیکھے تو دلیل ہے وہ مر جائے گا۔ (۲۴) فقیر محتاجوں، غلاموں اور غمزدوں کے لئے یہ خواب ان شدائد سے نجات پانے اور خوشحالی پر دلالت کرتا ہے۔ اور تاجروں کے لئے یہ خواب ان مالوں کے ہاتھ سے نکلنے پر دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی صاحب خواب کے قریبی رشتہ داروں میں سے کسی کے مرنے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ (۲۵) خواب میں خود کو حمل کی حالت میں دیکھنا عاجزی کرنے اور مغموم ہونے اور اس حمل کو جننا ان مصائب سے نجات پانے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۶) خواب دیکھا کہ اس کے ہاں بیٹی تولد ہوئی تو قرض کے مرتکب ہونے کی علامت ہے۔ (۲۷) اور خواب میں بیٹی کا مر جانا اور اس کے لئے قبر کھودنا قرض کو ادا کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## ولد (بیٹا)

(۱) کسی نے دیکھا کہ اس کے اکٹھے بہت سارے اولاد پیدا ہوئے تو یہ غم پہنچنے کی دلیل ہے۔ اس لئے کہ بہت ساری اولاد کی تربیت بہت ساری تکلیف برداشت کئے بغیر ممکن نہیں۔ (۲) بعض علماء تعبیر نے کہا کہ اگر کسی نے خواب دیکھا کہ اس کے ہاں چھوٹا بچہ ہے تو یہ دنیاوی زیادتی کی دلیل ہے۔ (۳) بیٹے کا بڑا ہو کر مرد کی صورت میں دیکھنا طاقتور ہونے کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## وجہ (چہرہ)

(۱) خواب میں چہرے کو خوبصورت دیکھنا دنیاوی لحاظ سے بہتر حالت میں ہونے اور بشارت اور سرور ملنے کی دلیل ہے۔ (۲) اگر کسی کی بیوی حاملہ ہو اور اپنے چہرے کو سیاہ حالت میں دیکھے تو یہ بچی تولد ہونے کی علامت ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿اِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا﴾ "اگر ان سے کسی کو بیٹی کی پیدائش کی خوشخبری دی جائے تو اس کا چہرہ سیاہ ہو کر رہ جاتا ہے" (۳) اگر کسی کے ہاں حاملہ نہ ہو اور وہ اپنے چہرے کو سیاہ دیکھے تو وہ گناہوں کا مرتکب ہے۔ (۴) چہرے کا پیلا ہونا ذلت اور حسد کی علامت ہے' اور کبھی سیاہ چہرہ صاحب چہرے کے نفاق پر دلالت کرتا ہے اس لئے چہرہ کا پیلا ہونا بیماری ہے اور بیماری کی تعبیر نفاق سے کی جاتی ہے۔ اور بعض اہل تعبیر کے بقول خواب میں چہرے کا پیلا پن بیداری میں دلیل عبادت ہے۔ لقولہ تعالیٰ ﴿سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ﴾ "ان کی (مؤمنین کی نشانی ان کے چہروں پر سجدوں کے اثرات ہیں" (۵) کسی حبشی یا زنگی کا خواب میں اپنے چہرے کو سفید دیکھنا اس کے نفاق اور اس میں حیا کی کمی کی علامت ہے۔ (۶) خواب میں چہرے کو کالا اور باقی بدن کو گورا دیکھنا ظاہر کے مقابلے میں باطن کے بہتر ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۷) چہرہ سفید اور باقی بدن کالا ہونا ظاہر کا باطن سے اچھا ہونے کی علامت ہے۔ (۸) بیداری میں چہرے پر بال نہ ہوں اور خواب میں اس میں بال دیکھنا غالب ہونے والے قرض اور کم ہونے والی عزت پر دلالت کرتا ہے۔ (۹) خواب میں اپنے چہرے کو عام حالت سے بدلنا اور اس کی خوبصورتی میں کمی آنا بیداری میں اس کے اندر نقص واقع ہونے اور کثرت سے مزاح کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ اس لئے کہ مذاح سے چہرے کی رونق ختم ہوتی ہے۔ (۱۰) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کے رخسار کے گوشت اتر گئے ہیں تو تعبیر ہے وہ لوگوں سے مانگا کریگا اور وہ صرف مانگ کر گذر بسر کریگا۔ حدیث میں آیا ہے (لاتزال المسألة باحد کم حتی یلقی اللّٰه ومافی وجهه مزعة لحم) "مانگ کر زندگی بسر کرنے والے کے چہرے میں قیامت کے دن گوشت نہیں ہوگا" (۱۱) اپنے چہرے میں ظلمت یا غبار یا کسی قسم کا ٹیڑھا پن دیکھنا فساد دین یا عزت وجاہ میں کمی ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۲) اپنے چہرے یا آنکھوں کو پیلا دیکھنا جرم کرنے کی طرف اشارہ ہے چنانچہ قرآن مجید میں ہے ﴿نَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا﴾ "اور گھیر لائیں گے ہم گناہگاروں کو اس دن نیلی آنکھیں"۔ (۱۳) خواب میں اپنے چہرے کو سیاہ دیکھنا کبھی دلالت کرتا ہے بہت زیادہ جھوٹ بولنے پر اور کبھی دین میں کوئی نئی چیز شامل کرنے پر۔ (۱۴) اپنے چہرے کو سرخ مائل سفیدی دیکھنا عزت وشرف' کشادگی اور پاکیزہ زندگی گذارنے کی علامت ہے اور اگر صاحب خواب نیک وصالح ہو تو دلیل ہے کہ اس کو ایسا معاملہ پیش ہوگا جس سے وہ شرمائیگا۔ (۱۵) چہرے کا بڑا ہونا عندالناس وجیہ ہونے کی علامت ہے۔ (۱۶) چہرے پر پسینہ چھوٹتے دیکھنا اس کی حیات وحشمت پر دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی چہرے کا پیلا پن عشق ومحبت کی علامت ہوتا ہے۔ (۱۷) اپنے چہرے کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سرخ اور ایسا ترش دیکھنا جو دوسرے کو ناگوار ہو کسی مصیبت یا غم لاحق ہونے کی علامت ہے۔(۱۸) کسی عورت نے خواب دیکھا کہ اس کے چہرے کا رنگ دیگ کی سیاہی سے رنگا ہوا ہے تو یہ اس کے شوہر کے مرنے کی دلیل ہے۔ (۱۹) اور عورت کا خواب میں سفید رنگ کی خوشبو یا سرمہ لگانا یا اس قسم کی زینت کی کوئی چیز استعمال کرنا اس کے اور اس کے شوہر کے درستگی وصلاح کی علامت ہے۔(۲۰) چہرے کا ہنس مکھ ہونا' یا تبسم کرنا اور سفید ہونا صاحب چہرہ کے (زندہ ہو یا مردہ) حسنِ حالت پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۱) عورت یا بچے کے چہرے کو خوبصورت دیکھنا دلیل برکت ہے۔(۲۲) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کے دو چہرے ہیں تو یہ اس کے سوء خاتمہ کی دلیل ہے۔ بفرمان رسول اللہ ﷺ (**لا ينظر الله الى ذى وجهين**) ''اللہ تعالیٰ ذوو جہین کی طرف نظرِ رحمت نہیں فرماتے ہیں'' (۲۳) خواب میں کسی کے بہت سارے چہرے ہونا اس کے مرتد ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ بفرمان رسول اللہ ﷺ (**والملئكة يضربون وجوههم وادبارهم**) ''فرشتے ان کے چہروں اور پشتوں پر ماریں گے'' اگر صاحبِ چہرہ کثیرہ عالم ہو تو دلیل ہے وہ وجوہِ علم میں تصرف کریگا۔(۲۴) کبھی چہرے کا سیاہ ہونا زوالِ منصب اور جھوٹ بولنے کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت خوف پر بھی ہوتی ہے۔(۲۵) خواب میں اپنے رخسار پر خوبصورت بال اگتے دیکھنا سلیم القلب ہونے اور رخسار کو بالوں کے بغیر دیکھنا خبیث الباطن ہونے کی علامت ہے۔(۲۶) خواب میں چہرہ کا شق ہونا بیداری میں بے شرم ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۲۷) چہرے کو تروتازہ اور چمکتا ہوا دیکھنا صاحب حیا ہونے کی دلیل ہے۔(۲۸) خواب میں چہرے کا بدنما ہونا عیب پر اور عیب دار ہونا بدنمائی پر دلالت کرتا ہے۔

## وَجنۃ (رخسار)

(۱) خواب میں اس کی رویت خیر' خوشحالی' مالی کشادگی' ضرر' غم' صحت' بیماری کی علامت ہے۔ چنانچہ رخسار میں زیادتی ہونا مندرجہ بالا میں سے کسی کے وقوع پر دلالت کرتا ہے۔(۲) دونوں رخسار انسان کے عمل پر دلالت کرتے ہیں۔ (۳) خواب میں چہرے کا سرخ اور موٹا ہونا وجیہ ہونے' بیماری سے تندرستی نصیب ہونے اور خوشی ملنے کی علامت ہے۔(۴) رخساروں کا پیلا یا کالا ہونا خوف وحزن اور مرتبے میں کمی واقع ہونے پر دلالت ہے۔

## ودج (رگِ گردن)

(۱) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کی گردن کی رگ سے خون پھوٹ پڑا تو تعبیر ہے کہ وہ مرجائیگا۔ اور کبھی اس کی دلالت عہدو پیمان پر اور کبھی عمل کی نگرانی کرنے پر ہوتی ہے۔

## وتین (رگِ دل)

اس کی دلالت جان پر ہوتی ہے۔ اس لئے کہ دل اور پشت کے درمیان رگ ہے خوشی وتکلیف پر اس کے اثرات ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ورید (شہ رگ)

اس کی دلالت انسان کی موت وحیات پر ہوتی ہے اور کبھی اس کی دلالت ہر اس شخص پر ہوتی ہے جس سے صاحب خواب کو کسی نہ کسی طرح فائدہ اور مدد پہنچتی ہے۔مثلاً شریک کار' بھائی' والدین' زوجہ عصمت کے محافظ اور مال وغیرہ۔

## ورد (گلاب کا پھول)

(۱) اس کی دلالت شریف مرد یا والد یا کسی گم شدہ مرد وعورت کی آمد پر ہوتی ہے۔(۲) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ گلاب کا پھول چن رہا ہے' تو تعبیر ہے کہ وہ کرامت ومحبت اور نعمت پائے گا۔(۳) باغ سے سفید گلاب چننا متقی و پرہیز گار عورت ملنے کی علامت ہے اور سرخ گلاب چننا لہو ولعب والی عورت ملنے کی دلیل ہے۔(۴) خواب میں پیلے رنگ کا گلاب سونگھنا مریضہ عورت سے نکاح کرنے پر دلالت کرتا ہے۔(۵) کسی کے ہاں حاملہ ہو اور وہ خواب میں گلاب کی کلی دیکھے تو تعبیر ہے اس کی حاملہ کا حمل ساقط ہو گا۔بعض علماء تعبیر نے کہا ہے کہ گلاب کی دلالت جدا ہونے والی یا مرنے والی بیوی پر ہوتی ہے اور کبھی جلد ختم ہونے والی خوشی اور کبھی باقی نہ رہنے والے عید پر اس کی دلالت ہوتی ہے۔(۶) خواب دیکھا کہ کسی جوان شخص نے اس کو گلاب کا پھول پکڑا دیا تو وہ اس کے ساتھ ایسا وعدہ کریگا جو پورا نہ کر سکے گا۔(۷) کسی غیر شادی شدہ کا خواب میں اپنے سر پر گلاب کا تاج دیکھنا ان کی شادی ہونے کی علامت ہے۔(۸) پھیلا یا ہوا گلاب کا پھول دنیا کے بے ثبات خوشی کی علامت ہے۔(۹) کبھی اس کی دلالت پاکیزہ شہرت پر بھی ہوتی ہے۔اور گلاب کا تیل ذہن کی صفائی' ہوشیاری اور لوگوں کے ہاں تقرب حاصل کرنے کی دلیل ہے۔اور کبھی اسکی دلالت خوشی وسرور پر ہوتی ہے۔(۱۰) کسی بیمار شخص نے خواب دیکھا کہ اس کے نیچے گلاب کے پھول بکھرے پڑے ہیں یا گلاب کے پھولوں کا لباس پہن رکھا۔یا گلاب کے پھولوں کو پہن لیا تو وہ چالیس دن کے بعد مر جائے گا۔اس لئے کہ گلاب کے پھول کی مدتِ عمر کل چالیس دن ہے۔اور بقول بعض معبرین گلاب کسی مسافر یا کسی قسم کے خط کی آمد پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۱۱) خواب میں درختِ گلاب کو کاٹنا بیداری میں غم وحزن لاحق ہونے کی علامت ہے۔اور بقول بعض گلاب اور اس کا درخت تکلیف دہ کاموں اور قوموں پر دلالت کرتے ہیں۔اور کبھی پیلے رنگ کا گلاب بیماری اور سرخ رنگ کا گلاب خوبصورتی کی علامت ہوتا ہے اور بسا اوقات سفید گلاب دراہم پر اور سرخ دنانیر پر دلالت کرتے ہیں اور سرخ گلاب کی دلالت صریح ہے۔

## ورس (گھاس کی ایک قسم جس سے کپڑوں کو رنگا جاتا ہے)

اس کی دلالت خوشیوں اور نت نئے رزقوں پر ہوتی ہے۔اور پھیلنے والی خبروں اور کبھی کسی اجنبی اشخاص اور کبھی نئے اور عجیب قسم کے میووں اور خوشبوؤں پر بھی دلالت کرتا ہے۔ورس ایک پیلے رنگ کا پودا ہے جو ملک یمن میں پایا جاتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اوراس سے چہرے کو سرخ کرنے کا کام لیا جاتا ہے۔

## وشی (پرنٹ شدہ کپڑا)

(۱) اس کی تعبیر دین و دنیا سے کی جاتی ہے۔ چنانچہ اگر حکمرانی کی اہلیت کے حامل شخص خواب میں پرنٹ شدہ کپڑا پہن لے تو تعبیر ہے وہ زمینداروں کا حکمران بن جائے گا۔ اور اگر حکومت والوں میں سے کسی نے یہ خواب دیکھ لے تو دلیل ہے خوشحالی اور اس سال کے اچھے ہونے کی۔ (۲) خواب میں اس قسم کا کپڑا ملنا اہل عجم اور مسلمان ملک میں رہنے والے کسی کافر کی طرف سے مال ملنے کی دلیل ہے۔ (۳) کبھی پرنٹ شدہ لباس کو عام معمول کے پہننے کے طریقے سے ہٹ کر پہننا کوڑا پڑنے، چیچک یا اسی قسم کے کسی اور تکلیف، زخم وغیرہ میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔ (۴) عورت کے لئے نقش و نگار والے کپڑوں کا پہننا عزت و خوشی میں زیادتی کی دلیل ہے۔

## وبر (اونٹ اور خرگوش وغیرہ کے بال)

اس کی تعبیر فوائد، ارزاق، لباس، مالِ موروثہ و غیر موروثہ ہے۔ اور اس کی دلالت مالِ حرام پر ہوتی ہے۔

## وسادہ (تکیہ)

تکیہ کی تعبیر خدمت کرنے والی خادمہ سے کی جاتی ہے۔ (۱) خواب میں تکیہ دیکھنا ایسی عورت پر دلالت کرتا جو لوگوں کے بھیدوں سے باخبر ہو اور ان کو چھپاتی ہو۔ (۲) خواب میں کسی کا تکیہ چوری ہونا اس کے خادم یا اس کی بیوی کے مرنے کی طرف اشارہ ہے۔ تکیہ کی تعبیر چونکہ خادمہ ہے لہذا خواب میں تکیہ کا پرانا ہونا یا پھٹنا یا تنگ ہونا یا ضائع ہونا خادم کے اندر تغیر و تبدل ہونے کی علامت ہے۔ (۳) اور بعض معبرین کے نزدیک بادشاہوں کے لئے تکیہ کی تعبیر ان کے حکم ناموں اور ان لوگوں سے کی جاتی ہے جنہیں کوئی کام سونپا گیا ہو۔ یا وہ بادشاہ کی طرف منسوب ہوں اور عام لوگوں کے لئے اسکی تعبیر بھائیوں، دوستوں سے کی جاتی ہے۔ اور اس کی دلالت بچھونوں اور بستروں پر بھی ہوتی ہے۔ اور بقول بعض وسائد کی تعبیر اولاد ہوتی ہے۔ اور علماء و فقہاء کے لئے تکیہ ان کے تقوی اور صلاح پر دلالت کرتا ہے۔ اور اس کی خوبصورتی و جمال خادموں کی درستگی و صلاح کی علامت ہے۔ (۴) خواب میں کسی تکیہ پر بیٹھنا کسی لڑکی سے فائدہ حاصل کرنے کی دلیل ہے۔ (۵) خواب میں تکیہ اٹھانا بیداری میں خیر پانے کی دلیل ہے۔ (۶) بعض علماء تعبیر کے نزدیک گاؤ تکیوں کی تعبیر علماء کے لئے غم سے کی جاتی ہے۔ (۷) تکیہ مندرجہ ذیل پر بھی دلالت کرتا ہے۔ زوجہ، ولد، مشفق والدہ، راحت اور غرض۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## وتد (کیل)

(۱) اس کی تعبیر بادشاہ یا بادشاہ جیسا شخص ہے۔ چنانچہ کسی نے خواب دیکھا کہ کسی استاذ یا شیخ نے کیل یا میخ یا لوہے کے سکے کو اس کی پیٹ پر دے مارا۔ تو تعبیر ہے اس کے صلب سے ایسا بیٹا پیدا ہوگا جو بادشاہ یا بادشاہ جیسا یا بڑا عالم بنے گا۔ (۲) کسی نے خواب دیکھا کہ کسی جوان نے لکڑی کی کھونٹی سے اس کی پیٹھ کو مارا تو دلیل ہے اس کے صلب سے ایسا بیٹا پیدا ہوگا جو منافق ہوگا اور اس کا دشمن ہوگا۔ (۳) خواب میں کھونٹی کو اکھاڑنا قریب الموت ہونے کی علامت ہے۔ (۴) دیوار میں کھونٹی ٹھوکنا کسی بلند مرتبہ والے آدمی سے محبت کرنے کی دلیل ہے۔ (۵) کمرے میں کیل گاڑ دینا کسی عورت سے محبت کرنے کی علامت ہے اور لکڑی میں کیل ٹھونکنا کسی منافق قسم کے لڑکے سے محبت کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۶) لوہے کا کیل مال وقوت کی علامت ہے۔ اور کبھی کیل اپنی حدت کی بنا پر تکالیف پر اور اپنی صلابت کی وجہ سے غم وحزن پر دلالت کرتا ہے۔ (۷) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ جامع مسجد کے محراب میں کھڑا ہے اور اس کے ذکر سے بارہ کیلیں نکلے ہیں تو اس کے ہاں بارہ بیٹے پیدا ہوں گے وہ سب کے سب ائمہ میں سے ہوں گے۔ اور کبھی اس کی دلالت مردوں کی طرف سے پہنچنے والی تکلیف پر بھی ہوتی ہے اور کبھی اس کی دلالت منصب امور میں ثابت قدمی' حکمرانی پر مجبور کرنے' معزول ہونے اور سفر کرنے پر بھی ہوتی ہے۔ (۸) اس کی دلالت اولاد پر ہو تو یہ ان کے طول عمر کی بھی علامت ہوتا ہے۔ (۹) خواب میں خود کو کسی کیل پر دیکھنا کسی عالم پر قدرت پانے کی علامت ہے اور بعض کے نزدیک کسی پہاڑ پر چڑھنے کی دلیل ہے۔ اور بعض حضرات کہتے ہیں وتد کی تعبیر مال ہے۔ اور بعض نے کہا یہ عشق ومحبت' غم وحزن کی علامت ہے۔ (۱۰) اگر غیر شادی شدہ شخص خود کو کسی دیوار یا زمین پر کیل ٹھوکتا دیکھے تو یہ اس کی شادی ہونے کی دلیل ہے اور اگر شادی شدہ ہے تو اس سے اس کی بیوی کے حاملہ ہونے کی علامت ہے۔

## وضم (لکڑی جس پر گوشت رکھ کر کاٹا جائے)

اس کی تعبیر ایسا منافق شخص ہے جو لوگوں کے ساتھ سختی کے ساتھ پیش آتا ہو۔ اور خود کو لڑائی جھگڑوں میں الجھ... ہو۔

## دعاء اللبن او العسل (دودھ یا شہد کا برتن)

(۱) اس کی تعبیر عالم یا بہت مال دار شخص ہے۔ (۲) اگر یہ برتن مٹی کا ہو اور اس میں دودھ ہو تو یہ ملنے والے رزق کی علامت ہے۔ (۳) اگر یہ دودھ والا برتن پیتل کا ہو تو ختم ہونے والے مال اور خسارہ کی علامت ہے۔ اس لئے کے پیتل دودھ کو خراب کر دیتا ہے۔ (۴) کسی مٹی کی ہانڈی میں دودھ دیکھنا خیر کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## وسق (ساٹھ صاع)

کسی نے خواب دیکھا کہ اس کو ساٹھ صاع کھجوروں کے مل گئے تو یہ درختِ کھجور ملنے کی دلیل ہے۔اسی طرح کسی بھی میووں کے ساٹھ صاع ملنا اس میوے کے درخت یا ان میووں کو اٹھانے والی سواریاں ملنے کی دلیل ہے۔ چنبل اور رسولی میں سے خون نکلنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## وزن المال (مال وزن کرنا)

دو بھاؤ تاؤ کرنے والوں کے درمیان وزن کرتا ہوا دیکھنا تاوان میں پڑنے کی دلیل ہے۔

## وجع (درد)

(۱) بدن میں درد ہونا گناہ کر کے نادم ہونے کی علامت ہے۔ (۲) خواب میں اپنے داڑھ یا دانتوں میں درد محسوس کرنا ان رشتہ داروں کی طرف سے تکلیف پہنچنے کی علامت ہے جو دانت سے معبّر ہیں اور اس کے ساتھ درد کے بقدر معاملات میں سختی کریں گے اولاد بیوی کی طرف سے اور دوسرے رشتہ دار کی طرف سے تکلیف پہنچنے کی دلیل ہے۔ (۳) درد گردن ساتھی کے غلط طریقے سے اس کے ساتھ زندگی گذارنے اور اس سے شکایت پیدا ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۴) درد گردن سے کبھی صاحب خواب کے امانت کے عدم ادائیگی اور اس میں خیانت کے مرتکب ہونے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے عذاب نازل ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۵) خواب میں شانوں میں درد محسوس غلط برے طریقے سے کمائی کرنے اور دائیں ہاتھ میں تکلیف ہونے کی بھی علامت ہے۔ (۶) پیٹ میں درد ہونا معصیت میں مال خرچ کر کے پشیمان ہونے کی دلیل ہے۔ بقولِ بعض علماء درد بطن بیمار رشتہ داروں اور گھر والوں کے تندرستی پر دال ہوتا ہے۔ (۷) ناف میں درد ہونا بیوی کے معاملے میں غلطی کرنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۸) دل میں درد ہونا دین کے معاملے میں بد باطنی کی علامت ہے۔ (۹) جگر کا درد ہونا والدین کے ساتھ بدسلوکی کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۰) خواب میں تلی میں درد ہونا ایسے عظیم مال کے ضائع ہونے کی دلیل ہے جس پر اس کے عیال واولاد کی زندگی کا دارومدار ہے۔ (۱۱) تلی میں اتنا شدید درد ہونا کہ قریب الموت ہو دین کے ہاتھ سے نکلنے کی دلیل ہے۔ (۱۲) پھیپھڑوں میں درد محسوس ہونا اجل کے قریب ہونے کی علامت ہے اس لئے کہ پھیپھڑا روح کا مقر ہے۔ (۱۳) پیٹ کا درد بھائی کے مرنے کی دلیل ہے۔ (۱۴) بعض علماء تعبیر کی رائے ہے کہ پیٹھ کا درد کرنا ایسے آدمی کے مرنے کی علامت ہے جس پر اس کا بھروسہ اور اعتماد ہو مثلاً بیٹا' والد سربراہ دوست وغیرہ۔ (۱۵) درد کی وجہ سے کمر کا جھک جانا محتاجی اور بڑھاپے کی علامت ہوتا ہے۔ (۱۶) ران کا درد کرنا خاندان والوں کے ساتھ بدسلوکی کرنے کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ (۱۷) خواب میں پاؤں درد کرنا بیداری میں اللہ تعالیٰ کی مرضی کے بغیر چلنے کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



علامت ہے اور بعض اہل تعبیر کے نزدیک دردِ پاؤں کثرتِ مال کی علامت ہوتی ہے۔ (۱۸) خواب میں آلہ تناسل میں درد ہونا ایسی قوم کے ساتھ بدسلوکی کرنے کی علامت ہے جو اس کو برے طریقے سے یاد کرتی اور اس کو برائی کی طرف دعوت دیتی ہے۔

## ورم (بدن کا پھولنا)

(۱) خواب میں بدن میں ورم دیکھنا مال میں زیادتی اور حالت کی بہتری اور علم حاصل کرنے کی علامت ہے۔ (۲) بعض علماء کے نزدیک ورمِ بدن اس کے کچھ کہا جانے کے بعد حصولِ مال کی دلیل ہے۔ (۳) اسی طرح ورم تکبر، خود پسندی اور باطل دعویٰ کی بھی علامت ہے۔

## وباء (بیماری عام)

(۱) خواب میں وباء پھلتی دیکھنا بادشاہ کی طرف سے پہنچنے والی تکلیف، قید یا کسی اور عذاب کی دلیل ہے۔

## وَلَہٗ (عشق ومحبت کی وجہ سے بے چین ہونا)

خواب میں عشق ومحبت کی وجہ سے بے چین ہونا دنیاوی حیرانگی اور اخروی اچھائی کی دلیل ہے۔

## وقوع فی الماء (پانی میں گرنا)

(۱) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ بہت زیادہ گہرے پانی میں گر گیا اور اس میں اتر گیا اور اس کے تہہ تک نہیں پہنچا تو دلیل ہے اس کو دنیا کثیر تعداد میں ملیگی اس لئے کہ دنیا ایک گہرے سمندر کی طرح ہے۔ اور بعض علماءِ تعبیر نے کہا کسی بڑے آدمی کے معاملے میں پڑنے کی علامت ہے۔ (۲) خواب میں پانی میں گرنا بیداری میں سرور ونعمت حاصل کرنے پر دلالت کرتا ہے۔

## وثوب (چھلانگ لگانا)

(۱) خواب میں خود کو کسی شخص پر چھلانگ لگاتا دیکھنا اس شخص پر غالب آنے اور اس کو عاجز کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ خواب میں چھلانگ لگانا بیداری میں قوت پانے کی علامت ہے۔ چنانچہ کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے چھلانگ لگادی تو تعبیر ہے وہ قوت حاصل کریگا۔ (۲) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے زمین سے چھلانگ لگادی یہاں تک کے آسمان کے قریب پہنچ گیا۔ تو وہ مکہ مکرمہ یا کسی اور مقامِ بعید کی طرف سفر کریگا۔ (۳) ایک مقام سے دوسرے مقام کی طرف چھلانگ لگانا موجودہ حالت سے بہتر حالت کی طرف منتقل ہونے اور دونوں جگہوں کے درمیان فاصلہ کے بمقدار دونوں حالتوں میں اچھائی کے اعتبار سے فرق ہونے کی علامت ہے۔ (۴) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



زمین سے کود کر زمین اور آسمان کے درمیان مرتفع ہو گیا تو یہ اس کے مرنے اور اس کے جنازہ اٹھنے کی علامت ہے۔ (۵) کسی نے دیکھا کہ وہ ہوا میں اپنے اختیار سے تسلط کر کے جہاں کودنا چاہتا ہے کودتا ہے تو ناپسندیدہ معاملہ سے بچ جائے گا اور جلد اس سے محفوظ ہو گا۔ (۶) کسی نہر یا کنویں یا گڑھے کے اوپر سے کودنا ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف حرکت کرنے یا کسی ناپسندیدہ کام سے جلدی نجات پانے کی دلیل ہے۔ (۷) کسی دوسرے انسان کو اپنے اوپر کودتے دیکھنا اس کے غالب آنے کی علامت ہے۔

## وطی (جماع کرنا)

(۱) خواب میں وطی کرنا اپنے دنیاوی' اخروی مقصود اور مطلوب حاصل کرنے مثلاً سفر' لڑائی' بادشاہ کے پاس حاضری وغیرہ کو حاصل کرنے کی دلیل ہے۔ اس لئے کہ وطی لذت و منفعت ہے۔ (۲) خواب میں بیوی کے ساتھ جماع کرنا بیداری میں اس سے فائدہ پانے یا بیوی کے صاحب خواب سے کچھ منفعت حاصل کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) دبر میں جماع کرنا غلط طریقے سے کسی مشکل کام کے پیچھے لگنے اور اس کام کے مکمل نہ ہو سکنے اور اس میں مال خرچ کرنے کی دلیل ہے۔

## وسخ (میل کچیل)

(۱) خواب میں اپنے جسم' بال یا کپڑوں میں میل دیکھنا غم و پریشانی میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔ (۲) میلے کپڑے گناہوں کی علامت ہیں۔ (۲) اور اگر میل کچیل چکناہٹ کی صورت میں ہو تو اس کے دنیاوی امور میں فساد واقع ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۳) خواب میں اپنے کپڑوں کو میل کچیل سے صاف کرنا گناہوں سے توبہ کرنے اور گناہوں کے معاف ہونے کی دلیل ہے۔ (۴) خواب میں میت کو میلا کچیلا دیکھنا اس کے دینی فساد کی طرف اشارہ ہے۔ (۵) کانوں کے میل تریاق پر دلالت کرتا ہے۔ (۶) خواب میں کانوں کے میل کچیل کو صاف کرتا ہوا خود کو دیکھنا خوش کرنے والی خبر اور خوشخبری سننے کی دلیل ہے۔ (۷) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ اپنے کان کے میل کچیل کھا رہا ہے۔ تو اشارہ ہے وہ لڑکوں سے دلچسپی رکھتا ہے یا تعبیر ہے وہ کسی ایسے کام میں پڑ جائے گا جس کی وجہ سے سخت غیظ وغضب کا شکار ہو گا۔ اس لئے کہ کان کے میل کڑوے ہوتے ہیں اور ہر کڑوی چیز تعبیر کے اعتبار سے بہتر نہیں ہوتی ہے سوائے دواء کے' اس کی تعبیر بہتر ہے۔ (۸) اپنے کانوں میں بہت سارے میل کچیل دیکھنا فضول قسم کی باتیں سننے کی علامت ہے۔ اور اگر کان بند نہ ہوں تو اس کی تعبیر دشمنوں سے محفوظ ہونے یا شر کے دروازوں کے بند ہونے سے کی جاتی ہے۔ (۹) اگر اس سے کان بھی بند ہو گیا تو یہ غم و پریشانی' تکالیف و امراض میں ہونے کی طرف اشارہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## وحل (کیچڑ)

(۱) خواب میں کیچڑ میں چلنا غم اور دشواری فتنہ ومشقت میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔(۲) کسی علاقے میں کیچڑ دیکھنا اس علاقے میں رہنے والوں کے لئے غم وتکلیف پہنچنے پر دلالت کرتا ہے۔اور اس میں داخل ہونے کی بھی یہی تعبیر ہے۔(۳) اگر قوی غالب شخص خواب میں بارش میں چلتا ہوا خود کو دیکھے تو بقدر کیچڑ دشواری اور غم میں مبتلا ہوگا۔

(۴) اور بعض علماء تعبیر کے نزدیک خواب میں کیچڑ میں چلنا بدن میں نقص واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

(۵) مریض شخص کا کیچڑ میں داخل ہو کر اس سے نکلنا مرض سے نکلنے اور عافیت پہنچنے اور کیچڑ سے نہ نکل سکنا اس بیماری کے دائمی ہونے کی علامت ہے۔(۶) اگر صحت مند شخص خواب میں کیچڑ میں داخل ہو جائے یا اس میں چلتا رہے اور اس سے اس کے کپڑے اور جسم ملوث نہ ہو جائے تو یہ کسی بلاء یا قید میں مبتلا ہونے یا کسی بادشاہ کے ہاتھ چڑھنے کے بعد اپنے دین ودنیا کو بچا کر نکلنے کی دلیل ہے۔(۷) اگر اس سے نہ نکل سکے تو یہ مذکورہ مصائب میں مبتلا ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۸) خواب میں گاڑھا کیچڑ کو اینٹ بنانا تعبیر کے اعتبار سے کوئی اچھا نہیں ہے۔اس لئے اس کی دلالت غم، مصیبت اور جھگڑے پر ہوتی ہے لیکن وہ اینٹ اور مٹی خشک ہو جائے تو تعبیر ہے محنت ومشقت لڑائی جھگڑے اور تکلیف کے بعد ملیگا۔اور کبھی اس خواب کی دلالت دین، عزت، مال کے معاملے میں کلام کرنے اور کبھی اس کی تعبیر عورت کے لئے بیٹے سے حاملہ ہونے پر ہوتی ہے۔اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ مِن سُلَالَةٍ مِّن طِينٍ﴾ اور کبھی کیچڑ کی دلالت کاموں میں تعطل واقع ہونے اور کبھی نمازوں سے منقطع ہونے پر بھی ہوتی ہے۔اور کبھی کیچڑ کی دلالت گذرے ہوئے یا آئندہ سالوں پر بھی ہوتی ہے۔اور کبھی کبھی کیچڑ کی دلالت احوال گذشتہ یا آئندہ سال پر ہوتی ہے۔اور کبھی اس کی تعبیر قاری کے لئے تختی سے بھی کی جاتی ہے۔اور کبھی اس کی دلالت نعمتوں پر اللہ تعالیٰ کے ساتھ کفر وشرک پر فخر کرنے پر بھی ہوتی ہے۔(۹) خواب میں اپنے سر اور داڑھی کو مٹی سے لت پت دیکھنا زراعت کا کام کرنے کی دلیل ہے۔(۱۰) خواب میں کیچڑ کا مٹی بننا اچھی شہرت کی دلیل ہے۔اور اللہ تعالیٰ کی اطاعت کا سبب ہے۔

(۱۱) اس کیچڑ کا خشک یا گوندھا ہوا آٹا بننا اپنی محنت سے پاک وحلال رزق کمانے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔(۱۲) کالی رنگ کی مٹی کا سرخی میں تبدیل ہونا ایک زمین سے دوسری زمین کی طرف منتقل ہونے یا ایک خلقت سے دوسری خلقت اختیار کرنے پر دلالت کرتا ہے یا کالوں پر سفیدوں کو ترجیح دینے کی علامت ہے۔

(۱۳) اس کے سرخ مٹی کے رنگ کا کالا ہونا سفید عورتوں کو چھوڑ کر کالیوں کیطرف مائل ہونے کیطرف اشارہ ہے۔ اور کبھی کیچڑ کی دلالت بد خلق عورت پر بھی ہوتی ہے۔قحط اور زمین کے بنجر ہونے کے زمانے میں خواب میں کیچڑ دیکھنا سبزہ کی کثرت کی بشارت ہے۔(۱۴) کنویں کے کیچڑ کی دلالت میراث اور ظہور برکت پر بھی ہوتی ہے یا کنویں سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



معتبر لوگوں کے اسرار سے واقفیت کی علامت ہے۔

www.KitaboSunnat.com

## وادی

(۱) اس کی دلالت تھکا دینے والے سفر یا سخت مزاج مرد یا مسافر کے سفر کی مدت طویل ہونے پر ہوتی ہے۔ (۲) کبھی وادی دیکھنا حلال و پاک مال کے خرچ کر کے اللہ تعالیٰ کی قربت حاصل کرنے اور اعمال صالحہ کرنے کی دلیل ہے۔ اور کبھی وادی کی دلالت اسمیں سکونت پذیر لوگوں یا اس میں کاشت کی جانے والی فصلوں پر بھی ہوتی ہے۔ (۳) وادی میں درخت یا پھول یا خوشبو یا پاک وصاف پانی دیکھنا یا اچھی اچھی باتیں سننا بلند مرتبہ اور شان وشوکت پانے کی بشارت ہے۔ اور اگر صاحب خواب بادشاہت کا اہل ہو تو بادشاہ ہونے کے ساتھ دشمنوں پر غلبہ کی بھی دلیل ہے۔ اور کبھی یہ خواب بادشاہوں سے تقرب حاصل کرنے اور ان سے بلند مرتبہ حاصل کرنے کی دلیل ہے۔ اور اگر صاحب خواب نیک ہو تو اس سے بہت سارے کرامات ظاہر ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿فَلَمَّا اَتٰهَا نُوْدِیَ مِنْ شَاطِیِٔ الْوَادِ الْاَیْمَنِ﴾ الآیۃ) ''جب ان کے پاس آیا تو وادی کے دائیں جان سے انکو آواز دی گئی'' اور کبھی اس خواب کی تعبیر بارانِ رحمت اور پانی کے جاری ہونے سے بھی کی جاتی ہے اور کبھی کسی وادی میں اترنا ظالموں کے پاس پیغام لیکر جانے پر دلالت کرتا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ ﴿هَلْ اَتٰىكَ حَدِیْثُ مُوْسٰى اِذْ نَادٰهُ رَبُّهٗ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى﴾ الآیۃ) ''کیا آپ کے پاس موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ نہیں آیا جس وقت اس کے رب نے اس کو وادی طوی کے مقدس مقام سے کہ جاؤ فرعون کے پاس کہ وہ سرکش ہوا ہے'' اور کبھی وادی کی دلالت قید خانے پر ہوتی ہے کیوں کے وادی پہاڑوں سے گھیرا ہوا ہوتا ہے اور اس میں آنا جانا دشوار ہوتا ہے۔

(۴) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کسی وادی میں تیر کر اپنی منزل مقصود تک پہنچ گیا ہے تو تعبیر ہے وہ بادشاہ کے کاموں میں شریک ہوگا اور اپنی ضرورتوں کو پورا کریگا۔ (۵) اس میں ڈرنا بادشاہ سے ڈرنے پر دلالت کرتا ہے اور کبھی وادی کی دلالت لڑنے والے ڈاکو پر اور کبھی کسی درندہ شیر وغیرہ پر ہوتی ہے۔ (٦) کسی مسافر نے خواب دیکھا کہ اس کے راستے میں وادی حائل ہوگئی ہے تو تعبیر ہے کہ وہ ڈاکوؤں کے ہاتھ چڑھیگا یا شیر اس کے لئے رکاوٹ بنے گا یا بارش یا بادشاہ یا کوئی سازش اس کے سفر میں حائل ہوگا اور اس کے لئے رکاوٹ بنے گا۔ (٦) اگر صاحب خواب مسافر نہ ہو بلکہ مقیم ہو خوف یا مار پیٹ یا قید ہونے کی وجہ سے غم وآزمائش میں بتلا ہوگا۔ یا تعبیر ہے ایسا مرض لاحق ہوگا جس میں سردی لگے گی یا استسقاء کی بیماری لاحق ہوگی خصوصاً اگر پانی گدلا ہو موسم سرما کا ہو۔ (۷) اگر اس کو عبور کر لیا تو مذکورہ تمام رکاوٹوں اور بیماریوں کو پار کر جائے گا۔ (۸) کسی وادی میں گڑھا کھودنا رشتہ داروں میں سے کس کے مرنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۹) خواب میں کسی وادی سے نکلنا بیداری میں ضروریات کے پوری ہونے کی دلیل ہے۔ (۱۰) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کسی وادی میں گرا مگر اس کو کوئی تکلیف نہیں ہوئی تو وہ بادشاہ سے فائدہ حاصل کریگا یا کسی رئیس سے رہنمائی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پائے گا۔(۱۱) خواب میں کسی بے آب گیاہ وادی میں سکونت اختیار کرنا حج کرنے کی بشارت ہے۔(۱۲) وادی میں خودکو حیران دیکھنا شعر گوئی پر دلالت کرتا ہے۔

## وھدۃ الارض (نشیبی زمین)

(۱) خواب میں خودکو کسی نشیبی زمین میں چلتا ہوا دیکھنا ایسی تکلیف وغم میں مبتلا ہونے کی علامت ہے جس سے نکلنے اور خلاصی کی امید ہو۔(۲) کسی نشیبی جگہ میں گڑھا کھودنا تحقیر کی علامت ہے۔

## وکر (گھونسلا)

اس کی دلالت زنا کرنے والی عورتوں کے مکانات اور منقطع قسم کے لوگوں کی مساجد پر ہوتی ہے۔

## وطواط (چمگادڑ)

(۱) خواب میں اس کی رویت نابینا ہونے یا دین کے لحاظ سے گمراہی میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔اور کبھی اس کی دلالت ولدالزنا پر بھی ہوتی ہے اس لئے کہ اس کی خلقت مٹی سے ہے اور وہ بھی اپنے بچے کو انسان کی طرح دودھ پلاتا ہے۔(۲) کبھی اس کو دیکھنا برے کام کرکے خودکو چھپانے پر دلالت کرتا ہے اور کبھی اس کی رویت نعمتوں کے زائل ہونے اور اپنے مالوف چیزوں سے دور ہونے کی علامت ہوتی ہے۔اور کبھی خواب میں اس کو دیکھنا سنتوں کو قائم کرنے اور محبتوں کو ظاہر کرنے پر دلالت کرتا ہے۔اس کے بارے میں باقی تعبیریں باب الخاء ''خطاف'' کے تحت گذرچکی ہیں۔

## ورشان (قمری)

اس کی دلالت ایک کمزور اجنبی آدمی پر ہوتی ہے۔اور کبھی اس کی دلالت پیغاموں اور پیغام رسانوں پر بھی ہوتی ہے۔ اس لئے اس نے حضرت نوح علیہ السلام کو زمین میں طوفان آنے کے بعد زمین کے خشک ہونے کی اطلاع دی تھی۔ اور بعض اہل تعبیر کی رائے کے مطابق قمری کی تعبیر لہو ولعب والی عورت ہے۔

## وزغ (چھپکلی)

(۱) اس کی دلالت تنہا گذار، برائی کا حکم اور نیکی سے روکنے والے مرد پر ہوتی ہے۔اور کبھی اس کی دلالت چغلخور بغاوت کرنے والے اور لوگوں میں فساد پیدا کرنے والے شخص پر بھی ہوتی ہے۔(۲) خواب میں کسی کو چھپکلی مل جانا مذکورہ صفات سے متصف شخص سے پالا پڑنے کی دلیل ہے۔(۳) خواب میں چھپکلی کا گوشت کھانا کسی انسان کی غیبت اور اس کی چغلی کرنے کی طرف اشارہ ہے۔(۳) خواب دیکھا کہ چھپکلی نے اس کے گوشت سے کچھ کھالیا ہے تو اشارہ ہے کوئی شخص اس کی غیبت اور چغلی کررہا ہے۔اور کبھی اس کی دلالت کھلم کھلا بدکلام قسم کے دشمن پر اور ایک جگہ سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دوسری جگہ منتقل ہونے پر ہوتی ہے۔

## ورل (گوہ کی مانند قدرے بڑا ایک زہریلا جانور)

اس کی دلالت ایک خسیس الحکمت ذلیل قسم کے دشمن پر ہوتی ہے۔

## وعل (پہاڑی بکرا)

اس کی دلالت کسی خارجی آدمی پر ہوتی ہے۔(۱) کسی نے خواب میں دیکھا کہ اس کو کسی پہاڑ پر پہاڑی بکرا، مینڈھا مل گیا تو یہ کسی مضبوط قسم کے بادشاہ سے مالِ غنیمت ملنے کی طرف اشارہ ہے اس لئے کہ پہاڑ کی تعبیر سخت بادشاہ ہے۔اور وحشی جانوروں کا شکار کرنے کی تعبیر غنیمت ہے۔(۲) کبھی پہاڑ پر پہاڑی بکرا دیکھنا بادشاہ کے متصل شخص پر تہمت لگانے کی علامت ہے۔اور کبھی پہاڑی بکرا ملنا کسی نقصان میں پڑنے پر بھی دلالت کرتا ہے اور پہاڑی بکرے کا گوشت تناول کرنا سخت مضبوط قسم کے بادشاہ سے مال ملنے کی دلیل ہے۔

## وحش (وحشی جانور)

خواب میں اس کی رویت پہاڑی لوگوں، دیہاتیوں اور مسلمان کی جماعت سے جدا بدعت میں مبتلا قوموں کی علامت ہے۔

## وعر (دشوار گذار زمین)

(۱) خواب میں خود کو کسی دشوار گذار جگہ میں دیکھنے کے بعد پھر کسی نرم جگہ میں دیکھا تو یہ اس کے معاملات کے آسان ہونے اور مصائب سے نکلنے اور تنگی سے خوشحالی میں منتقل ہونے کی دلیل ہے۔(۲) خود کو پہلے نرم زمین میں پھر دشوار مقام میں دیکھنا غموم و تکالیف اور کاموں کے معطل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔(۳) کبھی اس کی دلالت حرکات میں تعطل واقع ہونے پر بھی ہوتی ہے۔اور کبھی خواب میں تکلیف دہ مقام میں ہونا پرہیز گاری اور کبھی گمراہی اور بدعات میں مبتلا ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے اور کبھی اس کی دلالت حفظ کے آسان ہونے اور ذکاوت پر ہوتی ہے۔

## وداع (الوداع کرنا)

(۱) خواب میں الوداع کرنا مریض کے لئے اس کی موت پر دلالت کرتا ہے۔اسی طرح بیوی کو طلاق دینے، سفر کرنے اور جس حالت میں ہے اس حالت سے دوسری حالت کی طرف منتقل ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔اور اس طرح الوداع کرنا مطلقہ بیوی سے رجوع کرنے اور تاجر کے لئے منافع حاصل کرنے اور حکمرانی سے معزول شخص کے لئے دوبارہ حکومت ملنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔اور سفر سے آنے کی بھی علامت ہے۔البتہ مرتد کے لئے الوداع کرنا کوئی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اچھا نہیں ہے۔ کیونکہ اس کے موت پر دلالت کرتا ہے۔ کبھی کسی سے معانقہ کرنے اور کبھی محبت کرنے اور کبھی جدائی اور رونے پر بھی دلالت کرتا ہے اور کبھی وداع مریض کے صحت یاب ہونے پر بھی دال ہوتا ہے۔

## ورق الشجر (درخت کے پتے)

اس کی دلالت سازش کی تعلیم دینے والے شخص پر ہوتی ہے۔ اس لئے کہ کتابت کی تعبیر حیلہ ہے۔

## وراق (کاغذ ساز)

اسکی دلالت لوگوں کو حیلے اور سازش سکھانے والے پر ہوتی ہے

## واعظ

(۱) اس کی دلالت یکے بعد دیگرے ہموم وغموم درپیش ہونے اور بکاء میں مبتلا ہونے پر ہوتی ہے۔ (۲) خواب میں کسی واعظ کا مریض کے پاس آنا اسکے مرنے پر دلالت کرتا ہے۔ کبھی وعظ کی دلالت اس چیز پر بھی ہوتی ہے جس سے انسان نصیحت حاصل کرتا ہے مثلاً قرآن کریم اور حدیث وغیرہ اور کبھی اس کی دلالت عبرت دلانے والی اشیاء پر بھی ہوتی ہے مثلاً برص اور کوڑھ وغیرہ کی بیماری۔

## وزیر

(۱) خواب میں وزیر کو دیکھنا کبھی عزت وقوت اور نفاذِ حکم پر اور کبھی اقتدار والوں سے اپنی ضروریات پوری کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ وزیر بنا تو دلیل ہے وہ اپنے ماتحتوں پر حکم چلائے گا اور اس کو عزت ورفعت اور حکومت ملکی اور گمراہی کے بعد ہدایت پائے گا اور اس کی توبہ قبول ہوگی۔ (۳) اگر صاحب خواب صفاتِ مذکورہ کا حامل نہ ہو تو وہ اپنے اقارب اور قوم والوں سے تکلیف پائیگا اور گناہوں کا بوجھ اپنے سر لیگا' اور اگر وزارت کا خواہشمند ہو تو اس پر کامیابی نہیں ہوگی فرمانِ الٰہی ہے ﴿كَلَّا لَا وَزَرَ﴾ الایۃ) یا تعبیر ہے والدین میں سے کسی ایک یا استاذ یا شریکِ کار یا سربراہ کے ساتھ بدتمیزی کریگا۔ (۴) خواب میں خود کو حکومتِ وقت میں وزیر بنتا دیکھنا حکومت کے باقی رہنے حکومت کے مطابق کام کرنے کی علامت ہے۔

## والی

(۱) اس کی دلالت ہموم' تکالیف' شراب نوشی' لہولعب' چوری لواطت اور زنا کرنے پر ہوتی ہے۔ اس لئے کہ وہ انہی امور کی نگرانی کرتا ہے کبھی والی کو دیکھنا لوگوں کے ساتھ محبت وموالات کی دلیل ہوتا ہے۔ (۲) اگر مجاھدہ والا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہو تو ولایت کے درجے کو پہنچے گا۔ اور اس سے بڑے اسرار ظاہر ہوں گے اور اگر قاضی بنا تو لوگوں پر ظلم کریگا اور رشوت کھائیگا۔

## وکیل

خواب میں وکیل بننا گناہوں کا ارتکاب کرنیکی دلیل ہے۔ دیکھئے "وکالہ" کے تحت

## وقاد النار (آگ جلانے والا)

خواب میں آگ جلانے والا ہونا خیر، راحت ضروریات کی تکمیل بڑوں کے قریب ہونے کی دلیل ہے۔ اور آگ بڑھکانے والے کو دیکھنا علم پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اگر آگ جلا کر لوگوں کے کپڑوں کو جلادے تو یہ شر و رفتن اور مال میں کمی کی علامت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب الھاء

## حضرت ہود علیہ السلام

(۱) اگر کسی نے خواب میں حضرت ہود علیہ السلام کی زیارت کی تو دلیل ہے کہ جاہل اور بے وقوف لوگ اس پر مسلط ہوں گے مگر بعد میں ان پر کامیابی حاصل کریگا اور ان سے نجات پائے گا۔ بدلیل قولہ تعالیٰ ﴿ وَنَجَّيْنَاهُم مِّنْ عَذَابٍ غَلِيظٍ ﴾ الآیۃ) ''سخت عذاب سے ان کو ہم نے نجات دی'' اور کبھی ان کا دیدار رشد و ہدایت کی دولت سے بہرہ مند ہونے' بھلائی پانے اور اس کی وجہ سے ایک قوم کو نجات دینے کی بشارت ہوتا ہے۔

## حضرت ہارون علیہ السلام

حضرت ہارون علیہ السلام کی دلالت انسان کے ایسے نائب پر ہوتی ہے جس کے سبب اس کو مصیبت پہنچے اور اگر صاحبِ خواب کی کسی سے دشمنی ہو تو آخر کار کامیابی صاحبِ خواب کو ہوگی۔ (۱) بعض علماء تعبیر کی رائے ہے خواب میں ہارون علیہ السلام کی زیارت حکمران بننے اور اگر کسی چیز کی حاجت ہو تو اس کے پورے ہونے کی دلیل ہے۔ (۲) خواب میں حضرت موسیٰ اور ہارون علیہما السلام کی اکٹھے زیارت کرنا اس کے ہاتھوں کسی ظالم و جابر شخص کے ہلاک ہونے کی دلیل ہے۔ (۳) لڑائی کا ارادہ رکھنے والا شخص خواب میں ان میں سے کسی ایک کی یا دونوں کی زیارت کرے تو وہ اپنے مقابل پر فتح پائے گا۔

## حضرت ہابیل

(۱) خواب میں ہابیل کی زیارت کرنا حسد کرنے' دشمن کی طرف سے تکلیف پہنچنے کی دلیل ہے۔ بعض کے نزدیک بغیر کسی جرم کے قتل کئے جانے اور اس پر ظلم کئے جانے کی دلیل ہے۔ بعض دفعہ حضرت ہابیل کو دیکھنا اللہ تعالیٰ کے احکامات بجالانے' کسی عورت یا کسی رشتہ دار کے سبب ایسی شدت وضعف میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے جس میں اللہ تعالیٰ کی مرضی شامل حال ہو اور اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل کریگا۔ مذکورہ خواب دیکھنے والے کو اپنے بھائیوں سے خود کو بچانے کی کوشش کرنی چاہئے۔

## ہلال (چاند)

(۱) خواب میں چاند کو اپنی جگہ سے طلوع ہوتا ہوا دیکھنا شریف بیٹا نصیب ہونے یا حکمرانی ملنے یا تجارت سے نفع کمانے کی بشارت ہے۔ (۲) کبھی چاند دیکھنا دلیل حج ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْأَهِلَّةِ قُلْ هِيَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ ﴾الخ) ''آپ سے چاند کے بارے پوچھتے ہیں آپ بتادیجئے یہ لوگوں کووقت معین کرنے کے لئے ہے''۔(۳) خواب میں چاند کو سرخ ہوتا ہوا دیکھنا بچے کی تکمیلِ مدت سے قبل اسقاط حمل ہونے کی علامت ہے۔(۴) چاند کو زمین پر گرتا ہوا دیکھنا بچے کی پیدائش کی علامت ہے۔(۵) خواب دیکھا کہ سارے لوگ غور سے دیکھنے کے باوجود چاند نہیں دیکھ پاتے اور صرف خواب دیکھنے والا ہی دیکھ پاتا ہے تو یہ اس کے مرنے کی دلیل ہے اور کبھی اس کے شقی ہونے کی طرف بھی اشارہ ہوگا۔(۶) غیر وقت میں چاند کو اس کے مطلع سے طلوع ہوتا ہوا دیکھنا ایسی بھلائی کی دلیل ہے جس میں سرور وفرحت ہو۔اور بچہ نصیب ہونے اور گھر سے غائب شخص کے گھر واپس آنے' اور بادشاہ کی اس کے پاس آمد کی دلیل ہے۔اور کبھی طلوع چاند سے وعدہ کے سچا ہونے اور مال قبضہ میں آنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔اس لئے کہ اجارہ اور قرضوں کی ادائیگی مہینے کے شروع میں ہوتی ہے۔(۷) خواب میں چاند کو غیر مطلع مثلاً جنوب یا شمال یا مغرب سے طلوع ہوتا ہوا دیکھنا ناپسندیدہ امر پیش آنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔(۸) اگر چاند ان جگہوں سے نکل کر تیزی سے غروب ہوا تو یہ امر منکر کے جلد ختم ہونے کی علامت ہے۔(۹) خواب میں چاند دیکھنا کبھی دشمن کے مقابلے میں نصرت ملنے کی بھی علامت ہوتا ہے۔(۱۰) بقولِ بعض علماء' چاند کی مدت کا پورا ہونا بادشاہ' امیر' قائد' اور رحم مادر سے آواز نکال کر پیدا ہونے والے بچے پر دلالت کرتا ہے۔اور آنے والی کسی خبر اور نئے انقلاب اور غائب شخص کے گھر لوٹنے اور مؤذن کے منارہ پر اور خطیب کے ممبر پر چڑھنے اور معزز مطلوب کے حصول پر دلالت کرتا ہے۔اور کبھی یہ خواب وقت مقررہ کے پورہ ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔(۱۱) کسی نے حج یا زمانۂ حج میں خواب دیکھا کہ اس نے تلبیہ پڑھتے ہوئے سر مونڈتے ہوئے یا سلے ہوئے کپڑے اتارتے ہوئے ہلال دیکھا تو دلیل ہے کہ اسے حج بیت اللہ نصیب ہوگا۔(۱۲) خواب میں چاند کو تانبا پیدا کرتا یا اندھیرا ہونے کی حالت میں یا سانپ اور بچھو کی طرح دیکھنے کی تعبیر اچھی نہیں ہے۔(۱۳) ابتدائی رات میں خواب کے اندر چاند دیکھنا بیوی کے حاملہ ہونے اور اگر حاملہ ہے تو بیٹا پیدا ہونے پر دلالت کرتا ہے۔اور کبھی چاند کی دلالت چھوٹے بچے پر بھی ہوتی ہے۔اور کبھی چاند دیکھنا عاصی کے لئے توبہ کافر کے لئے مشرف باسلام ہونے پر دلالت کرتا ہے اور کبھی قید و بند اور بیماری جیسی آفات سے نجات پانے کی طرف بھی اشارہ کرتا ہے۔(۱۴) چاند کو شروع ہوتا ہوا دیکھنا مکمل ہونے کے بعد کمی ہونے کی بنسبت بہتر ہے۔ (۱۵) کسی نے خواب دیکھا کہ چاند طلوع ہونے کے بعد غروب ہوگیا تو تعبیر ہے کہ جس کام کو وہ کرنا چاہتا ہے مکمل نہیں ہو سکے گا۔

## ہیکل (بڑی عمارت' کلیسا)

(۱) بڑی عمارت اور قلعوں کی دلالت خوف سے مامون ہونے اور دشمنوں پر کامیابی حاصل کرنے پر ہوتی ہے اور اولاد وازواج' فوائد اور دینی ودنیاوی معاملات سے پرہیز پر بھی دلالت کرتے ہیں۔(۲) کلیساؤں میں بنائی گئی عبادت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گاہیں دیکھنا ان جگہوں میں نماز قائم کرنے ان میں باجا بجانے، وصایا عیسیٰ یا انجیل سنانے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ اور کبھی اس کو دیکھنا نماز اور دوسری عبادات بجالانے پر دلالت کرتا ہے۔

## ہواء

(۱) خواب میں خود کو آسمان و زمین کے درمیان ہوا پر قائم دیکھنا بادشاہ کی طرف سے ایسی عزت و قدرت ملنے پر دلالت کرتا ہے جو جلد فناء ہو جائے۔ (۲) اگر صاحب خواب خواہشات کا متمنی ہو تو اس کے خواب کی کوئی تعبیر نہیں ہوتی۔ ہوا پر چڑھے بغیر عرضاً چلنا عزت و مال کی اہلیت رکھنے والے کے لئے عزت و مال حلال ملنے کی دلیل ہے۔ ورنہ یہ خواب دلیلِ سفر ہے۔ (۳) خواب دیکھا کہ وہ آسمان و زمین کے درمیان ہوا میں معلق ہے تو دلیل ہے اس کا دل مشغول ہے اور اسے معلوم نہیں کہ کیا کریگا۔ (۴) اگر صاحب مرتبہ و صاحبِ عزت شخص خواب میں خود کو ہوا سے نیچے گرتا ہوا دیکھے تو وہ اپنی عزت و مرتبہ سے گر جائے گا۔ (۵) اگر غیر معزز شخص دیکھے تو وہ اپنی امید پوری نہ کر سکے گا۔ (۶) بقول بعض معبرین غمزدہ کے لئے ہوا سے نیچے گرنا غم سے خلاصی پر دلالت کرتا ہے۔ (۷) سفر کا ارادہ کرنے والے کے لئے اور ایسے شخص کے لئے جس کا صنعت سے تعلق ہو خواب میں صاف و شفاف ہوا دیکھنا خیر کی علامت ہے۔ اور کبھی ہوا کی تعبیر نفسانی خواہشات سے بھی کی جاتی ہے۔ (۸) خواب میں ہوا کی مخالفت کرنا جنتی ہونے کی بشارت ہے۔ (۹) ہوا کے مطابق چلنا دینی معاملے میں کمی بیشی کرنے کی دلیل ہے۔ بدلیل قولہ تعالیٰ: ﴿ وَاتَّبَعَ هَوَاهُ وَكَانَ أَمْرُهُ فُرُطًا ﴾ الآیۃ) "اور پیچھے پڑا ہوا ہے اپنی خوشی کے اور اس کا کام ہے حق پر نہ رہنا"۔ (۱۰) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ آسمان و زمین کے درمیان ہوا میں ہے اور اس سے بالمشافہ کلام کر رہا ہے تو وہ مال و عزت پائے گا اور اسے اچھی شہرت ملیگی اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے خیر حاصل ہوگی۔ (۱۱) خواب دیکھا کہ وہ ہوا کے اوپر بیٹھا ہوا ہے تو وہ اپنے معاملے میں دھوکے کا شکار ہے۔ (۱۲) اگر مریض خواب دیکھے کہ وہ ہوا پر مکان بنا رہا ہے یا خیمہ نصب کر رہا ہے یا سواری کر رہا ہے تو یہ اس کے مرنے کی دلیل ہے۔ (۱۳) یہی خواب اگر بادشاہ یا حاکم دیکھے تو یہ اپنے کام سے معزول ہونے اور موت کی وجہ سے حکومت ہاتھ سے نکلنے کی اطلاع ہے۔ (۱۴) عقد نکاح کرنے والا شخص مذکورہ خواب دیکھے تو وہ اس کے ساتھ نقصان میں پڑے گا اور اس عورت کے ضرر سے مامون نہ ہوگا۔ (۱۵) اگر یہی خواب سمندر میں سفر کرنے والا شخص دیکھے تو اس کی کشتی ڈوب جائیگی یا اس کا دشمن اس کو قیدی بنالے گا یا وہ ہلاکت کے قریب پہنچ جائے گا۔ اور کبھی یہ خواب بے خبری میں غلط عمل کرنے کی بھی علامت ہوتا ہے اس لئے کہ ہوا کی کوئی بنیاد نہیں ہے۔ (۱۶) ہواء میں اڑنا بحر و بر میں سیر کرنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے اور پروں کے ساتھ اڑنا صاحب خواب کے لئے قوت کی علامت ہے، پروں کے ساتھ اڑنے کی تعبیر کبھی مال کے ذریعے قوت حاصل کرنے اور کبھی سفر کرنے اور کبھی شہروں میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اپنی ولایت قائم کرنے سے کی جاتی ہے۔ اسی طرح پروں کے بغیر ہوا میں تیرنا بر و بحر میں بغیر موسم سفر کرنے یا جہاد وغیرہ کے عمل میں تغیر و تبدل واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۷) کسی نے خواب دیکھا کہ ہوا اس کی نظر میں سیاہ ہے جس کی وجہ سے آسمان کو نہیں دیکھا جاتا اور ہوا کا سیاہ ہونا صاحب خواب کے لئے ہے تو تعبیر یہ ہے کہ اس کے اور اس کے رئیس کے درمیان حجاب واقع ہوگا۔ (۱۸) اگر اس کا کوئی رئیس نہ ہو تو دلیل ہے کہ اس کی بینائی ختم ہو جائیگی اور ہوا کو اس کی آنکھ نہیں دیکھ سکے گی۔ (۱۹) اگر دیکھے کہ سارے لوگ دیکھ رہے ہیں کہ ہوا میں اندھیرا چھایا ہوا ہے اور لوگ تضرع کر رہے ہیں اور مدد طلب کر رہے ہیں تو یہ اشارہ ہے کہ ان پر بقدر تاریکی تکلیف و شدت بصورت فتنہ و غم یا قحط سالی مسلط ہوگی۔ (۲۰) خواب میں ہوا کو سرخ حالت میں دیکھنے کی بھی یہی تعبیر ہے۔

## ہباء (ہوا میں اڑتے ہوئے ذرات)

ان کی تعبیر باطل کلام سے کی جاتی ہے بقولہ تعالیٰ ﴿ فَجَعَلْنَاهُ هَبَاءً مَّنثُورًا ﴾ "پس کر دیا ہم نے اس کو منتشر ذرات"۔

## ہبوط (اترنا)

(۱) خواب میں پہاڑ سے نیچے اترنا اچھا ہے اور کبھی اترنا اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ بدلیل قولہ تعالیٰ ﴿ وَقُلْنَا اهْبِطُوا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ﴾ "ہم نے ان سے کہا اتر جاؤ بعض تم میں سے بعض کے دشمن ہیں"۔ (۲) آسمان کی طرف چڑھنے کے بعد نیچے اترنا عزت کے بعد ذلت کی علامت ہے اور بقول بعض معبرین یہ دینی ریاست کے ساتھ دنیاوی نعمت نصیب ہونے کی دلیل ہے۔ (۳) پہاڑ سے خود کو نیچے اترتا دیکھنا کشادگی نصیب ہونے کی دلیل ہے اور بقول بعض یہ خواب تبدیلی اموال اور مراد کے مشکل ہونے کی علامت ہے (۴) کسی سطح یا کسی اونچے مقام یا کسی بلڈنگ سے نیچے اترنا اپنی سابقہ حالت کی طرف رجوع کرنے کی طرف اشارہ ہے (۵) کسی پرانی سیڑھی سے نیچے اترنا تجارت میں کمی واقع ہونے کی طرف اشارہ ہے (۶) سیڑھی سے نیچے اترتے وقت سیڑھی کا ٹوٹ جانا مقابل کے غالب آنے کی دلیل ہے۔

## ہرولۃ (لپک کر چلنا)

(۱) خواب میں مکہ مکرمہ یا کسی شہر یا گاؤں میں لپک لپک کر چلنا دشمنوں پر کامیابی حاصل کرنے کی بشارت ہے۔ (۲) کبھی تیز چلنا تیزی سے دنیا سے نکلنے یا منصب کے زائل ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی اس کی تعبیر حج نصیب ہونے سے بھی کی جاتی ہے۔

## ہضم الطعام (کھانا ہضم کرنا)

خواب دیکھا کہ اس کا کھایا ہوا کھانا ہضم ہو گیا ہے تو اپنے پینے کے سلسلے میں حرص سے کام لے گا۔ اور کبھی کھانا ہضم ہوتا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوا دیکھنا خوف سے مامون ہونے کی علامت ہوتا ہے۔ چنانچہ فرمانِ الٰہی ہے: ﴿وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخٰفُ ظُلْمًا وَّلَا هَضْمًا﴾ ''اور جو کوئی کرے کچھ بھلائیاں اور وہ ایمان بھی رکھتا ہو سو اس کو ڈر نہیں بے انصافی کا اور نہ نقصان پہنچنے کا'' اور کبھی کھانا ہضم ہونا تمام امور میں نشاط وفرحت کی دلیل ہوتا ہے۔

## ہناء (مبارک باد دینا)

اس کی دلالت تسلی دینے پر ہوتی ہے۔ اور کبھی تنگی سے نکلنے پر اور کبھی فقیری سے غنی ہونے پر بھی اس کی دلالت ہوتی ہے۔

## ہزال (کمزور ہونا)

خواب میں کمزور ہونا فقر اور ضعفِ حال اور مرتبے میں کمی واقع ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ اگر بادشاہ خواب میں خود کو لاغر ہوتا ہوا دیکھے تو دلیل ہے کہ اس کے زیر کنٹرول علاقوں میں قحط پڑیگا۔ اور اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ ہوگا اور اس کی فوج کمزور ہوگی۔ اور بقول بعض علماء: خواب میں کمزور ہونا مرض میں مبتلا ہونے پر دلالت کرتا اور بعض دفعہ بھوک پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی کسی کے عشق میں مبتلا ہو کر کمزور ولاغر ہونے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔

## ہبہ (ہبہ کرنا)

(۱) خواب میں کسی کو غلام ہبہ کرنا اس کی طرف دشمن روانہ کرنے کا اشارہ ہے۔ (۲) باندی ہبہ کرنا اس کی تجارت میں فائدہ پہنچانے کی دلیل ہے۔ (۳) مذکر پر دلالت کرنے والی چیز ہبہ کرنا اس آدمی کے ہاں بیٹا پیدا ہونے کی دلیل ہے جس کی بیوی حاملہ ہو اور مؤنث پر دلالت کرنے والی چیز ہبہ ہونا اس حمل کے بچی ہونے کی علامت ہے۔ اور ہبہ کی دلالت صدقات' عطیات اور ہدایات پر ہوتی ہے۔

## ہدیہ

(۱) اس کی دلالت خوشی پر ہوتی ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ﴿بَلْ اَنْتُمْ بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُوْنَ﴾ ''بلکہ تم اپنے ہدیوں کی وجہ سے خوش ہو' اور اس کی دلالت محبت ومودت پر ہوتی ہے۔ بفرمان رسول اللہ ﷺ (تهادوا تحابوا) ''ایک دوسرے کو ہدیہ دو آپس میں محبت ہوگی'' اور آپس مقاطعہ کرنے والوں کے درمیان صلح کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ بقول بعض نکاح کا پیغام دینے کی بھی دلیل ہے۔ (۲) خواب دیکھا کہ ایک برتن میں کھجور اس کو کسی نے ہدیہ دیں تو دلیل ہے کہ اس کی بیٹی کے نکاح کے لئے کوئی پیغام دے گا۔ (۳) اگر اس کی بیٹی موجود نہ ہو۔ تو تعبیر ہے کہ ہدیہ کرنے والے شخص اور صاحبِ خواب کے درمیان محبت ومودت کا معاملہ ہوگا۔

## ہدنۃ (دشمنوں کے ساتھ ترکِ قتال پر معاہدہ)

خواب میں دشمنوں کے ساتھ معاہدہ کرنا خوف سے مامون ہونے' تھکاوٹ کے بعد راحت پانے اور مریض کے لئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شفایاب ہونے کی بشارت ہے۔(۲) وقت مقررہ میں توسیع' ازواج' فوائد ورزق کی علامت ہے۔(۳) غیر شادی شدہ کے لئے شادی کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔عمارت شروع کرنے' نماز پڑھنے اور نیک اعمال کرنے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔

## ہزالارض بخروج النبات (زمین کا لہلہانا)

(۱) کسی کی زمین یا باغ کا سرسبز وشادابی سے لہلہانا اس کی بیوی کے حاملہ ہونے پر دلالت کرتا ہے۔اور خوشی سے جھومنے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:﴿ فَإِذَا أَنزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَأَنبَتَتْ مِن كُلِّ زَوْجٍ بَهِيجٍ ﴾''جب ہم زمین پر پانی نازل کرتے ہیں تو حرکت کرتی ہے اور ہر قسم کے خوبصورت جوڑے اُگاتی ہے''

## ہش بش (ہشاش بشاش ہونا)

(۱) خواب میں خوش وخرم ہونا اس کے حسنِ حال پر دلالت کرتا ہے خصوصا میت کو ہشاش بشاش دیکھنا اللہ تعالیٰ کے ہاں اسکی حالت کی بہتری کی دلیل ہوتا ہے۔(۲) کسی چہرے میں خوشحالی دیکھنا کسی انعام ملنے پر شکریہ ادا کرنے کی دلیل ہے۔(۳) اور کبھی وعدہ کے پورے ہونے کی امید نہ رکھنے والے کی امید پوری ہونے پر بھی دلالت کرتا ہے۔

## ہم (غم)

خواب میں غمزدہ ہونا گناہوں کے لئے کفارہ ہونے کی دلیل ہے۔بفرمان رسول اللہ ﷺ (ما يصيب المؤمن وصب ولا نصب حتى الهم ليهمه الله الاحط الله تعالى من خطاياه)''مؤمن کو کوئی بھی تکلیف پہنچے حتی کہ غم جس میں اللہ تعالیٰ اسے مبتلا کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ نامہ اعمال سے مٹا دیتے ہیں''اور کبھی غم کسی سے عشق کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔خواب میں خود کو مغموم پانا بیداری میں عشق کی وجہ سے غمگین ہونے کی علامت ہے۔

## ہزیمت (شکست)

(۱) خواب میں موحدین کو شکست کی حالت میں دیکھنا بیداری میں میدان جنگ میں ان کے ثابت قدمی اور کامیابی کی دلیل ہے بدلیل قولہ تعالیٰ ﴿ وَهُم مِّن بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُونَ ﴾''مغلوب ہونے کے بعد دوبارہ غلبہ پائیں گے'' (۲) کسی نے خواب دیکھا وہ شکست خوردہ تو ہوا مگر خوف زدہ نہیں تو یہ اس کے مرنے کی دلیل ہے۔(۳) خواب میں فوجیوں کو حالت شکست میں داخلِ شہر ہونا بیداری میں ان کے ساتھ مدد کے شاملِ حال ہونے کی بشارت ہے۔ (۴) باغی فوجوں کا شکست خوردہ حالت میں شہر کے اندر داخل ہونا ان پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے عذاب آنے کی علامت ہے۔(۵) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ خوف زدہ ہوا اور شکست کھا گیا مگر دشمن کی اس تک رسائی نہیں ہوئی تو دشمن کی طرف سے اس کو سخت تکلیف پہنچے گی پھر اس سے نجات پائے گا اور کامیابی حاصل ہوگی۔(۶) خواب میں دشمن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے چھپ جانا بیداری میں اس پر کامیابی حاصل کرنے کی دلیل ہے۔(۷) دشمن کا اس کے بارے مطلع ہونا دشمن کی طرف سے تکلیف پہنچنے کی علامت ہے۔(۸) خواب میں دشمن کے خوف سے لرزہ براندام ہونا اور اعضاء ڈھیلے ہونا غم پہنچنے کی علامت ہے۔(۹) دشمنوں کو خواب میں شکست کی حالت میں دیکھنا بیداری میں بھی ان کی شکست ہونے کی دلیل ہے۔(۱۰) مؤمنین کا خواب میں شکست کھانا بیداری میں دشمنوں پر غلبہ پانے کی دلیل ہے۔(۱۱) غدار فوجوں کو شکست ہو کر کسی شہر میں داخل ہونا کامیابی اور دشمنوں پر غلبے کی بشارت ہے۔(۱۲) ظلم کرنے والی فوج کے لئے شکست کھا کر داخل شہر ہونا اللہ تعالیٰ کی طرف سے عذاب آنے پر دلالت کرتا ہے۔

## ہودج (ڈولی' عورت کی خاص سواری)

اس کی دلالت عورت پر ہوتی ہے اس لئے یہ عورتوں کی سواری ہے۔اور کبھی اس کی دلالت کسی سے جدائی اختیار کرنے پر بھی ہوتی ہے۔

## ہمیان (روپے رکھنے کی تھیلی جو کمر کے ساتھ باندھی جاتی ہے)

(۱) شادی شدہ کے لئے اس کی دلالت اولاد پر اور غیر شادی شدہ کے لئے زوجہ پر ہوتی ہے اور کبھی اس کی دلالت تھیلی میں رکھ کر حفاظت کئے جانے والے سونے چاندی پر بھی ہوتی ہے۔اور کبھی اس کی دلالت چابی پر بھی ہوتی ہے۔ تھیلی کی دلالت مال پر بھی ہوتی ہے۔(۲) کسی نے خواب دیکھا کہ کسی انسان نے اس کے ہمیانی کو دریا میں پھینک دیا ہے تو اس کا مال خلیفۂ وقت یا اس کے کسی گورنر کے ہاتھوں ختم ہو جائیگا۔(۳) اور تھیلی کا نہر میں گرنا بادشاہ کے ہاتھوں مال چلے جانے پر دلالت کرتا ہے۔(۴) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کی تھیلی آگ میں گر گئی تو کسی ظالم و جابر لوگوں پر زیادتی کرنے والے بادشاہ اس کا مال چھین لے گا اور اس کی عزت ختم ہو جائیگی۔بقول بعض معبرین تھیلی کی دلالت بدن پر بھی ہوتی ہے۔(۵) چنانچہ تھیلی کا خالی ہونا مالک کی موت کی علامت ہے۔(۶) آدھی تھیلی کا خالی ہونا ایسے علم کثیر پر دلالت کرتا ہے جس سے نصف زندگی فائدہ حاصل کرتا رہا ہے اور ہمیانی میں محفوظ اشیا کا صحیح ہونا علم کے صحیح ہونے اور ٹوٹی ہوئی دیکھنا علم کو حفظ کرنے اور درس کی ضرورت محسوس کرنے کی علامت ہے۔

## ہاون/ ومقبضہ (اوکھلی اور دستہ)

ان دونوں کو خواب میں دیکھنا ایسے مرد و زن پر دلالت کرتا ہے جو ایک دوسرے سے مستغنی نہیں ہو سکتے۔اور ایسے مشکل امور صعبہ سرانجام دیتے ہیں جو دوسرے لوگ نہیں کر پاتے ہیں۔اور ہاون کی دلالت عزت و رفعت' قاری قرآن بیٹے یا اچھی لونڈی یا کثیر الکلام لڑکے پر ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ہریسہ (حلوا جو گھی اور شکر سے بنایا جاتا ہے)

(۱) اس کی دلالت حکمران کی طرف سے غم اور تکلیف پہنچنے پر ہوتی ہے۔ (۲) کسی مکان میں مریض ہو اور اس مکان میں ہریسہ پکتا دیکھنا اس مریض کے مرنے کی دلیل ہے۔ (۳) کسی فوج کو ہریسہ یا بھنی ہوئی سریوں کو کھاتے ہوئے دیکھنا بیداری میں ان کے درمیان جنگ ہونے اور بڑے افسروں کے مرجانے پر دلالت کرتا ہے۔

## ہراس (ہریسہ بنانے والا)

(۱) اس کی دلالت ایک شریر بکواسی آدمی پر ہوتی ہے۔ اور سردی کے موسم میں اسے دیکھنا مسلسل باقی رہنے والے فوائد اور رزق حلال دیکھنا ہے۔ کبھی چوری کرنے اور رات کے آخری پہر چلنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی ہراس کی دلالت بادشاہ کے جلاد اور اس پیشے سے زندگی بسر کرنے والے آدمی پر بھی ہوتی ہے۔

## ہجین (گھوڑی)

یہ شرافت اور عزت پر دلالت کرتی ہے۔ اس لئے کے سادات کی سواری ہے اور کبھی اسکی دلالت منصب جلیل اور اپنے مطلوب کو حاصل کرنے پر بھی ہوتی ہے اور بہادر شریف بیٹے پر دلالت کرتی ہے۔

## ہذار (پیٹ پھولا ہوا شخص)

خواب میں اسے دیکھنا فضول گوئی کی علامت ہے۔ اور کبھی اس کی دلالت صاحبِ عقل وفہم شخص بھی ہوتی ہے۔ اور کبھی حق و باطل کے درمیان فرق کرنے والے شخص پر بھی ہوتی ہے۔

## ہماز (عیب چین)

اس کی رویت شر رازوں پر مطلع ہونے اور محبت والوں کے درمیان تفرقہ ڈالنے کی کوشش کرنے والے شخص پر ہوتی ہے۔

## ہدم الدار (گھر کا گر جانا)

(۱) خواب میں کسی کا گھر کو گرتا ہوا دیکھنا صاحب گھر کے مرجانے کی دلیل ہے۔ اور خواب میں مرنا بیداری میں گھر کے منہدم ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۲) خواب میں گھر یا پرانی عمارت کو ڈھانا غم و شر میں مبتلا ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) کسی نے خواب دیکھا کہ پورا گھر یا اس کا کچھ حصہ اس پر گر گیا ہے تو دلیل ہے اس گھر میں سے کسی فرد کا انتقال ہوگا یا صاحبِ مکان کو کسی بڑی مصیبت یا کسی بڑے حادثے کا سامنا کرنا پڑے گا۔ (۵) کسی عورت کا اپنے گھر کی چھت کو اپنے اوپر گرتی ہوئی دیکھنا اس کے شوہر کے مرنے کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ہاتف (آواز دینے والا)

خواب میں کسی ہاتف کی آواز کو بصورت امر ونہی یا باندازِ زجر سننا بالکل ایسا ہے جیسا سنا ہے۔ اور اسی طرح کی تعبیر تمام آوازوں کی ہے۔

## ہزار (خوش الحان پرندہ)

اس کی دلالت ذہین وہوشیار فصیح بیٹے یا طفل مکتب پر ہوتی ہے۔

## ہدہد

(۱) اس کی دلالت کبھی بادشاہ کے قریبی سچے پیغام رساں شخص پر ہوتی ہے۔ اور کبھی جاسوسی پر اور کبھی اسکی دلالت زیادہ بحث ومباحثہ کرنے والے عالم پر بھی ہوتی ہے۔ اور کبھی مصائب وشدائد پر بھی اس کی رویت دلالت کرتی ہے۔ اور اس کی رویت اللہ تعالیٰ اور اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ دین وشریعت کی معرفت پر دلالت کرتی ہے۔ (۲) کسی پیاسے کا خواب میں ہدہد دیکھنا اسے پانی ملنے کی بشارت ہے۔ کبھی ہدہد کی دلالت ایسے عالم پر ہوتی ہے جس کی طرف برائی منسوب ہو اس لئے کہ اس سے بدبو پھیلتی ہے۔ اور اس کو دیکھنا مال وجاہ ملنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ (۳) اور ہدہد کا گوشت کھانا' بادشاہ کی طرف سے خیر نصیب ہونے کی علامت ہے۔ (۴) بعض معبرین کے بقول ہدہد دیکھنا گھر میں مسافر کی آمد پر دلالت کرتا ہے۔ (۵) کبھی اس کی تعبیر بادشاہ کی طرف سے احتساب پر مامور شخص پر ہے۔ اور کبھی غیر مامون شخص کے لئے امان ملنے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ (۶) بادشاہ کے لئے اسے دیکھنا اس کے ملک میں اضافے پر دلالت کرتا ہے۔ (۷) کبھی اس کی دلالت اپنے کام کو خوب سمجھنے والے کاتب وناقد شخص پر ہوتی ہے۔ (۸) خواب میں ہدہد ملنا یا اپنے سامنے ہدہد کو کھڑا دیکھنا دور سے کوئی اچھی خبر آنے کی دلیل ہے۔ (۹) خواب میں کسی کو ہدہد ملنا یا اس کا مالک بننا بادشاہ یا کسی کاتب یا کسی دنیاوی امور میں مہارت رکھنے والے بے دین شخص سے قوت حاصل کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۱۰) ہدہد کو ذبح کرنا اس قسم کے شخص پر غلبہ پانے کی علامت ہے۔ (۱۱) خواب دیکھا کہ اس کو مادہ ہدہد مل گئی اگر صاحب خواب غیر متزوج ہے تو یہ خواب دلیل نکاح ہے۔ (۱۱) اور اگر اس کو ذبح کرلیا۔ تو وہ کسی باکرہ لڑکی کی بکارت کو زائل کریگا۔ (۱۲) خواب میں ہدہد کا گوشت یا اس کا پر ملنا ہدہد کی طرح آدمی سے مال اور خیر ملنے کی دلیل ہے۔

## ہامہ (تکلیف دہ جانور)

اس کی دلالت زانیہ عورت پر ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ہزبز (شیر)

اس کی دلالت جہالت' تکبر' خود پسندی اور حیرانگی اور دلالی پر ہوتی ہے۔

## ہرۃ (بلی)

(۱) اس کی دلالت انسان کی حفاظت کرنے والے محافظ اور خادم پر ہوتی ہے۔ (۲) اگر صاحب خواب سے بلی کچھ چھین لے تو یہ تاوان میں پڑنے یا چور رشتہ داروں یا اولاد کی وجہ سے مصیبت میں مبتلا ہونے یا قرض خواہ کے اس کے مال ضبط کرنے کی علامت ہے۔ (۳) بلی کو ایک جگہ سکون کی حالت میں دیکھنا پورا ایک سال خوش خرم رہنے کی طرف اشارہ ہے۔ (۴) وحشی قسم کی بلی کی رویت تکلیف اور تعب پہنچنے کی علامت ہے۔ (۵) خواب میں بلی فروخت کرنا بیداری میں مال خرچ کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ اور بعض معبرین کے بقول بلی کی دلالت فراڈی عورت پر ہوتی ہے۔ (۶) خواب میں بلی کا بچہ مارنا یا دانت سے کسی کو کاٹنا خیانت کار خادم ملنے کی علامت ہے۔ اور بعض معبرین کے نزدیک بلی کا کاٹنا مکمل ایک سال بیمار پڑنے پر دلالت کرتا ہے۔ بلی کے بارے میں باقی تعبیریں باب سین میں ''سنور'' کے تحت اور باب القاف ''قط'' کے تحت گذری ہیں وہاں دیکھا جائے۔

## ہذیل (کمزور ہونا)

(۱) اس کی دلالت ایک فقیہ' ادیب' لطیف' قلیل مال اور کثیر اتباع والے شخص پر ہوتی ہے۔ (۲) اس کی آواز علم وفقہ پر دلالت کرتی ہے۔

## ہدب العین (پلکیں)

(۱) خواب میں پلکیں دیکھنا دین کو بچانے کی دلیل ہے۔ (۲) کبھی آنکھ کا درست ہونا مال' اولاد اور علم سے آنکھیں ٹھنڈی ہونے کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ (۳) کسی عالم دیندار شخص نے خواب دیکھا کہ وہ اپنی پلکوں کے سایہ میں بیٹھا ہوا ہے۔ تو دلیل ہے وہ اپنے دین وعلم کے سایہ میں زندگی گذارے گا۔ (۴) اگر دنیادار شخص مذکورہ خواب دیکھے تو وہ لوگوں کے اموال کو ان سے لیکر ان سے پوشیدہ رہیگا۔ (۵) خواب دیکھا کہ اس کی آنکھوں پر پلکیں نہیں ہیں تو وہ اپنے دین وشریعت کی حفاظت نہیں کرتا۔ (۶) اگر خواب میں ان کو اکھاڑ دے تو تعبیر ہے اس کا دشمن اس کے دین کے معاملے میں اسے رسوا کریگا۔ (۷) خواب میں اپنی پلکوں کو زیادہ اور خوبصورت دیکھنا اس کے دین کے محفوظ ہونے کی بشارت ہے۔ (۸) پلکوں کا سفید ہونا سر یا آنکھ یا کان یا دانت کے مرض میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب الیاء

## حضرت یعقوب علیہ السلام

(۱) کسی نے خواب میں حضرت یعقوب علیہ السلام کی زیارت کی تو اس کو قوت اور نعمت ظاہرہ ملیکی اور ازواج اور غالب ہونے والی قوی اولاد سے سرفراز ہوگا مگر ان میں سے بعض کی طرف سے اس کو غم پہنچے گا لیکن پھر وہ غم دور ہوگا۔ اور پھر اپنی پسند کے مطابق اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہو جائیں گی۔ (۲) اگر کسی نے خواب میں حضرت یعقوبؑ کی زیارت کی تو وہ اپنی طاعت وعبادت کی بنا پر اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کریگا اور مسکینوں پر صدقہ کریگا اور اس کو غم لاحق ہوگا اور بھائیوں کی طرف سے اس کو تکلیف پہنچے گی۔ اور کبھی یہ خواب نظر ختم ہوکر پھر بینائی نصیب ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ (۳) اگر صاحب خواب کا کوئی بیٹا غائب ہو تو یہ اس کے صحیح سالم لوٹنے کی دلیل ہے۔ (۴) کوئی گم ہو یا دین سے گمراہ ہو اور خواب مذکور دیکھے تو ان سب کے درست ہونے کی علامت ہے۔ اور کبھی خواب میں حضرت یعقوب علیہ السلام کی رویت مرض لاحق ہونے یا کسی عقوبت میں مبتلا ہونے یا بچے کے سبب آزمائش کا شکار ہوکر پھر انجام کار درست ہونے پر دلالت کرتی ہے۔ اور کبھی ان کی رویت اہل واولاد کے گم ہونے اور غم پہنچنے پر بھی دلالت کرتی ہے۔ کبھی حضرت یعقوب علیہ السلام کو دیکھنا صاحب خواب کے مال واولاد کے متعلق سازش کرنے والے پر دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی ان کی زیارت بصارت کے کمزور ہونے کے بعد دوبارہ بحال ہونے پر بھی دلالت کرتی ہے۔ اور کبھی دوستوں کے ساتھ یک جا ہونے' مصائب سے خلاصی پانے اور معاملہ کے سلامتی کی طرف رخ کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اور ان کی زیارت مندرجہ ذیل پر بھی دلالت کرتی ہے۔ خوابوں کی تعبیر بتانے والا' عظیم مال سے انکار' ضائع شدہ کا موجود ہونا موجود کا ضائع ہونا' مال واولاد اور ازواج کے اعتبار سے انجام کا درست ہونا۔

## حضرت یوسف علیہ السلام

(۱) خواب میں حضرت یوسف علیہ السلام کی زیارت ملک اور خلافت ملنے پر دلالت کرتی ہے۔ (۲) کبھی ان کی دلالت گرانیِ قیمت' قحط' اقارب واہل اولاد کے فقدان اور صاحب خواب کے ساتھ سازش ہونے پر ہوتی ہے۔ اسی طرح ان کا دیدار قید ہوکر اس سے نجات پانے اور اپنے حسن وملاحت کی بناء پر عورتوں سے حظ حاصل کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے کبھی ان کی رویت خوابوں کی تعبیر کے علم اور خوابوں کی تعبیر پر بھی دلالت کرتی ہے۔ کبھی اس خواب کی تعبیر دشموں پر غالب آنے اور اولاد میں خیر واقع ہونے سے کی جاتی ہے۔ اور کبھی ان کی زیارت دریا سے نہر کھودنے یا پانی میں تصرف کرنے یا مُردوں کو ایک شہر سے دوسرے شہر منتقل کرنے کی علامت ہوتی ہے اور کبھی ان کی رویت کسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عظیم خلاف عادت واقعہ پیش ہونے کی دلیل ہے کیونکہ ان کی قمیص کی آنکھ میں لگانے سے ان کے والد کی آنکھوں کی بنائی واپس آ گئی تھی۔(۳) خواب میں حضرت یوسف علیہ السلام کی قمیص دیکھنا غموم کے ختم ہونے اور بیماریوں سے شفا پانے پر دلالت کرتا ہے۔(۴) ان کی قمیص کے ساتھ خون لگا دیکھنا رشتہ داروں سے جدائی اور قید ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔(۵) ان کی قمیص کو لمبائی میں کٹی ہوئی دیکھنا تہمت پر دلالت کرتا ہے۔(۶) کسی نے خواب میں حضرت یوسف علیہ السلام کی زیارت کی اس کی نعمت کے زائل ہونے اوران کی بینائی کے ختم ہونے کی علاوہ راہوں کے تنگ ہونے اور صاحب اقتدار کی محبت میں پھنسنے کی دلیل ہے۔(۷) اگر مذکورہ میں سے کسی میں بھی مبتلا ہوتو اللہ تعالیٰ ان کو معاف فرمائیں گے اور اپنے مقصد میں کامیاب و کامران ہوگا۔(۸) اگر غیر شادی شدہ ہوتو اس کی شادی ہوگی۔(۹) اگر فقیر ہوتو مالداری ہوگی اور اس کی عافیت دنیا و آخرت میں اچھی ہوگی۔(۱۰) اگر بچہ خواب میں حضرت یوسف علیہ السلام کی زیارت کرے تو دلیل ہے وہ بھائیوں میں کم نصیب ہوگا۔(۱۱) اسی طرح خواب میں کسی نے حضرت یوسف علیہ السلام کی زیارت کی تو تعبیر ہے اس کی تکذیب کی جائیگی اور اس کے ساتھ ظلم ہوگا اور قید کر دیا جائے گا۔اور شدت میں مبتلا ہوگا اور پھر اس کے بعد ملک پائے گا اور اسے عزت نصیب ہوگی اور اولاد کی دولت سے سرفراز ہوگا۔اور اس کے دوست احباب رشتے دار اس کے مطیع و فرمان بردار ہوں گے۔اس لئے کہ حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے بھی ان کے سامنے سر تسلیم خم کئے تھے اور زیادہ احسان کرنے والا اور کثرت سے صدقہ دینے والا ہوگا۔(۱۲) بعض علماء تعبیر نے کہا ہے کہ کسی نے خواب میں حضرت یوسف علیہ السلام کو دیکھا تو دلیل ہے بھائیوں کی سازشوں کی بنا پر بلا اور فتنہ میں مبتلا ہوکر قید خانہ جائے گا پھر اس سے نجات پائے گا اور اللہ تعالیٰ کی عبادت کی توفیق ہوگی۔اس کے تذکرے وتعریف کے ذریعے اللہ تعالیٰ ان کی مدد فرمائیں گے اور اپنے تمام دشمنوں پر غالب آئے گا اور دشمنوں کو عطایا سے نوازے گا اور ان کے غلط کاریوں کو معاف کریگا۔(۱۳) خواب دیکھا کہ حضرت یوسف علیہ السلام ان کو کوئی چیز عطا رفرمار ہے ہیں یا ان سے کلام فرمار ہے ہیں تو دلیل ہے صاحب خواب خوابوں کا معبر ہوگا اور علم التاریخ سے بہرہ ور ہوگا۔(۱۴) کبھی حضرت یوسف علیہ السلام کی زیارت سفر کی حالت میں خیر پانے پر دلالت کرتی ہے۔(۱۵) اگر قیدی خواب میں ان کی زیارت کرے تو وہ قید سے چھٹکارہ حاصل کریگا اس کے دشمن اس کے تابع فرمان ہوں گے۔اوران پر غالب آئے گا۔(۱۶) اگر وطن سے غائب شخص ان کی زیارت کرے تو یہ وطن واپس لوٹنے کی بشارت ہے۔(۱۷) کسی حکمرانی کا خواہشمند آدمی خواب میں ان کی زیارت کرے تو وہ حکمرانی حاصل کریگا۔(۱۸) کسی عورت کے ساتھ نکاح کے خواہشمند یا کسی خوبصورت باندی کے مالک بننے کا خواہشمند گار خواب میں اگر حضرت یوسف علیہ السلام کا دیدار کرے تو وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا اور مراد کو پائے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



www.KitaboSunnat.com

## حضرت یونس علیہ السلام

کسی نے خواب میں حضرت یونس علیہ السلام کی زیارت کی تو تعبیر ہے کہ وہ کسی ایسے کام میں جلد بازی کریگا جس کے بنا پر حبس و تنگی اور غم پائے گا۔ پھر اس سے نجات پا کر ایک مدت تک متمتع ہوگا اور اس کا معاملہ ایک بزدل قوم کے ساتھ ہوگا۔ اور دلیل ہے کہ جلد غصہ ہونے والا اور جلد راضی ہونے والا ہوگا۔

## حضرت یحیٰ علیہ السلام

خواب میں اگر کوئی شخص حضرت یحیٰ علیہ السلام کی زیارت کرے تو بیداری میں اس کو تقویٰ و پرہیزگاری اور آفات و بلیات سے حفاظت نصیب ہوگی اور وہ شخص بے نظیر ہوگا۔ بفرمان تعالیٰ ﴿لَمْ نَجْعَلْ لَهُ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا﴾ (الایۃ) ''نہیں کیا ہم نے پہلے اس نام کا کوئی''

دوسری آیت ﴿وَسَيِّدًا وَّحَصُوْرًا وَّ نَبِيًّا مِّنَ الصَّالِحِيْنَ﴾ الایۃ) اور سردار ہوگا اور عورت کے پاس نہ جائیگا اور نبی ہوگا صالحین سے'' اسی طرح خواب میں حضرت یحیٰ علیہ السلام کا دیدار حیات و حکومت اور بشارت ملنے کی بشارت ہے۔

## ید (ہاتھ)

(۱) اس کی دلالت انسان کے احسان اور اس کے اعتماد پر ہوتی ہے۔ اور دائیں ہاتھ کی دلالت صاحب خواب کی قوت و معیشت اور اس کے کسب و کمائی اور نیکی پر ہوتی ہے۔ (۲) کسی حکمران کے لئے ہاتھ کا خواب میں طویل اور قوی ہونا دشمنوں پر اس کے غلبے، اپنے لوگوں اور اپنی فوج کے قوی و مضبوط ہونے اور ان پر اس کے حکم کے نافذ العمل ہونے اور ان کے ساتھ دشمنی کرنے والوں کے مقابلے میں مددگار ثابت ہونے کی دلیل ہے۔ (۳) کسی کاروباری کے لئے اس کے ہاتھ کا لمبا ہونا اس کے اس فن میں ماہر ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۴) خواب میں اپنے ہاتھ کے ساتھ دوسرا ہاتھ لگ جانا حکمران کے لئے اپنے شہروں اور فوجوں میں اضافے کی دلیل ہے بازار میں کاروبار کرنے والے کے لئے بھی اس کے کاروبار اور فن میں زیادتی کی دلیل ہے، کبھی اس خواب کی تعبیر صاحب خواب کے ہاں بیٹا پیدا ہونے یا بھائی ہونے یا اس کے کسی غائب شدہ رشتہ دار کی آمد سے کی جاتی ہے۔ (۵) کسی نے خواب میں دیکھا کہ وہ آنکھوں کی طرح ہاتھوں سے بھی دیکھتا ہے تو وہ کسی کی ناجائز ملامت کرنے میں زیادتی کریگا۔ (۶) اگر دیکھا کہ اس کے دونوں ہاتھ پھیلے ہوئے ہیں تو یہ اس کی سخاوت کی دلیل ہے جو اپنے تمام مال کو خرچ کرتا ہے۔ (۷) خواب میں اپنے ہاتھوں کے بل چلنا ایسے کام پر بھروسہ کرنے کی دلیل ہے جو وہ اپنے بھائی یا والدین یا کسی شریک کار سے چاہتا ہے۔ (۸) خواب دیکھا کہ اس کے دایاں ہاتھ سونے کا ہوا تو اس کا مال اس کی حکمرانی و قوت چلی جائے گی۔ (۹) کسی نے خواب دیکھا گویا اس کا دایاں ہاتھ اس سے ہمکلام ہوا اور اچھی اچھی باتیں کرنے لگا۔ تو اس کی معیشت بہتر ہوگی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱۰) اگر بایاں ہاتھ اس سے بات چیت کرنے لگے تو اس کے بھائی بندے یا اس کی بیوی یا اس کے شریک کار اس کو پسند نہیں کرتے ہیں۔ (۱۱) اگر دونوں ہاتھوں کی بات چیت ڈانٹ ڈپٹ کے طریقے پر ہو تو اس سے برے فعل صادر ہونے کی نشانی ہے۔ (۱۲) اگر باتیں از قبل نصیحت ہوں تو یہ برائیوں سے بچنے کا حکم ہے۔ (۱۳) اگر از قبیل بشارت ہوں تو یہ کامیابی کی دلیل ہے۔ (۱۴) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے اپنے ہاتھ کو اپنے بغل میں رکھ کر نکالا تو اس سے نور نکل گیا تو صاحب خواب اگر طالب علم ہے تو تعبیر ہے وہ اپنے علم میں ریاست پائے گا۔ اگر حکمران یا بادشاہ ہے تو اس میں اضافہ ہوگا' اگر تاجر ہے تو ریاست' شہرت اور سچائی حاصل کریگا' اگر کوئی کاروباری ہو یا کسی فن کا مالک ہو تو مزید ریاست اور شہرت پائے گا۔ (۱۵) اگر ہاتھ سے آگ نکلے صاحب خواب اگر طالب علم ہے تو وہ اپنے علم میں بادشاہت اور فصاحت پائے گا۔ (۱۶) اگر حکمران اپنے ہاتھ سے آگ نکلتی دیکھے تو تعبیر ہے کہ اس کو مزید قوت وشوکت وحکمرانی نصیب ہوگی۔ (۱۷) تاجر کے لئے یہ خواب اپنی تجارت میں غلبہ پانے کی دلیل ہے۔ (۱۸) یہی تعبیر عام بازاری آدمی اور پیشہ ور کے لئے ہے۔ (۱۹) خواب میں ہاتھ سے پانی نکلتا ہوا دیکھنا مال پانے پر دلالت کرتا ہے اور ہاتھوں کی دلالت مندرجہ ذیل چیزوں پر بھی ہوتی ہے۔ مرتبہ' بیٹے یا بیٹیاں' حکومت' ہاتھ سے دینے لینے والے کے لئے اعمال کی درستگی۔ اور دائیں کی دلالت کبھی بیٹے پر اور کبھی باپ یا دوست یا ہمنشین پر ہوتی ہے۔ (۲۰) بائیں ہاتھ کی تعبیر عورت' ماں' بہن اور بیٹی' باندی وغیرہ ہوتی ہیں۔ (۲۱) خواب میں کسی ایک ہاتھ کا گم ہونا بیداری میں ان لوگوں میں سے کسی کے گم ہونے کی علامت ہے جس پر وہ ہاتھ دلالت کرتا ہے۔ (۲۲) دونوں ہاتھوں کی دلالت ہاتھوں سے انجام پانے والی صنعت پر ہوتی ہے نیز اس کی دلالت کاتبوں اور کلام پر بھی ہوتی ہے اس لئے کہ یہ کام بھی ہاتھ سے انجام پاتے ہیں اور کتابت اور کلام کرتے وقت ہاتھ کو حرکت دی جاتی ہے۔ (۲۳) خواب میں ہاتھ کا کٹ جانا اور بدن سے جدا ہونا بھائی یا دوست یا جس کے ساتھ مکاتبت ہے اس شخص کے مرجانے کی علامت ہے یا مذکورہ افراد میں سے کسی کے ساتھ محبت والفت کے ختم ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۲۴) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے اپنے دائیں ہاتھ سے اپنے بھائیوں میں سے کسی کو روکا پھر اس کو بائیں ہاتھ کی طرف گھمایا' تو جس کو اس نے بائیں طرف گھمایا ہے اس کی اہانت کریگا۔ (۲۵) اپنے ہاتھ کو طویل ہوتا دیکھنا لوگوں کے ساتھ جود وکرم اور کثرت سے فضل و احسان کرنے کی دلیل ہے۔ (۲۶) خواب دیکھا کہ بادشاہ نے اس کے ہاتھ اور مخالف پاؤں کاٹا تو یہ اس کے توبہ کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۲۷) خواب میں دونوں ہاتھوں میں سے کسی ایک ہاتھ کا کوتاہ ہونا اس کے نیکی میں کوتاہی کرنے کی دلیل ہے۔ (۲۸) کسی بادشاہ اور ہاتھ پاؤں کاٹنے والے کے کاٹے بغیر ہاتھ پیروں کا کٹ جانا صاحب خواب کے مفسد ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۲۹) خواب دیکھا کہ اس کے ہاتھ ہی نہیں ہے تو دلیل ہے صاحب خواب عاشق ہے۔ (۳۰) کسی حکمران کا خواب میں اپنے ہاتھ پیروں کو کٹے ہوئے دیکھنا اس کے معزولی کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۳۱) اپنے ہاتھوں کے ساتھ ایک یا زیادہ ہاتھ دیکھنا لوگوں کے اس کے ساتھ کثرت سے معاونت کرنے یا بہت ساری نعمتوں کے ساتھ احسان کرنے کی علامت ہے۔ (۳۲) خواب میں اپنے ہاتھوں کو بند دیکھنا بخیل ہونے کی علامت ہے۔ (۳۳) خواب میں اپنے ہاتھوں کے بل چلنا بیداری میں اپنے معاش کے سلسلے میں اُن سے کام لینے کی دلیل ہے۔ (۳۴) خواب میں اپنے ہاتھوں کو چھری سے زخمی کرنا کسی کام کے بارے میں تعجب کرنے کی دلیل ہے بفرمان تعالیٰ ﴿فَلَمَّا رَأَيْنَهُ أَكْبَرْنَهُ وَقَطَّعْنَ أَيْدِيَهُنَّ﴾ ''پس جب دیکھا اس کو ششدر رہ گئے اور کاٹ ڈالے اپنے ہاتھ''۔ (۳۵) خواب میں اپنے دائیں ہاتھ کو شل ہوتا ہوا دیکھنا معیشت کے موقوف ہونے یا کسی بہت بڑے گناہ کے مرتکب ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (۳۶) خواب میں اپنے ہاتھ کو کسی نبی کے ہاتھ کی طرح ہوتا ہوا دیکھنا دلیل ہے کہ اس کے ہاتھوں سے کوئی قوم ہدایت پائے گی اور اس کی طرف خیر و برکت کھینچ لائیگی۔ (۳۷) اس کے ہاتھ کا کسی ظالم و جابر کے ہاتھ کی طرح ہونا ناپسندیدہ کام اور اس کے ہاتھوں گمراہی پھیلنے یا اس کی طرف کسی بڑے ظلم کے منسوب ہونے کی دلیل ہے۔ (۳۸) کسی نے خواب دیکھا اس نے کسی خون سے بھرے برتن میں ہاتھ ڈالکر ہاتھوں کو خون سے رنگیں کیا تو تعبیر ہے اس کو کوئی فتنہ پیش ہوگا۔ اس لئے کہ زمانہ جاہلیت میں یہ عادت تھی کہ جب کسی لڑائی کے لئے نکلتے تو اپنے ہاتھوں کو خون سے رنگین کرتے۔ (۳۹) کسی نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ کے ساتھ کسی دوسرے شخص کا ہاتھ لگا ہوا ہے تو تعبیر ہے وہ اس کے ہاتھ کی کمائی کو کھائے گا۔ (۴۰) خواب میں اپنے ہاتھ یا اس کے کچھ حصے کو کھانا کام کرنے کے بعد نادم ہونے کی دلیل ہے۔ یا اس کے ظالم ہونے کی طرف اشارہ ہے بقولہ تعالیٰ ﴿وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلَىٰ يَدَيْهِ﴾ ''اور جس دن کاٹ کاٹ کھائے گا ظالم اپنے ہاتھوں کو''۔ (۴۱) خواب میں اپنے ہاتھ کو مہندی سے رنگا ہوا دیکھنا ذلت پہنچنے یا ضرورت و حاجت مند ہونے کی دلیل ہے۔ (۴۲) کبھی خواب میں دائیں ہاتھ کا کٹ جانا جھوٹی قسم کھانے پر دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی اس کی تعبیر چوری کرنے سے کی جاتی ہے۔ (۴۳) خواب میں کسی کے ہاتھوں اور پیروں کا کٹ جانا اس کے مرنے پر دلالت کرتا ہے اور کبھی اس کی دلالت محبوس ہونے پر یا کسی شدید مرض میں مبتلا ہونے پر بھی ہوتی ہے۔ اور کبھی اس کے فقیر اور محتاج ہونے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ (۴۴) خواب میں ان کاموں کو جو دائیں ہاتھ سے انجام دیئے جاتے ہیں بائیں ہاتھ سے کرنا اپنی قوت سے مال حاصل کرنے اور اپنے دشمنوں پر غلبہ پانے پر دلالت کرتا ہے۔ (۴۵) ہاتھ کا نیزے کے برابر لمبا ہونا لوگوں کی عزتوں میں دخل اندازی کرکے ان کے ساتھ ظلم کرنے کی دلیل ہے۔ (۴۶) اور بادشاہ کے لئے یہ خواب اس کے اوامر و نواہی میں زیادتی کرنے کی دلیل ہے۔ (۴۷) کبھی ہاتھ کا کٹ جانا اور اس کی حفاظت کرنا اور بدن سے جدا نہ ہونا اپنے بیٹے یا بھائی وغیرہ سے فائدہ حاصل کرنے کی علامت ہے۔ (۴۸) اپنے ہاتھ کو کسی دوسرے کے ہاتھ میں دیکھنا پانچ سو دینار کے مقدار میں مال ملنے کی دلیل ہے۔ (۴۹) کبھی ہاتھ کا کٹ جانا اپنے رشتہ داروں سے جدا ہونے یا جس صنعت و عمل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں ہے اس سے دوسرے کام کی طرف منتقل ہونے یا اپنے اہل وعیال یا اپنی معیشت سے منقطع ہونے یا رشتہ داروں سے کسی سے قطع تعلق کرنے پر بھی دلالت کرتا ہے۔ اور کبھی حرام اور گناہ کے کاموں سے رکنے کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے۔ (۵۰) کسی مسافر کا خواب میں اپنے ہاتھ کو کٹا ہوا اور اس سے خون بہتا ہوا دیکھنا اس سفر میں مال ملنے اور اپنے وطن لوٹنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۵۱) خون نہ نکلنا اس مقامِ سفر میں مقیم ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔

(۵۲) خواب میں اپنے ہاتھ کو اپنی گردن کے ساتھ بندھا ہوا دیکھنا معاصی سے رک جانے کی دلیل ہے۔

(۵۳) خواب میں ہاتھوں کا خاک آلود ہونا بیداری میں مال میں کمی واقع ہونے یا اولاد یا بھائیوں یا علم وخیر میں کمی واقع ہونے کی علامت ہے۔ (۵۴) کسی نے دیکھا کہ اس کے ہاتھ کی رگوں سے خون پھوٹ رہا ہے اگر صاحب خواب مالدار ہے تو تعبیر ہے کہ بہے ہوئے خون کی بقدر اس کا مال چلا جائے گا۔ (۵۵) اور اگر فقیر ہو تو بہے ہوئے خون کے بمقدار مال پائے گا۔ اور کبھی اس کی دلالت بیعت پر اور کبھی عہد وپیان پر ہوتی ہے۔ (۵۶) مالدار کا خواب میں اپنے ہاتھ کو نہ پانا غیر اللہ کے سامنے دستِ سوال دراز کرنے کی دلیل ہے۔ (۵۷) ہاتھ کا خوبصورت ہونا مال وکسب کے پاک ہونے یا والد یا ولد کے حسنِ مال کی علامت ہوتا ہے۔ (۵۸) کسی ہاتھ کا خوبصورت ہونا دوستوں یا مدد کرنے والے اور اس کی مصلحت کے لئے یک جا ہونے اور صف بندی کرنے کی علامت ہوتا ہے۔ اور کبھی خواب میں ہاتھ کی خوبصورتی بیداری میں دشمنوں پر غلبہ پانے کی علامت ہوتی ہے۔ (۵۹) ہاتھ یا پیر سے محروم شخص نے خواب دیکھا کہ اس کا ہاتھ یا پیر موجود ہے تو تعبیر ہے کہ وہ اپنے کسی قریبی شخص سے فائدہ پائے گا یا اس شخص سے متنفع ہوگا جو اس کے ساتھ محبت کرتا ہے۔ یا اس کو ایسی جگہ سے رزق ملیگا جہاں سے ملنے کا وہم وگمان ہی نہ ہو۔ (۶۰) خواب میں اپنے ہاتوں کو جھاڑنا عمل سے فارغ ہونے اور مقاطعہ کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۶۱) ہاتھ کو جھٹکا دینا فسادِ دین کی دلیل ہے۔ (۶۲) اور ہاتھوں کا زیادہ ہونا مرض واقع ہونے اور صاحب ید پر توکل کرنے یا آنکھ کی بینائی ختم ہونے اور لاٹھی کے محتاج ہونے کی دلیل ہے۔ (۶۳) اطاعت گذار شخص کا خواب میں اپنے ہاتوں کو گم کرنا اس کے حسنِ توکل کی دلیل ہے۔ (۶۴) اسی طرح ہاتوں کا زیادہ ہونا دنیا کے سلسلے میں لالچ کرنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۶۵) خواب میں اپنے ہاتوں کو درندوں کے ہاتوں کی طرح ہوتا ہوا دیکھنا نمازوں کو ضائع کرنے اور خواہشاتِ نفس کے تابع ہونے کی دلیل ہے۔ (۶۶) خواب میں بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا (لفٹسٹ) ہونا رزق ملنے اور کشادگی پانے کی دلیل ہے۔ اس لئے کہ عسر کے بعد یسر ہوتا ہے۔ (۶۷) خواب میں ہاتھ بلی کے ہاتھ کی طرح ہونا کبھی دشمنوں پر غلبہ پانے اور کبھی دیوار کے ساتھ چھپنے والے چور ہونے پر دلالت کرتا ہے اور کبھی صاحب خواب کے کمینہ ہونے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ اور کبھی غلط کمائی پر دلالت کرتا ہے۔ (۶۸) خواب میں دائیں ہاتھ کا بائیں ہاتھ سے لمبا ہونا نیکی کرنے اور ایسے مقام تک پہنچنے کی علامت ہے جو اس سے رک جائے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## یمین اللہ (قسم کھانا)

(۴۳) خواب میں جھوٹی قسم کھانا فقر' ذلت اور فراڈ کی علامت ہے۔ اور کبھی جھوٹی قسم کھانا قسم کھانے والے کے گھر کی بربادی کی علامت ہوتا ہے۔ (۴۴) سچی قسم کھانا نیک عمل کرنے اور خوف سے مامون کی علامت ہے' قسم کے بارے میں باقی تعبیریں باب الحاء "حلف" کے تحت گذر گئی ہیں۔ وہاں دیکھا جائے۔

## یسر (آسانی)

اس کی تعبیر عسر کی تعبیر کا الٹ ہے' کبھی اس کی تعبیر تقوی سے بھی کی جاتی ہے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿ وَمَنْ يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَلْ لَهُ مِنْ أَمْرِهِ يُسْرًا ﴾ "جو اللہ سے ڈریگا اللہ تعالیٰ اس کے معاملے کو آسان فرمادیں گے"۔

## یقظۃ (بیداری)

(۱) اس کی دلالت مندرجہ ذیل پر ہوتی ہے۔ کاموں کی درستگی میں مسلسل مشغول ہونا' ناپسندیدہ چیز کی طرف دوبارہ رجوع کرنا اور عمر میں زیادتی (۲) خواب میں کسی کو نیند سے جگانا درست راستے کی طرف راہنمائی کرنے کی دلیل ہے۔

## یاس من الشی (ناامیدی کسی چیز سے)

خواب میں ناامید ہونا بیداری میں نجات کی علامت ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿ فَلَمَّا اسْتَيْأَسُوا مِنْهُ خَلَصُوا نَجِيًّا ﴾ الایۃ) "جب اس سے ناامید ہوئے تو علیحدہ ہوئے بات کرنے کے لئے" خواب میں اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے ناامید ہونا بیداری میں جہنمیوں والا عمل کرنے کی علامت ہے۔

## یتمّ (یتیم ہونا)

خواب میں یتیم ہونا ذلت کی دلیل ہے۔ (۱) خواب میں خود کو یتیم پانا مقہور ہونے کی علامت ہے۔ اس لئے کہ یتیم بھی مقہور ہوتا ہے کہ اس کے اموال دوسروں کے قبضے میں ہوتے ہیں۔ (۲) خواب میں کسی یتیم کے سر کے بال حلق کرنا اپنے زیرناف بالوں کو صاف کرنے کی علامت ہے۔ اس لئے کہ انسان کے بدن میں دوسرے اعضاء کے مقابلے میں شرم گاہ یتیم ہے اس لئے کہ وہ اکیلی ہے جبکہ دیگر اعضاء جوڑے جوڑے ہیں۔ (۳) جس کا حق پھنسا ہوا ہو وہ خواب میں کسی یتیم کو دیکھے تو تعبیر ہے کہ اس کا حق اس کو مل جائے گا۔ اور اپنے مقابل خصم پر غلبہ پائے گا۔ (۴) اگر کوئی شخص خواب میں خود کو یتیمی کی حالت میں دیکھے تو بیداری میں اس کی بیوی یا اس کے مال یا اس کی طرف منسوب چیز کے معاملے اس کے ساتھ ظلم ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## یُبس (خشکی)

اس کی تعبیر خوف ہونے سے کی جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ ﴿فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا لَّا تَخَافُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى﴾ ''پھر ڈال دے اُن کے لئے سمندر میں خشک راستہ نہ خطرہ کر آ پکڑنے کا اور نہ ڈر ڈوبنے سے''۔ (۲) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کو خشکی کا مرض لاحق ہوا ہے تو دلیل ہے کہ اس نے اپنا مال اللہ تعالیٰ کی مرضی کے خلاف اسراف کے ساتھ استعمال کیا ہے اور دلیل ہے کہ لوگوں سے قرض لیکر اس کو فضول خرچ کیا ہے اور قرضوں کو ادا بھی نہیں کیا ہے جس کے سبب عذاب کا مستحق ہوا ہے۔

## یاسمین (چنبیلی)

(۱) خواب میں چنبیلی پانا یا دیکھنا سرور و فرحت حاصل ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ چنبیلی کی تعبیر علماء سے بھی کرتے ہیں۔ (۲) کسی نے خواب دیکھا کہ فرشتے اتر رہے اور شہر سے چنبیلی چن رہے ہیں تو تعبیر ہے کہ اس علاقے کے علماء وفات پا جائیں گے۔ اور کبھی اس کی دلالت غموم و تکالیف کے دور ہونے پر ہوتی ہے۔ (۳) غیر شادی شدہ لوگوں کے لئے شادی کی علامت ہے۔ (۴) چنبیلی کو کھلنے سے پہلے دیکھنا کنواری سے شادی کرنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ (۵) اپنے بدن میں ٹھنڈک محسوس کرنے والا شخص اگر خواب میں اپنے پاس چنبیلی دیکھے تو اس کی یہ شکایت ختم ہو جائیگی اس لئے کہ چنبیلی کا مزاج گرم ہے اور ٹھنڈے مزاج والوں کے لئے صحت کے اعتبار سے درست ہے۔

## یاقوت

(۱) اس کی تعبیر فرحت ولہو سے کی جاتی ہے چنانچہ خواب میں یاقوت کی انگوٹھی پہنا زینت و فرحت اور ناموری کی علامت ہے۔ (۲) بچے کی پیدائش کی امید رکھنے والا شخص خواب میں اگر یاقوت کا نگینہ حاصل کرے تو یہ بچی کی پیدائش کی طرف اشارہ ہے ورنہ باندی خریدنے کی علامت ہے۔ (۳) اگر شادی کا خواہشمند شخص خواب میں یاقوت کا نگینہ حاصل کرے تو یہ ایک خوبصورت دیندار عورت سے شادی کرنے کی بشارت ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ﴿كَأَنَّهُنَّ الْيَاقُوتُ وَالْمَرْجَانُ﴾ الاٰیۃ) ''جیسا کہ وہ یاقوت اور مرجان''۔ (۴) خواب میں یاقوت کا نگینہ ملنا اہل عجم کی طرف سے مال ملنے پر دلالت کرتا ہے۔ (۵) کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے دریا یا نہر کی تہہ سے بہت سارے یاقوت جو قفیزوں میں تولے جا سکیں نکالے تو دلیل ہے وہ خزانوں سے یا اس نہر کی طرف منسوب شخص سے مال عظیم پائے گا۔ (۶) بہت سارے یاقوت پانا عالم کے لئے علم، حکمران کے لئے حکومت، اور تاجر کے لئے تجارت کے حصول پر دلالت کرتا ہے۔ اور بعض علماء تعبیر کی رائے کے مطابق سخت دل درشت آدمی پر دلالت کرتا ہے۔ (۷) خواب میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یاقوت ومرجان سے مرصع تاج پہننا عزت وقوت پر دلالت کرتا جو عورت کی طرف سے ملے یا عورت کی طرف سے ملک ملنے کی بشارت ہے۔(۸) کبھی یاقوت فقراء کے لئے غذاء ملنے کی علامت ہوتا ہے۔اور کبھی مریض کے لئے آگ سے نجات کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔اس لئے کے یاقوت پر آگ کا اثر نہیں ہوتا۔(۹) خواب میں اپنے ہاتھ میں سرخ یاقوت کا نگینہ دیکھنا محبت کرنے والی سخت دل عورت پر دلالت کرتا ہے۔(۱۰) کسی نے اپنے ہاتھ میں یاقوت کے نگینے کی طرح نگینہ دیکھا مگر وہ یاقوت نہیں ہے تو دلیل ہے وہ شرافت کا دعویٰ کرتا ہے حقیقۃ وہ شریف نہیں ہے۔

## یسروع (کیڑا جو درختوں میں لگتا ہے)

اس کی تعبیر ایسا شخص ہے جو تھوڑی بہت چوری کرتا ہے اور ظاہری لباس متقیوں کا پہنتا ہے مگر اس کی حالت اور نفاق لوگوں سے مخفی نہیں ہوتا۔اور رؤسا کے اموال میں داخل ہوتا ہے اور چوری بھی کرتا ہے مگر اپنی ظاہری وضع داری کی بنا پر متہم بھی نہیں ہوتا۔

## یہودی

(۱) یہودی (بوڑھا ہو یا جوان) کی تعبیر دشمن ہے۔اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ﴿لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الْيَهُوْدَ﴾ الایۃ)''تو پاؤ ے گا سب لوگوں سے زیادہ دشمن مسلمانوں کا یہودیوں کو''۔(۲) خواب میں کسی یہودی سے معاملہ کرنا یا اس کا مصاحب بننا کسی ایسے انسان سے ملاقات کرنے کی طرف اشارہ کرتا ہے۔اسیطرح یہودی کی دلالت ساحر' خیانت کار' قرض لیکر ادا نہ کرنے والے' نجومی اور فراڈی قسم کے آدمی پر ہوتی ہے۔(۳) یہودی عورت حاصل نہ ہونے والی دنیا کی علامت ہے۔(۴) کسی نے خواب دیکھا کہ وہ یہودی ہوا تو دلیل ہے کہ وہ گناہوں پر جری ہوگا۔بعض علماء نے کہا کہ خواب میں کسی یہودی کو دیکھنا اپنے چچے کی میراث کے حقدار ہونے کی دلیل ہے۔(۵) کسی نے خواب دیکھا کہ اس کو یہودی کہہ کر پکارا جارہا ہے اور وہ اسکو ناپسند کرتا ہے اور سفید کپڑوں میں ملبوس ہے تو یہ اسکی غم سے نجات پانے کی دلیل ہے۔اور اللہ تعالیٰ کے رحمت پانے کی بشارت ہے۔(۶) بوڑھے یہودی کی تعبیر ایسے دشمن سے کی جاتی ہے جو اپنے دشمن کی ہلاکت کا متمنی ہو۔بعض کے نزدیک یہودی کی رویت ہدایت کی دلیل ہے اور یہودی کی رویت دوست نما دشمن پر بھی دلالت کرتی ہے۔اور بعض دفعہ خواب میں یہودی دیکھنا قصابوں کی طرف سے تکلیف پہنچنے کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔(۷) کسی مخاصم کا خواب میں خود کو یہودی ہوتا ہوا دیکھنا بیداری میں اپنے اوپر واجب حق سے انکار کرنے اور جھوٹ بولنے کی دلیل ہے۔اور بعض علماء کے نزدیک یہ خواب یہودیوں کے ساتھ مخالطت اور معاملت کی علامت ہے۔(۸) صاحب خواب اگر عالم ہے تو وہ اپنے علم کو اور شہادت کو چھپائے گا۔اس لئے کہ یہودیوں نے حق کو پہچاننے کے باوجود اس کو چھپالیا۔(۹) اگر مقروض ہے تو قرض کا انکار کریگا اور قرض خواہ کے ساتھ ظلم کا معاملہ کریگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# خاتمہ

ہر سوال و جواب کے حق و درست ہونے کا حقیقی علم تو اللہ تعالیٰ ہی کو ہے۔ البتہ اس کتاب میں میں نے علم تعبیر کے متعلق عظیم مصنفین کی عظیم کتابوں سے بہت مواد جمع کیا ہے۔ جیسا کہ استاذِ کبیر نصر بن ابی سعد بن یعقوب بن ابراہیم الدینوی کی کتاب جس کو انہوں نے خلیفہ قادر باللہ کے لئے لکھی تھی۔ اور شیخ امام محمد بن ابی بکر محمود بن ابراہیم المعروف بابن الدقاق المقریؒ کی کتاب المسمی ''**الحکم و الغایات فی تعبیرا لمنامات**'' اور شیخ ابو علی حسین بن حسین بن خلیل الداریؒ کی کتاب'' **المنتخب** '' شیخ امام علامہ جلال الدین عبداللہ بن حازم بن سلیمان المزنی الشافعیؒ کی کتاب ''**الاشارات فی علم العبارات** '' اور شیخ ابو عبداللہ محمد بن عمر السالمیؒ کی کتاب'' **الاشارۃ الی العبارۃ** '' اور شیخ امام شہاب الدین ابی العباس احمد بن شیخ جمال الدین ابی الفرج عبدالرحمٰن المقدسی الحنبلیؒ کی کتاب'' **البدر التفسیر فی علم التعبیر** '' اور یحییٰ شیخ ابو طاہر برہان الدین ابراہیم بن یحیی بن غانم المقدسی الحنبلیؒ کی کتاب'' **المعلم علی حروف المعجم** '' اور شیخ امام علامہ محبّ الدین ابو حامد محمد المقدسی الشافعی کی کتاب ''**الحکم فی اختصاص المعلم** '' ان حضرات نے تعبیر کے متعلق جو کچھ ذکر کیا ہے ان سب کو میں نے اپنی کتاب میں مکمل طور پر درج کیا ہے سوائے ان چند مقامات کے جو غیر معروف و اجنبی تھے جن کو ذکر کرنا مناسب نہیں سمجھا۔ لہٰذا میری یہ کتاب مذکورہ ان تمام کتب کے تمام مواد کو اختصار کے ساتھ ساتھ شامل ہونے کے ساتھ سہل الفہم بھی ہے۔

میں نے ان مذکورہ کتب کے علاوہ اپنی طرف سے کچھ اضافہ نہیں کیا سوائے ان چند تعبیرات کے جو خود میرے ساتھ پیش آئیں اور صرف دو جگہ اپنی طرف سے تعبیریں لکھیں' ان کے علاوہ تمام تعبیرات مذکورہ کتب سے لی گئی لہٰذا جو شخص بھی ان کتب کا مطالعہ کریگا یہ ساری تعبیریں اس کو وہاں لکھی ہوئی ملیں گی حتی کہ مقدمہ میں مذکور ساری باتیں سوائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خواب کے سارے وہاں اس کو مل جائیں گے۔ اسی طرح خاتمہ میں مذکور مواد بھی انہی کتابوں سے لیا گیا۔

چنانچہ علماء فرماتے ہیں کہ خوابوں کی تعبیر صبح فجر کے بعد طلوع آفتاب سے قبل بہتر ہے اس لئے کہ اس وقت تعبیر دینے کے لئے ذہن حاضر ہوتا ہے اور خواب سنانے والے کو بھی خواب اس وقت خوب اچھی طرح یاد ہوتا ہے۔ اس وقت تعبیر بتانا اس وجہ سے بھی بہتر ہے کہ حضور ﷺ نے اس وقت کے لئے برکت کی دعا کی ہے چنانچہ فرماتے ہیں''**الھم بارک لامتی فی بکورھم** ''الحدیث ترجمہ اے اللہ میری امت کے صبح کے وقت میں برکت ڈال دے۔ خواب کی تعبیر قیاس و تخمین ہی ہے اس لئے اس پر مکمل یقین نہیں کیا جا سکتا ہاں اگر اس کی تعبیر بیداری میں صریح

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



طور پر سامنے آجائے پھر تو اور بات ہے۔ خواب کی تعبیر کبھی اس کے معنی و مفہوم اور کبھی نام کے اشتراک کے اعتبار سے بھی ہوتی ہے۔ اور تعبیر دینے والے کو تعبیر کے سلسلے میں قرآن کریم کے الفاظ' معانی' اشعار' امثال' علمِ لغت و اشتقاق کی ضرورت پڑتی ہے۔ اسی طرح لوگوں کے خواب کو سمجھنے اور درست تعبیر دینے کے لئے معبر کے حال اور کھانے پینے کی اشیاء کا صحیح ہونا اور خالص ہونا بھی ضروری ہے۔

## رویاء صادقہ کی قسمیں

رویاء صادقہ دو قسموں پر مشتمل ہے۔ (۱) پہلی قسم وہ صریح خواب ہیں جن کی تعبیر و تفسیر کی ضرورت ہی نہیں ہوتی ہے۔ (۲) دوسری قسم: جس کی تعبیر پوشیدہ اور خفی ہوتی ہے جس میں بہت ساری حکمتیں مخفی ہوتی ہیں۔

## صحیح خواب کے اوقات

پھول اگنے اور پھل پکنے کے موسم میں خواب عموماً سچے ہوتے ہیں اور موسم سرما میں دیکھے جانے والے خواب تعبیر کے اعتبار سے عموماً کمزور ہوتے ہیں۔ اسی طرح دن میں دیکھے جانے والے خواب رات کے خوابوں کے مقابلے میں تعبیری لحاظ سے قوی تر ہوتے ہیں۔

## لوگوں کے احوال کے اختلاف سے تعبیر بھی مختلف ہوتی ہے

خواب کی تعبیر لوگوں کے احوال' ہیئت' پیشے' مرتبے اور دین کے اعتبار سے مختلف ہوتی ہے چنانچہ ایک ہی خواب ایک کے لئے رحمت اور دوسرے کے لئے عذاب کی علامت ہوتا ہے۔ معبر کے لئے ضروری ہے کہ جہاں تعبیر کے سلسلے میں مشکل پیش آجائے وہاں غور و فکر سے کام لے اور یہ نہ کہے کہ اس کی تعبیر کو میں نہیں جانتا بلکہ خاموش رہے۔ چنانچہ امام محمد بن سیرینؒ جو اس فن میں لوگوں کے امام تھے اکثر خوابوں کی تعبیر کے بارے میں خاموش رہتے اور چالیس خوابوں میں سے کسی ایک کی تعبیر بیان کرتے۔

## تعبیر سے بھی خواب کی حقیقت بدل جاتی ہے

برا خواب بھی اچھی تعبیر سے خیر میں تبدیل ہوسکتا ہے اور اسی طرح اچھا خواب بری تعبیر سے شر کی طرف تبدیل ہوسکتا ہے۔ اور اگر خواب کسی فحش کام پر دلالت کرتا ہو تو معبر کے لئے مناسب ہے اس کو چھپائے اور اچھے الفاظ سے اس کو صرف صاحبِ خواب ہی کو بتائے۔ دوسروں کو نہ بتائے۔

## کن لوگوں کے خواب سچے ہوسکتے ہیں

بادشاہوں کے خواب اکثر سچے ہوتے ہیں۔ اسی طرح سچ بولنے والوں کے خواب بھی سچ ہوتے ہیں۔ اور اگر خود تو سچ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نہیں بولتا مگر دوسروں کے جھوٹ بولنے کو ناپسند کرتا ہے تو اس کے خواب بھی سچے ہوتے ہیں مگر خود جھوٹ بولنے کے ساتھ دوسروں کے جھوٹ بولنے کو ناپسند بھی نہیں کرتا تو اس قسم کے لوگوں کے خواب سچے نہیں ہوسکتے ہیں۔

## آداب تعبیر

معبر تعبیر دینے کے معاملے میں جلد بازی سے کام نہ لے جب تک اس خواب کے متعلق تمام معلومات فراہم نہ کرے۔ مثلاً صاحبِ خواب کی ہیئت' مرتبہ اس کی ذات اس کی حالت اس کی قوم اس کے پیشے اور اس کی معیشت وغیرہ کے بارے مکمل معلومات حاصل کرلے۔حتی کے تعبیر کے معاون تمام احوال سے باخبر ہو۔اگر معلومات نہ ہوں تو اپنی رائے میں اظہار اور غور وفکر سے کام لے چنانچہ حضرت امام محمد بن سیرینؒ سے منقول ہے۔اگر کسی خواب کی تعبیر ان کے لئے مشکل ہوجاتی تو دن کا کچھ حصہ ٹھہر جاتے اور صاحب خواب سے اس کی حالت اس کے پیشے اور معیشت اور اس کی قوم کے بارے مکمل معلومات لیتے پھر خواب کی تعبیر بیان کرتے۔اور صاحب خواب کے لئے بھی ضروری ہے کہ اپنا خواب اپنے حاسدوں کے سامنے بیان نہ کرے جیسا کہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے حضرت یوسف علیہ السلام سے فرمایا تھا'' لَا تَقْصُصْ رُؤْيَاكَ عَلٰى إِخْوَتِكَ '' ترجمہ اپنا خواب بھائیوں کو نہ بتانا۔اسی طرح کسی جاہل کے سامنے بھی بیان نہ کرے۔اور کسی معبر کے سامنے علیحدگی میں بتادے۔کسی بچے یا عورت کے سامنے بھی نہ کرے۔خواب کی تعبیر میں ظاہر کے مقابلے میں خیال کا اعتبار ہوتا ہے اور تعبیر کی بنیاد خیال ہوتا ہے۔مثلاً ایک آدمی خواب میں دیکھتا مینڈک ہے مگر اپنے دانست وخیال میں اس کو سانپ کہتا ہے۔یا دیکھتا سانپ ہے مگر اپنے دانست منڈک خیال کرتا ہے تو تعبیر اس خیال کے مطابق ہوگی ظاہری شکل کے اعتبار سے تعبیر نہیں ہوگی۔اسی طرح مسلمان' کافر' مستور الحال اور فاسق کے خوابوں کی تعبیر میں فرق ہوتا ہے۔مثلاً کسی مستور الحال مسلمان نے خواب دیکھا کہ وہ شہد کھارہا ہے تو تعبیر ہے کہ وہ حلاوتِ قرآن اور ذکرِ قلبی سے مستفیض ہوگا۔اور یہی خواب اگر کافر دیکھے تو یہ اس کے لئے دنیاوی حلاوت کی علامت ہے۔اسی طرح خواب اپنی تعبیر کے ساتھ معلق اور اس پر موقوف ہوتا ہے۔جب اس کی تعبیر سامنے آجائے گی تو وہ واقع ہوجائیگا۔رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے(الرؤيا على جناح طائر فحيث قصت وقعت)''خواب گویا پرندے کے پر کے ساتھ معلق ہے جوں ہی بیان ہوگا واقع ہوگا''خواب کی تعبیر کے اصول سمجھے بغیر تعبیر نہیں دی جاسکتی۔مثلاً گندم' جو' بھس' آٹا' دودھ' اون' لوہا' نمک اور مٹی وغیرہ اموال پر دلالت کرتے ہیں۔اور شہر' بھٹی' پہاڑ' درخت' پرندہ' وحشی جانور وغیرہ کی تعبیر مرد ہے۔اور اس طرح زین یا پالان' شلوار' مؤنث چرند و پرند کی دلالت عورت پر ہوتی ہے۔بچھونے' تکیے' چھاگل' لوٹے وغیرہ حشم وخدم پر دلالت کرتے ہیں۔اسی طرح کسی چیز سے اترنا مرتبہ سے نیچے آنے کی دلیل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## طبقات معبرین

حسن بن حسین الخلالؒ نے اپنی کتاب ''طبقات المعبرین'' میں تقریباً سات ہزار پانچ سو (۷۵۰۰) معبرین کا تذکرہ کیا ہے۔ جس میں سات سو کا تذکرہ اس طرح کیا ہے کہ چھ سو کے صرف نام اور ایک سو کے تفصیلی حالات درج کئے ہیں جنہوں نے فن تعبیر میں کلام کیا ہے' کتابیں لکھیں یا اس فن کے حوالے سے شہرت رکھتے ہیں۔ ان کو پندرہ طبقات میں تقسیم کیا۔

**پہلا طبقہ:** حضرات انبیا علیہم السلام کا ہے۔ جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام' حضرت ذوالقرنین علیہ السلام اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم۔

**دوسرا طبقہ:** ان معبرین کا ہے جن کا تعلق حضرات صحابہؓ سے ہے ان میں حضرت ابوبکر حضرت عمر' حضرت عثمان' حضرت علی' حضرت عبداللہ' حضرت عبداللہ بن سلام حضرت ابوذر غفاری' حضرت انس بن مالک' حضرت سلمان فارسی' حضرت حذیفہ' حضرت عائشہ' حضرت اسماء رضوان اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین خاص طور سے قابل ذکر ہیں۔

**تیسرا طبقہ:** حضرات تابعینؒ کا ہے جیسے حضرت سعید بن مسیّب' حضرت حسن بصری' حضرت عطاء بن ابی رباح' حضرت امام شعبی' حضرت امام ابن شہاب زہری' حضرت ابراہیم نخعی' حضرت عمر بن عبدالعزیز' حضرت قتادہ' حضرت سعید بن جبیر' حضرت طاوس' حضرت ثابت بنانی رحمہم اللہ۔

**چوتھا طبقہ:** فقہاء معبرین کا ہے۔ جیسے ابوثور' امام اوزاعی' سفیان ثوری' امام شافعی' امام قاضی ابویوسف' ابن ابی لیلیٰ' امام احمد بن حنبل' اسحاق بن راہوی' امام بویطی' منصور بن معتمر' عبداللہ بن مبارک رحمھم اللہ تعالیٰ۔

**پانچواں طبقہ:** ان معبرین کا جن کا تعلق زہاد سے ہے۔ جیسا محمد بن واسع تمیم داری' شفیق بلخی' مالک بن دینار' سلیمان التجمی' رضوان عمار' محمد بن سماک' یحیٰ بن معاذ' احمد بن حرب۔

**چھٹا طبقہ:** ان معبرین کا ہے جن کا تعلق اس فن کے مصنفین سے ہے' جیسا امام محمد بن سیرین' ابراہیم بن عبدالمالک الکرمانی' عبداللہ بن مسلم القتیبی' ابواحمد خلف بن احمد محمد بن حماد الرازی الخباز' حسن بن حسین خلال' اور طامیہ درس الیونانی۔

**ساتواں طبقہ:** ان معبرین کا ہے جن کا تعلق فلاسفہ سے ہے' جیسے افلاطون' مہرادریس' ارسطاطالیس' بطیلوس' یعقوب بن اسحاق الاسکندری' ابوزید البلخی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آٹھواں طبقہ: ان معبرین کا ہے جن کا تعلق اطباء سے ہے جیسے کہ جالینوس بقراط بختیشوع اھران محمد بن ذکریا الرازی وغیرہ۔

نواں طبقہ: ان معبرین کا ہے جن کا تعلق یہودیوں سے ہے جیسے حیین بن اخطب کعب بن اشرف موسیٰ بن یقعوب وغیرہ۔

دسواں طبقہ: ان معبروں کا ہے جن کا تعلق نصاریٰ سے ہے جیسا حنین بن اسحاق المزجم ابومخلد زید الطبری۔

گیارھواں طبقہ: ان معبرین کا ہے جن کا تعلق مجوس سے ہے جیسا کہ ہرمز بن اردشیر بزرجمہر بن بختکان نوشیروان الملک العادل کشموز جاسب۔

بارھواں طبقہ: ان معبروں کا ہے جن کا تعلق مشرکینِ عرب سے ہے جیسا کہ ابوجہل بن ہشام۔ عبداللہ ابن ابی نوفل بن عبداللہ عمر ابن عبدو ابن زبعری (ان کے بارے میں کہا گیا ہے کہ وہ فتح مکہ کے موقع پر مشرف باسلام ہوئے تھے) ابو طالب ابو العاص۔

تیرھواں طبقہ: جو کاہنوں سے تعلق رکھنے والے جیسا سطیح وشف خزرجی عوسجہ قطامی ابوزرا وغیرہ۔

چودھواں طبقہ: ساحروں سے متعلق معبرین کا ہے جیسا کہ عبداللہ بن ہلال قرط بن زید الی عتاب بن شمر الرازی۔

پندرھواں طبقہ: جو اصحاب فراست ہیں جیسے سعید بن سنان ایاس بن معاویہ جندل بن محکم معاویہ بن کلثوم۔

تنبیہ:

خواب کی تعبیر صاحبِ خواب کے بیان اور الفاظ کے مطابق ہوگی مثلاً کبھی خواب بیان کرتے وقت نکاح کو تزوجت کے لفظ کے ساتھ اور کبھی لفظ ''نکحت'' کے ساتھ بیان کرتا ہے اس وجہ سے تعبیر میں بھی میں فرق آتا ہے۔ اس لئے میں نے زواج کو حرف زاء کے تحت اور نکاح کو حرف نون کے ذیل میں لکھدیا۔ اسی طرح دوسرے خوابوں میں بھی مترادفات کو جدا جدا مقام میں ذکر کیا ہے۔ اسی طرح خواب کی تعبیر صاحبِ خواب کے الفاظ اور لفظی اشتقاق کی بنیاد پر دی جاسکتی ہے کبھی ایک خواب کی تعبیر لغت کے اختلاف سے مختلف ہوسکتی ہے۔ مثلاً لفظ سفرجل فارسی جاننے والوں کے لئے اس کی تعبیر عزت جمال وراحت ہے۔ اس لئے کہ سفرجل کے معنی فارسی میں خوبصورتی ہے۔ اور عرب یا عربوں کے ساتھ معاشرت کرنے والوں کے لئے لفظی دلالت کی وجہ سے سفر اور جلاء کی علامت ہے۔ اسی طرح ایک خواب مختلف الدین لوگ دیکھیں تو ان کی تعبیر ان کے دین کے اعتبار سے مختلف ہوگی۔ مثلاً خواب میں مردار کھانا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مردار کو حرام سمجھنے والوں کے لئے تکلیف اور مالِ حرام کی علامت ہے اور مردار کو حلال سمجھنے والوں کے لئے رزق اور فوائد کی دلیل ہے۔ اسی طرح زمانے کے اختلاف سے ایک ہی خواب کی تعبیر مختلف ہوتی ہے۔ مثلاً آگ سینکنا' دھوپ میں بیٹھنا' گرم لباس پہننا اور گرم پانی وغیرہ استعمال کرنا سرد مرض میں مبتلا شخص یا سردی کے زمانے میں ہو تو خیر' راحت وکشادگی وخوشحالی کی دلیل ہے اور یہی خواب گرمی کے موسم میں دیکھنا امراض وتکالیف کی علامت ہے اسی طرح نرم لباس اور ٹھنڈا پانی گرمی کے موسم میں استعمال کرتا ہوا دیکھنا راحت وفائدہ اور سردی کے موسم میں دیکھنا تکلیف کی دلیل ہے۔ اسی طرح ایک ہی خواب کی تعبیر مختلف پیشے والوں کے لئے مختلف ہوتی ہے چنانچہ فوجی کے لئے یا کسی سے لڑنے والے کے لئے اسلحہ سے مسلح ہونا خدمت اور مدد کی نشانی ہے اور عابد کے لئے بطلان عبادت کی علامت ہے اور ان کے علاوہ کے لئے فتنے کی دلیل ہے۔ اسی طرح لوگوں کی عادات واعتقاد کے اختلاف سے بھی تعبیریں بدل جاتی ہیں چنانچہ سبز لوبیا صابئین کے لئے مالِ حرام وتکلیف کی دلیل ہے اس لئے کہ ان کے نزدیک لوبیا حرام ہے۔ اسی طرح مجوسی عام گوشت کو اور یہودی اونٹ کے گوشت کو اور یونانی مرغی کے گوشت اور مسلمان شراب کو حرام سمجھتے ہیں لہذا جو جس کو حرام سمجھتا ہے اور خواب میں اس کو استعمال کرتا ہوا خود کو دیکھے تو اس کے لئے تکلیف وغم ہے ان کے علاوہ کوئی اس کو دیکھے تو اس کے لئے راحت وفوائد کی نشانی ہے۔ اسی طرح اگر کوئی عورت خود کو لوگوں کے مجمع میں زنا کرتی ہوئی دیکھے تو یہ بری شہرت اور تکلیف کی دلیل ہے اور ہندوؤں کے لئے عبادت سے تقرب حاصل کرنے اور اچھی شہرت کی علامت ہے اس لئے کہ ان کے اعتقاد باطل کے مطابق زنا سے تقرب حاصل کیا جاتا ہے جیسا کہ مجوسی آگ کی عبادت کو تقرب الٰہی کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ چنانچہ اگر کوئی مجوسی خواب میں آگ جلائے یا آگ سے کسی چیز کو ہٹائے یا آگ کے سامنے سجدہ ریز ہو تو اس کی تعبیر اس کے لئے بہتر ہے اور فائدہ کی علامت ہے۔ اسی طرح سورج کے پوجا کرنے والوں کے لئے خواب میں سورج کی عبادت کی تعبیر اچھی ہے۔ چنانچہ خواب میں آگ یا سورج پر کوئی آفت نازل ہوتی ہوئی دیکھے تو یہ ان پر آفت نازل ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ اسی طرح جو جس کی تعظیم کرتا ہے اُس کو اپنانا اس کے لئے فائدے اور راحت اور اس پر آفت ونقصان دیکھنا اس کے لئے نقصان کی علامت ہے۔ خلاصہ کلام یہ ہے کہ اس فن علم تعبیر کے مباحث بے شمار ہیں اس کے اصول اور اس کی توجیہات کے متعلقات لاتعداد ہیں یہاں ان سب کا لکھنا انتہائی طوالت کا باعث بنے گا اربابِ عقل کے لئے اتنا ہی کافی ہے۔ حق وصواب کی توفیق دینے والے فقط اللہ ہی ہیں۔

الحمد للہ وحدہ والصلاۃ والسلام علی من لا نبی بعدہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خوبصورت کمپوزنگ۔ اعلیٰ کاغذ وطباعت
اور نادر ونایاب قدیم وجدید رنگین تصویروں اور نقشوں
کے ساتھ پہلی بار جدید ایڈیشن

www.KitaboSunnat.com

اُردو زبان میں سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت پر جامع ترین کتاب

# سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

علامہ شبلی نعمانی رحمۃ اللہ علیہ
علامہ سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ

## کامل سیٹ

ادارہ اسلامیات
پبلشرز، بک سیلرز، ایکسپورٹرز
★ ۱۹۰۔ انارکلی، لاہور، پاکستان ★ ۱۴۔ دینا ناتھ مینشن، مال روڈ، لاہور ★ موہن روڈ چوک اُردو بازار، کراچی فون ۷۷۲۲۴۰۱
فون ۷۲۴۳۹۹۱ - ۷۳۵۳۲۵۵ فون ۷۲۳۴۴۱۲، فیکس ۷۳۲۴۸۵-۴۲-۹۲
ای میل E mail:islamiat@lcci.org.pk

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ادارہ اسلامیات
پبلشرز بک سیلرز ایکسپورٹرز

لاہور ـــــ دینا ناتھ مینشن، مال روڈ، لاہور
فون ۷۳۲۴۴۱۲، فیکس ۹۲-۴۲-۷۳۲۴۷۸۵
لاہور ـــــ ۱۹۰، انار کلی، لاہور، پاکستان
فون ـــــ ۷۲۴۳۹۹۱ - ۷۳۵۳۲۵۵
کراچی ـــــــــ موہن روڈ
چوک اردو بازار، کراچی فون ۷۷۲۲۴۰۱
E mail:idara@brain.net.pk
E mail:islamiat@lcci.org.pk

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ